جب مرسیڈیز سپر مارکیٹ سے گزر کر مزنگ پر پہنچی تو میں نے جتنی رفتار سے ارد گرد کا جائزہ لیا، مجھے توقع تھی کہ جس چیز کی تلاش ہے وہ جلد یا بدیر نظر آ جائے گی۔ قرب و جوار میں کہیں نہ کہیں موجود ہو گی لیکن میرا اندازہ غلط ثابت ہوا۔ وہ چیز نہیں دکھائی دی لیکن اس کے نظر آنے سے میں مطمئن نہیں ہو گئی۔ میرے خیال کے مطابق اس بات کا قوی امکان تھا کہ تعاقب کرنے والوں نے گاڑی تبدیل کر لی ہو۔ وہ یقیناً کوئی بہت بڑا گینگ تھا جو کسی وجہ سے فرخ کے پیچھے لگا تھا۔ میرے شبہات اب کچھ اس قسم کے تھے کہ وہ بردہ فروشوں کا گروہ ہے جو لڑکیوں کو اغوا کر کے عرب دیاستوں میں بھیج دیتا ہے۔

فرخ میرے برابر والی نشست پر سر جھکائے بیٹھی ہوئی تھی۔

"کچھ بولو فرخ! تم کو تو جیسے چپ لگ گئی ہے" میں نے اسے لڑکا۔

"کیا۔۔۔ کیا۔۔۔ بولوں۔۔۔ باجی!" وہ ہکلا کر رہ گئی۔

"کچھ تو ہو! زندگی کا یہ تجربہ کیسا رہا؟۔۔۔ لذت و سرشاری کی یہ دنیا تمہارے لئے اجنبی تو ہو گی لیکن تم یہ نہیں کہہ سکتیں کہ لطف اندوز نہیں ہوئیں، کیا کہتی ہو؟"

"ج۔۔۔ جی۔۔۔!"

"کیسا رہا یہ تجربہ؟"

"م۔۔۔ میں۔۔۔ میں۔۔۔ کیا بتاؤں؟" وہ بری طرح جھینپ رہی تھی اور میں نے محسوس کیا کہ اس موضوع پر باتیں کرتے ہوئے شرما رہا تھا۔ اس کے گالوں پر حیا کا ہلکا سا غازہ جاری رنگ اور انگڑائیوں میں اجنبی پن تھا۔ تنی ہوئی شربتی چھاتیاں سہمے ہوئے لطف و انبساط کا سبب بن رہی تھیں۔

مگر لطف اندوزی کی ان منزلوں سے گزرتے ہوئے میں اس خیال سے غافل نہیں ہونا چاہتی تھی کہ تعاقب کا امکان بدستور موجود ہے۔ میں گاڑی کو بار بار اندر سڑکوں پر موڑ رہی تھی اور عقب نما آئینے میں پیچھے آنے والی گاڑیوں کا جائزہ لے رہی تھی۔ آخر کار میں یہ جان لینے میں کامیاب ہو گئی کہ ایک سفید کار میں ہمارا تعاقب کیا جا رہا تھا۔ یہ جان لینے کے بعد میں نے مرسیڈیز کو ایسے راستے پر ڈال دیا جو گلشن کی طرف جاتا تھا۔

"میں اپنی زندگی اسی طرح گزارنا چاہتی ہوں فرخ!" میں قدرے سنجیدہ ہو کر بولی۔ "شادی کے تو خیال ہی سے مجھے کراہیت ہوتی ہے۔ میں کسی مرد کو اپنے اتنا قریب نہیں کرنا چاہتی۔ یہ سراسر ذلت بڑی بدذات ہے۔ ہمارا مشرقی کی عورت پر ان لوگوں نے اپنا تسلط قائم کر رکھا ہے اور اسے حق سمجھتے ہیں لیکن میں اس حق کو تسلیم نہیں کرتی۔ آخر ہم میں ایسی کیا کمی ہے کہ ہم پر صنف مخالف کی برتری تا ابد ہے؟"

میں اس موضوع پر بات کرتے کرتے جذباتی ہو جاتی ہوں اور اس سے بھی جذباتی ہو گئی تھی۔ میں کافی دیر تک بڑے جوش و خروش سے بولتی رہی لیکن فرخ نے جواب میں ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ شاید یہ میری حماقت ہی تھی کہ میں یہ موضوع اس وقت چھیڑ بیٹھی جب فرخ شرم و حجاب کی تصویر بنی ہوئی تھی۔ اگر اسے مجھ سے اتفاق ہوتا تو بھی اور اتفاق نہ ہوتا تو بھی، وہ بھول سی رہتی۔ اپنی اس حماقت کا احساس مجھے اس وقت ہوا جب ہم گلشن پہنچ گئے اور میں نے گاڑی روکی یہ سفید فیٹ برابر تعاقب میں تھی کوئی گاڑی میں فرخ کے ہاتھ میں ہاتھ تھامے ساحل پر گھوم رہی تھی۔ خوشگوار ساحل پر خاصی چہل پہل تھی خود فروشی کی اشتہا بھیجنے والوں کے گاہوں پر نظر گاہک نظر آ رہے تھے۔ میں نے فرخ سے پوچھا کہ اگر کچھ کھانے کو دل چاہ رہا ہو تو بتا دے لیکن اس نے انکار میں سر ہلا دیا۔

"کچھ کھائے بغیر تو بات نہیں بن سکتی میری جان!" میں نے کہا اور گاڑی روکنے والی ایک گاڑی کے قریب رک گئی۔ دراصل کہیں رک کر میں اس بات کا اندازہ لگانا چاہتی تھی کہ ہمارا تعاقب کرنے والے کون ہیں؟

وہ چار پانچ خریدار میں فرخ کے ساتھ آگے بڑھ گئی میں تعاقب کرنے والوں کو دیکھ چکی تھی۔ وہ دو تھے۔ ممکن ہے ان کی ایک آدھ ٹولی اور بھی ہو لیکن اس ٹولی کو میں نامزد نہیں کر سکی۔

میرے ذہن میں معاملات ابھی تک لمبے چوڑے تھے اور میں انہیں سلجھانا چاہتی تھی۔ اس کی ایک صورت جو میری سمجھ میں آئی، وہ یہ تھی کہ تعاقب کرنے والوں کو گرفتار کروا دیا جائے۔ پھر پولیس خود ہی ان سے پوچھ لیتی کہ وہ کتنے پانی میں ہیں۔ گذشتہ شام میں نے ان کے جن دو آدمیوں کی مرمت کی تھی، انہیں یقیناً ان کے ساتھی اٹھا لے گئے ہوں گے۔ اگر وہ پولیس کے ہاتھ لگ گئے ہوتے تو ان کے بیانات میں ان سے متعلق کوئی خبر ضرور ہوتی۔ میں نے آج کا اخبار بہت غور سے دیکھا تھا لیکن مجھے ایسی کوئی سطر دکھائی نہیں دی تھی جو ان کے بارے میں ہوتی۔

میں فرخ کو لئے ہوئے ساحل کے ویران حصے کی طرف بڑھتی چلی گئی۔ آدھے درجن کے قریب لڑکے بھی نظر آئے تھے۔ ان میں سے پانچ چھ فرلانگ کے فاصلے پر تھے۔ کسی بھی ٹیلے کی دوسری طرف جا کر لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہوا جا سکتا تھا اور یہی میں اس لئے کرنا چاہتی تھی کہ تعاقب کرنے والوں کو کھل کھیلنے کا موقع مل سکے۔ میں انہیں گرفتار کرانا چاہتی تھی اور اس سلسلے میں صورت حال کوئی خطرناک رنگ اختیار کر لیتی تو میں اس کے لئے بھی تیار تھی۔ میرے پرس میں ایک چھوٹا سا پستول موجود تھا جس کی ننھی سی گولی انسانی زندگی کو بہ آسانی ختم کر سکتی تھی۔

فرخ کے اپنے ہونٹوں پر تالہ ڈال رکھا تھا اور یہ چیز مجھے خاصی کھل رہی تھی۔ آخر میں نے ایک ایسا موضوع چھیڑ دیا جس پر بات کرتے ہوئے فرخ کو ذرا بھی جھجک محسوس نہیں ہو سکتی تھی۔

"تمہارے آپشنل سبجیکٹ کیا ہیں فرخ؟"

"سوشلس اور ہوم اکنامکس۔" فرخ نے میری توقع کے مطابق دلفریب جواب دیا۔

"یہ سبجیکٹ پڑھانے والی ٹیچرز کیسی ہیں؟"

"ایک تو بہت ہی کھچڑی ہیں لیکن دوسری اچھی ہیں۔"

اسی قسم کی باتیں کرتے ہوئے اور چاک بار کی ٹھنڈک کو اپنی زبان اور ہونٹوں پر منتقل کرتے ہوئے ہم آگے بڑھتے رہے۔ فرخ نے مجھ سے یہ نہیں پوچھا کہ میں اس ویران حصے کی طرف کیوں جا رہی ہوں۔ میں نے اس دوران میں ایک بار بھی مڑ کر نہیں دیکھا مجھے یقین تھا کہ وہ دونوں ہمارے پیچھے چلے آ رہے ہوں گے۔

"تعلیمی دور بھی خوب ہوتا ہے" میں نے ہنس کر کہا۔ "زندگی ایک کھیل معلوم ہوتی ہے۔"

میرے اس خیال پر فرخ نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ اب ہم دونوں ٹیلے کی دوسری طرف پہنچ چکے تھے۔

"آؤ کچھ دیر یہیں بیٹھیں، تم تھک بھی گئی ہو گی۔" میں نے کہا۔

"نہیں تو۔ کچھ ایسی زیادہ تھکن تو نہیں ہوئی۔"

اس سے پہلے کہ میں فرخ کی اس بات کے جواب میں کچھ کہتی فضا میں گڑگڑاہٹ کی آواز گونجی۔ میرے ساتھ ہی فرخ کی نظریں بھی اُوپر اٹھ گئیں۔ وہ ایک سیلی کاپٹر تھا۔

شہر کی فضا میں کبھی کبھی سیلی کاپٹر بھی پرواز کرتے ہوئے نظر آجاتے ہیں اسے کوئی غیر معمولی بات نہیں سمجھا جاسکتا لیکن یہ سیلی کاپٹر بہت نیچی پرواز کررہا تھا۔ کلفٹن کے ساحل پر کسی سیلی کاپٹر کی آمد [illegible] کسی قدر غیر معمولی بات تھی لیکن مجھے کسی خطرے کا نہ تو احساس نہیں ہوسکا۔ خطرہ محسوس کرنے کی کوئی منطقی وجہ تھی ہی نہیں۔ بس اُسے دیکھ کر ذہن ایک خفیف سی الجھن کا شکار ہوا تھا۔ خطرے کا احساس تو مجھے اس وقت ہوا جب سیلی کاپٹر بالکل سر پر پہنچ چکا تھا اور اس کے پائلٹ کی شکل بھی نظر آنے لگی تھی۔ تیز پائلٹ کی شکل سے تو کسی خطرے کا کوئی تعلق نہیں تراشا جاسکتا لیکن جب اس کے برابر میں بیٹھے ہوئے آدمی کے ہاتھ میں ریوالور دکھائی دے تو یقیناً تشویش کی بات ہے۔ ریوالور کا رُخ بھی میری ہی طرف معلوم ہو رہا تھا لیکن اس کے بارے میں کوئی حتمی رائے قائم نہیں کی جاسکتی تھی۔ یہ بھی ممکن تھا کہ نشانہ فرخ ہو۔ بہرحال مجھے اس ریوالور کو دیکھ کر خطرے کا احساس ہوا تھا اور میرے جسم میں جیسے بجلیاں سی رینگ گئی تھیں۔ یکلخت ہی مسامات سے ٹھنڈا ٹھنڈا پسینہ بھی پھوٹ پڑا ہو۔ اب اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد مجھے اپنی اس وقت کی کیفیت مکمل طور پر یاد نہیں۔ ہاں اتنا ضرور یاد ہے کہ مجھے اپنی جان بچانے کے ساتھ ساتھ فرخ کی زندگی کی بھی فکر لاحق تھی۔ جب میں نے متوقع گرفتاری سے بچنے کے لئے خود کو ریت پر گرایا تو فرخ کے بھی ہاتھ مارنے کی تھی۔ پہلے میں گرنا اور میرے اوپر فرخ گری۔ سیلی کاپٹر ہمارے اوپر گزر جانا۔ وہ نشانہ ہیں تھا۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتی کہ گولی چلائی گئی تھی یا نہیں۔ اگر چلائی گئی تھی تو اس کا نشانہ یقیناً خطا گیا تھا۔ یہ میں دیکھ ہی چکی تھی کہ ریوالور کی نال پر سائلنسر نصب تھا اس لئے گولی کی آواز کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔

"زیادہ پھرتیلے پن کا مظاہرہ کرنے سے تمہیں کوئی فائدہ نہیں ہوگا چالاک لڑکی!" ریوالور بدست شخص نے چیخ کر کہا تھا۔ سیلی کاپٹر کے انجن کا شور اس کی آواز کو دبا نہ سکے۔ "اب تمہارے حق میں بہتر یہی ہے کہ لڑکی کو ہمارے حوالے کردو! اگر ایسا نہیں کروگی تو خواہ مخواہ اپنی موت کو دعوت دوگی۔"

میں ریت پر چت پڑی ہوئی آنکھیں پٹ پٹا رہی تھی کیونکہ اس صورتِ حال کا تو مجھے سان و گمان بھی نہیں تھا۔ فرخ میرے اوپر پڑی ہوئی تھی۔ اس کا چہرہ دہشت سے سفید ہو گیا تھا۔

"چلو بس اب کھڑی ہو جاؤ!" ریوالور والا پھر چیخا۔

میں نے دیکھا کہ اس نے ایک سیڑھی نیچے گرا دی تھی۔

"کھڑی ہو جاؤ فرخ!" میں نے آہستہ سے کہا۔

"مجھے ان کے حوالے مت کیجئے بانو!" فرخ گڑگڑائی۔

"کیا تم نے سنا نہیں؟" ریوالور والے کی آواز میں جھلاہٹ تھی۔

فرخ کا سارا بدن تھر تھر کانپ رہا تھا۔ مجھے اٹھتے وقت اسے سہارا دینا پڑا۔ اس بہانے میں نے خود کو اس کی آڑ میں رکھا تھا کیونکہ بات بالکل صاف تھی کہ وہ لوگ فرخ کو زندہ ہی حاصل کرنا چاہتے تھے اسی لئے میں نے اس کی آڑ کو اپنی زندگی کا ضامن جانا تھا۔ جب تک اس کی آڑ میں رہتی، وہ مجھ پر گولی نہیں چلا سکتا تھا۔ دوسرے میں اس کو ایک اور فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتی تھی۔

"چلو شاباش!" ریوالور والا بولا۔ "لڑکی کو سیڑھی سے اوپر بھیجو۔"

"چلو!" میں نے فرخ کو آہستہ سے سیڑھی کی طرف دھکیلا۔

"نہیں..... نہیں..... میں نہیں جاؤں گی..... نہیں....." فرخ چیخ کر بولی۔ اس نے میری گرفت سے نکلنے کی کوشش بھی کی تھی میں نے اسے بڑی مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا۔ میں اُسے سیڑھی کی طرف دھکیلنے لگی۔ اس کے ساتھ ہی میں ایک اور حرکت بھی مصروف تھی۔ ریت پر وقت نیرا پس میری کلائی میں پڑا ہوا تھا اس لئے مجھے سے جدا ہو۔ ہو وہی پرس میری زندگی کی ضمانت دے سکتا تھا کیونکہ اس کے اندر میرا سائلنسر موجود تھا۔

فرخ جیسی ہی میری گرفت سے نکلنے کے لئے جدوجہد کرتی لیکن اپنی کوشش میں کامیاب نہیں ہوسکی میں نے آخر کار اسے سیڑھی بالکل قریب پہنچا ہی دیا۔ اسی کی آڑ میں، میں اپنا پرس کھول کر سائلنسر نکال چکی تھی۔

"بس اب اُسے اوپر چڑھنے دو۔" ریوالور والے نے حکم دیا اور پھر کہا۔ "لڑکی! میں چیخنا چلاتا نہیں۔ سیڑھی کے ذریعے اُوپر آجاؤ۔ تم نے بلاوجہ خبر لہسا دیا کیا تو میں گولی تمہارے سینے میں اتار دوں گا۔"

اس کا لہجہ آہستہ آہستہ سفاک تھا کہ فرخ سہم گئی۔ اس کے میں ایک دم ریک لگ گیا۔ وہ اب بھی ساری جان سے تھر تھر کانپ رہی تھی۔

"گھبراؤ نہیں فرخ!... میں تمہیں ان درندوں کے حوالے نہیں کروں گی۔" میں نے اس کے کان میں سرگوشی کی۔

"بہت دیر ہو رہی ہے۔" ریوالور والا کھنچے کتے کی طرح غرایا۔

"چلو شاباش! اوپر چڑھو!" میں نے آہستہ سے کہا۔

فرخ اس وقت اپنے ایک ایک پیر کو من من بھر کا محسوس کر رہی ہوگی۔ وہ بمشکل ہی ایک قدم اٹھا کر سیڑھی پر رکھ سکی۔ میں اُسے اوپر چڑھنے میں مدد دے رہی تھی اور اس بہانے سے میرے دونوں ہاتھ آہستہ آہستہ بلند ہوتے جارہے تھے۔ ریوالور والا، یعنی دایاں ہاتھ میں نے فرخ کے نیچے چھپا رکھا تھا۔ ریوالور والے کی چبھتی ہوئی نگاہیں ہم پر جمی ہوئی تھیں اس میں کوئی شبہ نہیں رہا تھا کہ میرے پاس بھی پستول یا ریوالور ہو۔ اس امکان کو نظر انداز کر رہا تھا کہ میرے پاس بھی پستول ہے۔ وہ فرخ چوتھی سیڑھی پر پہنچ گئی۔ میں چونکہ ریت پر ہی کھڑی تھی۔ فرخ کو سہارا دیئے ہوئے میرے ہاتھ بالکل سیدھے ہو چکے تھے۔ اسی وقت مجھے انتظار بھی تھا میں نے ایک جھٹکے سے اپنا دایاں ہاتھ فرخ کی بغل

ہاں، ریوالور والے پر گولی چلا دی۔ گولی ٹھیک اس کے سینے پر لگی۔ وہ اُچھل کر پیچھے کی طرف جا گرا اور دھم سے ریت پر گرا۔ اس کی سسکاری سنائی دی۔

میں نے صرف ایک جھلک دیکھ سکی تھی۔

یہ اتنا غیر متوقع تھا کہ سیلی کاپٹر کا پائلٹ بوکھلا گیا۔ اس نے اپنے کان کے پیچھے گرگے سے چمٹے ہوئے پستول چلنے کی آواز بھی سنی ہوگی۔ لہٰذا دو اور دو چار کرنا اس کے لئے مشکل نہیں تھا۔ وہ جھٹ سے سیلی کاپٹر کو حرکت میں لایا۔ اسی وقت میں نے فرخ کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیا۔

ریوالور والا ریت پر سکتہ و صدمہ کی حالت میں پڑا ہوا تھا۔ اس کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر چکی ہوگی۔

فرخ میرے سینے سے لگ کر سسکنے لگی۔ میں اسے سہارا دیئے ہوئے اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھ رہی تھی۔ سیلی کاپٹر دور ہوتا چلا جارہا تھا اور پائلٹ اس کی سیڑھی بھی اوپر کھینچ لی تھی۔ میں نے اپنا پستول پرس میں رکھ لیا۔

اب مجھے ان دونوں آدمیوں کا خیال آیا جو ہمارے تعاقب میں لگے ہوئے تھے۔ اب تک انہیں یہاں پہنچ جانا چاہئے تھا۔ میں نے مڑ کر دیکھنا چاہا لیکن وہ پہنچ چکے تھے۔ وہ دونوں دبلے قدموں چلتے ہوئے میری پشت پر بالکل آ چکے تھے۔ ان میں سے ایک نے میرے بازوؤں کو اپنے مضبوط ہاتھوں کی گرفت میں لے لیا اور دوسرے نے فرخ کو کھینچ کر مجھ سے علیحدہ کر دیا۔ فرخ چیخی تھی۔

"اب اگر تم نے ہلنے کی بھی کوشش کی تو تمہارے بازو ٹوٹ جائیں گے۔" میری پشت پر کھڑے ہوئے آدمی کے لہجے میں تلوار کی سی کاٹ تھی۔

میں نے خود بھی محسوس کر لیا تھا کہ اس شخص کے ہاتھوں میں اتنی سکت تھی کہ وہ میرے بازو توڑ دیتا۔ وہ بڑا طاقتور اور سخت تھا۔ میرا دایاں ہاتھ اپنے بائیں بازو پر اس کے بالوں بھرے ہاتھ تک پہنچ گیا اور بایاں ہاتھ داہنے بازو پر جمے ہوئے ہاتھ پر۔ میری نگاہ اضطراری تھی۔ مگر یہ احساس بھی مجھے فوراً ہی ہو گیا کہ میری یہ اضطراری حرکت سود مند ثابت ہو سکتی ہے۔

دوسرا آدمی فرخ کو کلائی سے پکڑے ہوئے تھا اور فرخ کسی چڑیا کی طرح سہمی ہوئی تھی۔ اس کی آنکھوں سے آنسو قطار در قطار بہہ رہے تھے لیکن منہ سے کوئی آواز نہیں نکل رہی تھی۔

"تم لوگ کیا چاہتے ہو؟" میں نے بڑے سکون سے پوچھا۔

"ابھی تک تو صرف اس لڑکی ہی کو حاصل کرنا چاہتے تھے لیکن اب تم بھی کچھ مزہ چکھو گی۔ تم نے ہمارے ایک ساتھی کو ختم کر دیا ہے۔" میری بات پر موجود گنڈہ کسی زہریلے ناگ کی طرح پھنکارا۔

سیلی کاپٹر کی آواز پھر آہستہ آہستہ قریب آتی جارہی تھی۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا۔ سیلی کاپٹر کا رُخ ہماری ہی طرف تھا۔ غالباً پائلٹ نے دیکھ لیا ہوگا کہ صورتِ حال اب پھر اس کے حق میں سازگار ہو چکی ہے۔

اس سے پہلے کہ سیلی کاپٹر ہمارے سروں پر پہنچ جاتا، مجھے کچھ کر گزرنا تھا۔ فوراً بعد میں گر کر کچھ کیا جاتا تو شاید اس سے کوئی خاص فائدہ نہ ہوتا۔

"لڑکی کو بے ہوش کر دو!" میری پشت پر کھڑے ہوئے گنڈے نے اپنے ساتھی سے کہا اور جملہ ختم کرتے ہی اس کے منہ سے ایک کربناک چیخ نکلی۔ میں نے اس کے دونوں ہاتھوں کی خاص نسوں کو اپنے انگوٹھوں اور شہادت کی انگلیوں کی مدد سے دبا دیا تھا۔ میرے بائیں ہاتھ کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی اور میں ایک جھٹکے سے خود کو آزاد کرتے ہوئے پیچھے کی طرف گھوم گئی۔ میرا دایاں ہاتھ اس گنڈے کے سر پر پڑا اور وہ ایک چیخ کے ساتھ پہلو کے بل گرا۔ یہ کارروائی کا وار تھا مگر چوکا نہ چوکے کا یا تھا اس لئے مجھ پر نہیں ثابت ہوا مگر پورا لگ جاتا تو اس کے کاسۂ سر کے دو ٹکڑے ہو جاتے۔

دوسرے گنڈے نے جو صورتِ حال کو یوں بگڑتے دیکھا تو فرخ کو چھوڑ کر اپنی جیب میں ہاتھ ڈال بیٹھا۔ شاید وہ کسی قسم کا ہتھیار نکالنا چاہتا تھا لیکن میں نے اس کا موقع نہیں دیا۔ میں کسی تیز طرار ریچھ کی طرح اچھل کر اس کے سینے پر پڑی۔ وہ کسی جنگلی بھینسے کی طرح ڈکراتا ہوا ریت پر گرا۔ خود میں بھی ریت پر گر چکی تھی مگر اس طریقے سے کہ مجھے چوٹ نہ لگ سکے۔ فائٹنگ کلب لگانے کا یہ طریقہ خود میری ایجاد تھا۔

پہلا گنڈہ اس اثنا میں سنبھل چکا تھا۔ اس نے مجھے ریت پر پڑا دیکھ کر جست لگائی۔ وہ مجھے دبوچ لینا چاہتا تھا لیکن اُسے ناکامی کا منہ چکھنا پڑا۔ میں تو پھرتی سے دو قلابازیاں لے کر اس کی زد سے نکل گئی تھی۔ جیسے ہی وہ اوندھے منہ گرا میں اُچھل کر اس کی پشت پر پہنچ گئی۔ میری فرخ ہیل کی ضرب نے اُسے کراہنے پر مجبور کر دیا تھا۔ میں نے اس پر ایک بار پھر کیراتے کا ہاتھ آزمایا۔ اس مرتبہ میرا مقصد صرف بیہوش کرنا تھا۔ میں اپنے اس مقصد میں کامیاب ہوگئی۔ کپٹی پر پڑنے والی ضرب نے اسے ساکت کر دیا۔

دوسرا گنڈہ ریت سے اٹھنے کی کوشش کر رہا تھا کہ میں جیسے اوٹی ہوئی اس پر جا گری۔

فرخ ایک طرف کھڑی تھر تھر کانپے جا رہی تھی اور سیلی کاپٹر پھر دور ہوتا چلا جارہا تھا۔

چند فرلانگ دور ساحل پر جو لوگ تفریح کر رہے تھے انہیں اس خطرناک ڈرامے کا احساس بھی نہ ہو سکا ہوگا کیونکہ یہ سب کچھ ٹیلے کی آڑ میں ہوا تھا۔

دوسرے گنڈے کو بھی ہوش و خرد سے بیگانہ کر کے جب میں سیدھی کھڑی ہوئی تو فرخ ایک بار پھر وحشت زدہ مجھ سے لپٹ گئی اور سسکنے لگی

"بانو! یہ کیا ہو رہا ہے؟ یہ کیا ہو رہا ہے؟"

"فکر نہ کرو میری جان!... سب ٹھیک ہو جائے گا۔ پولیس بڑی آسانی سے معلوم کر لے گی کہ یہ سنگین شرارتیں کس کی شامت پر ہو رہی ہیں۔ میں ان دونوں کو بھی گرفتار کرا دوں گی لیکن اس کے لئے مجھے تمہاری مدد کی ضرورت ہے۔"

"میں... میں کیا کر سکتی ہوں..... بانو!"

"تمہیں پولیس کو یہ بیان دینا ہوگا کہ ان دونوں غنڈوں نے تمہیں آج اس وقت اغوا کیا تھا جب تم اسکول جا رہی تھیں۔ یہ تمہیں اور اغوا کرنے کے بعد تمہیں لے کر آخر میں کلفٹن، یعنی یہاں لے آئے۔ اس ٹیلے کے پیچھے انہوں نے کچھ دیر انتظار کیا اور جب سیلی کاپٹر آگیا تو انہوں نے تم سے کہا کہ

سیڑھی کے ذریعے بیلی کاپٹر میں چڑھ جاتی۔ اسی وقت میں یہاں پہنچ گئی — ہیلی کاپٹر میں بیٹھتے ہوئے آدمی نے مجھ پر فائرنگ کی تو مجھے بھی جوابی فائر کرنا پڑا۔ میری چلائی ہوئی گولی اس آدمی کے سینے میں لگی اور وہ ہیلی کاپٹر سے نیچے گر پڑا۔ پھر یہ دونوں آدمی مجھ سے لپٹ گئے لیکن آخر کار میں انہیں بھی بے ہوش کرنے میں کامیاب ہو گئی۔"

"نہیں نہیں بانو! اس یہاں سے جاگ چلئے مجھے گھر پہنچا دیجئے۔ میں پولیس سے یہ سب کچھ نہیں کہہ سکتی۔ پولیس والے بہت چالاک ہوتے ہیں۔ وہ مجھ سے آڑے ترچھے سوالات کریں گے تو میں بوکھلا کر حقیقت اگل بیٹھوں گی۔"

میں نے فرخ کو سمجھانے کی کوشش کی لیکن اسے آمادہ نہ کر سکی۔ آخر کار مجھے خود ہی یہ محسوس ہو گیا کہ میں غلط انداز میں سوچ رہی تھی۔ فرخ جیسی سیدھی سادی لڑکیوں سے اس قسم کے بیان نہیں دلوائے جا سکتے۔ اگر وہ ڈٹ کر دلوا بھی دیئے جائیں تو کسی وقت نرمی ہو کر وہ حقیقت اگل سکتی ہیں۔

"اچھا فرخ!" میں نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "چلو پھر یہاں سے نکل چلیں۔"

"چلئے!" فرخ نے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے مُردہ سی آواز میں کہا۔

میں اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھی اور مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ اس کا سارا جسم ٹھنڈا یخ ہو چکا ہے۔

جیسے ہی میں نے مڑ کر اپنی نظریں ٹیلے کے اُوپر گڑیں، اور میں ٹھٹھک کر رُک گئی۔ ٹیلے پر رضوان ساجد کھڑا ہوا تھا۔ اس نے اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھ رکھے تھے اور برے سکون سے ہماری طرف دیکھ رہا تھا۔

اس پر نظر پڑتے ہی فرخ کے منہ سے چیخ نکل گئی۔ غالباً رضوان ساجد کو بھی انہی غنڈوں کا ساتھی سمجھ بیٹھی تھی۔ البتہ میرا ذہن اُلجھن کا شکار ہو گیا تھا۔ میں فوری طور پر کوئی حتمی رائے قائم نہیں کر سکی تھی۔ رضوان ساجد کی وہاں موجودگی کو کسی خانے میں فٹ کرنا آسان نہیں تھا۔

"تم دونوں آخر یہاں کھڑی کیا کر رہی ہو؟" رضوان ساجد بلند آواز میں بولا۔ "جانتی نہیں ہو یہاں سے؟"

"اور تم یہاں کیسے موجود ہو؟" میں نے پوچھا۔

"یہ جگہ اس تفصیلی گفتگو کے لئے نہیں ہے بانو!... جلدی جلد یہاں سے رخصت ہو جاؤ۔ میں بہت جلد تم سے ملوں گا۔ میں تم سے کوئی مذاق نہیں کر رہا ہوں۔ تم جانتی ہو کہ جب میں سنجیدہ نہیں ہوتا تو تمہیں آپ کہہ کر مخاطب کرتا ہوں۔"

رضوان کے اس انداز گفتگو نے مجھے مزید اُلجھن کا شکار کر دیا۔ اس وقت رضوان کی شخصیت میری نظروں میں بیحد پراسرار بن چکی تھی۔

"کیا تم سن نہیں رہی ہو میں کیا کہہ رہا ہوں؟" اس مرتبہ رضوان کے لہجے میں جھلاہٹ آ گئی تھی۔

"چلو!" میں نے فرخ کا بازو تھام کر آہستہ سے کہا۔

"یہ کون ہے بانو!" فرخ نے سرگوشی کی۔

"ایک اخبار کا رپورٹر۔"

میرے ساتھ فرخ نے بھی قدم اٹھانا شروع کر دیئے۔ ہم دونوں ٹیلے کی آڑ سے نکل کر ساحل کے آباد حصے کی طرف بڑھنے لگیں۔ میرا ذہن رضوان ساجد ہی میں اُلجھا ہوا تھا۔ گمان و واقعات کی زنجیر میں رضوان کی کڑی کہیں بھی فٹ نہیں ہو رہی تھی۔

ساحل پر لوگوں کا ہجوم کچھ اور بڑھ گیا تھا۔ میں اور فرخ اس ہجوم میں سے گزرتی ہوئی مرسیڈیز کی طرف بڑھیں۔ بہت سی بیباک نگاہیں ہمارے کپڑوں کو چیر کر ہمارے جسموں تک پہنچنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ جب مرسیڈیز حرکت میں آ گئی تو فرخ کے چہرے پر ایسا دھنگ گیا جیسے اب وہ خود کو قدرے محفوظ محسوس کر رہی ہو۔

"وہ.... اخباری رپورٹر..... وہاں کیوں رُک گیا بانو!" فرخ نے پوچھا۔

"ہو گی کوئی وجہ۔ اُسے بھول جاؤ۔ فی الحال میں صرف یہ سوچ رہی ہوں کہ اس وقت مجھے تمہارے گھر جانا ہے۔ تم اپنی امی سے میرا تعارف کس طرح کراؤ گی؟"

"جیسا آپ کہیں۔"

"میرا خیال ہے۔" میں نے سوچتے ہوئے کہا۔ "تم مجھے اپنی اسکول کی نئی پرنسپل ظاہر کر دینا۔"

"بہتر۔"

"کیا تمہارے والد بھی گھر پر ہوں گے؟"

"ہوں تو چاہئے۔ وہ عموماً اس وقت تک گھر آ جاتے ہیں۔"

"ہوں۔"

میں کچھ دیر تک اپنے خیالات میں کھوئی ہوئی گاڑی چلاتی رہی اور پھر اس وقت چونکی جب فرخ نے مجھ سے پوچھا کہ وہ آج کے واقعات کے بارے میں اپنے والدین کو کیا بتائے؟

"تم ان کو صرف اتنا بتا دینا کہ آج راہ میں کچھ غنڈوں نے تمہیں اغوا کرنے کی کوشش کی تھی لیکن میری بروقت دخل اندازی کی وجہ سے وہ کامیاب نہ ہو سکے اور اسی دانشمندی کی بنا پر میں خود تمہیں تمہارے گھر تک چھوڑنے آئی ہوں۔ کیا تم اتنا جھوٹ بھی نہیں بول سکتیں؟"

"گھر میں تو میں تھوڑا بہت جھوٹ بول ہی لیتی ہوں۔" فرخ نے پھیکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

مشکل یہ تھی کہ اگر وہ ٹھیک ٹھیک بیان دیتی تو یہ بھی ظاہر کرنا پڑتا کہ وہ اسکول کی بجائے میرے گھر کیوں گئی تھی اور اس نے میرے ساتھ اتنا وقت کیونکر گزارا تھا؟

اب تیسری پہر ہو چکی تھی اور سڑکوں پر خاصا ٹریفک ہو گیا تھا۔ میں بڑی احتیاط سے گاڑی چلا رہی تھی کیونکہ میرا ذہن خاصا پراگندہ تھا۔ میں نے اس گروہ کی دست درازی کے بارے میں پہلے جو اندازے لگائے تھے وہ اندازے خاصے کم معلوم ہو رہے تھے۔ یہ گروہ کوئی بہت ہی زبردست تھا۔ ہیلی کاپٹر استعمال کرنے والے عناصر معمولی نہیں ہو سکتے تھے۔

فرخ کے گھر پہنچنے تک ہمارے مابین کوئی اور خاص گفتگو نہیں ہوئی۔ میں نے فرخ کے گھر کے سامنے گاڑی روکی تو غالباً اُجنبیت کی آواز سن کر اس کی ماں کھڑکی سے جھانکا۔ پھر کسی بچی کی چیختی ہوئی آواز سنائی دی۔

"امی امی! باجی آ گئیں۔ کار میں آئی ہیں!"

میں نے انجن بند کر دیا۔ فرخ اتر چکی تھی۔ اس کے بعد میں بھی اتری اور گھر کے دروازے تک پہنچ گئی۔ دستک دینے سے پہلے ہی دروازہ کھل گیا۔

وہ گھر والے والی عورت چالیس بیالیس سال کے لگ بھگ معلوم ہوتی تھی۔ یقیناً فرخ کی ماں ہو گی۔ اس کی تصدیق بھی فوراً ہی ہو گئی۔

"امی! یہ ہماری نئی پرنسپل ہیں۔" فرخ کی آواز بھرائی ہوئی تھی۔

فرخ کی ماں نے بڑی خوش مزاجی سے میرا استقبال کیا اور مجھے اندر لے جا کر بٹھایا جو معمولی سے سادہ فرنیچر سے آراستہ تھا۔ فرخ کہاں ہے، کہاں نہیں بھی کرے میں آ گئے تھے اور فرخ کے کہنے سے لگ کر بیٹھ گئے تھے۔ غالباً وہ میرے ہی بارے میں پوچھ گچھ کرنے کے استفسارات کر رہے ہوں گے لیکن فرخ نے چپ سادھ رکھی تھی۔ ماں کو کچھ بتانے کے خیال سے اس کے چہرے پر ایک رنگ آ رہا تھا اور ایک رنگ جا رہا تھا۔

"آپ نے یہاں تشریف لا کر ہماری بڑی عزت افزائی کی ہے۔" فرخ کی ماں نے مجھ سے کہا۔ پھر فرخ سے بولی۔ "جاؤ بیٹی! جلدی سے جا کر اپنی پرنسپل صاحبہ کے لئے چائے بناؤ!"

لیکن فرخ اپنی جگہ سے ہل بھی نہیں سکی۔ اس کے ہونٹ کانپ رہے تھے اور آنکھیں ڈبڈبائی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔

"کیا بات ہے فرخ! تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے؟" ماں نے جیسے کراہ کر پوچھا۔

"امی!" فرخ نے ایک چیخ سی ماری اور اٹھ کر بے تحاشہ ماں سے لپٹ گئی۔

"ارے ارے! کیا ہوا فرخ!" ماں اور گھبرا گئی۔

اسی وقت اندرونی کمرے سے ایک مردانہ آواز سنائی دی۔ "کیا ہوا زبیدہ!"

زبیدہ شاید فرخ کی ماں کا نام تھا اور وہ مردانہ آواز شوہر کے لب و لہجہ کی ہو سکتی تھی۔ فوراً ہی اندرونی کمرے کے دروازے پر پڑا ہوا پردہ ہٹا اور ایک مرد اندر سے نمودار ہوا۔ ظاہر ہے کہ ایک باپ اپنی بیٹی کی چیخ کو گھر پر تو نظر انداز نہیں کر سکتا لیکن جب اس کی نظریں مجھ پر پڑیں تو ٹھٹھک کر رک گیا۔

"آ جائیے! آ جائیے ہاشمی صاحب!" میں دھیرے سے بولی۔

فرخ ہی نے مجھے بتایا تھا کہ اس کے باپ کا نام احمد ہاشمی ہے۔

وہ لپکتا ہوا اپنی بیوی کے قریب پہنچ گیا اور بولا۔ "کیا ہوا بیگم! کیا بات ہے؟"

فرخ کی ہچکیاں بندھ چکی تھیں۔

"میں کیا بتاؤں!" فرخ کی ماں روہانسی ہو کر بولی۔ "پوچھ تو وہی رہی ہوں مگر یہ کچھ بتاتی ہی نہیں۔"

اب ہاشمی نے بھی فرخ پر سوالات کی بوچھار کی مگر وہاں رونے کے سوا کوئی جواب نہیں تھا۔

"آپ ہی کچھ بتائیے خاتون!" ہاشمی نے بڑی بے بسی سے مجھ سے پوچھا۔ "آخر ماجرا کیا ہے؟"

"آج دوپہر ایک غنڈوں نے فرخ کو اغوا کرنے کی کوشش کی تھی۔ اگر میں بروقت اس گلی میں نہ پہنچ گئی ہوتی تو وہ لوگ کامیاب ہو جاتے۔" بیلکنت ہاشمی کا چہرہ بالکل سفید پڑ گیا اور پھر اس کے منہ سے جیسے بے اختیاری میں نکلا۔ "آخر وہی ہوا جس کا مجھے خدشہ تھا۔"

ہاشمی کے اس فقرے نے مجھے چونکا دیا۔ اس سے تو یہی بات ظاہر ہو رہی تھی کہ کچھ خاص نکتے پہلے ہی سے ہاشمی کے علم میں تھے۔

"میں نے تو چاہا تھا کہ پولیس میں رپورٹ کروا دوں لیکن فرخ پولیس کا سامنا کرنے سے گھبرا رہی تھی۔" میں نے کہا۔

ہاشمی نے آہستہ سے سر ہلایا اور مغموم نظروں سے اپنی سسکتی ہوئی بیٹی کی طرف دیکھا۔

"کیا آپ اپنا کچھ وقت مجھے دے سکیں گے؟" میں بولی۔

"جی!" ہاشمی اس طرح میری طرف دیکھنے لگا جیسے میرا مطلب نہ سمجھ سکا ہو۔

"میں آپ سے تنہائی میں کچھ گفتگو کرنا چاہتی ہوں۔ کیا یہ ممکن ہے؟"

"ہاں ہاں! ممکن کیوں نہیں ہے! زبیدہ! تم بچوں کو لے کر اندر چلی جاؤ۔"

"جی اچھا۔"

فرخ اب بھی رو رہی تھی۔ زبیدہ اس کو سہارا دیتے ہوئے اندرونی کمرے کی طرف لے جانے لگی۔ اس نے دونوں بچوں سے بھی کہا تھا کہ وہ اس کے ساتھ آئیں۔

میں کھڑکی کے قریب جا بیٹھی لیکن میرا مقصد باہر دیکھنا نہیں تھا بلکہ میں باہر کی طرف نظر رکھنا چاہتی تھی۔

ہاشمی متجسس نظروں سے میری طرف دیکھنے لگا۔

"آپ فرخ کے والد ہیں۔" میں نے کہنا شروع کیا۔ "اس لئے ظاہر ہے کہ آپ کو اس کی زندگی اور اس کا مستقبل بیحد عزیز ہو گا لیکن میں اس کی پرنسپل ہوں اس لئے مجھے بھی اس کا مستقبل کچھ کم عزیز نہیں۔ ذرا دیر پہلے آپ نے ایک ایسا جملہ کہا تھا کہ میں چونک گئی تھی۔ اس جملے سے ظاہر ہوا تھا کہ آپ کو پہلے ہی سے اس قسم کی کسی بات کی توقع تھی۔"

"جی ہاں!" ہاشمی نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "مجھے اس بات کا خدشہ تو تھا۔"

"اس کے باوجود آپ فرخ کو تنہا اسکول جانے دیتے تھے؟" میں

خشک لہجے میں بولی۔

"میں نے اس کی حفاظت کا بندوبست تو کیا تھا لیکن پوشیدہ طور پر۔" ہاشمی نے جواب دیا۔ "یہ پتہ نہیں وہ اس وقت کہاں غائب ہو گیا جب فرخ کو اغوا کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ میں اسے قطعاً غیر ذمہ دار نہیں سمجھتا تھا۔"

"وہ؟ یعنی جسے آپ نے فرخ کی حفاظت پر مقرر کیا تھا؟"

"جی ہاں۔ میں نے کیا مقرر کیا تھا وہ خود ہی مقرر ہو گیا تھا۔ وہ ایک اخبار کا رپورٹر ہے اور....."

"رضوان ساجد؟" بیسا ختہ منہ سے نکل گیا۔

"آپ اسے کیسے جانتی ہیں؟" ہاشمی نے حیرت سے پوچھا۔

"اب مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ مجھے اس طرح بیچ میں دخل اندازی نہیں کرنی چاہئے تھی۔ میری اس جماقت سے باتوں کا تسلسل ٹوٹ گیا تھا۔ اب ادھر اُدھر کی باتوں میں بلاوجہ کچھ وقت ضائع ہو جاتا۔

"دراصل۔" میں نے ہاشمی کو ٹالنے کی کوشش کی۔ "اخباری لائن میں میری واقفیت صرف رضوان ساجد ہی سے ہے اس لئے بے اختیار اس کا نام زبان پر آ گیا۔ کسی خاص وجہ سے میں نے اس کا نام نہیں لیا تھا۔"

"جب آپ اُسے جانتی ہیں تو پھر اس بات سے بھی بے خبر نہیں ہوں گی کہ وہ ایک شرابی اور آوارہ قسم کا نوجوان ہے۔ دراصل وہ میرے ہونہار شاگردوں میں سے ایک ہے۔ اس سرکاری ملازمت میں آنے سے پہلے میں ایک پرائمری اسکول میں ٹیچر تھا۔ رضوان کی پرائمری کی تعلیم میرے ہی ہاتھوں ہوئی ہے۔"

"ہاں تو آپ یہ بتا رہے تھے کہ فرخ کے سلسلے میں اس قسم کے کسی افسوسناک واقعے کی توقع آپ کو پہلے ہی سے تھی!"

"جی ہاں۔ اور اسی کی وجہ سے میں خاصا پریشان تھا۔ اتفاق سے اسی روز میری ملاقات رضوان سے ہو گئی۔ اس نے میری پریشانی بھانپ لی اور اس کے بارے میں استفسار کرنے لگا۔ میں اسے اپنے آپ سے بہت قریب پاتا ہوں ہر چند کہ وہ کبھی میرے گھر نہیں آیا۔ بہرحال میں نے اُسے تمام صورتِ حال سے آگاہ کر دیا اور اس نے خاصی غور و فکر کے بعد مجھے اپنے اس فیصلے سے آگاہ کر دیا کہ وہ فرخ کی نہ صرف یہ کہ حفاظت کرے گا بلکہ اس کی کوشش یہ بھی ہو گی کہ وہ اس پوشیدہ چہرے کو بھی سامنے لے آئے جو اس معاملے کے پس پردہ کارفرما ہے۔"

"آپ نے اس معاملے پر اب تک ذہنی نہیں ڈالی۔" میں بول پڑی۔

"اب میں اسی طرف آ رہا ہوں خاتون!" ہاشمی نے کہا۔ "یہ اب سے چار روز پہلے کی بات ہے۔ میرے آفس سپرنٹنڈنٹ نے مجھے اپنے کمرے میں بلا کر مجھ سے درخواست کی کہ میں تمام کی تمام اس کے ساتھ ایک ریسٹورنٹ میں پہنچوں۔ مجھے اس دعوت پر بیحد حیرت ہوئی کیونکہ میرا آفس سپرنٹنڈنٹ تباہ حال دماغ اور ذلیل قسم کا آدمی ہے۔ سارا دفتر اس سے نالاں رہتا ہے۔ وہ اس لائق ہی نہیں ہے کہ اس کرسی پر بیٹھ سکے۔ کسی بڑے آدمی کی سفارش سے وہ اس کرسی تک پہنچا ہے۔ آپ تو جانتی ہی ہوں گی آج کل صرف رشوت اور سفارش کا دور دورہ ہے۔ سارا معاشرہ اس سے تباہ ہو چکا ہے اور....."

"تو کیا آپ نے اپنے افسر کی وہ دعوت قبول کر لی تھی؟" میں پھر بول پڑی۔

"اس کے سوا چارہ بھی کیا تھا۔ بحکم حاکم مرگ مفاجات کے مطابق شام کو اس ریسٹورنٹ میں جا پہنچا جہاں اس نے مجھے بلایا تھا۔ وہ مجھ سے بڑے اچھے انداز میں پیش آیا اور میری مالی پریشانیوں کے سلسلے میں ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس نے مجھ سے یہ بھی کہا کہ میں رشوت لینا شروع کر دوں۔ ایسے زندگی گزارنے کے اس نے لغو قرار دیا اور بہرآخر میں بولا کہ اگر میں ایک کام کے لئے آمادہ ہو جاؤں تو مجھے پچاس ہزار روپے مل سکتے ہیں۔ اتنی بڑی رقم کا ذکر سن کر مجھے ذرا بھی خوشی نہیں ہوئی کیونکہ میں سمجھ گیا تھا کہ وہ مجھ سے غیر قانونی کام لینا چاہتا ہے جس کے لئے میں ہرگز تیار نہیں ہوں۔ بہرحال اس کام کے بارے میں استفسار تو کرنا ہی تھا اور تب اس نے بتایا کہ ایک عرب شیخ پاکستان آیا ہوا ہے جس کے سیکرٹری نے راہ چلتے کسی جگہ پر فرخ کو دیکھ لیا ہے۔ اب وہ چاہتا ہے کہ وہ فرخ کو اپنی ریوا - سپرنٹنڈنٹ نے یہ بھی بتایا کہ ملک کی ایک اہم شخصیت عرب شیخ کے کو خوش رکھنا چاہتی ہے۔ اس لئے اسی شخصیت نے میرے لئے یہ کام کی منظوری دی ہے۔ وہ شخصیت چاہتی ہے کہ میں فرخ کو عرب شیخ کے سیکرٹری کے سپرد کر دوں اور اس بین دین کا ذکر کسی سے نہ کروں۔ یہ سب کچھ بتاتے ہوئے ہاشمی کا چہرہ غصے سے سُرخ ہو گیا۔ منہ سے جھاگ اڑنے لگے تھے۔ ایک باپ اپنی اس تذلیل پر بیحد اور میں دم بخود بیٹھی ہوئی تھی۔ معاملہ بیحد سنگین نظر آ رہا تھا۔ معاملے میں کوئی بہت ہی اونچی مسند ملوث تھی۔

ہاشمی نے قدرے خاموشی اختیار کی۔ وہ اپنے ابلتے ہوئے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کر رہا تھا۔ اتنے میں فرخ کی چھوٹی بہن چائے کے تین پیالے میز پر رکھ گئی۔ ہاشمی نے اسی سے پانی منگوایا۔ پھر پیالیوں میں چائے ڈال کر ایک پیالی مجھے دی اور ایک خود لی۔ اب جذبات پر قابو پا لیا تھا اس لئے دوبارہ بولنے لگے۔

"سپرنٹنڈنٹ کی ان باتوں نے مجھے چراغ پا کر دیا تھا۔ یہ بات نہیں تھی کہ میں اپنی لخت جگر کو اس طرح بیچ ڈالتا۔ میں نے اس کو قطعی مسترد کر دیا۔ اس پر سپرنٹنڈنٹ نے مجھے سمجھانے کی کوشش کی۔ بالآخر دھمکیوں پر اتر آیا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ بہرحال فرخ سے ہاتھ دھونے پڑیں گے کیونکہ یہ ملک کی ایک بہت اہم ہستی کا فیصلہ ہے۔ جب سپرنٹنڈنٹ نے یہ فقرہ کہا تو میں آپے سے باہر ہو گیا اور چائے پی کر ریسٹورنٹ سے نکل آیا۔ رات تک میں پاگلوں کی طرح اِدھر اُدھر مارا مارا پھرتا رہا۔ میری حالت مجنوں کی سی تھی۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ ان حالات میں کیا کروں اور کیا نہ کروں۔ پولیس سے رابطہ قائم فضول معلوم ہو رہا تھا۔ جب ملک کی کوئی اہم شخصیت مقابل ہو تو یہ کیسے ممکن ہے کہ ہم جیسے معمولی لوگوں کو پولیس کا تعاون مل جائے۔ تو جانتی ہیں کہ آج کل ملک کی حالت کیسی ہے۔ سارا معاشرہ غنڈہ و رحم و کرم پر ہے۔ مادرِ ملت کی شکست کے بعد تو یہ لوگ اور کھل کھیلے ہیں۔

حکومت غنڈوں کی سرپرستی کر رہی ہے کسی شریف آدمی کی... مجھے یہ نہیں ہے۔ ان حالات میں مجھ پر جنون کا دورہ پڑ گیا... ہاں؟...

اسی عالم میں میری ملاقات رضوان سے ہو گئی۔ اس کو یہ... حالات کا پتہ چلا تو اس نے قسم کھائی کہ وہ اپنی زندگی کی آخری سانس تک فرخ کی حفاظت کرے گا۔"

ہاشمی خاموش ہو کر میری صورت تکنے لگا۔

"آج کی زندگی واقعی بڑی کٹھن ہو چکی ہے۔" میں نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔

"میری تو خواہش ہے کہ اگر ممکن ہو تو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اس ملک سے نکل جاؤں۔ زمین کا یہ ٹکڑا ہم نے بڑی قربانیاں دے کر حاصل کیا تھا مگر آج یہی زمین ہم پر تنگ ہو چکی ہے۔"

"خدا کی لاٹھی بے آواز ہے ہاشمی صاحب! ظلم و جبر کی یہ ناؤ آخر کار ڈوب کر رہے گی۔"

"جب ہم سب بھی ڈوب چکے ہوں گے۔" ہاشمی کے لہجے میں زہر تھا۔ "ان دو چار دنوں میں آپ کے سپرنٹنڈنٹ کا رویہ کیسا رہا؟"

"بہت سخت — اس نے مجھ پر کام کا بوجھ بڑھا دیا ہے اور عموماً مجھے بڑی حقارت سے دیکھتا ہے۔"

میں نے چائے کا آخری گھونٹ لے کر پیالی رکھ دی اور پھر کھڑکی کھولتی ہوئی بولی۔ "اچھا اب مجھے اجازت دیجئے ہاشمی صاحب!....

میں بھی اس سلسلے میں آپ کے کسی کام آنے کی کوشش کروں گی۔ کچھ اندازہ ہو میرا بھی ہے۔ میں فرخ کی حفاظت کے لئے بہت کچھ کر سکوں گی۔"

"اگر اس گھر کی عزت باقی رہ گئی تو میں زندگی بھر آپ کا احسان مند رہوں گا۔" ہاشمی نے جذبات سے مغلوب ہو کر کہا۔

میں نے ہنس کر اس کی تسلی تشفی کے لئے دو چار کلمات کہے اور پھر بولی۔ "اب ذرا اپنی بیگم اور فرخ کو بلوا لیں تاکہ میں ان سے بھی جانے کی اجازت لے لوں۔ غالباً فرخ کو ان تمام باتوں کا علم نہیں ہے!"

"رضوان کے علاوہ اب صرف آپ واقف ہیں۔ میں نے زبیدہ کو بھی اس کے بارے میں کچھ نہیں بتایا ورنہ وہ تو رو رو کر جان دے دیتی۔"

"یہ آپ نے بہت اچھا کیا۔"

"ارے بھئی زبیدہ!... فرخ!... دیکھو یہ تمہاری ممتا جا رہی ہیں۔" ہاشمی نے بلند آواز میں پکارا کر کہا۔

چند لمحے بعد ہی ماں بیٹی اس کمرے میں داخل ہوئیں۔ بچوں کو شاید اندر ہی کمرے میں روک دیا گیا تھا ورنہ وہ بھی پیچھے پیچھے چلے آتے۔ فرخ اب رو نہیں رہی تھی لیکن اس کا چہرہ ستا ہوا اور آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔ میں نے فرخ کی ماں سے اجازت لی اور فرخ کو سینے سے لگا کر اس کی پیشانی چومی۔ فرخ کا چہرہ ایک دم سُرخ ہو گیا۔ شاید اُسے کچھ یاد آ گیا تھا۔

"اچھا فرخ اب میں چلتی ہوں۔ صبح خود تمہیں لینے آؤں گی۔ تم اکیلی اسکول مت جانا۔"

"بہت اچھا۔" فرخ نے آہستہ سے کہا۔

ماں باپ اور بیٹی مجھے چھوڑنے کے لئے دروازے تک آئے۔

جب میری مرسیڈیز وہاں سے روانہ ہوئی تو اندھیرا پھیل چکا تھا۔ میرے ذہن پر تفکرات کا شدید دباؤ تھا۔ میں اچھی طرح محسوس کر چکی تھی کہ اس معاملے کو یونہی سرسری انداز میں ہینڈل نہیں کیا جا سکے گا۔ بہت محتاط رہ کر پلاننگ کے ساتھ اقدامات کرنے کی ضرورت تھی لیکن کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اس بات کا علم اشد ضروری تھا کہ متعلقہ پرکو... ہے؟ ملک کی اس اہم ہستی کا چہرہ سامنے آ جانے کے بعد ہی کوئی پلاننگ کی جا سکتی تھی۔

گھر پہنچ کر میں سیدھی اپنی خواب گاہ میں چلی گئی۔ مجھ کو بالکل نہیں محسوس ہو رہی تھی اس لئے میں نے ملازمہ سے کہہ دیا تھا کہ آج رات صرف دودھ کا ایک گلاس پیوں گی۔

خواب گاہ میں پہنچ کر میں ڈریسنگ ٹیبل پر جا بیٹھی۔ ڈریسنگ پیڈ پر زکالا اور اس پر ایک پیغام لکھنے لگی۔ زیادہ طویل پیغام نہیں تھا بس چند سطریں۔ ان سطروں کے نیچے میں نے ایک ٹیلیفون نمبر لکھا اور پھر... کاغذ کا ٹکڑا تہہ کر کے ایک لفافے میں رکھ دیا۔

پندرہ منٹ بعد جب میری خاص ملازمہ دودھ کا گلاس لے کر آئی میں نے اُسے مخاطب کر کے کہا۔ "سنو!... اس بات کا خاص... کل میں مجھے کسی عجیب و غریب صورتِ حال سے دوچار ہونا پڑے... کسی حادثے کا شکار ہو جاؤں۔"

"خدا نہ کرے بیگم صاحب!" وہ جلدی سے بولی۔

لیکن میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "اس صورت میں تمہیں صرف ایک کام کرنا ہو گا۔ یہ لفافہ دیکھ رہی ہو؟... اس میں ایک کاغذ پر ایک پیغام لکھا ہوا ہے۔ اس پیغام کے نیچے ایک ٹیلیفون نمبر بھی درج ہے۔ تم وہ نمبر ڈائل کر کے یہ پیغام پڑھ دینا۔ لفافہ میں پیچھے والی دراز میں ڈالے دے رہی ہوں۔"

میں نے ملازمہ کے سامنے ہی وہ لفافہ میز کی پچھلی دراز میں ڈال دیا اور بولی۔ "بس اب جاؤ!"

ملازمہ کے چہرے پر تشویش کے آثار نظر آ رہے تھے۔ وہ مجھ سے استفسار کرنا چاہتی تھی لیکن اس کی ہمت نہ کر سکی اور چلی گئی۔

دودھ کا گلاس پی کر میں نے ایک سگریٹ سلگا لی۔ جب میں فکرمند ہوتی ہوں تو بھی سگریٹ پینے لگتی ہوں۔ ابھی سے نیند آنے کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا اس لئے میں نے بستر پر ایک نگاہ غلط انداز بھی نہیں ڈالی۔ میں کمرے میں ٹہلتی رہی اور سگریٹ پھونکتی رہی۔ کبھی کبھی میں ذرا دیر کے لئے کرسی پر بھی بیٹھ جاتی تھی۔ صرف ایک سوال مجھے پریشان کئے ہوئے تھا کہ ان حالات کو اپنے قابو میں کرنے کے لئے کیا قدم اٹھانا چاہیئے۔

کوئی ایک گھنٹہ گزرا ہوگا کہ ٹیلیفون کی گھنٹی بجنے لگی۔ میں یہ سمجھی کہ میری فرم کے جنرل مینیجر کا فون ہوگا کیونکہ میں آج دفتر نہیں گئی تھی اور کوئی اطلاع بھی نہیں دی تھی اس لئے اس بات کا قوی امکان تھا کہ وہ تشویش میں مبتلا ہوگئی ہو۔ یہی خیال کرکے میرا جی نہ چاہا کہ ریسیور اٹھاؤں لیکن جب گھنٹی بجتی ہی رہی تو مجھے جھنجھلا کر ریسیور اٹھانا پڑا۔

"ہلو!" میرے لہجے میں جھلاہٹ تھی۔

"بانو؟" دوسری طرف سے ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

"کون؟" میری جھلاہٹ ایک دم غائب ہوگئی۔

"میں رضوان بول رہا ہوں۔"

"اوہ! کیا بات ہے؟ ہاں میں بانو بول رہی ہوں۔"

"مجھے ہاشمی صاحب سے معلوم ہوچکا ہے کہ تم ان سے مل کر تمام باتوں سے آگاہی حاصل کرچکی ہو۔ میں اس وقت اپنے گھر ہی سے بول رہا ہوں اور چاہتا ہوں کہ تم اسی وقت میرے گھر آکر مجھ سے مل لو۔ کہیں اور کبھی ملا جاسکتا تھا لیکن اس وقت میں اپنے گھر سے نہیں نکلنا چاہتا۔ کچھ لوگ میرے پیچھے لگ چکے ہیں اور مجھے ان کے ارادے بے حد خطرناک معلوم ہو رہے ہیں۔ دراصل میں نے ان کے گرو کا پتہ لگالیا ہے۔"

"کون ہے وہ؟" میں نے بیتابی سے پوچھا۔

"ملاقات پر تفصیل سے بتاؤں گا۔ اچھا خیر! اتنا بتائے دیتا ہوں کہ موجودہ اقتدار اعلیٰ سے اس کا گہرا تعلق ہے۔"

"اوہ!" میرے ذہن میں بیک وقت کئی نام چکرا گئے۔

"تو پھر تم آرہی ہو نا؟"

"ہاں۔ تم اپنا پتہ بتاؤ!" میں نے جلدی سے کہا۔

رضوان نے اپنا پتہ بتایا اور پھر پوچھا۔ "تم کتنی دیر میں پہنچ جاؤ گی؟"

"بس دس منٹ میں۔"

"عقبی گلی کی طرف سے آنا سامنے تو....."

ریسیور میں مجھے گولی چلنے کی آواز آئی اور رضوان کا جملہ ادھورا رہ گیا میں اچھل پڑی۔

"ہیلو.... ہیلو.... رضوان!" میں ماؤتھ پیس میں چیخی۔

لیکن کوئی جواب نہیں ملا۔ ریسیور میں ہوا کی سائیں سائیں سنائی دے رہی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس گولی نے ریسیور ہی کے ٹکڑے اڑا دیئے ہوں۔

میں نے ریسیور پٹخا اور تیزی سے دروازے کی طرف لپکی۔ پھر کچھ خیال آیا تو جلدی سے مڑ کر ڈریسنگ ٹیبل کی طرف گئی اور اپنا وہ پرس اٹھا لیا جس میں پستول موجود تھا۔ میں تقریباً دوڑتی ہوئی باہر نکلی لیکن بنگلے میں پہنچ کر مجھے ٹھٹھک جانا پڑا کیونکہ اسی وقت ایک پولیس جیپ برآمدے کے سامنے آکر رکی تھی۔

ایک پولیس انسپکٹر دو سپاہیوں کے ہمراہ جیپ سے اتر کر تیزی سے میری طرف آیا اور بولا۔

"آپ ہی صبیحہ بانو ہیں؟"

"جی۔" میرے منہ سے نکلا۔

"آپ کے خلاف زبردست شکایت پہنچی ہے۔"

"وہ کس جرم میں؟"

"آپ پر قتل کا الزام ہے۔"

مجھے یوں لگا جیسے میرے پیروں تلے سے زمین نکل گئی ہو۔

انسپکٹر اپنی جیب سے کچھ نکالتا ہوا بولا۔ "یہ آپ کی گرفتاری کا وارنٹ ہے۔"

اس وقت مجھے خود کو پُرسکون دیکھنے میں خاصی دشواری پیش آرہی تھی۔ میرا جسم جیسے شل ہو کر رہ گیا تھا۔

یہ بات تو خیر طے تھی کہ انسپکٹر مجھے گرفتار کرکے ایک رات کے لئے بھی حوالات میں بند نہیں کرسکتا تھا میں قانون کی گرفت کو ڈھیلا ہونے پر مجبور کر دیتی لیکن اس میں دو ایک گھنٹے ضرور لگ جاتے۔ دو ایک گھنٹے جو اس وقت میرے لئے دو ایک صدیوں کی مانند تھے۔ ایک ایک لمحے کی قیمت بے پناہ تھی۔ مجھے جلد از جلد رضوان ساجد کے گھر پہنچنا تھا۔ وہاں جو کچھ بیت چکی تھی اس کا میرے علم میں آنا از بس ضروری تھا۔ تاخیر کے بعد تو شاید مجھے لکیر ہی پیٹنا پڑتی۔ سانپ کا دور دور تک پتہ نہ ہوتا۔

پولیس افسر کے اشارہ پر ایک کانسٹیبل ہتھکڑیوں کا جوڑا لے کر میری طرف بڑھا۔ میں نے بڑی سعادتمندی سے اپنی دونوں کلائیاں آگے بڑھا دیں اور کلائیوں ہی کی آڑ میں کنکھیوں سے دائیں بائیں کا جائزہ لے لیا۔ کانسٹیبل میرے بالکل قریب آکر رک گیا۔ وہ میرے اور پولیس افسر کے درمیان میں حائل تھا۔ چونکہ میری طرف سے مزاحمت کے آثار قطعی نہیں پیدا ہوئے تھے لہٰذا ان لوگوں کی مت ماری جاچکی تھی اور انہوں نے چوکنا رہنا ضروری نہیں سمجھا تھا۔ اللہ انہیں سدا خوش رکھے۔ مجھے ایسے لوگ بہت پسند ہیں۔ جیسے ہی کانسٹیبل نے ہتھکڑیاں میری کلائیوں کی طرف بڑھائیں میں نے بڑے پیار سے گھٹنا اس کے پیٹ پر رسید کر دیا۔ اس کے منہ سے عجیب سی کراہ نکلی، وہ دہرا ہوتا چلا گیا لیکن میں نے اس کی ٹھوڑی پر وار کرکے اسے نہ صرف سجدے میں جانے سے روک دیا بلکہ فوراً ہی اس کی ٹانگ میں اس طرح ٹانگ ماری کہ وہ اپنا توازن کھو بیٹھا۔ یہ میرے لئے گولڈن چانس تھا۔ میں نے اسے اس طرح دھکا دیا کہ وہ بڑی عجلت سے اپنے افسر اعلیٰ پر جا گرا۔

یہ سب کچھ بہت ہی قلیل وقت میں ہوگیا تھا۔ اتنی دیر میں مشکل سے تین مرتبہ پلکیں جھپکائی جاسکتی تھیں۔ پھر اس سے پہلے کہ وہ لوگ چوتھی مرتبہ پلکیں جھپکاتے میں نے پلٹ کر جست لگائی اور واپس گھر کے اندر چلی گئی۔ دروازہ میں نے ایک دھڑاکے سے بند کیا اور اس آواز میں وہ مغلظات دب گئیں جو پولیس افسر کے دہن مبارک سے ابل رہی تھیں۔

میں اندرونی دروازے کی طرف دوڑی اور اسی وقت میں نے پولیس افسر کی چیختی ہوئی آواز سنی۔ "دروازہ توڑ ڈالو!"

اندرونی دروازے کے قریب پہنچ کر میرے ذہن میں ایک ایسا خیال آیا کہ میں فوراً رک گئی۔ میں نے اپنے ذہن میں آتے ہوئے خیال پر بڑی تیزی سے غور کیا اور پھر اتنی ہی تیزی سے واپس مڑی۔ میں نے بس اتنا خیال رکھا تھا کہ قدموں کی آواز نہ ہونے پائے۔

دروازہ اس وقت جیسے خوفناک آندھیوں کی زد میں آیا ہوا تھا۔ شاید بیک وقت دونوں کانسٹیبل دروازے پر ٹوٹ پڑے تھے اور یہ بھی ممکن ہے کہ پولیس افسر صاحب بھی ان ایازوں کی صف میں کھڑے ہو گئے ہوں۔

میں ایک صوفے کے پیچھے جا چھپی۔ اسی وقت دروازہ ایک پُرشور آواز کے ساتھ ٹوٹ کر گر پڑا اور وہ لوگ اندر گھستے چلے آئے۔ میں صوفے کے نیچے سے ان کی ٹانگیں دیکھ سکتی تھی۔ اس وقت میں نے بھاگنے کی بجائے وہیں چھپ کر ایک نفسیاتی کھیل کھیلا تھا۔ میرے اندازے کے مطابق پولیس افسر کے سان گمان میں بھی یہ بات نہیں آسکتی تھی کہ میں بھاگنے کی بجائے وہیں چھپ گئی ہوں گی۔ مجھے توقع تھی کہ وہ میری تلاش میں اندر گھستا چلا جائے گا۔ میری یہ توقع پوری ہوگئی لیکن اس کے ساتھ جو دوسری توقع تھی وہ صرف پچاس فیصد پوری ہوئی۔ میرا خیال تھا کہ دونوں کانسٹیبل بھی اپنے افسر کے ساتھ گھستے چلے جائیں گے لیکن کم بخت افسر تھوڑا سا کانپاں نکلا۔ اس نے ایک کانسٹیبل کو دروازے کی حفاظت کی ہدایت کی تھی اور دوسرے کو اپنے ساتھ آنے کا حکم دیا تھا۔ نتیجہ یہ کہ میرے سر پر گویا ایک دربان مسلط ہوگیا۔

اس ہنگامے نے میرے ملازمین کو بوکھلا دیا ہوگا۔ پولیس کو دیکھ کر ان کی سٹی گم ہوگئی ہوگی لہٰذا وہ جہاں تھے وہیں رُکے رہنے میں انہیں اپنی عافیت نظر آئی ہوگی۔

میں نے آہستگی سے ہاتھ بڑھا کر صوفے کی سائیڈ ٹیبل سے وہ وزنی ایش ٹرے اٹھا لیا جو میرے جاپانی استاد نے مجھے تحفے میں دیا تھا۔ اسے ہاتھ میں تول کر میں ایک دم کھڑی ہوئی اور پھر اسے پوری قوت سے دروازے پر کھڑے ہوئے کانسٹیبل پر کھینچ مارا۔ کانسٹیبل مجھے صوفے کے عقب سے نمودار ہوتے دیکھ کر چوکنا تو تھا لیکن اس سے پہلے کہ وہ سنبھلتا، ایش ٹرے نشانے سے پھینکے ہوئے پتھر کی طرح اس کی کھوپڑی سے جا ٹکرائی۔ بلکہ ایک کراہ خاصی اونچی آواز کے ساتھ فرش پر گرا تھا اور اسی آواز میں کانسٹیبل کی کراہ دب کر رہ گئی تھی۔

میں تیزی سے دروازے کی طرف دوڑی۔ کانسٹیبل ٹوٹے ہوئے دروازے پر گر کر بے ہوش ہو چکا تھا۔ میں اس کے اوپر سے زقند لگاتی ہوئی باہر نکل گئی۔ جب میں فوج کے گھر سے آئی تھی تو میں نے اپنی کار کو گیرج میں ہی چھپایا تھا اور یہ بات اس وقت میرے حق میں بڑی اچھی ثابت ہوئی تھی۔

مجھے گیرج تک نہیں جانا پڑا اور میں نے پورچ میں کھڑی ہوئی مرسیڈیز میں بیٹھ کر انجن اسٹارٹ کر دیا۔ اس وقت میرے جسم میں برقیاتی لہریں دوڑ رہی تھیں۔ میں کار کو بڑے طوفانی انداز میں چلاتی ہوئی سڑک پر لے آئی۔ وہ ساڑھے گیارہ کا عمل تھا اور سڑک ورنگ سنسان پڑی ہوئی تھی لہٰذا مجھے تیز رفتار ڈرائیونگ میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ میں ایک سنگین صورتحال کا جال توڑ کر نکل چکی تھی اور اس عمل میں میرے صرف پانچ منٹ ضائع ہوئے تھے۔ صرف پانچ منٹ.... !۔ لیکن اس وقت مجھے یہ پانچ منٹ بھی کھل گئے تھے۔

مرسیڈیز کی ہیڈ لائٹس تاریکی کا سینہ چیرتی رہی اور میرا ذہن واقعات کا سینہ چیر کر حقیقت حال تک پہنچنے کی کوشش کرتا رہا۔ پولیس میرے پیچھے پڑ چکی تھی اور مجھ پر قتل کا الزام تھا لیکن میں اس بات سے بے خبر تھی کہ وہ کس کے قتل کا الزام تھا۔.. ؟ اگر میں پولیس افسر سے دو چار سوالات کر لیتی تو مجھے اس کا علم بھی ہو جاتا لیکن میں نے وقت کے زیاں سے بچنے کے لئے گفتگو کو طول نہیں دیا تھا۔ ان باتوں کے ساتھ ہی ساتھ مجھے یہ الجھن بھی لاحق تھی کہ رضوان ساجد پر کیا گزری؟ گولی کی آواز سے تو یہی نتیجہ اخذ کیا جاسکتا تھا کہ صورت حال خاصی گھمبیر ہوگی۔

برنس روڈ پہنچنے میں مجھے دس منٹ لگے۔ ان دنوں رضوان ساجد وہیں ایک بلڈنگ میں رہا کرتا تھا۔ اس علاقے میں خاصی رونق تھی۔ یہ محسوس ہی نہیں ہوتا تھا کہ رات اپنے نصف پہر میں داخل ہونے والی ہے۔ میں نے اپنی مرسیڈیز ریڈیو ہوٹل والی گلی میں موڑ دی۔ (کافی عرصہ ہوا یہ ہوٹل بند ہو چکا ہے) ادھر لنبٹا اندھیرا تھا۔ گاڑی روک کر میں نے انجن بند کر دیا۔ کھڑکیوں کے شیشے چڑھائے اور دروازوں کو لاک کر دیا۔ گاڑی سے اتر کر میں تیزی سے چلتی ہوئی اس گلی میں مڑ گئی جہاں سرکاری لیٹرین بنا ہوا تھا۔ یہ گلی سناٹے اور تاریکی میں ڈوبی ہوئی تھی۔ یہیں ایک بلڈنگ کے فلیٹ میں رضوان ساجد کا قیام تھا۔ میں ایک الیکٹرک پول سے چپک کر کھڑی ہوگئی اور ارد گرد کا جائزہ لینے لگی۔ میری نظریں اس بلڈنگ کی طرف گئیں جہاں رضوان ساجد رہتا تھا۔ وہ دوسری منزل کا کوئی فلیٹ ہونا چاہئے تھا کیونکہ فون پر رضوان نے سات نمبر بتایا تھا۔ مجھے دوسری منزل کی بالکونیوں میں سے صرف دو میں تاریکی نظر آرہی تھی۔ باقی بالکونیاں روشن تھیں۔

قدرے تذبذب کے بعد میں اس بلڈنگ کی طرف بڑھی میں یہ سوچ رہی تھی کہ بلڈنگ کا چوکیدار ایک اجنبی عورت کو اتنی رات گئے، بلڈنگ میں داخل ہوتے دیکھ کر کیا ردعمل ظاہر کرسکتا ہے؟ یہ بات تو یقینی تھی کہ وہ مجھے ٹوک بیٹھتا لیکن اسے غالباً خوش قسمتی کہیں گے کہ چوکیدار نہایت فرض شناس تھا۔

اب اس سے زیادہ فرض شناسی اور کیا ہوگی کہ اس نے خواب خرگوش کے مزے لوٹنے کے لئے کسی ایسی ویسی جگہ کا انتخاب نہیں کیا تھا بلکہ اپنی چارپائی ٹھیک عین سامنے بچھائی تھی وہ چادر اوڑھے لیٹا ہوا تھا بلکہ سر باہر تھا۔ اگر سونہ رہا ہوتا تو قدموں کی آہٹ سن کر اپنے سر سے چادر ضرور ہٹاتا۔

زینے پر روشنی تھی اس لئے بڑے اطمینان سے میں اوپر چڑھتی چلی گئی۔ میں نے بس اتنا خیال رکھا تھا کہ قدموں کی آواز کم سے کم ہو۔ ایک دو مرتبہ میں نے مڑ کر نیچے بھی دیکھا اور چوکیدار کو بدستور سوتا ہوا پا کر مطمئن ہو گئی۔

پہلی منزل پر چار فلیٹوں کے دروازے نظر آئے ان پر نمبر بھی پڑے ہوئے تھے۔ ان نمبروں کو دیکھ کر میرے اس خیال کو تقویت پہنچی کہ سات نمبر کا فلیٹ دوسری منزل پر ہونا چاہیئے۔

دوسری منزل پر بھی چار فلیٹ تھے اور ان میں سے ایک پر سات نمبر پڑا ہوا تھا۔ اب مجھے اس الجھن نے گھیر لیا کہ کیا ان فلیٹوں کے مکیں بہرے ہیں؟ آخر ان لوگوں نے فائر کی آواز کیوں نہیں سنی؟ یہاں کے حالات تو ایسے پرسکون تھے جیسے کسی بھی فلیٹ میں کوئی خاص واقعہ پیش آیا ہو حتیٰ کہ ایک فلیٹ سے سدِ نظم مدھم آوازیں بھی آ رہی تھیں۔ گویا یہ بات حتمی طور پر کہی جا سکتی تھی کہ اس فلیٹ کے مکیں جاگ رہے تھے۔ ویسے گولی چلنے کی آواز تو سوتوں کو بھی جگا سکتی ہے۔

میں سات نمبر فلیٹ کے سامنے رک گئی اور دروازے سے کان لگا دیئے۔ مجھے یہ دھڑکا بھی لگا ہوا تھا کہ اگر قریب کے فلیٹ سے کوئی باہر نکل پڑا تو کیا ہو گا؟ جواب دہی مشکل ہو جائی۔

رضوان کے فلیٹ میں بالکل سناٹا معلوم ہو رہا تھا۔ میں ایک منٹ تک دروازے سے کان لگائے کھڑی رہی لیکن کوئی آواز نہیں سن سکی۔ میں نے آہستہ سے دروازے پر ہاتھ رکھ کر تھوڑا سا دبایا اور پھر ایک دم رک گئی کہ کہیں دروازہ تو کھلنے لگا تھا۔ اب کوئی قدم اٹھانے سے پہلے کچھ سوچنے سمجھنے کی ضرورت تھی لیکن اس سے پہلے کہ میں کسی فیصلے پر پہنچتی، قریب کے ایک فلیٹ کے دروازے کا بولٹ گرنے کی آواز سنائی دی۔ غالباً کوئی دروازہ کھول کر باہر نکلنے ہی والا تھا۔ مجھے ایسی مشتبہ حالت میں کھڑا دیکھ کر وہ میری طرف متوجہ ہوئے بغیر نہ رہتا۔ اس لمحے میرے ذہن نے بڑی تیزی سے کام کیا اور میں اس فیصلے پر پہنچ گئی کہ مجھے رضوان کے فلیٹ میں داخل ہو جانا چاہیئے۔ اگر اندر نامعلوم دشمن کی موجودگی کے باعث کوئی ہنگامہ کھڑا ہوتا ہے تو ہو اکرے۔ ویسے بھی صورتِ حال اب پگڑنے ہی کو تھی۔

پلک جھپکتے میں یہ فیصلہ ہوا اور دوسری مرتبہ پلک جھپکنے کو پہلے میں رضوان کے فلیٹ میں داخل ہو چکی تھی۔ میں نے تیزی سے دروازہ بھی بند کر لیا۔ کمرے میں روشنی تھی۔ میں دروازے سے پشت لگا کر کھڑی ہو گئی میں نے اس بات کی کوشش کی تھی کہ میری ان حرکات سے کوئی آواز نہ ہونے پائے اور میں اپنی اس کوشش میں بڑی حد تک کامیاب رہی تھی۔

فرنیچر وغیرہ سے ظاہر ہوتا تھا کہ اس کمرے کو ڈرائنگ روم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہو گا۔ آرائش کی بیش قیمت چیزیں وہاں موجود تھیں مگر ان کی بے ترتیبی سے صاف پتہ چل رہا تھا کہ ان چیزوں کے استعمال میں کبھی کسی سلیقے کو دخل نہیں رہا۔ دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہا جا سکتا تھا کہ اس گھر میں کوئی عورت نہیں ہو گی جو ان چیزوں کی دیکھ ریکھ کر سکتی۔

میں دروازے سے ٹیک لگائے متجسس نظروں سے اطراف کا جائزہ لے رہی تھی۔ ان لمحات میں میرے دل کی دھڑکن کچھ تیز ہو چکی تھی اور یہ ناقابلِ فہم اسی وقت ہو گیا تھا جب میں فلیٹ میں داخل ہوئی تھی۔

اندر دو کمروں کے دروازے نظر آ رہے تھے۔ ایک سامنے والی دیوار میں تھا اور دوسرا بائیں جانب کی دیوار میں۔ سامنے والا دروازہ کھلا ہوا تھا اور اس پر ریشمی پردے پڑے ہوئے تھے۔ بائیں طرف کا دروازہ بند تھا اور اس پر پڑے ہوئے پردے ایک طرف سرکے ہوئے تھے۔

ان دونوں کمروں میں بھی سکوت کی حکمرانی معلوم ہوتی تھی۔ میں دبے قدموں، سامنے والے دروازے کی طرف بڑھی۔

وہ کمرہ خواب گاہ ثابت ہوا لیکن کوئی متنفس وہاں بھی نظر نہیں آیا۔ اس کمرے کی بائیں طرف کی دیوار میں بھی ایک دروازہ نظر آ رہا تھا میں اس کمرے میں داخل ہونے کا ارادہ ملتوی کر کے مڑی اور بائیں دیوار کے دروازے کی طرف بڑھی۔ میں نے ابھی تک اپنے پرس سے پستول نکالنے کی ضرورت نہیں سمجھی تھی۔ میں عموماً اس کے استعمال سے بچنے ہی کی کوشش کرتی ہوں اور میرا کام اس کے بغیر بھی چل جاتا ہے۔

بند دروازے پر رک کر میں نے آہٹ لینے کی کوشش کی اور پھر ہینڈل پر ہاتھ رکھ دیا۔ ہینڈل کو گھماتے ہوئے میں نے دروازے پر دباؤ ڈالا اور وہ کھلتا چلا گیا۔ میں نے محسوس کیا کہ دروازہ غیر معمولی طور پر وزنی تھا۔ اس کمرے میں بھی روشنی موجود تھی۔ میں اندر داخل ہو گئی۔ اس وقت میرے دل کی دھڑکنیں کچھ اور تیز ہو چکی تھیں۔ شائد ذہن کے کسی اندھیرے گوشے میں یہ خیال کلبلا رہا تھا کہ اس کمرے میں رضوان ساجد کی لاش سے بھی سابقہ پڑ سکتا ہے۔

کمرے میں داخل ہوتے ہی مجھے اندازہ ہو گیا کہ اس کمرے کو ساؤنڈ پروف بنایا گیا تھا۔ کمرے کے ساز و سامان کی روشنی میں بھی خواب گاہ ہی تھی میں نے بستر کی سائڈ ٹیبل پر ٹیلیفون رکھا ہوا دیکھا لیکن کریڈل پر ریسیور دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ریسیور کے ٹکڑے تو فرش پر بکھرے ہوئے تھے۔ گویا میرا یہ اندازہ ٹھیک ہی ثابت ہوا تھا کہ گولی نے رضوان ساجد کے ہاتھ میں دبے ہوئے ریسیور کو توڑ دیا تھا۔

فرش پر خون کے چند قطرے بھی پڑے ہوئے نظر آئے لیکن رضوان ساجد یا اس کی لاش کا کہیں پتہ نہیں تھا۔ کوئی اور شخص بھی وہاں نظر نہیں آیا۔ گویا یہ بات طے تھی کہ ہنگامہ کرنے والے وہاں سے جا چکے تھے۔ مجھے وہاں آنے میں دیر بھی تو لگی تھی۔ اس وقت میں پوری بٹالین بھی غائب ہو سکتی ہے۔

مگر رضوان ساجد؟ اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا ممکن ہے وہ لوگ اسے اغوا کر لے گئے ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ان لوگوں سے بچ گیا ہو اور ازاں بعد ان کے تعاقب میں لگ گیا ہو۔

میں آہستہ آہستہ چلتی ہوئی بستر کی سائڈ ٹیبل کے قریب پہنچی اور تمام نظروں سے ادھر ادھر دیکھنے لگی۔ دراصل اب میں اس انداز میں سوچ رہی تھی کہ اگر رضوان ساجد کو اغوا نہیں کیا گیا اور وہ اپنی مرضی سے کہیں گیا ہے تو وہ یہ لئے کوئی پیغام ضرور چھوڑ گیا ہو گا۔ مجھے اسی پیغام کی تلاش تھی اور جب وہ پیغام مجھے نہیں ملا تو میری تشویش دو چند ہو گئی۔ اب اس بات پر یقین کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ رضوان ساجد کو اغوا کیا جا چکا ہے۔

میں تیزی سے واپسی کے لئے مڑی کیونکہ اب وہاں کچھ بھی بیکار تھا۔ صرف بیکار بلکہ یہ خدشات بھی تھے کہ میں کسی الجھن میں پڑ جاتی یا کوئی بڑا خطرہ سر پر آ جاتا۔

فلیٹ کا بیرونی دروازہ کھولتے ہوئے میں نے بڑی احتیاط سے کام لیا تھا۔ ہلکی سی آواز بھی نہیں ہونے دی تھی اور اس بات کا یقین بھی کر لیا تھا کہ راہداری ویران تھی۔ جب میں باہر نکلی تو میرا دل بہت زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ میں تیزی سے لیکن دبے قدموں زینے کی طرف بڑھتی چلی گئی۔ میں ارد گرد کے ماحول سے پوری طرح باخبر تھی لیکن اس کے ساتھ ساتھ میرا دماغ رضوان ساجد میں بھی الجھا ہوا تھا۔ اس پر کیا گزری ہو گی؟ اسے کن لوگوں نے اغوا کیا تھا؟ اغوا کی وجہ کیا تھی؟ اس قسم کے سوالات میرے دماغ پر یورش کئے ہوئے تھے۔

جب میں آخری زینے طے کر رہی تھی تو چوکیدار کا پلنگ سامنے ہی نظر آ رہا تھا۔ اچانک میری نظریں ایک ایسی چیز پر پڑیں کہ میں ٹھٹک کر رک گئی۔ میرا سانس حیرت سے کھل گیا اور آنکھیں پھیل گئیں۔ چوکیدار کی چارپائی کے سرہانے سے خون کی بوندیں ٹپک رہی تھیں اور وہ بوند بوند خون جمع ہو کر ایک چھوٹی سی ندی کی طرح بہہ نکلا تھا۔ اگر یہ بہا نہ ہوتا تو شائد اب بھی میری نظریں اس پر نہ پڑتیں۔

بھرتا تمام جسم سنسنا اٹھا۔ اب یہ بات سمجھ میں آئی تھی کہ ایک بلڈنگ کا چوکیدار اتنا غیر ذمے دار کیسے ہو گیا؟ وہ بیچارہ تو احساسات کی دنیا سے سدا کیلئے ہو چکا تھا۔ غالباً اس نے رضوان ساجد کو اغوا کرنے والوں کی راہ میں مزاحم ہونے کی کوشش کی ہو گی اور ان لوگوں نے اسے ٹھکانے لگا دیا ہو گا۔

باقی زینے میں نے بڑی پھرتی سے طے کر ڈالے۔ چارپائی کے قریب پہنچ کر میں نے بڑی سرسری سی نظر چوکیدار پر ڈالی اور پھر سرسراتے کی طرف سے چادر الٹ دی۔ وہ ادھیڑ عمر کا پٹھان تھا اور غالباً خون کی بوندیں اس کے پھٹے ہوئے سر سے ٹپک رہی تھیں۔ وہ ابھی مرا نہیں تھا۔ صرف بے ہوش ہوا تھا۔ وہ لوگ اسے چارپائی پر ڈال کر چادر اوڑھا گئے ہوں گے کہ یہ معاملہ زیادہ سے زیادہ وقت تک لوگوں کی نظروں سے چھپا رہے۔ اگر وہ اسے یونہی چھوڑ جاتے تو کسی وقت بھی کسی کی نظر اس پر پڑ سکتی تھی۔

دفعتاً ایک ہلکی سی آواز سنائی دی۔ میں چونک کر گھومی اور زینے کی طرف دیکھنے لگی۔

جس کی وجہ سے آواز ہوئی تھی، وہ بڑے معصومانہ انداز میں بولیں "میں ہوں۔"

"جی ہاں، آیئے۔" میں نے ٹھنڈی سانس لے کر زیرِ لب کہا۔ "میں تو جانے کب سے آپ ہی کی منتظر تھی۔"

میں تیزی سے باہر نکل گئی۔ میں نے چوکیدار کی چادر کو دوبارہ اس کے سر پر نہیں ڈھکا تھا۔ میں چاہتی تھی کہ اسے جلد از جلد کوئی اس حالت میں دیکھے تاکہ اسے ممکنہ عجلت سے طبی امداد مل سکے۔

گلی میں بدستور سناٹا تھا لیکن اورنگ زیب پارک کی طرف لوگوں کی پیدل بھیڑ جاری تھی۔ میں جلدی جلدی قدم اٹھاتی ہوئی ریڈیو پاکستان والی گلی کی طرف مڑ گئی۔ ان گلیوں میں مکمل سناٹا نہیں ہوتا لیکن یہ میری خوش قسمتی تھی کہ کسی سے میری مڈبھیڑ نہیں ہوئی۔

رضوان ساجد کو اس طرح غائب کیا گیا تھا کہ میں فوری طور پر اس کا سراغ نہیں لگا سکتی تھی اس لئے اب میرا پروگرام یہ تھا کہ سیدھی پولیس ہیڈ کوارٹر جاؤں اور اپنے اوپر عائد ہونے والے قتل کے الزام سے نپٹوں۔ اس معاملے کو سلجھانے کے بعد ہی میں شہر میں بلا روک ٹوک نقل و حرکت کر سکتی تھی۔

جیسے ہی میں اپنی کار کے قریب پہنچی، دو آدمی بڑی سرعت کیساتھ میرے دائیں بائیں آ گئے۔ وہ میری ہی کار کی آڑ میں کھڑے ہوئے تھے اور اتنی تیزی سے میرے قریب آئے تھے جیسے انہیں اندھیرے نے اگل دیا ہو۔ مجھے کوئی "کارروائی" دکھانے کی مہلت نہیں ملی اور ریوالوروں کی نالیں میرے دونوں پہلوؤں سے آ لگیں۔

"ذرا بھی ہوشیاری دکھانے کی کوشش کی اور ماری گئیں۔" ایک غرایا۔

"تمہارا پیٹ گولیوں سے چھلنی ہو جائے گا۔" دوسرا بولا۔

اسی وقت کار کی آڑ سے دو اور آدمی قریب آ گئے۔

"ارے!" میں ہنس پڑی۔ "ایک عورت کے لئے پوری گارڈ آئی ہے!"

"تم صرف عورت نہیں ہو۔ شیطان کی خالہ بھی ہو۔ چلو جلدی سے اپنی گاڑی کا دروازہ کھولو۔"

"دروازہ کھولنے سے پہلے مجھے اپنا پرس کھولنا پڑے گا۔ چابی پرس ہی میں ہے۔"

فوراً ایک آدمی نے میرے ہاتھ سے پرس جھپٹ لیا اور اسے کھول کر ٹٹولنے لگا۔ پھر اس کے منہ سے نکلا۔ "ابے او!... اس میں تو پستول بھی ہے۔"

"یہ کھلونا میرے پرس میں ہر وقت پڑا رہتا ہے لیکن میں اسے استعمال نہیں کرتی ہوں۔"

میری اس بات کے جواب میں کسی نے کچھ نہیں کہا۔ پرس ٹٹولنے والا چابی نکال چکا تھا۔ اس نے پرس مجھے واپس کر دیا لیکن میں دیکھ چکی تھی کہ میرا پستول اس نے اپنی جیب میں ڈال لیا تھا۔

کار کا مقفل دروازہ کھولا گیا اور پھر پرس کے سب اندر بیٹھ گئے۔ مجھے دو آدمیوں کے درمیان پچھلی سیٹ پر بیٹھنا پڑا تھا۔ دو آدمی آگے بیٹھے تھے اور ان ہی میں سے ایک نے ڈرائیونگ سنبھالی تھی۔

ضبط کرنے میں مجھے بڑی قدرت حاصل ہے۔ میں نے بالکل ظاہر

نہیں ہونے دیا کہ میں ان سے خوفزدہ یا پریشان ہوں۔ زیادہ خائف تو میں یقیناً نہیں تھی لیکن پریشانی سے انکار محال ہے۔ مجھے اغوا کیا جا رہا تھا اس لئے میں پریشان کیسے نہ ہوتی؟ مجھے نہیں معلوم تھا کہ وہ کس قسم کے لوگ ہیں اور مجھ سے کیا سلوک کریں گے۔ تاہم مجھے یہ امید ضرور ہو گئی تھی کہ شاید میں وہیں پہنچ جاؤں جہاں رضوان ساجد کو پہنچایا گیا ہوگا۔ یہ ایک قدرے خوشگوار بات تھی۔

مرسیڈیز حرکت میں آ گئی۔

اسی وقت میں صرف اپنی لاپرواہی ظاہر کرنے کے لئے بول پڑی۔

"ذرا احتیاط سے چلانا۔ میری گاڑی بہت نازک ہے۔"

"چلائیں گے تو ہم تم کو بھی احتیاط سے۔" میرے بائیں ہاتھ پر بیٹھے شخص نے ایک بے ہودہ سا قہقہہ لگاتے ہوئے کہا۔

"تم؟ مجھے چلاؤ گے؟" میں بڑی حقارت سے بولی۔ "کیا تم لوگوں کی مردانگی مشتبہ نہیں ہے؟ مجھ اکیلی کے لئے چار کی ضرورت محسوس کی گئی۔ میرے خیال میں تم لوگوں کا تعلق اسی قبیل سے ہے جسے ایران کا علی اصغر بروجردی بہت پسند کرتا تھا۔"

"بکواس بند کرو!" میری دائیں طرف بیٹھا ہوا شخص میری بات پر اس بری طرح تلملایا تھا کہ اس نے ریوالور کا دستہ بڑی زور سے میری کنپٹی پر برسا دیا۔ مجھے اپنی آنکھوں کے آگے ستارے سے اڑتے محسوس ہوئے اور پھر اندھیرے کا رنگ گہرا ہوتا چلا گیا۔ میرے حواس زائل ہو گئے۔

پھر جب مجھے ہوش آیا تو میں نے محسوس کیا کہ میرا جسم تو تخت زمین پر پڑا ہوا ہے لیکن سر کے نیچے کوئی گداز چیز موجود ہے۔ میرا شعور جب پوری طرح بیدار ہوا تو مجھے پتہ چلا کہ میں ایک کمرے کے ننگے فرش پر پڑی ہوئی تھی اور میرا سر رضوان ساجد کے زانو پر رکھا ہوا تھا۔ اس کی نظریں میرے چہرے پر تھیں اور دیکھنے کا انداز بڑا پیار بھرا تھا۔

"صد شکر کہ آپ کو ہوش آ گیا۔" وہ بڑی اپنائیت سے بولا۔

میں تیزی سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔ اتنی تیز حرکت سے مجھے اپنے سر میں بڑی شدید دھمک محسوس ہوئی تھی اور چند لمحوں کے لئے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا تھا۔

"لیٹی رہیے، لیٹی رہیے!" رضوان ساجد جلدی سے بولا۔ "اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ کے ہوش میں آتے ہی میرے زانوؤں کی بدنصیبی شروع ہو جائے گی تو میں آپ کی بے ہوشی کی طوالت کے لئے دعا مانگتا۔"

ان لمحات میں میری آنکھوں کے آگے سے اندھیرا چھٹ گیا اور میں رضوان ساجد کو گھورتی ہوئی بولی۔ "یہ کون سی جگہ ہے؟"

"جہاں آپ میرے ساتھ ہوں وہ جگہ میرے لئے جنت سے کم نہیں۔" رضوان نے بڑے والہانہ انداز میں کہا۔

"کیا تم مجھ سے پٹنا چاہتے ہو؟" میں جھنجھلا گئی۔

"مائی گاڈ!" رضوان ساجد بڑے بوکھلائے ہوئے انداز میں پیچھے ہٹتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ دیوار سے جا لگا۔ اس کے اس خوف میں اصلیت بہت کم اور بناوٹ بہت زیادہ تھی۔

میں براسا منہ بنا کر ارد گرد کا جائزہ لینے لگی۔ یہ کمرہ زیادہ بڑا تھا نہ بالکل چھوٹا۔ ایک کھڑکی تھی اور ایک دروازہ۔ کھڑکی کھلی ہوئی تھی اور اس میں گرل کی بجائے آہنی سلاخیں لگی ہوئی تھیں۔ غالباً یہ مکان بہت پرانا بنا ہوا تھا۔ نئے مکانوں کی کھڑکیوں میں سلاخیں نہیں لگائی جاتیں۔ دیواروں کا چونا جگہ جگہ سے جھڑا ہوا تھا اور فرش کی حالت بھی کچھ اچھی نہیں تھی۔ سامان کے نام سے اس کمرے میں کچھ بھی نہیں تھا۔

مجھے اور رضوان ساجد کو یہاں لانے والوں نے اس کے بالکل پردہ نہیں کی تھی کہ ان کے قیدی کہاں اکٹھے بیٹھیں گے۔ کرسی تو کرسی دہاں دری کا کوئی چھوٹا سا ٹکڑا بھی نہیں تھا۔

میں اٹھ کر کھڑکی کی طرف گئی اور اس کی دو سلاخیں پکڑ کر باہر جھانکنے لگی۔ اس طرف ایک راہداری سی تھی لیکن سامنے والی دیوار میں کوئی دروازہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ وہ راہداری کسی بلب وغیرہ سے بے نیاز تھی لیکن کمرے کی جو روشنی اس طرف جا رہی تھی، وہ اتنی ضرور تھی کہ دیوار کا جائزہ لیا جا سکتا تھا۔

میں مڑی اور متجسس نظروں سے دروازے کی طرف دیکھنے لگی۔

"وہ باہر سے بند ہے۔" رضوان ساجد بول پڑا۔

"اتنا میں بھی سمجھ سکتی ہوں۔" میں نے منہ بنا کر کہا اور پھر رضوان ساجد کی طرف بڑھتی ہوئی بولی۔ "اب تم سنجیدہ گے سے بتاؤ کہ یہ کیا معاملہ ہے اور تم یہاں کیسے لائے گئے ہو؟"

رضوان ساجد کے چہرے سے شوخی کے تاثرات مٹ گئے اور وہ ایک ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔ "کیا تم یقین کرو گی کہ جو لوگ مجھے اور تمہیں یہاں لائے ہیں وہ کیپٹن آفاق کے پروردہ غنڈے ہیں؟"

میں حیرت سے رضوان ساجد کی طرف دیکھنے لگی۔ اب چونکہ اس نے مجھے "تم" کہہ کر مخاطب کیا تھا اس لئے میں یقین کر سکتی تھی کہ اب وہ سنجیدہ تھا۔ جب اس پر غیر سنجیدگی مسلط ہوتی تھی تو وہ مجھے "آپ" کہہ کر مخاطب کرتا تھا۔

"کیپٹن آفاق؟" میں زیر لب بڑبڑائی۔

کیپٹن آفاق، اقتدار اعلیٰ سے گہرا تعلق رکھتا تھا اور یہ بات اب شک و شبہے سے بالاتر ہو چکی تھی کہ موجودہ حکومت کی لرزیدہ بنیادوں کو سنبھالنے کے لئے غنڈہ گردی کے جو ہمارے لئے جا رہے تھے ان میں کیپٹن آفاق کا بہت بڑا ہاتھ تھا۔

"تو فرخ کے معاملے میں کیپٹن آفاق کی شخصیت کارفرما ہے۔!" میں چند لمحے بعد پھر بڑبڑائی۔

"ہاں! اس میں کوئی شک نہیں ہے۔" رضوان ساجد پھر بول پڑا۔

"تمہیں اس کا علم کیسے ہوا؟"

"کلفٹن پر تم دونوں کے رخصت ہو جانے کے بعد میں نے ان غنڈوں

کی تلاشی لی اور جیسے ہی مجھے ان کی جیبوں سے چھ سات کے عدد سل گئے جن پر یہ بات صاف ظاہر ہو گئی تھی۔"

"اب وہ کاغذات کہاں ہیں؟" میں نے جلدی سے پوچھا۔

"وہ مجھ سے واپس چھین لئے گئے۔" رضوان ساجد نے مایوسانہ لہجے میں کہا اور پھر کھڑا ہو کر کمرے میں ٹہلتا ہوا بولا۔ "کلفٹن سے میں صدر پہنچا تھا اور ایک جنرل اسٹور کے ٹیلیفون پر ہاشمی صاحب سے بات کی تھی انہوں نے جب فرخ کی پرنسپل کا ذکر کیا تو میں سمجھ گیا کہ وہ تم ہو گی۔"

رضوان ساجد تفصیل سے سب کچھ بتاتا رہا اور اس کی باتیں سنتے کے ساتھ ساتھ میرا دماغ ان حالات کا تجزیہ بھی کرتا رہا جو اب تک پیش آ چکے تھے۔ ہاشمی کو اس کے آفس سپرنٹنڈنٹ نے جو پیش کش کی تھی وہ خاصی غیر معمولی تھی اور ایک سرکاری افسر سے اس قسم کی پیش کش کرانے والا کیپٹن آفاق جیسا ہی کوئی آدمی ہو سکتا تھا۔ مجھے اس بات پر بھی بہت حیرت ہوئی تھی کہ ایک جرائم پیشہ گروہ کے پاس پولی گرافک مشین سے آگہی لیکن اب میری حیرت بھی ختم ہو چکی تھی۔ جس معاملے میں کیپٹن آفاق جیسی شخصیت کا ہاتھ ہو، اس معاملے میں پولی گرافک مشین تو کیا، ہوائی جہاز پر بھی حیرت ظاہر نہیں کی جا سکتی تھی۔ کیپٹن آفاق بہت کچھ کرنے پر قادر تھا۔

"پھر میں نے اپنے گھر سے تم کو فون کیا۔" رضوان ساجد کی آواز میرے کانوں میں پہنچ رہی تھی۔ "اور اسوقت تک مجھے یہ اندازہ ہو چکا تھا کہ کچھ لوگ میرے تعاقب میں لگ چکے ہیں۔ چونکہ کیپٹن آفاق کا نام میرے علم میں آ چکا تھا اس لئے مجھ پر تھوڑی سی سراسیمگی طاری ہو چلی تھی۔ آجکل کیپٹن آفاق کے نام سے بڑے بڑے لوگوں کا پتہ پانی ہو جاتا ہے، میں تو چارہ تو کسی شمار و قطار میں ہی نہیں ہوں۔ بہرحال اسی سراسیمگی اور گھبراہٹ میں مجھے یہ خیال نہیں رہا تھا کہ اپنے فلیٹ کا دروازہ اندر سے بند کر لوں۔ ویسے یہ بات بھی میرے سان و گمان میں نہیں تھی کہ وہ لوگ مجھ پر اتنی تیزی سے جھپٹ پڑیں گے۔ دروازہ کھلا ہونے کی وجہ سے انہیں آسانی سے فلیٹ میں داخل ہونے کا موقع مل گیا۔ پھر اس وقت جب میں ٹیلیفون پر تم سے گفتگو کر رہا تھا تو وہ لوگ اندرونی کمرے میں گھس آئے اور انہوں نے فائر کر دیا۔ دانستہ یا غیر دانستہ طور پر وہ گولی ریسیور پر پڑی تھی اور اس کے ٹکڑے اڑ گئے تھے۔"

"میں نے وہاں خون کے قطرے بھی پڑے دیکھے تھے۔"

"وہ کوئی خاص بات نہیں۔" رضوان ساجد نے اپنا داہاں ہاتھ اٹھاتے ہوئے کہا۔ "بس ایک انگلی میں خراش سی آ گئی تھی، اسی سے کچھ خون نکل گیا ہوگا۔"

"پھر تم نے کیا کیا تھا؟" میں نے بیتابی سے پوچھا۔

"جب مقابلے پر تین آدمی ہوں اور ان میں سے ایک کے ہاتھ میں ریوالور بھی ہو تو کیا کیا جا سکتا ہے؟ عقلمندی کا تقاضہ یہی تھا کہ میں خود کو ان کے رحم و کرم پر چھوڑ دوں۔"

"تمہارے کسی پڑوسی نے گولی چلنے کی آواز بھی نہیں سنی اور میں اس کا سبب جان چکی ہوں۔ تمہارے فلیٹ کا وہ کمرہ ساؤنڈ پروف ہے۔ آخر تمہیں کیا ضرورت پڑ گئی تھی کہ ایک کمرے کو ساؤنڈ پروف بنواؤ۔"

"میرے پاس کچھ خاص قسم کے ٹیپ ہیں کبھی کبھی ریکارڈ کر لگا سنتا ہوں اور وہ ٹیپ ایسے نہیں ہیں کہ ان میں بھری ہوئی آوازیں میں آس پاس رہنے والوں کو بھی سنواؤں۔"

"بلیک میلنگ اسٹف!" میں منہ بن گیا۔

"ہاں یہ۔" رضوان ساجد نے جواب دیا۔ "لیکن اس وقت میں یہ مسئلہ زیر بحث نہیں لانا چاہتا اور میرا خیال ہے تم بھی اس بحث میں الجھنا مناسب نہیں سمجھو گی۔"

"یہ لوگ تمہیں یہاں کیسے لائے؟"

"ریوالور کی نال میری کمر سے لگا کر وہ لوگ مجھے بلڈنگ سے نکال لائے تھے۔ بلڈنگ کے چوکیدار کی شامت آئی تو اسے کچھ شبہ ہو گیا۔ وہ ان لوگوں کو ٹوک بیٹھا اور نتیجے میں اسے اپنے سر پر ایک شدید ضرب کھانی پڑی۔ اسے چارپائی پر ڈال کر وہ لوگ مجھے باہر لے گئے جہاں ایک کار کھڑی ہوئی تھی۔ مجھے اس کار کی پچھلی سیٹ پر بٹھایا گیا اور پھر اچانک ان میں سے ایک نے میرے منہ پر کلوروفارم سے آلودہ رومال رکھ دیا۔ پھر جب مجھے ہوش آیا تو میں اس کمرے میں تھا۔"

"تمہارے ہوش میں آنے کے بعد سے اب تک یہاں کوئی نہیں آیا؟"

"بس ایک مرتبہ دو آدمی آئے تھے اور وہ اس لئے آئے تھے کہ انہیں تم کو بھی اس کمرے میں پہنچانا تھا۔"

"ان سے تمہاری کوئی بات چیت نہیں ہوئی؟"

"قطعی نہیں۔"

"آخر تمہارے اغوا کا مقصد کیا ہو سکتا ہے؟"

"یہی سوچ سوچ کر میں بھی تھک چکا ہوں۔ اگر ہمیں قتل کرنا مقصود ہوتا تو اغوا کی کوئی ضرورت نہیں تھی اور اگر انہیں ہم سے کچھ معلوم کرنا ہوتا تو اب تک پوچھ گچھ شروع کی جا چکی ہوتی۔"

"تو پھر ایک ہی بات ممکن ہے۔" میں نے پُرتشویش لہجے میں کہا۔ "وہ لوگ کیونکہ فرخ کو اغوا کرنا چاہتے ہیں اور ہم دونوں اس میں رکاوٹ بنے ہوئے تھے لہٰذا انہوں نے اس طرح ہمارا بندوبست کر دیا۔ اب وہ بڑی آسانی سے فرخ کو اغوا کر لیں گے۔"

"اوہ!" یکلخت رضوان ساجد کے چہرے کی سرخی بڑھتی چلی گئی اور وہ بڑی بے چینی سے کمرے میں ٹہلنے لگا۔ وہ بار بار اپنے بائیں ہاتھ کا مکہ، دائیں ہتھیلی پر مار رہا تھا۔ غالباً اسے میری بات بہت زیادہ قرین قیاس معلوم ہوئی تھی اور وہ اندرونی طور پر بے حد مشتعل ہو گیا تھا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا ہوگا کہ اس بے بسی کے عالم میں وہ فرخ کے لئے کیا کرے؟

"زیادہ پُرجوش ہونے سے کوئی فائدہ نہیں۔" میں سنجیدگی سے بولی۔ "ہمیں بڑے ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ غور کرنا ہوگا کہ یہاں سے بچ نکلنے کی کوئی صورت ممکن ہے یا نہیں۔"

رضوان ساجد آہستہ آہستہ معمول پر آتا چلا گیا۔ میں نہیں کہہ سکتی تھی کہ وہ میری بات کا اثر تھا یا یہ اس کی فطرت تھی کہ وہ بہت جلد مشتعل ہو کر بہت جلد ٹھنڈا بھی پڑ جاتا تھا۔

"کیا تم اندازہ لگا سکتے ہو کہ ہم اس وقت کس علاقے میں ہیں؟" میں بولی۔

"ظاہر ہے کہ یہ کسی ماڈرن بستی کا مکان نہیں ہو سکتا۔" رضوان ساجد نے چاروں طرف نظریں گھماتے ہوئے کہا۔ "اور معمولی درجے کے لوگوں کی بستیاں کراچی میں دور ایک نہیں، ان گنت ہیں۔ یہ ایاز آباد کا کوئی مکان بھی ہو سکتا ہے۔ اور گولیمار کا بھی۔ یہ آگرہ تاج کالونی بھی ہو سکتی ہے اور رتن تلاؤ بھی۔۔۔"

"تم نے سب سے پہلے لیاقت آباد اور گولیمار کا نام لیا ہے کیونکہ ان دونوں علاقوں نے حال ہی میں خاصی شہرت حاصل کر لی ہے لیکن میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ یہ مکان ان دونوں علاقوں میں ہرگز نہیں ہوگا۔ ان دونوں یہ دونوں علاقے اس قدر مشتعل ہیں کہ کیپٹن آفاق کے آدمی ان علاقوں کو اپنی سرگرمیوں کا مرکز نہیں بنا سکتے۔"

رضوان ساجد نے پُرتفکر نظروں سے میری طرف دیکھا اور پھر سر ہلاتے ہوئے بولا۔ "یہ تو واقعی مجھ میں آتا ہے۔ مجھے اپنی غلطی کا اعتراف ہے۔"

"دراصل میں علاقے کا تعین کر کے یہ اندازہ لگانا چاہتی ہوں کہ اگر اس مکان میں کوئی ہنگامہ ہو تو اس پاس کے لوگ متوجہ ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ ظاہر ہے یہ ساری بستی تو کیپٹن آفاق کے آدمیوں کی نہیں ہوگی۔"

"ہنگامہ کیسا؟"

"ہمیں کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی پڑے گا۔ اگر ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھے رہے تو وہ لوگ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔ میں فرخ کو اس غیر تماشائی انجام تک پہنچتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی۔"

"کاش کوئی ہمیں بھی ایک غیر تماشائی انجام سے بچاتا۔" رضوان ساجد نے ٹھنڈی سانس لیکر کہا۔

میں اپنے خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی اس لئے رضوان ساجد کے لہجے کی شوخی کو محسوس نہیں کر سکی اور جھونک میں پوچھ بیٹھی۔ "کیا مطلب؟ تمہارا غیر تماشائی انجام کیسا؟"

"اگر کسی کی زندگی کرم حاصل نہ ہو سکے تو انجام کی عبرتناکی میں کوئی شبہ نہیں کیا جا سکتا۔"

"ہوں۔" میں اس کی شرارت کو سمجھ کر اسے گھورنے لگی۔

"آخر آپ کو لڑکیوں سے کیا ملتا ہے بانو!..... ان کی جس ردی دو آنکھیں، آپ کی بھی دو آنکھیں، آپ کی بھی ایک ناک، ان کی بھی ایک ناک، ان کے بھی دو ہونٹ، آپ کے بھی دو ہونٹ۔ آپ کے بھی دو۔۔۔ دو۔۔۔ میرا مطلب ہے، ان کے بھی دو۔۔۔"

"ہوں۔" میں پُراسامنہ بنا کر بولی۔ "کیا مردوں کے بھی دو آنکھیں، دو ہونٹ، ایک ناک اور دو کان نہیں ہوتے؟"

"یہ سب نام تو بر سبیلِ تذکرہ آ گئے تھے۔ میں جس نکتے کی طرف بلکہ نکتوں کی آیا تھا، انہیں آپ نظر انداز کر رہی ہیں۔" رضوان ساجد کے نتھنے شرارت سے پھڑک رہے تھے۔ "آخر آپ تبدیلی کیوں نہیں چاہتیں؟"

"جس کی شر تمہارا اشارہ ہے، میں اس تبدیلی سے نفرت کرتی ہوں۔"

"بتے خام نے نہیں:"

"جب بھی پینے کی کوشش کی، قے ہو جائے گی۔"

"آزمائش شرط ہے۔ کبھی میری خدمات حاصل کر کے دیکھئے۔" رضوان بڑے ڈرامائی انداز میں سینے پر ہاتھ رکھ کر جھکتا ہوا بولا۔

"تم۔" میں ہنس پڑی۔ "نسوانیت تو تم میں بھی اچھی خاصی ہے۔"

"کیا؟" رضوان نے مصنوعی انداز میں بگڑتے ہوئے کہا۔ "میں۔۔۔ ہتک برداشت نہیں کر سکتا۔ آزمائش سے پہلے آپ یہ بات ہرگز نہیں کہہ سکتیں۔"

"میرا خیال ہے ہم فضول باتوں میں الجھ کر وقت ضائع کر رہے ہیں۔ میں اچانک سنجیدہ ہو گئی۔ "یہ وقت ایسا نہیں ہے کہ ہم فرخ کے علاوہ کچھ سوچیں۔ اس پر نہ جانے کیا گزر رہی ہوگی۔"

"اس وقت تو کچھ بھی نہیں گزر رہی ہوگی۔ جو کچھ بھی ہوگا، کل صبح ہوگا۔"

"یہ تم کیسے کہہ سکتے ہو۔ ممکن ہے وہ اسے رات ہی میں اغوا کر لینا چاہتے ہوں۔"

"اگر وہ اسے رات میں اغوا کرنا چاہتے تو پھر انہیں قید کرنے کی کوئی مقصد نہیں رہ جاتا۔ ہم رات کو اس کے مکان کی حفاظت کرنے نہیں تھے۔ انہیں ہماری وجہ سے صرف دن میں ہی پریشانی تھی۔"

میں اثبات میں سر ہلانے لگی۔ رضوان کا استدلال خاصا وزنی تھا۔

"تم ٹھیک کہہ رہے ہو۔" میں نے کہا اور پھر اپنی رسٹ واچ پر نظر ڈالی۔ تین بج رہے تھے۔ "پانچ گھنٹے۔" میں بڑبڑائی۔ "گویا فرخ ابھی پانچ گھنٹے تک محفوظ ہے۔ ہمیں انہی پانچ گھنٹوں میں کچھ کرنا ہوگا۔"

لیکن وہ پانچ گھنٹے، بحث و مباحثے اور سوچ بچار میں ہی گزر گئے۔ کوئی تدبیر ہماری سمجھ میں نہیں آ سکی۔ اب دن کا اجالا کمرے میں بھر گیا تھا اور سلب کی روشنی چراغ بن کر رہ گئی تھی۔ ساری رات جاگنے کے باوجود بھی میری آنکھوں میں نیند کا شائبہ تک نہیں تھا اور یہی حالت رضوان کی بھی تھی۔

"اب پراٹھے ہوں تو ہم چونک کر اس کی طرف دیکھنے لگے۔ "کیا آدمی غالباً ناشتے کی ٹرے لئے ہوئے کمرے میں داخل ہوا۔ آدمی دروازے ہی پر کھڑے رہے۔ ان کے ریوالوروں نے ہمیں ایسے خوفناک دہانے، موت کی آنکھوں کی مانند، رہے تھے۔

"جان اپنے پیٹ کا جہنم پُر کر لیں۔" ناشتہ لانے والے نے کہا۔ "اس کے بعد آئندہ کا تفاتون کو اس مکان کے کمرے میں چلنا ہوگا۔"

"کون؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"وہیں پتہ چلے گا۔" وہ ایک بے ہنگم سا قہقہہ لگا کر بولا۔ دروازے کی طرف مڑ گیا۔

لوگوں نے کمرے سے باہر نکل کر دروازہ پھر بند کر دیا تھا۔ مقفل نہیں کیا تھا۔ میں فوراً ہی اس کی طرف متوجہ ہو گئی لیکن رضوان کی طرف دیکھنے لگی جس نے ناشتے کی طرف ہاتھ بڑھا لیا تھا۔

"کیا تم ناشتہ نہیں کرو گے؟" میں نے پوچھا۔

"لوگ تمہیں دوسرے کمرے میں کیوں لیجانا چاہتے ہیں!" اس کے چہرے پر بہت زیادہ پریشانی ظاہر ہو رہی تھی۔

"میں ہنس پڑی۔ "آخر تم کیا سمجھ رہے ہو؟"

"تم پر وحشیوں کی طرح ٹوٹ پڑیں گے۔ تم ان لوگوں کو اس قسم کے لوگ دنیا کے ایک خوبصورت اور نازک سی لڑکی درندگی سے سرانجام دیتے ہیں۔"

"کچھ ایسا ہی ہے۔ اگر اس قسم کی کوئی بات ہوتی تو گزرنے لی نہیں جاتی۔ چلو ناشتہ کرو۔ تمہیں اس سلسلے میں ہونا چاہئے۔"

ناشتے میں شریک ہو گیا لیکن اس کے چہرے سے تفکر کا ناشتہ کرنے کے بعد اس نے جیب سے سگرٹ نکال کر جلائی۔ "مجھے بھی دو۔"

اس نے پیکٹ میری طرف بڑھا دیا جس میں اب ایک ہی سگرٹ رہ گئی تھی۔ میں نے وہ نکال کر سلگائی اور ہلکے ہلکے کش لینے لگی۔

"میں الجھا ہوا تھا کہ وہ لوگ مجھے کس دوسرے کمرے میں لے جائیں گے۔ میری دانست میں زیادہ امکان اس بات کا تھا کہ مجھے کسی اور جگہ لے جائی جائے گی لیکن میں یہ اندازہ لگانے سے قاصر تھی کہ وہ جگہ کہاں ہوگی۔

"دو منٹ بعد وہ لوگ آئے اور مجھے اس کمرے سے لے چلے جا رہے تھے تو میں نے دیکھا کہ رضوان ساجد اطمینان سے سگرٹ پی رہا تھا۔ اس وقت میں نے سوچا کہ یہ شخص واقعی مجھ سے محبت کرتا ہے لیکن یہ میری فطرت کے خلاف ہے کہ میں کسی مرد کی محبت کا جواب دے سکوں۔

مجھے دوسرے کمرے میں دھکیل کر دروازہ باہر سے بند کر دیا گیا۔ وہ لوگ میرے ساتھ اندر داخل نہیں ہوئے تھے۔ میں دروازے کے قریب ہی رُک کر اس آدمی کو گھورنے لگی جو سامنے والی دیوار کے قریب کھڑا تھا۔ میری طرف اس کی پشت تھی۔ وہ چاکلیٹی سوٹ میں ملبوس تھا اور دیوار سے لگی ہوئی ایک میز پر دونوں ہاتھ ٹکائے آگے جھکا ہوا تھا۔

"بہت خوب!" اس کی بھاری آواز کمرے میں گونجی۔ "تم واقعی خوبصورت ہو۔ یقین نہیں آتا کہ ایسی دلکش عورت، آفت کی پرکالہ بھی ہو گی۔"

اس نے مڑ کر میری طرف نہیں دیکھا تھا اس لئے اس کے ان فقروں نے مجھے اُلجھن میں ڈال دیا لیکن میری اُلجھن زیادہ دیر قائم نہیں رہی۔ جلد ہی میری نظر اس آئینے پر پڑ گئی جو میز پر کچھ ایسے زاویئے سے رکھا ہوا تھا کہ اس میں میری شکل صاف نظر آ رہی ہوگی لیکن میرے درمیانی فاصلے کے باعث اس چھوٹے سے آئینے میں اسے نہیں دیکھ سکتی تھی۔

"کچھ تو بولو خوبصورت عورت!" اس نے قدرے توقف سے کہا۔ "میں جاننا چاہتا ہوں کہ تمہاری آواز بھی اتنی ہی خوبصورت ہے یا نہیں؟"

"میری آواز خوبصورت بھی ہے اور زہریلی بھی۔"

"بہت اچھے۔" اس نے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔ "خاصی جرأتمند ہو کہ ایک قیدی ہو کر ایسی ریٹنگ آواز میں بول پڑیں۔"

"کسی تھرڈ ریٹ فلم کا مکالمہ ہوگا، اگر میں یہ کہوں کہ جرأتمندی دیکھنا ہو تو اس چہار دیواری سے باہر نکل کر میرے سامنے آؤ۔"

"ہیرو۔۔۔ ہیرو۔۔۔ ہیرو۔۔۔" اس نے سیدھے کھڑے ہو کر تین مرتبہ تالی بجائی لیکن اس کا رُخ اب بھی دیوار کی طرف تھا۔ مقصد یہی ہوگا کہ میں اس کی شکل نہ دیکھ سکوں۔ غالباً اس نے اپنی آواز بدلنے کی بھی کوشش کی ہو گی لیکن میں اسے پہچان چکی تھی۔ وہ اپنے قد و قامت کے اعتبار سے کیپٹن آفاق ہی معلوم ہو رہا تھا۔

"مجھے اب تک نہیں معلوم ہو سکا کہ میرے اغوا کا مقصد کیا ہے۔" میں بولی۔

"کیا واقعی تم نہیں سمجھ سکیں؟"

"بس اندازہ ہی لگا سکی ہوں کہ اس کا تعلق فرخ سے ہے۔"

"ٹھیک ہی اندازہ لگایا ہے تم نے۔ تم اور رضوان ساجد میرے راستے کی رکاوٹ بنے ہوئے تھے۔ اب آج بڑے اطمینان سے فرخ کو اغوا کر لیا جائے گا۔"

"آخر تم لوگ اس معصوم لڑکی کے پیچھے کیوں پڑ گئے ہو؟"

"میں جو کچھ کر رہا ہوں وہ اس کے حق میں بھی بہتر ہوگا۔ وہ زندگی کی گراں ترین آسائشات سے بہرہ ور ہو سکے گی۔ ایک ہیڈ کوارٹر کی بیوی کو

وہ سب کچھ نہیں مل سکتا جو میں اسے دلوانا چاہتا ہوں۔"

"دولت ہی تو سب کچھ نہیں ہوتی۔"

"آج کے دور میں وہ اساسی شے ہے لیکن میں نے تمہیں اس کمرے میں اس لئے نہیں بلوایا تھا کہ ان مسائل پر گفتگو کر دوں۔"

"کس لئے بلوایا تھا؟"

"صرف دیکھنا چاہتا تھا تم کو — تمہارے بارے میں آئی حیرت انگیز رپورٹس مل چکی ہیں کہ میں تمہیں دیکھنے کے لئے بے چین ہو گیا تھا۔ آج سے پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا کہ میں کسی عورت کو دیکھنے کے لئے اتنا بے چین ہوا ہوں۔ اب تمہیں دیکھا ہے تو کچھ خواہشات بھی انگڑائیاں لینے لگی ہیں لیکن تمیز بھی کبھی سہی۔"

"یہ انجام کیا ہو گا؟"

"زندگی — خوبصورت زندگی۔"

"کیا مطلب —؟"

"آج رات تو تمہیں چھوڑ دیا جائے گا۔ میرے لئے یہ بھی ممکن ہے کہ تم دونوں کو مار کر کسی ویرانے میں دفن کر دیا جائے لیکن میں بلاوجہ خون خرابہ کرنا پسند نہیں کرتا۔ ویسے تم جیسی خوبصورت عورت کو قتل کرا دینا ایک غیر شاعرانہ بات بھی ہو گی۔ رہ گیا رضوان ساجد تو مجھے اس کی زندگی بھی کوئی خطرہ نہیں ہے۔ آج دن میں فرخ کے معاملے کو بخیر و خوبی انجام تک پہنچانے کے بعد میں رات کو ذرا سی دیر کے لئے رضوان ساجد سے ملوں گا۔ میں اس سے چند ایسی چیزیں حاصل کرنا چاہتا ہوں جن کے سہارے سے وہ میرے بعض دوستوں کو بلیک میل کر رہا ہے۔ میں اس سے معلوم کروں گا کہ اس نے وہ چیزیں کہاں چھپائی ہیں۔ وہ چیزیں حاصل کرنے کے بعد میں اسے اور تمہیں، دونوں کو چھوڑ دوں گا۔" اس نے خاموش ہو کر میز پر رکھی ہوئی گھنٹی پر ہاتھ مارا۔ فوراً ہی میں نے اپنے عقب میں دروازہ کھلنے کی آواز سنی اور وہ پھر بولا۔ "میری روانگی کا بندوبست کرو۔"

"بہت بہتر جناب والا!" اندر آنے والوں میں سے ایک نے کہا اور پھر اس کے ریوالور کی نال میرے پہلو سے آ لگی۔ وہ تحکمانہ انداز میں بولا۔ "چلو!"

میں ان دونوں کے ساتھ اس کمرے سے نکل آئی۔ وہ میرے دائیں بائیں تھے۔

"یہ تو کچھ بھی نہیں ہوا۔" میں بڑے مایوسانہ انداز میں بولی۔

"کیا مطلب؟"

"میں سمجھی تھی تم لوگوں نے میرے ساتھ کچھ اچھا وقت گزارنے کا اہتمام کیا ہو گا۔ ایک رات بھی بے رنگ و بو ہو جائے تو مجھے زندگی سے وحشت ہونے لگتی ہے۔ میرا ساتھی رضوان ساجد تو ان معاملات میں بالکل خشک اور کورا ہے۔"

میری یہ باتیں ایک دلچسپ قسم کا اشارہ تھیں۔ ان دونوں معنی خیز نظروں سے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔ پھر ان میں سے بولا۔ "تو تم ہمارے ساتھ کچھ اچھا وقت گزارنا چاہتی ہو؟"

"میں رات سے بھوکی ہوں۔ ایسی منحوس راتیں میری زندگی میں بہت کم آئی ہیں۔" میرا انداز بالکل فاحشاؤں کا سا تھا۔ "لگ رہا ہے جیسے میرے وجود میں کوئی گیلی لکڑی سلگ رہی ہے۔"

"اگر ایسا ہے تو تم ہمارا انتظار کرنا۔ ہم کچھ دیر بعد تمہیں لیے گے۔"

"یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟" دوسرا آدمی بڑی تیزی سے بولا۔ "جانو کو پتہ چل گیا تو وہ ہمیں کچا چبا جائے گا۔"

"استاد جانو تو کچھ دیر میں جانے ہی والا ہے۔ پھر یہ؟"

"کے علاوہ ہو گا ہی کون۔" یہ کہتے ہوئے یوں معلوم ہو رہا تھا اس کی رال ٹپکی جا رہی ہو۔ وہ بڑی بھوکی نظروں سے میرے جائزے لے رہا تھا۔

"لیکن —"

"چھوڑو بھی یار! تم خواہ مخواہ ہڈی بنے جا رہے ہو۔ کو پتہ کیسے چلے گا؟ یہ تو بتانے سے رہیں۔"

"میں کسی کو کیوں بتانے لگی۔ میں تو بھوکی ہوں مجھے۔"

"وہ غذا تمہیں ضرور ملے گی۔" اس نے بڑے چبھتے ہنستے ہوئے کہا۔

وہ دونوں مجھے اسی کمرے میں واپس پہنچا کر باہر بند کر گئے۔ رضوان ساجد بڑی بیتابی سے میری طرف آیا سراپا کا جائزہ لینے لگا۔

"میں بالکل ٹھیک ہوں۔" میں نے ہنستے ہو خیال غلط ثابت ہو چکا ہے۔"

"تو... تو... پھر؟"

"کیپٹن افتاں مجھے دیکھنا چاہتا تھا۔"

"اوہ! وہ بھی ہے اس مکان میں؟" رضوا چونک کر کہا۔

"ہاں ابھی تو ہے لیکن دو چار منٹ میں چلا جا

"کیا باتیں ہوئیں اس سے؟"

اس سوال کے جواب میں مجھے سب کچھ دہرانا "سور کا بچہ صرف تمہیں دیکھنے آیا تھا!" رضو غراہٹ تھی۔

"اچھا ہی ہوا کہ وہ دیکھنے آ گیا اور مجھے اس کمر کرنے تک جانا پڑا۔"

"اس میں اچھائی کا کیا پہلو ہے؟"

"اس طرح مجھے ایک پالنہ پھینکنے کا موقع مل گیا۔ اب دیکھنا یہ وہ پالنہ کس کروٹ گرتا ہے۔"

رضوان نے میرے فقروں کی تشریح کر دانا چاہی لیکن میں ٹال دیا۔ جو کچھ میرے ذہن میں تھا، اس کی عمل پذیری یقینی نہیں تھی۔ میں بڑی بے چینی سے ان دونوں آدمیوں کا انتظار کرتی رہی۔ میں نے انہیں اپنے جسم کی دعوت دی تھی اور ان لوگوں میں سے ایک کی رال کو بڑی شدت سے بہتا ہوا محسوس کیا تھا۔ امکان تو یہی تھا کہ وہ میرے دام میں آ جاتے لیکن مستقبل کے بارے میں قطعی طور پر کچھ کہنا مشکل ہی تھا۔

میں لمحہ بہ لمحہ فرخ کے لئے پریشان ہوتی جا رہی تھی۔ ہر گزرتے ہوئے لمحے کی تباہی کو اسکے قریب لیجا رہا تھا۔ میں ان سفاک لمحات سے پہلے ہی فرخ تک پہنچ کر اسے اپنے بازوؤں میں امان میں لے چکی تھی۔ اندازہ یہ کیا جا سکتا تھا کہ فرخ کو اس وقت اغوا کیا گیا ہو گا جب وہ اسکول کے لئے گھر سے روانہ ہو گی۔ ابھی اس وقت کافی گھنٹے باقی تھے اس لئے میں چاہتی تھی کہ یہ وقت گزرتے گزرتے یہاں سے چھٹکارہ مل جائے اور اس کی صورت یہی تھی کہ "پالنہ" خواہش کے عین مطابق گرے۔

گھنٹہ گزر گیا لیکن وہ دونوں منحوس نہیں آئے۔

ڈیڑھ گھنٹہ اور گزرا لیکن دروازے پر آہٹ نہیں ہوئی۔ میرے اضطراب کا عالم دیدنی تھا۔ رضوان نے حیرت سے دیکھا اور بولا۔ "ایسا معلوم ہو رہا ہے جیسے تمہیں کسی کا انتظار ہے۔ بار بار دروازے کی طرف اٹھ رہی ہیں۔"

"اسے کوئی جواب نہیں دیا۔ بس خالی خالی نظروں سے دیکھ کر رہ گئی۔ رضوان میرے اس گم صم انداز سے کچھ پریشان ہو گیا تھا۔

دو گھنٹے اور گزر گیا۔ اب میرے ضبط و صبر کی حد ہو چکی تھی۔ میں چیخ چیخ کر ان دونوں آدمیوں کو گالیاں دینا شروع کرتی کہ اچانک ہی دروازے پر آہٹ ہوئی۔ میرا دوران خون یکلخت تیز ہو گیا۔ کا بڑا عجیب سا ردعمل ہوا تھا۔ دروازہ کھلا تو توقع کے ان دونوں کی شکلیں نظر آئیں۔ حسب سابق ان میں سے ریوالور بھی تھا۔

"کیا ہے؟" میں نے بڑی بیتابی سے پوچھا۔

"کیا ہے!" وہ بولا جس کے ہاتھ میں ریوالور نہیں تھا اور اسی ہنس رہی تھی۔

"جناب!" رضوان کچھ بوکھلا گیا تھا۔ "کہاں جا رہی ہو؟"

"ایک گھنٹے میں آ جاؤں گی۔" میں نے بڑی لاپرواہی سے

باہر دروازے کی طرف بڑھی۔

"لیکن... وہ... سنو..." اس نے اس انداز میں ہاتھ اٹھایا جیسے مجھے روکنا چاہتا ہو لیکن میرے رویے کی سرد مہری کو دیکھ کر وہ اپنا فقرہ مکمل نہ کر سکا۔ اس کا ہاتھ ڈھیلا ہو کر گر پڑا۔

ان دونوں نے مجھے باہر نکلنے کے لئے راستہ دیدیا تھا۔ میرے پیچھے وہ بھی باہر آئے اور دروازہ بند کر دیا۔ ریوالور والا بہت چوکنا تھا۔ غالباً اس کو لہو و لعب سے کچھ زیادہ دلچسپی نہیں تھی اور وہ محض اپنے ساتھی کی وجہ سے مجبور ہو گیا تھا۔

"کیا اب وہ مکان میں نہیں ہے؟" میں نے پوچھا۔ "وہ... میرا مطلب ہے... شاید تم نے استاد جانو کا نام لیا تھا!"

"ہاں اب اس مکان پر صرف ہماری حکمرانی ہے جانِ جگر!" میرا عاشق بڑے خوشگوار موڈ میں بولا۔

"سنو رفن خاں!" ریوالور والے نے اس سے کہا۔ "بہتر ہو گا کہ تم اپنے اس پروگرام کو ملتوی کر دو۔"

"یار اب رنگ میں بھنگ نہ کرو!" رفن خاں نے برا سا منہ بنا کر کہا۔

ریوالور والے نے ایک ٹھنڈی سانس لیکر سختی سے ہونٹ بھینچ لئے، جیسے اب کچھ نہ بولنے کی قسم کھا لی ہو۔

وہ دونوں مجھے ایک ایسے کمرے میں لے گئے جہاں ایک بستر، ایک معمولی سی الماری اور چند کرسیوں کے سوا کوئی سامان نہیں تھا۔ میز پر شراب کی بوتل اور گلاس رکھے ہوئے تھے۔ گویا میرے عاشق رفن خاں نے تمام تیاریاں مکمل کر لی تھیں

"میرا جسم ٹوٹ رہا ہے۔" میں نے کہتے ہوئے اپنے ہاتھ اوپر اٹھائے اور ایک تو بشکن انگڑائی لی۔ ایسی انگڑائی کہ میرے شباب کی سرکشی دوچند ہو گئی۔ رفن خاں ان رعنائیوں میں کھو گیا۔

"کیا دیکھنے لگے؟" میں نے ہنس کر ہاتھ نیچے گرا دیئے۔

"بلندیوں میں کھو گیا تھا۔"

"پستی میں ڈوب کر سب کچھ بھول جاؤ گے۔" میں نے معنی خیز لہجے میں کہا۔

رفن خاں نے ایک بے ہنگم سا قہقہہ لگایا اور میز کی طرف بڑھا۔ بوتل کھولتے ہوئے اس نے مڑ کر میری طرف دیکھا اور بولا۔ "تم بھی پیو گی نا؟"

"ہاں ہاں، کیوں نہیں۔"

رفن خاں جب میرے گلاس میں بھی انڈیلنے لگا تو ریوالور والا بول پڑا۔ "میں نہیں پیوں گا۔"

"کیوں!... ایک آدھ پیگ میں کیا حرج ہے یار!"

"تم بھول رہے ہو کہ ہمیں اس عورت کی طرف سے پوری

طرح ہوشیار رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔"

"ارے تو کیا تم ایک ہی پیگ میں بہک جاؤ گے؟"

"ان کی صورت سے تو یہی معلوم ہوتا ہے۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"میں ایسے بھبڑوں میں نہیں آتا ہوں زہر کی پڑیا!" ریوالور والے نے مجھے گھورتے ہوئے کہا۔

میں باطنی طور پر کھسیا کر رہ گیا۔ یہ حقیقت ہے کہ وہ فقرہ میں نے اسے جوش دلانے ہی کے لیے کہا تھا۔ عورتوں کے ایسے فقروں سے مرد عموماً بے وقوف بن جاتا ہے لیکن ریوالور والا کچھ زیادہ ہی ستر تھا۔ اس کے اس طرح کٹ کر نکل جانے سے میں کچھ پریشان ہو گیا۔ ضروری تھا کہ تھوڑا بہت نشہ اسے بھی ہو جاتا۔ میری کامیابی کے لیے ایسا ہونا سو فیصد ناگزیر تو نہیں تھا، تاہم اس سے میرے کام میں قدرے آسانی ضرور ہو جاتی۔ میں ان دونوں کو حسن و شراب سے اس طرح بدمست کرنا چاہتا تھا کہ پھر جب میرے ہاتھ چلیں تو وہ کوئی روک نہ کر سکیں۔

رفن خاں نے دو گلاسوں میں شراب بنا کر ایک مجھے دیا اور دوسرا اپنے ہونٹوں سے لگا لیا۔ میں بڑے اطمینان سے چلتی ہوئی بستر پر جا بیٹھی۔ ایک گھونٹ میں نے بھی لے لیا تھا۔ جب میں نے مڑ کر دیکھا تو رفن خاں کا گلاس آدھا خالی ہو چکا تھا۔ باقی آدھا بھی بہت جلد خالی ہو گیا اور وہ اپنے لیے دوسرا پیگ بنانے لگا۔ میں بہت دھیرے دھیرے پی رہی تھی۔ جتنی دیر میں میرا ایک پیگ ختم ہوا اتنی دیر میں رفن خاں اپنے لیے چوتھا گلاس بنا رہا تھا۔ میں اپنا خالی گلاس لیے ہوئے اس کے قریب گئی۔

"میرے لیے بھی بناؤ!"

"ہاں ہاں . . . جان من . . . کیوں نہیں؟"

اس سے ایک پیگ بنوا کر میں پھر بستر پر جا بیٹھی۔ اس دوران میں گفتگو کا سلسلہ بھی جاری رہا تھا لیکن وہ سب تھرڈ ڈیگری قسم کی باتیں تھیں۔ رفن خاں نہایت مخنث قسم کے فقرے اڑا رہا تھا اور میں بھی اسی قسم کی باتیں کر کے اس کے موڈ کو خوشگوار تر بناتی چلی جا رہی تھی۔ ریوالور والا مطمئن بنائے کچھ دور کھڑا ہوا تھا اور یہی صورتِ حال میرے خلاف جا رہی تھی۔ یہ فاصلہ مجھے اس کے ریوالور کی ہلاکت آفرینی کے قریب کیے ہوئے تھا۔ اگر وہ میرے قریب ہوتا تو میں کسی وقت بھی موقع دیکھ کر اس کے ریوالور پر ہاتھ ڈال سکتی تھی۔ اب اسے قریب لانے کا صرف یہی ایک ذریعہ تھا کہ میں اسے اپنے بدن کے خال و خد سے روشناس کراؤں۔ پھر تو شاید وہ بیتاب ہو کر قریب آ ہی جاتا۔

رفن خاں نے چوتھا پیگ ختم کر کے جھومتے ہوئے کہا، "اتنی دور کیوں بیٹھی ہو جانم! . . . اب یہ فاصلے ختم ہو جانے چاہئیں۔"

میں مسکراتی ہوئی اٹھی اور اس کے قریب پہنچ گئی۔ میں اس کے قریب کی کرسی پر بیٹھنا چاہتی تھی لیکن اس نے میرا ہاتھ پکڑ کر ایک جھٹکے سے مجھے اپنی گود میں بٹھا لیا۔

"یہاں بیٹھو شہزادی!"

میں دھیرے سے ہنس پڑی۔ اب رفن خاں کا دایاں آوارہ ہو چکا تھا۔ اس کے ہونٹ میرے ہونٹوں کی طرف بڑھ چلے آ رہے تھے۔ اس کے منہ سے نکلتی ہوئی بو سے مجھے اپنا پھٹتا ہوا محسوس ہوا۔ وہ بو صرف شراب کی نہیں تھی۔ ایک اور بو تھی جو مجھے انتہائی ناگوار گزر رہی تھی لیکن اس وقت مجھے اسے گوارہ کرنا ہی تھا۔ رفن خاں کے ہونٹ میرے ہونٹوں پر جم گئے۔ دیر تک مجھے رہے اور مجھے دیر تک اپنی سانس روکنی پڑی، جو سے نجات کا واحد راستہ یہی تھا۔

"قیامت ہو، قیامت۔" رفن خاں بڑبڑایا۔

"رفن خاں!" میں گنگناتی ہوئی سی آواز میں بولی۔

"ہاں جانی!"

"اگر اس وقت تمہاری آغوش میں میری بجائے ہوتی تو؟"

"وہ تو اب کسی اور ہی کی آغوش کو سجائے گی۔" اس نے ہنس کر کہا۔ "اب تک اسے اغوا کیا جا چکا ہو گا۔ اس وہ اسٹیشن پر ہو گی۔"

"اسٹیشن پر کیوں؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"بذریعہ ریل لاہور اور پھر . . ." وہ ایکدم خاموش اور پھر جھنجھلائے ہوئے انداز میں میں بولا۔ "یہ تم نے کیا چھیڑ دیں!"

میں نے ہنس کر اپنے ہونٹ اس کے مکروہ گالوں پر دبا دیے تاکہ اس کا ذہن کسی خاص لائن پر نہ سوچنا شروع کر دے۔ اس بات نے میرے جسم میں سنسنی پھیلا دی تھی کہ فرخ کو اغوا ہو گا اور وہ لوگ اسے کسی وجہ سے پہلے لاہور لے جائیں گے۔

اس کے بعد کچھ لمحے ایسے گزرے جب مجھے اپنے سے کام لینا پڑا۔ رفن خاں کے ہاتھ کی گستاخیاں بڑھ گئی تھیں۔ وہ مجھے دیکھ تو رہا تھا لیکن اس طرح دیکھنا چاہتا تھا جیسے بے نقاب ہو جائے، جیسے دیکھتے ہوئے چاند پر پڑ جائیں، جیسے آئینے کی گرد صاف ہو جائے۔

میں صبر و ضبط کے ساتھ بے نقاب ہوتی چلی گئی۔ کچھ میری فطرت سے تضاد رکھتا تھا لیکن میں مجبور تھی۔ اسے قریب لانے کا راستہ ہی یہ تھا۔ میں کنکھیوں سے ریوالور والے کو بھی دیکھتی جا رہی تھی۔ میں نے اس کے چہرے کی رنگت بدلتی دیکھی۔ اسے بتایا نہ ایک قدم آگے بڑھتے ہوئے بھی وہ رک گیا۔ میں اتنی آسانی سے شکست ماننے کے لیے تیار نہیں تھی۔

اب میں نے رفن خاں کی آغوش میں تڑپنا اور بل کھانا شروع کر دیا۔ میں اپنے خال و خد کو بڑے طوفانی انداز میں محسوس کرانا چاہتی تھی اور ادھر رفن خاں میری ان حرکات و سکنات سے پاگل ہوا جا رہا تھا۔ اس کے بدبودار ہونٹ میرے ایک ایک ردیں سے آشنا ہو چلے تھے۔ اب وہ آخری سفر بھی طے کر لینا چاہتا تھا لیکن میں اس کے لیے تیار نہیں تھی۔

ریوالور والا چند قدم اور آگے بڑھ آیا۔ اس کا چہرہ سرخ تھا۔ یقیناً اب اسے اپنے اوپر قابو رکھنے میں دشواری پیش آ رہی ہو گی۔

"بس دو قدم اور آگے بڑھ آؤ سور کے بچے!" میں نے دل میں اسے پکارا۔

اب میں ایسی حرکتیں کر رہی تھی جیسے بالکل مدہوش ہو چکی ہوں۔ میں آنکھیں بند کر لی تھیں مگر پلکوں کے درمیان اتنی ہلکی سی درز رکھ لی تھی کہ سب کچھ دیکھ سکوں۔

"چلو . . . ادھر . . . چلیں . . ." رفن نے لکنت آمیز لہجے میں کہتے ہوئے گوشۂ استراحت کی طرف اشارہ کیا۔

"چلو!" میں نے جھومتے ہوئے کہا۔

رفن خاں کھڑا ہوا تو میں اس کی گردن میں جھول گئی۔ میں یوں کر رہی تھی جیسے مجھے سہارے کی ضرورت ہو۔ رفن خاں کا نشہ ہرن ہو چکا تھا۔ اس نے صرف شراب ہی نہیں پی تھی بلکہ گولیوں کے جرعے بھی پیے تھے۔ اس نے مجھے سہارا دینے کی کوشش کی اور میں نے اسے سنبھالا۔ ہم دونوں کے قدم بری طرح لڑکھڑا رہے تھے۔ رفن خاں تو واقعی نشے میں تھا لیکن میری ڈگمگاہٹ کی وجہ میں اس آڑ میں اس فاصلے کو ختم کر دینا چاہتی تھی جو میرے اور ریوالور والے کے درمیان تھا۔

ریوالور والے کے تنفس کی رفتار بہت تیز ہو چکی تھی۔ آخر وہ انسان تھا۔ کہاں تک ضبط کرتا؟ اس کی بھوکی نظریں میرے حسن پر کسی لحد لحد کے پے ڈال رہی تھیں۔ میں دیکھ رہی تھی کہ اب اس کی گرفت بھی مضبوط نہیں تھی۔ نال کا رخ بھی اس طرف نہیں تھا۔ وہ قدرے جھک گئی تھی۔

ایک بار میں اس طرح ڈگمگائی جیسے گر ہی پڑوں گی۔ جان بوجھ کر ایسا کیا تھا کہ رفن خاں مجھے نہیں سنبھال سکے گا۔ ریوالور والا اختیار آگے جھک آیا۔ وہ مجھے سنبھالنا چاہتا تھا اور اس بہانے مجھ پر قابو پا لینا چاہتا تھا جن کو صرف دیکھ کر ہی اس کی خیر ہو چکی تھی۔

مجھے تو جیسے صدیوں کے بعد وہ سنہری موقع ہاتھ آیا تھا۔ طرح چیل، گوشت کے لوتھڑے پر جھپٹتی ہے، اسی طرح میں نے اس کے ریوالور پر جھپٹا مارا۔ وہ سمجھ چونک پڑا۔ چونک کر اس نے سنبھلنے کی کوشش بھی کی، اپنا ہاتھ تیزی سے پیچھے کرنا چاہا لیکن نہ تو وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوا نہ میں ہوئی۔ وہ ریوالور بچا نہیں سکا اور میں ریوالور بچھن نہیں سکی۔ ہاں یہ ضرور ہوا کہ ریوالور اس کے ہاتھ سے نکل کر دیوار سے جا ٹکرایا اور پھر کھٹ سے فرش پر گر پڑا۔

اب وہ غیر مسلح تھا لہٰذا میرا کلیجہ گز بھر کا ہو گیا۔ اگر درمیان میں آتشیں ہتھیار کا معاملہ نہ ہو تو میں دشمن کی تعداد سے کبھی مرعوب نہیں ہوتی۔ وہاں تو بے چارہ وہ تھا ہی ایک! . . . رفن خاں کی حالت ایسی نہیں تھی کہ وہ اپنے ساتھی کی مدد کر سکتا۔

وہ مجھے ایک گندی سی گالی دے کر ریوالور کی طرف جھپٹا لیکن میں نے اس کی ٹانگ پکڑ لی۔ وہ ایک جھٹکے سے گرا اور اگر انسانی جبلت نے اسے اس کی کہنیوں کا سہارا نہ دلوایا ہوتا تو یقیناً اس کا منہ ٹوٹ جاتا۔

"ہائیں ہائیں، یہ کیا شروع کر دیا . . . تم لوگوں نے؟" رفن خاں آنکھیں پھاڑتا ہوا چیخا۔

میں اچھل کر ریوالور والے کے اوپر جا گری۔ وہ اٹھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ایک کراہ کے ساتھ وہ پھر فرش چاٹنے لگا۔ بلا تاخیر میں نے ایک ٹھوکر اس کی کھوپڑی پر جڑ دی۔ کپڑے کے کسی بھی ماہر کی یہ ضرب، آہنی ہتھوڑے سے کم نہیں ہوتی۔ یہ ضرب کھا کر وہ ذبح ہوتے ہوئے بیل کی طرح ڈکرایا اور غالباً وہ اس کی زندگی کی آخری چیخ تھی۔

رفن خاں آگے پیچھے جھومتا ہوا، آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر یہ سب کچھ دیکھتا رہا۔ صرف چار پیگ اسے اس کی کھوپڑی سے باہر نکال لائے تھے۔ غالباً اسے زیادہ پینے کی عادت نہیں تھی۔ اب ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے اسے کچھ دکھائی نہ دے رہا ہو لیکن اگر اسے سب کچھ دکھائی دے جاتا تو بھی اس کی حالت ایسی نہیں تھی کہ وہ اپنے ساتھی کا نگہبان بن سکتا۔

"یہ تم . . . کیا کر رہی ہو . . . جان جاناں!" رفن خاں ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے میری طرف بڑھا۔

"میں تمہارے ساتھی کی خاطر مدارات کر رہی تھی۔ آؤ اب تمہاری میزبانی کا شکریہ بھی ادا کر دوں۔"

"اس میں . . . شکریے کی . . . کیا بات ہے جانی! . . . غیروں کی سی باتیں . . . نہ کرو . . . ارے . . . ارے . . . ہائیں . . ."

منہ پر گھونسہ پڑتے ہی وہ بوکھلا گیا تھا۔ پھر جب میں نے اس کے جبڑے پر دوسرا شکریہ بھی ادا کر دیا تو وہ ندامت سے فرش پر

ڈھیر ہوگیا۔

"اے اے اے۔۔۔ جانی!۔۔۔ جانی!" وہ چیخا۔

"نیرا ستیاناس!" میں نے دانت پیستے ہوئے اسکی کھوپڑی پر ٹھوکر رسید کی۔ یہ گویا ابتدائے عشق تھی۔ پھر حق تو یہ ہے کہ میں نے میزبان شناسی کا حق ادا کردیا۔ انتہائے عشق تک پہنچتے پہنچتے نہ تو مجھے ٹھوکروں کی تعداد یاد رہی اور نہ رونق خاں صحیح معنوں میں اختر شماری کرسکا۔

جب وہ بے ہوش ہوگیا تو میں ایک کرسی پر بیٹھ کر اپنی پھولی ہوئی سانسوں پر قابو پانے کی کوشش کرنے لگی۔ اس چکر میں خاصا وقت ضائع ہوچکا تھا اور اب مجھے امید نہیں تھی کہ فرخ کو بچا سکوں گی۔ ممکن ہے وہ اب تک ان کمبختوں کے ہتھے چڑھ بھی چکی ہو۔

میں نے اپنی بے نقابی کو پھر نقاب آشنا کیا اور وہاں سے نکل کر تیزی سے اس کمرے کی طرف بڑھی جہاں رضوان، انتہائے تفکر میں، ایک ایک پل کو ایک ایک صدی پر محیط پا رہا تھا۔ مجھے تنہا دیکھ کر اس کے مُنہ سے بیساختہ نکلا۔

"کیا مطلب ہے؟"

"بس اب نکل چلو یہاں سے۔ مطلب بتانے کا وقت نہیں ہے۔"

اچانک رضوان ساجد کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔ شاید میرے بکھرے ہوئے بالوں اور ہونٹوں پر پھیلی ہوئی لپ اسٹک نے اسے وہ کہانی سنادی تھی جو انجام تک نہیں پہنچی تھی لیکن وہ اس غلط فہمی کا شکار ہوگیا کہ کہانی اپنے کلائمکس سے ہمکنار ہوئی تھی۔

"تو ہم اس رشوت کے بدلے چھوٹ رہے ہیں؟" وہ بڑے تلخ لہجے میں بولا۔

اس کا یہ انداز دیکھ کر مجھے غصہ آگیا۔

"آخر تم مجھے اپنی بیوی کیوں سمجھ رہے ہو!" میں نے مشتعل لہجے میں کہا اور جھنجلائے ہوئے انداز میں مُڑ کر تیزی سے باہر نکل گئی۔ چند ہی قدم چل کر مجھے اپنے عقب میں رضوان ساجد کے قدموں کی آہٹ بھی سُنائی دینے لگی۔

وہ مکان بہت پُرانا بنا ہوا تھا لیکن تھا خاصا بڑا۔ اس کا بیرونی دروازہ تلاش کرنے میں تین چار منٹ لگ گئے۔ جب ہم باہر نکلے تو فوری طور پر اندازہ نہیں ہوسکا کہ یہ کون سا علاقہ تھا۔

ہاں جب ایک کشادہ سڑک پر پہنچے تو پتہ چلا کہ یہ پی۔ آئی۔ بی کالونی تھی۔

ہر انسان رات بھر اپنے گھر میں رہنے کے بعد دوسرے روز گھر سے باہر نکلتا ہے تو اسے کوئی خاص احساس نہیں ہوتا لیکن مجھے رات بھر کی قید کے بعد خود کو نکھری ہوئی دھوپ میں پا کر کچھ عجیب سا محسوس ہوا۔ میں اپنی اس کیفیت کو بیان نہیں کرسکتی۔

اسے صرف وہی لوگ محسوس کرسکتے ہیں جن کو قید کے بعد رہائی ہو۔

سڑک پر پہنچتے ہی ایک ٹیکسی نظر آگئی اور میں نے اس کے اشارے سے روک لیا۔ رضوان بدستور میرے ساتھ تھا اس کے چہرے پر گمبھیرتا چھائی ہوئی تھی۔ مجھے اس کے اس رویہ سے غصہ آرہا تھا۔

ٹیکسی میں بیٹھنے کے بعد میں نے ڈرائیور سے کہا۔

"ہیڈ کوارٹر۔"

"کیا مطلب!" رضوان چونک پڑا۔

"پولیس میری تلاش میں ہوگی۔" میں نے انگریزی میں کہا۔ "میں اس معاملے کو نپٹانے سے پہلے آزادانہ نقل و حرکت کرسکتی ہوں اس لیے پہلے اسی سے نپٹنا چاہتی ہوں۔"

"کیا فرخ کی خبر نہیں لوگی؟"

"اس کے اسکول کا وقت ہوچکا ہے۔ اگر اسے اغوا کیا جاسکا ہوگا تو وہ اب تک اسکول پہنچ چکی ہوگی اور اسے اس کی عمارت سے اغوا نہیں کیا جاسکتا۔"

"اور اگر اسے اغوا کیا جاچکا ہو تو؟"

"تو میں فی الحال اس سلسلے میں کچھ نہیں کرسکوں گی۔ میں کہہ چکی کہ آزادانہ نقل و حرکت سے پہلے مجھے پولیس سے نپٹنا ہو۔"

"مگر کیسے؟"

"تم اس فکر میں مت پڑو۔ بہتر ہوگا کہ فرخ کے سلسلے کچھ کرو۔ سب سے پہلے یہ معلوم کرنا کہ اسے اغوا کیا جاچکا ہے یا نہیں۔ اگر وہ اغوا ہوچکی ہو تو پھر اسٹیشن کا رُخ کرنا۔ غالباً لوگ اسے لاہور لے جانے کے لیے کسی میل ٹرین کا انتخاب کریں۔"

"لاہور!" رضوان کے لہجے میں استعجاب لہرایا۔

"ہاں، وہ لوگ اسے لاہور لے جائیں گے۔"

"تمہیں کیسے معلوم ہے؟"

"انہی دو لوگوں میں سے ایک نے بتایا تھا۔" میں نے دہرایا اور پھر کہا۔ "فرخ کے اغوا کا صحیح وقت معلوم کرنے کے بعد اس کا پتہ چلانا کہ اس وقت سے اب تک کے وقفے میں کوئی میل ٹرین کینٹ یا سٹی اسٹیشن سے روانہ ہوئی ہے یا نہیں۔ اگر کوئی میل روانہ ہوچکی ہے اور فرخ کو اغوا بھی کیا جاچکا تو پھر اب فرخ اسی میل میں سفر کررہی ہوگی۔"

رضوان کچھ نہیں بولا۔ اس کے چہرے پر تفکر کی دھول رہی تھی اور آنکھوں میں پریشانی کی دھندلاہٹ چھائی ہوئی وہ قدرے وقفے سے بولا۔ "تو پھر مجھے فرخ کے اسکول ہی اُتار دو۔"

"تمہیں جو کچھ بھی معلوم ہو، مجھے اس سے آگاہ کرتے رہنا۔"

"پولیس ہیڈ کوارٹر کا کیا کرو گی؟"

"کچھ نہیں، میرے گھر فون کردینا۔ جو بھی ٹیلیفون اٹھائے، اسے دینا۔" میں نے کہا اور پھر ایکدم بولی۔ "ہاں ایک کام اور میری ذاتی طور پر تمہاری شکر گزار ہوں گی اگر تم میرا یہ کام کردو۔ گھر فون کرکے ملازمہ کو یہ پیغام دے دینا کہ میں اس وقت ہیڈ کوارٹر میں ہوں۔ یہ کام تم کو پہلی فرصت میں کرنا ہوگا۔"

"ہوجائے گا۔ اور کچھ؟"

"بس۔" میں اپنے ہونٹوں کی پھیلی ہوئی لپ اسٹک کو صاف کرنے لگی۔

کچھ دیر بعد میری ٹیکسی، رضوان کو فرخ کے اسکول کے سامنے چھوڑ کر بڑھ گئی۔ میرا ذہن بہت شدید طور پر فرخ میں اُلجھا ہوا تھا اس کے حالات سے آگاہی چاہتا تھا لیکن میرے حالات یہ نہیں کہ میں اس کا سوچ سکتا تھا۔ مجھے سب سے پہلے اپنی فکر کرنا پڑ رہی تھی۔ مجھے اپنی جاری کا شدید خطرہ تھا اور اسی لیے میں سب سے پہلے اسی سے نپٹنا چاہتی تھی۔ اس کے بعد میں فرخ کے لیے آزادانہ اقدامات کرسکتی تھی۔ میں نے قسم کھائی تھی کہ اگر فرخ کی زندگی برباد ہوگئی تو اس کے اغوا کی زندگی کو بھی جہنم بنا دوں گی۔ بیشک وہ بڑے رسوخ کا مالک تھا اور اقتدارِ اعلیٰ سے اس کو خاص قربت تھی لیکن۔۔۔ صبیحہ بانو سے ٹکرانا بھی کوئی ہنسی کھیل نہیں تھا۔

جب ٹیکسی صدر پہنچی تو میں نے اسے ایک نیوز ایجنٹ اسٹال پر رکوایا اور ڈرائیور کو پانچ کا ایک نوٹ دے کر کہا کہ وہ اخبار خرید لائے۔

یہ واضح کردوں کہ میرا پرس کل رات سے اب تک میرے پاس رہا تھا۔ ان لوگوں نے صرف اتنی زحمت کی تھی کہ پرس سے پستول نکال لیا تھا۔

ڈرائیور نے اخبار لاکر دیا اور ٹیکسی پھر چل پڑی۔

میں اخبار کو اُلٹ پلٹ کر دیکھنے لگی۔ میں سرخیوں پر نظر ڈال رہی تھی۔ آخری صفحے پر مجھے کلفٹن پر ہونے والے قتل کی خبر مل گئی اور اس خبر کو پڑھ کر میں نے بے اختیار ایک آہ ماری لی۔ اب مجھے پتہ چلا تھا کہ اسی قتل کے الزام میں میرا نام لیا گیا تھا۔ میرے فرار کی خبر بھی موجود تھی لیکن میرا نام لینے کا مقصد یہ اشارہ تھا کہ امپورٹ ایکسپورٹ کرنیوالی ایک بڑی فرم کو پولیس بڑی سرگرمی سے تلاش کررہی ہے

میں اپنے گرد بچھے ہوئے اس جال کے تانے بانے سے ابھی واقف نہیں ہوئی تھی جب ٹیکسی پولیس ہیڈ کوارٹر کے احاطے میں داخل ہوئی میں نے کرایہ ادا کرکے ٹیکسی کو رخصت کردیا۔ اِدھر اُدھر نظر دوڑانے والے پولیس والوں نے مجھے دیکھا لیکن کوئی خاص توجہ نہیں دی۔ ان کے خواب و خیال میں نہیں آسکتا تھا کہ یہی صبیحہ بانو ہوں جسے آج پولیس بڑی سرگرمی سے تلاش کررہی ہے۔ اس معاملے کا علم تو انھیں ضرور ہوگا لیکن اس بات کا شاید وہ تصور بھی نہیں کرسکتے تھے کہ صبیحہ بانو خود ہی پولیس ہیڈ کوارٹر پہنچ جائے گی۔

جب میں نے مرکزی دفتر میں پہنچ کر اپنے نام کا اعلان کیا تو وہاں پر موجود سب کے سب پولیس والے ایک دم کھڑے ہوگئے اور مجھے اس طرح گھورنے لگے جیسے میرے سر پر فاختہ بیٹھی ہوئی ہو۔

"میں متعلقہ آفیسر سے ملنا چاہتی ہوں۔" میں نے بڑے دبدبے سے کہا۔

ماحول میں سنسنی سی پھیل گئی تھی۔ کوئی اِدھر بھاگا، کوئی اُدھر بھاگا اور ذرا ہی دیر بعد میں ایک ڈی، ایس، پی کے سامنے بیٹھی ہوئی اس کے سوالوں کا نشانہ بن رہی تھی۔

"آپ ہی صبیحہ بانو ہیں؟"

"جی ہاں۔"

"وہی صبیحہ بانو جس کی ہمیں تلاش ہے؟"

"اب یہ تو آپ ہی بتا سکیں گے کہ آپ کو میری تلاش ہے یا نہیں؟"

میرے جواب کا یہ انداز دیکھ کر ڈی، ایس، پی کی پیشانی پر بل پڑ گئے اور پھر وہ بڑے کرخت لہجے میں بولا۔ "آپ ڈیفنس میں رہتی ہیں؟"

"جی ہاں۔"

"کل پولیس آپ کو گرفتار کرنے آپ کے گھر پہنچی تھی؟"

"یقیناً۔"

"اور آپ ایک کانسٹیبل کو زخمی کرکے بھاگ گئی تھیں؟"

"یہ بھی حقیقت ہے۔"

"خوب۔" ڈی، ایس، پی نے پہلو بدلا۔ "گویا اب آپ خود ہی گرفتاری کے لیے پیش ہوگئی ہیں؟"

"میں ایسی کوئی خواہش نہیں رکھتی۔"

"کلفٹن پر وہ قتل آپ ہی نے کیا ہے؟"

"مجھے اس بات سے انکار ہے۔"

ڈی، ایس، پی نے مجھے گھور کر دیکھا اور پھر میز پر رکھی ہوئی گھنٹی بجائی۔ اردلی اندر آیا۔ ڈی، ایس، پی نے اس سے کسی انسپکٹر کو بلوایا اور یہ ہدایت بھی کی کہ وہ ہتھکڑیاں لیتا آئے۔

"اگر یہ ہتھکڑیاں آپ میرے لیے منگوا رہے ہیں تو زحمت

مجھے بھیجنے کا کہا۔" میں نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔

"کیا مطلب ہے؟" ڈی، ایس، پی غرایا۔

"مطلب یہ کہ اگر مجھے قاتل ثابت نہ کیا جاسکا تو میری کلائیوں میں لگی ہوئی ہتھکڑیاں، پولیس ہیڈ کوارٹر میں زلزلے لے آئیں گی۔" یہ سب کچھ کہتے ہوئے میرے لہجے میں بلا کا اعتماد تھا۔

اعتماد کی اس شدت کو ڈی، ایس، پی نے بھی محسوس کیا اور اس کے چہرے پر اُلجھن کے تاثرات پھیل گئے۔ وہ تولنے والی نظروں سے میری طرف دیکھتا رہا۔ ادھر میں اس اُلجھن کا شکار تھی کہ رضوان ساجد نے میرے گھر فون کر دیا ہوگا یا نہیں؟ دراصل میں اس طرح کسی کو اپنی پوزیشن سے آگاہ کرنا چاہتی تھی۔ کل رات ہی میں نے ایک خاص پیغام لکھ کر اپنی ملازمہ خاص فریدہ کو دے دیا تھا اور اسے ہدایت کر دی تھی کہ اگر میرے ساتھ کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو وہ میرے لکھے ہوئے ٹیلیفون نمبر پر وہ پیغام دے دے ——— اس کے بعد ہی پولیس میرے گھر پر چڑھ آئی تھی اور مجھے وہاں سے بھاگنا پڑا تھا۔ ظاہر ہے کہ فریدہ نے صورت حال کی نزاکت محسوس کر لی ہوگی اور میرا پیغام میرے بتائے ہوئے فون نمبر پر دے دیا ہوگا۔ مجھے یقین تھا کہ وہ شخص فریدہ سے برابر رابطہ قائم کیے ہوئے ہوگا اور اب جیسے ہی اسے یہ بات معلوم ہوگی کہ میں پولیس ہیڈ کوارٹر پہنچ چکی ہوں، وہ اس صورت حال کو ملک کی ایک بہت اہم ہستی تک پہنچا دے گا۔ پھر یہ کام اس اہم ہستی کا تھا کہ وہ مجھے پولیس کے شکنجے سے کس طرح نکالتی ہے۔ بس شرط یہی تھی کہ رضوان نے تسلی نہ دی ہو۔

وزنی جوتوں کی دھمک سن کر میں نے دروازے کی طرف دیکھا۔ ایک پولیس افسر اندر داخل ہو رہا تھا اور یہ وہی تھا جو گزشتہ رات مجھے گرفتار کرنے کے لیے میرے گھر پہنچا تھا۔ اسے غالباً میرے بارے میں اطلاع مل چکی تھی اس لیے وہ مجھے وہاں دیکھ کر بالکل نہیں چونکا۔ وہ تو بڑی رعونت سے مجھے گھورتا ہوا اندر آیا تھا۔ ہتھکڑیاں اس کے ہاتھ میں جھول رہی تھیں۔

"انکم منٹ انسپکٹر حامد!" ڈی، ایس، پی نے ہاتھ اٹھا کر اسے کچھ کہنے یا کوئی قدم اٹھانے سے روکا اور پھر مجھے گھورتا ہوا بولا۔ "آپ پولیس ہیڈ کوارٹر میں زلزلہ کیسے لا سکتی ہیں؟"

"ہتھکڑیاں لگا کر دیکھ لیجیے۔" میں نے لاپروائی سے کہا۔

"بہتر ہوگا کہ آپ یہ ڈرامائی انداز اختیار کرنے کی بجائے صاف صاف گفتگو کریں۔"

"صاف صاف گفتگو یہ ہے کہ مجھے پھنسانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ میں نے کوئی قتل نہیں کیا۔"

"پھر آپ فرار کیوں ہوئی تھیں؟"

"مجھے ایک انتہائی ضروری کام تھا جو میں گرفتار ہونے کے بعد نہیں کر سکتی تھی۔"

"اس طرح آپ نے قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کی ہے!"

"میں نے صرف قانون کی زیادتی سے بچنے کی کوشش کی تھی۔"

"کیا یہ عورت؟" انسپکٹر حامد نے اپنے افسر سے پوچھا۔

"دھمکیوں پر اُتر آئی ہے۔"

"تمیز سیکھو انسپکٹر!" میں کرسی سے کھڑی ہو گئی۔ "کیا تہذیب کی تجھے نہیں معلوم؟"

اہانت کے احساس سے انسپکٹر کا چہرہ سُرخ ہو گیا، بوکھلاہٹ کی طرح پھٹ پڑا لیکن ڈی، ایس، پی نے ایک اشارے سے اسے خاموش کر دیا۔ وہ کچھ عقلمند آدمی معلوم ہوتا تھا اس لیے میرے خلاف کوئی سخت قدم اٹھانے سے پہلے میری دھمکیوں کے وزن کا اندازہ لگا لینا چاہتا تھا۔ اس نے گھونٹتے ہوئے کہا۔

"سوال یہ ہے کہ آپ کو گرفتار کیوں نہ کیا جائے؟"

"اس لیے کہ آپ کے پاس میرے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہے۔"

"دو گواہ ہیں۔"

"یہ کوئی بیّن ثبوت نہیں ہے۔ گواہ جھوٹے بھی ہو سکتے ہیں۔ اتنے کمزور کیس میں قاتل کی ضمانت بڑی آسانی سے ہو سکتی ہے اور اسی وقت اپنی ضمانت کا بندوبست کر سکتی ہوں۔ آپ کسی شریف شہری کو اتنی آسانی سے ہتھکڑیاں نہیں لگا سکتے۔"

"آپ کا ضامن . . . ؟"

"بہت سے لوگ ہو سکتے ہیں۔" میں اس کی بات کاٹ کر بولی۔ "جیسے کیسے فون کر کے یہاں بلا لوں۔ سیاستدانوں میں چند یعنی الزماں موجود ہیں۔ اگر آپ کسی منصف کو چاہیں تو جسٹس یہاں آسکتے ہیں۔ تجار میں سیٹھ احمد فاروق کا نام لے سکتی ہوں۔ ملک کے کسی بھی شعبے کی کسی مشہور شخصیت کا نام لیجیے، وہ شیخ صبیحہ بانو کی خاطر یہاں آسکتی ہے۔" میں اتنے دھڑلے دھڑلے میں بولی تھی کہ ڈی، ایس، پی کے چہرے کے عضلات ڈھیلے پڑ گئے لیکن انسپکٹر شاید خاصا خود دماغ! . . . اس نے بڑی رُکھائی سے کہا۔

"میرے پاس وارنٹ موجود ہے لہٰذا میں اپنا فرض ادا کروں گا۔"

"شوق سے ادا کرو۔ اگر تم اپنی تباہی کے ہی خواہش مند ہو تو مجھے کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔"

"شٹ اپ!" میں اس سے زیادہ زور سے چیخی۔

"شٹ اپ!" اسی وقت راہداری میں کچھ ہلچل سی ہوئی اور پھر اپنی کارروائی سے متاثر کمرے میں گھستا چلا آیا۔ اس کے انداز سے ظاہر ہو گیا تھا کہ وہ اپنے افسر کو کوئی خاص اطلاع دینا چاہتا ہے۔ قدموں کی آواز میں تیزی سے قریب آتی چلی جا رہی تھی بلند آواز میں کچھ کہہ بھی رہا تھا اور اس آواز کو سن کر اطمینان کی ایک گہری سانس لی تھی۔ ڈی، ایس، پی کے ہاتھ کھلا مگر اس کی آواز نکلنے سے پہلے ہی ایک شخص حق میں گھس آیا۔ اس پر نظر پڑتے ہی ڈی، ایس، پی اور بھی بوکھلا گئے۔ ڈی، ایس، پی اپنی کرسی سے اُٹھ گیا تھا۔ وزارت داخلہ کی اتنی اہم ہستی کو اپنے کمرے میں دیکھ کر اس کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے تھے۔ وارد کے پیچھے وزارت داخلہ کے سیکریٹری اور دو ایک اور بھی تھے۔

"ہیلو بانو!" نوارد نے میری طرف ہاتھ بڑھایا۔

"ہیلو!" میں نے مسکرا کر نوارد سے ہاتھ ملایا۔

"بیٹھ جیئے! . . . آپ لوگ کب تک کھڑے رہیں گے؟" نوارد نے ڈی، ایس، پی اور انسپکٹر حامد سے کہا۔ "میں صرف صورت حال جاننے کے لئے یہاں آیا ہوں۔ درحقیقت یہ بڑی حیرت انگیز تھی کہ آنہ صبیحہ بانو جیسی معزز ہستی اس وقت کٹہرے میں موجود ہے۔ تشریف رکھئے بانو!"

"جی نہیں۔" میں نے کہا۔

"اوہ۔" نوارد نے ایک کرسی سنبھال لی۔

"باقی لوگ بھی ایک ایک کرسی پر بیٹھ گئے۔ انسپکٹر حامد کھڑا رہا۔ اس کی ہوائیاں اُڑ رہی تھیں۔

"ہاں!" نوارد نے میری طرف دیکھا۔ "یہ کیا قصہ ہے بانو!"

"پولیس مجھے ایک قتل کے الزام میں گرفتار کرنا چاہتی ہے۔"

"بہت خوب!" نوارد نے سنجیدگی سے کہا۔ "لیکن آپ کے قاتل ہونے کا ثبوت کیا ہے ان لوگوں کے پاس؟"

"گواہ ہیں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

"گرفتاری کا وارنٹ؟"

"ان کے پاس ہے۔" میں نے انسپکٹر حامد کی طرف اشارہ کیا۔

نوارد کی نظریں انسپکٹر کی طرف اٹھیں تو وہ گڑبڑا کر اٹین شن ہو گیا۔

"وارنٹ کس مجسٹریٹ نے جاری کیا ہے؟" نوارد نے پوچھا۔

"محمد ترمذی نے۔" جواب ملا۔ آواز بڑی گھٹی ہوئی تھی۔

اب نوارد نے ڈی، ایس، پی کی طرف رُخ کیا اور پھر فون کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "یہ نورا مسٹر ترمذی کا نمبر ملائیے!"

ڈی، ایس، پی جھٹ سے ریسیور اٹھا کر نمبر ڈائل کرنے لگا۔ اس کی انگلی واضح طور پر کانپ رہی تھی۔

نوارد پھر میری طرف متوجہ ہوا۔ "مقتول کون ہے۔"

"میں نہیں جانتی۔ ابھی ان لوگوں نے مجھے کچھ نہیں بتایا۔ مجھے بس اخبارات سے اتنا پتہ چلا ہے کہ میں کلفٹن پر ہونے والے کسی قتل کے سلسلے میں پولیس کو مطلوب ہوں۔"

اتنے میں ڈی، ایس، پی ٹیلیفون پر یار محمد ترمذی سے رابطہ قائم کر چکا تھا۔ اس نے ترمذی کو بتایا کہ اس سے کون بات کرنا چاہتا ہے اور پھر اس نے ریسیور نوارد کو دے دیا۔

"مسٹر ترمذی!" نوارد نے ماؤتھ پیس میں کہا۔ "اگر دو آدمی کھڑے ہو کر کسی ثبوت کے بغیر مجھ پر کوئی سنگین الزام لگا دیں تو کیا آپ میری گرفتاری کا وارنٹ جاری کر دیں گے؟ . . . نہیں؟ . . . تو پھر آپ نے صبیحہ بانو کا وارنٹ کیسے جاری کر دیا۔ کیا یہ خاتون پولیس کی بلیک لسٹ پر ہیں؟ . . . کیا پولیس کو ماضی میں یہ شبہ رہا ہے کہ یہ خاتون جرائم پیشہ ہیں؟ . . . تو پھر آپ نے یہ قدم کیسے اٹھایا؟ . . . شرفا اور جرائم پیشہ افراد سے ایک ہی قسم کا برتاؤ کیا جاتا ہے؟ . . . ٹھیک ٹھیک جواب دیجئے۔ آخر کس نے آپ کو ایسا کرنے پر مجبور کیا تھا؟ . . . میں یہ بات نہیں مان سکتا۔ آپ کو اس کا جواب تحریری طور پر دینا ہوگا۔" نوارد نے غصے میں ریسیور میز پر پھینک دیا اور پھر ڈی، ایس، پی سے بولا۔ "ذرا ایک نمبر اور ملائیے!"

ڈی، ایس، پی نے کریڈل دبا کر ڈائل پر انگلی رکھ دی۔ نوارد نے نمبر بتایا اور ڈی، ایس، پی انہیں ڈائل کرنے لگا۔ میں زیر لب مسکرا دی کیونکہ یہ نمبر ملک کے نامور سائنسداں ڈاکٹر اسلام صدیقی کا تھا۔ وہ میرے دوستوں میں سے ہیں۔

نوارد نے رابطہ قائم ہونے کے بعد چند رسمی جملے ادا کئے اور پھر کہا۔ "میں اس وقت پولیس ہیڈ کوارٹر سے بول رہا ہوں۔ آپ فوراً یہاں آجائیے۔ آپ کو صبیحہ بانو کی ضمانت لینا ہے۔ وہ اس وقت ایک قتل کے الزام میں زیر حراست ہیں۔ . . . ہاں ہاں . . . نہیں بھئی میں مذاق نہیں کر رہا ہوں۔ آپ آئیے تو۔ میں آکر تفصیل معلوم کر لیجئے گا۔" نوارد نے ریسیور ڈی، ایس، پی کو واپس کیا اور وہ اس نے کریڈل پر رکھ دیا۔

اتنی دیر میں انسپکٹر حامد بالکل سنسنا پڑ چکا تھا۔ اس نے ایسی نظروں سے اپنے ڈی، ایس، پی کی طرف دیکھا جیسے اس موقعے پر اس کی مدد چاہتا ہو۔ ڈی، ایس، پی نے اس کی آنکھوں کی تحریر پڑھ لی۔ اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا اور پھر نوارد سے بولا۔

"لیکن . . . ضمانت کی کیا ضرورت ہے جناب! . . . ہم اس معاملے کو ویسے ہی دبا دیتے ہیں۔"

"غیر قانونی کام!" نوورا دے بڑی زور سے میز پر گھونسہ مارا۔ "جی نہیں! میں دھندلیوں کی اجازت نہیں دے سکتا۔" نوورا دکا چہرہ غصے سے لال بھبھوکا ہو گیا تھا۔ اس نے گرجتے ہوئے کہا۔ "آپ نے وارنٹ حاصل کیا ہے تو گرفتار بھی کیجئے۔ ابھی ڈاکٹر صدیقی یہاں پہنچنے والے ہیں۔ وہ آن کی ضمانت لیں گے۔ آپ ان کا کیس عدالت میں لائیے گا۔ اس کے بعد یہ آپ پر منحصر عزت کا دعویٰ کریں گی اور اس کے بعد یہ فیصلہ ہو گا کہ آپ کے کندھوں پر یہ اسٹار مناسب ہیں یا نہیں۔"

ڈی ایس پی کا منہ لٹک گیا۔ میں بڑی بے تعلق سی بنی بیٹھی ہوئی تھی۔ "آپ ضمانت کی کاغذی کارروائی مکمل کریں۔" نوورا دبھر بولا۔ "اور اس بات کا جواب تو آپ کو تحریری طور پر دینا ہو گا کہ آپ نے یہ وارنٹ کس کے اشارے پر حاصل کیا تھا۔"

اب تو ڈی ایس پی اور انسپکٹر کے چہروں پر پھٹکار ہی برسنے لگی تھی۔

میری سرگزشت پڑھنے والے شاید اس بات پر حیران ہو رہے ہوں گے کہ آخر یہ صیغہ مانو ہے کیا بلا؟..... میں واقعی بلا ہوں لیکن فی الحال اس کا جواب نہیں دوں گی کہ کس قسم کی بلا ہوں؟ آہستہ آہستہ آپ کو خود ہی سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔

آدھے گھنٹے کے اندر اندر سارا معاملہ نپٹ گیا۔ میں ڈاکٹر صدیقی کی ضمانت پر رہا ہو گئی۔ اس کے بعد پولیس ہیڈ کوارٹر سے میری روانگی اس شان سے ہوئی کہ میں نوورا دے کے ساتھ اس کی کار میں بیٹھی ہوئی تھی اور کار پر وزارتی فلیگ لہرا رہا تھا۔

ڈاکٹر صدیقی اپنی کار میں بیٹھ کر چلے گئے تھے لیکن انہوں نے مجھ سے وعدہ لے لیا تھا کہ میں جلد ہی ان سے ملاقات کروں گی۔

"اب آپ بتائیے کہ یہ کیا معاملہ ہے؟" نوورا دنے مجھ سے اس وقت کہا جب کار حرکت میں آ چکی تھی۔

"یہ سب کچھ کیپٹن آفاق کے اشارے پر ہوا تھا۔" میں نے جواب دیا۔

"اوہ!" نوورا دچونک پڑا۔ پھر قدرے سوچ میں ڈوبتا ہوا بولا۔ "ویسے مجھے یہ خیال تو تھا کہ اس معاملے کے پس پردہ کوئی خاص ہاتھ ہو گا۔"

"مجھے آپ میرے گھر پر اتارتے ہوئے چلے جائیں تو شکر گزار ہوں گی۔"

"ہاں ہاں، کیوں نہیں۔"

ڈرائیور کے برابر کی نشست پر بیٹھے ہوئے، نوورا دنے کار کو ڈرائیو کرنے کی ہدایت کی۔

میں بار بار اس ہستی کا تذکرہ نوورا دکے نام سے کر رہی ہوں۔ کیونکہ اصل نام لکھنا مناسب نہیں ہے اور فرضی نام لکھتے ہوئے اچھا نہیں لگ رہا ہے۔

راستے بھر گفتگو جاری رہی لیکن میں نے نوورا دکو حالات سے بے خبر ہی رکھا۔

جب میں اپنے گھر پر گاڑی سے اتر رہی تھی تو نوورا دنے آواز میں کہا۔ "میں اس معاملے کو صدارتی سطح تک لے جاؤں گا۔"

"میں درخواست کروں گی کہ آپ ایسا نہ کریں۔ میں کیپٹن سے خود ہی نپٹوں گی۔ بس آپ اتنا خیال رکھئے گا کہ سرکاری طور خلاف کوئی غیر قانونی قدم نہ اٹھایا جائے۔"

"جسٹریٹ ترمذی اور پولیس کے متعلقہ افسروں سے نمٹنے کے بارے میں کیا کروں گا۔"

"اس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "کیا آپ غریب خانے پر چند منٹ رکیں گے نہیں؟"

"میں بہت جلدی میں ہوں بانو!..... ایک ضروری کام ہے۔ ہیڈ کوارٹر پہنچنا تھا۔"

"میں اس تکلیف دہی کے لئے معذرت خواہ ہوں۔"

نوورا دکو رخصت کر کے میں اپنے گھر میں داخل ہوئی۔ ملازمائیں سخت پریشان تھیں۔ مجھے دیکھ کر ان کے چہرے کھل اٹھے۔ فریدہ کی آنکھوں میں تو فرطِ جذبات سے آنسو آ گئے تھے۔ میں سب سے گلے لگ کر اس کا شافی تشفی کیا۔ وہ سب مجھ سے اس ہنگامے کی وجہ دریافت کرنا چاہتی تھیں لیکن میں نے انہیں دو چار فقرے کہہ کر ٹال دیا۔ فریج میں کھانا لگا ہوا تھا۔ میں جلد از جلد اس سے متعلقہ صورتِ حال سے واقف ہونا چاہتی تھی۔

"رضوان ساجد کا تو کوئی فون نہیں آیا نا؟" میں نے فریدہ سے پوچھا۔

"فون تو آیا تھا۔ ان ہی سے مجھ کو اطلاع ملی تھی کہ آپ پولیس ہیڈ کوارٹر میں ہیں اور..."

"اس کے بعد کوئی فون نہیں آیا؟" میں اس کی بات کاٹ کر بولی۔

"جی نہیں۔"

میں نے اپنے کمرے کا رخ کیا اور سیدھی باتھ روم میں جا گھسی۔ میں اپنا حلیہ درست کرنے کے بعد ہی گھر سے نکل سکتی تھی۔ جلدی جلدی غسل کر کے میں نے کپڑے تبدیل کئے۔ میک اپ کیا اور پھر پرس اٹھا کر چلنے ہی والی تھی کہ فریدہ کھانے کی ٹرالی دھکیلتی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی۔

"آپ نے ابھی کھانا تو نہ کھایا ہو گا۔"

"اوہ... شکریہ فریدہ! میں واقعی بھوک محسوس کر رہی تھی۔"

میں نے جلدی جلدی، الٹے سیدھے دو چار لقمے لئے اور اس دوران میں فریدہ سے بولی۔ "تم ایک کام کرنا فریدہ!... پولیس اسٹیشن سرسبز پور کی گشتی کی رپورٹ کر دینا۔ رپورٹ کی عبارت کیا ہو گی! تم کو لکھ کر دیئے دیتی ہوں۔"

رات کو وہ لوگ مجھے میری سرسبز پوری میں اغوا کر کے لے گئے تھے۔ رضوان کے ساتھ پی۔ آئی۔ بی کالونی کے اس مکان سے نکلی تھی جسے بھی کار کا نام و نشان نہیں تھا۔ وہ گلی اتنی چوڑی تھی ہی نہیں کہ کار داخل ہو سکتی۔ اب میرے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ گمشدگی کی رپورٹ کے علم میں لے آؤں۔

میں نے ایک کاغذ پر رپورٹ کی عبارت لکھ کر فریدہ کو دی اور پھر چل تھی کہ ایک ملازمہ کمرے میں داخل ہوئی۔ اس کے ہاتھ میں ایک ٹیلیگرام تھا۔

"آپ کا ٹیلیگرام آیا ہے بانو!" وہ بولی۔

میں نے جلدی سے لفافہ اس کے ہاتھ سے لے لیا اور اسے چاک کیا۔ وہ ٹیلیگرام رضوان ساجد کا تھا۔ اس سے مجھے صورتِ حال کا پیغام گول مول لفظوں میں لکھا ہوا تھا لیکن میں اسے بہ آسانی سمجھ گئی تھی۔ اس پیغام کے مطابق فرخ کو اغوا کیا جا چکا تھا۔ وہ اپنے گھر واپس ہوئی تھی لیکن اسکول نہیں پہنچی تھی۔ یہ معلوم کرنے کے بعد ماجد نے ریلوے اسٹیشن کا رخ کیا تھا کیونکہ اس وقت ایک ہی روانہ ہونے والی تھی۔ رضوان اس ٹرین کے ایک ایک ڈبے میں پھرا لیکن فرخ دکھائی نہیں دی۔ پھر اچانک رضوان کو پلیٹ فارم ایسا آدمی دکھائی دے گیا جس کو وہ پہچانتا تھا۔ وہ ان آدمیوں میں سے تھا جو رضوان کو اس کے گھر سے اغوا کرنے گئے تھے۔ رضوان تیزی سے اس آدمی پر نظر رکھ سکے لیکن وہ بھیڑ میں گم ہو گیا۔ رضوان اسے تلاش نہیں کر سکا لیکن اب اسے اس بات کا یقین ہو گیا تھا کہ اسی گاڑی سے لاہور لے جایا جا رہا ہے۔ اس نے فوراً یہ فیصلہ کیا کہ وہ بھی لاہور روانہ ہو جائے اور راستے میں فرخ کی تلاش جاری رکھے گا۔ اس کے بعد اس نے اسٹیشن ہی سے مجھے یہ ٹیلیگرام دیا تھا۔

ٹیلیگرام پڑھتے ہوئے میرے ذہن نے تیزی سے سوچنا شروع کر دیا۔ ان حالات میں مجھے کیا کرنا چاہئے۔ ٹیلیگرام کا آخری لفظ پڑھتے ذہن میں ایک خیال آیا اور چند لمحے سوچ کر میں نے اس پر عمل کا فیصلہ کر ڈالا۔

ملازمہ ٹیلیگرام دے کر جا چکی تھی اور فریدہ کھانے کی ٹرالی دھکیلتی ہوئے داخل ہونے والی تھی کہ میں نے اسے آواز دے کر روک لیا۔

"فریدہ! تم جلدی سے میرے چند جوڑی کپڑے اور ضروری چیزیں سوٹ کیس میں بھر دو۔"

اس سے پہلے کہ فریدہ کوئی استفسار کرتی، میں تیزی سے باہر کی طرف لپکی۔ میں نے گیرج کا رخ کیا تھا۔ وہاں سے میں نے اپنی دوسری گاڑی نکالی تھی جو اب میرے پاس نہیں ہے۔ وہ ایک حادثے میں تباہ ہو گئی تھی لیکن اسکول نہیں پہنچی تھی۔ یہ معلوم کرنے کے بعد ہی تھی۔ میری قسمت ہی اچھی تھی جو میں بچ گئی۔

اپنی گاڑی گیرج سے نکال کر میں برآمدے میں لے آئی۔ دراصل میں نے ٹرین کے تعاقب کا فیصلہ کیا تھا۔ اگر اس زمانے میں حیدرآباد کا بائی پاس بن چکا ہوتا تو میں بہت کم وقت میں یہ فاصلہ طے کر کے ٹرین سے بہت پہلے حیدرآباد پہنچ جاتی لیکن اس زمانے میں حیدرآباد کا بائی پاس نہ صرف طویل بلکہ بہت خراب تھا۔ بہرحال مجھے توقع تھی کہ ٹرین سے نہیں تو اس سے اگلے کسی اسٹیشن پر ٹرین کو پکڑ ہی لوں گی۔

کمرے میں فریدہ نے ابھی تک اٹیچی کیس تیار نہیں کیا تھا۔ میں اس کی مدد کرنے لگی کیونکہ ایک ایک لمحہ قیمتی تھا۔

"میں دو چار روز کے لئے کراچی سے جا رہی ہوں۔" میں نے فریدہ کو بتایا۔ "لیکن اگر کوئی میرے بارے میں پوچھے تو لاعلمی ہی کا اظہار کرنا۔ ہرگز کسی کو مت بتانا کہ میں کراچی میں نہیں ہوں۔"

فریدہ میری ہدایات پر سر ہلاتی رہی۔ غور سے سنتا اس کی فطرت ہے وہ کبھی کسی بات کو دوبارہ نہیں پوچھتی۔

کچھ ہی منٹ بعد میں اپنی اوپل میں گھر سے روانہ ہو گئی۔ سب سے پہلے میں نے پیٹرول کی ٹنکی بھروائی اور اس کے بعد حیدرآباد کے راستے پر ہو لی۔ اگر اسی زمانے میں بائی پاس بن گیا ہوتا تو مجھے وہ تکلیف نہ برداشت نہ کرنا پڑتی۔ اس سڑک پر تیز رفتاری سے سفر کرنے کا مطلب یہی تھا کہ آدمی اپنے انجر پنجر ڈھیلے کروا لے۔ مجھے نہیں معلوم کہ اب وہ سڑک بقیدِ حیات ہے یا اسے ختم کیا جا چکا ہے!..... اگر بند نہیں کیا گیا تو بھی کوئی پاگل ہی اس سڑک کا رخ کرتا ہو گا۔

میں جتنی تیز رفتاری سے سفر کرنا چاہتی تھی، نہیں کر سکی۔ جب پے در پے جھٹکے لگنے لگے تھے تو مجھے بوکھلا کر رفتار کم کرنا پڑتی تھی اور اس وقت کی ذہنی جھلاہٹ کا کیا پوچھنا؟

لیکن اس جھلاہٹ کے باوجود بھی میرے خیالات کی رو فرخ ہی کی طرف بہتی رہی۔ میں اندازہ لگانے کی کوشش کر رہی تھی کہ وہ لوگ اسے ٹرین میں کس طرح لے جا رہے ہوں گے۔ یہ تو ممکن ہی نہیں تھا کہ وہ اپنی خوشی سے چلی جاتی۔ غالباً انہوں نے اسے بہت زیادہ ڈرا دھمکا دیا ہو گا۔ دیوالور اور چاقو دکھائے ہوں گے کہ اگر اس نے شور مچایا تو اس کے ٹکڑے کر ڈالے جائیں گے۔ وہ معصوم سہم کر رہ گئی ہو گی۔ اس کی حالت کا تصور کر کے میرا کلیجہ کٹنے لگا۔ اس کا آدھا خون تو اب تک خشک ہو چکا ہو گا۔

ایک گھنٹے کے سفر کے بعد سڑک کی حالت قدرے بہتر ہو گئی اور میں نے اوپل کو قدرے تیز رفتاری سے بھگانا شروع کیا۔

جب میں حیدرآباد پہنچی تو وقت دیکھ کر میں نے اندازہ لگایا کہ ٹرین کو حیدرآباد سے نکلے ہوئے ایک گھنٹہ ہو چکا ہو گا۔ میں نے گاڑی ایک پٹرول پمپ پر روکی اور تین گیلن بھرنے کی ہدایت کر کے پیٹرول پمپ کے ڈیوٹی کلرک کے کیبن میں جا گھسی۔ وہاں سے میں نے ریلوے اسٹیشن فون کیا اور معلومات حاصل کیں۔ تو پتہ چلا کہ اس ٹرین کو گزرے ہوئے

صرف آدھا گھنٹہ ہوا ہے۔ دراصل وہ بیچ میں کسی جگہ بیس منٹ لیٹ ہو گئی تھی۔

یہ خبر میرے لئے ایک مژدہ ہی تھی۔ ٹرین کا لیٹ ہونا عموماً گونت کا سبب بنتا ہے لیکن اس روز زندگی میں پہلی مرتبہ کسی ٹرین کی تاخیر میرے لئے خوشی کا سبب بنی۔ گو کہ حیدرآباد تک کے سفر نے مجھے بہت بری طرح تھکا دیا تھا لیکن وہ لمحات ایسے نہیں تھے کہ میں آرام کرنے کے بارے میں سوچ سکتی۔ قدرت نے مجھے ایک موقع فراہم کیا تھا اور اگر میں اس سے فائدہ نہ اٹھاتی تو یہ گویا ناشکری ہوتی۔

میں نے پیٹرول پمپ سے صرف ایک گلاس پانی پیا اور روانہ ہو گئی۔ مجھے امید تھی کہ میں نواب شاہ میں ٹرین کو پکڑ لوں گی۔ راستے کے جھٹکوں نے میرا جوڑ جوڑ ہلا کر رکھ دیا تھا لیکن میں جنونی انداز میں ڈرائیونگ کرتی رہی۔ یہ تمام تکلیفیں میں فریج کے ایک شیریں لمحے پر نثار کر سکتی تھی۔

جب میں نے گاڑی نواب شاہ کے اسٹیشن پر روکی تو اس خیال سے میرے دل کی دھڑکنیں بہت تیز ہو گئیں کہ مجھے دو چار منٹ کی دیر ہو گئی ہے۔ میں نے گاڑی سے اتر کر ڈی سے اپنا اٹیچی کیس نکالا اور اسٹیشن کی سانحورہ عمارت کی طرف بڑھی۔ راستے میں ایک قلی میری طرف متوجہ ہو گیا۔

"بیگم صاب... قلی۔"

"آں.... ہاں...." میں نے اٹیچی کیس اس کے ہاتھ میں دے دیا اور پھر اس سے ٹرین کے بارے میں پوچھا۔

"اوہ!.... اس گاڑی سے جانا ہے آپ کو؟" قلی چونک کر بولا۔

"ہاں، کیوں؟ مجھے اپنا دل ڈوبتا محسوس ہوا۔

"وہ تو بس اب چھوٹنے ہی والی ہو گی۔ جلدی چلئے۔" قلی نے ایک دم اپنی رفتار بڑھا دی۔ "آپ نے ٹکٹ تو لے لیا ہے نا؟"

"ہاں ہاں، تم اس کی فکر نہ کرو۔"

"کس کلاس کا؟"

"فرسٹ کلاس۔"

قلی اتنی تیز چل رہا تھا کہ میں تقریباً دوڑنے پر مجبور ہو گئی تھی۔ ایک عورت کو اس طرح بھاگتے دیکھ کر کچھ لوگ خمخوارانہ انداز میں مسکرانے لگے۔ ایک آدھ نے فقرہ بھی کس دیا اور میں خون کے گھونٹ لے کر رہ گئی۔ عام حالات میں تو میں اس قسم کے شہدوں کا مکمنہ توڑے بغیر نہیں رہتی ہوں لیکن اس وقت مجھے سب کچھ برداشت کرنا تھا۔ جلدی جو تھی۔ فریج کا خیال جو تھا۔

یہ دیکھ کر میں نے اطمینان کی سانس لی کہ گاڑی پلیٹ فارم پر موجود تھی۔ اسی وقت گارڈ نے سیٹی بجائی اور قلی نے جلدی سے ایک ڈبے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "بس اسی میں چڑھ جائیے۔ اپنا کمپارٹمنٹ اگلے اسٹیشن پر بدل لیجئے گا۔"

میں نے کسی فرمانبردار بچی کی طرح اس کی ہدایت پر عمل کیا۔ جب ڈبے پر چڑھی تو انجن نے سیٹی دی اور گاڑی نے ایک جھٹکے سے رینگنا شروع کیا۔ قلی نے جلدی جلدی میرے قدموں میں رکھ دیا اور اپنی مزدوری لینے کے لئے میرے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ میں نے پرس کھول کر پانچ کا ایک نوٹ قلی کی طرف بڑھایا تو اس نے سلام کیا اور گاڑی آگے نکل گئی۔

ڈبہ فرسٹ کلاس ہی کا تھا اور اس میں چار کمپارٹمنٹ تھے۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتی تھی کہ ان میں سے کسی میں کوئی پیسنجر خالی ہوگا یا نہیں۔ میں اٹیچی کیس اٹھا کر آگے بڑھی۔ کمپارٹمنٹ سے مردانہ قہقہوں کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔ [illegible] اس کمپارٹمنٹ میں جا بر تھ نہیں اور وہ گپ شپ بھی جما رہے ہیں۔

"ایکسکیوزمی۔" میں نے معذرتی لہجے میں کہا اور دوسرا کمپارٹمنٹ چھ برتھ کا تھا لیکن وہاں بھی کوئی نہ تھی۔ غالباً ایک ہی خاندان کی خواتین اور مرد تھے اس میں۔ ایک بھی تھا۔ اب میں میسرے کمپارٹمنٹ کے سامنے پہنچی۔ اس کا دروازہ بند تھا۔ میں نے اس پر دستک دی۔

"کون ہے؟" اندر سے ایک نسوانی آواز سنائی دی۔ کم عمری ظاہر ہو رہی تھی۔

"مسافر۔" میں نے جواباً کہا۔ "کیا یہاں کوئی برتھ خالی ہے؟"

"جی ہاں، آ جائیے۔ دروازہ بولٹ نہیں ہے۔"

میں سلائیڈنگ دروازے کو ایک طرف کھسکا کر اندر داخل ہوئی۔ سب سے پہلے لڑکی ہی دکھائی دی تھی اور میں نے اسے پسندیدہ نظروں سے دیکھا تھا۔ اس کی عمر اس حد پر پہنچ چکی تھی جہاں سے قیامت آغاز ہوتا ہے۔ چست لباس میں اس کے بدن کا گداز جیسے بول رہا تھا۔ ہی فیشن زدہ قسم کی لڑکی معلوم ہوتی تھی۔ آتے ہی میرے دل میں ایک پکار سی مچ گئی۔

دوسری برتھ پر ایک ادھیڑ عمر آدمی بیٹھا ہوا تھا۔ آنکھیں خلا میں ایک غیر مرئی نقطے پر جمی ہوئی تھیں۔ نہ تو اس نے لڑکی کی طرف تھیں نہ ہی مجھے دیکھ رہا تھا۔

"یہ باقی دونوں برتھ آپ ہی کے لئے ہیں۔" لڑکی بڑے لہجے میں بولی۔ "براہ کرم دروازہ بند کر لیجئے۔"

میں نے سلائیڈنگ دروازہ بند کر کے بولٹ بھی لگا دیا۔ کیس ایک طرف رکھ کر لڑکی کے قریب ہی جا بیٹھی۔

"دراصل مجھے اسٹیشن پہنچنے میں دیر ہو گئی تھی۔ گاڑی جانے والی تھی لہٰذا میں ٹکٹ لئے بغیر سوار ہو گئی ہوں۔"

"کیا فرق پڑتا ہے۔" لڑکی نے کہا۔ "ٹی ٹی آ جائے تو ٹکٹ لے لیجئے گا۔ آپ کہاں جا رہی ہیں؟"

"لاہور۔"

"وہ پرمسرت انداز میں بولی۔ "ہم بھی لاہور جا رہے ہیں۔ اچھا لطف رہے گا۔ میں ڈر رہی تھی کہ کہیں کوئی بور ہمسفر نہ آ ٹپکے۔"

"حال مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ ابھی ایک برتھ تو خالی ہے۔" میں نے کہا۔

"کوئی بور آیا تو میں کہہ دوں گی کہ یہ برتھ ریزرو ہے۔" وہ ہنس کر بولی۔

"نہیں۔" اور ادھیڑ عمر آدمی خاموش نہ رہ سکا۔ "تم اس قسم کی حرکت نہیں کرو گی عزالہ!... سمجھیں!"

اس نے اس آدمی پر ایک نظر ڈالی اور پھر سوالیہ نظروں سے عزالہ کو دیکھا۔

"یہ میرے ڈیڈی ہیں۔" اس نے مجھے بتایا اور پھر انگریزی میں کہا۔ "ہی از بلائنڈ۔"

"اوہ!" میرے منہ سے اتنا ہی نکل سکا۔ ویسے مجھے پہلے ہی اس شخص کے بارے میں بتایا جا چکا تھا کہ یہ شخص نابینا ہے۔ میں نے عزالہ سے اظہار افسوس انگریزی ہی میں کیا۔

"مجھے ان رسمی باتوں سے اضطراب ہونے لگا ہے۔" وہ بولی۔ "کیا آپ کسی اور موضوع پر گفتگو نہیں کر سکتیں؟"

میں نے ایک طویل سانس لی اور پھر انگریزی میں کہا۔ "یہ کیا تمہارے انگریزی نہیں جانتے؟"

"بس اتنی جانتے ہیں کہ لیس اور نو کہہ سکیں۔" وہ ہنس پڑی۔

ٹرین اب شور مچاتی ہوئی تیزی سے اڑی چلی جا رہی تھی۔ جب ٹرین کسی اسٹیشن پر نہ رکتی، اس وقت تک میں نہ تو فریج کو تلاش کر سکتی تھی اور نہ رضوان کو ڈھونڈ سکتی تھی لہٰذا میں نے کچھ دیر کے لئے وہ خاموش کر دیا اور عزالہ سے گفتگو کرتی رہی۔ یہ لڑکی میرے دل کو بھی تھی۔ اس کا باتیں کرنے کا انداز بے حد شوخ تھا۔ مجھے یوں معلوم ہوتا تھا جیسے شرارت کے کنکرے، الفاظ میں ڈھل کر اس کے گداز ہونٹوں سے پھسل رہے ہوں۔ پتہ نہیں "شرارت کے کنکرے" کی اصطلاح درست ہے یا نہیں؟ اگر نہیں ہے تو بھی میری بلا سے۔ میں کوئی ادیبہ تو ہوں نہیں جو ان نکتوں پر غور کروں۔

عزالہ سینٹ جوزف کی طالبہ تھی۔ اس کا نانیہال لاہور میں ایک ٹیکسٹائل مل کا مالک تھا۔ وہ بھائی تھے جن میں سے ایک تو مل کی دیکھ بھال کرتا تھا اور دوسرے کی رہائش لاہور میں تھی۔ وہ دوسرا بھائی شادی شدہ تھا۔ اس کے بھی بچے تھے اور عزالہ کا بھائی، کاروباری مصروفیات کی وجہ سے باپ کو چھوڑ کر نہیں جا سکتا تھا اس لئے عزالہ نے اپنے تعلیمی سلسلے کو دو سال کے لئے منقطع کر دیا تھا۔ باپ کو لاہور چھوڑ کر وہ بذریعہ ہوائی جہاز واپس کراچی چلی جاتی۔ عزالہ کے باپ کو ہوائی سفر سے وحشت ہوتی تھی۔ اس لئے اس نے ٹرین سے سفر کو اپنایا تھا۔

یہ ساری باتیں مجھے عزالہ سے چند منٹ کے اندر اندر معلوم ہو گئیں۔ وہ بہت تیز بولتی تھی۔ اس نے مجھے بولنے کا موقع بہت کم دیا۔ میں زیادہ بولنا بھی نہیں چاہتی تھی۔ باتوں کے دوران میں میں نے اس کے گھٹنے پر ہاتھ رکھ دیا اور قدرے حرکت بھی کی لیکن اس نے کوئی تعرض نہیں کیا۔ الٹا معلوم ہوتا تھا جیسے اس نے میری حرکت کو قطعی اہمیت نہ دی ہو۔ میں جب میری پیٹھ کھجا اور برتھی تو اس کے چہرے پر سرور پھیل گیا۔ ویسے اب بھی اس نے کھسک کر مجھ سے دور ہٹنے کی کوشش نہیں کی تھی۔ فی الحال میں نے اتنا ہی کافی سمجھا اور خود ہی ہاتھ ہٹا لیا۔

اب اندھیرا پھیل چکا تھا۔ عزالہ نے بٹن دبا کر روشنی کر دی تھی۔ اس روشنی کے انعکاس سے اس کے گال انگاروں کی طرح دہکنے لگے۔ اب وہ مجھے اور زیادہ ہی معلوم ہونے لگی تھی۔

"عزالہ!" اچانک اس کے باپ نے آواز دی۔

"جی ڈیڈی!"

"کیا بج گیا؟ میں بھوک محسوس کر رہا ہوں۔"

"بھوک تو مجھے بھی لگ رہی ہے۔" عزالہ نے کہتے ہوئے برتھ کے نیچے سے ایک خاصا بڑا لفن گھسیٹا پھر مجھ سے بولی۔ "آپیئے آپ بھی کھانا کھا لیجئے۔"

"نہیں نہیں.... شکریہ!... میں ڈائننگ کار میں کھا لوں گی۔"

"شاید اب آپ تکلف برتنے کی کوشش کر رہی ہیں۔" عزالہ ہنس کر بولی۔ "لیکن اطمینان رکھئے۔ میں آپ کی اس کوشش کو بہت بری طرح سبوتاژ کر دوں گی۔"

"ہاں ہاں بیٹی!.... آ جاؤ، تکلف کی کیا ضرورت ہے۔" عزالہ کا باپ مجھ سے کہہ رہا تھا۔ "ہاں اگر عزالہ کے بنائے ہوئے شامی کباب تم کو پسند نہ آئیں تو دوسری بات ہے۔"

"ڈیڈی!" عزالہ ٹھنکی۔

اور وہ ہنسنے لگا پیار بھری سی ہنسی تھی۔

مجھے ان باپ بیٹی کے ساتھ کھانے میں شریک ہونا ہی پڑا۔ مجھے بھوک بھی خاصی زور کی لگ رہی تھی۔ دوپہر کو پیٹ بھر کر تو کھایا نہیں تھا۔ عزالہ کا باپ خاصا سنجیدہ آدمی تھا لہٰذا اس سے تو میری زیادہ گفتگو نہیں ہوئی لیکن عزالہ سے گفتگو کا سلسلہ کھانے کے بعد بھی جاری رہا۔ وہ مسلسل چہکتی رہی اور اس کی چہکار سے میرے دل کی لذت انگیز خلش میں اضافہ ہوتا رہا۔

خیرپور کے اسٹیشن پر گاڑی رکی تو ہم دونوں ڈبے سے اتریں۔ پلیٹ فارم ٹیوب لائٹ کی روشنیوں سے منور تھا۔ خوانچے والوں کی آوازیں تو جیسے ہر طرف بکھری ہوئی تھیں۔ ٹھنڈا گرم کی صدائیں لگ رہی تھیں۔ میں متجسس نظروں سے ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔ عزالہ ایک پھل فروش

کے حیلے پر ترک کی۔

"آپ کو کون سا پھل پسند ہے؟" اس نے مجھ سے پوچھا۔

"نازنخیاں۔" میرے منہ سے بیساختہ نکلا اور میری نظریں اس کے چہرے پر سے ہوتی ہوئی اس کی ٹھوڑی کے نیچے پھسل گئیں۔

غزالہ نے میری نظروں کی تیزی محسوس کی تو اس کا چہرہ سُرخ ہوگیا۔ وہ ہلدی سے پھل والے کی طرف متوجہ ہو کر بولی۔ "دو درجن کیلے دے دو!"

"کیلوں سے پیٹ خراب ہو جاتا ہے۔" میرا لہجہ عجیب سا تھا۔

"ایک دو درجن موسمبیاں بھی لے دینا۔" غزالہ پھل والے سے بولی۔

"ہاں یہ کچھ معقول بات ہے۔ اگر۔۔۔۔" دوسرے فقرے کا دوسرا لفظ میرے حلق میں اٹک کر رہ گیا کیونکہ میری نظریں رضوان ساجد سے جا ٹکرائی تھیں جو کچھ فاصلے پر کھڑا میری ہی طرف دیکھ رہا تھا۔ جیسے ہی ہم دونوں کی نظروں ملیں، وہ ایک طرف مڑا اور کچھ دور جا کر ایک ڈبے میں سوار ہو گیا۔ غالباً وہ مجھے دیکھنا چاہتا تھا کہ وہ کس ڈبے میں ہے۔ اس نے غزالہ کی وجہ سے میرے قریب آنے اور مجھ سے مخاطب ہونے کی کوشش نہیں کی تھی۔

گارڈ نے سیٹی دے دی۔ ٹرین کو خیر پور اسٹیشن پر زیادہ دیر نہیں رُکنا تھا۔ غزالہ نے جلدی سے پھل والے کو پیسے دیئے اور بولی ——

"آیئے جلدی۔"

پھلوں کے دو تھیلوں میں سے ایک میں نے اٹھا لیا تھا ہم تیزی سے اپنے ڈبے میں پہنچ گئے۔ اسی وقت گارڈ نے دوسری سیٹی دی اور ٹرین نے ایک ہلکے سے دھچکے کے ساتھ اپنی جگہ سے سرکنا شروع کر دیا۔

رضوان ساجد کو دیکھنے کے بعد اب پھر میرا ذہن صرف فرخ سے متعلقہ خیالات کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ میرے ذہن میں اس سوال کی چبھن بڑھنے لگی کہ رضوان نے فرخ کا پتہ چلا لیا ہوگا یا نہیں؟

"آپ اچانک کن خیالوں میں کھو گئیں صبیحہ صاحبہ!" غزالہ نے مجھے ٹوکا اور میں چونک پڑی لیکن اس سے پہلے کہ میں جواب میں کچھ کہتی غزالہ پھر بول پڑی۔ "یہ صبیحہ صاحبہ بڑا عجیب سا لگتا ہے۔ دونوں لفظ ایک ہی قبیلے کے لگتے ہیں۔ کیوں نہ میں آپ کو بانو صاحبہ کہا کروں۔"

"صاحبہ کی ضرورت ہی نہیں۔ تم مجھے صرف بانو کہہ سکتی ہو۔"

"خیر یہ تو بہت ہی غیر مناسب بات ہوگی۔"

"قطعی غیر مناسب نہیں معلوم ہوتی۔ تم ٹرائی تو کرو۔!"

غزالہ میرے اس انداز پر گھنگھرو سی ہنس پڑی اور پھر بولی۔ "اچھا یہ پھل لیجئے!"

"میں صرف موسمی لوں گی۔ کیلے سے تو مجھے چڑ ہے۔"

غزالہ نے چند کیلے اپنے باپ کو دیئے۔

اگلا اسٹیشن روہڑی کا تھا اور وہاں گاڑی زیادہ دیر تک رکتی ہے، اس لئے میں سوچ رہی تھی کہ رضوان سے بڑے اطمینان گفتگو ہو سکے گی۔ ممکن تو یہ بھی تھا کہ میں چلتی گاڑی ہی میں دنو تک پہنچ جاؤں کیونکہ تمام ڈبوں میں رابطے کا راستہ موجود تھا لیکن خطرے کی بات یہ تھی کہ میں اس ڈبے میں نہ پہنچ جاؤں جہاں ہو۔ ہر چند کہ میں فرخ ہی کی تلاش میں تھی لیکن یہ ضروری تھا کہ لوگوں کو نظروں سے بچانے کی حتی الامکان کوشش ضروری۔ فرخ کو اغوا کر کے لے جا رہے تھے۔ اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو جاتے میں فرخ کو ان لوگوں سے اتنے چپکے سے چھین لینا چا کوئی ہنگامہ نہ ہو سکے۔ اگر ہنگامہ ہو جاتا تو بات اخبارات تک ہم اس میں فرخ کی بدنامی تھی۔ معاشرے میں اُسے ایسی نظروں جانے لگتا کہ وہ اپنی حالت پر اندر ہی اندر جھلنے لگتی اور میں اپنے من پسند نتیجے کو اس طرح مرجھاتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتی تھی

روہڑی کا اسٹیشن قریب آیا تو گاڑی کی رفتار کم ہونے لگی۔

"روہڑی پر گاڑی رُکے گی تو میں کچھ دیر کے لئے ایک ا یں جاؤں گی۔" میں نے غزالہ سے کہا۔

"کس ڈبے میں!" وہ استعجابیہ لہجے میں بولی۔

"میرے کچھ جاننے والے بھی اس گاڑی میں سفر کر رہے ہیں۔ اسٹیشن پر مجھے ان میں سے ایک کی جھلک نظر آئی تھی۔ ذرا اُن سے مل جا کر۔"

"کتنی دیر میں واپس آئیں گی؟"

"گاڑی کی روانگی سے پہلے ہی لوٹ آؤں گی۔"

"ضرور لوٹ آیئے گا۔ اگر آپ وہیں رک گئیں تو مجھے بڑی ہوگی۔ ڈیڈی تو بس اب سو جائیں گے لیکن مجھے سفر کے دوران بہت دیر سے نیند آتی ہے۔ آپ ہوں گی تو کچھ گپ شپ رہے گی۔"

"میں ضرور واپس آؤں گی۔ خود میری بھی یہی خواہش ہے کہ رات بھر گپ شپ کرتی رہوں۔" میں نے اُسے بڑی گہری سے دیکھا۔

"غزالہ!" اس کے باپ نے پکارا۔

"جی ڈیڈی!"

"بھئی میرا بستر کر دو تو اب میں سو جاؤں۔"

"اچھا ڈیڈی! ابھی کئے دیتی ہوں۔"

گاڑی روہڑی کے پلیٹ فارم کو چھو چکی تھی۔ اسٹیشن کی گہما آوازیں کانوں سے ٹکرانے لگی تھیں۔ میں کھڑی ہو گئی۔

"میں پندرہ منٹ میں آ جاؤں گی۔" میں نے غزالہ کی ٹھو پکڑ کر ہلا دی اور وہ ہنس پڑی۔ ہنسی کا تو اس کے پاس اتنا ذخیرہ تھا کہ وہ اُسے بات بے بات لٹاتی رہتی تھی۔ معمولی معمولی فقروں پر فوارہ چھوٹ جاتا تھا۔

میں اسٹیشن پر اتری اور ادھر اُدھر دیکھ کر تیزی سے رضوان کے ڈبے کی طرف بڑھی۔ ڈبے کے قریب پہنچی ہی تھی کہ رضوان اچانک اس نے فوراً ہیرا تھنپ کپڑا اور اس شیشک کی آڑ میں گرایا جس پر "پینے کا ٹھنڈا پانی" لکھا ہوا تھا۔

"یہاں ہم اطمینان سے گفتگو کر سکتے ہیں۔ اندھیرا سا ہے اس لئے ہماری شکلیں نہیں دکھائی دیں گی۔" رضوان نے کہا۔ "میں بھی نہیں سمجھ سکتا تھا کہ تم بھی اس گاڑی سے سفر کر رہی ہو گی۔ لاہور سے کراچی اسٹیشن سے ٹیلیگرام بھیجا تھا۔"

"وہ مجھے مل گیا تھا۔"

"مل گیا تھا؟" وہ حیرت سے بولا۔ "کہاں ملا تھا؟"

"ظاہر ہے کہ وہ تم نے میرے گھر کے پتے پر بھیجا تھا تو وہیں ملا ہوگا۔ لیکن وہ تو ہے۔ میں اس گاڑی میں کراچی سے نہیں بیٹھی ہوں۔ تمہارا تار ملنے کے بعد اپنی گاڑی میں روانہ ہوئی تھی۔"

"میں نے نواب شاہ پہنچ کر پکڑا تھا۔"

"اوہ!" رضوان نے خاصی طویل سانس لی۔ "اب یہ تو میں سوچ نہیں سکتا تھا۔ میرے ذہن میں تو صرف یہ بات آسکی تھی کہ تم بائی روڈ پہنچ کر اسٹیشن پر گاڑی کا انتظار کرو گی۔"

"فرخ کا کچھ پتہ چلا؟" میں نے بیتابی سے پوچھا۔

"تم نے تو شاید ایک اور فرخ ڈھونڈ لی ہے!" رضوان نے ہوئے لہجے میں کہا۔

"فضول باتیں کرنے کی بجائے میرے سوال کا جواب دو تو بہتر ہے۔"

"میں ابھی تک اس کا سراغ نہیں لگا سکا ہوں۔" رضوان نے لہجے میں کہا۔ "اس آدمی کی شکل بھی مجھے پھر نہیں دکھائی دی۔"

"اوہ!" میرے لہجے میں بھی تشویش پیدا ہو گئی۔ "یہ تو بُرا ہوا۔ اب کل صبح ہی تلاش کر سکیں گے۔ رات میں تو ممکن نہیں۔"

"میرا پروگرام یہ ہے کہ دو بجے کے بعد چلتی گاڑی میں مختلف ڈبوں پھر ڈھونڈوں گا۔"

"ان لوگوں کی نظر تم پر نہیں پڑنا چاہیئے۔"

"میری کوشش تو یہی ہوگی۔ آگے اللہ مالک ہے۔"

"اوہ ذرا میں ایک ٹیلیگرام دینا چاہتی ہوں۔"

"ان لوگوں میں سے کسی کی نظر تم پر پڑ جائے تم پر؟۔۔۔ کیسے ٹیلیگرام؟"

"اب شاہ میں اپنے ایک واقف کار کو۔" میں نے جواب دیا۔

"لاڑکانہ میں اسٹیشن پر کھڑی ہوئی ہے۔ میں نے چابی بھی اسی میں ہی تھی۔ میں ٹیلیگرام میں لکھوں گی کہ وہ اسٹیشن جا کر گاڑی اپنے میں کر لے۔"

"مجھے اپنے اس واقف کار کا پتہ دے دو۔ میں اسے ٹیلیگرام کر دوں گا۔ تمہارا اس طرح پلیٹ فارم پر نقل و حرکت کرنا مناسب نہیں ہے۔ عورت نسبتاً جلدی نظروں میں آتی ہے جبکہ میں احتیاط بھی برتوں گا۔"

میں نے رضوان کو اپنے واقف کار کا پتہ بتا دیا۔

"کوئی اور خاص بات تو نہیں کرنا ہے؟" رضوان نے مجھ سے پوچھا۔

"ابھی فرخ کا پتہ ہی نہیں چلا ہے تو کوئی خاص بات کیا ہوگی۔"

"یہ میں نے اس لئے پوچھا تھا کہ زیادہ دیر تک یہاں کھڑا رہنا بھی مناسب نہیں ہے۔"

"بس اب میں چلتی ہوں۔ تم ٹیلیگرام ضرور دے دینا۔ اب کل صبح ملاقات ہوگی۔"

"ٹھیک ہے۔"

میں نے اِدھر اُدھر نظریں دوڑائیں اور پھر تیزی سے اپنے ڈبے کی طرف بڑھی۔

غزالہ مجھے دیکھ کر جھنجھلاہٹ سے بولی۔ "اتنی جلدی لوٹ آئیں آپ!"

"وہ لوگ مجھے ملے ہی نہیں۔ شاید مجھے دھوکہ ہوا تھا۔" میں نے غزالہ کے باپ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جو برتھ پر آنکھیں بند کئے لیٹا ہوا تھا۔ میں نے کمپارٹمنٹ کا دروازہ بند کر کے لاک لگا دیا۔

"اب تک کسی ٹی ٹی نے ہمارے ڈبے کا رُخ ہی نہیں کیا۔" وہ میں برتھ پر غزالہ کے قریب بیٹھتی ہوئی بولی۔ "اچھی تک میں بغیر ٹکٹ سفر کر وہی ہوں۔"

"اور کوئی چوتھا مسافر بھی نہیں آیا۔" غزالہ نے مسرت کا اظہار کیا۔

"چلو اچھا ہی ہوا۔ رات بڑی خوبصورت گزرے گی۔ کیوں!" میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"شاید۔" وہ پھر سُرخ ہونے لگی۔ "لیکن میں سمجھنے سے قاصر ہوں۔"

"کیا سمجھنے سے قاصر ہو؟"

"یہی کہ رات کس طرح خوبصورت گزرے گی۔" وہ حسب عادت ہنس پڑی۔

"لمحات کبھی خوبصورت یا بدصورت نہیں ہوتے۔ کوئی وصف تو انہیں انسان ہی بخشتا ہے۔ ہم دونوں مل کر اس رات کو خوبصورت بنا دیں گے۔"

"مگر کیسے!" وہ قدرے جھینپ سی گئی تھی۔

"دونوں مل کر۔"

"میں پھر کہوں گی کہ میں ان باتوں کو سمجھنے سے قاصر ہوں۔ میں نے ان باتوں کے بارے میں سنا تو بہت کچھ ہے مگر۔۔۔۔"

"ان سے دور ہی رہی ہو۔" میں نے اس کی بات کاٹ دی۔

"ہاں۔"

"آج رات کے بعد تم یہ نہ کہہ سکو گی۔" میں نے ہنستے ہوئے

کہا اور چٹکی سے اس کے ہونٹ پکڑ کر مسل ڈالے۔ وہ مسکراتی سی لے کر رہ گئی اور میرے ساتھ ہنسنے لگی۔

ہم دونوں کی یہ گفتگو انگریزی میں ہو رہی تھی۔ اس طرح ہم کو یہ اطمینان حاصل تھا کہ غزالہ کا باپ اگر جاگ بھی رہا ہو تو کچھ سمجھ نہ سکے۔

غزالہ کا معاملہ فرنچ سے بہت مختلف تھا۔ غزالہ خاصی کھلی ہوئی لڑکی معلوم ہوتی تھی۔ اس کے تجربات خاصے وسیع ہوں گے۔

جب ٹرین رہڑی سے چل پڑی تو میں نے اٹھ کر تمام کھڑکیوں کے شٹر گرا دیئے۔ اس کے بعد میں پھر غزالہ کے پاس جا بیٹھی اور بلا تکلف اسے اپنی آغوش میں گھسیٹ لیا۔ غزالہ میرے مطالبوں کو سمجھ چکی تھی اور اس کا اشتیاق بھی بڑھ گیا تھا۔ اس کی آنکھوں میں شوق کی فراوانی صاف محسوس کی جا سکتی تھی۔ اس نے میری حرکات و سکنات کا استقبال بڑی گرمجوشی سے کیا۔

غزالہ کا باپ تھوڑا سا منہ کھولے ہوئے گہری گہری سانسیں لے رہا تھا۔ اب یہ بات شبہات سے بالاتر تھی کہ وہ سو چکا تھا۔

ٹرین نے اب خاصی دفتار پکڑ لی تھی۔ ڈبے کے ہلکورے بڑے بھلے معلوم ہو رہے تھے۔ میرے اور غزالہ کے جذبات کا رنگ بدلتا رہا۔ ہم دونوں پُرجوش ہوتے چلے گئے۔ غزالہ بڑی شیطان ثابت ہوئی۔ اس نے بعض ایسی حرکتیں کیں کہ میں نے بےچین ہو کر اسے بھنبھوڑ ڈالا۔ میں فعال سے غسال تر ہوتی چلی جا رہی تھی۔ زندگی کے پراسرار راز غزالہ پر آشکارا ہوتے چلے گئے۔ بیتابیاں بڑھیں، ولولے سوا ہوئے اور طوفان نے شدت اختیار کر لی۔ جھاگ اڑنے لگے اور فضا سنسنا اٹھی۔

میں غزالہ کے ساتھ اس آندھی کے جھکڑوں میں بچکولتی ہوئی بالآخر ایک پُرسکون وادی میں پہنچ گئی۔ اب وہ تلاطم تھا نہ وحشیانہ شور۔ یہ وہ خوبیدہ سری تھی نہ وہ ولولے۔ ہاں البتہ دماغ میں ان سب باتوں کی ایک گونج سی باقی رہ گئی تھی۔ اس بازگشت کا تاثر کچھ ایسا تھا کہ میں خود کو ایک خواب دیکھتا ہوا محسوس کر رہی تھی۔ شاید یہی عالم غزالہ کا بھی تھا۔ وہ میرے بازو پر سر رکھے آنکھیں بند کئے بے سدھ پڑی ہوئی تھی۔

وہ رات یونہی گزر گئی۔ ایک خوبصورت، ایک دلکش رات!

صبح میں جلدی جاگ گئی لیکن غزالہ سوتی رہی۔ میں نے کھڑکیوں کے شٹر اٹھا دیئے۔ صبح کی خوشگوار ہوا اور روشنی کمپارٹمنٹ میں در آئی۔ ٹرین اب پنجاب کی سرزمین پر فراٹے بھر رہی تھی۔

غزالہ کا باپ بھی ابھی سو رہا تھا۔

میں باتھ روم میں جا گھسی۔ غسل کر کے میں نے نیلون اور نیان پہن لی۔ اس لباس کا انتخاب میں نے یوں کیا تھا کہ اگر کوئی ہنگامہ آرائی ہو ہی جائے تو میں اس سے نپٹنے کے لئے خود کو چاق و چوبند پاؤں۔ ان حالات میں نسوانی لباس ٹھیک نہیں رہتے بلکہ شلواری کا سب بنتے ہیں جب میں وہ لباس پہن کر باتھ روم سے نکلی تو غزالہ جاگ چکی تھی۔

"اوہ :..... سوئٹ!" وہ مجھے اس لباس میں دیکھ کر بولی۔

"سو چکیں تم!" میں مسکرائی۔

"ہاں، بہت گہری نیند آئی۔"

"تھینک جو گڈنیس۔" میں نے معنی خیز لہجے میں کہا۔

وہ ہنستی ہوئی اٹھی اور باتھ روم میں چلی گئی۔

ٹرین کی رفتار کم ہونے لگی تھی۔ غالباً کوئی اسٹیشن قریب تھا۔

اب میں پھر تمام باتوں کو ذہن سے جھٹک کر صرف فرخ میں سوچنے لگی۔ نہ جانے رضوان کو کامیابی ہوئی ہوگی یا نہیں؟ اگر اس نے تمام ڈبے دیکھ ڈالے ہوں تو ممکن ہے کہ وہ فرخ کو تلاش میں کامیاب بھی ہو گیا ہو۔ میں چاہتی تھی کہ ان لوگوں کو خود بخود خاموشی سے ان کی منزل کی جانے اور جب وہ اپنے ٹھکانے پہنچ جائیں تو ان پر اس طرح جھپٹا جائے کہ وہ اپنے دفاع میں کوئی قدم نہ اٹھا سکیں۔

جب گاڑی اسٹیشن پر رکی تو میں کیا دیکھتی ہوں کہ انجن سے نکل کر ابھی تک باتھ روم میں تھی۔ میں ڈبے سے اتر کر ادھر ادھر دیکھنے لگی۔ رضوان کے ڈبے کی طرف بڑھی۔ مجھے توقع تھی کہ وہ بھی ڈبے سے آئے گا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اس کے ڈبے کے دروازے پر رک کر چند لمحے توقف کیا اور پھر اوپر چڑھ گئی۔ یہ ڈبہ بھی فرسٹ کلاس تھا اور اس میں چار کمپارٹمنٹ تھے۔ میں نے وہ چاروں کمپارٹمنٹ ڈھونڈ لیکن رضوان کہیں بھی دکھائی نہیں دیا۔ اب میں پریشان ہو گئی۔ چونکہ گاڑی رکنے ہی والی تھی اس لئے اس کے امکان نہیں تھا کہ رضوان ڈبے سے اتر کر کسی اور طرف، یعنی تلاش میں نکل گیا ہو۔

میں اس ڈبے سے اتر کر واپس اپنے ڈبے کی طرف گئی۔ اب صرف اسی امکان پر نظر رکھی جا سکتی تھی کہ رضوان خود ہی میری تلاش میں میرے ڈبے کی طرف نکل آئے گا۔

غزالہ لباس تبدیل کر چکی تھی اور اب اس کا باپ بھی بیدار غزالہ، ڈائننگ کار کے ایک بیرے کو ناشتے کی ہدایت دے رہی تھی۔ جب بیرا چلا گیا تو غزالہ مجھ سے بولی۔

"ڈائننگ کار کا ناشتہ اچھا تو نہیں ہوتا لیکن کیا کیا جائے مجبوری ہے۔"

"ہوں۔" میں سر ہلا کر رہ گئی۔

"کیا بات ہے؟ آپ کچھ پریشان نظر آ رہی ہیں!" غزالہ نے مجھے غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"پریشان؟" میں ہنس پڑی۔ "نہیں تو۔ بس یونہی طبیعت کچھ بوجھل سی ہو گئی ہے۔"

غزالہ کے چہرے سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ وہ میرے جواب سے مطمئن نہیں ہوئی ہے۔ اس نے مجھے زیادہ کریدنے کی کوشش نہیں کی۔ وہ ایک کھڑکی کے قریب بیٹھ گئی اور چہرے کو ہاتھ کی آڑ دیئے ہوئے پلیٹ فارم پر نظریں دوڑاتی رہی۔ میرا ذہن بھی اسی طرح الجھ گیا تھا۔ میں نے یہ بھی نہیں دیکھا کہ وہ کون سا اسٹیشن تھا۔

کچھ دیر بعد گاڑی چل پڑی اور میری مایوسی میں اضافہ ہو گیا۔ اس سے اگلے اسٹیشن پر میں پھر رضوان کے ڈبے کی طرف گئی لیکن وہ بھی ہو نہ پایا۔ رضوان پراسرار طور پر لاپتہ ہو چکا تھا۔ اب بُرے بُرے خیالات مجھے گھیرنے لگے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ان لوگوں نے رضوان کو ہلاک کر کے راستے ہی میں اس کی لاش ٹرین سے باہر پھینک دی ہو؟

"میں نہیں مان سکتی کہ آپ پریشان نہیں ہیں۔" غزالہ نے اپنا برقہ چہرے سے ہٹاتے ہوئے کہا۔

میں نے چونک کر اس کی طرف دیکھا اور پھر زبردستی مسکراتی ہوئی بولی۔ "یقین جانو!..... بھلا مجھے کیا پریشانی ہو سکتی ہے؟"

"یہ تو آپ ہی بتائیں گی، مجھے کیا معلوم!"

"میں تم سے تو نہیں کچھ چھپا رہی ہوں۔"

"مجھے تو یوں لگ رہا ہے جیسے آپ کو کسی کی تلاش ہے اور وہ کہیں مل رہا ہے۔"

غزالہ واقعی بہت ذہین تھی۔ اس نے حقیقت کو تاڑ لیا تھا لیکن میں اس کا اعتراف نہیں کر سکتی تھی۔ میں اسے ٹال نہ سکی۔ میں اس بات کی کوشش کرنے لگی کہ اپنی پریشانی کو اپنی شخصیت سے ظاہر نہ ہونے دوں۔

اسٹیشن پر اسٹیشن گذرتے چلے گئے۔ لاہور قریب آتا چلا گیا۔ باپ بزرگوار یا لیکن رضوان کا کہیں پتہ نہ تھا۔

جب ٹرین لاہور کینٹ سے گذری تو غزالہ نے مجھ سے کہا۔ "میرا پتہ لکھ لیجئے اگر کبھی کراچی آنا ہو تو ضرور ملئے گا۔"

"اگر موقع ملا تو میں تم سے لاہور میں بھی ملوں گی۔ تم اپنے بھائی کا ٹھکانہ دو۔"

غزالہ نے اپنے دونوں پتے لکھوا دیئے۔ اس کا لاہور کا پتہ میں نے بھی لیا تھا کہ شاید کوئی ضرورت پڑ ہی جائے۔

"اب آپ بھی اپنا پتہ بتائیں، میں آپ کو خط لکھوں گی۔" غزالہ نے کہا۔

"اب تو جانے دیجئے!" غزالہ نے مجھے گھورتے ہوئے، روٹھ جانے والے انداز میں کہا۔

"کہاں؟" میں اسے حیرت سے دیکھنے لگی۔

"آپ صبح سے پریشان کیوں ہیں؟"

"ارے نہیں بے بی! تمہیں غلط فہمی ہوئی ہے، میری طبیعت کے بوجھل پن کو تم پریشانی کیوں سمجھ رہی ہو!"

غزالہ نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور اٹھ کر اپنا سامان درست کرنے لگی۔

اِدھر میں بڑی تیزی سے سوچ رہی تھی کہ ان حالات میں مجھے کیا قدم اٹھانا چاہئے۔ اگر فرخ کا پتہ چل جاتا تو دوسری بات تھی لیکن اب اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ میں کسی بھی قسم کی ہنگامہ آرائی سے خوفزدہ ہوئے بغیر کھل کر ان لوگوں کی تلاش شروع کر دوں۔ رضوان کی گمشدگی کے بعد تو یہ اور بھی ضروری ہو گیا تھا کہ ان لوگوں پر جلد از جلد ہاتھ ڈال دیا جائے۔ اس کی واحد صورت یہی تھی کہ میں ٹرین کے رکتے ہی جھپٹ کر ان سلاخوں والے دروازوں تک پہنچ جاؤں جہاں سے مسافروں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ وہاں رک کر میں ان لوگوں کا انتظار کرتی اور جب وہ نظر آ جاتے تو ان کی مزاج پرسی کر لیتی۔

ٹرین کی رفتار کم ہونے لگی تو میں نے اپنا اٹیچی کیس سنبھالا اور پھر غزالہ سے رسمی قسم کی الوداعی گفتگو کرنے ہی والی تھی کہ دو آدمی کسی بھوچال کی طرح کمپارٹمنٹ میں گھس آئے۔ اندر آتے ہی ان میں سے ایک نے اپنی جیب سے پستول نکال لیا تھا۔

"خبردار! کوئی اپنی جگہ سے جنبش نہ کرے۔" کمپارٹمنٹ میں اس کی تیز گرگوشی گونج گئی۔

اس کا ساتھی ایک کر تمام کھڑکیوں کے شٹر گرانے لگا۔

غزالہ کا چہرہ یکلخت بالکل سفید پڑ گیا تھا اور اس کے نابینا باپ نے اپنی برتھ سے اٹھنے کی کوشش کرتے ہوئے بوکھلا کر کہا تھا۔

"کون ہے؟"

"پیچھے بیٹھے رہو بڈھے!" پستول والا غرایا۔

اسی دوران میں کھڑکیوں کے تمام شٹر بند ہو گئے اور دروازہ تو انہوں نے سب سے پہلے بند کیا تھا۔

میں خاموش بیٹھی ان دونوں کو گھورتی رہی۔ یہ دونوں چہرے میرے لئے اجنبی ہی تھے۔

"غزالہ!" بوڑھے باپ نے کانپتی ہوئی آواز میں پکارا۔

"خاموش بیٹھو!" پستول والا پھر غرایا۔ "اب اگر تم نے آواز نکالی تو تمہارا سر پھاڑ دیا جائے گا۔"

غزالہ میرے بازو سے لپٹ گئی۔ خوف سے اس کا سارا جسم کانپ رہا تھا۔

گاڑی ایک ہلکے سے دھچکے کے ساتھ لاہور اسٹیشن پر رک گئی۔

"آخر تم لوگ چاہتے کیا ہو؟" میری آواز بالکل پُرسکون تھی۔

"خاموشی، صرف خاموشی۔" پستول والے نے کہا۔

"لیکن ہم لوگوں کو یہیں اترنا ہے۔"

"کسی کو یہاں نہیں اترنا، خاموش بیٹھی رہو۔" گوجرانوالہ تک اس کمپارٹمنٹ کا دروازہ بند رہے گا۔ گوجرانوالہ پر ہم اس ڈبے سے اتر جائیں گے۔ اس کے بعد تم لوگ جہنم میں جانا یا کہیں اور۔"

پستول والے کے ساتھی نے بھی اب اپنی جیب سے ایک ریوالور نکال لیا۔ ریوالور کی نال پر سائیلنسر فٹ تھا۔ وہ مجھے گھورتا ہوا بولا۔

"اب اگر کسی نے آواز نکالی تو میں بے دریغ گولی مار دوں گا۔"

میں نے سختی سے ہونٹ بھینچ لئے، میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ یہ کیا معاملہ ہے۔ کیا یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے فرخ کو اغوا کیا تھا یا؟

کمپارٹمنٹ میں خاموشی چھائی رہی۔ غزالہ مجھ سے لپٹی ہوئی خوف سے کانپ رہی تھی اور اس کا نابینا باپ اپنی بے بسی پر دو آنسو نظر آرہا تھا۔

پلیٹ فارم کے ہنگاموں کی آوازیں اب بہت مدھم ہو کر میرے کانوں تک پہنچ رہی تھیں۔ اچانک کمپارٹمنٹ کے دروازے پر آہٹ ہوئی، دو کی آواز معلوم ہوتے تھے۔ ان آہٹوں کو سنتے ہی وہ بہت چوکنا نظر آنے لگے۔ میں نے ایسی آوازیں سنیں جیسے کمپارٹمنٹ کے دروازے پر رک کر وہ لوگ کسی بات پر بحث کر رہے ہوں۔ یہ بحث بمشکل ایک منٹ ہوئی اور اس کے بعد قدموں کی آہٹیں دور ہوتی چلی گئیں۔

مایوسی، ابایوسی اور صرف مایوسی، یوں محسوس ہوتا تھا جیسے کوئی بھی ہماری مدد کو نہیں آئے گا۔ میں اس وقت بڑی بے بسی محسوس کر رہی تھی۔ وہ دونوں مجھ سے اتنی دور تھے کہ اگر میں ان پر جھپٹنے کی کوشش کرتی تو گولی اس سے پہلے ہی مجھ پر جھپٹ پڑتی۔

پانچ منٹ..... دس منٹ..... پندرہ منٹ..... وقت گذرتا رہا۔

اب میں فرخ کی طرف سے بھی مایوس ہو چکی تھی۔ یقیناً وہ لوگ اتنی دیر میں اسے اسٹیشن سے باہر لے جا چکے ہوں گے۔ شاید یہ خطرناک ڈرامہ کھیلا ہی اس لئے جا رہا تھا کہ میں فرخ کے حصول کے لئے ان لوگوں پر نہ جھپٹ سکوں۔

کمپارٹمنٹ میں مرگ آسا خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ کچھ وقت اور گذرا، پھر ریل سے انجن کی سیٹی سنائی دی۔ غالباً گاڑی روانہ ہونے والی تھی۔ میں نے عالم اضطراب میں اپنی سیٹ پر پہلو بدلا تو ریوالور والے نے اپنے ریوالور کو جھٹکا دیا اور مجھے بڑے کھا جانے والے انداز میں گھورا۔ غالباً وہ خاموشی کی زبان سے مجھے یہ دھمکی دے رہا تھا کہ میں اپنی جگہ سے بالکل حرکت نہ کروں۔

انجن نے پھر ایک سیٹی دی اور گاڑی نے ایک دھچکے کے ساتھ لاہور کا پلیٹ فارم چھوڑ دیا۔

سائیلنسر لگے ہوئے ریوالور کی وجہ سے ان دونوں کی پوزیشن بیحد مستحکم تھی۔ اگر ہم میں سے کوئی بھی ضرورت سے زیادہ سرکش ہو جاتا تو ان کو فائرنگ کرنے میں قطعی ہچکچاہٹ نہیں ہوتی۔ وہ ہم تینوں کو ہلاک کر کے بھی محفوظ رہتے کیونکہ ریل کی وجہ سے گولیاں چلنے کی آوازیں برابر کے کمپارٹمنٹ تک بھی پاتیں۔

غزالہ اب بھی کسی سہمی ہوئی چڑیا کی طرح میرے بازو سے لگی تھی۔ اس کا یہ فعل میری ذات پر اس کے اعتماد کا پتہ دیتا تھا۔ غالباً کہ اسے اپنے نابینا باپ کی بے بسی کا مکمل احساس ہو گا اور ایسی میں وہ میرے علاوہ کس پر اعتماد کر سکتی تھی؟

میں تسلی دینے والے انداز میں اس کا ہاتھ تھپکتی رہی اور نظریں ان دونوں پر جمی رہیں جو شکاریوں کی طرح چوکنا نظر آرہے تھے۔

شروع میں میرے ذہن میں صرف شکوک نے جنم لیا تھا۔ اب میرے اس خیال نے یقین کی صورت اختیار کر لی تھی کہ یہ دونوں کیپٹن اتفاق ہی کے گروگ تھے۔ انھوں نے نہ تو لوٹ مار کی کوشش کی تھی، نہ کوئی اور نقصان پہنچایا تھا۔ وہ صاف صاف کہہ چکے تھے کہ گروگ کو اسٹیشن پر اتر جائیں گے۔ اس طرح ان کا یہ مقصد واضح ہو گیا تھا کہ بس ہمیں لاہور کے اسٹیشن پر نہیں اترنے دینا چاہتے تھے۔ غزالہ اور اس کے باپ کو یہ ستم میری وجہ سے اٹھانا پڑ رہے تھے۔ وہ میری ہی تھی جس کا لاہور ریلوے اسٹیشن پر اترنا ان لوگوں کے لئے پریشانی ثابت ہو سکتا تھا۔ مجھے اس طرح روک کر ان لوگوں نے فرخ کو نکال جانے میں اپنے لئے سہولت بہم پہنچائی تھی۔

اس بات کا یقین کر لینے کے بعد اب مجھے یہ سوچنا تھا کہ ان کے قول پر کس حد تک اعتبار کیا جا سکتا ہے؟..... انھوں نے ایسا کیا تھا کہ وہ ہمارے ساتھ کوئی خاص رویہ اختیار کئے بغیر گوجرانوالہ اسٹیشن پر اتر جائیں گے لیکن کیا اس بات پر یقین کیا جا سکتا تھا؟ ان دونوں کو یہ خدشہ نہیں ہو گا کہ کمپارٹمنٹ سے ان کے باہر نکلتے ہی ہم شور مچا کر انھیں پکڑوا سکتے ہیں؟ یقیناً وہ اس پہلو کو نظر انداز نہیں کر سکتے تھے۔ انھوں نے اس کا کوئی نہ کوئی حل ضرور سوچ لیا ہو گا۔

جب میں نے اس پر غور کیا کہ وہ حل کیا ہو سکتا ہے، تو کئی باتیں میرے ذہن میں آئیں لیکن بہر نوع میں حتمی طور پر نہیں کہہ سکتی تھی کہ انھوں نے کیا سوچ رکھا ہو گا۔

ٹرین چیختی چنگھاڑتی، پوری رفتار سے اپنی منزل کی طرف رواں تھی۔ لاہور بہت پیچھے رہ گیا تھا۔ اب تک فرخ کو اسٹیشن سے نکال کر لے جایا جا چکا ہو گا۔ لہٰذا اس سلسلے میں پریشان ہونے سے کوئی مثبت نتیجہ نہیں نکل سکتا تھا۔ دوسری پریشان کن بات میرے لئے یہ بھی ہو سکتی تھی کہ رضوان ساجد پر کیا بیتی لیکن میں نے اس پریشانی کو بھی اپنے ذہن سے جھٹک دیا تھا۔ فی الوقت دماغی کاوش کے لئے موجودہ صورت حال کے سوا کسی کو ترجیح نہیں دی جا سکتی تھی۔ مجھے یہ سوچنا تھا کہ اس کٹھن امتحان سے کیونکر عہدہ برآ ہوا جا سکتا ہے۔

دشمن کے پاس ریوالور تھے اور درمیانی فاصلہ بھی زیادہ تھا اگر یہ باتیں نہ ہوتیں تو میں اب تک ان دونوں کو ان کی ہڈیوں کا اب کتاب سمجھا چکی ہوتی۔

گاڑی کی رفتار میں کمی اور گزرے ہوئے وقت سے میں نے اندازہ لگایا کہ گوجرانوالہ قریب آگیا تھا۔ اب میں اضطراب سے دوچار ہو گئی۔ مجھے معلوم تھا کہ اسٹیشن پر گاڑی رکنے کے بعد ان دونوں آدمیوں کا ہو گا۔

"سنو!" ایک ریوالور والے نے مجھے گھورتے ہوئے کہا۔ "ہمیں اب کرتم بہت چالاک ثابت ہو لیکن اسٹیشن پر گاڑی رکنے کے اگر تم نے کسی چالاکی کا مظاہرہ کرنا چاہا تو اس بوڑھے کی موت کی ذمہ دار کی صرف تم ہی پر عائد ہو گی۔"

اشارہ واضح طور پر غزالہ کے باپ کی طرف تھا۔

"آخر میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے ظالمو!" غزالہ کے باپ نے بے بسی سے کہا۔

"بیشک تم نے ہمارا کچھ نہیں بگاڑا اور اسی لئے ہم تمہیں مارنا نہیں چاہتے لیکن اگر ہمیں نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو پھر تم بھی انشاء اللہ بچ نہ سکو گے کیونکہ ہم تمہی کو وقتی طور پر یرغمال بنانا چاہتے ہیں۔"

"یا مطلب!" میں جیسے چونک کر بول پڑی۔

"مطلب بالکل صاف ہے۔ ہم دونوں اس بوڑھے کو اپنے ساتھ لے کر اس کمپارٹمنٹ سے اتریں گے۔ ہمارے ریوالور والے ہاتھ جیبوں میں ہوں گے اور ریوالوروں کی نالیں بوڑھے کے پسلیوں سے لگی رہیں گی۔ ٹرین سے باہر نکل کر ہم بوڑھے کو کسی ایسی جگہ پر چھوڑ دیں گے کہ یہ تمہیں نظر آتا جائے لیکن تم دونوں کے لئے لازم ہے کہ پانچ منٹ تک ٹرین سے باہر نہ نکلو۔ کمپارٹمنٹ سے باہر نکلنے میں بھی کم سے کم تین منٹ کا وقفہ ہونا چاہیے۔"

یہ ہدایات دینے کے بعد جب وہ خاموش ہوا تو غزالہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ اس صورت حال نے اس کی ساری شوخی، کافور کر دی تھی۔ اس کا باپ اس کے چہرہ بھی خوف سے سفید پڑ گیا تھا اور ہونٹ اس طرح کانپ رہے تھے جیسے وہ کچھ کہنا چاہتا ہو۔

"بہتر ہو گا کہ وہی کیا جائے جو کہا جا رہا ہے۔" میں آہستہ سے بولی۔

گاڑی کی رفتار اب بہت کم ہو چکی تھی۔

جس کے ہاتھ میں بغیر سائیلنسر کا ریوالور تھا، اس نے ایک کھڑکی کا شٹر اٹھا کر باہر جھانکا اور شٹر دوبارہ بند کر کے غزالہ کے باپ کی طرف اٹھتا ہوا بولا۔ "کھڑے ہو جاؤ بوڑھے! جلدی کرو، گاڑی رکنے والی ہے۔" اس کا تحکم آمیز لہجہ اتنا خوفناک تھا کہ غزالہ کا باپ میکانکی انداز میں ایک جھٹکے سے کھڑا ہو گیا۔

"ڈیڈی!" غزالہ بے اختیار، بیتاب ہو کر بوڑھے کے سینے سے جا لگی اور وہ اس کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہوا جلدی جلدی پلکیں جھپکنے لگا۔ اس کی آنکھیں کچھ اور زیادہ ویران نظر آنے لگی تھیں۔

"الگ ہٹو لڑکی!" ان میں سے ایک غرایا۔ دوسرا کمپارٹمنٹ کا دروازہ کھولنے لگا تھا۔ گاڑی ایک جھٹکے سے دھچکے کے ساتھ رک چکی تھی۔

"ادھر آؤ غزالہ!" میں نے اس کا ہاتھ پکڑ کر آہستگی سے اپنی طرف گھسیٹ لیا۔

"خدا حافظ بیٹی!" بوڑھے کی آواز کپکپا رہی تھی۔

ان دونوں نے بوڑھے کو اپنے درمیان میں لے لیا اور اسے اس طرح کمپارٹمنٹ سے نکال لے گئے جیسے اس کو سہارا دیئے ہوئے ہوں۔

غزالہ کے آنسو اب اچانک رک گئے تھے اور وہ پھٹی پھٹی سی آنکھوں سے کمپارٹمنٹ کے دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی۔ میں نے اس کا گال تھپکتے ہوئے کہا۔

"غزالہ! گھبراؤ مت میری جان! سب ٹھیک ہو جائے گا۔ چلو جلدی سے اپنا سامان سمیٹ لو۔ ممکن ہے کوئی مسافر اس کمپارٹمنٹ میں آنا ہی چاہتا ہو۔"

لیکن غزالہ یہ کام کرنے کی بجائے دھم سے برتھ پر بیٹھ گئی اور لمبی لمبی سانسیں لینے لگی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس کے ہاتھ پیروں میں جان ہی نہ رہ گئی ہو۔ اس کی یہ جسمانی خستگی میری توجہ چاہتی تھی لیکن وقت کا تقاضہ یہ تھا کہ میں سامان کی طرف توجہ دوں کیونکہ گاڑی یہاں پانچ منٹ سے زیادہ نہیں رکتی۔

میں نے کھڑکی کے سامنے سے گزرتے ہوئے ایک قلی کو اشارے سے بلایا اور اس سے سامان اٹھانے کے لئے کہا۔ پھر خود ہی سامان سنبھالنے لگی جس کے ہاتھ پیر ٹھنڈے پڑ چکے تھے۔ میں نے اسے جلدی سے تھرماس کھول کر پانی پلایا تو اس کے نفس کی رفتار میں کچھ توازن پیدا ہوا۔

سامان زیادہ نہیں تھا۔ ایک ہی قلی نے سب کچھ سنبھال لیا۔ اس کے پیچھے پیچھے میں بھی غزالہ کو سہارا دیئے ہوئے کمپارٹمنٹ سے نکلی۔ تین منٹ کا وقفہ گزر چکا تھا جس کی تاکید ان دونوں بدمعاشوں نے کی تھی۔

"خود کو سنبھالو غزالہ!" میں پھر بولی۔

"ڈیڈی!" غزالہ نے سسکی لی۔

"وہ بخیریت ہوں گے۔ مجھے یقین ہے اگر وہ لوگ قتل و غارتگری کے موڈ میں ہوتے تو ہم تینوں کو اس کمپارٹمنٹ میں بھی ختم کیا جا سکتا تھا۔" میں نے سرگوشی کرتے ہوئے کہا۔ "جب ایسا نہیں ہوا تو پھر ہمیں یقین کر لینا چاہئے کہ تمہارے ڈیڈی اسٹیشن کے باہر کہیں قریب ہی کھڑے ہوئے مل جائیں گے۔"

اس کے چہرے کی درماندگی بدستور قائم رہی۔ میرے تشفی آمیز فقرے اس کے دل و دماغ پر اثر انداز نہیں ہو سکے تھے۔ وہ بدستور اس خلجان میں مبتلا تھی کہ اپنے ٹوٹے ہوئے گھروندے کو دوبارہ دیکھ سکے گی یا نہیں۔

تلی بہت تیز چل رہا تھا۔ میں نے اسے آواز دے کر آہستہ چلنے کی ہدایت کی۔ جب ہم اسٹیشن سے باہر نکلے تو میرے اندازے کے مطابق پانچ منٹ سے زیادہ گزر چکے تھے۔

"وہ دیکھو!" میں نے پُرمسرت انداز میں ایک طرف اشارہ کیا۔

غزالہ کی نظریں تانگہ اسٹینڈ کی طرف اٹھیں اور پھر اپنے باپ کو دیکھ کر اس کا چہرہ خوشی سے سرخ ہو گیا۔

"ڈیڈی!" وہ چیخ کر اس کی طرف دوڑی۔

نابینا بوڑھا جو کھڑا ہوا بڑی پریشانی کے عالم میں پہلو بدل رہا تھا، چونک گیا۔ اس نے بینائی سے ہاتھ اس طرح پھیلا دیئے جیسے بیٹی کو اپنی آغوش میں سمیٹ لینا چاہتا ہو۔

میں بڑی تیزی سے ارد گرد کا جائزہ لے رہی تھی لیکن وہ دونوں بدذات مجھے کہیں بھی نظر نہیں آئے۔ ظاہر ہے کہ انھوں نے پانچ منٹ کی مہلت لی تھی تو انھیں اس بات کا یقین بھی ہو گا کہ وہ اتنی دیر میں وہاں سے بآسانی رفو چکر ہو سکتے ہیں۔

غزالہ، باپ کے سینے سے چمٹ کر رونے لگی۔ مسرت کے آنسو دل کو بہانا مل گیا تھا۔ ارد گرد نظر آنے والے لوگوں نے اس منظر کو دلچسپی سے دیکھا جو ذرا حساس تھے، وہ متاثر بھی نظر آنے لگے۔ ان لوگوں نے یہی خیال کیا ہو گا کہ باپ بیٹی بہت عرصے کے بعد ایک دوسرے سے ملے ہیں۔ اصل واقعہ تو کسی کے سان و گمان میں بھی نہیں آ سکتا تھا۔

ایک تانگے والا ہمارے قریب آ گیا اور پنجابی میں پوچھنے لگا کہ ہمیں کہاں جانا ہے۔

اب تو میں پنجابی بھی بڑی روانی اور تیزی سے بول سکتی ہوں مگر اس زمانے میں نہیں بول پاتی تھی۔ ہاں، سمجھ ضرور لیتی تھی۔ میں نے تانگے والے کو یہ کہہ کر ٹال دیا کہ ہمیں کسی کا انتظار ہے۔ دراصل مجھے ٹیکسی کی تلاش تھی تاکہ گوجرانوالہ میں ایک منٹ بھی ضائع کیے بغیر لاہور کا رخ کر سکوں۔ میری نظریں ہر طرف پھر رہی تھیں لیکن کوئی ٹیکسی دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ شاید اس زمانے میں گوجرانوالہ ٹیکسیوں سے بے نیاز ہی تھا۔ آٹو رکشہ بھی چند ہی ہوں گے۔ سارے گوجرانوالہ پر تانگوں کی حکمرانی تھی۔ آج کل تو وہاں خاصی ٹیکسیاں ہیں اور کرائے پر ملنے والی پرائیویٹ گاڑیوں کی بھی کمی نہیں لیکن اس زمانے میں یہ سہولتیں حاصل نہیں تھیں۔ اسے خوش قسمتی ہی کہنا چاہئے کہ اتفاق سے ایک پرائیویٹ گاڑی اسٹیشن پر موجود تھی جس کا نوجوان ڈرائیور ٹیکتا ہوا ہمارے قریب آ گیا تھا۔

"کدھر چلنا اے میم صاب جی!"

وہ بھی پنجابی ہی بولا تھا۔

"لاہور۔"

"ہیں جی!" وہ حیرت سے میری طرف دیکھنے لگا۔

حیرت کی بات بھی تھی، ہم لوگ جس گاڑی سے اترے تھے لاہور ہی سے آئی تھی۔

"دراصل" میں نے جلدی سے کہا، "ہم سے ایک غلطی ہو گئی جس کی وجہ سے ہم لاہور میں نہیں اتر سکے۔"

ڈرائیور نے شانے جھٹکے اور بولا، "خیر جی میم صاب!... بس سے چلی جائیں۔ وہ ادھر کھڑی ہوئی تو ہیں لیں۔"

پھر وہ رالیں گھما کر چلنے ہی والا تھا کہ میں جلدی سے بولا، "اسے روکتی ہوئی بولی، "سنو!... کیا تمہیں دو سو روپے اچھے نہیں دو سو روپوں کے نام پر جھٹکے سے رک گیا اور حیرت سے بولا "ہیں جی؟ دو سو روپے؟"

میں نے اپنے پرس میں سے ایک بڑا نوٹ نکال کر اس کی طرف دیا اور پھر کہا، "دوسرا نوٹ لاہور پہنچ کر۔"

غزالہ اپنے باپ کے سینے سے لگی ہوئی یہ باتیں سن رہی تھی۔ اس نے خود کچھ بولنا غیر ضروری سمجھا تھا۔

ڈرائیور نے دونوں نوٹ اپنا سر جھٹک کر سو کے نوٹ کی طرف اور پھر نوٹ کو اپنی جیب میں ٹھونستا ہوا بولا، "اچھا ہم صاب! آ ضد کرتی ہیں تو چلا چلتا ہوں ورنہ....."

میں نے اس کا یہ "احسان" بڑی خندہ پیشانی سے قبول کر لیا کہ اس کے سوا چارہ بھی کیا تھا۔

قلی سامان سنبھالے ہمارے قریب ہی کھڑا ہوا تھا۔ میں نے گاڑی کی طرف چلنے کا اشارہ کیا اور پھر غزالہ سے بولی، "تم بھی چلو میں ابھی آتی ہوں۔"

غزالہ کی ذہنی کیفیت کچھ ایسی تھی کہ اس کے لئے کچھ سوچنا بھی دشوار تھا۔ اس نے مجھ سے یہ بھی نہیں پوچھا کہ میں وہاں کیوں رکنا چاہتی ہوں۔ جب وہ اپنے بوڑھے باپ کو سہارا دیئے ہوئے کار کی طرف بڑھ گئی تو میں نے قریب ترین تانگے کا رخ کیا اور بوڑھے کوچوان سے بولی۔

"سنو بابا! ذرا ایک منٹ کے لئے ادھر آنا۔"

بوڑھا اپنا تانگہ چھوڑ کر میرے قریب آ گیا تو میں دس کا ایک نوٹ اس کی طرف بڑھاتی ہوئی بولی، "میں تم سے کچھ معلومات حاصل کرنا چاہتی ہوں اور یہ اس کا معاوضہ ہے۔ اگر تم بتا سکے تو کوئی بات نہیں لیکن اگر تم نے ٹھیک ٹھیک بتا دیا تو دس روپے اور دوں گی۔"

دراصل یہ بات کرتے ہوئے یہ امکان میرے پیش نظر تھا کہ شاید اس بوڑھے نے ان دونوں بدذاتوں کو دیکھا ہو جو غزالہ کے نابینا باپ کو اس جگہ کھڑا کر کے رفو چکر ہو گئے تھے — کیونکہ اس بوڑھے

"اجی ان دونوں کو تو میں نے بھی دیکھا تھا۔" ڈرائیور پُرجوش انداز میں بولا۔ "میری سمجھ میں بھی یہ بات نہیں آئی تھی کہ وہ ایک بوڑھے آدمی کو اس طرح چھوڑ کر کیوں چل دیئے تھے۔ وہ سفید رنگ کی فیاٹ تھی جی — سکس ہنڈرڈ۔"

"کیا تم یہ بھی بتا سکتے ہو کہ وہ کار اس شہر کے کس حصے میں ڈھونڈی جا سکتی ہے؟" میں نے بیتابانہ پوچھا۔ "یہ ایک چھوٹا سا شہر ہے۔ تم کو یہ بات معلوم تو ہونا چاہئے۔ اس شہر میں زیادہ کاریں تو ہوں گی نہیں۔"

"مجھے تو لگتا ہے میم صاب کہ وہ لاہور کی گاڑی تھی۔" ڈرائیور نے پُرخیال انداز میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔

اس کا یہ جواب سنتے ہی میرے ذہن میں یہ خیال بجلی کی طرح چمکا کہ شاید اس وقت وہ دونوں بھی لاہور ہی کی طرف سرگرم سفر ہوں۔ ایسی صورت میں اگر تیز رفتاری دکھائی جاتی تو انھیں راہ میں ہی پکڑا جا سکتا تھا۔

"لیکن میم صاب!" ڈرائیور بولا، "آپ کو پولیس میں رپورٹ تو کرنا ہی چاہیے تھی۔"

"کوئی فائدہ نہ ہوتا۔" میں نے منہ بنا کر کہا۔ "وہ رشوت دے کر چھوٹ جاتے۔ الٹا ہم ہی لوگوں کو پریشانیاں اٹھانا پڑتیں۔"

"یہ تو آپ ٹھیک کہتی ہیں میم صاب!.... زمانے کی ہوا ہی بگڑی ہوئی ہے۔ اس حکومت نے تو جینا حرام کر دیا ہے۔ جسے دیکھو لوٹ مار میں لگا ہوا ہے۔ اب تو کوئی بڑا ہی انقلاب آئے گا تو اس ملک کے حالات سدھریں گے۔ وہ تو جب مادر ملت ہار گئی تھیں، تبھی ہم نے کہہ دیا تھا کہ اب اس ملک کا اللہ ہی بیلی ہے۔"

گاڑی فی روڈ پر فراٹے بھر رہی تھی اور ڈرائیور کی زبان نے سیاست کی فضاؤں میں اڑنا شروع کر دیا تھا لیکن میں اس کی "سیاسی بصیرت" پر غور کرنے کی بجائے یہ سوچ رہی تھی کہ اگر ان دونوں کو لاہور کے راستے میں پکڑا جا سکے تو انھیں گھیر گھار کر ان سے کچھ کارآمد معلومات بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

غزالہ اور اس کا باپ پچھلی نشست پر بالکل خاموش بیٹھے ہوئے میری اور ڈرائیور کی باتیں سن رہے تھے۔

"تمہارا نام کیا ہے؟" میں نے ڈرائیور سے پوچھا۔

"جان محمد۔"

"دیکھو تم ہماری مدد کرنے کے لئے کوئی معاوضہ قبول کرو گے؟"

"میں سمجھا نہیں میم صاب!"

"اگر ہم کوشش کریں تو ہماری لٹی ہوئی چیزیں ہم کو واپس مل سکتی ہیں۔ کیا تم اس سلسلے میں ہماری مدد نہیں کرو گے؟"

"ہم تو اپنی ماں بہنوں کے لئے اپنی جان کی بازی لگا سکتے ہیں میم صاب!" جان محمد نے پُرجوش انداز میں کہا۔ "مگر جان کی بازی لگا کر

ہی کھڑا تھا اس لئے یہ امکان خاصا قوی تھا کہ وہ مجھے کے بارے میں کوئی معمولی یا غیر معمولی بات بتا سکے۔ بعض اوقات انہی بھی بڑی اہم ثابت ہو جاتی ہیں۔

ں جب اس بوڑھے کوچوان نے میرے سوالوں کے جواب میں یا قریں بکھرا کر رہ گئی۔ دو چیزیں ایسی تھیں جو کوئی جانے والی بیٹھتے ہوئے بتا تھا جسے سمجھنے کی کوشش کرنے میں شاید میرے یوں کوں بول جاتے دوسری طرف اس بوڑھے کا حال ہم نہ سمجھ نہیں معلوم ہوتا تھا اور دوسرے اس کی پرانی تو پرانی ہی بکل ہی تھی۔ نتیجہ یہ کہ دو تین منٹ تک باتیں کرنے کے بعد میں اسکا کہ اس نے ان دونوں آدمیوں کو دیکھا تھا جو اپنا باپ کو اسٹیشن سے باہر لائے تھے اور اسے وہاں چھوڑ تھے۔

دو تین منٹ صرف کرنے کے بعد میں اتنا اور معلوم کر سکی کہ ک کی ایک گاڑی پہلے ہی سے کھڑی ہوئی تھی اور وہ دونوں وہاں سے چلے گئے تھے۔ بوڑھا کوچوان یہ نہیں بتا سکا کہ وہ کدھر گئے تھے۔ بوڑھا کوچوان یہ نہیں بتا سکا کہ وہ کس طرف گئی تھی۔

ا ہ میں بیٹھی ہوئی، میری طرف دیکھ رہی تھی اور ڈرائیور بھی اصرار کی ہوئی تھیں ہاں دونوں ہی کی سمجھ میں نہیں آ رہا ایک تانگے والے سے گفتگو کرنے کی کیا ضرورت پیش

ک منٹ اور صرف کرنے کے بعد جب مجھے یقین ہو گیا کہ ا سے مزید معلومات حاصل نہیں کر سکتی تو میں نے اسے ایک نوٹ اور تھمایا، پھر کار کی طرف بڑھ گئی۔

ا اور اس کا نابینا باپ پچھلی نشست پر بیٹھے تھے لیکن میں ا ہاڑ کے برابر میں بیٹھ گئی اور بولی، "چلو!"

ا ں بڈھے سے کیا باتیں کر رہی تھیں میم صاب!" ڈرائیور ہ تے ہوئے پنجابی زبان میں پوچھا۔

ا س سے وہ ایسے آدمیوں کے بارے میں پوچھ گچھ کر رہی تھی بھال گئے ہیں۔" میں نے یہ جواب یوں دیا کہ اگر ڈرائیور ا ن آدمیوں کو دیکھا ہو تو اس سے بھی کچھ معلومات

کر!" ڈرائیور چونک پڑا۔

ں نے کہا یہ اور اسی لئے ہم لاہور اسٹیشن پر نہیں اترے ک ہمارے پارٹنر میں گلس آئے تھے اور....." میں ا ں کر دیا لیکن اس میں یہ اضافہ بھی کیا تھا کہ وہ دونوں ا ر اور غزالہ کے گھٹے سے ایک لاکٹ اتار لے گئے ا ہ پانچ ہزار روپے ہے۔

آپ کی لٹی ہوئی چیزیں کیسے مل سکتی ہیں۔"

"بس ایک امکان ہے کہ وہ ہمیں لاہور کے راستے میں مل جائیں تم ہی نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ شاید وہ لاہور کی گاڑی تھی۔ اگر ہم انھیں پکڑ سکے تو ان سے اپنا مال واپس لے سکتے ہیں۔"

"ہاں یہ تو ہے۔" جان محمد نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔ "میں ان سالوں کا کچومر نکال دوں گا۔ ان کے باپ بھی مال واپس کر دیں گے۔"

"بس تو پھر گاڑی تیز کرو۔ انھیں پکڑنے کے لئے ہمیں بہت تیز رفتاری سے چلنا ہوگا۔"

جان محمد نے ایکسیلریٹر پر پاؤں کا دباؤ بڑھا دیا۔

"شاباش جان محمد! تمھارے ہی جیسے نیک نیت جیالے اب اس دیس کو نڈر رکھ سکتے ہیں۔"

میرے اس فقرے نے جان محمد کے جوش و خروش میں خاصا اضافہ کر دیا اور یہی میرا مقصد بھی تھا کسی گاؤں کے اس سیدھے سادے شریف نوجوان کو بے وقوف بناتے ہوئے مجھے تھوڑا سا دکھ تو ہوا لیکن اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔ میں اسے اصل واقعات تو بتا نہیں سکتی تھی۔ ان باتوں کا علم تو غزالہ اور اس کے باپ کو بھی نہیں تھا۔

کار سنسناتے ہوئے تیر کی طرح گاڑی چلی جا رہی تھی۔ جی ٹی روڈ پر اچھا خاصا ٹریفک رواں دواں تھا۔ گوجرانوالہ کے علاوہ بھی کئی چھوٹے چھوٹے شہر لاہور کے قریب ہیں اور ان سب کا ٹریفک جو لاہور سے مربوط ہو، اسی سڑک سے گزرتا ہے۔ اس کاروں کو دیکھ کر مجھے یہ پریشانی لاحق ہو گئی تھی کہ اگر ہم نے ان دونوں بدذاتوں کو راہ میں جا بھی لیا تو کیا اس بھری پری سڑک پر ان کے خلاف کوئی قدم اٹھایا جا سکتا ہے؟

"میم صاب جی!" جان محمد کچھ سوچ کر بولا۔ "آپ نے بتایا ہے کہ ان کے پاس پستول وغیرہ بھی ہیں۔ میرے بازو گولیوں وغیرہ کا مقابلہ تو نہیں کر سکتے نا؟ اس کی کوئی ترکیب سوچنی پڑے گی۔"

"اس کی نکمت کرو۔ پستول میرے پاس بھی ہے۔" میں نے اپنا پرس تھپتھپا کر کہا جس میں واقعی پستول موجود تھا۔

"آپ پستول چلانا جانتی ہیں؟" وہ چونک کر بولا۔

"ہاں، میرا تعلق فوج سے ہے جان محمد!"

"پاکستانی فوج سے؟"

"نہیں تو کیا ہندوستانی فوج سے ہوگا!" میں نے ہنس کر کہا۔

"اچھی پھر تو ہم ان دونوں کی ایسی تیسی کر دیں گے۔" جان محمد جوش ہو کر بولا۔ "آپ فوجی ہیں اور میں پنڈو!.... نہ آپ کو موت کا ڈر، نہ مجھے۔"

"موت سے تو کسی بھی مسلمان کو نہیں ڈرنا چاہیئے۔"

"ہاں جی، یہ تو ہے، مگر لوگ ڈرتے ہیں۔" جان محمد نے جواب دیا اور پھر پاکستانی فوج کے بارے میں تبصرے شروع کر دیئے۔ اس کی باتوں اور لہجے سے ظاہر ہو رہا تھا کہ اسے پاکستانی فوج سے بڑی محبت ہے۔

میں نے مسکرا کر ایک تیر یہ غزالہ اور اس کے باپ کی طرف پھینکا لیکن کچھ کہے بغیر صرف مسکرا کر منہ پھیر لیا۔

"وہ۔" اچانک جان محمد بڑے پرجوش انداز میں بولا۔ "فیاٹ معلوم ہوتی ہے۔"

کوئی ایک ڈیڑھ فرلانگ کے فاصلے پر ایک سفید [illegible] جان محمد کا اشارہ اسی کی طرف تھا۔

خوشی سے میرے دل کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں۔ مجھے کامیابی کی امید نہیں تھی۔

"سنو جان محمد!" میں نے پہلو بدل کر کہا۔ "کیونکہ میں اسے کو پولیس تک نہیں لے جانا چاہتی اس لئے کام اس طرح کرنا کہ کوانوں کان خبر نہ ہو۔"

جان محمد واقعی بہت سیدھا سادہ نوجوان تھا۔ اس نے نہیں سوچا کہ ایک فوجی کے معاملے میں پولیس کسی غیر فوجی کا لحاظ ہو نہیں کر سکتی، نہ پھر میں پولیس کو اس معاملے سے الگ رکھنا چاہتی ہوں۔

آگے پیچھے ٹریفک رواں دواں تھا اس لئے جا میں نہیں آسکا کہ یہ کام خاموشی سے کیونکر کیا جا سکتا ہے۔

فیاٹ سے درمیانی فاصلہ کچھ اور کم ہوا تو جان محمد کو یقین ہے میم صاب کہ یہ وہی گاڑی ہے۔ اس میں [illegible] نظر آ رہے ہیں۔ میں سامنے جا کر انھیں پہچان لوں گا۔"

"تمھارا کام بس اتنا ہوگا جان محمد کہ اپنی گاڑی کو فیاٹ سے جا کر اس طرح روکو کہ وہ بھی رکنے پر مجبور ہو جائیں۔ ظاہر ہے اس حرکت پر انھیں غصہ آجائے گا اور وہ اپنی گاڑی سے ممکن ہے وہ تمھیں گالیاں دیتے ہوئے قریب بھی آجائیں آگئے تو پھر کام بہت آسان ہو جائے گا۔"

میں اسے سمجھانے لگی کہ انہیں کیا کچھ کرنا ہوگا۔ جان محمد توجہ سے میری ہدایات سنتا رہا۔ پھر اس نے گاڑی کی رفتار دھیمی کر دی تاکہ فیاٹ سے آگے نکل سکے۔

"یہ آپ کیا کر رہی ہیں بانو صاحبہ!" غزالہ انگریزی میں اس کی آواز بھرائی ہوئی تھی۔

"ان دونوں کو سزا ضرور ملنی چاہیے غزالہ! میں معاف عادی نہیں ہوں۔ اب تمہاری طرح میم دراز ہو جاؤ کہ باہر سے یہی درخواست میں آپ سے بھی کروں گی محترم بزرگ!" آخر نے لہجہ میں کہا تھا۔

"کیسی درخواست بیٹی!"

میں نے اس سے بھی وہی بات کہی جو غزالہ سے

ریل بوڑھے نے مجھے یہ سمجھانا شروع کر دیا کہ خطرناک قسم کے کم از کم عورتوں کو تو نہیں ٹکرانا چاہیئے لیکن میں نے اس کی نہیں سنی اور اسے بھی کچھ کرنے پر مجبور کر دیا جو ضروری تھا۔ گاڑی جب فیاٹ کے برابر سے آگے نکلی تو میں بھی ہم دراز ہو گئی۔ اب باہر سے دیکھنے والوں کو گاڑی میں جان محمد کے سوا کچھ نہ آتا۔ جان محمد نے فیاٹ سے آگے نکلتے ہوئے اپنی گاڑی کو کچھ فاصلے پر روکا تھا۔

"یہی دونوں ہیں۔ میں پہچان گیا۔" جان محمد پرجوش انداز میں بولا۔ "نہیں اس طرح روکنا کہ باقی ٹریفک متاثر نہ ہو۔" میں نے اسے ہدایت کی۔

"اس کی تو آپ فکر ہی نہ کریں۔"

بڑی مشکل سے دھماکہ خیز ہو گا کر میں نے گاڑی کو بائیں طرف گھمایا اور دفعتاً وہ ایک جھٹکے سے رک بھی گئی۔ عقب سے گالیوں کی چیخیں سنائی دیں اور اس کے ساتھ ہی کوئی چیخ

"ڈیم فول!"

گاڑی سے اتر کر اپنا بونٹ کھولو، جیسے اس میں کوئی خرابی ہو۔" میں نے سرگوشی کرنے والے انداز میں کہا۔ "وہ دونوں برستے ہوئے خود ہی قریب آجائیں گے اور پھر میں انھیں دیکھ لوں گی۔"

جان محمد نے میری ہدایت پر عمل کیا۔

"انا صاحبہ!" غزالہ مری مری سی آواز میں بولی۔

"خاموش رہو!" میرے لہجے میں خاصی سختی تھی۔

جان محمد بونٹ کھول کر انجن پر جھک چکا تھا کہ مجھے تیزی سے بڑھتے قدموں کی آوازیں سنائی دیں۔

"تم بالکل جنگلی ہو، گاڑی روکنے کا سلیقہ بھی نہیں جانتے؟" ایک کی آواز پھر سنائی دی جس نے "ڈیم فول" کا نعرہ لگایا تھا۔ اس نے جیسے ہی یہ محسوس کیا کہ اب وہ کار کے بالکل قریب پہنچ چکا ہے، جلدی سے سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔ میرے ہاتھ میں دبے ہوئے ریوالور کی نال کھڑکی پر رکھی ہوئی تھی اور ریوالور پر میں نے اپنا ہاتھ یوں رکھا تھا کہ وہ نظر نہ آسکے۔

ان دونوں کی نظریں مجھ پر پڑیں اور وہ چونک گئے، لیکن [illegible] کوئی قدم اٹھانے کا فیصلہ کرتے، میں نے مسکرا کر ان لوگوں کے ہاتھ جیبوں کی طرف گئے تو مجھے اپنے ریوالور کی [illegible] ہوگا۔"

ریوالور رومال سے ڈھکا ہوا تھا لیکن اس کی نال تو ان دونوں کی طرف تھی ہی۔ ان دونوں نے گھبرا کر ہاتھ اوپر اٹھا دینا چاہے تو میں بولی۔ "اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ آپ لوگ تو میرے جو سرراہ مل گئے ہیں۔"

ان دونوں کے چہروں کی رنگت بدل گئی تھی اور وہ بالکل ہونق نظر آنے لگے تھے۔ اگر وہ ہاں رائفلیں بھی ہوتے تو یہ کام مشکل ہو جاتا لیکن وہاں صرف ٹریفک تھا جس کی قطار ہماری دائیں جانب سے گزرتی چلی جا رہی تھی۔

"غزالہ! تم آگے آجاؤ!" میں نے اس کی طرف دیکھے بغیر کہا۔

"بانو صاحبہ....."

"یہ باتوں کا وقت نہیں ہے۔" میں نے اس کی بات کاٹ دی۔

غزالہ کو میری بات ماننی ہی پڑی۔ وہ ڈرائیونگ سیٹ کے دروازے کی طرف سے میرے برابر میں آبیٹھی۔ اس کے بعد جان محمد نے بھی اشارہ ملتے ہی اپنی سیٹ سنبھال لی اور میں نے ان دونوں سے کہا۔ "براہ کرم آپ دونوں حضرات پچھلی سیٹ پر آجایئے۔"

ان دونوں نے تذبذب کے عالم میں ایک دوسرے کی طرف دیکھا تو میں سرد لہجے میں بولی۔ "مجھے اس بات کی قطعاً پروا نہیں کہ میرے ریوالور کی نال پر سائیلنسر فٹ نہیں ہے۔"

غزالہ کا بوڑھا باپ دائیں جانب، دروازے کے قریب کھسک گیا تھا۔ وہ دونوں اس کے برابر میں بیٹھ گئے۔ اب میں نے اپنی پوزیشن بدل لی تھی اور رومال سے ڈھکے ہوئے ریوالور کا رخ انہی کی طرف رکھا تھا۔ جان محمد نے میرا اشارہ ملتے ہی گاڑی آگے بڑھا دی تھی۔

"اب ان دونوں کو کہاں لے جانا ہے میم صاحبہ!" جان محمد بولا۔

"کسی ویران سی جگہ پر چلو جہاں ان سے بات چیت کی جا سکے۔"

"ویران سی جگہ....." جان محمد کچھ سوچنے لگا اور پھر دفعتاً بولا "میم صاب! کوئی پندرہ میل آگے میرے بھائی کے کھیت ہیں۔ ان کھیتوں کی دوسری طرف اس کا مکان ہے۔ وہیں چلوں؟"

"گاؤں میں؟"

"نہیں میم صاب! وہاں تو بس کھیت ہی کھیت ہیں۔ میرے بھائی نے وہیں اپنا مکان بنوا لیا ہے۔"

"مگر کیا ان معاملات کو تمھارا بھائی پسند کرے گا؟"

"اجی وہ تو بالکل دیہاتی ہے میم صاب!" جان محمد نے ہنس کر کہا۔ "میں جب چاہتا ہوں، اسے بے وقوف بنا دیتا ہوں۔"

"بس تو پھر وہیں چلے چلو۔ وہ جگہ بالکل ٹھیک رہے گی ان دونوں کو کچھ سزا تو ملنی چاہیے۔ کم سے کم دو گھنٹے کے لئے مرغا بنایا جائے گا ان کو۔"

"یہ ٹھیک ہے میم صاب!" جان محمد مرغا بنانے کی تجویز پر بیحد خوش ہوا۔

غزالہ میرے برابر میں بیٹھی ہوئی پہلو بدل رہی تھی اور پچھلی سیٹ پر اس کا بوڑھا باپ، سپاٹ چہرہ لئے خاموش بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے برابر میں وہ دونوں کچھ پریشان سے بیٹھے ہوئے تھے۔ اب تک ان کے منہ سے ایک لفظ بھی نہیں نکلا تھا اور میں خود بھی کسی

چاہتی تھی کہ جان محمد کے سامنے اُن سے گفتگو نہ ہو۔

کوئی دس بارہ میل چلنے کے بعد جان محمد نے گاڑی کو ایک کچے راستے پر ڈال دیا۔ یہ نچی نیچی زمین تھی اس لئے رفتار بھی کم کرنا پڑی۔ اب ہمارے دائیں بائیں، ہرے بھرے کھیتوں کے سلسلے پھیلے ہوئے تھے۔

میں اپنے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ لئے اُن دونوں بدذاتوں کی طرف دیکھتی رہی۔ ان کے جسموں پر بہترین سوٹ تھے اور چہرے ہر سے بھی وہ تیسرے درجے کے غنڈے نہیں معلوم ہوتے تھے۔ مجھے خیال آیا کہ شاید وہ انگریزی بھی جانتے ہوں گے۔ اپنے اس خیال کی تصدیق کے لئے میں نے ان سے انگریزی میں پوچھا کہ اُن کے نام کیا ہیں۔ وہ میرا سوال سمجھ گئے اور انھوں نے اپنے نام بتائے۔ ایک کا نام خان جاوید تھا اور دوسرے کا جیدر بٹ ــــ لیکن یہ بھی ممکن تھا کہ انھوں نے غلط نام بتائے ہوں۔

"جب تم دونوں انگریزی جانتے ہو تو پھر ہم لوگ انگریزی ہی میں گفتگو کریں گے۔ کیوں! ٹھیک ہے نا؟"

"تم ہمیں اس طرح کیوں لے جا رہی ہو؟ مقصد کیا ہے؟" جیدر بٹ انگریزی ہی میں بولا۔

"مقصد بہت جلد معلوم ہو جائے گا۔ آخر گھبراہٹ کیا ہے؟"

پھر اُن دونوں نے کوئی سوال نہیں کیا اور دو ڈھائی میل چلنے کے بعد گاڑی ایک مکان کے سامنے رُک گئی۔ یہ مکان اُونچے اُونچے درختوں کے جھنڈ میں گھرا ہوا تھا۔ دروازے پر وُبیل اور ایک بھینس بندھی ہوئی تھی۔ کچھ دور ایک گھوڑا چر رہا تھا۔ جب گاڑی وہاں جا کر رُکی تو مکان کا دروازہ کھلا اور چالیس بیالیس سال کا ایک کسان، پگڑ باندھے ہوئے باہر نکلا۔

"یہی میرا بھائی ہے میم صاب!" جان محمد نے انجن بند کرتے ہوئے کہا۔ "آپ ایک منٹ رُکیں، میں ابھی آیا۔" وہ گاڑی سے اتر کر تیزی سے اپنے بھائی کی طرف گیا جو ہم لوگوں کو دیکھ کر اُلجھا اُلجھا سا نظر آنے لگا تھا۔

"میں اسی مکان کو تمھارا مدفن بناؤں گی۔" میں نے ان دونوں کو گھورتے ہوئے کہا۔ "اگر تمھیں یہ جگہ پسند نہ ہو تو پھر اس سے بچت کی واحد صورت یہی ہوگی کہ میرے ہر سوال کا ٹھیک ٹھیک جواب دو۔"

"ہمیں اب تک یہ نہیں معلوم کہ تم ہم سے معلوم کیا کرنا چاہتی ہو؟"

"ابھی معلوم ہو جائے گا۔" میں نے کنکھیوں سے جان محمد کی طرف دیکھا جو بڑی تیزی سے قریب آ رہا تھا۔

"آیئے میم صاب! اتار لیجئے ان سالوں کو۔ میں نے بھائی جی سے ساری بات کر لی ہے۔ انھیں سمجھا دیا ہے۔"

غزالہ نے اس موقع پر پھر کوئی اندیشہ یا گھبراہٹ ظاہر کرنا چاہی تھی لیکن میں نے اُسے ہاتھ دبا کر خاموش کر دیا اور بولی۔ "تم اپنے باپ کو سہارا دے کر لے چلو۔" پھر میں نے اُن دونوں کو گاڑی کا حکم دیا۔

تین بجنے کے بعد غالباً ڈیڑھ منٹ اور گزرا ہوگا کہ مجھے زبیری کی طرف سے لائن کلیئر کا اشارہ ملا۔ میرا دل خوشی سے اچھل پڑا۔ میں فوراً بیوک کو حرکت میں لے آئی اور اسے برق رفتاری سے گلی کی طرف لے گئی۔ موڑ پر مجھے برق رفتار کم کرنا پڑی اور بیوک جیسے ہی زبیری کے قریب سے گزری، زبیری نے ایک لفافہ کھڑکی سے میری گود میں ڈال دیا۔ اس نے بڑی حرکت بڑی پھرتی اور صفائی سے کی تھی لیکن اتفاق سے قرب و جوار میں کوئی تھا

لفافہ اٹھا کر میں نے فوراً اپنی ران کے نیچے دبا لیا کیونکہ مجھے کہاں معلوم تھا کہ آگے بڑھتے، جھٹکے سے، بس سکینڈ میں بیوک احمد یار خاں کے مکان پر پہنچ گئی۔ اس لفافے نے مجھے شدید الجھن میں ڈال دیا تھا اس قسم کی بات پروگرام میں شامل نہیں تھی۔

بیوک رکتے ہی میں نے احمد یار خاں کے مکان کا دروازہ کھلتے دیکھا۔ ایک ادھیڑ عمر کا آدمی باہر نکل کر بیوک کی طرف آنے لگا۔ غالباً احمد یار خاں ہوگا۔

دفعتاً ایک خیال میرے ذہن میں بجلی کی طرح چمکا۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ایک دوسرے کی شناخت کے لیے بلکہ شاید صرف میری شناخت کچھ خفیہ الفاظ مقرر ہوئے ہوں۔ اس کے ساتھ ہی یہ امکان بھی تھا کہ کوالبدی میں ان خفیہ الفاظ کا علم ہوا ہو اور اس نے بذریعہ خط مجھے اس سے باخبر کرنے کی کوشش کی ہو۔

احمد یار خاں اب بیوک سے دو چار قدم کے فاصلے پر تھا اس نے مجھے وہ لفافہ کھول کر دیکھنے کی ذرا بھی مہلت حاصل نہیں تھی۔ میرا دل دھڑکنے لگا۔ ناکامی کا تصور بڑی سوہان روح تھا۔

احمد یار خاں بالکل قریب آگیا اور ڈرائیونگ سیٹ کی کھڑکی جھکتا ہوا سوالیہ انداز میں بولا "یہ فرخ؟"

میرا دل اب بُری طرح اچھلنے لگا۔ فرخ؟ یہ محض ایک سوال ہو سکتا تھا اور شناخت کا خفیہ لفظ بھی جس کے جواب میں شاید مجھے بھی خاص لفظ کہنا چاہیے تھا لیکن کہتی تو میں اس صورت میں جب مجھے کچھ ہوتا۔ میں بس اتنا کر سکی کہ میں نے آہستہ میں سر ہلا دیا اور دھڑکتے دل کے ساتھ اپنی اس حرکت کے ردِ عمل کا انتظار کرنے لگی۔

احمد یار خاں کے چہرے پر کوئی خاص تاثر نہیں پیدا ہوا، اس نے مڑ کر مکان کے دروازے کی طرف دیکھا۔ شاید اس کی آنکھوں نے کچھ کیا ہوگا۔ فوراً ہی دروازے کے دونوں پٹ کھل گئے اور میں نے قریب دیکھ کر اپنے جسم میں مسرت کی لہریں محسوس کیں۔ وہ آدمی اسے اس کے سے پکڑ کر سہارا دیئے ہوئے باہر لا رہے تھے۔ فرخ پر مدہوشی کی کیفیت طاری تھی لیکن عام لوگ اُسے دیکھ کر شاید یہی سمجھتے کہ وہ بیمار ہے۔ اسے ہسپتال لے جانے کے لیے سہارا دے کر گاڑی میں بٹھایا جا رہا ہے۔

احمد یار خاں اب بیوک سے دور ہٹ گیا تھا۔

وہ دونوں آدمی فرخ کو بیوک کے قریب لے آئے۔ پھر انہی میں ایک نے بیوک کی پچھلی نشست کا دروازہ کھولا اور پھر دونوں نے مل کر فرخ کو سیٹ پر ڈال دیا۔ میری رگ رگ میں نشہ سا تیرنے لگا۔ آنی سے کامیابی ہوتی نظر آئے تو کچھ ایسی ہی کیفیت ہوتی ہے۔

ان دونوں نے فرخ کو اندر ڈال کر جیسے ہی دروازہ بند کیا، گاڑی کو حرکت میں لے آئی۔ میں نے اتنی تیزی سے گیئر پر گیئر بدلے جیسے شیطان میرے تعاقب میں دوڑ رہے ہوں۔ حالانکہ گلی کے اختتام

تک پہنچنے میں مجھے کوئی دقت نہیں ہوئی تھی۔ بائیں طرف لوگوں کا ہجوم نظر آرہا تھا۔ اس لئے مجھے بائیں جانب مڑنا تھا۔ میرے اندازے کے مطابق وہ ہجوم جائے حادثہ پر ہوگا۔ شاید کچھ سخت ہو گیا تھا۔

میں بیوک کو تیز رفتاری سے اڑائے لیے چلی گئی۔ مجھے خاصا گھوم کر عین محرکے میں بازار تک آنا پڑا تھا۔ جب میں اسکول پر پہنچی تو وہاں میری منتظر تھی۔ اس کی وجہ سے مجھے رکنا ہی تھا۔

"جلدی سے آجاؤ!" میں نے دروازہ کھولتے ہوئے اضطرابی لہجے میں کہا۔

وہ جلدی سے اندر آگئی اور میں نے دروازہ بند کر کے گاڑی کو بڑھا دیا۔

"کیا بات ہے میم صاب جی!... آپ کچھ پریشان نظر آرہی ہیں!" وہ بولی۔

میں نے کنکھیوں سے اس کی طرف دیکھا اور اس کے چہرے سے یہ اندازہ لگایا کہ ابھی تک اس کی نظر پچھلی سیٹ پر نہیں پڑی ہے۔ اگر اس کو دیکھ لیا ہوتا تو چونک پڑی ہوتی۔

"کوئی خاص بات نہیں" میں نے اُسے ٹالا اور اپنی ران کے نیچے دبا ہوا لفافہ نکال لیا۔ لفافہ بند نہیں تھا اس لیے اسے کھولنے کے لیے مجھے اپنے ہاتھ کی مدد کی ضرورت نہیں تھی۔ اس میں جو تہہ کیا ہوا کاغذ تھا، اس میں کسی نوٹ سی چیز کی موجودگی محسوس ہوئی اور جب میں نے اُسے کھول کر دیکھا تو پتہ چلا کہ وہ ریلوے کے ٹکٹ تھے۔ ان کے ساتھ جو خط تھا، اس پر رضوان کی لکھائی تھی۔ اس نے لکھا تھا۔

بانو!

یہ دو ٹکٹ اتفاق سے ہاتھ لگ گئے ہیں۔ زبیری کا ایک دوست جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہے آج کراچی جا رہا تھا۔ زبیری نے کسی طرح ان دونوں کو روک لیا ہے اور ان کی ریزرویشن اب تمہارے پاس ہے۔ کیسا عجیب اتفاق ہے کہ کراچی میں کیپٹن اتفاق کے گرگوں نے اسی قسم کی منصوبہ بندی پر عمل کیا تھا۔ فرق صرف یہ ہے کہ وہ لوگ فرخ کو اغوا کر کے اسٹیشن لے گئے تھے اور تم فرخ کو آزاد کرا کے اسٹیشن کا رُخ کرو گی۔ یہ بڑا اچھا ہوگا کہ تم فرخ کو لے کر جلد از جلد لاہور سے نکل جاؤ۔ میں تمہیں یہ بتانا بھول گیا تھا کہ بیوک کی پچھلی سیٹ کے نیچے دو بڑے قفے چھپا دیئے گئے ہیں۔ تم اور فرخ اس پر دے میں لاہور سے نکل جاؤ۔ میں بھی بہت جلد کراچی پہنچ جاؤں گا۔

رضوان ساجد

میں نے خط کو توڑ مروڑ کر اپنے بلاؤز میں ٹھونس لیا اور ٹھیک اسی پچھلی سیٹ سے فرخ کے کراہنے کی آواز سنائی دی۔ زبیدہ اس طرح

میرے ذہن میں در آیا۔ میں نے گاڑی ایک جگہ روک دی اور زبیدہ سے کہا "تم یہیں اتر جاؤ اور اسکول کے پھاٹک کے میرا انتظار کرو۔ میں پانچ دس منٹ میں واپس آجاؤں گی۔"

زبیدہ متذبذب نظروں سے میری طرف دیکھنے لگی اور پھر ہولے ہولے آواز میں بولی "آپ ضرور آئیں گی نا میم صاب جی؟"

"ہاں ہاں پگلی!... آؤں گی کیوں نہیں؟" میں نے اس کا گال تھپتھپایا "دراصل مجھے ایک صاحب سے کچھ کام ہے۔ اگر میں تم کو اپنے ساتھ لے گئی تو وہ تمہیں ہنسی کی نظروں سے دیکھیں گے۔ تم اپنے حلیے سے کوئی شہری لڑکی نہیں معلوم ہو رہی ہو۔ میں زیادہ سے زیادہ دس منٹ میں واپس آجاؤں گی۔"

"اچھا میم صاحب جی! میں آپ کا انتظار کروں گی۔"

میں نے دروازہ کھول دیا تھا۔ وہ کار سے اتر گئی۔ میں نے دروازہ بند کیا اور گاڑی کو حرکت میں لے آئی۔ میں تیز رفتاری سے احمد یار خاں کے گھر کی طرف جا رہی تھی۔ میری نظریں بار بار کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی پر پڑ رہی تھیں۔ حالانکہ مجھے دیر نہیں ہوئی تھی لیکن دل و دماغ پر اضطراب چھاتا چلا جا رہا تھا۔

میں جس راستے سے گلی تک پہنچی، وہاں زبیری کھڑا ہوا تھا۔ میرے اندازے کے مطابق اس نے بھی مجھے دیکھ لیا تھا لیکن مجھے اس کی طرف سے "لائن کلیئر" کا اشارہ نہیں ملا۔ مجھے بیوک روک دینا پڑی اور میں گاڑی میں بیٹھے بیٹھے قریب کی دکانوں کو اس طرح دیکھنے لگی۔ جیسے مجھے کسی خاص دکان کی تلاش ہو۔ ساتھ ہی ساتھ میں کنکھیوں سے زبیری کی طرف بھی دیکھتی جا رہی تھی۔ میں نے محسوس کیا کہ زبیری بھی مضطرب تھا اور اس کی نظریں گلی کے دوسرے سرے پر لگی ہوئی تھیں۔ اس سرے پر غالباً رضوان ہوگا۔ زبیری کو جب رضوان سے اشارہ ملتا تو وہ مجھے اشارہ دیتا اور یہ بھی ممکن تھا کہ وہ بیوک اسی راستے سے آتی جہاں میں رُکی ہوئی تھی۔ اس صورت میں سارا تماشہ میری نظروں کے سامنے ہی ہو جاتا۔

اب ٹھیک تین بجنے والے تھے۔

گزرتے ہوئے سیکنڈ مجھ پر صدیوں کا بوجھ ڈالے دے رہے تھے کہیں ایسا تو نہیں کہ پروگرام میں کوئی تبدیلی آگئی ہو؟... حالانکہ ابھی کچھ ایسی دیر نہیں ہوئی تھی لیکن ایسے وقتوں پر تاریک پہلو کچھ زیادہ ہی شدت سے ابھرتے ہیں۔

تین بجنے کے بعد غالباً ڈیڑھ منٹ اور گزرا ہوگا کہ مجھے زبیری کی طرف سے لائن کلیئر کا اشارہ ملا۔ میرا دل خوشی سے اچھل پڑا۔ میں فوراً بیوک کو حرکت میں لے آئی اور اسے برق رفتاری سے گلی کی طرف لے گئی۔ موڑ پر مجھے برق رفتار کم کرنا پڑی اور بیوک جیسے ہی زبیری کے قریب سے گزری، زبیری نے ایک لفافہ کھڑکی سے میری گود میں ڈال دیا۔ اس نے بڑی حرکت بڑی پھرتی اور صفائی سے کی تھی لیکن اتفاق سے قرب و جوار میں کوئی تھا

پندرہ منٹ باقی ہیں۔ اسی شریف آدمی نے ڈبے تک ہماری رہنمائی بھی کی اور اس وقت مجھے پتہ چلا کہ وہ ایک ایئر کنڈیشنڈ کوپا تھا جس میں صرف دو برتھیں نظر آ رہی تھیں۔

میں نے فرخ کو ایک برتھ پر لٹا دیا اور پھر کوپے کا دروازہ اندر سے بند کر لیا۔ زبیدہ کے بارے میں میں نے سوچا تھا کہ اس کا ٹکٹ راستے ہی میں ٹی ٹی سے بنوا لوں گی۔

ٹرین کی روانگی میں شاید پانچ منٹ رہ گئے تھے کہ کوپے کے دروازے پر دستک ہوئی۔ میں سمجھی کہ شاید ٹی ٹی آگیا ہے۔ میں نے اٹھ کر دروازہ کھولا اور پھر جھجک کر ایک قدم پیچھے ہٹ گئی۔ مجھے اپنے اعصاب پر زناٹا سا محسوس ہوا تھا۔ یہ بات تو میرے سان وگمان میں بھی نہیں تھی کہ میں ایک پولیس انسپکٹر اور دو سپاہیوں کو اپنے سامنے کھڑا ہوا پاؤں گی۔

جب تک سانس کا آنا چڑھاؤ جاری ہے زندگی کے نشیب و فراز سے فرار حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ یہ نشیب و فراز کم یا زیادہ ہر شخص کا مقدر ہیں۔ میری زندگی نشیب و فراز ہی سے عبارت رہی ہے لیکن غیر متوقع صورت حال سے ذہن کو جھٹکا لگنا فطرت کے عین مطابق ہے۔ ان پولیس والوں کو دیکھ کر میں اگر دو قدم پیچھے ہٹ گئی تو اس میں خجالت یا عار کا کوئی پہلو نہیں نکلتا۔

میرے اس اضطراری عمل سے پولیس والوں کو یہ فائدہ پہنچا کہ وہ بلا تکلف ڈبے میں گھستے چلے آئے۔ زبیدہ جو بیٹھی ہوئی تھی، گھبرا کر کھڑی ہو گئی۔ میں نے ان چند لمحوں میں سنبھالا لے لیا تھا۔

"کیا مطلب ہے اس دخل اندازی کا؟" میں تیز لہجے میں بولی۔

"ہم ایک ایسی لڑکی کی تلاش میں ہیں جسے کراچی سے اغوا کیا گیا ہے۔" سب انسپکٹر نے تجسس نظروں سے زبیدہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا اور پھر اس کی نظریں فرخ پر گڑ گئیں جو بدستور غشی کے عالم میں تھی۔

"اور آپ اس لڑکی کو ایک ایسی ٹرین میں تلاش کر رہے ہیں جو کراچی جا رہی ہے۔" میں نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"کراچی اور لاہور کے درمیان میں متعدد اسٹیشن ہیں اور ان میں سے کسی بھی اسٹیشن پر اترنا کوئی غیر قانونی فعل نہیں۔" سب انسپکٹر چند قدم اور آگے بڑھ کر فرخ کے بالکل قریب پہنچ گیا اور بولا۔ "کیا یہ لڑکی سو رہی ہے؟"

"بے ہوش ہے۔" میں نے اطمینان سے جواب دیا۔ "بعض قریبی رشتہ داروں سے بچھڑنے کے غم میں یہ بہت رو دی تھی اور اس کا نتیجہ بیہوشی ہی کی صورت میں نکلنا چاہیے تھا۔"

"بہت خوب!" سب انسپکٹر کے لہجے کی چبھن میں نے اپنے دماغ پر محسوس کی۔

میں بہت تیزی سے سوچ رہی تھی۔ مجھے شبہ تھا کہ یہ اصلی پولیس نہیں ہیں۔ وہ بھی کوئی غیر امکانی بات نہیں تھی کہ سارے ملک کی پولیس کے بارے میں ہوشیار کر دیا گیا ہو لیکن یہ بات جی کو نہیں لگتی تھی کہ پولیس اچانک اسی ڈبے میں پہنچ سکتے ہیں جس میں فرخ موجود ہو۔ ڈبہ بھی ٹرین کا جس کا سفر اسے کراچی سے دور نہیں بلکہ کراچی کے قریب لے جا رہا تھا کہ میں نے اس کے قریب پہنچ کر ریوالور کے گرگے تھے۔ انہیں اسٹیشن اس لئے بھیجا گیا تھا کہ اگر انہیں فرخ تو وہ قانون کی آڑ لے کر اسے دوبارہ اپنے قبضے میں کر لیں۔ یہ اپنا کہ لوگوں کی نظر میں بھی ہو گا کہ فرخ کو واپس کراچی لے جانے کی کوشش لہٰذا وہ سب سے پہلے اسٹیشن کی طرف ہی دوڑ لگا سکتے تھے۔

"یہ لڑکی کون ہے؟" سب انسپکٹر نے زبیدہ کی طرف اشارہ بہت گھبرائی ہوئی نظر آ رہی تھی۔

"میری ملازمہ ہے۔"

"ہوں۔" سب انسپکٹر نے چند لمحے کچھ سوچا، پھر دیکھتا ہوا بولا۔ "آپ لوگوں کو ہمارے ساتھ پولیس اسٹیشن چلنا

وہی بات سامنے آگئی تھی جس کا مجھے دھڑکا تھا۔

ریلوے انجن نے سیٹی دی۔

"جلدی کیجئے!" پولیس افسر بولا اور پھر اس نے اپنے سپاہیوں کو وہ فرخ کو سہارا دے کر اٹھائیں۔

میں ابھی تک دروازے کے قریب ہی کھڑی ہوئی تھی۔ میں اہم قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا اور اس پر عمل کرنے میں کسی تاخیر کو گوارا ان نقلی پولیس والوں کو شاید اس قسم کی کسی حرکت کا خدشہ لہٰذا جب تک وہ سنبھلتے، میں اپنا کام کر چکی تھی۔ میں نے پھرتی سے دروازہ بند کر لیا تھا بلکہ اپنا پستول بھی نکال لیا تھا۔

"تم تینوں اپنے ہاتھ اوپر اٹھا دو!" میری تیز سرگوشی اس طرح گونجی جیسے سانپ کی پھنکار ہو۔

ایک پل میں ان تینوں کے چہروں نے اپنی رنگت کھو دی انہوں نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھا دیئے تھے۔ ایسے موقعوں پر اگر ایک ضائع ہو جائے تو انجام کار پچھتانا پڑتا ہے لہٰذا میں ایسے حالات تیزی سے اقدامات کر رہی ہوں۔ میں برق رفتار سے آگے بڑھ کر انسپکٹر کے قریب پہنچ گئی اور پھر اس کی کنپٹی پر پڑنے والی میرا ہاتھ کی گھڑی چوٹ نے اسے ہوش و حواس کی دنیا سے بیگانہ کر ہوئے شہتیر کی طرح گرا اور اسی وقت انجن نے دوسری سیٹی دونوں کانسٹیبلوں نے مجھ پر بیک وقت ٹوٹ پڑنا چاہا کو تو اپنے پیٹ پر میرے گھٹنے کی ضرب کو خوش آمدید کہنا پڑا اور دو کال پر الٹے ہاتھ کا اتنا موثر تھپڑ پڑا کہ اس نے سوچ کی کہکشاں گھومتا محسوس کیا ہو گا۔ وہ چکرا کر کھڑکی سے جا ٹکرایا اور دوسرا

ہوا میں نے اس کی پیشانی پر ماری تھی۔ وہ الٹ کر نیچے گرا۔ کھلا ہوا تھا۔ میں ایک برتھ پر چڑھ گئی تھی۔ ٹرین کے ہلکے ڈگمگا گئی اور گرتے گرتے بچی۔

بھی کھڑکی سے ٹکرایا، سر جھٹک جھٹک کر میرے ہاتھ کی کو سر راہ رہا تھا کہ میں نے اس کے قریب پہنچ کر ریوالور کے میرے کی تو اضح کی۔ یہ تو اضح اس کی اوقات سے کچھ زیادہ لے پایا بھی کچھ ایسا ہی تھا لہٰذا وہ کم از کم دس منٹ تک کے لئے ڈھیر ہو گیا۔ اس کا ساتھی اپنی پیشانی سے بہتے ہاتھ سے دبائے ہوئے اٹھنے کی کوشش کر رہا تھا کہ میں برق سر پر تک گئی۔ اس کا سر میری ٹھوکروں کا ٹارگٹ بن گیا۔ ایک چیخیں نکلیں اور پھر وہ ٹھوکروں کے احساس سے

رفتار میں بتدریج اضافہ ہو رہا تھا۔

ریوالور رکھ لیا اور مسکرا کر زبیدہ کی طرف دیکھا۔

سب کیا ہے میم صاب جی؟" زبیدہ کا پتہ ہوتی آواز میں بولی۔

"ہاں میں اس کے قریب پہنچ کر اس کا گال تھپتھپانے لگی۔

گی تو یہ تماشے آئے دن دیکھنا پڑیں گے۔ ایسی باتوں سے چھوڑ دو!"

ہم صاب جی..... یہ تو پولیس والے....."

"پولیس والے نہیں ہیں۔" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے سب باتیں اطمینان سے کرنے کی ہیں۔ پہلے ذرا ان تینوں کا ل۔"

گی سمجھ میں نہ آ سکا ہو گا کہ "بندوبست" سے میری مراد کیا ہے؟ چاہا تو ان تینوں کی تلاشی لی اور اس تلاشی میں میرا یہ وہ تینوں پولیس سے کوئی تعلق نہیں رکھتے تھے۔ ان کی ذاتی کارڈ تھے، نہ کوئی دوسرا ایسا کاغذ تھا جو پولیس کے تعلق کو روشنی میں لاتا۔ کانسٹیبلوں میں سے ایک کی جیب سے ان میں بہت سے نام پتے اور ٹیلیفون نمبر درج تھے۔ یہ میرے کام آ سکتی تھی اس لئے وہ میں نے اپنے پرس میں ہاں میں نے ان کی جیبیں ہی میں رہنے دیں کیونکہ وہ میرے تی تھیں۔ ان کے لباس کو پھاڑ پھاڑ کر میں نے اس طرح ں۔ اس رسی سے میں نے تینوں کے ہاتھ پیر باندھ دیئے۔ پہلی میری حرکتوں کو دیکھتی رہی۔ انھیں باندھنے کے بعد ہوئی ایک ایک کر کے ہاتھ روم میں لے گئی۔ ہاتھ روم زیادہ گھسی۔ کسی طرح میں نے ان کو ٹھونس ہی دیا اور دروازہ بند ہاتھ جھاڑے جیسے کوڑا باہر پھینک کر آئی ہو۔

میں زبیدہ کے پاس بیٹھ گئی اور اس کے گلے میں بانہیں ڈال کر بولی۔ "آخر تم اتنی گھبرا کیوں رہی ہو جان من!..... مجھے دیکھو! یہ سب کچھ کرنے کے بعد بھی کتنی مطمئن ہوں۔"

"یہ لوگ پولیس والے نہیں ہیں تو کون ہیں؟"

"بدمعاش۔" میں نے جواب دیا۔ "ان لوگوں نے فرخ کو کراچی سے اغوا کیا تھا۔ فرخ اس لڑکی کا نام ہے۔ اسی کو ان لوگوں سے چھڑانے کے لئے میں لاہور آئی تھی۔ بمشکل تمام میں اسے ان لوگوں سے چھیننے میں کامیاب ہو سکی۔ ان لوگوں کو اندازہ ہو گا کہ میں فرخ کو جلد از جلد کراچی لے جانے کی کوشش کروں گی لہٰذا انہوں نے اپنے تین آدمیوں کو اسٹیشن کی طرف دوڑا دیا۔ انہوں نے پولیس کی وردی پہن کر اپنے کام کو آسان کرنے کی کوشش کی تھی لیکن میں انہیں تاڑ گئی۔"

"اب آپ ان کا کیا کریں گی؟"

"بس یہ باتھ روم میں بند رہیں گے۔ کراچی پہنچ کر بھی میں ان کو نہیں نکالوں گی۔ بعد میں ڈبے کی صفائی کرنے والوں کو ان کا پتہ چلے گا اور اس کے بعد جو کچھ بھی ہوتا رہے، مجھے اس کی پرواہ نہیں ہے۔"

"یہ بے ہوش ہیں؟" زبیدہ نے فرخ کی طرف اشارہ کیا۔

"ہاں۔"

"تو آپ انہیں ہوش میں کیوں نہیں لاتیں؟"

"اسے خود ہی ہوش آئے گا۔ دراصل اسے غشی کی دوا دی گئی ہے۔ اس کا توڑ دوا ہی سے کیا جا سکتا ہے اور دوا میرے پاس نہیں ہے۔"

زبیدہ متفکر نظروں سے فرخ کی طرف دیکھتی رہی۔

چیختی چنگھاڑتی ہوئی ٹرین اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھی لیکن ایئر کنڈیشنڈ کوپے کی فضا اس شور سے خالی تھی۔

فرخ کو حاصل کرنے کے بعد اب میں اپنے ذہن کو ایک بہت بڑے بوجھ سے آزاد پا رہی تھی۔ ڈبے میں جو کچھ ہو چکا تھا، اسے اپنے ذہن سے جھٹکنے کے لئے میں نے زبیدہ کو اپنی آغوش میں گھسیٹ لیا اور اس کے بکھرے ہوئے ہونٹوں میں اپنی دل بستگی کا سامان ڈھونڈنے لگی۔

رضوان لاہور میں ہی رہ گیا تھا لیکن مجھے توقع تھی کہ وہ بھی جلد ہی کسی ٹرین سے کراچی کے لئے روانہ ہو جائے گا۔

میرے پاس خورد و نوش کا سامان نہیں تھا اس لیے اب اس کے سوا کوئی صورت نہیں تھی کہ کراچی پہنچنے تک صرف پانی پر گزارا کیا جائے۔ کھانے کی کوئی چیز خریدنے کے لئے ڈبے سے اترنا خطرناک ثابت ہو سکتا تھا۔ میرے اندازے کے مطابق، اپنے تین ساتھیوں کے لاپتہ ہونے سے ان لوگوں نے سمجھ لیا ہو گا کہ انہیں پھر شکست ہوئی ہے، نیز یہ کہ میں اسی ٹرین میں سفر کر رہی ہوں۔

مجھے یقین تھا کہ اپنی اس شکست پر کیپٹن آفاق دانت پیس رہا ہو گا۔

تھا کہ میں بڑے سے بڑے خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار رہوں۔
لیکن وقتی طور پر میں ان سب باتوں کو فراموش کر کے زبیدہ کے جوان بدن کا سیمیں رنگ چرا تی رہی۔ میرے ہونٹ اس کے عارض گلگوں سے سرگوشیاں کرتے کرتے گستاخیوں کی منزل سے گزر گئے۔ میرے ہاتھوں نے جذبات کے ہر دَور پر دستک دی اور زبیدہ کی حرکات و سکنات نے بھی مجھے مایوس نہیں کیا۔ تاہم جو لمحے میں نے صحرا میں محسوس کی تھی، زبیدہ میں اس کا فقدان تھا۔ بس اس کی شہابی رنگت ہی میرے دل کو بھائی تھی اور میں نے دہشت میں اس رنگت کو نچوڑ نچوڑ ڈالا تھا۔
شام تک کے وقت کے مشیر حصے میں دو بدن یونہی جلتے رہے اور ان کے پسینے کی مہک سے تنفس کی آشنائی کا سلسلہ ٹوٹ نہ سکا۔
شام کو جب فرخ نے کروٹ بدلی تو میں اس کے بالکل قریب ہو گئی۔ اب اسے ہوش آنے والا تھا۔ میں نے اس کے پہلو میں لیٹ کر اپنا بازو اس کی گردن کے نیچے کر دیا اور دوسرا ہاتھ بڑے پیار سے اس کے چہرے پر پھیرنے لگی۔ ساتھ ہی میں اسے دھیمی آواز میں پکارتی بھی جا رہی تھی۔
"فرخ!.... فرخ!.... جان!.... آنکھیں کھولو جان!"
فرخ کی آنکھیں کھل گئیں اور وہ آہستہ آہستہ پلکیں جھپکانے لگی۔ اس کا چہرہ جذبات سے عاری تھا۔
"فرخ!.... جان!" میں نے اسے پھر پکارا۔
اس نے میری طرف سر گھمایا اور اس طرح دیکھنے لگی جیسے پہچاننے کی کوشش کر رہی ہو۔ آنکھیں کھل جانے کے بعد بھی اس کے حواس ابھی پوری طرح بیدار نہیں ہوئے تھے۔ اس کی آنکھوں میں شناسائی کی جھلک مجھے چند لمحے بعد نظر آئی تھی۔
"بانو!" اس کے منہ سے مدھم سی آواز نکلی۔
"ہاں جان!" میں نے اس کے نچلے ہونٹ پر انگلی پھیری۔ "گھبراؤ نہیں۔ اب تم محفوظ ہو۔ میں تمہیں ان لوگوں سے چھڑا لائی ہوں۔"
"بانو!" فرخ نے پھر ایک سسکاری لی اور مجھ سے لپٹ گئی۔ اس کی آنکھوں کے دروازوں سے آنسوؤں کا ہجوم امڈ پڑا تھا۔ ان آنسوؤں میں مسرت اور تشکر کی چمک کے ساتھ کرب بھی جھلک رہا تھا۔ میں نے اپنے ہونٹ اس کی آنکھوں پر رکھ دیئے۔ وہ موتی اتنے کم قیمت تو نہیں تھے کہ خاک نشیں ہو جاتے۔ ان کی جگہ تو میرے دل کے مرکز میں بھی۔ میرے ہونٹ انہیں اس مرکز پر جمع کرتے رہے۔ فرخ کے دل کا بوجھ ہلکا ہوتا رہا۔ میں نے اسے چپ ہونے کی تلقین نہیں کی۔ آنسو بہہ جاتے ہیں تو دل کا غبار صاف ہو جاتا ہے۔ جب وہ غبار صاف ہو گیا تو میں نے زبیدہ سے کہا کہ وہ باتھ روم سے گلاس میں پانی بھر لائے۔ ایک گلاس وہاں پہلے ہی سے موجود تھا۔ ممکن ہے وہ ڈائننگ کار کا ہو۔ زبیدہ پانی لے آئی تو میں نے فرخ کو بٹھایا اور گلاس اس کے ہونٹوں سے لگا دیا۔
مُرجھایا ہوا گلاب، سیراب ہوا تو اڑی ہوئی رنگت واپس لوٹنے لگی۔ ٹٹولا اور پھر سوالیہ انداز میں میری طرف اٹھیں۔
"یہ زبیدہ بھی تمہاری طرح ایک مصیبت زدہ لڑکی ہے۔" فرخ کی نگاہوں کو جواب دیا۔ "سوتیلے باپ کی ستائی تھی۔ میں اس کی لاٹھی بن گئی ہوں۔ محبت کی بھوکی ہے۔ بولو گی تو یہ تمہاری بھی ہو جائے گی۔"
فرخ نے محبت آمیز مسکراہٹ کے ساتھ زبیدہ کی طرف بھی مسکراہٹ دیکھی اور کچھ سنگفتہ کلیوں کی بہار دیکھی اور قریب بٹھا لیا۔ فرخ کچھ میری طرف متوجہ ہو گئی۔ اس کی آنکھیں مچل رہی تھیں۔ ان سوالوں کو نطق کی حاجت بھی نہیں تھی۔ میرے احساس کی چھاتی میں دھڑکنے لگے تھے اور میں انہیں سمجھ سکتی تھی۔ انہیں سمجھ سکتی تھی۔ میں فرخ کو بتانے لگی کہ اس نے اس قیامت کا بھی اظہار کیا جو اس کے اغوا سے مجھ پر گزری۔ اسے تفصیل سے بتایا کہ اسے حاصل کرنے کے لئے مجھے کیا کیا پاپڑ بیلنے تھے۔ اس نے میری باتوں کو بڑے غور سے سنا اور بڑی کسی موقعے پر وہ بے حد سنجیدہ نظر آنے لگی اور کبھی اس گوشے مسکراہٹ سے کانپنے لگی۔ لیکن اس نے بیچ میں مجھے نہیں ٹوکا۔ سب کچھ سننا اور جب میں بیان کی تکمیل پر چپ ہو گئی تو پھر مجھ سے لپٹ گئی۔
"ہائے بانو...! آپ نے مجھ کم نصیب کے کیوں مول لیے۔؟ میں اس قابل تو نہیں ہوں۔"
"میرے دل کو گویائی کی طاقت مل جائے تو... پچاس دھڑکنیں تمہاری ایک سانس سے کم قیمت ہیں۔" بالوں میں انگلیاں الجھاتے ہوئے کہا۔ "خود ہمیں کو اپنی نہیں ہوتا۔ اس کا تعین تو آنکھوں میں پیدا ہونے والی فرخ نے کچھ نہیں کہا۔ وہ مجھ سے اس طرح مخمور ہو گئی ہو۔
"تمہیں بھوک تو لگی ہو گی جان؟" میں نے اس "بھوک؟" وہ مجھ سے الگ ہو کر مسکرائی محسوس کر رہی ہوں جیسے میرے پیٹ میں صدیوں سے فاقہ ہو۔
"مگر جان! میں تمہیں کھانے کے لیے کچھ بھی نہیں میں نے افسوس کے کہا۔ "آفات کے بھوت ہمارے تعاقب ہیں۔ اگر ہم نے ڈبے کا دروازہ کھولا تو شاید قیامت ہی پہنچنے تک ہمیں ڈبے تیں معتقد رہنا ہے۔"
"اوہ تو اس میں آپ کو اتنا مغموم ہونے کی کیا بات "اس خیال سے میرا دل کٹا جا رہا ہے کہ تم بھوکی ہو۔"
"اب میں کوئی ایسی شخصی بچی بھی نہیں ہوں کہ ایک برداشت نہ کر سکوں۔" فرخ نے ہنس کر کہا۔

"ہماری ہمت ہی نہیں پڑے گی دروازہ کھولنے کی۔" فرخ بولی۔
میں ہنس کر پرتھ پر لیٹ گئی۔ میں نے اپنا سر زبیدہ کی گود میں رکھ دیا تھا۔ زبیدہ کے چہرے پر تبسم سی سرخی پھیل گئی۔ یہ سرخی ایسی ہی تھی جیسے دکھتے ہوئے انگارے پر راکھ کی باریک سی پرت آ گئی ہو۔
"ذرا سر تو سہلاؤ زبی!" میں نے زبیدہ سے کہا۔
اس نے اپنی خوبصورت انگلیاں میرے بالوں میں الجھا دیں اور انگلیوں کو اس طرح حرکت دینے لگی کہ مجھے تسکین کا احساس ہوا۔ دو خوبصورت وجود میرے قریب تھے اور میں بڑی آسودگی محسوس کر رہی تھی۔ میں نے ٹانگیں پھیلا کر بایاں پیر فرخ کی گود میں رکھ دیا اور وہ بڑے پیار سے میرا تلوا سہلانے لگی۔ ان لمحات کو میں نے کیف و انبساط سے لبریز پایا اور جلد ہی میری پوجھل پلکوں نے آنکھوں کو ڈھانپ لیا۔ سہانے خواب میری بند آنکھوں میں در آئے اور خوابیدہ دماغ میں خوشبوئیں مچلنے لگیں۔ اگر ان خوشبوؤں کی لپیٹ میں آ جاؤ تو گمنام زندگی کا سفر بڑا آسان معلوم ہونے لگتا ہے۔
جب میری آنکھ کھلی تو بھی میرا سر زبیدہ کی گود میں اور پیر فرخ کی گود میں تھا۔ میں نے اپنی کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی پر نظر ڈالی۔ ڈھائی بجنے والے تھے۔
"ارے!" میں جلدی سے اٹھ بیٹھی۔ "میں تو چھ ساڑھے سات گھنٹے سو لی۔"
"اچھا ہے نا!.... آپ کا دماغ اب ہلکا پھلکا ہو گیا ہو گا۔" فرخ بولی۔
"اور تم دونوں اتنی دیر تک یوں ہی بیٹھی رہیں۔ سو جاتیں تم دونوں بھی۔"
"آپ کی نیند جو ٹوٹ جاتی میم صاب جی!.... آپ کا سر میری گود میں تھا۔"
"اور میری گود آپ کے پیر سے آباد تھی۔" فرخ نے ہنس کر کہا۔ میری نظروں سے پھوٹتی ہوئی محبت ان دونوں پر نچھاور ہونے لگی۔
"اچھا اب تم دونوں سو جاؤ!" میں نے بڑے پیار سے کہا۔
"آپ بھی سو جائیے!.... ابھی تو بہت رات باقی ہے۔"
"نہیں اب مجھے نیند نہیں آئے گی۔ کافی سو چکی ہوں۔" میں نے اپنے پرس میں سے سگرٹ کا پیکٹ نکالتے ہوئے کہا۔
وہ دونوں لیٹ گئیں اور میں سگرٹ جلا کر ہلکے ہلکے کش لینے لگی۔ اب ایک بار پھر میرے دماغ پر تفکر کی گرد نے جمنا شروع کیا۔ آنے والا وقت اپنی اہمیت کا پرچم لہرا رہا تھا۔ میں یہ فیصلہ تو کر چکی تھی کہ کراچی پہنچنے تک ڈبے کا دروازہ نہیں کھولوں گی لیکن سوال کراچی پہنچنے کے بعد کا تھا۔ اس میں کسی شک و شبہے کی گنجائش نہیں تھی کہ وہاں کپتان آفاق کے گرگے ہمارے سواگت کے لیے پوری طرح تیار ہوں گے۔ میں یہ اندازہ لگانے سے قاصر تھی کہ سواگت

"خیال کیوں ہوا آپ کو؟.... ارے ہاں! آپ کو کیا معلوم؟ میں کتنی وقت کی بھوکی نہیں ہوں۔ آج دوپہر کو بھی ان لوگوں کا دیا تھا اور میں نے کچھ لقمے زہر مار کر لیے تھے۔" فرخ نے بتایا۔
"میں کہہ سکتی کہ اس نے میری تسلی کے لیے ایسا کہا تھا یا حقیقت

"فرخ!" میں نے مشتعل ہو کر کہا۔ "کراچی پہنچ کر میں ان ری تکلیف کے ایک ایک لمحے کا حساب لوں گی۔ ابھی تک مقابل اپنی طاقت کا مظاہرہ نہیں کیا ہے۔ اب میں ان لی کو صحیح بانو کیا چیز ہے۔"
"وہ لوگ مجھ سے پوچھیں تو میں انہیں بتاؤں کہ صحیح بانو کیا فرخ نے مسکرا کر کہا۔
"بتاؤ گی تم ان کو؟" میں نے اس کا نچلا ہونٹ پکڑ کر ہولے وڑا۔
"میں انہیں بتاؤں گی کہ صحیح بانو التفاتِ مجسم کا نام ہے۔"
"ان لوگوں کے لیے تو میں قضائے مبرم ثابت ہوں گی۔"
"ہیں بانو! میری خاطر آپ خطرات سے نہ الجھیے گا۔ اگر آپ کو ان پہنچ گیا تو میں خود کو کبھی معاف نہ کروں گی۔"
"نہیں جان! مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ ایسے لوگوں سے نقصان پہنچتا ہے ان عورتوں کا قصور صرف یہ ہے کہ وہ ہیں۔"
"تینوں باتھ روم میں ہی بند ہیں؟" فرخ کی ذہنی رَو دوسری طرف مڑ گئی۔
"اب کیا دیکھو گی انہیں؟"
"ہم جائیں وہ۔ مجھے کیا پڑی ہے کہ انہیں دیکھوں۔"
"اب ہوش میں ہیں۔" زبیدہ نے مجھے بتایا۔ "جب میں باتھ روم گئی تھی تو وہ مجھے ایسی نظروں سے گھورنے لگے تھے جیسے کچا کھا جاؤں گی انہیں۔" میں ہنس کر بولی۔
"ہی رفتار میں اچانک کمی آ گئی تھی۔
"ہاں، کوئی اسٹیشن آ گیا۔" زبیدہ بولی۔
"ہی ہے، سگنل نہ ہوا ہو۔" میں نے خیال ظاہر کیا۔
"کچھ بعد ہی میرے خیال کی تصدیق ہو گئی کیونکہ گاڑی کی رفتار واقعی گاڑی کے رکنے سے پہلے ہی لائن کلیر مل گئی تھی۔
"اچھا جان!" میں نے فرخ کی ٹھوڑی پکڑ کر کہا۔ "اب اجازت سولوں۔ دو راتوں سے جاگ رہی ہوں۔"
"اچھا آپ سو جائیے! آپ کی آنکھیں سُرخ ہو رہی ہیں۔"
"اور دروازہ ہرگز نہ کھولنا!.... اگر کوئی دستک دے تو دروازہ ہرگز نہ کھولنا!

صبح تک میرا دماغ اسی ادھیڑبن میں لگا رہا۔ فرخ اور زبیدہ سوئی رہیں۔ سگریٹ پی پی کر میرا حلق کڑوا ہو گیا تھا۔ میں اٹھ کر باتھ روم میں گیا۔ وہ تینوں آنکھیں بند کیے بے حس و حرکت پڑے ہوئے تھے۔ میں نے پرجھانے کی ضرورت نہیں سمجھی کہ وہ گھٹن سے بے ہوش ہو گئے تھے یا انہیں نیند لگ گئی تھی۔

میں نے واش بیسن میں تین چار کلیاں کیں، دو گھونٹ پانی پیا اور باتھ روم سے نکل آیا۔ سوتی ہوئی زبیدہ اور فرخ کے چہروں پر میں نے بڑے پیار سے ہاتھ پھیرے، ان کے چہروں پر بکھرے ہوئے بال سمیٹ کر میں اپنی جگہ پر بیٹھ گیا۔

آٹھ نو بجے کے درمیانی حصے میں وہ دونوں جاگ گئیں۔ بھوک نے فرخ کو نڈھال کر رکھا تھا۔ اس کے چہرے کی گمشدہ رنگت سے اس کے حالِ زار کی ساری کیفیت عیاں تھی لیکن اب بھی اس نے اپنی نڈھال کیفیت کو الفاظ بن کر زبان پر نہ آنے دیا۔

فی الحال تو پانی کے دو گھونٹ ہی ان دونوں کا بھی مقدر تھے۔ میں نے فرخ کا جی بہلانے کے لیے اِدھر اُدھر کی باتوں میں الجھا لیا۔ اس گھنگھور میں خاصا وقت گزر گیا۔ اب میرے اندازے کے مطابق ٹرین کو کراچی کے مضافات میں ہونا چاہیے تھا۔ گویا منزل قریب آ چکی تھی اور فیصلہ کن لمحات کا دیو میرے ساتھ ٹکر کا مسکرا رہا تھا۔ میرے چہرے پر پھیلا ہوا اضطراب ذہین فرخ کی نگاہوں سے چھپا نہ رہ سکا اور وہ بول پڑی۔

"آپ اچانک کچھ پریشان نظر آنے لگی ہیں۔"

"پریشان! نہیں تو۔" میں ہنس پڑی۔

فرخ بھی کچھ کہنا چاہتی تھی لیکن الفاظ اس کے منہ میں پھنس کر رہ گئے۔ ٹرین کو اچانک دھچکا سا لگا تھا اور اس کے ساتھ ہی انجن کی تیز سیٹی سنائی دی تھی۔ پھر فوراً ہی ٹرین کی رفتار میں بتدریج کمی کا بھی احساس ہوا۔

"گاڑی کسی چیز سے ٹکرائی تھی۔" میرے منہ سے بیساختہ نکلا۔

"کس سے؟" زبیدہ کے چہرے کا رنگ اڑ گیا۔

"کوئی جانور آ گیا ہوگا پٹڑی پر۔" میں نے جواب دیا۔ "کسانوں کی گائیں بھینسیں اور گدھے اکثر گاڑی کے سامنے آ کر ہلاک ہو جاتے ہیں۔"

ٹرین کی رفتار خاصی تیزی سے کم ہوتی چلی گئی تھی اور بالآخر وہ رک ہی گئی۔ میں بے اختیار ایک کھڑکی کھول کر باہر جھانکنے لگی۔ اگر اسے بے احتیاطی کہا جائے تو یہ اس سفر کے دوران میں میری پہلی بے احتیاطی تھی۔ ویسے بھی چونکہ وہ کوئی اسٹیشن نہیں تھا اس لیے خطرے کی کوئی بات نہیں تھی۔ میں نے لوگوں کو دیکھا جو ڈبوں سے اُتر اُتر کر آگے، انجن کی طرف بھاگ رہے تھے۔ کچھ لوگوں نے میری طرح صرف کھڑکی سے جھانکنے پر اکتفا کر رکھا تھا۔ میں نے ادھر اُدھر نظر دوڑا کر ماحول کا جائزہ لیا تو مجھے پتہ چلا کہ گاڑی ابھی ابھی لانڈھی کے اسٹیشن سے گزری تھی۔

"یہاں سے میں بس اتنا ہی دیکھ سکتی ہوں کہ لوگ جمع ہو رہے ہیں اور جھک جھک کر انجن کے نیچے کچھ دیکھ رہے ہیں۔ کوئی جانور ہی ہلاک ہوا ہے۔ اس کی لاش انجن کے نیچے پھنس کر رہ گئی ہوگی۔"

"تو کیا گاڑی اب دیر تک رُکے گی؟" فرخ کے حلق میں دھچکا لگ گیا کیونکہ رضوان کی وہاں موجودگی تو میں بھی نہیں تھی۔

"جب تک اس لاش کو نہ نکالا جائے..." میرے جملے کو فرخ نے جلدی سے اتر آؤ!" رضوان اکھڑ ہوا مجھ سے کہہ رہا تھا۔ اس کی نظریں میرے چہرے کا جائزہ لینے میں مصروف تھیں۔ شاید کوئی متوقع خط میں کمبل ابا تھا۔

رضوان کی وہاں موجودگی حیرت انگیز ہونے کے سا غور بھی تھی لیکن اس موقع پر غور و فکر میں وقت گزار دینا ما مجھے اور فرخ کو ڈبے سے اتار لینا چاہتا تھا تو یقیناً اس میں کچ وہ مجھ سے پہلے یہاں پہنچ گیا تھا اس لیے یقیناً میں نے حالات لے لیا ہوگا۔ میں نے تیزی سے بچے ہٹ کر کھڑکی بند کی اند پکڑتی ہوئی بولی۔

"چلو! ہمیں یہیں اترنا ہے۔"

"اور... اور... مجھے..... میم صاب جی!"

"تم کو میں یہاں کیسے چھوڑوں گی؟ تم بھی آؤ!"

"بانو!" فرخ پر عشوہ طرازی لہجے میں بولی۔ "یہ تو شاید جو کلفٹن پر....."

"ہاں اس کا نام رضوان ہے۔ اپنا دوست ہی سمجھو!" کھولتے ہوئے جواب دیا۔ میں نے تمہیں اس کے بارے میں

فرخ گھبرائے ہوئے انداز میں بس سر ہلانے لگی۔

میں نے دروازہ کھول کر پہلے تو فرخ کو اتارا اور پھر ز

زبیدہ کو دیکھ کر چونک پڑا تھا جب میں اتری تو میرا خیال تھا کہ زبیدہ کے بارے میں سوال کرے گا لیکن موقعے کی نزاکت سے زیادہ معلوم تھی۔ اس نے بس اتنا کہا۔ "ادھر چلیں سب

میں نے رضوان کے پیچھے قدم اٹھائے۔ زبیدہ میرا ہاتھ تھامے ہوئے تھی اور فرخ نے خود کو میرے دائیں بازو سے چپکا لیا تھا بڑھاتے ہوئے میری نظریں اِدھر اُدھر کے ماحول سے پوری طرح گویا اس سچوئیشن میں کسی بھی خطرے کی تمام تر ذمے داری رضوان تھی لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں تھا کہ میں بے بہرہ ہو جاؤں۔

ہم سڑک پر پہنچے جہاں کھڑی ہوئی ایک کار کا دروازہ

جو ہمیں اس کے پاس آتے دیکھ رہا تھا۔

میں نے فرخ اور زبیدہ کو پچھلی نشست پر بٹھایا اور خود اگلی نشست پر۔ رضوان دوسری طرف کا دروازہ کھول کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ رہا تھا۔ سفر مجھے ایک خواب محسوس ہونے لگا۔ گویا آنکھ کھلی تو کار میں تھی۔ رضوان کار کو حرکت میں لے آیا۔

"تم ہمیں کہاں پہنچے ہو؟" میں نے سوال داغا۔

"ظاہر ہے۔" رضوان نے جواب دیا۔ "میں رات ہی کو کراچی پہنچ گیا تھا۔"

"یہاں لانڈھی میں کیسے ٹپک پڑے؟"

"ایک امکان تھا کہ شاید تم کراچی اسٹیشن پر کسی خطرے سے دوچار ہو جاؤ۔ اس لیے میں کراچی کینٹ پر تمہارے پہنچنے سے پہلے ہی کسی اگلے اسٹیشن پر ٹرین کے آگے شاید کوئی جانور آ گیا تھا!"

"نہیں گرا تھا بلکہ ٹال گیا تھا۔"

"اوہ!" میں نے معنی خیز انداز میں سر ہلایا۔

"ایک لاوارث گدھے کو مار کر پٹڑیوں پر ڈال دیا گیا تھا۔ اس نے مجھے دردِ آوارہ سے لوٹنڈوں کی خدمات حاصل کرنی پڑی تھیں۔ بس کام ہو گیا۔ اب وہ دونوں لونڈے پڑے ہوئے آرام فرما رہے ہوں گے۔"

"تم واقعی خاصے ذہین ہو۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "کاش تم ہمارے ساتھ ہوتے۔"

"دوسری لڑکی تم کہاں سے پکڑ لائیں؟" رضوان اچانک بول میں بولا۔ اس کا لہجہ کچھ خشک تھا۔

"اگر تم یہ سوال دوستانہ انداز میں کرتے تو میں ضرور جواب دیتی۔" خشک لہجے میں کہا۔

رضوان کچھ نہ بولا۔ کار تیز رفتاری سے کراچی کی طرف بڑھتی رہی۔ ت پر زبیدہ اور فرخ بالکل خاموش بیٹھی ہوئی تھیں۔

کراچی میں کیا صورتِ حال ہے؟" میں نے کچھ دیر بعد رضوان

"صورتِ حال سے کیا مراد ہے؟"

"فرخ کے والدین؟"

"ماموں کا بُرا حال ہو گیا ہے۔"

"انہوں نے پولیس میں رپورٹ تو کی ہوگی؟"

"انہوں نے جواب دیا۔ "کراچی اسٹیشن سے روانگی کے بعد میں نے تمہیں ٹیلیگرام دیا تھا تو انہیں بھی ٹیلیگرام ہی کے ذریعے اپنی کردی تھی کہ وہ اس سلسلے میں پولیس کا کھیڑا نہ پھیلائیں۔ میرے پیغام کا انتظار کریں۔ پھر لاہور پہنچ کر میں نے انہیں ہدایت کی تھی کہ وہ میرا انتظار کریں۔ اس کے ساتھ ہی میں نے ٹیلیگرام بھی ڈال دیا تھا کہ میں جلد ہی فرخ کو لیکر کراچی پہنچوں گا۔"

"پھوپھو اچھا ہوا کہ یہاں آ گئیں ہم لوگ تو ہمیشہ کے لیے ہی پریشان پیش آئی۔"

"ہنگامی صورتِ حال تو اب پیش آئے گی۔ کیپٹن آفاق نچلا نہیں بیٹھ سکتا۔ اس نے اپنے گرگوں کا جال پھیلا دیا ہوگا۔"

"اب فکر نہ کرو۔ میں اس کے جال کے ٹکڑے اڑا دوں گا۔ اب اگر کسی نے فرخ کی طرف ٹیڑھی آنکھ سے دیکھا تو اسے اپنی آنکھوں سے ہاتھ دھونا پڑیں گے۔"

میرا لہجہ کچھ ایسا ہی تھا کہ رضوان چونک کر میری طرف دیکھنے لگا۔

"تم مجھے میرے گھر پر ہی گاڑی سے اتار نا۔" میں نے اس کے تاثرات پر دھیان دیئے بغیر کہا۔ "اس کے بعد فرخ کو گھر لے جانا اور تقریباً آدھے گھنٹے تک وہاں رُکنا۔ اتنی دیر تک فرخ کی حفاظت کرنا تمہارا فرض ہوگا اور اس کے بعد کی تمام تر ذمے داری میرے اوپر عائد ہوگی۔"

"تم کیا کرو گی؟"

"یہ بتانا تو میرے لئے بہت مشکل ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"ضروری تو نہیں کہ تم سوال کیے جاؤ۔"

رضوان نے ہونٹ بھینچ کر ونڈ اسکرین پر نظریں جما دیں۔

کراچی پہنچنے میں آدھا گھنٹہ لگا۔ رضوان نے گاڑی میرے گھر کے سامنے روکی۔ میں نے میٹھے میٹھے پلٹ کر فرخ کا گال تھپتھپایا اور بولی۔ "گھبرانا مت گڑیا!..... رضوان تم کو تمہارے گھر پہنچا دیں گے۔ شام کو میں خود تم سے ملنے آؤں گی۔"

فرخ نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ وہ بہت گھبرائی ہوئی معلوم ہو رہی تھی۔

"تم گاڑی سے اترو زبیدہ!" میں نے دروازہ کھولتے ہوئے کہا۔

"میں ایک گھنٹے بعد تمہیں فون کروں گا۔" رضوان نے مجھ سے کہا۔

"بہتر ہوگا کہ تم یہاں آ جاؤ۔"

رضوان نے کچھ سوچا اور پھر اثبات میں سر ہلا دیا۔

میں اور زبیدہ کار سے اتر چکی تھیں۔ رضوان نے گاڑی کا انجن اسٹارٹ ہی رکھا تھا۔ ہم دونوں کے اترتے ہی وہ گاڑی کو حرکت میں لے آیا۔

"آؤ!" میں نے زبیدہ کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا اور پھاٹک کی طرف مڑ گئی۔

"آپ کا گھر تو بہت پیارا ہے میم صاب جی!" زبیدہ نے پلکیں جھپکاتے ہوئے کہا۔

"اب تو یہ تمہارا ہی گھر ہے جان!" میں نے مسکرا کر کہا۔

جب ہم اندر پہنچے تو ایک کے پیچھے ایک، ساری ملازمائیں دوڑی چلی آئیں۔ میں نے اپنی مخصوص ملازمہ کو ہدایت کی کہ وہ زبیدہ کو لے جا کر پہلے تو کچھ کھلائے اور پھر اسے غسلخانے میں پہنچا دے تاکہ وہ نہا دھو کر

کسی بھی ملازمہ کا لباس پہن سکتی تھی۔

پھپھیں سیدھی اپنی خوابگاہ میں پہنچی اور ٹیلیفون کا ریسیور اٹھا کر نمبر ڈائل کرنے لگی۔ دوسری طرف گھنٹی بجی اور پھر کسی نے ریسیور اٹھا لیا۔

"ہیلو!" ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

"کمانڈر حق!" میں نے ماؤتھ پیس میں کہا۔ "کاغذ قلم سنبھالو اور۔"

"یور بائی نس!" دوسری طرف سے چونک کر کہا گیا۔

"ایک پتہ نوٹ کرو!" میں نے اپنا فقرہ مکمل کیا۔

"آپ....."

"میں جو کہہ رہی ہوں، وہ کرو!" میں نے ڈپٹ کر کہا۔

"یس..... یس یور ہائی نس!" آواز سے بوکھلاہٹ عیاں تھی۔

میں نے اسے فرخ کے گھر کا پتہ نوٹ کروایا اور پھر بولی۔ "اس گھر میں ایک لڑکی رہتی ہے جس کا نام فرخ ہے۔ کچھ لوگ اُسے اغوا کرنا چاہتے ہیں اور وہ بڑے بارسوخ لوگ ہیں لیکن تمہیں ان کے اثر و رسوخ کی ذرہ برابر پروا نہیں کرنا چاہیئے۔ معاملہ بڑھے گا تو میں خود بھگت لوں گی۔ تمہیں بس اتنا کرنا ہے کہ وہ لڑکی کو اغوا نہ کر سکیں۔ اگر سڑک پر لاشیں گرانے کی نوبت آجائے تو بھی نہ گھبرانا۔ سمجھ گئے؟"

"یس یور ہائی نس!"

"آدھے گھنٹے کے اختتام سے پہلے اس کی حفاظت کی ذمے داریاں سنبھال لو۔ اگر اسے کچھ ہو گیا تو بہت بُری طرح پیش آؤں گی۔"

"آپ اطمینان رکھیں یور ہائی نس!..... اگر بازبرس کی نوبت آ ہی گئی تو وہ بازبرس آپ کے ماتحت حق سے نہیں بلکہ اس کی لاش سے کریں گی۔"

میں نے مزید کچھ کہے بغیر سلسلہ منقطع کر دیا اور کرسی پر گر کر اطمینان کی سانس لی۔ اب میں فرخ کی طرف سے بے فکر ہو سکتی تھی۔ لیکن آفاق نے مجھے اس بات پر مجبور کر دیا تھا کہ میں اپنے وسائل کو کام میں لاؤں۔ اب کیپٹن آفاق کو احساس ہو گا کہ اس نے ایک چٹان سے ٹکر لی ہے۔

ممکن ہے کہ میری اس سرگزشت کو پڑھنے والے، ٹیلیفون پر ہونے والی اس گفتگو سے کسی غلط فہمی کا شکار ہو جائیں اس لئے میں یہ بات عیاں کر دینا چاہتی ہوں کہ میں انویسٹی گیشن کے کسی سرکاری محکمے کی سربراہ نہیں ہوں۔ پہلے بھی کہیں میں یہ بات کہہ چکی ہوں کہ میں حکومت پاکستان کے کسی بھی شعبے کی ملازم نہیں ہوں۔ کمانڈر حق نے مجھے "یور ہائی نس" کہا تھا لیکن اس کا بھی یہ مطلب نہیں کہ میں کسی ملک کی شہزادی ہوں۔ بات کچھ اور ہی ہے لیکن میں اس کی تفصیل میں نہیں جاؤں گی۔ میں نے اپنی سرگزشت کے آغاز میں ہی کہہ دیا تھا کہ میری ذات سے وابستہ اسرار سے رفتہ رفتہ خود ہی پردہ اٹھتا جائے گا میں خاص طور سے اس کے بارے میں کچھ نہیں کہوں گی۔

میں کرسی پر بیٹھی سستا رہی تھی کہ ایک ملازمہ ناشتے کی ٹرالی

حدِ نگاہ تک ویرانہ پھیلا ہوا تھا۔ چائے کے ساتھ جو کچھ میں چٹ کر گئی۔ پھر چائے کی دو پیالیاں پی کر تو میں مکمل طور دم ہو گئی۔ اب نئے سرے سے کسی کام میں چٹ جانا میرے مسئلہ نہیں تھا لیکن فی الحال میں کچھ کرنے کے بجائے صرف ہی رہ سکتی تھی۔ مجھے رضوان ساجد کا انتظار تھا۔ جب وہ یہ اطلاع دیدیتا کہ وہ آدھے گھنٹے تک فرخ کے گھر میں رُک کر اور اس دوران میں فرخ محفوظ رہی ہے تو پھر مجھے مکمل اطمینان ہو حق ایک ایسی ہی ہستی ہے جس پر میں مکمل اعتماد کر سکتی ہوں ورنہ تو اس نے ایسے کارنامے انجام دیئے ہیں کہ میں بھی دم بخود رہ گئی

میں اُسی کرسی پر بیٹھی ہوئی تھی کہ ملازمہ نے آ کر رضو کارڈ دیا اور میں فوراً ڈرائنگ روم میں پہنچ گئی۔ میں اس کے پہ صورتِ حال کو پرکھ لینا چاہتی تھی لیکن مجھے اس میں ناکامی

"کیا رہا؟" میں سوال کرنے پر مجبور ہو گئی۔

"میں فرخ کے گھر سے آ رہا ہوں۔"

"وہ محفوظ ہے نا؟"

"جب میں وہاں سے چلا تھا، اس وقت تک محفوظ

"تم وہاں آدھے گھنٹے رُکے تھے؟"

"ہاں۔"

"بس تو پھر اب فکر کرنے کا کوئی محل نہیں رہا۔" میں طم سے کر بولی۔

"تمہارے اطمینان کا سبب میری سمجھ میں نہیں آ رہا ہے ٹٹولنے والی نظروں سے دیکھنے لگا۔

"سبب بس اتنا ہی ہے کہ اب میں اپنے وسائل کو بر لا چکی ہوں۔ عموماً تو میری کوشش یہی ہوتی ہے کہ اپنے نجی معا صرف اپنے دماغ سے کام لوں لیکن فرخ کے معاملے نے مجھے ا کی طرف متوجہ ہونے پر مجبور کر دیا ہے۔"

"وہ وسائل کیا ہیں؟"

"یہ میں نہیں بتا سکتی۔ میرے وسائل جب تک راز ہیں، میں انہیں راز میں رکھوں گی۔ اگر کبھی از خود اس را گیا تو اور بات ہے۔"

"تم خواہ مخواہ زیادہ پُراسرار بننے کی کوشش کر رہی نے منہ بنا کر کہا۔

میں ہنس کر رہ گئی، پھر بولی۔ "ٹھہرو، ابھی تمہیں اور تماشا دکھاتی ہوں۔" میں نے ملازمہ کو آواز دیکر بلایا میں رکھے ہوئے ٹیلیفون کی طرف اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

جب ملازمہ ٹیلیفون اٹھا رہی تھی تو میں نے ا

فون دائرکٹری بھی اٹھا لائے۔ ٹیلیفون کا مارما تھا۔ وہ اسٹاف ارائنگ روم کی ہر نشست تک پہنچ سکتا تھا۔ میں ڈائرکٹری کے ٹا پلٹنے لگی۔ مجھے کیپٹن آفاق کے فون نمبر کی تلاش تھی۔ رضوان اُلجھی نظروں سے میری طرف دیکھتا رہا۔ فون نمبر تلاش کرنے کے بعد میں ریسیور اٹھایا اور رضوان کی طرف دیکھ کر مسکراتی ہوئی بولی۔

"اب میں آفاق کو ٹیلیفون کر رہی ہوں۔"

"اوہ!" رضوان کے منہ سے اتنا ہی نکل سکا اور اس کے چہرے سائے مزید گہرے ہو گئے۔

جب میں نمبر ڈائل کر چکی تو رضوان بولا۔ "کیا ضروری ہے کہ وہ وقت گھر پر ہی ہو؟"

"قطعی غیر ضروری ہے اور اس صورت میں مجھے پھر کسی وقت فون گا میں چاہتی ہوں کہ تم بھی ذرا وہ باتیں سُن لو جو میں آفاق سے گی۔"

دوسری طرف گھنٹی بج رہی تھی۔ جلد ہی کسی نے ریسیور اُٹھایا اور ربانہ آواز سنائی دی جو میرے اندازے کے مطابق آفاق کی نہیں تھی۔

"کون بول رہا ہے؟" میں نے بارعب لہجے میں پوچھا۔

"سکریٹری ٹو کیپٹن آفاق!"

"میں کیپٹن آفاق سے بات کرنا چاہتی ہوں۔"

"خانون! کیا میں آپ کا نام پوچھنے کی جسارت کر سکتا ہوں؟"

"صبیحہ بانو۔"

"بہتر ہے۔ آپ ذرا ہولڈ آن کریں۔"

میں نے رضوان کی طرف دیکھا اور ماؤتھ پیس پر ہاتھ رکھ کر لی ہوئی بولی۔ "اس کا سکریٹری بول رہا تھا۔"

رضوان اضطراب میں پہلو بدل رہا تھا۔ میں اندازہ کر سکتی تھی اس وقت ایک ذہنی بھونچال سے دوچار تھا۔ یہ بات اس کی سمجھ میں آ سکتی تھی کہ میں کیپٹن آفاق سے کیا باتیں کرنا چاہتی ہوں۔

جلد ہی مجھے ریسیور میں آواز سنائی دی۔ "کیپٹن آفاق اسپیکنگ۔" لہجے میں خاصا جوش تھا۔ ظاہر ہے میرا نام سنتے ہی اس کے دوران میں تیزی آ گئی ہو گی۔

"ہیلو کیپٹن!" میری آواز میں چہکار تھی۔ "اُمید ہے تم میرا نام سُ کر بہت خوش ہوئے ہو گے۔"

"فون کرنے کا مقصد بتاؤ!" آفاق نے اپنے لہجے میں سختی پیدا کرنے کوشش کی۔

"صرف یہ اطلاع دینا مقصود ہے کہ میں فرخ سمیت کراچی پہنچ ں اور فرخ اس وقت اپنے گھر پر ہے۔ تمہارے لئے بہتر ہو گا اس کے گھر پر ہی رہنے دو۔ میں اس کی حفاظت کا مکمل بندوبست ہوں۔ اب اگر تم نے اُسے چھیڑنے کی کوشش کی تو خون کی ندیاں بہہ جائیں گی۔"

مجھے فوری طور پر کوئی جواب نہ ملا۔ میرا یہ چیلنج سُن کر آفاق سناٹے میں آ گیا ہو گا۔ وہ تصور ہی نہیں کر سکتا تھا کہ اس ملک میں اسے چیلنج کرنے والا ابھی کوئی موجود ہے۔

میں قدرے توقف سے پھر بولی۔ "کیا تمہیں سانپ سونگھ گیا کیپٹن آفاق!"

"تمہیں اندازہ نہیں ہے کہ تم کسے چیلنج کر رہی ہو۔" کیپٹن آفاق کی آواز قدرے بھرا گئی تھی۔

"میں جانتی ہوں کہ تم پریسیڈنٹ سے کتنے قریب ہو لیکن تم کو ابھی یہ نہیں معلوم کہ صبیحہ بانو کیا چیز ہے۔" میں نے جواب دیا اور پھر شوخ لہجے میں کہا۔ "تم کہو تو میں تمہیں پریسیڈنٹ ہی سے مُرغا بنوا دوں۔"

"شٹ اپ!" آفاق تلملا گیا۔

"بہت اچھا۔" میں نے بڑے اطمینان سے کہا اور ریسیور رکھ دیا۔ رضوان کے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگی تھیں۔

"یہ تم نے کیا کیا؟" اس کی آواز میں لرزش تھی۔

"اب ایک تماشا ہو گا۔ تم تالیاں بجانا۔" میں نے خوشدلی سے کہا۔

"یہ مت بھولو کہ آسکیل ملک میں پریسیڈنٹ کے بعد کیپٹن آفاق ہی کا سکہ چلتا ہے۔"

"میں اس سکے کو کھوٹا کر دوں گی۔ تم دیکھتے تو رہو!"

رضوان پُرتشویش نظروں سے میری طرف دیکھتا رہا۔ دراصل اس کی بینائی اس گہرائی تک نہیں پہنچ سکتی تھی جہاں میرے وسائل کا جال پھیلا ہوا تھا۔

"اب تم جا کر آرام کرو!" میں نے اس سے کہا۔ "لاہور میں تمہارے دوست زبیری نے جو اخراجات کئے ہیں ان کی مجموعی فیگر مجھے بتا دینا۔ میں زبیری کو چیک بھیج دوں گی۔ فرخ کے والد کو ان اخراجات کے بارے میں کچھ نہ بتانا۔"

"کیا واقعی تمہیں فرخ کی طرف سے مکمل اطمینان ہے؟"

"قطعی۔"

رضوان نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور کھڑا ہو گیا۔ "اچھی بات ہے۔ تو پھر میں چلتا ہوں۔"

میں اسے چھوڑنے کے لئے برآمدے تک گئی اور پھر اپنی خوابگاہ کی طرف چل پڑی۔ اب میں کچھ دیر آرام کرنا چاہتی تھی۔ راہداری میں میری مڈبھیڑ اپنی ملازمہ خصوصی سے ہوئی جو زبیدہ کو ساتھ لئے آ رہی تھی۔ زبیدہ نے اپنا لاچار اور کرتا اتار کر شلوار قمیص پہن لی تھی۔ مجھے وہ اس لباس میں اتنی بھلی نہیں لگی، تاہم میں نے مسکرا کر اس کے سراپا کا جائزہ لیا اور پھر اپنی ملازمہ سے کہا۔

"تم جاؤ!"

"آپ کی دونوں گاڑیاں گیرج میں موجود ہیں۔" ملازمہ نے بتایا۔

نواب شاہ سے لیکر آئے تھے۔"

یہ اطلاع میرے لئے خاصی خوشگوار تھی ورنہ مجھے فوری طور پر کسی اور گاڑی کا بندوبست کرنا پڑتا۔

میں زبیدہ کو لیکر اپنی خوابگاہ میں داخل ہوئی اور دروازہ اندر سے بند کر لیا۔

"تم نے کھانا کھایا؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"ہاں میم صاحب جی!"

"آؤ تو پھر کچھ دیر آرام کر لیں۔" میں نے بستر پر لیٹ کر کہا اور پھر اس کا ہاتھ پکڑ کر اس طرح گھسیٹا کہ وہ میرے سینے پر آ رہی۔ "بس کچھ دیر لیٹی رہو۔" میں نے اس کے بالوں میں انگلیاں پھنساتے ہوئے کہا۔ "میرے کلیجے میں ٹھنڈک رہے گی تو نیند جلد آ جائے گی۔"

زبیدہ ذرا سا کسمسائی اور پھر ڈھیلی پڑ گئی۔ اس کا سر اب میرے سینے پر جما ہوا تھا اور اس کے تنفس کی گرمی مجھے اپنے گالوں پر محسوس ہو رہی تھی۔ میں نے آنکھیں بند کر لیں۔ اب میرے دماغ سے تفکر کی دھول صاف ہو چکی تھی اس لئے نیند آنے میں دیر نہیں لگی۔

جب میری آنکھ کھلی تو سورج غروب ہونے میں آدھا گھنٹہ باقی تھا۔ زبیدہ میرے بازو پر سر رکھے بے خبر سو رہی تھی۔ میں آہستگی سے اپنے بازو کو اس کے سر کے نیچے سے نکال کر بستر سے اٹھ گئی۔ میں نے باتھ روم کا رُخ کیا، غسل کر کے کپڑے تبدیل کئے اور زبیدہ کو سوتا چھوڑ کر کمرے سے نکل آئی۔ اب مجھے فرخ سے ملنے کی بیتابی تھی۔ میں نے گیراج سے مرسیڈیز نکالی اور روانہ ہو گئی۔

رات ہوتے ہی کراچی نے روشنیوں کی اوڑھنی اوڑھ لی تھی۔ ان روشنیوں کو دیکھ کر مجھے خود اپنے وجود کے اندھیرے سمٹتے ہوئے محسوس ہونے لگتے ہیں۔ جو روشنیوں کے اس شہر کا باسی ہو، وہ کہیں اور خوش نہیں رہ سکتا۔ میں دو ہی دن کراچی سے باہر رہی تھی لیکن اس دوران مجھے مسلسل ایک اجنبی سی کمی کا احساس ہوتا رہا تھا میں کافی عرصے فرانس میں رہی ہوں لیکن پیرس کی شامیں بھی اس اجنبی سی کمی کا ازالہ نہیں کر سکی تھیں جب میں نے مادام ڈبگاں سے اپنے اس احساس کا اظہار کیا تھا تو انہوں نے اسے "ہوم سکنس" کا نام دیا تھا۔ شاید ان کا خیال ٹھیک ہی ہو۔

جب گاڑی لیاقت آباد سے گزرنے لگی تو زندہ دلانِ لالو کھیت کے تجسس کی وجہ سے رفتار کم کرنا پڑی۔

ڈاک خانے سے لیبر آباد تک پہنچنے میں پندرہ منٹ لگ گئے۔ جب مرسیڈیز فرخ کے گھر کے سامنے رکی تو ساڑھے سات بج چکے تھے۔ آس پاس کا ماحول تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا لیکن میری تیز نگاہوں نے اس تاریکی میں بھی کچھ پُراسرار سایوں کی موجودگی محسوس کر لی۔ یقیناً کمانڈر حق کے آدمی پوری طرح چوکس تھے۔

دروازہ کھل گیا۔ فرخ کے والد ہاشمی نے باہر نکل کر بڑے گرمجوشانہ انداز میں میرا استقبال کیا۔ وہ مجھے گھر کے اندر لے گیا تو فرخ کی امی سے لپٹ گئی۔ اس کی آنکھوں سے تشکر کے آنسو پھوٹ رہے تھے۔ فرخ نے ان کو پوری تفصیل سے بتا دیا ہوگا کہ اس کی رہائی میری کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

میں نے فرخ کو گلے لگا کر اس کی پیشانی چومی اور پھر ایک کرسی پر بیٹھ کر اس کے ماں باپ کا جائزہ لینے لگی جو دو ہی دن میں بیمار کر رہ گئے تھے۔ جوان بیٹی کی جدائی بڑی مضبوط ہڈیوں کو ہلا دیتی ہے۔

"آپ کیا پینا پسند کریں گی بالو!" فرخ کی امی نے پوچھا۔ "ٹھنڈا یا گرم؟"

"آپ بھی کمال کرتی ہیں امی!" فرخ بول پڑی۔ "یہ دیکھا وقت ہے یا کچھ پینے کا؟"

"ہاں میں کھانا کھاؤں گی۔" میں نے ہنس کر کہا۔

میری اس بے تکلفی پر ان لوگوں کے چہرے کھل اٹھے اور کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "سالن تو تیار ہے۔ میں بالو کے لیے گرم گرم ابھی ڈالے لیتی ہوں۔"

"ہاں بیٹی! ذرا جلدی سے۔" فرخ کی ماں نے کہا اور پھر میری طرف دیکھا۔ "ہم غریبوں کے کھانے کا ذائقہ شاید آپ کو پسند نہ لیکن آپ اس میں خلوص کی مہک ضرور پائیں گی۔"

"جب میں نے بے تکلفی کا اپنایا ہے تو آپ کو بھی یہ رٹ نہیں کرنی چاہئیں۔" میں نے شکوہ کرنے والے انداز میں کہا۔

"بالو آپ ان کی باتوں کا مُرا نہ منائیں۔" ہاشمی نے جلدی سے کہا۔ "یہ سوچے سمجھے بغیر بولنے کی عادی ہیں۔"

فرخ کی ماں جھینپ سی گئی اور جلدی سے کھڑی ہوتی۔ "میں ذرا جا کر فرخ کا ہاتھ بٹاتی ہوں۔"

میں اور ہاشمی اکیلے رہ گئے تو چند لمحوں کے لیے کمرے میں چند لمحے بعد ہاشمی نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "میں اپنی بچی کے سلسلے آپ کا اور رضوان کا بے حد شکر گزار ہوں۔ اس احسان کا بوجھ بھلا نہ اتار سکوں گا۔"

"اب آپ بھی اپنی بیگم کی طرح بغیر سوچے سمجھے بول رہے ہیں۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "مت بھولیے میں بھی فرخ سے محبت کرتی ہوں۔ میری ایک ہونہار طالبہ ہے۔ میں اس کے لیے بہت کچھ کر سکتی ہوں۔"

میں نے پہلی ملاقات میں ہاشمی کو یہی بتایا تھا کہ میں فرخ کی پرنسپل ہوں۔

"مجھے ڈر ہے کہ اب شاید وہ لوگ کوئی بہت ہی بڑی اٹھائیں۔" ہاشمی نے پریشان لہجے میں کہا۔ "میرا تو دل بیٹھا جا رہا ہے۔"

"آپ اب اس سلسلے میں ذرا بھی فکرمند نہ ہوں۔ مافیا کا مکمل بندوبست کر دیا ہے۔ دشمن بہت قوی سہی لیکن میرا بھی اللہ رسول ہے اس شہر میں، یہ مت سمجھئے کہ میں بس ایک پرنسپل ہوں۔ یہ دراصل میرا شوق ہے۔"

"یہ تو میں سمجھ گیا تھا۔" ہاشمی نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔ "کسی اسکول پرنسپل کے پاس مرسیڈیز نہیں ہوتی۔ کیا آپ میرے اطمینان کے لیے مجھے یہ بھی بتائیں گی کہ آپ نے فرخ کی حفاظت کے لیے کیا بندوبست کیا ہے؟"

"اگر آپ یہ معلوم کرنے پر اصرار نہ کریں تو میں آپ کی شکر گزار ہوں گی۔"

"کیا یہ کوئی ایسی اہم بات ہے؟" ہاشمی نے حیرت سے کہا۔

"اہم ترین۔"

"اگر ایسا ہے تو پھر میں واقعی اصرار نہیں کروں گا۔"

"شکریہ۔"

"فرخ کی ذہنی کیفیت تو ٹھیک ہو گی؟" میں نے پوچھا۔

"پوری طرح ٹھیک نہیں کہی جا سکتی۔ کبھی کبھی مجھے اس کی آنکھوں میں ایسا تاثر نظر آتا ہے جیسے وہ کسی ہونی کو ہوتی ہوئی دیکھ رہی ہو۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلایا۔ "خیر یہ کوئی ایسی فکر کی بات نہیں ہے۔ میں ابھی فرخ کو اپنے ساتھ گھمانے لے جاؤں گی۔ اس طرح اس کا ذہن صاف ہو جائے گا۔"

کچھ دیر بعد میں ان لوگوں کے ساتھ کھانے میں شریک تھی۔ میں نے کھانے کی تعریف کا مظاہرہ کیا۔ فرخ بے حد خوش نظر آ رہی تھی۔ کھانے کے دوران ہی جب میں نے اس سے یہ کہا کہ میں ابھی اسے گھمانے لے چلوں گی تو چہرہ تاریک پڑ گیا۔ شاید گھر سے باہر نکلنے کا تصور اس کے لیے ہولناک تھا۔

"گھبراؤ نہیں فرخ!" میں نے اس سے کہا۔ "کیا ماضی کے تجربات میری ذات پر تمہارے اعتماد کو نہیں بڑھا سکے؟"

فرخ پھیکے سے انداز میں مسکرائی اور پھر اس نے ہونٹوں سے تو کچھ نہیں کہا مگر جن نظروں سے میری طرف دیکھا وہ نظریں پکار پکار کر یہ کہہ رہی تھیں کہ آپ تو میرا ایمان بن چکی ہیں بالو!

کھانے کے بعد اس نے جلدی جلدی کپڑے تبدیل کیے اور میرے ساتھ چلنے کے لیے تیار ہو گئی۔ فرخ کے والدین اسے میرے ساتھ بھیجتے ہوئے ہچکچا نہیں رہے تھے۔

مرسیڈیز آہستہ آہستہ چلتی ہوئی گلی سے نکل کر اسٹریٹ پر پہنچ کر فراٹے بھرنے لگی۔

"کہاں چلیں فرخ!" میں نے اس سے پوچھا۔

"جہاں آپ کا جی چاہے۔"

"میرا دل تو اس وقت یہ چاہ رہا ہے کہ بس کار میں گھومتے پھریں۔"

"ہیں تو پھر گھومتی رہیے!" فرخ نے ہنس کر کہا۔

چند لمحوں کے لیے میں خاموش ہو گئی۔ میری نظریں عقب نما آئینے سے غافل نہیں تھیں۔ میں کچھ فاصلے پر ایک کار کی ہیڈ لائٹس دیکھ رہی تھی۔ میرے اندازے کے مطابق وہ کمانڈر حق یا اس کے کسی آدمی کی ہی ہو سکتی تھی۔ ظاہر ہے فرخ پر نظر رکھنا اس کی ڈیوٹی تھی۔ میں نے اس سے یہ کب کہا تھا کہ جب فرخ میرے ساتھ ہو تو نگرانی کی ضرورت نہیں۔ اب مجھے اپنی ہدایات کے نامکمل ہونے کا احساس ہوا تو اس میں کمانڈر حق کا کوئی قصور نہیں تھا۔

مرسیڈیز ہائی وے پر پہنچ گئی۔

"فرخ! جان!" میں قدرے توقف سے بولی۔ "تم جانتی ہو، مجھے تم سے کتنی محبت ہے؟"

"شاید اب آپ کو مجھ سے اتنی محبت نہ ہو جتنی مجھے آپ سے ہو گئی ہے۔" فرخ نے کہتے ہوئے اپنا سر میرے شانے سے ٹکا دیا۔ "جی چاہ رہا ہے کہ ہر وقت آپ کے ساتھ رہوں۔"

"شادی کر لو مجھ سے!" میں نے ہنس کر کہا۔

میرے شانے پر فرخ کی گرفت سخت ہو گئی لیکن اس نے جواباً کچھ نہیں کہا۔ میں نے کار کے اندر تاریکی رکھی تھی اس لئے اس کے چہرے کا تاثر بھی نہیں دیکھ سکی۔ ویسے میں اندازہ کر سکتی ہوں کہ اس وقت وہ گلنار ہو گئی ہوگی۔

میری خواہش تھی کہ کار کو کسی ویرانے میں نکال لے جاؤں مگر کمانڈر حق کی وجہ سے میں کسی بھی ویرانے کو بہار آشنا نہیں کر سکتی تھی۔

لیاقت آباد کی روشنیوں میں مجھے وہ کار صاف نظر آنے لگی۔ وہ کار میرے لئے اجنبی نہیں تھی۔

میں ڈرائیونگ کرتی رہی اور فرخ کی بھولی بھالی باتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ صدر پہنچ کر میں نے گاڑی شیرٹن کے سامنے روک دی۔ وہاں ہم نے چائے پی اور پھر میں فرخ کو واپس اس کے گھر کی طرف لیجانے لگی۔

"آپ مجھے ڈرائیونگ سکھا دیں گی بالو!" فرخ شرمائی ہوئی بولی۔

"ہاں ہاں جان! کیوں نہیں! میں تمہیں ایک کار بھی دلا دوں گی۔"

"بس بس! اب آپ میرا دماغ بالکل ہی خراب کر دیں گی۔" فرخ ہنس کر بولی اور میں نے اپنا بایاں ہاتھ اس کے گھٹنے پر رکھ دیا۔ یہ گویا قناعت کی انتہا تھی۔ جی تو میرا یہ چاہا تھا کہ اسے سینے سے لگا کر اپنے وجود میں جذب کر لوں۔

جب مرسیڈیز فرخ کے گھر کے سامنے جا رکی تو میں نے اس سے کہا۔ "کل کسی وقت میں پھر آؤں گی اور تمہیں اپنے گھر لے چلوں گی۔"

"اسی وقت لے چلتیں۔"

"پھر تو بہت دیر ہو جاتی واپسی میں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "تمہارے والدین پریشان ہو جاتے۔"

فرخ کے جواب سے پہلے ہی مکان کا دروازہ کھل گیا۔ ہاشمی ہی باہر نکلا تھا۔

فرخ کو چھوڑ کر میں واپس ڈیفنس کی طرف روانہ ہو گئی۔ میرے اعصاب میں سنسناہٹ پھیلی ہوئی تھی۔ فرخ کی قربت نے کچھ خواہشوں

کو انگڑائی لینے پر مجبور کر دیا تھا۔ اب ان شکستہ انگڑائیوں کی لاج رکھنے کا فرض زبیدہ ہی ادا کر سکتی تھی۔

گھر پہنچ کر میں نے گاڑی گیرج میں بند کی اور پھر لنگناتی ہوئی برآمدے کی طرف بڑھی۔ برآمدے میں میری کوئی ملازمہ ٹہل رہی تھی۔ قریب جا کر میں نے اسے پہچانا۔

"مالکن!" اس نے سرگوشی کی۔ "ذرا اس کمرے میں آ کر میری ایک بات سُن لیں۔"

"خیریت؟" میں نے اس کے ساتھ قدم بڑھاتے ہوئے حیرت سے کہا۔

"پہلے اس کمرے میں آ جائیے!"

میں الجھی ہوئی نظروں سے اس کی طرف دیکھتی ہوئی اس کے ساتھ کمرے میں داخل ہوئی۔ اس نے جلدی سے دروازہ بند کر لیا اور پھر سرگوشی میں بولی۔

"ابھی میں نے کسی سے بھی اس کا ذکر نہیں کیا ہے۔"

"اب بک چکو جلدی سے۔" میں جھنجھلا گئی۔

"مالکن! یہ لڑکی جو آپ کے ساتھ آئی ہے، بالکل دیہاتی لگتی ہے نا؟"

"لگتی نہیں ہے بلکہ واقعی دیہاتی ہے۔"

"کیا کچھ پڑھی لکھی بھی ہے؟"

"تم اصل بات کیوں نہیں بتاتی ہو؟" میرا پارہ چڑھنے لگا۔

"مالکن! اس کا لہجہ اور دھیما پڑ گیا۔ "ابھی کوئی آدھے گھنٹے پہلے میں آپ کے کمرے کی صفائی کے خیال سے آ گئی تھی، پھر مجھے ایسی آواز سنائی دی کہ میں دروازے ہی پر رک گئی اور جھانک کر اندر دیکھنے لگی۔ وہ لڑکی ٹیلیفون پر کسی سے باتیں کر رہی تھی۔"

"ٹیلیفون پر؟" میں چونک پڑی۔

"ہاں مالکن!" اس کا لہجہ اور پُرجوش ہو گیا۔ "وہ کسی کو آپ کے بارے میں بتا رہی تھی کہ آپ کا تعلق فوج سے ہرگز نہیں ہے، اسے غلط فہمی ہوئی تھی۔"

مجھے اپنے اعصاب پر تناؤ سا محسوس ہوا۔ میں زبیدہ کی طرف سے کسی ایسی بات کا تصور بھی نہیں کر سکتی تھی۔

ملازمہ نے اپنا بیان جاری رکھا۔ "پھر اس نے یہ بھی کہا تھا مالکن کہ وہ دو ایک روز میں آپ کے بارے میں تفصیلات حاصل کر کے فون پر بتا دیگی۔ اس نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ وہ آپ کے سامان کی تلاشی لے کر بہت سی باتیں جان لے گی۔ اب بتائیے مالکن! کیا وہ لڑکی دیہات کی ہو سکتی ہے؟"

"تفصیل سے بتاؤ! اس نے فون پر اور کیا کیا کہا تھا؟" میں نے مضطرب ہو کر پوچھا۔

"کوئی اور خاص بات نہیں تھی مالکن! ورنہ مجھے ضرور یاد رہتی۔"

"ہوں، اچھا۔" فی الحال کسی سے بھی اس کا تذکرہ نہ کرنا، میں نہیں چاہتی کہ یہ بات پھیلے۔"

"ہاں مالکن! مجھے بھی یہ بڑا خطرناک لگا تھا۔ اسی نے آپ کے سوا کسی سے کچھ نہیں کہا۔"

میں سر ہلا کر اس کمرے سے نکلی اور اپنی خواب گاہ کی طرف۔ میرے دماغ کی حالت ایسی تھی جیسے سمندر میں طوفان آیا ہوا۔ مختلف النوع خیالات طوفانی لہروں کی طرح امنڈ رہے تھے۔ میں سب سے زیادہ پھیری ہوئی لہر پر تھی کہ آخر زبیدہ کو لگانے والا کون ہو سکتا ہے؟ کیا زبیدہ کیپٹن آفاق کی ایجنٹ اس سوال کا ابتدائی جواب محال تھا۔ یہ بات منطق کے دائرے سما سکتی تھی کہ میں نے گوجرانوالہ اور لاہور کے درمیان میں اتفاق جگہ قیام کیا، وہاں کیپٹن اتفاق کا کوئی ایجنٹ پہلے ہی سے موجود یہ فرض کر لیا جائے کہ زبیدہ کیپٹن آفاق کی ایجنٹ ہے تو وہ یہاں پہنچ کر ٹھپ ہو جاتی ہے کہ اس نے ان قیدیوں کو آزاد کوشش کیوں نہیں کی جنہیں میں نے صغرا کے مکان میں قید اگر وہ کیپٹن آفاق کی ایجنٹ ہوتی تو اس کا فرض اولیں یہی ہو تو یہاں پہنچ کر ٹھپ ہو جاتی ہے کہ اس نے ان قیدیوں کو آزاد کوشش کیوں نہیں کی جنہیں میں نے صغرا کے مکان میں قید اگر وہ کیپٹن آفاق کی ایجنٹ ہوتی تو اس کا فرض اولیں یہی ہو؟

تو پھر...؟ وہی طوفانی لہر...! میرا دماغ اس لہر سے شدت سے ہلا جا رہا تھا۔ میں جب اپنی خواب گاہ کے دروازے میرے قدم خود بخود رُک گئے۔ دفعتاً ہی میرا دماغ ایک فیصلے میں اُٹھے قدموں واپس لوٹی اور ڈرائنگ روم میں پہنچ کر کمانڈ ڈائل کرنے لگی۔

دوسری طرف گھنٹی بجی، پھر کسی نے ریسیور اٹھایا لیکن جو آواز دی، وہ کمانڈر حق کی نہیں بلکہ اس کے خاص ماتحت ضرغام کی۔ میں نے اسے حکم دیا کہ وہ اپنے ساتھ کسی آدمی کو لے کر ٹھیک دو گھنٹے میرے گھر پہنچ جائے۔

"برآمدے میں میری ملازمہ موجود ہو گی۔" میں نے ضرغام سے کہا۔ "تم اسے اپنا کارڈ دکھانا۔ وہ تمہیں میری خواب گاہ کے دروازے دے گی۔ تم وہاں رک کر میرے اشارے کا انتظار کرنا۔ جب اندر مرتبہ تالی بجنے کی آواز آئے تو بے جھجک اندر داخل ہو جانا۔"

"بہت بہتر لیڈر بائی نس!" ضرغام نے کہا۔

میں نے سلسلہ منقطع کر کے اپنی ایک ملازمہ کو پکارا اور ہدایات دے کر برآمدے میں بھیج دیا۔ اس کے بعد میں پھر اپنی خواب طرف بڑھی۔ اب میرے ہونٹوں پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی لیکن مسکراہٹ کے سوا کوئی اور نام نہیں دیا جا سکتا تھا۔

میں زبیدہ کے بارے میں ایک اہم فیصلہ کر چکی تھی۔ گو کہ اس خوبصورت لڑکی کو بے تحاشا پسند کیا تھا اور اس کی نوخیز جوانی کچھ لمحات کا حاصل بھی بن چکی تھی لیکن یہ میرے لئے ناقابل برداشت تھا کہ کوئی لڑکی مجھے بے وقوف بنانے کی کوشش کرے۔

میں مسکراتی ہوئی اپنی خواب گاہ میں داخل ہوئی اور میں کہ زبیدہ کرسی پر بیٹھی ٹانگ پر ٹانگ رکھے کسی سوچ میں غرق

کسی دیہاتی لڑکی کا ہرگز نہیں ہو سکتا تھا۔ اگر حالات معمول کے تو شاید میں اس نکتے پر غور ہی نہیں کرتی لیکن جو سنسنی خیز معلوم ہو چکی تھیں ان کے بعد کسی معمولی سے معمولی نکتے کو بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔

مجھے دیکھ کر چونکی اور پھر مسکراتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔ "آپ گئی تھیں میم صاب جی!... آپ کی نوکرانیوں نے مجھ سے کئی مرتبہ کہا لو تو میں نے کھا لیا۔"

"اچھا کیا زبیدہ!... میں کسی سے ملنے چلی گئی تھی۔ وہیں مجھے کھا لینا پڑا۔ مجھے کیا معلوم تھا کہ تم کھانے کے لئے میرا انتظار

"تو کیا میں آپ کو بھول سکتی ہوں؟" زبیدہ نے یہ فقرہ بڑی سے کہا لیکن اب مجھے اس میں سے عیاری کی بُو آ رہی تھی۔

"نہیں چندا! تم مجھے بھلا کیسے بھول سکتی ہو!" میں نے بڑے پیار محال میں چٹکی بھری۔

"میم صاب جی! آپ مجھے کبھی اپنے سے جدا نہ کریں گی نا؟" زبیدہ لہجے میں کچھ آزردگی سمونے کی کوشش کی تھی۔

"یہ خیال تیرے دل میں کیسے آ گیا پگلی کہ میں تجھے جدا بھی کر سکتی میں نے اس کے گلے میں باہیں ڈال دیں۔

"بڑے لوگ چھوٹے لوگوں کو کھول ہی جاتے ہیں۔" زبیدہ نے کہا۔

"ہٹ۔" میں نے اس کے ہونٹوں پر انگلی رکھ دی اور اسے ساتھ بلتے کی طرف بڑھی۔ اسے بستر پر بٹھا کر میں کپ بورڈ کی طرف گئی۔ وہسکی کی بوتل نکال کر میں نے دو گلاس بنائے اور انہیں لے ہی لوٹی۔

"لو! پیو!" میں نے ایک گلاس اس کی طرف بڑھایا۔

"یہ کیا ہے میم صاب جی!"

"آبِ طلسم، عرقِ بہاراں! کچھ بھی کہہ لو!" میں نے کہا اور اپنا ہی سانس میں خالی کر گئی۔

زبیدہ گلاس کو اپنے ہونٹوں تک لے گئی اور پھر شاید اس کی بُو سے گرا اپنا سر پیچھے کر لیا۔ "یہ کیا شراب ہے میم صاب جی!" اس نے ان کے سے جلے لہجے میں کہا۔

"بعض لوگ اسے شراب بھی کہتے ہیں۔" میں نے لاپرواہی سے کہا۔ "اس میں آج تک شر کا کوئی پہلو نظر نہیں آیا۔"

"نہ نہ تو... کبھی نہیں پی... میم صاب جی!"

"آج پی لو!... پہلی مرتبہ جو بھی پیتا ہے، اس نے پہلے کبھی نہیں پی

لیکن..."

"کائی چیک۔" اس کے منہ سے بیساختہ نکلا اور پھر اس نے تیزی سے اپنا منہ بند کر لیا، جیسے اس سے کوئی زبردست غلطی سرزد ہو گئی ہو، اور وہ غلطی اس کے سوا کیا ہو سکتی تھی کہ اپنا نام بتا کر اس نے اُردو دانی ہونے کا اعتراف کر لیا تھا۔

کسی چینی کا اُردو داں ہونا اس بات پر دال تھا کہ وہ عرصۂ دراز تک، اُردو بولے جانے والے کسی علاقے میں مقیم رہا ہے اور یا پھر اسے خاص طور سے اُردو زبان سکھائی گئی ہے۔

"مسٹر... کائی... چیک!" میں الفاظ چباتی ہوئی بولی۔ "ڈاکٹر فونگ کو فون کر دو یا ٹیلیگرام دو تو میری طرف سے آپ عوض کرنا۔ خیر یہ معلوم کرنا اور کہنا اس نے مجھے چھیڑ کر اچھا نہیں کیا۔ اسے یہ بھی بتا دینا کہ میرے چالاک ترین دشمن مجھے بھلا دہ سمجھتے ہیں۔"

چینی کے چہرے کی زردی کچھ اور گہری ہو گئی۔ اس کی یہ کیفیت محسوس کر کے مجھے پوری طرح باور آ گیا کہ وہ ڈاکٹر فونگ ہی کا آدمی ہے۔ اُس نے خود کو سنبھالنے کی کوشش کی اور اٹک اٹک کر بولا۔ "مجھے نہیں معلوم... آپ کس کا ذکر... کر رہی ہیں۔"

"تمہارے منہ سے دودھ کی بُو آ رہی ہے۔" میں نے حقارت سے کہا۔ "ڈاکٹر فونگ سے یہ بھی کہنا کہ وہ اپنے آدمیوں کو ابھی طرح تربیت دے۔ دودھ پیتے بچوں کو میرے پیچھے لگانے سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔"

چینی نے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولا تھا لیکن مجھے اب وہاں رُکنے کی قطعاً ضرورت نہیں تھی۔ مجھے جو کچھ کرنا تھا، وہ کر چکی تھی۔ میں تیزی سے دوسری طرف مڑ گئی۔ اب میرا رُخ ایئرپورٹ سے باہر نکلنے کے راستے کی طرف تھا۔

رضوان مجھے عجیب سی نظروں سے دیکھتا ہوا میرے ساتھ ساتھ چل رہا تھا لیکن میری خاموشی کے تسلسل نے اسے بولنے پر مجبور کر دیا۔

"کیا معاملہ تھا؟" اس نے پوچھا۔

"ذاتی نوعیت کی بات ہے۔" میں نے ٹالنے کے لئے کہا۔

لیکن رضوان اتنی آسانی سے ٹل جانے والی ہستی کہاں تھی!

وہ بڑبڑاتا ہوا بولا۔ "یہ فونگ کون ہے اور اُس کا اس آدمی سے کیا تعلق ہے؟"

"اگر معلوم کرو تو تمہارے اخبار کے لئے ایک اچھی سی کہ ہو جائے گی۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

لیکن رضوان اب نہ صرف سنجیدہ بلکہ کچھ فکرمند بھی نظر آ رہا تھا۔ قدرے توقف کے بعد تشویش آمیز لہجے میں بولا۔ "بے شک تم سب سے بڑا، سب سے عظیم دوست ہے اور وہاں کے عوام بھی ہمارے دل سے دُور نہیں لیکن یہ دو ملکے چینی بہت خطرناک ہوتے ہیں۔ اگر تم کسی گروہ کو چھیڑ بیٹھی ہو تو یہ تم نے بہت بُرا کیا ہے۔"

خود مجھے بھی اس بات کا احساس تھا کہ میں نے ڈاکٹر فونگ کے معاملے میں اُلجھ کر اپنے آپ کو ایک خطرناک سچویشن میں ڈال لیا ہے۔ اس کے آدمی سے یوں دو ٹوک بات کرنا تو فونگ کو للکارنے ہی کے مترادف تھا لیکن یہ بات بھی بالکل عیاں ہے کہ اس سلسلے میں میرے کسی ارادے کو دخل نہیں تھا۔ زبیدہ خود ہی میرے پیچھے لگی تھی اور جب اس کی پُراسرار سامنے آیا تھا تو میری متجسس فطرت بیدار ہو گئی تھی۔ میں نے کی زبان کھولنے کے لئے اسے کمانڈر حق کے حوالے کر دیا تھا۔ گو کہ وہ کچھ بتانے پر آمادہ نہیں ہوئی تھی لیکن اس کی زبان سے نکلنے والے ایک نام "ڈاکٹر" نے مجھے ڈاکٹر فونگ تک پہنچا دیا تھا اور اب اُس کے آدمی سے یہ تعاقب میں تہران تک آ پہنچے تھے۔ گویا چھیڑ چھاڑ طرف سے ہوئی تھی اور اب میری انا یہ گوارا نہیں کر سکتی تھی کہ خطرات منہ چھپا کر بیٹھ جاؤں۔ ملک دشمن عناصر کے معاملے میں کوئی بھی اپنے قدم پیچھے نہیں ہٹا سکتا اور میرے معاملے کا تو ایک پہلو یہ بھی کہ مجھے مردوں کو نیچا دکھا کر بڑی مسرت حاصل ہوتی ہے۔ میں لوگوں کو کبھی معاف نہیں کرتی جو مجھے کمتر درجے کی مخلوق سمجھنے کی کر بیٹھتے ہیں۔

جب ہم ایئرپورٹ سے ٹیکسی میں بیٹھ کر ہوٹل کی طرف روا تو کچھ دیر بعد رضوان نے تشویش آمیز لہجے میں کہا۔ "ہمارا تعاقب ہو رہا ہے۔"

"ہونے دو۔" میں نے لاپروائی سے کہا۔ "ہمیں یہاں صرف گھنٹے گزارنے ہیں۔ ان چند گھنٹوں میں ہمیں کوئی خطرہ پیش نہیں یہاں ہر ہمیں چھیڑنے کی کوشش نہیں کی جائے گی۔"

یہ بات میں نے کہہ تو دی تھی لیکن مجھے خود اس کا یقین نہیں بعد کے حالات نے ثابت بھی کر دیا کہ میں نے رضوان سے ایک غلط با کہی تھی۔

فونگ کے آدمی نے ہوٹل تک ہمارا تعاقب کیا اور پھر اسکی وہاں رُکے بغیر آگے نکل چلی گئی۔

چائے کا وقت ہو چکا تھا۔ میں نے رضوان کو اپنے ساتھ پینے کی دعوت دی جو اس نے قبول کر لی۔ میرے کمرے کے سامنے اسے اچانک خیال آیا کہ اس کے پاس سگریٹ ختم ہو گئے ہیں۔

"میں ابھی دو منٹ میں آیا۔ اپنے کمرے سے سگریٹ لے آ

تم سے کہا اور اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

میں نے ہم سروں میں فرنچ سناٹرا کا ایک گیت گنگناتی ہوئی ے کا قفل کھولنے لگی۔ فرح کو بخیر و عافیت روانہ کرنے کے بعد ا کو بہت ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی۔ گو کہ ایئرپورٹ پر ڈاکٹر آدمی سے مڈبھیڑ نے میرے اعصاب کشیدہ کر دیئے تھے لیکن دلی بات تھی۔ اب میں نے اسے بھی فراموش کر دیا تھا اور ایک ایسی صورت میرے ذہن کے نہاں خانے سے اُبھر کر شعور کی تھپکیاں دینے لگی تھی۔ اس صورت کا نام مہربانو تھا۔ بی ایز بہت بلبارے میں مجھ سے لگاوٹ کی باتیں کی تھیں اور جس کا بار دیکھ کر ہاں محسوس ہوا تھا جیسے اُس کو میری خواہشوں کے سانچے میں تراشا اسے دیکھ کر میں نے تمنا کی تھی کہ وہ بھی میری تنہائی کی رفیق بنے۔

جیسے ہی میں نے کمرے میں قدم رکھا، مجھے وہاں کسی کی موجودگی اس ہوا۔ میں ٹھٹھک کر رُک گئی۔ بند کمرے میں کسی کی موجودگی ہی کی علامت معلوم ہوئی تھی۔ میں نے متوقع خطرے سے نپٹنے کے کو پوری طرح آمادہ کر لیا لیکن اسی لمحے وہ شخصیت مجھے نظر آ گئی کے نظر آتے ہی میرا اعصابی تناؤ ختم ہو گیا۔

وہ مہربانو تھی!

بے اختیار ایک تعریف المثل میرے ذہن میں کلبلائی لیکن میں منہ اُبھرنے سے پہلے ہی کچل دیا کیونکہ اس کہاوت کو ایک دلربا وجود پر بھی منطبق نہیں کیا جا سکتا تھا۔

مہربانو ایک ہلکے پھلکے گاؤن میں ملبوس، کھڑکی کے پاس کھڑی ابھری ہلکی ہلکی روشنی، کھڑکی کے جالی دار پردے سے چھن چھن کر ہی تھی۔ ملگجی سی چاندنی سے مشابہہ اس روشنی میں مہربانو کچھ یوں محسوس ہوا جیسے دنیا کا مجسمہ مجھے دعوتِ نظارہ دے اس کے گاؤن کی تراش خراش کچھ ایسی تھی کہ جسم کا تناسب اور ناشائی انداز میں اپنی پوشش کو رد کر رہے تھے۔

آپ!" وہ مجھے دیکھ کر مسکرائی تھی۔

تم یہاں کیسے آ گئیں؟" میرے لہجے میں استعجاب رچا ہوا تھا۔

لچے تے ہوئے زیادہ دیر نہیں ہوئی۔" مہربانو نے گاؤن کی ڈوری ہوئے جواب دیا۔ "میرا خیال تھا کہ آپ مجھے اچانک یہاں پا کر حیران ہوں گی اور خوش بھی اس لئے میں نے کمرہ، بیرے سے کھلوا لیا تھا۔ ایک تو مان (ایرانی سکہ) کی قربانی دینا پڑی تھی اور تھوڑا سا جھوٹ بولنا تھا۔ کیا آپ مجھے دیکھ کر خوش نہیں ہوئیں؟"

"بلا بھر کے لئے تو وڑ ہی گئی تھی۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔

مہربانو ہنس پڑی۔ ہنسنے کے انداز میں بڑی سیکسی اپیل تھی۔ رنگ و بے میں نشہ انگیز لہریں دوڑتی ہوئی محسوس ہونے لگیں۔ لہریں میرے لئے اجنبی نہیں تھیں۔ میں تحمور انداز میں آگے ہی نے پوچھا۔

"مجھے تمہارے آنے کی اُمید نہیں رہی تھی۔"

"شاید اس لئے کہ میں دو میجر کو آپ کے پاس نہیں آسکی اور نہ ہی میں نے آپ سے فون پر رابطہ قائم کیا۔"

"شاید یہی وجہ ہو۔" میں بستر پر بیٹھ گئی جو مہکا ہوا تھا۔ مہربانو میرے انتظار میں بستر پر لیٹ گئی ہو گی۔ ایسی بے تکلفی مجھے پسند نہیں لیکن میری اس ناپسندیدگی کا اطلاق مہ جبینوں پر نہیں ہوتا۔

"کاش، یہاں ہمارا قیام کل صبح تک کے لئے ہوتا۔" مہربانو نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "اب تو صرف چند گھنٹے ہیں۔"

"چند گھنٹے بھی بہت ہیں۔" میں نے معنی خیز لہجے میں کہا۔ "لیکن اس وقت تمہاری یہاں موجودگی نے مجھے ایک مشکل سچویشن میں پھنسا دیا ہے۔"

"کیسی سچویشن؟" مہربانو چونک کر بولی۔

"میں اپنے ساتھی کو چائے کی دعوت دے چکی ہوں۔ وہ سگریٹ لینے کے لئے اپنے کمرے میں گیا ہے اور بس آیا ہی چاہتا ہے۔"

"اوہ!" مہربانو نے اس طرح اطمینان کی سانس لی جیسے یہ کوئی اہم مسئلہ نہ ہو، پھر بولی۔ "میں ابھی آپ کی یہ مشکل دُور کئے دیتی ہوں۔"

میں نے اس سے یہ نہیں پوچھا کہ وہ کیا کرے گی۔ اس نے بھی مجھے کچھ نہیں بتایا اور اس کونے کی طرف چلی گئی جہاں ٹیلی فون رکھا ہوا تھا۔ وہ رسیور اُٹھا کر شاید آپریٹر سے باتیں کرنے لگی۔

حقیقت یہ ہے کہ میں نے رضوان کے سلسلے میں جس تشویش کا اظہار کیا تھا وہ مصنوعی تشویش تھی۔ رضوان کو ٹالنا میرے لئے ذرا بھی مشکل نہیں تھا لہٰذا میں نے اس بات پر بھی دھیان نہیں دیا کہ مہربانو کیا کرنا چاہتی تھی۔ میں بستر سے اُٹھ کر باتھ روم کی طرف بڑھتی چلی گئی۔

واش بیسن میں منہ ہاتھ دھو کر میں نے خود کو لباس کی قید سے آزاد کیا اور گاؤن پہن لیا۔ میرا خیال تھا کہ مہربانو بھی صرف گاؤن پر تکیہ کئے ہوئے ہے۔

جب میں دوبارہ خوابگاہ میں داخل ہوئی تو میں نے مہربانو کو بستر پر نیم دراز پایا۔ اس کا گاؤن کئی جگہ سے کھلا ہوا تھا۔ وہ کھلے ہوئے حصے عمدہ اور شفاف سنگِ مرمر کی یاد دوں کو جلا بخشنے پر قادر تھے۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے سنگِ مرمر پر شفق کی چھوٹ پڑ رہی ہو۔ میرا دل ران خون تیز ہو گیا اور جسم کے نامعلوم حصوں میں جی ہوئی حدت مچلنے لگی۔

"میں نے آپ کے ساتھی کا بندوبست کر دیا ہے۔" مہربانو مسکرا کر بولی۔

"وہ کیسے؟" میں نے پوچھا۔

"ویٹر کو فون کر کے جانے ان کے کمرے میں ہی بھجوا دی ہے۔ عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہوتا ہے۔ وہ سمجھ جائیں گے کہ آپ اچانک آرام کرنے کے موڈ میں آ گئی ہیں لہٰذا اب وہ آپ کو ڈسٹرب نہیں کریں گے۔"

میں نے مہربانو کی اس شوخ تدبیر پر پسندیدگی کے انداز میں سر

یہ میری زندگی کا پہلا تجربہ تھا۔ مہربانو بہت فعال ثابت ہوئی تھی۔ اس نے سب بوتلوں سے مختلف پایا جو اب تک میں پی چکی تھیں۔ کئی بار مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے مہربانو میرا بدن چٹ کر گئی ہو۔ خود بھی مہربانو کا شکار ہوں۔ وہ جیسے ٹوٹ ٹوٹ کر مجھ پر گر رہی تھی۔ میرے بدن کا ایک ایک رُواں اس کے لبوں کا مشکور ہوا۔ اس کے لب اس کو تسلی گرم جواب نہ دے سکے۔ میرے ہاتھوں کی آوارگی کے ہاتھوں کی دیوانگی سے شکست پر شکست کھا رہی تھی لیکن ایسی کھانے کو جی چاہتا ہے۔ اس شکست میں مہربانو کی بدمستی کا کچھ ہو تو ہو، مجھ پر تو لذت و سرشاری کے در کھل گئے تھے۔ شکست میری مشامِ جاں کو معطر کرتا رہا۔ مہربانو کی فتح کا پرچم میری آسودہ دردِ وام پر لہراتا رہا۔ دیوانگی بڑھتی رہی۔ جنون کے آفتاب کی کرن جسم، پسینے پسینے ہو گئے۔ بال بکھر گئے اور بستر کی ہزار ہا شکنوں کی تفسیر مکمل ہوئی۔

ایک گھنٹہ جیسے پر لگا کر اڑ گیا۔

اب مجھ پر ایسی نشہ انگیز تھکن طاری تھی جیسے کسی نے جسم سب کچھ نچوڑ لیا ہو۔ مہربانو کی حالت بھی مجھ سے مختلف نہیں تھی ڈوبے ہوئے بدن بڑی دیر تک بے سدھ حالت میں رہے اور کمرے سکوت میں صرف تیز سانسوں کی بازگشت حکمراں رہی۔ اس عالم نصف گھنٹہ گزارنے کے بعد حرکت کی سکت پیدا ہوئی۔ میں نے کے گال پر اپنی محبت نثار کی اور بستر سے اُٹھ گئی۔ مہربانو بھی اٹھی اُدھر بکھرے ہوئے گاؤن پھر اپنے فراخ منعس سے آگاہ ہوئے

"حلق خشک ہو رہا ہے بانو! کچھ پلایئے!" مہربانو نڈھال میں بولی۔

"کیا پیو گی؟" میں نے ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے بیٹھ کر اپنے درست کرتے ہوئے پوچھا۔

"آپ کو کیا پسند ہے؟" مہربانو نے اپنے گاؤن کی ڈوری ہوئے سوال کیا۔

میں نے سائڈ ٹیبل کی دراز سے چھوٹی بڑی دو تین بوتلیں نا اور کہا "میں اپنے پاس سب ہی کچھ رکھتی ہوں لیکن مجھے شیری پ

"مجھے تو یہ دیجئے گا؟" اس نے ایک بوتل کی طرف اشارہ کیا۔

"یہ تو پورٹ ہے"

"جی ہاں"

"پورٹ اور شیری میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا، تو پھر تم ساتھ کیوں نہ دو" میں نے کہتے ہوئے شیری کی بوتل میز پر رکھ اور باقی بوتلیں واپس دراز میں رکھنے لگی۔

"نہیں نہیں، میں پورٹ پیوں گی" مہربانو پہلو بدل کر بو اُس کا اضطراب مجھے بڑا عجیب معلوم ہوا لیکن میں نے اس پر توجہ نہیں دی اور پورٹ کی بوتل نکال کر شیری کی بوتل رکھ دی۔

کہا "آپ نہیں پئیں گی؟" مہربانو بے اختیار بولی۔

"پوٹ پی لوں گی۔ تم میرا ساتھ نہیں دینا چاہتیں تو میں ہی ہوں"

مہربانو ہنستی ہوئی اٹھی اور سائڈ ٹیبل کے قریب آ کر اس بوتل کی بوتل نکالتی ہوئی بولی "آپ شیری ہی پیجئے"

"ڈر پڑتا ہے مہربا" میں نے بڑے پیار سے کہا "یقین بانو! ذرا بھی گراں نہیں گزرے گا"

"ہاں گزرے لیکن جب آپ شیری کی عادی ہیں تو شیری

اضطراب کے بعد مجھے اس کا یہ اصرار بھی کچھ عجیب محسوس ہوا میں پڑ گئی۔

دونوں بوتلیں کھولیں اور انہیں یکے بعد دیگرے دو گلاسوں میں انڈیلا۔

"لیں آپ؟" اس نے میرے چہرے پر نظریں جماتے

"خاص بات نہیں" میں نے مسکرا کر کہا "بس یونہی مجھے اچانک واقعی تمہیں مرد بالکل پسند نہیں ہیں؟"

"نفرت ہے۔ یہ وحشی تو عورتوں کو پیس کر رکھ دیتے ہیں"

"کبھی کسی مرد کے قریب نہیں ہوئیں؟"

"ذکر سنتی رہ گئی۔ میری نظر میں اس کا یہ بیان مشتبہ بات محسوس کرلی تھی کہ اس کی دوشیزگی کسی مرد بھی ہے۔

"بیری کا گلاس میری طرف بڑھا دیا اور خود پورٹ کا ہونٹوں سے لگانے ہی والی تھی کہ میں نے اس کی

"تم میرے ساتھ شیری ہی پیو!" میں نے کہا۔

"کیا" کا سی حرکت پر مہربانو کو ہنس پڑنا چاہیے تھا۔ اس ذرا سی متعجب بھی ہو سکتی تھی لیکن میں نے اس کی خون کو لہراتے دیکھا۔

"ہ" وہ متبسم کر بولی "میں پورٹ ہی پیوں گی"

"ٹ سے زیادہ مختلف نہیں ہوتی۔ تم پی کر تو دیکھو!"

"ہ ہی ہوں لیکن یہ مجھے کبھی پسند نہیں آئی" مہربانو

"ساتھ بھی پی کر دیکھو، میری خاطر، ذرا سی تو چکھو!

پھر منع کر دینا۔ میں دوبارہ اصرار نہیں کروں گی" میں نے اپنا گلاس اٹھا کر اس کی طرف بڑھایا۔

مہربانو کے چہرے کا رنگ اُڑ گیا۔ اس کی آنکھوں سے خوف کے ساتھ اُلجھن بھی ہویدا تھی۔ شاید اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کرے اور ادھر مجھے اب یقین آ چکا تھا کہ وہ میرے گلاس سے شراب پینے پر کسی طرح بھی آمادہ نہیں ہوگی۔ اس کا یہ احتراز اس کے دل میں چھپے ہوئے کسی چور کی طرف اشارہ کر رہا تھا اور وہ چور اس کے سوا کیا ہو سکتا تھا کہ اس نے شراب میں کچھ ملا دیا ہو۔ یہ کام اس کے لئے مشکل نہیں تھا کیونکہ وہ میری غیر موجودگی میں یہاں آئی تھی۔ گو کہ بوتل کو میں نے بند ہی پایا تھا لیکن میں خود بھی ایسے طریقوں سے واقف ہوں کہ کچھ ملا دینے کے بعد بھی بوتل بند کی بند محسوس ہو۔

"ب..... بانو!" مہربانو ہکلائی۔

"لو پیو!" میرے لہجے میں سختی آ گئی۔

اسی وقت کسی نے دروازے پر دستک دی اور میں چونک پڑی کیا آنے والا رضوان ہو سکتا ہے؟ میں نے سوچا اور یہ سوچتے ہی مجھے یاد آ گیا کہ رضوان کے لئے جانے کا انتظام مہربانو ہی نے کروا دیا تھا۔ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ وہ اکیلی نہیں تھی تو سوچا جا سکتا ہے کہ اس نے اپنے ساتھی سے رضوان کو بھی زہر دلوانے کی کوشش کی ہوگی۔ ایسی صورت میں دروازے پر دستک دینے والا مہربانو کا ساتھی بھی ہو سکتا تھا۔

دستک پھر ہوئی۔ اس مرتبہ دستک دینے کے انداز میں اضطراب کی تھی۔ میں نے مہربانو کے چہرے پر اُلجھن کے آثار دیکھے مگر اس تبدیلی کو کسی قسم کے معنی نہ پہنا سکی اور شیری کا گلاس میز پر رکھ کر دروازے کی طرف بڑھی۔

دروازہ کھولتے وقت میں ہر قسم کی سچویشن سے دوچار ہونے کے لئے تیار تھی۔ اگر فوجدار کے ہاتھ میں ریوالور دکھائی دیتا تو میں چشم زدن میں اس پر جھپٹ پڑتی۔

دروازے کے باہر، توقع کے مطابق ایک اجنبی ہی دکھائی دیا مگر اس کے ہاتھ میں کوئی ہتھیار نہیں تھا۔ شخصیت بڑی وجیہہ اور پُروقار تھی۔ لباس بڑی حد تک پُرتکلف تھا۔ اس کے پیچھے دو آدمی مؤدبانہ انداز میں ہاتھ باندھے کھڑے تھے۔

میں کچھ کہے بغیر اسے ٹٹولنے والی نظروں سے دیکھتی رہی۔

"کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟" اجنبی نے بڑے شائستہ انداز میں پوچھا لیکن انداز سو فیصدی رسمی تھا۔ یوں لگتا تھا جیسے وہ منفی جواب سننے کا عادی نہ ہو۔

میں نے قدرے توقف کے بعد اس کے لئے راستہ چھوڑ دیا وہ آہستہ آہستہ نپے تلے قدم اُٹھاتا ہوا کمرے میں داخل ہوا اور سیدھا اس طرف بڑھ گیا جہاں مہربانو ابھی تک اپنا گلاس ہاتھ میں لئے ہوئے تھی لیکن اب وہ کھڑی ہو گئی تھی۔

"گویا میں عین وقت پر پہنچا ہوں۔" اجنبی نے قدرے تیز آواز میں کہا اور گفتگو میری طرف موڑ لی تھی لیکن پھر بھی اس کی شخصیت کا کوئی ایسا پہلو ضرور تھا جس نے میرے ذہن میں ایک کھٹک پیدا کر دی تھی۔

اس نے اب تک اپنا تعارف نہیں کرایا تھا۔ ممکن ہے کہ اسی بات کو میرے لاشعور نے کچھ ناگوار محسوس کیا ہو۔ اس کی حرکات و سکنات اور انداز گفتار کا بے پناہ اعتماد بھی میری طبیعت پر گراں گزر رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں کچھ ایسی تمکنت آمیز چمک تھی جیسے وہ کسی کو خاطر میں لانے کا عادی نہ ہو اور اس وقت میرا وجود بھی اس کی نظروں میں ایک حقیر نقطے سے زیادہ اہم نہ رہا ہو۔

میری خاموشی غالباً اسے پسند نہیں آئی کیونکہ اب وہ بولا تو اس کے لہجے کی شائستگی کچھ اڑی اڑی سی تھی۔ "شاید آپ کو اندازہ نہیں کہ میں نے بروقت پہنچ کر آپ کی جان بچائی ہے۔ اگر مجھے ایک منٹ کی بھی دیر ہو جاتی تو آپ یہاں خون تھوکتی ہوئی نظر آتیں۔"

"اپنی ذات سے بے خبری کو میں کفر سمجھتی ہوں۔" میں نے بڑے طنطنے سے کہا۔

"تو کیا آپ کو علم تھا؟" اجنبی نے حیرت کا اظہار کیا۔

"میرا نام فیصبو بانو ہے اور میں اپنی حفاظت کرنا خوب جانتی ہوں۔"

"اوہ!" اجنبی کو جیسے کچھ خیال آگیا۔ "میرا نام مرتضیٰ ہے۔ یہاں کے لوگ مجھے آقائے مرتضیٰ کے نام سے پکارتے ہیں۔" اس نے غور سے میری طرف دیکھا۔ "تم لڑکیوں میں شاید ہی کوئی ایسا ہو جو میرے نام سے واقف نہ ہو۔ میں ایک ماہر ہوں لیکن تجارت سے میری دلچسپی برائے نام ہے۔ یہ گاؤدی و نالائم میرے کارندے انجام دیتے ہیں۔ میں تو محض آپ جیسی ذہین اور نازک ہستیوں کی خدمت کے لئے وقف ہوں۔" شائستگی کا ملمع اترنے لگا اور اس کی جگہ عامیانہ انداز نے لے لی۔

"شکریہ۔" میں نے خشک لہجے میں کہا۔ "مجھے آپ کی خدمت کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔"

"آپ بہت ناشکر گزار ہیں!" آقائے مرتضیٰ کے لہجے میں شکایت کا عنصر عود کر آیا اور مجھے اس سے بہت خوشی ہوئی کیونکہ میں شکایت کو کمزوری کی علامت سمجھتی ہوں۔ اس شکایت کا مطلب یہ تھا کہ آقائے مرتضیٰ کی شائستگی کے بعد ان کی خود اعتمادی کا ستون بھی لرزنے لگا تھا۔

اس گفتگو کے دوران میں مہربانو نے اپنی جگہ سے ذرا بھی حرکت نہیں کی تھی لیکن اس کا چہرہ بار بار رنگ بدل رہا تھا۔ وہ خود کو سنبھالنے کی پوری کوشش میں تھی۔ ایک تانیے کے لئے کامیاب ہوتی تھی تو دوسرے تانیے میں پھر گھبراہٹ کا غلبہ ہو جاتا تھا۔

"میں آپ کا شکریہ کس سلسلے میں ادا کروں!" میں نے آقائے مرتضیٰ کی بات کے جواب میں کہا۔ میرے لہجے میں تمسخر تھا۔ "میں نے تو آپ کو خدمت گزاری کا کوئی موقع نہیں دیا اور نہ دینا چاہتی ہوں۔"

"آپ شاید اس کمرے میں ہونے والے ڈرامے سے آقائے مرتضیٰ نے مسکرا کر کہا۔ "چیلنج میں ملنے لیتا ہوں لیکن آپ کو فراموش کئے ہوئے ہیں۔ وہ آپ کی طرح باخبر ہرگز نہیں ہے۔"

"اوہ! تو کیا رضوان۔۔۔۔" میں ایک لمحے کے لئے بوکھلا گئی۔ دوسرے ہی لمحے میں نے اپنی بوکھلاہٹ پر تاؤ پاتے ہوئے جملہ ادا کر دیا۔ مجھے جھجکنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی کیونکہ اگر رضوان کو آقائے مرتضیٰ اس طرح اس کا تذکرہ نہ کرتا۔

"آپ بے فکر رہیں۔" اس نے میرے اطمینان کو تقویت آلود چائے کی پیالی عین اس وقت اس کے ہاتھ سے لے لی گئی وہ اس کا پہلا گھونٹ لینے ہی والا تھا۔

"شکریہ۔" میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔ "ویسے سے تو توقع کرتی ہوں کہ وہ اپنے بہترین محافظ ثابت ہوں گے جائیں تو یہ ان کی اپنی غلطی ہوگی جس کی سزا بھی انہیں خود ہی کرنی چاہئے۔"

"درست، لیکن آپ کے یہاں کی ایک مثل ہے کہ گیہوں گھن بھی پس جاتا ہے اور بس جانے میں گھن بے چارے کی نہیں ہوتی۔ وہ تو گیہوں کے التفات میں مارا جاتا ہے۔"

مجھے ہنسی آگئی۔ آقائے مرتضیٰ ذہین اور دلچسپ شخص تھے۔

"ہنستے ہوئے آپ بہت اچھی لگتی ہیں۔" وہ بولے۔

اس تبصرے پر میں جھینپ گئی۔ یہ عامیانہ انداز زیادہ سے باہر تھا لیکن میں یہ بھی جاننا چاہتی تھی کہ یہ شخص آدھا کیا ہے؟ مجھ میں اس کی دلچسپی کی نوعیت کیا ہے؟ رضوان اس کی باغبری کس خانے میں فٹ ہوتی ہے اور اسے مہربانو کی کا علم کیسے ہوا؟

آقائے مرتضیٰ نے شاید میرے چہرے سے میری جھنجھلاہٹ بھانپ لیا تھا۔ اس کے ہونٹوں پر شرارت آمیز مسکراہٹ کھیلنے لگی پھر سنجیدہ ہو گیا اور مہربانو کی طرف اشارہ کرتا ہوا بولا۔ "ان جان سے مارنے کی کوشش کی تھی لہٰذا اب انہیں اس کی سزا بھی میں چپ رہی۔ مجھے دیکھنا تھا کہ آخر یہ شخص چاہتا کیا ہے؟"

آقائے مرتضیٰ اپنے آدمیوں کی طرف مڑا جو دروازے کھڑے ہوئے تھے۔ وہ اس کا اشارہ پا کر قریب آگئے۔ آتش سے شیری کا گلاس بھرا۔ مہربانو اب لرزہ براندام تھی۔ خوف سے خون جھانکنے لگا تھا۔ وہ کانپتے ہوئے ہاتھ سے اپنا منہ چلی تھی۔

آقائے مرتضیٰ نے اپنے آدمیوں کی طرف دیکھ کر کہا۔ "چکھا تو ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ اس کام میں ہمارے ساتھ تعاون کریں گی۔"

ان دونوں آدمیوں نے اشارہ سمجھ لیا اور مہربانو

کچھ سمجھ چکی تھی اور دیوار سے جا لگی۔ وہ دونوں کبھی اس ایک نے اس کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹا اور دوسرے نے پیچھے سے بازو۔ اب وہ بل بھی نہیں سکتی تھی۔

منصوبے سے آگاہ ہونے کے بعد اب مجھے مہربانو سے ہمدردی تھی لیکن اس کی موت سے مجھے کوئی فائدہ نہیں تھا اس کی زندگی میرے کام آسکتی تھی۔ صرف اسی سے مجھے میرے قتل کی ذمے داری کس نے سونپی تھی کیونکہ یہ پتا آقائے

دونوں آدمیوں کی گرفت میں بری طرح مچل رہی تھی اور التجائی انداز میں شراب کے گلاس کو اس کے ہونٹوں کے

مرتضیٰ!" میں ہاتھ اٹھا کر بولی۔ "مجھے مہربانو سے

ملزم کی طرف دیکھا اور چند لمحے کچھ سوچنے کے بعد بولا۔ "اچھی بات ہے۔ میں تھوڑی دیر انتظار کر لیتا ہوں لیکن اگر اس کا گلاس تو خالی کرنا ہی پڑے گا۔" آقائے مرتضیٰ

مہربانو کے قریب پہنچ گئی اور ان دونوں آدمیوں دیکھ رہے تھے۔ وہ دونوں استفہامیہ نظروں سے اپنے آقا کی

آقائے مرتضیٰ نے کہا۔

مہربانو کو چھوڑ کر آگے ہٹ گئے۔ وہ بری طرح ہی ہونٹوں میں آنسو پی رہی تھی۔ وہ گڑگڑاتی ہوئی بولی۔ کہا پھینکے! میں آپ کو سب کچھ بتا دوں گی۔ بس آپ اس کو۔"

مرتضیٰ سرد لہجے میں بولا۔ "یہ خاتون اس قسم کا کوئی نہیں ہیں۔"

اس سے آقائے مرتضیٰ کی طرف دیکھا اور پھر مہربانو ملتجی لہجے میں بولی۔ "میں وعدہ کرتی ہوں۔"

ان کے پیش نظر میں آقائے مرتضیٰ ہی مسترد تھے ہاں۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا" کے مصداق مہربانو کر رہی تھی اور فرفرہ سب کچھ اگلتی چلی گئی جس کا علم میں نے

وہی میری توقع کے عین مطابق تھا۔ اسے اور اس گروپ میں، جس آفیسر نے شامل کرایا تھا، اس خان کے ساتھ دیکھ چکی تھی جو زہر بھی اسی آفیسر نے اس کے لئے اس قسم کے کئی کام کر چکی تھی۔ اس مرتبہ ساتھی بھی مہیا کیا گیا تھا جو ہوٹل کے میرے

کی ذمہ داری میں رضوان کے لئے چائے لیکر گیا تھا۔

میں نے مہربانو کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا۔ "اگر میں زہر آلود شراب پی لیتی تو کیا تمہیں کسی کو اس امر کی اطلاع دینی تھی؟"

مہربانو نے اثبات میں سر ہلایا۔

"کیسے؟" میں نے پوچھا۔

"اسی آفیسر کو۔" مہربانو نے نظریں مجھ پر گاڑ کر جواب دیا۔ "فون کر نا پڑتا۔"

"اس کا نمبر بتاؤ۔"

مہربانو نے نمبر بتایا جو میں نے ذہنی طور پر کئی مرتبہ دہرا کر یاد کر لیا اور پھر بولی۔ "کیا تم نے صرف شیری کی بوتل میں زہر ملایا تھا؟"

"نہیں۔" مہربانو نے جواب دیا۔ "پورٹ کے علاوہ ساری بوتلیں زہر آلود ہیں۔"

"اگر میں پورٹ ہی کا انتخاب کرتی؟"

"یہ ایک چانس تو لینا ہی تھا۔" مہربانو نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"ہوں۔" میں ایک طویل سانس لیکر کچھ سوچنے لگی۔

آقائے مرتضیٰ بولا۔ "آپ کو جو کچھ معلوم کرنا تھا وہ غالباً آپ معلوم کر چکی ہیں!"

"ہاں۔" میں نے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔ "لیکن اب آپ مہربانو کو زہر نہیں دیں گے۔ میں نے اس کی جان بچانے کا وعدہ کیا تھا اور میں اپنے وعدے کی پابند رہتی ہوں۔"

"لیکن میں آپ کے وعدے کا پابند نہیں ہوں۔" آقائے مرتضیٰ نے ترش روئی سے جواب دیا۔ "میں نے اس لڑکی کے لئے موت کی سزا تجویز کی ہے اور میرے فیصلے اٹل ہوتے ہیں۔"

آقائے مرتضیٰ اب بڑے بھیانک روپ میں سامنے آرہا تھا۔ مجھے ایسی بات محسوس ہو رہی تھی جیسے مہربانو کو زہر پلانا، مرتضیٰ کی زندگی کا کوئی اہم فریضہ ہو۔ اس کے چہرے کے تاثرات بڑے خوفناک ہو گئے تھے۔ وہ غرّاتا ہوا بولا۔

"اب آپ پیچھے ہٹ جائیے!"

میں اس پوزیشن میں نہیں تھی کہ فوری طور پر کوئی راست اقدام کر سکتی۔ آقائے مرتضیٰ دیوانگی کی حد تک سفاک معلوم ہو رہا تھا۔ ایسے لوگ ذرا ذرا سی بات پر خون بہا ڈالتے ہیں لیکن میں یہ برداشت کرنے پر آمادہ نہیں تھی کہ وہ محض میری وجہ سے مہربانو کا خون بہانا چاہتا تھا اور صرف میری جان بچانے کے لئے کمرے میں آیا تھا۔ بات یقیناً کچھ اور تھی۔

میں پیچھے ہٹ گئی۔

"بانو!" مہربانو گڑگڑائی اور اسی وقت آقائے مرتضیٰ کے اشارے پر دونوں آدمی پھر جھپٹے۔ انہوں نے مہربانو کو بے بس کر دیا۔ آقائے مرتضیٰ زہریلی شراب کا گلاس لئے ہوئے اس کی طرف بڑھا۔

میں اس وقت میز کے پاس کھڑی ہوئی تھی۔ آقائے مرتضیٰ میری طرف متوجہ نہیں تھا اور اس کے دونوں آدمی بھی۔ مہربانو میں الجھے ہوئے تھے۔ میں نے بڑے اطمینان سے زہریلی شراب کی بوتل اٹھائی اور اسے

آتائے مرتضیٰ کے گلاس والے ہاتھ کی طرف اُچھادیا۔

بُوسکی نشانے پر لگی۔ گلاس مرتضیٰ کے ہاتھ میں ٹوٹا اور بُوسکی نیچے گر کر ٹوٹی۔ ٹوٹے ہوئے گلاس کا کوئی ٹکڑا شاید مرتضیٰ کے ہاتھ میں بھی لگ گیا کیونکہ جب اس نے میری طرف مُڑتے ہوئے ہاتھ اُوپر اُٹھایا تو اس سے خون کی بوندیں ٹپک رہی تھیں۔ شراب کے چھینٹوں سے اس کا لباس داغدار ہوگیا تھا۔ اس کی آنکھوں سے دیوانگی جھلکنے لگی تھی اور چہرہ خوفناک ہوگیا تھا۔

میری جگہ کوئی عام سی لڑکی ہوتی تو آتائے مرتضیٰ کی یہ حالت دیکھ کر خوف سے کانپنے لگتی لیکن میں اطمینان سے کھڑی، اس کی اگلی حرکت کا انتظار کرتی رہی۔

"تم بہت تیز ہو" وہ غرایا۔ "تم نے شراب کی بُوتل بھی توڑ دی اور گلاس بھی لیکن تم اس لڑکی کی یہ بات بھُول گئیں کہ باقی بوتلیں بھی زہر آلود ہیں۔ میں انہیں بھی استعمال کرسکتا ہوں۔"

"اگر تم اس لڑکی کو چھُو کر فوراً اس کمرے سے نہ چلے گئے تو میں فون کرکے پولیس کو بلوالوں گی۔"

"پولیس!" آتائے مرتضیٰ نے ایک ہذیانی سا قہقہہ لگایا اور پھر ٹیلی فون کی طرف اشارہ کرتا ہوا بولا۔ "ضرور شوق فرمایئے!"

میرا خیال تھا کہ جب میں فون کی طرف بڑھوں گی تو وہ جھپٹ کر میرا راستہ روک لے گا لیکن جب اس نے ایسا نہیں کیا تو میں خود ہی رُک گئی۔ آتائے مرتضیٰ کے اطمینان کا مطلب یہی تھا کہ اس نے ٹیلی فون کے تار کاٹ دیئے ہوں گے۔

اچانک میں مڑی اور آہستہ آہستہ چلتی ہوئی بستر تک گئی۔ اس پر بیٹھ کر میں نے بڑے اطمینان سے کہا۔ "مسٹر مرتضیٰ! آپ خاصی تیاریوں کے ساتھ یہاں آئے ہیں لیکن یہ تیاریاں محض میری جان بچانے کے لئے ہوگی، نہیں ہوسکتیں۔ بہتر ہوگا اب آپ اپنے بچے کھُچے حواس میں یہ بتادیں کہ آپ کی خدمات میرے کسی دشمن ہی نے حاصل کی ہوں گی۔"

آتائے مرتضیٰ بڑے غور سے میری طرف دیکھتا رہا اور پھر ہولناک مسکرادیا۔ اس شخص کا چہرہ عجیب تھا، پل پل میں رنگ بدل لیتا تھا۔ اس نے اپنے آدمیوں سے کہا کہ وہ مہرِبانو کو وہاں سے لیجائیں، پھر وہ مجھ سے بولا۔ "تنہائی میں ذرا اطمینان سے گفتگو ہوسکے گی۔"

مہرِبانو کی فریاد کرتی ہوئی آنکھیں مجھ پر جمی ہوئی تھیں لیکن میں نے اسے وقتی طور پر نظر انداز کردینا ہی مناسب سمجھا۔ میں جھگڑے کو بڑھانا نہیں چاہتی تھی کیونکہ اس صورت میں مجھے آتائے مرتضیٰ کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوپاتا۔

دونوں آدمی مہرِبانو کو گھسیٹتے ہوئے کمرے سے نکال لے گئے۔ جب دروازہ کھولا گیا تھا تو باہر بھی کچھ آدمی کھڑے نظر آئے تھے۔ گویا آتائے مرتضیٰ نے دروازے پر بھی پہرہ لگا رکھا تھا۔

آتائے مرتضیٰ نے جیب سے رومال نکال کر اپنے زخمی ہاتھ پر رکھ لیا اور میرے سامنے صوفے پر بیٹھ کر سنجیدگی سے بولا۔ "مجھے بالکل توقع نہیں تھی کہ تم جیسی نڈر، ذہین اور تیز عورت میں نے آج تک نہیں دیکھی، اپنی زندگی میں آنے والی عورتوں کی تعداد بھی یاد نہیں۔"

"لیکن تم مجھے ضرور یاد رکھو گے۔" میں نے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"یقیناً۔" وہ بھُوکی نظروں سے میرے سراپا کا جائزہ لیتا ہوا بولا۔ "یہ تو بشکن جوانی تو کسی قیمت پر بھی نہیں بھُلائی جاسکتی۔ میں اپنا کام بڑی خوش اور بڑی خوش اسلوبی سے کرسکوں گا۔"

"کیسا کام؟" میری نظریں اس کے چہرے پر اس کے منہ سے کچھ نکلوانے کی کوشش کررہی تھیں۔

"تمہیں زیر کرنے کا کام۔" وہ مسکرا کر بولا۔ "تمہیں کچھ سوالات کے جواب حاصل کرنے ہی کے لئے کسی نے مجھے لگایا ہے۔"

"کتنی رقم ملی ہے اس کام کے لئے؟"

"رقم!" آتائے مرتضیٰ نے تمسخر لگایا۔ "رقم کی میرے لئے کوئی اہمیت نہیں ہے۔ تمہارے دشمن مجھے نہیں خرید سکتے، شاید میں یہ تو اس چیلنج کی وجہ سے اس کام پر آمادہ ہوا تھا کہ تم پر قابو پاسکوں گا۔ تمہارے دشمنوں نے کہا تھا کہ اگر میں تم پر قابو پاسکا تو تمہارے سل چکی تھی اور اب یہ ثابت ہوگیا تھا کہ کائی چیک نہیں اس نے بڑی خوبی سے اپنا بار مرتضیٰ کے کندھے پر ڈال دیا تھا۔ مرتضیٰ سے بخوبی واقف ہوگا، مرتضیٰ کی کمزوریاں اور اس کی نظروں میں ہوں گے اور اس نے انہیں بڑی کامیابی کے لئے استعمال کرلیا تھا۔ اس سے یہ بات بھی ثابت ہوتی میرا تعاقب کرتا ہوا کراچی سے یہاں نہیں آیا تھا بلکہ عرصہ مقیم تھا۔ اسی صورت میں اس کو آتائے مرتضیٰ کے بارے میں تھیں۔ کائی چیک کا عرصہ دراز سے تہران میں قیام تھا، اس کی "بین الاقوامیت" پر بھی مہرِتصدیق ثبت کررہا تھا۔

"بتاؤ بانو!" آتائے مرتضیٰ عجیب سے لہجے میں "زیر نہیں کرسکتا؟"

"اگر میں تمہارے سوالوں کا جواب دیدوں تو کیا کہ تم نے مجھے زیر کرلیا؟"

آتائے مرتضیٰ نے مجھے تعریفی نظروں سے دیکھا میں سر ہلایا۔

"بہت خوب۔" میں نے کہا۔ "وہ سوالات کیا؟"

"صرف دو سوال۔" آتائے مرتضیٰ نے کہا۔ "پہلا پاکستان کی کسی انٹیلی جنس سروس سے ہے؟ اور دوسرا

لوس اعتبار سے جانا ہے۔"

ہاں، کیا بات ہے؟"

"اگر میں تم کو یہ بتادوں کہ میں ان دونوں سوالوں کا جواب دینے کے لئے تیار ہوں پہلے سوال کا جواب میں نفی میں دوں گی۔ میں ایجنٹ کے کسی بھی شعبے سے متعلق نہیں رہی تھی۔ دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ ڈاکٹر فونگ کی ایک ساتھی میرے پیچھے لگ گئی تھی اور اسی میں ڈاکٹر فونگ سے واقف ہوئی تھی۔ کیا تم ڈاکٹر فونگ کو جانتے ہو؟"

"ہاں۔" آتائے مرتضیٰ نے جواب دیا۔ "یہ معلومات میرے ایک دوست ہیں اور اس نے مجھے ڈاکٹر فونگ کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔ غالباً ڈاکٹر فونگ کا کوئی دوست ہے جو شاید اسمگلنگ کا کاروبار کرتا ہے۔"

اس جواب سے یہ سمجھنا مشکل نہیں تھا کہ کائی چیک نے آتائے مرتضیٰ کے ذہن میں رکھنے کی کوشش کی تھی۔ وہ بھلا ڈاکٹر فونگ کی اصلیت کیسے بتاتا؟ اگر ڈاکٹر فونگ کا نام سامنے لانا ضروری نہ ہوتا تو وہ یقیناً یہ راز پوشیدہ رکھتا۔

حال" میں نے مسکرا کر کہا۔ "اب تم اپنے دوست کو یقین دلاسکتے ہو کہ زیر کرلیا ہے۔"

اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ تم نے مجھے ٹھیک ٹھیک جواب دیئے ہیں؟"

"میں کبھی جھوٹ نہیں بولتی۔"

"ہاں ہے کہ یہی فقرہ جھوٹ ہو۔"

مجھے غصہ آنے لگا۔ "پھر اب تم کیا چاہتے ہو؟"

آتائے مرتضیٰ نے ایک ہلکا سا قہقہہ لگایا اور پھر بولا۔ "اگر میں یہ فرض لوں کہ تم نے سچ جواب دیئے ہیں تو بھی ایک بات رہ جاتی ہے۔"

"وہ کیا؟"

"میرا نعام۔" آتائے مرتضیٰ بائیں آنکھ دبا کر بولا۔

میں نے ہونٹ بھینچ لئے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ نوبت ہاتھا پائی کی آرہی ہے گی۔ آتائے مرتضیٰ کسرتی جسم کا آدمی تھا اور لڑائی بھڑائی کے تجربے میں فقدان کا پہلو غیر امکانی تھا لیکن مجھے بھی اپنے کراٹے پر بڑا اعتماد تھا میں اسے خاک چاٹنے پر مجبور کرسکتی تھی کہ ان یہ تھا کہ اپنی شکست کے آثار دیکھ کر وہ اپنے ساتھیوں کو اس دروازے کے باہر موجود تھے۔ ان سب سے برسرِپیکار ہونا بھی مشکل یا بہت مشکل نہیں تھا لیکن اگر نوبت آتشیں ہتھیاروں تک پہنچ جاتی تو معاملہ بگڑ سکتا تھا۔

میرا ذہن تیزی سے کام کررہا تھا۔ میں کوئی ایسی تدبیر سوچنا چاہتی تھی کہ لاٹھی بھی مرجائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔

"بانو!" آتائے مرتضیٰ دونوں ہاتھ پھیلا کر میری طرف بڑھا۔ "قول کا محض تمہاری جوانی کے بھُولوں سے بھر جانا چاہتا ہے۔ بھی مایوسی نہیں ہوگی۔ ایک مرتبہ میری بن جانے والی عورتیں زندگی بھر میرے قرب کی تمنا کرتی ہیں۔"

میں جلدی سے کھڑی ہوگئی اور آتائے مرتضیٰ نے مجھے اپنی آغوش میں لیکر اپنے ہونٹ میرے ہونٹوں پر رکھ دیئے۔ میں کسمسا کر رہ گئی۔ آتائے مرتضیٰ کا ایک ہاتھ میرے بدن پر آوارگی کرنے لگا۔ ڈھیلے ڈھالے گاؤن کی وجہ سے اس کو راہ بھی گویا ہموار مل گئی تھی۔ اس نے بوسے اور ہاتھ کے لمس نے، سرشاری کی کیفیت پیدا کرنے کی بجائے میرے تن بدن میں آگ لگادی لیکن میں اپنے غصے پر ضبط کرتے ہوئے بولی۔ "تم یقیناً بڑے بھرپور معلوم ہوتے ہو۔ وقت اچھا گزرے گا۔ تم ذرا بیٹھو، میں چند منٹ کے لئے شاور لے لوں۔"

اس نے میری خود سپردگی محسوس کرلی تھی اس لئے بے خودی کے لہجے میں بولا۔ "ہاں ہاں، ضرور۔ مجھے بارش میں دھلے ہوئے پھول بہت پسند ہیں۔"

میں نے مسکرا کر اس پر ایک نگاہ غلط انداز ڈالی اور مردوں کو مخمور بنادینے والی چال چلتی ہوئی باتھ روم کی طرف بڑھ گئی۔ دراصل میں سوچنے کے لئے مہلت چاہتی تھی۔

میں نے گاؤن اُتارا اور گرم پانی کی بوچھار کے نیچے کھڑی ہوگئی۔ میرا ذہن بصورتِ حال سے اُلجھا رہا اور میری نظریں اِدھر اُدھر بھٹکتی رہیں۔ تین چار منٹ اس طرح گزرے اور پھر ایک خیال جیسے بجلی کی طرح میرے ذہن میں کوند گیا۔ میں نے جلدی سے شاور بند کیا اور باتھ ٹب کی طرف بڑھی۔ میں نے ٹب میں ڈاٹ لگائی اور اسے بھرنے کے لئے پانی کھول دیا۔

باتھ روم کے کونے میں وہ الگنی رکھی ہوئی تھی جسے ضرورت کے وقت، باتھ روم کی لمبائی میں لگے ہوئے کانٹوں میں ڈلا جاسکتا تھا۔ الگنی میں دو تار تھے جن کو میں نے ذرا سی کوشش سے الگ کرلیا۔

آئینے کے پاس، بجلی کا ریزر استعمال کرنے کے لئے پلگ لگا ہوا تھا۔ ایک سو دس اور دو سو بیس، دونوں وولٹیج تھے۔ میں نے تاروں کے سرے موڑ کر دو سو بیس وولٹیج کے خانے میں لگائے اور دوسرے سرے ٹب میں ڈال کر ان پر اپنا گاؤن اس طرح پھیلا دیا کہ وہ نظر نہ آئیں۔ پھر میں نے انڈر ویئر پہنا اور اس کے بعد جب بریزیر کے ہُک لگا رہی تھی تو باتھ روم کے دروازے پر دستک ہوئی۔

میں جلدی سے ٹب میں لیٹ گئی اور بولی۔ "آجاؤ!"

مرتضیٰ دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا اور مجھے ٹب میں لیٹا دیکھ کر شیطانی انداز میں مسکرادیا۔ "خوب! تو یوں دیر لگی؟ شاور لیتے لیتے باقاعدہ غسل شروع کردیا!"

"تم بھی آجاؤ!" میں نے مسکرا کر دعوت دی۔

آتائے مرتضیٰ یہ دعوت شباب کیونکر نظر انداز کرسکتا تھا، وہ جلدی جلدی کپڑے اُتار کر ٹب میں اُتر آیا۔

"کیا تمہیں یہ نہیں بتانا ہوگا؟ اس کا اشارہ میرے بریزیر اور انڈر ویئر کی طرف تھا۔

"نہیں تو۔" میں نے کہا اور ٹب سے نکل کر خوشبودار تیل کی ایک

پوری بوتل پانی میں اُلٹ دی۔

"ارے ارے، یہ تو سوس میں ڈالنے کا تیل ہے۔" آقائے مرتضیٰ جلدی سے بولا۔

"تیل تو ہے، اور پھر خوشبو دار بھی۔" میں نے ہنس کر کہا اور آئینے کے سامنے یوں جا کھڑی ہوئی جیسے کپڑے اُتارنے کا ارادہ ہو۔

آقائے مرتضیٰ ٹب میں لیٹا ہوا میری طرف دیکھتا رہا۔ وہ اپنی شامت سے قطعاً بے خبر تھا۔

میں نے مسکراتے ہوئے بڑے اطمینان سے ہاتھ آگے بڑھایا اور سوئچ آن کر دیا۔ برقی لہریں ٹب کے پانی تک پہنچ گئیں اور آقائے مرتضیٰ بُری طرح اُچھل گیا۔ اس کے منہ سے چیخ نکل گئی تھی۔ وہ ہاتھ ٹب میں اس طرح تڑپ رہا تھا جیسے کوئی اسے ذبح کئے ڈال رہا ہو۔ میں بڑی سفاکی سے اُس کو اس کرب سے گزرتے ہوئے دیکھتی رہی اور چند لمحے بعد سوئچ آن کر دیا۔

آقائے مرتضیٰ اب نڈھال ہو چکا تھا۔ ہوش و حواس سے بیگانگی اس کے وجود پر حکمراں تھی۔ میں نے ٹب سے تار نکالے اور الگنی درست کر کے کونے میں رکھ دی۔ پھر میں نے جلدی جلدی اپنا وہ لباس پہنا جو ایئر پورٹ سے واپسی پر پہنے ہوئے تھی۔ باتھ روم سے نکل کر میں ... کی طرف بڑھی اور اسے کھول کر آقائے مرتضیٰ کے ملازمین سے انگریزی میں بولی۔

"جلدی کرو! تمہارے آقا کو دل کا دورہ پڑ گیا ہے۔"

ملازمین نے ہونقوں کی طرح ایک دوسرے کی طرف دیکھا، جیسے بات ان کی سمجھ میں نہ آئی ہو لیکن مجھے دوبارہ کچھ کہنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ وہ تیزی سے کمرے میں گھسے اور میرے اشارے پر باتھ روم کی طرف دوڑتے چلے گئے۔

اب میرے لئے راستہ صاف تھا۔ اگر چاہتی تو وہاں سے بھاگ نکلتی لیکن اب اس کی ضرورت ہی کیا تھی؟ آقائے مرتضیٰ اگر مرا نہیں تھا تو بھی بجلی کے جھٹکوں سے اُدھ مرا ضرور ہو گیا تھا۔ اسے سنبھلنے میں چند گھنٹے ضرور لگتے اور میں اس عرصے میں ہوٹل چھوڑ کر جہاز پر سوار ہو چکی ہوتی۔

مجھے یقین تھا کہ اس کے آدمیوں کے پاس میرے بارے میں کوئی ہدایت نہیں ہو گی اس لئے مجھے ان کی طرف سے بھی کوئی خطرہ نہیں تھا۔ چند منٹ بعد آقائے مرتضیٰ کے آدمی اُسے اُٹھائے ہوئے باہر نکلے۔ میری توقع کے مطابق وہ آنکھیں بند کئے گہری گہری سانسیں لے رہا تھا اور اس میں کچھ کہنے سننے کی سکت نہیں تھی۔

وہ لوگ مجھ سے مخاطب ہوئے بغیر تیزی سے باہر نکل گئے۔ انہیں سب سے پہلے فکر یہ ہو گی کہ اپنے آقا کو جلد از جلد کسی ڈاکٹر تک پہنچا دیں۔

ان کے جاتے ہی میں نے دروازہ بند کیا۔ ٹوٹی ہوئی شراب کی بوتل اور گلاس کے ٹکڑے اُٹھائے۔ باتھ روم سے جھاڑن لا کر شراب کے نشانات صاف کئے اور ایئر پورٹ کی بوتل اُٹھا کر سائڈ ٹیبل کی دراز میں رکھ دی۔

شراب کے چھینٹے، قالین اور صوفے کی پشت پر بھی لیکن میں ان کا کوئی تدارک نہیں کر سکتی تھی۔

یہ سب کام کرتے ہوئے میرے ذہن میں یہ خیال ... اب مجھے رضوان کی خبر لینی چاہیئے اس لئے ان کاموں سے فار... میں دروازے کی طرف بڑھی۔ دروازے کے قریب پہنچ کر مجھے جانا پڑا کیونکہ باہر سے کسی نے دستک دی تھی۔

"کون؟" میرے منہ سے بے ساختہ نکلا۔

جواب میں ایک شناسا آواز سنائی دی تو میں نے د...

رضوان یتیموں کی سی صورت بنائے کھڑا تھا۔ اسے دیکھ کر مجھے ہنسی آ گئی۔ "خیریت؟" میرے لہجے میں شوخی تھی۔

"آپ کی موجودگی میں خیریت کہاں!" وہ منہ بنا کر بولا تو میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ آپ اس غریب سے اس حد... آ گئی ہیں۔"

"کس حد تک؟"

"چائے کی دعوت کر کے زہریلی چائے بھجوا دیں گی۔" نے ٹھنڈی سانس لیکر کہا۔

"لیکن تم اتنے سخت جان ہو کہ میرا پیچھا ہی نہیں چھو...

"ایسا بھی نہیں ہے۔" رضوان نے مسکین صورت بنا کر... تو آپ کے پیش کئے ہوئے زہر کو امرت سمجھ کر پیئے لے رہا تھا ہو آپ کے دوست مرتضیٰ کا جس نے پیالی میرے ہاتھ سے ... آپ نے پہلے کبھی اپنے ایرانی دوست کا تذکرہ نہیں کیا تھا!"

"میں نے تو اپنے چینی، جاپانی، روسی اور امریکی دوست... تم سے کبھی ذکر نہیں کیا لیکن موقع بے موقع ایسے دوست نپٹتے رہتے ہیں۔"

"لیکن موصوف ہیں کہاں!" رضوان کمرے میں داخل ... طنزیہ لہجے میں بولا۔ "کیا نپٹ کر جا چکے؟"

"بے وقت دل کا دورہ پڑنے سے موصوف بہت جلد ہو گئے۔" میں نے یوں ٹھنڈی سانس بھری جیسے کوئی جنم... ادھوری رہ گئی ہو۔

"تو پھر اب خاکسار کو موقع دیجئے!... میں ساری کمی پ... کر سکتا ہوں۔ آزمائش شرط ہے۔" رضوان نے عامیانہ انداز

"میں ڈرتی ہوں کہ دل کا دورہ تمہیں بھی نہ لے ڈوبے۔"

"میرا دل بہت مضبوط ہے۔"

"مرتضیٰ کا دل تم سے کہیں زیادہ مضبوط تھا لیکن میری تو بھی راس نہ آ سکی۔" میں نے دروازہ بند کرتے ہوئے کہا۔

"تو کیا واقعی وہ مردود ناکام رہا؟" رضوان سنجیدہ ہو...

"کس سلسلے میں؟" میں اُسے گھورنے لگی۔

دیکھے اپنے جن ساتھیوں کی حفاظت میں چھوڑ آیا تھا، ان... ظاہر ہوا تھا کہ تمہارے بارے میں اس کے ارادے...

جان لینے کے بعد بھی تم اطمینان سے بیٹھے اُن کے ساتھ گپیں...

میں نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"میں نے ان سے بھاگنے کی کوشش کی تھی لیکن کسی بدبخت... نے مزاحیہ چیز مار کر بے ہوش کر دیا۔ دیکھو کتنا بڑا اشتہار... کے ایک حصے کی طرف اشارہ... ان... نے ہاتھ سے ٹٹولا تو واقعی خاصا اُبھار موجود تھا اور خون کے...

میرے رضوان پر ترس آ گیا۔ میں تسلی دینے کے سے انداز میں... میری جان! میں تمہارا بدلہ لے چکی ہوں وہ موصوف... گندھوں پر سوار ہو کر تشریف لے گئے ہیں مگر یہ تو بتاؤ کہ... ملا؟"

ہونے کے بعد ابھی ذرا دیر پہلے میری آنکھ کھلی تھی تو ان کا... میں پہنچا تھا۔ اس نے فارسی میں اپنے ساتھیوں سے گفتگو... وہ سب مجھے جھنجھوڑ کر چلے گئے تھے۔ اسی لئے تو میں نے سوچا... مراد ہو گیا۔" رضوان نے ٹھنڈی سانس لی۔

... مطلب ہے کہ انہوں نے مہر بانو اور اس کے ساتھی کو بھی...

میں بڑبڑائی۔

... رضوان چونک پڑا۔

میں نے جواب دیا۔ "جب آقائے مرتضیٰ یہاں پہنچا تو مہر بانو...

الجھی ہوئی نظروں سے میری طرف دیکھنے لگا تو میں نے... کہانی بھی سنا دی اور پھر کہا۔ "وہ بیرا جو تمہیں چائے دے... کا ساتھی اسٹیورڈ تھا۔ وہ دونوں ہی کیپٹن آفاق کے لئے... اور یہ کیپٹن آفاق کی آخری کوشش تھی مجھ سے بدلہ لینے کی۔"

کیوں؟ کیا کیپٹن آفاق کے مرنے کی خبر آ چکی ہے؟"

... اتنے جلدی نہیں مرتے۔ آخری کوشش میں نے اسلئے... دار کرنے کا موقع نہیں دوں گی۔ مجھے یقین ہے کہ صدر... ملاقات کا بندوبست کیا جا چکا ہو گا۔ انٹیلی جنس ڈائریکٹر... ان بات بھی نہیں معلوم ہوئی ہو گی۔ اب معلومات کا واحد ذریعہ... کراچی پہنچتے ہی مجھے صدر تک پہنچا دیا جائے گا میں کوشش... مال کو یہاں پیش آنے والے واقعات کا علم نہ ہو سکے۔"

لیکن ہے؟"

اے میں سوچنا پڑے گا۔"

..."

"ہم میں بھوتو، مجھے اس سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔" میں نے

رضوان کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "ویسے میرا خیال ہے کہ اسے بھی چھوڑ دیا گیا ہو گا۔ اسے قید رکھ کر یا ہلاک کر کے وہ اپنا کوئی مقصد حاصل نہیں کر سکتے۔ میرے سامنے جو اُسے زہر دینے کی کوشش کی گئی تھی، وہ محض ایک ڈرامہ تھا۔ اس طرح دراصل مجھے مرعوب و مستاثر کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔" یہ کہتے ہوئے اچانک مجھے ایک خیال آیا اور میں زیر لب بڑبڑائی۔ ایک بات سمجھ میں نہیں... [illegible] اس کا علم کیسے ہوا کہ مجھے اور تمہیں زہر دینے کی کوشش کی جانے والی ہے۔"

"ان لوگوں کی باتوں سے مجھے اندازہ ہوا تھا کہ ٹیلی فون آپریٹر ان کا اپنا آدمی ہے اور...."

"اوہ! میں سمجھ گئی۔" میں نے رضوان کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "ہوائی... جب ... کرائے سے اسے ساتھ لے کر فون کریں گے تو ہمارے لئے زہریلی چائے تجویز کی ہو گی تو آپریٹر نے آقائے مرتضیٰ کو اس سے باخبر کر دیا ہو گا۔ اطلاع ملتے ہی وہ تعاقب کرتے میں پہنچا۔ اُس نے مہر بانو کے ساتھی پر تشدد ضرور کیا ہو گا۔ اسی سے آقائے مرتضیٰ کو مہر بانو کی اسکیم معلوم ہوئی ہو گی، یعنی مجھے زہر دینے کی اسکیم...."

"ہم اتنے ہنگاموں سے گزر گئے۔" رضوان ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔ "لیکن ہمارے انٹیلی جنس ڈائریکٹر صاحب نہ جانے کہاں سو رہے ہیں!"

"وہ ہماری طرف سے مطمئن ہیں اس لئے انہوں نے ہماری نگرانی کرنے کی ضرورت نہیں محسوس کی ہو گی۔" میں نے جواب دیا۔ "کراچی ایئر پورٹ پر جو اُن کا رعب و دبدبہ تھا وہ اس لئے نہیں تھا کہ وہ ہماری طرف سے مشکوک تھے۔ دراصل ان کی کوشش یہ تھی کہ میں گھبرا کر کمبخت انگل بیچوں۔"

رضوان نے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولا ہی تھا کہ فون کی گھنٹی بج اُٹھی۔ میں نے جلدی سے آگے بڑھ کر ریسیور اُٹھایا، چند جملوں پر مشتمل گفتگو ہوئی اور پھر میں نے سلسلہ منقطع کر کے رضوان کو بتایا کہ ہمیں ایئر پورٹ پر بلایا جا رہا ہے۔

"گویا واپسی؟" رضوان بولا۔

"ظاہر ہے۔"

"آقائے مرتضیٰ کے سلسلے میں کچھ نہیں کرنا؟"

"کیا فائدہ کچھ کرنے سے؟ مقامی پولیس سے رابطہ قائم کرنے کے بعد ہمیں یہاں خاصا وقت برباد کرنا پڑے گا جبکہ آقائے مرتضیٰ سے ہمارا براہِ راست کوئی تصادم بھی نہیں ہے۔ وقتی جھڑپوں کا غبار میرے دل میں نہیں رہتا۔"

"لیکن اس کے ذریعے کافی چیک کو گرفت میں لیا جا سکتا ہے۔"

"وہ ذیلی آدمی ہے۔ میں تو اب براہ راست ڈاکٹر فونگ سے ٹکرانے کے موڈ میں ہوں اور اس کے لئے ضروری ہے کہ جلد از جلد کراچی پہنچا جائے۔ تم منہ ہاتھ دھو کر اپنا حلیہ درست کر لو!"

رضوان اُٹھ کر باتھ روم کی طرف چلا گیا۔

چند منٹ بعد ہم دونوں اس کمرے سے نکلے اور یہ ایک اتفاق ہی

تھا کہ راہداری میں مہر بانو سے مڈبھیڑ ہو گئی وہ سامنے سے آرہی تھی اور اس کے ساتھ ہمارے طیارے کا اسٹیوارڈ بھی تھا۔

ہم پر نظر پڑتے ہی وہ دونوں ایک جھٹکے سے رُک گئے اور اُن کے چہروں کی رنگت بدل گئی۔

"خوب!" میں ان کے قریب رُک کر مسکراتی ہوئی بولی "گویا صیاد کے پنجرے سے دونوں چڑیوں کو ابھی ابھی رہائی ملی ہے۔"

مہر بانو نے کچھ کہنا چاہا لیکن اس کے ہونٹ لرز کر رہ گئے رضوان بڑا بُرا سا منہ بنائے ان دونوں کو گھور رہا تھا۔

"چلو خیر!" میں نے کہا "اب ملاقات ہو گئی ہے تو کچھ باتیں بھی ہو جائیں اپنے کمرے کی طرف چلو۔"

قدرے تذبذب کے بعد مہر بانو نے قدم اُٹھایا۔ اس کا کمرہ راہداری کے اختتام پر تھا۔ ہم چاروں اس کے کمرے میں پہنچ گئے۔

"سنو!" میں نے مہر بانو کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا "یہ تو تم سمجھ ہی گئی ہو گی کہ آتائے مرتضیٰ نے میری ہی بات مانتے ہوئے تمہیں چھوڑا ہے لیکن تمہیں یہ نہیں معلوم ہو گا کہ اپنے وعدے کو پورا کرنے کے لئے مجھے کتنی بڑی قربانی دینا پڑی ہے۔"

سارے حالات مہر بانو کے علم میں نہیں تھے اس لئے میں اس پر ایک ناکردہ احسان کا بوجھ لاد کر اپنے حق میں ہموار کرنا چاہتی تھی۔

"میں آپ کی شکر گزار ہوں بانو!" وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔ "مگر ہم نے جو کچھ بھی کیا، اُس میں ہماری بدنیتی کو دخل نہیں تھا میرا مطلب ہے کہ کہیں تو آپ سے کوئی پرخاش نہیں تھی۔ میں آپ کو بتا چکی ہوں کہ ہمیں اس کام پر مجبور کیا گیا تھا۔ کیپٹن آفاق کی خواہش کو رد کرنے والا اس ملک میں زندہ نہیں رہ سکتا۔ اگر زندہ بھی رہے گا تو اس کی حالت ایسی ہو جائے گی کہ وہ موت کی خواہش کرنے لگے۔"

"پریسیڈنٹ کے بعد اس ملک میں کیپٹن آفاق ہی کا سکہ چلتا ہے۔" مہر بانو کا ساتھی بھی بول پڑا۔

"تم دونوں، خلوصِ دل سے کیپٹن آفاق کو بُرا سمجھتے ہو؟" میں نے پُرزور لہجے میں پوچھا۔

"میں قسم کھا سکتی ہوں بانو!" مہر بانو جوشیلے لہجے میں بولی "ہمیں کیپٹن آفاق سے کوئی ہمدردی نہیں۔"

"تو پھر میرا ایک کام کر دو۔" میں نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے ہوئے کہا۔ "جو فون نمبر تم نے مجھے بتایا تھا اس پر اپنے آفیسر کو اطلاع دو کہ تم نے اپنا کام بہ حسن و خوبی انجام دے دیا ہے۔"

اس گفتگو کے دوران میں مہر بانو کے چہرے کی اڑی ہوئی رنگت بتدریج بحال ہوتی رہی تھی لیکن میری یہ بات سُن کر وہ پھر لرز گئی۔

"بانو!" اس کی آواز میں دہشت کا عنصر تھا۔

"کیوں! میں نے تیوری چڑھا کر کہا۔ "کیا تمہیں کیپٹن آفاق کو دھوکہ دینا گوارہ نہیں؟"

"آپ غلط سمجھیں۔" مہر بانو جلدی سے بولی "اسے دھوکہ تو مجھے سو جان سے گوارہ ہو گا لیکن ظاہر ہے کہ یہ بات چھپی نہیں رہے گی۔" اور اُس کے بعد کوئی بھی ہماری زندگی کی ضمانت نہیں دے سکتا۔"

"تم مجھے کیا سمجھتی ہو؟"

"میں آپ کے بارے میں کچھ زیادہ نہیں جانتی۔"

"تو سُن لو میں کیپٹن آفاق کو ناکوں چنے چبواتی رہی ہوں جلد اُس پر میرا ایک کاری وار بھی ہونے والا ہے۔ تم دیکھو گی کہ گھٹنے ٹیک دے گا۔ میں تمہاری زندگی کی ضمانت دے سکتی ہوں تمہارا رہا بھی ہو سکتا ہوں۔"

مہر بانو اور اس کے ساتھی کے چہرے پر تذبذب کے صاف نظر آتے تھے۔ میری ضمانت انہیں اتنی آسانی سے مطمئن کر سکتی تھی۔

اس موقعے پر رضوان بھی بول پڑا۔ "غالباً یہ دونوں کیپٹن کے خصوصی ایجنٹ ہیں۔ یہ ساری باتیں انہوں نے محض ہمیں بات بنانے کے لئے کہی ہیں۔"

"ہمیں غلط مت سمجھئے!" مہر بانو بھیگی ہوئی سی آواز میں بولی "اگر ایسا ہی ہے تو میں اپنی زندگی کا جوا کھیلنے پر آمادہ ہوئی جاتی ہوں۔"

مہر بانو کے ساتھی نے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولا مگر پھر کسی کے تحت چپ ہی رہ گیا۔

مہر بانو نے کانپتے ہوئے ہاتھ سے ریسیور اُٹھایا اور آپریٹر کراچی کے لئے لائن مانگی۔

لائن ملنے میں دس منٹ لگے اور میں اس دوران میں مہر بانو کو یقین دلاتی رہی کہ اس کی حفاظت کرنا میرے لئے ناممکن نہیں۔

مہر بانو نے فون پر مبہم الفاظ میں اپنے آفیسر کو اطلاع دی اور جب ایک منٹ کی گفتگو کے بعد اس نے ریسیور رکھا تو اسکے چہرے پر کچھ بشاشت نظر آرہی تھی۔ اس بشاشت کا سبب میری سمجھ میں اُس وقت آیا جب اس نے بتایا کہ اس کامیابی پر ایک ہفتے کی چھٹی کا وعدہ کیا گیا ہے۔

"اور کہیں یہ چھٹی تہران ہی میں گزارنے کی ہدایت کی گئی ہے۔" میں نے کہا۔

"یہ بہت اچھا ہوا۔" میں نے مسکرا کر کہا "ایک ہفتے بعد تم کراچی پہنچو گی تو وہاں کے حالات بدل چکے ہوں گے۔"

"خدا کرے ایسا ہو۔"

"ایسا ہی ہو گا۔" میں نے اس کا شانہ تھپکا اور معنی خیز لہجے میں بولی "پھر دہاں تم کو میرے ساتھ وقت کی کمی کا بھی کوئی احساس نہیں ہو گا۔"

مہر بانو کے چہرے پر پُرخی پھیل گئی اور اس نے کنکھیوں سے اپنے ساتھی کی طرف دیکھا جو کسی گہری سوچ میں ڈوبا ہوا تھا۔

میں اور رضوان ہوٹل سے ہوائی اڈے کی طرف روانہ ہوئے تو میرا اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ مہر بانو دوبارہ اپنے آفیسر کو صحیح صورتِ حال سے آگاہ نہیں کرے گی؟" رضوان نے پوچھا۔

"کچھ بھی نہیں۔ ہم نے جو کچھ کیا، اس کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا۔ اب جو کچھ بھی ہو گا، کراچی کے ہوائی اڈے پر ہمارے ساتھ ہو گا۔"

رضوان چپ تو ہو گیا لیکن اس کے چہرے پر بہت زیادہ تشویش آئی رہی۔

ہوائی اڈے پر انٹیلی جنس ڈائریکٹر سے ملاقات ہوئی۔ اس نے مجھے گلے لگا کر میری زبان کھلوانے کی کوشش کی لیکن بیجا ہے کہ اسے کچھ حاصل نہ ہو سکا۔ وہ غرّاتا اور بل کھاتا ہوا دوسری طرف چلا گیا۔

طیارے کی روانگی میں ابھی کچھ دیر تھی۔ میں تہران ایئرپورٹ کی طرف روانہ ہونے لگی اور اسی وقت مجھے ایک جانا پہچانا چہرہ دکھائی دیا۔

وہ کائی چیک تھا۔

مجھے دیکھتے ہی میں طنزیہ انداز میں مسکرا دی لیکن اس وقت مجھے دھچکا سا لگا جب میں نے اسے اپنی طرف بڑھتے دیکھا۔ اس کے چہرے کے خوفناک تاثرات تھے۔ آنکھوں میں شکست کا دھندلکا تھا لیکن ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی۔

وہ میرے روبرو آن سنبھل کر کھڑا ہو گیا۔

"گھبرائیں نہیں۔" میں آہستہ سے بولی "غالباً وہ مجھ سے کچھ کہنا چاہتا ہے۔ احمق وہ ہرگز نہیں ہو گا کہ اس جگہ کوئی ہنگامہ کر کے اپنی گرفتاری کرائے۔"

میرا اندازہ ٹھیک ہی تھا۔ میرے قریب آتے ہی کائی چیک نے سرگوشی شروع کر دی۔ "میں نے آتائے مرتضیٰ سے ملنے کی متعدد بار کوشش کی مگر اس نے ملنے سے انکار کر دیا۔ میں حیرت زدہ ہوں کہ آپ نے اسے کیسے شکست دی؟"

میں دھیرے سے ہنسی اور پھر میں نے کہا "عورت اگر چاہے تو کیا کچھ نہیں کر سکتی ہے۔ جب تم اپنے آقا سے رابطہ قائم کرو تو اس سے کہنا کہ پاک دھندا سمیٹ کر جلد از جلد اس ملک کو لوٹ جائے۔ یہ وہ کام کر رہا ہے۔ یہی اس کے حق میں بہتر ہو گا۔"

"تھینک یو!" کائی چیک نے یہ نام بڑے احترام سے لیا۔ "مس ثمینہ! آپ جیسی خاتون اور آپ جیسی ذہین ہستیوں کی قدر ہے۔ اگر آپ ان سے مل بیٹھیں تو فائدے میں رہیں گی۔"

"جناب!" رضوان زہریلے لہجے میں بولا "کیا ہمیں اس مشورے کے لئے شکریہ ادا کرنا چاہئے؟"

"جناب! کائی چیک تو بہت حقیر آدمی ہے۔ آپ شوق سے اسکا مذاق اڑائیے۔" لائی چیک نے بڑی سنجیدگی سے کہا "یہ لیکسن کراچی ایئرپورٹ پر آپ لوگوں کو ڈاکٹر فونگ کی عظمت کا اندازہ ہو جائیگا۔"

پھر وہ جواب کا انتظار کئے بغیر تیزی سے مڑا اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا لوگوں کے ہجوم میں کھو گیا۔

میں نے مسکرا کر رضوان کی طرف دیکھا۔ "کیا خیال ہے؟"

"یوں ایئرپورٹ پر اگر جم کر ناکہ بندی کی جائے تو حرکت بے حرکت کی سی بات معلوم ہوتی ہے۔ اس وقت مجھے ابنِ صفی کے کئی سنسنی خیز ناول یاد آ گئے۔"

"میں سمجھتی ہوں کہ یہ جملہ کسی خاص مقصد سے کیا گیا ہے۔"

"وہ مقصد کیا ہو سکتا ہے؟"

"یہ تو مستقبل ہی بتائے گا۔ فی الحال میرے ذہن میں کوئی بات نہیں۔"

رضوان خاموش ہو گیا۔

کچھ دیر بعد ہم طیارے کی سیڑھیاں چڑھ رہے تھے۔ یہ طیارہ لندن سے آرہا تھا اور اس میں اگر میں کچھ سیٹیں خالی مل گئی تھیں تو یہ ایک اتفاق ہی تھا۔ لندن سے آنے والی فلائٹ عموماً فل ہوتی ہے۔

مسافروں میں پڑھے لکھے اسکالر قسم کے آدمی بھی تھے اور تجارت پیشہ بھی لیکن زیادہ تعداد ان لوگوں کی تھی جو سالہا سال تک لندن میں رہنے کے باوجود بھی اتنے ہی دیہاتی تھے جتنے دیہاتی وہ لندن روانگی کے وقت رہے ہوں گے۔

جہاز نے تہران ایئرپورٹ چھوڑا اور فضا میں بلند ہو کر کراچی کی راہ پر لگ گیا تو مسافروں نے سیفٹی بیلٹ کھول دیں۔ کچھ نے آپس میں اِدھر اُدھر کی باتیں شروع کر دیں اور کچھ اطمینان سے رسالے لیکر بیٹھ گئے۔

میرے برابر میں بیٹھا ہوا رضوان شاید کوئی رسالہ لینے کیلئے جہاز کے اگلے حصے کی طرف گیا تو قوی ہیکل ایک جانی پہچانی شخصیت نے اس کی جگہ لے لی۔

یہ انٹیلی جنس ڈائریکٹر تھا۔

"فرمایئے!" میں مسکرائی۔

"مس بانو!" ڈائریکٹر نے بڑے دبنگ لہجے میں کہا "آپ کا یہ عدم تعاون کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ شاید کراچی پہنچ کر میں آپ کو حراست میں لینے پر مجبور ہو جاؤں۔"

میں جواب میں کوئی سخت بات کہہ دیتی مگر اچانک مجھے ایک ایسا خیال آیا کہ میں ضبط کر گئی۔ ایک معاملے میں ڈائریکٹر کا تعاون حاصل کر کے میں خاصی اُلجھن سے بچ سکتی تھی۔ یہ معاملہ فغانی کمپنی کے اس افسر کا تھا جسے میں ہرہ نو سے فون کر کے واپس بلا چکی تھی لیکن یہ میرے اختیار میں نہیں تھا کہ اس کی نظروں میں نہ آؤں جب میں کراچی ایئرپورٹ پر اتروں گی تو وہ مجھے دیکھ لیتا اور پھر اس کی اطلاع کیپٹن آفاق کو بھی ہو جاتی۔

"میں بڑی مشکل میں پھنس گئی ہوں۔" میں نے ایک طویل سانس لے

کہا۔ "یہ ایک ٹرننگ پوائنٹ ہے۔ اب تو آپ مجھے گرفتار بھی کر سکتے ہیں اور وہ میری طرف مجھے اپنی جان جاتی ہوئی نظر آرہی ہے۔"

ڈائرکٹر کا چہرہ کھل اٹھا۔ شاید اسے کچھ امید بندھ گئی تھی۔ اس نے جلدی سے کہا۔ "میں آپ کی حفاظت کا ذمہ لیتا ہوں آپ کچھ بیان تو دیں۔"

میں نے یوں ظاہر کیا جیسے سوچ میں پڑ گئی ہوں۔ ڈائرکٹر بے چینی سے پہلو بدلنے لگا۔ میں قدرے توقف سے بولی۔ "مشکل یہ ہے کہ میں جو کچھ جانتی ہوں اسے ثابت کرنے کے لئے میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ میں خود کسی مصیبت میں پڑ جاؤں گی کیوں کہ اس معاملے میں بہت بڑے بڑے لوگوں کا ہاتھ ہے۔ ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے میں خاموشی اختیار کئے ہوئے ہوں ان حالات میں اگر میں کچھ کہہ سکتی ہوں تو صرف صدر مملکت سے۔"

"آپ فکر نہ کریں۔ میں یہ ذمہ داری قبول کرتا ہوں کہ کوئی بھی آپ کو پریشان نہیں کر سکے گا۔ بااثبوت اور گواہی کا معاملہ تو اس کا انتظام بھی میں بہ آسانی کرلوں گا۔ بس آپ کچھ اشارہ دے دیں۔"

"اشارہ!... ہاں اشارہ تو میں دے سکتی ہوں لیکن آپ مجھ سے یہ وعدہ کریں کہ اس کے بعد مجھ سے مزید کچھ معلوم کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔ اس کے بعد میں جو کچھ بھی کہوں گی وہ صرف پریسیڈنٹ کے سامنے۔"

ڈائرکٹر صرف شانے ہی کے لئے اتنا بیچین ہوا کہ اس نے مجھ سے وعدہ کرلیا۔ میں نے فوراً کہا۔ "اور آپ یہ وعدہ بھی کر چکے ہیں کہ میری حفاظت کریں گے۔"

ڈائرکٹر نے بیتابی سے اثبات میں سر ہلا دیا تو میں نے اس طرح ایک طویل سانس لی جیسے اب کہیں جا کر مجھے کلی اطمینان حاصل ہوا ہو۔ پھر میں سرگوشی کے انداز میں بولی۔ "میں آپ کو ایک ایسے آدمی کے بارے میں بتانا چاہتی ہوں جس کا اس سازش سے گہرا تعلق ہے۔ وہ نفاذی کمپنی کا ایک افسر ہے اور جس طرح میں اس سے خائف ہوں اسی طرح وہ بھی میری طرف سے فکرمند ہوگا کہ میں نے سب کچھ اگل نہ دیا ہو۔"

"اس کا نام؟"

"یقین کیجئے کہ میں اس کے نام سے واقف نہیں ہوں۔"

"پھر میں اس پر کیسے ہاتھ ڈالوں گا۔ ایسے افسروں کی تعداد کم تو نہ ہوگی۔"

"اگر آپ مجھ سے پہلے جہاز سے اتریں اور اس کا بندوبست کردیں کہ میں تھوڑی دیر تک جہاز ہی میں رکی رہوں تو وہ افسر خود ہی بیچین ہو کر آپ سے میرے بارے میں پوچھ بیٹھے گا۔ پھر اگر آپ اسے میرے بارے میں کوئی بری خبر سنا سکیں تو وہ اس کے لئے باعث اطمینان ہوگی۔"

"بری خبر سے آپ کی کیا مراد ہے؟"

"مثال کے طور پر یہ کہ تہران میں کسی نے مجھے زہر دے کر ہلاک کردیا۔"

"اوہ!" ڈائرکٹر مجھے ٹٹولنے والی نظروں سے دیکھنے لگا۔ "کیا تہران میں اس قسم کی کوشش کی گئی تھی۔؟"

"آپ نے میرے الفاظ پر غور نہیں کیا۔ میں مسکرا کر کہا تھا۔ "مثال کے طور پر۔"

ڈائرکٹر چند لمحے کچھ سوچتا رہا۔ پھر ایک آدھ رسمی جملہ کہہ کر اٹھ گیا۔ اس کے جاتے ہی رضوان تیر کی طرح اپنی جگہ سے اچھلا۔ بڑے گمبھیر لہجے میں بولا۔ "کیا باتیں ہو رہی تھیں؟ کیا تم نے کچھ بتا دیا؟"

"تم ایک ناممکن خدشہ ظاہر کر رہے ہو۔" میں نے جواباً کہا۔ اور اسے اپنی گفتگو کا ماحصل بتانے لگی۔

رضوان نے سب کچھ سننے کے بعد کہا۔ "فرض کرو اگر ڈائرکٹر نے تمہارے بارے میں استفسار نہیں کیا تو؟"

"یہ ناممکن ہے۔ ذرا خود کو اس افسر کی جگہ رکھ کر سوچو میں ڈائرکٹر سے ملے بغیر رہ سکوں گی؟ پھر بانو کے بیان پر یقین بھی تصدیق سے دوچار ہوگا۔ اس کی نفی نہیں کی جا سکتی۔"

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔" رضوان نے سر ہلا کر کہا۔ "لیکن ذہن میں ایک اور سوال ابھرا ہے۔"

"وہ بھی کر ڈالو۔" میں نے ایک طویل سانس لی۔

"کیا یہ ممکن نہیں کہ اس افسر سے پہلے کوئی اور شخص تمہارے بارے میں استفسار کر بیٹھے۔"

"کسی اور شخص کو میری فکر کیوں دامنگیر ہوگی۔"

رضوان سوچ میں پڑ گیا۔

"بلا وجہ اپنا ذہن نہ تھکاؤ۔" میں پھر بولی۔

"اچھی بات ہے۔" رضوان نے اپنا سر جھٹکا اور پھر بولا۔

"کچھ دیر تو لگے گی لیکن امکانات پہلے سے زیادہ روشن

دراصل مجھے یقین تھا کہ اس افسر کو ہم کے بارے میں کچھ ہوگا۔ بالفرض اگر اسے کچھ معلوم بھی ہو تو وہ اپنی زبان نہیں کھولے کیپٹن آفاق کا تھا اس لئے وہ افسر اس کا نام لیکر اپنی برتری کے خطرے میں نہیں ڈال سکتا تھا۔

ہمارا جہاز کراچی ایئرپورٹ پر اترا تو اس سے قبل کہ میں سامان سنبھال کر اترنے کے لئے کھڑی ہو جاتی، اینٹی جنیس بابا پھر ہمارے پاس آیا۔

"سنیئے!" اس نے جھک کر سرگوشی کے انداز میں کہا۔ "کیپٹن کو آپ کے بارے میں ہدایات دیدی ہیں۔ آپ مسٹر رضوان جہاز میں اس وقت تک رک سکتی ہیں جب تک میرا ایک آدمی لینے نہ آجائے۔"

میں نے اثبات میں سر ہلا دیا اور بولی۔ "میں نے اپنی ذمہ داری میں ڈال لی ہے۔ آپ اس بات کا خیال رکھئے گا کہ اس شخص کو ایک منٹ کی بھی مہلت نہ ملے۔"

مجھے اطمینان دلا کر رخصت ہو گیا تو میں نے مسکرا کر رضوان سے کہا۔ "اب آفت کی پرکالہ ہو۔" رضوان بولا۔

ہنس کر رہ گئی۔

مسافروں کے اترنے کے بعد اب ہم وہاں تنہا تھے۔ میں یہ تنہائی برداشت کرنی پڑی۔

"کیا بیابانی ہوتی ہے؟" میں نے اینٹی جنیس کے اس آدمی سے پوچھا جو ہمارا سامان اٹھا رہا تھا۔

میں نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا تو میں نے دوبارہ کوئی سوال نہیں کیا۔

ہوائی اڈے میں ہم کسی روک ٹوک کے بغیر کسٹمز سے گزر گئے۔ ایئرپورٹ پر ہم اس طرف بڑھے جہاں انتظامی امور کے دفاتر تھے۔ ان ہی کے بارے میں اینٹی جنیس ڈائرکٹر کسی ہندی سے مصروف گفتگو تھا۔ ہماری میزبانی موجود نہیں تھی۔ وہ ہندی دروازے کی طرف پیٹھ کئے کھڑا تھا۔

ہم داخل ہوتے ہی ہماری رہنمائی کرنے والے نے بلند آواز میں کہا۔ "میجر بانو اور ان کے ساتھی کو لے آیا ہوں۔"

اینٹی جنیس اس طرح بوکھلا کر پلٹا جیسے کسی نے اسے زہریلے سانپ کی بشارت دی ہو۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر ہمیں دیکھنے لگا۔

"مسٹر نیم!" اینٹی جنیس ڈائرکٹر چبھتے ہوئے لہجے میں بولا۔ "یہ بالکل ہو رہا ہے جیسے آپ نے کوئی بھوت دیکھ لیا ہو۔"

میں اس اجنبی ہی کا نام ہو سکتا تھا کیونکہ ڈائرکٹر کی نظریں اسی کی طرف اٹھی تھیں۔

وہ نفاذی کمپنی کا وہی افسر تھا۔

"لیکن... لیکن..." وہ ہکلاتا ہوا بولا۔ "ابھی تو آپ نے بتایا تھا کہ ان میں کسی حادثے کا شکار ہو چکی ہیں۔"

"لیکن آپ کے انداز سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے آپ کو پہلے ہی کی توقع تھی۔" ڈائرکٹر غرایا۔ اس کا انداز ایسا تھا جیسے کوئی پالتو کتا کو زور میں پکار عملہ کرنے کے لئے پر تول رہا ہو۔ یہ بات شائد اس کرلی تھی کیوں کہ وہ کسی سہمے ہوئے پرندے ہی کی طرح تھا۔

"آپ مجھ پر کس بات کا شبہ کر رہے ہیں؟" وہ بوکھلا کر بولا۔

"یہ بات بھی تم ہی بتا دو کہ تم پر کس بات کا شبہ کیا جا سکتا ہے۔" ڈائرکٹر غرایا تھا۔ ہوئے کہا۔

یقین تھا کہ اب نذیم کو کسی صورت سے بھی چھٹکارا نہیں مل سکے گا۔ یہ اور بات ہے کہ اس وقت رکنا ایک قطعی غیر ضروری بات تھی۔ میں نے ڈائرکٹر حالت چاہی۔

"ٹھیک ہے آپ جائیے۔" ڈائرکٹر نے کہا۔ "لیکن اپنے گھر سے رہئے گا۔ ملاقات کے سلسلے میں کسی وقت بھی آپ سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔"

نذیم کے چہرے کا رنگ بار بار بدل رہا تھا۔ میں اس پر ایک اچٹتی ہوئی نظر ڈال کر رضوان کے ساتھ باہر نکل آئی۔

"اب کیا ارادہ ہے؟" رضوان نے پوچھا۔

"میں بری طرح تھک گئی ہوں۔ جسم کا پور پور میں گھنٹوں تک کچھ کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ صرف پریسیڈنٹ کا حکم ہی مجھے بستر سے نکلنے پر مجبور کر سکے گا۔ تمہارا کیا پروگرام ہے؟ کیا آفس جاؤ گے؟"

"جانا ہی پڑے گا۔ ہم ملازمت پیشہ لوگوں کو آرام کہاں نصیب ہے؟ ویسے مجھے خود بھی کچھ کام ہیں۔"

آخری فقرہ کہتے ہوئے رضوان کے لہجے میں کوئی ایسی بات تھی کہ میں چونک پڑی۔

"کیسے کام؟" میں نے بے ساختہ پوچھا۔

"کسی کے بارے میں کچھ معلومات درکار ہیں۔" رضوان نے معنی خیز انداز میں مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

اس کی مسکراہٹ کے انداز ہی نے اس کے دل کی بات مجھ پر آشکارا کر دی۔ میں سمجھ گئی کہ اسے کس کے بارے میں معلومات درکار ہیں۔ وہ میرے ہی بارے میں چھان بین کرنا چاہتا تھا۔ کراچی سے تہران جاتے ہوئے میرے بارے میں خاصی الجھن لاحق ہو گئی تھی۔ کمانڈر حق کے تعظیمی انداز نے بھی اسے مشکوک کر دیا تھا اور وہ مجھے کوئی ایسی شہزادی سمجھنے لگا تھا جو کسی وجہ سے اپنا ماضی چھپانے پر مجبور ہو۔ یہ بالکل قصہ کہانیوں کی سی بات تھی اور میرے لئے تو اس کا تصور ہی قہقہہ انگیز تھا۔

ہم دونوں ایک ٹیکسی میں روانہ ہوئے۔ رضوان کو میں نے اس کے دفتر پر اتارا اور پھر اپنے گھر پہنچی۔ ٹیکسی کو پھاٹک ہی سے رخصت کر دیا اور پھر تھکے تھکے قدموں سے چلتی ہوئی احاطے میں داخل ہوئی۔ پھاٹک پر موجود چوکیدار نے میرا مختصر سا سامان سنبھال لیا تھا۔

بنگلے میں داخل ہوتے ہی میری ملازمہ خاص نظر آئی۔ وہ مجھے دیکھ کر ایک لمحے کے لئے ٹھٹکی اور پھر تیزی سے میری طرف آئی۔

"خیریت؟" میں نے مسکرا کر پوچھا۔

"سلطانہ..... سلطانہ مل گئی ہے۔" یہ فقرہ کہتے ہوئے وہ جیسے ہانپ گئی تھی۔

سلطانہ میری اسی ملازمہ کا نام تھا جو پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئی تھی اور جس کے بارے میں میرا یہ خیال تھا کہ اسے کیپٹن آفاق نے اغوا کرا دیا ہے۔

"کہاں ہے وہ!" میں نے پوچھا۔

"ہسپتال میں ہے۔ اس کی حالت ٹھیک نہیں تھی۔ کمانڈر صاحب نے اسے بنگلے کے پاس سڑک پر بیہوش پایا تھا وہی اسے ہسپتال لے گئے تھے۔"

میں نے ذرا سا غور کیا اور پھر ایک گہرا سانس لیکر بولی۔ "ٹھیک ہے، میں اسے صبح دیکھوں گی۔ اس وقت تو میرا جسم ٹوٹا جا رہا ہے۔"

مجھے کمانڈر حق کو فون کرنا چاہیے تھا، اس سے سلطانہ کی بابت سب کچھ معلوم ہو سکتا تھا اور طاہر سعید کے بارے میں بھی رپورٹ مل جاتی جس کے سامان میں ہم رکھ کر فرنچ کے طیارے میں پہنچا یا گیا تھا لیکن میں ہیجان آتی تھکن محسوس کر رہی تھی کہ بستر کے سوا کچھ نہیں آ رہا تھا۔ میں اپنی خواب گاہ کی طرف بڑھتی ہوئی بولی۔

"خیال، گھنٹہ میرے آرام میں کوئی خلل نہ پڑے۔ مگر مجھے کسی چیز کی ضرورت محسوس ہوئی تو تمہیں انٹر کام پر بلا لوں گی۔"

"انٹر کام" سے میری مُراد اس صوتی نظام سے تھی جو میں نے اپنی رہائش گاہ کے مختلف حصّوں میں پھیلا رکھا ہے۔ جو کمرے خاص طور سے میرے استعمال میں رہتے ہیں وہاں بیٹھ کر میں اپنے سارے گھر سے رابطہ قائم کر سکتی ہوں۔ بس مجھے خود کار نظام کا بٹن دبانا پڑتا ہے اور پھر میری آواز گھر کے مختلف حصّوں میں سنائی دینے لگتی ہے۔

خواب گاہ کے دروازے پر پہنچ کر خادمہ مجھ سے رخصت ہو گئی۔ بستر کے تصوّر ہی سے میری آنکھیں بند ہونے لگی تھیں۔ دروازہ کھولنا بھی مجھے دوبھر معلوم ہوا تھا۔ اندر داخل ہو کر میں نے ایک ہاتھ سے دروازہ بند کرتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے بجلی کا بٹن دبایا۔ پھر میں مڑی لیکن ایک ہی قدم اٹھا کر ٹھٹک گئی۔

کھڑکی کے پاس میری ریڈنگ ٹیبل تھی جس کی کرسی پر میں نے ایک عجیب شخص کو بیٹھے ہوئے دیکھا تھا۔ اس کے ہاتھ میں دبے ہوئے سیاہ ریوالور کی نال میری طرف اٹھی ہوئی تھی۔ نال میں سائلنسر فٹ تھا۔

"پلٹ کر بھاگنے کی کوشش ہلاکت کا باعث ہوگی۔" وہ آہستہ سے بولا لیکن اتنا آہستہ بھی نہیں کہ میں اس کی آواز نہ سن سکتی۔

"میرے جسم پر چیونٹیاں سی رینگنے لگیں۔ سانس چیخ کی آنکھوں میں ایسا نہ جانے کیا تاثر تھا کہ مرگھٹ جیسے مقامات میرے تصوّر میں ابھرنے لگے۔ وہ چہرے سے بہت ذہین اور مضبوط قوتِ ارادی کا مالک محسوس ہوتا تھا۔ نقوش میں ایسی گمبھیر تا رچی بسی ہوئی تھی کہ اس کے چہرے پر مسکراہٹ بڑی مضحکہ خیز معلوم ہوتی۔ آنکھوں کی ویرانی میں سفاک فطرت کی پرچھائیں محسوس کی جا سکتی تھیں اور جوڑے جبڑے اس کے دردناک صفت ہونے کی غمازی کر رہے تھے۔

"مجھے اُمید ہے..... کہ تمہیں..... ڈاکٹر فونگ کو..... اپنے کمرے میں دیکھ کر..... خوشی ہوئی ہوگی۔" وہ اسی طرح رُک رُک کر بولا جیسے میرے چہرے پر اپنے ایک ایک لفظ کا اثر دیکھنا چاہتا ہو۔

اوہ! تو یہ ڈاکٹر فونگ ہے! میں نے سوچا۔

"خوب!" میں مسکرائی۔ "تو اب تم نے خود ہی زحمت کر ڈالی!... خیر! تم کو یہاں دیکھ کر مجھے یقیناً خوشی ہوئی ہے۔"

"تم نے میری آمد کا مقصد نہیں پوچھا!"

"فوری طور پر اس قسم کا سوال اصولِ میزبانی کے خلاف ہے۔"

میں نے کہا اور مسکراتی ہوئی، بڑے اطمینان سے بستر کی فونگ کی آنکھیں میرے ساتھ ساتھ حرکت

"کائی چیک نے تمہیں بتا ہی دیا ہوگا کہ میرا تعلق سروس سے نہیں ہے۔" میں نے بستر پر بیٹھتے ہوئے کائی چیک کے آڑے کارے یہ بھی نہیں چھپایا تھا کہ میں کو کس طرح جانا ہے لہٰذا اب تمہاری آمد میرے

"میں تمہیں صرف ایک بات سے باخبر کرنے آیا

"کس بات سے؟" میں نے پلکیں جھپکائیں۔

"یہ تمہاری زندگی کے آخری لمحات ہیں۔"

"یقیناً یہ میرے لئے ایک دلچسپ اطلاع" مسکرائی۔ گو کہ میرے کہجے میں تمسخر تھا لیکن ڈاکٹر فونگ پر کوئی تغیر نہیں پیدا ہوا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے قسم کی کسی چیز سے واقف ہی نہ ہو۔

وہ بدستور دھیمی آواز میں بولا۔ "یہ بات تو مال کہ تم انٹیلی جینس سے تعلق نہیں رکھتیں لیکن یہ میں نہ تم زبیدہ کے ذریعے مجھ تک پہنچی تھیں۔ وہ میری اتنی نہ سے میرا نام بھی نہیں معلوم تھا۔"

ڈاکٹر فونگ کی یہ بات غلط نہیں تھی۔ زبیدہ ڈکٹر کا پتہ چلا تھا اور ڈکٹر کے ذریعے سے میں ڈاکٹر فو

"ہو سکتا ہے کہ زبیدہ کو تمہارا پتہ چل گیا ہو، لاعلم ہو۔" میں نے جواب دیا۔

"ایسی باتوں سے لاعلم رہنا ڈاکٹر فونگ نے ہوگا کہ تم مجھے بے وقوف بنانے کی کوشش نہ کرو۔ میں وہ بنے نہیں آیا ہوں۔"

"لیکن آئے کیسے ہو؟" میں نے استعجابیہ انداز میں

"تم کو یہاں آتے ہوئے کسی نے نہیں دیکھا۔" میں باتوں میں وقت گزارنے کی کوشش کر رہی تھی۔ بستر میں نے انٹر کام کا بٹن دبا دیا تھا اور اب یہ بات کمرے میں ہونے والی ساری باتیں دوسرے کمروں میں جا رہی ہوں گی۔ گویا میری ملازماؤں کو اس بات کا علم کہ میں کس قسم کی صورتِ حال سے دوچار ہوں۔

"میں دیوار پھلانگ کر چمن میں وارد ہوا تھا۔" نے جواب دیا۔ وہ بڑی شستہ اردو بول رہا تھا۔ "اس کھڑکی چمن کی طرف کھلی ہوئی تھی اس لئے مجھے یہاں وقت نہیں ہوئی۔ مجھے طیارے کی آمد کا وقت معلوم تھا لہٰذا دیر تک انتظار بھی نہیں کرنا پڑا۔"

"اگر میرے ساتھی کمانڈر حق کو یہاں پر تمہاری موجو ہو جائے تو تم بچ کر نہیں جا سکو گے۔"

"نہیں دوگے تو مجبوری ہے۔" میں نے ٹھنڈی سانس لی لمحے پر پہلی مرتبہ ڈاکٹر فونگ کی آنکھوں میں تغیر پیدا ہوا ذرا عجیب سی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ میں نے واقعی قسم کی باتیں کی تھیں لیکن ڈاکٹر فونگ کے فرشتے بھی گمان نہیں سمجھ سکتے تھے۔ اس طرح میں نے اپنی ملازماؤں کو اتھا کہ وہ فوری طور پر کمانڈر حق کو فون کر دیں۔ اب میں اگلے چند منٹ میں کمانڈر حق اپنے آدمیوں کے پہنچ جائے گا۔

کر بستر پر اس طرح نیم دراز ہو گئی کہ میری سڈول ٹانگیں نوجہ اپنی طرف مبذول کر لیں لیکن میری خواہش تشنہ ہی انگ دوسری قسم کے آدمیوں میں سے تھا۔ اس نے ٹانگوں پر اچٹتی ہوئی سی نظر بھی نہیں ڈالی۔

اب اپنا وقت ضائع نہ کروں۔" وہ زیرِ لب

انگ!" میں نے جلدی سے کہا۔ "تمہیں یقین کیوں نہیں میرا ہی کے ذریعے سے تمہیں جانا تھا۔"

کسی قیمت پر بھی نہیں بھانی جا سکتی۔ بہتر ہوگا کہ حقیقت میں تمہیں زندہ چھوڑا جا سکتا ہے۔"

یاد آ جاتی تھی کہ ڈکٹر کا نام بتا کر میں اپنی یقینی موت کو گی۔ ڈاکٹر فونگ جیسے لوگ کسی ایسے شخص کو زندہ نہیں کے وجود سے واقف ہو گیا ہو۔ دوسرے یہ کہ میں ڈاکٹر فونگ کو کچھ دیر تک روک سکتی تھی۔ مجھے بس چند اس کے بعد کمانڈر حق وہاں پہنچ ہی جاتا۔

اسودا کر نوا" میں نے بستر سے اٹھتے ہوئے سنجیدگی

اسودا؟"

اپنے بارے میں کچھ بتاؤ!"

ا چاہتی ہو؟"

ا! فن کیا ہے؟"

ا..... پاکستان اور چین کے تعلقات خراب کر دینا ہی لیے حلیف جو اس مشن میں مجھ سے تعاون کر رہے ہیں کہ پاکستان کو نیست و نابود کر دیا جائے۔"

کہ تم چینی ہو کر چین کے خلاف کام کر رہے ہو۔"

میرا کوئی تعلق نہیں ہے۔"

تمہارا تعلق تائیوان سے ہوگا۔"

خیال درست ہے۔"

"یہ تو تمہیں خود ہی سمجھ لینا چاہئے تھا۔"

"بھارت؟"

"ظاہر ہے۔"

"پاک چین تعلقات کو خراب کر کے تائیوان کو کیا فائدہ ہوگا؟"

"اس سے مجھے کوئی غرض نہیں ہے۔ میں صرف اپنے ذاتی مفاد کے لیے کام کر رہا ہوں۔ حبِ وطن جیسے احمقانہ جراثیم مجھ میں قطعی نہیں ہیں۔" ڈاکٹر فونگ نے جواب دیا اور پھر اچانک بولا۔ "مجھے اعتراف ہے کہ میں نے تم جیسی عورت کبھی نہیں دیکھی۔ تم اس طرح پُرسکون گفتگو کر رہی ہو جیسے میں یہاں خیر سگالی کے دورے پر آیا ہوں۔"

"میں نے اپنی تربیت کچھ ایسے ہی انداز میں کی ہے کہ ہر قسم کے حالات میں پُرسکون رہ سکوں۔ اضطراب و انتشار سے کوئی فائدہ تو ہوتا نہیں۔"

"خیر!" فونگ نے شانے جھٹکے۔ "میں نے تمہیں سب کچھ بتا دیا۔ اب تم بتاؤ کہ میرے بارے میں تمہیں کیسے معلوم ہوا تھا؟"

"تم نے یہ تو بتایا ہی نہیں کہ پاک چین تعلقات خراب کرنے میں تمہارا کیا مفاد ہے۔"

"بس۔" ڈاکٹر فونگ یکلخت کھڑا ہو گیا۔ "تم میرا خاصا وقت ضائع کر چکی ہو۔ اب میں یہاں ایک منٹ بھی نہیں رکنا چاہتا۔ اب بھی اگر تم نے زبان نہیں کھولی تو میں اس کے کھلنے کا انتظار بھی نہیں کروں گا۔"

یہ بڑا نازک موقع تھا لیکن اس خواہش کے باوجود کہ مجھے کچھ کہنا چاہئے، میں کچھ کہہ نہ سکی۔ حقیقت یہ ہے کہ اچانک ڈاکٹر فونگ کے بپھر جانے سے میں بوکھلا گئی تھی لیکن میں نے اپنی بوکھلاہٹ کو ظاہر نہیں ہونے دیا۔ میں لٹی رہی اور آہستہ سے بولی۔ "میں ایک سٹر پیس بتا سکتی ہوں۔"

"میں اب تمہاری کوئی شرط سننے کے لئے بھی تیار نہیں ہوں۔" ڈاکٹر فونگ کے لہجے میں ہلکی سی غراہٹ پیدا ہو گئی۔

"تب پھر بیکار ہے!" میں نے مایوسانہ انداز میں کہا۔ "کیونکہ اس صورت میں بھی موت ہی میرا مقدر بنے گی۔"

"موت؟"

"ہاں، موت، اگر میں نے تمہیں حقیقت بتا دی تو مجھے مار ڈالا جائے گا۔"

اب ڈاکٹر فونگ کی آنکھوں سے اُلجھن مترشح تھی۔

"کون مار سکتا ہے تمہیں؟"

"وہی جس کا نام لوں گی۔" میں نے جواب دیا۔ میں خوش تھی کہ میں نے وقت گزاری کے لئے ڈاکٹر فونگ کو پھر ایک نکتے پر اُلجھا دیا تھا۔

اس سے پہلے کہ وہ فونگ کچھ کہتا، دروازے پر دستک ہوئی۔ اس موقعے پر ڈاکٹر فونگ کو تو چوکنا ہی چاہیئے تھا لیکن میں بھی چوکنے بغیر نہ رہ سکی کیونکہ میرے اندازے کے مطابق کمانڈر حق کے آنے میں ابھی کچھ وقت اور لگنا چاہیئے تھا۔

اس ملاقات کے دوران میں پہلی مرتبہ ڈاکٹر فونگ کے چہرے پر اضطراب کی جھلک نظر آئی اور وہ دو قدم میرے بستر کی طرف بڑھ آیا۔

"یہ کون ہو سکتا ہے؟" ڈاکٹر فونگ نے سرگوشی کی۔

"میں کیا بتا سکتی ہوں۔ شاید کوئی ملازمہ ہو گی۔"

"بلاؤ اسے۔" یہ کہتے ہوئے ڈاکٹر فونگ کسی ایسے درندے کی طرح وحشت زدہ تھا جیسے اپنے اردگرد، شکاریوں کی موجودگی کا احساس ہو گیا ہو۔

"اندر آجاؤ!" میں قدرے بلند آواز میں بولی۔

دروازہ کھول کر جو شخص اندر آیا وہ چوکیدار تھا۔ ڈاکٹر فونگ کے ریوالور پر نظر پڑتے ہی وہ خوفزدہ نظر آنے لگا تھا۔

"گھبراؤ نہیں، چوکیدار! آگے آؤ! کیا بات ہے؟" میں بولی۔

چوکیدار آگے تو آگیا لیکن اس کی ٹانگیں کپکپا رہی تھیں۔

"بیگم صاحب!" وہ تقریباً ہکلاتا ہوا بولا۔ "آپ.... آپ جو بیگ اپنے ساتھ.... لائی تھیں.... وہ کہاں رکھنا ہے؟"

"اتنی سی بات پوچھنے کیلئے پریشان کیا ہے تم نے اپنی مالکہ کو؟" ڈاکٹر فونگ نے چوکیدار کو مشکوک نظروں سے دیکھتے ہوئے۔

"کیا واقعی تمہارا آنا ضروری تھا؟" میں نے چوکیدار کے چہرے پر نظریں گاڑتے ہوئے معنی خیز لہجے میں کہا۔ "اس بیگ کا تعلق کمانڈر حق سے تھا۔ اسی کو فون کر کے پوچھ لیتے!"

"انہوں نے فون پر کچھ نہیں بتایا۔ کہنے لگے کہ میں خود آرہا ہوں لیکن وہ اب تک نہیں آئے۔ وقت نکلا جا رہا تھا اس لئے۔"

"تم نے بالکل ٹھیک سوچا۔" میں نے شاباشی دینے والے انداز میں مسکرا کر کہا۔ "لیکن تمہارا آنا میرے دوست ڈاکٹر فونگ کو بہت ناگوار گزرا ہے۔"

ڈاکٹر فونگ کے چہرے سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ اب اس کے شکوک انتہا کو پہنچ چکے ہیں۔ اسے گڑبڑ کا احساس تو ہو گیا تھا لیکن یہ بات سمجھ میں نہیں آرہی تھی کہ کیا گڑبڑ ہے؟ یہ سمجھ میں نہ آنے کی وجہ سے وہ گولی چلانے سے گریز کر رہا تھا۔ یہ بات اس کی سمجھ میں آ بھی نہیں سکتی تھی کہ چوکیدار نے خود کو خطرے میں ڈال کر میرے لئے چند انتہائی قیمتی منٹ حاصل کر لئے تھے۔

میرے اعصاب میں بلا کا تناؤ پیدا ہو گیا تھا اور میں سوچ رہی تھی کہ اگر اب بھی کمانڈر حق نہ پہنچ سکا تو کیا ہو گا؟

"تمہارے ساتھ اب اس چوکیدار کو بھی ختم کرنا پڑے گا۔" فونگ غرایا اور اس کے ریوالور والے ہاتھ نے خفیف سی جنبش کی۔

میں جلدی سے بولی۔ "یہ اپنا برا بھلا سوچ کر آیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس وقت تک کمانڈر حق اور اس کے ساتھی فرار کی تمام راہیں مسدود کر چکے ہوں گے۔ تم نے فرار کی صورت میں تو تم فرار ہو سکتے ہو لیکن میری، تمہارے ساتھ میں کوئی ایسا بہانہ نہیں بنا سکو گے جو تمہیں بچا سکے۔"

ڈاکٹر فونگ کی آنکھوں سے شدید الجھن جھلکنے لگی۔ ادھر میرے مساموں سے پسینہ پھوٹ چکا تھا۔ میں ایک انتہائی خطرناک موڑ پر کھڑی ہوئی تھی۔ موت اور زندگی کے فاصلے کو اس قدر گھٹا ہوا دیکھنا کوئی آسان بات نہیں۔ غیر ضروری تھا کہ فونگ کو میری بات کا یقین آجاتا اور مجھے ہی اس سے اپنی عافیت نظر آتی۔

ڈاکٹر فونگ ابھی کوئی فیصلہ نہیں کر سکا تھا کہ دروازے کی طرف جست لگائی اور اسے اندر سے دوڑتے ہوئے قدموں کی آوازیں سنائی دیں۔ چشم زدن میں اس نے دروازے کی طرف جست لگائی اور اسے اندر سے میں نے اس موقعے سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ میں دراز میں میرا پستول موجود ہونا چاہیئے تھا۔ میں نے پستول نکالنا چاہا تھا لیکن مجھے مہلت نہیں مل سکی۔ دروازہ بولٹ کر کے اتنی تیزی سے پلٹ آیا تھا کہ میں گھبرا گئی۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی کسی آدمی کو اتنا پھرتیلا نہیں دیکھا تھا جتنا اس کی حرکت دیکھ کر مجھے محسوس ہوا تھا جیسے کمرے میں باہر سے کسی نے دروازہ پھینک ڈالا اور چیخ کر کہا۔

غلط حرکت نہ کرنا۔ عمارت مکمل طور سے ہمارے نرغے میں ہے۔"

"اب کیا خیال ہے ڈاکٹر فونگ!" میں چٹخی ہوئی۔

ڈاکٹر فونگ کوئی جواب دینے کے بجائے، مجھے اور ریوالور کا نشانہ بنائے ہوئے پیچھے ہٹا۔ چشم زدن میں وہ کھڑکی کے قریب تھا۔ اس نے کھڑکی سے باہر کا جائزہ لیا۔ غالباً وہ یہ جاننا چاہتا تھا کہ اس طرف کوئی آدمی موجود ہے یا اسے ڈرانے کی کوشش کی گئی ہے۔

جس وقت ڈاکٹر فونگ باہر کا جائزہ لے رہا تھا، میں آہستہ سے بستر کے کنارے کی طرف سرکی۔ عین ہمیں خیر لمحات میں اپنی زندگی کی طرف سے غافل ہو کر ڈاکٹر فونگ، شکاریوں کے نرغے میں پھنسے ہوئے درندے کی طرح مشتعل ہو چکا تھا اور اب اس کی درندگی کسی رنگ میں بھی ظاہر ہو سکتی تھی۔

میرا چوکیدار ساری جان سے کانپ رہا تھا۔ خوف

کی وحشت کے بارے میں میرا خدشہ درست تھا۔ کھڑکی سے باہر کا جائزہ لینے کے بعد اچانک ہی اس کے ہاتھ کو سیدھا ہوتے دیکھ کر بستر سے فرش پر گری۔ فونگ کی چلائی ہوئی گولی میرے شانے کے سرہانے سے بچ کر دیوار میں جا گھسی۔

فرش پر بے حس و حرکت پڑی ہوئی تھی۔ جب میں نے اٹھ کر لپکتے دیکھا تو جلدی سے کھڑی ہو گئی۔ میری طرف کا مطلب ہی یہ تھا کہ ڈاکٹر فونگ کمرے میں موجود ہے اس نے کھڑکی سے باہر چھلانگ لگا دی تھی۔ اگر وہ ایسا تو چوکیدار میری طرف لپکنے کی بجائے فرش ہی پر گر دیتا جہاں شاید وہ گولی چلتے وقت گر پڑا تھا۔

حالات تبدیل ہو چکے تھے۔ اس وقت چمن کی طرف سے ڈاکٹر فونگ والی چیخ سنائی دی۔ وہ بالکل ایسی چیخ تھی جیسے کسی کے پر چھری چلا دی ہو۔

خوابگاہ کا دروازہ کھولنے کے لئے پکا لیکن میں کھڑکی کو دیکھنا چاہتی تھی۔ میں نے کھڑکی کی چوکھٹ پر ہاتھ رکھا ہی تھا کہ عقب سے مجھے ایک جانی پہچانی نسوانی

"ہاں ہی ہے؟"

حیرت کے عالم میں مڑ کر دیکھا اور کھڑکی سے پھر فرش

میں بیگم پرتاب گڈھ کھڑی تھی۔

گڈھ جس کی آمد کا مجھے اس وقت سان و گمان بھی نہیں تھا کچھ کر ذرا دیر کے لئے ڈاکٹر فونگ کو بھی بھول گئی۔

بیگم پرتاب گڈھ نے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے۔

گلے سے دوڑ کر بیگم پرتاب گڈھ سے جا لپٹی اور اسے لگی لیکن اس والہانہ انداز میں جس کی کوئی توقع

ابھرا ہی تھا جیسے دو بہنیں عرصۂ دراز کے بعد ملنے پر

"نہیں؟" میں نے اس سے جدا ہوتے ہوئے پوچھا

ہوں۔ دراصل ایک سرکردہ شخصیت نے شکایت کی

سرگرمیوں میں حصہ لے رہے لیکن جب میں یہاں

ہدایت کے کام کر رہا ہے۔ آخر یہ چکر کیا ہے بالو!۔

لوگوں نے ناراض کر دیا ہے؟"

کہ تم کو میری بجائے کیپٹن آفاق کی فکر ہے! ابھی

ے پیچھے ہوئے ہیں نا!"

"ہشت! مجھے کیپٹن آفاق کی کیا پرواہ ہو سکتی ہے!.... میں تو یہ کہنا چاہتی تھی کہ تمہیں اس کے منہ نہیں لگنا چاہیئے تھا۔ وہ ایک کمینہ شخص ہے۔"

"کمینے لوگوں کو سبق دینا میری ہابی ہے۔ یہ تم اچھی طرح جانتی ہو۔"

"اور یہ ڈاکٹر فونگ کس قسم کا کمینہ ہے؟" بیگم پرتاب گڈھ نے پوچھا۔

ڈاکٹر فونگ کا نام سنتے ہی میری وہ کیفیت ختم ہو گئی جو بیگم پرتاب گڈھ کو اچانک سامنے دیکھ کر مجھ پر چھا گئی تھی۔ میں تیزی سے کھڑکی کی طرف جھپٹی۔

"کیوں خود کو تھکا رہی ہو؟" میں نے بیگم پرتاب گڈھ کی آواز سنی۔ "تمہارا وہ کمینہ غریب تو اب کہیں بھاگ نہیں سکے گا۔ کھڑکی کے باہر آہنی شکنجہ لگا دیا گیا تھا۔ کیا تم نے اس کی چیخ نہیں سنی؟"

"اوہ!" میں ایک بار پھر ٹھٹک کر رک گئی اور مڑ کر حیرت سے بولی۔ "آہنی شکنجہ؟"

"ہاں، میری گاڑی میں بڑا ہوا تھا۔ جنگل کو موذی جانوروں سے نجات دلانے کے لئے وہاں آہنی شکنجے لگوائے تھے۔ انہی میں سے ایک گاڑی میں پڑا رہ گیا تھا جو اس وقت کام آگیا۔"

بیگم پرتاب گڈھ کی آرام طلبی کا خاصا بڑا حصہ جنگلات پر مشتمل تھا۔ آجکل وہ ان درختوں کو صاف کرا کے وہاں ام کے باغات لگوا رہی تھی۔

میں اور بیگم پرتاب گڈھ خواب گاہ سے نکلے تو چوکیدار ہمارے ساتھ تھا اور ہم تیزی سے چمن کا رخ کر رہے تھے۔

اچانک پے در پے کئی فائر ہوئے؛ ایک آدمی کی چیخ گونجی اور پھر بھاگتے ہوئے قدموں کی دھمک، شور کی شکل اختیار کر گئی۔

اب ہم نے بھی دوڑنا شروع کیا اور جلد ہی چمن میں پہنچ گئے۔ خوابگاہ کی کھڑکی کے نیچے ہمارا ایک آدمی اپنی ران دبائے، پڑا ہوا کراہ رہا تھا۔ اس سے چند قدم کے فاصلے پر لوہے کا ایک بڑا سا شکنجہ پڑا ہوا نظر آیا۔ اس شکنجے میں دبا ہوا جوتا، خون میں اس بری طرح لتھڑا ہوا تھا کہ دیکھتے ہی کراہیت محسوس ہوتی تھی۔

جوتا، خالی نہیں تھا۔

ہمارے آدمی نے تکلیف سے کراہتے ہوئے بتایا کہ جب ڈاکٹر فونگ اس شکنجے میں پھنسا تو اس کی چیخ نکل گئی تھی۔ غالباً اسی چیخ کو سنکر ایک آدمی دوڑتا ہوا وہاں پہنچا تھا۔ اس نے شکنجہ کھولنے کی کوشش کی تھی مگر ناکام رہا تھا اس میں شک و شبہے کی کوئی گنجائش نہیں تھی کہ وہ فونگ کا ساتھی ہی ہو گا۔ ہمارا ایک آدمی کچھ فاصلے پر درخت کی آڑ سے یہ ماجرا دیکھ رہا تھا۔ اس نے انہیں للکار کر ہتھیار پھینکنے کے لئے کہا تو اس پر ایک گولی چلا دی گئی جو اس کی ران میں لگی۔ باقی گولیاں فونگ نے خود اپنے پاؤں پر چلائی تھیں۔ ان گولیوں نے ٹخنے کے قریب کی ہڈی کو چور چور کر دیا ہو گا۔ باقی کام شاید چاقو سے لیا گیا

تھا۔ اس طرح خود اپنے ہاتھوں سے اپنی ٹانگ کاٹ کر فونگ نے اس شیطنے سے رہائی پائی تھی اور اس کا ساتھی اسے اپنے کندھے پر اٹھا کر وہاں سے بھاگ نکلا تھا۔

یہ بربریت اور سفاکی کی انتہا تھی کہ آدمی خود ہی اپنے جسم کا کوئی عضو کاٹ کر پھینک دے۔ یہ میرا چشم دید واقعہ تھا۔ لیکن اگر میں نے کسی سے سنا ہوتا تو شاید ہی یقین کرتی۔

کمانڈر حق جلدی میں اپنے ساتھ دو تین ہی آدمیوں کو لایا تھا۔ اس کی یہ للکار محض ایک دھمکی ہی تھی کہ بنگلے کو گھیر کر فرار کی راہیں مسدود کر دی گئی ہیں۔ وہ اپنے ان چند آدمیوں کے ساتھ ڈاکٹر فونگ کے تعاقب میں دوڑا تھا لیکن ناکام واپس چند منٹ بعد ہی ہو گئی تھی۔ وہ ناکام لوٹا تھا۔

دراصل ڈاکٹر فونگ کا ہر بنگلے کے قریب ہی کھڑی ہوئی تھی۔ اگر وہ کچھ دور ہوتی تو وہ لوگ کمانڈر حق کی دسترس سے نہیں نکل پاتے۔

میرے بنگلے کے پاس بڑی جمع ہونے لگے تھے۔ ان کے ذہنوں میں گونجتے ہوئے پُرتشویش سوالوں کی آسودگی کے لئے میں نے ایک ناکام ڈرامہ کیا۔ سب کو گھر بھیج کر سنا دی۔ خدا جانے اس داستان سے ان کی تشفی ہوئی یا نہیں لیکن بہرحال وہ آہستہ آہستہ منتشر ہونے لگے۔ ویسے بھی ہر شخص پولیس کے جھمیلوں سے بچنے ہی کا خواہشمند رہتا ہے۔ اور میں انہیں بتا بھی کیا سکتی تھی کہ پولیس کو تو میں خود بلانا چاہتی ہوں۔ پولیس کی آمد سے پہلے وہ آہنی شکنجہ اور اس میں پھنسا ہوا ڈاکٹر فونگ کا جوتا وہاں سے ہٹا دینا چاہتا تھا۔

کمانڈر حق نے اپنے زخمی ساتھی کے بارے میں بھی پولیس کو اطلاع دیدی اس لئے پولیس کے ساتھ ڈاکٹر بھی موجود تھا۔

بیگم پرتاب گڈھ کی موجودگی کے باعث، پولیس افسر دبے دبے سے رہے۔ یوں بھی کسی قسم کا شور کرنے کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ ان دنوں شہر میں اس قسم کی وارداتوں کا خاصا زور تھا اور میں ہر طرح سے ایک "مناسب شکار" معلوم ہوتی تھی۔

جب تمام کارروائیوں کی تکمیل کے بعد پولیس رخصت ہو گئی تو اطمینان نصیب ہوا۔ میں بیگم پرتاب گڈھ کے ساتھ ڈرائنگ روم میں جا بیٹھی اور ملازمہ سے کافی کے لئے کہہ دیا۔

"یہ تمہیں آہنی شکنجے کا خیال کیسے آگیا تھا؟" میں نے پوچھا۔

"آدمیوں کی کمی کے باعث۔" بیگم پرتاب گڈھ نے مسکرا کر جواب دیا۔ "اتنی کم تعداد پورے بنگلے کو نہیں گھیر سکتی تھی۔ ملازمہ نے بتا ہی دیا تھا کہ ڈاکٹر فونگ چین کی کھڑکی سے کمرے میں پہنچا ہے۔ امکان تھا کہ وہ ادھر ہی سے بھاگے گا لہٰذا وہاں شکنجہ لگا کر آدمیوں کی کمی کا ازالہ کیا جا سکتا تھا۔"

"لیکن اس کمبخت نے شکنجے میں پھنس کر بھی خود کو بے بس نہیں سمجھا۔" میں نے کہا اور اس وقت کا تصور کر کے میرا رُواں رُواں کھڑا ہو گیا۔

"تمہارا یہ دشمن درندوں سے بھی خطرناک معلوم ہوتا ہے۔" بیگم پرتاب گڈھ کا لہجہ پُرتشویش تھا۔ "بہت محتاط رہنا پڑے گا تمہیں۔ تم نے ابھی تک مجھے اس کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔"

میں نے ڈاکٹر فونگ کے سلسلے میں وہ ساری باتیں بیگم پرتاب گڈھ کو بتا دیں جو میرے علم میں آچکی تھیں۔ پھر اچانک کچھ خیال آیا تو کوارزادی۔ وہ اندر آکر مودب کھڑا ہو گیا۔

"لیکن... تمہیں تو کوئی کام نہیں ہے کمانڈر۔" استفہامیہ نظروں سے بیگم پرتاب گڈھ کی طرف دیکھا اور کہے بغیر خود ہی فیصلہ کن انداز میں بولی۔ "اگر ہو بھی تو ابھی چند روز تک کمانڈر حق کو جیتی نہیں دے سکتی۔"

"تمہاری مرضی بے بی!" بیگم پرتاب گڈھ نے کہا۔

وہ عمر میں مجھ سے دس سال بڑی ہے۔ اور شاید اسی کا انداز تخاطب کچھ زرگانہ ہو جاتا ہے لیکن ہماری بے تکلفی سے مختلف نہیں ہوتی۔

کمانڈر حق اسکے ذاتی محافظوں کا انچارج تھا۔ میں اس لئے استعمال کر رہی ہوں کہ سال گذشتہ اس نے بیگم پرتاب گڈھ سے اسے ہدایت کر رکھی تھی کہ وہ مجھے سمجھے۔ یہی وجہ تھی کہ میرا حکم کمانڈر حق کے لئے۔ کے حکم سے زیادہ وزنی ہوتا ہے۔ وہ لوگ مجھ سے مخاطب تھے جیسے بیگم پرتاب گڈھ سے ہمکلام ہوں۔ شروع "یو۔ بائی۔ نس" کہنا مجھے بڑا عجیب سا لگتا تھا لیکن! عادت ہو گئی تھی۔

میں نے کمانڈر حق کو مخاطب کر کے کہا۔ "تم ڈاکٹر جاری رکھو۔ اس کا ایک ٹھکانہ تم کو معلوم ہی ہے۔ میرے والی دوکان کی طرف ہے۔ امکان تو نہیں کہ اب وہ آ کرے لیکن یہ ضرور ہو سکتا ہے کہ وہ اس وقت اپنی کچھ کے لئے وہاں جائے۔"

"بہتر ہے۔" کمانڈر حق کی ایڑیاں بج اٹھیں فوراً رخصت ہو گیا۔

ان بنگلوں میں میری تھکن کافور ہو گئی تھی پر مسلط ہونے لگی۔ بیگم پرتاب گڈھ نے میرے چہرے پر کر کے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ تم لیٹنا چاہتی ہو۔ چلو تم ہیں۔ لیٹ کر اطمینان سے گفتگو ہوتی رہے گی۔"

یہ گویا میرے دل کی بات تھی۔ میں بیگم پرتاب گڈھ میں اگگی۔ کشادہ بستر پر ہم ایک دوسرے کے قریب لیٹ بیگم پرتاب گڈھ عمر میں مجھ سے دس سال بڑا

ہمیشہ ظور پر بہت ہری بھری تھی۔ بہت سے مرد اس کی فدائی رہتے تھے لیکن اس کی شخصیت میں ایک ایسا وقار اور دبدبہ تھا کہ کوئی اس سے بے تکلف ہونے کی ہمت کر پاتے تھے۔ گو کہ وہ خود اپنی طبیعت رکھتی تھی لیکن اس کا انتخاب بہت سخت ہوتا تھا۔ کس بھاگ اپنی قربت سے نوازتی تھی۔

میں اسی طبقے سے تعلق رکھتی ہوں جسے متمول طبقہ کہا جاتا ہے کے طور طریق میرے دل کو کبھی نہیں بھائے۔ خاص طور سے لوگوں کی زندگی سے تو مجھے وحشت ہوتی ہے اپنی ذات کی میں شادی کی قائل ہی نہیں لیکن دوسروں کو چاہے کہ جب شادی اوپر کچھ پابندیاں بھی لاگو کریں۔ میرے طبقے نے تو ان پابندیوں چھینکا ہے۔ بیویوں کو اس بات کی پرواہ نہیں کہ ان کے شوہر پھیم دم ہلاتے پھر رہے ہیں۔ اور شوہروں کو بیویوں کی نیم شبی کوئی سروکار نہیں۔ کچھ یہی حال بیگم پرتاب گڈھ کا تھا۔ اب تھی ہے اور اس نے گوشہ نشینی بھی اختیار کر لی ہے۔ مگر اس اپنی ایکٹیویٹیز پر شوہر کی موجودگی کو اثر انداز نہیں ہونے دیتی کچھ اچھا نہیں لگتا تھا لیکن میں نے اس کا اظہار کبھی نہیں دوست تھی اور مجھے اس کے افعال سے کوئی سروکار چاہئے تھا۔ اس نے بھی تو کبھی اس بات پر اعتراض نہیں لوفرز اور جان چین قسم کی لڑکیاں میری کمزوری ہیں۔

پرتاب گڈھ سے میری دوستی اس وقت سے ہے جب رعب و دبدبے کی بات ہی کچھ اور تھی لیکن پاکستان یہاں کے اکابرین کی نظر میں اس کا اور اس کے شوہر اتھا۔ ان کی شخصیت نظر انداز نہیں کی جا سکتی تھیں۔ یہ دبدبے کے ساتھ زندگی گزار رہا تھا۔ ایک محل نما کوٹھی ملازمین کی فوج کی فوج دست بستہ حاضر رہتی تھی۔ ڈی گارڈز تھے کہ انہیں انگلیوں پر نہیں گنا جا سکتا تھا۔

♣

اگر کملی تو میں کمرے میں تنہا تھی۔ بیگم پرتاب گڈھ کو بستر چھوڑے دیر ہو چکی ہو گی کیوں کہ دن آدھے سے زیادہ گزر چکا تھا۔ دیر تک سو کر اپنی ساری تھکن اتار ڈالی تھی۔

ٹیبل پر رکھا ہوا اخبار اٹھا کر میں نے اس پر ایک اچٹتی اور پھر انٹرکام کا سوئچ آن کر کے اپنی ملازمہ خاص کو بلایا۔ کی۔ ٹرالی دھکیلتی ہوئی کمرے میں آئی۔ ٹرالی کو بستر کر دہ میرے لئے چائے بنانے لگی۔ میں اخبار پر نظر ہی۔

"بیگم پرتاب گڈھ کب گئی تھیں؟"

"علی الصبح چلی گئی تھیں۔" ملازمہ نے جواب دیا اور پھر بولی کمانڈر صاحب آپ کو کئی بار فون کر چکے ہیں۔"

میں نے چائے کی پیالی ملازمہ کے ہاتھ سے لے کر اسے کمانڈر حق کا نمبر ملانے کے لئے کہا۔ میں چائے کی چسکیاں لیتی رہی اور ملازمہ فون پر نمبر ڈائل کرتی رہی۔ جب رابطہ قائم ہو گیا تو وہ ٹیلیفون سیٹ سائیڈ ٹیبل پر لے آئی میں نے ریسیور اس کے ہاتھ سے لے لیا۔

"یور رائٹ نس!" کمانڈر حق کی آواز سنائی دی۔ "میں صبح سے کئی مرتبہ فون کر چکا ہوں۔ معلوم ہوتا رہا تھا کہ آپ آرام کر رہی ہیں۔"

"ادھر ادھر کی باتوں میں وقت ضائع کرنے کی بجائے رپورٹ دو۔"

"رات کو مجھے ڈاکٹر فونگ کے ٹھکانے پر پہنچنے میں ذرا سی دیر ہو گئی تھی۔ جب میں وہاں پہنچا تو ڈاکٹر فونگ اپنے ساتھی کے سہارے اپنی کار میں بیٹھ رہا تھا۔ میں نے اس کا تعاقب کیا اور اس طرح میری رسائی ایک اور عمارت تک ہوئی۔ رات کا وقت ہونے کی وجہ سے آس پاس کوئی دکان کھلی ہوئی نہیں تھی جس کے فون پر میں اپنے ساتھیوں سے رابطہ قائم کر سکتا۔ مجبوراً مجھے اپنے ساتھیوں کو لینے خود جانا پڑا۔ پھر جب میں نے اس عمارت پر چھاپہ مارا تو وہاں سے چڑیا کا بچہ بھی نہیں مل سکا۔ ساری عمارت خالی پڑی تھی۔"

"اوہ!" میں نے ایک طویل سانس لی۔ "گویا ڈاکٹر فونگ ہاتھ سے نکل گیا۔"

"جی نہیں۔ شاید میں نے اس کا پتہ چلا لیا ہے۔" کمانڈر حق کے لہجے سے بے پناہ جوش کا اظہار ہو رہا تھا۔

"شاید کا کیا مطلب ہوا؟"

"اصل میں نے آج صبح اس عمارت کے بارے میں چھان بین کی تھی۔ پتہ چلا کہ وہ ایک چینی سوداگر کی ہے۔ اس شخص کی تجارت کے سلسلے میں ہماری پولیس خاصی شکوک ہے۔ مجھے معلوم ہوا تھا کہ اس کی ایک اور کوٹھی بی۔ ای۔ سی۔ ایچ۔ ایس میں بھی ہے۔ میں نے اپنے ایک آدمی کو وہاں کا جائزہ لینے کے لئے بھیجا اور اس آدمی نے ابھی دس منٹ قبل مجھے یہ اطلاع دی ہے کہ اسے کوٹھی کی ایک کھڑکی میں کسی چینی کا چہرہ نظر آیا تھا۔"

"ڈاکٹر فونگ کا چہرہ؟" میں نے بیتابی سے پوچھا۔

"میرا آدمی اس کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکا۔"

"عمارت کا پتہ بتاؤ!" میں نے کہا اور ملازمہ کو اشارہ کیا۔

وہ میز پر سے قلم اور پیڈ اٹھا لائی۔ میں نے پتہ نوٹ کرنے کے بعد کمانڈر حق سے کہا۔

"تم وہاں پہنچو، میں بھی جلد از جلد پہنچنے کی کوشش کروں گی۔"

میں نے سلسلہ منقطع کر دیا لیکن ریسیور رکھتے ہی مجھے خیال آیا تھا کہ میں دو تین باتیں پوچھنا بھول گئی ہوں۔ رات کے ہنگامے میں بھی مجھے سلطانہ کا خیال نہیں آیا تھا جسے کمانڈر حق نے ہسپتال پہنچا دیا تھا اس کے علاوہ مجھے ناصر سعید کے بارے میں پوچھنا تھا کہ اس سے کوئی بات معلوم ہوئی یا

نہیں ہو ویسے کون ہو تم لوگ؟ برابر تھا اور میں سب سے اہم بات یہ معلوم کرنا تھی کہ وکٹر کا کیا ہوا۔ وہ ڈاکٹر فونگ کا ایک اہم ایجنٹ معلوم ہوتا تھا۔ اس کی اچانک لاہور کی طرف روانگی خاصی معنی خیز تھی۔ کمانڈر حق کے ایک ماتحت کو میں نے اس کے تعاقب میں بھیج دیا تھا۔ لیکن ابھی تک مجھے اس کے بارے میں کوئی رپورٹ نہیں ملی تھی۔

"ناشتہ تیار ہونے میں صرف دس منٹ لگیں گے۔" ملازمہ نے مجھے بتایا۔

"ٹھیک ہے، میں اتنے تیار ہوتی ہوں۔" میں نے کہا اور بستر سے اٹھ کر ملحقہ غسلخانے میں چلی گئی۔

تروتازہ ہو کر میں نے ناشتہ کیا اور گیرج سے مرسیڈیز نکال کر سوسائٹی کی طرف روانہ ہو گئی۔ کمانڈر حق کے بتائے ہوئے پتے پر پہنچنے میں مجھے دس منٹ لگے گاڑی میں نے کچھ فاصلے پر چھوڑ دی تھی اور پھر ٹہلتی ہوئی اس عمارت کے قریب پہنچی تھی۔

کمانڈر حق پان کی دوکان پر کھڑا سگریٹ سلگا رہا تھا۔

[illegible] کے قریب پہنچ کر اس طرح مسکرایا جیسے اچانک کوئی شناسا مل گیا ہو۔

"ہیلو!" کمانڈر حق نے بھی بڑی گرمجوشی کا اظہار کیا اور پھر ہم دونوں موسم کی باتیں کرتے ہوئے دکان سے کچھ آگے بڑھ گئے۔

"کوئی خاص بات؟" میں نے سرگوشی کی۔

"کچھ لوگ ابھی ابھی کوٹھی میں داخل ہوئے ہیں مگر ان میں کوئی بھی چینی نہیں تھا۔"

"تمہارے آدمی کہاں ہیں؟"

کمانڈر حق نے ایک طرف اشارہ کیا۔ وہ آدمی کچھ دور ایک درخت کے تنے سے ٹیک لگائے یوں کھڑا تھا جیسے کسی کا منتظر ہو۔ اس سے ذرا دور کچھ اور لوگ بھی کھڑے تھے۔ غالباً انہیں بس کا انتظار تھا۔ اس طرف ایک ہی نمبر کی بس آتی تھی اور اس پر عموماً رش رہتا تھا کیونکہ بسوں کی تعداد ضرورت سے خاصی کم تھی۔

دفعتاً میں ایک شخص کو دیکھ کر چونک پڑی۔ وہ بھی بس کے منتظر ہجوم میں کھڑا تھا۔ چہرے پر بڑی خوبصورت سی داڑھی تھی۔ پہلی نظر میں تو میں نے اسے نہیں پہچانا تھا لیکن دوسری نظر نے داڑھی کے سارے پردے چاک کر دیئے۔

"رضوان۔" میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔

کمانڈر حق کی نظر اس طرف اٹھ گئی جدھر میں دیکھ رہی تھی۔ رضوان بھی یقیناً مجھے دیکھ چکا تھا لیکن وہ اس طرح نہ پہچیر کر کھڑا ہو گیا جیسے مجھے پہچانتا ہی نہ ہو۔

"اس کا کیا مطلب ہوا؟" میں بڑبڑائی۔

اس بہروپ میں رضوان کی یہاں موجودگی میری سمجھ میں نہیں آ سکی تھی۔ کمانڈر حق کے چہرے سے بھی الجھن کا اظہار ہونے لگا تھا اور میں اس

ادھیڑ بن کے مرحلے سے ابھی نکلے بھی نہیں پائی تھی کہ ایک واقعہ پیش آیا۔ کچھ فاصلے پر ایک ٹیکسی آ کر رکی اور ایک اسمگلر ڈرائیور کو پیسے دینے لگی۔

لڑکی کے جسم پر سادا مگر شوخ رنگ کے کپڑے انتخاب میں سلیقہ تھا۔ لباس نے عریانیت کے کسی تقاضے کو پورا تھا لیکن تراش خراش ایسی تھی کہ وہ "صاف چھپتے بھی نہیں سامنے نہیں" کی تفسیر بن گیا تھا۔ اس تراش خراش نے جسم کے کچھ ایسی قیامت ڈھائی تھی کہ میری نظریں اس کی طرف اٹھی رہ گئیں۔ پھر جب لڑکی نے کرایہ ادا کر کے میری طرف اعصاب نے اچھا خاصا جھٹکا محسوس کیا۔ لڑکی چینی نسل تھی۔ چہرہ بھی خاصا پرکشش تھا اور یہ ایک غیر معمولی بات ہے میں ایسے نقوش شاذ و نادر ہی پائے جاتے ہیں۔

موجودہ حالات میں ایک چینی لڑکی کا [illegible] دینے والی بات تھی لیکن میرے چونکنے کا ایک سبب اور بھی میرے لئے اجنبی نہیں تھی۔ لوگ اسے سوسن لی کے نام سے اصل نام تو کچھ اور ہو گا لیکن اس نے اپنے گاہکوں کی نام کا پہلا حصہ "سوسن" سے بدل لیا تھا۔ وہ ایک [illegible] کرنے کے اہل تھے۔ "کم گاہک زیادہ پیسے" اس کا اصول اصول کی بنا پر وہ اپنی تروتازگی برقرار رکھ سکی تھی ورنہ کسی عورت کو اس قابل کہاں چھوڑتی ہے کہ وہ بتلائے۔

سال ڈیڑھ سال پہلے میں نے اس کی گلبدنی دیکھی تھی۔ کیا تھا اور آج اسے دیکھ کر میرے ذہن میں اس ملاقات کی یاد پھیلی تھی کہ میرے رگ و پے میں سنسنی کی لہریں دوڑ گئی تھیں۔

میرا خیال تھا کہ وہ مجھے دیکھ کر میری طرح میری طرف لپکے گی لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اس نے مجھے دیکھا تو ضرور تھا لیکن وہ میرے قریب سے ہو کر نکل گئی اور میں نے الجھے ہوئے انداز میں ہونٹ دانتوں میں دبا لیا۔ بات کچھ سمجھ میں نہیں آ سکی تھی۔ ملاقات کا انداز اتنا سرسری نہیں تھا کہ کوئی بھی فریق دوسرے کو بھلا سکتا۔

یہ بنا شوشہ ایسا تھا کہ رضوان کی موجودگی کے باوجود میں پسینہ پسینہ ہو گئی تھی وہ اس میں ڈوب کر رہ گئی۔ میری نظریں سوسن لی کو تک رہی تھیں۔ میں نے اسے ایک پتلی سی گلی میں داخل ہوتے دیکھا۔ ذہن کی حالت کچھ ایسی ہو گئی تھی جیسے وہ کسی بھنور میں پھنس گیا ہو میں کوئی فوری فیصلہ کرنے کے قابل نہیں رہ گئی تھی لیکن اگر کچھ کرنا بھی تھا تو اس پر عمل نہیں کر پاتی۔

گلی کی طرف سے ایک تیز چیخ سنائی دی تھی۔ یہ تو شاید سوسن ہی کی تھی۔ میں بے تحاشہ اس گلی کی طرف دوڑ

پڑی۔ دوڑتے ہوئے قدموں کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔ [illegible] پہنچے دوسروں نے بھی سنی ہو گی۔ اور میری طرح ان کا ردعمل فطری تھا۔

میں سب سے پہلے میں ہی پہنچی۔ سوسن گلی کی دیوار سے لگی اور اس کے چہرے پر خوف کے آثار تھے جب کہ گلی میں اس کے سوا کوئی نہیں تھا۔ اس کی آنکھیں دہشت سے پھیلی ہوئی تھیں۔ وہ گلی کے ایک ڈھیر کی طرف دیکھتی ہوئی ہسٹریائی انداز میں چیخی تھی۔

میں آگے بڑھ کر اس کے دونوں کندھے پکڑ لئے اور اسے زور سے جھنجھوڑتی ہوئی بولی۔ "ہوش میں آؤ، کیا پاگل پن ہے؟"

اس کی آنکھوں میں بے تکلفت بریک لگ گئے۔ اس نے مجھے دیکھا اور متوقع حرکت کی کہ میں خود کو بالکل احمق محسوس کرنے لگی۔ [illegible] مارتے ہوئے سرگوشی کی تھی۔ یہ تعاقب کے لئے شناسائی کا [illegible]

اس سے کچھ کہنے کی مہلت نہیں مل سکی کیونکہ اب کچھ اور لوگ وہاں پہنچ گئے تھے۔ سوسن نے اچانک اپنا جسم ڈھیلا چھوڑ دیا۔ اس کے ہاتھوں میں یوں جھول گئی جیسے اچانک غش کھا گئی ہو۔ اس کا پُراسرار رویہ دیکھ چکی تھی اس لئے سمجھ گئی کہ محض اداکاری ہے۔ اس کا شبہ بھی نہیں ہو سکتا تھا۔ سوسن کی اس حرکت سے الجھن تھی۔

"کیا ہوا کیا ہوا؟" لوگ مجھ سے اس طرح پوچھ رہے تھے جیسے میں موجود رہی ہوں۔

"غش آ گیا ہے۔" میں نے جواب دیا۔ "جب اسے ہوش آ جائے تو [illegible] دیجئے۔ یہاں تو اتنی بدبو ہے کہ شاید اسے زندگی بھر [illegible]"

"ہمارے گزرنے کے لئے راستہ چھوڑ دیا۔ اس وقت پھر جھرجھری سی لے کر آنکھیں کھولیں اور کمزور سی آواز میں بولی۔ "سانپ..."

اکھلا کر گلی میں نظریں دوڑانے لگے۔ کچھ تو گھبرا کر گلی سے نکل گئے میں کئی جگہ کوڑے کرکٹ کا ڈھیر تھا اس لئے وہ اس کو فراموش نہیں کر سکتے تھے کہ کسی ڈھیر میں سے وہ سانپ [illegible] کر دے۔

میں نہیں مجھے کمانڈر حق کہیں بھی دکھائی نہیں دیا۔ غالباً اس آدمی نے اپنی جگہ سے ہلنا فلط سمجھا تھا۔

سوسن کو سہارا دیتے ہوئے گلی سے نکال لائی۔

"ٹیکسی ڈاکٹر کے پاس لے چلئے!" سوسن نے لرزتی ہوئی آواز میں کہا۔ "اب قابو ہوا جا رہا ہے۔"

"یہ خوفزدہ ہو گئی ہیں۔" ایک بقراط بولے۔ "انہیں ذاتی طبی امداد کی ضرورت ہے۔"

ایک صاحب نے ہاتھ کے اشارے سے ایک ٹیکسی بھی روک لی۔ میں سوسن کو لے کر ٹیکسی کی طرف بڑھی۔ ایک آدمی نے جلدی سے پچھلی سیٹ کا دروازہ کھول دیا۔ وہ کمانڈر حق کا آدمی تھا۔

"پندرہ منٹ بعد... فون... گھر پر۔" میں زیر لب بڑبڑائی اور سوسن کو لے کر ٹیکسی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئی۔ مجھے یقین تھا کہ کمانڈر حق کے آدمی نے میری بڑبڑاہٹ سن لی ہو گی۔

ٹیکسی حرکت میں آ گئی۔

"کہاں چلنا ہے خاتون!" ڈرائیور کوئی مہذب شخص معلوم ہوتا تھا۔ بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے اس زمانے میں اگر پڑھے لکھے لوگ ٹیکسی ڈرائیونگ کرنے لگتے تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں تھی۔

سوسن نے ٹیکسی میں بھی اپنی اداکاری ختم نہیں کی۔

ڈرائیور کو میں نے اپنے گھر کا پتہ بتایا تھا۔ وہاں پہنچنے میں دس منٹ لگے۔ پھاٹک پر میں نے ٹیکسی چھوڑ دی۔ اس کے جاتے ہی سوسن کی اداکاری بھی ختم ہو گئی۔ اور جب میں اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے احاطے میں داخل ہوئی تو اس نے کہا۔ "اب آپ سوالات شروع کر دیں گی لیکن میں چاہتی ہوں کہ اطمینان سے بیٹھ کر گفتگو ہو۔ میرا حلق خشک ہے۔"

وہ مجھ سے اتنی بھڑی ہوئی چل رہی تھی کہ ڈرائنگ روم تک پہنچتے پہنچتے اس کے گدرائے ہوئے بدن نے مجھے خاصا مخمور کر دیا۔

"تم کچھ حلق خشک ہونے کا ذکر کر رہی تھیں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

"ہاں۔" اس نے بڑی بے تکلفی سے کہا۔ "اور مجھے وہ پرتگالی شراب بھی یاد آ رہی ہے جو آپ نے پہلی ملاقات میں مجھے پلائی تھی۔ اس جیسی چیز مجھے پھر کبھی نہیں ملی۔ کیا وہ اب بھی ہے آپ کے پاس؟"

میں اسے جواب نہیں دے پائی تھی کہ فون کی گھنٹی بجنے لگی۔

دوسری طرف کمانڈر حق ہی تھا۔ "یور ہائی نس! یہاں تو بھونچال آ گیا ہے۔" وہ تیزی سے کہہ رہا تھا۔ "کوٹھی پر محکمہ آبکاری کے لوگوں نے چھاپہ مارا ہے اور وہ مکینوں کو پکڑ پکڑ کر بند گاڑی میں بھر رہے ہیں۔"

"کیا وہ بھی پکڑا گیا؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"ڈاکٹر فونگ؟... میں اس کے بارے میں یقین سے نہیں کہہ سکتا۔ ریڈ ابھی جاری ہے۔ اگر وہ اس عمارت میں ہو گا تو یقیناً پکڑا جائے گا۔"

"تم نگرانی جاری رکھو اور جیسے ہی اس کے بارے میں کوئی حتمی بات معلوم ہو، مجھے اطلاع دینا۔"

"بہتر ہے۔"

ریسیور رکھتے وقت میں نے محسوس کیا کہ عجلت کا بوجھ میرے ذہن سے ہٹ چکا ہے۔ پہلے تو میں یہی چاہتی تھی کہ سوسن سے پوچھ گچھ کرنے کے بعد جلد از جلد پھر اس عمارت تک پہنچ جاؤں لیکن اب اس کی ضرورت باقی

"تو تم وہ پرتگالی شراب پینا چاہتی ہو" میں سوسن کی طرف متوجہ ہو کر مسکرائی۔

"ہاں۔"

"تو پھر اٹھو!... میں ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر نہ تو خود پیتی ہوں اور نہ کسی کو پلاتی ہوں۔"

سوسن نے اٹھتے میں اتنی عجلت کی تھی کہ مجھے ہنسی آگئی۔

اسے کے میں خواب گاہ میں آئی کپ بورڈ سے پرتگالی شراب کی بوتل نکال کر دو جام بنائے ایک اسے دیا اور دوسرا اپنے ہونٹوں سے لگا لیا۔ سوسن بہلا جام تو ایک ہی سانس میں خالی کر گئی اور پھر دوسرا جام اس نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔ اس کی ایک چسکی نے اس نے محظوظ نگاہوں سے میری طرف دیکھا اور مسکرا کر بولی۔

"اب میرے ذہن میں پرانی یادیں چمکنے لگی ہیں۔"

"پہلے تو تم اپنے ذہن میں تھوڑی دیر قبل کی یادیں تازہ کرو۔ تمہارے رویے سے میں اتنا تو سمجھ ہی چکی ہوں کہ وہ محض اداکاری تھی اور تمہیں ماپ واپ کچھ نظر نہیں آیا تھا۔"

"آپ ٹھیک سمجھی ہیں۔" سوسن نے سنجیدہ ہوتے ہوئے کہا۔ "یہ حرکت کرنے کے لئے مجھے کرائے پر حاصل کیا گیا تھا۔"

"کیا۔ مطلب!"

"اس واقعے سے بیس پچیس منٹ پہلے وہ آدمی میرے گھر آئے تھے اور بظاہر ایک چھوٹے سے کام کے لئے ایک ہزار روپے کی پیشکش کی تھی۔ کام وہی تھا جو آپ دیکھ چکی ہیں۔ یعنی میں ٹیکسی میں وہاں پہنچ کر اترتوں اطمینان ہوتی کسی گلی میں داخل ہو جاؤں وہاں ایک زوردار چیخ ماروں اور جب لوگ میری پرسش کے لئے وہاں پہنچیں تو میں ایک سانپ کا ذکر کر کے معاملہ ختم کر دوں۔ اتنے سے کام کے لئے ایک ہزار روپے بڑے نہیں تھے اس لئے میں نے ان لوگوں کی بات فوراً مان لی تھی۔"

میرا ذہن تیزی سے کام کرنے لگا۔ فوری طور پر میں اس کے سوا کوئی نتیجہ اخذ نہیں کر سکی کہ یہ ڈاکٹر فونگ ہی کی حرکت تھی۔ غالباً اسے عمارت کی نگرانی کا اندازہ ہو گیا ہوگا لہٰذا اس نے فون پر اپنے آدمیوں کو یہ سارا بندوبست کرنے کی ہدایت دیدی ہوگی۔ یہ بات ذہ بڑے یقین سے سوچ سکتا تھا کہ نگرانی کرنے والے ایک جیتی لڑکی کو دیکھ کر چونکے بغیر نہیں رہ سکیں گے اور پھر جب وہ لڑکی ایک گلی میں داخل ہو کر چیخے گی تو وہ بوکھلا کر اس گلی کی طرف دوڑ پڑیں گے۔ بس اسی افراتفری میں ڈاکٹر فونگ وہاں سے نکل جانا چاہتا تھا لیکن شاید وہ کسی وجہ سے نکل نہیں سکا۔ اگر وہ عمارت سے نکلتا تو یقیناً کمانڈر حق کی نظر میں آجاتا کیونکہ کمانڈر حق نے اس افراتفری میں بھی اپنی جگہ نہیں چھوڑی تھی۔ ممکن ہے کہ اسے کھڑکی میں کچھ دکھائی دیا ہو اور وہ الٹے پاؤں واپس لوٹ گیا ہو۔

اور اب وہاں پولیس کا ریڈ ہو چکا تھا۔ گویا ڈاکٹر فونگ کی گرفتاری یقینی تھی۔

جام بھی ختم کرنے والی تھی۔

"لیکن تم نے وہاں مجھے نظر انداز کیوں کیا تھا؟"

"اگر نظر انداز نہ کرتی تو اپنا کام کیسے کرتی۔"

ہوئے کہا۔ "میں تو ڈر رہی تھی کہ کہیں آپ مجھے روک نہ لیں۔"

اب وہ اپنے لئے تیسرا جام تیار کرنے لگی۔

"کیا ساری بوتل پی جاؤ گی!" میں بول پڑی۔

"میں جانتی ہوں کہ آپ کو جوس نہیں ہیں۔" اس نے کہ میں ہنس پڑی۔

تیسرے جام کے بعد جلد ہی چوتھے جام کی بھی نو شراب سامنے دیکھ کر سوسن الجھی پل گئی تھی جیسے منہ مزہ آتی دیر میں دو سرا جام بھی نصف سے زیادہ نہیں پیا تھا

"اب اس بات کو بھلا دو بانو!" سوسن جھومتی سے بولی اور اٹھ کر بستر پر میرے قریب آبیٹھی۔

میں نے پیار سے اس کے گلے میں ہاتھ ڈال دیا۔ "تمہیں رات کہاں دکھائی دے گئی؟"

"کیا یہ رات نہیں ہے؟" اس نے آنکھیں پھاڑ طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "اگر یہ رات نہیں ہے.... تو کیسے دے رہی ہیں؟.... دن میں تو کچھ دکھائی نہیں دیتا شراب اس کے ذہن پر اپنا تسلط قائم کر چکی تھی۔

میں نے ہنس کر اپنے جام کا آخری گھونٹ لیا۔ جام لے کر سائڈ ٹیبل پر رکھ دیا۔ اس نے کوئی تعرض نہیں کیا معاملے میں تعرض کرنے کے موڈ میں نہیں تھی۔ میں نے ایک جھٹ اپنی گود میں گرا لیا اور اس کے شراب سے بھیگے ہوئے ہونٹوں میں جذب کرنے لگی۔

سوسن کے ہاتھ میرے بدن کا طواف کر رہے تھے کی طرح وہ آج بھی بہت پُرجوش تھی۔ میرے سے وجود میں اس نے سنجھوڑ کر بیدار کیا۔

"بانو!" اس نے میرے ہونٹوں میں کہا۔

"ہاں صنم!" میں نے اپنے بازوؤں کے حصا

"آج تو تم مجھے بالکل توڑ پھوڑ کر رکھ دو!" وہ

میں نے ہنس کر اس کے گرد اٹے ہوئے بازو میں

لی اور وہ ایک سسکاری لیکر پیوست جان ہونے لگی۔

میری زندگی مختلف النوع تجربات سے آشنا دنیا کے مختلف خطوں کے شباب کی سرشاریاں میرے جذبا ٹکرا کر سوا کر سودا ہوتی اور مجھے آسودہ کرتی رہی ہیں لیکن میں مجھے جو کیف و سرور حاصل ہوا وہ الفاظ کا محتاج ہوں وہ صرف محسوس کرنے کی بات ہے۔ بچھولوں کے سے گداز

ل نظرت کو بیان نہیں کیا جا سکتا۔

ان خصوصیات سے متعین ہونے کے ساتھ ساتھ کسی متمرج تی ہوئی البیلی لہر تھی۔ وہ لہر کسی مست ناگن کی طرح میرے سمندر کے اضطراب نے اس ناگن کی پھنکاروں کو ذرا نیچے ے جذبات کی ناؤ اس میں ہچکولے کھانے لگی۔ ضبط کا یارا طوں سے چھوٹ گیا۔ ایسے طوفان میں تو ڈوب جانے ہی کو اس لہر کی لپیٹ میں اس طرح آئی کہ اس کے ساتھ سمندر ہی گئی۔ اتنی دور کے بالآخر میرا سانس اکھڑ گیا۔ اس لہر نے اب ایسے ساحل پر پہنچا تھا جہاں پھیلے ہوئے خوابناک سکوت ہٹ سنائی دے رہی تھی اور کوئی ہولے ہولے تھپک

جاگر۔

ہی جاتی لیکن دروازے پر ہونے والی دستک نے مجھے چونکا وں کے بوجھل پپوٹوں نے بمشکل حرکت کی۔ میں منہ بناتی ئے ہوئے انداز میں چیخی۔

ے؟"

میں مجھے باہر سے اپنی ملازمہ کی آواز سنائی دی۔ اس نے اس کا لہجہ ایسا تھا جیسے وہ اس دخل اندازی پر نادم تو ں کام کی وجہ سے اسے اس دخل اندازی پر مجبور ہونا پڑا تھا لب بڑبڑاتی ہوئی اپنے لباس کی طرف متوجہ ہوئی۔

ے... بانو!" سوسن آنکھیں بند کئے کئے بدبدائی اور انتظار کئے بغیر دوسری طرف کروٹ لے لی۔

ام جا دروازہ کھول کر دروازے کی طرف بڑھی۔

ے؟" میں دروازہ کھول کر ملازمہ کو گھورنے لگی۔

وہ... اس نے گھبرا کر نظریں جھکا لیں۔ "ایک شخص

ہے۔"

ے؟"

اس نے نہیں بتایا۔ اسے ٹالنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن مجھے آیا۔ اب ڈرائنگ روم میں بیٹھا ہے اور آپ

پہچان پر بل پڑ گئے۔ ... شت نہیں کر سکتی تھی کہ کوئی ہستی کھس کر مجھ سے ملنے کی کوشش کرے۔

اسے ڈرائنگ روم کی طرف چل پڑی۔ ملازمہ میرے پیچھے میں داخل ہوتے ہی میری جھلاہٹ کچھ اور بڑھ گئی۔ اس زبردستی کے مہمان کو پہچان لیا تھا۔

ا اختیار کرنے کی کیا ضرورت تھی؟" میں غصیلی آواز

اگر ہم تنہائی میں گفتگو کریں۔" رضوان نے اپنی نقلی داڑھی ے انگریزی میں کہا۔

میں نے مترنم سی ملازمہ کی طرف دیکھا اور اسے چلا جانے کا حکم دیا، پھر میں آگے بڑھتی ہوئی بولی۔ "اب یہ بولو! تنہائی سے تمہیں کیا فائدہ اٹھانا ہے!"

"میں تمہاری پارسائی کی لاج رکھنا چاہتا تھا۔" رضوان نے بڑے تلخ لہجے میں کہا۔ "کیا فائدہ کہ ملازمائیں بھی تمہاری شخصیت کے گھناؤنے پہلوؤں سے واقف ہو جائیں۔"

"تمہارا دماغ تو درست ہے!" مجھے سچ مچ غصہ آنے لگا۔

"میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ تم ملک دشمن بھی ثابت ہو گی۔" رضوان ایک جھٹکا سا لے کر کھڑا ہو گیا۔ "چوں کہ میرے دل میں تمہارے لئے ایک جگہ رہی ہے۔ لہٰذا میں تمہیں یہ وارننگ دینے آیا ہوں کہ تم اپنی راہیں بدل لو۔"

میں منہ پھاڑ کر اس کی طرف دیکھتی رہ گئی۔ حیرت اور غصے نے میری ذہنی حالت کو کچھ عجیب سا کر دیا تھا۔ میں جو کچھ کہنا چاہتی تھی۔ اسے کہنے سے قاصر رہی اور رضوان نے پھر بولنا شروع کر دیا۔

"میں تمہارے بارے میں خاصی تحقیقات کر چکا ہوں۔ کمانڈر حق وغیرہ بیگم پرتاب گڈھ کے ملازمین ہیں اور ایک عوامی حلقے میں بیگم پرتاب گڈھ کے بارے میں خاصے شکوک پائے جاتے ہیں۔ پرتاب گڈھ پر قبضہ کرنے کے بعد ہندوستان نے پرتاب گڈھ کے نواب کو اتنی دولت سمیٹ کر پاکستان نہیں آنے دیا ہوگا کہ یہ خاندان یہاں بھی لارڈز کی سی زندگی گزار سکے اور برسہابرس گزرنے کے بعد بھی اس دولت میں کوئی کمی نہ آئے۔ ان حالات میں لوگوں کا یہ سوچنا بعید از حق ہے کہ کچھ خفیہ ذرائع آمدنی ضرور ہوں گے۔"

"اگر تم نے بک بک بند نہیں کی تو میں تمہیں اٹھا کر باہر پھینک دوں گی۔" میرا اشتعال سچ مچ بڑھ گیا تھا۔

"اب میں تمہارے رعب میں آنے والا نہیں ہوں بانو جی!" رضوان نے مجھے تمسخرانہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "میں تم سے صرف اسی وقت تک ڈرتا تھا جب تک میرے دل میں تمہارے خلاف کوئی جذبہ نہیں تھا۔ میں تمہیں بتا دوں کہ میری جیب میں ریوالور موجود ہے۔ اگر تم نے میرے قریب آنے کی کوشش کی تو وہ ریوالور جیب سے نکل کر میرے ہاتھ میں بھی آسکتا ہے۔"

جیسا کہ میں نے کہا، میری ذہنی حالت بڑی عجیب سی تھی۔ غالباً یہ اس بوالعجبی ہی کا نتیجہ تھا کہ اچانک میرا اشتعال جھاگ کی طرح بیٹھتا چلا گیا اور حیرت کے عناصر اس پر غالب آگئے۔

رضوان نے وقفہ دے کر پھر بولنا شروع کیا۔ "بانو جی!... کمانڈر حق سے تمہارے رابطے کا مطلب اس کے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ تم بھی بیگم پرتاب گڈھ کے پُراسرار گروپ سے تعلق رکھتی ہو۔ آج میں نے اپنا خاصا وقت کمانڈر حق کی نگرانی کرتے ہوئے گزارا ہے۔ اسی کا تعاقب کر کے میں پی، ای، سی، ایچ، ایس کی اس عمارت تک پہنچا تھا۔ وہ

آج شاید اس عمارت میں انگلروں کی کوئی خاص میٹنگ تھی۔ جب میں وہاں پہنچا تو رفیق شاہ اس عمارت میں داخل ہو رہا تھا۔ رفیق شاہ جو ایک بدنام ترین انگلر ہے اور پولیس والے گزشتہ دو ماہ سے اس کا وارنٹ جیب میں ڈالے گھوم رہے تھے۔ کچھ ہی دیر بعد تم بھی وہاں پہنچ گئی تھیں لیکن یہ میری سمجھ میں اب تک نہیں آسکا ہے کہ تم لوگ اس عمارت کے گرد کیوں منڈلا رہے تھے۔؟" رضوان نے ایک لمحے کے لئے سوالیہ نظروں سے میری طرف دیکھا اور پھر آہستہ سے بولا۔ "شاید تمہارے اور رفیق شاہ کے گروہوں میں کچھ اختلاف ہو گیا ہے۔ کیوں؟"

میں نے اتنی دیر میں اپنی حیرت پر بھی قابو پالیا تھا اور پرسکون ہو کر رضوان کی ذہنی کیفیت کو جانچنے کی کوشش کر رہی تھی۔ جب اس نے دوسری مرتبہ سوالیہ انداز میں میری طرف دیکھا تو میں آہستہ سے بولی۔

"کیا میں تمہیں ٹھنڈے پانی کا ایک گلاس پیش کروں؟"

"اس سنجیدہ مسئلے کو مذاق میں اڑانے کی کوشش بے سود ہوگی بانو!" رضوان نے بڑے گمبھیر لہجے میں کہا۔ "یوں سمجھ لو کہ رضوان اب تمہارے پیچھے لگ چکا ہے اور تمہاری شخصیت کے جو گوشے ڈھکے چھپے رہ گئے ہیں وہ بھی جلد ہی سامنے آجائیں گے۔ میں تمہیں چاہتا ضرور ہوں لیکن اس حد تک بھی نہیں کہ میرے ضمیر کے تقاضے اس چاہت کے بوجھ سے دب جائیں۔ تمہاری ہم جنس پرستی کا جرم تو میں نظر انداز کر سکتا ہوں۔ لیکن ملک دشمنی کسی قیمت پر بھی برداشت نہیں کی جا سکتی۔"

ایک طویل سانس لے کر میں چند قدم آگے بڑھی اور ایک صوفے پر بیٹھ گئی۔ اب اس میں کوئی شک و شبہ نہیں رہا تھا کہ رضوان کو میرے بارے میں کچھ غلط فہمیاں ہو گئی تھیں۔

"کاش تم ایسی نہ ہوتیں!" رضوان کے لہجے میں بڑا کرب تھا۔

"اس عمارت پر پولیس کے ریڈ کا سبب کیا تھا؟" میں نے ایک شبہے کے تحت پوچھا۔

"رفیق شاہ کو پہچاننے کے بعد میں نے ہی اس کی اطلاع پولیس کو دی تھی۔" رضوان نے میرے شبہے کی تصدیق کی۔

"ٹھیک ہے۔" میں نے سر ہلایا۔ "پھر اب تمہارا کیا پروگرام ہے؟"

رضوان نے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولا اور پھر بند کر لیا۔ وہ اس وقت بیحد جذباتی ہو رہا تھا۔ اس نے دانت پر دانت جمائے اور آہستہ آہستہ چلتا ہوا شوکیس کے قریب پہنچا۔ وہیں ایک گدیلا اسٹول پڑا ہوا تھا۔ وہ اس پر بیٹھ گیا۔ اب اس کی پیٹھ میری طرف تھی اور وہ بھرائی ہوئی آواز میں کہہ رہا تھا۔

"میں تمہاری طرف نہیں دیکھ رہا ہوں۔ تم چاہو تو مجھ پر گولی مار کر اس خطرے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کر سکتی ہو۔ جب میرا اور تمہارا آمنا سامنا ہوگا تو میں تمہیں اس کا موقع ہرگز نہیں دوں گا۔"

"میں آپ کو صرف یہ اطلاع دینا چاہتا ہوں۔" اس نے جواب دیا۔ "کہ آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔"

سلسلہ منقطع کر دیا۔ ریسیور رکھتے وقت میں نے لکنکیوں کو دیکھا جو مجھے ہی گھور رہا تھا۔

"جا کر اپنی داڑھی صاف کرو!" میں نے مسکرا کر کہا۔ "کل نہ ہوگی۔ فی الحال تو میں اسلام آباد جا رہی ہوں۔"

وہ ہونٹ سکوڑ گیا۔ اس کی آنکھوں میں سوال مچلنے لگے تھے۔

"ہم جنس ڈائرکٹر کا فون تھا۔" میں نے اسے بتایا۔ "نوری علی بھی یہی فلائٹ ہوگی۔ میں کوشش کروں گی کہ واپس آکر تمہارے کپڑے جھاڑ دوں۔"

میں نے ہونٹ بھینچ لئے اور میں ہاتھ ہلا کر "بائے" کہتی ہوئی اندرونی راہداری میں مڑ گئی۔ اتنا وقت نہیں تھا کہ میں اسے باقاعدہ خدا حافظ کرتی۔

اب میں گاڑی کی طرف بڑھتے ہوئے میں نے ملازمہ کو پکارا اور اسے الوداع کہنے کے لئے اسلام آباد جا رہی ہوں۔

میں اپنی خواب گاہ میں داخل ہوئی تو میں نے دیکھا کہ سوسن لی ایک ہاتھ کمر پر ٹیکے ہوئے میٹھی جماہیاں لے رہی تھی۔

"کہاں چل دی تھیں بانو؟" وہ منہ بنا کر بولی۔

"اچانک اسلام آباد جانا پڑ رہا ہے سوسن!" میں نے ہاتھ روکتے ہوئے کہا۔ "تم جلدی سے تیار ہو جاؤ۔ میں تمہیں راستے میں کسی ہوٹل پر اتار دوں گی جہاں سے تم کو ٹیکسی مل جائے۔"

اس نے شاید کوئی سوال ہی کرنے کے لئے منہ کھولا تھا لیکن میرے ہمدم میں داخل ہو کر دروازہ بند کر لیا۔

میں نے ہوٹل ایک ایسا لباس پہنے جسے انتہائی عجلت میں پہننا ہو۔ میں نے وہی پہنا اور باہر نکل کر ڈریسنگ ٹیبل پر جا بیٹھی۔

"اسلام آباد...؟" سوسن بولی۔

"نو: دنت باسٹل نہیں ہے سوسن!" میں نے اس کی بات کاٹی۔ "اگر تم نے دیر لگائی تو میں تم کو یہیں چھوڑ کر چلی جاؤں گی۔"

سوسن منہ بنا کر باتھ روم میں چلی گئی۔ میں نے جتنی دیر میں لپ کیا وہ بھی تیار ہو گئی۔ میں اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے تیزی سے باہر آئی۔ مجھے بتایا کہ ڈرائیونگ والا چکر ہے لیکن میں نے اس اطلاع کو اہمیت نہیں دی اور آگے بڑھتی چلی گئی۔ جب میں ڈرائنگ روم سے گزری تو فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ ایک لمحے کے لئے تو میرے جی میں آئی کہ نظر انداز کر دوں لیکن اس خیال نے مجھے رکنے پر مجبور کر دیا کہ شاید ڈائرکٹر ہی کا فون ہو۔ پروگرام میں اچانک کوئی تبدیلی بھی تو ہو سکتی تھی۔ میں نے ریسیور اٹھایا تو دوسری طرف سے کمانڈر حق کی آواز سنائی دی۔

"میں نے کہا، تمہیں جو کچھ بھی کہنا ہے، جلد از جلد کہہ ڈالو۔ میرے پاس وقت بالکل نہیں ہے۔"

آج شاید اس عمارت میں میرا آخری دن تھا۔ واپسی پر اس معاملے کو دیکھوں گی۔ وہاں پہنچا تو رفیعہ نے صرف اسلام آباد جانے کی فکر تھی۔

راہ میں ایک ٹیکسی نظر آئی تو میں نے اپنی گاڑی کو اس کے برابر سے آگے نکالتے ہوئے ڈرائیور کو رکنے کا اشارہ کیا۔

ٹیکسی میری گاڑی کے پیچھے رک گئی تو میں نے سوسن کا کندھا پکڑ کر ہلایا اور جب اس نے چونک کر آنکھیں کھولیں تو میں نے پیچھے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "جاؤ ٹیکسی کھڑی ہے۔ میں رات کو ہی اسلام آباد سے واپس آجاؤں گی۔ تم کل کسی وقت مجھ سے ملنا۔"

"اچھا" بجھے ہوئے سوسن نے جماہی لی اور گاڑی سے اتر کر شاید نشے ہی کی جھونک میں بڑی زور سے دروازہ بند کیا۔

میں ہونٹ بھینچ کر سٹیئرنگ کو حرکت میں لے آئی۔

جب میں ایئرپورٹ پہنچی تو دس منٹ لیٹ تھی لیکن طیارہ کی روانگی میں ابھی پندرہ منٹ باقی تھے۔

انٹیلی جنس ڈائریکٹر اکیلا ہی میرا منتظر تھا۔ وہ مجھے ساتھ لے کر طیارے کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔ "آپ خوش قسمت ہیں کسی عام آدمی کو اتنی جلدی پریسیڈنٹ تک رسائی حاصل نہیں ہوتی۔"

"شاید آپ مجھے عام آدمیوں میں شمار کر کے غلطی کر رہے ہیں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

انٹیلی جنس ڈائریکٹر ٹھنڈی سانس لے کر چپ ہو گیا۔ میری خود اعتمادی اسے خاصا بوکھلا کر دیتی تھی۔

ہمارے سوار ہونے کے پانچ منٹ بعد ہی طیارے نے زمین چھوڑ دی۔ یہ دیکھ کر میرا جی بہت خوش ہوا تھا کہ میرے آس پاس دو تین تو بصورت اور سڈول لڑکیاں موجود تھیں۔ ایسے چہرے نظر کے سامنے ہوں تو سفر بوجھل نہیں ہونے پاتا۔ میں نے ان میں سے ایک لڑکی کو اپنی طرف متوجہ بھی کر لیا اور سارا سفر اس سے باتیں کرتے ہوئے گزار دیا۔ انٹیلی جنس ڈائریکٹر بے چینی سے پہلو بدلتا رہا تھا۔ اسے میری اس حرکت سے خاصی بوریت ہوئی تھی لیکن وہ دخل در معقولات کر کے اپنے بے تہذیب ہونے کا ثبوت نہیں دینا چاہتا تھا۔

جب طیارے نے لینڈ کیا تو میں بادل ناخواستہ اس لڑکی سے جدا ہوئی جس کے ہونٹوں کو گلاب کی کلیاں بھی پیار کرنا چاہ سکتی تھیں۔

پریسیڈنٹ ہاؤس کے دو افسر ہمارے استقبال کے لئے چکلالہ کے ہوائی اڈے پر موجود تھے۔ ان کے ساتھ ایک کار میں سفر شروع ہوا یہ ایک تھکا دینے والا سفر تھا۔ اسلام آباد پہنچتے پہنچتے میری طبیعت بڑی بوجھل ہو گئی لیکن پریسیڈنٹ سے ملاقات کی لگن نے اس اضمحلال کو خاصی حد تک دبا دیا۔

ایوان صدر میں قدم رکھتے وقت میرے ذہن میں تیز ہو گئیں اور صرف یہ سوال میرے ذہن میں گونج رہا تھا کہ میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکوں گی یا نہیں؟

رسمی کارروائیوں میں زیادہ وقت ضائع نہیں ہوا گیا اور جلد ہی میں اس کمرے میں داخل ہو رہی تھی جہاں ملاقات ہونا تھی۔ میرے اندازے کے مطابق پریسیڈنٹ کو تنہا ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن یہ دیکھ کر میں سناٹے میں آ گئی کہ قریب کیپٹن آفاق بھی بیٹھا ہوا تھا۔



صدر مملکت کے ساتھ کیپٹن آفاق کی تعیناتی خیز تھی۔ میرے ذہن میں تو یہ تنہائی میں ملاقات کروں گی۔ انٹیلی جنس ڈائریکٹر کے بعد میرے اس یقین کو تقویت ہی پہنچی تھی کہ صدر ہوگی۔ مگر وہاں کیپٹن آفاق بھی موجود تھا۔

آخر کیوں؟

کیا اسے علم ہو گیا تھا کہ مجھے ایران میں کوئی یہ اسی وقت ممکن تھا جب اس نے اپنے کارندے کرتے ہوئے خود بھی اس معاملے میں دلچسپی لی ہو یا گیا ہو کہ واپس آنے والے وفد کے ممبران کی تعداد آئی ہے۔

کیپٹن آفاق کو صدر سے میری متوقع ملاقات اور شاید یہاں اس کی موجودگی کی وجہ بھی یہی تھی۔ میں صدر مملکت کو الٹی سیدھی پٹی پڑھا کر اپنی طرف نے میری طرف سے بدظن کرنے کی کوشش کی ہو۔

میرے ذہن میں ان خیالات کی گردش کی نہیں تھی کیونکہ جیسے ہی کیپٹن آفاق نے مجھے دیکھا حیرت کے آثار پیدا ہو گئے۔ چند لمحوں کے لئے پھیل گئیں اور منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔ اس کی یہ کیفیت دلانے کے لئے کافی تھی کہ میرے ذہن میں اچھرے تھے۔ آفاق کی موجودگی محض برا اتفاق تھی ورنہ وہ

اب میں مطمئن ہو گئی۔ اور میں نے مسکرا کر صدر کی شخصیت کتنی دلچسپ اور کشش انگیز مجھے اس روز ہوا۔ یوں تو میں انہیں پہلے بھی کئی کے ساتھ دیکھ چکی تھی اور ان میں سے کوئی بھی اس کر سکا تھا لیکن اتنے قریب سے میں انہیں پہلی سے صرف چند فٹ کے فاصلے پر تھے اور ان کے مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔

رسمیات میں وقت بالکل ضائع نہیں ہوا۔ صدر نے کیپٹن آفاق تعارف کرایا اور پھر بولے۔ "یہ بس جا ہی رہے تھے۔ آپ تشریف یہاں میرے قریب آجائیں۔"

میں صدر کے پاس بیٹھ گئی۔ صوفہ اتنا بڑا تھا کہ ہمارے درمیان میں ل اور بیٹھ سکتے تھے۔

کیپٹن آفاق نے مضطربانہ انداز میں پہلو بدلا اور پھر جھجکتے ہوئے مخاطب ہوا۔ "اگر آپ کو اعتراض نہ ہو تو میں بھی یہاں موجود

صدر نے گھور کر کیپٹن آفاق کو دیکھا اور ان کی پیشانی پر ناگواری میں بھی ابھر آئیں مگر ان کے کچھ کہنے سے پہلے ہی میں بول پڑی۔ "مجھے اعتراض نہیں ہے کیپٹن!"

کیپٹن آفاق مجھے یہاں دیکھ کر یقیناً بوکھلا گیا تھا اور اس کی سمجھنے کی صلاحیتیں کسی نہ کسی حد تک مفلوج ضرور ہو گئی تھیں مجھ سے یہ خلاف تہذیب درخواست نہ کرتا۔

اس درخواست کے پس منظر جو اضطراری محرکات تھے، میں خوب جانتی تھی لیکن صدر مملکت مکمل تاریکی میں تھے۔ انہیں تو معلوم تھا کہ میں اور کیپٹن آفاق ایک دوسرے کے لئے اجنبی

کیپٹن آفاق کی موجودگی سے میرے لئے کسی نقصان کا احتمال اس کے برخلاف کام میں کچھ آسانی ہوتی نظر آئی تھی۔

اب میں نے کیپٹن آفاق کو موجود رہنے کی اجازت دے دی حیرت سے میری طرف دیکھا اور بولے۔ "مجھے تو یہ بتایا گیا تھا کہ خصوصی ملاقات کرنا چاہتی ہیں۔"

اگر کیپٹن آفاق کی جگہ کوئی اور ہوتا تو میں یقیناً تنہائی کی منتی ہوتی۔ لیکن آنکھوں سے الجھن جھانکنے لگی مگر اس سے پہلے کہ وہ الجھن میں پھر بول پڑی۔ میں نے محتاط رہنا چاہتی تھی۔ اس حال کی موجودگی قطعاً اثر انداز نہیں ہوگی کیونکہ میں جو کچھ کہنا کیپٹن آفاق کو پہلے ہی سے معلوم ہے۔"

آفاق نے ایک بار پھر بے چینی سے پہلو بدلا۔ ظاہر ہے کہ یشن کی نزاکت کا مکمل احساس ہو گیا ہوگا۔

حیرت سے میری طرف اور پھر کیپٹن آفاق کی طرف دیکھا مجھے میں ایک بے نام سے شک نے سر ابھارا تھا۔ وہ جھنجھلا کر بولے۔ "میرا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہو سکتا۔" کیپٹن کھل کر بول پڑا۔

"معاملہ ہے؟" میں نے تیز لہجے میں کیپٹن آفاق سے سوال کیا۔

کیپٹن آفاق فوری طور پر کوئی جواب نہیں دے سکا۔ اب اسے بھی یہ احساس ہو گیا ہوگا کہ وہ بہت ہی بے تکا بول گیا ہے۔ میں اس کی گھبراہٹ سے پوری طرح لطف اندوز ہو رہی تھی۔

"دراصل" کیپٹن آفاق قدرے توقف سے بولا۔ "میں نے آپ کو ایئرپورٹ پر دیکھا تھا اور وہیں مجھے کسی گڑبڑ کا احساس ہوا تھا۔"

"تم وہاں کیا کر رہے تھے؟" صدر نے اسے گھورتے ہوئے سوال کیا۔

"ایک دوست کو ریسیو کرنے گیا تھا۔" کیپٹن آفاق نے جلدی سے کہا اور پھر اس طرح مطمئن نظر آنے لگا جیسے یہ جھوٹ اس کی دانست میں بیحد معقول ہو لیکن میں اسے اتنی آسانی کے ساتھ جال سے کس طرح نکلنے دیتی؟

"ایئرپورٹ پر آپ نے جب مجھے دیکھا تھا، اس وقت کوئی فلائیٹ ڈیو نہیں تھی اور میرا خیال ہے کہ آپ کسی فلائیٹ کے ڈیو ہونے سے پہلے ہی وہاں سے چلے آئے تھے۔"

"معاف کیجئے گا" میرے منہ سے ایک غلط لفظ نکل گیا۔ میں ریسیو کرنے نہیں بلکہ کسی آف کرنے گیا تھا۔" کیپٹن آفاق نے بات نبھانے کی کوشش کی لیکن یہ کوشش کرتے ہوئے اس کی پیشانی پر پسینے کی ننھی منی بوندیں چمک اٹھی تھیں۔

"خوب!" میں مسکرائی۔ "کیا آپ اپنے اس دوست کا نام بتائیں گے جسے آپ الوداع کہنے گئے تھے؟"

کیپٹن آفاق کوئی مؤثر جواب نہیں دے سکا لیکن صدر مملکت کی تیز نگاہیں اسے کچھ نہ کچھ بولنے پر مجبور کر رہی تھیں۔ اس موقعے پر اس عیار نے حماقت کا لبادہ اوڑھ کر اپنی دروغ بیانی کو چھپانے کی کوشش کی۔

"آخر آپ کا مطلب کیا ہے؟" وہ بولا۔ "کیا آپ میرے بارے میں گفتگو کرنے کے لئے یہاں آئی ہیں؟"

میں نے صدر کی طرف دیکھا جن کے چہرے سے اب تشویش کا بھی اظہار ہونے لگا تھا۔ جب میں نے ان کی نظروں میں استفہام محسوس کیا تو آہستہ سے بولی۔

"کیپٹن آفاق کا یہ خدشہ غلط نہیں ہے جناب والا! میں ان ہی سے متعلق بات کرنے آئی ہوں اور ان ہی کی وجہ سے میں نے اپنی زبان بند رکھی تھی۔ میرے پاس اس امر کی شہادتیں موجود ہیں کہ وزیر خارجہ کے جہاز میں بم کی موجودگی کیپٹن آفاق ہی کی کوششوں کا نتیجہ تھی۔ جو کہ یہ کام ظاہر ہے کہ انہوں نے اپنے ہاتھوں سے نہیں کیا ہوگا لیکن کام کی نگرانی کے لئے یہ ایئرپورٹ پر موجود ضرور تھے۔"

"یہ غلط ہے۔" کیپٹن آفاق کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

میں نے اس کے اس چیلنج کو چیلنج نہیں کیا اور صدر کے چہرے پر نظریں جمائے ان کے قلبی جذبات کا اندازہ لگانے کی کوشش کرتی رہی۔

"لڑکی!" وہ بہت سخت لہجے میں بولے۔ "تم کیپٹن آفاق پر

بڑا سنگین الزام لگا رہی ہو۔ اگر اُسے ثابت نہ کیا جا سکا تو...۔" انہوں نے اپنی بات ادھوری ہی چھوڑ دی۔

"میرا خیال ہے۔" میں نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "کیپٹن آفاق خود ہی اس کا اقرار کر لیں گے۔"

"کیوں؟" صدر مملکت نے ایک جھٹکے سے اپنے سر کو آفاق کی طرف موڑتے ہوئے کہا۔ "کیا تمہیں اس کا اقرار ہے؟"

کیپٹن آفاق نے تیسری مرتبہ پہلو بدلا۔ وہ جو کہتے ہیں نا کہ ہوش گم ہو گئے۔ تو اس وقت کیپٹن آفاق کی یہی حالت تھی۔

وہ بولتے کیوں نہیں؟ صدر کا لہجہ اور سخت ہو گیا۔ انہیں غصہ آنے لگا تھا۔

"میرا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں۔" کیپٹن آفاق نے مری مری سی آواز میں کہا۔

"ٹھیک ہے۔" میں بڑے اطمینان سے بولی۔ "اگر کیپٹن آفاق اپنا برا بھلا سمجھنے سے قاصر ہیں اور اپنی اس گھناؤنی حرکت کا اعتراف کرنے کی ہمت نہیں پاتے تو میں اس بارے میں ثبوت فراہم کر سکتی ہوں۔ اس میں قباحت صرف یہ ہے کہ یہ کام چھپ چھپاتے نہیں ہو سکے گا۔ بات پھیلے گی ضرور جبکہ میں نے رازداری ہی کے خیال سے اب تک اپنی زبان بند رکھی تھی۔ پریذیڈنٹ سر! میں آپ سے تنہائی میں اسی لئے ملنا چاہتی تھی کہ بات پھیل نہ سکے۔ کیپٹن آفاق تو اس کی زد میں آتے ہی لیکن آپ بھی عوام کی نظروں میں سبک سر ہو جاتے۔ جناب والا! میں آپ کی ایک فین ہوں اور آپ کی ان پر خلوص کوششوں کی مداح ہوں جو آپ نے اس ملک کے لئے کی ہیں مگر۔۔۔"

صدر نے ہاتھ اٹھا کر مجھے خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور نرم لہجے میں بولے۔ "اچھی لڑکی! میں تمہارا شکر گزار ہوں گا اگر تم اس سلسلے میں اب بھی اپنی زبان بند ہی رکھو۔ مجھے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں ہے۔"

"جیسا آپ مناسب سمجھیں۔" میں نے بڑی معاندمندی سے کہا۔

"تم یہاں سے دفع ہو جاؤ!" صدر نے کیپٹن آفاق کو گھورتے ہوئے غرا کر کہا۔

کیپٹن آفاق فوراً اٹھ کھڑا ہوا۔ ایک بار اس نے کچھ کہنے کیلئے منہ کھولا مگر پھر ارادہ ترک کر دیا اور تیز قدموں سے چلتا ہوا کمرے سے نکل گیا۔

"تم مجھے تفصیل سے بتاؤ کہ یہ کیا معاملہ ہے!" صدر نے میری طرف دیکھتے ہوئے متفکر لہجے میں کہا۔

"آپ کو بہت دکھ ہوگا جناب والا!"

"تم اس کی پرواہ مت کرو۔"

میں دل ہی دل میں بیحد خوش تھی۔ میرے سان و گمان میں بھی نہیں تھا کہ اتنی آسانی سے بات بن جائے گی۔ دراصل کیپٹن آفاق کی موجودگی ہی نے میرے لئے راہ ہموار کر دی تھی۔ اس کی بوکھلاہٹ کو میری سچائی کا یقین دلایا تھا اور نہ مجھے خاصے پاپڑ بیلنا پڑتے۔

جب میں نے ساری کتھا بیان کر ڈالی تو صدر ناخن کھانے لگے۔ ان کے چہرے سے شدید غصہ صاف ظاہر تھا۔ آنکھوں میں صدمے کی دھندلاہٹ بھی نظر آ رہی تھی۔ میں ٹکٹکی باندھے انہیں دیکھ رہی تھی۔ ذرا دیر بعد وہ بولے۔

"اچھی لڑکی! میں آفاق کو قرار واقعی سزا دوں گا لیکن میرے لئے بھی مضر ثابت ہو سکتا ہے۔"

"آپ اطمینان رکھیں، میری زبان بند رہے گی۔"

"ایک درخواست ہے۔"

"کہو!"

"آپ اٹیلی جنس ڈائریکٹر کو بھجا دیں کہ وہ مجھے ملے۔ اس غریب مسافر کو بھی پریشان نہ کیا جائے جس کے ساتھ میں تھی۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ سے خاموشی سے امریکہ کے لئے جہاز اس کے جانے کے بعد کوئی کنفرمیشن بھی سر سارے اس معاملے سے تعلق ثابت نہیں کرے گا۔"

"میں اس کا انتظام کر دوں گا۔" صدر نے کہا اور گویا یہ ملاقات ختم ہونے کا اشارہ تھا۔ میں بھی کھڑی ہو گئی۔ ان کے لئے ہاتھ آگے بڑھایا۔

"جناب صدر! میں چلتے چلتے اپنے دل کی آواز آپ تک پہنچانا چاہتی ہوں۔ آپ اپنے اردگرد کے ماحول سے باخبر رہئے۔ طوفان آ جائے گا۔ آپ کے چند قریبی لوگ اس طوفان کو دعوت دے رہے ہیں۔ خدا کے لئے آپ ان لوگوں سے بہت محتاط رہئے۔ مجھے دیکھا ہے میں نے ان کی عجیب سے کرب کی جھلک محسوس کی۔ وہ نرم لہجے میں بولے۔ "میں تمہارا شکر گزار ہوں۔ اگر کبھی کوئی ضرورت ہو تو بلا تکلف کر دینا۔"

پھر وہ میرے جواب کا انتظار کئے بغیر اس دروازے سے مڑ گئے جو اندرونی حصے میں کھلتا تھا۔

میں باہر جانے کے لئے مڑ گئی۔ اس وقت میں بہت خوش تھی۔ شاندار کامیابی کا حصول بھی کیپٹن کے دو پیگ باہر کر دینے میں کیپٹن آفاق بے چینی سے سل رہا تھا جیسے وہ قریب آتے ہی مجھ پر ہاتھ چھوڑ بیٹھے گا۔ ایسی کوئی حرکت نہیں کی۔ مجھ سے دو فٹ کے فاصلے پر رہ کر وہ نفرت سے گھورنے لگا۔

"فرمایئے کیپٹن!" میں نے مسکرا کر بڑی خوش اخلاقی

ماں کی ذلت میں کبھی نہیں بھولوں گا۔" وہ غرایا۔

"میں تمہارے حق میں بہتر ہو گا۔ اگر تم بھول گئے تو شاید پھر کوئی گھر شاید اور ہو سکتا ہے کہ اگلی مرتبہ اتنے سستے نہ چھوٹ سکو۔"

"میں نہیں دیکھ لوں گا صبیحہ بالو!... اور وہ جو تمہارے ساتھی ہیں فول بندوبست کرنے کے بارے میں بھی سوچ چکا ہوں۔ اگر وہ کوشش کر سکتی ہو تو میں بھی نواب پرتاب گڑھ کو اپنا کہتا ہوں۔"

نے ایک لمحے تو کیپٹن آفاق کی بات پر غور کیا اور پھر بولی۔ "میرا نام صبیحہ بالو ہے اور صبیحہ بالو کو دوسروں کے سہارے ت نہیں۔ دوسروں پر تکیہ کرنے والے ہمیشہ ذلیل ہوتے ہیں۔"

لے کیپٹن آفاق کے جواب کا انتظار نہیں کیا اور کوریڈور کے ف چل پڑی جہاں باہر جانے والے راستے کی طرف

ایل جنس ڈائریکٹر مجھے وہیں ملا جہاں میں نے اسے چھوڑا لون کا ریسیور کان سے لگائے بڑے غور سے کسی کی باتیں ۔۔۔ میں نے قیاس کیا کہ وہ پریذیڈنٹ لے رہا تھا اور غالباً وہ ہدایات میرے ہی سلسلے میں رہی

اس کے قریب جا کر کھڑی ہو گئی۔

ی دل سر!" اس نے ماؤتھ پیس میں کہا اور پھر ریسیور رکھ ا۔ اس کی آنکھوں سے تفکر جھانک رہا تھا اور اس کی آمیزش بھی تھی۔ ظاہر ہے کہ صدر مملکت کے احکامات لمحے عجیب و غریب رہے ہوں گے۔

اب مجھے آپ سے کچھ کہنے کی ضرورت تو نہیں۔" میں نے اہم میں آپ سے درخواست کروں گی کہ سعید کے لئے جانے کا بندوبست کر دیں۔ ٹکٹ اس کے پاس موجود ہی جہاز جلد اس کے لئے کسی فلائیٹ میں سیٹ بک ات کا انتظام ضرور ہونا چاہئے کہ اُسے پریشان نہ کیا جائے۔"

غالباً اسی آدمی کا نام ہے جس کے سامان سے بم برآمد ہوا

اں میں اسی کی بات کر رہی ہوں۔"

نیس ڈائریکٹر کے چہرے سے بے بسی صاف ظاہر ہو رہی تھا کہ سعید کو پکڑ کر اس سے پوچھ گچھ کرے لیکن ظاہر ی وہ صدر مملکت کے احکامات نہیں بھول سکتا تھا۔

پھر صاد کرنا پڑا۔" پھر اس نے کہا۔

نک چاہیں، یہاں رہ سکتی ہیں سائیٹ گیسٹ کی رہائش کا بندوبست کر دیا جائے گا۔"

ا جلد کراچی پہنچنا چاہتی ہوں۔"

ہلی فلائیٹ میں آپ کے لئے جگہ حاصل کر لی جائے گی۔

لیکن میں نے اسٹیٹ گیسٹ ہاؤس کی بجائے راولپنڈی کے ایک صاف ستھرے ہوٹل میں رات گزارنا مناسب سمجھا۔ اس طرح میں اگلے چند گھنٹے آزادی کے ساتھ پنڈی کی سیر کر کے گزارنا چاہتی تھی۔

کیپٹن آفاق سے مجھے چھٹکارا مل گیا تھا اور مجھے یقین تھا کہ اب وہ مستقل نہیں تو کچھ عرصے مضروب مجھ سے دور رہے گا۔ یہ دور سخت ہو جانے سے میں خود کو بڑی حد تک ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی۔ گو کہ ابھی ڈاکٹر فونگ کا مسئلہ طے نہیں ہوا تھا لیکن کراچی سے دوری کی بنا پر میں فی الحال اس کے بارے میں کچھ نہیں کر سکتی تھی۔ مجھے تو یہ بھی نہیں معلوم تھا کہ ڈاکٹر فونگ اب بھی کراچی میں ہو گا یا نہیں!... عین ممکن تھا کہ ٹانگ کٹ جانے کی وجہ سے وہ چند دن کے لئے پاکستان ہی سے چلا گیا ہو۔ اب لے دے کر میں اگر کچھ کر سکتی تھی، تو صرف یہ کہ اس بستی کی طرف دوڑ جہاں سے زیب و زیبہ پیچھے ملی تھی اور اس کی وجہ سے مجھے ڈاکٹر فونگ کی خطرناک تنظیم کا سُراغ ملا تھا۔ اس بستی میں ذبیدہ کی موجودگی کوئی اتفاقی امر نہیں ہو سکتی تھی۔ میں نے اس سلسلے میں بہت سوچا تھا اور جس نتیجے پر پہنچی تھی وہ یہ تھا کہ اس علاقے میں دشمن کی سرگرمیاں خاصی عروج پر ہیں۔ یا تو وہاں ان لوگوں کا ہیڈ کوارٹر تھا یا پھر وہ لوگ کسی خاص وجہ سے وقتی طور پر وہاں جمع ہو گئے تھے اور کسی گہری سازش میں مصروف تھے۔

میں اس بستی میں جا کر صورتِ حال کا جائزہ لے سکتی تھی لیکن فوری طور پر یہ بھی ممکن نہیں تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کام کے لئے پوری توجہ اور تیاری ضروری تھی جبکہ میں کراچی میں سوسن لی کی موجودگی کو نظر انداز نہیں کر سکتی تھی۔

میں اس سلسلے میں پُرسکون تھی کہ سوسن لی کو میرے پیچھے اس طرح لگایا گیا تھا کہ میں اس پر اعتماد کرنے لگوں اور اُسے اپنا خیر خواہ سمجھوں۔ اس سے دشمن کیا فائدہ حاصل کرتا؟ اس کے بارے میں حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا۔ میں صرف اتنا سوچ سکتی تھی کہ شاید سوسن لی کے ذریعے مجھ سے نجات حاصل کرنے کی کوئی اسکیم بنائی جا رہی ہو۔ کسی قسم کا جال ہی ہو سکتا تھا جو میرے گرد پھیلایا جا رہا ہو۔

ذبیدہ کے بارے میں تفتیش کرنے کی بجائے میں دشمن کے اس منصوبے سے واقفیت حاصل کرنا ضروری سمجھتی تھی جس کی ایک کڑی سوسن لی تھی۔ میرا خیال تھا کہ اس طرح میں کوئی ایسی راہ ڈھونڈ لوں گی جو نسبتاً آسان ہو گی اور اس پر چل کر میں بہت جلد دشمن کے سر پر پہنچ جاؤں گی۔

لیکن فی الحال میں ان بکھیڑوں سے بہت دور تھی۔ مجھے چند گھنٹوں کی آزادی حاصل تھی اور میں اس آزادی سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہتی تھی۔

امید تھی کہ ہوٹل میں مجھے کوئی مناسب سی ساتھی مل جائے گی۔

جس کے ساتھ شہر کی سیر کا مزا آجائے گا۔ کسی پارک کی تنہائی فضا میں گھومنے کے لئے تنہائی نہیں بلکہ کسی مخمور آنکھوں والی ساتھی کی ضرورت پڑتی ہے۔ قدیم کے مصنوعی آبشاروں کو دیکھنے کا مزا اس وقت تک کیسے آتا جب تک جذبات کے دھاروں سے کھیلنے والی کوئی شعلہ رُخ ساتھ نہ ہوتی۔ مری کی بلندیوں سے لطف اندوز ہونے کے لئے بھی کسی نازک سڈول اور نشیب و فراز سے مزین ساتھی کا ہونا ضروری تھا۔

یکایک ہوٹل میں مجھے ایک بھی ایسا چہرہ دکھائی نہیں دیا جو میرے ذوق پر پورا اترتا۔

رات کے دس بجے تھے جب میں ہوٹل سے نکلا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی ہوئی ایک طرف چلنے لگی۔ کوئی ساتھی نہ ملنے کی وجہ سے طبیعت بڑی مکدر تھی اور میرا خیال تھا کہ واپسی پر مجھے شراب کے پانچ چھ پیگ پی کر اپنے امنڈتے ہوئے جذبات کو تھپکنا پڑے گا۔

✤

رات ابھی زیادہ نہیں گزری تھی لیکن اس رونق کا کہیں پتہ نہیں تھا جو کراچی کی سڑکوں پر نظر آتی ہے۔ گو کہ راولپنڈی ہمارے بڑے شہروں میں سے ایک ہے لیکن جس طرح کراچی کو روشنیوں کا شہر کہا جاتا ہے اسی طرح میں راولپنڈی کو اندھیروں کی بستی کہتی ہوں۔ صدر کے علاقے سے نکل کر اندرونی حصوں میں جائیے تو تانگوں کا دیس نظر آتا ہے۔ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا تانگہ آپ کے قریب سے گزرتا رہے گا اور گھوڑوں کی ٹاپیں مسلسل سنائی دیتی رہیں گی۔ مجھے تو یوں محسوس ہونے لگتا ہے جیسے گھوڑوں کی ٹاپیں وہاں کی فضا میں رچی بسی ہوئی ہوں۔

لیکن میں اس وقت مال پر تھی جہاں گھوڑوں کو قدم رکھنے کی اجازت نہیں ہے اور یہاں صرف آٹو رکشا اور ٹیکسیاں چلتی ہیں۔ کبھی کبھی کوئی ٹیکسی میرے قریب سے گزرتے ہوئے آہستہ ہو جاتی تھی لیکن جب میری طرف سے کوئی اشارہ نہیں ملتا تھا تو ٹیکسی ڈرائیور مجھے مشکوک انداز میں گھور کر ایکسلریٹر دبا دیتا تھا۔

میں کافی دیر تک مال روڈ پر پھرتی رہی اور اس کے بعد اندرونی علاقوں کی طرف مڑ گئی جہاں نام نہاد قسم کی روشنی تھی۔ رات کا ایک حصہ گزر چکا تھا اس لئے گھوڑوں کی ٹاپیں مسلسل سے سنائی نہیں دے رہی تھیں۔ اکا دکا راہگیر آتے جاتے نظر آرہے تھے۔ ظاہر ہے کہ وہ مجھے مشکوک نگاہوں سے دیکھے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ اس علاقے میں اتنی رات کو ایک تنہا عورت شاید ہی کبھی دکھائی دیتی ہو۔ کبھی کبھی آوارہ گردوں کا کوئی گروہ بھی میرے قریب سے گزر جاتا تھا اور وہ لوگ فحش فقرے ضرور کستے تھے۔ جب مجھے محسوس ہوا کہ میں کسی وقت بھی مشتعل ہو کر کسی سے جھگڑا کر بیٹھوں گی تو میں نے ایک تانگہ روک لیا۔

"کشمیری بازار" میں نے تانگے میں بیٹھتے ہوئے کہا۔

ٹپ ٹپ... ٹپ ٹپ

تانگہ چل پڑا۔

ٹپ ٹپ... ٹپ ٹپ

رات بھیگتی رہی۔

ٹپ ٹپ... ٹپ ٹپ

میری طبیعت کا اضمحلال بڑھتا رہا۔ آج کی رات میری منحوس راتوں میں سے ایک تھی۔ ہوٹل سے نکلنے کا سبب "تکدر کو دور کرنا تھا لیکن تکدر میں کمی کی کوئی صورت ابھی آئی تھی اس کے برخلاف اضافہ ہی ہوتا جا رہا تھا۔

تانگہ جناح روڈ سے گزر رہا تھا جب ایک منظر دیکھ پڑی۔ کچھ فاصلے پر تین افراد ایک گلی میں جھانکتے ہوئے نظر ان کا اس طرح گلی میں جھانکنا ایک مشتبہ حرکت تھی لیکن میری کی وجہ یہ تھی کہ ان میں ایک چینی شخص بھی تھا اور کسی چینی کو چونک پڑنے کا سبب یہ تھا کہ ڈاکٹر ٹونگ کی شخصیت سے چپکی ہوئی تھی۔

تانگہ ان تینوں کے قریب سے گزر گیا لیکن وہ گلی متوجہ رہے۔ ان میں سے ایک شخص مقامی لباس میں تھا گرتہ اور واسکٹ، دوسرا آدمی بھی مقامی ہی تھا لیکن اس کا لباس پہن رکھا تھا جو ہمارے "شرفا" کا لباس بن چکا تھا۔ اس یادگار کو ہم نے شاید اسی لئے اپنے سینے سے لگا رکھا ہے برے وقت کو بھول نہ سکیں۔

جیسے جیسے تانگہ ان تینوں سے دور ہوتا جا رہا تھا میری بے چینی بڑھتی جا رہی تھی۔ آخر تجسس سے رہا نہ گیا اور والے سے روکنے کے لئے کہا۔ تانگہ رُکتے رُکتے بھی میں نے پانچ کا نوٹ نکال لیا تھا۔ تانگہ رُکتے ہی میں اتر پڑی اور پانچ کا نوٹ لے کر واپسی کے لئے مُڑ گئی۔

جناح روڈ، بانی ٹھٹھک کی سڑک تقریباً اندھیری تھی۔ میں عمارتوں کی دیواروں کے سائے سائے چلتی ہوئی پہنچ گئی جہاں میں نے ان تینوں کو دیکھا تھا۔ اب وہ تینوں نہیں دیئے تھے میں نے مایوسانہ انداز میں ایک طویل سانس وہاں سے چل پڑنے کا ارادہ کر ہی رہی تھی کہ مجھے اس گلی جس میں وہ تینوں جھانک رہے تھے۔ کچھ سوچ کر میں داخل ہوئی اور آگے بڑھتی چلی گئی۔ گلی زیادہ لمبی نہیں کے دوسرے سرے پر ایک تانگہ کھڑا ہوا نظر آرہا تھا۔

گلی میں دائیں بائیں وہ چار گلیاں اور کھلتی تھیں

دفعتاً مجھے ایک گھٹی گھٹی سی چیخ سنائی دی۔ میں پڑی جس جگہ تھے وہیں جم کر رہ گئے۔ چیخ سے مجھے کچھ ایسا لگا جیسے چیخنے والے کا منہ دبا دیا گیا ہو۔

میں نے مضطرب اور متجسس نظروں سے ادھر اُدھر دیکھا لیکن نہیں آیا۔ یہ بات طے تھی کہ قرب و جوار میں کہیں کوئی خطرناک ہو رہا تھا اور کسی خطرناک کھیل کی قربت کے احساس سے میرے ن میں تیزی آتی ہی چلی جا رہی تھی۔

میں چند قدم آگے بڑھی کہ دائیں طرف کی پتلی سی گلی میں جھانک مر جھانکتے ہی میرے اندیشے کی تصدیق ہو گئی۔ کچھ دور ایک مکان انے پر چھوٹا سا بلب جل رہا تھا اور اس کی مدھم سی روشنی میں اس آدمیوں کو دیکھا جا سکتی تھی۔ یہ وہی تینوں تھے جن میں سے ایک وہ ایک لڑکی کو کھینچتے لیے چلے آرہے تھے۔ ان کا رُخ اسی طرف ہی کھڑی ہوئی تھی۔ لڑکی کا بس اس کے دیہاتی ہونے کی اتنا تھا۔ وہ لاچے اور گرتے میں ملبوس تھی۔

ذرا غور سے دیکھا کہ میرے خون کی حدت بڑھ گئی لیکن میں نے آگے ماشوں کو للکارنے کی بجائے وہیں رُک کر ان کا انتظار سمجھا۔ گلی کے سرے پر کھڑے ہوئے خالی تانگے کا مقصد میری کا تھا۔ وہ تینوں اس لڑکی کو اسی تانگے میں وہاں سے

افراد ہونے والی کا چہرہ تو میں نہیں دیکھ سکی تھی لیکن اس کے اندازہ ضرور ہوا تھا کہ وہ اٹھارہ بیس سال سے زیادہ کی

ہی وہ لوگ اُسے گھسیٹتے ہوئے گلی کے سرے پر لائے میں برق کی طرح لہرا گئی۔ کسی کے جبڑے پر گھونسہ پڑا، کسی کے پڑی اور کسی نے کھڑے ہاتھ کی ضرب سے اپنی کمر کو دوہرا لیا۔ یہ عمل بھرپور پہنچنے کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کے لئے غیر اس لئے وہ بوکھلا گئے اور مجھے ان کی مزاحمت کرنے کا خاطر اس مزاحمت کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ لڑکی ان کی گرفت کامیاب ہو گئی اور آزادی کی فضا ملتے ہی اس کے منہ سے نکل پڑا۔ وہ پنجابی زبان میں ان تینوں کو بُرا بھلا کہہ رہی تھی۔ میں نے گرفت کی مخصوص آواز سنی لیکن اندھیرے میں یہ کہ چاقو کس نے نکالا تھا۔

ہٹ جاؤ لڑکی!" میں نے تقریباً چیختے ہوئے کہا۔ "ان چاقو نکالا ہے۔"

"رہن جی!" میں نے لڑکی کا جواب سنا۔ "چاقو تو میں نے نکالا ہے۔" ان ہو گئی۔ لڑکی کے پاس گرفت دار چاقو کی موجودگی کا یں کر سکتی تھی۔

وہ تینوں بھاگ نکلے۔ خدا جانے وہ چاقو سے ڈر گئے تھے ے جانے کا خوف پیدا ہو گیا تھا کیونکہ بعض عمارتوں کی کی نیلی گلی میں ہونے والی دھما چوکڑی کی آوازیں یکینوں پہنچ گئی تھیں۔

لڑکی ان تینوں کو للکارتی ہوئی ان کی طرف جھپٹی تھی لیکن یکایک میں نے اس کا بازو پکڑ لیا۔ "جانے دو! میں نے کہا۔ "تمہاری بہادری نے مجھے خوش کیا ہے لیکن احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ جھگڑے کو طول نہ دیا جائے ہتھیار ان لوگوں کے پاس بھی ہو سکتے ہیں۔ انہیں ان ہتھیاروں کے استعمال پر مجبور نہ کرنا ہی بہتر ہے۔"

وہ تینوں تانگے پر جا چڑھے تھے اور تانگہ حرکت میں آگیا تھا۔ اندھیرے میں گھوڑے کی ٹاپیں اور ہچکیوں کی چرچراہٹ گونج اٹھی تھی۔

"بھاگ نکلے کمبخت۔" میری اجنبی ساتھی کے لہجے میں تاسف کی لہریں تھیں۔

"پرواہ مت کرو۔ تم بچ گئیں، یہی کافی ہے۔" میں نے اس کا ہاتھ تھام کر تھپکتے ہوئے کہا۔

"کمبختوں نے بے خبری میں چھاپ لیا تھا ورنہ مجھے آپ کی مدد کی ضرورت نہیں پڑتی۔" وہ غراتی ہوئی بولی۔ "ہاتھ میں گراری آجائے تو ان جیسے چھ مرد بھی میرا بدن نہیں چھو سکتے۔" لڑکی کے لہجے میں تفاخر آگیا۔

اس کے ہاتھ میں زندگی کی بھرپور حرارت تھی اور وہ قد بے سخت ہونے کے باوجود بھی گداز محسوس ہو رہا تھا۔ لہجے میں بھی خاصی گرمی تھی اور اس کی لن ترانی کا انداز میرے جی کو بھا گیا تھا۔

گلی میں کھلنے والے کئی دروازے چرچرائے اور کچھ لوگ باہر نکلتے دکھائی دیئے۔

"اب کھسک لو یہاں سے۔" میں لڑکی کا ہاتھ دباتی ہوئی بولی۔ "ہمدردوں کا طوفان آنے والا ہے۔"

"ٹھیک ہے بہن جی!" وہ ہنس پڑی۔

ایسے موقعوں پر لوگوں کے استفسار سے جان چھڑانا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس لئے میں جلد از جلد یہاں سے نکل جانا چاہتی تھی لیکن ہمارے نکلنے سے پہلے ایک صاحب قریب آہی گئے۔ میں نے انہیں تسلی دے دی کہ چند غنڈوں نے ہمیں چھیڑا تھا لیکن شور سے گھبرا کر بھاگ نکلے۔

اس جواب کے بعد مزید کسی استفسار کی گنجائش نہیں تھی۔

چند افراد نے پیش کش کی کہ وہ ہمیں ہمارے گھروں تک پہنچا آئیں گے لیکن میں نے نرمی سے ان کی درخواستوں کو رد کر دیا۔

کھڑکیاں اور دروازے کھلنے سے گلی میں خاصی روشنی ہو گئی تھی اور اس روشنی میں اپنی نئی ساتھی کو دیکھ کر میری باچھیں کھل گئی تھیں۔ وہ خاصی تنومند تھی لیکن پھیلاؤ اتنا نہیں تھا کہ جسم کا تناسب بگڑ جاتا۔ کمر پتلی ہونے کی وجہ سے وہ بیحد جنسی کشش کی حامل بن گئی تھی۔ چہرے کے نقوش بھی مرمٹنے کی راہ ہموار کرنے پر قادر تھے اور کھلتی ہوئی رنگت کسی بھی تشنہ چشم کو آسودہ کر سکتی تھی۔

میں اس کا ہاتھ تھامے ہوئے اس گلی سے نکل آئی اور مکانوں کے دروازے بند ہونے لگے۔

میں روہانسی ہو کر میں نے اس سے کہا۔ "تم تو خاصی خوبصورت ہو۔"

میں اس سے کہنا چاہتی تھی کہ اتنی خوبصورت لڑکیوں کو اتنی رات گئے اپنے گھروں سے نہیں نکلنا چاہئے لیکن وہ میری بات سننے سے پہلے ہی بول پڑی۔

"آپ بھی کسی سے کم تو نہیں ہیں۔ جس مرد کے ہتھے چڑھیں گی وہ اپنی قسمت پر ناز کرے گا۔"

مجھے اس کی بیباکی پر حیرت نہیں ہوئی۔ جرائم کی پیشہ پاس بیٹھا تو رکھتی ہوگا اس سے ایسی ہی باتوں کی توقع کی جاسکتی ہے۔

"کسی مرد کی مجال نہیں کہ مجھے چھونے کا تصور کر سکے۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

"کب تک بچیں گی آپ!" وہ بھی مسکرائی۔ "ایک نہ ایک روز ماں باپ کسی کے پلے باندھ ہی دیں گے۔"

"ماں باپ اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں لہٰذا میں ایسے کسی خطرے سے دوچار نہیں ہو سکتی۔" میں نے جواب دیا اور پھر بولی۔ "تمہارا گھر کہاں ہے؟"

"میرا گھر تو شاید اب کہیں بھی نہیں ہے۔" وہ اچانک افسردہ ہو گئی۔

"کیا مطلب؟" مجھے حیرت ہوئی تھی۔

"گھر تو اسی کو کہتے ہیں ناجہاں اپنا کوئی ہو۔" اس کے لہجے کی سوگواری بڑھ گئی۔

"تم کچھ دکھی معلوم ہوتی ہو۔" میں نے قدرے توقف سے کہا۔

وہ ایک ٹھنڈی سانس لے کر رہ گئی۔ اندرونی غم کا چشمہ اس کے چہرے سے ابلنے لگا تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ ہمدردی کے چند الفاظ سنتے ہی وہ رو پڑے گی۔ اس کا یہ روپ مجھے بڑا اجنبی اجنبی سا لگا۔ چند لمحے پہلے وہ کتنی بیباک اور تیز و طرار نظر آرہی تھی!

"اگر تمہیں مجھ پر بھروسہ ہو تو میرے ساتھ چلو۔" میں نے ہمدردی سے اس کا ہاتھ سہلاتے ہوئے کہا۔ "ہم اطمینان سے بیٹھ کر باتیں کریں گے۔"

"چلئے!" وہ آہستہ سے بولی۔ "میں آپ پر بھروسہ کیوں نہیں کروں گی؟ آپ نے تو میرے لئے اپنے آپ کو خطرے میں ڈال دیا تھا۔"

میں نے ایک تانگہ روکا اور جب ہم دونوں کے بیٹھنے کے بعد تانگہ چل پڑا تو میں لڑکی سے بولی۔ "تم نے اپنا نام ابھی تک نہیں بتایا۔"

"ریشماں۔"

"خوب!" میں مسکرائی۔ "ریشمی لڑکیوں پر یہ نام خوب سجتا ہے۔"

میرے اس فقرے پر وہ بھی مسکرائی لیکن مسکراہٹ کچھ پھیکی پھیکی سی تھی جب میں اسے لے کر ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی تو وہ حیرت سے بولی۔ "کیا آپ کا کوئی گھر نہیں ہے؟"

"کراچی میں تو نہیں ہے۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "میں پردیسی ہوں۔"

"کراچی سے؟"

"ہانگ۔" اس نے بیساختہ کہا۔ "میں نے کراچی کے بہت قصے سنے ہیں مجھے تو یوں لگتا ہے جیسے وہ پریوں کا دیس ہو۔"

لیکن تم جیسی ملیح پریاں وہاں بہت کم ہوتی ہیں۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "اگر تم نے پسند کیا تو میں تمہیں وہاں لے چلوں گی۔"

اپنے کمرے میں پہنچ کر میں نے دروازہ اندر سے بند کر لیا۔ ریشماں ایک ایک چیز کو بڑی حیرت سے دیکھ رہی تھی۔ زندگی میں پہلی مرتبہ ایک شاندار ہوٹل کے کمرے میں قدم رکھنا تھا۔ زندگی میں کبھی وہ ان تکلفات سے آشنا نہیں ہو سکی ہوگی۔ وہ نرم بستر پر بیٹھی تو ایک بار اچھل ہی پڑی لیکن پھر اس نے اپنی ہلکی پالیا۔ جب وہ جم کر بیٹھ گئی تو میں نے اس سے کہا۔ "تم نے کچھ کہا ہے یا نہیں؟"

"اگر ایک وقت کچھ نہ کھایا جائے تو کیا فرق پڑتا ہے۔"

"تکلف برت رہی ہو!" میں نے ہنس کر کہا اور ٹیلیفون کا کردم سروس کو کال کیا۔ کھانے کا آرڈر دینے کے بعد میں نے کہ وہ منہ ہاتھ دھو ڈالے۔ میں نے اسے اشارے سے غسلخانے دکھا دیا تھا۔ وہ اپنا اٹیچی سنبھالتی ہوئی غسلخانے کی طرف بڑھ کے کولہوں کی لرزش دیکھ کر میرے دل میں گدگدی سی ہونے لگی

جب وہ منہ ہاتھ دھو کر غسلخانے سے نکلی تو اسی وقت آیا۔ ہم دونوں آمنے سامنے بیٹھ گئے اور کھانے کے دوران میں اپنے بارے میں سب کچھ تفصیل سے بتا دیا۔

ریشماں کا گھرانہ کوہاٹ کی بستی میں تھا۔ وہاں وہ اپنے ماں کے ساتھ رہا کرتی تھی۔ باپ کے پاس خاصی زمین تھی جس سے اچھے دن گزار رہے تھے۔ ریشماں نے آٹھویں جماعت تک بھائی نے زراعت کی تعلیم حاصل کی تھی۔

"میرے ابا کے ایک پٹھان کے دوست ہیں۔" ریشماں کہہ نے تجارت میں مکمل نقصان اٹھایا تو مدد کے لئے میرے ابا کے ان دنوں فصلیں اچھی نہیں ہوئی تھیں اور دو تین سال پہلے ابا کی کچھ زمینیں بھی گروی تھیں اس لئے نقدی کی صورت میں بھی نہیں تھا۔ وہ پریشان ہو گئے کیونکہ دوست سے انکار تھے۔ آخر انہوں نے اپنی زمینوں کا کچھ حصہ لیز کے طور رکھ کر رقم حاصل کی اور اپنے دوست کو دے دی لیکن اس رقم کا کام نہیں چل سکا۔ چند روز بعد انہوں نے ابا سے مزید رقم کا

"اور تمہارے ابا نے باقی زمین بھی گروی رکھ دی۔" میں

"اس کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ گروی رکھی ہوئی زمین قرض مل جانا چاہئے تھا لیکن جاگیردار شوکت بڑا کمینہ ہے۔ اس نے لئے بائیس تیئس مرتبہ دھمکی دے کر اصرار کیا۔ بت سا ہی رقم کی ادائیگی کا یقین دلایا تھا۔ اس لئے ابا نے کچھ زیا وہ دوستی کا بھرم رکھنا چاہتے تھے۔ انہوں نے جاگیردار سے تم کے حوالے کر دی۔

"اور بڑے صاحب وہ رقم کھا گئے۔"

ریشماں نے آخری نوالہ منہ میں رکھا اور اسے تھوڑا

صاحب کا کاروبار شہر میں تھا۔ وہ ابا کو خطوط بھیجتے رہتے تھے۔ اسلئے کا سلسلہ بند ہو گیا۔ پھر اس وقت ابا کو بہت فکر ہوئی شوکت نے پیسوں کا مطالبہ شروع کر دیا۔ کچھ زمینیں بیچ کر سکتا تھا لیکن کاغذات شوکت کے قبضے میں تھے۔ کاغذات اس نہیں تھا۔ بڑی مشکلوں سے دو تین ایسے گاہک مل بھی گئے میں کاغذات ملنے کی یقین دہانی پر رقم کی ادائیگی کا وعدہ کر لیا وہ لوٹے ہی نہیں۔ ابا خود ان کے پاس گئے تو انہوں نے کوئی نہ ل گزر زمینیں خریدنے سے معذوری ظاہر کر دی۔"

اور شوکت کی شرارت؟"

اس خیال تھا۔" ریشماں نے سر ہلا کر کہا۔ "ایک دن انہوں صاف لفظوں میں یہ بات کہی تھی کہ جاگیردار شوکت ہر جائز یا ناجائز کر کے ہماری زمینوں پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔ ہماری بستی جاگیردار شوکت کو پسند نہیں کرتا لیکن اس کی غنڈہ گردی کے سے دبے رہتے ہیں۔ ہماری زمینوں کے گاہکوں کو بھی اس اس موٹے سے منحرف کیا ہوگا۔"

معاملے سے فارغ ہو چکے تھے۔ میں نے بیرے کو بلا کر میز صاف چائے لانے کے لئے کہا پھر میں اور ریشماں ہاتھ دھو کر لیے قریب قریب بیٹھ گئے۔ ریشماں نے اپنی داستان آگے بڑھا گرا کو یہاں پنڈی شہر آنا پڑا۔ وہ اپنے ایک دوست سے تم تھے اور معاملہ چونکہ بہت بڑی رقم کا نہیں تھا اس لئے ت سے انکار کی توقع نہیں تھی۔"

ے انکار کر دیا!"

ریشماں کی آواز بھرا گئی۔ "ابا یہاں سے زندہ نہیں لوٹے لوگوں تھی۔ کسی کار سے ان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔"

ذہن کو جھٹکا سا لگا تھا اور میں فوری طور پر فیصلہ نہیں ہاں سے کس انداز میں تعزیت کروں۔

لمحے کے بعد ریشماں بولی۔ "میں اور میرا بھائی تو یہی سمجھ دوست تک پہنچ ہی نہ سکے ہوں گے لیکن دو روز بعد ابا کا تو پتہ چلا۔ انہوں نے مطلوبہ رقم کی فراہمی کے اپنے دوست کے سامنے ہی وہ رقم جاگیردار شوکت لی تھی اور زمین کے کاغذات بھی حاصل کر لئے تھے۔"

میرے منہ سے بے ساختہ نکلا۔

ہی چ کھنکی۔ اگر ریشماں کے باپ نے اپنی جائداد لیے میں کر لیا تھا تو پھر ریشماں پر کیا مصیبت ٹوٹ پڑی اں چھوڑ کر پنڈی آنا پڑا تھا۔ کیا جاگیردار شوکت نے ہر ڈالی تھی؟

اگر اسی مٹھی تالیں کو تکتی رہی۔

قدرے توقف سے میں نے پوچھا۔ "کیا ابا کے انتقال پر کاغذات ان کے پاس سے برآمد نہیں ہوئے تھے؟"

"نہیں۔" ریشماں نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔

"نہیں پنڈی کیوں آنا پڑ گیا؟"

"دراصل ابا کے مرتے ہی جاگیردار نے بڑی سختی سے پیسوں کا مطالبہ کیا تھا۔ ہم سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ ابا اس کا قرض تار چکے ہیں۔ ... دوست کا خط ملا تو جاگیردار شوکت کی بے ایمانی سامنے آئی اور۔..."

"ٹھہرو!" میں غور کرتی ہوئی بولی۔ "اگر تمہارے ابا نے اپنے دوست کے سامنے شوکت کو رقم ادا کی تھی تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ شوکت بھی تمہارے ابا کے ساتھ پنڈی آیا تھا۔ دوسری صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ انہیں پنڈی میں مل گیا ہو۔ ہر دو صورتوں میں یہ سوچا جا سکتا ہے کہ تمہارے ابا کی موت میں شاید شوکت ہی کا ہاتھ ہو۔ کیا اس کے پاس کار ہے؟"

"ہے تو۔" ریشماں نے جواب دیا۔ "اور اسی شبہے کی بنا پر کل میرا بھائی جاگیردار شوکت کے پاس گیا تھا۔ میں نے اسے روکنے کی بہت کوشش کی لیکن ابا کے دوست کا خط ملنے کے باعث وہ بیحد مشتعل ہو گیا تھا۔ اس نے میری بات نہیں مانی اور جاگیردار شوکت سے ملنے چلا گیا۔ کچھ دیر بعد میں نے گولی چلنے کی آواز سنی اور اس کے تھوڑی دیر بعد ہی جاگیردار شوکت اپنا پستول سے بندھا ہوا ہاتھ لے کر ہمارے گھر آیا۔ وہ میرے بھائی پر یہ الزام لگا رہا تھا کہ وہ اسے زخمی کر کے اور اس کی تجوری صاف کر کے بھاگ نکلا ہے۔ اس نے مجھ سے کہا کہ اگر کوئی ہوئی رقم فوراً واپس نہ کی گئی تو وہ تھانے میں رپورٹ لکھوا دے گا اور میرا بھائی [illegible]

"کیا واقعی ایسا ہوا ہوگا؟ یعنی کیا تمہارا بھائی اسے لوٹ کر بھاگ سکتا ہے؟"

"ہرگز نہیں۔" ریشماں نے پرجوش لہجے میں کہا۔ "میرا بھائی مجھے تنہا چھوڑ کر نہیں جا سکتا۔" شدت جذبات سے ریشماں کا جسم لرز اٹھا اور وہ سسکیوں کے ساتھ رونے لگی۔

میں نے اس کے قریب ہو کر نرمی آمیز انداز میں اس کا شانہ تھپکا تو وہ بالکل ہی بے قابو ہو گئی اور میرے سینے میں منہ چھپا کر رونے لگی۔

"روؤ نہیں جان!" میں اس کی پیٹھ تھپکنے لگی۔ "تم ایک بہادر لڑکی ہو۔ ایسی لڑکیوں کو رونا زیب نہیں دیتا۔"

"مجھے ڈر ہے..... اس کمینے نے..... میرے بھائی کو... قتل نہ کر دیا ہو۔" وہ ہچکیاں لیتی ہوئی بولی۔

"نہیں شوکت اسے قتل نہیں کر سکتا۔ وہ اس کی قید میں ہوگا۔ جب تک شوکت کو یقین نہ ہو جائے کہ تمہارے بھائی کی زندگی سے اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا وہ اسے زندہ ہی رکھے گا۔ مجھے یقین ہے کہ تمہارا بھائی اس کی قید میں ہوگا۔" یہ سب کچھ میں نے کہہ تو دیا لیکن مجھے

خود بھی ان باتوں پر یقین نہیں تھا۔

"دو کے سے ..... میرے بھائی کی زندگی ..... زندگی سے ..... کیا فائدہ ..... پہنچ سکتا ہے؟"

"شوکت کی نظریں تمہاری زمینوں پر ہیں اور اب صرف تم ہی اس کی راہ کا کانٹا ہو۔ کسی وقت بھی وہ تم پر وار ڈالنے کے لئے تمہارے بھائی کو استعمال کر سکتا ہے۔"

"وہ کیسے؟"

"اپنے بھائی کی تکلیفوں کا حال سن کر کیا تم تڑپ نہیں اٹھو گی؟ یہ داؤ ڈال کر وہ تم کو بہت سی باتوں پر مجبور کر سکتا ہے۔"

میرا لطیفہ مستدلال معلوم ہوتا تھا کہ بات ریشماں کی سمجھ میں آ گئی اور آہستہ آہستہ وہ پھر معمول پر آتی چلی گئی۔ اسی دوران میں بیرا چائے لے آیا۔ گرم گرم چائے کے گھونٹ لے کر ریشماں کی حالت مزید بہتر ہو گئی۔ وہ کچھ سوچنے لگی تھی۔ تذبذب کے بعد وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

"اگر اس نے میرے بھائی پر تشدد کیا تو میں چاقو اس کے پیٹ میں اتار دوں گی۔"

"گڈ!" میں نے اسے تعریفی نظروں سے دیکھا۔ یہ دیکھ کر مجھے واقعی مسرت کا احساس ہوا تھا کہ ریشماں کی کچھ دیر پہلے والی بیباکی اور تیزو طراری واپس لوٹ رہی تھی۔

"تم بے انتہا خلوص میں گھری ہوئی ہو۔" میں نے ذرا دیر بعد سنجیدگی سے کہا۔ "تم سے زمینیں حاصل کرنے کے بعد بھی وہ پگلا نہیں بیٹھ سکتا۔ تم کسی وقت بھی اس کے لئے طوفان کھڑا کر سکتی ہو اس لئے وہ تم دونوں کو ختم ہی کر دینا چاہے گا۔ ہاں ایک صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ تمہیں اعتماد میں لینے کی کوشش کرے یا کسی طرح تمہیں مجبور کر دے کہ تم اس کے ساتھ ہو جاؤ۔"

"وہ مجھے کسی طرح بھی ایسا کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔" ریشماں بڑے جوش سے بولی۔ "میں اس کے منہ پر تھوک دوں گی۔"

"ویری گڈ ..... ویری ویری میری جان!..... جوش میں آنے کی بجائے تحمل دماغ کے ساتھ حالات و امکانات کا جائزہ لینا چاہیئے۔" میں نے اس کا گال تھپتھپاتے ہوئے کہا۔ "اگر شوکت ولیسا ہی ہے جیسا میں اس کے بارے میں قیاس کر سکتی ہوں تو اس کی نظر تمہاری زمینوں ہی پر نہیں بلکہ تم پر بھی ہو گی۔ تم اتنی خوبصورت ہو کہ کوئی مرد تمہاری خواہش کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ شوکت تو یقیناً بہت عیاش آدمی ہو گا۔ وہ تم سے شادی کی خواہش کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔"

"آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔" ریشماں نے آہستہ سے کہا۔ اس نے کسی کے ذریعے مجھ تک یہ تجویز پہنچانی بھی تھی کہ میں اس سے شادی کر لوں۔ اس نے خیال ظاہر کیا تھا کہ اس طرح سارے جھگڑے مٹ جائیں گے۔

"پھر تم نے کیا جواب دیا تھا؟"

"پیغام لانے والے کو جھاڑنے کے سوا کیا کر سکتی تھی۔ وہ تنا ذلیل اور کمینہ آدمی ہے کہ گاؤں والے اپنی بہو بیٹیوں کو گھروں میں نہ رکھتے ہیں۔ شادی تو زندگی بھر کا سودا ہے جبکہ میں اس کے لمحہ بھی نہیں گزار سکتی۔"

"تمہاری بات سو فیصد درست ہے۔ شادی ایک ایسا ہے جس میں عورت ہمیشہ گھاٹے میں رہتی ہے۔"

"لیکن یہ پہاڑ سی زندگی تنہا بھی تو نہیں کٹ سکتی۔"

"کون کہتا ہے کہ تنہا رہو۔ صرف مردہی تنہائی دور کرنے کا نہیں ہیں۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی۔" ریشماں نے پلکیں جھپکا کر میری طرف دیکھا لیکن میری تیز نظروں کو محسوس کر کے جھینپ گئی۔ وہ مجھ سے اتنی قریب بیٹھی ہوئی تھی کہ اس کے بدن کی مسامات کو بھی محسوس ہو رہی تھیں۔ میں نے اس کی گردن میں دی اور اسے اتنا قریب کر لیا کہ میرے ہونٹ اس کے عارض سکیں۔ لب و رخسار کی اس گستاخی سے ریشماں کے چہرے پر سنسنی پڑنے لگی اور میرے بدن میں جیسے ستارے ٹوٹنے لگے۔

"ریشی!" میں نے سرگوشی کی۔

"جی۔" اس نے آہستہ سے کہا۔

"مردوں کے پیار پر بھروسہ کر کے کتنی عورتوں نے ..... ضرور دی ہے کہ مردوں ہی سے پیار کیا جائے۔"

"جی۔" ریشماں کی سانسیں تیز ہونے لگیں اور شباب موج اُمنڈنے لگا۔ میرے ہاتھ اس اُمنڈتے ہوئے طوفان سے ریشماں نے آہستہ سے اپنا ہاتھ میرے ہاتھ پر رکھ دیا۔

میں نے اس کے کان کی لو کو آہستگی سے کاٹا تو وہ ہیبت سسکاری لے کر رہ گئی۔

"ریشی!" میں نے سرگوشی کی۔ "اگر تم جاگیردار شوکت سے لو تو تمہاری مصیبت ختم نہیں ہو جائے گی۔ تم پر قبضہ جمانے بھائی سے نپٹنا اس کے لئے بہت آسان ہو جائے گا۔"

سب کچھ دیکھتی رہو گی اور کچھ نہ کر سکو گی۔"

"لیکن موجودہ حالات میں بھی کیا کر سکتی ہوں؟"

"میرے ہوتے ہوئے تم اپنے آپ کو بے بس نہ سمجھو۔ حاصل کرنا تمہارے لئے کوئی دشوار کام نہیں۔ اپنے ابا کے گواہی دلوا کر تم کسی اچھے وکیل کی مدد سے مقدمہ جیت سکتی ہو۔ سے بھی جاگیرداری کی ساری بدمعاشی نکلوائی جا سکتی ہے۔"

"پلیز۔" ریشماں نے زہر خند کیا۔ "علاقے کا شوکت کا بے دام غلام ہے۔ شاید میں آپ کو بتانا بھول گئی علاقے کی بی ڈی کمیٹی کا چیئرمین بھی ہے۔ اپنے علاقے سے پہنچ دور تک ہے۔"

وہاں کے اس انکشاف پر مجھے واقعی اس معاملے کی ہو گیا۔ ریشماں کی مظلومیت مسلم تھی اور ظالم اتنا طاقتور تھی کی طرح بپھر بپھر تو سکتی تھی لیکن کچھ کر گزرنا تھا اسے واقعی کسی طاقتور ساتھی کی ضرورت ستون بن جانا چاہئے تھا لیکن میرے ساتھ مشکل واپس کراچی پہنچا تھا۔ میں ڈاکٹر فونگ کے معاملے تم ہی تھی۔ اس ملک گیر معاملے کو نظر انداز کرنا ممکن ذہن میں ایک خلش یہ بھی پیدا ہو گئی تھی کہ ریشماں ہاں آدمیوں میں ایک جیتی شخص کیوں تھا؟

ہن میں بھڑکتا ہوا یہ سوال ریشماں کے کانوں میں تار دیا۔ ہے میں کچھ نہیں جانتی۔" ریشماں نے جواب دیا۔ کے آدمیوں میں اسے کبھی نہیں دیکھا تھا لیکن دو سننے میں ضرور آئی تھی کہ اس کی حویلی میں کچھ پیتی

لہجے میں تفکر کی آمیزش تھی۔

گاؤں کے جاگیردار کی حویلی میں چینی مہمانوں کا لگن اس بات کا تو میں تصور بھی نہیں کر سکتی تھی کہ اس سے کوئی تعلق ہو سکتا ہے۔

غور کرنے کا زیادہ موقع نہیں مل سکا کیونکہ میرے اور ریشماں کے لمس کی شرارتیں جذبات بھڑکا چکی تھیں۔ آن کھلے ہوئے پھولوں کی سرخی، ادے بن کر سما گئی تھی اور ادھر میرا جسم بھی کسی ح سنسنانے لگا تھا۔

میں نے سرگوشی کی۔ "یہ رات کچھ کہہ رہی ہے۔" آواز بہت دھیمی تھی۔

ہوں!"

ریشماں کو اپنے ہاتھوں پر سہار لیا۔ اسے یوں مات بڑھی تو میرے قدم اس کے بوجھ سے منہ گ گیا تھا۔ میں اسے لئے ہوئے بستر کی ہوں یہ ست جاں ہوں اور ساحل تک مضطرب ہوں۔

اس کے ہاتھوں نے ہزار دیے سے پرکھا معائنہ کی کوشش کی۔ ہماری ان کوششوں ہاں کو ہم دیا۔ ساری فضا سنسناتی محسوس اس پھنکار رہے تھے اور ان کی سرخ سرخ رہی تھیں۔ ریشماں کا لاچا اور میرا لباس

دوری سے یہ تماشہ عجب دیکھ رہا تھا۔

تماشے کے فریقوں کا جوش و خروش بڑھتا رہا اور وہ آپس میں لب و رخسار کی داد پاتے ہوئے اس منزل تک پہنچ گئے جہاں انتہائے جذبات کی حکمرانی کا زوال شروع ہوتا ہے۔

عروج و زوال کا یہ تماشہ جب اپنی ابتدا سے انتہا کو پہنچا تو بھیگی ہوئی رات ٹھنڈھال محسوس ہونے لگی اور سانسوں کی ناہمواری تبدیل سناٹے میں مدغم ہوتی چلی گئی۔

"ریشو!" میں نے اسے دھیمے سے پکارا۔

"جی۔" وہ گویا اب بھی بہت دور سے بول رہی تھی اس کی آنکھیں بند تھیں کیونکہ کمرے کی روشنی کے باعث اس کے جواب کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔ میں نے اس کی کیفیت کو محسوس کیا تو چادر اٹھا کر اس پر ڈال دی۔

"رشوارات تو خاصی بیت چکی ہے۔"

"جی۔"

"لیکن آنکھوں میں نیند کا اب تک پتہ نہیں ہے۔"

"جی۔" وہ اب بھی بس یہی ایک لفظ بول سکی۔

میں نے آہستگی سے اس کا رُخ اپنی طرف کر لیا اور اس کے دہن کی پنکھڑیوں کو چومتی ہوئی بولی۔ "اب آنکھیں تو کھول دو عروس!"

میری اس بات سے اس کے چہرے پر شرم کی ایک اور تہہ چڑھ گئی۔ اس نے بے اختیار اپنا چہرہ میرے بازو کے نیچے چھپا لینا چاہا تو میں ہنس پڑا۔

"کیا اب زندگی بھر اسی طرح شرماتی رہو گی؟"

"آپ بڑی وہ ہیں، ہاں۔" وہ کچھ اس انداز میں بولی کہ اس کی یہ ادا میرے جی کو بھا گئی۔ میں نے اسے ایک دم اپنے سینے سے لگا کر بھینچ ڈالا پھر اچانک میں نے اسے سینے سے لگا کر۔

"ارے ہاں! تم نے ایک بات تو بتائی ہی نہیں۔ میں نے سوال تو شاید کیا تھا لیکن بات دوسری طرف نکل گئی تھی۔ تم نے ابھی تک مجھے یہ نہیں بتایا کہ تم اتنی رات کو راولپنڈی کی تاریک گلیوں میں کہاں بھٹکتی پھر رہی تھیں..... کیا تمہیں اپنے ابا کے اسی دوست کی تلاش تھی جس نے....."

"جی ہاں، آپ ٹھیک سمجھے ہیں۔" اس نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔ میں انہی کے گھر گئی تھی لیکن ملاقات نہیں ہو سکی۔ خواجہ صاحب گھر پر نہیں تھے۔ وہ تنہا رہتے ہیں اس لئے کسی سے یہ بھی نہیں معلوم ہو سکا کہ وہ کہاں گئے ہیں۔ کافی انتظار کے بعد میں وہاں سے یہ سوچ کر پلٹی کہ شاید آج رات انہیں واپس آنا ہی نہ ہو۔"

"اور پھر تم ان بدمعاشوں کے ہتھے چڑھ گئیں؟"

"جی۔"

پھر میں نے کوئی سوال نہیں کیا اور اس کی زندگی کے پیچیدہ حالات پر غور کرنے لگا۔ ریشماں ایک ایسے مقام پر کھڑی تھی جہاں اس کے

گرد کہانیاں ہی کہانیاں تھیں اور وہ اپنا توازن قائم رکھنے میں کامیاب نہیں ہو سکتی تھی۔ اگر اسے کسی کا سہارا نہ ملتا تو وہ کسی نہ کسی گہری کھائی میں جا گرتی۔

میں شدید کشمکش سے دوچار ہو گئی۔ ریشماں کو حالات کے اس بے رحم دھارے پر چھوڑ دینا میرے لئے ناممکن تھا لیکن میری کراچی واپسی بھی اشد ضروری تھی۔ خاصی ادھیڑ بن کے بعد مجھے یہ فیصلہ کرنا پڑا کہ میں اپنی کراچی واپسی کو دو ایک روز کے لئے ملتوی کر دوں۔ ڈاکٹر زونگ کا معاملہ ایسا تھا جس سے میں دو روز بعد بھی نپٹ سکتی تھی لیکن ریشماں کا معاملہ ایسا تھا جو دو گھنٹے میں بھی اس طرح بگڑ سکتا تھا کہ پھر اسے کسی طرح بھی نہ سنبھالا جا سکتا۔

یہ فیصلہ کرنے کے بعد مجھے بڑا سکون محسوس ہوا۔ ایک بوجھ تھا جو میرے سر سے ہٹ گیا اور نہ جانے کب میری آنکھ لگ گئی۔

پھر جب میری آنکھ کھلی تو ٹیلیفون کی گھنٹی بج رہی تھی۔ شاید اسی کی آواز نے مجھے اتنی صبح بیدار کیا تھا اور نہ میں دیر تک سوتی رہتی۔ دیوار گیر کلاک میں ابھی صرف چھ بجے تھے۔

"ہیلو!" میں نے ریسیور اٹھا کر ماؤتھ پیس میں کہا۔

یہ دراصل نیلی جینس کے ڈائریکٹر کا فون تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ کراچی کے لئے میری سیٹ بک ہو چکی ہے اور مجھے کچھ دیر میں ایئرپورٹ پہنچ جانا چاہیے۔

"سیٹ کینسل کروا دیجئے!" میں نے ماؤتھ پیس میں کہا۔

"کیوں؟" ڈائریکٹر کے لہجے میں حیرت تھی۔

"میں دو ایک روز راولپنڈی ہی میں رکوں گی۔ بہتر ہو گا کہ اب آپ مجھے بھول جائیے۔ جب مجھے جانا ہو گا، میں خود ہی چلی جاؤں گی۔"

پھر میں نے جواب کا انتظار کئے بغیر ہی سلسلہ منقطع کر دیا۔

ریشماں جوانی کی گہری نیند میں ڈوبی ہوئی تھی۔ میں نے اس کے چہرے پر بکھرے ہوئے بالوں کو بڑے پیار سے ہٹایا اور لیٹ کر پھر آنکھیں بند کر لیں۔ گہری نیند سے بیداری کے باعث میری آنکھیں جل رہی تھیں اور میں اس جلن کو سارے دن کے لئے اپنے اوپر مسلط نہیں کرنا چاہتی تھی۔

دوبارہ میری آنکھ کھلی تو ساڑھے نو بجے تھے۔ میں نے دیکھا کہ ریشماں اپنے لباس سے آراستہ کرسی پر بیٹھی کسی گہری سوچ میں گم تھی۔ یہ اندازہ کرنا میرے لئے مشکل نہیں تھا کہ اس کی سوچ کے زاویے کیا ہوں گے؟

"صبح بخیر۔" میں نے مسکرا کر کہا تو وہ چونک پڑی۔

"جاگ گئیں آپ!" اس کے منہ سے نکلا۔

"ہاں، تم کب اٹھی تھیں؟"

"مجھے جاگے ہوئے تو ایک گھنٹہ ہو گیا۔"

"مجھے بھی جگا لیتیں!"

جواب میں کچھ کہنے کی بجائے ریشماں صرف مسکرا کر رہ گئی۔

میں نے نوز اٹھا کر روم سروس کو ناشتے کی ہدایت کی اور بستر سے اٹھ کر باتھ روم میں جا گھسی۔ میں نے تیار ہونے میں بڑی ناشتہ میرے تیار ہونے سے پانچ منٹ پہلے ہی آ گیا۔

ریشماں نے بڑی رغبت سے ناشتہ کیا۔ ظاہر کے ایک دیہات کی مٹیار تھی۔ یہاں کے لوگوں کی خوراک ہوتی ہی ہے۔

ناشتہ کر چکنے کے بعد میں نے ریشماں سے کہا۔ "اس کے گاؤں جاؤں گی اور دیکھوں گی کہ جاگیردار شوکت اس کی جائیداد سے بے دخل کرتا ہے۔ میں نے سنا ہے اس کے بھائی کو بھی شوکت کی قید سے رہائی دلوا کر ریشماں ننھی منی بچیوں کی طرح خوش ہو کر کہنے لگی۔

"لیکن۔" میں نے مزید کہا۔ "گاؤں جانے آپا کے اس دوست سے ملنا چاہتی ہوں جس نے لوگوں کو اس مصیبت میں پھنسایا ہے۔ کیا تمہیں اس کا نام یاد ہے؟"

"بٹ صاحب۔ وہ یہاں سٹیلائٹ ٹاؤن میں رہتے ہیں۔" ریشماں نے جلدی سے کہا۔ "مجھے ان کے مکان کا نمبر یاد ہے۔"

اس کا پورا نام عنفوربٹ تھا۔ وہ سٹیلائٹ ٹاؤن میں مل گیا۔ ریشماں کو دیکھ کر پہلے تو وہ چونکا اور پھر بڑا ایک موٹے اور تھلتھلے جسم کا وہ شخص مجھے پہلی ہی نہیں معلوم ہوا۔ اس نے ہمیں ڈرائنگ روم میں بٹھایا۔ چلا گیا۔ شاید چائے وغیرہ کے لئے کہنے گیا ہو گا۔ جب کسی تمہید کے بغیر بولنا شروع کر دیا۔

"دیکھیے بٹ صاحب! ریشماں میری بہت اچھی آپ کو خوب معلوم ہو گا کہ یہ آپ کی وجہ سے آجکل کن مشکلات سے دوچار ہے۔"

"مجھے اس کا بے حد افسوس ہے۔" عنفوربٹ نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "میں نے چودھری کرم دین کو سمجھایا تھا کہ جلدی واپس لوٹا دوں گا لیکن میری بدقسمتی سا گئی رہی اور میں قرض کی ادائیگی نہیں کر سکا۔ بہرحال میں جلد ہی چودھری صاحب کا حساب بیباق کرنے کی کوشش کروں گا۔"

"ایسا شاید اسی وقت ہو گا جب جاگیردار شوکت زمینیں اپنے قبضہ میں کرے گا۔" میں نے چبھتے ہوئے لہجے

"کیا مطلب؟ کیوں؟" عنفوربٹ چونک

"مسٹر بٹ! میں نے بڑے زہریلے انداز میں کرم دین کی طرح بھولی نہیں ہوں کہ تمہاری چرب مجھے یقین ہے کہ تم نے وہ قرض جاگیردار شوکت ہی کی نے ایک بڑی جائیداد کو ڈیوں کے مول لینے کی جو سازش برابر کے شریک معلوم ہوتے ہو۔"

بٹ کے چہرے کا رنگ اڑ گیا لیکن جلد ہی اس نے اور بڑے تیکھے لہجے میں بولا۔ "میں نہیں جانتا کہ آپ کس طرح الٹے سیدھے الزامات لگاتی رہیں تو میں بھی انکار کر دوں گا۔ مجھے اعتراف ہے کہ میں چودھری کرم دین کو اور وقت آنے پر قرضہ ریشماں یا اس کے بھائی کو

"تاہم اگر تم بزنس کس چیز کا کرتے ہو؟" میں بدستور تھی۔ "کسی ایسے بزنس کا نام لیتا جس میں فوری منافع دین کو تم نے کوئی ایسا ہی نکتہ سمجھایا تھا۔"

"میں اسلحہ کا تاجر ہوں۔ عمارتی سریہ ملوں سے خرید کر ٹھیکیداروں کو سپلائی کرتا ہوں۔ اگر سمنٹ کا پرمٹ مل ہوں!"

"نہیں کہ دوسرے تجارتی سامان کی طرح سریا اور میں لیکن مجھے نہ جانے کیوں اس بات کا یقین نہیں یہ تجارت ہی میں لگا ہو گا۔ میرے ذہن میں یہ اور عنفوربٹ اس سازش میں جاگیردار شوکت کا آلہ

"سریا خریدتے ہو؟" میں نے ایک اور سوال کیا۔ "کبھی سریے کی خرید و فروخت ضرورت ہوئی زبان سے دو تین ملوں کے نام گنا دیئے۔

"بٹ!" میں کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "تم جھوٹ جائے گا کہ تم نے ان دنوں کتنا سریا خریدا تھا۔"

بٹ کے چہرے کا رنگ اڑ گیا اور اس مرتبہ لہجہ نہیں اٹھ سکی۔ وہ خاصا گھبرا گیا تھا۔ اس کی اور اگر میرے تسبہات غلط نہیں تھے عنفوربٹ ٹ کا آلہ کار تھا۔ جاگیردار نے چوہدری کرم دین لئے باقاعدہ پلاننگ کی تھی لیکن جب اس اچھی چوہدری کرم دین روپوں کا بندوبست کر کے لینے میں کامیاب ہو گیا تو شوکت کے لئے ناگوار ہو گیا۔ اس نے چوہدری کرم دین کو ٹھکانے سے لگوا اتفاقی حادثے کا نتیجہ ہوتی تو جائیداد کے برآمد ہو جاتے۔ ان کاغذات کی عدم موجودگی بات کر رہی تھی۔ وہ کاغذات شوکت کے نہ وہ اتنی بیدردی سے بیسیوں کی ضمیر بیچ

عنفوربٹ کے گھر سے رخصت ہوئی۔ دوپہر کا کھانا ہم نے موٹل ہی میں کھایا۔ کھانا کھا کر میں نے فون پر کراچی سے رابطہ قائم کیا اور کمانڈر حق کو ہدایت کی کہ وہ سعید کو بذریعہ طیارہ امریکہ روانہ کر دے۔

"بہت بہتر لیڈی باس!" کمانڈر حق نے کہا۔

"میں شاید پرسوں تک واپس آ سکوں گی۔ ایک ضروری کام سے مجھے پنڈی ہی میں رکنا پڑ رہا ہے۔" میں نے کہا اور پھر کمانڈر حق سے کچھ سنے بغیر سلسلہ منقطع کر دیا۔

"کیوں نہ ایک بار خواجہ صاحب سے بھی مل لیا جائے۔" میں نے ریشماں سے کہا۔

"جیسا آپ مناسب سمجھیں۔"

میں ریشماں کو لے کر جناح روڈ گئی جہاں گذشتہ رات اسے غنڈوں سے دوچار ہونا پڑا تھا۔

خواجہ صاحب کا گھر بدستور بند ملا۔

"معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی کام کے باعث شہر سے باہر گئے ہوئے ہیں۔" ریشماں نے اظہار خیال کیا۔

میں نے جواباً کچھ نہیں کہا۔ میرے ذہن میں تو یہ شبہ سر ابھار رہا تھا کہ کہیں جاگیردار شوکت نے خواجہ صاحب پر بھی ہاتھ صاف نہ کر دیا ہو۔ وہی اس بلڈ کے واحد گواہ تھے کہ چوہدری کرم دین نے روپیہ ان سے لے کر جاگیردار کو واپس کر دیا تھا اور کاغذات حاصل کر لئے تھے۔

میں ریشماں کو لے کر موٹل واپس ہوئی اور اپنا مختصر سا سامان سمیٹ کر ہم ریشماں کے گاؤں کی طرف روانہ ہو گئے۔

راولپنڈی سے اس گاؤں کا فاصلہ تیس میل کے قریب ہے۔ بس سے وہاں پہنچا جا سکتا تھا لیکن میں نے ٹیکسی کو ترجیح دی۔ ٹیکسی ڈرائیور وہاں جانے پر آمادہ نہیں تھا لیکن جب میں نے دوگنے کرائے کی بات کی تو وہ تیار ہو گیا۔

مغرب کے وقت ہم ریشماں کے گاؤں پہنچے۔ ریشماں کا مکان بستی کے ایک سرے پر خاصے بڑے رقبے میں بنا ہوا تھا۔ مکان کیا، حویلی ہی تھی۔ دوسرا بڑا مکان جاگیردار شوکت کا تھا جو ریشماں نے مجھے اشارے سے دکھایا۔

ریشماں کے مکان کا دروازہ مقفل ہونا چاہئے تھا لیکن اسے کھلا ہوا دیکھ کر ریشماں پریشان ہو گئی۔

"یہ دروازہ کس نے کھولا؟" وہ پُرتشویش لہجے میں بولی۔

میں ریشماں کو لئے ہوئے ورانہ وادا اندر گھستی چلی گئی۔ جس نے دروازہ کھولا تھا وہ وہاں موجود ملا۔ کشادہ صحن میں پلنگ ڈی پر پاؤں پسارے وہ حقہ نوشی میں مشغول تھا۔

"لالو!" ریشماں کے لہجے میں حیرت اور غصے کی لہریں تھیں۔

"یہ شوکت کا خاص غنڈہ ہے بانو!"

لالو نے تیکھی نظروں سے ریشماں کی طرف اور پھر مجھے دیکھا لیکن اپنی

جگہ سے اٹھنے کی زحمت نہیں کی۔

"تم نے حویلی کا تالا کیوں توڑا؟" ریشماں غصیلے لہجے میں بولی۔

"جویلی کے مالک نے کہا تھا!" لالو نے بڑے اطمینان سے جواب دیا۔

"حویلی کا مالک؟" ریشماں چونک پڑی۔ "کیا میرا بھائی لوٹ آیا؟"

"وہ تو اب کہاں لوٹے گا! میں حویلی کے نئے مالک کی بات کر رہا ہوں۔ جاگیردار صاحب نے مجھے یہاں صفائی ستھرائی کے لئے بھیجا ہے وہ یہاں اپنے ولایتی مہمانوں کو لائیں گے۔"

"ولایتی مہمان!" میں زیرلب بڑبڑائی۔

"جاگیردار صاحب کے پاس دور دور سے لوگ ملنے آتے ہیں۔" لالو نے فخریہ لہجے میں کہا۔

"بکواس بند کرو۔" ریشماں چیخ کر بولی۔ "یہ میری موجودگی میں تیرے مالک کو چین سے نہیں بیٹھنا دے گا۔" وہ حویلی کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھے۔ اپنا بوریا بستر اٹھا اور اپنا راستہ ناپ۔ اپنے مالک کو بتا دیجیو کہ اگر اس نے ادھر کا رخ کیا تو میں اس کی آنتیں نکال دوں گی۔"

لالو نے ایک بے ہنگم سا قہقہہ لگایا اور پھر بولا۔ "چند دن صبر کرو، پھر خود بخود سارا خود ہمارے مالک بھی تمہاری ڈانٹ ڈپٹ سے سہم جایا کریں گے۔ وہ اب زیادہ انتظار نہیں کرنا چاہتے۔ بہت جلد تم ہم سب کی مالک بن جاؤ گی۔"

ریشماں کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا لیکن اس کے کچھ بولنے سے پہلے ہی میں نے دخل اندازی کی۔ "سنو، تم جا کر اپنے مالک کو بتا دو کہ ریشماں اس دنیا میں اکیلی نہیں رہ گئی ہے۔ اب بھی اس کے کچھ ہمدرد باقی ہیں۔"

لالو نے ایک مرتبہ مجھے غور سے دیکھا اور پھر ہنس کر کہا۔ "جاؤ میم صاحب! کیوں میرے منہ لگ رہی ہو۔ مجھے آرام کرنے دو۔" اس نے دوسری طرف کروٹ لے لی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ ہم دونوں کو ذرہ برابر بھی اہمیت دینے کے لئے تیار نہ ہو۔

ریشماں نے اسے ایک موٹی سی گالی دیتے ہوئے اپنے لہجے میں سے پستول نکال لیا۔ گرجدار کی آواز سنتے ہی لالو نے پھر ہماری طرف کروٹ لی لیکن اٹھا اب بھی گوارہ نہیں کیا۔ وہ تضحیک آمیز نظروں سے ریشماں کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔ "جاگر بے! تنگ نہ کر۔ یہ عورتوں کے کھیلنے کا کھلونا نہیں ہے۔"

ریشماں نے بڑی تیزی سے جھپٹ کر وار کیا تھا مگر لالو کے لئے یہ کھیل بہت پرانا تھا۔ اس نے لیٹے ہی لیٹے نہ جانے کیسے ریشماں کی چاقو والی کلائی تھام لی اور اسے بڑی سختی سے مروڑ دیا۔ ریشماں ایک چیخ کے ساتھ گھوم گئی۔ اب اس کی پشت لالو کی طرف تھی۔ میں اس کی طرف جھپٹی لیکن میری مدد پہنچنے سے پہلے ہی لالو نے ریشماں کے چاقو والے ہاتھ کو زور سے جھٹکا دیا۔ ریشماں کے منہ سے پھر ایک چیخ نکلی اور وہ لالو پر ڈھیر ہو گئی۔ فوراً ہی لالو نے اپنے دونوں ہاتھوں کی قوت سے اس کو اس طرح اچھالا کہ وہ کچھ دور جا کر گری۔ چاقو نہ جانے کہاں کے شانے میں دھنس گیا تھا اور خون کی دھاریں بہہ کر میں جذب ہو رہی تھیں۔ غالباً اس کی دوسری پسلی کا زخم ہی تھا۔

یہ منظر دیکھ کر میری آنکھوں میں خون اتر آیا۔ لالو کو نظر انداز کر کے ریشماں کی طرف جھپٹی۔ میں نے بٹھا یا اور گھسے دانت پر دانت جمائے رکھنے کی تاب اس کے زخم سے کھینچ لیا۔ ریشماں نے اپنی بے سدھ ہی میں گھونٹ دیا تھا اور صرف ایک تیز سسکاری لالو یہ ستم پنگوڑی پر لیٹا ہوا تھا اور تمسخرانہ کی طرف دیکھ رہا تھا۔

میں خون آلود چاقو اپنے ہاتھ میں تولتی ہوئی تو وہ حقارت آمیز لہجے میں بولا۔ "کیا اب تو بھی اپنے چاہتی ہے؟"

"میری بات سن!" میں نے دھیمے لہجے میں جاگیردار تک پہنچ جانا چاہئے کہ اگر اس نے کتوں کی ہلڑبازیوں پر چیخنا نہ چھوڑا اور کل صبح تک یہ واپس نہ گئے تو میرا نام اس کے ماتھے پر بھی اسی جیسے ابھی ذرا دیر میں تیرے ماتھے پر گودا جانے والا سمجھ گیا۔" لالو نے مذاق اڑانے والے انداز "ذرا دیر میں اور اچھی طرح سمجھ جائے گا۔" جھاڑ کر کہا اور چاقو لہرا کر لالو پر ٹوٹ پڑی۔

لالو نے میرے ہاتھ کی حرکت کو بھانپتے ہو اٹھائے تھے لیکن اس کے ہاتھ ہوا ہی میں جھول تزمیں کے صرف دھکا دیا تھا۔ یکلخت جھک کر میں اور اسے ایک جھٹکے سے الٹ دیا۔ لالو اس کے اس نے بڑی پھرتی کا مظاہرہ کیا۔ وہ وہی تباہی بچا نکل آیا تھا۔ اور تن کر کھڑا ہو گیا۔ اس کا خونخوا نہی سے دو چار کئے ہوئے تھا کہ اس کے سا نہیں ہے۔

"میں گرے پڑوں پر چاقو کا وار نہیں کر چھیڑا یہ تم پر میں چاقو کی صرف نوک استعمال کروں اپنا نام گودنا چاہتی ہوں!"

میری بات ختم ہوتے ہی لالو مجھ پر جھ ہاتھ میں دبے ہوئے چاقو کو نظر انداز کر دیا تھا کچھ ایسی تھی جیسے کوئی ارنا بھینسا جھپٹ پڑ آجاتی تو وہ یقیناً مجھے گرا کر دور تک رگید سے ایک طرف ہٹ کر اس کی زد سے نکل گئی

اور اس طرح گرا جیسے کسی نے اسے اٹھا کر بڑی زور سے ماری ہو۔ اس کی جگہ کوئی معمولی آدمی ہوتا تو یہ شدید چوٹ اسے اٹھنے سے روک دیتی لیکن وہ صرف ڈگمگا کر رہ گیا۔ اس نے اٹھنے میں دیر نہیں لگائی وہ بری طرح جھلایا ہوا نظر آ رہا تھا۔ ایک عورت کے ہاتھوں اس کے لئے باعث شرم رہا ہو گا اور ادھر میں یہ فیصلہ کر چکی اسی طرح زخمی کرتی رہوں گی۔ میں اسے اس طرح تھکا دینا چاہتی میں اس کے سینے پر چڑھ کر اس کی پیشانی کو گودوں تو وہ زیادہ

لالو دوسرا حملہ جھاتا ہٹ کا شکار تھا۔ اس لئے میں نے بڑی آسانی بچا لیا۔ نہ صرف بچا لیا بلکہ اس مرتبہ لالو کی پسلیوں پر ایک ہاتھ

لالو نے اپنا حملہ بیکار جاتا دیکھا تھا۔ اس مرتبہ میں نے اس کی زد سے نکلنے میں کی بجائے آگے کی طرف جھک کر بڑی تیزی سے سیدھی ہوئی۔ بھی بڑی پنی تلی ہوئی تھی۔ میرے اٹھتے ہوئے سر کی شدید کی ٹھوڑی پر پڑی اور وہ ڈگمگا ہو الٹ کر گرا۔ اس مرتبہ وہ ساتھ نہیں اٹھ سکا تھا۔

"بس بس نہ چھوڑا کر نار سنو!" میں نے ریشماں کی طرف دیکھ کر کہا۔ "معذرتم کا معقول بدلہ لوں گی۔"

ریشماں کچھ نہ بولی۔ وہ تکلیف برداشت کرنے کے لئے دانت جمائے بیٹھی ہوئی تھی۔ اس نے دائیں ہاتھ سے اپنے شانے کے اکھا تھا۔

اٹھ کر جب چوتھی مرتبہ میری طرف بڑھا تو اس کے منہ سے اٹھا اور شکل بڑی خوفناک نظر آنے لگی تھی۔ وہ گالیاں بکتا ہوا اوپر آیا تھا اور میں نے اس کے پیٹ میں لات رسید کر دی مارے دوہرا ہو گیا اور میں نے اس موقعے سے فائدہ اٹھاتے تابڑ توڑ مکے برسا دیئے۔ میں اس کے صرف چہرے کو تھی۔ ذرا سی دیر میں وہ ادھ موا ہو کر ڈھیر ہو گیا۔ مجھے اسی ا فارتھا۔ میں اس کے سینے پر چڑھ بیٹھی اور چاقو کی نوک سے لہولہان گودنے لگی۔ وہ ذبح ہوتے ہوئے بکرے کی طرح چلایا اس پر ذرا بھی ترس نہیں آ سکتا تھا۔ میں نے جب تک اپنے ی طرف تک نہیں گود دیا، اسے چھوڑ کر نہیں ہٹی۔

اس میں اب چیخنے کی بھی سکت نہیں رہ گئی تھی۔ اس کا خون میں و ڈھیر ہو گیا۔ بھیانک نظر آنے لگا تھا۔

کے باہر سے لوگوں کے زور زور سے باتیں کرنے کی آوازیں تھیں۔ لالو کی چیخوں ہی نے لوگوں کو اس طرف متوجہ کیا دروازے پر جمع ہوتے جا رہے تھے۔

ہوئی دروازے کی طرف لے چلی۔ اب اس میں مزاحمت کی بالکل سکت نہیں رہ گئی تھی۔ ریشماں اٹھ کر میری طرف آئی۔ وہ میرا ہاتھ بٹانا چاہتی تھی لیکن میں نے اسے روک دیا۔ یہ کوئی اتنا بھاری کام نہیں تھا کہ میں تنہا اسے انجام نہ دے سکتی۔

میں نے دروازہ کھولا اور اسے گھسیٹتی ہوئی باہر لے چلی گئی۔ زور زور سے بولتے ہوئے لوگ یہ منظر دیکھ کر یکلخت خاموش ہو گئے تھے۔ آبادی کا ایسے بھی تھے جو دشمن کو بھی تکلیف میں دیکھ کر انسوس کرنے لگتے ہیں، ورنہ ظاہر ہے کہ لالو جیسے آدمیوں سے ہمدردی نہیں کی جا سکتی۔

میں لالو کو دروازے سے دس بارہ فٹ دور چھوڑ کر واپسی کے لئے پلٹی تو میں نے دیکھا کہ ریشماں بھی حویلی سے باہر نکل آئی تھی۔ میں دل ہی دل میں اس کی باہمتی کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکی۔ اگر اس کی جگہ کوئی عام لڑکی ہوتی تو شاید اپنے زخم کھا کر اپنی جگہ ہی پر پڑی تڑپتی رہتی۔ وہ حویلی سے نکلتے ہوئے لالو کے استعمال کی اشیا بھی اٹھا لائی تھی۔ وہ سب چیزیں اس نے بڑی نفرت اور غصے سے لالو کی طرف اچھال دیں۔

"ارے! تو بھی زخمی ہے ریشماں!" ایک ادھیڑ عمر عورت نے جلدی سے ریشماں کے قریب ہوتے ہوئے کہا۔

"ہاں ماسی!" ریشماں نے لاپرواہی سے جواب دیا۔

"ارے کوئی ڈاکٹر کو لاؤ جلدی سے۔" ماسی مجمعے کی طرف دیکھتی ہوئی بوکھلائے ہوئے انداز میں چیخی۔

"میں ابھی لے کر آتا ہوں ماسی!" ایک نوعمر لڑکے نے زور سے کہا اور ایک طرف دوڑتا چلا گیا۔

ریشماں لوگوں کے استفسارات کا ہدف بن گئی۔ جتنے منہ تھے، اتنے ہی سوالوں کی بھرمار ہو گئی تھی۔ لوگ جاننا چاہتے تھے کہ لالو کو اس بری طرح زخمی کس نے کیا ہے۔ جب ریشماں نے میری طرف اشارہ کیا تو لوگوں کی آنکھوں سے بے یقینی جھلکنے لگی۔ بھلا وہ کیسے یقین کر لیتے کہ لالو جیسے غنڈے کی مرمت ایک عورت نے کی ہے۔ میں ان کی نظروں میں عام عورتوں سے مختلف نہیں ہو سکتی تھی۔

میں ریشماں کو ان لوگوں کے نرغے سے نکال کر حویلی میں لے گئی لیکن ماسی سے پیچھا نہیں چھوٹ سکا۔ وہ بھی ہمارے ساتھ حویلی میں چلی آئی تھی۔ اب خاصا اندھیرا پھیل چکا تھا۔ اس لئے میں نے پہلے لالٹین روشن کی اور پھر دوپٹہ پھاڑ کر ریشماں کے زخم پر باندھنے لگی۔ خون کا بہاؤ روکنا تو ناممکن تھا لیکن دوپٹے کی مضبوط بندش اس بہاؤ میں رکاوٹ ضرور بن سکتی تھی۔

ماسی کی زبان برابر چلتی رہی۔ وہ میرے ہی بارے میں باتیں کر رہی تھی۔ دراصل اسے بھی دوسروں کی طرح اس بات پر یقین نہیں آیا تھا کہ لالو کی مرمت میں نے کی تھی۔

جواب میں ریشماں نے جیسے زچ آ کر کہا۔ "تو پھر تم ہی بتاؤ ماسی

دکھائی دے رہا ہے؟"

"دکھائی تو کوئی نہیں دے رہا مگر لالو کا یہ حال دیکھ کر میں سمجھی تھی کہ شاید تیرا بھائی لوٹ آیا۔"

"بھائی کی واپسی کی مجھے کوئی امید نہیں۔"

"ہائے بیٹی! ایسی فال منہ سے مت نکال! یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ جاگیردار بدمعاش ہے لیکن اب ایسا بھی کیا کہ وہ تیرے بھائی کو مار ڈالے۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ اس نے تیرے بھائی کو پٹوا کر کسی دوسرے گاؤں میں بھجوا دیا ہو۔ آج نہیں تو کل، تیرا بھائی ضرور آئے گا۔ میری اس بات کو گانٹھ میں باندھ لے۔" ماسی نے یہ سب کچھ بڑے محبت آمیز لہجے اور ہمدردانہ انداز میں کہا تھا۔

"تیرے منہ میں گھی شکر ماسی!" ریشماں نے ایک لمبی سانس لے کر کہا اور پھر مچھ سے بولی "لیکن آپ نے لالو کی یہ درگت بنا کر اچھا نہیں کیا بانو!... اب جاگیردار کے غصے کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہوگا۔ وہ بہت کمینہ ہے۔ جو کچھ بھی گزرے، وہ کم ہے۔"

"میں اس کی مرمت کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی تھی لیکن تمہارے شانے کو زخمی ہوتے دیکھ کر میں آپے سے باہر ہو گئی۔ اب رہ گیا جاگیردار کا غصہ تو میں اسے بھی دیکھ لوں گی۔ تم فکر مت کرو۔ میں ایسے لوگوں سے نپٹنا خوب اچھی طرح جانتی ہوں۔"

"لیکن بیٹی!" ماسی نے پُرتشویش لہجے میں کہا "یہ جاگیردار اکیلا تھوڑی آئے گا! اس کے ساتھ اس کے غنڈے بھی ہوں گے۔"

"اکیلی ریشماں پر جب غنڈے چڑھ دوڑیں گے تو گاؤں والے خاموش رہیں گے؟" میں نے پوچھا۔

"ہونہہ!" ریشماں نے برا سا منہ بنا کر سر جھٹکا "گاؤں والوں کو جب یہ پتہ چلے گا کہ شوکت اپنے غنڈوں کو لے کر اپنی حویلی سے نکلا ہے تو وہ سب کے سب اپنے گھروں میں بند ہو جائیں گے۔"

"چاہے اُن کی کسی بہن کی عزت لٹتی رہے!"

"ہائے بیٹی!" ماسی بول پڑی "ایسی بات نہ کہو۔ اللہ سب کی عزتیں محفوظ رکھنے والا ہے۔"

"گاؤں والوں کو متحد ہو کر شوکت کا مقابلہ کرنا چاہئے۔" میں نے کہا "جب تک وہ ایسا نہیں کریں گے، انہیں بدمعاشوں کی چیرہ دستیوں کا شکار ہونا ہی پڑے گا۔ آج جو کچھ ریشماں پر بیت رہی ہے، کل وہ ان کی بہو بیٹیوں پر بھی بیت سکتی ہے۔"

"اللہ دست کی حالت پر رحم کرے۔" ماسی نے ٹھنڈی سانس لی۔

اتنے میں ڈاکٹر وہاں پہنچ گیا۔ صورت سے تو وہ کوئی کمپاؤنڈر ہی معلوم ہوتا تھا لیکن اس وقت اسی کی موجودگی غنیمت محسوس ہو رہی تھی۔ اس کے ساتھ گاؤں کے دو ایک آدمی بھی اندر آ گئے۔ وہ ریشماں کے ہمدرد تو تھے لیکن شوکت سے اتنے خائف تھے کہ ریشماں

"بہن جی!" ان میں سے ایک نے بڑے پُرتشویش لہجے سے کہا "آپ نے لالو کی مرمت کر کے اچھا نہیں کیا۔ اس کے ساتھی آ کر اسے نیلی حویلی کی طرف لے گئے ہیں۔ جاگیردار خلجب ہے۔ میری مانو تو آج کی رات یہ حویلی چھوڑ کر کہیں"

"کہاں؟" ریشماں بڑے نوکیلے انداز میں بولی "یہ کہا گھر چلیں۔"

تجویز پیش کرنے والے کا چہرہ فق پڑ گیا۔ وہ ہ میں اٹک اٹک کر بولا "میری... میری کٹیا تو نیلی حویلی ہے۔ اگر جاگیردار کے آدمیوں نے دیکھ لیا تو؟... میری خیر ہو گئی ہے اور میں اس کی ماں کے لئے بھی پریشان رہتا ہ

"اللہ ہماری حالت پر رحم کرے۔" ماسی پھر بولی "بیٹی! اگر حویلی چھوڑنی ہی ہے تو پھر میرے ساتھ چلو۔ گھر کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔ میں اس گاؤں میں تھی جب جاگیردار کی ماں سیانی نہیں ہوئی تھی۔" ماسی کے اعتماد اور خلوص بھرے انداز سے محسوس کر کے مجھے اس پر پیا

"نہیں ماسی!" ریشماں نے آہستہ سے کہا "ہم اپنی شریک نہیں کرنا چاہتے۔"

"ارے اس کی مجال نہیں جو میرے گھر کی طرف میں نے اس کی ماں کی بڑی خدمت کی ہے۔ اب کیا اہ ہی سفید ہو گیا ہے؟"

میں ہنس پڑی۔ ماسی بہت بھولی تھی۔ اہم نئی دنیا کے رنگ نہیں دیکھے تھے۔

"سنو ماسی!" میں بول پڑی "ریشماں تم کتنے دن گزارے گی؟ آج نہیں تو کل، اسے شوکت کا ا ہی پڑے گا، پھر اس مرحلے کو کل پر کیوں ٹالا جائے۔ کم از کم میں تو اس کے ساتھ ہوں۔ جلد ہی مجھے یہاں جانا ہو گا۔"

"مگر تم دو میل کر جاگیردار کا کیا بگاڑ سکتی ہو؟"

"اس کا فیصلہ بھی بہت جلد ہو جائے گا! مت کرو!" میں نے مسکرا کر کہا۔

اس دوران میں ڈاکٹر خاموشی سے ریشماں کی پٹی باندھ چکا تھا۔ اپنے کام سے فارغ ہو کر وہ ٹھیک ہی کہہ رہا تھا۔ جاگیردار صاحب کا غصہ بہت اگر آپ آج رات اس حویلی میں قیام نہ کریں تو بہتر۔

میں نے اس کے مشورے پر دھیان دیئے بغ پوچھا "تمہارے گھر میں کوئی ہتھیار ہے؟ یعنی بند

"ابا جی کی رائفل ہے۔"

ہیں۔" ریشماں کی بجائے ڈاکٹر بول پڑا۔ "جب وہ اس گیا تھا تو اس کے پاس رائفل نہیں تھی۔"

کو کیسے معلوم؟" میں نے استعجابیہ نظروں سے دیکھا۔

اس وقت وہاں جاگیردار صاحب کے پاس ایک غیر ملکی بم پٹی کرنے گیا ہوا تھا۔ کسی حادثے میں اس بیچارے گئی ہے۔"

انگ کٹ گئی ہے؟" میں نے چونک کر پوچھا۔ "اور وہ ہے؟"

ہاں۔ وہ کوئی چینی ہے۔" ڈاکٹر نے جواب دیا اور یاں اس کی ڈریسنگ کر رہا تھا کہ ریشماں کا بھائی پہنچا۔ میرے سامنے ہی جاگیردار سے اس کا جھگڑا وہ تو اس کے پاس رائفل نہیں تھی میں۔ اگر بھگڑے ہو گیا۔ سنا ہے کیوں کہ جاگیردار نے مجھے خود ہی خصت

"

اور بھی بہت کچھ کہتا رہا لیکن مجھے اس کی آواز بہت سنائی دینا بند ہو رہی تھی۔ میرا جسم سنسنانے لگا تھا اور ہیاں سی چلنے لگیں تھیں۔ ڈاکٹر نے ایک چینی شخص انگ کا ذکر کر کے مجھے ڈاکٹر فونگ کی یاد دلا دی تھی۔ اپنی کٹی ہوئی ٹانگ میری کوٹھی کے احاطے ہی میں چھوڑ اب میں یہ سوچنے پر مجبور تھی کہ جاگیردار شوکت کی لینے والا کہیں ڈاکٹر فونگ ہی تو نہیں ہے؟ یہ صرف یہ تھی کہ اس زخمی حالت میں ڈاکٹر فونگ کو ملی تک کا سفر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ کیا اسے ساری کراچی میں کوئی ٹھکانہ نہیں ملا تھا؟

ہوش کی لہریں مختلف پگڈنڈیوں پر سفر کرتی رہیں یاد نہیں کہ ڈاکٹر کب وہاں سے رخصت ہوا تھا کب حویلی سے گئے تھے۔ میں اپنی سوچ کے صحرا لوٹی جب ریشماں نے مجھے مخاطب کر کے کہا، ہی ہوں کہ آپ کو اپنے ساتھ خطروں میں ڈال کر فی کا ثبوت دیا تھا۔"

"کبھی تم نے ایسی بے وقوفی کی بات کی تو میں مار دوں گی۔" میں نے اسے پیار بھرے انداز میں ی ہوئی بولی "اب میں ذرا اس عمارت کا جائزہ ہوں تاکہ شوکت کے غنڈوں کا متوقع حملہ روکنے ل پہلے ہی سے سوچ لی جائے۔ تمہارے ابا کی ہاتھ آ سکتی ہے۔"

کہا "چلئے میں آپ کو لوری حویلی دکھائے دیتی ہوں۔"

"تمہارے زخم کا کیا حال ہے؟"

"ابھی تو کچھ زیادہ تکلیف نہیں ہے۔ تازہ تازہ زخم ہے!"

میں نے سوچا، ریشماں کو پنڈی لیجا کر کسی اچھے ڈاکٹر سے اس کے زخم کا علاج کرانا پڑے گا۔

ریشماں نے مجھے پوری حویلی کا چکر لگوا دیا۔ بڑی مضبوط عمارت تھی، دیواروں میں نقب لگانا آسان نہیں تھا اور دروازے کو توڑنے کے لئے بھی کئی آدمیوں کو انتھک کوشش کرنا پڑتی۔

آخر میں ریشماں مجھے چھت پر لے گئی اور میں نے بیرونی دیواروں پر بنے ہوئے کنگوروں کو پُرتشویش نظروں سے دیکھا۔ ان کنگوروں پر بڑی آسانی سے کمند ڈال کر اوپر چڑھا جا سکتا تھا گویا خطرہ آ سکتا تھا تو اسی طرف سے۔! میں نے فیصلہ کیا کہ رات چھت پر ہی گزارنا چاہئے تاکہ خطرے کی قربت کو فوری طور پر محسوس کیا جا سکے۔

"ہم آج کی رات چھت پر ہی گزاریں گے۔" میں نے ریشماں سے کہا "ہوا میں خنکی تو ہے مگر قابل برداشت حد تک! ذرا دیر میں چاند چڑھ جائے گا تو سماں بہت خوشگوار ہو جائے گا۔"

موسم واقعی بہت خوشگوار تھا اور ریشماں میرے پاس تھی۔ خون بہہ جانے کی وجہ سے اس کے چہرے کا رنگ کچھ پھیکا پڑ گیا تھا لیکن پھر بھی وہ کسی آسمانی حور کی طرح نظر آ رہی تھی۔ مجھ پر نشہ سا چھانے لگا اور جسم میں سنسنی آمیز لہریں دوڑنے لگیں لیکن جلد ہی میں نے اپنی اس کیفیت پر قابو پا لیا۔ آج کی رات خوشبوؤں کی فضا میں لڑنے کے لئے نہیں تھی۔ میرا خیال تھا کہ آج رات بہت کچھ ہو گا میری چھٹی حس مجھے یقین دلا چکی تھی کہ جاگیردار شوکت کا وہ زخمی مہمان ڈاکٹر فونگ ہی ہے۔

میں اور ریشماں نیچے جا کر بستر وغیرہ اٹھا لائیں۔ ریشماں نے اپنے باپ کی رائفل بھی لے لی تھی۔ چھت پر بستر بچھا کر ہم دونوں اپنا کچھ سامان بھی اوپر لے آئے۔ اس سامان میں رات کا کھانا بھی تھا جو میں پنڈی سے چلتے وقت ہوٹل سے لے آئی تھی۔

کھانا کھا کر ہم نے صراحی کا ٹھنڈا پانی پیا اور بستر پر قریب قریب لیٹ گئے۔ یہ قربت میرے جذبات کو جھنجھوڑنے لگی لیکن میں نے خود پر قابو پائے رکھا۔ اگر ہم دونوں جذبات میں بہہ جاتیں تو ہمیں ماحول کا ادراک نہ رہتا جب کہ جاگیردار شوکت کے غنڈے کسی وقت بھی حملہ آور ہو سکتے تھے۔

میں خاص طور پر ڈاکٹر فونگ کی طرف سے غافل نہیں ہو سکتی تھی۔ اگر شوکت کا وہ زخمی مہمان ڈاکٹر فونگ ہی تھا تو یہ بات یقین

واقف ہو گیا ہوگا۔ لالو کی پیشانی پر اپنا نام گود کر میں نے خود ہی اپنے آپ کو آشکار کر دیا تھا لیکن اس وقت میں یہ کہاں جانتی تھی کہ ڈاکٹر فونگ بھی گاؤں میں موجود ہے۔ اگر مجھے اس کا علم ہوتا تو میں وہ حماقت ہرگز نہ کرتی۔

رات بھیگتی رہی اور میری آنکھوں میں بسا ہوا انتظار نڈھال ہونے لگا۔ جاگیر دار شوکت کے ڈیوں کا کہیں پتہ نہیں تھا۔ مجھے گاؤں کے ان لوگوں پر غصہ آنے لگا جو جاگیر دار شوکت کے غصے کو میرے سامنے ہوا بنا کر پیش کرتے رہے تھے آخر یہ کیسا غصہ تھا کہ ابھی تک کسی صورت میں سامنے نہیں آیا تھا۔

جاگیر دار شوکت کی طرف سے اس تحمل کا ایک سبب بہت دیر بعد میری سمجھ میں آیا اگر اس بات پر یقین کر لیا جاتا کہ ڈاکٹر فونگ کو میرے بارے میں علم ہو چکا تھا تو شوکت کی خاموشی منطقی ہو جاتی تھی۔ ڈاکٹر فونگ نے مجھے کسی نہ کسی حد تک تو یقیناً سمجھ لیا ہوگا اور اب اس نے اپنے تجربے ہی کی روشنی میں شوکت کو یہ بات سمجھائی ہوگی کہ اس وقت تحمل اور خاموشی ہی مناسب ہے ڈاکٹر فونگ سمجھ سکتا تھا کہ میں آج رات پوری طرح چوکنا رہوں گی اس لئے وہ لوگ کوئی قدم اٹھا کر فائدے میں نہیں رہ سکتے تھے البتہ بعد میں کسی وقت مجھے دھوکے میں مدہوش کر کے زد میں لینے کی کوشش کی جا سکتی تھی۔

ڈاکٹر فونگ کی اس سوچ کو سمجھ کر میں از خود زیر لب مسکرا دی اور میں نے سوچا کہ اگر وہ لوگ آج کی رات چپکے ہو کر بیٹھ رہے ہیں تو پھر میں ہی کچھ کر گزروں۔

"آپ ابھی تک سوئیں نہیں بانو!" ریشماں آہستہ سے بولی۔

"او بو! تم بھی جاگ رہی ہو!" میں نے چونک کر کہا۔

"آج کی رات نیند کیسے آ سکتی ہے؟"

"زخم تو تکلیف نہیں دے رہا ہے؟"

"تکلیف تو کچھ بڑھ گئی ہے مگر نیند نہ آنے کا سبب صرف زخم نہیں ہے۔"

"ایک بات تو بتاؤ۔ تم مجھے نیلی حویلی کے اندرونی نقشے کے بارے میں کچھ بتا سکتی ہو؟"

"کیوں؟" وہ استعجابیہ لہجے میں بولی۔

"پہلے تم میری بات کا جواب دو۔"

"جب میں چھوٹی تھی تو نیلی حویلی میں جایا کرتی تھی۔ شوکت کی ماں مجھے بہت اچھی لگتی تھی۔ یہ کئی سال پرانی بات ہے لیکن پھر بھی میرا خیال ہے کہ میں نیلی حویلی کو بھولی نہیں ہوں۔"

میں اٹھ کر بیٹھ گئی اور بولی۔ "تو پھر مجھے اس کا نقشہ سمجھا دو۔"

"آخر آپ کا ارادہ کیا ہے بانو!"

"کیا مطلب؟"

"تم نقشہ تو سمجھا دو!"

ریشماں نے ایک طویل سانس لی اور پھر بیٹھ گئی۔ اس نے مجھے نیلی حویلی کے اندرونی حصے میں بتانا شروع کیا۔ میں بڑی توجہ سے سنتی رہی۔ جہاں پیش آتی تھی تو میں سوال کر بیٹھتی تھی لیکن ایسے موقعے آئے۔ خود ریشماں ہی بڑی تفصیل سے ایک ایک کمرے کی آخر جب وہ چپ ہو گئی تو میں نے بڑے اطمینان سے کہا۔

"ٹھیک ہے اب مجھے وہاں داخل ہونے اور گھومنے میں کوئی دشواری نہیں ہوگی۔"

"آپ وہاں جائیں گی؟" ریشماں حیرت سے بولی۔

"ہاں ریشمی!... اگر وہ لوگ چوریاں ہی کریں تو پھر میں ہی کچھ کر گزروں۔ اگر تمہارا بھائی رحم دل ہے تو میں اسے ضرور ڈھونڈ لوں گی۔"

"بانو!" ریشماں کی آواز سے خوف جھانکنے لگا۔ "نیلی حویلی میں نقب لگانا کچھ ایسا مشکل کام نہیں ہے آج کی رات تو اس کام کے لئے بے حد مناسب ہے ان لوگوں کے گمان میں بھی نہیں آ سکتا کہ آپ اس طرح ہی ان کی گوشمالی کریں گی۔"

"وہ بھڑوں کا چھتہ ہے بانو! سب کے سب لپٹ پڑیں گے۔"

میں دھیرے سے ہنس پڑی اور پھر ریشماں چٹکی لیتی ہوئی بولی۔ "رشو جان! ابھی مجھے نہیں بانو کیا چیز ہے۔"

"لیکن....."

"لیکن ویکن کچھ نہیں۔ بس میرا انتظار کرو میں تمہارے بھائی کو لے کر ہی لوٹوں گی۔"

"اور اگر آپ کے جاتے ہی وہ لوگ....."

"نہیں!" میں نے پھر اس کی بات کاٹ دی۔ "میں نے کہا ہے کہ آج رات ان میں سے کوئی بھی ادھر کا رخ نہیں کرے گا۔"

ریشماں سوچ میں پڑ گئی۔

"چلو اب مجھے دروازے تک رخصت کرو۔" میں کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "پھر تم بڑے اطمینان سے سو جانا۔ آج رات تمہارے لئے خطرے کی رات نہیں ہے۔"

"کیوں نہ میں بھی آپ کے ساتھ چلوں۔"

"اگر تم زخمی نہ ہوتیں تو یہ ممکن تھا لیکن اب میرے لئے بھی دشواریوں کا باعث بن سکتی ہو۔"

سی چوکھٹ کے ساتھ دوسری طرف کھلتا چلا گیا۔ اگر وہ باہر سے بند ہوتا تو مجھے ایک اور نقب لگانی پڑتی۔ میں بڑی احتیاط سے دروازے کو ایک ایک انچ سرکاتی رہی اور جب وہ اتنا کشادہ ہو گیا کہ میں اس میں سے گزر سکوں تو میں نے قدم بڑھایا۔

باہر نکل کر میں نے خود کو ایک دالان میں پایا۔ اس میں کمروں کے دروازے نظر آ رہے تھے۔ کچھ آگے جا کر دالان بائیں جانب گھوم گیا تھا۔ کمروں کی قطار وہاں بھی تھی۔ پھر دالان ایک مرتبہ اور بائیں جانب گھوما تھا۔ کمروں کی قطار وہاں بھی تھی۔

دالان کے نیچے کیاریاں بنی ہوئی تھیں پھر صحن کا دروازہ تھا۔ دروازے کے قریب ہی شاید ٹوائیلٹ وغیرہ بنے ہوئے تھے۔ ایک کنارے پر باورچی خانہ تھا۔ اس کے برابر والے کمرے میں تیز روشنی ہو رہی تھی اور شاید وہ خاصا بڑا کمرہ تھا۔ وہاں سے بلند آہنگ قہقہے سنائی دے رہے تھے اور کبھی کبھی کسی عورت کی سسکیاں بھی سنائی دے جاتی تھیں۔

میرا خون کھولنے لگا۔ یہ سمجھنا کوئی مشکل بات نہیں تھی کہ اس کمرے میں کیا کھیل کھیلا جا رہا تھا۔

دفعتاً دروازہ کھلا اور ایک عورت ہسٹریائی انداز میں چیختی ہوئی باہر نکلی۔ اس کے جسم پر کپڑے کا ایک تار بھی نہیں تھا۔ اس کے پیچھے دو تین مرد بھی لپکتے ہوئے باہر آئے۔ وہ بیرونی دروازے کا رخ کر رہی تھی۔ دروازہ کھول کر وہ باہر بھاگ جاتی لیکن اسے دروازے کے قریب پہنچنا بھی نصیب نہیں ہو سکا۔ ایک بدمعاش نے جست لگا کر اسے دبوچ لیا تھا۔ بدنصیب اور بے بس عورت نے بچا کر اس کے ہاتھ میں دانت اتار دیئے۔ بدمعاش کے منہ سے بے ساختہ چیخ نکل گئی اور اس نے غلیظ میں آ کر عورت کے منہ پر بڑی زور سے ہاتھ مارا۔ مظلوم عورت چیختی ہوئی زمین پر ڈھیر ہو گئی۔ بدمعاش کے ساتھی قہقہے لگانے لگے۔ وہ شراب کے نشے میں چور نظر آ رہے تھے۔

"یہ کیا ہو رہا ہے بدبختو!" ایک بھاری آواز دالان میں گرجی۔ "کیا تم کو میرے مہمانوں کے آرام کا بھی خیال نہیں؟"

میں نے ایک لحیم شحیم آدمی کو دیکھا جو ایک کھلے ہوئے دروازے میں کھڑا قہر آلود نظروں سے ان لوگوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔

بدمعاشوں کو جیسے ہوش آ گیا۔ ان کے قہقہے ایک دم رک گئے۔ انہوں نے زمین پر پڑی ہوئی عورت کو جلدی سے اٹھایا اور دالیں کمرے میں چلے گئے۔ دروازہ بند کر لیا اور ماحول پر ایک بار پھر تاریکی مسلط ہو گئی۔

میں اپنی جگہ پر پوشیدہ کھڑی ہونٹ دانتوں سے اپنا نچلا ہونٹ کاٹ رہی تھی۔ میں نے بڑی مشکل سے خود پر قابو پائے رکھا تھا ورنہ خواہش تو یہی تھی کہ ان بدمعاشوں پر ٹوٹ پڑوں اور اس ظلم کا بدلہ لوں جو اس عورت پر توڑا جا رہا تھا۔

قریب ہی کسی کی موجودگی کا احساس ہوا میں پھر تجسس و حرکت ہوگئی اور متجسس نظروں سے ارد گرد کا جائزہ لینے لگے۔ بائیں ہاتھ پر دو تین ستون آگے کوئی آدمی کھڑا تھا۔ صحن کی طرف سے چھننے والی روشنی میں وہ ایک سائے کی مانند نظر آرہا تھا لیکن یہ بات مجھ سے چھپی نہ رہ سکی کہ اس نے بیساکھیاں سنبھال رکھی تھیں۔ جب اس نے حرکت کی تو میرے خیال کی تصدیق بھی ہوگئی۔ دالان میں بیساکھیوں کی "کھٹ پھٹ" گونج اٹھی تھی۔

میرے دل کی دھڑکنیں تیز ہوگئیں۔ اندھیرے میں اس آدمی کی شکل تو مجھے دکھائی نہیں دی تھی لیکن جثے کو دیکھ کر میں یقین سے کہہ سکتی تھی کہ وہ ڈاکٹر فونگ ہی تھا۔

بدحواسی کے شور و غل ہی کی وجہ سے ڈاکٹر فونگ نے اپنے کمرے سے نکلنے کی ضرورت محسوس کی ہوگی۔ اب وہ واپس اپنے کمرے میں داخل ہو رہا تھا۔ اندر جاکر اس نے دروازہ بند کرلیا اور میں بت بنی اپنی جگہ پر کھڑی رہی۔ میرے ذہن میں اب خیالات کا ایک ہجوم تھا۔ میں جاگیردار۔ شوکت اور ڈاکٹر فونگ کے گٹھ جوڑ پر غور کر رہی تھی۔ آخر ان دونوں میں ایسا کون سا گہرا تعلق تھا کہ ڈاکٹر فونگ نے پناہ لینے کے لئے کراچی سے اتنی دور آکر اس کی حویلی کا انتخاب کیا تھا۔

ڈاکٹر فونگ کو دیکھ کر مجھے اس بات کا بھی خیال آگیا تھا کہ ڈاکٹر فونگ بھی گاؤں میں میری موجودگی سے واقف ہوچکا ہوگا۔ مجھے اس بات کا خیال آیا کہ حویلی میں اپنی موجودگی خطرے سے پر نظر آنے لگی۔ امکان تو یہی تھا کہ کم از کم اس وقت حویلی میں میری موجودگی ڈاکٹر فونگ کے علم میں نہیں ہوسکتی تھی لیکن پھر بھی میرا دل کچھ غیر مطمئن سا ہوگیا۔ مجھے یوں محسوس ہونے لگا جیسے میری ایک ایک حرکت اس خطرناک آدمی کے علم میں تھی اور اس وقت بھی وہ دروازے کی جھری سے آنکھ لگائے مجھ پر نظر رکھے ہوئے تھا۔

اس خطرے کو محسوس کرنے کے بعد میری بہتری اسی میں تھی کہ یہیں سے واپس لوٹ جاؤں لیکن یہ میری فطرت کے منافی تھا کہ میں کسی کام میں ہاتھ ڈال کر اسے ادھورا ہی چھوڑ دوں۔ میں یہاں رحم دین کی تلاش میں آئی تھی۔ اور اب میری واپسی اسی صورت میں ہوسکتی تھی کہ رحم دین میرے ساتھ ہو۔ دوسری شکل یہ بھی ممکن تھی کہ مجھے حویلی میں رحم دین کی عدم موجودگی کا یقین ہوجائے۔

میں بے آواز چلتی ہوئی آگے بڑھی اور میں نے دالان میں کھلنے والے دروازوں کا جائزہ لینا شروع کیا۔ مجھے ایک ایسے کمرے کی تلاش تھی جو باہر سے بند ہو۔ علاوہ ازیں وہ کوئی بڑا کمرہ بھی نہیں ہوسکتا تھا۔ کسی کو قید کرنے کے لئے یہاں کوئی کوٹھری ہی ہوسکتی تھی۔

میں نے ابھی تین ہی دروازے دیکھے تھے کہ مجھے دالان کے سرے پر کھٹکا سنائی دیا۔ میں بڑی تیزی سے گھوم کر اس سمت میں

نہیں محسوس ہوئی اور نہ دروازہ کھلا ہوا دکھائی دیا۔ وہ آواز میرے وہم ہی کی پیداوار تھی۔ چند لمحے مزید کے بعد میں نے پھر آگے بڑھنا شروع کیا۔

آخر مجھے ایک ایسا دروازہ مل ہی گیا جس میں کنڈی لگی ہوئی تھی۔ میں نے اس دروازے سے کان لگا کر سننے کی کوشش کی تو کسی کے سانس لینے کی آواز سنائی دی۔ یقیناً کوئی موجود تھا اور چونکہ دروازے کی کنڈی لگی تھی اس لئے وہ کمرہ میری نظر میں مشتبہ ہوچکا تھا۔

میں نے کنڈی کھولنے سے قبل اطراف کا جائزہ لیا۔ ایک کمرے کے سوا ہر طرف خاموشی چھائی ہوئی تھی جو کھیل کھیلا جارہا تھا، اس کی وضاحت مردانہ سسکیوں سے ہو رہی تھی۔

مطمئن ہونے کے بعد میں نے آہستگی سے دروازے پر دباؤ ڈالا۔ وہ کسی آواز کے بغیر کھلتا چلا گیا۔ میں داخل ہوگئی۔

کوٹھری میں ایک چھوٹی سی لالٹین جل رہی تھی۔ دو آدمی موجود تھے۔ ایک تو چارپائی پر بیٹھا ہوا تھا۔ دوسرا آدمی کھلتے ہوئے دروازے کی طرف اٹھی۔ میں چونکا ہوا کہ اس کی طرف دیکھنے لگی لیکن سوالیہ اور الجھی ہوئی نظروں سے میری طرف دیکھتا میں نے اپنی پشت پر دروازے کو آہستہ سے بند کیا۔

"یہ چارپائی پر اٹھے ہوئے کون سو رہا ہے؟"

"رحم دین۔" اجنبی کے منہ سے بیساختہ نکلا۔

"اوہ!" میرے منہ سے اطمینان کی سانس نکلی۔

اس اجنبی کو بھی اجنبی سے پوچھا "تم کون ہو؟"

"میں رحم دین کے باپ کا دوست ہوں۔" اس نے میں بتایا۔

میں چونک پڑی اور میرے منہ سے بیساختہ نکلا۔

میرے منہ سے اپنا نام سنکر اس شخص کے دل میں خیالات پیدا ہوئے ہوں گے لیکن اس کا چہرہ میرے سامنے آیا۔

"تم کون ہو بیٹی؟" اس نے پوچھا تھا۔

"یہ ان باتوں کا وقت نہیں ہے خواجہ صاحب! اس حویلی میں آئی ہوں۔ مجھے رحم دین کی تلاش تھی لیکن ذہن کے کسی بھی گوشے میں نہیں تھا کہ آپ بھی یہاں ہو کو جگایئے۔ ہمیں جلد از جلد یہاں سے نکل جانا ہے۔"

وہ آدمی معقول تھا اس لئے اس نے اپنے

ہے۔

ایسے پتہ چلا کہ رحم دین کی حالت اچھی نہیں تھی۔ اس کے لئے جبڑے ہوئے تھے۔ دشمن اسے خود زدوکوب سے اٹھانے میں خواجہ کی مدد کی تو محسوس ہوا کہ ہے۔ رہا تھا۔

جاؤ بیٹی! میں اسے اپنے کندھے پر اٹھا لوں گا۔" وہ ادھیڑ عمر ہونے کے باوجود خاصا تنومند اور اس نے رحم دین کو اٹھا کر اپنے کندھے پر لاد لیا۔

ملہر ہیں۔" میں نے اس سے کہا۔ "میں ذرا باہر کا جائزہ

والے میں ہتھوڑی سی جھری تلاش کرکے باہر جھانکا ہوا تھا کہ صحن میں رکشنی محسوس ہو رہی تھی اور بڑے ہوا تھا۔ صحن میں لوگ حرکت کرتے ہوئے نظر آئے تھے علوم ہوتی ہے۔" میں نے پلٹ کر خواجہ کی طرف دیکھتے ابھی دار کوئی آواز نہ ہو۔"

انہ انداز میں سر ہلا دیا اور میں پھر باہر جھانکنے باہر جارہے تھے۔ میں الجھن میں پڑ گئی۔ آخر حویلی کو چھوڑ کر کہاں جارہے تھے؟

ریشماں کا خیال آیا اور میرے جسم میں سنسنی پھیل گئی۔ ات نہیں سوچ سکتی تھی کہ ان لوگوں نے اتنی رات ال پر چڑھ دوڑنے کا پروگرام بنایا تھا۔

ل پر سناٹا چھا گیا اور میری سانسیں تیز سے چلنے لگیں۔ کہا۔ "جلدی کیجئے! وہ لوگ یقیناً ریشماں کی طرف

ں سے دروازہ کھولا اور باہر نکلی۔ باہر نکلتے ہی ہ سے وہ مخصوص آوازیں پھر سنائی دیں۔ میں پھر اوازوں کا مطلب یہ تھا کہ پوری حویلی خالی نہیں کی ں موجود تھے۔

گو دے قدموں اپنے پیچھے آنے کا مشورہ دیا اور اس ں میں نقب لگائی تھی۔ خواجہ میرے پیچھے پیچھے

منٹ کر میں اچانک ٹھٹک گئی۔ نقب کی دوسری طرف ہم سی روشنی محسوس ہوئی تھی۔ یکلخت میرا دل بڑی کہ شاید نقب کی دوسری طرف کوئی موجود ہے؟ مگر کون؟ ی سے کام کر رہا تھا۔ جیسے جیسے میں نے غور کیا، ڈاکٹر ، میں داخل ہوتی چلی گئی۔ یقیناً اس کو کسی نہ کسی موجودگی کا علم ہوگیا تھا چنانچہ اب جاگیردار شوکت اسی کی

وقت دھوکے ہی سے مارا جاسکتا ہے۔ جاگیردار شوکت اپنے آدمیوں کو لیکر اس طرح رخصت ہوا تھا جیسے ریشماں کی طرف جارہا ہے لیکن دراصل وہ نقب کی دوسری طرف پہنچا ہوا تھا۔ سو جو یہ گیا ہوگا کہ اسے یوں رخصت ہوتے دیکھ کر میں جلد از جلد ریشماں تک پہنچنے کے لئے نقب تک پہنچوں گی اور پھر جیسے ہی دوسری طرف نکلوں گی مجھے گولی مار دی جائے گی۔

نقب سے نکلتے ہوئے جو رکاوٹ گولی مارنے والا خاصی قانونی دشواریوں سے بچ گیا تھا۔

میرے ذہن میں خیالات کا سفر جاری تھا اور میرے سامنے حالات کے چہرے پر ہنگی سی گہر چھائی ہوئی تھی۔ میری نگاہ کو یہ اعجاز بھی حاصل نہیں تھا کہ اس گہر کو چیر کر اس چہرے کے نقوش و نگار کو ہتھیلی کی لکیروں کی طرح پڑھ لیتی۔ مجھے صرف قوت متخیلہ ہی کے سہارے اس چہرے کے نقوش و نگار کا ادراک حاصل کرنا تھا اور میرے دماغ کے خلیے اسی کوشش میں مصروف تھے۔

میں نے نقب کی دوسری طرف جو مدھم سی روشنی محسوس کی تھی وہ میرے وہم کا کرشمہ بھی ہوسکتا تھا لیکن زندگی برتنے کا فن "احتیاط میں مضمر ہے" سو میں احتیاط برتنا چاہتی تھی۔ اگر میں احتیاط نہ برتتی اور نقب کی دوسری جانب دشمن موجود ہوتا تو میری کھوپڑی کسی بھی رائفل کی گولی کا نشانہ بن جاتی۔ اس کے بعد گولی چلانے والا، قانون کی گرفت سے بچنے کے لئے بڑے اطمینان سے کہہ سکتا تھا کہ اس نے چور کو للکار کر روکنا چاہا تھا لیکن چور کی جوابی کارروائی سے گھبرا کر گولی چلا دی تھی۔

میں نے اندھیرے میں خواجہ کا کندھا دبا کر اسے خاموش رہنے کا اشارہ کردیا۔ اگر میں ایسا نہ کرتی تو عین ممکن تھا کہ وہ مجھے یوں چپ چاپ کھڑا دیکھ کر کچھ بول پڑتا۔ اس کے بولنے کے بعد مجھے سوچنے کی ذرا بھی مہلت نہیں ملتی اور مجھے فوری طور پر کوئی قدم اٹھانا پڑتا۔

مجھے سوجھا یہ تھا کہ میرے خدشے کی کوئی بنیاد ہے یا نہیں؟ یہ بات تو طے تھی کہ ڈاکٹر فونگ کو اس گاؤں میں میری موجودگی کا علم ہوچکا ہوگا۔ مجھ سے یہ حماقت جو سرزد ہوگئی تھی کہ میں نے جاگیردار کے غنڈے لالو کی پیشانی پر اپنا نام گود دیا تھا۔ اگر اس وقت مجھے یہ معلوم ہوتا کہ بیچ میں کہیں ڈاکٹر فونگ کی ٹریننگ بھی ابھی ہوئی ہے تو مجھ سے اپنا راز منکشف کرنے کی یہ حماقت ہرگز سرزد نہ ہوتی۔

بہرنوع یہ بات طے تھی کہ ڈاکٹر فونگ کو میری موجودگی کا علم ہوچکا تھا اور اس فیاز ہاں سے یہ بات بعید نہیں تھی کہ وہ میرے متوقع اقدامات کا اندازہ لگالے۔ اس نے ضرور یہ سوچ لیا ہوگا کہ میں ریشماں کے بھائی کی تلاش میں جاگیردار کی حویلی کا رخ کرسکتی ہوں۔ پھر اس وقت جب میں حویلی میں داخل ہوئی تھی تو ڈاکٹر فونگ کو بھی شور و غل سن کر اپنے کمرے سے نکلنا پڑا تھا۔ یہ بات بعید از قیاس نہیں تھی کہ اس وقت اس نے بھی مجھے دیکھ لیا ہو۔

مجھے نقب سے نکلتے ہوئے ہلاک کرنے کی اسکیم بھی ڈاکٹر فونگ

ڈاکٹر فونگ اپنے تجربات کی روشنی میں یہ سوچ سکتا تھا کہ مجھے صرف نعوہ کے ہی سے ہلاک کیا جاسکتا ہے۔

اس میں کسی شک و شبہے کی گنجائش نہیں ہوسکتی کہ میری ہلاکت، ڈاکٹر فونگ کی تمنا بن چکی ہوگی۔ اُسے زندگی بھر جو ایک جسمانی نقص پالنا تھا، اس کی ذمے دار میں ہی تو تھی، میری ہی وجہ سے وہ لنگڑا ہوا تھا اور یہ کوئی ایسی بات نہیں تھی جو فراموش ہوسکتی۔

میں سوچ رہی تھی کہ اگر میرے شبہات درست ہیں تو پھر اس بات کا یقین ناگزیر ہے کہ نقب کی دوسری جانب ڈاکٹر فونگ بھی موجود ہوگا۔ وہ اپنی آنکھوں سے ہی مجھے مرتا ہوا دیکھ کر مطمئن ہوسکتا تھا۔ سابقہ تجربات ایسے تھے کہ میری موت کے بارے میں دوسروں کے بیانات پر اُسے یقین نہیں آتا۔

میری سوچ کی لہریں جب مختلف نتائج کو چھوتی ہوئی، ڈاکٹر فونگ کے یقین اور عدم یقین کی کیفیت کے نکتے سے ٹکرائیں تو میرے دماغ میں ایک خیال کا مجسمہ، ہولناک حالات کے چہرے پر جو گہرا بھیانک ہوئی تھی، اُسے بنانے کا ایک طریقہ تو گویا سامنے کی بات تھی۔ مجھے بس یہ معلوم کرنا تھا کہ ڈاکٹر فونگ اپنے کمرے میں موجود ہے یا نہیں۔ اگر وہ اپنے کمرے میں ہوتا تو میرے منصوبے بے بنیاد ثابت ہوجاتے اور اگر وہ کمرے میں نہ ہوتا تو اس یقین کی منزل آجاتی کہ وہ نقب کی دوسری طرف موجود ہے۔

میں نے خواجہ کا ہاتھ پکڑا اور دبے قدموں چلتی ہوئی، کوٹھری کے دروازے پر آگئی، پھر میں نے خواجہ کی طرف جھک کر اس کے کان میں سرگوشی کی۔ "میں ابھی آتی ہوں، آپ یہیں رکیں۔"

خواجہ کے ذہن میں اس وقت سوالات کا ایک جال بنتا جارہا ہوگا لیکن وہ آدمی خاصا سمجھدار تھا۔ کچھ جان لینے کی بیتابی کو اس نے اپنی زبان پر نہیں آنے دیا اور میں اُسے کوٹھری کے دروازے پر چھوڑ کر آگے بڑھ گئی۔

ڈاکٹر فونگ کا کمرہ میں نے دیکھ ہی لیا تھا۔ میں دبے قدموں اس کی طرف بڑھی۔ دوسرے کمرے سے عورت کی سسکاریاں اور دو تین مردوں کے مدھم مدھم قہقہے اب بھی سنائی دے رہے تھے۔ نشے میں دھت ان مردوں نے اپنا لغزت انگیز کھیل ابھی تک ختم نہیں کیا تھا اور وہ بدنصیب عورت بدستور عذاب میں گرفتار تھی۔ اس کے بارے میں تصور ہی کرکے مجھے اپنے دوران خون میں چنگاریاں سی سنسنی محسوس ہونے لگی تھیں۔ مجھے یہ خاطر تحفظ نسوانیت، ان درندوں کو للکار بیٹھنا چاہیئے تھا لیکن موجودہ صورت حال کے تقاضے مجھے ضبط کی تلقین کر رہے تھے۔ ان حالات میں میری توجہ کو تقسیم نہیں ہونا چاہیئے تھا کیونکہ حاصل تقسیم کچھ اور پریشانیاں ہوتیں جو میری بھبھوتی میں آگ بھر دیتیں۔

میں نے اپنی سماعت پر مدھم توجہی کا پہرہ بٹھالیا اور اس کمرے سے آنے والی آوازوں کو نظر انداز کرتی ہوئی ڈاکٹر فونگ کے کمرے تک جا پہنچی۔ میں نے آہستگی سے دروازے پر ہاتھ رکھ کر دباؤ ڈالا۔ نہ

میرے اس یقین کے پرخچے اڑ گئے۔ دروازہ مذکورہ انداز میں اور قیاسات کی عمارت ملبے کا ایک گھروندا تھی۔ کمرے میں ڈاکٹر فونگ کی موجودگی نے اس بات کا مجھے نقب کے باہر جو روشنی نظر آئی تھی وہ میرے

اب میں تیزی سے سیڑھی اور بدستور دبے قدموں والی کوٹھری کے دروازے پر پہنچ گئی۔ وہاں پہنچتے ہی پر زور تناؤ محسوس ہوا اور میں ٹھٹھک گئی۔ وہاں کچھ گڑبڑ کا اندازہ ان سرگوشیوں ہی سے کیا جاسکتا تھا جو تھیں۔ میں نے کان لگا کر سننے کی کوشش کی لیکن سرگو تھیں کہ الفاظ کے جامے کے ساتھ میری سماعت کی گرفت میں وہاں ہونے والی گفتگو کو سمجھنے سے قاصر تھی۔

ایک بار پھر میری سوچ کا طوفانی سفر شروع ہوا کو سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی۔ میری دو منٹ کی غیر حاضر کیا گل کھلا گیا تھا؟ وہ سرگوشیاں، رحم دین اور خواجہ کی تھیں۔ رحم دین اس قابل نہیں تھا کہ کسی گفتگو میں باقاعدہ یہی بات ممکن نظر آتی تھی کہ وہ دونوں، جاگیر دار شوکت ہوں۔ میں نے نقب کی دوسری طرف جو روشنی دیکھی تھی، تھا۔ جاگیر دار شوکت اور اس کے آدمی وہاں موجود تھے، میں انہوں نے اندر گھس کر میرے دونوں رفیقوں کو محبوس میرے منتظر ہوں گے لیکن میں ان کے لئے لوہے کا چنا سرگوشیوں میں گفتگو کرنے کی حماقت میری سمجھ میں نہ خاموشی سے میرا انتظار کرنا چاہیئے تھا۔

"مجھے خود جا کر دیکھنا چاہیئے۔" آخر اتنی دیر کیوں ہو؟ سماعت سنائی دی اور بے اختیار میرے منہ سے ایک طویل میں نے آواز پہچان لی تھی لیکن اس سوال نے مجھے حیران یہاں کیسے پہنچ گیا؟

قدموں کی آہٹ دروازے کی طرف بڑھی ہی تم گھستی چلی گئی۔ دروازے کی طرف بڑھتا ہوا رضوان ٹھٹھک دہرتک اندھیرے میں رہنے کے باعث اب میری آنکھیں دیکھنے پر قادر ہوچکی تھیں۔ میں نے ایک لڑکی کا سایہ بھی رحم دین کو کوٹھری کے کچے فرش پر لٹا دیا تھا۔

"ریشماں!" میں نے لڑکی کی طرف دیکھتے ہوئے

"جی باجو!" جواب ملا۔

اپنا قیاس درست ہونے پر میں سر ہلا کر رہ گئی

"خاکسار کو بھی پکار لیجیے!" رضوان گنگنایا۔

"تمہیں تو میں اچھی طرح پکاروں گی لیکن پہلے یہ فکر کرنا چاہیے۔ بہت سے سوالات میرے ذہن میں گو

اس وقت فضائی نہیں کیا جاسکتا۔"

اس وقت کوئی بُرے کی بات نہ سمجھنے کر عقلمندی کا مظاہرہ کیا

کسی وقت دو آدمی نہیں گزر سکتے تھے اس لئے پہلے اور پھر میں نے بیمار رحم دین کو نقب سے باہر نکالنے میں رضوان نے رحم دین کو اپنی طرف کھینچا، پھر خواجہ، کر کے سرنگ سے نکل گئے۔ خواجہ نے ایک شانے پر ڈال لیا اور ہم سب کے ساتھ جلدی جلدی

اس کیا کہ ریشماں کے منہ سے کبھی کبھی مدھم سی کراہ نکل جاتی (وہ کافی زخمی ہوسکتا تھا۔ اگر وہ ایک باہمت لڑکی بگڑ چکی تھی، اُسے چاقو کا زخم کھائے ہوچکی تھی اس لئے تکلیف میں شدت آتا ہی

پھر ایک جیپ کھڑی ہوئی نظر آئی تو میں ٹھٹھک گئی۔ "جناب!" اور بڑھ گیا جب رضوان نے خواجہ سے کہا۔ "جیپ پر لٹا دیجئے!"

"میں بولے بغیر نہ رہ سکی۔ "کیا یہ جیپ.....؟"

"ہم تو نہیں ملی۔" رضوان نے میری بات کاٹتے ہوئے "اس وقت میری ہی ہے۔"

"ہم وگی سے مجھے خاصی تعویت پہنچی تھی۔ باب رحم دین کو پہلوی سے جا کر کسی ہاسپٹل میں داخل کیا جاسکتا تھا میں دیکھی تھی، اُس کا تقاضہ یہی تھا کہ اُسے جلد از جلد انجانے۔ اس کے ساتھ ہی ریشماں کے زخمی بازو کی کتنی تھی۔ گاؤں کے ڈاکٹر کی اُتی ہوئی ڈریسنگ ہیں ہوا تھا لیکن اس وقت کوئی اور صورت ممکن

ں کا ذہن کرنا یوں بھی ناگزیر تھا کہ اس وقت ریشماں ہاں محفوظ نہیں تھی۔ جاگیر دار شوکت اپنے غنڈوں کو لے کر

ہو پہلی سیٹ پر لٹانے کے بعد خواجہ اگلی سیٹ پر اں نے پچھلی ہی سیٹ سنبھالی تھی اور بیمار و نزار ی محبت سے اپنی گود میں رکھ لیا تھا۔

ہ ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور پھر مجھے بدستور کھڑا دیکھ ا میں بولا۔ "کیا ارادہ ہے؟"

وقت الجھن میں مبتلا تھی۔ فیصلہ کرنا مشکل ہو رہا تھا کہ اں، ایک اتفاق کے تحت ڈاکٹر فونگ میری نظر میں ات سمجھ نہیں آرہی تھی۔ اب مجھے سوچنا صرف یہ میں ڈاکٹر فونگ کے سلسلے میں کیا کر سکوں گی۔ فوری طور پر تو یہاں میرے لئے سر چھپانے کی بھی جگہ نہیں تھی۔ بہتر یہی معلوم ہوتا تھا کہ میں بھی ان لوگوں کے ساتھ پنڈی چلی جاؤں اور اسی دوران میں یہ سوچ لوں کہ ڈاکٹر فونگ کے سلسلے میں کیا قدم اٹھایا جاسکتا ہے۔

"چلو!" میں کہتی ہوئی جیپ پر چڑھ گئی۔

"ابھی تک کس استغراق میں تھیں مادام!" رضوان نے انجن اسٹارٹ کرتے ہوئے پوچھا۔

"تم ضرورت سے زیادہ ہی سر چڑھتے جارہے ہو!" میں نے ناگواری سے کہا۔

"کاش میرا چڑھنا آپ کو ناگوار نہ ہوتا۔" رضوان ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔

"یکومت!"

"آپ نے ابھی تک یہ نہیں پوچھا کہ میں یہاں پہنچا کیسے؟"

"یہ کچھ ایسی زیادہ تعجب خیز بات نہیں ہے۔" میں نے منہ بنا کر کہا۔ "فوری طور پر تو میں واقعی حیران ہوگئی تھی لیکن اب میں سوچ سکتی ہوں کہ ایسا کیونکر ممکن ہوا ہوگا۔"

"ذرا میں بھی تو آپ کے تخیل کی پرواز دیکھوں!"

"بالکل سیدھی سی بات ہے۔" میں نے کہا۔ "میں چونکہ فوری طور پر کراچی واپس نہیں لوٹی تھی اس لئے تمہارے پیٹ میں درد اٹھا جو تمہیں پنڈی لایا۔ وہاں تم نے اسٹیل چینس ڈاٹر کیئر سے رابطہ قائم کیا ہوگا۔ اس سے تمہیں اس ہوٹل کا نام معلوم ہوگیا جہاں میں ٹھہری تھی۔ وہاں سے یہاں تک کا معاملہ اس ٹیکسی ڈرائیور سے معلوم ہوسکتا ہے جو مجھے یہاں لایا تھا۔ اس ٹیکسی ڈرائیور تک تمہاری رسائی ہوٹل کے دربان کی وجہ سے ہوئی ہوگی۔ وہ دونوں ایک دوسرے کے واقفکار معلوم ہوتے ہیں کیونکہ جب میں ٹیکسی میں بیٹھی تھی تو ان دونوں نے ہاتھ اٹھا کر ایک دوسرے سے سلام دعا کی تھی۔ اب بتاؤ! میں نے کوئی غلط نکتہ بیان کیا ہے؟"

رضوان حیرت سے منہ پھاڑ کر رہ گیا۔ پھر ایک طویل سانس لے کر زیر لب بڑبڑایا۔ "شرلک ہومز کی مادہ کو نہ جانے کیا کہتے ہیں!"

"لیکن ایک بات میری سمجھ میں ابھی تک نہیں آئی۔" میں نے کہا۔ "جاگیر دار شوکت کی حویلی کے بارے میں تم کو ریشماں ہی سے معلوم ہوا ہوگا اور وہی تم کو وہاں لے گئی ہوگی لیکن الجھن یہ ہے کہ اس نے تم پر اعتبار کیسے کرلیا؟"

"ہا ہا..... یہ بھی ایک دلچسپ لطیفہ ہے۔"

"میں بتاؤں باجو!" پیچھے سے ریشماں بول پڑی۔ "میں نے چاقو کی نوک ان کی پسلیوں سے لگا رکھی تھی۔"

"اور اس کی پیشکش بھی میں نے ہی کی تھی۔" رضوان نے لقمہ دیا۔

"ظاہر ہے کہ تم ایسا کئے بغیر ریشماں کو جاگیر دار کی حویلی تک نہیں لے جاسکتے تھے۔" میں نے کہا اور پھر مڑ کر پیچھے دیکھتی ہوئی بولی۔ "جیپ کی رفتار ذرا تیز کردو۔"

"کیوں؟ خیریت؟ کیا کوئی ہمارے پیچھے لگ گیا ہے؟"

"ابھی تو نہیں لگا مگر اس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔" میں نے کہا پھر بولی "ریشماں! تمہیں تو یہ اندازہ نہیں ہوگا کہ تم ایک خطرے سے بال بال بچی ہو۔"

"وہ کیسے بانو؟"

"تم تو اس وقت جاگیردار کی حویلی کی طرف نکل آئی تھیں اور وہ اب تمہاری حویلی کی دیواروں سے ٹکرا رہا ہوگا۔" میں نے بتایا۔ "وہ کچھ ہی دیر پہلے اپنے غنڈوں کو لے کر اپنی حویلی سے روانہ ہوا تھا۔"

"اوہو!" رضوان بولا۔ "پھر تو وہ اس وقت تلملا رہا ہوگا۔"

"اس وقت اور تلملائے گا جب واپس اپنی حویلی پہنچ کر اسے پتہ چلے گا کہ اس کے دونوں قیدی غائب ہو چکے ہیں۔"

"اس وقت تو وہ اپنی بوٹیاں نوچے گا بانو!" ریشماں چہکی۔

"مجھے صرف اس بات کی خوشی ہے کہ تمہیں تمہارا بھائی مل گیا۔"

"آپ کا یہ احسان تو میں زندگی بھر نہیں بھولوں گی۔"

"اب تمہیں خواجہ صاحب بھی مل گئے ہیں۔ ان کی شہادت کے زور پر تم جاگیردار شوکت سے قانونی جنگ لڑ سکتی ہو۔"

"قانونی جنگ لڑنے کے لئے پیسے کی ضرورت پڑتی ہے بانو!" ریشماں نے افسردگی سے کہا۔

"تو فکر نہ کرو بیٹی!" خواجہ بول پڑا۔ "تیرا چاچا زندہ ہے، میں تجھے تیرا حق دلا کر رہوں گا۔ جاگیردار کی ایسی کی تیسی۔"

"مجھ سے بھی اس سلسلے میں جو کچھ ہو سکے گا، وہ ضرور کروں گی۔" میں نے ریشماں کی ڈھارس بندھائی۔

اچانک رضوان نے سندھی زبان میں خواجہ کو مخاطب کر کے پوچھا "آپ کیا کاروبار کرتے ہیں؟"

"بیٹا! میں یہ زبان نہیں سمجھ سکتا۔ شاید تم سندھی بول رہے ہو؟"

"جی ہاں۔" میں یہ کہہ رہا تھا کہ بانو کے ساتھ ساتھ آپ کو میرا بھی تعاون حاصل رہے گا۔"

"شکریہ بیٹا! شکریہ!"

میں سمجھ گئی کہ اب رضوان سندھی زبان میں مجھ سے مخاطب ہوگا۔ اس نے خواجہ سے اس زبان میں مخاطب ہو کر دراصل یہ جاننے کی کوشش کی تھی کہ وہ سندھی جانتا ہے یا نہیں!... ریشماں کے بارے میں اس بات کی تصدیق وہ پہلے ہی کر چکا ہوگا۔ ممکن ہے کہ جاگیردار شوکت کی حویلی کے راستے میں وہ ریشماں کو سندھی میں مخاطب کر بیٹھا ہو۔ کبھی کبھی وہ موقع محل دیکھے بغیر سندھی، پنجابی یا بلوچی زبان میں گفتگو کرنے کا عادی تھا۔ اپنے دوستوں کو بھی وہ دوسرے صوبوں کی زبان سیکھنے کی تلقین کیا کرتا تھا۔ اس ضمن میں اس کی یہ بات دل کو لگتی بھی تھی کہ یہ چھوٹا سا اقدام اختیار کر صوبائی عصبیت کی ہوا کو دھیما کیا جا سکتا ہے۔

میرا خیال درست ثابت ہوا اور رضوان نے سندھی میں مجھ سے

کہا "بانو! یہ آپ کو قدم قدم پر نئی نئی لڑکیاں کیسے ملتی رہتی ہیں؟"

"شکر خورے کو شکر والی بات تو تم نے سنی ہی ہوگی۔" کرسندھی ہی میں جواب دیا۔ "لیکن اس موضوع پر پھر سہی۔ تم مجھے یہ بتاؤ کہ تمہارا بھیجا کیسے اُتر گیا۔"

"کیا مطلب؟ کیسا بھیجا؟"

"جب میں کراچی سے چلی تھی تو تمہارے ذہن پر سوار تھا کہ میں اسمگلروں کے ایک گروہ سے تعلق رکھتی ہوں۔"

"آ... ہاں..." رضوان نے سر جھٹکا۔ "میں نے بہت سوچا تھا اور مجھے اپنے وہ خیالات کچھ احمقانہ سے لگے۔"

"کسی کو اتنی جلدی عقل آتے ہوئے میں نے نہیں دیکھا۔"

"آپ میری بات ٹال رہی ہیں۔ میں یہ پوچھ رہا تھا معصوم لڑکی کیسے پھانس لی؟"

"خیر یہ اتنی معصوم بھی نہیں ہے، جتنی نظر آ رہی ہے۔ تک کر لیتی ہے۔"

"تکراؤ کہاں ہوا تھا؟"

میں نے مختصر طور پر اُسے ریشماں کے بارے میں بتایا۔

"خوب!" رضوان نے طویل سانس لے کر کہا۔ "گویا حاتم کی طائی ہو رہی ہیں!"

"کیا مطلب؟"

"چلی تھیں پریسیڈنٹ سے ملنے لیکن بیچ میں ہی تمثال ٹپک پڑی جو اپنے پونے چار سوالوں کے ساتھ پریسیڈنٹ سے بھی مل چکی ہوں۔"

"کیسی رہی ملاقات!"

میں نے اس ملاقات کا حال بھی سُنا دیا۔ اس سے آگے نہیں بڑھ سکی کیونکہ ہم پنڈی پہنچ گئے تھے۔ رضوان ہاسپٹل کے سامنے روکے ہی تھے کہ رحم دین کو داخل کرانا تھا۔ رحم دین کو داخل تو کرا دیا گیا لیکن یہاں ہمیں کو مشکل سے بھی دو چار ہونا پڑا۔ رحم دین کے جسم پر تشدد بالکل صاف تھے لہٰذا ان کا معائنہ کرتے ہی ڈاکٹر نے پولیس اور میں منٹ میں ایک پولیس جیپ وہاں پہنچ گئی۔ ایک ..... ایک ایس آئی اور دو کانسٹیبل تھے۔ انہوں نے آتے ضمنے ہمارے لتے لے لئے۔ وہ رحم دین کی اس جسمانی حا جاننا چاہتے تھے۔ میں اُلجھن میں پڑ گئی۔ سچ بتانے کا جاگیردار شوکت کا نام سامنے آتا۔ پولیس فوراً جاگیردار جاگیردار ان حالات سے واقف ہوتے ہی اپنے اثر و رسو کر دیتا۔ اس طرح اُسے اپنے لئے ایک سازگار فضا مل جاتی جبکہ رحم دین اور ریشماں کا کھیل بگڑ جاتا۔ ان سب نظر کہ کر میں نے یہ فیصلہ کیا کہ پہلے کسی اچھے وکیل سے

میرے ہونٹوں پر ایک تلخ سی مسکراہٹ پھیل گئی۔

"لیکن سب انسپکٹر نے مجھے گھورا۔ "آپ لوگ یہاں سے کہیں نہیں جائیں گے۔"

"کوئی حرج نہیں۔ وکیل کو فون کر کے بھی بلایا جا سکتا ہے۔ اس تعاون کا بہت بہت شکریہ آفیسر!" میرے لہجے کا تو کیلا پن برقرار تھا۔ ہمیں ایک ایسے کمرے تک محدود کر دیا گیا جہاں ٹیلیفون موجود تھا۔ دونوں کانسٹیبل دروازے پر تعینات کر دیئے گئے تھے۔

"آپ ان لوگوں سے کیوں اُلجھ رہی ہیں بانو!" تنہائی میسر آتے ہی ریشماں گھبرائے ہوئے لہجے میں مجھ سے بولی۔ "کہیں لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔"

"تم بالکل نہ گھبراؤ!" میں نے اس کی پیٹھ تھپکی۔ "بیجا دباؤ ڈالا جائے تو ان لوگوں سے اُلجھنا ہمارا حق ہے۔ ہمارے اس حق کا استعمال زیادہ عرصے تک نہیں کیا جا سکتا۔ اگر حکومت نے اس کا سدباب نہ کیا تو اسے اس کے سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے۔ بلکہ میں محسوس کر رہی ہوں کہ اب ان نتائج کا وقت قریب ہی آ گیا ہے۔"

وقت نے ثابت کر دیا کہ میرے اندازے غلط نہیں تھے۔ وہ حکومت ایک عظیم انقلاب کے دھارے پر رقص و خاشاک کی طرح بہہ گئی تھی اور ایک نیا سورج طلوع ہوا تھا جس سے لوگوں نے بڑی حد تک توقعات وابستہ کر لی تھیں۔

میں اور رضوان سندھی میں گفتگو کرنے لگے۔ رضوان نے کہا۔ "پولیس کے ان جھمیلوں سے نجات تو بڑی آسانی سے حاصل ہو سکتی ہے لیکن بڑی بچکانہ سی بات ہوگی اگر ہم اتنی چھوٹی چھوٹی مشکلات کے لئے صدرِ مملکت سے رابطہ قائم کریں۔"

"ظاہر ہے۔" میں نے کہا۔ "ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں کے لئے تو میں وزیرِ داخلہ سے بھی رابطہ قائم کرنا پسند نہیں کروں گی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ میں اس وقت تک کسی کا سہارا نہیں لینا چاہتی جب تک قطعی بے بسی کا شکار نہ ہو جاؤں۔"

"اپنی شخصیت کا وقار اسی طرح بحال رہ سکتا ہے۔" رضوان نے سر ہلا کر کہا اور سگریٹ سلگانے لگا۔

اب صبح کا دھندلکا پھیلنے لگا تھا اور کہیں قریب ہی سے چڑیوں کی چہکار سنائی دینے لگی تھی۔

میں ڈاکٹر فونگ کے بارے میں سوچنے لگی۔ یہ سوال میرے لئے بڑا اہم تھا کہ وہ چالاک، خطرناک اور سفاک شخص ان حالات کا تجزیہ کر کے کن نتائج تک پہنچے گا؟..... اب میں یہ شبہہ کر سکتی تھی کہ اُسے میرے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہوا ہوگا۔ اگر معلوم ہو جاتا تو وہ مجھے ہمیشہ کے لئے اپنی راہ سے ہٹانے کی کوشش ضرور کرتا۔ اس کی بے خبری کی دلیل تھی لیکن اب جو بھگدڑ میری ذات سے برپا ہو چکا تھا اس کے بعد ڈاکٹر فونگ کو سب کچھ معلوم ہو جاتا۔

کے مشوروں کی روشنی میں بیانات دیئے جائیں۔ لہٰذا اس طرح وکیل کو بھی آئندہ کیس لڑنے میں آسانی ہو اور اس سے ایسا ماحول تیار کر لیا جس سے مستقبل میں

اب میں نے سب انسپکٹر سے کہا کہ ہم اپنے وکیل سے مشورہ کئے بغیر کوئی بیان نہیں دیں گے تو وہ بُری طرح بھنا گیا۔ نہ جانے کیوں ایسے شہری حقوق یا قانونی حق کو یہ رضا و رغبت لاتے ہیں اور اس کے نتیجے میں بات بڑھتی چلی جاتی ہے۔ معاملے کو اپنی اَنا کا مسئلہ بنا لیتا ہے اور اپنے اختیارات کو بروئے کار لانے کی کوشش کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پولیس کو عام لوگوں کا تعاون حاصل نہیں ہوتا اور چھوٹے چھوٹے جھگڑے حل ہونے کی بجائے پیچیدہ ہو جاتے ہیں اور عدم تعاون کے مسئلہ بن کر رہ جاتی ہیں۔

انسپکٹر بھی ہمیں بند کر دینے کی دھمکیوں پر اتر آیا اور بالآخر بڑبڑاتا ہوا کمرے میں اس کے شانے پر نظر آنے والے پھولوں کے امکانات روشن کر سکتی ہوں۔ میرے اس تمرّی پر ٹھنڈا پڑ گیا۔ ممکن ہے اُسے ماضی میں کوئی تلخ تجربہ ہو۔ وہ ہمیں لفنگا الٹا ہوا غرایا۔

"جہنم میں۔"

"ہاں" کر ساڑھے آٹھ بجے سے پہلے کسی وکیل کا دفتر کھلے، اطمینان سے کہا۔ "لہٰذا آپ نو بجے تک انتظار

میں یہ بھی ممکن ہے کہ میں اس شخص کو طبی امداد نہ پہنچنے

بانو!" میں نے لاپرواہی سے کہا۔ "ظاہر ہے کہ اس بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایک عام آدمی کی زندگی پولیس ہی کی صوابدید پر ہوتا ہے۔"

میں ایسی چبھن تھی کہ پولیس انسپکٹر کا چہرہ غصے

جیسے قریب ہی کھڑا تھا اور اس گفتگو سے قطعی بے تعلق کے برخلاف ریشماں اور خواجہ کے چہرے پر تشویش تھے۔ ریشماں تو کچھ گھبرائی ہوئی بھی تھی۔ یہ کتنا یہاں کے لوگ مجرم نہ ہوتے ہوئے بھی پولیس

انسپکٹر کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ "زخمی کو

بانے یا نہیں؟"

عمل اوا کیجیے!" سب انسپکٹر کی غراہٹ میں بڑی

حتیٰ کہ میرا نام سن کر وہ سناٹے میں آجاتا۔ جو کچھ ہو چکا تھا اس سے وہ یہی نتیجہ اخذ کرتا کہ میں اتفاقاً ہی ریشماں اور جاگیر دار کے قضیے سے متعلق ہو گئی ہوں اور یہ کہ مجھے اس کے بارے میں کچھ نہیں معلوم!..... اگر معلوم ہوتا تو میں اسے اس طرح نظر انداز کر کے وہاں سے نہ نکل جاتی۔

یہ سوچ کر مجھے اطمینان ہو گیا کہ وہ میری طرف سے مطمئن ہو گیا۔ میری "بے خبری" کا اندازہ ہو جانے کے بعد اسے جاگیر دار کی جوابی کارروائی سے فرار ہونے کا کوئی جواز نظر نہ آتا اور یہی میرے حق میں بہتر تھا۔ موجودہ الجھن سے نکل جانے کے بعد میں پھر اس تک پہنچ سکتی تھی۔

سوچ بچار اور ادھر ادھر کی باتوں میں آٹھ بج گئے۔ کانسٹیبل سے کہہ کر ہاسپٹل کی کینٹین سے ناشتہ منگوایا گیا۔ ناشتے کے بعد میں ٹیلیفون ڈائریکٹری اٹھا کر کسی وکیل کا نمبر ڈھونڈنے لگی۔ خواجہ نے اندازہ کر لیا کہ مجھے کس چیز کی تلاش ہے۔ وہ بول پڑا۔

"کیا تم کو کسی وکیل کی تلاش ہے؟"

"ہاں۔"

"اس کی ضرورت نہیں بیٹی! میں ایک بہت اچھے وکیل سے واقف ہوں۔ وہ میرے دو ایک مقدمے لڑ چکا ہے۔"

"تو پھر آپ اس سے رابطہ قائم کر لیجئے۔ ساڑھے آٹھ تو بج گئے ہیں۔ عموماً وکیل اس وقت تک دفتر پہنچ جاتے ہیں۔"

خواجہ سر ہلا کر ٹیلیفون کے قریب آگیا اور ریسیور اٹھا کر نمبر ڈائل کرنے لگا۔ وکیل سے اس کی گفتگو دو تین منٹ تک ہوئی اور پھر اس نے سلسلہ منقطع کر کے مجھے بتایا کہ وکیل پندرہ بیس منٹ میں یہاں پہنچ جائے گا۔

نو بجنے میں پانچ منٹ رہ گئے تھے جب وکیل وہاں پہنچا۔ اس نے بڑے غور سے سارے واقعات سنے اور کچھ دیر تک سوچنے کے بعد بولا۔ "آپ لوگ حقائق کو جوں کا توں بیان کر دیں۔ اس میں کسی تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے۔"

"پولیس انتظام کر کچھ میں نہ پھانس دے۔" خواجہ نے خدشہ ظاہر کیا۔

"نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔"

"جاگیر دار کے وسائل بہت ہیں۔"

"آپ فکر نہ کریں، میں سب دیکھ لوں گا۔"

مجھے وکیل کا یہ طریقہ کار کچھ جچا نہیں لیکن میں قانونی معاملات میں دخل اندازی نہیں کرنا چاہتی تھی اس لئے خاموش رہی۔

سب انسپکٹر نے ہم لوگوں کو باری باری ایک کمرے میں بلا کر بیانات قلمبند کئے۔ میں نے اس دوران میں ٹیلیفون پر اسی ہوٹل سے رابطہ قائم کیا جہاں قیام کر چکی تھی۔ اتفاق سے برابر برابر دو خالی کمرے موجود تھے جو میں نے بک کرا لئے۔

بیانات کے بعد سب انسپکٹر نے مجھ سے کہا۔ "فی الحال آپ لوگ راولپنڈی نہیں چھوڑ سکتے اور ہمیں یہ ضرور معلوم ہونا چاہئے کہ لوگوں کا قیام کہاں ہو گا۔"

میں نے اس ہوٹل کا نام بتا دیا جہاں کمرے لئے تھے۔

"میں تو اپنے گھر جاؤں گا بیٹی!" خواجہ بولا۔ "جب میں ہوٹل میں کیوں ٹھہروں۔"

"اپنے گھر پر آپ کسی خطرے سے بھی دوچار ہو سکتے ہیں۔" خواجہ نے کہا۔

میں نے انکھیوں سے سب انسپکٹر کی طرف دیکھا۔

"ہم جانتے ہیں کہ ہمیں کس وقت کیا کرنا چاہئے۔" آپ خواجہ نے پتہ لکھا دیا۔

اس جھگڑے سے نپٹ کر ہم لوگ ڈاکٹر کی طرف اس سے رحمدین کے بارے میں پوچھنے۔

"ان کو صحیح طور پر ٹریٹ منٹ دیا جا رہا ہے۔ آپ کریں۔" ڈاکٹر نے جواب دیا۔ "ان کی حالت زیادہ کل تک وہ اس قابل ہو جائیں گے کہ گفتگو کر سکیں۔"

"ڈاکٹر جی!" ریشماں بھرائی ہوئی آواز میں دنیا میں اس کے سوا کوئی نہیں ہے۔"

"بالکل مت گھبراؤ بے بی! وہ ٹھیک ہو جائیں"

"میں اس کے پاس چلی جاؤں؟" ریشماں نے

"آج نہ ملو تو بہتر ہے۔ تم ان سے کوئی گفتگو تو کر"

"لیکن....." ریشماں نے پہلو بدلا اور اپنی بات ایک بھائی کے لئے بہن کا پیار تڑپ رہا تھا کہا کہ وہ ریشماں کو صرف ایک منٹ کے لئے وہ جانے کی اجازت دے دے۔ ڈاکٹر نے اجازت خواجہ کے ساتھ رحمدین کو دیکھنے چلی گئی۔

رضوان بولا۔ "ہمیں آخر تک یہاں رکنا"

"ریشماں آجائے تو چلتے ہیں۔"

"میری مراد ہاسپٹل سے نہیں راولپنڈی سے"

"راولپنڈی سے نکلنا تو ابھی بہت مشکل ہے جھگڑا نہ کھڑا ہو گیا ہوتا تو بھی میں ابھی راولپنڈی تھی۔ آخر تمہیں ہوا کیا تھا کہ کراچی سے یہاں تک"

"ہائے۔" رضوان نے بڑی دلدوز آہ بھری نہیں بلکہ سیدھا سیدھا قاتلانہ کہنا چاہیے۔ کاش کسی کے دل پر فاصلوں کے کیا اثرات مرتب ہوتے "کسی دن میں تمہارے سر سے عشق کا بخار اتار گی۔" میں نے منہ بنا کر کہا۔

عشق کے گلستان میں کرائے اور چوڑے سے آبیاری کرنا بات ہے۔" رضوان نے بڑی مضحکہ خیز سنجیدگی کے

ورنہ باتوں سے میرا کوئی واسطہ نہیں کیونکہ اس سے لفوانی ہے۔"

لوں کے منہ سے ایسی باتیں سن کر خود کشی کر لینے کو جی

ہی چکو کسی طرح' بس باتیں ہی بناتے رہتے ہو۔"

ہوں لیکن جس پر مرا ہوں' وہ بڑا سفاک محبوب ہے۔

اوے کم پر تو کوئی مفاہمت ہی نہیں کرتا۔"

ہم کرانی سنت جلد کہنے والی تھی کہ ریشماں اور خواجہ واپس آتے

کر مجھے خوشی ہوئی کہ ریشماں نے اپنے زخم کی ڈریسنگ

اس ہنگامے میں مجھے تو اس کا خیال ہی نہیں رہا تھا۔

ہم نے اپنے ساتھ جیپ میں بٹھا دیا۔ میں نے اس سے

اس کے شوہر پر چھوڑتے ہوئے کہا۔ "خواجہ نے کہا۔

تمہارے ہوٹل ہی چلوں گا بیٹی!"

آپ کرنا ہیں۔"

میں خواجہ صاحب!" میں نے حیرت سے اس کی

میں چل کر بتاؤں گا۔"

انداز بڑا پُراسرار سا تھا۔ میں الجھن میں پڑ گئی۔ رضوان

ہاتھ باہر کھڑکی کے باہر دیکھنے لگا تھا اور ریشماں' خواجہ

گئی تھی۔

کر میں نے کاؤنٹر سے کمروں کی چابیاں لیں اور پھر ہم

لوبا" میں نے رضوان سے کہا۔ میں اور ریشماں دوسرے

گے۔"

" رضوان سندھی زبان میں زیر لب بڑبڑایا۔

اس کی بڑبڑاہٹ کو درخور اعتنا جاننے کی ضرورت

ارکھ کا معنی قفل کھولنے لگے۔ رضوان بھی ہمارے

میں داخل ہو گیا۔ اس کے دل میں یہ کرید ہو گئی تھی کہ

میں کہنا چاہتا ہے۔

خواجہ ہم چاروں بیٹھ گئے تو میں نے استفہامیہ تقرار سے

لہا۔

خواجہ نے جھجکتے ہوئے کہا۔ "کیا تم میرے ساتھ نیچے

"ہاں۔"

"چلئے!" میں ایک لمبی سانس لے کر کھڑی ہو گئی۔ یہ سمجھنا اب مشکل نہیں رہا تھا کہ خواجہ مجھ سے تنہائی میں کچھ کہنا چاہتا ہے۔ میں نے رضوان سے کہا۔ "تم ریشماں کے ساتھ یہیں رکو۔ میں ابھی آتی ہوں۔"

رضوان نے منہ بنا کر سر ہلا دیا اور میں خواجہ کے ساتھ کمرے سے نکل آئی۔

"آپ مجھ سے تنہائی میں گفتگو کرنا چاہتے ہیں نا؟" میں نے چند قدم چل کر پوچھا۔

"ہاں۔"

"تو اس کے لئے نیچے جانا کیا ضروری ہے؟"

"بالکل ضروری نہیں ہے بشرطیکہ یہاں تنہائی میسر آسکے۔"

"بس تو پھر ہم اس کمرے میں بیٹھ جاتے ہیں۔" میں نے برابر والے کمرے کے دروازے پر رکتے ہوئے کہا۔ میں نے اس کی چابی ابھی رضوان کو نہیں دی تھی۔

اس کمرے میں داخل ہونے کے بعد میں نے دروازہ اندر سے بند کر لیا۔

"اب ہم اطمینان سے گفتگو کر سکتے ہیں۔" میں نے خواجہ سے کہا۔

"ہاں۔" خواجہ نے سر ہلایا۔

ہم دونوں آمنے سامنے بیٹھ گئے تھے۔

"بیٹی!" خواجہ نے مجھ سے نظریں ملائے بغیر کہا۔ "میں تھرا پرانا آدمی لیکن میں نے محسوس کیا ہے کہ تم نئی دنیا کے تقاضوں کو پوری طرح سمجھتی ہو۔ ریشماں سے تمہارے بے غرض تعاون اور خلوص کو دیکھنے کے بعد میں تم پر اعتماد بھی کر سکتا ہوں۔ مجھے تم سے ایک مشورہ درکار ہے۔ میں نے پولیس سے ایک بات چھپائی تھی اور اب تم ہی مجھے بتاؤ گی کہ میں نے غلط تو نہیں کیا۔"

"وہ کیا بات ہے؟" میں نے بے چینی سے پوچھا۔

"کل میں نے رات کے ابتدائی حصے میں جاگیر دار شوکت کے آدمیوں کی کچھ گفتگو سنی تھی جس سے مجھے پتہ چلا تھا کہ وہ لوگ کسی لڑکی کو اغوا کرنے والے ہیں۔ لڑکی ایک کالج میں سیکنڈ ایئر کی طالبہ ہے۔ اسی گینگ کے ایک خوبصورت نوجوان نے اس لڑکی کو اپنے عشق کے جال میں پھنسایا ہے اور آج اسی نوجوان کے ذریعے سے اس لڑکی کو اغوا کر لیا جائے گا۔"

"وہ کس کالج میں پڑھتی ہے؟" میں نے جلدی سے پوچھا۔

خواجہ نے کالج کا نام بتایا جو میں یہاں مصلحتاً نہیں لکھ رہی ہوں۔

"اسے کالج سے چھٹی کے وقت اغوا کیا جائے گا۔" خواجہ نے بتایا۔

میں نے گھڑی پر نظر ڈالی۔ درس گاہوں کی چھٹی ہونے میں ابھی خاصی دیر تھی۔

"یہ بات آپ نے پولیس کے سامنے کیوں نہیں بتائی؟" میں نے

سوال کیا۔

"میں نے کہا نا بیٹی کہ میں پرانی طرز کا آدمی ہوں۔ یہ نئی دنیا کی الجھنیں مجھے پریشان کر دیتی ہیں اور میرے لئے فیصلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ کیا کروں میں ڈر رہا تھا کہ یہ نیا جھگڑا اٹھ کھڑا ہوا تو میں نہ جانے کس چکر میں پھنس جاؤں۔ پولیس سے ڈر ہی لگتا ہے۔ میرے پاس اس بات کا کوئی ثبوت تو ہے نہیں کہ کسی لڑکی کو اغوا کیا جانے والا ہے اور اس میں جاگیردار شوکت ملوث ہے۔"

"آپ نے ٹھیک کیا خواجہ صاحب! خواہ مخواہ ایک نئے معاملے میں کھنچے کھنچے پھرنا پڑتا۔"

"لیکن میرا دل بڑا افسردہ ہو گیا ہے بیٹی! کسی معصوم بچی پر نہ جانے کیا قیامت گزر جائے۔" خواجہ ایک رقیق القلب شخص تھا۔

"اس کی فکر نہ کیجئے!" میں نے کہا۔ "میں پولیس کو اس بات سے باخبر تو کروں گی لیکن خود سامنے نہیں جاؤں گی۔"

"ہاں بیٹی! یہ ٹھیک ہے۔" خواجہ نے خوش ہو کر کہا۔ "اسی لئے تو میں نے صرف تمہیں بتایا ہے اس کے بارے میں!... مجھے یہ تدبیر نہیں سوجھ سکتی تھی۔"

"اب آپ اپنے گھر جی جائیں گے نا؟" میں کھڑی ہو گئی۔

"ہاں، تھوڑی دیر کے لئے جاؤں گا۔ پھر مجھے وکیل صاحب کے پاس جانا ہے۔ انہوں نے بلایا تھا نا؟"

"ٹھیک ہے۔ شام تک کسی وقت مجھ سے بھی مل لیجئے گا۔"

میں خواجہ کو چھوڑنے کے لئے ہوٹل کے دروازے تک گئی اور اسے رخصت کر کے تیزی سے واپس لوٹی۔ رضوان سگریٹ نوشی میں مصروف تھا اور ریشماں بھی کسی خیال میں کھوئی ہوئی چپ چاپ بیٹھی تھی۔

"خواجہ جا چکا گئے؟" وہ مجھے دیکھتے ہی سوال کر بیٹھی۔

"ہاں۔" میں نے کہا پھر رضوان سے بولی۔ "تم ذرا میرے ساتھ آؤ۔"

"آپ کہاں جا رہی ہیں بانو!" ریشماں نے جلدی سے پوچھا۔

"بس برابر کے کمرے میں جا کر دس پندرہ منٹ بعد لوٹ آؤں گی۔ مجھے ان سے کچھ گفتگو کرنا ہے۔" میں نے رضوان کی طرف اشارہ کیا جو کھڑا ہو چکا تھا۔

ریشماں کو اطمینان ہو گیا اور میں اسے دروازہ بند کر لینے کی تاکید کر کے رضوان کے ساتھ کمرے سے نکل آئی۔ برابر کے کمرے کا دروازہ کھولتے ہوئے میں نے رضوان سے کہا۔ "اب وقت آ گیا ہے کہ میں تمہیں بہت کچھ بتا دوں۔"

"کوئی خاص چکر؟"

"بہت لمبا چکر۔"

کمرے میں ہم دونوں آمنے سامنے بیٹھ گئے تو میں نے اسے تفصیل سے ڈاکٹر فونگ کے بارے میں بتانا شروع کیا۔ واقعات کا ابتدائی حصہ ہی ایسا تھا کہ رضوان کے چہرے سے انتہائی دلچسپی کا اظہار ہونے لگا۔ سارے واقعات دہرانے میں مجھے بیس منٹ لگ گئے اور میں خاموش ہوئی تو رضوان کے چہرے سے تفکر و تشویش کا اظہار ہو رہا تھا۔

"اب مجھے اس سلسلے میں تمہاری مدد کی ضرورت ہے۔"

"یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس کا تعلق ملک و قوم سے ہے۔ کوئی بھی شخص اپنا دامن بچانے کی کوشش نہیں کر سکتا۔"

"میں چاہتی ہوں کہ تم ڈاکٹر فونگ پر نظر رکھو!"

"آخر جاگیردار شوکت سے اس کا کیا تعلق ہو سکتا ہے؟"

"یہی تو ہمیں دیکھنا ہے۔"

"ان معاملات کی اطلاع انٹیلی جنس کو کیوں نہ دی جائے؟"

"کیا ضرورت ہے کہ ہم اس معاملے کو اپنے طور پر نہ نمٹا لیں۔" میں نے گھورتے ہوئے کہا۔

"گویا بات ذاتی تسکین کی بھی ہے!"

"یقیناً۔" میں نے کہا۔ "مجھے بیحد خوشی ہو گی اگر میں اپنے طور پر نپٹا سکوں۔ کیا یہ ایک کارنامہ نہیں ہو گا؟"

"ہو تو میں تمہیں تعاون پر مجبور نہیں کروں گی۔"

"میں نے خونخوار ہونا نہیں سیکھا۔" رضوان غرایا۔

"یہی سوچ کر تو میں نے تمہیں یہ ساری باتیں..." میں مسکرا پڑی۔

"کیا تم نے کمانڈر حق وغیرہ کو بھی بلا لیا ہے؟"

"وقت پڑا تو انہیں بھی طلب کر لوں گی لیکن فی الحال ضرورت نہیں ہے۔ ڈاکٹر فونگ اور اس کے آدمیوں نے نہیں دیکھا اس لئے اب وہ تمہیں اس گاؤں میں دیکھ کر ذرا بھی شبہ نہیں کریں گے۔ اسی لئے میں ڈاکٹر فونگ پر تمہارے سپرد کرنا چاہتی ہوں۔ اس گاؤں میں دو افراد تم اپنا آلۂ کار بھی بنا سکتے ہو۔"

"وہ کون ہیں؟"

میں نے رضوان کو سامی اور اس دیہاتی ڈاکٹر کے بارے میں بتایا جو ڈاکٹر فونگ کی بریدہ ٹانگ کا علاج کر رہا تھا۔ پھر میں نے کہا۔ "تمہاری آنکھوں میں سرخی دیکھ رہی ہوں۔ رات بھر جاگے تم نڈھال ہو گے اس لئے دو تین گھنٹے سو کر اس گاؤں کی سیر کو جاؤ۔"

"ایک رات جاگنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ میں جا سکتا ہوں۔"

"اگر تم ہمت کر سکو تو یہ بڑی اچھی بات ہو گی۔"

"تمہارا کیا پروگرام ہے؟"

"میں یہیں پنڈی میں ہوں۔ اگر تمہیں کوئی خاص بات نہ ہو تو واپس آ کر مجھے بتانا۔"

"ٹھیک ہے۔" رضوان کھڑا ہو گیا۔

"میں جا کر میں پھر اپنے کمرے میں پہنچی اور اداس ریشماں کے ہاتھوں میں لے کر بولی۔ "اب تم اتنی غمگین کیوں ہو تمہیں تمہارا بھائی بھی مل چکا ہے۔"

"بات کا افسوس ہے کہ میری وجہ سے آپ بھی ان مصیبتوں میں گرفتار ہو گئی ہیں۔"

"فکر مت کرو۔ مجھے تم سے اتنی محبت ہو گئی ہے کہ میں تمہیں مصیبت میں مبتلا دیکھے بغیر پیٹھ نہیں دکھا سکتی۔" میں نے ریشماں کے ماتھے کو چوم لیا۔ وہ شرما سی گئی۔ میں نے اس کے بارے میں پوچھا تو وہ بولی۔

"ہاں میں ان لوگوں نے جو دوا لگائی ہے، اس سے کافی بہتری ہو گئی ہے۔"

"ڈاکٹر پر مجھے بھی اعتبار نہیں تھا لیکن اس وقت کوئی اور چارہ نہیں تھا۔" میں نے کہا اور پھر ٹیلیفون کی طرف بڑھ گئی۔ میں نے ہوٹل کے منیجر سے رابطہ قائم کیا اور اسے کرائے کے لئے کہا۔ پھر سلسلہ منقطع کر کے اپنی گھڑی پر نظر ڈالی۔ ابھی اتنا وقت تھا کہ میں غسل کر سکوں۔ اس کی گواہی کر سکتی تھی جس کی کسی لڑکی کو اغوا کیا جانا تھا۔ میں اس سوال سے پریشان تھی کہ اس لڑکی کو شناخت کرے گی۔ میں نے وہی کپڑے پہن لئے جو میں غسل سے پہلے پہنے تھے۔ میرا سامان، ریشماں کی جولی میں رہ گیا تھا۔

کچھ دیر بعد مجھے منیجر سے اطلاع ملی کہ کرائے کی گاڑی آ گئی ہے۔

"بس اب تم آرام کرو!" میں نے ریشماں سے کہا۔ "تم کہو تو اتنی ہی جلدی تمہارا زخم ٹھیک ہو جائے گا۔"

"آپ کہاں جا رہی ہیں؟" ریشماں پریشان ہو گئی۔

"ایک ضروری کام ہے لیکن تمہارے لئے اب پریشانی کی یہاں تمہیں کوئی خطرہ پیش نہیں آ سکتا۔ جاگیردار شوکت کو بھی نہیں معلوم ہو گا کہ تم یہاں ہو۔"

"مجھے کوئی ڈر نہیں ہے بانو!... میں اپنی حفاظت کرنا جانتی ہوں۔ ڈر تو مجھے تنہائی سے لگتا ہے۔"

"ابھی سے گھبرانے سے کوئی فائدہ نہیں۔ اس سے تنہائی کا احساس مٹ جائے گا۔ اگر ٹیلیفون کا فون آئے تو کہہ دینا کہ میں اور رضوان کچھ خریدنے گئے ہیں۔ تم نے کبھی ٹیلیفون پر کسی سے بات کی ہے؟"

اس نے نفی میں سر ہلایا۔

"اچھا!" میں نے اس سے کہا۔ "میں تمہیں بتاتی ہوں کہ فون کی بیل کی جاتی ہے۔ جب گھنٹی بجے تو سے اٹھا لینا۔ اسے ریسیور اس طرح کان سے لگایا جاتا ہے کہ اس کا دوسرا حصہ منہ کی طرف رہے۔ اس طرح۔" میں نے ریسیور اٹھا کر اس کے کان سے لگا دیا۔ "پھر جب تم بولو گی تو تمہیں دوسری طرف سے بولنے والے کی آواز سنائی دینے لگے گی۔ تم اس طرح باتیں شروع کر دینا جیسے سامنے بیٹھے ہوئے کسی شخص سے گفتگو کر رہی ہو۔"

ریشماں نے بڑی توجہ سے میری باتیں سنیں اور اثباتی انداز میں اپنے سر کو جنبش دی۔ اسی وقت فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ میں اندازہ نہیں کر سکتی تھی کہ کال کرنے والا کون ہو گا۔ بہرحال میں نے ریشماں ہی سے ریسیور اٹھانے کے لئے کہا۔

ریسیور اٹھاتے ہوئے ریشماں کے ہاتھ میں خفیف سی لرزش تھی اور جب اس نے ریسیور اپنے کان سے لگایا تھا تو اس کے چہرے پر ایسی سُرخی تھی جیسے وہ اپنی زندگی کا کوئی سنسنی خیز تجربہ کر رہی ہو۔ اس کی یہ کیفیت دیکھ کر مجھے اس پر پیار آنے لگا اور میں بے ساختہ مسکرا دی۔ ریشماں نے میری مسکراہٹ کو دیکھا بھی نہیں۔ اس کی ساری توجہ ٹیلیفون کی طرف تھی۔ اس نے بڑے بیڈھنگے سے انداز میں "ہلو" کہا اور پھر جلدی جلدی پلکیں جھپکاتی ہوئی، اس آواز کو سننے لگی جو دوسری طرف سے آ رہی تھی۔

"ہیں جی؟ کس کی کال ہے؟" ریشماں کی آواز میں بھی لرزش تھی۔ اس نے دوسری طرف کا جواب سنا اور پھر میری طرف دیکھتی ہوئی جلدی سے بولی۔ "پتہ نہیں کون ہے۔ کہہ رہا ہے، کراچی سے کال ہے۔"

میں سمجھ گئی کہ ہوٹل کا آپریٹر بول رہا تھا۔ میں نے ریشماں کے ہاتھ سے ریسیور لے لیا اور ماؤتھ پیس میں بولی۔ "ہیلو! ہیلو! سپیکنگ۔"

"کراچی سے بیگم پرتاب گڑھی کی کال ہے مادام!" آپریٹر نے بتایا۔

"ملائیے!" میں نے کہتے ہوئے سوچا کہ بیگم کو اس ہوٹل کا علم انٹیلی جنس ڈائریکٹر ہی سے ہو سکتا ہے۔

"بات کیجئے!" چند لمحے بعد آپریٹر نے کہا۔

"ہیلو!" میں بولی۔

"بانو!" دوسری طرف سے جانی پہچانی ہوئی آواز سنائی دی۔ "تم اب تک پنڈی میں کیا کر رہی ہو؟"

"ایک مظلوم لڑکی کی حمایت میں کمر کسنا پڑا ہے مجھے۔"

"لڑکیوں سے کبھی تمہارا پیچھا چھوٹے گا بھی یا نہیں؟"

"اگر کبھی ایسا ہوا تو وہ میری زندگی کا بدترین دن ہو گا۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"مجھے تمہارے بارے میں خاصی تشویش ہو گئی تھی اس لئے میں نے انٹیلی جنس ڈائریکٹر سے تمہارے بارے میں پوچھا۔"

"یہ تو میں سمجھ گئی تھی کہ تمہیں اسی سے ہوٹل کا نام معلوم ہوا ہو گا۔"

"تم کب تک واپس آ رہی ہو؟"

"فوری طور پر تو ممکن نہیں۔ دو تین روز لگ جائیں گے۔ میں آج ہی کسی وقت کمانڈر حق کو کال کرنے والی تھی۔ تم سے پہلی ملاقات

سے یہاں بھیج دو۔ مجھے کچھ روپوں کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس سے کہہ دینا کہ وہ پانچ ہزار روپے لیتا آئے۔"

"وہ تو خیر میں بھیج دوں گی لیکن....."

"میں ٹیلیفون پر تفصیل سے کچھ نہیں بتا سکتی۔" میں نے بیگم پرتاب گڑھ کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "اطمینان سے کراچی آ کر بتاؤں گی۔"

"اچھا!" بیگم پرتاب گڑھ نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "مجھے ڈر ہی لگتا رہتا ہے تمہاری سیمابی طبیعت سے!... کبھی کسی ایسے چکر میں پڑ جاؤ گی کہ....."

"اچھا خدا حافظ۔" میں نے جلدی سے کہا اور سلسلہ منقطع کر دیا۔ ریشماں پلکیں جھپکاتی ہوئی میری طرف دیکھ رہی تھی۔ جب میں نے ریسیور رکھ دیا تو وہ بولی۔ "کون تھا بالو؟"

"میری بہن تھی۔ اچھا اب میں چلتی ہوں۔ ٹیلیفون کا تجربہ تو تم نے کر ہی لیا۔"

ریشماں میرے جانے سے کچھ مضطرب تھی لیکن میں نے تسلی دلاسہ دے کر ہمت بندھائی اور وہاں سے روانہ ہو گئی۔

کرائے کی جو گاڑی فراہم ہوئی تھی اس کا رنگ کالا تھا! گویا میرا پسندیدہ رنگ!

کالج کی طرف جاتے ہوئے میرا ذہن اسی ادھیڑ بن میں لگا رہا کہ میں ایسی لڑکی کو شناخت کیسے کروں گی۔

کالج پہنچنے میں مجھے پندرہ منٹ لگے۔ ابھی کالج کا پھاٹک بند تھا۔ چھٹی ہونے میں کچھ دیر تھی۔ پھاٹک کے قریب کئی گاڑیاں کھڑی ہوئی تھیں جو مختلف طالبات کو لینے کے لئے ان کے گھروں سے بھیجی گئی ہوں گی۔ انہی گاڑیوں کے قریب میں نے اپنی کار بھی روک دی اور انجن بند کر دیا۔

اچانک مجھے یوں محسوس ہونے لگا جیسے تاریخ اپنے آپ کو دہرا رہی ہو۔ فرق کا معاملہ کچھ زیادہ پرانا نہیں تھا۔ وہ بھی اسکول ہی سے اغوا کی گئی تھی۔ اس معاملے پر غور کرتے ہوئے مجھے طیش آنے لگا۔ ان دنوں لاقانونیت اپنے عروج پر پہنچی ہوئی تھی۔ بہ خاص طور پر لڑکیوں کے اغوا اور ان کی آبروریزی کی خبریں تو تقریباً روزانہ ہی اخباروں کی زینت بنتی رہتی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے سارے ملک میں بردہ فروشی کا طوفان آیا ہوا ہو۔

میں اپنے ان خیالات سے اس وقت چونکی جب کالج کا پھاٹک کھلا اور لڑکیوں نے باہر نکلنا شروع کیا۔ زیادہ تر بے پردہ تھیں۔ برقعے تو گنے چنے ہی نظر آتے تھے۔ میں غور سے ایک ایک لڑکی کو دیکھنے لگی۔ اس کے سوا میں کچھ کر بھی نہیں سکتی تھی کہ اردگرد کے ماحول پر نظر رکھوں اور چہروں سے یہ اندازہ لگانے کی کوشش کروں کہ کون سی لڑکی "محبوب" سے ملنے کے نشے میں سرشار ہے۔

لڑکیوں کے غول ادھر ادھر روانہ ہونے لگے اور کاریں آتی تھیں، وہ کاروں میں بیٹھ کر جانے لگیں۔ کئی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھی، عالم اضطراب میں پہلو بدلتے ہوئے "ڈرائیور!" ایک گھنٹی ہوئی آواز دینے لگیں۔

میری بائیں جانب ایک ڈاج کھڑی تھی جس کا ڈرائیور باوردی تھا۔ اسی سے ایک لڑکی کہہ رہی تھی۔ "تم گاڑی لے جاؤ۔ امی سے کہہ دینا کہ میں سیما کے ساتھ چلی گئی ہوں۔ مجھے کہ ایک ڈیڑھ گھنٹے بعد میں سیما کی گاڑی میں گھر آ جاؤں گی۔"

ڈرائیور نے خود بخود انداز میں سر ہلا کر انجن اسٹارٹ کیا۔ اسی لڑکی کو دیکھتی رہ گئی جس پر بہاروں نے ٹوٹ کر یہ لباس میں اس کا بدن، چیخ چیخ کر بتا رہا تھا کہ جوانی اس پر ایسے آئی ہے۔ وہ ٹنگ موری کی شلوار اور کولہوں تک سے چپکے ہوئے جمپر میں، ملبوس وغیر ملبوس کی چغلی کھاتے ہوئے بال شانوں پر بکھرے ہوئے تھے۔ آنکھ ہی نظر میں اندازہ لگا سکتا تھا کہ وہ کسی الٹرا ماڈرن گھرانے کی لڑکی تھی۔

ڈرائیور سے روانہ ہو گئی اور میری نظریں اس پر تھیں۔ اس نے وہ اپنی باہیں آنکھ دبا کر اپنی ساتھی لڑکی سے کچھ کہہ رہی تھی اور دونوں ہنس پڑیں۔

"اچھا اب میں چلتی ہوں۔" چست لباس والی نے کہا۔ "فون آئے تو کہہ دینا کہ میں ابھی نوٹس لیتے لیتے باتھ روم گئی ہوں۔ فکر مت کرو، میں سب سنبھال لوں گی۔"

"بائے!" چست لباس والی نے ہاتھ ہلایا اور پھر اپنی طرف چل پڑی۔

ان باتوں سے صاف ظاہر ہو گیا تھا کہ وہ لڑکی اپنی بنا کر اپنی دوست سیما کے گھر جانے کی بجائے کہیں اور جا رہی تھی۔ میں نے سوچا عین ممکن ہے کہ یہ لڑکی اپنے محبوب ہو اور اسی کو اغوا کیا جانے والا ہو۔

اس بات پر یقین تو نہیں کیا جا سکتا تھا لیکن میں اس وقت میں تھی کہ قیاسات ہی کی بنیاد پر کوئی قدم اٹھا سکتی تھی۔ آئینے میں اسے جاتے ہوئے دیکھتی رہی۔ جب وہ کچھ دور نکل گئی تو میں نے انجن اسٹارٹ کیا اور "یو ٹرن" لے کر اسی طرف چل پڑی۔ رفتار بہت کم رکھی تھی اور اس طرح ادھر ادھر دیکھتی جا رہی تھی کسی خاص عمارت کی تلاش ہو۔

کچھ دور جا کر وہ لڑکی بائیں ہاتھ کی سڑک پر مڑ گئی۔ ایکسلریٹر پر دباؤ بڑھا دیا۔ میں چاہتی تھی کہ وہ میری نظروں سے اوجھل نہ ہو اور میرا اس انداز میں سوچنا ہی میرے کام آیا۔

لڑکی نے دیکھا کہ وہ پیلے رنگ کی ایک آسٹن کا دروازہ کھولنے والی تھی۔ میں نے اپنی گاڑی کی رفتار کچھ بڑھا دی اور آگے گزرتے ہوئے کنکھیوں سے اس کے ڈرائیور کی ایک خوبصورت نوجوان تھا اور یقیناً ایسا ہی تھا کہ ہمیں گھورتا ہوا دکھائی دیا۔ ایک گھنٹی ہوئی آواز نے مجھے بتایا کہ عقب نما آئینے میں دیکھا کہ آسٹن حرکت میں آ چکی تھی۔ پھر کر کر دی۔ یہ ضروری تھا کہ میں آسٹن کے پیچھے رہوں۔ ایسا ہو گیا۔ تیز رفتار آسٹن آگے نکل گئی۔ اب میں نے بھی گاڑی تعاقب کرتے ہوئے میں سوچ رہی تھی کہ اغوا میں مزاحمت کروں گی تو کس حد تک سنگین صورت حال پیدا ہو سکتی ہے۔ فی الحال اس کے بارے میں کوئی قیاس کرنا مشکل تھا۔

آسٹن ایک ریسٹورنٹ کے سامنے رکی اور میں اپنی گاڑی سے آگے نکالے لئے چلی گئی۔ جب میں نے آئینہ میں دیکھا تھا کہ وہ دونوں ریسٹورنٹ میں داخل ہو رہے ہیں۔

میں نے انجن بند کیا اور گاڑی کو لاک کر کے ریسٹورنٹ کی طرف بڑھ گئی۔ ریسٹورنٹ میں داخل ہو کر میں نے پھیپھڑے سے ہال پر نظر ڈالی اور پھر ایک ایسی میز پر جا بیٹھی جہاں دونوں کی پشت میری طرف تھی کہ ان دونوں کو کنکھیوں سے دیکھ سکوں۔ وہ دیکھ رہے تھے۔

میں چائے میری میز پر آ گئی اور میں ایک پیالی بناتے ہوئے ان دونوں کی باتیں سننے کی کوشش کرتی رہی۔ بس کہ بہت دھیمی آواز میں گفتگو کر رہے تھے۔ بس کبھی کبھی میرے کانوں سے ٹکرا جاتا تھا اور میں نے جو فقرہ بھی سنا "نہ نہ" "کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی" محسوس ہوئی۔

میں کنکھیوں سے ان دونوں کی طرف دیکھتی تھی، جو کہ میرے خون کی تپش بڑھ جاتی تھی۔ اس خوبصورت نوجوان کا بدصورت انسان مجھے پھنسا ہوا تھا!... ایک معصوم لڑکی کے جال میں پھنسنے والی تھی۔

چائے ختم کر لی۔ وہ دونوں کھانا کھانے میں مصروف تھے۔ میں بھی رہی تھی لیکن میں نے کھانے سے احتراز کیا۔ میز بھری جا چکی ہوئی تھی۔ اس لئے کھانا میرے اعصاب پر سوار ہو جاتا۔

ان کی گفتگو سننے کی کوشش سے مجھے اتنا فائدہ ہوا کہ لڑکی کا نام معلوم ہو گیا۔ لڑکی کا نام نادرہ تھا اور نوجوان کا پرویز۔ انہوں نے کھانے کے بعد چائے بھی پی اور پون گھنٹہ گزر گیا۔ اب میں بے چین ہونے لگی۔ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس چالباز نوجوان کا پروگرام کیا ہو گا۔ نادرہ کو اغوا کروانے کے لئے اس نے نہ جانے کیا سوچا تھا؟

ریسٹورنٹ میں ایک گھنٹہ گزر چکا تھا جب نوجوان نے ویٹر کو بلا کر بل کے لئے کہا۔ میں نے بھی فوراً ادائیگی کر دی۔ بل ادا کرنے کے بعد وہ دونوں اٹھے اور ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے دروازے کی طرف بڑھے۔ ریسٹورنٹ میں بیٹھے ہوئے بہت سے لوگوں کی نظریں اس نوجوان و خوبرو جوڑے پر پڑی ہوئی تھیں۔ جب وہ دونوں باہر نکل گئے تو میں بھی اٹھی۔

آسٹن حرکت میں آ چکی تھی جب میں اپنی کار میں بیٹھی اور تعاقب پھر شروع ہو گیا۔ مجھے یقین تھا کہ اب ہنگامی صورت حال پیش آنے ہی والی ہے۔

آسٹن سٹیلائٹ ٹاؤن میں داخل ہو گئی اور میں اپنی پیشانی پر الجھنوں کا جال بچھائے تعاقب کرتی رہی۔ ابھی تک کوئی ایسی بات نہیں ہوئی تھی جس سے مجھے اندازہ ہوتا کہ ان دونوں کو اپنے تعاقب کا شبہ ہو چکا ہے۔

آخر ایک جگہ آسٹن رک گئی۔ میں نے رفتار کم کر دی لیکن رکی نہیں۔ جب میں آسٹن کے برابر سے آگے نکل رہی تھی تو میں نے دیکھا کہ نوجوان تو ڈرائیونگ سیٹ ہی پر بیٹھا رہا تھا لیکن نادرہ گاڑی سے اتر گئی تھی۔ اب میری نگاہیں عقب نما آئینے کی طرف اٹھ گئی تھیں۔ میں نے آسٹن کو حرکت میں آتے دیکھا۔ نادرہ پیدل ہی ایک طرف چل پڑی تھی۔

یہ تو کوئی بات ہی نہ ہوئی، میں نے سوچا اور گاڑی کی رفتار میں مزید کمی کر دی۔ آسٹن فراٹے بھرتی ہوئی مجھ سے آگے نکل گئی۔ میں نے کار اس طرف موڑ لی جدھر نادرہ جا رہی تھی۔ میرے ذہن میں اس نئے شبہے نے سر ابھارا تھا کہ نوجوان نے نادرہ کو کسی جگہ پہنچ کر اپنا انتظار کرنے کے لئے کہا ہو گا اور اس مقام پر جاگیر دار شوکت کے غنڈے موجود ہوں گے۔

نادرہ ایک بڑے سے خوبصورت بنگلے میں داخل ہوتی نظر آئی تو غیر ارادی طور پر میرا پیر بریک پر پہنچ گیا۔ گاڑی رک گئی میں شدید الجھن سے دوچار تھی۔ کوئی فیصلہ کرنا مشکل ہو رہا تھا۔ قدرے توقف کے بعد میں گاڑی کو پھر حرکت میں لے آئی۔ اس مرتبہ میں نے بنگلے کے پھاٹک پر بریک لگائے تھے اور احاطے میں نظر دوڑائی تھی۔ پورچ کے سامنے مجھے دو چھوٹے چھوٹے بچے کھیلتے نظر آئے تھے۔ ان کے ساتھ ایک ادھیڑ عمر عورت بھی تھی جس کی وضع قطع اور حلیہ آیاؤں کا سا تھا۔ پورچ کے آگے وہی کار کھڑی نظر آئی تھی۔ جسے میں نے کالج کے پھاٹک پر دیکھا تھا۔ اس کار کو دیکھ کر میرے ذہن میں یہ

بات صاف ہوگئی کہ یہ نادرہ کا اپنا گھر تھا۔

تو کیا خواجہ کی اطلاع غلط تھی؟ میں نے سوچا، یا میں ہی کسی اور لڑکی کے پیچھے لگ گئی تھی؟

ذہن میں تیسرا خیال یہ بھی ابھرتا تھا کہ شاید جاگیردار شوکت نے رحم دین اور خواجہ کے ہتھکنڈے کی وجہ سے نادرہ کے اغوا کا پروگرام ایک آدھ روز کے لئے ملتوی کردیا ہو۔

کچھ سوچ کر میں نے گاڑی کو چند گز آگے بڑھا کر روکا اور انجن بند کرکے اتر آئی۔ پھاٹک میں داخل ہو کر میں کسی جھجک کے بغیر پورچ کی طرف بڑھتی چلی گئی۔ آیا نے مجھے دیکھا تو ذرا دیر کے لئے بچوں کی طرف سے غافل ہوگئی۔

"مجھے نادرہ سے ملنا ہے" میں نے اس کے قریب پہنچ کر کہا۔

"نادرہ بی بی ابھی ابھی آئی ہیں کالج سے" آیا نے بتایا۔

"انہیں اطلاع دو کہ کوئی ان سے ملنے آیا ہے"

"آپ کا نام؟"

"نام میں انہی کو بتاؤں گی" میں نے مسکرا کر کہا۔

آیا کو میرا یہ جواب کچھ عجیب تو لگا ہوگا لیکن وہ کچھ بولی نہیں۔ اس نے چھوٹے بچے کو اپنی گود میں اٹھایا اور دوسرے کی انگلی پکڑ کر دروازے کی طرف لئے چلی گئی۔ میں پورچ میں چہل قدمی کرنے لگی۔ گیرج کے سامنے ڈرائیور کھڑا ہوا تولیے سے اپنے کان صاف کر رہا تھا۔ کوئی دو منٹ بعد دروازہ کھلا اور نادرہ کی شکل نظر آئی۔ اس نے ابھی لباس تبدیل نہیں کیا تھا۔ وہ دروازے سے نکلتے ہی ٹھٹھک کر مجھے دیکھنے لگی۔ اس کے چہرے سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ وہ مجھے پہچان نہیں سکی ہے۔ ریسٹورنٹ میں اس کی نظریں مجھ پر پڑیں تو ضرور ہوں گی لیکن وہ اس وقت اپنے "محبوب" میں کچھ اس طرح گم تھی کہ اسے اردگرد کے ماحول کا کچھ ہوش ہی نہ ہوگا۔

اس وقت وہ مجھے کچھ اور ہی لگی۔ غالباً اس کا سبب یہ تھا کہ اب میرے ذہن میں کوئی الجھن، کوئی پریشانی نہیں تھی۔ میں اسے دیکھ کر اس طرح مسکرائی جیسے اجنبیت کا کوئی پردہ بیچ میں حائل نہ ہو۔ میں نے اس کی طرف قدم بڑھایا تو وہ بھی جھجکتی ہوئی آگے بڑھی۔ جب میں نے مصافحے کے لئے ہاتھ بڑھایا تو اس نے بھی ہاتھ بڑھا دیا اور اس گداز کا لمس پاتے ہی میرے جسم میں سنسناہٹ پھیل گئی۔ میرا ایک ایک نفس اس کے جسم کو پکارنے لگا۔

"نادرہ! تم بہت پیاری ہو" میں نے بڑی بیباکی سے لیکن آہستہ سے کہا۔

"کیا مطلب!... آپ مجھ سے کس سلسلے میں ملنا چاہتی ہیں؟" وہ مجھے الجھی ہوئی نظروں سے دیکھنے لگی۔

"میں تمہیں دنیاوی نشیب و فراز سے آگاہ کرنا چاہتی ہوں۔ یہ مرد بڑے کٹھور ہوتے ہیں۔ کلیوں کو چوم کر اس طرح اڑ اور ہی گلستان میں نظر آتے ہیں"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی!" نادرہ کے "میں اس نوجوان کا ذکر کر رہی ہوں جس کے ساتھ وقت گزار رہے"

"اس معاملے سے آپ کا کیا تعلق؟" وہ تیز ہو کے نجی معاملات میں دخل اندازی کا کوئی حق نہیں"

"لڑکیوں پر اپنے حق کو میں مسلم سمجھتی ہوں"

"آپ یہاں سے جا سکتی ہیں!" نادرہ کے چہرے پھیل گئی۔

"میں چاہتی تھی کہ تم اس موضوع پر سنجیدگی میں نے مسکرا کر کہا" لیکن..... خیر!..... تم اگر اس نہیں کرنا چاہتیں تو میں تمہاری نمی سے ملے لیتی؟ دروازے کی طرف قدم بڑھائے۔

"ٹھہریئے!" اس نے جلدی سے اور میں نے سر گھما کر شرارتی نظروں سے اس کی طرف دیکھا پر غصے کی جو سرخی پیدا ہوئی تھی، اس کا اب نام و نشا

"کہو!" میرے لہجے میں چہکار تھی۔

"آخر آپ چاہتی کیا ہیں؟" نادرہ کے لہجے میں

"بس یہ چاہتی ہوں کہ تم اس نوجوان سے ملنا

"کیا پرویز آپ کا کوئی عزیز ہے؟"

"مجھے عزیز تو صرف تم ہی ہو سکتی ہو" میں نے پیار اس پر نچھاور کیا۔

"آپ....." وہ اپنی بات پوری نہ کر سکی اور ہونٹ دانتوں میں دبا لیا۔ اس کے چہرے سے گہ متبرک تھی اور آنکھوں میں الجھن تھی۔

"پرویز کوئی اچھا لڑکا نہیں ہے" میں نے اچھا ہے نہ اس کا خاندان"

"یہ آپ کیسے کہہ سکتی ہیں!" نادرہ بولی "اس میں ایک اہم عہدے پر فائز ہیں"

"شرافت کی سند عہدے نہیں ہوتے"

"آپ..... آپ آخر..... کون ہیں؟"

"ایسے معاملات میں تو خدائی فوجدار ہی کام آتا ہے" میں نے مسکرا کر کہا۔ اسی وقت میری نظر کھلتے ہوئے د اور میں نے ایک معمر عورت کو باہر نکلتے دیکھا۔ شکل پیش نظر میں اسے نادرہ کی ماں ہی سمجھ سکتی تھی۔ میں نے لیکن جلدی سے کہا "میں اب چلتی ہوں کیونکہ

ں کے سامنے پرویز کی گفتگو نہیں کرنا چاہتیں اس لئے وقت ملوں گی۔ وہ میرے بارے میں پوچھیں تو کوئی

"اچھا خدا حافظ"

باہر آنے والی عورت سے اس طرح نظریں چرا لی تھیں لیا ہی نہ ہو اور نادرہ سے ہاتھ ملا کر پھاٹک کی طرف بڑھتی ہے سے نکل کر میں متجسس نظروں سے اطراف کا جائزہ

قریب پہنچی اور دروازہ کھول کر ڈرائیونگ سیٹ پر

ایسی لڑکی تھی کہ اس سے یہ سرسری سی ملاقات بھی مجھے الہام تھا کہ میں اسے "راہ راست" پر لانے میں کامیاب کامیاب دیکھنا یہ تھا کہ جاگیردار کا نشانہ یہی ہے یا میں پیچھے لگ گئی تھی۔ زیادہ قوی امکان اب مجھے یہی نظر بنانے کی غلطی ہوئی تھی۔ محکمۂ خارجہ کے کسی اہم عہدیدار ہوٹل جیسے جرائم پیشہ لوگوں کا آلۂ کار نہیں بن سکتا تھا۔

ہوٹل پہنچ تو تین لجنے والے تھے۔ میں تیزی سے تیسرے دوسری منزل پر تھے۔ جب میں نے پہلی منزل کے تو دوسری منزل سے نیچے آتا ہوا ایک آدمی مجھ سے

وہ کہکر تیزی سے آگے بڑھا لیکن ایک دم اس طرح ہو گیا ہو "آپ صبیحہ بانو ہیں؟" اس نے پوچھا۔

کے منہ سے اپنا نام سنکر میں حیران رہ گئی "ہاں" میرے "یہ کیا بات ہے؟"

رہا ہے کی طرف سے آئی ہیں یا دائیں طرف سے؟"

یہ سے" میں نے پھر بیساختہ جواب دیا۔

اگر آپ دائیں چوراہے کی طرف سے آئیں تو آپ کو ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔ ایک صاحب کی ٹانگ ٹوٹ ہوٹل میں ہیں۔ ایکسیڈنٹ کے بعد سب سے پہلے میں انہوں نے مجھے اس ہوٹل کا پتہ بتا کر کہا کہ میں یہ دروازے پر رُک کر میں نے آہٹ لینے کی کوشش کی مگر اس کمرے میں بھی سناٹا ہی معلوم ہوتا تھا۔ قدرے توقف کے بعد میں دروازے پر دباؤ ڈالتی ہوئی اندر داخل ہو گئی اور داخل ہوتے ہی مجھے یوں لگا جیسے تاریخ کا سب سے بڑا زلزلہ آگیا ہو۔

سامنے بستر پر ریشماں کی لاش پڑی تھی، ایک جا تو اس کے سینے میں دستے تک پیوست تھا اور خون کی سُرخی بستر کے خاصے بڑے حصے کو رنگین کر چکی تھی۔

چند لمحے تو میرے ذہن پر چھائے ہوئے سناٹے میں دھول سی اُڑتی رہی اور پھر میرے منہ سے ایک مسرکاری سی نکل گئی جو "ریشماں" کے نام سے متشکل تھی۔ میں نے بے اختیار آگے دوڑ کر ریشماں کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے لیا۔

"یہ تجھے کیا ہو گیا ریشی!" میری تیز سرگوشی کمرے میں پھیل گئی۔

"یہ تجھے اس تاریک غار میں کس نے دھکیل دیا؟"

سوا کوئی نہیں ہو سکتا تھا۔ غالباً دشمن ہی نے اسے ہلاک کرنے کی کوشش کی ہو گی لیکن بات صرف ٹانگوں پر بیت گئی تھی۔ میرے ذہن میں ایک خیال یہ بھی جگمگا رہا تھا کہ رضوان نے دشمن کے بارے میں کوئی اہم ترین بات معلوم کر لی تھی اور مجھے جلد از جلد اس سے باخبر کر دینا چاہتا تھا۔

میں امتناں و خیزاں اس جوڑے پر پہنچ گئی جس کا ذکر اجنبی نے کیا تھا لیکن مجھے وہاں کسی ایکسیڈنٹ کے آثار نہیں دکھائی دیئے۔ سب کچھ معمول کے مطابق نظر آ رہا تھا۔

"کیا ابھی یہاں کوئی ایکسیڈنٹ ہوا تھا؟" میں ایک دوکاندار سے پوچھ بیٹھی۔

"یہاں تو مہینوں سے کوئی ایکسیڈنٹ نہیں ہوا" دوکاندار نے جواب دیا اور مجھے عجیب سی نظروں سے دیکھنے لگا۔

یہ میرے اعصاب پر دوسرا تازیانہ تھا۔ حماقت، حماقت، حماقت! میرا ذہن چیخ اٹھا اور میں پلٹ کر ایک بار پھر تیزی سے چل پڑی۔ وہ اجنبی بڑی صفائی سے مجھے بے وقوف بنا گیا تھا اور اس طرح بے وقوف بنانے کا مقصد یہی ہو سکتا تھا کہ وہ مجھے اوپر جانے سے روکنا چاہتا ہوگا۔ یقیناً اس وقت اوپر کوئی گڑبڑ ہو رہی ہوگی۔ ممکن ہے کہ ان لوگوں نے ریشماں کے اغوا کی منصوبہ بندی کی ہو۔

ہوٹل کے زینوں پر بھی میں نزاقتدیں بھر رہی تھی۔ جن لوگوں نے مجھے اس حال میں دیکھا، ان کے منہ حیرت سے کھلے کے کھلے رہ گئے لیکن مجھے اس وقت کسی کی پرواہ نہیں تھی۔ میں آندھی، طوفان کی طرح اپنے کمرے کے سامنے پہنچ گئی اور ریشماں کو آواز دینے کی بجائے ہینڈل گھما کر دروازے پر دباؤ ڈالا۔ دروازہ کھلتا چلا گیا لیکن اندر سے کوئی آواز نہیں آئی۔ میں تیزی سے اندر داخل ہو گئی۔ یہ نشست کا کمرہ تھا اور خالی پڑا تھا۔ میں تیزی سے اندرونی کمرے کی طرف لپکی۔ دروازے پر رُک کر میں نے آہٹ لینے کی کوشش کی مگر اس کمرے میں بھی سناٹا ہی معلوم ہوتا تھا۔ قدرے توقف کے بعد میں دروازے پر دباؤ ڈالتی ہوئی اندر داخل ہو گئی اور داخل ہوتے ہی مجھے یوں لگا جیسے تاریخ کا سب سے بڑا زلزلہ آگیا ہو۔

لیکن ریشماں اس تاریک غار کی اتنی گہرائی میں اُتر چکی تھی کہ میری آواز اس کے کانوں تک نہ پہنچ سکی۔ اس کے شرارتی لب، ساکت تھے اور تتلی چتونیں، ڈھیلی پڑ چکی تھیں لیکن چہرے کے گلاب کی تر و تازگی ابھی باقی تھی۔ میرے ہاتھ ٹھنڈے پڑ چکے تھے اور میں ان پر اسکے چہرے کی گرمی محسوس ہو رہی تھی۔ میری ڈبڈبائی ہوئی آنکھیں اُسے تکتی رہیں اور میرا رُواں رُواں اُسے پکارتا رہا۔ اس وقت میری جذباتی کیفیت کسی متلاطم سمندر کی سی تھی لیکن اس کی صحیح عکاسی کرنے سے میں قاصر ہوں۔ میرے دماغ میں اَن گنت رنگ سے بکھرے ہوئے تھے اور ان رنگوں میں کہیں چنگاریاں سلگ رہی تھیں، کہیں شعلے بھڑک رہے تھے۔ دل کی گہرائی میں کہیں کوئی ناقوس ڈوبتی جا رہی تھی۔

ایک پل کے لئے مجھے یوں لگا جیسے ریشماں کہہ رہی ہو۔ دیکھ لیا بانو! میں آپ کے جانے سے بے سبب تو نہیں گھبرا رہی تھی۔

"ہاں رشو!" میں بڑبڑائی۔ "لیکن مجھے کیا معلوم تھا کہ تو مستقبل میں بھانک سکتی ہے۔" میری زبان سے افسانوں کے سے الفاظ ادا ہونے لگے۔ "میری جان! میری رشو! میں تیری جواں مرگی کی قسم کھاتی ہوں، تیرے اس خون کی سُرخی سے میں تیرے قاتلوں کا ملبوس رنگوں گی۔"

میں آہستہ آہستہ سیدھی کھڑی ہوتی چلی گئی۔ اب میری مٹھیاں بھنچ گئی تھیں اور دانت پر دانت بڑی سختی سے جمے ہوئے تھے۔ اگر میں اس وقت آئینہ دیکھتی تو شاید مجھے اپنے چہرے پر برستی ہوئی وحشت سے خوف آنے لگتا۔

دفعتاً مجھے دھمک سُنائی دینے لگی۔ کوئی میرے دماغ کو جیسے کوٹے ڈال رہا تھا۔ میں فوری طور پر تو سمجھ ہی نہ سکی کہ وہ دھمک وزنی جوتوں کی تھی۔ پھر دروازہ کھلنے کی آواز بھی مجھے زوردار دھماکے کی طرح محسوس ہوئی اور میری نظریں اس طرف اُٹھ گئیں۔

دروازے میں پولیس کھڑی ہوئی تھی۔

میں خالی خالی نظروں سے ان لوگوں کی طرف دیکھنے لگی۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں کیا دیکھ رہی ہوں اور کیا ہو رہا ہے۔

وزنی جوتوں کی دھمک آگے بڑھی اور جب پولیس آفیسر میرے بالکل سامنے آ کھڑا ہوا تو ایک سسکتی ہوئی طویل سانس میرے بھینچے لبوں سے آزاد ہو گئی۔ میں پلکیں جھپکاتی ہوئی اس کی طرف دیکھنے لگی۔ میری ذہنی حالت پوری طرح نہیں سنبھل سکی تھی، تاہم میں نے اتنا ضرور سمجھ لیا کہ ایک قتل ہو گیا ہے اور اس قتل کے سلسلے میں پولیس وہاں پہنچ چکی ہے۔

"آپ خود کو زیرِ حراست سمجھیں۔" پولیس آفیسر کا لہجہ کسی کھردری چٹان کی طرح محسوس ہوا۔

مجھے اندازہ ہو چکا تھا کہ صورتِ حال بڑی گمبھیر ہے لیکن میں یہ فیصلہ کرنے سے قاصر تھی کہ میں اس سے کس طرح نبرد آزما ہو سکوں گی۔ مجھے اب اپنی اس وقت کی حالت پر تعجب ہوتا ہے۔ نہ جانے مجھے کیا ہو گیا تھا۔

آخر ایسی کیا بات تھی ریشماں میں کہ اس کے قتل نے مجھے بُری طرح جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ میں ڈگمگاتے پڑی ہوئی ایک کرسی کی طرف بڑھی اور اس پر وجود کے اندر سے چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا۔ اپنے آپ کو سنبھالو!

میں اپنی پیشانی ملنے لگی۔ شاید اس طرح بھونچال پر قابو پانے کی کوشش کر رہی تھی۔ کچھ اسی طرح گزار دیا اور خود پر قابو پانے میں بڑی بھی ہو گئی۔ اب میں نے سر اٹھا کر کمرے کا جائزہ لیا۔ میں نے دانستہ نظریں چرائی تھیں لیکن یہ نہ کہ پولیس والے لاش کے قریب موجود ہیں۔ میں ان کی طرف دیکھا جو میرے قریب ہی کھڑا، بڑے غور کا جائزہ لے رہا تھا۔ میں اب اس حد تک سوچنے گئی تھی کہ سازش کی بُو سونگھ سکوں۔ پولیس کا پہنچنا، سازش کی طرف اشارہ! اس لئے اس کمرے سے دور رکھنے کی کوشش کی گئی تو پہلے ہی کیا جا چکا ہو گا لیکن پولیس کو اس وقت ہو گی جب میں نادرہ کے گھر سے سیدھی ہوٹل کو روانہ ہو جاتی۔

وہاں پہنچنے میں کچھ وقت لگتا لہٰذا قاتلوں نے مجھے فرضی ایکسیڈنٹ کا ڈراما دکھا کر کراچی سے دور کر دیا۔

"خاتون!" پولیس آفیسر نے مجھے گھورا۔ "آپ بتائیں گی کہ آپ نے اپنی ساتھی لڑکی کو کہاں اور کون تھی؟"

"یہ ایک مظلوم لڑکی تھی۔" میں نے بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیا۔ "اور میں اس کی مدد کرنا چاہتی تھی۔"

"قتل کر کے؟" وہ طنزیہ لہجے میں بولا۔

"اسے میں نے قتل نہیں کیا۔"

"خوب! تو پھر کس نے کیا ہے؟"

"یہ معلوم کرنا پولیس کا کام ہے۔" میرا لہجہ چبھ گیا جس کے باعث میرا انداز گفتار خاصا خراش لیا ہو گا۔ میرا یہ جواب سنکر پولیس آفیسر کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔ تیکھے انداز میں دیکھنے لگا۔

میں اٹھی اور نظریں جھکائے ہوئے بڑھ گئی۔ باتھ روم میں جا کر میں نے منہ پر چھپاکے مارے، کلی کی، اور دو گھونٹ پانی پی بھی لیا کچھ اور سنبھل گئی۔ اب میرے ذہن نے تیزی سے کام کرنا شروع کر دیا تھا۔ میں اس سازش کے تانے بانے سے اندازہ لگانے کی کوشش کر رہی تھی۔ فی الحال میرے سامنے تین نام تھے۔ کیپٹن آفاق، ڈاکٹر فونگ اور جاگیردار شوکت!...

فونگ کو ایک ہی خانے میں رکھا جا سکتا تھا لیکن آفاق کی حیثیت کچھ اور تھی۔ اس کے بارے میں میرا خیال یہ تھا کہ پریسیڈنٹ کی سرزنش کے بعد وہ اتنی جلدی مجھ پر کوئی وار کرنے کی ہمت نہیں کر سکتا لیکن فونگ اور جاگیردار شوکت کا معاملہ کچھ اُلجھا ہوا نظر آ رہا تھا۔

اس بات کا علم کیسے ہوا کہ میں اور ریشماں اس ہوٹل میں ہیں!

یہ سوچتی ہوئی غسلخانے سے نکلی اور "قتل گاہ" میں اُس کمرے کے دروازے کی طرف بڑھی۔ پولیس آفیسر نے تیزی سے روکنے کی کوشش کی تو میں نے تلخی سے کہا۔ "میں رہی ہوں آفیسر!.... گفتگو کے لئے بیرونی کمرہ مناسب رہے گا۔"

میری بات پولیس آفیسر کی سمجھ میں آ گئی اور وہ میرے ساتھ کمرے میں آ گیا۔

"اس لڑکی کے بارے میں تفصیل سے جاننا چاہتا ہوں۔"

"سامنے میں کوئی اعتراض بھی نہیں ہے۔" میں نے کہا اور سب کچھ بیان کرنا شروع کر دیا۔ کوئی بات چھپانے کی ضرورت نہیں تھی کہ اسی شہر کے ایک اور علاقے کی پولیس کو یہ سب بتایا ہی جا چکا تھا۔

بیان نے پولیس آفیسر کے چہرے پر تحیر کی جھلکیاں محو ہیں چپ ہوئی تو وہ اُٹھ کر اس صوفے پر جا بیٹھا جس پر ٹیلیفون رکھا ہوا تھا۔ اس نے ریسیور اُٹھایا اور کہا۔ "آپریٹر سے رابطہ قائم کر کے اس نے اس پولیس تھانے جس کے دو افسروں نے ہاسپٹل کے ایک کمرے میں رابطہ قائم کیا۔

گفتگو کرنے کے ساتھ، جیسے جیسے میری حالت ٹھیک ہوتی گئی، نئے نئے نکتے سوجھ رہے تھے۔ اب مجھے رحم دین اور کبھی پریشانی لاحق ہو گئی تھی۔ اگر یہ فرض کر لیا جاتا کہ اس میں جاگیردار شوکت کا ہاتھ تھا تو پھر رحم دین اور اس طرف سے دو چار ہو سکتی تھی۔

حالات سے اس وقت چونکی جب پولیس آفیسر نے مجھے لئے انسپکٹر جعفر کو یہیں بلوا لیا ہے۔"

اس طرح سر ہلایا جیسے اس معاملے سے میرا کوئی تعلق نہ ہو۔ کریڈل ٹیلیفون کے قریب پہنچ گئی اور جب میں نے نمبر ڈائل کرنا شروع کیا تو آفیسر بول پڑا۔ "آپ کسے فون کر رہی ہیں؟"

میں نے جواب دیا اور ہوٹل کے آپریٹر سے رابطہ قائم کرنے کے لئے "ایک" ڈائل کیا۔

چار بجنے میں پندرہ منٹ باقی تھے اس لئے امکان یہی تھا کہ وکیل اپنے دفتر میں موجود ہو گا۔ میں نے اس کا نمبر ہوٹل کے آپریٹر کو بتایا۔ جلد ہی رابطہ قائم ہو گیا اور ایک مردانہ آواز سُنائی دی۔

"میں مسیحہ بانو بول رہی ہوں اور سعید برکی صاحب سے بات کرنا چاہتی ہوں۔"

"میں برکی بول رہا ہوں بانو! کہئے، خیریت؟"

"آپ سنائیں، معاملات کس حد تک آگے بڑھے؟"

"میں نے جاگیردار شوکت کے خلاف سوٹ فائل کر دیا ہے۔ جلد ہی اسے عدالت میں حاضر ہونے کے لئے سمن تعمیل ہو جائے گا۔"

ایڈووکیٹ کی یہ تیزی میرے لئے تعجب خیز ثابت ہوئی لیکن میں نے اس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا اور بولی۔ "پولیس نے اس سلسلے میں کیا کیا؟"

"وہ لوگ جاگیردار کے پاس گئے تو تھے لیکن اس نے اپنی صفائی میں ایک ایسی شہادت پیش کر دی ہے جو مقدمے بازی میں کسی مرحلے پر مجھے بھی خاصا پریشان کرے گی۔" ایڈووکیٹ برکی نے کہا۔ "جاگیردار نے بیان دیا ہے کہ کل رات شفیق زبیری صاحب اس کے مہمان تھے اور....."

"شفیق زبیری کون؟" میں بیچ میں بول پڑی۔

"یہ محکمۂ خارجہ کی ایک اہم شخصیت ہیں۔" ایڈووکیٹ نے جواب دیا اور پھر بولا۔ "جاگیردار کا بیان ہے کہ وہ کل رات اس کے گھر پر مدعو تھے اور کھانے کے بعد انہوں نے ساری حویلی دیکھی تھی۔ وہ دیہات کا طرزِ تعمیر دیکھنا چاہتے تھے اس لئے انہوں نے ایک ایک گوشہ دیکھا تھا اور اب وہ پولیس کو بتا سکتے تھے کہ وہاں دو آدمی تو کجا، بلی کا بچہ بھی قید نہیں تھا۔"

"خوب!" میں نے نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا لیا۔ محکمۂ خارجہ کے حوالے نے مجھے نادرہ کے محبوب پرویز کی یاد دلا دی تھی۔ اس کا باپ بھی محکمۂ خارجہ کے کسی اہم عہدے پر فائز تھا۔ کم از کم نادرہ سے مجھے یہی بات معلوم ہوئی تھی۔

"آپ کہاں سے بول رہی ہیں؟" ایڈووکیٹ برکی نے مجھے چونکا دیا۔

"میں اپنے ہوٹل ہی سے بول رہی ہوں مسٹر برکی!... خواجہ صاحب کہاں ہیں؟"

"وہ اپنے گھر گئے ہیں۔ ابھی کوئی پندرہ منٹ پہلے تو یہیں تھے۔"

"برکی صاحب! آپ فوراً ان کے پاس پہنچئے۔ مجھے شبہ ہے کہ ان کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔"

"وہ کیسے؟" ایڈووکیٹ نے چونک کر پوچھا۔

"یہاں کسی نے ریشماں کو قتل کر دیا ہے۔"

"ارے!" ایڈورکیٹ اپنی کرسی پر اچھل ہی پڑا ہوگا۔
"کیا پولیس وہاں موجود ہے؟" ایڈورکیٹ برک نے تیزی سے پوچھا۔
"جی ہاں۔"
"اچھا میں آرہا ہوں۔"
میں نے سلسلہ منقطع کر دیا۔ پولیس آفیسر بڑی توجہ سے میری باتیں سُن رہا تھا۔ سلسلہ منقطع کرنے کے بعد میں نے پھر ہوٹل کے آپریٹر کو رنگ کیا اور اس سے بولی۔ "پریسیڈنٹ ہاؤس سے ملاؤ!"
میرے اس مطالبے پر پولیس آفیسر بُری طرح چونکا تھا لیکن میں نے اس کی طرف توجہ نہیں دی۔ کچھ ہی دیر میں پریسیڈنٹ ہاؤس کی لائن مل گئی۔
"ہیلو! پریسیڈنٹ ہاؤس۔" آواز آئی۔
"میں صبیحہ بانو بول رہی ہوں اور فوری طور پر آنریبل پریسیڈنٹ سے گفتگو کرنا چاہتی ہوں۔"
"پہلے آپ ان کی سکریٹری سے بات کر لیجئے!"
"جلو ملاؤ!" میں نے کہا۔
جلد ہی سکریٹری سے بھی رابطہ قائم ہوگیا اور اس نے میرا مطالبہ سُن کر کہا۔ "اس وقت تو آپ پریسیڈنٹ سے بات نہیں کر سکتیں۔"
"کیوں؟" میں نے تیوری پر بل ڈالتے ہوئے پوچھا۔
"پریسیڈنٹ، عنقریب جانا جانے والے ہیں اور اس سلسلے میں ایک اہم میٹنگ ہو رہی ہے۔"
"میٹنگ کب ختم ہوگی؟"
"اس کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔"
"خیر، میں پھر فون کروں گی۔" میں نے کہا اور سلسلہ منقطع کر کے پولیس آفیسر کی طرف دیکھا جس کے چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگی تھیں۔ میں نے پھیکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "چونکہ آپ نے مجھے حراست میں لے لیا ہے اس لئے میں نے سوچا تھا کہ پریسیڈنٹ کو اس کی اطلاع دے دوں۔ یہ حیران کے لئے بہت دلچسپ ہوتی کہ صبیحہ بانو کو ایک قتل کے شبہے میں زیرِ حراست لیا گیا ہے۔"
"اوہ! آپ غلط بھی تھیں۔" پولیس آفیسر جلدی سے بولا۔ "ہم پولیس والے جب قتل کی کسی واردات پر پہنچتے ہیں تو اس قسم کی باتیں کرتے ہیں لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہوتا کہ ہم واقعی ایسا گردانتے ہیں۔ یہ تو صرف رسمی سی باتیں ہوتی ہیں۔ ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ شرفا کی عزت سے کھیلیں۔"
میں بیٹھی ہوئی تمکنت سے مسکراتی رہی۔ پولیس آفیسر کی باتیں بالکل کھوکھلی تھیں۔ وہ اب مجھ سے مرعوب ہو چکا تھا لہٰذا ایسی باتیں کر رہا تھا۔
قدموں کی آہٹ سُنکر میں نے دروازے کی طرف دیکھا۔ سب انسپکٹر جعفر اندر داخل ہو رہا تھا۔ وہ مجھے گھورتا ہوا آگے آیا اور غرّاتا ہوا بولا۔
"آپ کا صبیح کا بیان بکواس ثابت ہو چکا ہے۔ ایک شخص کے بیان نے جاگیردار شوکت کی پوزیشن بالکل مضحکہ خیز ہے اور....."
"ایک منٹ.... ایک منٹ....۔" پولیس آفیسر نے ہاتھ اُٹھا کر اس کی بات کاٹ دی اور اُٹھ کر اس پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔ "ذرا میرے ساتھ آؤ!"
وہ اسے اندرونی کمرے میں لئے چلا گیا اور بیٹھی رہی۔ یہ سمجھنا مشکل نہیں تھا کہ پولیس آفیسر، جعفر کو نرم لہجے میں بات کرنے کی تلقین کرے گا کہ معاملہ پریسیڈنٹ تک ہے۔
مجھے اطمینان ہوگیا کہ اب مجھے کسی مشکل کا سامنا نہیں پڑے گا۔ گو کہ میں پریسیڈنٹ سے گفتگو نہیں کر سکی تھی میرا خیال تھا کہ اس کی ضرورت ہی نہیں پیش آئے گی۔
کچھ دیر بعد جب سب انسپکٹر جعفر واپس آیا تو اس کا چہرہ کھو چکا تھا۔ وہ میرے سامنے بیٹھتا ہوا بولا۔ "ہمارے لئے بڑا حال پیدا ہو چکا ہے خاتون!.... محکمۂ خارجہ کے ایک معزز رکن شوکت کے حق میں بیان دیا ہے لیکن دوسری طرف ہم آپ کو بھی نہیں کھو سکتے۔ ابدیشال کے قتل نے معاملات کو اور اُلجھا دیا ہے۔ کچھ بھی مرضی کا ہے۔"
"کیا؟" میں اچھل پڑی۔
"جی ہاں۔" سب انسپکٹر جعفر نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔ "مجھے نصف گھنٹے پہلے ملی تھی۔ ڈاکٹر بھی حیران ہیں کہ وہ کیسے تشویشناک نہیں تھی۔ بہرحال لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیجا، کی موت کا سبب شام تک ہمارے علم میں آجائے گا۔ جب ملی تھی تو میں نے اس کے بارے میں زیادہ نہیں سوچا تھا لیکن کے بعد یہ مسئلہ بھی قابلِ غور ہوگیا ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں دے دیا گیا ہو؟"
میں کچھ نہیں بولی۔ میرے ذہن میں سرخ سرخ لگے تھے اور مجھے بڑی حد تک یقین ہو چکا تھا کہ ایڈورکیٹ خواجہ کے قتل کی اطلاع ملے گی۔ رحم دین کی موت میرے زہریلی بُکا نتیجہ ہو سکتی تھی اور اس طرح یہ ثابت ہوگیا تھا کہ شوکت ہی کی طرف سے کیا جا رہا ہے۔ جاگیردار کی قسم طوفان کی طرح بھیجی بڑی تھی۔ وہ ہر اس ہستی کو ختم کر دینا کے لئے مشکلات کھڑی کر سکتی ہو۔
اندرونی کمرے میں ماہرین اپنا کام کرتے آفیسر اب انسپکٹر جعفر کے ساتھ مجھ سے گفتگو کر رہا لہجے میں اب زمین آسمان کا فرق آچکا تھا۔ وہ بڑی معاملات نے بڑی پیچیدہ شکل اختیار کر لی تھی۔ انہوں نے خود ہی کہا کہ اب شاید یہ معاملات پولیس کے ہاتھ سے نکل جائیں۔
میں اس گفتگو میں پوری طرح دلچسپی نہیں لے سکی کیونکہ میرے ذہن میں اُلجھا ہوا تھا اور میری بے چینی بڑھتی جا رہی تھی۔ اگر سپاہی کمرے میں داخل ہوا تو میری نظریں اس کی طرف اُٹھیں اس کی طرف دیکھے بغیر اپنے آفیسر سے بولا۔ "کوئی ایڈورکیٹ ہیں؟"
"فوراً اندر بلا لاؤ۔" میں نے جلدی سے کہا اور اضطراب کی لہر سی ہوگئی۔
سپاہی نے سوالیہ نظروں سے اپنے افسر کی طرف دیکھا۔
"ہاں ہاں، بلا لاؤ۔" آفیسر نے میری تائید کی۔
سپاہی دروازے کی طرف بڑھا تو میرے قدم بھی دروازے کی طرف اُٹھ گئے۔ میں ان جاں گسل لمحات سے بچنا چاہتی تھی جو برک کے اندر آنے میں صرف ہوئے۔ کمرے سے نکلتے سپاہی سے صرف ایک قدم پیچھے تھی اور قدم باہر رکھتے ہی میرے منہ سے ایک طویل سانس نکل گئی۔ ایڈورکیٹ برک کے ساتھ وہ تھا اور اس کے چہرے پر روشنائی کیفیت صاف نظر آرہی تھی۔ ایڈورکیٹ سے ریشمال کے قتل کا علم ہو چکا تھا۔ اس نے دونوں کو اپنے ساتھ اندر لے آئی۔
"ہو گیا بیٹی!" خواجہ بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔ وہ مجھ سے بڑا تھا۔
"صاحب!" میں نے اپنی آواز میں خفیف سی بھی لرزش نہیں آنے دی۔ "کچھ بھی ہوا ہے، اس کا حساب کچھ لوگوں کو چکانا ہی پڑے گا۔"
"میں نے کسی کو دیکھنا چاہتا ہوں۔" خواجہ نے ڈبڈبائی ہوئی آنکھوں سے دائیں بائیں کی طرف دیکھا۔ یہ سمجھنا کوئی مشکل بات نہیں تھی کہ وہ کسی کی تلاش کر رہا ہے۔
"آف کریں خواجہ صاحب!" سب انسپکٹر جعفر بول پڑا۔ "لاش کا معائنہ ختم ہونے ہی والا ہے۔ اس کے بعد لاش کو ہسپتال روانہ کی جائے گی لیکن اس سے پہلے آپ اسے ایک نظر دیکھ لیں۔"
خواجہ کے سر ہلانے ہوئے ایک صوفے پر بیٹھ گیا۔ اس کے چہرے سے ایسا لگتا تھا جیسے اس کا کوئی قریبی عزیز قتل کر دیا گیا ہو۔
پہلے برک اور میں دوسروں سے ذرا ہٹ کر بیٹھے تھے۔ صورتِ حال کے بارے میں گرید گرید کر پوچھنے لگا۔
"معلوم کرنا چاہتا تھا کہ میرے بارے میں پولیس کا رویہ کیا ہے۔" میں نے جواب دیا۔ "میں نے انہیں اطمینان دلا دیا کہ پولیس میرے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھائے گی۔"
"برک صاحب!" میں نے آہستہ سے کہا۔ "میرے پاس کوئی ثبوت تو نہیں لیکن میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ یہ قتل جاگیردار شوکت نے کروایا ہے۔ الجھن مجھے صرف یہ ہے کہ اسے اس ہوٹل کا علم کیسے ہوا؟"
"جاگیردار کو یہ بات پولیس سے بھی معلوم ہو سکتی ہے۔"
"اگر ایسا ہے انسپکٹر جعفر؟"
"وہ جعفر بھی ہو سکتا ہے اور اس کا کوئی دوسرا ساتھی بھی۔"
"کیا آپ کو رحم دین کے بارے میں معلوم ہو چکا ہے؟"
"رحم دین کے بارے میں؟" ایڈورکیٹ برک نے تیزی سے کہا۔ "کیا ہوا رحم دین کو؟"
"وہ بھی ختم ہو چکا ہے۔"
ایڈورکیٹ چند لمحوں کے لئے سناٹے میں آگیا۔
میں نے قدرے توقف کے بعد وہ گفتگو بھی دُہرا دی جو رحم دین کے سلسلے میں سب انسپکٹر جعفر سے ہوئی تھی۔ ایڈورکیٹ کے چہرے سے بے حد پریشانی ظاہر ہونے لگی تھی۔ اس نے پُرتشویش لہجے میں کہا۔ "پھر تو خواجہ صاحب کی زندگی بھی خطرے میں ہے!"
"یقیناً۔"
"میں اس سلسلے میں کوئی ٹھوس قدم اٹھاؤں گا۔" ایڈورکیٹ نے بڑبڑانے والے انداز میں کہا۔
کچھ دیر بعد پولیس آفیسر نے میرے قریب آکر کہا۔ "اس کمرے کو تو سیل کر دیا جائے گا۔ منیجر سے کہہ کر میں آپ کے لئے دوسرے کمرے کا بندوبست کر دلائے دیتا ہوں۔"
"اس کی ضرورت نہیں۔ برابر کا کمرہ بھی میرے تصرف میں ہے۔"
"آپ کے ساتھی مسٹر رضوان کہاں ہیں؟" سب انسپکٹر جعفر پوچھ بیٹھا۔
"وہ اپنے کسی دوست سے ملنے گئے ہوئے ہیں؟" میں نے جواب دیا۔
پھر جعفر نے اس بارے میں کوئی سوال نہیں کیا۔ میں نے پریسیڈنٹ ہاؤس فون کر کے ان لوگوں کو خاصے رُعب میں لے لیا تھا۔
"میں اب سی برابر والے کمرے میں جا رہی ہوں۔" میں پولیس آفیسر کو بتاتی ہوئی کھڑی ہوگئی اور کہا۔ "میں شاید اعصابی تھکن محسوس کر رہی ہوں۔"
"ہاں ہاں، آپ آرام کریں۔ اس قسم کے حادثے واقعی اعصاب شکن ہوتے ہیں۔"
"اگر آپ مجھ سے کچھ معلوم کرنا چاہیں تو وہیں آجائیے گا۔"
"ٹھیک ہے۔"
"آپ خواجہ صاحب کے ساتھ ہی رہیئے گا۔" میں نے ایڈورکیٹ برک سے کہا۔ "ان کا تنہا رہنا مناسب نہیں ہوگا۔"
"میں یہیں ہوں۔" برک نے سر ہلا کر کہا۔
میں وہاں سے برابر والے کمرے میں چلی آئی اور میں نے بیرے کو بلا کر اس سے وہسکی منگوائی۔ میری یہ اعصابی تھکن شراب ہی سے

ٹوٹ سکتی تھی۔ شراب کے ساتھ ہی میں نے سگرٹ بھی سلگا لیے۔

شراب کا پہلا پیگ میں نے ایک ہی سانس میں خالی کر دیا پھر سگریٹ سلگائی اور دوسرا پیگ بنا کر چھوٹے چھوٹے گھونٹ لینے لگی۔

کوئی نصف گھنٹے بعد دروازے پر دستک ہوئی۔ اس وقت میں تیسرا پیگ ختم کر رہی تھی۔ میں نے اُٹھ کر دروازہ کھولا۔ وہ خواجہ ایڈووکیٹ برکی تھے۔ میں انہیں اندر لے آئی۔ تپائی پر رکھی ہوئی بوتل اور گلاس دیکھ کر برکی ٹھٹھکا تو میں بول پڑی۔

"پروا مت کریں، ٹھیک ہے۔ آیئے بیٹھیں!" میں نے صوفوں کی طرف اشارہ کیا۔

خواجہ کی آنکھوں میں ایسی سُرخی نظر آ رہی تھی جیسے وہ بے تحاشا رویا ہو۔ غالباً اسے ریشماں کی لاش دکھا دی گئی تھی۔

"لاش پوسٹ مارٹم کے لئے لے جائی جا چکی ہے!" برکی نے بھرائی ہوئی آواز میں مجھے بتایا۔ "اب کمرے کو سیل کیا جا رہا ہے۔ میں نے سوچا اب جانے سے قبل آپ سے ملتا چلوں۔"

"معاف کیجئے گا۔" میں نے اپنا پیگ تپائی سے اُٹھاتے ہوئے کہا۔ "مجھے اپنے اعصاب کو پُرسکون کرنے کے لئے اس کی سخت ضرورت تھی۔"

"یہ ایک ممکن نہیں کہ آپ بھی کسی خطرے سے دوچار ہو جائیں۔" ایڈووکیٹ نے خدشہ ظاہر کیا۔

"آپ صرف خواجہ صاحب کی فکر کریں۔"

"میں نے اس سلسلے میں ان دونوں پولیس افسروں سے گفتگو کر لی ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ وہ خواجہ صاحب کی حفاظت کا معقول بندوبست کر دیں گے۔ خدا جانے کیا بات ہے کہ ان لوگوں کے رویئے میں اچانک تبدیلی آ گئی ہے اور وہ بیحد کوآپریٹو ثابت ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔" میں نے ایڈووکیٹ برکی کو نہیں بتایا کہ اس کا سبب وہ ٹیلیفون کال ہے جو میں نے پریذیڈنٹ ہاؤس کی تھی۔

دو ایک رسمی سی باتیں کر کے برکی کھڑی ہو گیا اور اپنے ساتھ خواجہ کو بھی لے گیا۔ میں ان کو دروازے سے رخصت کر رہی تھی کہ پولیس آفیسر قریب آ گیا۔

"فرمایئے!" میرے لہجے میں کچھ چڑچڑاہٹ آ گئی تھی۔ مجھے شدت سے محسوس ہو رہا تھا کہ مجھے تنہائی کی ضرورت ہے۔

"میں صرف یہ کہنے آیا تھا کہ جب آپ کی طبیعت کچھ ٹھیک ہو جائے تو مجھے اطلاع دے دیجئے گا۔ تفتیش کے سلسلے میں آپ سے کچھ معلومات۔"

"بہتر ہو گا کہ آپ مجھ سے کل صبح مل لیں۔" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

"بہتر ہے۔" وہ نہایت سعادت مندی کا ثبوت دے رہا تھا۔

میں نے دروازہ بند کیا اور اپنی نشست پر واپس آ کر چوتھا پیگ بنانے لگی۔ میں اتنا پینا چاہتی تھی کہ ہوش ہی نہ رہے اور میں نے اتنی پی ڈالی

مجھے ہوش نہیں رہا۔ میرا آخری احساس یہ تھا کہ میں صوفے پر لیٹ گئی۔

ایک رات کی بیداری اور اوپر سے آٹھ پیگ!.....

کم و بیش تیرہ گھنٹے تک سوتی رہی۔ آنکھ کھلنے پر جب دن کی روشنی ہوا تھا تو میں بڑبڑا کر اٹھ بیٹھی تھی۔ بے اختیار میری نظر کلائی پر گھڑی پر گئی۔ ساڑھے چھ بج چکے تھے۔

میں باتھ روم میں گئی اور منہ دھو کر لوٹ آئی۔ نقاہت سے غسل کرنے کی ہمت ہی نہیں ہوئی تھی۔ میں نے چوبیس گھنٹے سے کچھ نہیں کھایا تھا۔ اب بھوک برداشت سے باہر ہو رہی تھی اس لئے میں نے کمرۂ سروس سے رابطہ قائم کیا اور ناشتے کے بارے میں جتنی دیر میں ناشتہ آیا، گذشتہ روز کے سارے طرح میرے ذہن کے پردے پر منعکس ہو چکے تھے۔ مجھے رمو حق کا بھی خیال آیا تھا۔ کمانڈر رحق کے بارے میں، میں اس کر سکتی تھی کہ وہ اس وقت اسی ہوٹل میں موجود ہو گا لیکن رمو میں کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا۔

ناشتے کے ساتھ میرا اخبار بھی لے کر آیا تھا۔ خدا کرمیں ناشتے میں مصروف ہو گئی۔ بیرے نے بوتل اٹھا کر گلاس وغیرہ سمیٹ کر رخصت ہو گیا۔

ناشتہ کرنے کے بعد میں نے اخبار اٹھایا۔ میں ریشماں کے قتل پر اخبار کے تاثرات کیا ہیں لیکن اس حیرت ہوئی جب ریشماں کے قتل کی کوئی چھوٹی سی خبر بھی دکھائی دی۔ اس کی تلاش میں، میں نے تمام چھوٹی بڑی سُرخ اخبار ایک طرف ڈال کر میں سوچ میں پڑ گئی۔ ایسا معلوم ہو خبر کی اشاعت روکوائی گئی ہو۔ لیکن روکنے والا کون؟ کا اندازہ لگانا میرے لئے مشکل تھا۔

سگریٹ ختم کر کے میں اٹھی اور کپڑے بدلنے لگی۔ میں بڑی آسانی سے معلوم کر سکتی تھی کہ کمانڈر رحق کس لیکن مجھے یہ معلوم کرنے کی ضرورت نہیں پیش آئی۔ کمانڈر رحق دکھائی دے گیا جو راہداری کے سرے پر قریب کھڑا ہوا تھا جس کے شیشوں سے سڑک کے رُ تھا۔ اس نے میری طرف دیکھا اور تیر کی طرح آگے

"گڈ مارننگ یور ہائی نس!" اس نے قر

"مارننگ۔" میں نے جواب دیا اور دروازہ کھولتی ہوئی بولی۔ "آؤ!"

میں اسے کمرے میں لے گئی۔

"میں کل رات یہاں پہنچا تھا یور ہائی نس! پر ہلکی سی دستک بھی دی تھی۔ جواب نہیں ملا تو میں گئی ہیں لہٰذا....."

"روپے لائے ہو؟" میں نے اس کی بات کا

ہاں۔" کمانڈر رحق نے بڑے نوٹوں کی ایک گڈی نکال پر رکھ دی۔

"فی الحال تمہارے لئے ایک چھوٹا سا کام ہے۔" میں نے اس گڈی میں سے کچھ نوٹ نکال لے جاؤ اور بازار سے دو ساڑیاں خرید لاؤ۔ میرے پاس کوئی بلاؤس نہیں ہے۔ لے کپڑے لیکر درزی کو دیدینا۔ دو بلاؤز کل تک مل جانے نہیں ہے لیکن ایک بلاؤز اور ایک پیٹی کوٹ اسی وقت بلاؤز، خواہ کتنے ہی پیسے دینا پڑیں۔"

میں نے ایک کاغذ پر اپنے بلاؤز کی ناپ لکھ کر دیدی اور فوراً ہی رخصت ہو گیا۔

میرا لباس اب بالکل مسل گنجل چکا تھا اس لئے میں دوسرے کے بغیر باہر نہیں نکل سکتی تھی۔ مجبوراً اب صرف یہی ہو سکتا کمرے میں بیٹھے بیٹھے ان حالات کا تجزیہ کرتی رہوں جو گذشتہ گھنٹوں میں پیش آ چکے تھے۔ ریشماں سے ڈرامائی ملاقات کے ڈرامائی قتل تک کے واقعات ایک بار پھر میرے ہلانے لگے اور اس واقعاتی کہانی میں ایک کردار نادرہ۔ وہ جس لڑکے سے محبت کرتی تھی، اس کا باپ محکمۂ خواجہ سعید دار تھا اور جس شخص نے جاگیردار شوکت کے حق میں وہ بھی محکمۂ خارجہ سے تعلق رکھتا تھا۔ میں سوچ معاملہ کسی ایک ہی شخص کا تو نہیں ہے۔؟

اس سوال کا جواب نادرہ ہی سے مل سکتا تھا۔ میں نے رابطہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ ابھی ساڑھے سات ہی بجے گمان تھا کہ وہ کالج کے لئے روانہ نہیں ہو گی۔ میں ٹیلیفون رابطہ قائم کر سکتی تھی لیکن مجھے اس کا نمبر نہیں معلوم تھا۔ نمبر کے لئے مجھے ٹیلیفون ڈائرکٹری کا سہارا لینا پڑا۔ میں نے میں داخل ہوتے وقت، بچھانک پر لگی ہوئی نیم پلیٹ اور شہزمان کا نام میرے ذہن سے چپک کر رہ گیا تھا۔ راولپنڈی میں اس نام کا کوئی دوسرا آدمی ہرگز نہیں انا بھی تو میں ڈائرکٹری میں اس شہزمان کا انتخاب کرتی ملاٹ ٹاؤن کا ہوتا۔ بالفرض اگر میلاٹ ٹاؤن میں بھی آدمی نکل پڑتے تو میں یکے بعد دیگرے ان سب کو ادرہ کے بارے میں پوچھتی لیکن میری یہ توقع درست ڈائرکٹری میں شہزمان نام کا ایک ہی آدمی نظر آیا۔ پھر اہ نشین کر کے ڈائرکٹری بند کی اور ریسیور اٹھا کر پھر ملایا۔

ابر بعد جب رابطہ قائم ہو گیا اور "ہیلو" کی مردانہ آواز میں نے کہا۔ "ذرا نادرہ سے بات کروا دیجئے!"

کی طرف سے بولنے والا شاید کوئی ملازم تھا۔ اس نے کہا۔ "چھوٹی بی بی ناشتہ کر رہی ہیں۔ آپ ذرا رکیں، میں انہیں اطلاع کرتا ہوں۔"

"اچھا۔" میں نے کہا اور انتظار کرنے لگی۔

یہ انتظار ایک منٹ سے زیادہ کا نہیں تھا۔ مجھے دوسری طرف "تمہارے کمرے پر بیل لگی ہوئی ہے!"

"ہاں۔" میں نے اپنی نشست کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔ سے نسوانی آواز سُنائی دی۔ "ہیلو!"

"نادرہ؟" میرا لہجہ سوالیہ تھا۔

"بول رہی ہوں۔" جواب ملا۔

"اور رشتہ؟ تمہارے محبوب پروین کا کیا حال ہے؟"

دوسری طرف چند لمحے کے لئے سناٹا چھا گیا، پھر بھرائی آواز سُنائی دی۔ "تم کون ہو؟"

"وہی۔" میں نے پُراسرار لہجے میں کہا۔ "تمہاری نئی دوست! کل میں تمہارے گھر کے پورٹیکو میں تم سے ملی تھی۔ یاد آیا؟"

"آخر تم کیوں میرے پیچھے پڑ گئی ہو؟" نادرہ روہانسی ہو گئی۔

"محبت کی بات ہے۔ میں اس سلسلے میں تم سے تفصیل گفتگو کرنا چاہتی تھی۔" میں نے کہا پھر اپنے ہوٹل کا نام اور کمرے کا نمبر بتا کر بولی۔ "اس وقت کالج جانے کے بجائے سیدھی یہیں آ جاؤ۔ یہ ایک بھرا پُرا ہوٹل ہے اور میں بھی تمہاری طرح عورت ہوں لہٰذا تمہیں میری طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہونا چاہئے۔ میں تمہارا انتظار کر رہی ہوں۔"

"لیکن میرے پاس فضول باتوں کے لئے بالکل وقت نہیں ہے۔" نادرہ کے لہجے میں جھنجلاہٹ تھی۔

"اگر تم ساڑھے نو بجے تک یہاں نہ آئیں تو میں یہ فضول باتیں کرنے کے لئے تمہارے گھر پہنچ جاؤں گی۔" میں نے کہا اور پھر جواب سُنے بغیر سلسلہ منقطع کر دیا۔

چار پھینکنے کے بعد مجھے اس بات کا انتظار کرنا تھا کہ مچھلی پھنستی ہے یا نہیں؟ میری دانست میں دونوں امکانات پچاس پچاس فیصد تھے۔ انتظار کی اُلجھن سے بچنے کے لئے میں نے شراب کی بوتل اُٹھائی اور ایک پیگ بنا کر چھوٹے چھوٹے گھونٹ پینے لگی۔ وہ پیگ ختم کر کے دوسرا پیگ بنایا ہی تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔

"آ گئی۔" میں زیر لب بڑبڑا کر اٹھی۔

اتنی جلدی آنے کا مطلب یہ تھا کہ وہ فوراً ہی اپنے گھر سے روانہ ہو گئی تھی۔

لیکن جب میں نے دروازہ کھولا تو میری اُمیدوں پر اوس پڑ گئی۔ آنے والا تو رضوان تھا اور اس کے چہرے سے گھبراہٹ مترشح تھی۔

"یہ کیا چکر ہے؟" وہ اندر داخل ہوتا ہوا بولا۔

"کس چکر کی بات کر رہے ہو؟" میں نے دروازہ بولٹ کرتے ہوئے پوچھا۔

"کل اس کمرے میں ایک حادثہ ہو چکا ہے۔"

"کیسا حادثہ؟" رضوان کے لہجے کا اضطراب بڑھ گیا۔

"بیٹھ جاؤ اور اطمینان سے سنو!" میں نے پیگ اٹھاتے ہوئے کہا اور ایک گھونٹ لیا۔

رضوان میرے سامنے بیٹھ گیا لیکن اضطراب کے باعث بیٹھنے کا انداز کچھ ایسا تھا جیسے کسی بھی لمحے اٹھ کھڑا ہوگا۔

"ریشماں کہاں ہے؟" اس کے ذہن میں شکوک ابھر رہے تھے۔

"اسے..... کس نے..... قتل کر دیا۔" میری آواز حلق میں اٹک رہی تھی۔

رضوان اس طرح اچھلا جیسے اس کے ننگے بدن سے انگارہ چھو گیا ہو۔

"نہیں۔" اس کے منہ سے سرسراتی ہوئی آواز نکلی۔

ریشماں کے قتل کا ذکر زبان پر لانے ہی میں اپنے آپ کو مغموم محسوس کرنے لگی تھی۔ میں نے ایک ہی سانس میں وہ پیگ بھی اپنے حلق میں انڈیل لیا۔

"بیٹھ جاؤ!" میں پھر بولی۔ "میں نے کہا تھا کہ اطمینان سے سنو!"

رضوان بیٹھ گیا اور میں نے ریشماں کے قتل کی کہانی تفصیل سے سنا ڈالی۔ اس دوران میں، میں نے وہ پیگ ختم کر کے تیسرا پیگ بھی بنا لیا تھا۔ رضوان نچلا ہونٹ دانتوں میں دبائے میرا چہرہ دیکھتا رہا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ میرے سنائے ہوئے واقعات کو اپنے ذہن میں دہرا رہا ہو۔

"اب تم بتاؤ!" میں تیسرے پیگ کا پہلا گھونٹ لے کر بولی۔ "تمہاری اب تک کی غیر حاضری کے کیا نتائج نکلے؟"

"میرے پاس سنانے کے لئے کوئی خاص واقعہ نہیں ہے۔" رضوان نے تھرتھراتی ہوئی آواز میں کہا۔ "اگر اسے خاص بات کہا جا سکے تو وہ صرف یہ ہے کہ ڈاکٹر ٹونگ بدستور وہیں مقیم ہے۔"

"اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ خود کو میری نظروں سے پوشیدہ سمجھ رہا ہے۔" میں بڑبڑائی۔

"کیا ریشماں کے قتل میں جاگیردار شوکت ہی کا ہاتھ ہے؟" رضوان نے سوال کیا۔

"ان حالات میں کوئی اور نام ذہن میں نہیں آتا۔"

رضوان نے سگریٹ سلگائی اور اٹھ کر کمرے میں ٹہلنے لگا۔ میں بھی اپنے خیالوں میں کھوئی ہوئی شراب پیتی رہی۔ کچھ دیر بعد رضوان میرے قریب رک کر بولا۔ "رحم دین کی موت کا سبب ابھی نہیں معلوم ہو سکا۔ کل پولیس والوں سے ملاقات ہو تو کچھ پتہ چلے۔ ویسے مجھے یقین ہے کہ رحم دین کی موت بھی طبعی نہیں ہوگی۔"

"تو گویا جاگیردار نے کرم دین کی حویلی پر قبضہ کرنے کی راہ کے دونوں کانٹے صاف کر دیئے۔"

"لیکن میں اس کی راہ کا ایک ایسا کانٹا بن جاؤں گا جو دل میں پیوست ہو جائے گا۔" میں نے غراتے ہوئے کہا۔ ساتھ دینے کے لئے تیار ہو رضوان؟"

"تم کیا کرنا چاہتی ہو؟"

"میں آج رات کو جاگیردار کی حویلی میں گھسوں گی۔ سے کوئی ایسی چیز مل جائے جسے اس کے خلاف استعمال کیا بات بن جائے گی۔ یہ بھی نہیں تو میں کم از کم جاگیردار کو اچھی ضرور کرنا چاہوں گی۔"

"تم جذباتی ہوئی جا رہی ہو۔"

"میں ریشماں کے قتل کو فراموش نہیں کر سکتی۔"

"اس چکر میں پڑ کر تم ڈاکٹر ٹونگ کو بھولی جا رہی ہو۔"

"میں محسوس کر رہی ہوں کہ ڈاکٹر ٹونگ کا چکر تو لمبے چلے گا لہٰذا میں نگے ہاتھوں ریشماں کے معاملے سے نپٹ لوں۔"

رضوان کے جواب سے پہلے ہی دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی۔ رضوان اس طرف مڑا۔ وہ دروازہ کھولنے کے لئے آگے بڑھا تو میں کھڑی ہو گئی۔

"ٹھہرو!" میں نے کہا۔ "میں دیکھتی ہوں۔"

ممکن تھا کہ اس مرتبہ نادرہ ہی آئی ہو۔ ویسے اس کی آمد کا بھی امکان تھا۔

میں نے دروازہ کھولا تو نادرہ کی شکل نظر آئی۔

"اوہ!..... آؤ!" میرے منہ سے نکلا اور میں ایک طرف نادرہ کے انداز سے ہچکچاہٹ ظاہر ہونے لگی۔ اس پر جمی ہوئی تھیں اور رضوان بھی اسے ہی گھور رہا تھا۔

"رضوان!" میں بولی۔ "مجھے اپنی مہمان سے کچھ بات کرنی ہے۔ تم نیچے ڈرائنگ ہال میں میرا انتظار کرو۔"

رضوان بدستور نادرہ کو گھورتا ہوا قریب آیا اور باہر نکل گیا۔

"اب تو آ جاؤ اندر۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

وہ آ گئی اور میں نے دروازہ بند کر لیا۔

"بیٹھو!" میں نے صوفوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

وہ آگے بڑھ کر ایک صوفے پر بیٹھ گئی۔ اس میں رکھی تھیں۔ تپائی پر رکھی ہوئی بوتل اور گلاس پر نفرت بھری نظر ڈالی تھی اور پھر اس طرف سے منہ پھیر لیا غصیلا سا انداز مجھے بڑا بھلا معلوم ہوا۔ وہ کسی روایتی

ایسی لڑکیوں کو زیر کرنے میں مجھے بڑا مزا آتا ہے۔ گذشتہ کی بھی وہ بیحد چست لباس میں تھی اور اس کے جسم کی محسوس کر مجھے یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے اس کا بدن چٹخا اس کا یہی عالم تھا آگیں دیکھ کر کچھ دیر کے لئے میرے یہاں کی موت کے اثرات ہٹ گئے۔

"تمہیں شراب سے نفرت ہے!" میں نے کہتے ہوئے ں۔

تو مجھے ان لوگوں سے بھی ہے جو اس سے نفرت نہیں ادرہ کے لہجے میں آگ گھلی ہوئی تھی۔

سرکشی کا یہ انداز مجھے بڑا قاتلانہ محسوس ہوا۔ میں نے محسوس میں بچی ہوئی شراب اپنے حلق میں انڈیلی اور بھرا خو لہجہ جانے کیوں جس کے ایک سرے پر نادرہ تھی ہوئی تھی۔

"میں ہوں۔" نادرہ تڑخی۔ "اب بتاؤ، کیا کہنا ہے؟"

یہاں تو الگ رکھ دو۔ میں انہیں لے کر بھاگنے کی فکر

ہوں۔"

کچھ نہیں بولی اور میں نے کتابیں اس کی گود سے اٹھا کر یہاں۔ میرے ہاتھ کی انگلیاں ایک لمحاتی کیف سے سرشار

"میرے دیکھے کیوں پڑ گئی ہو؟" نادرہ مجھے گھورتی ہوئی بولی۔ اپنی بیزاری کیوں ہو کر لوگ تمہارے پیچھے لگ جاتے

مسکرا کر کہا۔

"نہیں، صرف تم ہی پیچھے پڑی ہو۔"

تو ویزر کو حاصل ہے!"

"اپنے کیا دشمنی ہے!" نادرہ نے جیسے چڑ کر کہا۔

"دوسرے دشمنی ہے جو خوبصورت لڑکیوں کے پیچھے

"ہو زمانے بھر کی!"

"ہو!" میں نے مسکرا کر اس کی ٹھوڑی پکڑتے ہوئے کہا۔ "ہاتھ جھٹک دیا اور بولی۔" یہ تو میں سمجھ چکی ہوں کہ تم

"جانتی ہو لیکن تم نے یہ نہیں بتایا کہ اپنی زبان بند

"کتنا روپیہ چاہیے۔"

"مجھے محبت چاہیے نادرہ!" میں نے اس کا ہاتھ تھام لیا۔

"وہ چونک کر حیرت سے مجھے دیکھنے لگی۔

"میں دو چار روز سے زیادہ نہیں رکوں گی۔ میں چاہتی

"تم لے لیں دو ایک بار مل جانا۔" میں نے کہتے ہوئے

"میں سمیٹ لیا۔ میری اس حرکت پر وہ ذرا دیر

کے لئے بھونچکا سی ہو گئی۔ اداہنی لمحات میں میرے ہونٹوں نے اس کے ترشے ہوئے یاقوتوں کو اپنی پناہ میں لے لیا۔

میں پانچ پیگ پی چکی تھی لیکن اس وقت میں نے جو ساغر پیا اس کا نشہ بہت گہرا تھا۔ اس خمار سے میرے ہاتھ بھی بہک گئے۔

نادرہ میری اس حرکت پر بوکھلا گئی تھی لیکن جب اس کے حواس بجا ہوئے تو وہ تڑپ کر میری گرفت سے نکل گئی اور ہانپتی ہوئی بولی

"تو..... تو..... تم اس قسم کی..... عورت ہو!"

میں نے دیکھا کہ ذرا سی دیر کے قرب نے اس کی آنکھوں میں سرخ ڈورے بھر دیئے تھے۔ بلاشبہ وہ جوانی کی اس منزل پر تھی جہاں ذرا سی چھیڑ سے جذبات ابل پڑتے ہیں۔

"بس اب فاصلوں کو جنم نہ دو!" میں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہتے ہوئے اس کا بازو تھام لیا۔ "آج کے بعد میں بھول جاؤں گی کہ تم پرویز سے محبت کرتی ہو۔"

بلیک میلنگ کا مطالبہ گھل کر سامنے آ چکا تھا اور نادرہ کے چہرے پر بڑی بے بسی نظر آ رہی تھی۔ جب میں نے دوبارہ اپنی طرف کھینچا تو اس نے خود کو بالکل ڈھیلا چھوڑ دیا تھا۔ وہ بلیک میل ہونے پر آمادہ ہو گئی تھی۔ میں نے اس کے جسم کی تھرتھراہٹوں کو اپنی آغوش میں بسا لیا اور ایک بار پھر اس کے ترشے ہوئے یاقوتوں کی نمی اپنے ہونٹوں میں جذب کرنے لگی۔

گزرتے ہوئے لمحات اب جیسے آگ کی لپیٹ میں آ گئے تھے۔ میں اس آگ میں جل رہی تھی اور اپنے قریب کی ہر شے کو اس آگ میں جلا دینا چاہتی تھی۔ میرے ڈگمگاتے اور ادھر سے ادھر گرتے ہوئے ہاتھ، نادرہ کے وجود میں بھی آتش خوابیدہ کو جگا چکے تھے لیکن وہ کوشش کر رہی تھی کہ میں اس کی تڑپ کو محسوس نہ کر سکوں۔ وہ خود کو برف کی ٹھنڈی سل کی طرح پیش کرنا چاہتی تھی لیکن مجھے اس کی آنکھوں میں جذبات کا دہکتا ہوا لاوا نظر آ رہا تھا۔ اس کے ناہموار سانسوں میں کسی بحر کا ناآسودہ تلاطم محسوس ہو رہا تھا اور کبھی کبھی ہونٹوں سے خطا ہو جانے والی سسکاری میں طلب و رسدگی پکار سنائی دے جاتی تھی۔

کمرے کا سکوت لباس کی سرسراہٹوں سے آشنا ہوا اور لمحوں کا بھرم گھلتا چلا گیا۔ جذبوں کی حیوانیت بے نکیل ہو گئی اور طلب و رسدگی تفسیر رقم ہونے لگی۔ وہ کچھ لمحے جو گزر رہے تھے بجا دوام محسوس ہونے لگے۔ بے اعتبار زندگی بہا عتبار کرنے لگا اور جب گرداب کی طرح چکراتی ہوئی ہوا رکی تو یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے چند لمحوں میں کئی جگ بیت گئے ہوں۔

کمرے کے سکوت میں سرسراہٹوں کا اعادہ ہوا اور نادرہ سر جھکائے بیٹھی رہی۔ جو سفر طے ہوا تھا، اس کی گرد اس کے چہرے پر جمی ہوئی تھی۔

میں نے مسکرا کر اس کی طرف دیکھا اور مخمور چال چلتی ہوئی تپائی کے قریب گئی۔ ایک پیگ بنایا اور نادرہ کے سامنے جا بیٹھی۔

"میں جاؤں!" نادرہ کی آواز ایسی تھی جیسے اکا کے شکستہ محل کی آخری دیوار بھی گر گئی ہو۔

"تو تمہیں یقین ہے کہ پرویز ایک شریف خاندان کا چشم و چراغ ہے؟"

"اب تمہیں اس قسم کے سوالات کرنے کا کوئی حق نہیں۔ میں تمہارا مطالبہ پورا کر چکی ہوں۔"

"لیکن میں تمہیں باخبر تو کر دوں کہ وہ جلال تو قبر نامی ایک آنکھ کا لٹو کا ہے۔"

"غلط۔" نادرہ نے جزے اعتماد سے کہا۔ "اس کے والد محکمۂ خارجہ میں ملازم ہیں اور ان کا نام جلال تو قبر نہیں بلکہ احمد نیازی ہے۔"

یہ نام سن کر میں نے بے اختیار ایک طویل سانس لی۔ نادرہ کو جھوٹا سمجھنے کا کوئی محل نہیں تھا لہٰذا یہ بات ثابت ہو گئی تھی کہ میرا شبہ غلط تھا۔ جاگیردار شوکت کے حق میں گواہی دینے والی شخصیت پرویز کے باپ کی نہیں تھی۔

میں نے شراب کے دو لمبے گھونٹ لئے اور سوچنے لگی کہ میرا شبہ غلط ثابت ہونے کا مطلب یہ تو ہرگز نہیں ہو سکتا کہ میں نے نادرہ کے پیچھے لگ کر وقت ضائع کیا ہے۔ ایسی خوش چہرہ اور خوش بدن لڑکیوں کے لئے تو کئی دن بھی مرمت کئے جا سکتے ہیں۔

"تو اب میں جاؤں؟" نادرہ پھر بولی۔

"تمہیں ایسی ہی جلدی ہے تو چلی جاؤ لیکن یہ کہنے کے لئے میرا دل نہیں چاہ سکتا۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "غالباً تم کالج ہی جاؤ گی؟"

نادرہ کوئی جواب دیئے بغیر تپائی کی طرف بڑھی اور اپنی کتابیں اٹھا کر دروازے کی طرف جانے لگی۔ میں نے بھی اس کے پیچھے قدم بڑھائے جب وہ دروازہ کھول کر باہر نکل رہی تھی تو میں بولی۔ "سنو!"

وہ پلٹی۔

"بھولا مت جانا۔" میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔ "میں ابھی پنڈی میں دو چار روز اور ہوں اور تمہیں مجھ سے ایک مرتبہ پھر ملنے آنا ہے۔"

"ہوں۔" نادرہ ہونٹ بھینچ کر غرائی اور ایک جھٹکے سے مڑ کر راہداری میں تیزی سے آگے بڑھتی چلی گئی۔

میں نے دروازہ بھیڑ کر بیگ سے ایک گھونٹ لیا اور گنگناتی ہوئی واپس لوٹی۔ ریشماں کی موت مجھے مضمحل کر گئی تھی لیکن نادرہ کی رفاقت نے اس کا ازالہ کر دیا۔

کچھ ہی دیر بعد رضوان کمرے میں آ گیا۔ اس نے نادرہ کو ہوٹل سے نکلتے ہوئے دیکھ لیا ہو گا۔ اندر آتے ہی وہ مجھے بڑی خشمگیں نظروں سے دیکھنے لگا۔

"کیوں؟" میں مسکرائی۔ "کچھ ناراض معلوم ہوتے ہو؟"

"تم ان حالات میں بھی اپنی حرکتوں سے باز نہیں آ سکتیں۔" اس نے جیسے جل کر کہا۔

"جب صورتِ احوال مکدر ہو چکی ہو تو اس کا مداوا نہ کرنا ہی بہتر ہوتا ہے۔ ورنہ یہ دنیا ہی جہنم بن کر رہ جائے۔"

رضوان منہ بنا کر رہ گیا۔

پھر کچھ ہی دیر ہوئی تھی کہ فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ میں اٹھا یا۔ دوسری طرف سے ریسپشنسٹ بول رہا تھا۔ اس نے کہا۔ "ایک آفیسر تم سے ملنا چاہتا ہے۔"

"آنے دو کمرے میں۔" میں نے کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

"کون ہے؟" رضوان نے پوچھا۔

"پولیس آفیسر۔" میں نے جواب دیا۔

ذرا ہی دیر بعد دروازے پر دستک ہوئی۔ آنے والا وہی تھا جس سے میں نے رضوان سے متعارف کرایا۔ چند رسمی اور پھر پولیس آفیسر اصل مدعا کی طرف رجوع ہو گیا۔

"رحیم دین کی پوسٹمارٹم رپورٹ سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ کسی نے زہر دیا تھا۔ ہاسپٹل کی ایک نرس کو شبہ میں گرفتار کر لیا گیا ہے کہ وہ اس معاملے میں کسی کی آلۂ کار بنی ہے۔"

"اس کی حفاظت کیجئے گا آفیسر!" میں نے کہا۔ "ورنہ کوئی اور ٹھکانے لگا دیا جائے گی۔"

اس سے پہلے کہ پولیس آفیسر جواب میں کچھ کہتا، ٹیلیفون کی گھنٹی پھر بجنے لگی۔ میں نے ریسیور اٹھایا۔ یہ کال ایڈورڈ کی تھی۔

"بالو! کیا آپ ریشماں کی آخری رسوم میں شریک کریں گی؟"

"کب؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"اسی وقت۔" ایڈورڈ نے جواب دیا۔ "ریشما دونوں ہی کی لاشیں ہمیں آج صبح مل گئی تھیں۔ دونوں کو دفنانا ہے۔ اگر آپ فوراً خواجہ صاحب کے گھر آ سکیں تو قبر روانگی کو دس پندرہ منٹ کے لئے ملتوی کیا جا سکتا ہے۔"

"میں آ رہی ہوں۔" میں نے سلسلہ منقطع کیا اور پولیس آفیسر سے بولی۔ "میں ایک بار پھر معذرت چاہوں گی۔ مجھے رضوان کے ساتھ رسوم میں شرکت کے لئے جانا ہے۔"

"اوہ... اچھا، اچھا۔" پولیس آفیسر سر ہلا کر کھڑا ہو گیا۔ "پھر کسی وقت حاضر ہو جاؤں گا۔"

میرا لباس کل کچل چکا تھا اور میں اس حالت سے احتراز کر رہی تھی لیکن ریشماں کی آخری رسوم میں

اتفاق ہی تھا کہ عین وقت پر کمانڈر حق میرے لئے بڑی غلط میں تبدیلی لباس کے فرض سے اس میت میں شرکت کے لئے نیا لباس پہننا کوئی ان میں اس پر بھی مجبور تھی۔

✦✦

اور رضوان، ریشماں کے گاؤں کی طرف روانہ رضوان ہی ڈرائیو کر رہا تھا اور میں اس کے ساتھ بیٹھی تھی۔ آج کی رات فیصلہ کن بھی ثابت ہو

صاحب کو ساتھ نہیں لیا؟" رضوان بولا۔ "ہمارے معاملے میں بھٹیر جاڑ مناسب نہیں رہتی۔" میں نے

"میں مسکرا چکی ہو؟"

"اس سے آخر تمہارا مطلب کیا ہے؟"

رضوان نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "آخر یہ ماسٹر اللہ سے عشق کی قائل ہو تو میں کچھ اور سوچتا۔ اللہ سے بھی کرتی ہوں مگر نوعیت تجھ بدل جاتی ہے۔ میں جاگیردار شوکت سے عشق کرنے

"آپ جیسی ایک بھی محبوبہ میسر آ جاتی تو آج گاؤں کی بجائے جھولوں کے اکھاڑے میں

"رہو۔ میں کچھ سوچنا چاہتی ہوں۔"

رضوان چپ ہو گیا۔

اتھی جب ہم گاؤں کے قریب پہنچے۔ میں جھاڑیوں کے ایک جھنڈ میں رکوا دیا جب ہاں ظہر جیپ پر نہیں پڑ سکتی تھی۔ وہاں سے پیدل چل دیئے۔ یہ ایک اچھی بات تھی بادلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے

چاند پر سے ہٹا اور روشنی پھیلی تو کچھ فاصلے لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا مشرق کی طرف چلا جا ہا اس کی نظر ہم پر نہیں پڑی ہو گی۔

منہ سے نکلا۔ "یہ آدھی رات کو جاگیردار

"خبر ہو؟" میں نے جلدی سے پوچھا۔

اتفاق ہوا تھا۔"

"ہمیں اس کے پیچھے چلنا چاہیے۔"

"چلو!"

چاند پر پھر بدلی آ گئی تھی اور اندھیرا چھا گیا تھا۔ ہم اسی طرف چل پڑے جدھر جاگیردار شوکت کو جاتے ہوئے دیکھا تھا۔ کچھ دور چلنے کے بعد رضوان بڑبڑایا۔ "یہ تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے یہ جنوں کی گڑھی کی طرف جا رہا ہے۔"

"جنوں کی گڑھی؟" میرے لہجے میں سوال تھا۔

"ہاں۔ وہ ایک چھوٹا سا شکستہ قلعہ ہے۔ گاؤں والوں کے خیال میں ان کھنڈرات پر جنوں کی حکمرانی ہے۔"

"کیا بکواس ہے؟"

"بکواس ہو یا کچھ بھی ہو لیکن گاؤں والوں میں ایسا ہی مشہور ہے۔"

میں سوچ میں پڑ گئی۔ کیا جاگیردار شوکت اس شکستہ گڑھی کو اپنے کسی مقصد کے لئے استعمال کر رہا ہے؟ جنوں والی بات میری سمجھ میں نہیں آ سکتی تھی۔

رضوان کا خیال ٹھیک ہی ثابت ہوا۔ جاگیردار شوکت کے تعاقب میں ہم اس شکستہ گڑھی تک پہنچ گئے تھے۔ جب ہم نے اس گڑھی میں قدم رکھا تو احتیاط ہمارے اعصاب پر مسلط تھی۔ جاگیردار شوکت ہماری نظروں سے اوجھل ہو چکا تھا۔ ہم اس کی تلاش میں ادھر سے ادھر بھٹکتے پھر رہے تھے۔ مچھر گاؤروں کی بو سے میری ناک پھٹی جا رہی تھی۔ اور اندھیرے میں ہر پل یہ خدشہ موجود تھا کہ کوئی مچھر گاؤ ہمارے چہرے سے ٹکرا جائے۔

دفعتاً ایک نسوانی چیخ سے گڑھی گونج اٹھی۔ میں اور رضوان بے ساختہ اچھل پڑے تھے۔ پھر ہم تیزی سے اس طرف لپکے جدھر سے چیخ سنائی دی تھی۔ جلد ہی ہم اس جگہ پہنچ گئے جہاں روشنی تھی۔ وہ ہال کی طرح ایک کشادہ جگہ تھی اور اس کشادہ جگہ میں ایک کوڑا اہرا رہا تھا۔ ایک خوبصورت لڑکی اس کوڑے کی زد میں تھی۔ خوبصورت، برہنہ اور دہشت زدہ لڑکی!



اس لڑکی کا جھلمل کرتا بدن ایسا ترشا ہوا تھا کہ یونانی سنگتراش بھی اسے دیکھتے تو مبہوت رہ جاتے اور اس اٹھتے ہوئے شباب کو تراشنے کی آرزو کرتے۔ میں بھی اگر عام حالات میں اسے یوں بے نقاب دیکھ لیتی تو میری ان گنت سانسیں مخمور گزرتیں لیکن یہ تو بڑا عجیب وقت تھا۔ ایک ایسا وقت جس کی نسیں کھنچی ہوئی تھیں۔ میری نظروں کے سامنے تشدد کا بازار سجایا جا رہا تھا۔ اس کی دید نے میری آنکھوں میں آگ بھر دی اور سارے جسم میں اشتعال کا الاؤ دہکا دیا۔ یہ منظر ناقابلِ برداشت تھا کہ ایک خوبصورت اور نرم و نازک سی لڑکی ایک سخت، کھردرے اور سفاک کوڑے کی زد میں تھی۔

جس شخص کے ہاتھ میں کوڑا تھا' اس سے میں ناواقف تھی لیکن اس کا قد و قامت اور جثہ اسی شخص کا سا تھا جس کا تعاقب کرتے ہوئے میں اور رضوان یہاں پہنچے تھے۔ گویا میں اس شخص کو جاگیردار شوکت سمجھنے میں حق بہ جانب ہو سکتی تھی۔ رضوان نے میرے کان کے قریب منہ لا کر سرگوشی کر کے میرے اس خیال کی تصدیق کر دی کہ وہ شوکت ہی تھا۔

میں دیکھ رہی تھی کہ جب لہراتا ہوا کوڑا' فضا میں آندھی کی سی گونج پیدا کرتا' وہ لڑکی چیختی ہوئی' کسی طرف بھاگ کر خود کو بچا لیتی اور جاگیردار شوکت کا مکروہ قہقہہ' اس پاس پھیلی ہوئی ویرانی کو کچھ اور بھیانک بنا دیتا۔

"خدا کے لئے مجھے چھوڑ دو! مجھ پر رحم کرو!" لڑکی گڑگڑا رہی تھی۔

رضوان اور میں آڑ میں تھے۔ رضوان میری کلائی تھامے ہوئے تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ مجھے کسی بے دریغ اقدام سے باز رکھنا چاہتا ہو اور میں اس انتظار میں تھی کہ جاگیردار شوکت کچھ بولے۔ اس کی زبان سے ادا ہونے والے کسی بھی فقرے سے یہ ظاہر ہو سکتا تھا کہ وہ لڑکی سے کیا چاہتا ہے اور اسے اس طرح دہشت زدہ کیوں کر رہا ہے۔ اس طرح کوڑا لہرانا محض دہشت زدہ کرنے ہی کے لئے تھا کیونکہ اب تک وہ لڑکی ایک بار بھی کوڑے کی زد میں نہیں آئی تھی۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ جاگیردار شوکت خود ہی کوڑے کو اس طرح جنبش دیتا ہے کہ لڑکی کوشش کر کے اس سے بچ جائے۔

"تاریک گڑھی میں کھیلا جانے والا یہ کھیل بھی تک میرے لئے بے معنی ہی تھا اور میں اس کھیل کی روح کو جانے بغیر اس میں دخل اندازی نہیں کرنا چاہتی تھی۔

لڑکی کی فریادیں جاگیردار شوکت کے وجود میں سوئے ہوئے انسانیت کے پتلے کو بیدار نہ کر سکیں اور وہ خبیث شخص کوڑا لہرا لہرا کر لڑکی کو کسی بندریا کی طرح ناچنے پر مجبور کرتا رہا۔ ایک خوبصورت لڑکی کی یہ تذلیل میری برداشت سے باہر ہوتی جا رہی تھی اور قریب تھا کہ میں دخل اندازی کر بیٹھتی۔

"بس!" جاگیردار شوکت کی گرجتی ہوئی آواز کے ساتھ کوڑے کی جنبش بھی مفقود ہو گئی۔ "آج کے لئے اتنا ہی سبق کافی ہے۔ اب تم کپڑے پہن سکتی ہو۔" جاگیردار ایک طرف ہٹا تو میں نے دیکھا کہ وہاں فرش پر کپڑوں کا ڈھیر پڑا ہوا تھا۔

خوفزدہ لڑکی دونوں ہاتھوں سے اپنے سینے پر کرتا سا بناتے ہوئے' لرزیدہ قدموں سے کپڑوں کے ڈھیر کی طرف بڑھی۔ اس کا انداز سہما سہما تھا' جیسے اسے ڈر ہو کہ جب وہ اپنے کپڑوں کے قریب پہنچے گی تو جاگیردار کا کوڑا پھر حرکت میں آ جائے گا اور وہ اپنے کپڑوں کو چھونے سے بھی قاصر رہے گی' لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اس نے اپنے کپڑے اٹھا لئے۔ جاگیردار شوکت چند قدم اور ہٹ گیا۔

محسن جب شعلۂ عریاں کی طرح بصارت کو دعوت بے نقاب ہوئے بغیر نہیں رہتے لیکن میں نے اور رضوان بھیانک ماحول میں دیکھا تھا جہاں دھنک رنگ بنا امکان مفقود تھا۔

جب لڑکی نے کپڑے پہن لئے تو جاگیردار اپنے بائیں ہاتھ میں سنبھال لیا اور کسی کو آواز دی۔ مخالف سمت میں تھا۔ وہاں دیوار میں ایک خلا تھی۔ وہ دروازہ بھی رہا ہو۔ جاگیردار کی آواز کے جواب میں آئے اور حکم طلب نگاہوں سے جاگیردار کی طرف دیکھ ریشمی کرتے اور لنگی میں ملبوس تھے اور ان کے چہ برس رہی تھی۔

"اسے لے جاؤ!" جاگیردار نے لڑکی کی طرف "خدا کے لئے مجھے چھوڑ دو!" لڑکی پھر گڑ مجھ سے کیا چاہتے ہو؟"

جاگیردار نے کوئی جواب نہیں دیا اور دونوں بڑھ کر لڑکی کو اس کے بازوؤں سے پکڑ لیا۔ وہ آدھی لے جا رہے تھے جدھر سے آئے تھے۔ ہم سمت میں' یعنی ہماری طرف مڑ گیا۔ میں اور رضوان کھسک کر مکمل تاریکی میں ہو گئے۔ ایک چمگادڑ میرے سر پر سے گزر گئی۔

قدموں کی آہٹ قریب آتی جا رہی تھی۔ شوکت کا ہیولیٰ نظر آیا۔ میں نے اور رضوان نے جانے کی کوشش کی اور اس بات کا بھی خیال تک نہ ہو۔

جو حالات سامنے آئے تھے' ان میں تشکل تھا' اس لئے تحمل سے کام لینا ایک ناگزیر بات پھٹ پڑتی تو تشنگی کا عالم جوں کا توں رہ جاتا۔ ہی رہ جاتی کہ جاگیردار شوکت اس لڑکی سے کیا چاہ ہوا وقت ہی اس حقیقت کے چہرے سے نقاب اٹ

جاگیردار شوکت کا ہیولیٰ ہماری نظروں سے تاریکی میں تحلیل ہو گیا۔ امکان یہی تھا کہ وہ واپس گا۔ میں آہنگی سے کھڑی ہو گئی اور رضوان نے روشنی کی ہلکی سی کرن بھی دکھائی نہیں دے رہی تھی جہاں وہ لڑکی جاگیردار شوکت کی دہشت پسند اندھیرا کرنے والے بھی وہی لوگ ہوں گے جو

"اب کیا ارادہ ہے خاتون اعلیٰ؟" رضوان

نئے نئے انداز تخاطب ڈھونڈ نکالتا تھا۔

گر تمہیں اس لڑکی سے ہمدردی تو ہو گی!" میں نے کہا۔

پتا ہے کہ اسے کہاں قید کیا گیا ہے؟"

انی ہو گی؟"

نا بھی مشکل ہے۔ میں ذہنی طور پر الجھ گئی ہوں۔"

الجھن کے بارے میں کیا خیال ہے!"

کچھ کہنے کی بجائے بس جھنجھلا کر رہ گئی۔ رضوان بھی اپنی دانست میں بذلہ سنجی کا مظاہرہ کر بیٹھتا تھا' نہیں سمجھتی تھی۔

کچھ کہے بغیر دبے قدموں آگے بڑھنے لگی۔ اس جانا خطرناک سہی لیکن ناگزیر تھا۔ کوئی اجنبی اس سے معاونت نہیں کر سکتی۔ کہیں بھی ٹھوکر لگ پڑ سکتا ہے' کہیں بھی کوئی دیوار مزاحم ہو' پنا کی محدود روشنی میں آگے بڑھتی ہی اور ہی قدم پر چلتا رہا۔

ہر سُو' ساری فضا مسموم سی تھی۔ جگہ جگہ مکڑیوں نے دیواروں کی اینٹیں اور پتھر جگہ جگہ بکھرے ہوئے ملبے سے بھی ملے۔ جو دروازے اپنی جگہ پر ہی خستہ ہو چکی تھی۔

پنسل ٹارچ بجھا دی کیونکہ کہیں قریب ہی سے میرے پیچھے رضوان بھی رک گیا تھا' آواز دی بعد میرے قدم اس طرف اٹھنے لگے۔ پنسل اب مجھے بہت احتیاط سے آگے بڑھنا پڑ رہا ان کی گنتی آخر ہم دونوں اس جگہ تک پہنچے میں وہ آوازیں آ رہی تھیں۔ وہ ایک کمرہ تھا جس ہا کھل گئی تھیں اور ٹوٹ کھلے سے بن گئے تھے۔ میں دوسری طرف دیکھ رہی تھی جہاں وہی دونوں اس لڑکی کو اپنی تحویل میں لیا تھا' اس کے ساتھ ملی ہم آہنگ نہیں تھی۔ وہاں ضروریات بھی تھا اور دو صاف ستھرے بستر بھی نظر آ اس میں نے کرسیاں سنبھال رکھی تھیں اور ایک شراب کی بوتل موجود تھی۔ شراب کے تھے ان کی آپس کی گفتگو کسی لڑکی کے بارے میں تھی مخلوط پر بڑے فحش انداز میں تبصرے تک ان کی باتیں سننے کے بعد مجھے جھنجھلاہٹ بھی ان کی زبان پر نہیں آئی تھی۔

اس کمرے میں ایک اور کمرے کا دروازہ تھا جس کی کنڈی لگی ہوئی تھی۔ اس کنڈی کی وجہ سے مجھے یہ شبہ ہوا کہ وہ لڑکی اسی کمرے میں قید ہو گی۔ میں ابھی تک یہ فیصلہ کرنے سے قاصر رہی تھی کہ مجھے اس اسٹیج پر کیا قدم اٹھانا چاہیے۔ میں نے سوچا' کوئی قدم اٹھانا اسی وقت مناسب ہو گا جب ماحول کا مکمل ادراک ہو جائے۔ ابھی تو میں اس بات سے بھی بے خبر تھی کہ اس گڑھی میں جسے جنوں کی گڑھی کہا جاتا ہے' صرف یہی دو آدمی ہیں یا ان کے مزید ساتھیوں سے بھی مڈبھیڑ کا امکان ہے۔ اس کا پتہ چلانا بیحد ضروری تھا۔

رضوان کی بات پر میں جس جھنجلاہٹ کا شکار ہوئی تھی' وہ لمحاتی تھی۔ اب اُس کا عشر عشیر بھی باقی نہیں رہا تھا' لہٰذا میں رضوان کا ہاتھ پکڑ کر گرفت قدری سے آگے بڑھ گئی۔ پندرہ بیس قدم چلنے کے بعد میں نے سرگوشی کی۔

"کوئی عملی قدم اٹھانے سے قبل اس گڑھی کا مکمل جائزہ بہت ضروری ہے۔"

"میں یہ سوچ رہا ہوں کہ اُن سے اب تک ہماری ملاقات کیوں نہیں ہوئی؟"

"کن سے؟"

"انہی جنوں سے جو اس گڑھی میں شاید کوئے دار ہیں۔ یہ اُن کی اپنی پراپرٹی تو نہیں ہو سکتی کیونکہ....."

میں رضوان کو مزید بکواس کا موقع دینے بغیر بول پڑی۔ "جنوں کا چکر' جاگیردار شوکت کی اختراع معلوم ہوتی ہے۔ اس حویلی کو استعمال کرنے ہی کے لئے اس نے جنوں کی افواہ پھیلائی ہو گی۔"

"باقی دی وے۔ اگر سچ مچ کوئی جن مل گیا تو آپ کیا کریں گی۔ میں نے سُنا ہے کہ جن حضرات جوڈو پروف ہوتے ہیں۔"

"لیکن یہ مت بھولو۔ کہ تم جوڈو پروف نہیں ہو۔" میں نے دانت پر دانت جما کر کہا۔

"اسی لئے تو میں عموماً آپ سے پانچ ہاتھ کے فاصلے پر رہتا ہوں۔ اس وقت کی بات اور ہے۔ میں جانتا ہوں کہ آپ کوئی ہنگامہ کرنا پسند نہیں کریں گی۔"

رضوان پر بکواس کا دورہ پڑا ہوا تھا لہٰذا میں نے خاموش ہو جانا ہی مناسب سمجھا۔ اس وقت میں واقعی اس سے نہیں الجھ سکتی تھی اور وہ میری اس کمزوری سے فائدہ اٹھانے پر تلا ہوا تھا۔

میں دل ہی دل میں فیصلہ کر چکی تھی کہ پریسیڈنٹ سے ملنے کے بعد اگر میں نے اس ملاقات کے پس منظر میں کسی قسم کا اشتباہ محسوس کیا تو پھر میں اپنی پہلی فرصت میں وزیر خارجہ سے بھی اپنے طور پر ایک خفیہ ملاقات ضرور کروں گی۔ سیاسی افق پر وہی ایک ایسا چہرہ تھا جس پر اعتبار کر لینے کو جی چاہتا تھا۔

تہران ایئرپورٹ کے وی آئی پی روم میں ان سے میری ایک ملاقات ہو بھی چکی تھی اور انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ اگر کبھی کسی معاملے میں مجھے ان کی مدد درکار ہو تو ان سے فوراً مل لوں۔ اب شاید وہ وقت قریب آ گیا تھا جب مجھے اُن سے ملنا پڑتا۔

پیرسنڈنٹ رؤف احمد کار ڈرائیو کر رہا تھا اور میں اُس کے برابر میں بیٹھی ہوئی تھی۔ مُلک کی سیاسی فضا کے دائرے بیچ میرے ذہن میں اچھل کود مچائے ہوئے تھے۔ ان سب باتوں کو پس منظر میں رکھ کر میں یہ اندازہ لگانے کی کوشش کر رہی تھی کہ صدر مملکت سے میری یہ ملاقات کس نوعیت کی ہو گی؟ میرا یہ احساس بڑا عجیب تھا کہ میں کسی سیاسی گورکھ دھندے میں پھنسنے والی ہوں۔ ایسے بے بنیاد خیالات کو عموماً احمقانہ قرار دیا جاتا ہے لیکن صد فیصد موقعوں پر ایسا نہیں ہوتا۔ بعض اوقات اس قسم کے خیالات چھٹی حس کا کرشمہ ہوتے ہیں اور حیاتِ انسانی کا یہ عجوبہ یقینی پر اسرار چھٹی حس، مردوں کی بہ نسبت عورتوں میں زیادہ قوی ہوتی ہے۔ بعد میں یہ ثابت بھی ہو گیا کہ میرا یہ خیال احمقانہ نہیں بلکہ چھٹی حس کا کرشمہ تھا۔

میری قوتِ فکر کی روشنی، مستقبل کے دھندلکے میں داخل ہونے کی کوشش کر ہی رہی اور اس کے ساتھ ساتھ زمانۂ حال و ماضی کی اُلجھی ہوئی ڈور بھی میرا امتحان لیتی رہی۔ رؤف احمد نے مجھے سارا دن ہوٹل کے کمرے میں محبوس رہنے پر مجبور کر دیا تھا اور میں اس کی وجہ سمجھنے سے قاصر تھی۔ مجھے یہ جاننے کا بھی اضطراب تھا کہ اس دوران میں کیا کچھ ہو چکا ہو گا۔ میں خاص طور سے الماس کے لئے فکرمند تھی۔ جس کے وجود کی مہکار کسی آغوش کی زینت بننے کی بجائے جاگیردار سوکت کے زندان میں محبوس تھی۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ اس پر کیا گزری ہو گی لیکن میرے خیال کے مطابق رؤف احمد کو اس کے بارے میں مکمل معلومات ہوں گی۔

راہ میں مجھے رؤف احمد سے اس موضوع پر گفتگو کرنے کا موقع نہیں مل سکا کیونکہ قصرِ صدارت تک کا فاصلہ طے ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگی تھی۔

پھر رسمی کارروائی میں بھی زیادہ وقت صرف نہیں ہوا اور مجھے اس کمرے میں پہنچا دیا گیا جہاں صدر کی پُروقار شخصیت میری منتظر تھی۔

ان کے چہرے سے تفکر کا اظہار ہو رہا تھا۔ پیشانی پر پڑی ہوئی شکنیں لیکن مجھے دیکھ کر انہوں نے اپنے تاثرات لانے کی کوشش کی۔ میں نے انہیں سلام کیا تو جواب دیا اور بولے۔

"تم حیران تو ہو گی کہ میں نے تمہیں کیوں بلایا۔"

میں نے اُن کے انداز تخاطب میں نمایاں فرق محسوس کیا۔ ملاقات میں انہوں نے مجھے "تم" کہہ کر مخاطب نہیں کیا تھا۔ یہ بے تکلفی گراں نہیں گزری۔ میں نے اس بے تکلفی کو سراہا تھا کیونکہ وہ بہرحال عمر میں مجھ سے بڑے تھے۔

"میری حیرت ایک قدرتی امر ہے جناب والا۔"

"کیا آپ کے خیال میں مجھے حیران نہیں ہونا چاہئے؟" صدر آہستہ سے ہنسے لیکن فوراً ہی پھر سنجیدہ ہو گئے۔

"آپ بہت پریشان نظر آ رہے ہیں جناب۔"

"پریشان؟ ہاں میں پریشان تو ہوں لیکن مطابق بہت پریشان نہیں ہوں۔" صدر مسکرائے۔ "زیادہ جاندار نہیں تھی۔" دراصل میں تم سے آفاق کرنا چاہتا تھا۔ دو دوبارہ تو تمہارے لئے پریشانی "جی نہیں۔ مجھے ان سے کچھ کوئی شکایت نہیں

"آج مجھے ان دیواروں سے بڑی گھٹن محسوس اچانک صدر کھڑے ہو گئے۔ "آؤ ذرا باہر چلیں۔"

"باہر؟" میرا مستعجب ہونا فطری تھا۔

"باہر سے میری مُراد باغیچے سے ہے۔ میں اپنے ذہن میں کچھ کر رہا تھا۔ صدر کا سے بالاتر تھا۔ وہ مجھے اپنے ساتھ لئے ہوئے کمرے باغ تک چلے آئے۔ سیکیورٹی کے آدمیوں کو انہوں نے ہدایت کر دی تھی۔

پائیں باغ پھولوں کی خوشبو سے مہک موجود تھی۔ ایک جگہ سائبان سا بنا ہوا تھا جس ہوئی تھیں۔ اس جگہ بیٹھ کر آس پاس کے ماحول تھی۔ صدر نے اس جگہ کا انتخاب کر کے مجھے یہ سو وہ مجھ سے کوئی اہم ترین گفتگو کرنے والے ہیں، کوئی لفظ بھی کسی اور کے کانوں تک نہیں پہنچنا چاہئے۔ میں سنسناہٹ سی پھیلتی ہوئی محسوس کرنے لگی اور میں ناہمواری آ گئی۔ عنقریب میں کسی اہم معاملے بننے والی تھی۔

"بیٹھو!" صدر نے سگار سلگا کر میری

ہوئی بدستور طرحدی تھی۔

"شکریہ جنابِ والا!" میں نے چونک کر کہا اور اُن کے

"تم ہی بہت پریشان نظر آ رہی ہو!" صدر ایک

تو نہیں لیکن میں بہت بُری طرح اُلجھ کر رہ گئی ہوں۔ باب جیسے آپ کوئی ایسی گفتگو چھیڑنے والے ہیں جس کو سمجھ کر کہہ سکتی۔"

احساس بالکل درست ہے۔ میں ایک ایسی گفتگو کا ہوں جو تمہارے لئے بہت عجیب و غریب ہو گی۔" صدر کے قدروں نے میرے اعصابی تناؤ میں اضافہ کر دیا۔

سگار کا ایک گہرا کش لیا اور کچھ سوچنے لگے۔ ایسا معلوم ہو گفتگو کا آغاز کرنے کے لئے مناسب الفاظ ڈھونڈ رہے انہوں نے بولنا شروع کیا تو اُن کا انداز ایسا تھا بڑی احتیاط سے چُن چُن کر لفظ پرو رہے ہوں۔

بات سے اچھی طرح واقف ہو چکا ہوں بیگم بانو محترم عورت ہو۔ اس لئے مجھے یقین ہے کہ میں جو کچھ اسے اپنے دل کے مدفن میں چھپا دو گی۔ اگر مجھ کو اس وقت تم میرے سامنے نہ ہوتیں۔" صدر نے قدرے کے دو ایک کش لینے کے بعد دوبارہ بولنے لگے۔ "ہر طرح تم بھی یہ جانتی ہو گی کہ آج کا امریکہ خود کو ساری دنیا سمجھنے لگا ہے۔ نہ صرف سمجھنے لگا ہے بلکہ دوسروں کو یہ ہر ممکن کوشش کر ڈالتا ہے۔ اس سلسلے میں امریکہ کی ایجنسی انتہائی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ساری دنیا یہ ہوتر ہے کہ بعض چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کے سربراہ ان سے کانپ جاتے ہیں۔ جن ملکوں کی فضائیں امریکہ کی پرواز ہیں، وہاں یہ ایجنسی بہت زیادہ متحرک ہو جاتی ہے۔ صورتِ پاکستان میں بھی ہو گئی ہے۔"

اس انتباط سے پہلو بدلا جیسے مجھے خدشہ ہو کہ عدم ہے تو صدر کی اس رواں دواں تقریر کو ٹھیس پہنچے۔

ہونٹوں میں دبے ہوئے سگار کے سرے پر راکھ جمع ہوتی رہی میں چنگاریاں سلگنے لگیں۔ جب کوئی سربراہ مملکت ایجنسی کا ذکر کر رہا ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ بس پھر آپ سنیں گے۔

پھر اس کر پھر بولنا شروع کیا۔ "ہماری آزاد خارجہ پالیسی ایجنسی امریکہ کی طبع نازک پر گراں گزری ہے۔" صدر صدر امریکہ کی خواہش ہے کہ چین کو دھتکار دیں جبکہ چین ہمارا سب سے عظیم دوست ہے۔ ہم اس کو ہرگز نہیں چھوڑ سکتے۔ ہمارے اس موقف کو محسوس کر کے امریکہ نے پچھلے دنوں عوام کو بغاوت پر اکسانے کی کوشش کی تھی لیکن اس کی یہ سازش کامیاب نہیں ہو سکی۔ قبل از وقت ہی نقاب اُٹھ گیا۔ غالباً اسی کے نتیجے میں امریکی سفارتخانے کے عملے کو واپس امریکہ بلایا جا رہا ہے۔ ان کی جگہ دوسروں کو بھیجا جائے گا۔ خیال اغلب ہے کہ سینٹرل انٹیلی جنس ایجنسی کا نیا تربیت یافتہ عملہ پاکستان آ کر کوئی نیا گل کھلانے کی کوشش کرے گا۔"

میں دھیرے سے سر ہلا کر رہ گئی۔ میرا اضمحلال تناؤ بڑھتا ہی جا رہا تھا کیونکہ صدر نے ابھی تک یہ بات نہیں بتائی تھی کہ میرے سامنے ان سب باتوں کے اظہار سے ان کا مقصد کیا ہے۔

وہ مسلسل بولتے رہے۔ "اس وقت ہمارا ملک اپنی تاریخ کے بڑے نازک دور سے گزر رہا ہے۔ ہندوستان کی ہمسائیگی نہیں نہ تو ماضی میں راس آئی ہے اور نہ مستقبل میں اس کے راس آنے کا کوئی امکان ہے۔ گو کہ معاہدۂ دلّی کچھ کے بعد ہمارے تعلقات بظاہر کچھ خوشگوار ہو چلے ہیں لیکن حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ کل یہ اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا۔ سی آئی اے ان حالات کو اپنی مقصد براری کے لئے استعمال کر سکتی ہے اور میں محسوس کر رہا ہوں کہ مستقبل قریب میں پاکستان کو کسی کٹھن امتحان سے گزرنا ہو گا۔"

اب میری قوتِ برداشت جواب دے گئی اور میں بول پڑی۔

"لیکن جنابِ والا! میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ آپ مجھے یہ سب کچھ کیوں بتا رہے ہیں۔ میں نہ تو اپنے ملک کی سرکاری مشینری کا کوئی پرزہ ہوں اور نہ پولیٹیشین ہوں۔"

"نہیں تمہیں یہ سب کچھ اس لئے بتا رہا ہوں کہ تم محبِ وطن ہو۔"

"محبِ وطن تو ہر پاکستانی ہے جنابِ والا! غداروں کی تعداد تو گنی چنی ہو گی۔"

"بیشک ہر پاکستانی محبِ وطن ہے لیکن ہر پاکستانی میں وہ صلاحیت نہیں ہو گی جو تم میں ہے۔"

"میں اب بھی آپ کا مطلب نہیں سمجھی جنابِ والا! گستاخی تو ہو گی لیکن مجھے عرض کرنے دیجئے کہ میں آپ سے صاف صاف گفتگو کی متمنی ہوں۔"

"میں اب صاف صاف ہی گفتگو کروں گا۔" صدر نے کہا۔ "لیکن اس گفتگو سے پہلے یہ سب کچھ بتانا ضروری تھا۔" صدر نے سگار کا کش لینا چاہا مگر ناکام ہو گئے کیونکہ سگار بجھ چکا تھا۔ انہوں نے لائٹر کے لئے جیبیں ٹٹولیں اور جب لائٹر نہیں ملا تو انہوں نے سگار پھینک دیا۔ ایک ٹھنڈی سانس لی اور پھر میری طرف دیکھتے ہوئے بولے۔ "بس وقت میری ذات امریکی سی آئی اے کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح کھٹک رہی ہے اور خدشہ ہے کہ وہ لوگ اس کانٹے کو اپنی راہ سے ہٹانے کی کوششیں کریں گے۔"

میں مضطربانہ انداز میں کھڑی ہوتے ہوتے رہ گئی۔ "تو۔۔۔ تو کیا ... تو کیا۔۔۔" الفاظ میرے حلق میں پھنس گئے۔

"ہاں" صدر نے سر ہلا کر کہا۔ "اس بات کا امکان ہے کہ مجھے ختم کر دینے کی کوشش کی جائے۔"

"کیا میں اس سلسلے میں آپ کی کوئی مدد کر سکتی ہوں جناب؟" میں نے تیزی سے کہا۔

"ہاں" صدر نے سر ہلایا۔ "میرے گرد کسی بھی سازش کا جال بنا جا سکتا ہے۔ اس سازش سے باخبر ہونے کے لئے میں نے خاص طور سے کچھ لوگوں کا انتخاب کیا ہے۔ وہ لوگ میرے ارد گرد کی فضا پر کڑی نظر رکھیں گے اور ان کی کوشش ہوگی کہ میرے خلاف ہونے والی کوئی سازش ان کی نظروں سے چھپی نہ رہ سکے۔"

"خوب!" میں نے زیر لب کہا۔ مجھے یہ سُن کر افسوس ہوا تھا کہ صدر نے صرف اپنی ذات اور اپنے اقتدار کے بارے میں سوچا تھا۔ وہ تو سربراہ مملکت خدا داد تھے انہیں صرف یہ سوچنا چاہئے تھا کہ سی آئی اے کے بُرا سر ہاتھ پورے ملک کو نقصان نہ پہنچا دیں۔

"لیکن" صدر پھر بولے۔ "میں ان لوگوں پر بھی کلی اعتماد نہیں کر سکتا۔ عین ممکن ہے کہ ان میں سے کسی کا تعلق سی آئی اے سے ہو یا وہ بعد میں سی آئی اے کا آلہ کار بن جائے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ان لوگوں پر بھی نظر رکھی جائے۔ ان کے بارے میں بھی تحقیقات ہوتی رہے اور اسی کام کے لئے میں نے تمہارا انتخاب کیا ہے۔"

میں نے بے اختیار ایک بہت طویل سانس لی۔ اب کہیں جا کر یہ بات سمجھ میں آئی تھی کہ صدر نے مجھے ملاقات کا شرف کیوں بخشا تھا۔ گویا وہی بات کُرسی نشیں ہوئی تھی جس سے مجھے چھٹی حس نے قبل از وقت آگاہ کر دیا تھا۔ اس وقت میں اپنی زندگی کے اہم ترین موڑ پر کھڑی ہوئی تھی اور مجھے ایک فیصلہ کرنا تھا۔ قابل عمل صورتیں صرف دو ہی تھیں۔ ایک یہ کہ میں واپس لوٹ جاؤں اور دوسری یہ کہ قدم بڑھا دوں۔ موخر الذکر اقدام مجھے سیاسی جرائم کی اس فضا میں لے جاتا جہاں ایک ایک سانس پر دس دس بندشیں ہوتی ہیں۔ گو کہ مجھے اس فضا کا کوئی تجربہ نہیں تھا لیکن میں اندازہ ضرور لگا سکتی تھی کہ اس ماحول میں زندگی کتنی کٹھن اور کتنی ابتلا ہو جاتی ہوگی۔ وہ میری زندگی کا ایک سنسنی خیز تجربہ ہوتا اور میں اس وقت صدر مملکت کے سامنے بیٹھی ہوئی یہ محسوس کر رہی تھی کہ میں اپنے دل و دماغ کی مکمل آزادی کے ساتھ یہ تجربہ کرنے پر آمادہ ہوں۔ اس تجربے میں کوئی قباحت یا ہچکچاہٹ اگر کوئی ہو سکتی تھی تو صرف یہ کہ صدر نے جو کچھ کہا، حقیقت وہی تھی یا اس کے پس پردہ کچھ اور بھی تھا۔

"اب؟" صدر نے مجھے غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "تمہارے ذہن میں یہ سوال ضرور پیدا ہوا ہوگا کہ میں نے اس پیچیدہ معاملے کے لئے تمہارا ہی انتخاب کیوں کیا ہے؟"

"جی ہاں جناب!" میں نے مسکرا کر بے تکلفی سے کہا۔ "اگر میرے ذہن میں یہ سوال پیدا نہ ہوتا تو یہ غالباً بیٹی ہوتی۔"

میرے اس جملے پر صدر بڑی خوشدلی سے مسکرائے۔ سی ہنسی کے ساتھ بولے۔ "دراصل میں اس دوران میں خاصی تحقیق کر چکا ہوں۔ شاید اس ملک میں بیگم پرتاب گڑھ کے شخص ہوں جس کو تمہارے ماضی کا علم ہو چکا ہے۔"

"کک۔۔۔ کیا؟" میں بوکھلا کر کھڑی ہو گئی۔

"بیٹھو۔ بیٹھو!" صدر نے ہاتھ اٹھا کر تسلی دیتے ہوئے کہا۔ "میں وعدہ کرتا ہوں کہ تمہارے ماضی پر پڑتے ہوئے ایک پردہ بھی میری وجہ سے کبھی نہیں اٹھے گا۔ میں نے اٹھا کر جو کچھ دیکھا ہے اسے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بھول کر دوں گا۔ تمہارا راز میرے سینے میں دفن رہے گا۔ خیر چھوڑو اس کو۔۔۔ ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ میں تمہارے بارے میں کہہ چکا ہوں تمہاری شخصیت کا وہ پہلو بھی پوری طرح میری نظر میں ہے جسے خدائی فوجدار کہنے میں کوئی حرج نہیں۔ تم معاشرے کے سامنے جس طرح سینہ سپر ہو جاتی ہو اس طرح کوئی نہیں کر سکتا ہے۔ میں یہ بھی جان چکا ہوں کہ تم بڑی مغتنم اور انہی شخصیتوں میں سے تمہارا ایک روپ معاشرے کی اعتراض بھی ہے لیکن میں اس موضوع پر تم سے کوئی بحث کرنا چاہتا۔"

میں سمجھ گئی کہ صدر کا اشارہ میری ہم جنس پرستی کی طرف ہے۔ میں اس سلسلے میں اپنے نظریات اور دلائل تو بخشا تھا۔ اس موضوع پر گفتگو کرنے کے موڈ میں نہیں تھے لہٰذا میں نے بحث کرنے کی ضرورت تو اس وقت ہوتی جب مدِ مقابل اس پر کوئی جارحانہ حملہ کرتا۔

صدر کہتے رہے۔ "تمہاری شخصیت کا وہ پہلو خدائی فوجدار کا ہے اس کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل ہوئی تھیں اور وہ آخری باتیں تھیں جو مجھ سے کے بعد ہی میں نے فیصلہ کیا تھا کہ تم سے یہ کام لوں گا۔ فیصلہ باقی ہے کہ تم یہ کام کرنا چاہو گی یا نہیں۔ میں تم پر کوئی دباؤ ڈالنا چاہتا۔ تم سوچ سمجھ کر بڑی آزادی سے کوئی فیصلہ کرو۔ ضرور چاہوں گا کہ اگر تم میری خواہش کے خلاف فیصلہ کا تذکرہ کسی سے نہ کرنا جس وقت ہمارے مابین ہونے والی بھی فیصلہ کر دے، اس سے روف کو آگاہ کر دینا۔ وہی ایک جس پر میں مکمل اعتماد کر سکتا ہوں۔ وہ میرے ت

ہے ساتھ روف کا جو رویہ۔۔۔"

"اسے میں تم روف ہی سے بات کرنا۔" صدر نے اپنی گفتگو میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "مجھے ان سب باتوں کا علم ہے۔ میں بھی کر سکتا ہوں لیکن میرے پاس وقت نہیں ہے لہٰذا مجھے امید ہے تم روف سے گفتگو کرو گی تو بھی مطمئن تم اسے اپنے فیصلے سے بھی آگاہ کر دینا۔ وہ مجھے اس کے بارے دے دیگا۔" آخری جملہ کہہ کر صدر رکھڑے ہو گئے۔

بہت سی باتیں کرنا چاہتا تھی۔ ایسی باتیں جن میں ڈاکٹر گوا وقت حاصل ہوتی لیکن موقع ایسا تھا کہ میں چپ رہ تھا کہ ایک سربراہ مملکت کے وقت کا ایک ایک لمحہ کتنا اہم

ہم کام سونپنا چاہتے تھے میں اس کے بارے میں ایک تھی لیکن جب صدر نے خود ہی مجھے ایک دن کی مہلت لے بھی ہی مناسب سمجھا کہ اظہار میں کوئی عجلت نہ کروں۔ سلسلے میں وزیر خارجہ سے ضرور ملنا چاہتی تھی۔ اور میرا فاران سے اس گفتگو کو چھپاؤں۔ وہ ایک ایسی شخصیت کرنے کو میرا دل چاہتا تھا۔ ان سیاسی جھگڑوں میں معاملات کو صورتِ حال سے باخبر کرنا ضروری سمجھ رہی تھی۔ ارت سے واپسی پر میں نے روف احمد کو ان سوالات کا جو ذہن کو الجھائے ہوئے تھے۔ سوالات کی اس بوچھار کو بھی مسکراہٹ کی ڈھال پر روکا اور پھر کہا۔ "آپ کے ساری جواب دینا تو ذرا مشکل ہے لہٰذا بہتر ہوگا کہ میں سلسلہ واقعات دہراتا چلا جاؤں۔ میری اس کہانی میں آپ کو جواب مل جائے گا۔"

"بھی" میں نے سر ہلا کر کہا۔

وقت بھی ڈرائیونگ سیٹ روف نے ہی سنبھال رکھی تھی۔ مگر من پر جمی رہی اور اس نے بولنا شروع کیا۔ "غالباً آپ لیٹیاں کے قتل کا کیس پولیس کے ہاتھوں سے نکل کر جیس کے پاس آگیا ہے۔ اس تبدیلی سے پہلے ہی میں میں تحقیقات شروع کر چکا تھا۔ میرا یہ عمل آزمیل ریزیڈنٹ ہونے کی حیثیت سے تھا۔ پھر جب ریشماں کے قتل کا معاملہ میرے سامنے یہ کوشش کر کے اسے اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ کل جب آپ گاؤں کی طرف روانہ ہوئی تھیں تو میں اپنی وائرلیس مائیکل پر آپ کے تعاقب میں تھا۔ جنوں کی گڑھی میں بھی نظر رکھی اور جب آپ اس قیدی لڑکی کے کمرے میں پہلی ہی سے نکل کر آپ کی جیپ کے پاس پہنچے میں آپ کی اور

مسٹر رضوان کی گفتگو سننا چاہتا تھا لہٰذا میں نے جیپ پر ایک سائلنسر فٹ کر دیا۔"

اس موقعے پر میرے ذہن میں ایک سوال مچلا تھا لیکن میں نے اسے نوکِ زبان پر آنے کی اجازت نہیں دی۔ چونکہ روف احمد خود ہی سب کچھ بتانے پر آمادہ تھا لہٰذا میری بے صبری ایک بچکانہ کی بات ہوتی۔ بہتر یہی تھا کہ میں خاموشی سے روف احمد کا بیان سنتی رہوں۔

اب وہ کہہ رہا تھا۔ "سائلنسر فٹ کرنے میں کچھ زیادہ وقت لگ گیا جس کی وجہ سے مجھے وہاں سے ہٹنے کا موقع نہیں مل سکا۔ میں اپنے کام سے فارغ ہوا ہی تھا کہ آپ اور رضوان صاحب وہاں پہنچ گئے میں چونکہ آپ لوگوں کی نظر میں آنا نہیں چاہتا تھا لہٰذا مجھے اپنی موٹر سائیکل کی خرابی کا قصہ گڑھنا پڑا۔ اس طرح مجھے آپ لوگوں کے ساتھ ہی شہر تک آنا پڑا۔ جب آپ مجھے ہوٹل پر اتار کر چلی گئیں تو میں نے اپنی جیپ سے وہ رئیسیونگ سیٹ نکال لیا جس پر آپ کی اور مسٹر رضوان کی گفتگو سنی جا سکتی تھی۔ جب میں نے آپ دونوں کی باتیں سُنیں تو مجھے اپنے اناڑی پن پر بہت غصہ آیا۔ یہ اناڑی پن ہی تھا کہ آپ نے میری شخصیت کے مثبت پہلو کو نظر انداز کر دیا تھا اور سمجھ گئی تھیں کہ جنوں کی گڑھی میں آپ لوگوں کی نگرانی کرنے والا میں ہی تھا۔ پھر جب آپ دونوں ہوٹل پہنچ گئے تو آپ نے جیپ سے اترنے سے پہلے ہی یہ ارادہ ظاہر کر دیا تھا کہ آپ تھوڑی دیر بعد پھر جنوں کی گڑھی کی طرف جائیں گی کیونکہ آپ الماس کو ان لوگوں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر بے خبر نہیں ہونا چاہتیں۔"

میں ایک طویل سانس لے کر رہ گئی۔ اب وہ باتیں بھی میری سمجھ میں آنے لگی تھیں جو روف نے ابھی نہیں بتائی تھیں لیکن الماس کی طرف سے میری فکر مندی بدستور قائم تھی۔ نہ جانے اس بیچاری پر کیا گزری ہوگی؟ یہ سوال مجھے مضطرب کئے ہوئے تھا۔ بہرحال اب بھی میں خاموشی ہی سے روف احمد کی آپ بیتی سنتی رہی۔

"اس موقع پر میں نے فیصلہ کیا کہ آپ کو الماس کے معاملے سے دُور رکھوں اور خود ہی صورتِ حال سے نپٹوں۔" روف احمد کہتا رہا۔ "آپ کے بارے میں تھوڑی بہت تحقیقات سے ہی میں اس نتیجے پر پہنچ چکا تھا کہ جاگیر دار شوکت کے معاملے میں آپ کا دامن ہر آلودگی سے پاک ہے۔ جنوں کی گڑھی میں الماس کی موجودگی اور اس کے ساتھ جاگیر دار کے رویے نے بڑی حد تک ثابت کر دیا تھا کہ وہ شخص مجرمانہ کردار کا مالک ہے۔ میں اس کے معاملے کو اپنے ہاتھوں سے انجام تک پہنچانا چاہتا تھا۔ اس لئے مجھے فیصلہ کرنا پڑا کہ آپ کو ہوٹل سے نکلنے ہی نہ دوں۔ میں نے اپنے محکمے کے تین آدمی آپ کو روکنے کے لئے بھیج دیئے۔ میں نے ان کو سختی سے ہدایت کر دی تھی کہ آپ کے ساتھ کوئی توہین آمیز رویہ اختیار نہ کیا جائے۔

اس طرف سے مطمئن ہونے کے بعد میں جاگیر دار کے گاؤں کی طرف روانہ ہو گیا۔" روف احمد نے خاموش ہو کر اسٹیئرنگ پر سے اپنا بایاں ہاتھ اٹھا

اور ٹرالی پر بندھی ہوئی تھرمی پر نظر ڈالی۔ "اوہ!" اس کے منہ سے نکلا اور پھر اس نے اچانک رفتار میں خاصا اضافہ کر دیا۔

"کیا آپ کو کہیں پہنچنے کی جلدی ہے؟" میں نے پوچھا۔

"جی ہاں۔" رؤف احمد نے جواب دیا۔ "میں آپ کو ہوٹل کے دروازے ہی پر چھوڑ کر رخصت ہو جاؤں گا۔"

ہوٹل قریب آ چکا تھا اور میرے خیال کے مطابق اتنے کم وقت میں رؤف احمد باقی واقعات نہیں سنا سکتا تھا اس لئے میں مضطرب ہو گئی۔ میں الماس اور جاگیردار شوکت کے بارے میں سب کچھ جان لینے کے لئے بے چین تھی۔ ان دونوں کے علاوہ مجھے ڈاکٹر فونگ کا خیال بھی تھا کہ اس کا کیا ہوا۔

"میرا خیال ہے کہ آپ ہوٹل پہنچتے ہی سو جائیں گی کیونکہ آپ نے ساری رات جاگ کر گزاری ہے۔"

"شاید مجھے فوری طور پر نیند نہ آ سکے۔"

"کیوں؟"

"میں الماس اور جاگیردار شوکت کے بارے میں جاننے کے لئے بے چین ہوں۔"

"ان کے بارے میں آپ کو فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں۔ میں الماس معاملے کو بڑی خوبی سے نپٹا چکا ہوں۔ کل صبح میں آپ سے ملاقات کروں گا اور تفصیل سے ان کے بارے میں بھی بتا دوں گا۔"

مجھے چپ رہ جانا پڑا کیونکہ کار اس وقت ہوٹل کے سامنے رک رہی تھی۔ اتنا وقت نہیں تھا کہ میں رؤف احمد سے اس کی تفصیلات معلوم کرتی اور اسے روکنا مناسب نہیں تھا۔ اسے نہ جانے کتنا ضروری کام ہو!

جب وہ مجھے چھوڑ کر چلا گیا تو مجھے ایک بات کا خیال آیا۔ میں اس سے کمانڈر حق کے بارے میں پوچھنا بھول گئی تھی۔ مجھے شبہ تھا کہ کمانڈر کو مجھ تک پہنچنے سے روکنے میں رؤف ہی کا ہاتھ ہوگا۔ اس شبہے کی وجہ سے مجھے یہ اطمینان تو تھا کہ کمانڈر حق خیریت ہی سے ہو گا لیکن اس کے بارے میں پوچھ لینے سے ذہنی خلش دور ہو جاتی۔

میں اپنی اس بھول پر خود کو برا بھلا کہتی ہوئی اور اپنے کمرے میں پہنچی جہاں رضوان بڑی بے چینی سے میرا منتظر تھا لیکن مجھے دیکھ کر اس نے کوئی سوال نہیں کیا اور منہ پھلا کر ایک طرف بیٹھ گیا۔ غالباً اسے یہ گراں گزرا تھا کہ میں اسے چھوڑ کر رؤف احمد کے ساتھ چلی گئی۔ اس کا یہ انداز دیکھ کر مجھے ہنسی آ گئی۔

"کیوں بھئی! تمہارا منہ کیوں سوجا ہوا ہے؟" میں نے تمسخرانہ انداز میں پوچھا۔

"آپ سے مطلب؟" رضوان کا منہ کچھ اور پھول گیا۔

"مجھ سے واقعی کوئی مطلب نہیں لیکن تمہارا منہ اس طرح سوجا ہوا ہے جیسے مجھ سے کوئی گہرا مطلب ہو۔"

"میں کل صبح واپس جا رہا ہوں۔"

"اوہ.... کیا یہ جلد بازی کا فیصلہ ہے.... کیا پروگرام بن کیسے گیا؟"

"مجھ سے ایک غلطی ہو گئی تھی۔ میں اپنے دفتر وہاں سے حکم ہوا کہ میں اپنی چھٹیوں کو منسوخ سمجھوں کراچی واپس پہنچ جاؤں۔"

"گڈ نیوز۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔ "تم میرے ہو تو مجھے یوں محسوس ہوتا رہتا ہے جیسے میں نے کوئی دیو لے کر پال لیا ہو۔"

"گویا آپ کا ارادہ یہیں جمے رہنے کا ہے؟" گھور کر دیکھا۔

"اب تو شاید میرا قیام اور طویل ہو جائے۔"

"کیوں!"

لیکن میں نے اس "کیوں" کا کوئی جواب نہیں دیا۔ نہیں بتا سکتی تھی کہ صدر مملکت سے میری کیا گفتگو ہو مجھے بہت کریدا کہ میں رؤف احمد کے ساتھ کہاں گئی تھی اسے کچھ نہیں بتایا۔

صبح کی فلائٹ سے رضوان کراچی چلا گیا۔

وہ ایک سنسنی خیز دن تھا۔ میں رات کو جو فیصلہ پر فوری طور سے عمل درآمد نہیں ہو سکتا تھا۔ میں یقین تھی کہ اب میں وزیر خارجہ سے کب مل سکوں گی کیونکہ پاکستان میں نہیں تھے۔ اخباری خبر کے مطابق وہ ڈھاکہ وہاں پہنچتے ہی انہوں نے بڑے نڈر لہجے اور بے باک انداز دیا تھا کہ ہم امریکہ کی خوشنودی کے لئے چین کی چھوڑیں گے۔

وزیر خارجہ کا بیان اس لئے اور بھی سنسنی خیز تھا میں "صدائے تحریر" کے نام سے ایک خفیہ ریڈیو اسٹ تھا۔ انقلابی کونسل بھی قائم ہو گئی تھی اور اس کونسل میں جنگِ آزادی کا اعلان کر دیا تھا۔

ان خبروں نے میرے ذہن کو اتنا پراگندہ کیا کہ میں نکال کر سلگائی اور پھر ان حالات کا تجزیہ کرنے کی کوشش پریشان کر دیا۔ مستقبل میں آگ اور خون کے سوا کچھ نظر ہند تعلقات کی کشیدگی ایک یقینی امر نظر آ رہی تھی۔ معاہدہ دھرا ہی رہ جاتا۔ دن کچھ میں شکست کے بعد بھارتی دیا تھا! اس کے الفاظ میرے ذہن میں گونج رہے تھے نے کہا تھا۔ "اب ہم اپنی مرضی کا محاذ کھولیں گے۔" اور تھی کہ کیا اب کشمیر ہی وہ محاذ بنے گا؟

کبھی خیال کیا تھا کہ رؤف آیا ہو گا۔

وہ گیارہ بجے کے قریب آیا۔ میں نے اسے ایک معمولی سے لباس میں دیکھا۔ سفید کھدر زین کی بے داغ پتلون اور سفید قمیض میں وہ کوئی ہیرو مین معلوم ہو رہا تھا۔ چہرے سے ایسی بشاشت ٹپک رہی تھی جو کامیابی کا لازمی رد عمل ہوتی ہے۔ اس عالم میں وہ مجھے خاصا بھلا معلوم ہوا لیکن میری اس پسندیدگی میں کسی جنسی آمیزش کا گمان کرنا یکسر غلط ہو گا۔ کسی مرد کے سلسلے میں میری پسندیدگی ایسی ہی ہوتی ہے جیسے کسی پودے میں اٹکا ہوا گلاب انسان کو متاثر کر دے۔ فرائڈ نے اگر ہر معاملے میں جنسی پہلو ڈھونڈے تھے تو اس کی غلطی تھی۔ میں تو کسی مرد کو جنسی لگاؤ کے ساتھ دیکھ ہی نہیں سکتی۔

"میرا خیال ہے کہ آپ کو خاصا انتظار کرنا پڑا۔" رؤف نے آتے ہی مسکرا کر کہا۔

"ہاں مجھے بے چینی سے انتظار تھا۔" میں نے اعتراف کیا۔

"شاید آپ کو یہ سنکر خوشی ہو گی کہ آج صبح جاگیردار شوکت کا معاملہ بڑی خوش اسلوبی سے نپٹ گیا۔"

"آج صبح؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"جی ہاں۔" مسکراہٹ تو رؤف کے ہونٹوں سے گویا چپکی ہوئی تھی۔ "میں اپنی غلط بیانی کی معافی چاہتا ہوں کل میں نے آپ سے جھوٹ بولا تھا کہ جاگیردار شوکت کا معاملہ نپٹ گیا۔ وہ سلسلہ تو آج صبح تک چلتا رہا تھا مجھے یہ جھوٹ مجبوراً بولنا پڑا ورنہ آپ ان آخری مرحلوں میں میرے ساتھ رہنے پر اصرار کرتیں۔"

میں بے اختیار ایک طویل سانس لیکر رہ گئی۔ اب اس میں کوئی شبہ نہیں رہا تھا کہ رؤف میں ذہانت بھی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ اس نے میری نفسیات کے بارے میں بڑا صحیح اندازہ لگایا تھا۔

"آپ کو تمباکو کی بو گوارا تو نہیں گزرتی؟" وہ اپنی پتلون کی جیب میں ہاتھ ڈالتا ہوا بولا۔

"کبھی کبھی میں خود بھی سگریٹ پی لیتی ہوں۔"

"اوہ! تب ٹھیک ہے۔" اس نے اپنی ایک جیب سے پائپ اور دوسری جیب سے تمباکو کی پاؤچ نکالی۔

"بہر حال میں نے کھانسنے والے انداز میں ہنس کر کہا۔ اب تو آپ جاگیردار شوکت کے معاملے کی تفصیلات بتا ہی دیں۔"

"بات ابھی پوری طرح کھل کر سامنے نہیں آئی لیکن خیال غلب ہے۔ کہ جاگیردار شوکت کئی قسم کے جرائم میں ملوث ہے۔ ان جرائم کا ثبوت حاصل کرنے میں دو چار دن لگ جائیں گے۔ لیکن میرا خیال ہے کہ آپ کو اس کے صرف جرم سے دلچسپی ہو گی جس کا ایک کردار وہ لڑکی الماس تھی۔"

"نہیں۔ میرا یہ خاصا برا زور ہے۔ میرے دل پر سب سے بڑا داغ تو رشماں اور اس کے بھائی کے قتل کا ہے۔ میں جاگیردار شوکت کو پھانسی کے تختے پر لٹکتا ہوا دیکھنا چاہتی ہوں۔"

"یہ تو مستقبل کے پردے میں چھپا ہوا ہے کہ عدالت اس شخص کے لئے کیا سزا تجویز کرے گی لیکن یہ خبر آپ کے لئے باعثِ مسرت ہونا چاہیئے کہ ریشماں کو قتل کرنے والے بھی گرفتار کئے جا چکے ہیں اور انہوں نے اس بات کا اقرار کر لیا ہے کہ یہ جرم انہوں نے جاگیردار شوکت کے اشارے پر کیا تھا۔"

"یہ خبر واقعی باعثِ مسرت ہے۔"

"اب آپ الماس کا قصہ بھی سن لیجئے۔ اس کے ساتھ کوٹروں کا وہ کھیل محض اسے دہشت زدہ کرنے کے لئے کھیلا جا رہا تھا۔ جاگیردار شوکت اس معصوم لڑکی کو اس حد تک سہما دینا چاہتا تھا کہ پھر وہ کسی ہچکچاہٹ کے بغیر اس کے اشاروں پر ناچتی رہے۔ جاگیردار اس کی معصومیت کو ایک بوالہوس کی چوکھٹ پر قربان کرنا چاہتا تھا۔ کل رات الماس اس بوالہوس کی خدمت میں پیش کی گئی تھی اور اس معاملے کا ایک انتہائی افسوسناک پہلو یہ ہے کہ وہ شخص ہماری وزارتِ خارجہ کا ایک اہم عہدیدار ہے۔"

"اوہ!" میں چونک پڑی۔ "آپ کا اشارہ شفیق زبیری کی طرف تو نہیں ہے؟"

"جی ہاں۔" رؤف احمد نے جواب دیا۔ "غالباً یہ خیال آپ کو اس لئے آیا کہ شفیق زبیری ہی نے جاگیردار شوکت کی موافقت میں بیان دیا تھا۔"

"میں اسی وقت سے انجمن میں ہوں کہ شفیق زبیری جیسے شخص کا جاگیردار شوکت سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔"

"تعلق کی صحیح نوعیت تو اب بھی سامنے نہیں آسکی ہے لیکن اتنا قیاس ضرور کیا جا سکتا ہے کہ جاگیردار شوکت الماس کی رشوت دے کر شفیق زبیری سے کوئی کام لینا چاہتا تھا۔ اس سلسلے میں ایک نکتہ مجھے بڑی الجھن میں ڈالے ہوئے ہے۔ صدرِ مملکت کے ساتھ چین جانے والے وفد میں ایک نام شفیق زبیری کا بھی تھا۔ اس پس منظر کو سامنے رکھ کر میں اس سوال پر غور کرنے کے لئے مجبور ہوں کہ جاگیردار شوکت کسی دشمن ملک کے جاسوس کا آلۂ کار تو نہیں بن گیا تھا؟ اس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ صدرِ مملکت کے اس دورے کو ناکام بنانے کی سازش کی جا رہی ہو۔"

میں نے رؤف احمد کی اس خیال آرائی پر کوئی تبصرہ نہیں کیا حالانکہ میں جانتی تھی کہ وہ بالکل صحیح خطوط پر سوچ رہا تھا۔ جاگیردار شوکت کے اس اقدام کا محرک ڈاکٹر فونگ تھا۔ اسی کی ایما پر شفیق زبیری کو پھانسا گیا ہوگا۔ اس بات کا اعتراف تو ڈاکٹر فونگ میرے سامنے بھی کر چکا تھا کہ وہ بھارتی سرکار کے لئے کام کر رہا ہے اور ان دنوں بھارت کی زہریلی نظریں پاک چین دوستی پر گڑی ہوئی تھیں۔ اس کی دلی خواہش تھی کہ پاک چین تعلقات میں گہری دراڑیں پڑ جائیں۔

"خیر!" رؤف بولا۔ "امید ہے کہ یہ بات بھی جل ہی جائے گا۔ ہاں تو میں آپ کو یہ بتا رہا تھا کہ شفیق زبیری کو عین اس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ بڑی جارحانہ حملہ کرنے والا تھا۔ چونکہ یہ واردات جاگیردار شوکت کی اس لئے شفیق زبیری کے ساتھ ہی جاگیردار شوکت کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔"

"کیا گرفتاری کے وقت ان میں کوئی چینی بھی تھا؟"

"جی نہیں۔ ویسے مجھے یہ ضرور معلوم ہوا ہے کہ کل شام کو وہ ان کے یہاں تھے۔ کل شام کو وہ رخصت ہو گئے تھے۔"

مجھے اس بات کا افسوس ہوا کہ ڈاکٹر فونگ نکل گیا۔ وہ بلا کا عیار تھا۔ چونکہ پولیس جاگیردار شوکت کے لئے ڈاکٹر فونگ نے بھی مناسب سمجھا ہوگا کہ اس کی حویلی سے دور رہے۔ اس کی یہی احتیاط اس کے کام آئی۔

"یہ گرفتاریاں رات کو کب عمل میں آئیں؟" میں نے پوچھا۔

"جاگیردار کے حواریوں کی پکڑ دھکڑ تو رات ہی سے لیکن شفیق زبیری اور جاگیردار کو رات ایک بجے گرفتار کیا گیا۔"

"اخبارات میں اس کی کوئی خبر تو آئی نہیں!"

"شفیق زبیری کی وجہ سے معاملے کو دبا دیا گیا۔"

"الماس اب کہاں ہے؟"

"اُسے اس کے والدین کے پاس پہنچایا جا چکا۔ میرے تصور میں الماس کا وہ سراپا اُبھر آیا جو پیوستہ رات کو دیکھا تھا۔ وہ گداز رائی ہوئی لڑکی کس بارے میں بہت کچھ سوچ سکتی تھی۔

رؤف اس گفتگو کے دوران میں اپنے پائپ میں اب ذرا خاموشی ہوئی تو اس نے پائپ سلگایا اور دو تین کش لگا کر بعد بولا۔ "میرا خیال ہے کہ اب آپ کی ساری اُلجھنیں دُور ہو گئی ہیں۔"

"قطعی۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔

"تو پھر اب آپ میری اُلجھن بھی دُور کر دیجئے!"

"اب آپ کو بھی کوئی اُلجھن ہے؟"

"جی ہاں مجھے عزتِ مآب صدر کو یہ پیغام بھیجنا ہے اسی وقت بھیج سکتا ہوں جب مجھے یہ معلوم ہو جائے کہ آپ صدر کو پیغام بھیج دیجئے گا میں اس کام کے لئے آمادہ ہوں۔"

"گڈ نیوز۔" رؤف نے پُرمسرت لہجے میں کہا۔ "یہ فیصلے کا یقین تھا۔"

"یقین تھا؟"

"جی ہاں۔"

"کیوں؟"

"آپ ایک محبِ وطن ہونے کے ساتھ ساتھ مہم

جوئی بھی ہیں۔ آپ جب چاہیں مجھ سے رابطہ قائم کر سکتی ہیں۔ ویسے آج رات کو میں پھر آپ سے مل نہ لوں گا تاکہ اگر آپ کے لئے صدرِ محترم کا کوئی پیغام ہو تو آپ کو پہنچا دوں۔" وہ کھڑا ہو گیا۔

میں اسے چھوڑنے کے لئے دروازے کی طرف گئی اور جب وہ رخصت ہو گیا تو مجھے ایک بات کا خیال آیا جو میں کل بھی اس سے پوچھنا بھول گئی تھی۔ مجھے نادرہ کے بارے میں معلوم کرنا تھا۔ کل جب وہ مجھ سے ملنے آئی تھی تو میں نے اس کی کالج فائل پر ایک پیغام لکھ دیا تھا۔ اس کا کوئی ردِعمل نہ ہونا اس بات پر دال تھا کہ رؤف احمد نے اس معاملے کو بھی سنبھال لیا ہوگا لیکن میں یہ جاننا چاہتی تھی کہ اس نے اس سلسلے میں کیا کیا تھا؟

میں نے سوچا، کیوں نہ اسی بہانے نادرہ سے مل آؤں۔ معلوم بھی ہو جائے گا اور ملاقات بھی ہو جائے گی۔ مجھے یقین تھا کہ اُس نے کچھ یادگار لمحوں کو فراموش نہیں کیا ہوگا۔ کل تو وہ بے حد خوشی میری خوش بختیوں کو قبول کر لیتی لیکن رؤف کے آدمیوں کی موجودگی کے باعث اپنے نفس پر قید و بند لگانا پڑی تھی۔

میں نے فون پر ہوٹل کی انتظامیہ سے کہا کہ وہ میرے لئے کار کا بندوبست کر دیں، پھر میں کچھ دیر آرام کرنے کے ارادے سے بستر پر لیٹ گئی۔ ایک گھنٹے تک میں تمام حالات کا جائزہ لیتی رہی اور اس دوران میں کچھ غنودگی کا عالم بھی رہا۔ ایک گھنٹے بعد میں بستر سے اٹھی اور روم سروس کو فون پر کھانے کی ہدایات دیں اور باتھ روم میں چلی گئی۔ میری ساڑھی کی استری خراب ہو چکی تھی۔ اس لئے میں نے دوسری ساڑھی باندھی۔ منہ ہاتھ دھو کر تیار ہو چکی تھی جب ویٹر کھانا لے آیا۔ کھانا کھا کر میں ہوٹل سے روانہ ہو گئی۔ حسبِ معمول اس وقت بھی میرا دماغ خیالات سے خالی نہیں تھا۔ خاص طور سے ڈاکٹر فونگ کی شخصیت بار بار ذہن کے پردے پر اُبھر رہی تھی، چونکہ وہ ایک بار پھر میری نظروں سے اوجھل ہو چکا تھا اس لئے مجھے خاصی تشویش تھی۔ بس پردہ رہ کر نہ جانے کیا کچھ گل کھلاتا رہتا۔ اسی کی وجہ سے میں نادرہ کے گھر کی طرف جاتے ہوئے اپنے اردگرد کے ماحول سے پوری طرح باخبر رہنے کی کوشش کر رہی تھی۔ یہی کوشش میرے حق میں اچھی ثابت ہوئی۔ بہت جلد مجھے محسوس ہو گیا کہ ایک کار میرا تعاقب کر رہی تھی دو تین سڑکوں پر مڑنے کے بعد اس کی تصدیق بھی ہو گئی۔

تعاقب کرنے والی کار اتنے فاصلے پر تھی کہ ڈرائیونگ کرنے والے کا چہرہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ میں یہ اندازہ لگانے سے قاصر تھی کہ وہ کوئی چینی ہے یا مقامی؟ میں نے دو ایک مرتبہ رفتار کم کر کے درمیانی فاصلے کو گھٹانا چاہا لیکن تعاقب کرنے والے نے بھی اپنی رفتار کم کر کے ہوشیاری کا ثبوت دیا۔

"لعنت ہو تم پر!" میں نے دل ہی دل میں تعاقب کرنے والے سے

ن نے کہا۔

صدر میں پڑ گئی۔ آخر رؤف نے میرے بارے میں کس حد تک کر لی ہوں گی؟ کیا یہ بھی میرے بارے میں سب کچھ جان گیا ہ صدیہ مملکت میرے ماضی سے واقف ہو گئے ہیں۔ میں نے غور کے چہرے کی طرف دیکھا لیکن اس بارے میں کوئی سوال نہیں کیا۔ ہ میں اپنے شبہے کی تصدیق یا تردید نہیں پا سکی تھی۔

ان اب کسی گہری سوچ میں ڈوبا ہوا، پائپ کے پے در پے کش لگا

ے چائے پسند کریں گے یا کوئی ٹھنڈا مشروب؟" میں نے پوچھا تو

میری خواہش نہیں۔" اس نے مسکرا کر کہا۔ "میں تین چار گھنٹے کی ر مناسب سا ناشتہ کر کے گھر سے چلا تھا۔ مجھے بس اب اپنے میں بارہ بجے چند آدمیوں سے بڑے اہم بیانات لینے ہیں لیکن ا ہیں، آپ کو آپ کے فرائض کے چند بنیادی نکتے بتا دینا چاہتا ہوں۔"

ا ہے، ضروری ہے۔"

ا زاد ہیں جن کو صدر نے اپنے اردگرد کے ماحول کا نگران ا ہیں دو عورتیں ہیں اور تین مرد! ان میں سے ایک صاحب ر سپین پنڈی میں ہیں۔ ایک صاحب اور ایک صاحبہ کراچی میں صاحب لاہور میں ہیں۔" رؤف نے اپنی جیب سے ایک کاغذ کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔ "اس پر ان سب کے نام اور پتے

نے ان سب ناموں پر ایک نظر ڈالی اور میری پیشانی پر شکنیں ب خاص معروف شخصیتیں تھیں اور ان میں سے ایک آدھ کو میں ب جانتی تھی۔

ں ان سب کے بارے میں تحقیقات کرنا ہے۔" رؤف نے کہا۔ طور پر نام جاری رکھوں گا لیکن آپ اس سلسلے میں مجھ سے زیادہ ر سکتی ہیں۔ جیسا کہ آپ نے دیکھا کہ یہ باجوں افراد انتہائی ق رکھتے ہیں۔ آپ انہی لوگوں کی سوسائٹی میں مورد کرتی ک معمولی سپرنٹنڈنٹ ہوں۔" رؤف دھیرے سے ہنسا۔

ر سے میں اس کی طرف دیکھا لیکن اس کے چہرے پر کسی تاثر کی کوئی چھوٹ نہیں پڑ رہی تھی۔ اس کے لہجے میں بھی کوئی تھا۔ اس نے یہ بات بڑی سادگی سے کہہ دی تھی اور یہ کہتے ہوئے کسی کا شکار بھی نہیں معلوم ہوا تھا۔ میں اس کی نفیات کے ہم پہنچ گئی کہ وہ ٹھوس حقائق کو بڑی خندہ پیشانی سے قبول

ان کے باپ کا تمباکو، راکھ بن چکا تھا۔ وہ راکھ اس نے ہ صاف کی، پائپ صاف کر کے اپنی جیب میں رکھنے کے بعد میرا وزیٹنگ کارڈ تو آپ کے پاس ہے نا؟ اس پر میرا ٹیلیفون

کہہ کر گاڑی کو اس طرف موڑ دیا جدھر نادرہ کا گھر تھا۔ وقتی طور پر میں اپنے تعاقب کو بھول جانا چاہتی تھی لیکن فطری طور پر یہ ممکن نہیں تھا۔ لہٰذا میں اسے بس نظر انداز ہی کر سکی۔ نادرہ کے بنگلے کا پھاٹک کھلا ہوا نظر آیا تھا اس لئے میں گاڑی کو پورچ تک لئے چلی گئی۔ گاڑی کی آواز سن کر ایک ملازم باہر نکل آیا تھا۔ میں انجن بند کر کے گاڑی سے اتری اور ملازم سے کہا۔ "مجھے نادرہ سے ملنا ہے۔"

"میں آپ کے بارے میں انہیں کیا بتاؤں؟" ملازم نے بڑے مہذب انداز میں پوچھا۔

"میرا نام صبیحہ بانو ہے۔"

"آپ تشریف رکھیں میں انہیں اطلاع دیتا ہوں۔" ملازم نے برآمدے میں پڑی ہوئی ایزی چیئرز کی طرف اشارہ کیا۔

میں ایک کرسی پر بیٹھ گئی لیکن مجھے دو منٹ سے زیادہ نہیں بیٹھنا پڑا۔ ایک معمر عورت کو باہر نکلتے دیکھ کر میں کھڑی ہو گئی تھی۔ یہ نادرہ کی ماں تھیں۔ میں جب پہلی مرتبہ یہاں آئی تو نادرہ سے ملی تھی تو مجھے ان کی ایک جھلک دیکھنے کا موقع مل گیا تھا۔

"آداب!" میرا ہاتھ پیشانی پر پہنچ گیا۔

"جیتی رہو بیٹی!" معمر عورت نے شفیق لہجے میں کہا۔ "شاید میں تمہیں پہلے بھی کبھی دیکھ چکی ہوں۔" غالباً خاتون کی یادداشت اچھی تھی۔

"نادرہ کے ساتھ ہی دیکھا ہوگا۔" میں نے خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "کیا اس وقت نادرہ گھر پر نہیں ہیں؟"

"وہ گھر پر تو ہے لیکن....." معمر خاتون نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "کیا تمہیں اس سے کوئی خاص کام ہے؟"

"ایک معمولی سا کام ہے۔" میں نے جواب دیتے ہوئے بڑے غور سے معمر خاتون کی طرف دیکھا کیونکہ ان کے اس سوال کا سبب میری سمجھ میں نہیں آسکا تھا۔

"دراصل۔" معمر خاتون نے مغموم لہجے میں کہا۔ "ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ نادرہ کو زیادہ سے زیادہ آرام کا موقع دیا جائے۔"

"اوہ!" میں چونک پڑی۔ "کیا ہوا نادرہ کو؟"

"یوں لگتا ہے جیسے کسی کی نظر کھا گئی ہے میری بچی کو۔" معمر خاتون نے ٹھنڈی سانس لیکر کہا۔ "کل کالج سے آتے ہی بستر پر اس طرح گری کہ آج صبح ہوش آیا ہے۔ کمبخت بخار تھا کہ بڑھتا ہی چلا گیا تھا۔ ڈاکٹر پر ڈاکٹر آتے رہے لیکن بخار کی وجہ کسی کی سمجھ میں نہیں آسکی۔ آج کل کے ڈاکٹر بھی بس یونہی ہوتے ہیں۔ ایک تو کہنے لگا کہ مریضہ کو کسی قسم کا صدمہ پہنچا ہے۔ اب بھلا بتاؤ بیٹی! میری تازوں کی پالی کو کیا صدمہ پہنچ سکتا ہے۔"

"آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ آجکل کے ڈاکٹر ایسی ہی فضول باتیں کرتے رہتے ہیں۔" میں نے دھیرے سے کہا لیکن مجھے یقین آگیا تھا کہ ڈاکٹر نے بالکل صحیح تشخیص کی تھی۔ نادرہ نے میرے سامنے اپنے محبوب کے خلاف غصے کا اظہار تو کیا تھا لیکن اس کے دل میں غصہ کی شدت وہ جس کو اس نے زبان آشنا کیا تھا۔ درحقیقت محبوب کی بے وفائی اسے بے حد صدمہ پہنچا گئی تھی جسکا ردعمل بخار کی صورت میں ظاہر ہوا تھا۔

اس صورتِ حال کے سامنے آنے سے مجھے یہ اندازہ ہوا کہ اس کی کالج فائل پر جو تحریر لکھی تھی وہ اس نے پڑھی ہی نہیں ہی تو وہ بیمار ہو گئی تھی۔ اب میرے لئے بہت ضروری ہو گیا تھا کہ فائل میں نہ رہنے دوں ورنہ آئندہ چند روز میں کسی وقت بھی اس پر پڑ سکتی تھی۔ بہتر یہی تھا کہ اب وہ اس تحریر کو کبھی نہ دیکھ سکے۔ "تو کیا ڈاکٹروں نے ملنے ملانے پر بھی پابندی عائد کی ہے؟" میں نے پوچھا۔

"ہاں، وہ چاہتے ہیں کہ نادرہ زیادہ سے زیادہ آرام کرے۔ ملنے ملانے میں تو بے آرامی کا کوئی پہلو نہیں نکلتا۔ آپ بالکل درست ہے کہ آجکل کے ڈاکٹر بس یونہی سے ہوتے ہیں۔ قدغن لگا دیتے ہیں۔ آپ خود ہی سوچئے ملنے ملانے سے تو بہتر ہی ہے اور وہ کچھ دیر کے لئے اپنے مرض کو بھول جاتی ہے جس کا اثر اس پر اچھا اثر پڑتا ہے۔"

میرا تیر ٹھیک نشانے پر بیٹھا۔ نادرہ کی ماں نے سراہٹ کے ساتھ کہا۔ "تم ٹھیک کہہ رہی ہو بیٹی!... میری عقل پر بھی پتھر پڑ گئے تھے اپنی بچی کو کمرے میں سڑنے کے لئے تنہا چھوڑ دیا ہے۔ ایسی میں ان کی پابندیاں ہم آؤ میرے ساتھ۔ میں تمہیں اس سے ملاؤں۔" میں مسکراتی ہوئی ان کے ساتھ ہو لی۔

"نادرہ مجھ سے خاصی بے تکلف ہے۔" میں نے کہا۔ "دیر کے لئے تنہا چھوڑ دیجئے گا۔ اس طرح مجھے اس کا دل بہلانا ہو جائے گا۔"

"ہاں ہاں، کیوں نہیں۔ میں تمہیں اس کے کمرے..."

میرا مسئلہ بڑی آسانی سے طے ہوتا جا رہا تھا اور کمرے میں نادرہ کی کالج فائل میں اپنی وہ تحریر اڑا لینے میں کامیاب اس کے علاوہ، یونہی چلتے چلتے مجھے اپنے تعاقب کرنے والے کا اور ذہن میں یہ بات آئی تھی کہ اگر میں یہاں سے ٹیلی فون کر اس بات سے آگاہ کر دوں تو وہ میرا تعاقب کرنے والے کا ضرور کر دے گا۔ امکان یہی تھا کہ تعاقب کرنے والا، نا اس پاس ہی منڈلا رہا ہوگا۔

"لو بیٹی! دیکھو کون آیا ہے؟" نادرہ کی والدہ نے داخل ہوتے ہوئے بہ آواز بلند کہا۔

میں ان کے پیچھے پیچھے کمرے میں داخل ہوئی تھی پر لیٹی ہوئی نظر آئی مجھے دیکھتے ہی اس نے یکلخت اٹھنا

نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ دیا۔ "لیٹی رہو۔ بیمار کے لئے ہیں ہوتا کہ وہ اٹھ کر ہی مہمان کا استقبال کرے۔"

"!" نادرہ میری طرف دیکھتے ہوئے بس اتنا ہی کہہ سکی۔ اس کے چہرے پر حیرانی ہوئی تھی اور بڑی محبت سے اس کا ہاتھ مسکراتی ہوئی اس کے قریب پہنچی اور بڑی محبت سے اس کا گرفت پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھ گئی۔

ان سے باتیں کرو نادرہ!" معمر خاتون نے کہا۔ "میں جا کر ان کے لئے کچھ مشروب بھجواتی ہوں۔"

میں نے اس موقع پر اظہارِ تکلف ضروری نہیں سمجھا اور نادرہ لیٹی ہوئی بولی۔ "یہ تم نے ایک ہی دن میں کیا حالت بنا لی ہے..... یونہی....." نادرہ پھیکے سے انداز میں مسکرائی۔ "اگر بتانا..."

"اں ہی تو آیا ہوگا۔ غالباً تم اسے فراموش نہیں کر سکیں۔" گریزاں ہوئی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔

کا مرجھایا ہوا سا چہرہ کچھ اور بھیگا پڑ گیا۔ اس نے جواب الگن ہونٹ کپکپا کر رہ گئے۔ اس نے نظریں چرا کر اپنی اضطراب کو میرے لئے راز بنا دینا چاہا تو میں نے اس لاج رکھ لی۔ میں اٹھ کر اس گوشے کی طرف بڑھتی چلی ٹیلیفون رکھا ہوا نظر آگیا تھا۔

"اما ایک ٹیلیفون کر لوں!" میں اس طرف بڑھتی ہوئی

نے کچھ نہیں کہا۔ وہ ان لمحات میں اپنے جذباتی طوفان ہی ہوگی۔ اگر وہ اس وقت بول پڑتی تو اس کی بھرائی اس کی قلبی واردات کا راز فاش ہو جاتا۔ میری سمجھ لڑکیاں اتنی بے وقوف کیوں ہوتی ہیں۔ اگر کوئی ان سے تو جواباً خود بھی سنگدل کیوں نہیں بن جاتیں۔ مختصر لمحوں کا تو لک ختم ہو گی؟ اتفاق کے اس دور میں کم از کم مجھے تو خیز نظر آتا ہے۔

ٹیلیفون کا رسیور اٹھایا اور روف کے نمبر ڈائل کرنے ذہن نشین کر لئے تھے کیونکہ مجھے یقین تھا کہ دفتر ات پڑتی ہی رہے گی۔ اس وقت البتہ مجھے یہ خدشہ ضرور اف اپنے ٹیلیفون کے قریب نہ ہو۔ وہ مجھ سے یہ کہہ گیا اہم بات لینا ہیں۔ امکان تھا کہ وہ ابھی اسی سلسلے ا

طرف گھنٹی بجی، رسیور اٹھایا گیا اور پھر آواز آئی۔ "ہالو۔"

میں نے اطمینان کی سانس لی اور ماؤتھ پیس میں کہا۔ "میں صبیحہ بول رہی ہوں۔ ذرا ایک پتہ نوٹ کیجئے!" میں نے اسے نادرہ کا پتہ بتایا اور پھر بولی۔ "میں یہیں سے بول رہی ہوں۔ ایک شخص ہوٹل سے میرا تعاقب کرتا ہوا یہاں تک آیا ہے۔"

"اوہ!" رؤف کا انداز چونکا ہوا تھا۔ "اس تعاقب سے آپ نے کیا نتیجہ اخذ کیا ہے؟"

"آپ خود ہی چیک کیجئے!"

"یہ تو اسی وقت ہو سکے گا جب آپ وہاں سے روانہ ہوں اور میں دیکھوں کہ تعاقب کرنے والا کون ہے۔"

"میں آدھے گھنٹے بعد یہاں سے الماس کے گھر کی طرف روانہ ہو جاؤں گی۔"

"الماس کے گھر کی طرف؟ کیوں؟"

"بس میں ملنا چاہتی ہوں اس سے۔"

"اچھی بات ہے۔ میں فوراً اپنے دفتر سے روانہ ہو رہا ہوں۔"

رؤف کی آسانی کے لئے میں نے اسے تعاقب کرنے والی گاڑی کا رنگ اور نام بھی بتا دیا۔ پھر ریسیور رکھ کر میں نادرہ کی طرف مڑی جو مجھے بہت غور سے دیکھ رہی تھی۔ میں مسکرا دی۔

"کوئی خاص بات نہیں ہے۔" میں نے اس کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔ "بعض اوقات اس قسم کے دل پھینک مردوں سے بھی سابقہ پڑ جاتا ہے۔ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ تعاقب کر کے عورت کو رجھایا جا سکتا ہے۔ میں نے اپنے ایک جاننے والے کو فون کر دیا ہے جو پولیس میں ہے۔ وہ خود ہی اس شہدے سے نپٹ لے گا۔"

"ایسے موقعوں پر نظر انداز کر دینا ہی بہتر ہوتا ہے۔" نادرہ نے کہا۔

"میں اس کی قائل نہیں۔" میں نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔ "ایسے لوگوں کو سزا ضرور ملنی چاہیئے۔ کبھی کبھی تو میں خود ہی دو چار ہاتھ جھاڑ دیتی ہوں۔"

"یہ تو بہت خطرناک بات ہے۔ نہ جانے کب کسی بہت ہی غلیظ آدمی سے بھڑ ہو جائے۔"

"ہوں۔" میں مسکرا کر اس موضوع کو ٹال گئی۔ نادرہ کو یہ بتانا مناسب نہیں تھا کہ غلط آدمیوں سے ٹکر لینا میری ہابی ہے۔

تھوڑی دیر میں ایک ملازمہ لیمن اسکواش کا ایک گلاس لے آئی اور بڑے ادب سے مجھے پیش کر کے واپس چلی گئی۔

"میں معذرت خواہ ہوں کہ آپ کا ساتھ نہیں دے سکوں گی۔" نادرہ نے کہا۔ "مجھے اس وقت بھی حرارت ہے۔"

"لیکن اگر شام تک تم نے اس حرارت کو رخصت نہیں کر دیا تو میرا اور تمہاری ٹرائی ہو جائے گی۔"

"ارے!" نادرہ ہنس پڑی۔ "بھلا بیماری پر انسان کا کیا اختیار؟"

"بعض حالات میں مکمل اختیار ہوتا ہے۔ تمہارا معاملہ بھی اختیاری ہے۔ جذباتی بہاؤ پر قابو پالوگی تو ٹھیک ہو جاؤ گی۔ زندگی، مردکی چاہت سے عبارت تو نہیں۔"

"آپ تو شاعر بھی ہیں۔" نادرہ مسکرائی۔

"میں نے کبھی ایک شعر بھی موزوں نہیں کیا۔ ہاں اگر کبھی تم جیسی لڑکی میں شعریت آجاتی ہے تو اس پر جھوم ضرور اٹھتی ہوں۔" یہ کہتے ہوئے میں نے نادرہ کو ایسی نظروں سے دیکھا تھا کہ وہ جھینپ کر نظریں چرانے پر مجبور ہو گئی۔ اسے کچھ یاد آ گیا ہوگا۔

"ارے ہاں! مجھے ایک کاغذ تو دو ذرا۔ میں پھر بھول جاؤں گی۔" میں نے چاروں طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ مجھے توقع تھی کہ نادرہ کی درسی کتب اسی کمرے میں ہوں گی۔

"کیسا کاغذ؟" نادرہ نے پوچھا۔

"سادہ کاغذ۔" میں نے جواب دیا۔ "مجھے کچھ نوٹ کرنا ہے۔ تمہاری کالج فائل کہاں ہے؟"

"اس الماری میں ہے۔ بٹھریے! میں دیتی ہوں۔" نادرہ نے بستر سے اٹھنے کی کوشش کی۔

"نہیں۔" میں نے اسے روک دیا۔ "تم مت اٹھو! میں خود لے لوں گی۔" میں نے لیمن اسکوائش کا گلاس تپائی پر رکھا اور اٹھ کر اس الماری کی طرف بڑھی جدھر نادرہ نے اشارہ کیا تھا۔

الماری میں کتابیں موجود تھیں۔ فائل نیچے دی ہوئی تھی۔ میں نے اسے نکال کر کھولا۔ میری وہ تحریر موجود تھی۔ میں نے پلٹ کر نادرہ کی طرف دیکھا، مسکرائی اور پھر فائل میں سے وہ کاغذ پھاڑ لیا۔ فائل رکھ کر الماری بند کی اور کاغذ کو تہہ کر کے اپنے پرس میں رکھتی ہوئی پھر نادرہ کے قریب جا بیٹھی۔ اسکوائش کا گلاس اٹھا کر ایک گھونٹ لیا اور پھر بولی۔ "تم جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ تو ایک آدھ تفریحی پروگرام بنالیں۔"

"تفریحی پروگرام" کا مطلب نادرہ سمجھ ہی سکتی تھی اس لئے اس کے ہونٹ شرمگیں انداز میں کپکپا اٹھے اور چہرے پر جیسے مدھم مدھم سا الاؤ جل اٹھا۔ میرا جی چاہا کہ اس شرمگیں کو اپنے ہونٹوں کی تپش سے آشکار کروں لیکن اس ماحول میں یہ مناسب نہیں تھا۔ نادرہ کی ماں کسی وقت بھی وہاں آسکتی تھیں کیونکہ دروازہ اندر سے بولٹ نہیں تھا۔ اگر میں بولٹ کرتی تو یہ مشتبہ کرنے والی بات ہوتی۔

اسکوائش کا گلاس ختم کر کے میں اٹھ کھڑی ہوئی۔ "کل میں پھر آؤں گی۔ اگر تم اس وقت تک ٹھیک نہ ہوئیں تو پھر میں تمہاری امی سے کہوں گی کہ ہمیں ایک دو گھنٹے کے لئے کمرے میں تنہا چھوڑ دیا جائے۔ کمرے کا دروازہ ہم اندر سے بند کر لیں گے اور میں تمہارا علاج شروع کر دوں گی۔"

"چلئے میں آپ کو برآمدے تک چھوڑ آؤں۔" نادرہ نے جلدی سے کہا۔

اس سے پہلے کہ میں اُسے روکتی، وہ پھرتی سے کھڑی ہو گئی۔ اس وقت میں نے اختیار ہو کر اسے اپنی آغوش میں کھینچ لیا تو بولی۔ "ابھی نہیں، یہاں نہیں۔ میں کل آپ کے ہوٹل آؤں گی۔"

"پکا وعدہ؟" میں نے سرگوشی کرتے ہوئے اس کی بات کاٹ لی۔

"میں ضرور آؤں گی۔"

میں نے اسے ہونٹ چوم کر چھوڑ دیا اور بس ہاتھ تھامے کمرے سے نکل آئی۔ ایک ملازمہ سامنے پڑی تو نادرہ نے کہا۔ "امی کو بتا دو کہ یہ جا رہی ہیں۔"

ملازمہ جلدی سے ایک طرف دوڑ گئی۔ میں اور نادرہ میں پہنچ کر رک گئے۔

"میں کل بڑی بے چینی سے تمہارا انتظار کروں گی۔" لہجے میں کہا۔

"مجھے یقین ہے شام تک میری طبیعت بالکل ٹھیک ہو گئی لیکن کل میں کالج نہیں جاؤں گی۔ سیدھی آپ کے پاس آؤں گی۔" میرے کچھ بولنے سے پہلے ہی نادرہ کی والدہ وہاں پہنچ گئیں۔ انہوں نے مسکرا کر ان سے کہا۔ "آپ دیکھ رہی ہیں نادرہ کو، کیسی بشاش ہو گئی ہے۔ اس کے چہرے پر!.... ڈاکٹر کے مشوروں پر بس ایک عمل ضرور چاہیے، تنہائی میں ایک جگہ پڑے پڑے تو احساس علالت مرض کے زائل ہونے میں دیر لگ جاتی ہے۔"

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو بیٹی! اچھا ہوا کہ تم آگئیں اور اس لیکن تم اتنی جلدی کہیں جا رہی ہو، شام کی چائے پی کر چلی آؤں گی تو رات نے نہ روکوں گی۔ اچھا، خدا حافظ۔"

"خدا حافظ۔" نادرہ نے بھی دھیرے سے کہا۔

میں کار میں جا بیٹھی اور انجن اسٹارٹ کر کے بایاں ہاتھ باہر میں ہلایا۔ وہ ماں بیٹی بھی ہاتھ ہلانے لگیں اور میں کار کو گیراج میں لے آئی۔ سڑک پر پہنچ کر میں نے عقب نما آئینے پر نظر ڈالی۔ والی کار کی تلاش تھی جو فوری طور پر تو دکھائی نہیں دی لیکن وہ کسی گلی سے نکل کر میرے پیچھے لگ گئی تو میں نے اسے پکڑ درمیانی فاصلہ بھی کم تھا اس لیے میں اس شخص کا چہرہ دیکھ گئی۔ وہ مقامی آدمی ہی تھا اور اس کی عمر تیس پینتیس سال معلوم ہو رہی تھی۔ کار میں وہ اکیلا ہی تھا۔

میں نے عقب نما آئینے میں ان گاڑیوں کا جائزہ لیا پیچھے آ رہی تھیں لیکن میں یہ اندازہ نہیں لگا سکی کہ رؤف اللہ

اندازہ نہ لگا سکنے کے باوجود مجھے اس بات کا یقین ضرور میں موجود ہو گا۔ میں نے اپنی گاڑی کو بلاوجہ دو تین سگنلوں میں اپنے تعاقب میں آنے والی گاڑی کی شناخت کے سلسلے مارنا چاہتی تھی۔

تو یہی تھا کہ اب سیدھی الماس کے گھر پہنچوں گی لیکن پھر ایک صاف ستھرے ریسٹورنٹ پر پڑی تو میں نے سوچا کہ ہمانے یہاں کچھ دیر رُکا جا سکتا ہے ممکن ہے، یہاں کو تعاقب کنندہ کے ارادے کا پتا چل جائے۔ آخر وہ میرے ں لگا ہوا ہے، مقصد محض نگرانی ہے یا کچھ اور؟

ایک کار ریسٹورنٹ کے سامنے روک دی جہاں اور بھی کئی والی تھیں۔ انجن بند کرتے کرتے میری نظر عقب نما آئینے پر تعاقب کرنے والی گاڑی کو کچھ فاصلے پر رکتے دیکھا تھا۔ میں نے گاڑی کے شیشے چڑھائے اور دروازوں کو لاک کر دیا۔ ایئر کنڈیشنڈ تھا اور درشتیاں زیادہ تیز نہیں تھیں، فوری پسینہ میرے کا احساس ہوا لیکن جب میں آگے بڑھ کر کی تو آنکھیں اس اندھیرے کی کچھ کچھ عادی ہو چکی تھیں۔ کے قریب میزیں خالی پڑی ہوئی تھیں۔ ایک ویٹر آیا لیکن میں نے مینو کی طرف دھیان دیئے بغیر "کولڈ ڈرنک لے آؤ۔"

وہ روانہ ہوئے کی طرف لگی ہوئی تھی۔ کوئی ایک منٹ بعد کو اندر داخل ہوتے دیکھا جو میرے تعاقب میں لگا ہوا تھا۔ بلیو پتلون پہن رکھی تھی اور اس کا دایاں ہاتھ پتلون کی روانہ کے قریب ہی رُک کر ہال کا جائزہ لینے لگا۔ جیسے وہ آگے بڑھنے سے قبل اپنی آنکھوں کو اس ملگجے ماحول سے ہم آہنگ بنا لینا چاہتا ہو۔ میں اب براہ راست اس کی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی اور اتنی دیر میں مجھے وہاں ماحول کا کوئی احساس نہیں رہا تھا۔ ہر چیز بالکل صاف رہی تھی۔ اس نوجوان کے چہرے پر ایک عجیب سی دہشت اور اس کی یوں لگ رہا تھا جیسے کسی صحرا میں دھول اڑ رہی ہو۔ اس کے شکستہ آبگینوں کی کرچیں سی اڑتی نظر آ رہی تھیں۔ اس احساسات پر مجھے بڑی حیرت سی ہوئی۔ آخر ایسی جوان کے چہرے پر جسے میں نے اتنے مختلف النوع تاثر دیا تھا۔

وہ دروازے پر رُکے رہنے کے بعد اس نوجوان نے آگے میری طرف نہیں دیکھا تھا لیکن میں ایسا ہی محسوس کر رہی تھی۔ اس نگاہوں کی غیر مرئی نوک میرے جوڈو میں پیوست ہونے لگی اور پسینہ آنے لگا۔ آخر میں اس نوجوان کو اپنے

اعصاب پر اتنی شدت سے کیوں محسوس کر رہی ہوں، میں نے اپنا سر جھٹک کر ان بے سروپا خیالات سے نجات پانے کی کوشش کی لیکن اس وقت میرے ہر رگ و ریشے میں اضطراب کی لہریں دوڑنے لگیں جب وہ نوجوان آگے ہی آگے بڑھتا چلا آیا۔ اس نے کئی خالی میزوں کو نظر انداز کر دیا تھا۔ گو کہ اب بھی میری ذات اس کی نگاہوں کا مرکز نہیں تھی لیکن میں بدستور اس احساس سے دوچار تھی کہ اس کی تمام تر توجہ میری ہی طرف مبذول ہے۔

جب میرا اور اس کا درمیانی فاصلہ برائے نام رہ گیا تو بیکلنٹ میں اپنی کرسی سے کھڑی ہو گئی۔ یہ میری وہ چھٹی حس تھی جس نے کسی انجانے خطرے کی نشاندہی کرنا چاہی تھی۔ گو کہ میں اس خطرے کی نوعیت نہیں سمجھ سکی مگر چوکنا ہو گئی۔ میرا کھڑا ہو جانا ہی میرے حق میں بہتر ثابت ہوا تھا۔ اگر میں کھڑی نہ ہوئی ہوتی تو شاید آج زندہ نہ ہوتی۔

نوجوان میرے سر پر پہنچ چکا تھا۔ اس کا ہاتھ برق رفتار سرعت کے ساتھ پتلون کی جیب سے نکلا۔ "کھٹ" کی آواز ہوئی اور میری آنکھوں کے سامنے چمک سی ہوئی۔ بٹن دبتے ہی چاقو کا لمبا چوڑا پھل اپنی کمینگاہ سے نکل کر خون آشام درندے کی طرح تن گیا تھا۔ وہ درندہ مجھ پر جھپٹ پڑا اور ریسٹورنٹ میں بیٹھے ہوئے متعدد افراد چیخ پڑے۔

اگر میں جوڈو کی ماہر نہ ہوتی تو اس حملے سے میرا بچنا محال ہی تھا۔ میں نے اپنی جگہ سے بڑی تیز حرکت کی لیکن اس حرکت میں میرے ارادے کو دخل نہیں تھا۔ دراصل جوڈو کی تعلیم کچھ ایسے ہی انداز کی ہوتی ہے کہ اس کے داؤ پیچ، جبلت میں داخل ہو جاتے ہیں اور خطرہ سامنے دیکھ کر آدمی بالکل مشینی انداز میں متحرک ہو جاتا ہے۔ بالکل یہی میرے ساتھ بھی ہوا۔ میں اچھل کر اس کی زد سے اس طرح نکلی کہ اس کے وہ پہلوں آگئی۔ وہ اپنی جھونک میں ایک قدم آگے نکل گیا تھا۔ میں نے اس موقعے سے پوری طرح فائدہ اٹھایا۔ میری دائیں ٹانگ نے بڑی تیز حرکت کی۔ اس وقت اسٹیپ بیک ہی مناسب رہتی۔ میں نے حملہ آور کی دائیں ٹانگ کے گھٹنے کی پشت کو نشانہ بنایا تھا۔ اس ٹھوکر سے حملہ آور کی ٹانگ لچک گئی اور قدرتی طور پر اس کا دھڑ پیچھے کی طرف جھکا۔ اس نے اپنا توازن برقرار رکھنے کی کوشش کی اور وہ یقیناً اس میں کامیاب بھی ہو جاتا لیکن میں نے کسی تاخیر کے بغیر اس کی بائیں ٹانگ کے گھٹنے کی پشت کو بھی نشانہ بنا ڈالا۔ یہ اسٹیپ بیک پڑتے ہی وہ اپنا توازن کھو بیٹھا اور پیچھے کی طرف گرنے لگا۔ میں نے اس موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کے چاقو والے ہاتھ کی کلائی تھام لی مگر اس بات کا خیال رکھا کہ میری یہ گرفت اس کا سہارا نہ بن جائے۔ اس کے گرتے گرتے جسم کے ساتھ میں بھی بیٹھتی چلی گئی تھی اور میں نے اپنی بائیں ٹانگ کے گھٹنے کو آگے کر دیا تھا۔ حملہ آور جب گرا اور اس کے چاقو والے ہاتھ کو جو سیدھا پھیلا ہوا تھا، میں نے اپنے گھٹنے سے ٹکرا دیا۔ مجھے بس اتنا خیال رکھنا پڑا تھا کہ ہاتھ کا کٹنی والا حصہ میرے گھٹنے سے ٹکرائے۔ اس کی کلائی پر میں نے زبردست وار کیا تھا چنانچہ جب ہاتھ میرے گھٹنے پر پڑا تو حملہ آور کی چیخ نکل گئی۔ اگر میں

کلائی پر کچھ بناؤ بڑھا دیتی تو کہنی سے اس کا ہاتھ ٹوٹ ہی جاتا۔ اب بس اتنا ہوا کہ اذیت کے باعث اس کی مٹھی کھل گئی اور چاقو فرش پر گر پڑا۔

کچھ بے جگر افراد جو حملہ آور کا چاقو دیکھ کر فوراً میری مدد کو لپکے تھے، ان کی حالت اب دیدنی تھی۔ وہ کچھ فاصلے ہی پر رک کر بڑی حیرت سے یہ معرکہ آرائی دیکھ رہے تھے۔ ان کے لیے یہ سب کچھ ایسا ہی تھا جیسے وہ کوئی فلم دیکھ رہے ہوں! انھوں نے حقیقی زندگی میں کسی عورت کو اس طرح لڑتے ہوئے نہیں دیکھا ہوگا۔

جب حملہ آور کا چاقو فرش پر گر گیا تو میں اسے ٹھوکر مارتے مارتے اس لیے رک گئی کہ اب اس کی ضرورت نہیں رہی تھی۔ ایک بدلو حملہ آور کے سر سے آگ نکلا تھا اور مجھے ایک جانی پہچانی آواز سنائی دی تھی۔

"سیدھے کھڑے ہو جاؤ ورنہ بے رحم گولی مار دوں گا۔" رؤف کے لہجے میں پہاڑوں پر گری ہوئی برف کی سی ٹھنڈک تھی۔

حملہ آور نوجوان کے اٹھنے سے پہلے ہی میں اسے چھوڑ کر سیدھی کھڑی ہو گئی۔ ریسٹورنٹ میں بیٹھے ہوئے لوگ ہمارے اردگرد جمع ہو گئے تھے۔

"براہ کرم زیادہ قریب نہ آئیں۔" رؤف نے بلند آواز میں کہا۔ "میں ایک پولیس آفیسر آپ سے یہ درخواست کر رہا ہوں۔"

پولیس کا نام سنتے ہی لوگ محتاط ہو گئے۔

حملہ آور نوجوان کھڑا ہو چکا تھا اور اس نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھا دیے تھے۔ اس کے چہرے پر برستی ہوئی وحشت تو اب ختم ہو گئی تھی مگر ایک ویران سا تاثر اب بھی قائم تھا۔

"آپ قریبی پولیس اسٹیشن کو فون کر دیجیے!" رؤف نے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "ریسٹورنٹ میں فون تو ضرور ہوگا۔"

"میں نے فون کر دیا ہے پولیس کو۔" ایک ادھیڑ عمر آدمی بول پڑا جو کچھ نروس نظر آ رہا تھا۔ "میں اس ریسٹورنٹ کا منیجر ہوں۔"

"ٹھیک ہے۔" رؤف نے کہا اور پھر لوگوں کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔ "جنابِ حضرات اپنی اپنی میزوں پر تشریف لے جائیں۔ قانون آپ کے تعاون کا منتظر ہے۔"

بھیڑ چھٹنے لگی اور ایک منٹ میں وہاں صرف میں اور ریسٹورنٹ کا منیجر کھڑے رہ گئے۔ لوگ اپنی اپنی میز پر تو چلے گئے تھے مگر ان کی نظریں ہماری ہی طرف تھیں۔ مجھے تو وہ لوگ اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے میں کسی دوسری دنیا کی مخلوق ہوں۔ ان کی اس حیرت کا سبب میرا طریقِ جنگ تھا۔ دراصل اس قسم کی عورتوں کے وجود کا تصور صرف یورپ و امریکہ سے ہے۔ کسی مشرقی عورت سے اس تیزی و طراری کی توقع نہیں کی جاتی۔ پاکستان میں کسی ایسی عورت کا وجود تو لوگوں کے لیے پچھیا ہی ہو سکتا تھا۔

"آپ نے کمال کر دیا۔" رؤف نے تحسین نظروں سے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "ویسے اگر میں فوراً اندر آ جاتا تو آپ کو یہ زحمت نہ ہوتی۔ میں نے سوچا تھا کہ دو منٹ رُک کر اندر داخل ہوں تاکہ....."

"کیا فرق پڑتا ہے!" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "بہت دن سے میری کچھ ورزش بھی نہیں ہوئی تھی، وقت میں جو سنسنی پیدا کرتی ہوں اس کے لیے بھی موقع نہیں ملا!"

رؤف کی گھومتی ہوئی نظریں اب حملہ آور نوجوان پر جمی ہوئی تھیں۔ نوجوان نے کہا۔

"میری دشمنی تو صرف تقدیر سے ہے۔" نوجوان نے جواب دینے کی بجائے سختی سے دانت جما لیے۔

پولیس کو وہاں پہنچنے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ رؤف نے اپنا کارڈ دکھانے کے بعد کہا۔ "اس شخص نے ان خاتون پر حملہ اتفاقاً یہاں پہنچ گیا اور اسے قابو میں کرنے کے لیے مجھے اپنا ریوالور استعمال کرنا پڑا۔"

رؤف کی ان باتوں سے میں سمجھ گئی کہ وہ پولیس کو حقائق دکھانا چاہتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اب مجھے بھی اسی روش میں بیان دینا چاہیے۔

نوجوان کے ہتھکڑیاں لگا دی گئیں اور وہ چاقو بھی پولیس میں کر لیا جو فرش پر پڑا ہوا تھا۔ ریسٹورنٹ کے منیجر اور کاؤنٹر کلرک کو گواہ بنایا گیا اور رسمی کارروائیوں کے بعد ریسٹورنٹ سے روانگی ہوئی۔ اسٹیشن پہنچ کر نوجوان کو حوالات میں بند کر دیا گیا اور پھر میرا بیان قلمبند کیا گیا۔ اپنے بیان میں میں نے کہا کہ حملہ آور میرے لیے اجنبی ہے اور میں نہیں جانتی کہ اس نے مجھے کیوں قتل کرنا چاہا تھا۔

رؤف کی موجودگی کے باعث پولیس نے مجھے زیادہ پریشان نہیں کیا اور مجھے جانے کی اجازت مل گئی۔ متعلقہ پولیس آفیسر نے مجھ سے کہا کہ شام تک وہ اس نوجوان کی زبان کھلوانے میں کامیاب ہو جائے گا۔ رؤف کی رہائی کے لیے اٹھتے ہوئے میں نے رؤف کی طرف دیکھا تو وہ بھی میرے ساتھ وہاں سے نکلنے کو کچھ آمادہ ہو گیا۔ اس کے انداز سے صاف ظاہر ہو گیا تھا کہ وہ مجھ سے کچھ کہنا چاہتا ہے۔ خاصا ہوشیار تھا وہ۔ نوجوان سے کیا کچھ معلوم ہو سکتا ہے، یہ محسوس کرنے کے بعد کہنا مناسب نہیں سمجھا اور پولیس اسٹیشن سے نکل آئی۔

ذہنی طور پر میں اس بات کے لیے تیار تھی کہ وہ نوجوان مجھ سے کیا کہنا چاہتا ہے۔ بھلا ایک اجنبی کو مجھ سے کیا دشمنی ہو سکتی تھی؟ ہاں اگر اس نے میرے قتل کی کوشش کی ہوتی تو دوسری بات تھی لیکن ایسا نہیں ہوا تھا۔ اس قسم کے حملے کا مقصد صرف قتل ہی ہوتا ہے۔

اب سوال یہ تھا کہ وہ کس کا ایجنٹ ہو سکتا ہے؟ میرے ذہن میں ایک ہی نام تھا۔ کیپٹن آفاق اور ڈاکٹر فونگ! ایک کینہ پرور مغنم

ذہن کو بھول نہیں سکتا تھا لیکن میرے ذہن میں بار بار ڈاکٹر ابھر رہی تھی۔ میرے سوچنے کا ایک انداز یہ بھی ہو سکتا تھا کہ ارشو کت کے گروہ سے تعلق رکھتا ہو اور اس نے منتقمانہ طور پر کوشش کی ہو لیکن یہ خیال میرے جی کو نہیں لگ رہا تھا۔ اس کی بات تھی جس کی بنا پر میں اسے پیشہ ور قسم کا جرائم پیشہ سمجھ رہی تھی۔ وہ مجھے ایک ایسا شخص معلوم ہو رہا تھا جو جذبات کے دباؤ میں آ کر اپنے انتہائی مسموم حالات سے تنگ آ کر کسی کا دشمن ہو گیا ہو اور اپنے آپ کو ختم کر لینے سے پہلے کسی دشمن کو ختم کر دینا چاہتا ہو۔

"میری دشمنی تو صرف تقدیر سے ہے۔" نوجوان کا یہ فقرہ میں بھول نہیں سکی تھی۔

لے تو نوجوان کی اس بات کا مذاق اڑایا تھا لیکن مجھے نوجوان کی کربناک چیخوں کی گونج محسوس ہوئی تھی۔ وہ فلک شگاف نظر آیا تھا اور ایسے لوگ بعض اوقات مجرمانہ ذہنیتوں کا لے بھی جرائم کے کانٹوں کی پرورش نہ آسودگی کے صحرا

تے ہوئے میں ذہنی طور پر ان خیالات سے نبرد آزما تھی کہ ایک تھے نے میرے ذہن کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ی آئی اے کا ایجنٹ کار بنا ہو؟... گو کہ صدر مملکت سے ان میں ہوئی تھی لیکن سی آئی اے کے معیار ذہنوں سے یہ ملوں نے اس ملاقات کا مقصد ناڑ لیا ہو اور وہ ابتدائی بھی راہ سے ہٹا دینا چاہتے ہوں۔

ے تھی اگر سی آئی اے ہی کی حرکت تھی تو پھر اس امر میں سکتا کہ صدر مملکت مجھ سے جن پانچ افراد کے بارے میں چاہتے تھے وہ سی آئی اے ہی کے ایجنٹ ہیں! اگر پانچوں ایک آدھ تو ضرور ہے۔

ں سے ملاقات کرنے کے لیے بے چین ہو گئی لیکن مجھے ی سے کام لینا تھا۔ میں اس سے فوری طور پر نہیں مل سکتی ت زیادہ محتاط بھی رہنا تھا۔ میری زندگی بڑے شدید ہا تھی۔ سی آئی اے سے ٹکرانا کوئی ہنسی کھیل نہیں ہے۔ دن سے اکھاڑنے کی خوفناک صلاحیتیں رکھتی ہو! اس انسان کو ختم کر دینا تو گویا ایک کھیل ہے۔ بعض اوقات اغ قتل کر دیتی ہے کہ دیکھنے والے اسے قتل کو حادثہ

ں ہو نک پڑی۔ خیالات میں کھوئی ہوئی میں اس علاقے ں پہنچ گئی جہاں الماس کا گھر تھا کیونکہ میں اس سے ملنے ہی کے گھر سے چلی تھی اس لیے غیر شعوری طور پر کار کا توں پر گھومتا رہا تھا۔ اب میں نے بریک لگاتے ہوئے گاڑی کو سڑک کے کنارے پر روک دیا اور اپنے پرس سے وہ نوٹ بک نکالنے لگی جس میں الماس کا پتہ درج تھا۔ وہ پتہ الماس ہی نے بتایا تھا لیکن اس وقت صورتِ حال ایسی تھی کہ میں جلدی میں اسے ذہن نشین نہیں کر سکی تھی۔

اب میں نے وہ پتہ دیکھ کر اسے اپنے ذہن میں بٹھایا اور پھر نوٹ بک بند کر کے پرس میں ڈال لی۔

الماس کا گھر ڈھونڈنے میں مجھے دس منٹ لگے۔

اب میں نے واضح الفاظ میں سلویا سے اس کے بارے میں پوچھا۔ تو وہ بولی۔ "آپ ہی نے تو بتایا تھا۔"

"میں نے بتایا تھا؟" میں حیران رہ گئی۔

"جی ہاں۔"

"مجھے تو یاد نہیں آرہا۔" میں بڑبڑائی۔

"حیرت ہے۔" سلویا نے بڑی معصومیت سے کہا۔ "صبح جب آپ مجھے ہاسپٹل چھوڑنے جارہی تھیں تو آپ نے اس ہوٹل کا نام بتایا تھا۔"

میری پریشانی پر سلوٹیں تو پڑ گئیں لیکن میں کچھ کہہ نہیں سکی مجھے یاد نہیں آرہا تھا کہ میں نے سلویا کو اپنا پتہ بتایا ہو لیکن اس کے لہجے میں ایسا اعتماد اور ایسی معصومیت تھی کہ میں الجھن میں پڑ گئی۔ یقینی طور پر کچھ طے کرنا مشکل ہو گیا، تاہم اس مرحلے پر شکوک و شبہات کا انگوٹھا لینا ایک فطری امر تھا۔ میں یہ سوچنے پر مجبور ہو گئی کہ میں کسی جال میں تو پھنسنے نہیں جارہی ہوں؟ اس امکان پر غور کرنا ضروری ہو گیا تھا کہ وہ لوگ مجھ پر ہاتھ ڈالنے کے لئے سلویا کو اپنا آلۂ کار بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز یہ کہ سلویا بھی ان کا آلۂ کار بن سکتی ہے یا نہیں؟

ناممکن تو کچھ بھی نہیں ہوتا لہٰذا میں نے سوچا کہ مجھے ہر قسم کی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ اگر یہ شبہ مجھے ہوٹل ہی میں ہو گیا ہوتا تو میں کمانڈر حق کو اشارہ دے دیتی کہ وہ میری نگرانی کرے اور کوئی خطرہ پیش آنے پر میرا مددگار بن جائے لیکن ہوٹل میں میرا ذہن صرف بزنگ پریس سے ابھارہ گیا تھا، اور اب تو میں یہاں تھی نہ وہ جگہ۔ یوں ہی

"آخر آپ رفیق چوہان سے کیوں ملنا چاہتی ہیں؟" سلویا بولی۔

"میں یہ معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ جیون اس سے کیا کام لینا چاہتا ہے۔"

"یہ تو میں کل اس سے معلوم کر کے آپ کو بتا دوں گی۔"

"کل تک انتظار نہیں کیا جا سکتا۔" میں نے جواب دیا اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی سوچا کہ سلویا کے ان سوالوں میں معصومیت ہے یا ریاکاری؟

کار جب کالونی میں داخل ہو گئی تو سلویا نے ایک گلی کی طرف اشارہ کیا اور اس گلی میں کچھ دور چلنے کے بعد ایک جگہ کے سامنے رکنے کیلئے کہا۔

جگہ تاریک پڑتا تھا۔ خاصی کشادہ اور جدید طرز کی عمارت تھی۔ احاطے میں اصل عمارت سے ملی ہوئی ایک اینکسی تھی جو شاید ملازموں کی رہائش گاہ کے طور پر استعمال ہوتی ہو گی۔ اس کی بناوٹ ایسی نہیں تھی جو مہمانوں کو ٹھہرانے کے لائق قرار دی جا سکتی۔ اس اینکسی کے ایک کمرے میں روشنی کا بلب روشن تھا۔ اس کے علاوہ عمارت کے کسی بھی حصے میں روشنی نظر نہیں آرہی تھی۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا تھا کہ یا تو عمارت میں کوئی بھی موجود نہیں ہے اور اگر ہے تو اپنے کمرے میں پڑا ہوا سو رہا ہے۔ اگر جیون ملاقات کے لئے آیا ہوا ہوتا تو یقیناً سامنے کے کسی بڑے کمرے میں روشنی ہوتی۔

قدرے توقف کے بعد میں نے پھاٹک کے کال بیل کے بٹن پر انگلی رکھ دی۔ وقفے وقفے سے کئی لیکن بے سود!

"معلوم ہوتا ہے کہ تمہارا دوست گھر پر نہیں ہے۔" سے کہا۔ "کیا وہ تنہا رہتا ہے؟"

"صرف ایک بوڑھا ملازم ہے جو اونچا سنتا ہے۔ بلب اُسی کے کمرے میں روشن ہے۔"

"غالباً وہ اس وقت اپنے پریس میں ہو گا۔" میں نے کہا۔

"کون؟ رفیق؟ وہ اتنی رات کو پریس میں کیا کرے گا۔ پریس اتنا بڑا نہیں ہے کہ وہاں اخبارات وغیرہ چھپتے ہوں۔ صرف دن میں کام ہوتا ہے۔"

"کیا تمہیں اس کا پتہ معلوم ہے؟"

"میں وہاں کبھی نہیں گئی۔"

"تو اس کا پتہ کیسے معلوم کیا جائے؟" میں نے

"پتہ تو گھر میں ضرور موجود ہو گا لیکن مشکل یہ گا کون؟"

میں سوچنے لگی۔ کیا سلویا مجھے عمارت میں ویسے سلویا کا یہ خیال غلط بھی نہیں تھا کہ گھر میں پریس کا کسی نہ میں وزیٹنگ کارڈ پڑے ہوئے مل سکتے تھا کہ رفیق جو اخبار کے پریس میں چھپ رہا ہے گا، حیدر میں نے ارد گرد کا عمیق نظروں سے جائزہ لیا۔ اتنی گنجان نہیں تھی جتنی غریبوں کی آبادیوں میں ہوتی ہے۔ ہوا تھا۔ کبھی کبھی کہیں دور سے کسی کتے کے بھونکنے کی جاتی تھی۔

آخر میں نے عمارت میں داخل ہونے کا فیصلہ کر تو تھا کہ اس عمارت میں میرے لئے جال بچھا ہوا ہو گا۔ میرے شکوک غلط ہوں۔

"میں اندر داخل ہونا چاہتی ہوں سلویا!" میں

"مگر کیسے؟"

"جیسے کوئی چور۔"

"لیکن..."

"مجھے سرقیت پر رفیق چوہان کے پریس کا پتہ" خشوس لہجے میں کہا اور پھر سلویا کے احتجاج کی پروا پھاٹک شروع کر دیا۔

پھاٹک زیادہ اونچا نہیں تھا اور غالباً کسی کر کے لئے نہیں بلکہ چاروں طرف کی خوبصورتی کے لئے طرف اتر کر میں نے اس کی کنڈی کھول دی تاکہ سلویا

کو آلۂ کار بنا کر مجھے پھانسنے کی کوشش کی ہوتی تو اب تک معاملہ کھل کر سامنے آچکا ہوتا۔ چونکہ کچھ نہیں ہوا تھا اس لئے میں یہ سوچنے پر مجبور ہو گئی کہ میں بھی تو انسان ہی ہوں، میری بھی واشت بھی دھوکہ کھا سکتی ہے۔ میں نے واقعی سلویا کو اپنے ہوٹل کا پتہ بتا دیا ہو گا اور وہ جیون سے خوفزدہ ہو کر میری طرف دوڑی چلی آئی ہو گی۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جیون جیسے لوگوں کی خاموشی، ہزار دھمکیوں سے زیادہ خوفناک ہوتی ہے۔

رات آدھی سے زیادہ گزر چکی تھی لیکن میرے پاؤں کا چکر ابھی ختم نہیں ہوا تھا اور نہ ہی اس کے جلد خاتمے کی توقع تھی۔

رفیق چوہان کے پریس تک پہنچنے میں دس منٹ لگے۔ وہ ایک گلی میں تھا اس لئے میں نے کار سڑک ہی پر چھوڑ دی تھی۔

پریس ڈھونڈنے میں مجھے کوئی دشواری نہیں ہوئی تھی۔ پریس کا دروازہ بند تھا لیکن عقبی حصے کے ایک روشندان سے اندرونی روشنی باہر آرہی تھی اور مشین چلنے کا شور بھی سنائی دے رہا تھا۔

دو اور دو چار کرنے کے سے انداز میں، میں نے سمجھ لیا کہ پریس میں اس وقت رسالہ جاتی کی تصویریں چھپ رہی تھیں۔

میں نے سوچا کہ یہاں پہنچ کر میرا کام ختم ہو چکا ہے۔ اب یہاں سے رؤف کا کام شروع ہو گا۔ وہی سرچ وارنٹ حاصل کر کے پریس پر چھاپہ مار سکتا ہے۔

میں تیزی سے اپنے ہوٹل کی طرف روانہ ہو گئی۔ وہاں سے میں رؤف کو فون کرنے کے بعد سیدھی الذمہ ہو جاتی۔ سلویا بدستور میرے ساتھ تھی۔ کیونکہ مجھے ابھی اس کے بارے میں کچھ سوچنے کا موقع ہی نہیں ملا تھا۔

ہوٹل میں کمانڈر حق میرے کمرے میں بیٹھا جاگ رہا تھا۔ میں نے اسے رخصت کیا اور ٹیلیفون پر رؤف سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کرنے لگی۔ میری عدم موجودگی میں کوئی پیغام موصول نہیں ہوا تھا۔ ورنہ کمانڈر حق خود ہی بتا دیتا۔

میں ڈر رہی تھی کہ فون پر رؤف سے رابطہ قائم نہیں ہو سکا تو کیا ہو گا؟ لیکن میرا یہ خوف جلد ہی اطمینان میں بدل گیا۔ جب میں نے دوسری طرف سے رؤف کی آواز سنی۔

"ہیلو! رؤف اسپیکنگ۔"

"میں بانو بول رہی ہوں۔"

"خیریت؟"

"آپ نے اب تک کیا پروگریس کی ہے؟"

"میں چھوٹے چھوٹے پریسوں کے بارے میں معلومات جمع کر چکا ہوں۔ اب ٹیلیفون اٹھا کر اپنے آدمیوں کو ان پریسوں کی نگرانی کے بارے میں ہدایت دینے ہی والا تھا۔"

"اس کی ضرورت نہیں رہی۔ میں نے اس پریس کا پتہ بھلا لیا ہے جہاں اس وقت وہ تصویریں چھپ رہی ہیں۔"

"واقعی؟" رؤف شاید اپنی جگہ پر اچھل پڑا ہو گا۔

میں نے اُسے مختصر الفاظ میں پریس تک رسائی کی کہانی سنا دی اور پھر کہا۔ "اب یہ آپ کا کام ہے کہ سرچ وارنٹ حاصل کر کے اس پریس پر چھاپہ ماریں لیکن یہ کام بڑی عجلت میں ہونا چاہئے۔ کہیں ایسا نہ ہو کر بعد میں صرف لکیر پیٹنا پڑے۔"

"آپ اب اطمینان سے سو جائیں۔ انشاء اللہ کل صبح ملاقات ہوگی۔" رفیق چوہان کے پریس کا پتہ چلنے کے بعد مجھے اطمینان تو واقعی ہو گیا تھا لہٰذا میں ٹیلیفون بند کر کے انگڑائی لیتی ہوئی بستر کی طرف بڑھی۔ سلویا تو کمرے میں آتے ہی بستر پر ڈھیر ہو گئی تھی اور اس کی آنکھوں سے خمار جھانک رہا تھا۔

"میرے لئے آپ نے کیا سوچا ہے بانو!" وہ پُرتشویش لہجے میں بولی۔

"آج کی رات تو تم یہیں گزارو۔ کل دیکھا جائے گا۔ مگر ہاں! .... تمہارا ساری رات غائب رہنا تمہاری ممی کے لئے تو گھبراہٹ کا سبب نہیں بنے گا؟"

"نہیں، ممی اس کی عادی ہیں۔ ہفتے میں دو ایک مرتبہ تو میری راتیں دوسروں ہی کے گھروں پر بسر ہوتی ہیں۔"

"بس تو پھر سو جاؤ۔"

میں نے اپنی ساڑھی اتار کر ایک کرسی پر پھینک دی اور صرف بلاؤز اور پیٹی کوٹ پہنے ہوئے بستر پر لیٹ گئی۔

میں نے اپنی دانست میں رانا امجد کو بدنامی سے بچا لیا تھا۔ اس لئے بے حد پُرسکون تھی۔ جلد ہی میں نیند کے سائے سلویا کی آنکھوں میں ڈوبتی چلی گئی۔ میرا خیال تھا کہ میں دیر تک سوتی رہوں گی۔ مجھے بڑی گہری نیند آئی۔ سلویا نے مجھے مکمل آسودگی بخشی تھی اس لئے میں نے کوئی رنگین خواب بھی نہیں دیکھا۔

صبح مجھے ٹیلیفون کی گھنٹی نے اس وقت جگایا جب دیوار گیر کلاک سات بجنے کا اعلان کر رہا تھا۔ میں نے بوجھل دماغ کے ساتھ ریسیور اٹھایا اور محسوس کیا کہ گھنٹی نے سلویا کی نیند میں بھی خلل ڈالا تھا لیکن اس نے کسمسا کر دوسری طرف کروٹ لے لی تھی۔

مجھے فون کرنے والا رؤف تھا۔ اس نے کہا۔ "میں معذرت چاہتا ہوں بانو کہ میں نے آپ کی نیند پوری نہیں ہونے دی لیکن کام کی نوعیت ایسی ہے کہ میں آپ سے جلد از جلد ملنا چاہتا ہوں۔ مجھے آپ کے ہوٹل پہنچنے میں بس آدھا گھنٹہ لگے گا۔"

"آخر بات کیا ہے؟"

"یہ میں وہیں آ کر بتاؤں گا۔"

اس سے پہلے کہ میں پھر کوئی سوال داغ دیتی، رؤف نے سلسلہ منقطع کر دیا اور میں ریسیور کو اس طرح گھورنے لگی جیسے مائوتھ پیس میں سے کسی بچھو کے نکلنے کا اندیشہ ہو۔ رؤف کے پُرتشویش لہجے نے میری نیند بالکل اڑا دی تھی۔ چند لمحے بعد میں نے ریسیور رکھا اور بستر سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ میں اپنی ساڑی اٹھا کر باتھ روم میں گھس گئی لیکن پھر کچھ خیال آیا تو میں نے باتھ روم کا دروازہ کھلا رکھ کر اسے کی روم سروس کو ناشتے کی ہدایت دے دی۔

آدھا گھنٹہ میری تیاری کے لئے کافی تھا۔ جب میں پہنچا تو ناشتہ بھی کمرے میں آ چکا تھا۔ میں نشست لے کر سبھی تھی تاکہ اندرونی کمرے میں سوتی ہوئی سلویا ہماری جاگ نہ جائے۔

رؤف کے بال منتشر سے تھے اور آنکھیں سُرخ۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ مسلسل جاگتا رہا ہو۔

"صورتِ حال بڑی گمبھیر ہو گئی ہے بانو!" اس نے مجھ سے کہا۔

"کیا پریس پر چھاپہ ناکام ہو گیا؟" میں نے جلدی سے غلط فہمی ہم اُسے ناکامی ہی کہیں گے کہ وہاں سے مارنا نہیں برآمد ہو سکیں۔"

"تو پھر ٹشین پر کیا چھپ رہا تھا؟"

"کسی تجارتی ادارے کا ایک ہینڈ بل۔"

میں رؤف کی صورت تکتی رہ گئی۔ اس اطلاع نے رکھ دیا تھا۔

"ہمیں بڑی گہری چوٹ ہوئی ہے بانو!" رؤف میں تبدیلی بھرتے ہوئے کہا۔ "دشمن کو اندازہ ہو گیا تھا کہ ہم طباعت روکنے کے لئے پریسوں پر نظر رکھیں گے لہٰذا اس چلی کر ہماری توجہ پریسوں سے ہٹ کر رفیق چوہان کے پریس اور وہ اپنی اس چال میں کامیاب بھی ہو گیا۔ اسی دوران میں اور پریس میں چھپوائی جا چکی ہیں۔"

"اس کا مطلب ہے کہ میرا شبہہ درست ہی تھا۔"

"کون سا شبہہ؟"

"یہی کہ سلویا ہمارے دشمنوں کی ساتھی ہے۔"

"یہ بھی ممکن ہے کہ وہ نادانستگی میں ان لوگوں کی ہو۔" رؤف نے خیال ظاہر کیا۔ "ہیجسن نے سلویا سے دفعی اسی لئے پوچھا ہوگا کہ یہ بات آپ تک پہنچ جائے۔ اب پروگرام یہ ہے کہ شام کی ایک فلائٹ سے جیون وہ تصویر روانہ ہو جائے۔ کراچی میں ان لوگوں نے کچھ ایسا بندوبست وہ تصویریں ایک ہی وقت میں ہزاروں لوگوں تک پہنچ

"آپ کو یہ ساری باتیں کیسے معلوم ہو گئیں؟" میں

"میں نے ڈیکٹر کی نگرانی کے علاوہ یہ بندوبست بھی کے کمرے میں ہونے والی گفتگو کو ٹیپ کیا جا سکے۔ اس کی وہاں دو تین مائک چھپا دیے گئے تھے۔ اس کمرے میں تمام باتیں ریکارڈ ہو چکی ہیں اور آج صبح میں نے جو آدمی ہے اس سے مجھے یہ ساری باتیں معلوم ہوئی ہیں۔"

کی رپورٹ دینا رہا ہے۔ دراصل اس وقت میں رانا امجد زیادہ اسی معاملے سے متوحش ہوں۔"

"کس معاملے سے؟"

"قاتلانہ حملہ کرنے والے نوجوان طارق نے تو ہمیں جتنی پریس بتایا ہی تھا لیکن اب وکٹر کے معاملے نے اُسے قطعی وکٹر اسی نمبر پر رپورٹ دیتا رہا ہے۔ ویسے یہ رپورٹ رہا میں ہوتی تھی، کم سے کم ہوٹل کا پریشان باتوں سے لیں تو کر سکتا تھا۔"

سب کچھ اب ایک ڈرامہ سا ہے۔" میں بڑبڑائی اختر کو دوسری طرف سے جواب بھی ملا تھا یا اس نے بس منقطع کر دیا تھا۔"

جواب ملا تھا بلکہ پریس اٹاچی نے اپنا نام بھی بتایا تھا۔ اب اور رؤف بھی دیکھ لیجئے۔ رانا امجد کو دیا جانے والا پستول نکلا اور اس کے نمبر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ پہلی ہمارے پاس سفارت خانوں کے عملے کے مجملہ رکھا جاتا ہے جس سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے۔ میں آ گئی۔ یہ معاملہ تو واقعی بہت گمبھیر تھا۔

نے اپنا پائپ جلا کر دو تین گہرے کش لئے اور پھر بولا۔ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے۔"

مجھے ابتدائی مرحلے ہی میں ایک سلائس کھا چکی تھی اور اب میں چائے پی سکتا تھا۔ میں نے دو پیالیوں میں چائے بنا دی۔

اس نے پیالی لیتے ہوئے کہا اور پھر بولا۔ "اب بہت اس معاملے کو گھریلو سطح تک کھنگالا جائے لیکن سرکاری تک کی جائے گی! اس کا علم چینی سفارت خانے کو ضرور ہو گی حکومت اپنے سفارت خانے کے ایک سرکردہ ممبر کی تفصیلات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھے گی اس لئے "ملاقات کارڈ" غیر سرکاری سطح پر کھولا جائے۔ آپ ان میں نا؟"

"جی ہاں کہ اس معاملے کی چھان بین میں صرف میں کروں؟"

"اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں۔"

"کیا میں پوچھ سکتی ہوں گی کہ اس سلسلے میں کیا کر سکتی ہوں۔ آپ نے اس سلسلے میں کیا سوچا ہے؟"

"ابھی تک تو میں نے کچھ نہیں سوچا۔ شام کو رپورٹ پر جیون طے ہو جائے گی اور اس کی گرفتاری کے لئے ان تصویروں کی ضرورت ہوگی۔"

"اگر آپ کامیاب نہیں ہو سکیں گے؟"

"یہ معاملہ وہ نہیں معلوم ہوتا جو دکھائی دے رہا ہے۔"

"میں اب بھی نہیں سمجھا۔"

"میرا ذہن خود بھی اتنا الجھا ہوا ہے کہ ابھی میں کوئی سلجھی ہوئی بات کہنے سے قاصر ہوں۔ مجھے سوچنے کے لئے وقت چاہئے۔ ممکن ہے کہ شام تک میں کچھ واضح گفتگو کرنے کے قابل ہو جاؤں۔ اب آپ کہاں جائیں گے؟"

"میرے لئے اب چند گھنٹے کی نیند ضروری ہے۔ میرا دماغ پھوڑے کی طرح دُکھ رہا ہے۔"

"تو پھر اب آپ جائیے! باتوں میں وقت گزارنے سے کیا حاصل! میں سوچوں گی کہ میں ان حالات میں کیا کر سکتی ہوں۔"

ان باتوں کے دوران میں رؤف نے چائے کی آدھی پیالی ختم کر لی تھی۔ اُسے ختم کرنے کے لئے وہ بڑے بڑے گھونٹ لے کر وہ اٹھ گیا۔

میں ابھی الجھی ہوئی تھی کہ اُسے رخصت کرنے کے لئے دروازے تک بھی نہیں گئی۔ میں نے سگریٹ سلگائی کیونکہ اس وقت مجھے اس کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔

جب سے ان معاملات میں چینی سفارت خانہ ملوث ہوا تھا، مجھے وہ سب کچھ ایک ڈرامہ معلوم ہونے لگا تھا لیکن ابھی تک اس کی نوعیت پوری طرح سمجھ میں نہیں آئی تھی۔ پاک چین تعلقات میں اس قسم کی مڈبھیڑ سے بہت بھیانک نتائج مرتب ہو سکتے تھے۔

میں نے تنہائی پر سے اچانک اٹھا لیا۔ رؤف کی وجہ سے مجھے کچھ پڑھنے کا موقع نہیں مل سکا تھا اب میں نے سرخیوں پر نظر ڈالی اور اس کے بعد خاص خاص خبروں کو غور سے پڑھ ڈالا۔

ان خبروں کے مطابق ملک کے حالات کسی بھی لمحے نازک ہو سکتے تھے۔ کشمیر میں شروع ہونے والی جنگِ آزادی پاکستان کو بھی گویا بالواسطہ دھمکی سے لرزہ اٹھنے پر مجبور کر سکتی تھی۔ کشمیر میں آزادی کے متوالے ہر قدم پر کامیابی سے ہمکنار ہو رہے تھے۔ فوجی کیمپوں پر کشمیری جیالوں کے حملے تباہ کن ثابت ہو رہے تھے اور بھارتی فوج کو زبردست نقصان اٹھانا پڑ رہا تھا۔ پاکستان میں عوام الناس کی رائے یہ تھی کہ پاکستان کو ان مظلوم کشمیریوں کی مدد کرنا چاہئے اور اُدھر بھارتی وزراء نے یہ الزام تراشی شروع کر دی تھی کہ کشمیر میں پاکستانی فوجی لڑ رہے ہیں۔

وزیر خارجہ ڈھاکہ سے واپس آ چکے تھے اور انہوں نے آتے ہی صاف صاف بیان دے دیا تھا کہ کشمیر میں ہونے والی گفتگو کو ٹیپ کیا جا سکے۔ اس کی وہاں دو تین مائک چھپا دیے گئے تھے۔ اس کمرے میں تمام باتیں ریکارڈ ہو چکی ہیں اور آج صبح میں نے جو آدمی ہے اس سے مجھے یہ ساری باتیں معلوم ہوئی ہیں۔"

میں نے اخبار ایک طرف ڈال دیا اور رانا حمید کے بارے میں سوچنے لگی۔ وہ ایک سچا محب وطن ہے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کے لئے اچھے جذبات ہیں۔ صدر مملکت کو قتل کروانے کے لئے اس کا انتخاب کر کے امریکی سی آئی اے نے ذرا بھی عقلمندی کا ثبوت نہیں دیا تھا۔ میں نے اس پر جتنا غور کیا اتنا ہی مجھے صدر کو قتل کرانے کے سلسلے میں امریکی سی آئی اے کی اسکیم پھسپھسی اور کمزور نظر آئی۔ اس مشہور ادارے سے جس کا ڈنکا ساری دنیا میں بج رہا تھا میں ایسی بے جان منصوبہ بندی کی توقع نہیں کر سکتی تھی۔ سمجھ یہ ماتے میں بھی ناکام تھا کہ امریکی سی آئی اے کے مفاد کا ایجنٹ اور اس کے لئے کام کرنے والے ادارے کمزور یا ناکارہ ہیں۔ ڈاکٹر فونگ نے تو یہ ثابت کر دیا تھا کہ وہ بڑے دور رس ذہن کا مالک ہے۔ اس کا نائب ڈکٹر بھی کچھ کم چالاک نظر نہیں آتا تھا۔ یہ اس کی صلاحیت ہی تھی کہ وہ جہاں جاتا تھا وہاں کے بدمعاشوں اور تخریب پسند عناصر کو متحد کر کے اپنے مقاصد کے لئے استعمال کر ماشروع کر دیتا تھا۔

تو پھر آخر ان لوگوں کی طرف سے ایسی پھسپھسی اسکیم کیوں؟

اس سوال پر غور کرتے ہوئے میرے ذہن نے کچھ مخصوص خطوط پر کام کرنا شروع کر دیا اور پھر بہت جلد میرے دل نے یہ فیصلہ صادر کر دیا کہ میں بالکل درست سوچ رہی ہوں۔

سلویا کے بارے میں بھی مجھے یقین ہو چکا تھا کہ وہ نادانستگی میں وکٹری ایجنٹ نہیں بنی تھی بلکہ سچ مچ اس کی ایجنٹ تھی۔ اس نے ڈکٹر ہی کی ہدایات کے مطابق مجھے بے وقوف بنایا تھا۔

لیکن فی الحال میں سلویا کو یہ باور نہیں کرانا چاہتی تھی کہ میں اس کی حقیقت سے واقف ہو گئی ہوں۔ یہ امکان میرے پیش نظر تھا کہ میں کسی وقت اسی کے ذریعے دشمن پر کوئی کاری وار کر سکتی ہوں۔ مگر اس سلسلے میں ابھی تو میرے ذہن میں کوئی خاص اسکیم نہیں تھی لیکن کسی وقت بھی مجھے کوئی نکتہ سوجھ سکتا تھا۔

میں اٹھ کر اندرونی کمرے میں گئی۔ سلویا گہری نیند میں دکھائی دے رہی تھی۔ میں نے تسخرانہ مسکراہٹ کے ساتھ اس کے چہرے کی طرف دیکھا اور پھر لکھنے کی میز کی طرف بڑھتی چلی گئی۔ میز کی دراز سے خطوط لکھنے کا پیڈ نکالا اور قلم کھول کر اس پر لکھنے لگی۔

سلویا ڈارلنگ! ڈیئرسٹ پیارا!

مجھے ایک اشد ضروری کام سے جانا پڑ رہا ہے۔ تمہیں جگانا میں نے اس لئے مناسب نہیں سمجھا کہ شاید گہری نیند سے اٹھنے کے باعث تمہاری طبیعت خراب ہو جائے۔ میری عدم موجودگی سے گھبراؤ مت! اور جب تک میں نہ آ جاؤں ہیں گز کرنا۔ ہسپتال سے ایک دن کی چھٹی کر لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر ضروری سمجھو تو ہسپتال کو فون کر کے اپنی غیر حاضری کی اطلاع دے دینا۔ کھانے اور ناشتے وغیرہ کے لئے تم ہوٹل کی روم سروس سے رابطہ قائم کر سکتی ہو۔

میں جلد از جلد واپس آنے کی کوشش کروں گی۔

تمہاری

صبیہ بالو

یہ خط لکھ کر میں نے سلویا کے سرہانے رکھا اور جب نکل آئی۔ ایک منٹ بعد ہی میں گائڈ رحمٰن کے کمرے پر تھا۔ فوراً ہی دروازہ کھولا گیا اور گائڈ رحمٰن مجھے دیکھ کر چونک گیا۔

"اوہ آپ!... تشریف لائیے!" وہ ایک طرف ہٹتا ہوا بولا۔

"نہیں، میں جا رہی ہوں۔ تمہیں ایک کام بتانے تم نے رات جس لڑکی کو میرے ساتھ دیکھا تھا وہ اس ہوٹل میں سو رہی ہے۔ اگر وہ باہر نکلے تو اس کی نقل و حرکت پر نظر رکھنا ہے۔"

"بہتر بہتر۔"

"بس میں یہی ہدایت کرنے آئی تھی۔" میں نے کہا آگے بڑھتی چلی گئی۔

میرا پروگرام یہ تھا کہ چینی پریس اتاچی سے ملاقات میں اسے ٹٹولنے کی کوشش کروں گی۔ مجھے اس کا تو یقین پریس اتاچی دشمنوں میں سے ایک ہرگز نہیں ہے۔ میں نہ چاہتی تھی کہ وکٹر اس کے ٹیلیفون نمبر کو کیوں کر استعمال کر میں اپنی کرائے کی گاڑی میں بیٹھ کر پریس اتاچی گئی۔ اس وقت بس یونہی مجھے رانا حمید کا خیال آ گیا۔ نہ جانے میں اور کہاں ہو گا۔ میں رؤف سے اس کے بارے میں وہ بدستور سیکورٹی والوں کی حراست میں ہے یا اسے کسی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔ اس کی فوری رہائی تو ممکن نہ میں سوچتی ہوئی کار ڈرائیو کرتی رہی اور جب وہ جہاں مجھے پریس اتاچی سے ملاقات کرنا تھی تو میرے خیالات ایک مرکز پر جمع ہونے لگے۔ مجھے یہ طے کرنا کس قسم کی گفتگو کی جائے۔ ابھی تک میرے ذہن میں نہیں تھا۔

دفعتاً میری نظر سامنے سے آتی ہوئی ایک کار گئی۔ اس کار میں دو چینی تھے۔ ان میں سے ایک تو یقیناً دوسرے کے چہرے میں بھی مجھے شناسائی کی جھلک میرا پیر بے ارادی طور پر ایکسلریٹر سے ہٹ کر بریک فونگ کی کار زن سے نکل گئی۔ میں نے بڑی تیزی سے ٹو ہوتے ہوتے پکا۔ میرے پیچھے آنے والی ٹیکسی نے اگر ہوتے تو میری گاڑی کے اس تھپڑ سے ٹکرا جاتی۔ یقیناً اس کا ڈرائیور مجھے بے تحاشہ گالیاں بکنے لگا ہو گا ڈاکٹر فونگ کے علاوہ کسی بات کی فکر نہیں تھی۔

ڈاکٹر فونگ مجھے یوں برسرعام پہلی مرتبہ نظر آ شبہ سا ہو رہا تھا کہ اس کی کار اسی عمارت کے سامنے

پارکنگ سے ملا تھا۔

اس کی رفتار میں بہت تیزی سے اضافہ کرتی چلی گئی گئی نہیں پہنچ سکی۔ پانچ سات منٹ بعد مجھے یقین اتنا تو ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر فونگ کی کار اس سڑک جانے کس طرف مڑ گئی تھی اور میں نے اسے نہ پائی۔

میں نے ہلکا سا سانس لی اور ایکسلریٹر پر میرے گیا۔ اب اس کے سوا کوئی صورت نہیں ہو سکتی تھی کہ متوقع ہو جاؤں جس کے لئے اپنے ہوٹل سے

کار کو تلاش کر سکتی تو بھی اس کے سوا کچھ نہیں تعاقب کرتی رہوں اور اس کے ٹھکانے کا پتہ لگا لیں کہ اس پر ہاتھ ڈال سکتی اور اگر یہ اختیار اتنا تو ممکن نہیں تھا۔ ابھی تک اس عیار شخص کے ہو سکا تھا۔

پھر گاڑی کا رخ موڑا لیکن اس مرتبہ ٹریفک ایسی تھی۔ یہ سوچ کر میرے ہونٹوں پر سلاد، ٹیکسی ڈرائیور اب بھی دل ہی دل میں گا رہا تھا۔ میں لعنت بھیجتا ہوا تھا کہ وہ غصے اور جھلاہٹ آ

پریس اتاچی کی رہائش گاہ کے احاطے میں رہے تھے۔ اندیشہ تھا کہ وہ اپنے دفتر یعنی جب میں نے ایک ملازم کو اتاچی آ کا مقصد ہو گیا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ پریس اتاچی ابھی

آ گیا۔ پریس اتاچی تیس چالیس سال شخص تھا اور بڑے مناسب الفاظ میں اس کا بھیجا۔

کر فون بھی کیا تھا۔ میں اس کے چہرے

اس نے پوچھا۔

اس ایک بجے کے بعد، بلکہ ساڑھے گیارہ ملاقات کرنا۔ میرے بہت سے کرم فرما میری ساڑھے بارہ بجے۔ میں ساڑھے گیارہ بجے اپنی اپنی نوابگاہ میں فون نہیں رکھتا۔ جس کمرے ہوں کی ڈیوٹی اسی لئے رہتی ہے کہ اگر اور اگر مجھے جگانے۔ باقی لوگوں سے وہ یہ کہہ کر معذرت کر لیتا ہے کہ وہ صبح ٹیلیفون کریں۔"

"پھر تو کوئی آپ کے اس ٹیلیفون کو غلط طور پر بھی استعمال کر سکتا ہے۔" میں ہچکچائے بغیر اس کے چہرے کے تاثرات کا جائزہ لے رہی تھی۔

"نہیں۔" پریس اتاچی نے ہنس کر کہا۔ "وہاں ڈیوٹی دینے والا ایک قابل اعتماد شخص ہے۔" پھر وہ یکلخت سنجیدہ ہو گیا۔ "آخر آپ یہ سب کچھ کیوں معلوم کر رہی ہیں۔ آپ نے ابھی تک اپنی آمد کا مقصد بھی نہیں بتایا۔"

"میں اسی طرف آ رہی ہوں محترم!" میں نے مسکرا کر کہا۔ "اگر آپ ایک گلاس پانی پلوا دیں تو ممنون ہوں گی۔"

پریس اتاچی نے ملازم کو بلا کر پانی لانے کا کہا۔

ادھر مجھے اب بالکل یقین ہو چکا تھا کہ پریس اتاچی قطعی بے قصور ہے۔ میں نے اس کے چہرے پر اپنے فقروں کا کوئی منفی ردعمل نہیں دیکھا تھا۔ اس سے یہ بات ثابت ہوتی تھی کہ اس کے ٹیلیفون کو اس کی نادانستگی میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس کا "قابل اعتماد" آدمی یقیناً ڈاکٹر فونگ کے ہاتھوں بک چکا تھا۔

"دراصل۔" میں نے آہستہ سے کہا۔ "کوئی شخص مجھے بلیک میل کر رہا ہے۔"

"اوہ!" پریس اتاچی کے چہرے پر سنجیدگی کا دباؤ بڑھ گیا۔ لیکن اس معاملے میں آپ نے مجھ سے ملنا کیوں ضروری سمجھا؟"

"میں بلیک میلر کی شخصیت سے ناواقف ہوں۔ اس نے اپنے خط میں لکھا تھا کہ اگر مجھے اس کا مطالبہ منظور ہو تو میں اس سے ٹیلیفون پر رابطہ قائم کروں۔ اس نے جو ٹیلیفون نمبر دیا تھا، میں نے اس کے بارے میں چھان بین کی تو پتہ چلا کہ وہ نمبر۔۔۔"

"ناممکن۔" پریس اتاچی پرجوش انداز میں اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔ مجھے اپنا جملہ پورا کرنے کی ضرورت نہیں پیش آئی تھی کیونکہ اس نے سمجھ لیا تھا کہ میں کیا کہنا چاہتی ہوں۔

اتنے میں ملازم پانی لے آیا اور اس کی موجودگی میں خاموشی رہی۔ میں نے پانی پی کر گلاس واپس کیا تو وہ کمرے سے رخصت ہو گیا۔ اس کے جاتے ہی پریس اتاچی نے پرجوش انداز میں بولنا شروع کر دیا۔

"آپ کو سوچ سمجھ کر کوئی بات منہ سے نکالنا چاہئے تھی خاتون! میں ایک غیر ملکی سفارت خانے کا ایک ذمے دار شخص ہوں۔ آپ کو اندازہ ہونا چاہئے کہ آپ مجھ پر یہ الزام لگا کر اپنے لئے مشکلات کھڑی کر لیں گی۔"

"آپ میری نیت پر شبہ نہ کیجئے!" میں آہستہ سے بولی۔ "خدانخواستہ میں آپ کو بلیک میلر نہیں سمجھ رہی ہوں اگر مجھے یہ خیال ہوتا تو میں اس طرح سیدھی آپ کے پاس نہ آتی۔ مجھے صرف یہ شبہ ہے کہ کوئی شخص آپ کی پوزیشن خراب کرنا چاہتا ہے۔ کیا آپ یقین کریں گے کہ کل رات میں نے آپ کے ٹیلیفون پر بلیک میلر سے گفتگو بھی کی تھی!"

"کیا؟" پریس اتاچی مسہری پر بیٹھ کر میری صورت تکنے لگا۔

"جی ہاں۔" میں نے بڑے سکون سے کہا۔ "اگر آپ اپنے جذبات پر

قابو رکھیں تو ہم اس معاملے کی چھان پھٹک کر کے ساری حقیقت معلوم کر سکتے ہیں۔"

"میں کسی قیمت پر بھی وانگ لی پر شبہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔" پریس اٹاچی نے سخت لہجے میں کہا۔

وانگ لی غالباً اس شخص کا نام تھا جس کی ڈیوٹی رات کے وقت ٹیلیفون والے کمرے میں رہتی تھی۔

میں نے محسوس کیا کہ پریس اٹاچی کا مزاج برہم ہو چکا ہے۔ اس لئے وہ مجھ سے تعاون کرنے پر ہرگز آمادہ نہیں ہوگا۔ اب میرے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں رہا تھا کہ ترپ کا آخری پتہ بھی استعمال کر دیا جائے۔

"آپ کوئی بہت ہی عیار خاتون معلوم ہوتی ہیں۔" پریس اٹاچی نے مجھے گھورتے ہوئے کہا۔ "اس لئے مناسب یہی ہوگا کہ میں پولیس سے رابطہ قائم کروں۔"

"ایسا کر کے آپ اپنے لئے مشکلات کھڑی کر لیں گے۔" میں نے بڑے اطمینان سے کہا۔ "کیونکہ آپ کا پستول بھی آپ کے پاس نہیں ہے۔"

"کیا مطلب ہوا اس جملے کا؟" وہ مجھے تیکھی نظروں سے دیکھنے لگا۔

"بلیک میلر کسی شخص کو میرے ہاتھوں قتل کروانا چاہتا ہے۔ قتل کرنے کے لئے اس نے مجھے ایک پستول بھیجا ہے اور وہ پستول جینی ساخت کا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ آپ ہی کا ہوگا۔"

پریس اٹاچی غصے میں ایک جھٹکے سے کھڑا ہو گیا۔

"میں ایک بار پھر کہوں گی کہ اپنے جذبات پر قابو رکھنے کی کوشش کیجئے۔ میرے خلاف کوئی سخت قدم اٹھانے سے قبل آپ کو دیکھ لینا چاہئے کہ آپ کا پستول اپنی جگہ پر ہے یا نہیں!"

میرا اطمینان اور اعتماد دیکھ کر پریس اٹاچی کے چہرے پر تذبذب کے آثار پیدا ہو گئے۔ وہ کچھ سوچتا رہا اور پھر غراتا ہوا بولا۔ "اچھی بات ہے۔ میں اپنا پستول چیک کئے لیتا ہوں لیکن اس کے بعد میرا پہلا ہی قدم بہت سخت ہوگا۔"

"میں اس پر معترض بھی نہیں ہوں گی۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

پریس اٹاچی خاصا محتاط شخص تھا۔ اس نے مجھے ڈرائنگ روم میں تنہا نہیں چھوڑا۔ ملازم کو آواز دے کر اس نے کسی کو بلوایا اور پھر کمرے والے سے بولا۔ "میں ابھی پانچ منٹ میں آتا ہوں۔ تم یہیں رکو۔ یہ بھی یہیں رکیں گی۔" آخری جملہ کہتے ہوئے اس نے اپنے لہجے میں خاصا زور پیدا کیا تھا۔

نوارد نے معنی خیز نظروں سے میری طرف دیکھا اور مستعدی سے کھڑا ہو گیا۔ پریس اٹاچی تیزی سے چلتا ہوا اندرونی دروازے میں غائب ہو گیا اور میں اطمینان سے بیٹھی رہی۔ مجھے ذرا بھی تشویش نہیں تھی۔ اس کی بجائے یقین تھا کہ پریس اٹاچی واپس آئے گا تو صورت حال قطعی بدل چکی ہوگی۔

پریس اٹاچی کی واپسی میں دیر نہیں لگی اور جب وہ کمرے میں داخل ہوا تو اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔

"تم جاؤ۔" وہ مضطربانہ انداز میں اپنے میز نگر مقرر کر گیا تھا۔

وہ آدمی چپ چاپ رخصت ہو گیا۔

"وہ پستول کہاں ہے نیکدل خاتون!" بڑھتے ہوئے بے چینی سے پوچھا۔

"وہ میں نے فوراً ہی پارسل بنا کر ایک دوست کے پتے پر روانہ کر دیا تھا اور ٹیلیفون بھی کر دیا تھا کہ اس کے پتے پر میرا ایک پارسل آنے والا ہے۔ میں کسی وقت آ کر لے لوں گی۔ یہ مجھے خطرناک چیز کی میرے پاس موجود گی مجھے پسند تھی۔ میرا یہ ارادہ تو ہرگز نہیں کہ بلیک میلر کو کسی کو قتل کر دوں گی۔"

"وہ پستول مجھے جلد از جلد واپس مل جانا چاہئے۔" اس کی پیشانی پر پسینے کے قطرے نظر آنے لگے۔

"جیسے ہی وہ پارسل میرے دوست کے پاس آئے گا میں آپ کو دے دوں گی لیکن کیا اب آپ بیان کے لئے تیار نہیں ہیں؟"

پریس اٹاچی میرے سامنے دانے دار رومال جیب سے نکال کر اپنا چہرہ صاف کرنے لگا۔ چائے کی ٹرالی دھکیلتا ہوا کمرے میں لایا۔

"اس وقت تو میرا دماغ گھوم گیا تھا۔" آواز میں کہا۔

ملازم چائے کی ٹرالی چھوڑ کر واپس اپنے قریب کرتی اور کہا۔ "میں آپ کو چائے آپ کی طبیعت سنبھل جائے گی۔ زیادہ گھبرا میں ایک بار پھر شاید میری بات کہوں گی کہ ایک کوشش کیجئے۔ ہم بڑے سکون سے اس معاملہ اور حقیقت کا سراغ لگا لیں گے۔"

"میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ وانگ گا۔" پریس اٹاچی نے بھرائی ہوئی آواز میں بے تصور ثابت ہو۔ میں نے لبوں ہی ہلا اس کا امکان تو نظر نہیں آتا تھا۔

پریس اٹاچی نے میری دی ہوئی چائے قبولی کی اور دوسری پیالی میں نے اٹھالی۔

"کیا وانگ لی یہاں موجود ہے؟ میں نے پوچھا۔

"جی ہاں وہ ہوگا۔"

میں اس سے کچھ سوالات کروں گی۔ کیا آپ

اس عقدے کو حل کرنا چاہتا ہوں۔"

حل ہونے میں دیر نہیں لگے گی۔"

ں کو بلوایا۔ یہ ایک جوان العمر آدمی تھا۔

ں گی۔" پریس اٹاچی نے اس سے تحکمانہ

جواب دینا ہیں۔"

لہجے میں کہا اور میری طرف دیکھنے

اس کمرے میں رہتی ہے جہاں ٹیلیفون

ں سنبھال سے کی۔

لے جواب دیا۔

ہیں گزری ہیں؟"

سے کہیں نہیں گئے؟"

ہاں تم ہی پر عائد ہوئی!"

ہم سے انداز میں کہا۔ "میں آپکے مطلب

کہ غلط ہاتھوں کے استعمال میں ہے اور

ہاتھ تمہارے ہیں یا کسی اور کے۔"

ں نہیں وہ سکی کروانگ لی کی رنگت

اس کے حلق میں اٹکنے لگی۔

ں نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

اور اگر وہ غلط ہاتھ تمہارے نہیں ہیں

ہوتی ہے۔"

ل ہی چھپا پڑ گیا۔

پریس اٹاچی گرجا۔ "رات کو ٹیلیفون کون

وہ ہا پریس اٹاچی کے قدموں میں جا

لہجے میں کیا بک رہا تھا۔ میں اس کا

ں کچھ گڑبڑ سا لیکن پھر اچانک میں

ں تبدیلی محسوس کی۔ وہ

گا تھا۔ چہرے کے عضلات کچھ

ں تفکر کی دھندلی دھندلی سی

پرچھائیاں ناچنے لگی تھیں۔ پھر میں نے اس کی پیشانی پر سلوٹیں بھی ابھرتے دیکھیں۔

"بات خاصی حد تک کھل گئی ہے۔" اس نے انگریزی میں مجھ سے کہا۔

"یہ کیا بتا رہا ہے؟" میں نے بے چینی سے پوچھا۔

پریس اٹاچی نے مجھے جواب دینے کی بجائے چینی زبان میں وانگ لی سے کچھ کہا اور وانگ لی اس کے قدموں سے اٹھ کر چند قدم پیچھے ہو گیا۔ اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ پریس اٹاچی پھر میری طرف متوجہ ہوا۔

"اس معاملے میں میرے دو مہمانوں کا ہاتھ معلوم ہوتا ہے۔" وہ بولا۔

"مہمان؟... کیا وہ آپ کے ہم وطن ہیں؟"

"ہاں۔" پریس اٹاچی نے سر ہلا کر کہا۔ "ان میں سے ایک تو کسی حادثے میں اپنی ٹانگ ضائع کر چکا ہے۔"

میرے جسم میں سنسناہٹ پھیل گئی کیونکہ یہ اشارہ واضح طور پر ڈاکٹر فونگ کی طرف تھا۔

پریس اٹاچی کہتا رہا۔ "وہ دونوں ایران میں مقیم ہمارے سفیر کے دو مقتوں میں سے ہیں اور ان کا سفارشی خط لے کر آئے ہوئے ہیں۔"

یکلخت مجھے یاد آ گیا کہ ابھی میں نے کار میں ڈاکٹر فونگ کے ساتھ جس چینی کو دیکھا تھا اس کی شکل مجھے جانی پہچانی سی کیوں معلوم ہوئی تھی۔ دراصل اس سے میری مڈبھیڑ تہران ایئرپورٹ پر اس روز ہوئی تھی جب کیپٹن آفاق نے فرخ کے طیارے میں ہم کو کھوایا تھا۔

"خوب!" میں نے پریس اٹاچی سے کہا۔ "کیا آپ کو یقین ہے کہ وہ خط آپ کے ایرانی سفیر ہی نے لکھا تھا؟ کیا آپ ان کی تحریر یا دستخط پہچانتے ہیں؟"

"ان کے دستخط تو میں نے کئی فائلوں پر دیکھے ہیں لیکن میں نے انہیں ملانے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ ویسے میں نے اس دوران میں دو مرتبہ ایران میں چینی سفارت خانے سے ٹیلیفون پر رابطہ قائم کرنا چاہا تھا لیکن دونوں مرتبہ لائن کٹ گئی تھی۔"

"خیر اس سلسلے میں تو بعد میں بھی گفتگو کی جا سکتی ہے لیکن پہلے یہ بتائیے کہ آپ کو اپنے ان مہمانوں پر شبہ کیوں ہو رہا ہے؟ وانگ لی نے کیا بتایا ہے؟"

"اس کا کہنا ہے کہ پرسوں رات کو لن چان سلتا ہوا اس کے کمرے میں آ گیا تھا۔ میرا مطلب ہے! اس کمرے میں جہاں ٹیلیفون ہے۔ لن چان نے وانگ لی کو ایک سگریٹ آفر کی تھی اور ادھر ادھر کی دو چار باتیں کر کے چلا گیا تھا لیکن وانگ لی کو وہ سگریٹ پینے کے بعد نیند آ گئی تھی۔ صبح اٹھنے پر اسے خود پر غصہ آیا تھا کہ سو گیا۔ اس بات کا اسے ذرا بھی شبہ نہیں ہوا تھا کہ وہ نیند اس سگریٹ کی وجہ سے تھی۔ یہ شبہ تو اسے آج صبح ہوا تھا کیونکہ لن چان نے کل رات بھی اسے سگریٹ پلائی تھی اور وہ سو گیا تھا۔ آج صبح اسے انجن لاحق ہو گئی لیکن وہ مجھے یہ واقعہ بتاتے ہوئے اس لئے ہچکچا رہا تھا کہ کسی ثبوت کے بغیر وہ معزز مہمانوں پر الزام تراشی مناسب

بھی ہوگی یا نہیں۔"

"اب آپ کے دو مہمان کہاں ہیں؟"

"آپ کی آمد سے کوئی بیس منٹ قبل گئے ہیں۔ انہیں کچھ شاپنگ کرنا ہے۔ وہ پہر تک واپس آنے کو کہا ہے۔ وہ کل تک میرے مہمان رہیں گے۔"

"آپ کی میزبانی ختم ہو چکی ہے محترم!.... اب وہ واپس نہیں آئیں گے۔"

"لیکن انہیں کیا معلوم کہ ان کا راز فاش ہو چکا ہے۔ انہیں واپس تو آنا چاہئے۔"

میں نے اس نکتے پر بحث کرنا فضول سمجھا اور بولا۔ "تو آپ کے خیال میں آپ کا پستول بھی انہوں ہی نے چرایا ہوگا؟"

"ان حالات میں اس کے سوا کیا سوچا جا سکتا ہے!"

"گویا اب یہ بات طے پا گئی کہ آپ کو کسی معاملے میں پھنسانے کی کوشش کی جا رہی تھی۔ آپ کے پراسرار مہمان نہیں چاہتے تھے کہ آپ ایران میں چینی سفارت خانے سے رابطہ قائم کریں کے اس سفارتی خلیے کے بارے میں پوچھیں اس لئے تہران کے آپریٹر کو بھی ان لوگوں نے اپنے ساتھ ملا لیا ہوگا۔ رابطہ قائم ہونے کے بعد آپ جیسے ہی اپنا نام بتاتے ہوں گے، آپریٹر لائن کو ڈس کنکٹ کر دیتا ہوگا۔"

"ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔" پولیس اٹاچی بڑبڑایا۔ "میرے نام بتاتے ہی لائن کٹ گئی تھی۔"

"ذرا آپ اس وقت پھر ایران سے رابطہ قائم کریں۔ دیکھئے لائن ملتی ہے یا نہیں؛ ویسے مجھے یقین ہے کہ لائن مل جائے گی۔ آپریٹر کو اطلاع دے دی گئی ہوگی کہ اب کسی گڑبڑ کی ضرورت نہیں۔"

"میں دیکھتا ہوں۔" پریس اٹاچی اٹھ کھڑا ہوا۔ وہ بہت پریشان اور گھبرایا ہوا نظر آ رہا تھا۔

"کیا میں بھی آپ کے ساتھ آؤں؟"

"آیئے آیئے!"

وائنگ لی سے کچھ نہیں کہا گیا تھا اس لئے وہ وہیں کھڑا رہا۔

میں پریس اٹاچی کے ساتھ اس کمرے میں پہنچا جہاں ٹیلیفون تھا۔ اس نے ریسیور اٹھا کر نمبر ڈائل کئے اور آپریٹر سے لائن مانگی۔ لائن ملنے میں زیادہ دیر بھی نہیں لگی اور سفارت خانے سے رابطہ قائم ہونے کے بعد ڈس کنکشن کی بھی نوبت نہیں آئی۔ پریس اٹاچی چینی زبان بولنے لگا۔ گفتگو صرف دو منٹ جاری رہی اور جب اس نے ریسیور رکھا تو اس کا ہاتھ کپکپا رہا تھا۔

"سفیر نے میرے نام کوئی خط نہیں لکھا تھا۔" وہ بیٹھی ہوئی آواز میں بولا۔

میں مسکرا کر رہ گیا کیونکہ مجھے اسی بات کی توقع تھی۔

"لیکن۔" پریس اٹاچی نے الجھے ہوئے انداز میں کہا۔ "ان لوگوں کو سفارت خانے کا ایڈریس کیسے مل گیا؟"

"جن لوگوں کی سازش کا جال پاکستان ان کے لئے کسی سفارت خانے کا ایڈریس معلوم کرنا"

"آخر یہ سب کیا ہے؟" پریس اٹاچی ابھی اپنے بال نوچنا شروع کرے گا۔

"میں کیا کہہ سکتا ہوں محترم آخر کار جا رہا ہے۔ کیا آپ اس سلسلے میں پولیس"

"ہرگز نہیں۔" پریس اٹاچی نے جلدی میں اپنے سفیر کو ان حالات سے آگاہ کر دوں کیا کرنا چاہئے۔ نیکدل خاتون! کیا میں آپ سلسلے میں ابھی پولیس کو کچھ نہیں بتائیں گی؟"

"مجھے نہیں معلوم کہ حالات کیا رخ اختیار حالات میں کیا کرنا پڑے گا۔"

"میں آپ پر کوئی دباؤ تو نہیں ڈالوں ضرور کروں گا کہ آپ کوئی قدم اٹھانے سے اگر مناسب سمجھیں تو مجھے اپنا پتہ بھی دے جا میں نے اسے ہوٹل کا پتہ بتا دیا۔ مجھے چھوڑنے کے لئے باہر تک آیا۔

"سنئے خاتون!" وہ اچانک بولا۔ "کیا کہ آپ جلد ہی میرا پستول مجھے واپس پہنچا

"یہ میرا وعدہ ہے۔"

"بہت بہت شکریہ۔" اس نے ہا

میں اپنی کار میں بیٹھ کر وہاں سے ایک بہت بڑا جھوٹ چھپا چکا تھا۔ یہ بات پاکستانی شخص چین کی دوستی پر شبہ کرنے محض اس لئے کی تھی کہ پاکستانی حکومت میں سیدھی اپنے ہوٹل پہنچی۔ کہا نظر آ گیا۔ سلویا پر نظر رکھنے کے لئے اس اگر سلویا ہوٹل سے نکلتی تو اس کا تعا میں کی نہ درج کر اپنے پیچھے آنے بڑھ گئی۔ جب میں نصف زینے طے آ گیا۔

"وہ دس بجے ہوٹل سے نکلی تھی کے ایک میڈیکل اسٹور سے اس نے ٹر تھی۔"

"ٹھیک ہے۔ اب تم آرام کرو۔" میں نے اپنے کمرے کے سامنے سلویا نے بہت جلد دروازہ کھول دیا۔ کہ آپ آ گئیں۔ میرا دل بہت گھبرانے لگا

اندر داخل ہوتی ہوئی بولی۔

دروازہ بند کرتے ہوئے جواب دیا۔ میں سیدھے

اس کر اسے بستر کی طرف لئے چلی گئی۔

کیا سوچا ہے باتو!" وہ پریشان سے لہجے

لیکن فی الحال میں تمہیں کچھ نہیں بتا سکتی۔ میرا سر کی نیند پوری نہیں ہو سکی ہے اس لئے میں دو اب جب اٹھوں گی تو تمہیں بتاؤں گی۔ فی الحال تم

میرے سے کہہ کر چپ ہو گئی۔

نیند پوری نہ ہونے کی وجہ سے میرا سر بھاری ہو بھوک بھی ہٹ چکا تھا اس لئے مجھے نیند آنے میں

رات کچھ تھے اور میں بھوک محسوس کر رہی تھی سلویا نے کہا ہوا تھا اور وہ چھت کو گھورتی ہوئی کسی میں نے اس کی طرف سر گھمایا تو وہ بھی میری

سو بھی رہی ہوگی!" میں نے اس سے پوچھا۔

فون کا ریسیور اٹھایا اور روم سروس کو کھانے میں نے ریسیور رکھا ہی تھا کہ گھنٹی بجنے لگی میں

بول رہا ہوں۔"

جانتا تھا کہ آپ ہوٹل ہی میں ہیں یا کہیں گئی میں آپ کے پاس پہنچ رہا ہوں۔"

یہ کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

"کون تھا؟" نے پوچھا۔

کیا خلافت کرے گا۔"

کل میں تمہیں تفصیل سے سب کچھ بتا دوں گی۔"

طے کر لیا تھا کہ سلویا کو روف کے حوالے کر کے اس کی ذمہ داری ختم ہو جائے گی۔ نکتہ میرے ذہن میں نہیں آیا تھا کہ میں کو یہ بھی بتانا چاہئے کہ اس کا احساس بھی نہ ہوتا۔

فارغ ہو چکے تھے جب روف ہوٹل پہنچا۔

آپ آفیسر ہیں۔" میں نے سلویا کو بتایا۔ "یہ تمہیں

اسی وقت جیل بھیج دیں گے۔ وہاں تم بالکل محفوظ رہو گی۔"

"لگ... کیا مطلب!" سلویا کے چہرے کی رنگت بدل گئی۔

"اداکاری بند کرو ورنہ مار مار کر چمڑی ادھیڑ دوں گی۔" میں غراتی ہوئی بولی۔ "میں خوبصورت لڑکیوں کو پسند تو کرتی ہوں لیکن ایسی لڑکیوں پر مجھے بالکل رحم نہیں آتا جو میرے وطن کی جڑیں کھوکھلی کر رہی ہوں۔"

سلویا کا منہ کھلا اور پھر بند ہو گیا۔ وہ اتنی دہشت زدہ ہو گئی تھی کہ کچھ بول بھی نہیں سکی۔

روف استعجابیہ نظروں سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔ آخر وہ بولے بغیر نہ رہ سکا۔ "یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں باتو!"

"یہ ولکر کی ایجنٹ ہے۔"

"لیکن نادانستگی میں....."

"ایسا نہیں ہے روف صاحب!" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "مجھے حیرت ہے کہ آپ جیسا زیرک آفیسر اس نکتے پر غور نہیں کر سکا۔"

"کس نکتہ پر؟"

"جیون اس کے گھر کیوں گیا تھا؟"

"رفیق چوہان کا پتہ معلوم کرنے۔"

"اور پتہ معلوم کرنے کا مقصد یہی تھا کہ ہماری توجہ کو دوسرے پرسیوں سے ہٹا لیا جائے۔"

"ظاہر ہے۔"

"لیکن جیون کیسے جانتا تھا کہ سلویا یہ بات مجھ تک پہنچا دے گی۔ اسے میرے اور سلویا کے تعلقات کا علم کیسے ہوا تھا؟"

روف چند لمحے تو میری صورت تکتا رہا، جیسے میری دلیل کو سمجھنے کی کوشش کر رہا ہو اور پھر وہ بھیچے ہوئے انداز میں اپنی گدی سہلانے لگا۔

"واقعی، میرا خیال تو اس طرف گیا ہی نہیں تھا۔ میں اس خیال سے مطمئن ہو گیا تھا کہ آپ دونوں کے تعلق کا علم جیون کو سلویا کی ماں سے ہوا تھا جبکہ یہ بعد کی بات ہے۔ بنیادی سوال یہی ہے کہ جیون سلویا کے گھر گیا ہی کیوں؟"

"اس سے یہ ثابت ہوا کہ ولکر جیسے چالاک آدمی بھی بعض اوقات چوک ہی جاتے ہیں۔" میں نے کہا۔

اچانک سلویا تیورا کر فرش پر گر پڑی۔ وہ خوف سے بے ہوش ہو گئی تھی۔ میں نے حقارت سے اس کی طرف دیکھا اور پھر روف سے بولی۔ "اس کا بندوبست کیجئے!"

روف سر ہلاتا ہوا کھڑا ہو گیا۔ اس نے فون کر کے اپنے محکمے کے تین آدمیوں کو بلوایا جو سلویا کو وہاں سے اٹھا لے گئے۔

"اب ہم اطمینان سے ڈنر کر سکتے ہیں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "شاید آپ کو سن کر خوشی ہو کہ میں چینی پریس اٹاچی سے مل کر سارا عقدہ حل کر چکی ہوں۔"

"ارے ایک؟" رؤف نے حیرت سے کہا۔

میں نے تفصیل سے ساری باتیں بیان کر ڈالیں۔ رؤف بڑی توجہ سے سنتا رہا۔ بیچ میں کبھی کبھی وہ کوئی سوال بھی کر بیٹھتا تھا۔ جب میں خاموش ہوئی تو رؤف کا چہرہ مسرت سے سرخ ہو رہا تھا۔

"آپ نے تو کمال کر دیا۔" وہ بولا۔ "اس معاملے کی تفتیش کا اس سے بہتر انداز کوئی نہیں ہو سکتا تھا۔ مجھے صدر محترم کے انتخاب کی داد دینا پڑتی ہے۔ انہوں نے آپ کی صلاحیتوں کو خوب پہچانا۔"

"لیکن اب آپ یہ سوچئے کہ چینی سفیر کو جب ان باتوں کا علم ہوا ہوگا۔ تو اس نے کیا قدم اٹھایا ہوگا؟"

"مجھے اب چلنا چاہئے۔" رؤف کھڑا ہوتا ہوا بولا۔ "چینی سفیر نے یقیناً ہمارے محکمے سے رابطہ قائم کر لیا ہوگا۔ آپ نے پریس اتاچی کو اپنا پتہ بتا کر غلطی کی۔ اب اگر میں نے جا کر اس معاملے کو سنبھال نہ لیا تو میرے محکمے والے آپ کی طرف دوڑ پڑیں گے۔"

"تو مجھ جلدی جانے دیں۔ میں ان الجھنوں میں پھنس گئی تو رانا حمید کے معاملے کو نہ دیکھ سکوں گی۔"

رؤف بڑی عجلت میں رخصت ہو گیا اور اس کے جاتے ہی میں بھی ہوٹل سے نکل بھاگی۔ دراصل مجھے ڈر یہ تھا کہ اگر رؤف کے پہنچنے سے پہلے ہی انٹیلی جینس کے افسران میری طرف دوڑ پڑے تو میں ان کے چکر میں آ کر کوفت میں مبتلا ہو جاؤں گی۔

لیکن یہ مجھے ایک مسئلہ تھا کہ جاؤں کہاں؟ کچھ دیر تک بوٹنی آوارہ گردی کرنے کے بعد میں ایک ریسٹورنٹ پر جا رکی۔ کھانے کے بعد میں نے چائے نہیں پی تھی لہٰذا اس ریسٹورنٹ میں چائے بھی پی اور بیٹھے بیٹھے خاصا وقت بھی گزار دیا۔ فی الحال میرے پاس کرنے کے لئے کوئی کام بھی نہیں تھا۔ اگر میں لیڈی فلاوق کو چیک کرنے کا ارادہ رکھتی تھی لیکن فی الحال میرا ذہن شام کی اس فلائٹ کی طرف لگا ہوا تھا جس سے جیون کراچی جا رہا تھا۔ رؤف نے اس کے سامان کی تلاشی کے انتظامات کر لئے تھے لیکن یہ توقع بالکل نہیں کی جا سکتی تھی کہ اس سے کوئی فائدہ ہوگا۔ یہ بات تو اب ثابت ہو چکی تھی کہ دشمن ہماری تمام سرگرمیوں سے واقف تھا اگر تکلف برطرف کر دیا جائے تو یہ بھی کہا جا سکتا تھا کہ ہم اب تک دشمن کی انگلیوں کے اشارے پر ناچتے رہے تھے۔

ڈکبر جانتا تھا کہ سلویا مجھے اس کے ہوٹل کا پتہ بتا چکی ہے۔ لہٰذا اسے نہ صرف یہ کہ اپنی نگرانی کا احساس ہوگا بلکہ وہ اس بات سے بھی واقف ہو گیا تھا کہ اس کے کمرے میں مائکروفون لگا دیئے گئے ہیں اور وہاں ہونے والی ہر گفتگو ریکارڈ کی جا رہی ہے۔ اسی لئے اس نے چینی پریس اتاچی کے فون پر ڈاکٹر ڈنگ کو رپورٹ دی تھی اور اس طرح چینی پریس اتاچی کو شک و شبہات کی زد میں کھڑا کر دیا تھا۔

اب اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا؟ یہ ایک قابلِ غور سوال تھا۔

میں بادلِ نخواستہ گھومتی ہوئی چھ بجے کے قریب اپنے ہوٹل واپس پہنچی۔ ریسپشنسٹ نے مجھے روک کر رؤف کا ایک پیغام دیا۔ یہ پیغام ٹیلیفون پر دیا گیا تھا۔ پیغام کے مطابق رؤف نے صورتِ حال میں اپنے کمرے میں پہنچ کر بستر پر دھیرے سے کچھ تھک گئی تھی۔ آنکھیں بند کیں تو غنودگی طاری ہو گئی۔ میں عموماً اتنا نہیں سوتی ہوں لیکن ان دنوں حالات ہی ایسے تھے کہ مجھے آرام کرنے کا بہت کم موقع ملا تھا

جب میری آنکھ کھلی تو کمرے میں اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔ دروازے پر دستک سنائی دی۔ غالباً یہ دستک پہلی آنکھ کھلی تھی۔ میں نے جلدی سے کمرے کے بیرونی دروازے تک پہنچی۔

"کون ہے؟" میں نے پوچھا۔

"رؤف۔" جواب ملا۔

میں نے دروازہ کھول دیا۔ رؤف اندر آ گیا۔ اندر آتے ہی وہ ایک صوفے پر ڈھیر ہو گیا اور میں اس کے قریب پہنچی۔ بیٹھتے ہوئے میں نے اپنی رسٹ واچ پر کراچی جانے والی فلائٹ کا وقت گزرتے ہوئے دیکھا۔ اس سے میں نے اندازہ لگایا کہ رؤف ایئرپورٹ سے اور میری توقع کے مطابق اس کے چہرے پر ناکامی کی

"کیا جیون کراچی نہیں گیا؟" میں نے پوچھا

"گیا تو ہے۔" رؤف نے ایک طویل سانس

"اوہو!" میں تعجب ہوا۔

"اور اس کے پاس سامان کی قسم سے صرف رؤف نے بتایا۔ بریف کیس کی تلاشی میں کوئی کمی بے سود۔"

"میں نے تو پہلے ہی کہا تھا۔ جب یہ بات طے ڈرامہ ہمیں بے وقوف بنانے کے لئے کھیلا جا رہا تھا کہ جیون کو مع تصویروں کے بھیجا جانا اور اس کی گرد کی جاتی۔"

"پھر آخر وہ کراچی گیا ہی کیوں ہے؟"

"ممکن ہے کہ تصویریں کسی اور ذریعے سے کراچی جیون وہاں جا کر ان کے پھیلاؤ کا بندوبست کرے۔"

"لیکن دشمن کو یہ احساس تو ہوگا کہ ہم جیون)

"ہو سکتا ہے کہ دشمن ہمیں بے بسی کا اتنا ہو کہ ہم جھلاہٹ میں مبتلا ہو جائیں۔"

رؤف چند لمحے میری آنکھوں میں دیکھتا رہا، سر ہلا کر رہ گیا۔

"رانا حمید کا کیا رہا؟" میں نے پوچھا۔

"اب وہ میرے ہی محکمے کی تحویل میں ہے۔ نظر بند کر دیا گیا ہے۔ اس کی حفاظت کے لئے اس

ہی اتاچی کا خیال آیا اور میں نے اس کے بارے "اف نے اس کے جواب میں کہا۔" چینی سفیر نے ہم کر دیا تھا چنانچہ میں نے کوشش کر کے فوراً میں لے لیا تاکہ آپ روشنی میں نہ آنے پائیں۔"

ایک بہت بڑا فائدہ ہوا ہے۔"

طرفنگ کے خلاف کوئی ایسا نکتہ نہیں تھا کہ اسے ہم اس پر ہاتھ ڈال سکتے ہیں۔ چینی پریس اتاچی ہی ہو اس معاملے میں اسے اس بری طرح جکڑا ہے۔"

ا ہے۔"

نے مجھے بہت زیادہ الجھن میں مبتلا کر دیا تھا۔ ہو گئی ہے۔"

ی جو پلاننگ کی گئی تھی وہ نہایت بچکانہ اس کی توقع نہیں کی جا سکتی تھی لیکن اب یہ ثابت مرحلہ کرنے کا پروگرام سر سے تھا ہی نہیں۔ کہ پاکستانی حکومت کو چین سے بدظن کرنا

ہی ناممکن نہیں ہو سکے۔"

میں التوا کرنا چاہئے کہ اصل حقیقت کا اندازہ

"اوہ!"

کو کچھ یاد آ گیا۔" اسی فلائٹ سے وہ لڑکی بھی نے اغوا کروایا تھا۔"

ہ کہ کر۔

اپنی ملاقات یاد آ گئی۔ اس نے مجھے بتایا س کو کراچی بھیجنا چاہتا ہے تاکہ ماحول کی تبدیلی

میں نے رؤف سے پوچھا۔

کس کے ساتھ ہے شبانہ؟" رؤف نے

ہے۔"

ہے ہم میں سناٹا پھیلتا چلا گیا۔

ہوائی ہے؟" میں نے تیزی سے پوچھا۔

فصلہ نہیں معلوم ہوتا لیکن آپ اس سلسلے میں

ہی فاروقی بھی سی آئی اے سے ملی ہوئی ہے

کچھ نہیں بتایا؟"

"نہیں تو۔"

"حیرت ہے۔ میرا خیال تو یہ تھا کہ تقریب میں لیڈی فاروقی کھل کر رانا حمید کے سامنے آ گئی تھی۔"

"آپ کا خیال غلط ہے ورنہ رانا حمید اس کے بارے میں بتا دیتا۔"

"بہتر ہوگا کہ آپ ایک کام کا بندوبست کر دیں۔"

"کس کام کا؟"

"کراچی ایئرپورٹ پر شبانہ کے سامان کی تلاشی لی جائے۔"

"یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں!" وہ حیرت سے بولا۔

"میرے اس شبہے کی درستگی کا امکان صرف ایک فیصد ہے لیکن یہ اصول تو آپ ہی لوگوں کا ہے کہ کسی بھی امکان کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے۔"

رؤف چند لمحے تو میری صورت دیکھتا رہا اور پھر اچانک کھڑا ہوتا ہوا بولا۔" اگر یہ بندوبست کرنا ہے تو مجھے فوراً جانا چاہئے۔ وہ فلائٹ ایک گھنٹہ بعد کراچی پہنچے گی۔"

"آپ فوراً جا کر بندوبست کریں۔"

رؤف چلا گیا اور میں بیٹھی ہوئی سوچتی رہی کہ اگر میرا شبہ درست نکلا تو مجھے بہت دکھ ہوگا۔ میں نہیں چاہتی تھی کہ شبانہ اپنی ماں سے علیحدہ کر دوست میں اس کی ساتھی ہو۔

حالات کا دھارا اب کسی حد تک کراچی کی طرف بہہ نکلا تھا۔ اس لئے میں نے فیصلہ کیا کہ مجھے بھی کراچی پہنچ جانا چاہئے۔ میں بذریعہ خارجہ سے بھی ملاقات کرنے کے لئے بے چین تھی اور وہ اس وقت کراچی ہی میں تھے۔

اچانک مجھے کچھ خیال آیا اور میں نے ٹیلیفون کا رسیور اٹھا کر آپریٹر سے کراچی کی لائن مانگی۔ میں نے اسے رضوان کے دفتر کا نمبر دیا تھا کیونکہ اس وقت وہ اپنے گھر پر تو نہیں ملتا۔ امکان یہ بھی تھا کہ وہ دفتر میں بھی نہ ہو لیکن دیکھ لینے میں کوئی حرج بھی نہیں تھا۔

لائن مل گئی اور دوسری طرف سے خود رضوان نے ہی رسیور اٹھایا۔

"میں بانو بول رہی ہوں۔" میں نے مانوس لہجے میں کہا۔

"واقعی؟" رضوان چہکا۔" اللہ اللہ! جانے تو کان ترس گئے تھے اس آواز کو سننے کے لئے!"

"خیر سے سنو! میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے۔"

"لیکن میرے پاس بہت وقت ہے۔ آپ مدت بھر بولتی رہئے۔"

"میں کل صبح کی فلائٹ سے کراچی پہنچوں گی لیکن اس وقت ایک فلائٹ پنڈی سے کراچی پہنچ رہی ہے۔ اس میں جیون نام کا ایک مسافر بھی ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ تم اس پر نظر رکھو۔"

"آپ پر نظر رکھی تھی تو کیا پھل ملا؟"

"میں نے پھلوں کی دکان نہیں لگا رکھی ہے!" میں جھلا گئی۔

"آپ کی دکان پر تو بڑے ترو تازہ پھل ہیں خاتون!" رضوان نے شرارت آمیز لہجے میں کہا۔" انمول، ان چھوئے پھل۔"

میں نے رسیور کریڈل پر پٹخ دیا اور ایک وقفے کے بعد مسکرانے

تھی۔ رضوان کی بے وقت واپسی پر غصہ تو آتا تھا لیکن اس کے جملوں کی تراش خراش سوچ کر ہنسی بھی آنے لگتی تھی۔

گفتگو تسلی بخش نہیں ہو سکی تھی تاہم مجھے یقین تھا کہ رضوان اس وقت ایئرپورٹ کی طرف دوڑ لگانے کی تیاری کر رہا ہوگا۔ وہ میری کسی بھی بات کو نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔

ایک منٹ بعد میں نے پھر ریسیور اٹھایا اور پی۔آئی۔اے سے رابطہ قائم کرنے لگی۔ میں معلوم کرنا چاہتی تھی کہ کل صبح کراچی کے لئے کوئی فلائٹ ہے یا نہیں؟ جواب اثبات میں ملا تو میں نے فوراً کمانڈر حق کو اپنے کمرے میں بلایا اور اس سے کہا کہ صبح کی فلائٹ میں دو سیٹیں بک کرا آئے۔ دراصل میں کمانڈر حق کو بھی اپنے ساتھ ہی واپس لے جانا چاہتی تھی۔ راولپنڈی میں اس کے تن تنہا رہنے کے لئے کوئی جواز نہیں تھا۔

کمانڈر کے جانے کے بعد میں نے باتھ روم کا رُخ کیا اور اپنا حلیہ درست کرنے کے بعد کمرے سے نکل آئی۔ میں رات کا کھانا ڈائننگ ہال میں کھانا چاہتی تھی۔

میں نے نہ صرف کھانا کھایا بلکہ کافی بھی پی اور اس کے بعد سگریٹ سلگالی۔ ان دنوں میں کچھ زیادہ ہی سگریٹ پینے لگی تھی۔

کچھ وقت گزارنے کے بعد میں پھر اپنے کمرے میں آگئی۔ آدھے گھنٹے بعد کمانڈر حق نے مجھے ٹیلیفون پر بتایا کہ وہ بکنگ کرا لایا ہے۔ اسی نے مجھے فلائٹ کا وقت بتایا اور میں اس خیال سے مطمئن ہو گئی کہ صبح مجھے عجلت میں ایئرپورٹ نہیں جانا پڑے گا۔ تیاری کے لئے خاصا وقت تھا ویسے مجھے کوئی خاص تیاری بھی نہیں کرنا تھی۔

میں تین دن میں دو مرتبہ سو چکی تھی اس لئے اب میری آنکھوں میں نیند کا شائبہ بھی نہیں تھا۔ میری ذہنی رَو کبھی ایک اور کبھی دوسرے مسئلے کی طرف بھٹک رہی تھی۔ فی الحال بنیادی مسئلہ رانا حمید کی تصویروں کا تھا۔ اب تک پنڈی میں تو انہیں پھیلنے نہ دینے کی کوشش کی نہیں گئی تھی۔ اس لئے امکان یہی تھا کہ شاید یہ کام وہ لوگ کراچی ہی میں کرنا چاہتے ہیں۔

گیارہ بجے میں نے رؤف کا فون وصول کیا۔

"کراچی سے رپورٹ موصول ہو چکی ہے۔" اس نے بتایا۔

"کیا رہا؟" میں نے بے تابی سے پوچھا۔

"شبانہ کے سامان میں کوئی بھی قابلِ گرفت چیز نہیں تھی۔"

اس جواب سے مجھے ایک گونہ سکون حاصل ہوا اور پھر میں بولی۔

"خیر اب یہ معاملہ مجھے کراچی ہی جا کر دیکھنا پڑے گا۔"

"آپ کب جا رہی ہیں؟" رؤف نے جلدی سے پوچھا۔

"میں نے کل صبح کی فلائٹ میں سیٹ بک کرائی ہے۔"

"اوہ! اتنی جلدی پروگرام بن گیا؟"

"ہاں! مجھے کچھ ایسا احساس ہونے لگا ہے جیسے میرا کراچی جانا ضروری ہو۔ ویسے میں ٹیلیفون پر آپ سے رابطہ قائم کرتی رہوں گی۔"

دوسری طرف خاموشی رہی۔

"ہیلو!" میں بولی۔

"جی۔" رؤف نے جیسے چونک کر کہا۔ "میں آپ کا کراچی جانا مناسب ہے بھی یا نہیں!.... اچھا کوالورم کہنے کے لئے ایئرپورٹ آؤں گا۔"

"اچھی بات ہے۔ کوئی اور خاص بات؟"

"جی نہیں۔ اچھا، شب بخیر۔"

"شب بخیر۔" میں نے کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

اس رات میں دیر تک جاگتی رہی اس لئے کہ کہیں کل دیر تک نہ سوتی رہوں۔ میں نے فون پر کہا تھا وہ میرا انتظار کرنے کی بجائے مجھے بروقت بیدار کر لگے روز میں طیارے میں بیٹھی ہوئی کراچی تھی اور پنڈی کی بہت سی یادیں اس طرح میرے ذہن میں تھیں جیسے اب مجھے کبھی پنڈی نہ آنا ہو۔

ان یادوں کے ساتھ ہی کراچی کی جگمگاتی ہوئی روشنیاں بھی میرے ذہنی افق پر نمودار ہو رہی تھیں۔ مجھے اُسے حاصل کرنے کی تمنا بھی دم توڑ چکی تھی۔ مجھے اُسے حاصل کرنے کی تمنا شبانہ کی وجہ سے اس کے رنگ کچھ پھیکے پھیکے شبانہ بلاشبہ ایک ایسی لڑکی تھی جو لاکھوں میں ایک بے ساختہ، یگانۂ روزگار تھی۔ میں اس کے خیالوں میں گھنٹوں گم سم جیسے ہواؤں میں گم ہو گیا۔

کراچی ایئرپورٹ پر رضوان میرا منتظر تھا۔

میں نے کمانڈر حق سے کہا کہ وہ ٹیکسی کرے۔ اس کے بعد میں رضوان کے ساتھ ٹہلتی ہوئی ایک طرف آ گئی۔

"کیا رہا؟" میں نے دھیمی آواز میں پوچھا۔

"یہ معاملہ تو بڑا گمبھیر معلوم ہوتا ہے۔"

"گمبھیر نہ ہوتا تو میں تمہاری مدد کیوں لیتی۔ مگر تمہیں ایسا احساس کیونکر ہوا؟"

"کیا رانا حمید کی تصویریں دیکھ کر یہ احساس نہیں ہوا؟"

میں رضوان کے منہ سے رانا حمید کی تصویریں سن کر پڑی۔ "تم نے وہ تصویریں کہاں دیکھیں؟" میں نے پوچھا۔

"دھیرج... دھیرج۔" رضوان نے مسکرا کر کہا۔ "سب کچھ بتا دوں گا۔" رضوان ایک موٹر سائیکل کی طرف بڑھا۔ "ہم یہاں سے ٹیکسی کر سکتے ہیں۔" میں بولی۔

"اگر میری موٹر سائیکل یہاں سے چوری ہو گئی تو آج کل کراچی میں یہ وارداتیں بہت ہو رہی ہیں۔"

"تمہیں ٹیکسی ہی میں آنا چاہئے تھا۔" میں بولی۔

"ٹیکسی ڈرائیوروں کا گٹھ جوڑ مواصلہ دیکھ کر ہی ہے۔" رضوان نے موٹر سائیکل پر بیٹھ کر کک لگائی۔

"آپ کو گرانوں گا نہیں۔"

رضوان کے پیچھے بیٹھنا پڑا۔ اگر مجھے اس سے معلومات درکار نہ ہوتیں۔ موٹر سائیکل پر بیٹھنا مجھے بہت ہی ناگوار گزرتا۔ نہیں تو برا نہیں لگتا۔ لیکن عورت کا موٹر سائیکل پر یوں ہوا میں ٹانگیں لٹکا کر بیٹھنا مجھے بہت ہی برا لگتا تھا۔ لیکن عورت کا موٹر سائیکل نہیں بھری پُری سڑکوں پر موٹر سائیکل پر بیٹھنا مجھے بہت ہی برا لگتا تھا۔ لیکن عورت کا موٹر سائیکل نہیں چلا سکتی۔ میں اس وقت ساڑی باندھے ہوئے تھی اور ساڑی میں چلا بھی نہیں سکتی۔

رضوان نے جو کہانی سنائی وہ کچھ یوں تھی کہ جیون کو اتارتے ہی اپنی جیب سے ایک چھوٹا سا کاغذ نکال کر اُسے تھما دیا تھا۔ اس کی یہ حرکت شاید ہی کسی کی توجہ کا باعث بنی ہو۔ اس نے کاغذ فوراً ہی ایئرپورٹ سے متصل قلندی لیوں ثابت ہوئی تھی کہ جیون کی نگرانی کے تعاقب میں چل پڑا تھا۔

مارگلہ کوارٹرز میں تھی اور وہ ایئرپورٹ سے گھر کے دروازے پر عبدالواحد کے نام کی تختی لگی ہوئی تھی۔ اس آدمی کا نام بھی معلوم ہو گیا۔

کوارٹر مشین گیا تھا اور اس نے ایک "سیلف اسٹارٹر" کی تھی لیکن اُسے بتایا گیا تھا کہ وہ مال کراچی پہنچے گا۔

"وہی "سیلف بلٹی" جیون نے عبدالواحد کو دی تھی۔" رضوان نے گڈ ڈکرک سے ملا اور اُسے کچھ بتایا۔ پھر جب عبدالواحد کا سامان اسٹیشن پہنچ جائے تو مجھے بتا دے۔

وہ میں کامیاب ہو گئی۔ وہ سامان جو کراچی پہنچا، اس میں تھا۔ اس میں تجارتی ہینڈ بل بھرے ہوئے تھے۔ میں صرف اوپر نیچے لگے ہوئے تھے۔ بیچ میں تھیں۔

اس کے بعد رضوان قریب کے ایک گھٹیا سے ہوٹل میں عبدالواحد کا منتظر رہا تھا۔ اس کے ساتھ ہوٹل میں وہ نوٹ کرلیا تھا کہ وہ سیدھا ایئرپورٹ گیا تھا۔ وہاں سے اس نے کہ

ہوئی اب میں کچھ بھی نہیں کر سکتی تھی۔

چند منٹ بعد میرے خیال کی تصدیق ہو گئی۔ ہم کنٹری کلب روڈ سے جمشید روڈ کی طرف مڑ رہے تھے جب میں نے جمیل گردیزی کے طیارے کو واپس لوٹتے ہوئے دیکھا۔ کچھ دور اُس نے ایک غوطہ لگایا اور پمفلٹ کا ایک ڈھیر فضا میں اُچھال دیا۔

"بانو!" رضوان چہکا۔ "ایک اشتہار تو پکڑ ہی لیں۔ کیا چیز ہے! آپ دیکھیں گی تو طبیعت خوش ہو جائے گی۔"

اس شوخی پر میرا خون کھول گیا۔ میں نے ان فقروں کو رضوان کی بذلہ سنجی پر محمول نہیں کیا تھا بلکہ میں یہ سمجھی تھی کہ وہ میری شکست کا مسخر اڑا رہا ہے۔ میں جانتی ہوں کہ عورت کو نیچا دکھانے کی خواہش مرد کی فطرت ہے لیکن مجھے رضوان سے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ کسی نازک وقت میں اس طرح میرے زخموں پر نمک پاشی کرے گا۔

میں نے جواباً کچھ نہیں کہا تھا اور رضوان نے میرے جواب کا انتظار کرنے کی زحمت کئے بغیر موٹر سائیکل کی رفتار کم کر دی تھی۔ ہم جمشید روڈ کے موڑ پر رُکے۔ لہراتے ہوئے پمفلٹ ہمارے چاروں طرف گر رہے تھے۔ رضوان کو موٹر سائیکل سے اترنے کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ ایک ہینڈ بل ہمارے سروں پر لہرایا تو رضوان نے اُچک کر اُسے دبوچ لیا۔ اُس پر ایک نظر ڈالی اور پھر اسے میری طرف بڑھاتے ہوئے بازاری سے انداز میں بولا۔

"دیکھیے! اگر دیکھ کر طبیعت خوش نہ ہو تو ایمان دھرم سے کہہ دینے پر پیسے واپس! بعض حالات میں کینہ حرحرا بھی دے سکتی ہے۔"

"اس وقت تمہاری یہ باتیں مجھے زہر لگ رہی ہیں۔" میں نے دانت پر دانت جما کر کہا اور اس کے ہاتھ سے پمفلٹ بھی نہیں لیا۔

رضوان نے میری تلخ کلامی کا ذرا بھی نوٹس نہیں لیا اور بولا۔ "اچھا میں خود ہی پڑھ کر سُنا تا ہوں۔ اگر آپ کو دلچسپی محسوس ہو تو تصویر بھی دیکھ لیجیے گا۔"

میں پھر اُسے کچھ سخت سست کہتی لیکن اُس نے مجھے مہلت دیے بغیر پڑھنا شروع کر دیا۔ وہ ایک مشہور صابن کا اشتہار تھا۔ اس کی عبارت سُنکر مجھے ایک ذہنی جھٹکے سے دوچار ہونا پڑا کیونکہ سب کچھ میری توقع سے بہت دُور تھا۔ میں تو یہ سوچ رہی تھی کہ ساری عبارت آذاں رانا حمید کے بارے میں ہو گی۔

میں پمفلٹ کی طرف سے اپنے تغافل کو برقرار نہ رکھ سکی اور میں نے رضوان کے شانے کے اُوپر سے پمفلٹ پر نظر ڈالی۔ وہ واقعی صابن کا اشتہار تھا۔ اس پر نظر پڑتے ہی میری رگیں اُچھلنے لگیں۔ کیا یہ ممکن ہے؟ میں نے گویا اپنے آپ سے سوال کیا۔ کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ رانا حمید کی تصویروں کی جگہ اس اشتہار نے لے لی ہو؟

رضوان نے پورا اشتہار پڑھ ڈالا تھا۔ پھر وہ مجھ سے مخاطب ہوا۔ "یہ اُن اشتہاروں میں سے ایک ہے جو رانا حمید کی تصویروں کے بنڈلوں میں اُوپر نیچے لگائے گئے تھے۔ مقصد یہی تھا کہ بادی النظر میں اصل چیز کو نہ دیکھا جا سکے۔ ویسے بنڈلوں کو اس طرح باندھا گیا تھا کہ ڈوری آسانی سے کھولی جا سکتی تھی۔ بنڈل بھی اتنے چھوٹے چھوٹے تھے کہ جہاز سے باہر پھینک سکے۔"

"اوہ!" میرے منہ سے نکلا اور میرا دل اس اشتہار کو دیکھ کر مجھے جو ڈھارس بندھی تھی، وہ کالو رضوان بڑی سنجیدگی سے بولتا رہا۔ "اس سوٹ کیس کو رانا حمید کی تصویروں سے بھرا دیکھ کر میں نے کسی طرح کلرک کو رشوت دے کر اس سوٹ کیس اس آدمی کے حوالے نہ کرے جس کے نام نکلا کر قریب کے ایک پرس تک گیا۔ وہاں میں نے اس کا غذ کٹوائے اور انہیں لیکر پھر اسٹیشن پہنچا۔ کالو ایک ہر طرح تعاون کرنے پر آمادہ ہو گیا تھا لہٰذا اس کی جگہ اخباری کاغذوں کو بوریدی اور اس کے حوالے کر دیا گیا جو بلٹی لیکر آیا تھا۔

میں منہ پھاڑے ہوئے، بیٹھی کی بیٹھی انکشاف کسی دھماکے سے کم نہیں تھا۔

"چنانچہ۔" رضوان کہتا رہا۔ "اس وقت ذہنا کیساتھ وہی اخباری کا غذ اُڑتے ہوئے پھر تو میں نے فوراً ہی ایک محفوظ مقام پر پہنچا دی کو لینے کے لئے ہوائی اڈے کا رُخ کیا تھا۔"

"مائی گاڈ!" میرے منہ سے ایک طویل جاہکہ دونوں ہاتھوں سے رضوان کی بیٹھ پر گھونسے مجھے بے وقوف بنانے کے لئے اتنا لمبا ڈرامہ کھیلا! میں میرا آدھا خون خشک ہو گیا ہو گا۔"

"کیا میں ان اخباری کاغذوں میں سے ایک رضوان نے بڑی معصومیت سے پوچھا۔

یکلخت مجھے اس پر ڈھیروں پیار آ گیا۔ جھکتی چلی گئی۔

"بانو! بانو!" وہ بوکھلا کر بولا۔ "لوگ"

"تم نے اتنی دیر میں میرا سارا خون جلا دیا، سزا ضرور دوں گی۔" میرے لہجے میں پیار بھری

"آپ نے تو خود ہی اپنا خون جلایا ہے۔" اس ناچیز کو کیا سمجھ رکھا ہے؟ آپ حکم کریں اور میں کر سکوں؟ میری صلاحیتیں اتنی بے اعتبار تو نہ

"اگر مجھے تمہاری صلاحیتوں پر اعتبار نہ کرتی۔"

"اگر آپ کو میری صلاحیتوں پر اعتبار نہیں ہو سکتی تھی۔"

"اس کا سبب یہ ہے کہ میرا ذہن بے حد

"...
نوں پر زُلفیں پریشاں کر کے....."
...ہ میں غرّائی اور پھر اسے ٹھوکا دیتی ہوئی بولی۔
...ات بھی پوری طرح نہیں سُنی۔" وہ شاکی لہجے
...ہم کیا کہہ رہے تھے۔"
...رضوان نے ایک طویل سانس لیکر کہا۔ "یہ کبھی ...ہم والا بچہ ہوں۔ اپنے کھلونے کے لئے مدتوں ...ایک روز آپ کو....."
...ٹھوکا دیتے ہوئے پھر غرّائی۔
...گرانجن اسٹارٹ کیا اور موٹر سائیکل کو حرکت

...اپنے گھر سے روف کے نمبر پر کال بک بندرہ ...میں نے روف کو رانا حمید کی تصویروں کی بازیابی

...ایک طویل سانس لی۔ "خدا کا شکر ہے۔"
...ال تھی کہ روف پھر بول پڑا۔ "میں نے بھی یہاں اُس ...ہینڈ بل چھپے تھے۔ رانا صاحب کے فوٹو گرافر ...ہیں۔"
...ا۔" رانا حمید کو میری طرف سے مبارباد ضرور ...د مندی سے نجات مل گئی ہو گی۔"
...نکیں مل جائے گی۔ اب آپ کا کیا پروگرام ہے۔ ...؟"
"میں نے جواب دیا۔ "پنڈی آنے سے پہلے میں ...ا ہوں۔"
...ی مراد وہ لوگ تھے جن کا ذکر صدیہ مملکت نے ...ے دورہ کا قیام کراچی ہی میں تھا۔ روف نے ...ا، اس نے مجھ سے وضاحت نہیں چاہی اور دورہ ...ل کر دیا۔
...ہ ہی گزارا۔ میں سچ مچ اتنی تھکن محسوس کر رہی ...ہم بستر سے نہ اُٹھوں لیکن ظاہر ہے کہ یہ ممکن ...ن حالات کے دائرے سے نہیں نکل سکی تھی۔
...معمول بندوبست نہ ہو جاتا، میں اطمینان کی سانس ...اس وقت کسی زخمی سانپ کی طرح بل کھا رہا ہو گا۔
...ی خبریں لگائی تھیں۔ ایک تو رانا حمید کی تصویروں ...پر قاتلانہ حملے کے معاملے میں۔ ان کے علاوہ سابقہ

چوٹیں بھی تھیں جن میں سے ایک چوٹ کے اثرات دائمی تھے۔ کٹی ہوئی ٹانگ اسے اٹھتے بیٹھتے میری یاد دلاتی رہتی ہو گی۔ حالیہ چوٹوں نے اسے بہت زیادہ مشتعل کر دیا ہو گا اور اب اسے یہ فکر ہو گی کہ جلد از جلد میرا کام تمام کر دے۔

"میں نے اس کار کا نمبر ذہن نشین کر لیا تھا۔"

"اوہ!"

میں نے اسے نمبر بتایا اور پھر بولی۔ "یہ کام جلد از جلد کر ڈالو۔"

"آپ مجھے کہاں ملیں گی؟"

"میں اب گھر ہی جا رہی ہوں۔ میرے زخموں میں تکلیف ہونے لگی ہے۔"

"قدرتی بات ہے۔ اتنی بھاگ دوڑ جو ہو گئی۔ اچھا تو پھر میں یہیں سے ٹیکسی کئے لیتا ہوں۔"

"ٹھیک ہے۔"

رضوان سڑک پر ادھر ادھر نظریں دوڑانے لگا اور پھر میں اسے وہیں چھوڑ کر آگے بڑھ گئی۔ اتنی کار تک پہنچتے پہنچتے میری پنڈلی کا زخم خاصا تکلیف دہ ہو چکا تھا۔

میں کار میں بیٹھ کر سیدھی گھر پہنچی اور خوابگاہ میں جا کر بستر پر ڈھیر ہو گئی۔ اس مختصر سی مہم نے مجھے بہت بری طرح تھکا دیا تھا۔ میں کوئی آدھے گھنٹے تک آنکھیں بند کئے، بستر پر لیٹی رہی تو زخموں کی تکلیف ختم ہوئی۔

موید نصف گھنٹہ بھی میں نے لیٹے لیٹے گزارا تھا کہ میں نے ارادہ کر ہی رہی تھی کہ ٹیلی فون کی گھنٹی بج اٹھی۔ میں نے ریسیور اٹھا لیا۔ "ہیلو!" میں ماؤتھ پیس میں بولی۔

"میں رضوان بول رہا ہوں۔ یہ بتانے کے لئے کہ میں اب شام تک معروف ہوں۔ ہوا یہ کہ بس ایک خیال سے دفتر آ گیا تھا۔ یہاں آ کر ایک کام یاد آ گیا۔ شام تک نجات نہیں مل سکے گی۔"

"اس کام کا کیا رہا؟" میں نے بے صبری سے پوچھا۔

"وہ کار بھی پچھلے ہی ماہ کسی شیر بہادر کے نام رجسٹرڈ ہوئی ہے یہ مجھے بڑی آسانی سے معلوم ہو گیا تھا۔"

"شیر بہادر کا پتہ بھی معلوم کیا؟"

"ہاں لکھ لیجئے۔"

"ایک منٹ!" میں نے کہہ کر سائیڈ ٹیبل کا دراز اس میں سے پیڈ اور پنسل نکالی، پھر ماؤتھ پیس میں بولی۔ "بتاؤ!"

رضوان نے سوسائٹی کا ایک پتہ بتایا جو میں نے لکھ لیا۔

"اور کچھ؟" رضوان بولا۔

"تم نے شیر بہادر کے بارے میں کچھ معلوم کیا؟"

"کیا میں نے آپ کو اتنی دیر بعد فون کیا ہے؟"

"کیا مطلب؟"

"کسی شخص کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں وقت لگتا ہے۔"

"یہ بات تم سیدھی طرح نہیں کہہ سکتے تھے؟"

"اچھا، خدا حافظ۔" رضوان نے جلدی سے کہہ کر ریسیور رکھ دیا۔

میں ریسیور رکھ کر شیر بہادر کے بارے میں سوچنے لگی۔ تو خاصا بارعب تھا۔ شخصیت نہ جانے کیسی ہو۔ دیکھا جائے گا۔ فورنگ کی تنظیم سے اس آدمی کا کیا تعلق ہے اور سونی نے اس کے بارے میں کیا چیز پہنچائی ہے۔

دوپہر کا کھانا کھا کر میں الماس کے گھر جانے ہی والی تھی لیکن یہ سوچ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس کی خالہ کو کیا کہہ کر باہر بلاؤں گی۔ آخر میں نے فیصلہ کیا کہ ایک مرتبہ اسے فون کر لوں۔ میں نے ریسیور اٹھایا اور اتنی احتیاط سے نمبر گھما کہ ڈائلنگ کی آواز الماس کی خالہ نہ سن لے۔

دوسری طرف گھنٹی بجی اور پھر کسی نے ریسیور اٹھا لیا۔ "ہیلو!" بڑی مری ہوئی سی آواز سنائی دی۔

میں چونک پڑی کیونکہ وہ آواز الماس ہی کی تھی۔

مانے حیرت سے کہا۔

ایسا سناٹا چھا گیا جیسے سننے والے کو ذہنی جھٹکے سے

ے گویا پکارا۔

الماس کی آواز کانپ رہی تھی۔

ہی ہوں تم حیرت سے تو نہ ہو؟"

"آپ زندہ ہیں؟"

زندہ ہوں بلکہ اپنے دشمن کو کیفر کردار تک پہنچا

لئے بے چین ہوں۔ تمہاری طبیعت تو

انے یوں معلوم ہو رہا ہے کہ جیسے برسوں کی

ا قید کر کہا ہے۔" وہ روہانسی آواز میں بولی۔

چھ بھی نہیں پھٹکنے دیتیں۔ اس وقت تو اس اتفاق

نے کا موقع مل گیا ہے۔ وہ باتھ روم میں ہیں

ہیں۔" الماس جلدی جلدی بولنے لگی۔ "مجھے

ں کرنی ہیں۔ لیکن میں ٹیلیفون پر زیادہ دیر تک

ع نہ دے سکی آپ سے ملاقات کرنے کی کوشش

ئیے گا نہیں نہیں چاہتی کہ خالہ آپ سے

ں

ں ہی، الماس نے سلسلہ منقطع کر دیا اور میں

گھورتی رہ گئی۔

ا جیسے الماس کا معاملہ خاصا گمبھیر ہو گیا ہو۔

ذہن ہی ہو گئی تھی لیکن اس نے مجھے اپنے

ا موقع نکال کر خود ہی میرے پاس آ جاتی،

ا کہا تھا کہ وہ کیونکر آ سکے گی۔ بہرحال اس نے

ا قید کر رکھا تھا۔

گھر جا اور سوچتی رہی کہ مجھے اب کیا کرنا چاہئے

ا ان تو گھر میں نہیں گزارا جا سکتا تھا اور میں

ا کی عدم موجودگی میں آئے اور مایوس ہو کر

الماس کی خالہ کے گھر ٹیلیفون کیا۔ امکان

سہو اٹھانے کا موقع مل جاتا اور میں اس

الماس آ سکے گی۔"

ا اور ریسیور اٹھا لیا گیا۔

الی دی۔

ر سلسلہ منقطع کر دیا کیونکہ وہ آواز الماس کی

میں نے ریسیو[illegible] نہیں اٹھایا تھا کہ گھنٹی بجی۔ میں نے پھر ریسیور اٹھا لیا اور اسے کان سے لگا کر بولی۔ "ہیلو!"

"مجھے صیقہ بانو سے بات کرنا ہے۔" ایک مردانہ آواز سنائی دی جسے میں فوراً پہچاننے سے قاصر رہی۔

"میں بول رہی ہوں۔ آپ کون صاحب ہیں؟"

"آپ کا خادم۔"

اس مرتبہ میں آواز پہچان گئی اور چونک پڑی۔

"کامران!" میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔

"پہچاننے کا شکریہ۔"

"ہوں۔" میں نے ہونٹ بھینچ لئے اور میری پیشانی پر شکنیں پڑ گئیں۔ مجھے کامران سے اس دیدہ دلیری کی توقع نہ تھی کہ وہ خود ہی مجھے فون کرے گا۔

"میں ابھی ابھی اپنے گھر پہنچا ہوں۔" کامران بولا۔ "مجھے اپنے پڑوسیوں سے پتہ چلا ہے کہ کوئی صاحبہ یہاں میرے بارے میں پوچھتی پھر رہی تھیں۔ پوچھ گچھ کرنے والی کی وضع قطع سے مجھے شبہ گزرا کہ وہ آپ ہی ہو سکتی ہیں۔ کیا میرا خیال درست ہے؟"

"سو فیصد درست۔" میں نے اور پری ہونٹ بھینچ کر کہا۔

"فرمایئے! کیسے زحمت کی تھی؟"

"میں اپنے اس خیال کی تصدیق کرنے گئی تھی کہ تم روپوش ہو گئے ہو گے۔"

"کیوں؟" کامران نے حیرت ظاہر کی۔ "میں کیوں روپوش ہوتا؟"

"ہاں!" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "شاید مجھے ہی روپوش ہونا چاہئے تھا۔"

"وہ کیوں؟ معاف کیجئے گا بانو۔ آپ کی بے تکی بات میری سمجھ میں بالکل نہیں آ رہی ہیں۔"

یہ بالکل سامنے کی بات تھی کہ کامران میرا مضحکہ اڑانے پر تلا ہوا تھا۔ میں نے جھنجھلا کر ریسیور کریڈل پر پٹخ دیا۔ کامران کے تمسخرانہ انداز نے مجھے مشتعل کر دیا تھا اور میں سوچ رہی تھی کہ کامران کو اسی وقت سبق دینا چاہئے۔ میرا کرلھا اور پنڈلی زخمی ہی سہی لیکن کامران جیسے لونڈوں کو تو میں اس حالت میں بھی سنبھال سکتی ہوں۔

میں نے فریدہ کو بلایا اور اس سے کہا۔ "میں ایک ضروری کام سے جا رہی ہوں۔ ایک ڈیڑھ گھنٹے میں واپس ہو جاؤں گی۔ اگر میری عدم موجودگی میں الماس آئے تو اسے واپس مت جانے دینا۔ اس سے کہنا کہ وہ ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر میرا انتظار کرے۔"

"بہتر ہے۔" فریدہ نے کہا اور پھر دبی زبان سے بولی۔ "لیکن زیادہ مناسب ہوتا اگر آپ ایک دو روز تک زیادہ حرکت نہ کرتیں۔"

میں نے ہنس کر اس کا گال تھپتھپاتے ہوئے کہا۔ "اپاہجوں کی سی زندگی گزارنا میرے بس کی بات نہیں۔"

پھر میں دروازے کی طرف بڑھ گئی۔ میری گاڑی پورچ ہی میں کھڑی ہوئی تھی۔ میں نے اُس کی ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور انجن اسٹارٹ کر دیا۔

کامران نے اپنے گھر سے فون کیا تھا لہٰذا میں تیزی سے اُسی طرف اُڑی چلی جا رہی تھی۔ میں کامران کو اس حالت میں پہنچا کر واپس آنا چاہتی تھی کہ وہ دو تین روز تک اسپتال میں پڑا رہے۔

میں نے اُس کے گھر کے سامنے گاڑی روکی۔ اُس وقت دو بج رہے تھے۔ چلتی ہوئی دھوپ چاروں طرف پھیلی ہوئی تھی میں نے گاڑی مقفل کی اور کامران کے گھر کی طرف بڑھی۔

دروازہ مقفل نہیں تھا۔ میں نے دستک دی اور انتظار کرنے لگی۔ جلد ہی اندر سے قدموں کی آہٹ سنائی دی۔ پھر دروازہ کھل گیا۔ کامران میرے سامنے کھڑا تھا۔

"اوہ! آپ!" اس کے ہونٹوں پر طنزیہ سی مسکراہٹ بکھر گئی۔ "تشریف لائیے! چشم ما روشن، دلِ ما شاد۔" اُس نے ایک طرف ہٹ کر مجھے اندر آنے کی دعوت دی۔

میں ہونٹ بھینچے ہوئے اندر داخل ہو گئی اور کامران نے دروازہ بند کر لیا۔

"ادھر اس صوفے پر تشریف لائیے؟" کامران نے ہاتھ پھیلا کر کہا۔

"کیا تمہیں کسی سے ملنے کا بھی سلیقہ نہیں آتا؟" میں بولی۔

"کیا مطلب؟"

"ملاقات ہونے پر مصافحہ کیا جاتا ہے۔" میں نے بڑی زہریلی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

ایک لمحے کے لئے کامران کی آنکھوں میں الجھن کے آثار دکھائی دیے لیکن دوسرے ہی لمحے وہ مسکرا پڑا۔ اُس نے مصافحے کے لئے میری طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔ "میں اپنی بداخلاقی کی معافی چاہتا ہوں۔"

اب میں نے بھی ہاتھ بڑھایا۔ دونوں ہاتھ ملے اور یکلخت میں نے اُس کے ہاتھ کو جھٹکا دے کر جو دو کا ایک ایسا داؤ مارا کہ اُس کے منہ سے چیخ نکل گئی۔ اُس کا جسم فضا میں قلابازی کھاتا ہوا بڑی زور سے فرش پر گرا تھا اور اُس وقت اُس کے منہ سے دوسری چیخ نکلی تھی۔

"ہیئر... ہیئر... ہیئر..." کسی نے تالی بجاتے ہوئے کہا اور میں چونک پڑی۔

اندرونی کمرے کے دروازے پر ایک ادھیڑ عمر عیسائی کھڑا ہوا تھا اور اُس کی تحسین آمیز نگاہیں میری ہی طرف تھیں۔

"بلاشبہ تم ایک حیرت انگیز عورت ہو!" وہ انگریزی میں بولا لیکن اُس کا لہجہ انگریزوں جیسا نہیں تھا بلکہ امریکیوں کا سا تھا۔

"تم کون ہو؟" میں اُسے گھورتی ہوئی بولی۔

"میرا اصل نام تو دو چار ہی آدمی جانتے ہیں۔ مجھے مسٹر فوکس کہا جاتا ہے۔"

میں اُسے گھورتی رہی۔ اُس کی بہتری عیاری جھانک رہی تھی۔ وہ پکا کسی لومڑ معلوم ہوتا تھا۔

اُس کا جائزہ لینے کے بعد میں نے کمرے میں دیکھا جو فرش سے اٹھنے کی کوشش کر رہا تھا کو ایسے جھٹکے لگے تھے کہ وہ فرش سے اٹھ رہا تھا اور یہ بات اُس کے چہرے سے عیاں فوکس مجھے مخاطب ہوا۔ "تم کو خاصی زبردست چوٹیں پہنچا دی ہیں۔"

"میں اُسے کئی روز تک ہسپتال میں میں نے سرد لہجے میں کہا۔" اس نے ٹیلیفون کھڑکی تھی۔"

"اُس کا قصور وار تو دراصل میں ہوں ہی اس سے ایسی گفتگو کروائی تھی کہ تم مشتعل چلی آؤ۔"

"کیوں؟" میں نے اُسے تیکھی نظروں ہو کہ تم مجھے دھوکہ دے کر مار دو گے۔"

"تمہیں مارنا میرا مقصد ہرگز نہیں سنجیدگی سے کہا۔ "فونگ تو بے وقوف تھا کی۔ کامران! تم ایک طرف بیٹھ جاؤ۔"

میں نے دیکھا کہ کامران ایک صوفے کھا جانے والی نظروں سے گھور رہا تھا۔ فوکس صوفے پر بیٹھ گیا لیکن اُس کی نگاہیں میری اُس کی آنکھوں سے شدید نفرت جھانک

"بیٹھ جاؤ صیبہ بنیوا!" اس نے کی ریڑھ مارتے ہوئے کہا۔ "میں نے کہا تھا گفتگو کرنا ہے۔"

"پروا مت کرو۔ میں کھڑے کھڑے کر سکتی ہوں۔"

"تمہاری مرضی۔" فوکس نے لاپرواہی

میں اس لئے کھڑی رہنا چاہتی تھی کہ کرنے کے لئے خود کو تیار رکھ سکوں۔ میں فوکس تھی۔ اُس نے کہا تو یہی تھا کہ وہ مجھ سے یہ دھوکا بھی ہو سکتا تھا۔ وہ بڑے ٹھنڈے

ظرناک ثابت ہوتے ہیں۔

ایک کیلنڈر کی طرف دیکھا ہوا کسی گہری میں خاموشی سے اُس کی طرف دیکھے جا رہی تھی۔ ا رہا تھا کہ فوکس کیا مسئلہ چھیڑنا چاہتا تھا۔

قدرے توقف سے بولا۔ "سب سے پہلے مجھے فونگ کی جگہ کام کرنا ہے۔ گویا تمہارے کی کامیاب سے طاقت ور آدمی ہوں۔ تمہیں طاقت کا اندازہ تو ہو ہی چکا ہو گا۔"

چبھتے ہوئے انداز میں کہا۔ "میں تمہاری تنظیم سے اچھی طرح نپٹ چکی ہوں۔"

ایسا یوں کی طرف اشارہ کرنا چاہتی ہو لیکن میں

ی طرح میرا ذہن بھی جھلاہٹ کا شکار ذہنوں کو اکثر مار کھانا پڑتی ہے۔ میں نے ا کے ساتھ پہلے معاملے میں ہاتھ ڈالا اور

ا واقعی بہت بڑی کامیابی ہے۔"

ی ہو۔ میرا اشارہ اُن کاغذات کی طرف ہے ل گئے۔ غالباً اب تک تمہیں علم ہو چکا ہو گا کہ

لا ہونے کی ضرورت نہیں ہے مسٹر فوکس!" بات مجھے اُس وقت بھی معلوم تھی جب گل زنجیوں کے حوالے کر رہی تھی۔"

سے دیکھنے لگا۔ "پھر تم نے وہ کاغذات کیوں

ات کو سمجھ نہیں سکی تھی۔ غالباً وہ تم لوگوں کے ل کو کھینچنے سے فاصری رہتی لہٰذا ایسے بیکار ہسپتال میں کوئی ہنگامہ کھڑا کر کے مریضوں ا بھی تھی۔"

ور سے دیکھنے لگا۔ شاید وہ میرے چہرے سے ا اندازہ کرنا چاہتا تھا۔ آخر اُس کے ہونٹوں پھیل گئی اور وہ بولا۔ "مجھے تمہاری حیرت انگیز صرف پلور میں ملی تھیں، اب تمہاری ذہانت گئی ہے۔ تم واقعی ایک ایسی شخصیت ہو جسے ایک تو بے وقوف تھا جس نے تمہیں ضائع

چلے ہو مسٹر فوکس!"

تم اپنی صلاحیتوں کو ضائع کر رہی ہو۔"

"وہ کیسے؟"

"معاف کرنا، تمہارا لنگ اس قابل نہیں ہے کہ ذہین لوگ اس کی تعمیر میں حصہ لیں۔ یہاں ذہین لوگوں کو چن کر رکھا جاتا ہے اور ابن الوقت قسم کے لوگ سڑے کرتے ہیں۔ تعلیم کے فقدان کی وجہ سے عوام بھی اچھے اور بُرے لوگوں کی تمیز کرنے سے قاصر ہیں۔ وہ نہ تو اپنے ووٹ کا صحیح استعمال جانتے ہیں اور نہ اپنے حقوق کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ ایسی فضا میں ذہین لوگ بے بس ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا ایسے لوگوں کو چاہئے کہ وہ اپنی ذہانت کو اُن لوگوں کے لئے وقف کر دیں جو ذہانت کی قدر کرنا جانتے ہیں۔"

بات کچھ کچھ سمجھ میں آنے لگی تھی۔ میری پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں اور میں نے خشک لہجے میں کہا۔ "کھل کر بات کرو مسٹر فوکس!"

"میری حکومت ہر قیمت پر تمہاری صلاحیتوں سے بہرہ ور ہونا چاہتی ہے۔" فوکس نے صاف صاف کہہ دیا۔

"اگر یہ تم لوگ مجھے خریدنا چاہتے ہو؟" میں نے تلخی سے کہا۔

"نہیں نہیں، تمہاری ذہانت کو۔" فوکس نے جواب دیا۔

"اور نہ تو ذہانت خریدنا بُری بات ہے، نہ ذہانت بیچنا کوئی بُرا فعل... یہ کاروبار دنیا کے ہر گوشے میں ہر شخص کرتا ہے جس دن یہ کاروبار بند ہو گیا، اُس دن ارتقا کے عظیم ایوان ڈھیر ہو جائیں گے، خاک میں مل جائیں گے۔"

"تم لوگ میری ذہانت کی کیا قیمت لگا سکتے ہو؟" میرے لہجے میں تلخی برقرار رہی۔

"بعض ذہانتیں انمول ہوتی ہیں صیبہ بنیوا!" فوکس بولا۔

"تمہاری ذہانت کا شمار بھی ہم انہی ذہانتوں میں کرتے ہیں۔"

"لہٰذا صفت خریدنا چاہتے ہو۔" میں ہنس پڑی۔

"نہیں۔" فوکس نے کہا۔ "اس سلسلے میں تم جو قیمت مقرر کرو گی وہ ہمیں منظور ہو گی۔"

"دس ملین ڈالر کے بارے میں کیا خیال ہے؟"

"ہمیں منظور ہے۔" فوکس نے بلا تاخیر جواب دیا۔

میں نے تفنن اڑانے کے لئے ایک بات کی تھی اور مجھے اُس جواب کی توقع نہیں تھی۔ میں حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر فوکس کو دیکھنے لگی۔

"میرے جواب میں کوئی اشتباہ نہیں ہے صیبہ بنیوا!" فوکس بولا۔ "میری حکومت تمہارے لئے اس سے بھی زیادہ خرچ کر سکتی ہے۔"

اُس وقت میرے ذہن میں ایک عجیب سا خیال اُبھرا۔

"خوب!" میں آہستہ سے بولی۔ "یہ رقم میرے اکاؤنٹ میں کب جمع ہو گی؟"

"جب تم ہم میں شامل ہو جاؤ گی۔"

"اگر میں اسی وقت اپنی شمولیت کا اعلان کر دوں تو کیا تم اعتبار کر لو گے؟"

"نہیں۔" فوکس نے بڑی صاف گوئی سے جواب دیا۔ "صرف کہہ دینے سے کچھ نہیں ہوتا۔"

"پھر؟"

"ہمیں اس کا ثبوت دینا ہوگا۔"

"وہ کیسے؟"

"ہم تم سے دو ایک کام لیں گے۔ اگر تم نے وہ کر دیئے تو ہمیں یقین آجائے گا کہ تمہاری نیت ٹھیک ہے۔"

"دس ملین ڈالر۔" میں اس طرح بڑبڑائی جیسے میری رال ٹپک پڑ رہی ہو۔

فوکس بڑے غور سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔

"لیکن۔" میں جیسے کوئی بہت دور کی بات سوچ کر بولی۔ "مجھے سے دو ایک کام کروانے کے بعد تم لوگ مجھے نظر انداز بھی تو کر سکتے ہو!"

"یہ ناممکن ہے۔ کام کے آدمیوں کو ہم کسی بھی قیمت پر نظر انداز نہیں کرتے۔" فوکس نے بڑے مضبوط لہجے میں کہا۔ "اگر ہم ایسا کریں تو ساری دنیا میں ہماری کارکردگی وہ نہیں رہے گی جو ہے۔"

"ہوں۔" میں اپنے چہرے پر ایسے تاثرات پیدا کرنے کی کوشش کر رہی تھی جیسے تذبذب کا شکار ہو گئی ہوں۔

دس ملین ڈالر ایک ایسی ہی رقم ہے کہ آدمی لڑکھڑا سکتا ہے لیکن کیا میں بھی لڑکھڑا سکتی ہوں؟ جو لوگ مجھے قریب سے جانتے ہیں، وہ اس بات کا اندازہ بہ خوبی کر سکتے ہیں۔

دراصل میں یہ سوچ رہی تھی کہ اگر ان لوگوں کے ساتھ مل کر انہیں کوئی گہرا چرکا لگایا جائے تو خاصی مزیداری کی بات رہے گی، لیکن یہ قطعی مناسب نہ ہوتا کہ میں فوراً ہی اپنی آمادگی ظاہر کر دیتی۔

"دس ملین ڈالر کم نہیں ہوتے مسٹر جینو!" فوکس نے مجھے اکسانے کی کوشش کی۔

"کیا تمہارے ٹیلیفون پر رابطہ قائم ہو سکتا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"یقیناً ہو سکتا ہے۔"

"مجھے فون نمبر دے دو۔ میں آج شام کو یا کل صبح تم سے بات کروں گی۔"

فوکس نے چند لمحے کچھ سوچا اور پھر ایک نمبر بتا دیا۔ میں نے ان نمبروں کو ذہنی طور پر دو مرتبہ دہرایا اور پھر مطمئن انداز میں سر ہلا کر بولی۔

"ٹھیک ہے۔ بہت جلد ہم اس موضوع پر کوئی فیصلہ کن گفتگو کریں گے۔"

فوکس کے ہونٹوں پر ایک عجیب سی مسکراہٹ پھیلی ہوئی تھی جسے میں کسی قسم کے معنی نہیں پہنا سکی۔ پتہ نہیں وہ اپنی مہم کامیابی پر خوش تھا یا یہ محسوس کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ میں اسے بے وقوف بنا رہی ہوں۔

اس گفتگو کے دوران میں کامران ہالفورڈ میں نے آخری مرتبہ اُسے خشمگیں نظروں سے دیکھا بولی۔ "میرے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟"

"کیا مطلب؟"

"کیا میں اس پیشکش کو قبول کر لوں گی؟"

"میں اس کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتی ہوں کہ ہر نوجوان آدمی اپنی زندگی کے لیے اپنے ہی فیصلہ کرتا ہے۔"

"اچھی بات ہے۔ میرا بہتر فیصلہ تمہیں کل گا۔ اب میں چلتی ہوں۔"

اس گفتگو کے دوران میں نہ تو میں نے اور نہ فوکس اپنی جگہ سے ہلا تھا لیکن اب وہ مصافحہ کرنے کے لیے ہاتھ اٹھاتا ہوا بولا۔ "کیا مجھ پر جوڈو کا داؤ نہیں آزماؤ گی؟"

"اوہ!" میں ہنس پڑی۔

ہم دونوں نے مصافحہ کیا اور ایک عجیب اپنے اختتام کو پہنچی۔ خود میں بھی حتمی طور پر یہ کہہ سکتی کہ کس نے کس کو بے وقوف بنایا تھا اور کہیں ہم دونوں ہی ایک دوسرے سے جو کھیل رہے تھے؟

اگر اس سوال کا جواب اثبات میں ہوتا سوال پیدا ہو جاتا تھا۔ میں اُس سے کھیلنے یقیناً اس کا ایک مقصد تھا لیکن اگر وہ بھی مجھ اس کا کیا مقصد ہوگا؟

واپس اپنے گھر کی طرف جاتے ہوئے شکار رہی۔ عیار و مکار فوکس سے میں اس ا تھی کہ وہ اتنی آسانی سے بے وقوف بن جا

یہ سب باتیں ایسی تھیں جو سارے را رہتیں لیکن گھر پہنچتے ہی میرا ذہن ان سب با کیونکہ وہاں الماس میری منتظر تھی۔

میں نے اُسے دیکھا تو مجھے بڑا صدمہ کی طرح نظر آرہی تھی جو جلتی ہوئی دھوپ کے نیچے سیاہی آگئی تھی اور گالوں کی شفق کو بلت بڑی عجیب سی تھی کہ صرف دو دن میں

"الماس!" میں حیرت سے اس کی طرف وہ مجھے دیکھتے ہی کھڑی ہو گئی تھی اور طرح لپکا پڑ رہے تھے جیسے کسی بھی لمحے رو

ہیں۔ پھر وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر میری طرف بڑھی گئی۔ آنسوؤں کو راستہ ملا اور ہچکیوں کا طوفان

غزال رسیدہ پتے کی طرح کانپ رہا تھا۔

"الماس!... آخر بات کیا ہے؟" میں اس کی

میں... میں..." اس کے الفاظ ہچکیوں میں

محسوس کیا کہ جب تک اس کی حالت نہ سنبھل جائے بات نہیں کر سکے گی۔ میں نے فریدہ کو آواز دی اور اس کے لیے کہا۔ الماس مجھ سے لپٹی ہوئی روتی رہی اس کی پیٹھ تھپکتی رہی۔ میں نے زبان سے کہا۔ یہ اچھا ہی تھا کہ اس کے دل کی بھڑاس

پانی لے آئی۔ میں الماس کو اپنے سہارے سے اٹھائی اور اُسے بٹھا کر فریدہ کے ہاتھ سے پانی کا میں نے الماس کے منہ سے لگا دیا۔

کچھ دیر تین گھونٹ لے سکی اور پھر اس نے اپنا سر میں نے پانی کا گلاس سائڈ ٹیبل پر رکھا اور فریدہ

اور میں الماس کے سر میں انگلیاں پھیرنے لگی۔ اس کا زور ٹوٹ گیا تھا لیکن ابھی وہ خاموش

ہلکے کر اس کے سر کو پیار کرنے لگی۔ "کچھ بتاؤ ہے۔ کیا تمہاری خالہ نے تمہارے ساتھ بہت

الماس... وہ... کامران۔" اس کا سر میری گود سے

ہوا۔ پانی پر بل پڑ گئے۔ "کیا اس نے کوئی زیادتی

ہاں" آواز حلق سے پھنس کر نکلی۔

"بتاؤ۔" میں نے پوچھا۔

اس کی ہچکیاں اور آنسو تیز ہونے لگے لیکن ہل گئی۔ روتے روتے ہوئے اس نے کسی نہ ال اور وہ سب کچھ سن کر میرا خون کھولنے لگا۔ مطابق ہوا یوں تھا کہ مجھے فون کے حوالے الماس ریسٹورنٹ میں پہنچا تھا جہاں اس نے وہ دی تھی۔ میں نے کامران کے گھر جانے

کامران کی محبت میں اندھی ہونے کی وجہ سے میری باتوں پر یقین نہیں کر سکی تھی لیکن اس کے ذہن پر شبہ ضرور پڑنے لگا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ ریسٹورنٹ جاتے ہوئے اس نے شبانہ کو اپنے ساتھ نہیں لیا تھا۔ کامران سے ملاقات ہونے پر اس نے یہ بہانہ کر دیا کہ شبانہ کی طبیعت اچانک کچھ خراب ہو گئی تھی اس لیے وہ نہیں آسکی۔

اومحر کامران نے بھی اس بات پر تعجب کا اظہار کیا کہ میں بھی وہاں نہیں پہنچ سکی تھی۔ اس کی اس بات پر الماس کو میرا بیان کچھ درست معلوم ہونے لگا۔ اس نے یونہی جیسے روداد دی میں یہ خیال ظاہر کیا کہ میں غلط فہمی میں پڑ کر کامران کے گھر نہ پہنچ گئی ہوں۔ کامران نے اس غلط فہمی کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ناممکن ہے لیکن الماس بضد ہو گئی کہ گھر چل کر دیکھ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ طوعاً و کرہاً کامران کو ریسٹورنٹ سے اٹھنا ہی پڑا اور الماس اس کے ساتھ اسکے گھر پہنچی۔ وہاں الماس کو فضا میں اس سینٹ کی خوشبو محسوس ہوئی جو میں اُس زمانے میں بڑے شوق سے لگایا کرتی تھی۔ وہ خوشبو سونگھ کر الماس کو میرے بیان کی درستگی پر اسی فیصد یقین ہو گیا اور اس نے کامران کو گھورتے ہوئے بڑے مضبوط لہجے میں کہا کہ یا تو یہاں ضرور آئی تھیں۔ الماس کے تیور دیکھ کر کامران ذرا دیر کے لئے گنگ ہو گیا اور اس کی یہی خاموشی الماس کو چراغ پا کرنے کا سبب بنی۔ اسے میرے بیان کا یقین آگیا اور اس نے کامران کو پکڑ کر بُری طرح جھنجھوڑ ڈالا۔ اس نے دلشگاف الفاظ میں کامران پر یہ الزام لگایا کہ وہ میرا قاتل ہے۔ اس نے کامران کو یہ دھمکی بھی دی کہ وہ پولیس کو ان حالات سے آگاہ کر دے گی۔ اس کی یہی دھمکی اس کے لئے تباہ کن ثابت ہوئی۔ کامران نے اسے بہت بُری طرح زدوکوب کیا اور جب وہ نڈھال ہو گئی تو اس کے کپڑے پھاڑ ڈالے۔ الماس میں اتنی سکت نہیں رہ گئی تھی کہ وہ کامران کو اس کے سنگین ارادے سے باز رکھ سکتی۔ کامران نے اس کے ساتھ ایسا سلوک کیا کہ وہ کہیں کی نہ رہے۔ آدھی رات گزارنے کے بعد کامران نے اسے واپس خالہ کے گھر جانے کی اجازت دی اور اسے باور کرایا کہ اب صرف وہی اس سے شادی کر سکتا ہے لہٰذا اسے گرفتار کرانے کی کوشش انتہائی احمقانہ بات ہوگی۔ الماس جواب میں کچھ نہیں کہہ سکی۔ اس میں بولنے کی سکت ہی نہیں رہ گئی تھی۔ وہ بس روتی رہی اور کامران اُسے اسی حالت میں ایک ٹیکسی میں بٹھا کر اس کے گھر چھوڑ آیا۔ خالہ نے جو اس کی یہ حالت دیکھی تو اپنا سر پیٹ لیا اور الماس کو بتانا پڑا کہ اس پر کیا گزر چکی ہے۔ اگر وہ نہ بتاتی تو اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ دوسری صبح کامران نے خود فون پر الماس کی خالہ کو بتا دیا کہ وہ گذشتہ رات الماس کے ساتھ کیا سلوک کر چکا ہے۔ اس نے الماس کی خالہ کو یہ تنبیہ بھی کی کہ اب جلد از جلد اس کی اور الماس کی شادی ہو جانا چاہئے۔ الماس کی خالہ

نے اسے بڑا بھلا بھلا کہہ کر خون بند کر دیا اور الماس پر یہ پابندی لگا دی کہ وہ گھر سے باہر نہیں نکلے گی۔

الماس نے مجھے مزید بتایا کہ کل کسی وقت راولپنڈی میں اُس کے والد کو خالہ کا خط مل جائے گا جس میں لکھا گیا تھا کہ وہ فوراً آ کر اپنی بیٹی کو لیجائیں۔

اپنی یہ روداد سُنانے کے بعد بھی الماس اپنا سر میری گود میں رکھے رہی تھی لیکن اس کی ہچکیاں اب بند ہو چکی تھیں۔ میں نے اسے اپنی گود میں سے اُٹھا کر تھوڑا سا پانی اور پلایا۔ اس کا چہرہ آنسوؤں سے دھل گیا تھا۔ میں نے اسے اپنے رومال سے صاف کیا۔ الماس کی آنکھیں اب اور زیادہ ویران نظر آنے لگی تھیں۔

"الماس!" میں نے پیار سے کہا۔ "میں کامران سے تمہاری دوشیزگی تو واپس نہیں دلا سکتی لیکن میں اسے تمہارے قدموں میں لا کر اس طرح پٹخوں گی کہ وہ تم سے رحم کی بھیک مانگنے لگے گا۔"

"اب ان باتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا باجو!" وہ کھوکھلی سی آواز میں بولی۔ "جو ہونا تھا، وہ ہو گیا۔ یہ میری حماقت تھی کہ میں نے آپ کی باتوں پر گمان نہیں دھرے۔ اب مجھے اس کا خمیازہ بھگتنا ہی پڑے گا۔ مجھے تو بس اس بات کی خوشی ہے کہ آپ زندہ ہیں۔"

"میں نے اس مرتبہ اپنے دشمن کو بہت بُری طرح شکست دی ہے۔" الماس نے اس فتح یا شکست میں کوئی دلچسپی نہیں لی اور میں بھی اسے ساری تفصیلات بتانے کے موڈ میں نہیں تھی۔

"مشاہ کہاں ہے؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"وہ خالہ کے رویّے سے عاجز ہو کر پرسوں شام ہی کو چلی گئی تھی۔"

"کہاں؟"

"کراچی میں اس کے بہت دوست ہیں۔ کسی کے یہاں بھی چلی گئی ہوگی۔ مجھے بتا کر نہیں گئی۔"

"اس وقت تم اپنی خالہ کے گھر سے نکل کیسے آئیں؟"

"کیوں؟"

"تم نے فون پر بتایا تھا کہ انہوں نے تمہیں قید کر رکھا ہے۔"

"اس سے میری مراد یہ تھی کہ انہوں نے مجھے گھر کے باہر نکلنے اور کسی کو فون کرنے سے روک دیا تھا۔ ایسی بات نہیں تھی کہ انہوں نے مجھے کسی کمرے میں بند کر کے مقفل کر دیا ہو۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلایا اور پھر بولی۔ "تو تم اس وقت چپکے سے نکل آئی ہو؟"

"ہاں۔" الماس نے جواب دیا۔ "بس ایک چھوٹا سا پرچہ چھوڑ آئی ہوں خالہ کے نام! میں نے اس میں لکھ دیا ہے کہ میں پنڈی جا رہی ہوں۔"

"کیا مطلب!"

"میں اب واپس خالہ کے یہاں نہیں جاؤں گی۔ مجھ میں اتنا حوصلہ نہیں ہے کہ ہر وقت ان کی جلی کٹی سنتی رہوں۔"

میں غور سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔ اس سے کہہ دی تھی لیکن اس کا لہجہ بڑا مستحکم تھا۔

"تو پھر اب میرے ساتھ رہو گی؟" میں نے کہا۔

"یہ بھی میرے لئے ممکن نہیں ہے۔ مجھے جانا ہوگا۔ آپ مجھ پر بس اتنا کرم کر دیں کہ مجھے ہوائی جہاز دلوا دیں۔ اس سے پہلے کہ میرے والد پنڈی سے کراچی میں وہاں پہنچ جانا چاہتی ہوں۔"

میں سنجیدگی سے سر ہلاتی ہوئی اس سے کہا۔ "اس میں کوئی شبہ نہیں کہ الماس کا پنڈی جانا، جو لوگ اسے بُرا بھلا کہتے، وہی اسے کھینچ کر بھی لے جائیں گے۔"

"گویا تم صرف آج رات میری مہمان رہو گی۔"

"مہمان کہہ لیجئے یا ایک بے آسرا۔" الماس نے کہا۔

"پگلی!" میں نے اس کے چہرے کو اپنے لیتے ہوئے اس کے ہونٹ چوم لئے اور بولی۔ "یہ تمہارا گھر ہے۔"

"شکریہ۔"

"اچھا اٹھو، اب تم میرے کمرے میں چلو۔" میں نے اس کا بازو پکڑ کر اٹھاتے ہوئے کہا۔

اس نے کوئی تعرض نہیں کیا اور میں میں نے اسے بستر پر لٹایا اور خود قریب پڑی بیٹھ گئی۔

"میں کل صبح کی پنڈی فلائٹ میں تمہارے کرائے دیتی ہوں۔" میں نے کہا اور ٹیلیفون کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔ اس ایجنسی کا مالک مجھے میں نے اس سے ایک سیٹ کا بندوبست کر دیا۔

الماس بہت نڈھال تھی۔ میں اُسے سو کمرے سے نکل آئی اور اسٹڈی میں جا بیٹھی کے بعد مجھے اس بات پر افسوس ہو رہا تھا کہ میں نا نہیں دے سکی تھی۔ گو کہ خود مجھے بھی کامران کی کا شکار ہونا پڑا تھا لیکن الماس کی بپتا کے سا نہیں رہ گئی تھی۔ اب تو مجھے صرف یہ سوچنا تھا کہ لوں۔

چار بجے رضوان آیا تو میں اسٹڈی ہی میں اس کے لئے وہیں چائے منگوائی اور پھر اس سے

"تم سیدھے دفتر سے آ رہے ہو؟"

"ہاں، کیوں؟"

نہیں اپنا غلام سمجھ رکھا ہے!" رضوان نے منہ ٹیڑھا ہی سے اس بات کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ آنے دیں جب مجھے کہنا پڑے کہ بی بی! میں

ب میں بھی نہیں آ سکتی۔" میں نے جزبز کر کہا۔ گئی ہار آ چکی ہے۔" رضوان نے شرارت سے ہر مرتبہ مجھے ایک مولوی صاحب کی ہدایت لے کی ہمت میں کبھی نہیں کر سکتا۔" کیونکہ ان مولوی صاحب کا لطیفہ میں سُن

وان نے جلدی جلدی پلکیں جھپکاتے ہوئے میری ان خوشگوار باتوں پر ہنسی ہیں۔" ازمہ جائے کی ٹرالی دھکیلتی ہوئی لے آئی اور ہمارے لئے رُک گیا۔ میں نے ملازمہ ہی سے کہہ نے بنا دے۔

لی کو چائے بنا کر دے گئی تو رضوان نے پہلا آپ مذاق ختم! میں شیر بہادر کے بارے میں کا ہوں۔ وہ ڈیٹ نامی ہے اور اس کا گھر

ٹھاب ہے ہو؟" میرا منہ بن گیا۔

اشتے کا نام شیر بہادر ہے؟"

ہاں کہا کہ وہ تسلا ڈیٹ نامی ہے۔"

پہلے اس کا باپ ڈیٹ نام میں جا بسا تھا۔"

ہاں سُنا کہ اپنی طرف کا کوئی آدمی ڈیٹ نام میں

سُنا تو یہ آپ کے کانوں کا قصور ہے۔ اس عادت ہوتی ہے اور نہ شیر بہادر پر۔"

کہنے لگی اور وہ بولتا رہا۔ مجھے جو معلومات ہم آپ کے گوش گزار کر رہا ہوں۔ آپ کا دل اول چاہے تو نہ کیجئے۔" رضوان نے چائے کا لتا رہا۔ "شیر بہادر کو سیاحت کا شوق ہی ملاکہ وہ تین چوتھائی دنیا گھوم چکا ہے۔ ہمارے بے انتہا دولت مند آدمی ہے لیکن یہ بات ہیں جانتے کہ اس کے پاس اتنی دولت کہاں

یہاں آتے ہی اس نے ایک کار خریدی تھی جسے دیکھ کر آج صبح سے آپ کے پیٹ میں درد ہو رہا ہے۔ اس کے سارے ملازم ویٹ نامی ہیں اور وہ سیاحت کے دوران میں ان سب کو اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ آئندہ دو چار روز میں وہ ہمارے ملک کو الوداع کہنے والا ہے لیکن یہ بات مجھے نہیں معلوم ہو سکی کہ وہ یہاں سے کہاں جائے گا۔"

"ہوں!" میں متفکرانہ انداز میں سر ہلانے لگی۔

"ہوں کا کیا مطلب ہوا؟"

"آخر فونگ کی تنظیم سے اس کا کیا تعلق ہو سکتا ہے؟"

"یہ تو اس سے پوچھ کر ہی بتا سکوں گا۔ اگر کہئے تو کل اُس کا انٹرویو لینے چلا جاؤں۔"

"انٹرویو؟" میں بڑبڑائی اور پھر مُسکرا کر بولی۔ "خیال تو بُرا نہیں ہے۔"

"لیکن چپٹے چپٹے ویٹ نامی چہرے دیکھ کر مجھے وحشت ہونے لگی ہے۔"

"ایک عظیم قوم کے لوگوں کا مذاق نہ بناؤ۔ تمہیں اس طرح نہیں کرنا چاہئے۔"

"دیکھئے خاتون!" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔ "میں اس وقت اخلاقیات کی کسی کلاس میں نہیں بیٹھا ہوں لہٰذا کوئی لیکچر نہیں سنوں گا۔"

"اچھا، جو اب میرا ایک کام اور کر دو۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "شیر بہادر کا سُراغ تو کار کے نمبر سے لگ جائے گا۔ اب میں تمہیں ایک ٹیلیفون نمبر دینا چاہتی ہوں، معلوم کرو کہ یہ کس کا ٹیلیفون نمبر ہے اور وہ کس قسم کا شخص ہے۔ ویٹ نام سے آیا ہے یا برازیل سے۔"

"یہ ٹیلیفون نمبر آپ کے پاس آیا کہاں سے؟"

"کالا چور دے گیا تھا۔"

"تو پھر اسی سے آپ دیگر کوائف بھی معلوم کر والیں۔" رضوان نے خشک لہجے میں کہا۔ "آخر آپ مجھے ہر معاملے میں بے خبر رکھنے کی کوشش کیوں کرتی ہیں؟"

"ڈر لگتا ہے تم سے۔ اخباری آدمی ہو نا!"

"کیا میں نے کبھی آپ سے ملنے والی معلومات کو خبر بنا کر چھاپا ہے؟"

"نہیں چھاپا، مجھے اعتراف ہے لیکن ڈر لگا رہتا ہے کہ کسی وقت بہک ہی نہ جاؤ۔" میں نے کہا اور پھر ہنس کر بولی۔ "خیر تم یہ معلومات تو حاصل کرو، پھر میں تمہیں بتاؤں گی کہ یہ ٹیلیفون نمبر مجھے کہاں سے ملا تھا۔"

رضوان نے چائے کا آخری گھونٹ لے کر پیالی، ٹرالی میں رکھ دی میں نے اُسے وہ ٹیلیفون نمبر دیا جو مجھے نوکس سے ملا تھا۔ کچھ دیر بعد رضوان یہ کہہ کر چلا گیا کہ وہ آٹھ بجے تک مجھے فون پر رپورٹ دے گا۔

میں اسٹڈی ہی میں ایزی چیئر پر نیم دراز رہی۔ آج اتنی بھاگ دوڑ ہو گئی تھی کہ اب اپنے نرخوں کو تکلیف دینا مجھے مناسب نہیں معلوم ہو رہا تھا۔ میں فیصلہ کر چکی تھی کہ اب پھر گھر سے نہیں نکلوں گی۔

"کہاں غائب ہونگی!" میں نے جیسے رُوٹھے ہوئے انداز میں کہا۔

"اسی حیثیت میں پھنسی ہوئی ہوں حضرت دماغ تو ابھی سے گئے کام آرہن گئے ہیں۔ کسی وقت بھی ہی نہیں چھوڑتے۔"

"کسی طرح بھی پیچھا چھڑاؤ۔ میں بہت بور ہو رہی ہوں۔"

"بس کل تک کی مہلت اور دیجئے۔ آپ کے زخموں کا کیا حال ہے؟"

"خاصا بہتر حال ہے۔ کل تک میں اس قابل ضرور ہو جاؤں گی کہ تم سے محبت کر سکوں۔"

دوسری طرف غزالہ ہنس پڑی اور پھر اس نے سلسلہ منقطع کر دیا۔

اب اندھیرا پھیلنے لگا تھا۔ میں اسٹڈی سے اٹھ کر اپنی خوابگاہ میں پہنچی۔ بتی جلائی تو دیکھا کہ الماس بے خبر سو رہی تھی۔ میں اس کے قریب گئی۔ اس کے چہرے پر بکھرے ہوئے بالوں کو ہٹایا اور اس کے شہابی عارض پر محبت کی ہلکی سی مہر ثبت کی۔ وہ کسمسا کر رہ گئی لیکن اس کی آنکھ نہیں کھلی۔ غالباً وہ ان دنوں میں بہت کم سو سکی ہوگی۔ زیادہ تر وقت تو خالہ کی جلی کٹی باتیں سننے میں گزرا ہوگا یا رو روتے ہوئے!

میں آرام کرسی پر بیٹھ گئی۔ میری نظریں الماس کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں اور میں سوچ رہی تھی کہ پتہ نہیں اس لڑکی کے مقدر میں کیا لکھا ہے۔ پہلے اسے جاگیردار شوکت نے اغوا کیا اور کوڑوں سے بچایا۔ وہاں سے اس کو نجات دلائی گئی تو اب یہ کامران کی دردِ سر بن گئی۔ کامران سے اس کا حساب چکانا بے حد ضروری تھا۔

ساڑھے سات بجے میں نے پھر یک ٹیلیفون کال ریسیو کی۔ دوسری طرف سے رضوان بول رہا تھا۔ بالو! وہ ٹیلیفون نمبر ایک غیر ملکی فرم نے اپنے جنرل منیجر کی تیاگاہ کے لیے دو سال قبل لیا تھا۔ ان دو سالوں میں کئی جنرل منیجر بدل چکے ہیں۔ نئے جنرل منیجر کا نام فوکس ہے۔ بس فی الحال میں اس سے زیادہ معلومات حاصل نہیں کر سکا ہوں۔"

"بس کافی ہے۔ شکریہ رضوان!"

"اب آپ اپنا وعدہ پورا کیجئے!"

"کون سا وعدہ؟"

"یہ ٹیلیفون نمبر آپ کو کس نے دیا تھا؟"

"خود فوکس نے۔" میں نے جواب دیا۔ "لیکن وہ مجھ سے اپنی فرم کے جنرل منیجر کی حیثیت سے نہیں ملا تھا۔"

"پھر؟"

"ڈاکٹر فونگ کے جانشیں کی حیثیت سے۔"

"مائی گاڈ!"

"بس فی الحال اب کوئی اور سوال مت کرنا۔ اچھا خدا حافظ۔" میں نے سلسلہ منقطع کر دیا۔

ٹیلیفون کی گھنٹی کی آواز اور اس کے بعد کامران سے میری گفتگو بھی الماس کو نہیں جگا سکی تھی۔

ہیلو!" دوسری طرف سے ریسیور اٹھایا گیا اور غالباً فوکس ہی کی آواز تھی لیکن میں تصدیق کے لیے بولی۔

"مسٹر فوکس بلینزا؟"

"فوکس اسپیکنگ۔"

"صبیحہ بالزوس انڈر۔"

"اوہ! اوہ۔ مجھے ذرا وہم کے لیے غلام کو توقع نہیں تھی کہ میں اتنی جلدی فون کروں گی۔"

"ہیلو!" میں بولی۔

"صبیحہ بینو!" فوکس نے ایک طویل سانس تم کل صبح سے پہلے فون نہیں کرو گی۔"

"جب میں کوئی فیصلہ کر لوں تو اس پر عمل ہو جاتی ہوں۔"

"کیا فیصلہ کیا؟"

"میں نے اس دوران میں بہت سوچا! اپنی صلاحیتوں کو غلط لوگوں پر صرف کرتی رہی ہوں!"

"دیری گڈ!"

"میں تم لوگوں کا ساتھ دینے کے لئے تیار ہوں!"

"اگر واقعی ایسا ہے تو میں اپنے بڑوں کی خدمت گا۔ صبیحہ بینو کو اپنی تنظیم میں شامل کر لینا ایک بہ لیکن تمہیں اس بات کا ثبوت دینا ہوگا کہ تم نے دینے کا فیصلہ کیا ہے۔"

"وہ ثبوت کس طرح دیا جائے گا؟"

"وہ ایک چھوٹے موٹے کام کرنا ہوں۔"

"میں تیار ہوں۔ مجھے کام بتاؤ۔"

"میں ایک کام کچھ اور لوگوں کے سپرد کر

"وہی تم مجھے سونپ دو!"

"تم لیڈی فاروق کو تو جانتی ہوگی!" فوکس

مجھے اپنے دین پر دھکا سا محسوس ہوا

میں تاخیر نہیں کی۔ "ہاں میں نے یہ نام سنا ہے۔"

اسے دیکھا بھی تھا۔ تم ہی لیڈی فاروق کی بات

سیاست کی کھلاڑی ہے اور پنڈی میں رہتی

"ہاں میں اسی کی بات کر رہا ہوں۔ کل

پہنچ رہی ہے۔ تمہیں ایک خاص انداز میں اس کا

"خاص انداز میں کیا مطلب؟"

"جب وہ ہوائی جہاز سے اترے گی

پرس ہوگا۔ اس سے پہلے کہ وہ ہوائی اڈے

تمہیں اس سے وہ پرس چھین کر غائب کر دینا

بدمعاشوں نے تمہیں ہاتھوں لوٹا۔ فوکس کی یہ جیب

ں نہیں تھیں کہ فوراً جواب دیا جا سکتا۔

شبہ ہے!" فوکس بول پڑا۔ "خاموش کیوں ہو گئیں؟"

عجیب و غریب کام ہے۔" میں نے طویل سانس لے کر کہا۔

ہا اہم کام ہے۔ وہ پرس ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔"

"تم ائی اڈے پر اس سے وہ پرس میں کس طرح چھین سکو

"تمہارا انحصار تمہاری اپنی صلاحیت اور ذہانت پر ہے۔"

"میں ہونٹ بھینچ کر بولی۔ "وہ پرس حاصل کرنے کے بعد

ہوگا؟"

"میں تم میرے ایک آدمی کے حوالے کر دو گی۔"

"اس کی شناخت کیسے کروں گی؟"

"وہی تمہارے قریب آکر تمہیں اپنا نام بتائے گا۔"

خاموش رہ گئی۔ فوکس کی باتوں سے کوئی نتیجہ اخذ کرنا

فی الحال تک میں یہ سمجھتی رہی تھی کہ لیڈی فاروق ڈاکٹر

یم کا ایک پردہ ہے لیکن اب اگر فوکس جھوٹ نہیں بول

ملے کی بنا نہیں تھی تو پھر یہ ثابت ہوتا تھا کہ

تھے۔

اب کا منتظر ہوں صبیحہ بینو!" فوکس بولا۔

ہوں۔" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "میں یہ امتحان

ہا ہوں۔"

گا!"

ے کب ملاقات ہوگی؟"

ا نا فائنل امتحان ہوگا۔"

!"

کل بتا سکوں گا۔"

ہے تو پھر اب میں ریسیور رکھ رہی ہوں۔ مجھے سوچنا

م کس طرح کیا جائے۔ گڈ بائی!"

سیور رکھ دیا اور الماس کی طرف دیکھا جو بدستور سو

ہرے پر بڑا معصوم سا تاثر بکھرا ہوا تھا۔

ں آنکھوں پر غور کر رہی تھی اور مجھے یقین نہیں آ

ں اور فونگ کی تنظیم دو متضاد چیزیں ہیں۔ فوکس

ب ڈرامہ معلوم ہو رہی تھیں۔

ات سے اس وقت چونکی جب فریدہ نے

ہلا دستک دی۔

میں نے بلند آواز میں کہا۔

ں الماس نے مجھ سے کھانے کے لئے پوچھا۔

"ساڑھے نو بجے تک بھوک لگنے کا امکان ہے۔"

"بہتر ہے۔" فریدہ نے جاتے جاتے کہا اور پھر رُک کر بولی۔

"کھانا یہیں کھائیں گی یا ڈائننگ روم میں؟"

"یہیں۔" میں نے جواب دیا۔

وہ چلی گئی اور میں نے اٹھ کر کیب بورڈ سے وہسکی کی بوتل نکالی۔

سوچ سوچ کر میرا ذہن اتنا بوجھل ہو گیا تھا کہ میں شراب کی ضرورت محسوس کرنے لگی تھی۔ میں نے پہلا پیگ بنایا۔ اس کے پندرہ منٹ بعد ہی دوسرا پیگ اور اس کے نصف گھنٹے بعد تیسرا۔ پھر میں نے بوتل بند کر کے کیب بورڈ میں رکھ دی اور تیسرے پیگ کے چھوٹے چھوٹے گھونٹ لیتی ہوئی الماس کے قریب بستر پر بیٹھ گئی۔

وہ سو رہی تھی اور اب میرا بھی چاہنے لگا تھا کہ اسے بھینچ بھینچ کر پیار کروں۔ بہت دن ہوئے جب میں نے اسے جاگیردار شوکت کے سامنے شعلہ حسن کی طرح دیکھا تھا۔ اسی وقت اسے اپنانے کی خواہش میرے دل میں پیدا ہو گئی تھی لیکن حالات نے کبھی ایسا موقع اختیار نہیں کیا کہ میں اسے اپنا سکتی۔ آج بھی جب وہ پوری طرح میری دسترس میں تھی تو مجھ پر بے بسی کا عالم طاری تھا۔ کوئی انجانے اور پنڈلی کے زخم میرے اور الماس کے بیچ میں ایک دیوار کی طرح حائل تھے۔

تیسرا پیگ ختم کرنے کے بعد میں نے گلاس سائڈ ٹیبل پر رکھ دیا اور الماس کے چہرے پر ہاتھ پھیرتی ہوئی، سرگوشیوں میں بولی۔ "الماس جان! ... اب اٹھ جاؤ۔ بہت دیر سو لی ہو۔"

الماس کے پپوٹوں میں جنبش ہوئی، پلکیں ایک دوسرے سے جدا ہوئیں اور وہ نیند اسی آنکھوں سے میری طرف دیکھنے لگی۔

"نو بج چکے ہیں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "تم پانچ چھ گھنٹے سو چکی ہو۔"

الماس کے ہونٹوں پر ایک پھیکی سی مسکراہٹ پھیل گئی۔ اس نے اپنے دونوں ہاتھ اوپر کر کے انگڑائی لی تو میرے ضبط کا شیشہ چٹخ گیا۔ میں نے بے تابی سے اپنا سر اس کے سینے پر ٹیک دیا اور اسے دونوں بازوؤں میں بھینچتی ہوئی بولی۔

"الماس! تم پاگل کر دینے والے شباب کی مالک ہو۔"

"شباب!" الماس تلخی سے مسکرائی۔ "اب تو سب کچھ ہی ہو چکا ہے بالو!"

"میرے لیے تم آج بھی کسی گلاب کی طرح تر و تازہ ہو۔"

دروازے پر دستک ہوئی تو میں جلدی سے الماس کو چھوڑ کر ایزی چیئر پر جا بیٹھی اور بلند آواز سے بولی۔ "آجاؤ!"

فریدہ کمرے میں آئی اور اس نے کھانے کے لیے پوچھا۔

"لے آؤ!" میں نے اس سے کہا اور پھر الماس سے بولی۔

"تم جلدی سے اٹھ کر منہ ہاتھ دھو لو۔"

الماس باتھ روم میں چلی گئی۔

ایجنٹ کا فون آیا اور اس نے مجھے صبح کی پنڈی فلائٹ کا وقت بتایا۔ اسی سے میں نے یہ بھی معلوم کر لیا کہ صبح پنڈی سے آنے والی فلائٹ کا وقت کیا ہے۔

الماس اس دوران میں کھوئی کھوئی سی رہی۔ اس نے یہ بھی نہیں پوچھا کہ میں نے پنڈی سے آنے والی فلائٹ کا وقت کیوں معلوم کیا تھا۔

کھانے کے بعد جائے کا دور چلا اور میں الماس کا دل بہلانے کے لیے دلچسپ قسم کی باتیں کرتی رہی۔ جب ہم بیٹھے بیٹھے تھک گئے تو لیٹ کر باتیں کرنے لگے۔ الماس کافی سوچکی تھی اس لئے اسے بارہ ایک بجے سے پہلے نیند آ ہی نہیں سکتی تھی۔

میں نے ٹائم پیس میں الارم لگا دیا تاکہ صبح وقتِ مقررہ پر بیدار ہو جاؤں۔

میری وہ رات بڑی بے چینی میں گزری۔ الماس کا قرب میرے لئے ایک امتحان بن گیا تھا۔ میں اس امتحان سے گزر تو گئی لیکن اس طرح کہ مجھ پر قیامتیں گزر گئیں۔

علی الصبح بیدار ہو کر ہم نے ناشتہ کیا اور پھر میں الماس کو ریڈیز میں بٹھا کر ہوائی اڈے کی طرف روانہ ہو گئی۔

پنڈی سے آنے والی فلائٹ کا وقت، جانے والی فلائٹ سے خاصا پہلے تھا اور میں اسی رقت کو پیشِ نظر رکھ کر گھر سے روانہ ہوئی تھی۔

راستے میں الماس سے بالکل گفتگو نہیں ہوئی کیونکہ میں اپنے حالات کی یکسیمیں الجھی ہوئی تھی۔ ذرا دیر بعد ہوائی اڈے پر جو ہنگامہ برپا ہونے والا تھا، اس کے تمام پہلو میرے سامنے تھے اور میں ان کا جائزہ لے رہی تھی۔ ابھی میں نے اس سلسلے میں کوئی خاص لائحہ عمل مرتب نہیں کیا تھا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ مرتب کر بھی نہیں سکی تھی۔ ہوائی اڈے کے ہجوم میں کسی کا پرس چھین لینا کوئی آسان بات نہیں تھی۔ لے دے کر میرے ذہن میں بس یہی ایک خیال آسکا تھا کہ ریڈی فاروق کا پرس اپنے پرس سے بدلنے کی کوشش کروں۔ اسی خیال سے میں اپنا ایک سفید پرس لے کر گھر سے چلی تھی لیکن یہ فیصلہ ضروری نہیں تھا کہ لیڈی فاروق کے پاس بھی اسی قسم کا پرس ہو۔

ہم ہوائی اڈے پہنچے تو ٹریول ایجنسی کا ایک نمائندہ ہمارا منتظر تھا۔ اس نے راولپنڈی کا ٹکٹ مجھے دیا اور رخصت ہو گیا۔

میرا زن بریسٹورا، فوکس اور لیڈی فاروق میں الجھا ہوا تھا۔ میرے احسانات اب بھی یہی تھے کہ فوکس نے مجھے بے وقوف بنانے کی کوشش کی ہے لیکن میں بھی بے وقوف بن کر یہ ثابت کر دینا چاہتی تھی کہ میں ان لوگوں کے لئے کام کرنے پر پوری طرح آمادہ ہوں۔

"اب آپ کبھی پنڈی آئیں گی بانو!" الماس بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔

"بدنصیبوں کو سبھی بھول جاتے ہیں۔"

"اپنے اوپر قنوطیت مت طاری کرو!" بھرے انداز میں ڈانٹا جو ہو چکا اسے بھول جاؤ۔ سے زندگی گزارنے کا پروگرام بناؤ۔ زندگی میں رہتے ہیں لیکن ان کی وجہ سے زندگی کو گھن نہیں الماس ایک ٹھنڈی سانس لے کر رہ گئی آنکھوں کے گوشے خشک کرنے لگی۔

ذرا دیر بعد ہم دونوں مسافروں کے لاؤنج سے آنے والی فلائٹ میں پانچ منٹ رہ گئے تھے۔

"جہاز کب روانہ ہوگا؟" الماس نے پوچھا

"ابھی تو خاصی دیر ہے۔"

"تو پھر اتنی جلدی کیوں آگئیں؟"

"بس غلط فہمی ہو گئی تھی، وقت کے بارے میں۔ ابھی آتی ہوں۔"

الماس نے یہ نہیں پوچھا کہ میں کہاں جا رہی میں لاؤنج سے باہر نکلی۔ پنڈی فلائٹ کے دہاں کے ماحول کا جائزہ لے لینا چاہتی تھی۔ میں یا ادھر گھومتی رہی اور جب یہ اعلان ہو گیا کہ پنڈی ہوائی اڈے پر اتر چکے ہیں تو میں سنبھلتی ہوئی اس طرف مسافروں کو آتا تھا۔

دفعتاً میری نظر ایک ایسے شخص پر پڑی، تھا۔ میں نے دیکھا کہ وہ بڑی عجلت اور گھبراہٹ مسافروں کے لاؤنج سے باہر نکلا تھا۔ میں اس کی لوگوں کی بھیڑ میں گم ہو گیا۔

رضوان نے بتایا تھا کہ شیر بہادر کے ساتھ اس لیے ایک وٹینا کی کو ہوائی اڈے پر دیکھ کر میرا چاہیے تھا۔ مجھے الماس کا خیال آیا اور میں تیزی طرف بڑھی۔

"الماس وہاں موجود تھی لیکن اس کا چہرہ!"

"خیریت تو ہے الماس!" میں حیرت سے

"جی!... جی ہاں... بالکل... میں ٹھیک"

"تمہارے چہرے سے تو اچانک ایسا لگا جیسے تم برسوں کی بیمار ہو۔"

"پتہ نہیں، بس کچھ گھبراہٹ سی ہو رہی ہے مجھے یوں لگا جیسے الماس جھوٹ بول رہی پڑ گئی اور یہ فیصلہ کرنا مشکل ہو گیا کہ مجھے کیا کرنا چا ساتھ کوئی ضروری معلوم ہو رہا تھا لیکن دوسری طر

اور ادھر میرے ذہن میں مختلف النوع خیالات کے تھپیڑے چل رہے تھے وہ ویٹ ٹائی یاد آرہا تھا جسے میں نے لاؤنج سے نکلتے ہوئے دیکھا تھا۔ غالباً اسی کی کوئی شرارت یہ رخ اختیار کر گئی تھی کہ الماس نے میرے اوپر پستول نکال لیا تھا۔ مجھے اس طرح لاؤنج میں روکنے کی کوشش یہ ظاہر کر رہی تھی کہ مجھے لیڈی فاروق تک پہنچنے سے روکا جا رہا ہے۔

ڈاکٹر فونگ کے جانشیں فوکس کا کردار اب میری سمجھ میں آنے لگا تھا۔ اس نے واقعی مجھے بے وقوف بنانے کی کوشش کی تھی لیکن یہ امر اب بھی میری سمجھ سے بالاتر تھا کہ الماس ان لوگوں کی آلہ کار کیسے بن گئی؟

یہ سب کچھ سوچتے ہوئے میری نظریں الماس کے چہرے ہی پر جمی رہی تھیں اور میں یہ بھی محسوس کرتی رہی تھی کہ الماس بے حد نروس ہے۔ ہاتھ میں پستول ہونے کے باوجود نروس ہونا اس بات پر دال تھا کہ الماس ایسے خطرناک کھیلوں کی عادی نہیں تھی۔ ممکن ہے کہ اس نے آج زندگی میں پہلی مرتبہ پستول ہاتھ میں لیا ہو۔

اس افراتفری میں پانچ منٹ اس طرح گزر گئے کہ ان کے گزرنے کا احساس ہی نہیں ہو سکا اور پھر اچانک الماس نے پستول پھینک کر دونوں ہاتھوں سے منہ چھپا لیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

یہ حیرت کا دوسرا جھٹکا تھا جو میرے اعصاب کو برداشت کرنا پڑا جس طرح الماس کے ہاتھ میں پستول کی موجودگی ناقابلِ قیاس تھی، اسی طرح پستول پھینک دینا بھی حیران کن تھا۔

"بانو!" الماس نے جیسے چیخ ماری اور دوڑ کر مجھ سے لپٹ گئی۔ "بانو!..... بانو!" وہ میرے شانے پر سسک رہی تھی۔ "مجھے معاف کر دیجئے بانو!..... اگر میں ایسا نہ کرتی تو وہ لوگ آپ کو مار ڈالتے۔"

میری سمجھ میں نہیں آسکا کہ الماس نے کیا کہنا چاہا تھا۔

لوگوں کے ہجوم نے بڑی تیزی سے ہمیں اپنے نرغے میں لے لیا تھا اور چیخ چیخ کر ایک دوسرے سے کہہ رہے تھے کہ پولیس کو بلایا جائے۔

میں الماس کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے خالی الذہن سی تھی۔

"ارے! یہ تو نقلی پستول ہے۔" کسی طرف سے ایک چیختی ہوئی حیرت زدہ سی آواز سنائی دی۔

میں نے چونک کر اس طرف دیکھا جدھر سے آواز آئی تھی لیکن ہجوم کے باعث وہ شخص مجھے دکھائی نہیں دیا جس نے پستول کے نقلی ہونے کا اعلان کیا تھا۔

الماس میرے کندھے پر سر رکھے، سسکیاں لیتی ہوئی، دھیمی آواز میں کہہ رہی تھی۔ "وہ مشرقِ بعید کا باشندہ تھا بانو!..... وہ میرے پاس آیا اور مجھ سے کہنے لگا کہ میں آپ کو لاؤنج ہی میں روکوں۔ اس نے بڑے خوفناک انداز میں کہا تھا کہ اگر آپ لاؤنج تک محدود نہ رہیں تو آپ کو ہلاک کر دیا جائے گا۔ اسی نے مجھے پستول بھی دیا تھا اور یہ ہدایت کی تھی کہ میں آپ کو لاؤنج میں روکنے کے لئے پستول سے دھمکا لے

"نہیں جائیں گی۔" الماس پھر بولی۔

"میں کوئی ایسی بات تھی کہ میں چونک کر تیزی سے

"نہیں جائیں گے۔ تم فکر نہ کرو۔"

"میں ہوں نا!" میں نے جھنجھلا کر کہا اور جانے کے لئے

"ہرگز

...ی دیتے ہوئے۔ پھر وہ تو راہی میسر پاس سے چلا گیا تھا اور اس کے بعد آپ آ گئی تھیں۔ میں اس واقعے سے اتنی حواس باختہ ہو گئی تھی کہ مجھ سے کچھ سوچا ہی نہیں جا سکا تھا اور جب آپ لاؤنج میں جانے لگی تھیں تو مجھ سے وہی کچھ سرزد ہو گیا تھا جس کی مجھے ہدایت کی گئی تھی میں نہیں چاہتی تھی بانو کہ وہ لوگ آپ کو ہلاک کر ڈالیں۔ غالباً یہ وہی لوگ ہوں گے جن کے لئے کامران کام کر رہا تھا۔"

میں پُرخیال انداز میں آہستہ آہستہ سر ہلانے لگی۔ اب تو یہ بات بالکل عیاں ہو گئی تھی کہ فوکس نے مجھے بے وقوف بنانا چاہا تھا۔ وہ ویٹ نامی باشندے شیر بہادر نامی ایک سیاح کے ملازم تھے اور شیر بہادر سے فوکس کا تعلق اس طرح ثابت ہو چکا تھا کہ اُس نے نرس سلونی کے توسط سے اُسے کوئی چیز بھجوائی تھی۔

"اب یہ رونا دھونا بالکل بند کر دو الماس!" میں اس کے کان میں بولی۔ "پولیس اب آیا ہی چاہتی ہے۔ اگر تم بڑی دشواریوں سے بچنا چاہتی ہو تو اس بیان پر جم جانا کہ تم نے مجھ سے مذاق کیا تھا۔ یہ بات تو ظاہر ہو ہی چکی ہے کہ وہ پستول نقلی تھا لہٰذا پولیس تمہارے خلاف کوئی سخت قدم نہیں اُٹھا سکے گی۔"

میری بات الماس کی سمجھ میں آ گئی اور وہ اپنے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کرنے لگی۔

جب پولیس آئی تو الماس بالکل پُرسکون تھی۔

لوگ پولیس کو بتانے لگے کہ کیا واقعہ پیش آیا تھا۔ سب کچھ سُننے کے بعد جب پولیس آفیسر ہماری طرف متوجہ ہوا تو الماس بڑے سکون سے بولی۔

"وہ سب کچھ ایک مذاق تھا۔"

"کیا مطلب!" پولیس آفیسر کے لہجے میں درشتی بھی تھی۔

"دراصل۔" میں ہنستی ہوئی بولی۔ "الماس مجھے ڈرا کر تفریح لینا چاہتی تھی۔"

"پبلک پلیس پر اس قسم کے خطرناک مذاق کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔" پولیس آفیسر کے لہجے کی سختی برقرار رہی۔ "آپ لوگوں کو میرے ساتھ پولیس اسٹیشن چلنا ہو گا۔"

"یہ تو ممکن نہیں۔" میں نے مایوسانہ انداز میں کہا۔ "الماس کی فلائٹ میں اب تھوڑا ہی سا وقت رہ گیا ہے۔ یہ پنڈی جا رہی ہے۔"

"قانون کو مطمئن کئے بغیر یہ کہیں نہیں جا سکتیں۔"

"قانون کو مطمئن کرنے کی کوشش تو صرف میں بھی کر سکتی ہوں۔ الماس کو رخصت کر کے میں آپ کے ساتھ پولیس اسٹیشن چلی چلوں گی۔"

"آپ اس معاملے میں براہِ راست ملوث نہیں ہیں۔"

"کچھ بھی ہو۔" میں نے شائستہ جھٹک کر فیصلہ کُن انداز میں کہا۔ "الماس کی یہ فلائٹ کسی قیمت پر مس نہیں ہو سکتی۔"

"کیا آپ قانون سے نبرد آزما ہونا چاہتی ہیں؟"

"قانون!" میں نے تمسخرانہ لہجے میں کہا۔ "کیا یہ کوئی قانونی معاملہ ہے؟ میں تو یہ بھی نہ کرتی اگر یہ راستہ ہو رہا ہے۔"

ہوئے لوگوں پر پھیلنے لگیں۔

پولیس آفیسر میرا اشارہ سمجھ گیا اور ہجوم سے اپنی اپنی نشستوں پر تشریف لے جائیں۔"

ہجوم کا ہر چہرہ ہماری قربت کا تمنائی نظر جاننے کی خواہش بھی کہ اس بحث کا کیا نتیجہ نکلا بھی پولیس کی ہدایت کو نظر انداز کرنے کی ہمت منتشر ہو گئے تو میں پولیس آفیسر سے بولی۔

"بہتر ہو گا کہ آپ الماس کو نہ روکیں۔ اگر کو نہ دیا تو آپ کے بڑے یہ کام کریں گے۔ اگر اس تو پھر اُن سے بڑوں تک بات پہنچے گی اور ہو گا اگر آپ چاہیں تو میرا کارڈ رکھ لیں۔" میں اپنا پرس کارڈ نکالنے لگی۔

کئی واقعات کی بنا پر محکمۂ پولیس میں مجھ ہو گئی تھی اور جو لوگ میرے صورت آشنا نہیں تھے، ضرور جاننے لگے تھے۔ اسی لئے میرا خیال یہ تھا کہ میرا پولیس آفیسر پگھل جائے گا۔

خیال غلط نہیں ثابت ہوا۔ کارڈ پر نظر ہاتھ کپکپا گیا اور جب کپکپاہٹ ختم ہوئی تو چہرے پھیکے ہوئے جبڑے ڈھیلے پڑ گئے تھے اور آنکھوں پر دھند چھا گئی تھی۔

"ذرا آپ اِدھر تشریف لائیے!" وہ ہاتھ کرتا ہوا بولا اور ایک قدم آگے بڑھ گیا۔

"ضرور۔" میں نے بھی مسکراتے ہوئے اس پولیس آفیسر مجھے دوسروں سے اپنی دو کسی کان تک نہ پہنچ سکے۔

"کیا یہ کوئی خاص معاملہ ہے؟" وہ بڑے بولا۔ "اگر میری کوئی ضرورت ہو تو بلا تکلف بتا آپ کو خوشی ہو گی۔"

"یہ بس اتنا ہی معاملہ ہے جتنا آپ کے علم میں نے مسکرا کر کہا۔ "اس سے زیادہ کچھ نہیں۔"

پولیس آفیسر کے چہرے سے صاف ظاہر پر اعتبار نہیں آیا تھا لیکن اسے اتنی ہمت نہیں ہو کا اظہار کر سکتا۔

بات ختم ہو گئی اور میں الماس کے پاس جا نم

"کیا رہا؟" الماس نے مضطربانہ انداز میں پو

"کچھ نہیں، تم اطمینان سے پنڈی جاؤ۔" میں

"غالباً آپ کو اپنی سرکاری حیثیت ظاہر کرنا پڑ

...رمانی سے تعلق رکھتی ہوں اور اس محکمے کے ...رکھتے ہیں۔

"ان چکروں میں کیوں اُلجھاتی ہو؟"

"کیا پروگرام ہے؟"

"کامران رہوں گی۔ وہ لوگ تو ہاتھ دھو کر آپ کے

"اتنا مجھے خوب آتا ہے۔"

"کراؤ ڈیچ تک کیوں محدود رکھنا چاہتے تھے بانو؟" حال کو اُگل کر گئی۔ گول کرنے کے لئے سہارا مجھے اس ...مالک پر کیا جا رہا تھا، پنڈی جانے والے مسافروں ...ہی کہ وہ طیارے میں پہنچ جائیں۔

...تسلی دلاسہ دے کر رخصت کیا اور جب اس ...میں آ گیا تو میں واپس جانے کے ارادے سے مڑی۔ ...لنگ کریں کاروں کی ایک قطار کے اُس حصے ...ٹاری کھڑی تھی۔ میں اپنے خیالات میں ...ایک پہنچی لیکن دروازے کے ہینڈل پر ہاتھ

...اس برا جمان تھا!

...ی سے بے اختیار نکل گیا۔

...کسی جگہ ڈراپ کر دینا۔" وہ آہستگی سے بولا۔

...ماس لی اور دروازہ کھول کر ڈرائیونگ سیٹ ...ٹ کرتے ہوئے میں فوکس کی دیدہ دلیری پر ششدر ...کا یہ جانشین خاصا فعال آدمی ثابت ہو رہا تھا۔

"کہ تم اس امتحان میں پوری نہیں اُتر سکیں۔"

...ب گاڑی حرکت میں آ گئی۔

...ہوئے خاموشی سے ڈرائیونگ کرتی رہی۔ میں ...نا چاہتی تھی کہ میں اس کی عیارانہ چال کو سمجھ چکی ...ک میں اب بھی نہیں پہنچ سکی تھی کہ اس عیارانہ ...فوکس نے مجھے بے وقوف بنانے کی کوشش کیوں

...کہہ رہا تھا۔" میں اس کی تمام تر ذمے داری تم اصل تمہارے ذہن میں تو یہ خیال ہی نہیں ہو گا ...ں پر ہاتھ صاف کرنے سے پہلے بھی تم کسی خطرے ...مال تو خود میرے ذہن میں بھی نہیں تھا۔ اب ...ی بھیڑ کو تلاش کرنا ہو گا جس نے غداری کی ہے۔ اس بات کا علم کیسے ہو سکتا ہے کہ میں تمہارے ...والی کے پرس پر ہاتھ صاف کرنے والا ہوں!....

یقیناً کسی نے مخبری کی ہے۔ میرے صرف دو آدمیوں کو اس بات کا علم تھا اس لئے میں آسانی سے پتہ چلا لوں گا کہ ان میں سے وہ کالی بھیڑ کون ہے۔"

میں اب بھی کچھ نہیں بولی۔ میں فوکس کو زیادہ سے زیادہ بولنے کا موقع دینا چاہتی تھی کیونکہ میں نے کار اسٹارٹ کرتے وقت چپکے سے ٹیپ ریکارڈر کا ریکارڈنگ سوئچ آن کر دیا تھا۔ اب جو گفتگو ریکارڈ ہونی تھی وہ میں کسی وقت فوکس کے خلاف استعمال کر سکتی تھی۔

"تم اتنی خاموش کیوں ہو عزیز بینو!" فوکس مجھے ٹوک بیٹھا۔

"خاموش نہیں لے ایک طویل سانس لی۔" میں اس لئے خاموش ہوں کہ میرے پاس بولنے کے لئے کچھ نہیں ہے۔"

"کیا تم ہمت ہار بیٹھی ہو؟"

"کس معاملے میں؟"

"ہمارا ساتھ دینے کے سلسلے میں۔"

"لیکن میں امتحان میں ناکام ہو چکی ہوں۔"

"دوسرا امتحان سہی۔"

"کیا مطلب!"

"اگر تم ایک شخص سے دوستی کرنے میں کامیاب ہو جاؤ تو اس ناکامی کا ازالہ ہو سکتا ہے۔"

"کس شخص سے؟"

"اس کا نام شیر بہادر ہے۔"

فوکس کے منہ سے یہ نام سنتے ہی مجھ پر گہرا ردِ عمل ہونا چاہیے تھا لیکن میں نے اپنے جذبات پر قابو پائے رکھا اور خاموشی سے ڈرائیونگ کرتی رہی۔ فوکس شیر بہادر کے بارے میں وہی سب باتیں بتا رہا تھا جو مجھے پہلے ہی رضوان سے معلوم ہو چکی تھیں۔

آخر میں فوکس نے پوچھا۔ "کیا تم شطرنج کھیلنا جانتی ہو؟"

"اگر میں مقابلوں میں حصّہ لینے لگوں تو شاید اپنے ملک کی چیمپین تو بن ہی جاؤں گی۔"

"دیری گڈ! پھر تو تم شیر بہادر سے دوستی کرنے میں بڑی آسانی سے کامیاب ہو سکتی ہو۔ وہ بھی شطرنج کا کھلاڑی ہے اور شام کو بساط جمانے کے لئے کلب ضرور جاتا ہے۔"

"کس کلب میں؟"

فوکس نے ایک کلب کا نام بتایا جس کا میں وہ نام لکھنے سے گریز کر رہی ہوں۔ بس اتنا اشارہ کافی ہو گا کہ وہ کراچی کا مشہور ترین کلب ہے اور میں اس کی باقاعدہ ممبر ہوں۔ یہ اور بات ہے کہ کبھی کبھی باقاعدگی سے وہاں نہ جا سکی ہوں۔

"رات کو نو بجے تک وہ کلب ضرور پہنچتا ہے۔" فوکس نے بتایا۔

"میں آج ہی وہاں اُس سے ملاقات کروں گی لیکن اس سے دوستی کرنے کے بعد مجھے کیا کرنا ہو گا؟"

"یہ بات ہے۔ وقت آنے پر سب معلوم ہو گا۔ کاسلر ہاں! میں تمہیں اتنا اور بتا دوں کہ لیڈی فاروق جب تک کراچی میں ہے، شیر بہادر ہی کی مہمان رہے گی۔"

"اوہو! وہ دونوں ایک دوسرے کو کیسے جانتے ہیں؟"

"یہ تو وہی دونوں بتا سکیں گے۔"

"لیکن تم بھی مجھے ایک بات ضرور بتا سکتے ہو۔"

"وہ کیا؟"

"ڈاکٹر فونگ سی، آئی، اے کا ایجنٹ کیسے بن گیا تھا؟"

میرے اس سوال پر فوکس کے ہونٹوں پر بڑی پُراسرار مسکراہٹ پھیل گئی۔

"کیوں!" میں نے بے چینی سے پہلو بدلا۔ "اس میں اس طرح مسکرانے کی کیا بات ہے؟"

"تم نے اچانک بڑا خیز متعلق سوال کیا ہے۔ گفتگو تو دوسرے رُخ پر ہو رہی تھی۔"

یہ حقیقت ہے کہ میرا سوال اس گفتگو سے میل نہیں کھاتا تھا۔ میں یہ سوال محض اس لئے کر بیٹھا تھا کہ اس کا جواب دے کر فوکس سی آئی اے سے اپنے تعلق کا ثبوت دے بیٹھتا اور یہ بات ریکارڈ ہو جاتی۔

"ہاں۔" میں نے آہستہ سے کہا۔ "میرا یہ سوال واقعی بڑا الگ تھلگ سا تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ گفتگو کے دوران میں یہ بہرحال میرے ذہن میں موجود تھا۔ میں کل ہی سے یہ بات سوچتی رہی تھی کہ جب تم سے ملاقات ہو گی تو میں یہ سوال ضرور کروں گی۔ ذہن میں جب پہلے ہی سے کوئی بات موجود ہو تو گفتگو کے دوران میں وہ بے موقع بھی زبان سے نکل جاتی ہے۔"

"تمہاری توجیہہ قابلِ قبول ہے۔" فوکس مسکراتا رہا۔ "لیکن کیا واقعی تمہارا یہ جواز، حقیقت پر مبنی ہے؟"

میں نے ایک بار پھر بے چینی سے پہلو بدلا۔ "آخر تم میرے ایک سیدھے سادے سوال کو کیا رنگ دینا چاہتے ہو؟"

"میں تو اسے کوئی رنگ نہیں دینا چاہتا۔ ہاں اسے اس کے اصل رنگ میں ضرور دیکھنا چاہتا ہوں۔"

"اصل رنگ سے تمہاری کیا مراد ہے؟"

"چھوڑو اس تذکرے کو۔ ہم اس موضوع پر پھر کبھی گفتگو کریں گے۔ اب تم گاڑی روک دو، مجھے یہیں اترنا ہے۔"

میں نے ایک طویل سانس لی اور میرا دایاں پیر ایکسلریٹر سے ہٹ کر بریک پر پہنچ گیا۔

جب گاڑی رک گئی تو فوکس دروازہ کھولتا ہوا بولا۔ "معاف کرنا مُصیبہ مینو! میں نے تمہیں ایک چھوٹی سی زحمت فراہم کر دی ہے تم اپنے ٹیپ ریکارڈ کا ایک وائر ٹھیک کروا لینا۔ وہ میں نے کاٹ دیا تھا۔ اچھا، گڈ بائی!" اس نے گاڑی سے اتر کر زور دار آواز کے ساتھ دروازہ بند۔

مجھے یوں لگا جیسے کسی نے مجھے پہاڑی دیا ہو۔ فوکس کے اس انکشاف نے میرا جوڑ جوڑ ہلا دیا تھا۔ ریکارڈ کا ایک وائر کاٹ چکا ہے۔

میں ایک ڈیڑھ منٹ تک اس اعصاب کو شش کرتی رہی اور آخر میں فوکس کو زبردست کی اسٹارٹ کر کے چل پڑی۔ وہ کمبخت بلا کا عیار تھا سے پٹا شاید ونگ سے بھی زیادہ شکل ثابت ہو۔ فونگ ایک سفاک آدمی تھا جو ہر لمحہ تھا، جبکہ فوکس کو بڑے ٹھنڈے دل و دماغ کا قسم کے لوگ، فونگ جیسے آدمیوں سے زیادہ یہ المرتبہ ہے کہ اس قسم کے لوگوں کو قابو میں کرنا

میں فوکس کے بارے میں سوچتی ہوئی جب ایک ایمبولینس میری گاڑی کے برابر سے تیز پنڈلی کے زخم کا خیال آیا۔ گو کہ میں تکلیف دہ ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق ایک مرتبہ ڈریسنگ گھر جانے سے پہلے سول ہسپتال پہنچی اور ڈریسنگ

"کل شام کو آپ خود ہی یہ پٹی اتار پھینکیے بعد نرس نے کہا تھا۔

"شکریہ بی بی!" میں نے قبول صورت اور باہر نکل آئی۔

اس روز موسم بڑا خوشگوار تھا۔ آسمان ٹکڑے تیر رہے تھے اور ٹھنڈی ٹھنڈی جذبات سارے ہنگاموں کو بھول کر مدھم سُروں میں نا ڈیفنس تک پہنچنے میں خاصا وقت لگ گیا سے ڈرائیونگ کی تھی۔

میں گاڑی کو پورچ میں کھڑا کر کے اتری لپکتی ہوئی میرے قریب آئی۔

"غزالہ بی بی آئی ہیں۔ ڈرائنگ روم میں بولی۔

"تو اس میں اتنی گھبراہٹ کی کیا بات ہوئے کہا۔

"ان کے ساتھ شبانہ بی بی بھی ہیں۔"

"اوہ!" میرے جسم میں جیسے شراب کی "شبانہ بی بی کی حالت ایسی ہے جیسے فریدہ نے بتایا۔ انہیں شیشی سے اتار کر بستر پر لٹا گیا تھا۔"

سے منہ سے اور میں تیز سے دوڑا روم

ہی۔ میرے ذہن میں بس یہی ایک خیال ابھر ت کر بیٹھی ہے۔

کی میز جھونکے کی مانند ڈرائنگ روم میں داخل سے پہلے شبانہ ہی پر پڑی۔ وہ بڑے صوفے پر ہوتا تھا جیسے سو رہی ہو۔ اس کے قریب، ہوئی ایک رسالے کی ورق گردانی کر رہی نے جیسے سرخوشی کے عالم میں رسالے کو ہوا میں ہو۔

آپ کے خوابوں کی تعبیر حاضر ہے۔"

کیا ہے اس کے ساتھ؟" میں تیزی سے شبانہ کی نبض دیکھنے لگی۔

"یہ حرکت تو نہیں کی ہے۔" غزالہ جھکی۔ "یہ صرف ان گھنٹے میں اسے ہوش آ جائے گا۔"

اب کیا ہے؟"

ریسٹورنٹ میں داخل ہوتی نظر آئی تھی لہٰذا وہ خود بھی ریسٹورنٹ میں پہنچ گئی۔ اس نے مجھے بتایا تھا لیکن یہ اتنی ہمت نہیں کر سکتی تھی ہلاتا اسے میرے ساتھ چائے پینا پڑی اور کی چائے میں ایک سفوف ڈال دیا۔"

ہاں معلوم، وہ میں نے آفتاب سے حاصل اسٹوڈنٹ ہے اور میرے فرمانبردار لوگوں نے ہیں آنکھ دبا کر کہا۔ "بہت دن ہوئے حاصل کیا تھا لیکن اس کے استعمال کی نوبت مہم کی نادر روزگار قسم کی چیزیں جمع کرتے ہیں ہر وقت اپنے پرس میں ڈالے گولی تو کبھی آپ کو میرے پرس میں مل

سر ہلانے لگی۔ "شریر لڑکی! تم تو آفت

تو زندگی بڑی پھیکی ہو جائے۔" غزالہ

یہاں تک کیسے لائیں؟"

شروع کر دیا تھا اور میں اسے فوراً

ریسٹورنٹ سے نکال لائی تھی۔ اپنی ٹیکسی کو سہارا دے کر یہاں تک لانے میں بھی کوئی دشواری

ہوئی۔ وہ سفوف سریع الاثر نہیں تھا۔ یہ ان بعد ہی مکمل طور پر بے ہوش ہوئی ہے۔ راستے میں تو یہ نہ جانے کیا کیا اوٹ پٹانگ بڑبڑاتی رہی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا رہا تھا جیسے یہ شراب کی کئی بوتلیں پی گئی ہو۔"

"خدا کی پناہ غزالہ!..... آخر تمہیں یہ سب کچھ کر گزرنے کی ہمت کیسے ہوئی؟"

"بس آپ کی خاطر سر سے کفن باندھ لیا تھا۔"

"لیکن اس سے فائدہ؟"

"یعنی اب فائدہ بھی بتانا پڑے گا؟" غزالہ آنکھیں نکال کر بولی۔ "کیا اب یہ آپ کے رحم و کرم پر نہیں ہے؟"

"اس سے کیا حاصل!" میں نے ایک خالی صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔ "خوابیدہ بدن اور مُردہ جسموں میں میرے لئے کوئی فرق نہیں ہے اور مُردہ جسموں سے کسبِ لذت کا تصور بھی مجھے کراہیت انگیز معلوم ہوتا ہے۔"

"لو اور سنو!" غزالہ دونوں ہاتھوں سے سر تھام کر قالین پر اکڑوں بیٹھ گئی۔ "یہ تو گویا میری ساری محنت پر پانی پھر گیا!"

"ظاہر ہے کہ تم نے ایک بے ڈھنگا راستہ اختیار کیا۔ اگر تم مجھ سے بات کر لیتیں تو میں تمہیں اس کا مشورہ ہرگز نہ دیتی۔"

"یہ نہیں ہو سکتا۔" غزالہ جیسے غصے میں غرّائی اور ایک جھٹکے سے کھڑی ہو کر بے ہوش شبانہ کو گھورنے لگی۔

"کیا نہیں ہو سکتا؟" میں بولی۔

"میری محنت پر پانی نہیں پھرنا چاہیے۔"

"یہ تو اسی صورت میں ممکن ہے کہ اسے ہوش آ جائے اور یہ میرے اظہارِ محبت پر کوئی احتجاج نہ کرے۔"

"یہی ہو گا۔" غزالہ نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔ "آپ مجھے اجازت دیں اسے اپنی خوابگاہ میں پہنچا دیجئے۔"

"کیوں!"

"بس یہ نہ پوچھیے!"

"تمہارے ارادے تو بہت خطرناک معلوم ہو رہے ہیں۔ بہتیں میں تم کو اس کی بے ہوشی سے کوئی فائدہ نہیں اٹھانے دوں گی۔"

"آپ غلط سمجھ رہی ہیں!" غزالہ ہنس پڑی۔ "یہ میرا وعدہ ہے کہ جب تک اسے ہوش نہیں آئے گا، میں اس کے قریب نہیں جاؤں گی۔"

"آخر تم چاہتی کیا ہو؟" میں اُسے الجھی ہوئی نظروں سے دیکھنے لگی۔

"میں جو کچھ بھی چاہتی ہوں، وہ از خود آپ کے سامنے آ جائے گا اور اب اگر آپ نے مجھ سے کوئی سوال کیا تو میں آپ سے رُوٹھ جاؤں گی۔"

میں چپ رہی۔ ویسے تو میں دل سے یہی چاہتی تھی کہ کوئی سبیل نکل آئے لیکن غزالہ کا رویہ اُلجھن میں مبتلا کر دینے والا تھا۔ اگر وہ مجھے قبل از وقت ہی بتا دیتی تو میرا خیال ہے کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن اس کے سر پر شاید یہ دُھن سوار ہو گئی تھی کہ مجھے مبتلائے تجسس رکھے۔ آخر مجھے اس کی لاج رکھنا پڑی۔

غزالہ نے شبانہ کو میرے بستر پر اس طرح ڈالا کہ مجھے محسوس ہوا جیسے پھولوں کا ڈھیر بکھر گیا ہو۔ وہ شعلہ بدن ساڑی میں ملبوس تھی لیکن اب اس کی ساڑی کا آنچل کہیں تھا اور وہ خود کہیں تھی۔ مینی اسٹائل میں بندھی ہوئی ساڑی نے مجھے جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ اُس زمانے میں ساڑی کا یہ اسٹائل عام نہیں ہوا تھا۔

کافی کا آخری گھونٹ لے کر میں نے شبانہ سے کہا۔ "تو اب میں چلوں!"

"جی ہاں آپ روانہ ہو جائیں۔" شبانہ نے جواباً کہا۔ "میں دس منٹ بعد کمرے سے نکلوں گی اور اپنی گاڑی لے کر پوسٹ آفس پہنچ جاؤں گی۔"

میں چند لمحے تو پُرخیال نظروں سے شبانہ کی طرف دیکھتی رہی اور پھر سر ہلا کر کرسی سے اُٹھ گئی۔ میرا رُخ دروازے کی طرف تھا۔ شبانہ بھی میرے پیچھے پیچھے آئی اور دروازہ کھول کر مجھے رخصت کرنے سے پہلے بولی۔ "کیا آپ کو عقبی راستے کا علم ہے؟"

"ہاں۔" میں نے جواب دیا۔ "میں پہلے بھی دو ایک بار اس ہوٹل میں قیام کر چکی ہوں۔"

"کچھ دیر کے لئے خدا حافظ۔" شبانہ کا لہجہ اتنا پُرجذبہ تھا کہ عادی تھا میرا خیال ہے کہ جب آپ پوسٹ آفس پہنچیں گی تو میں وہاں موجود ہوں گی۔"

میں نے مسکرا کر اُس کا گال تھپتھپایا اور ویران راہداری میں آگے بڑھتی چلی گئی۔ میں کوشش کر رہی تھی کہ میرے قدموں کی آواز اس مہم کے راز کو آشکارا نہ کر سکے۔ میں دھڑکتے دل کے ساتھ اس زینے تک پہنچ

[illegible] ...ی بادبانی قسم کے برابر میں عقبی دروازہ تھا جسے ہوٹل نے فالتو میں کوڑا کرکٹ باہر پھینکنے کے لئے استعمال کرتے تھے۔

چند فٹ کی میری کڑی نگرانی کرنا چاہتا ہوگا لیکن میری دانست میں اس بات کا امکان نہیں تھا کہ وہ عقبی دروازے پر بھی نظر رکھے۔ وہ تو یہی سمجھ رہا ہوگا کہ میں کار کے بغیر تھیا گی کا رخ نہیں کر سکتی لہٰذا اُس نے میری کار پر نظر رکھنا ہی کافی سمجھا ہوگا۔

لیکن یہ سب کچھ سوچ لینے کے باوجود میں پوری طرح مطمئن نہیں تھی۔ میں نے بڑی احتیاط سے دروازے کی چٹخنی نیچے کی اور دروازے کو بس اتنا کھولا کہ جھانک کر باہر کا جائزہ لے سکوں۔ اتنا سا دروازہ کھلتے ہی ٹھنڈک کی ایک زبردست لہر میرے چہرے سے ٹکرائی اور میرے پورے وجود پر پھیلتی چلی گئی۔ میرا جسم کپکپا گیا اور تب مجھے خیال آیا کہ باہر کس غضب کی سردی ہوگی!

میں نے جھانک کر باہر دیکھا۔ تاریکی میں وہ سنسان جگہ عجیب معلوم ہو رہا تھا۔ نشیب میں جھاڑیاں پھیلی ہوئی تھیں اور تیز ہوا سے ہل رہی تھیں۔ کوئی بھی ان میں سے کسی بھاڑی کی آڑ لے کر عقبی دروازے کی نگرانی کر سکتا تھا لیکن سردی کی وجہ سے میں نے اس امکان کو مسترد کر دیا۔ رات بھر اس کھلی فضا میں رہ کر تو آدمی خود ہی منجمد ہو کر رہ جاتا!

دو تین منٹ تک ماحول کا جائزہ لینے کے بعد میں سردی سے مقابلے کی ہمت پیدا کر کے باہر نکلی۔ دروازے کو آہستہ سے بند کیا اور کنڈی لگا دی۔ کنڈی نہ لگاتی تو تیز ہوا سے دروازہ چوپٹ کھل جاتا۔

اب میں نے جلدی جلدی قدم بڑھانا شروع کیے۔ سرد ہوا کے جھونکے میرے کانوں میں سیٹیاں بجا رہے تھے اور ٹھنڈک میرے تمام جسم میں سرایت کرتی جا رہی تھی۔ فرکی، اونی فلالین کوٹ اور دستانوں کے باوجود مجھے ذرا سی دیر میں یوں محسوس ہونے لگا جیسے صرف قمیض شلوار پہنے ہوتے ہوں۔ میں نے سختی سے دانت پر دانت جما لیے تھے ورنہ وہ جلترنگ چھیڑ دیتے۔ میرا چہرہ آہستہ آہستہ سُن ہوتا جا رہا تھا۔ میں نے کچھ اور تیزی سے چلنا شروع کر دیا۔ اس طرح جسم میں کچھ گرمی پیدا ہوتی تو اس ٹھنڈک کا مقابلہ کرنی اور مجھے پوسٹ آفس پہنچنے میں بھی کم سے کم وقت لگتا۔ میں اپنا یہ سفر جھاڑیوں اور پودوں کے درمیان میں چلتے ہوئے طے کر رہی تھی۔ احتیاط کا تقاضا یہی تھا کہ میں کسی مجبوری کے بغیر سڑک کا رُخ نہ کروں۔ گو کہ اس وقت سڑک پر بھی قبرستان ہی کا سا سناٹا ہونا چاہیے تھا، تاہم بعض اوقات کوئی ایسی صورتِ حال بھی پیش آ جاتی ہے جو حدود بعید از قیاس ہو۔

جب میں ڈاک خانے کے سامنے پہنچ کر سڑک پر آئی تو میں نے وہاں ایک کار کھڑی ہوئی دیکھی۔ مجھے علم نہیں تھا کہ شبانہ کے پاس کون سی کار ہے لیکن اس وقت کسی کار کو وہاں دیکھ کر میں اس کے علاوہ کیا سمجھ سکتی تھی کہ وہ شبانہ کی ہوگی۔ میں اُس کی طرف بڑھتی چلی گئی۔ ہوٹل سے یہاں تک پہنچنے میں مجھے آدھا گھنٹہ لگ گیا تھا جبکہ سڑک پر چلی کر میں یہ فاصلہ دس منٹ میں طے کر سکتی تھی۔ ویسے یہ آدھا گھنٹہ میری تر کی تھا اور اس عرصے میں سردی نے میرے حواس گُم کر دیے تھے۔ سیٹیاں بجاتی ہوئی سرد ہوا کے تھپیڑوں نے میرے جسم کو بے حس کر دیا تھا۔

جیسے ہی میں کار کے قریب پہنچی، شبانہ کی آواز سنائی دی۔ "خدا کا شکر ہے کہ آپ آ گئیں۔"

میں نے دیکھا کہ وہ ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھی ہے۔ شاید مجھے دیکھنے کے بعد اپنی طرف کی کھڑکی کے شیشے کیا تھا۔ اگر وہ ایسا نہ کرتی تو مجھے اس کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ کے ہاتی شیشے مکمل طور پر بند تھے۔ "آیئے!" اُس طرف کا دروازہ کھولتے ہوئے کہنے لگی۔

میں گھوم کر اس طرف پہنچی اور اندر بیٹھ کر دروازہ اپنی طرف کا شیشہ بند کرنے لگی۔ مجھے کار میں بیٹھ کر ایسا جیسے نجات مل گئی ہو۔ گو کہ کار کی اندرونی فضا بھی سرد ٹھنڈک سے تو اس کا کوئی مقابلہ ہی نہیں تھا۔

شبانہ بولی۔ "آپ نے یہاں پہنچنے میں آ پریشان ہو گئی۔"

"ہاں۔" میں نے ایک طویل سانس لے اندیشوں اور وسوسوں نے گھیر لیا ہوگا۔"

"میں یہ سمجھنے لگی تھی کہ آپ کو انہی لوگوں نے گھ صدر مملکت تک پہنچنے سے روکنا چاہتے ہیں۔"

"مجھے خود بھی اندازہ نہیں تھا کہ اتنی دیر ہو جا سڑک پر چلتی ہوئی یہاں تک نہیں آنا چاہتی تھی۔" "میں تم نے کوئی غیر معمولی بات تو نہیں محسوس کی؟"

"غیر معمولی بات، کیا مطلب؟"

"کسی نے تمہیں چیک تو نہیں کیا؟"

"ایسی کوئی بات نہیں ہوئی۔"

میں پلٹ کر پیچھے دیکھنے لگی۔ دُور دُور تک کہیں کہیں لوگوں کی گاڑیاں کھڑی ہوئی تھیں مگر اُن نہیں دے رہا تھا۔ ایکڑک پلانز کے کم طاقت لائٹ میں اُونگھتے ہوتے سے محسوس ہو رہے تھے مطلع میں ہلکی ہلکی سی کہر پھیلی ہوئی تھی۔

"اچھا شبانہ! اب اجازت دو!" میں نے کہا ہوں کہ تم نے اتنی زحمت کی میرا خیال ہے کہ میں آجاؤں گی اور تمہاری کار واپس کر دوں گی۔"

"میں خود آپ کو لے کر چل رہی ہوں۔" شبا کا ہاتھ اگنیشن کی پر پہنچ گیا۔

"اوہ!" میرے مُنہ سے نکلا اور میرے حو

حواس درست کیا۔ شبانہ میرے دل کو بھی اسی طرح بھا
ہے میں بھی میرے لئے انبساط کا پہلو موجود تھا۔
ہی گرمجوشی کے ساتھ گویا انگڑائی لی اور پھر پوری
لہ نے گیئر بدلا اور بڑے سبک طریقے سے گاڑی
ل۔

ساتھ تو یہ عزیمت ہی خوشگوار ہو جائے گا۔" میں نے
ا ٹو تھ سیٹ تو تم مجھے ہی سنبھال لینے دو!"
ں سے کیا فرق پڑتا ہے؟"
گی کا راستہ جانتی ہو؟"
رتم تھیا گی گئی ہیں؟"
ا تفاق ہوگا۔"
ں مرتبہ گئی ہوں۔ بُری سے تھیا گی تک کا یہ سارا علاقہ
شاید یہ دعویٰ بھی کچھ زیادہ غلط نہیں ہوگا کہ میں یہاں
واقف ہوں۔ میں ان راستوں پر آنکھیں بند کر کے
ہوں۔"

لئے ایسا غضب نہ کرنا!" میں نے جیسے گھبرا کر کہا۔
افت مجھے اپنی زندگی سے بہت پیارا ہو گیا ہے۔"
ا ڈی سنجیدگی سے بولی۔ "آپ کی یہ باتیں مجھے بڑی
لی ہیں۔"
ور فطری کے بکھیڑے میں الجھتی ہی کیوں ہو! یہ
اپنے والی بہت ہے۔ کیا تمہیں اس خیال سے
ہیں ہوتا کہ ایک عورت تمہیں ٹوٹ کر چاہتی ہے،
نہیں پیار کرتی ہے۔ اپنے جذبوں کی تمام تر شدت
محبت کرتی ہے۔"
شاذ کے لہجے میں زہر گھلا ہوا تھا۔ "جنسی آسودگی
ہی؟"
ا مابعد جنس سے ماورا نہیں ہو سکتا۔ یہ محبت عورت
ے مرد کو، عورت سے مرد کو ہو یا مرد کو عورت
مرد کو ہمیشہ ہی عورت سے ضرورت رہی ہے۔"
لرائڈ کو بہت پڑھا ہے۔ وہ آپ کے ذہن پر

ہی نہیں بلکہ ان سب لوگوں کو بھی پڑھا ہے
ہوں لیکن میں جو کچھ کہہ رہی ہوں، اس پر تھی کی چھاپ
ا ہے کہ بہن کو بھائی سے یا بیٹے کو ماں سے
ہوتی؟ محض اس لئے کہ بچپن ہی سے اُن کے
ں کی آندیں پڑ جاتی ہے اور وہ اس بات
ھ لیتے ہیں کہ ان رشتوں میں جنسی آسودگی کا
ں اس دلیل سے تم سمجھ ہی سکتی ہو کہ میں فرائڈ کے

مفروضات پر ایمان نہیں رکھتی لیکن مذکورہ بالا رشتوں کی محبت میں بھی ذہنی یا جذباتی سطح پر جنسی خواہشات کو تلاش کر لیا تھا۔"

"میرا خیال ہے کہ یہ ایک لاطائل بحث ہے۔" شبانہ نے اُکتا کر کہا۔

مجھے ہنسی آ گئی۔ میں نے ہنستے ہوئے کہا۔ "اس موضوع پر مجھ سے بحث کرنے والے عموماً اسی جملے میں پناہ ڈھونڈتے ہیں۔ اوہ! ذرا آہستہ گاڑی چلاؤ!"

"آپ فکر نہ کریں۔ میں خوب جانتی ہوں کہ مجھے کہاں آہستہ چلانا چاہیے اور کہاں پر میں تیز چل سکتی ہوں۔" شبانہ نے بڑے اعتماد سے کہا۔

میں اپنا پرس کھول کر سگریٹ نکالنے لگی کہ شاید اسی طرح سردی کا کچھ مداوا ہو جائے۔ جب میں نے سگریٹ نکال کر ہونٹوں سے لگائی تو شبانہ جلدی سے بولی۔ "یہ کیا کر رہی ہیں آپ؟"

"تمہیں دُھواں کچھ ناگوار گزرتا ہے؟"

"ناگوار تو نہیں مگر دُھویں سے کار کی فضا گھٹ کر رہ جائے گی۔ سارے شیشے بند ہیں۔ اگر ایک آدھ کھڑکی کھولی گئی تو سردی ...!"

"اوہ!" میں نے ایک طویل سانس لے کر سگریٹ ہونٹوں سے نکالی اور پیکٹ میں رکھنے کی بجائے پرس ہی میں ڈال لی۔

کار مُڑی کی بل کھاتی ہوئی سڑکوں پر دواں دواں تھی۔ کچھ دیر بعد شبانہ بولی۔ "اب ہم مُڑی کی حدود سے نکل چکے ہیں۔ یہ دنیا گلی کا علاقہ ہے۔"

"تمہیں یہاں کے سارے علاقوں کے نام معلوم ہیں؟"

"ہاں۔" شبانہ نے جواب دیا۔ "دنیا گلی کے بعد سوار گلی ہے۔ اس کے بعد خیرا گلی آتے گا، پھر چھانگا گلی، کوزہ گلی، گھوڑا گلی۔ اس کے آگے کنڈ لا پھر ڈونگا گلی پھر تھیا گلی۔"

"میرے خدا! یہاں گلیاں ہی گلیاں ہیں۔ آخر گلی سے مراد کیا ہے؟"

"یہ مقامی زبان کا لفظ ہے۔ پنجابی زبان میں جسے پنڈ اور اُردو میں جسے گاؤں کہتے ہیں، اُسی کو یہاں گلی کہا جاتا ہے۔"

"چلو، تمہارا ساتھ ہونے سے میرے علم میں اتنا اضافہ تو ہوا۔ میرا خیال ہے کہ مجھے تمہاری بتائی ہوئی ترتیب بھی یاد ہے گی۔ ذرا اسے ایک بار پھر دُہرا دو!"

"دنیا گلی، سوار گلی، خیرا گلی، چھانگا گلی، کوزہ گلی، گھوڑا گلی، کنڈ لا، ڈونگا گلی، تھیا گلی۔" شبانہ نے دُہرایا۔

اب مجھے شبانہ کی اس بات پر مکمل یقین آ چکا تھا کہ وہ اس علاقے کے چپے چپے میں خوب گھوم چکی ہے۔ مگر کہیں اس کی بتائی ہوئی ترتیب کی تصدیق کرنے سے قاصر تھی لیکن شبانہ کا لہجہ اُس کی سچائی کا گواہ تھا۔ ممکن ہے اُس سے ایک آدھ جگہ غلطی بھی ہو گئی ہو لیکن ایک آدھ غلطی

کچھ دیر بعد شبانہ نے کہا۔ "اب ہم دیا گلی سے بھی گزر چکے ہیں۔"

میں سر ہلا کر رہ گئی۔ دراصل اب میری خواہش تھی کہ شبانہ سے زیادہ باتیں نہ کروں تاکہ وہ پوری طرح ڈرائیونگ ہی کی طرف متوجہ رہے۔ جو لوگ مری سے نتھیا گلی تک سفر کر چکے ہوں، وہ میرے احساسات کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔ یہ راستہ اتنے خطرناک ہیں کہ کار پر چلنے والے عام لوگوں کی تو سانسیں رکنے لگتی ہیں۔ ایک جانب بلند و بالا پہاڑ اور دوسری جانب میلوں گہری وادیاں جو دن میں سبزے سے ڈھکی ہوئی نظر آتی ہیں۔ سڑک اتنی چوڑی نہیں ہے کہ تین گاڑیاں برابر برابر چل سکیں۔ اگر سامنے سے کوئی گاڑی آجاتے تو کسی ایک گاڑی کو اس حد تک اپنی سائیڈ میں ہونا پڑتا ہے کہ اگر پہیل بھر کے لئے بھی اسٹیئرنگ پر ہاتھ بہک جائے تو گاڑی میلوں گہرے نشیب میں لڑھکتی چلی جاتی ہے۔

موڑ بھی بہت تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ہیں اور پہاڑوں پر چڑھائی ہوتی یہ سڑک تدریج بلند ہوتی چلی جاتی ہے۔ یو ٹرن بے شمار ہیں اور انتہائی خطرناک ہیں۔ ایسے ہر موڑ پر متنبہ کرنے والے الفاظ ضرور لکھے ہوئے نظر آتے ہیں۔

"آپ اچانک خاموش کیوں ہوگئیں؟" شبانہ بولی۔

"خاموشی ہی بہتر ہے۔" میں نے سنجیدگی سے کہا۔ "ان خطرناک راستوں پر زیادہ گفتگو نہیں کرنا چاہیے۔"

"آپ بہت خائف معلوم ہوتی ہیں۔"

"میں نے کہا نا کہ تمہاری رفاقت کے باعث زندگی کچھ زیادہ ہی پیاری معلوم ہونے لگی ہے۔ دیکھو! موڑ آرہا ہے۔"

کار کی ہیڈ لائٹس اس چٹان پر پڑ رہی تھیں جس پر موٹے موٹے حروف میں لکھا ہوا تھا۔ "ہارن دے کر موڑیئے۔" اس عبارت کے ساتھ ہی یو ٹرن کا نشان بنا ہوا تھا۔

شبانہ نے رفتار میں کچھ کمی کرتے ہوئے ہارن دیا۔ جب بھی وہ کسی موڑ پر ہارن بجاتی تھی تو مجھے یوں محسوس ہوتا تھا جیسے میلوں گہری دلوادیاں چیخ اٹھی ہوں۔ سناٹے میں ہارن کی آواز بہت دور تک پھیلتی تھی اور بہت خوفناک محسوس ہوتی تھی۔

جواب میں کوئی ہارن نہیں سنائی دیا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ دوسری طرف سے کوئی گاڑی نہیں آرہی تھی۔ ان راستوں پر عموماً رات کو سفر نہیں کیا جاتا۔

موڑ مڑتے ہی میں نے محسوس کیا کہ یہ چڑھائی کچھ زیادہ ہی واضح قسم کی تھی۔ صاف معلوم ہو رہا تھا کہ کار بلندی کی طرف جا رہی تھی۔

دفعتاً میں چونک پڑی۔ میری نظریں اس وقت نشیب کی طرف تھیں۔ اسی نشیب میں وہ سڑک تھی جس پر چل کر ہماری کار ایک موڑ مڑنے کے بعد اس بلندی پر آئی تھی۔ اس سڑک پر مجھے ایک کار کی ہیڈ لائٹس نظر آئی تھیں۔

"مائی گاڈ!" میرے منہ سے نکلا۔ "یہ تو وہی ہے۔"

"اوہ!" شبانہ کے لہجے میں تشویش تھی۔ "ہم سے غیر متعلق لوگ ہوں۔"

"اتنی رات کو یہ سفر کون کر سکتا ہے!"

"ہم جو کر رہے ہیں۔"

"ہمیں تو ایک اہم کام درپیش ہے۔"

"ان لوگوں کو بھی کوئی اتنا ہی اہم کام ہو۔"

شبانہ کی بات کو قطعی بے وزن، میری چھٹی حس مجھے آنے والے خطرے سے آگاہ کر چکی تھی۔ اب وہ کار ٹھیک ہمارے پیچھے وہ اسی موڑ سے مڑتی جہاں سے ہم مڑے تھے۔ پیچھے آجاتی لیکن وہ وقت آنے سے پہلے ہی مڑ چکی تھی۔ اب ہمیں اس کار کی ہیڈ لائٹس نظر آنا بند ہو گئی تھیں۔ میرے دل نے اب تیزی سے سامنے پھیلے ہوئے اندھیرے میں نظر جمائے، کار میں فوکس ہوا تو میں اس سے کس طرح پیش آؤں۔

"ذرا تیز چلو شبانہ!" میں مضطربانہ انداز میں بولی۔

"تھوڑی دیر پہلے تو آپ کہہ رہی تھیں کہ خوف کم ہو گیا ہے۔" شبانہ کے لہجے میں طنز کی کوئی لہر نہیں تھی۔

"ہاں۔" میں نے پہلو بدل کر کہا۔ "لیکن اب پھر ہے۔"

"کچھ بھی ہو، رفتار نہیں بڑھائی جا سکتی۔ میں ایک حد کے لئے بھی سست رفتاری کو اس بات کا خیال ضرور رکھا ہے کہ حد سے تجاوز کرنے کا مطلب یقینی موت ہوگا۔ اس وقت میل فی گھنٹے کی رفتار سے چل رہی ہے اور اس سے زیادہ ہو سکتی ہے۔"

میں بے بسی سے ہونٹ بھینچ کر رہ گئی۔ ان راستوں پر تو بعض اوقات صرف آٹھ میل فی گھنٹہ سے زیادہ نہیں کیا جا سکتا۔

میں نچلا ہونٹ کاٹتی ہوئی بولی۔ "اگر میں ان لوگوں کے چہرے دیکھ لیتی تو یہ بات طے پا جاتی کہ ان میں سے ہیں یا تمہارے خیال کے مطابق غیر متعلق لوگ ہیں۔"

"اس کار کے اندر روشنی تو شاید تھی!"

"لیکن اتنی بلندی سے ان کے چہرے نہ۔"

"میرا خیال ہے کہ دوربین سے تو تم پل ہا

"کہاں سے آتی!" میں خواہ مخواہ جھنجھلا سی گئی۔ "میری کٹ میں تھی ہوئی ہے۔ اس میں دوربین بھی ہے۔"

خوش ہو کر کہا۔ "لیکن پہلے، میرا مطلب ہے اس کا خا۔"

"یہ بات ہی نہیں تھی کہ ان لوگوں کے چہرے صدیق کی جا سکتی ہے۔" شبانہ نے کہا۔ "خیر! اس قسم کرتے کی کہ وہ کار نشیب میں سامنے سے آتی ہم بلندی پر ہوں گے۔"

ہی ہو۔" میں نے کہا اور اٹھ کر پچھلی سیٹ سے ل کریں نے اندر ہاتھ ڈالا اور دوربین نکال لی۔ علاوہ ایک کیمرہ اور نہ جانے کیا کیا الا بلا بھری ہوئی میں نے بیٹ پھر پچھلی سیٹ پر ڈال دی۔ اس سنسنی خیز اوہ ساب میں ایسا تاؤ پیدا کر دیا تھا کہ ٹھنڈک کے ٹی تھی۔

لگا آپ خواہ مخواہ پریشان ہو رہی ہیں۔" شبانہ بولی۔ طلق لوگ ہوں گے۔ آخر آپ کے دشمنوں کو آپ کی نا ہے؟ ہوٹل سے پوسٹ آفس تک کسی میں کیا اور آپ بھی عقبی دروازے سے نکل کر آتی

م درست کہہ رہی ہو لیکن میں اس معاملے میں غفلت ص اختیار شخص ہے۔ وہ کسی نامعلوم ذریعے سے حاصل کر سکتا ہے۔" میں متفکرانہ انداز میں سامنے

لہ اس بحث کو آگے نہیں بڑھایا اور خاموشی سے پریشان تو اس کے چہرے سے بھی ظاہر ہو رہی لہ سے براہ راست تعلق نہیں تھی لہٰذا اس کی پریشانی ئے قابل میں کچھ بھی نہیں ہوگا۔

بعد ایک ایسا یو ٹرن آیا کہ وہی سچویشن پیدا ا تھا۔ میں نے جلدی سے دوربین آنکھوں سے نشیب میں اس سڑک کی طرف دیکھنے لگی ار اوپر آئی تھی۔ جلد ہی مجھے اس کار کی ہیڈ لائٹس پیچھے آرہی تھی۔ ابھی وہ ہماری کار کے عین نیچے ی وجہ سے مجھے ان دونوں آدمیوں کے چہرے ل پر بیٹھے ہوتے تھے بیکار گئی۔ مجھے یوں محسوس ا ان دو ایک دھڑکنیں فراموش کر دی ہوں کیونکہ ٹ پر بیٹھا ہوا شخص فوکس کے علاوہ کوئی اور

ٹھا دیا۔

"ہوں۔" میں نے دوربین آنکھوں سے ہٹا کر ایک گہری سانس لی۔

"کیا یہ وہی لوگ ہیں؟" شبانہ کا اضطراب ظاہر ہونے لگا۔

"ہاں۔" میں نے آہستہ سے کہا۔ "وہی لوگ ہیں۔"

"جہنمی۔" شبانہ کے منہ سے نکلا۔

"کیا مطلب؟" میں چونک کر بولی۔

"ظاہر ہے کہ وہ شیطان ہی ہوں گے ورنہ انہیں آپ کی روانگی کا علم کیسے ہو سکتا تھا؟"

"ہوں۔" میں نے ایک بار پھر دوربین آنکھوں سے لگائی اور فوکس کی کار کی طرف دیکھنے لگی۔ جو اب ہماری کار کے عین نیچے آنے والی تھی۔

فوکس کے برابر میں بیٹھا ہوا آدمی اوپر، ہماری کار کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"لیکن اب کیا ہوگا!" شبانہ پریشویشن لہجے میں بولی۔

فوری طور پر میں اس بات کا کوئی جواب نہیں دے سکتی تھی اس لئے خاموش ہی رہی۔ فوکس کی کار اب نظروں سے اوجھل ہو چکی تھی لیکن اس کے اوجھل ہونے یا نظروں میں رہنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔ اصل بات صرف یہ تھی کہ ایک عیار شخص ایک خطرناک سے تعاقب میں تھا لیکن اس خطرے کی اہمیت میری نظر میں صرف اس لئے تھی کہ میرا مشن ناکام نہ ہو جائے۔ موت سے تو میں کبھی بھی نہیں ڈری لیکن اس وقت محض اس لئے پریشان تھی کہ اگر میں عدیم المثال مملکت کو وہ اطلاع نہ دے سکی تو اس کے نتائج کیا ہوں گے؟

سطح زمین سے ہزاروں فٹ کی بلندی پر ایک خوفناک ڈرامہ کھیلا جا رہا تھا اور اس ڈرامے کے انجام کی خبر کسی کو بھی نہیں تھی۔ پہاڑوں میں چکراتی ہوئی دو کاریں بلند سے بلند تر ہوتی چلی جا رہی تھیں۔ ایک کار میں صرف دو عورتیں تھیں اور دوسری کار میں چار مرد۔ میں نے اس کار کی پچھلی نشست پر بھی دو آدمیوں کو بیٹھے ہوئے دیکھا تھا۔ وہ دونوں تمام ہی سے تھے لیکن فوکس کے برابر میں بیٹھا ہوا شخص غیر ملکی تھا۔

میں اپنے ذہن پر دباؤ بڑھاتی چلی گئی۔ میں کوئی ایسی تدبیر سوچنا چاہتی تھی کہ جلد از جلد اس خطرے سے چھٹکارا حاصل کر لوں۔

مجھے اس بات نے بڑی تقویت پہنچائی تھی کہ شبانہ ایک ڈیلر شپ کی مالک تھی۔ اگر وہ اس صورت حال سے خوفزدہ ہو جاتی تو اس کے لئے ڈرائیونگ کرنا دوبھر ہو جاتا۔ اگر اس کے ہاتھ کانپنے لگتے تو عین ممکن تھا کہ گاڑی کسی حادثے سے دوچار ہو جاتی۔ وہ اس صورت حال سے پریشان تو ضرور تھی لیکن خائف ہرگز نہیں تھی۔

دفعتاً میں نے اس سے کہا۔ "اب مجھے پھر ویسی ہی سچویشن کا انتظار ہے کہ دشمن کی گاڑی نشیب میں سامنے سے آتی نظر آئے۔"

"کیوں! اب کیا کرنا ہے؟"

...اس لوگوں کو ختم کرنا چاہتی ہوں۔"

"کیسے؟" شبانہ چونک کر بولی۔

"یہ اسی وقت دیکھنا۔"

"آپ قتل کریں گی؟" شبانہ کے لہجے میں پہلی مرتبہ دہشت کی ایک ہلکی سی لہر محسوس ہوئی۔

"ہاں!" میں نے بڑے مضبوط لہجے میں کہا۔ "ایک اجتماعی بھلائی ایک بلند مقصد کے لئے ملک دشمنوں کو ہلاک کرنا کوئی بُری بات نہیں ہے۔"

شبانہ کچھ نہیں بولی۔ آگے ایک موڑ تھا۔ شبانہ نے ہارن دے کر کار موڑ لی۔ کچھ دیر بعد وادی پیچھے رہ گئی۔ اب سڑک کی دونوں جانب بلند و بالا پہاڑ تھے۔ شبانہ نے کار کی رفتار میں بڑی تیزی سے اضافہ کیا کیونکہ اس راستے پر ڈشمن بھی تیز رفتاری کا مظاہرہ کر کے درمیانی فاصلے کو کم کر سکتا تھا۔ کوئی پانچ منٹ بعد ایک بستی کے آثار نظر آتے۔ سڑک کے دائیں بائیں چند دکانیں دکھائی دیں جو بند پڑی تھیں۔

"یہ شاید خیر گاہی ہے!" میں بولی۔

شبانہ نے جواب دینے کی بجائے صرف سر ہلانے پر اکتفا کیا تھا۔ وہ کار کو اس وقت انتہائی رفتار سے دوڑانے کی کوشش کر رہی تھی اس لئے ضروری تھا کہ وہ اپنی تمام توجہ اسٹیئرنگ اور سڑک پر رکھے۔ جلد ہی ہماری کار پھر اپنی خطرناک پیچیدہ راستوں پر پہنچ گئی جہاں زیادہ تیز رفتاری کا مظاہرہ نہیں کیا جا سکتا تھا اب تک ہم غالباً ایک تہائی سفر طے کر چکے تھے۔

"میرا خیال ہے کہ اس قسم کی سچویشن عنقریب آنے والی ہے۔" شبانہ بولی۔

"میں بڑی بے چینی سے اس کی منتظر ہوں۔"

"میں نے کبھی کسی کو قتل ہوتے نہیں دیکھا۔" شبانہ نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"آج دیکھ لینا۔" میرا خیال ہے کہ میرے لہجے میں بلا کی سفاکی تھی۔

آخر وہ موڑ آ ہی گیا جس کا مجھے انتظار تھا۔ کار مڑ کر اسی رُخ پر چل پڑی جدھر سے ہم آتے تھے۔ میں نے دوربین آنکھوں سے لگا لی اور نشیب میں سڑک کی طرف دیکھنے لگی۔ فوکس کی گاڑی آتی نظر آ رہی تھی۔

"کار روک دو شبانہ!" ادھر میرے مُنہ سے یہ الفاظ نکلے اور اُدھر شبانہ کا پیر بریک پر پہنچ گیا۔ کار ایک ہلکے سے دھچکے کے ساتھ رُک گئی اور شبانہ استعجابیہ نظروں سے میری طرف دیکھنے لگی، لیکن مجھے اتنی مہلت حاصل نہیں تھی کہ اس کی نظروں کے سوال کا جواب دیتی۔ میں نے جو کچھ کرنے کے بارے میں سوچا تھا، وہ برق رفتاری کا متقاضی تھا۔ میں دروازہ کھول کر تیزی سے نیچے اتری تو ٹھنڈک کی ناقابلِ برداشت سی لہروں نے مجھے بیقرار کر دیا۔ میں ساری جان سے کپکپا گئی۔ ہوا نے مجھے تھپیڑے لگانا شروع کر دیئے تھے لیکن میں اُسے نظر انداز

...لی ہوئی سڑک کے کنارے پہنچ گئی۔

سڑک کے کنارے چھوٹے بڑے بے ان میں سے بعض اتنے بڑے تھے کہ انہیں پہاڑ قسم کے پتھر پہاڑوں ہی سے ٹوٹ ٹوٹ کر سڑ انہیں راستے سے ہٹا کر کنارے کر دیا جاتا ہے

میں نے ایک ایسے پتھر کا انتخاب کیا سکتا تھا، تاہم وہ خاصا بڑا تھا۔ اُسے اُس کی جگہ سے مجھے پوری قوت استعمال کرنی پڑی۔ شاید میں میں اتنی شقاوت کبھی نہیں کی تھی۔ مجھے اس پتھر کو بڑا تھا لیکن میں اتنا ہی کر کے ہانپ گئی تھی۔ پتھر کنارے سے جا لگا تھا اور اب اسے نشیب کی لئے بہت معمولی طاقت صرف کرنے کی ضرورت

میں نے فوکس کی کار کی طرف دیکھا جو کی رفتار سے بڑھتی چلی آ رہی تھی۔ میں نے زمین کر اُس پتھر کی آڑ میں اس طرح چھپا لیا تھا کہ نیچے مجھ پر نہیں پڑ سکتی تھی۔

شبانہ اس دوران میں کار سے نہیں اتری سے میری حرکات و سکنات دیکھتی رہی ہو گی۔ کا دروازہ کھلنے کی آواز سُنی میں نے یکدم سر تم شبانہ کار سے اترنے والی تھی۔ میں جلدی سے تم کار سے نہ اترو!"

پھر وہ کار سے اُتری تھی یا نہیں؟ اس کا علم نہیں ہو سکا کیونکہ مجھے فوکس کی کار کی طرف مڑتے بالکل قریب آ چکی تھی میرے دونوں ہاتھ پتھر نے یکلخت اپنی پوری طاقت صرف کر کے ا

پتھر کے نیچے گرنے سے گڑگڑاہٹ سڑک پر ایک دھماکہ سا ہوا۔ میرے اندازے کی کار کے ونڈ اسکرین یا چھت پر گرنا چاہیے تھا کو اگر وہ ونڈ اسکرین پر گرا تو اگلی نشست پر آدمی ہلاک یہ بھی ہوتے تو بُری طرح زخمی ہوتے، ممکن تھا کہ اسٹیئرنگ وہیل بھی ٹوٹ جاتا اور کار کا شکار ہو جاتی لیکن اگر وہ پتھر اس کی چھت پر گرتا، کار پر کچھ ایسے ہی ہوتے جن سے میرے مقصد کو تقویت

لیکن یہ سب تو خیالوں کی باتیں تھیں۔ مُنہ پر بڑا بھرپور طمانچہ مارا تھا۔ جب میں نے بھالا چلایا تھا، پتھر جب سڑک پر گرا تھا تو فوکس کی کار اس نکل چکی تھی۔ اپنی اس ناکامی پر میں تلملا کر رہ گئی۔ میں نے دوڑ کر شبانہ کی کار کے قریب پہنچ کر تیزی سے

جیسے وہ پھر بہت پیچھے رہ گئی ہو۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلایا۔

"اگر ہم یہ فرض کر لیں کہ اس کا ڈرائیور مہارت سے ڈرائیونگ نہیں کرتا تو یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ ابتدا میں ہمارا درمیانی فاصلہ یکساں کیوں تھا؟ وہ تو بڑھتا چلا جانا چاہیے تھا جیسے اس وقت بڑھا ہے۔"

"تم بہت دُور کی کوڑی لائی ہو!" میں نے پُرخیال انداز میں اس کی طرف دیکھا۔

"کیا اس کا مطلب یہ نہیں ہوا کہ وہ لوگ ہمارے قریب آنا ہی نہیں چاہتے!"

"لیکن قریب آئے بغیر وہ مجھے نشانے سے کس طرح روک سکتے ہیں؟" میں نے بڑبڑانے والے انداز میں کہا۔ اس عجیب و غریب بات نے مجھے بُری طرح اُلجھا دیا تھا۔

"ممکن ہے آپ کو غلط فہمی ہوئی ہو۔" شبانہ بولی۔

"کیا مطلب!"

"وہ آپ کو روکنا نہ چاہتے ہوں۔"

"پھر کیا میری جہت میں پیچھے پیچھے دوڑے چلے آ رہے ہیں! میں نے مُنہ بنا کر کہا۔

شبانہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اُس کے پاس میرے بات کا کوئی جواب تھا بھی نہیں لیکن میں بھی اُس کی اس بات کوئی جواب نہیں دے سکتی تھی کہ درمیانی فاصلہ کیوں بڑھ گیا؟ شبانہ دلیل بڑی مضبوط تھی۔ اس کی روشنی میں اس کے سوا کچھ نہیں سوچا سکتا تھا کہ فوکس نے درمیانی فاصلے کو جان بُوجھ کر بڑھایا ہے۔ وہ کسی وجہ سے قریب نہیں آنا چاہتا تھا۔ میں غور کرتی رہی کہ وہ وجہ کیا ہو سکتی ہے لیکن کسی نتیجے تک نہیں پہنچ سکی۔ یہ تو میں پہلے ہی جان چکی تھی کہ فوکس بلا کا شاطر تھا اور اب اُس کی چالاکی ایک بار پھر ثابت ہو رہی تھی وہ کسی ایسی اسکیم پر عمل کر رہا تھا جو شاید میرے ذہن میں آ ہی نہیں سکتی تھی۔

جب میری سمجھ میں کچھ نہ آ سکا تو میں فوکس پر تاؤ کھانے لگی۔ اس کمبخت کی وجہ سے اس سفر کا جو الیاتی پہلو بُری طرح غارت ہو گیا تھا۔ شبانہ کی رفاقت سے میں ذرا بھی لطف اندوز نہیں ہو سکی تھی۔

کچھ دیر بعد ایک "ایل ٹرن" آیا۔ ہماری کار کو تی پانچ منٹ تک اس راستے پر چلتی رہی۔ اس کے بعد ایک معمول سا گھاؤ تھا۔ وہاں میں نے پلٹ کر دیکھا تو گزشتہ سے پیوستہ موڑ پر فوکس کی کار کی ہیڈ لائٹ چمک رہی تھیں میرے اندازے کے مُطابق یہ فاصلہ اتنا ہی تھا جتنا پہلے گرفانے سے قبل تھا۔

پندرہ منٹ بعد ایک اسی قسم کا ٹرن آیا کہ میں نشیب میں فوکس کی کار کو آتے ہوئے دیکھ سکتی تھی۔ غالباً اب ہمارا درمیانی فاصلہ

"جلدی کرو!" میں نے کہا۔

شبانہ (زاکار) حرکت میں لے آئی اور بولی "کیا ارادہ ہے؟"

بلندی کے سلسلے اچھے ہیں۔" میں نے دانت پیس کر پڑ گئے۔"

"شبانہ کے مُنہ سے اتنا ہی نکل کر رہ گیا۔ اُس نے کسی قسم احتراز کیا تھا۔ ممکن ہے، اس کی سمجھ میں ہی نہ آ سکا تھا کہ کرنا چاہیے۔

راستہ کچھ بہتر تھا۔ میں نے دیکھا کہ کار کے اسپیڈو میٹر کی سُوئی کے بند سے پرواز رہی تھی۔ ویسے عام حالات میں یہاں سے زیادہ کی رفتار سے ڈرائیونگ نہیں کی جاتی ہو گی۔ اب آیا تو شبانہ کو رفتار کم کرنا پڑی۔ میں نے سر گھما کر پیچھے دیکھا۔ فاصلہ بڑھ رہا تھا۔ اس روشنی کا مطلب یہ تھا کہ فوکس کی پڑ گئی تھی لیکن اس سے پہلے کہ وہ نظروں کے سامنے اپنی کار کو موڑ چکی تھی۔

میں نے نچلا ہونٹ دانتوں سے کاٹنے لگی۔ مجھے اپنے ہی اُوپر سے غصہ آ رہا تھا اور میں دل ہی دل میں اپنے اندازے کو کوس رہی تھی۔ اگر میرا اندازہ غلط نہ ہوتا تو فوکس کی کار تباہ ہو چکی ہوتی۔ اس کا ایک ہمدرد رسال پہلو یہ بھی تھا کہ فوکس کی کار کو جانے کا موقع مل گیا تھا۔ درمیانی فاصلے میں خاصی کمی ہو گئی تھی۔ اور شبانہ اس طرح خاموش بیٹھ گئی تھی جیسے کسی بہت ن سے دوچار ہونے کے بعد اس کا سرگ منائے ہے

اپنا پرس کھول کر اس کے اندر ہاتھ ڈال دیا تھا اور تے پر اپنی گرفت مضبوط کر لی تھی۔ چونکہ فوکس کی گاڑی جانے کا اندیشہ پیدا ہو گیا تھا اس لئے اب کسی وقت بھی مت پیش آ سکتی تھی۔ جس وقت میں نے فوکس کی نے کے لئے پتھر نیچے لڑھکایا تھا، اس وقت دیوانہ جا سکتا تھا لیکن میں وہ اصل اس کے استعمال سے تی۔ اگر میں فائر کرتی تو جواباً اُدھر سے بھی فائرنگ شروع ہوتی۔ میں زخمی ہونے کا خطرہ مول نہیں لینا چاہتی تھی۔ اپنی سلامت رکھنا چاہتا تھا۔ اس فرض سے بکدوش مجھے کسی بھی قسم کا خطرہ مول لیتے ہوئے ہچکچاہٹ

بدھم چھاؤنگلہ گلی سے گزر رہے تھے۔

شبانہ بڑبڑائی۔

میں نے چونک کر پوچھا۔

کھائی نہیں دے رہی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے

...ہا تھا۔ یوں بھی کچھ دیر پہلے اس رُخ پر دیکھا تھا۔ اس طرح یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی کہ فوکس نے درمیانی فاصلے کو جان بوجھ کر بڑھایا تھا۔ اگر ڈرائیونگ میں مہارت کی کمی کے باعث ایسا ہوا ہوتا تو اب اس فاصلے کو اور بڑھ جانا چاہیے تھا۔

"میرے خدا! آخر یہ کیا کرنا چاہتا ہے!" میں بڑبڑایا۔

شبانہ خاموشی سے ڈرائیونگ کرتی رہی۔ اس کے چہرے پر فکر و تشویش کے آثار بدستور موجود تھے۔ اِدھر میرے اعصاب میں بڑا شدید تناؤ پیدا ہو گیا تھا کیونکہ یہ صورتِ حال بڑی ہی اُلجھی ہوئی تھی۔ مجھے یہ احساس تو تھا کہ دشمن کوئی چال چل رہا ہے لیکن اس چال کی نوعیت سمجھ میں نہیں آ رہی تھی۔ میری اس بے بسی کی مثال ایسی تھی جیسے کوئی نابینا شخص سڑک پر چلتے چلتے اچانک کسی تیز رفتار گاڑی کی آواز سُن کر اندازہ لگانے کی کوشش کرے کہ وہ اسے کچلنے کے لئے سر پر پہنچ چکی ہے لیکن اس کی سمجھ میں یہ نہ آ سکے کہ وہ کس طرف ہٹ کر اس گاڑی کی زد سے بچ سکتا ہے۔

جب ہماری کار گڑھے گلی سے بھی گزر گئی تو بہت دیر بعد شبانہ نے اپنے ہونٹوں پر پڑا ہوا قفلِ سکوت توڑا۔ "اب صبح ہونے والی ہے۔ ممکن ہے کہ آپ کے دشمنوں کو اسی کا انتظار ہو۔ شاید وہ کوئی ایسا قدم اُٹھانا چاہتے ہوں جو رات کے اندھیرے میں نہیں اٹھایا جا سکتا۔ یا یہ کہ اندھیرے کی وجہ سے اس اقدام کی کامیابی مشکوک ہو۔"

شبانہ کے بیان کردہ اس نکتے نے مجھے چونکا دیا۔ بات ایسی نہیں تھی کہ سمجھ میں نہ آ سکے لیکن یہ اُلجھن بدستور قائم رہی کہ دن کی روشنی میں ایسا کیا قدم اٹھایا جا سکتا ہے جو رات کے اندھیرے میں نہیں اٹھایا جا سکتا۔

بہرحال اب ضرورت اس امر کی تھی کہ پہلے سے بھی چوکنا رہا جائے۔ میں نے ریوالور پرس سے نکال کر گود میں رکھ لیا اور محسوس کیا کہ شبانہ نے کنکھیوں سے ریوالور کی طرف دیکھا تھا۔ غالباً اُس نے یہ بھی سوچا ہو گا کہ میں ریوالور کے زور پر تنِ تنہا ان لوگوں سے کب تک لڑ سکوں گی۔ اِدھر میرے ذہن میں اب صرف ایک ہی سوال گردش کر رہا تھا۔ دن کی روشنی میں وہ لوگ کیا کر سکتے ہیں؟ دن کی روشنی میں وہ لوگ کیا کریں گے؟ دن کی روشنی میں.....؟ میرے ذہن پر جیسے پتھر برس رہے تھے اور میں بار بار مُڑ کر پیچھے دیکھ رہی تھی کہ فوکس کی کار قریب تو نہیں آ گئی؟

اب اتنا اُجالا ہو گیا تھا کہ دائیں جانب کی بلند و بالا چٹانوں پر کھڑے ہوئے اونچے اونچے درخت نظر آنے لگے تھے لیکن کوئی پرندہ اُڑتا ہوا نظر نہیں آ رہا تھا۔ سردی ہی اتنی تھی کہ وہ اپنے اپنے گھونسلوں میں دُبکے ہوئے ہوں گے۔ کوئی خوخیاتا ہوا بندر بھی اِدھر سے اُدھر اُچھلتا ہوا دکھائی نہیں دے رہا تھا جبکہ دن میں یہاں بندر اور لنگور عام نظر آتے ہیں۔ ترائی کے جنگلوں میں تو ان کی بہتات ہے اور وہاں دوسرے جانور بھی پائے جاتے ہیں اور یہ نہیں آتے۔ گیدڑ بھی کثرت سے ہیں اور رات مزدور سُنائی دیتی ہیں لیکن ہم نے وہ آوازیں اس کہ ہماری کار کے شیشے چڑھے ہوئے تھے۔

ایک ایل ٹرن آیا تو میں نے دیکھا کہ فوکس کی کار ہی دُور تھی۔

"درمیانی فاصلے میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔" میں دیکھتی ہوئی متفکرانہ انداز میں بڑبڑائی۔

"کسی تو ہو بھی نہیں سکتی۔" شبانہ نے کہا۔ "میں آپ کو یہ انتباہی رفتار سے ڈرائیونگ کر رہی ہوں۔ اسی رفتار سے بھی چل رہے ہوں گے۔ اگر اس سے زیادہ تیز رفتار ہو گئے تو مہلک حادثہ اُن کا مقدر بن جائے گا۔ وہ اپنی فاصلہ بڑھا تو سکتے ہیں لیکن میں انہیں اس بات کی دوں گی کہ وہ فاصلے کو کم کر سکیں۔"

"پھر تو گویا..... یہ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں میری اُلجھن شدید تر ہو چکی تھی۔ درمیانی فاصلہ کم نہ ہو میں تو وہ لوگ میرا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے تھے۔

شبانہ نے کار کی ہیڈ لائٹیں بجھا دیں کیونکہ اب نہیں رہی تھی۔ اتنا اُجالا پھیل چکا تھا کہ اردگرد کا ماحول آنے لگا تھا۔

جب ہم گھوڑا گلی سے گزرے تو سُورج کی ا کو چھلکانے لگی تھیں۔ یہاں ہم نے اچھو کا مقامی آ میم کمبلوں میں لپٹے ہوئے تیز تیز قدم اُٹھاتے کسی ہمارے سفر کا دو تہائی حصہ طے ہو چکا تھا۔ یہ بڑے بچکانہ انداز میں سوچا کہ اگر باقی ایک تہائی حصہ سے گزر جاتے تو کتنا اچھا ہوتا!

"اوہ! یہ کیا!" شبانہ کے مُنہ سے نکلا اور ساتھ ایکسلریٹر سے ہٹ کر بریک پر پہنچ گیا۔

سڑک کے بیچوں بیچ، دو بڑے بڑے تھے جو شاید رات ہی میں کسی وقت پہاڑ سے لُ ہوں گے۔ ان پتھروں کو ہٹائے بغیر ہماری کار آگے تھی اس لئے شبانہ کو گاڑی رُکنا ہی پڑی۔

"تم بیٹھی رہو۔" میں ان کو راستے سے ہٹا میں نے شبانہ سے کہا اور کار کا دروازہ کھول کر نیچے سردی کا اب بھی وہی عالم تھا کہ آدمی کی ہڈی ایک پتھر کو راستے سے ہٹانے کے بعد پتھر کے قریب گئی تو میں چونک پڑی۔ اس پتھر پر رکھا تھا اور اس پر ایک چھوٹا سا پتھر رکھ دیا گیا تھا۔

سے پتھر کو ایک طرف دُھکاتے ہوئے وہ کاغذ ی سے اس کی دونوں تہیں کھول ڈالیں۔ اس پر کچھ الفاظ لکھے تھے جسے دیکھ کر مجھے اپنے اعصاب پر مُجھا۔ وہ ایک خط تھا جو فوکس نے مجھے لکھا تھا۔ اس

لط تمہیں ایک ایسی جگہ ملے گا کہ تم حیران رہ ، اس قسم کے ڈرامائی واقعات عموماً تو کہانیوں ا تے ہیں لیکن یہ ڈرامائی حرکت محض اس اہوں کہ تمہارا دماغ جھنجھنا اُٹھے اور تم ذہنی یا ، ہو جاؤ۔ میں تمہیں ذہنی طور پر خوابیدہ ہی ں۔ اگر ایسا ہوتا تو تم اپنا احمقانہ کھیل جاری ہیں۔ اگر کوئی شخص جذباتی ہو جاتا ہے تو میں ل ہی تصور کرتا ہوں۔ تم بھی جذباتی ہو گئی ہو ہذا بیت میں تمہاری بھلائی کا کوئی پہلو ، تمہاری بھلائی صرف اس میں ہے کہ ہم ہم اپنے ذہنوں کی قدر کرنا جانتے ہیں میں ے ساتھ ملانے کے لئے آخری ش کر رہا ہوں۔ آخری مرتبہ اس اگر میری یہ کوشش ناکام ہو گئی تو تم اس دُنیا گی میں یہ خط لکھ کر اپنے ایک آدمی کو ں گا اور وہ اسے لے کر مری سے روانہ ں نے اسے ہدایت کر دی ہے کہ وہ ے کچھ آگے نکلنے کے بعد اس خط کو ں بیچ ایک پتھر پر رکھ دے اور خود ہیں چھپ کر تمہاری نگرانی کرتا رہے۔ ی کر یہ عین بھی دے سکتا ہوں کہ وہ تمہیں گولی ے لیکن میں ایسا نہیں کروں۔ میں تمہیں حالنے کے لئے آخری حد تک کوشش ں۔

ھا چکنے کر میں نے چونکے ہوتے انداز میں اپنی اندھیری نظروں سے اِدھر اُدھر دیکھنے لگی۔ پہاڑ کی بہتات تھی اور جھاڑیاں پھیلی ہوئی تھیں۔ جگہ ں قلتیں جنہیں آڑ میں یہ آسانی چھپا جا سکتا تھا۔

"شبانہ کی آواز نے مجھے چونکا دیا۔ وہ کھڑکی ف کی طرف دیکھ رہی تھی۔

فوکس کی کار تیزی سے بڑھتی چلی آ رہی ہو گی اس خط کا مقصد کچھ دیر تک مجھے رُکنا ہی ہو۔ ستہ دُوسرا پتھر بھی راستے سے ہٹایا اور

کار کی طرف لپکی۔ جلدی سے دروازہ کھولا اور اندر بیٹھتی ہوئی بولی۔ "تیزی سے نکل چلو!"

کار کا انجن اسٹارٹ ہی رکھا گیا تھا۔ شبانہ اسے فوراً حرکت میں لے آئی اور اس کے ساتھ ہی بولی۔ "یہ کیا پڑھ رہی ہیں آپ؟"

"ایک منٹ ٹھہرو! میں ابھی بتاتی ہوں۔" میں نے کہا اور خط کی باقی عبارت پر نظر دوڑانے لگی۔ دُوسرے پیراگراف میں لکھا تھا

میرا اندازہ ہے کہ اس خط تک تم سوا چھ اور ساڑھے چھ بجے کے درمیان پہنچو گی لہٰذا میں نے تمہاری موت کا وقت پونے سات متعین کیا ہے۔ گویا تمہارے پاس سوچنے اور فیصلہ کرنے کے لئے پندرہ منٹ ہوں گے۔ میرا خیال ہے کہ یہ مہلت کچھ ایسی غیر مناسب تو نہیں ہے۔ بہتر ہو گا تم یہ وقت ختم ہونے سے پہلے اپنی کار سے اُتر کر کچھ پیچھے آ جاؤ جہاں میں ایک کار میں تمہارا انتظار کروں گا۔ غالباً گھوڑا گلی پہنچنے تک تم اس بات سے واقف بھی ہو چکی ہو گی کہ تمہارا تعاقب کیا جا رہا ہے۔ اگر تم نے میری اس پیشکش سے فائدہ نہ اٹھایا تو پونے سات بجے وہ کار ایک دھماکے سے اُڑ جائے گی جس میں تم سفر کرنے والی ہو۔ میرا خیال ہے کہ پندرہ منٹ میں تم اس دائم بم کو تلاش کر کے ضائع نہیں کر سکتیں۔

میرے جسم میں سنسنی کی ایک شدید لہر دوڑتی چلی گئی۔ خط کی عبارت بس اتنی ہی تھی اور آخر میں فوکس کا نام لکھا ہوا تھا۔ میری نظر اپنی کلائی کی گھڑی پر گئی۔ چھ بج کر پچیس منٹ ہوتے تھے اور اگر فوکس کی ٹائم بم والی بات درست تھی تو اس کے پھٹنے میں بیس منٹ باقی تھے۔

"کیا بات ہے بانو! آپ بتاتی کیوں نہیں!" شبانہ مضطربانہ انداز میں پہلو بدلتی ہوئی بولی۔

میں نے اسے ٹائم بم کے بارے میں بتا کر دہشت زدہ کرنا مناسب نہیں سمجھا اور کہا۔ "مجھے دھمکی دی گئی ہے کہ اگر میں یہیں سے واپس نہ لوٹ گئی تو میرے خلاف کوئی سخت قدم اٹھایا جائے گا۔"

"یعنی؟"

"اس کی وضاحت نہیں کی گئی۔"

شبانہ کے چہرے پر تشویش کے آثار گہرے ہو گئے پھر وہ بولی۔ "مگر یہ خط یہاں کیسے پہنچ گیا؟"

"شاید وہ لوگ جادو گر ہیں۔" میں جھنجھلاسی گئی۔ دراصل میں چاہتی تھی کہ شبانہ خاموش رہے۔ اگر وہ بولتی رہتی تو مجھے کچھ سوچنے کا موقع نہیں ملتا جبکہ سوچنے اور فیصلہ کرنے کے لئے صرف بیس منٹ باقی رہ گئے تھے۔

"جادوگر؟" شبانہ حیرت سے بولی۔ وہ میرے جواب میں جھنجھلاہٹ کے عنصر کو محسوس نہیں کر سکی تھی۔

"پلیز شبانہ! خاموش رہو! مجھے سوچنے دو! تمہارے تمام سوالوں کے جواب میں بعد میں دوں گی۔" میں نے اپنی جھنجھلاہٹ کو دباتے ہوئے کہا۔

شبانہ نے ایک بار عجیب سی نظروں سے میری طرف دیکھا اور پھر سامنے سڑک پر دیکھنے لگی۔

میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ میں فوکس کی بات کو حقیقت پر مبنی سمجھوں یا محض ایک دھمکی! ..... مجھے زیادہ امکان تو یہی معلوم ہو رہا تھا کہ اس فیصلہ کن اسٹیج پر فوکس جیسا شاطر آدمی دھمکیوں کا سہارا نہیں لے سکتا۔ میں نتھا گلی پہنچ کر جو راز افشا کرنے والی تھی وہ سی آئی اے کی پیشانی پر ایک بدنما داغ بن جاتا جسے عرصہ دراز تک نہیں دھویا جاسکتا تھا۔ ایسی صورت میں فوکس محض دھمکیوں کا سہارا کیسے لے سکتا؟

میں نے خط کو توڑ مروڑ کر اپنے گریبان میں ڈالا اور کار کا جائزہ لینے لگی۔ سب سے پہلے میں نے ڈیش بورڈ کے خانے کھول کھول کر دیکھے حالانکہ اتنی سامنے کی جگہ پر ٹائم بم نہیں ہو سکتا تھا۔ فوکس نے کس مضبوطی ہی کی بنا پر یہ دعویٰ کیا ہوگا کہ میں اتنے کم وقت میں ٹائم بم تلاش نہیں کر سکتی۔

"آخر آپ کیا ڈھونڈنے لگیں!" شبانہ حیرت سے بولی۔

"عافیت۔" میرے منہ سے بے ساختہ نکل گیا۔

"کیا مطلب!" وہ حیرت سے میری طرف دیکھنے لگی۔

"میں کوئی ایسی چیز ڈھونڈنا چاہتی ہوں جو اس آڑے وقت میں کام آسکے۔"

میرا جواب اب بھی الجھا ہوا تھا اس لئے شبانہ کے چہرے سے حیرت کے آثار ختم نہیں ہو سکے۔

"ذرا مجھے وہ خط تو دکھائیے!" وہ بولی۔

"ڈیش بورڈ کرتے ہوئے خط پڑھو گی تو کار نیچے جا گرے گی۔"

میرے جواب میں اتنا وزن تھا کہ شبانہ پھر کچھ نہ کہہ سکی لیکن اس کے چہرے سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ مطمئن نہیں ہو سکی تھی۔ اسے بڑا توہمی شبہ ہو گیا تھا کہ خط میں کوئی خاص بات تھی جسے میں نے چھپا لیا تھا۔

میں نے کوئی اور اوٹ پٹانگ بات کہنے سے بہتر سمجھا کہ خاموش ہو جاؤں۔ ویسے بھی سوچنے کے لئے خاموشی ضروری تھی۔ ڈیش بورڈ کے خانے دیکھنے کے بعد میں نے ٹائم بم کی تلاش ترک کر دی تھی۔ مجھے ایسا کرنا تضیع اوقات معلوم ہوا تھا۔ اگر فوکس نے دعویٰ کیا تھا کہ میں اتنے کم وقت میں ٹائم بم تلاش نہیں کر سکتی تو اس کا مطلب یہی تھا کہ میں واقعی کامیاب نہیں ہو سکتی تھی۔

اب سامنے سے کچھ سجھنے میں ایک منٹ تھا چھ بج کر اکتیس منٹ پر میں نے ایک فیصلہ کی روشنی میں فوری طور پر شبانہ سے کار روکنے کے لئے بحث تھا۔ میں نے مڑ کر دیکھا لیکن فوکس کی کار کا کہا شبانہ نے بھی شاید اب خاموش رہنے کی لیکن پانچ منٹ بعد وہ بولے بغیر نہیں رہ سکی "ا گزر رہے ہیں۔" اس نے کہا تھا۔

میں اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرنے گی۔ بظاہر یہ بڑی خوش کن بات تھی کہ ہم نتھا گلی گئے تھے اور اب بیچ میں صرف گھوڑا گلی کا علاقہ لیکن یہ بات ناممکن تھی کہ یہ سارا فاصلہ فوکس کی ایبل ٹرن پر میں نے دیکھا کہ فوکس کی فاصلے سے ہمارے تعاقب میں لگی ہوئی تھی۔ میں دانت پیسے اور مجھے اعتراف ہے کہ میری یہ حر کامنہ بولتا ثبوت تھی۔

"بانو!" شبانہ کے لہجے میں بڑی گہ

"آں!" میں چونک کر اس کی طرف دیکھ

"خدارا بتا دیجئے کہ اس خط میں کیا لکھا تھا میں کہیں بیچ چوراہے عادتہ نہ کر بیٹھوں۔ میرا دھیان بٹا ہوا ہے۔"

"بس پانچ منٹ اور صبر کرو!" میں نے کہا۔

وہ اپنے ہونٹ بھینچ کر خاموش ہو گئی

پہاڑوں پر اب دھوپ پھیلنے لگی تھی اثرات سے محفوظ ہونے کا موقع ہی نہیں تو کوئی بھی چیز ذہن پر خوشگوار اثرات مرتب وادی کے اس پار دور دراز کی پہاڑ برف اب صاف نظر آنے لگی تھی۔ اردگرد ہوں گے عمران کی طرف توجہ دینے کی فرصت فوکس کے بیان کے مطابق ہم باقی رہ گئے تھے میرے دل کی دھڑکنیں پر عمل درآمد کا وقت بہت قریب آچکا تھا کچھ ایسی تھی جیسے کوئی تار کستے کستے ٹوٹ ہو گیا ہو۔

سات بجنے میں اٹھارہ منٹ باقی میں نے بڑی تیزی سے کہا۔ "گاڑی روک میرے لہجے کی کیفیت کچھ ایسی تھی بریک کو پوری طاقت سے دبا دیا۔ ٹائر

408

کی اور اس کا انجن بند ہو گیا۔

"ہمی سے چھلانگ آؤ!" میں اپنی طرف کا دروازہ کھولتی ہوئی گاڑی میں رکھا ہوا بم اب پھٹنے ہی والا ہے۔"

"شبانہ چیخ اٹھی اور اس کے چہرے سے ایسا معلوم کی سانسیں رُک گئی ہوں لیکن دوسرے ہی پل میں اُس وہ اتنی تیزی سے دروازہ کھول کر اُتری کہ گرتے گرتے کی طرف پہنچ چکی تھی۔ میں نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے شیب کی طرف بڑھی۔

"..... ادھر کہاں!" شبانہ ہانپتی ہوئی بولی۔ کے لئے یہاں اور کوئی جگہ نہیں ہے۔" میں نے

اب شبانہ کا دم نکلنے لگا ہوگا کہ ہمیں اس نشیب وہ نشیب کوئی معمولی نشیب نہیں تھا۔ ذرا سی بھی ہاتی تو ہم دونوں میلوں گہری وادی میں لڑھکتے چلے پہنچنے کے بعد ہمارے جسموں کے ٹوٹے

فوکس کی کار دکھائی نہیں دے رہی تھی میرے ہاتی اسے دو موڑ پیچھے ہونا چاہیے تھا۔

شبانہ نے ایک جھاڑی کو پکڑا اور بہت احتیاط سڑک سے نشیب میں اُتر گئے۔ یہ کوئی چار مرلے کی یہاں ہم دونوں نے قدم جماتے تھے۔

اب چھ بج کر چوالیس منٹ کا اعلان کر رہی تھی۔ ایک منٹ باقی تھا لیکن وہ ہم ایک منٹ پہلے مارہ آتنا زوردار تھا کہ پہاڑ سے کئی پتھر ڈھکتے ماسے کچھ ٹوٹے اُڑ کر نشیب میں بکھر گئے کار کا ڈھانچہ اچھل کر سڑک کے کنارے تک نشیب میں اتر گیا۔ کار نشیب کی طرف

اہلے کھڑی ہوئی تھیں۔ شبانہ کا چہرہ سفید پڑ تھیں جو شعلوں میں گھری ہوئی تھی اور ف جھکتی ہی چلی جا رہی تھی۔

اس خیال سے سنسنا رہا تھا کہ ہم وقت کا تھا۔ اس کا مترجم مطلب یہ تھا کہ میری اور ملٹ کا فرق تھا۔ اگر یہی فرق تین چار میرے اور شبانہ کے جسموں کی کیا حالت

اہلتا ہوا ڈھانچہ نشیب کی طرف جھکتے لڑھکتا ہی چلا گیا۔

میں نے پچھلے موڑ کی طرف دیکھا جہاں سے فوکس کی کار سامنے آسکتی تھی۔ میں اور شبانہ ایک گھنی جھاڑی کی آڑ میں تھے۔ اس نے امکان نہیں تھا کہ ہمیں دیکھ لیا جاتا۔

فوکس کی کار اُس جگہ سے کچھ پیچھے رُکی جہاں شبانہ کی کار جھلک سے اُڑی تھی۔ فوکس اور اس کے ساتھی بڑی تیزی سے دروازے کھول کھول کر کار سے اُترے تھے۔ وہ سڑک کے کنارے کھڑے ہو کر نشیب میں اُس طرف دیکھنے لگے جہاں شبانہ کی کار کا جلتا ہوا ڈھانچہ لڑھکتا چلا جا رہا تھا۔

فوکس اپنے ساتھیوں سے کچھ کہنے لگا۔ میں اس کی آواز تو نہیں سن سکی لیکن میں نے اُس کے چہرے پر ایسی کے تاثرات دیکھے۔ ان تاثرات سے اس بات کی بھی غمازی ہو رہی تھی کہ فوکس کو میری "موت" پر افسوس ہوا تھا۔

وہ لوگ چند لمحے تو متجسس نظروں سے اِدھر اُدھر دیکھتے رہے اور پھر واپس اپنی کار میں جا بیٹھے۔ انجن اسٹارٹ ہوا اور کار حرکت میں آگئی۔ میرا خیال تھا کہ وہ لوگ واپسی کا قصد کریں گے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ کار سیدھی بڑھتی چلی گئی اور اگلے موڑ پر پہنچ کر میری آنکھوں کے پردے سے غائب ہو گئی۔

شبانہ مجھ سے چمٹی ہوئی تھی اور مجھے اس کے بدن کی لرزش کا احساس ہو رہا تھا۔ یہ لرزش اس بات کی غماز تھی کہ دھماکے نے اس کے اعصاب پر بُرا اثر ڈالا تھا۔ میں سردی کو اس لرزش کا سبب ماننے کے لئے تیار نہیں تھی کیونکہ اس خوفناک حادثے کے باعث دھیان کسی دوسری طرف جا ہی نہیں سکتا تھا اور جب تک ذہن کسی بات کا احساس نہ کر لے، اُس وقت تک جسم پر اس کے اثرات مرتب نہیں ہوتے۔

میں اس طرح شبانہ کی پیٹھ تھپکنے لگی جیسے اس کی ڈھارس بندھانا چاہتی ہوں۔ میری نظریں نشیب میں اُس طرف گئیں جہاں کار کا شعلوں میں لپٹا ہوا ڈھانچہ لڑھکا تھا۔ میں نے اسے تقریباً ڈیڑھ دو میل کی گہرائی میں دیکھا۔ وہ انتہائی گہرائی میں پہنچنے سے پہلے ہی کسی سطح جگہ پر رُک گیا تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ وہ کوئی سطح جگہ نہ ہو بلکہ کوئی بہت بڑا پتھر یا درخت رُکاوٹ بن گیا ہو۔ بہرحال اب وہ مجھے ایک چھوٹا سا شعلہ نظر آرہا تھا جس کے اوپر دھوئیں کی لکیریں چکرا رہی تھیں۔

دفعتاً مجھے نشیب میں، چھوٹے چھوٹے مکانوں کی چھتیں نظر آئیں۔ ان مکانوں کی تعداد بیس پچیس سے زیادہ نہیں تھی۔ پہاڑی لوگوں کی اس بستی کو دیکھ کر میں کچھ سوچنے پر مجبور ہو گئی۔

"بانو!" شبانہ کی آواز تھرتھرا رہی تھی۔

میں چونک پڑی کیونکہ چند لمحے کے لئے میں خود کو تنہا محسوس کرنے لگی تھی۔

"یہ کیا ہُوا ہے بانو!" شبانہ پھر بولی۔ "مجھے یوں محسوس ہو رہا ہے جیسے میں کوئی بھیانک خواب دیکھ رہی ہوں۔"

"شبی!" میرے لہجے میں گمبھیرتا سمٹ آئی تھی۔ "ہم ایک بھیانک حقیقت سے دوچار ہیں۔ ہماری منزل اب اس لحاظ سے بہت دُور ہو گئی ہے کہ ہمارے پاس کوئی سواری نہیں ہے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی باعثِ تشویش ہے کہ میرے دشمن وہاں سے لوٹ جانے کی بجائے آگے بڑھ گئے ہیں۔ اب اگر ہم نے پیدل ہی بڑھنا شروع کر دیا تو اس کا اندیشہ ہے کہ آگے کسی جگہ ان لوگوں سے مڈبھیڑ ہو جائے۔"

"ہوں۔" شبانہ اس طرح میری طرف دیکھنے لگی جیسے اس مسئلے کا حل میری ہی زبان سے سُننا چاہتی ہو۔

"وہ دیکھو!" میں نے نشیب میں نظر آنے والی بستی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "وہ پہاڑی لوگوں کی بستی معلوم ہوتی ہے۔"

شبانہ نے اُس طرف دیکھا اور پھر سر ہلاتی ہوئی بولی۔ "ہاں، ہے تو۔"

"اور جہاں تک مجھے معلوم ہے، یہ پہاڑی لوگ خچروں پر سفر کرتے ہیں۔"

"لیکن سب کے پاس خچر نہیں ہوتے۔ یہ پہاڑی لوگ بہت غریب ہیں۔"

"پوری بستی میں دو ایک کے پاس تو خچر ہوتے ہی ہوں گے!"

"یہ بات بھی یقین سے نہیں کہی جا سکتی۔"

"یقین سے نہیں، مگر امکان تو ہے!"

"ہاں امکان کو تو مسترد نہیں کیا جا سکتا۔"

"تو پھر میں اس امکان کا جائزہ ضرور لوں گی۔" میں نے فیصلہ کُن لہجے میں کہا۔ "دراصل اس سڑک پر پیدل چلنا مجھے بہت ناخوش گوار نظر آ رہا ہے اور مجھے یہ بھی شبہ ہے کہ فوکس مطمئن نہیں ہو سکا۔"

"کیا مطلب!"

"دراصل اسے شاید آخری لمحوں میں یہ خیال آ گیا ہے کہ میں بم پھٹنے سے قبل کار سے اُتر کر کسی جگہ چھپ سکتی ہوں۔ اپنے اس خیال کی تصدیق کے لئے وہ آگے جا کر کسی جگہ رُک گیا ہو گا اور ہمارا انتظار کر رہا ہو گا۔"

"ہوں۔" شبانہ پریشان نظر آنے لگی۔

"لہٰذا۔" میں نے پھر پہلے ہی کے سے فیصلہ کُن لہجے میں کہا۔ "ہم سڑک پر آگے بڑھنے کی بجائے نشیب میں اتر کر اس بستی تک پہنچیں گے اور وہاں سے خچر لے کر دوبارہ بلندی کی طرف بڑھیں گے۔"

"لیکن وہ لوگ اپنے خچر ہمیں کیوں دینے لگے؟"

"پیسے کی طاقت سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔"

"ہاں، یہ طاقت تو بات بن جائے گی۔ جن ہوتے ہیں، وہ خچروں ہی کو اپنا ذریعۂ آمدنی بناتے ہیں۔"

"وہ کیسے؟"

"مثال کے طور پر، یہاں سے کچھ دُور ایک پہاڑی جانی کہا جاتا ہے۔" شبانہ نے بتایا۔

"مجھے معلوم ہے۔ میں نے سُنا ہے کہ لوگ چڑھتے ہیں۔"

"اور اس کے لئے انہیں خچروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ضرورت، وہ مقامی لوگ پوری کرتے ہیں جن کے خچر ہیں۔"

"بس تو پھر اگر اس بستی میں دو ایک خچر مل جائے گی۔"

"لیکن....." شبانہ کسی قدر خائف نظروں سے طرف دیکھنے لگی۔

"کیوں!" میں نے غور سے شبانہ کے چہرے کا جائزہ لیا اور پھر بولی۔ "شاید تم اس لئے ڈر رہی ہو کہ خطرناک ہے۔"

"کیا یہ آپ کو خطرناک نہیں معلوم ہو رہا ہے؟"

"خطرناک تو ہے لیکن اس خطرے کو مول لئے بغیر ہم کر بھی کیا سکتے ہیں۔ یہ ممکن تو ہے کہ میں تمہیں ہم دونوں اور تم کسی گزرنے والی گاڑی سے لفٹ طلب کرنے کے لئے سڑک پر کھڑی ہو جاؤ۔ لیکن خطرہ یہ ہے کہ تم ہمیں دشمنوں کے چنگل میں پہنچا دو۔ میں پوچھ گچھ کرنے کے لئے تمہیں گھیر سکتے ہیں۔"

شبانہ بڑی بے بسی سے میرا منہ تکنے لگی۔ ہم سڑک پر سناٹا چھایا ہوا تھا۔ ابھی تک وہاں کوئی گاڑی نہیں گزری تھی۔ کار کے جلتے ہوئے ٹکڑوں میں بجھ گئے تھے۔

"آؤ!" میں نے شبانہ کا ہاتھ دبا کر کہا۔ "اب یہی چاہیے۔"

شبانہ کے چہرے سے خوف اور جھجھک ہو رہی تھی لیکن بالآخر اس نے بھی محسوس کر لیا کہ اس کا چارہ کار نہیں ہے۔

نشیب کا یہ سفر بلاشبہ بڑا خطرناک تھا۔ ہمیں ہزاروں فٹ کی گہرائی میں پہنچا دینے والا راستہ بڑے ہوتے آہستہ آہستہ نیچے اترتے ہوئے

جانا پڑ رہا تھا جہاں چٹانیں عمودی حالت میں تھیں۔ ان سے بھی الجھنا پڑ رہا تھا۔

سورج نہیں تھا اس لئے دھوپ بہت نکھری ہوئی تھی اس کی وجہ سے ٹھنڈک میں معتدبہ کمی ہو گئی تھی لیکن اوجھ کراچی کا انتہائی سرد موسم بھی اس ٹھنڈک کو مات نہ دیتا تھا۔

کافی کم فاصلہ ہم نے کوئی آدھے گھنٹے میں طے کیا ہو گا کہ شبانہ ہانپنے لگی تھی۔

شدت سے احساس تھا کہ بڑا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے لیکن شبانہ کی حالت دیکھ کر مجھے رُکنا ہی پڑا۔ وہ گھٹنوں میں منہ دے کر بیٹھ گئی اور میں سر اُٹھا کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔

تھوڑی دیر بعد منہ سے نکلا۔ "کچھ لوگ جاتے حادثہ پر پہنچ گئے۔"

شبانہ نے چونک کر گھٹنوں سے سر اٹھایا اور اُوپر دیکھنے لگی۔ ایک بس کھڑی ہوئی نظر آ رہی تھی۔ ایبٹ آباد کی طرف سے اُس بس کے مسیحی مسافر نیچے اُتر آئے تھے اور حادثہ کا جائزہ لے رہے تھے۔ ان کی نظریں نشیب میں اُسی طرف تھیں جہاں شبانہ کی کار کا ڈھانچہ ایک شعلے کی مانند دہک رہا تھا۔ وہ آپس میں باتیں بھی کر رہے تھے لیکن ظاہر ہے ہم تک نہیں پہنچ سکتی تھیں۔ بس اُن کی حرکات و سکنات سے جوش و خروش کا اظہار ہو رہا تھا۔

شبانہ کو ایسی پوزیشن حاصل تھی کہ وہ لوگ ہمیں دیکھ سکتے تھے۔ ویسے بھی اُن لوگوں کو اِدھر اُدھر دیکھنے کا ہوش تھا نہ توجہ کار کے شعلے ہی کی طرف تھی۔ وہ سمجھ رہے تھے کہ کار میں کوئی شخص بھی نشیب میں اترنے کی ہمت نہیں کرے گا۔ وہ لوگ پھر بس میں جا بیٹھے اور بس حرکت میں آ گئی۔ وہ کسی قریب ترین بستی تک پہنچ کر وہاں سے پولیس کو اِدھر بھیجتے۔

ہم نے اپنے دل میں کہا۔ ہمیں اس امدادی پارٹی کی آمد سے قبل یہ نشیب طے کر لینا چاہیے۔ میں شبانہ کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔ "اب ہمت کرو!"

شبانہ اُٹھی اور ہم نے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر پھر اترنا شروع کر دیا۔ یہ ایک ایسا سفر تھا کہ اگر ہم نے موٹے کپڑے پہن رکھے ہوتے تو ہمارے جسم جگہ جگہ سے چھل جاتے۔ گھاس اور خاردار جھاڑیوں نے ہمیں نقصان پہنچانے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔

جب ہم بستی کے قریب پہنچے تو شبانہ بُری طرح نڈھال ہو چکی تھی۔ بستی کے کچھ لوگوں نے ہمیں دیکھا تو دوڑتے ہوئے قریب آ گئے۔ وہ بڑی حیرت سے ہمیں دیکھ رہے تھے۔ اُن میں سے ایک نے ہم سے کچھ کہا۔ ظاہر ہے، کوئی سوال ہی کیا ہو گا لیکن وہ سوال میری سمجھ میں نہیں آ سکا۔ میں اُن کی زبان سمجھنے سے قاصر رہی تھی۔

شبانہ نے اپنی بوجھل سی پلکیں اُٹھا کر سوال کرنے والے کی طرف دیکھا اور پھر انہی لوگوں کی زبان میں کچھ بولنے لگی۔ مجھے اس بات سے بڑی تقویت کا احساس ہوا کہ شبانہ ان پہاڑوں میں بولی جانے والی زبان سے اچھی طرح واقف تھی۔

دو چار باتوں کے تبادلے کے بعد شبانہ نے مجھ سے کہا۔ "میں نے ان لوگوں کو بتایا ہے کہ ہماری کار ایک حادثے کا شکار ہو گئی ہے لیکن ہم معجزانہ طور پر بالکل صاف بچ گئے ہیں۔ ان لوگوں کو میری بات پر یقین آ گیا ہے۔ ان پہاڑوں میں رہنے والے بہت سادہ لوح ہوتے ہیں۔ اب ان میں سے ہر ایک کی خواہش ہے کہ وہ ہم دونوں کو اپنے گھر لے جائے اور ہماری خاطر مدارات کرے۔"

"لیکن ہم یہاں خاطر مدارات کرانے نہیں آئے ہیں۔" میں نے مضطربانہ انداز میں کہا۔

"یہ ستانے کے لئے کچھ دیر تو رُکنا ہی ہو گا۔ پھر یہ کہ وہیں گل پاٹے کو بھی بُلا لیا جائے گا جس کے پاس دو خچر ہیں۔"

"گل پاٹے!" میں نے استعجابیہ انداز میں کہا۔ "کیا یہ کسی کا نام ہے؟"

"ہاں، اِن پہاڑی لوگوں میں عجیب عجیب نام ہوتے ہیں۔ یہ گل پاٹے، دو خچروں کا مالک ہے۔ اس بستی میں صرف اُسی کے پاس خچر ہیں۔"

"فائن!" میں نے کہا۔ "اگر یہ تقدیر ہمارے ساتھ ہے۔"

"اب یہ بتاؤ جی کہ ہم ان میں سے کس کے مہمان بنیں۔"

"تم جسے چاہو، منتخب کر لو!" میں نے اُن چھ آدمیوں پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے کہا۔

شبانہ ایک ادھیڑ عمر آدمی سے مخاطب ہو کر کچھ کہنے لگی۔ باقی لوگوں کے چہروں پر مایوسی چھا گئی۔ دراصل یہ غریب لوگ شہر سے آنے والوں سے یہ توقع ضرور رکھتے ہوں گے کہ انہیں اُن سے کچھ بخشش ضرور ملے گی۔

ہمیں ایک چھوٹے سے مکان میں لے جایا گیا جہاں ایک الاؤ دہکا ہوا تھا۔ اس کی گرمی سے وہاں کی فضا بڑی خوشگوار ہو گئی تھی۔ شبانہ تو وہاں پہنچتے ہی اس طرح ڈھیر ہو گئی جیسے اب کبھی نہیں اُٹھ سکے گی۔ میں نے اپنے دستانے اُتار کر ہاتھ الاؤ کی طرف پھیلا دیئے اور یوں محسوس کرنے لگی جیسے میری انگلیوں پر برف جمی ہوئی تھی جو گرمی سے آہستہ آہستہ پگھلنے لگی۔

اہلِ خانہ ہمیں چھوڑ کر باہر چلا گیا تھا۔

میں تاریخی شعلوں پر نظریں جمائے ہوئے اپنی اس مہم کے بارے میں سوچ رہی تھی جس میں مجھے سخت مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ موجودہ صورتِ حال تو میرے بعید ترین اندیشوں کی زد میں بھی نہیں آتی تھی اور اسی لیے میرا اضطراب دو چند ہو گیا تھا۔ میں نہیں جانتی تھی کہ پتھروں پر بیٹھ کر تھیا گلی پہنچنے میں کتنا وقت لگے گا۔ وقت، جو بہت قیمتی تھا۔ اُس کے ایک ایک لمحے کی قیمت کوئی مجھ سے پوچھتا! وہ میرے وطن کی تاریخ کے اہم ترین لمحات تھے اور میں انہیں خائف ہوتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔ مجھے جلد از جلد صدر مملکت تک پہنچنا تھا اور انہیں بھارتی یلغار کے بارے میں اطلاع دینی تھی۔ اب تو وہ یلغار ہونے میں بہت کم وقت رہ گیا تھا۔ مشکل سے بیس گھنٹے باقی تھے۔

میں ان خیالات سے اُس وقت چونکی جب شبانہ نے مجھے پکارا۔ میں نے دیکھا کہ اب اہلِ خانہ بھی وہیں موجود تھا۔ وہ ہمارے لئے کچھ کھانے پینے کی چیزیں لے کر آیا تھا، گویا ناشتہ!

"اس بھاگ دوڑ میں میری بھوک تو خاصی کھل گئی ہے۔" شبانہ بولی۔

"کام کا کیا رہا؟" میں نے اُس سے پوچھا۔

"کس کام کا؟"

"گل پلاڑے۔"

"اتھاہ۔" شبانہ یہ کہہ کر اہلِ خانہ سے مخاطب ہو گئی اور دو ایک باتیں کرنے کے بعد مجھ سے بولی۔ "وہ آتا ہی ہو گا۔"

"بڑا قیمتی وقت گزر رہا ہے۔" میں اپنی گھڑی پر نظر ڈالتی ہوئی بولی۔

"مجبوری ہے۔" شبانہ نے کہا۔ "کم از کم آپ کے ذہن پر یہ بوجھ تو نہیں ہو گا کہ آپ نے کوئی لغزش برتی۔ حالات کی ستم ظریفی کا مقابلہ تو کوئی نہیں کر سکتا۔"

میں سر ہلا کر رہ گئی۔ اہلِ خانہ نے شبانہ سے کچھ کہا اور باہر چلا گیا۔

"آیئے۔" شبانہ نے کھانے کے تھال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "گو کہ یہ سب کچھ شہری کھانوں سے بالکل مختلف ہو گا لیکن اس وقت یہی غنیمت ہے۔"

میرا جی تو نہیں چاہ رہا تھا لیکن شبانہ کا ساتھ دینے کے خیال سے بیٹھ گئی۔

کچھ دیر بعد اہلِ خانہ پھر اندر آیا۔ اس مرتبہ اس کے ساتھ ایک لڑکی بھی تھی۔ میری نظریں اس کے سراپا سے الجھ کر رہ گئیں۔ وہ پہاڑی لڑکی ایسی تھی کہ بس دیکھا کیجئے! صورت شکل تو اوجھی تھی لیکن جسم بڑے غضب کا تھا۔ واتسن کے تاروں کی طرح کسا ہوا لیکن اس کساؤ کے ساتھ ہی ساتھ شاخِ گل کی سی لچک بھی تھی۔ مجھے اپنے دل و دماغ کے بعض میں نوشگفتہ کلیوں کی مہک محسوس ہونے لگی۔

اہلِ خانہ اور شبانہ میں کچھ گفتگو ہونے لگی تھی لیکن لڑکی ہی کی طرف تھا۔ وہ پچیس سال کے لگ بھگ سن مجھے معلوم تھا کہ پہاڑوں پر رہنے والی جوان نسل کی عمر ڈھلتی نظر آتی ہے۔ تیرہ چودہ سال ہی کی عمر میں لڑکیاں 'بھرنے' لگتی ہیں اس لئے میرے اندازے کے مطابق اس کی ستر سال سے زیادہ نہیں ہو سکتی تھی۔ اس کا جسم کسی کی طرح تھا جو ٹوٹ کر کسی کی آغوش میں گر جانا چاہتا ہو۔

"شاذو۔" وہ اچانک بول پڑی۔

میں نے چونک کر دیکھا کہ وہ شبانہ سے مخاطب ہے۔ اس سے دو چار باتیں کیں اور پھر مجھ سے بولی۔ "اس لڑکی اور اس گل پلاڑے کی بیٹی ہے۔ گل پلاڑے کی طبیعت خراب ہے اب ہی ہمیں اپنے خچروں پر تھیا گلی لے جائے گی۔"

مجھے یوں محسوس ہوا جیسے شبانہ نے مجھے کسی خوش چہرہ یا خوش بدن لڑکیوں کی صرف رفاقت ہی کسی حد تک ضرور لذت انگیز ثابت ہوتی ہے۔ خاص رفاقت جن کے بدن کے قوسین پر میری نگاہوں کی ہو۔

"لیکن۔" مجھے کچھ خیال آیا تو میں نے کہا۔ "یہ کیسے ہو گا؟"

"کیوں!" شبانہ کی نگاہوں کا سوال مجھ پر تھا۔

"تم ہی نے تو بتایا تھا کہ گل پلاڑے کے پاس ۸ خچر تھے۔"

"تو کیا ہوا؟... اچھا میں سمجھ گئی آپ کیا سوچ رہی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ دو خچروں پر تین افراد کیسے جا سکیں گے۔ کیا میں غلط سوچ رہی ہوں؟"

"جی ہاں۔" شبانہ نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ "آپ کیا سمجھتی ہیں؟ یہ میلوں تک پیدل چل سکیں گے؟"

"پیدل چلنے اور پہاڑ پر چڑھنے میں فرق ہے۔"

"مگر ان لوگوں کے لئے پیدل چلنے کا مطلب ہی ہوتا ہے۔ ان کی ساری زندگی پہاڑوں ہی پر گزرتی ہے جب شہر سے آنے والوں کو خچر مہیا کرتے ہیں تو ان خچروں پیدل ہی چلتے ہیں۔"

میری نگاہیں شاذو کے پیروں کی طرف گئیں کی ایسی دزدنی چپلیں پہنے ہوئے تھی کہ اس کے پیر گئے تھے۔ یہ دیکھ کر میری جمالیاتی حس کو دھچکا سا پیر کتنی بدنما چپلوں میں پھنسے ہوئے تھے۔ بڑی غیر شاعرانہ لیکن اب میں اپنے اس وقت کے احساسات کے تو مجھے اپنی اس احمقانہ سوچ پر ہنسی آنے لگتی ہے۔ آخر ایک چپلیں نہ پہنتی تو کیا فرنچ ہیل پہنتی!

شبانہ، شاذو اور اہلِ خانہ سے باتیں کرنے لگی تھی

ہ شاذو کی گل پلاڑے کا طواف کر لی تھی۔

باہر چلے گئے۔ جب وہ جا رہے تھے تو میں شاذو دیکھ رہی تھی اور فراوانی کے لئے تھیا گلی کا طواف کم و بیش ہے۔

شبانہ کی آواز نے مجھے خوابناک حالت سے

سانس لی اور مسکرا کر شبانہ سے کہا۔ "اس لڑکی کو دیکھ

کہتی ہیں!" شبانہ نے تجسس سے کہا۔

یہ معاملے میں محبت کا جذبہ کارفرما نہیں ہے۔"

نظریے کو غلط رنگ دے رہی ہو شبانہ!...

الازمی جزو جنس ہے۔ یہ نہیں کہا تھا کہ جنس کا

ال سے سوچو تو اس لطیف فرق کو آسانی سے

محسوس کرنے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتی۔"

ل۔

ہمانے کی کوشش کرتی ہوں، تم اپنی ہی مثال

تھا تو میرے دل میں تمہاری محبت پیدا

ہی جنس کا وحشی جذبہ بھی پیدا ہو گیا تھا۔ اس

مجھے نظر نہیں آئیں لیکن میرے تصورات

تھا میں تمہارے خیال سے غافل نہیں

ن اس لڑکی کا معاملہ ایسا ہے کہ اس سے

ہیں رکھ سکوں گی، خواہ میں اس سے آسودہ

مطلب پورا کر لیا ہو۔ یہاں محض جنسی تحریک

کسی اور موضوع پر گفتگو کریں!" شبانہ

سانس لے کر چپ ہو گئی۔ شبانہ کا یہ انداز

مجھے اس بات کا افسوس تھا کہ میں اس کے

سکی تھی۔

مراندازہ آیا اور اس نے شبانہ سے کچھ کہا۔

ہت بولی۔ "چلئے! شاذو مجھ سے آتی ہے

ل کر کچھ نوٹ نکالے اور صاحب خانہ کی

ہو گئی۔ اس نے دوسرا ہاتھ اٹھا کر سلام کیا

ار پہنے اور شبانہ کے ساتھ دروازے کی

ی مرد لہریں ہمارے استقبال کے لیے

تیار تھیں۔ باہر نکلتے ہی میرا جسم بیچارگی پر کپکپا اٹھا۔ دور دور تک چوٹیاں ہی چوٹیاں۔ گو کہ ہر طرف دھوپ پھیلی ہوئی تھی لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس کی گرمی کسی نے نچوڑ لی ہو۔

شاذو دو تندرست و توانا خچروں کے پاس کھڑی ہوئی ہمارا انتظار کر رہی تھی۔ جب ہم قریب پہنچے تو اس نے شبانہ سے کچھ کہا۔ شبانہ نے سر ہلایا اور پھر مجھ سے بولی۔ "یہ کہہ رہی ہے کہ ہم ایک بجے تک تھیا گلی پہنچ جائیں گے۔"

"فائن!... یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہمیں اتنی دیر نہیں ہو گی جو ناقابلِ تلافی نقصان سے دوچار کرے۔"

شبانہ نے میرے اس خیال پر کوئی تبصرہ نہیں کیا اور خچر پر سوار ہونے لگی۔ شاذو نے اس کی مدد کی لیکن میں اس کی مدد کے بغیر ہی دوسرے خچر پر سوار ہو گئی۔ دونوں خچروں کی لگامیں شاذو کے ہاتھ میں تھیں۔ دوسرے ہاتھ میں وہ ایک لمبی سی چھڑی سنبھالے ہوئے تھی۔ اس لمبی کا بلکہ سا اشارہ ملتے ہی دونوں خچروں نے قدم بڑھا دیئے۔

"یہ لڑکی بھنگ تو نہیں جانتی گی!" میں نے شبانہ سے کہا۔

"آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں بانو! یہ ان پہاڑوں کے چپے چپے سے واقف ہو گی۔"

"اور اسے تن تنہا واپس جانا ہے۔ ممکن ہے کہ اس وقت تک اندھیرا پھیل جائے۔"

"اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ پہاڑی لڑکیاں بڑی نڈر ہوتی ہیں۔" شبانہ نے کہا۔ "لیکن یہ کیسے ممکن ہے کہ جب یہ واپس ہو تو اندھیرا پھیل جائے؟"

"میری مراد رات کے اندھیرے سے ہے۔ ظاہر ہے کہ اسے اپنی تھکن اتارنے کے لیے تھیا گلی میں رکنا تو پڑے گا۔"

شبانہ نے ایسا مطمئن بنا یا جیسے میرے دل کا بوجھ ہلکا ہو۔ میں اس کا منہ بنتے دیکھ کر ہنس پڑی۔

"بانو!" شبانہ بڑی سنجیدگی سے بولی۔ "میں آپ کو خبردار کرنے کے لئے بتا رہی ہوں کہ یہ پہاڑی لڑکیاں بعض اوقات بڑی خطرناک ثابت ہوتی ہیں۔"

میں لاپرواہی سے شانے جھٹک کر رہ گئی۔ لڑکیوں کو مسخر کرنا مجھے خوب آتا ہے۔ میری آغوش میں ہر لڑکی پگھل کر رہ جاتی ہے۔ بس صرف ایک شرط ہے کہ وہ شبانہ کی طرح نرگسیت کا شکار نہ ہو۔

خچر آگے بڑھتے رہے اور شاذو ان کے ساتھ ساتھ چلتی رہی۔ ہمارا سفر بلندی کی طرف جاری تھا۔ شاذو ایسے راستوں پر چل رہی تھی کہ ہمیں کسی عمودی رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پھر کوئی ایک گھنٹے تک سفر اس طرح جاری رہا کہ میری اور شبانہ کی بہت کم گفتگو ہوئی۔ اس دوران میں میرا ذہن دو حصوں میں منقسم رہا۔ ایک حصے میں صرف یہ خیال جاگزیں تھا کہ مجھے جلد از

جلد نخلستانِ گل پہنچ کر صدرِ مملکت سے ملاقات کرنا ہے اور دُوسرے حصّے میں صرف ایسے لذت انگیز خیالات تھے جن کو شاذو کے سراپا سے عبارت سمجھا جا سکتا تھا۔ میں اپنے تصوّر کے پردے پر شاذو کو دنیں کے مجسّمے کی طرح دیکھ رہی تھی اور وہ مجسّمہ میرے جذبات کی ہلچل میں مسلسل اضافہ کر رہا تھا۔

دفعتاً میں نے شاذو میں ایک عجیب سی تبدیلی محسوس کی۔ وہ پنچھوں کے آگے آگے چل رہی تھی اور اب اس نے اچانک پلٹ پلٹ کر دیکھنا شروع کر دیا تھا۔ اس کے چہرے سے کسی قدر پریشانی بھی ظاہر ہونے لگی تھی۔ اس کی یہ کیفیت غالباً شبانہ نے بھی محسوس کر لی اور اچانک پلٹ کر دیکھا۔

"ہمارے گھر میں تو نہیں ہیں۔ میں نے بلا مبالغہ وہاں کا چپہ چپہ ڈھونڈ ڈالا ہے۔"

"بجھے لہجے میں مایوسی تھی۔" کوئی سُراغ بھی نہیں ملا؟"

"میں نے ہونٹ بھینچ لیے۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا

ا ں پریشانی کے ساتھ ساتھ سنسنی بھی ہے۔ یہ خیال بھی موجود تھا کہ مجھے رضیہ سے رابطہ قائم کرنا ہے لیکن میں چاہتا تھا کہ اس سے پہلے مجھے غزالہ کے بارے میں کوئی اطمینان بخش رپورٹ مل جائے تو اچھا ہے۔

وہ رپورٹ مجھے ایک گھنٹے بعد ملی۔

کمانڈر حق نے ٹیلیفون پر بتایا "یہ وہ کوٹی دس منٹ قبل شیر بہادر کے گھر سے نکلی ہے۔ میں نے اس کے چہرے پر ایسا اطمینان دیکھا تھا جیسے اس کی مہم کامیابی سے جاری ہو۔"

"اوہ!" میں نے سکون کی ایک طویل سانس لی۔ "اس اطلاع کا شکریہ کمانڈر! کوئی اور خاص بات؟"

"ہاں! میں نے بس یہی بتانے کے لیے فون کیا تھا کیونکہ آپ اس لڑکی کی اس حرکت سے بہت پریشان ہو گئے تھے۔"

"مزید شکریہ کمانڈر!" میں نے کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

فوراً ہی ٹیلیفون کی گھنٹی پھر بج اٹھی۔ کوئی شخص غالباً اس دوران میں بھی رنگ کرتا رہا ہو گا جب میں کمانڈر حق سے محوِ گفتگو تھا۔

"رضوان اسپیکنگ۔" میں نے ریسیور اٹھا کر کہا۔

"غزالہ۔" دوسری طرف سے چہکتی ہوئی آواز آئی۔

"تم!" میں غرایا۔ "میں نے تم سے کہا تھا کہ اب چپکی بیٹھ جاؤ!"

"اوہ! مسٹر رضوان! کیا آپ کو معلوم ہو گیا ہے کہ میں نوری سے ملنے گئی تھی؟"

"ہاں! مجھے علم ہو چکا ہے۔"

"میں نے نوری سے دوستی کر لی ہے۔" غزالہ پھر چہکی۔ "میں نے اسے باور کرا دیا ہے کہ مجھے عظیم ویٹ نامی قوم سے بڑی محبت اور عقیدت ہے۔"

"تم سمجھتی تو ہو گی کہ اس نے تمہاری باتوں پر یقین کر لیا ہو گا!" میں نے طنز بنا کر کہا۔

"بالکل کر لیا ہو گا۔" غزالہ نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "بانو میری اس صلاحیت سے خوب واقف ہیں۔ میں غضب کی اداکارہ ہوں۔ [illegible] میں ہوتی تو آسکر ایوارڈ حاصل کر چکی ہوتی۔ دو چار دن میں حاصل کرنے ہی والی ہوتی۔"

"اچھا اب کان کھول کر سن لیجیے الزبتھ ٹیلر صاحبہ!" میں نے تلخ لہجے میں کہا۔ "آپ کو اب ہر قیمت پر نوری سے دور رہنا ہے۔"

"لیکن میں تو پورا پلان بنا چکی ہوں۔"

"کیا پلان؟"

"میں دھوکے سے نوری کو بھنگ پلا کر اس سے حقیقت اگلوا لوں گی۔" غزالہ کے لہجے میں ایسی چہکار تھی جیسے اس کو اپنی کامیابی کا یقین ہو۔

بھنگ کے ذکر پر مجھے متلی آتے آتے رہ گئی۔

"فضول باتیں مت سوچو!" میں نے اپنے لہجے میں نرمی پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "اب تم خود کو اس معاملے سے بالکل الگ تھلگ سمجھو۔"

"دیکھا جائے گا۔" غزالہ نے لاپروائی سے کہا۔

"میں کہتا ہوں....." مجھے اپنی بات پوری نہ کرنے دی گئی۔ کیونکہ دوسری طرف سے غزالہ نے سلسلہ منقطع کر دیا تھا۔

میں بھی اب اس کے سوا کیا کرتا کہ بڑبڑا کر رہ جاتا۔ مجھے یقین ہو چلا تھا کہ اس لڑکی کی سرکشی کو کوئی طاقت ہی لگام دے سکتی ہے۔ میں کچھ دیر تک غزالہ کے بارے میں سوچتا رہا۔ پھر فون کرنے کے ارادے سے ریسیور کی طرف ہاتھ بڑھا ہی رہا تھا کہ گھنٹی بجنے لگی لیکن وہ فون کی گھنٹی نہیں تھی۔ کوئی کال بیل تھی۔ میں دروازہ کھولنے کے لیے بڑھا۔ مجھے یاد آ گیا تھا۔ شاید وہی اب مجھ سے بھی پوچھ گچھ کرنے آیا ہو گا۔

لیکن دروازہ کھولتے ہی میں بری طرح بوکھلا گیا۔ آندھی طوفان کی طرح اندر گھستے چلے آئے تھے اور میں گرتے گرتے بچا تھا۔ ان میں سے ایک نے بڑی پھرتی کر کے بولٹ چڑھا دیا۔ دوسرے کے ہاتھ میں ریوالور تھا۔ تیسرا میرے سینے کی طرف اٹھی ہوئی تھی۔ وہ تینوں ہی مسلح معلوم ہو رہے تھے مگر ان کے لباس مغربی تھے۔ یعنی وہ پینٹ شرٹ پہنے تھے۔ ان میں سے ایک، جو میری طرف ریوالور تانے تھا، ادھیڑ عمر کا تھا جبکہ باقی دونوں تیس پینتیس کے لگ بھگ تھے۔ چند لمحوں کے لیے تو میں حواس باختہ ہو گیا۔ میں غیر متوقع تھی کہ صورتِ حال کو سمجھنا مشکل ہو گیا۔

"اپنے ہاتھ اوپر اٹھا دو!" ادھیڑ عمر شخص نے انگریزی بولا تھا مگر یہ بات صاف ظاہر ہو گئی تھی کہ وہ انگریزی بولنے پر قدرت حاصل نہیں ہے۔

میں نے غیر ارادی طور پر اس حکم کی تعمیل کی۔

"تم کون ہو؟" ادھیڑ عمر شخص نے اپنے ساتھیوں سے کہی ہو گی۔

وہ دونوں میرے پیچھے آ کھڑے ہوئے اور میرا فراد لیا۔ انہوں نے اپنے ساتھی کو بتایا کہ میں غیر مسلح ہوں۔

"اب تم اپنے ہاتھ نیچے گرا سکتے ہو۔" ادھیڑ عمر شخص نے کہا۔

میں نے ہاتھ گرا دیے۔ اتنی دیر میں میرے حواس درست ہو چکے تھے اور میں اس قابل ہو گیا تھا کہ صورتِ حال کو سمجھ سکوں۔ انگریزی بولنے کی وجہ سے مجھے رضیہ یاد آ گئی تھی جس کے بھگتوں کو دیکھ چکا تھا۔ میں یہ فیصلہ کرنے سے قاصر تھا کہ ان تینوں میں کوئی قدر مشترک ہو گی یا نہیں؟ لیکن ملا خود ہی میرے سامنے آ گئی۔

"تم آج صبح رضیہ کے بنگلے پر تھے۔" ادھیڑ عمر شخص نے کہا۔ "لہٰذا تم دونوں کو صبیحہ بانو کے بارے میں کچھ نہ کچھ

علم تو ہو گا۔ کہیں کیا پتہ چلتا ہے۔ صبیحہ بانو کہاں ہے؟"

"ہا ہا!" میں نے اپنی کھوپڑی سہلاتے ہوئے مگوں۔ رضیہ کو تلاش کر رہے ہو؟"

"صبیحہ بانو کی بات کر رہے ہو؟" میں نے استہزایہ لہجے میں کہا۔ "ایک ہی صبیحہ کو جانتا ہوں لیکن وہ بانو نہیں۔ ایک فلم انڈسٹری کی خوبصورت ترین اداکارہ ہیں۔"

"جھوٹ بنانے کی کوشش نہ کرو۔ تو یہ تمہارے حق میں اچھا نہیں ہو گا۔"

"جھوٹ بولنے میں مصروف تھا کب مجھے کیا روپیہ ملے گا؟ انگلو مناسب رہے گی۔"

"انتظار ہوں۔" وہ پھر بولا۔

"ہوں۔" میں نے منہ بنا کر کہا۔ "اب تک میری علم گرانا چاہتے ہو؟"

"اس سوال کا جواب چاہتا ہوں۔"

"سمجھ جاتا۔"

"سمجھ گئے تھے؟"

"ہو گیا ہے۔ اگلے ہفتے کہ میں ہماری شادی ہو گیا ہے۔"

"ہاں میں بات کر رہا تھا کیونکہ" میں کہا۔ "مجھے تمہارے تسلے سے کہ جس لفظ [illegible] کا نہیں بلکہ ہندی کا ہوتا ہے۔"

"جھوٹ بنانے کی کوشش کر رہے ہو!" وہ [illegible] "مجھے تشدد پر آمادہ ہونا پڑے گا۔"

"اس کے سینے کی طرف انگلی اٹھاتے [illegible] ریوالور سے یا تمہاری تعداد سے [illegible] سمجھ رہا ہوں کہ تم کسی غلط فہمی کا شکار ہو گئے [illegible] اگر تمہاری اس غلط فہمی کو رفع کر دوں [illegible] اور یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔"

"تم اب میں کچھ کہنے کی بجائے اپنے ساتھیوں [illegible] ٹوٹ پڑے۔ میں نے پچھل کر ان کی [illegible] اب نہیں ہو سکا تو آمادۂ پیکار ہو گیا۔ میں [illegible] ہاتھ جھاڑ دیے لیکن جب ادھر سے [illegible] حملے کے سوا کچھ نہ کر سکا۔ وہ محور کے [illegible] وہ ازما بھیسیوں کی طرح طاقتور تھے۔

"کر دو!" ادھیڑ عمر شخص گرجا۔

[illegible] گھمایا۔ اب آپ سے کیا پردہ؟ میں صاف صاف بتائے دیتا ہوں کہ اس کا وار خالی ہی جاتا لیکن میں نے خود ہی اپنا جبڑا اس کے گھٹے پر مار دیا۔ بس اندازے کی غلطی کی بنا پر ذرا زور سے مارا تھا اس لیے آنکھوں میں دو چار ستارے آ گئے۔ اس کے بعد میں نے اپنا پٹ ان میں سے کسی کے گھٹنے پر رسید کیا اور وہ لوگ شاید یہ سمجھے کہ میں دوسرا ہو گیا۔ حالانکہ بات صرف اتنی تھی کہ میں گروکو کی مشق کر رہا تھا۔ پھر فوراً ہی میں نے اخلاقاً اپنی کمر پر ان میں سے ایک کے دو ہتھڑ کا استقبال کیا اور مارے انکسار کے فرش سے جا لگا۔ بس پھر اس کے بعد تو اللہ دے اور بندہ لے والا معاملہ ہو گیا۔ میں نے اپنے جسم کے مختلف حصوں سے ان کی لاتوں اور گھونسوں کو بری طرح تھکا ڈالا اور دیسی بانی کے اصولوں کی ہوا آوری کرتے کرتے۔ میری یہ حالت ہو گئی کہ کپڑے کئی جگہ سے پھٹ گئے اور شاید ہونٹوں سے خون بھی بہہ نکلا۔ آخر ان شریف مہمانوں نے مجھے اٹھا کر صوفے پر ڈال دیا اور میرا جی چاہا کہ آنکھیں بند کر کے سو جاؤں۔ دماغ پر دھند کی چھا رہی تھی۔

"یہ صرف ٹریلر تھا۔" ادھیڑ عمر شخص نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "اگر اب بھی تم اپنی ضد پر قائم رہے تو پوری فلم دکھا دی جائے گی۔"

"فلم شروع کرو..... دوستو!" میں نے جھومتے ہوئے کہا اور پھر غالباً مجھ پر بے ہوشی کا غلبہ ہو گیا۔

میرا خیال ہے کہ مجھے ہوش آنے میں دیر نہیں لگی تھی اور وہ تینوں بدستور قصائیے مجرم کی طرح میرے سر پر موجود تھے۔ میرا چہرہ پانی میں بھیگا ہوا تھا۔ ان میں سے ایک کے ہاتھ میں پانی کا گلاس موجود تھا۔ مجھے ہوش میں آیا ہوا دیکھ کر وہ گلاس "پٹاخ" پر رکھ دیا گیا۔

"کیا واقعی فلم شروع کی جائے؟" ادھیڑ عمر شخص درشت لہجے میں بولا۔

میں اس کا منہ تکتا رہ گیا۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس بلائے بے درماں سے کس طرح نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔

اچانک اندرونی کمرے سے ٹیلیفون کی گھنٹی بجنے کی آواز آئی۔ میں نے بے اختیار سر گھما کر اندرونی دروازے کی طرف دیکھا اور پھر اس بدبخت بیتی پر نظر ڈالی جس کے ہاتھ میں ریوالور بدستور موجود تھا۔

"نہیں۔" وہ میری ہمارت طلب نظروں کے جواب میں بولا۔ "تمہیں فون ریسیو کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ دوسری طرف سے رنگ کرنے والا خود ہی تھک کر ریسیور رکھ دے گا۔ وہ سمجھ جائے گا کہ تم گھر میں موجود نہیں ہو۔"

اس کا خیال درست ثابت ہوا۔ گھنٹی چھ سات مرتبہ بج کر بند ہو گئی۔ آخری مرتبہ کے بعد جب طویل وقفہ ہو گیا تو بیتی نے مطمئن انداز میں سر ہلایا اور میری طرف متوجہ ہو کر بولا۔ "یہ اندازہ تو تمہیں ہو چکا ہو گا کہ میرے ان دونوں شاگردوں کا مقابلہ کرنا تمہارے بس کی بات نہیں اور اب اگر فلم شروع ہوئی تو وہ میں خود شروع کروں گا۔ میں تمہیں یہ بھی بتا دوں کہ میرے

یہ دونوں شاگرد اگر میرا مقابلہ کریں تو ایک منٹ بھی اپنے پیروں پر کھڑے نہ رہ سکیں۔"

"ہائی گاڈ!" میں نے اپنے دل میں کہا۔ "کیا آج میری ہڈیوں پسلیوں کا سارا جغرافیہ تہہ و بالا ہو کر رہے گا؟"

تبتی نے کمرے میں لگے ہوئے دیوار گیر کلاک پر نظر ڈالی اور پھر مجھ سے بولا۔ "میں تمہیں سوچنے کے لیے پانچ منٹ دیتا ہوں۔ چھٹے منٹ پر تم نے اگر میرے سوالوں کے جواب دینے پر آمادگی نہ ظاہر کی تو میں فلم شروع کر دوں گا۔"

اب دیوار گیر کلاک کی "ٹک ٹک" میرے اعصاب پر مسلط ہو گئی۔ دراصل میں محسوس کر رہا تھا کہ اب مجھ سے میزبانی کے تقاضے نہ نباہے جاتے، اور اگر میں نباہتا تو شاید مجھے بعد میں اپنے فالتو پُرزہ جات کی تلاش بھی کرنا پڑتی۔ گو مجھے نہیں معلوم تھا کہ باقی اس وقت کہاں ہیں لیکن مسئلہ یہ تھا کہ میں جو کچھ بالوں کے بارے میں جانتا ہوں، وہ بھی ان تبتیوں کو بتانا مناسب ہوگا یا نہیں؟

ایک منٹ گزرا... دوسرا منٹ گزرا... تیسرا منٹ گزرا۔

میرے اعصاب پر دباؤ بڑھتا چلا جا رہا تھا۔

چوتھا منٹ گزرا....

... اب تک کسی فیصلے پر نہیں پہنچ سکا تھا

"اب تیس سیکنڈ رہ گئے ہیں۔" ادھیڑ عمر تبتی کی آواز کمرے میں گونجی۔

میری نظر دیوار گیر کلاک کی سیکنڈ بتانے والی سوئی پر جم گئی۔ وہ سوئی جب نوے کے ہندسے پر پہنچنے کو تھی تو اچانک کال بیل بجنے لگی۔ اس کے شور سے یکلخت میرا دل اُچھل پڑا۔

جوان العمر تبتیوں کے چہروں سے گھبراہٹ ظاہر ہوئی لیکن ادھیڑ عمر تبتی پُرسکون نظر آتا رہا۔ وہ دبے قدموں چلتا ہوا میرے قریب آیا اور سرگوشی میں بولا۔ "جو آنے والے کو دروازہ کھولے بغیر ہی ٹالنے کی کوشش کرو۔ تمہاری بہتری اسی میں ہے۔"

کال بیل پھر بجی۔

"کون ہے؟" میں نے بلند آواز میں پوچھا۔

جواب نہیں ملا۔

"کون ہے؟" میں نے اور زیادہ بلند آواز میں پوچھا۔

"دودھ والا۔" باہر سے آواز آئی۔

مجھے اس جواب پر حیرت ہوئی کیونکہ میرا دودھ والا تو صبح ہی آتا ہے۔ دن میں تو میں گھر پر بہت کم رہتا ہوں۔ پھر یہ آواز بھی اس کی نہیں تھی۔

ادھیڑ عمر تبتی نے سرگوشی میں مجھ سے کہا۔ "اس سے کہہ دو کہ آج تمہیں دودھ نہیں لینا ہے۔"

میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ یہ معاملہ ٹالا اس وقت ٹیک پڑا ہے۔ بہرحال میں نے دوسرا دی جس کا حکم مجھے تبتی سے ملا تھا۔

باہر چند لمحے تو خاموشی رہی، پھر کسی نے ہاتھ مارا اور ایک آواز آئی۔ "دروازہ کھولو، میں یہاں ایک ہنگامہ کھڑا کر دوں گی، ہو رہا۔"

"سابیری!" ادھیڑ عمر تبتی کے منہ سے نکلا۔ رنگت بدل گئی۔ یوں معلوم ہوا تھا جیسے وہ گھبرا گئے تھے۔ کن پر لرزاطاری ہو گیا تھا۔

"دروازہ کھولو!" رضیہ کی تکمکمانہ آواز

ادھیڑ عمر تبتی نے ملامتی سے دیوار زبان میں جوان العمر تبتیوں سے کچھ کہا۔

میں نے موقع غنیمت جانا اور اُن میں سے کسی نے بھی مجھے روکنے کی دروازہ کھولا اور رضیہ تیزی سے اندر اس کا وہ خصوصی ملازم بھی موجود تھا جس اندر آتے ہی رضیہ اس ادھیڑ عمر بول رہی تھی، اس کا ایک ہی لفظ میرے

"رُمپا!

یہ لفظ رضیہ نے بار بار استفہامی سے یہ بات ظاہر ہو رہی تھی کہ شاید یہ

دونوں جوان العمر تبتی بدستور اُن کی نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ ان میں طرف دیکھ سکتے لیکن میں ضرور آنکھیں پھ رہا تھا۔ مجھے اس لڑکی میں کوئی ایسی جو لوگوں کو لرزہ براندام کر سکے۔

جب رضیہ خوب گرج برس چکی، کچھ کہا۔ اس جواب نے شاید رضیہ کو ا کی طرف ہاتھ اٹھا کر اتنی زور سے چیخی انداز ایسا تھا جیسے تبتیوں کو باہر نکل جا

ادھیڑ عمر تبتی نے اپنے ساتھ کی طرف قدم بڑھا دیے۔ دروازے طرف ہٹ گیا۔ ادھیڑ عمر تبتی دروا اس کے دونوں ساتھی بھی تھے اور ان عجلت ظاہر ہو رہی تھی جیسے انہیں

رضیہ کے ملازم نے دروازہ بند کرنا چاہا لیکن کچھ کہا۔ اس سرتبہ رضیہ نے کوئی دوسری ہی مجھ میں وہ بھی نہیں آسکی۔ شاید وہ زبان

ا نے اپنے سرکو مودبانہ جنبش دی اور اہر نکل گیا۔

کھوئے سے انداز میں دروازے کی طرف دیکھتی میری طرف سر گھمایا۔ میری پیٹھ کذائی دیکھ کھلاٹ جیسے لرزنے لگی۔ پھر وہ دھیرے ہنسی اور پھر کھلکھلا کر ہنسنے لگی۔ وہ ہنستی جاتی اور منہ بناتا رہا۔

مالت!" وہ میری طرف انگلی اٹھا کر ہوں نے تو تمہاری بہت بری گت بنا ڈالی!" ی کے چکر میں مار گیا۔" میں نے منہ بناتے

لیے آگے زانوئے ادب...."

نہ چھیڑو!" میں نے بھی اس کی ہاں انداز میں کہا۔

ہت کرو تو اطمینان سے بیٹھ کر

میں نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔

میں اُن گنت سوال میرے ذہن میں ہاں تھا۔ گفتگو سے قبل میں اپنا حلیہ درست ارُخ کیا اور کپڑوں کی الماری سے

ہم میں جا گھسا۔

ی! حضرت ایک سوالیہ نشان بن کر میرے ہا تھی۔ ان تبتیوں والے معاملے کے وہ پُراسرار ہو گیا تھا۔ وہ تینوں تبتی بڑے رضیہ کی آواز سن کر اُن کی یہ حالت ہو ے کے قدموں کی آہٹ سن لی ہو۔ ی تاسس تھی۔

!

بدیل کر کے اپنے بالوں میں کنگھا

ہاں رضیہ صوفے کی پشت سے ہت ہمایہ کچھ سوچ رہی تھی۔ میری آہٹ اس نے چونک کر مجھے دیکھا اور مسکرائی۔

اگلا حال ہوتا؟" وہ بولی۔

"لیکن تم آ کیسے گئیں؟"

"جب تم میرے گھر سے رخصت ہوئے تھے تو میرے آدمیوں نے مجھے اطلاع دی تھی کہ ریپا کا ایک آدمی جو میرے گھر کی نگرانی کر رہا تھا، تمہارے تعاقب میں چلا گیا ہے۔ بس پھر میں نے اپنے ایک آدمی کو اس کے تعاقب میں دوڑا دیا۔ بعد میں میرے اس آدمی نے اطلاع دی کہ ریپا کے آدمی نے تمہارے گھر تک تمہارا تعاقب کیا تھا اور پھر ایک دوکان سے غالباً ریپا کو فون کیا تھا۔ فوراً ہی ریپا اپنے ایک اور آدمی کو لے کر پہنچ گیا اور وہ تینوں تمہارے فلیٹ میں داخل ہو گئے۔ مجھے جب یہ اطلاع ملی تو میں نے تمہیں رنگ کیا لیکن گھنٹی بجنے کے باوجود ریسیور نہیں اٹھایا گیا۔ اس کے بعد میں یہی کر سکتی تھی کہ خود ہی ادھر دوڑ پڑوں۔ میں اپنے اس ملازم کو بھی ساتھ لیتی آئی تھی۔ وہ نہ صرف اردو جانتا ہے بلکہ دنیا کی کئی اور زبانیں بھی اہل زبان ہی کی طرح بول سکتا ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ وہ دودھ والے کا پارٹ ادا کرے۔ میں یہ ڈرامہ کھیل کر دروازہ کھلوانا چاہتی تھی لیکن جب اس طرح بات نہیں بنی تو مجھے خود ہی کھل کر سامنے آنا پڑا۔"

رضیہ نے اتنی تفصیل سے ساری کہانی سنا دی تھی کہ مجھے کسی بات کی تشریح چاہنے کی ضرورت نہیں رہی۔

"آخر یہ رُمپا ہے کیا بلا؟" میں نے پوچھا۔

"دوستوں کے لیے تو وہ بلا ہی ہے لیکن تم نے دیکھ ہی لیا کہ میرے سامنے وہ کیسی بھیگی بلی بن گیا تھا!"

"لہٰذا اب یہ سوال پیدا ہو گیا کہ تم کیا بلا ہو؟" میں نے اُسے گھورتے ہوئے کہا۔

"یہی بات میرے سلسلے میں بھی ہے کہ میں دوسروں کے لیے تو بلا ہوں مگر تمہارے لیے؟" وہ ہنسی۔ "تمہارے لیے بلا نہیں ہوں۔"

"میرے لیے بلا کیوں نہیں ہو؟"

"تم مجھے بہت پیارے لگے تو معلوم ہوتے ہو!"

"میں خود کو بالکل الو کا پٹھا محسوس کرنے لگا ہوں۔" میں نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔

"یہ تمہاری ناخلفی ہے کہ تم اپنے والد کی شان میں گستاخی کر رہے ہو۔" اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

میں چند لمحے سنجیدگی سے اُس کی طرف دیکھتا رہا اور اُس کے بعد غالباً دوسری بار ٹھنڈی سانس لے کر اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔ "ان الجھنوں میں مجھے یہ بھی یاد نہیں رہا کہ دوپہر کا کھانا ابھی تک مقدر نہیں بنا ہے۔"

"مجھوک تو مجھے بھی لگ رہی ہے۔ کیا کچھ بندوبست نہیں ہو سکتا؟"

"صبر کرنا پڑے گا۔"

"میرا تو کہیں جانے کا موڈ بالکل نہیں ہے۔"

"تو پھر انڈے تلے جا سکتے ہیں۔"

"کھانے میں انڈے بیچے سخت ناپسند ہیں۔ کیا قرب وجوار میں کوئی ایسا ہوٹل نہیں ہے جہاں سے کھانا آسکے؟"

"یہ علاقہ تو صرف نہاری اور کباب کے لیے مشہور ہے۔"

"کباب کھائے جاسکتے ہیں؟"

"اس کے لیے مجھے خود جانا پڑے گا۔"

"زولا سے منگوا لیتے ہیں۔"

"زولا کون؟"

"میرا ملازم۔"

"وہ کہاں ہے؟ اُسے تو تم نے شاید واپس بھیج دیا!"

"نہیں، وہ بلڈنگ کے نیچے کھڑا ہوا میرا انتظار کر رہا ہوگا۔"

غرض یہ کہ زولا سے کباب اور روٹیاں منگوائی گئیں جن سے ہم نے اپنے پیٹ کا خانہ پُر کیا۔ رضیہ تیز مرچوں کی عادی نہیں تھی اس لیے کھانے کے دوران میں اس کے آنسو بھی بہتے رہے اور پسینہ بھی مگر اس کے باوجود اس نے خوب ڈٹ کر کھایا۔

کھانے کے بعد ہم نے چائے بھی پی جو میں نے خود بنائی تھی اور چائے پیتے وقت مجھے خیال آیا کہ میں اور رضیہ ایک دوسرے سے اس طرح گھل مل گئے ہیں جیسے برسوں کی یاد اللہ ہو۔

"خاصی دیر ہو چکی ہے۔" میں بڑبڑایا۔

"کیا مطلب؟"

"اب تو بتا دو کہ یہ رمیا۔۔۔۔۔"

"مجھے افسوس ہے رضوان!" اُس نے میری بات کاٹتے ہوئے سنجیدگی سے کہا۔ "اگر میں کچھ بتا دُں گی تو باجی کا راز افشا ہو جائے گا۔ تمہیں جو کچھ معلوم کرنا ہے وہ باجی سے معلوم کرنا۔ میں بس اتنا ہی بتا سکتی ہوں کہ رُمیا کو بھی باجی کی تلاش ہے اور میں رُمیا سے پہلے، باجی تک پہنچنا چاہتی ہوں۔ اگر وہ مجھ پر سبقت لے گئی تو بہت گڑبڑ ہو جائے گی۔ تم میرے گھر سے یہ کہہ کر چلے تھے کہ تم نے باجی کی تلاش کے سلسلے میں کوئی قدم اٹھایا ہے اور نہیں اپنے گھر پہنچ کر اس کا نتیجہ معلوم ہوگا۔ پھر کیا نتیجہ معلوم ہوا؟"

"نہ ماں نہ مَرش۔"

"یعنی؟"

"کل رات میرا ایک ساتھی شیر بہادر کے گھر میں گھسا تھا۔ وہ وہاں کا ایک ایک کونا دیکھ چکا ہے۔ باجو وہاں قید نہیں ہیں۔"

"تم مجھے باجی کی ان تمام سرگرمیوں کے بارے میں بتاؤ جو انہوں نے گزشتہ دنوں جاری رکھی ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ معلومات حاصل کرنے کے بعد میں اُن کی تلاش میں کوئی بہتر قدم اٹھا سکوں۔"

"ٹھیک ہے۔" رضیہ نے سر ہلایا۔

میں نے باجو کی سرگرمیوں کی کہانی کا آغاز فرخ کے واقعے سے کیا اور بڑی تفصیل سے ایک ایک بات بتاتا چلا گیا۔ بیچ بیچ میں رضیہ کوئی نہ کوئی سوال کرتی رہی اور پھر اس طرح ہر معاملے کی مکمل تشریح ہوتی چلی

جب یہ ساری کہانی ختم ہوئی تو رضیہ کسی گہری سوچ میں ڈوب گئی

کہا تھا۔

"کمانڈر حق۔" رضیہ بڑبڑائی۔ "کیا

"باجو اس پر ہمیشہ اعتماد کرتی رہی؟"

"گویا شیر بہادر کے مکان کی مکمل

"یقیناً۔"

"یہ تیکم پرتاب گڈھ کیا چیز ہے

"باجو سے ان کی بہت گہری

اپنے ماضی کے بارے میں بھی کچھ نہ کچھ

دو چونک سی گئی تھیں۔ غالباً وہ تنہا

رضیہ نے لاپروائی سے شا

بعد بولی۔ "میں ان سے ایک ملاقات

میرے بارے میں کیا کچھ جانتی ہیں؟"

بات چیت یہیں تک پہنچی تھی

"کون آگیا!" میں نے بڑبڑا

تو نہیں؟"

"سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ وہ

جب تک میں اُسے نہیں بلاؤں گی

"تو پھر میرا بھی کوئی واقف کا

چلی جاؤ۔ وہ تو بھی ہے۔ میں اُسے

کروں گا۔"

رضیہ نے سر ہلایا اور اُٹھ کر

میں دروازے کی طرف بڑھا

کھول دیا۔

مجھے توقع تو تھی کہ سپرنٹنڈنٹ

اُسے دروازے پر دیکھ کر مجھے ذرہ بھی

بھی بوکھلا گیا تھا کہ فلیٹ میں رضیہ

ایک پل میں بہت سی باتیں

تدبیر بھی سوچ گئی۔

"اخاہ! سپرنٹنڈنٹ رؤف

مسرت کا اظہار کیا کہ اندر دنی کو

کہ نازک صورتِ حال کا سامنا

"ہیلو!" رؤف مسکرایا۔

ھک آئے؟" میں نے دروازہ بند کرتے ہوئے

اف لائیں!" میں جلدی سے ایک طرف ہٹتا

ما بائیں! خدا کی قدرت ہے۔"

آپ صحیح ہی دیکھ لیتے لیکن میں بعض معاملات

ٹ رؤف نے اندر داخل ہوتے ہوئے

ھا! تھا۔"

گڈھ۔۔۔۔"

لے میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "کل رات ان

لی تھی۔"

"میں نے صوفے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

میں نے اُس کے سامنے والے صوفے کا انتخاب کیا اور

کی طرف دیکھنے لگا جیسے اب اُسی کو بولتے رہنے کا حق

ے کی اطلاع صدرِ مملکت کو بھی ہو چکی ہے۔" رؤف

لیر ہدایت کی ہے کہ باجو کو تلاش کرنے میں کوئی

ہیں کراچی پہنچ کر سب سے پہلے بیگم پرتاب گڈھ

میں نے اُس لڑکی رضیہ سے ملاقات کی تھی جس کے

اپ گڈھ کو بتایا تھا۔ میں اُسے دیکھ کر حیران رہ گیا۔

ہے کہ باجو اپنی جوانی کے زمانے میں بالکل ایسی

الحال ہے۔" میں نے سر ہلاتے ہوئے کہا اور پھر بڑی

اس سے کچھ معلوم ہوا؟"

ال لے ایاسانہ انداز میں کہا۔ "وہ بڑی فسادی قسم

"

صادی کا لفظ مجھے بہت پسند آیا لیکن میں رؤف

ہ کا۔

ا! میں ابھی فیصلہ نہیں کر سکا ہوں کہ اس لڑکی کے

اُٹھاؤں یا نہ اٹھاؤں۔"

ا کیا ہوئی؟" میں اپنی اداکارانہ صلاحیتوں کو آزما

صادی گفتگو ڈھیرانے لگا جو صبح میں چھپ کر سُن چکا تھا۔

مجھے بڑی توجہ سے ایک ایک لفظ سننا پڑا۔ وہ

ہمانے میں رؤف کو زیادہ وقت نہیں لگا اور پھر

موبلیر کہا۔ "ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس لڑکی کو قابو میں

حاصل تدبیر سوچنا پڑے گی۔ وہ آسانی سے سیدھی راہ

پر آنے والی نہیں معلوم ہوتی۔"

"اگر میں اس سلسلے میں آپ کے کسی کام آسکوں تو حاضر ہوں۔"

"آپ سے ملاقات کرنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ آپ کچھ کام آسکیں۔"

رؤف نے مسکرا کر کہا۔ "لیکن فی الحال میں آپ سے صرف یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی میں باجو کی سرگرمیاں کیا تھیں؟"

"میں آپ کو تفصیل سے بتائے دیتا ہوں۔"

"یہی میری خواہش ہے۔"

جو کچھ میں نے رضیہ کو بتایا تھا، وہی رؤف کے سامنے بھی دُہرا دیا۔ اس کہانی میں غزالہ اور کمانڈر حق کا ذکر بھی آگیا تھا۔ جب میں سب کچھ بیان کر چکا تو رؤف اپنے پائپ میں تمباکو بھرتا ہوا، غالباً ان سب باتوں کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے لگا۔

"میرا خیال ہے کہ آپ چائے پینا ضرور پسند کریں گے۔" میں نے کہا۔

"اگر آسانی سے مل جائے تو کیا بات ہے۔ مجھے بہت دیر سے چائے نہیں ملی۔"

چائے کے جو برتن پہلے سے ڈرائنگ روم میں موجود تھے، وہ اُٹھا کر میں باورچی خانے کی طرف جانے لگا۔

"کیا آپ تنہا رہتے ہیں؟" رؤف نے پوچھا۔

"بالکل تنہا۔" میں نے سر گھما کر مسکراتے ہوئے کہا اور ڈرائنگ روم سے نکل گیا۔

جب میں باورچی خانے میں چائے بنا رہا تھا تو ٹیلیفون کی گھنٹی بجنے کی آواز آئی۔ میں نے جلدی سے شکر کا ڈبہ ہاتھ سے رکھا اور باورچی خانے سے نکلا۔ جب میں نے ڈرائنگ روم میں قدم رکھا تو یہ دیکھ کر میری جان نکل گئی کہ رؤف اندرونی کمرے میں داخل ہو چکا تھا۔ میری آہٹ پر اس نے صرف سر موڑ کر پیچھے دیکھا اور بولا۔ "معاف کیجیے گا۔ میں نے سوچا کہ آپ باورچی خانے میں مصروف ہیں، اس لیے میں ہی فون وصول کر لوں۔"

"لگ۔۔۔ کوئی بات نہیں۔" میں ہکلا گیا اور لپک کر کمرے میں داخل ہوتا ہوا رؤف سے آگے نکل گیا۔

رضیہ کمرے میں موجود نہیں تھی۔ میں نے اطمینان کی سانس لی میں سمجھ گیا تھا کہ وہ باتھ روم میں جا گھسی ہوگی۔

فون مسلسل چیخ رہا تھا۔ میں نے جلدی سے اس کا رسیور اٹھایا اور ماؤتھ پیس میں بولا۔ "رضوان اسپیکنگ۔"

"کمانڈر حق۔" دوسری طرف سے آواز آئی۔ "میں آپ کو اس وقت ایک تشویشناک خبر پہنچا رہا ہوں۔"

"کیا ہوا؟" میں نے گھبرا کر پوچھا۔

"غزالہ کو اغوا کر لیا گیا ہے۔"

"ارے ایسے!" میں تقریباً چیخ اُٹھا تھا۔

"ابھی کوئی ایک گھنٹے قبل غزالہ اور نومی کی ملاقات بیچ کلکٹری میں ہوئی تھی سانداز تتا رہا تھا کہ وہ ملاقات ایک طے شدہ پروگرام کے تحت ہوئی تھی۔ وہاں انہوں نے کسی قسم کے مشروب پیے تھے اور مشروب کا گلاس ختم کرتے ہی غزالہ کا سر چکرانے لگا تھا۔ اس کی حالت ایسی ہوگئی تھی جیسے اس نے بہت زیادہ شراب پی لی ہو۔ نومی نے سپروائزر سے کہا کہ اس کی دوست کی طبیعت کچھ خراب ہو گئی ہے۔ پھر وہ سپروائزر کی مدد سے غزالہ کو سہارا دے کر باہر لائی اور اپنی گاڑی کی پچھلی نشست پر لٹا دیا۔ میرا خیال ہے کہ اس وقت تک غزالہ مکمل طور پر بے ہوش ہو چکی تھی۔ نومی نے اپنی گاڑی کی ڈرائونگ سیٹ سنبھالی اور وہاں سے روانہ ہو گئی۔ میں اس کا تعاقب کرتا ہوا فردوس کالونی کے ایک مکان تک پہنچا ہوں اور اب آپ کو اطلاع دے رہا ہوں۔ مجھے نہ جانے کیوں یہ نسبہ ہوا ہے کہ بانو بھی اسی مکان میں قید ہوں گی۔"

"اوہ! اوہ!" میں نے بے چینی اور پریشانی میں پہلو بدلا۔

"کیا میں اب خود کوئی قدم اٹھاؤں یا آپ کوئی مشورہ دے سکتے ہیں؟" کمانڈر حق نے پوچھا۔

"میں خود وہاں آ رہا ہوں۔ مجھے کس جگہ پہنچنا چاہیے؟"

"آپ... میرا خیال ہے..." وہ رک رک کر بولا۔ "آپ گویار کی سڑک پر ٹھیک اس جگہ آ جائیے جہاں سے رضویہ امام باڑے کی طرف راستہ جاتا ہے۔ میں آپ کو منتظر ملوں گا۔"

"ٹھیک ہے۔ میں آ رہا ہوں۔" میں نے سلسلہ منقطع کر دیا۔

رؤف ڈرائنگ روم اور بیڈ روم کے درمیانی دروازے پر کھڑا ہوا بہت غور سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔

"کیا ہوا؟" اس نے آہستہ سے پوچھا۔

"نومی نے غزالہ کو اغوا کر لیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس نے غزالہ کے مشروب میں کوئی چیز ملا دی ہوگی۔"

"مشروب کیسا؟" وہ استعجابیہ انداز میں بولا۔

"اوہ! میں آپ کو راستے میں تفصیلات بتا دوں گا جلدی چلیے۔ ٹین ٹکن ہے کہ وہاں بانو بھی مل جائیں۔ ہمیں فردوس کالونی پہنچنا ہے۔" کمانڈر حق نے وہیں سے فون کیا تھا۔"

اچانک میں خود کو نروس محسوس کرنے لگا۔ مجھے یہ خیال آ گیا تھا کہ اب رضیہ کا کیا ہوگا؟ اگر میں فلیٹ کو باہر سے مقفل نہ کرتا تو رؤف کو حیرت ہوتی۔ نہ صرف حیرت ہوتی بلکہ وہ مجھ سے سوال بھی کر بیٹھتا کہ میں فلیٹ کو کھلا ہوا چھوڑ کر کہیں جا رہا ہوں۔

اتفاق سے مجھے جلد ہی ایک تدبیر سوجھ گئی اور میں نے اطمینان کا سانس لیا۔ میں اور رؤف باہر نکلے۔ میں نے دروازے میں تالا لگایا اور رؤف کے ساتھ جلدی جلدی زینے اترنے لگا۔ نیچے فٹ پاتھ پر پہنچ کر میں یکلخت رک گیا اور اپنی پیشانی پر ہاتھ مار کر بولا۔

"خانے میں چولہا تو کھلا چھوڑ آیا ہوں۔ کہیں آگ لگ گئی۔ میں ابھی آتا ہوں۔"

پھر میں اس کے کچھ بولنے کا انتظار کیے اوپر چڑھتا چلا گیا۔ میں نے قفل کھولا اور بہ کر اندر داخل ہوا۔ رضیہ سے ٹکر ہو گئی۔ وہ

"اوہ!" اس کے منہ سے نکلا۔ "میں سمجھ قفل کھولا ہوگا۔"

"بس اب جلدی سے باہر نکلو لیکن نیچے نے کہا اور پھر لپکتا ہوا باورچی خانے میں پہنچا چولہا کھلا چھوڑ گیا تھا۔ میں اسے بند کر کے تا کے باہر کھڑی ہوئی تھی اور اس کے انداز سے ظاہر ہو رہا تھا۔

"تم نے میری اور رؤف کی گفتگو تو سن دروازے کیں قفل لگتے ہوئے کہا۔

"ہاں میں نے پوری صورت حال سمجھا، میں زینوں کو پھلانگتا ہوا نیچے اترا۔ ہوئی تھی۔ رؤف اس کی کھڑکی سے سر باہر میں اس کی طرف لپکا۔ اس نے دروازہ کھول کر دروازہ بند کر لیا۔ رؤف انجن اسٹارٹ حرکت میں لے آیا اور بہت جلد ہم طوفانی رفتا اڑے چلے جا رہے تھے۔



میں نے راستے میں رؤف کو کیا جو مجھے ٹیلیفون پر کمانڈر حق وہ سب کچھ سننے کے بعد انداز انداز میں اپنے سر کو جنبش دی تھی۔ میں "غالباً" کر رہا ہوں کہ اس جگہ "یقیناً" کی کوئی گنجائش نہیں چھوٹی چھوٹی باتیں یقین سے کیسے کسی جا سکتی سرگزشت کو کہانی کے سے انداز میں لکھنے کا کام فقرے لکھنا پڑتے ہیں اور یہ اتنے عرصے بعد سی بات سر کھجاتے ہوئے کبھی نہیں اور کون سا لمہ یاد آ گیا۔ کس بات پر متحیرانہ انداز میں سر کو جنبش غیر متحیرانہ انداز میں پاؤں ہلایا گیا اور ہلایا گیا؟

"ایسی بات لکھوں گا تو اس کے ساتھ "غالباً"
اگر کسی وقت میں ایسا نہ کروں تو یہ سوچ کر معاف
میں لکھتا چلا گیا ہوں۔
تھا' رؤف کے متفکرانہ انداز میں سر ہلانے کا!
یکتی مرتبہ سر ہلایا تھا۔ بہر حال اس شغل سے
اس نے کہا "یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ غزالہ کو
رہا ہے؟"
ہ:"
طانے سے بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ایسا کون کر سکتا ہے۔"
"میں بدلنے کی خواہش' انسانی فطرت ہے۔"
ف ایک بار پھر سر ہلا کر رہ گیا۔ اس کے سر ہلانے
میں سمجھ سکا کہ وہ میرے خیال سے متفق ہوا تھا

ت کم وقت صرف کر کے گول مار سے گزر کر رضویہ
وہاں کمانڈر حق میرا منتظر تھا۔ میں نے اس کے
ا۔ میرے اضطراب کا یہ عالم تھا کہ گاڑی کے
اپنی طرف کا دروازہ کھول چکا تھا۔ گاڑی کے
کمانڈر حق چند قدم کے فاصلے سے لپک کر میرے
ہی ہڑبڑی عجلت میں انجن بند کر کے گاڑی سے
کے گرد گھوم کر میرے قریب آ کھڑا ہوا۔ کمانڈر حق
آنی سی نظر ڈالی اور پھر سوالیہ انداز میں میری طرف

"مسٹر رؤف ہیں۔ فرام انٹیلی جنس۔" میں نے
ہلکے پھلکے سے پوچھا۔ "وہ عمارت کہاں ہے؟"
ر آدھ فرلانگ دور ہے۔ پیدل چلنا پڑے گا۔

"رؤف نے ہاتھ اٹھا کر کہا "میں نے کچھ لوگوں
نہیں ہوں گے۔ ہم اس عمارت کو چاروں طرف
اندر داخل ہوں گے۔"
مرا یا ہے؟" میں نے حیرت سے پوچھا۔
کے آدمیوں کو جو یرغمالوں سے مسلح ہوں گے۔"
انہیں بلایا کیسے؟" میری حیرت کم نہیں ہوئی تھی۔
ا میں ٹرانسمیٹر لگا ہوا ہے۔ جب آپ مجھے نیچے چھوڑ
رہے تھے تو میں نے ٹرانسمیٹر پر ہیڈ کوارٹر سے
دے دی تھیں۔"

اس جواب نے میری حیرت رفع کی اور میں مطمئن ہو گیا۔

"غالباً وہ لوگ آ ہی گئے۔" رؤف بولا۔ اس کی نظر تیزی سے قریب آتی ہوئی ایک اسٹیشن ویگن پر جمی ہوئی تھی۔

اس دوران میں کمانڈر حق محتاط انداز میں پہلو بدل بدل کر میری طرف دیکھتا رہا۔ شاید میری طرف دیکھ دیکھ کر پہلو بدلتا رہا۔ مجھے ٹھیک سے یاد نہیں۔

ویگن قریب آ کر رکی اور اس میں سے دس آدمی اتر آئے۔ رؤف انہیں ہدایات دینے لگا۔ کمانڈر حق نے میری طرف جھک کر آہستہ سے کہا "کیا راستہ اقدام مناسب رہے گا؟"

"نامناسب بھی نہیں ہے۔"

اس جواب کے بعد اس بات کی کوئی گنجائش نہیں رہی تھی کہ کمانڈر حق مزید کچھ کہتا۔

ہم نے سڑک پار کی اور فردوس کالونی کے علاقے میں داخل ہو گئے۔ کمانڈر حق رؤف اور میں تو ساتھ ہی تھے لیکن رؤف کے آدمی ہمارے پیچھے اس طرح منتشر ہو گئے تھے کہ جھانا بن سکے۔

میرے دل کی دھڑکنیں تیز ہو چکی تھیں۔ یہ میری زندگی کا پہلا موقع تھا کہ میں اس قسم کے ایک آپریشن میں شریک ہوا تھا۔ اس سنسنی خیز شرکت کے ساتھ ہی ساتھ مجھے بانو کی بھی فکر تھی۔ انہیں اس عمارت کی قید سے نکال لانا میرے لیے خاصا پُرمسرت ثابت ہوتا۔

ہم نے تیزی سے چل کر وہ دو فرلانگ کا فاصلہ گویا پلک جھپکتے میں طے کر لیا۔ کمانڈر حق ایک جگہ رکا تو ہمارے قدم بھی رک گئے۔

"یہ عمارت ہے۔" کمانڈر حق نے اشارے سے بتایا۔

وہ سری عمارتوں کی طرح وہ عمارت بھی اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی۔ ہر طرف سناٹے کا راج تھا۔ کبھی کبھی کسی کتے کے بھونکنے کی آواز سنائی دے جاتی تھی۔

اندھیرے میں سے ایک سایہ نکل کر ہماری طرف بڑھا تو میں اور رؤف چونک گئے لیکن کمانڈر حق فوراً ہی بول پڑا "یہ میرا آدمی ہے۔"

"اوہ!" رؤف کے منہ سے نکلا تھا اور شاید اس نے ایک طویل سانس بھی لی تھی۔

وہ آدمی کمانڈر حق سے باتیں کرنے لگا۔ ان باتوں سے اندازہ ہوا کہ کمانڈر حق اسے وہاں چھوڑ کر ہمیں لینے کے لیے رضویہ کے موڑ پر گیا تھا۔ اس کی عدم موجودگی میں یہاں کوئی خاص بات رونما نہیں ہوئی تھی۔ نہ تو کوئی اس بنگلے میں گیا تھا اور نہ کوئی باہر نکلا تھا۔

رؤف کے اشارے پر اس کے دس آدمی اس بنگلے کے گرد پھیل گئے۔ اب یہ ممکن نہیں رہا تھا کہ کوئی اس بنگلے سے نکل کر فرار ہو سکتا۔ کمانڈر حق نے بھی اپنے آدمی کو ایک جگہ متعین کر دیا۔ اس

کے بعد رؤف مجھے اور کمانڈر حق کو اپنے ساتھ لے کر بنگلے کی طرف بڑھا۔ اب میرے دل کی دھڑکنیں کچھ اور تیز ہو گئیں۔ میں نہیں کہہ سکتا تھا کہ آنے والے لمحات کیا فیصلہ صادر کریں گے۔

دروازے پر پہنچ کر رؤف نے کال بیل کے بٹن پر اُنگلی رکھ دی۔ بنگلے کے کسی دُور اُفتادہ حصّے سے گھنٹی بجنے کی آواز سُنائی دی۔ رؤف نے بٹن سے اُنگلی ہٹالی۔ اُسی وقت کہیں قریب ہی سے سیٹی بجنے کی آواز سُنائی دی۔ غالباً کسی گھر سے روشنی کی ایک آدھ کرن باہر نکل پڑی ہو گی اور بلیک آؤٹ کی پابندی کرانے والا کوئی اسکاؤٹ گروپ اُس مکان پر چڑھ دوڑا ہو گا۔ یہ بڑی دلچسپ بات ہے کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں سرکاری کارندوں کی بجائے خود عوام ہی بلیک آؤٹ کی پابندیاں کرانے کی فتے داری سے عہدہ برآ ہوتے تھے۔

رؤف کو دُوسری مرتبہ کال بیل بجانے کی ضرورت نہیں پیش آئی۔ جلد ہی دروازے کی دُوسری طرف قدموں کی چاپ سُنائی دینے لگی تھی۔ وہ چاپ دروازے کے قریب آ کر رُکی اور پھر کسی بوڑھے مرد نے کھرکھراتی ہوئی سی آواز میں پوچھا۔ "کون ہے؟"

"آپ کے گھر سے روشنی باہر آ رہی ہے۔" رؤف برجستہ بولا۔

"اے ہے!" آواز سے حیرت ظاہر ہوتی تھی اور پھر وہ دروازے کا بولٹ گرنے کی آواز سُنائی دی۔

میں نے اندھیرے کے باوجود دیکھ لیا کہ رؤف نے اپنی جیب سے کوئی چیز نکال کر ہاتھ میں لے لی تھی اور وہ چیز ریوالور ہی ہو سکتی تھی۔

دروازہ کھُلا تو کھولنے والے کے پس منظر میں بھی تاریکی ہی نظر آئی۔ اسی تاریکی کے باعث اس آدمی کی وضع قطع اور حُلیہ بھی دکھائی نہیں دے سکا۔ وہ اندھیرے ہی کا ایک حصّہ معلوم ہو رہا تھا۔

رؤف اس آدمی کو دھکا دیتا ہوا اندر داخل ہو گیا۔ "خبردار!" اس نے سرگوشی میں کہا۔ "اگر چیخنے کی کوشش کی تو گولی مار دوں گا۔"

رؤف کے پیچھے پیچھے میں اور کمانڈر حق بھی جھپٹ کر اندر داخل ہو گئے تھے۔ کمانڈر حق نے جلدی سے دروازہ بھی بند کر دیا۔ اندر ہال میں روشنی پھیل گئی۔ میں نے چونک کر دیکھا کہ کمانڈر حق کے ہاتھ میں ٹارچ دبی ہوئی تھی اور اس کا رُخ دروازہ کھولنے والے آدمی کی طرف تھا۔

بوڑھے کی وضع قطع اُسے مُلازم ثابت کر رہی تھی۔ وہ چھوٹی چھوٹی سی آنکھوں سے رؤف کے ریوالور کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"اِس گھر کے مکیں کہاں ہیں؟" رؤف نے بوڑھے سے اتنی مدھم سرگوشی میں پوچھا کہ اس کی زبان الفاظ میرے کانوں تک بھی بمشکل ہی پہنچ سکی تھی۔

جواب میں بوڑھے کے لب تر ہوئے۔ وہ حد درجہ خوفزدہ ہو گیا تھا۔

میں نے اس قلیل سے وقفے میں وہ ایک وسیع و عریض ڈرائنگ اینڈ ڈائننگ سامنے والی اور دائیں طرف کی دیواروں کا ان میں سے ایک بھی کھُلا ہوا نہیں تھا۔

رؤف بوڑھے ملازم کے سر پر پہنچ گیا۔ بوڑھے کی کھوپڑی سے لگا دی، پھر بڑے جواب نہیں دو گے؟"

بوڑھے کے مُنہ سے آواز تو اب بھی اس طرح اُٹھ گیا کہ شہادت کی اُنگلی سامنے کی طرف اشارہ کر رہی تھی۔

رؤف نے پہلے میری طرف دیکھا، متوحّہ ہو کر بہت دھیمی آواز میں بولا۔ "آپ پاس رُکیے!"

میں اُس وقت اتنا پُرجوش ہو گیا تھا کہ دروازے کی طرف بڑھتا چلا گیا جس کی طرف کیا تھا۔ دروازے کے قریب جا کر میں نے اور دُوسری طرف کی کوئی متوقع آواز سُنے میری یہ کوشش ناکام نہیں ہوئی۔ مجھے آواز لیکن الفاظ سمجھ میں نہیں آ سکے۔ اتنے میں پہنچ گیا۔ اُس نے ریوالور اب بھی اپنے ہاتھ میں نے آواز سُنی دیکھے بغیر دروازے کو دھکا دیا، آواز کے ساتھ کُھل گئے۔

دُوسری طرف تیز روشنی موجود تھی اور موجود تھا جیسے وہ کسی ڈاکٹر کی معائنہ گاہ ہو۔ جو لوگ اُس کمرے میں موجود تھے، اُن آواز نے چونکا دیا۔ وہاں صرف تین افراد تھے ادھیڑ عمر کا مرد جس نے اپنے گلے میں اسٹ

"آپ... آپ لوگ... کون ہیں؟" رُک کر پوچھا۔ اس کی آواز میں ہلکا سا ارتعاش کی وجہ، رؤف کا ریوالور ہی ہو سکتی تھی۔

"پولیس۔" رؤف نے اُسے گھورتے کی طرف دیکھتا ہوا انگریزی میں بولا۔ "تم نے ایک سنگین جرم کیا ہے۔"

سے بولی۔ "آپ کس لڑکی کی بات

گرامی ہوتی ہے۔"

غزالہ نے چونک کر کہا۔ "یہ آپ سے کس نے کہا ہے؟"

غزالہ سے یہ بات سُن کر رؤف صاحب کچھ کم از کم دو چار انچ ضرور سرک گئی ہو گی۔ اداکاری پر کسی مرتبہ عش عش کر چکا ہی میری نظروں سے ملی تھیں میں نے ناراضی محسوس کی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے پہلے کبھی نہ دیکھا ہو۔ اس کے برخلاف تھا۔ اس کی آنکھوں میں مجھے ایسی مجھے پہچاننے کے لیے اپنی یادداشت لے مجھے صرف ایک مرتبہ کلب میں اس اور اس کے باپ شیر بہادر نے شطرنج

ہونٹ دانتوں میں دبا لیا تھا اور غزالہ

دیکھا ہوا تیز لہجے میں بولا۔ "کیا تمہیں دیر لگ گئی

لہجے مضبوط لہجے میں کہا۔ "آپ لوگ الزام عائد کر رہے ہیں۔ بات صرف اپنی میری طبیعت خراب ہو گئی تھی اور ناب ہو گئے تھے لہٰذا میری دوست نوی کے پاس لے آئی تھیں۔ ڈاکٹر صاحب نے حواس بحال ہو گئے۔ اب میں اور نوی یہاں

نے پہلے تو ایک طویل سانس لی پھر ایک کہا۔ شاید کسی اور قسم کی سانس بھی لینے کے

"یہ کس بات کی ہے؟"

سے پہلے ہی اُدھیڑ عمر ڈاکٹر بول پڑا۔ "اگر یقین رکھتے ہیں تو آپ کو اس کا خمیازہ کل کے خلاف قانونی طور پر احتجاج کر لیں زبردستی گھس پڑنا، ہنسی کھیل نہیں

حالات ظاہر ہونے لگا تھا کہ صورتِ حال بیان کر دیا ہے۔ اُدھر نوی کے ہونٹوں میں تھی جیسے اس کی باطنی خوشی، مسکراہٹ کا روپ دھارنا چاہتی ہو مگر نوی اسے کوشش سے روکے ہوئے ہو۔ اِدھر میں یہ سوچ رہا تھا کہ نوی نے بڑی چالاکی سے "اُن لوگوں" کا پتہ چلا لیا جنہوں نے غزالہ کو اس کے پیچھے لگایا تھا۔

"میں معافی چاہتا ہوں ڈاکٹر۔" رؤف نے آہستہ سے کہا۔ "غالباً مجھے غلط اطلاع دی گئی تھی یا یوں کہہ لیجیے کہ خود میرے آدمیوں کو غلط فہمی ہو گئی تھی۔"

"یقیناً آپ کو غلط اطلاع ہی ہوئی ہے۔" غزالہ نے مُنہ بنا کر کہا اور پھر نوی کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔ "غالباً ہمیں تو اب یہاں سے چل دینا چاہیے!"

"اگر اعلیٰ حکام اجازت دیں!" نوی نے رؤف کی طرف دیکھتے ہوئے، خفیف سے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"آپ جا سکتی ہیں۔" رؤف نے آہستہ سے کہا۔ وہ بے حد شکست خوردہ نظر آنے لگا تھا۔ اچانک وہ میرا ہاتھ پکڑ کر خود ہی دروازے کی طرف مُڑ گیا۔

اِدھر میں یہ سوچ رہا تھا کہ یہ غزالہ واقعی آفت کی پرکالہ ہے لیکن کیا وہ نوی کو اپنے اعتماد میں لے کر بے وقوف بنانے میں کامیاب ہو جائے گی؟ اس کا اندازہ لگانا فی الحال تو مشکل ہی تھا۔

میں اور رؤف بیرونی کمرے میں داخل ہوئے تو وہ مُلازم ایک طرف بے حس و حرکت پڑا نظر آیا۔ کمانڈر حق وہاں موجود نہیں تھا جبکہ ہم اسے وہیں چھوڑ کر گئے تھے۔ میں نے اور رؤف نے چونک کر ایک دُوسرے کی طرف دیکھا۔ پھر اس سے پہلے کہ ہم دونوں میں سے کوئی اِس صورتِ حال پر تبصرہ کرتا، دُوسرا دروازہ کھُلا اور کمانڈر حق باہر نکل آیا۔ غالباً ایسے موقعوں پر اطمینان کی سانس لی جاتی ہے سو میں نے اور رؤف نے بھی اس پر عمل کیا۔ پھر جتنی دیر میں ہم اطمینان کی سانس لے کر فارغ ہوئے، کمانڈر حق تیزی سے ہمارے قریب آ گیا۔

"بانو! اِس مکان میں نہیں ہو سکتیں۔" اُس نے مدھم سی سرگوشی کی اور مجھے وہ ایک شخص یاد آ گیا جس کے خیال میں "سرگوشی" کے ساتھ "مدھم" کا استعمال ناجائز ہے۔ پتہ نہیں اس شریف آدمی کو یہ بات کس "عالمِ مطلق" نے بتائی ہے۔

تو جب کمانڈر حق مدھم سی سرگوشی کر چکا تو رؤف نے صرف سر ہلانے پر اکتفا کیا اور ہم تینوں اس مکان سے نکل آئے۔ کمانڈر حق مجھ سے غزالہ کے بارے میں استفسار کر رہا تھا لیکن میں نے اُسے ہاتھ کے اشارے سے چُپ کرا دیا۔

انٹیلی جنس کے جو آدمی مکان کے گرد پھیلے ہوئے تھے، انہیں رؤف نے منتشر ہو جانے کا اشارہ کیا۔ وہیں کمانڈر حق کا آدمی بھی موجود تھا۔ کمانڈر نے اُس سے کہا کہ وہ کار لے کر چلا جائے۔ خود کمانڈر، میرے اور رؤف کے ساتھ رہا۔ ہم تینوں، رضویہ کے موڑ پر پہنچے جہاں رؤف کی کار موجود تھی۔ اب واپس کا

سفر شروع ہوا۔ ناکامی و نامرادی کے باعث ہمارے چہرے جھکے ہوئے تھے۔

"مجھے اپنی زندگی میں کبھی اس طرح شرمندہ نہیں ہونا پڑا۔" رؤف نے کہا۔ مجھے یاد نہیں کہ رؤف نے یہ بات کہتے ہوئے ٹھنڈی سانس لی تھی یا طویل سانس لی تھی یا سرے سے سانس ہی نہیں لی تھی۔

کمانڈر حق سوالیہ نظروں سے میری طرف دیکھنے لگا تو میں نے اسے بتایا کہ وہاں کیا صورتِ حال پیش آئی تھی۔

"یہ غزالہ!" کمانڈر حق بڑبڑایا۔ "بڑی عجیب و غریب لڑکی ہے۔"

"اور نوکی کی تیاری میں بھی کوئی کلام نہیں۔ اسے شبہ تھا کہ غزالہ کو اس کے پیچھے لگایا گیا ہے لہٰذا اس نے یہ ڈرامہ کھیلا۔"

"کیا وہ ڈاکٹر بھی اس ڈھمکے میں اس کا شریک ہوگا؟"

"اس کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا، تاہم اس پر نظر تو رکھنا پڑے گی۔"

"اس کا نام نظامی ہے، ڈاکٹر نظامی۔"

"میں کیسے معلوم؟" یہ پوچھتے ہوئے میرے لہجے میں استعجابی کیفیت ضرور رہی ہوگی۔

"پھاٹک پر ابھرے ہوئے حروف کی نیم پلیٹ لگی ہوتی ہے۔ میں نے اس پر ہاتھ پھیر کر دیکھ لیا تھا۔" کمانڈر حق نے جواب دیا۔

"بریل؟"

"جی ہاں، مجھے کسی زمانے میں اس کا شوق چرایا تھا اور میں نے کچھ دن تک اس کی تربیت حاصل کی تھی۔"

میں اور کمانڈر حق باتوں میں مصروف تھے لیکن رؤف کے انداز سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ اُسے ان باتوں سے قطعاً دلچسپی نہیں تھی۔ وہ کسی اور ہی دُنیا میں گم معلوم ہو رہا تھا۔ غالباً اُسے صرف بانو کی فکر لاحق تھی۔ ویسے میرے بارے میں بھی یہ نہیں سمجھا جا سکتا کہ میں بانو کی طرف سے بے فکر تھا۔ یہ پریشانی تو مجھے بھی تھی کہ بانو کو کہاں ڈھونڈا جائے؟ اور اس مرض میں گرفتار ہونے والوں کی تعداد اب خاصی بڑھ چکی تھی۔ رضیہ کو بھی اپنی بڑی بہن کی تلاش میں دھکے کھانا پڑے تھے اور کچھ پُراسرار تبتیوں کو بھی بانو کی تلاش تھی۔ ان تبتیوں میں سے اُدھیر عمر تبتی کا نام رمپا تھا اور وہ ایک خطرناک آدمی تھا، لیکن کیا واقعی اسے خطرناک سمجھا جا سکتا تھا؟ رضیہ کی آواز سُن کر تو اس کے چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگی تھیں لیکن میرا دل یہ ماننے کو تیار نہیں تھا کہ رضیہ جیسی دلکش مورت اتنی خطرناک بھی ہو سکتی ہے۔ ایسے چہرے اور ایسے بدن تو پھولوں کے کنج سے مشابہ ہوتے ہیں۔

میں اپنے خیالات کے ان بگولوں سے اُس وقت باہر نکلا جب گاڑی ایک ہلکے سے دھچکے کے ساتھ رُکی۔ میں نے خود کو اپنی بلڈنگ کے سامنے پایا۔

"اچھا مسٹر رضوان!" رؤف بولا۔ "ملوں گا۔" پھر اُس نے کمانڈر حق سے پوچھا۔ "ہے؟"

کمانڈر حق نے سوالیہ انداز میں میرے مجھ سے یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ مجھے اُس ہے؟

"کل ہی آپ سے بھی مُلاقات ہوگی۔" سمجھ کر کہا۔

پھر وہ تو رؤف کے ساتھ چلا گیا اور کر اپنی بلڈنگ میں قدم رکھا۔

جب میں بستر پر لیٹا تو مجھے غزالہ نہیں آ رہا تھا کہ وہ اتنی رات تک گھر سے میں اپنے باپ کیا بہانہ کرے گی۔

اس کے بارے میں سوچتے ہوئے میں پہنچ گیا۔ دُوسری صبح میری آنکھ ٹیلیفو کھلی۔ میں نے اُٹھ کر کال ریسیو کی۔ وہ رہی تھی۔ اُس نے میری بھرائی ہوئی آواز سُن سو رہے ہیں؟"

میں نے گھڑی پر نظر ڈالی۔ دس باقی تھے۔

"ہاؤں!" میں نے ٹھنڈی سانس میرے خوابوں پر قدغن لگانا چاہتی ہو؟"

"رات کا ایڈونچر کیسا رہا؟" وہ

"یہ ثابت ہو چکا ہے کہ تمہاری

"کیا بات ہوئی؟"

"اتنی عمر تک پہنچنے کے بعد بھی ہو سکتی ہے۔"

"اوہ!" وہ پھر ہنسنے لگی۔

"اگر تم میرے گھر آ جاؤ تو اطمینان ہو۔"

"آ تو سکتی ہوں مگر دو گھنٹے بعد۔ غزالہ میں اس وقت ہاسپٹل سے بول رہی ہوں ایڈمٹ ہیں۔ پرسوں ان کی آنکھوں کا آ

"ٹھیک ہے۔" میں نے پُرخیال انداز "دو گھنٹے بعد سہی۔ میں انتظار کروں گا۔"

دُوسری طرف سے سلسلہ منقطع کر میں باتھ روم میں جا گھسا اور غسل اس کے بعد باورچی خانے میں جا گھسا اور نا

"ہاں تو میں اس لیے آئی تھی کہ تمہیں میرے ساتھ چلنا ہے۔ مصروف تو نہیں ہو؟"

"ناشتہ کرنے جا رہا تھا۔"

"ایک کپ چائے میں بھی پی لوں گی۔ اس کے بعد ہم روانہ ہو جائیں گے۔"

"جانا کہاں ہے؟"

"جہنم میں۔" وہ مسکرائی۔

"تمہارے ساتھ تو میں ہر جگہ جا سکتا ہوں۔ آؤ تو پھر ناشتہ کر لیں۔"

وہ میرے ساتھ صوفوں کی طرف بڑھی۔ چست لباس میں اس کے بدن کی جنبشیں ایسی تھیں کہ میں جھرجھری سی لے کر رہ گیا۔

"میرا خیال ہے کہ تم کل رات کی تفصیل جاننے کے لیے بے چین ہو گی۔" میں نے بیٹھتے ہوئے کہا۔

"تمہاری مُراد فردوس کالونی کے مکان والے معاملے کی طرف ہے؟"

"ظاہر ہے۔"

"غلط خیالی ہے تمہاری۔" رضیہ نے کہا۔ "میں اس کے بارے میں تم سے کوئی بات نہیں معلوم کرنا چاہتی۔ مجھے سب کچھ معلوم ہے۔"

"کیسے؟" مجھے حیرت ہوئی تھی۔

"جب تم لوگ اس مکان میں داخل ہوئے تھے تو میں بھی تم لوگوں کے قریب ہی تھی۔"

"ناممکن۔"

"سایہری کے لیے سب کچھ ممکن ہے مائی ڈیئر مسٹر رضوان!" رضیہ نے اپنے لہجے میں زور پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "ابھی تم نے مجھے پہچانا نہیں ہے۔"

"کیا تم کوئی جن ہو!" میں نے مُنہ بنا کر کہا۔

"ٹھیک سمجھے۔" وہ مسکرائی۔

"میرا خیال ہے کہ مجھے پہلے ناشتہ کر لینا چاہیے۔" میں نے انڈوں کی پلیٹ کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔ "ڈر ہے کہ تم سے مرعوب ہو کر میں ناشتہ کرنا بھول جاؤں!"

رضیہ ہنسنے لگی۔ وہی کھنکھناتی ہوئی ہنسی جو میرے دل میں گدگدی کر دیتی تھی۔ میں سر جھکا کر ناشتے میں مصروف ہو گیا۔ رضیہ نے اپنے لیے خود ہی چائے بنالی اور صوفے کی پُشت سے ٹیک کر چھوٹے چھوٹے گھونٹ لینے لگی۔

ناشتہ کرنے کے بعد میں نے سگریٹ سُلگائی اور پھر کچھ کہنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ وہ بول پڑی۔ "بس اب ہمیں روانہ ہو جانا چاہیے۔"

"لیکن...." مجھے غزالہ کا خیال آ گیا۔

"غزالہ نے مجھے فون کیا تھا' وہ آنے والی ہے۔"

"تم اس لڑکی کے چکر میں مت پڑو۔ وہ جو کچھ کر رہی ہے' اُسے کرنے دو۔"

"تم کہتی ہو تو کرنے دوں گا لیکن اس وقت تو اُس سے مل لوں۔ میں نے اُس سے وعدہ کر لیا ہے کہ میں اُس کا انتظار کروں گا۔"

"اچھا۔" رضیہ نے اپنی کلائی پر بندھی ہوئی نازک سی گھڑی میں وقت دیکھتے ہوئے کہا۔ "تو میں بھی اتنی دیر یہیں رُکی جاتی ہوں لیکن جب وہ آئے گی تو میں اندر والی نکمے میں چلی جاؤں گی۔"

"کیوں! کیا تم لڑکیوں کو پسند نہیں کرتیں؟" میں نے باتیں اُٹھ دبا کر کہا۔ "بانو تو لڑکیوں کو بے حد پسند کرتی ہیں۔"

"بانو۔" رضیہ ایکدم بہت زیادہ سنجیدہ ہو گئی۔ "سمجھ میں نہیں آتا کہ اُن کا مُستقبل کیا بنے گا۔"

"نہ جانے کیوں' مجھے تو یہ یقین اور اطمینان ہے کہ بانو کسی ناگفتہ بہ حالت میں نہیں ہوں گی۔"

"تاہم ان کا پتہ تو چلنا چاہیے۔"

"میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ اُن کا پتہ چلانے کے لیے نومی ہی ایک واحد ذریعہ ہے۔"

"غزالہ اس معاملے میں سرگرم ہو چکی ہے لہٰذا ہمیں اس سلسلے میں دوسرے ذریعے ڈھونڈنا ہوں گے۔"

"دوسرا ذریعہ نومی کا باپ شیر بہادر ہے۔"

"میں اُسی سے نپٹنے کے بارے میں سوچ رہی ہوں۔"

"یعنی' کس طرح؟"

"یہ ابھی نہیں سوچا۔"

"تو پھر مجھے اس وقت کہاں لے جانا چاہتی ہو؟"

"دُور' بہت دُور' اُفق کے اُس پار۔" رضیہ نے ٹالنے والے انداز میں پُرمزاح طور پر کہا۔

"اُفق کے اُس پار۔" میں مُنہ بنا کر بولا۔ "اگر ہم نے وہاں جانے کی کوشش کی تو خلا میں گر پڑیں گے۔"

"کیا فرق پڑتا ہے!"

"ہاں فرق تو کوئی نہیں پڑتا' بس ذرا سی جان نکل جاتی ہے۔"

رضیہ پھر ہنسنے لگی۔ وہی مخصوص ہنسی! اچانک اس نے سنجیدہ ہو کر کہا۔ "اچھا سنو! ایک بات تو بتاؤ! میں یونہی وقت گزاری کے لیے ایک سوال کر رہی ہوں۔ تم نے کبھی کسی سے محبت کی ہے؟"

"محبت؟" میں نے الجھی ہوئی نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔ "پہلے تو یہ طے ہونا چاہیے کہ تم محبت کسے کہہ رہی ہو؟"

"فلسفیانہ گہرائی میں مت جاؤ۔ میں نے تم سے ایک سیدھا سادہ سوال کیا ہے۔"

"محبت ایک ایسا جذبہ ہے کہ اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔" میں مجھے یہ اُلجھن ضرور لاحق ہو گئی تھی کہ رضیہ موضوع کو کیوں چھیڑ رہی ہے۔

"تم سیدھا ایک سادہ سے سوال کر رہی ہو۔" میں بولا۔

"ہاں۔" میں ہنس پڑا۔ "شاید میں لا کے جواب سے پہلو بچانا چاہتا تھا۔"

"کیوں!"

"دراصل اس سلسلے میں میرے ساتھ ایسا سفاک ہیں کہ لوگ مجھے گردن زدنی قرار دے چکے ہیں۔ سب نہیں ہے کہ میری بات سُن سکے۔"

"لیکن یہاں تو صرف میں ہوں۔"

"دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں۔ کے غیر ضروری اظہار سے بچتے ہوئے اتنا کہوں گا تین لڑکیوں سے محبت ہوئی۔ دو سے تو میں کیا لیکن تیسری سے کچھ نہیں کہہ سکا۔"

"کیوں!"

"بعض محبتیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو ہیں' وہیں پرورش پاتی ہیں اور تڑپ تڑپ تی۔ سماج کا خوف انہیں زبان پر نہیں آنے

"کیوں! تمہاری بات وضاحت طلب

"بس وضاحت ہی کرنے سے تڑپتی

"تم مجھے اُلجھائے دے رہے ہو۔"

"بہتر ہو گا کہ اُلجھی رہو۔ بعض سلجھاؤ اُلجھاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔ تم نے ایک بات پوچھی کا سیدھا سادا جواب دے دیا۔ اب اگر زندہ ہو جائیں گی۔"

اُسی وقت فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ کے جواب میں کچھ کہنے کا موقع نہیں مل کی۔ دوسری طرف سے غزالہ بول رہی تھی

"مسٹر رضوان! میں اس وقت نہیں میں رُکنا پڑ رہا ہے۔ اب شام ہی کو مُلاقا

"ٹھیک ہے۔" میں نے کہا۔ "مگر شام فون ضرور کر لینا۔ ممکن ہے' میں گھر پر نہ مل سو

"میں فون کر لوں گی۔ اچھا' خدا حافظ!

میں نے سلسلہ منقطع کر دیا۔

رضیہ نے جب غزالہ کے پروگرام کی

"تو پھر اب ہمیں روانہ ہو جانا چاہیے۔"

ٹ کو معقل کیا اور اپنی نکیل رضیہ کے ہاتھ میں میں تھا کہ وہ مجھے کہاں لے جانا چاہتی تھی لیکن انقیت کی پروا نہیں کی۔ میں رضیہ پر اعتماد ل بن میری دشمن نہیں ہو سکتی تھی۔ ویسے ن ہوں تو بھی انہیں دشمن سمجھنے کو جی نہیں

اس اور جو بھی اس لیے مجھے اپنی موٹر سائیکل ا ا تو بھگ بھی رضیہ ہی نے سنبھالی تھی۔

ا" میں نے کھسیا کر رضیہ کے لہجے کی نقل ا ہی، وقت گزاری کے لیے ایک سوال کر رہا ہ مجھی کسی سے محبت کی ہے؟"

ہ ایکا سا قہقہہ لگا کر بولی۔ "میری تو ساری عُمر گزری ہے۔"

اُس نے مُنہ بنا کر کہا۔ "کیا آپ اپنی عُمر بتائیں

ہے' وہ میں نے محبت کرتے ہوئے گزاری

وش نصیبوں کے نام پتے بھی بتاتی چلیے۔"

ا کا نام یاد رہ گیا ہے۔"

ب اب پر قناعت کر لوں گا۔"

ا" میں نے چونک کر کہا۔

ہا تھا نا تم نے!"

ٹا دیا۔" وہ سنجیدگی سے بولی۔

ہ یہ کیا مقدار؟"

ا ایہا تم اس قابل نہیں ہو کہ تم سے محبت کی

اس کی طرف دیکھا لیکن اس کے چہرے ا ہا کہ وہ مجھے گھس رہی تھی اور نہ یہ اندازہ ا تھی۔

ی محبت کا نام تو سُنا ہو گا۔" وہ پھر بولی ملا کہا۔ "تم نے ضرور سُنا ہو گا۔ مجھے بس

ا ا ا اُس چھت کی طرف دیکھتا ہوا بڑبڑایا۔ "یہ ا ا ا تیری پناہ چاہتا ہے۔"

"شاید تمہیں میری بات پر یقین نہیں آیا۔ سچ کہتی ہوں' جب میں نے تمہیں پہلی مرتبہ یعنی ٹرین کے ڈبے میں دیکھا تھا تو بس کھٹ سے اپنا دل ہار بیٹھی تھی۔"

"دیکھیے خاتون!" میں نے کچھ جھنجھلا کر اور کچھ جھینپ کر کہا۔ "یقین کیجیے کہ میں بہت تھوڑا سا بے وقوف ہوں۔"

"یہ اندازہ تو مجھے تمہاری شکل دیکھتے ہی ہو گیا تھا۔" وہ بدستور سنجیدگی سے بولتی رہی۔ "اگر یہ اندازہ نہ ہوتا تو میں اپنے دل کو سمجھا لیتی۔ دراصل زیادہ بے وقوف تو محبت سے اس طرح پیش آتے ہیں' جیسے گھوڑا اپنے سائے سے اور جو بے وقوف نہیں ہوتے' ان کی سمجھ میں محبت کا مطلب ہی نہیں آتا لہٰذا عالمی پیمانے پر صرف اُنہی لوگوں کو محبت کے قابل قرار دیا گیا ہے جو تھوڑے سے بے وقوف ہوں۔"

میں مُنہ بنا کر کار کی کھڑکی سے باہر دیکھنے لگا۔ مجھے اس میں کوئی شُبہ نہیں رہا تھا کہ رضیہ سنجیدہ نظر آنے کے باوجود سنجیدہ نہیں تھی۔

"باتیں دی دے!" وہ اچانک ہنس پڑی۔ "شاید تمہیں یہ جان کر خوشی ہو گی کہ ایک کار ہمارا تعاقب کر رہی ہے۔"

"کیا!" میں چونک پڑا۔

"نانا!" وہ جلدی سے بولی۔ "پلٹ کر مت دیکھنا۔ میں نے بیک ویو میرر میں دیکھ لیا ہے۔"

"کیسی کار ہے؟" میں تشویش میں مُبتلا ہو گیا۔

"سفید فیاٹ۔" رضیہ نے جواب دیا۔ "میرا خیال ہے کہ اس میں چار آدمی ہیں۔"

"اُن کی وضع قطع؟"

"درمیانی فاصلہ اتنا کم نہیں ہے کہ میں اُن کی وضع قطع بھی جانچ لوں۔"

"ہوں۔" میں سوچ میں پڑ گیا۔

تعاقب کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟ رُمپا اور اُس کے ساتھی تو خارج از بحث تھے۔ اُن میں اتنی ہمت نہیں ہو سکتی تھی کہ وہ صابیری کا تعاقب کریں۔ تو پھر؟ شیر بہادر؟ شاید!

"پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔" رضیہ بولی۔ "ہم بھی اُن سے نپٹ لیں گے۔"

کار اُس وقت لسبیلہ کے پُل پر چڑھ رہی تھی۔

"کس طرح نپٹنے کا ارادہ ہے؟"

"یہ تو موقع کی مناسبت سے دیکھا جائے گا اور میں نے اسی موقع کی تلاش میں اِدھر کا رُخ کیا ہے۔"

"اِدھر کیا بات ہے؟"

"میں کسی سنسان علاقے میں ... بتی ہوں۔ یہ استہ رل ایریا کی طرف جاتا ہے نا؟"

"مائی گاڈ! تمہیں کراچی کے مقامات اور راستے بھی معلوم ہیں؟ اس کا مطلب یہ ہُوا کہ تم پہلے بھی کراچی آچکی ہو؟"

"قطعی نہیں۔"

"پھر تمہیں یہاں کے راستے کیسے معلوم ہیں؟"

"میں نے کراچی کا نقشہ دیکھ کر سب کچھ ذہن نشین کر لیا ہے۔ میری یادداشت بہت تیز ہے۔"

"ویری گڈ!" میں نے ایک گہری سانس لے کر کہا۔ "شاید کتنی طویل سانس لے کر کہا۔ اس کا مطلب ہے کہ تم بانو کی بھی چچی ہو؟"

"چھوٹی بہن۔" رضیہ نے تصحیح کرنے والے انداز میں کہا۔ "لیکن عمر کتیں تو چھوٹی بہن کی سی نہیں ہیں۔"

"ابھی تم نے میری وہ عمر کتیں تو دیکھی ہی نہیں جو تمہیں انگشت بدنداں کر دیں گی۔"

"وہ بھی دکھا دو!"

"دھیرج، دھیرج، تم بہت کچھ دیکھو گے۔"

"میری آخری آرزو تو بس یہ ہے کہ بانو کے سہرے کی لڑیاں دیکھ لوں۔ ویسے، کیا وہ فیاٹ اب بھی تعاقب میں ہے؟" میں نے سنجیدہ ہو کر پوچھا۔

"اگر وہ نہ ہوتی تو میں نے کار کا رُخ بدل دیا ہوتا۔ مجھے اس وقت صدر جانا تھا۔"

کار اب پہلی چونگی سے گزر چکی تھی۔ یہاں سے رضیہ نے کار کی رفتار میں خاصا اضافہ کر دیا۔

"ایک بات واضح کر دوں۔" میں بولا۔ "میرے پاس کوئی ہتھیار نہیں ہے۔"

"وہ تو میرے پاس بھی نہیں ہے۔"

"پھر تو ہمیں سنسان جگہ کی طرف رُخ نہیں کرنا چاہیے۔"

"کیوں؟"

"اگر وہاں ہم خطرے میں پڑ گئے تو کیا کریں گے؟"

"تم ناچنا، میں گاؤں گی۔" وہ ہنس پڑی۔

"اور وہ لوگ ہم دونوں کے سروں پر طبلہ بجا کر رکھ دیں گے۔" میں نے غرا کر کہا۔

"میرا خیال ہے کہ تم اپنے آپ کو اوور ایسٹی میٹ کر رہی ہو!"

"وقت آنے پر دیکھ ہی لو گے!" اس نے لاپرواہی سے کہا۔

کار جیسے جیسے مل ایریا کے قریب ہوتی جا رہی تھی، میری پریشانی میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ رضیہ کے چہرے پر نظر آنے والی خود اعتمادی بھی میری اس پریشانی کو کم نہیں کر سکی۔ اُس نے مجھے بتایا تھا کہ فیاٹ میں چار آدمی تھے اور ہمارے مقابلے پر یہ کوئی کم تعداد نہیں تھی۔ میرے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ رضیہ نپٹنے کی کوشش کرے گی۔

کچھ ہی دیر بعد کار مل ایریا میں داخل ہو گئی۔ ساتھ ہی میری بے چینی میں اضافہ ہو گیا۔ جو کچھ ہونے میں اب دیر نہیں تھی۔ میرا اندیشہ ہائے دور دراز نے انجن بھی فوراً ہی بند کر دیا تھا۔

"کیا ارادہ ہے؟" میں بڑبڑایا۔

رضیہ نے فوراً جواب نہیں دیا۔ اس کی نظر پرتھی۔ وہ آہستہ سے بولی۔ "کار قریب آ رہی ہے۔"

"پھر کیا ارادہ ہے؟" میں نے پوچھا

رضیہ نے کوئی جواب نہیں دیا اور اس لیے دروازہ کھولنے لگی۔ اب مجھے بھی اس کے دروازہ کھول کر اتر پڑوں۔

یہ ایک اتنا ہی سنسان مقام تھا کوتھی۔ اِدھر سے نہ تو گاڑیاں گزر رہی تھیں خاصے فاصلے پر ایک مل کے سامنے پان دو تین مزدور نظر آ رہے تھے۔

فیاٹ بہت تیزی سے قریب آ نداز سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ لوگ تھے مگر انہیں رُکنا پڑا۔ رضیہ ہی نے انہیں اشارہ کیا تھا۔ فیاٹ کے بریک بہت وہ رضیہ کی گاڑی سے چند گز آگے نکل میں نے ایک ہی نظر میں ان چاروں کار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کی شکل بدمعاش ظاہر کر رہی تھی۔ ان میں سے ایک وہ سعید منزل کے علاقے کا داداسمجھا جاتا تھا

رضیہ فیاٹ کی طرف بڑھی جس کر وہ چاروں باہر نکل رہے تھے۔

"معاف کیجیے گا!" رضیہ بلند آواز میں کچھ خرابی ہو گئی ہے۔ کیا آپ لوگ مجھ

ان چاروں نے ایک دوسرے کی ہی آنکھوں میں کچھ اشارے ہوتے اور پھر جھپٹے جیسے اس کو دبوچ کر اٹھا لے جانا چا

"خبردار! خبردار!" میں انہیں للکا لیے لپکا لیکن وہاں تو میرے قریب شروع ہو چکا تھا۔

رضیہ برق سرعت سے غوطہ

اس طرح ٹانگ چلائی کہ ان میں سے وہ رضیہ اُن کی زد سے نکل کر تیزی سے گھومتا جڑتے ہوتے دوسرے کی کمر پر لات

ہر ضربیں اتنی تیز تھیں جیسے بجلی چمک رہی ہو۔ کھڑا رہ گیا۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی لڑتے ہوتے نہیں دیکھا تھا۔ وہ چاروں تھے اور اب اُن کے مُنہ سے گندی گندی

اور رضیہ اس طرح جنسے جا رہی تھی جیسے

اچانک دور سے وہ مزدور ہماری طرف ان فلورز کے کیبن پر کھڑے ہوتے ہے چابیوں کی دُرگت اتنی تیزی سے بنا انہیں بھاگ نکلنے کے سوا کچھ نہیں سُوجھا کی مزاج پُرسی میں مصروف تھی، اس کر فیاٹ میں جا بیٹھے۔ پٹنے والے نے بھاگنا چاہا تھا لیکن رضیہ نے اس کی ٹانگ ال۔

تم کر تو میں اپنے کلیجے سے لگا کر رکھوں

اسٹارٹ ہو چکا تھا۔ وہ حرکت میں آ ئی ہار تار میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ قریب منہ اُس کا راستہ روکنے کی کوشش کی انہیں خود ہی اُچھل کر الگ ہٹ جانا پڑتا ہوئی گزر جاتی۔

ار کا گریبان پکڑ کر اُٹھایا اور اُسے ل۔ اس بدنصیب میں اب مزاحمت ں تھی۔ اُس کے ہونٹ پھٹ گئے ا رہا تھا اور بائیں آنکھ بھی سُوج گئی تھی۔ گئے اور صورتِ حال کے بارے میں

نہیں ہے۔" رضیہ نے انھیں جواب ان غنڈوں کا شوق ہے لیکن مجھے ان ب سلیقہ ہے۔"

اس کا گریبان پکڑے ہوتے تھی۔ اُس نے پہلی نشست کا دروازہ کھولا اور پھر مزدوروں سے بولی۔ "میں اسے

پولیس اسٹیشن لے جاؤں گی۔ پولیس والے اسے مار مار کر اس کے ساتھیوں کا نام پتہ معلوم کر لیں گے۔"

مزدور بس سر ہلا کر رہ گئے۔ وہ مجسم حیرت بنے ہوتے تھے۔ میری طرح اُنہوں نے بھی ایسی طوفانی لڑکی، کبھی نہیں دیکھی ہو گی۔

"کھڑے مُنہ کیا تک رہے ہو!" رضیہ مجھ سے بولی۔ "تم پیچھے ہی بیٹھ جاؤ تاکہ یہ اُلو کا پٹھا، پَر پُرزے نہ نکال سکے۔"

"آں!... ہاں۔" میں نے چونک کر کہا۔

رضیہ ڈرائیونگ سیٹ کا دروازہ کھولنے لگی۔ میں نے پچھلی نشست پر بیٹھ کر دروازہ بند کر لیا۔ وہ غنڈہ اب بھی بُری طرح ہانپ رہا تھا۔ اس کے کس بل اس طرح نکلے تھے کہ شاید اب وہ پَر پُرزے نکالنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔

رضیہ کار کو حرکت میں لائی اور اُسے گھما کر اس کا رُخ واپس شہر کی طرف کر دیا۔

"رضوان!" رضیہ مجھ سے بولی۔ "اگر یہ اُلو کا پٹھا گڑبڑ کرنے کی کوشش کرے تو تم اپنا ریوالور نکال لینا۔"

میں نے بس سر ہلا دیا۔ میں سمجھ گیا تھا کہ رضیہ اس غنڈے کو دھمکانا چاہتی تھی ورنہ اُسے معلوم ہی تھا کہ میرے پاس ریوالور نہیں ہے۔

"کیوں بے!" میں نے اس کا گریبان پکڑ کر جھنجھوڑتے ہوئے کہا۔ "یہ کیا حرکت تھی؟ تم لوگ اسی طرح سارے شہر کی عورتوں کو پریشان کرتے ہو؟"

"غلط سوال مت کرو رضوان!" رضیہ نے مجھے ٹوکا۔ "تمہیں یہ معلوم کرنا چاہیے کہ ان لوگوں کو ہمارے پیچھے کس نے لگایا تھا۔"

میں نے دیکھا کہ رضیہ کی اس بات پر غنڈے کے چہرے کی رنگت بدل گئی تھی۔ گویا رضیہ کا خیال ٹھیک ہی تھا۔

"کک... کسی نے... نہیں۔" وہ ہکلایا۔

"دیکھو!" میں نے اُسے سمجھانے والے انداز میں کہا۔ "تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ جھوٹ نہ بولو۔ یہ خاتون بڑی خطرناک ہیں۔ ان کا شجرۂ نسب براہِ راست ناڈیل سے جا ملتا ہے۔ اگر تم حقیقت اُگل دو تو میں ان کی طرف سے وعدہ کرتا ہوں کہ تمہیں پولیس کے حوالے نہیں کیا جائے گا۔"

"ٹھیک ہے رضوان!" رضیہ بھی بول پڑی۔ "میں تمہارے الفاظ کا پاس کروں گی۔"

"کیا واقعی تم لوگ مجھے چھوڑ دو گے؟" غنڈے نے آستین سے اپنے خون آلود ہونٹ صاف کرتے ہوئے پوچھا۔

"تمہیں میرے الفاظ پر یقین کرنا چاہیے!" رضیہ پھر بول پڑی۔

"میں نے اپنے ساتھی کے الفاظ کا پاس کرنے کا عہد کیا ہے۔"

"تو پھر..." غنڈے نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔ "جتنا مجھے معلوم ہے، وہ تو میں تم لوگوں کو بتا ہی دوں گا۔"

"اب بتا بھی چکو۔" رضیہ نے شاید مُنہ بنا کر کہا تھا۔

"ہمیں اس کام کے لیے کوبرا نے تیار کیا تھا۔"

"کوبرا؟" میں نے سوالیہ انداز میں کہا۔

"ہاں۔" غنڈے نے سر ہلایا۔ میرے ان تین ساتھیوں میں سے ایک کوبرا تھا۔ بغدادی کے علاقے میں تو بچہ بچہ کوبرا کے نام سے واقف ہے۔ کراچی پولیس کی بلیک لسٹ میں بھی اس کا یہی نام درج ہے۔"

"ٹھیک ہے۔" میں سر ہلا کر بولا۔ "میں نے بھی یہ نام سُن رکھا ہے۔"

"کوبرا کو اس کام کے لیے بارہ ہزار روپے ملے تھے۔"

"کس کام کے لیے؟"

"ان کے اغوا کے لیے۔" غنڈے نے رضیہ کی طرف اشارہ کیا۔

"مجھے اغوا کر کے تم لوگ کہاں لے جاتے؟" رضیہ نے پوچھا۔

"کوبرا کے گھر۔"

"وہاں لے جانے کا مقصد؟"

"ایک ہفتے تک قید رکھنا۔"

"بس؟"

"کوبرا نے ہمیں اتنا ہی بتایا تھا۔"

مجھے یوں محسوس ہوا جیسے غنڈہ کوئی بات کہتے کہتے رُک گیا ہو۔

"تم کوئی بات چھپا بھی رہے ہو!" میں اسے گھورتا ہوا بولا۔

"نن... نہیں تو۔"

"جھوٹ مت بولو!" میں نے ایک بار پھر اُس گارگیبان پکڑ کر جھنجھوڑ دیا۔

"دراصل..." وہ ہکلاتا ہوا بولا۔ "وہ کوئی ایسی اہم بات نہیں ہے جس کا بتانا ضروری ہو۔"

"غیر ضروری باتیں سُننا ہماری ہابی ہے، تم اس کی پروا مت کرو۔"

"وہ... وہ... دراصل..."

"ہاں، ہاں! کہو! شاباش!" میں نے اُسے بچوں کی طرح پچکارا۔

"ہم لوگوں کو تو کوبرا نے صرف دو دو ہزار روپے دینے کا وعدہ کیا تھا اور یہ بات بھی صاف صاف بتا دی تھی کہ وہ خود چھ ہزار رکھے گا۔ ہم لوگ دو دو ہزار کی خاطر یہ کام کرنے پر ہرگز آمادہ نہ ہوتے لیکن..." وہ پھر خاموش ہو گیا۔

"بولتے رہو۔" میں غرایا۔

"دراصل... دراصل... ہم لوگوں کو کہ... یہ ایک ہفتے تک ہمارے رحم و کرم پر ہیں، کیا تھا کہ وہ ان پر اکیلا قابو نہیں رہے گا۔"

"ویری گڈ!" میں نے چہک کر رضیہ سے کہا۔ "سُن لیا؟" وہ مُنہ بنا کر بولی۔

"لیکن تم نے ایک اہم بات تو بتائی نہیں۔" میں غنڈے کی طرف متوجہ ہو گیا اور وہ سوالیہ انداز دیکھنے لگا۔ میں نے اس سے پوچھا۔ "کوبرا کو اس کام کے ہزار روپے کس سے ملے تھے؟"

"ابھی تو صرف چھ ہزار ملے تھے۔ باقی بعد آج رات کو ملنا تھے۔"

"مگر کس سے؟"

"یہ بات کوبرا نے ہمیں نہیں بتائی تھی۔"

"یہی تو اہم ترین بات ہے۔"

"مجھے جو کچھ معلوم تھا، وہ میں نے بتا دیا۔"

"کیا خیال ہے!" میں نے رضیہ کی طرف دیکھا۔

رضیہ مجھ سے کچھ کہنے کی بجائے بولی۔ "کوبرا کو باقی چھ ہزار آج رات کو کس وقت ملنا تھے؟"

"جس آدمی نے کوبرا کو اس کام کے لیے تیار کیا تھا، وہ خود ہی آج رات کو ساڑھے آٹھ بجے کوبرا کے گھر آئے گا۔"

"تمہیں یقین ہے؟"

"کوبرا نے ہم کو یہی بتایا تھا۔"

"کوبرا۔" میں مُنہ بنا کر بولا۔ "ساری کے سر ہے۔"

"ٹھیک ہے۔ اتنی معلومات بھی مطمئن انداز میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔

کچھ دیر بعد کار سوسائٹی کے اُس رضیہ کا قیام تھا۔ کار جب برآمدے کے سامنے جھٹکوں سے رُکی۔ غنڈے نے پریشان نظروں اور پھر بولے بغیر نہ رہ سکا۔

"یہ تم لوگ مجھے کہاں لے آئے؟"

"اپنے گھر۔" رضیہ نے انجن بند کرتے "تمہیں اب گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ تمہا اختیار نہیں کیا جائے گا۔"

میں اپنی طرف کا دروازہ کھول کر کا

سے بولا۔ "چلو اب تم بھی اُتر آؤ میری جان!"

بار ہا تھا لیکن اسے کار سے تو نکلنا ہی پڑا۔ میں نے اس اس کی کلائی تھام لی کہ وہ کہیں بھاگ نہ نکلے۔ میں تو بھی رکھتی تھی لیکن اس کے لیے پوری طرح تیار بھاگنے کلائی چھڑا کر بھاگ نکلنے کی کوشش کرے

ال۔

پھاٹک میں داخل ہوتے۔ غنڈہ بہت پریشان نظر بھاگ نکلنے کی راہ نہیں مل سکی۔ دونوں بھکشو بھی نظر آ رہے تھے۔ شاید رضیہ نے انہیں کچھ اشارہ

رضیہ نے تبتی زبان میں بھکشوؤں سے کچھ کہا اور بولی۔ "یہ دونوں تم کو ایک کمرے میں پہنچا دیں گے۔ کہہ دیا ہے کہ تمہیں کوئی تکلیف نہ پہنچنے پائے۔ تم کچھ دیر تک یہاں مہمان رہو گے۔ اس کے بعد تم کو جانا ہے گا۔"

"کی مرضی دریافت نہیں ہے۔" رضیہ اس کی بات کاٹتی اس نے بھکشوؤں سے کچھ کہا۔

بھکشو غنڈے کے دائیں بائیں پہنچ گئے۔

اڑے سے کہا۔ "بہتری اسی میں ہے کہ تم مزاحمت اس قسم کے بھکشو نہیں ہیں جو لڑائی بھڑائی سے بہت صفاک پاؤ گے۔ ہاں اگر تم سکون سے رہے ان ثابت ہوں گے۔"

ل بات سمجھ میں آ رہی تھی لیکن میری ہنسی کے جواب ا ور نہ سمجھا اور پھر ڈرائنگ رُوم سے چلا گیا۔

ہالے اور پینے میں دس پندرہ منٹ صرف ہو ں گھونٹ لے کر پیالی رکھ رہا تھا تو رضیہ مسکراتی ال وقت ایک خوبصورت فراک اور شلوار ملبوس تھی۔ میری نظر اُس کے سراپا کی

ں نے غنڈے کے بازو پکڑ لیے لیکن گرفت ہو چکی تھی۔ وہ دونوں اسے لے کر اندر چلے

ہو!" رضیہ نے مجھ سے کہا۔ "میرے کپڑے یل کر آؤں۔"

ہو گیا اور وہ اندر چلی گئی۔

اس غنڈے کو یہاں لانے کا سبب سمجھنا میرے لیے مشکل نہیں تھا۔ یہ بالکل سامنے کی بات تھی کہ رضیہ نے کیا سوچا تھا۔ وہ چاہتی تھی کہ آج رات کو برا کے گھر جا کر اس شخص کا پتہ چلائے جس نے ان چاروں کو اس کے اغوا کے لیے مقرر کیا تھا۔ اب اگر اس غنڈے کو چھوڑ دیا جاتا تو وہ جا کر کوبرا کو ہوشیار کر دیتا۔

میں سوچ بچار میں ڈوبا ہوا تھا کہ رضیہ کا ملازم خصوصی زولا اندر آیا۔ وہ میرے لیے چائے لایا تھا۔

"تم چائے بنانے کے اسپیشلسٹ معلوم ہوتے ہو!" میں نے کہا۔

"کیا دیکھ رہے ہو!" وہ ہنس کر بولی۔

"کچھ نہیں۔" میں نے جیسے چونک کر کہا۔ "لیکن اس وقت میرا دل چاہ رہا ہے کہ تمہیں گود میں لے کر ناچنا شروع کر دوں۔"

"بس؟ صرف اتنا ہی؟" اُس نے عجیب سی نظروں سے میری طرف دیکھا۔

"کیا مطلب!" میں اُلجھ کر اُسے گھورنے لگا۔

"مطلب یہ کہ صرف اتنی سی بات کے لیے اتنا پریشان ہونے کی کیا ضرورت ہے؟" اُس نے ہنستے ہوئے کہا اور پھر بولی۔ "خیر چھوڑو اس ذکر کو۔ آؤ اب چلیں۔" وہ بیرونی دروازے کی طرف مُڑی۔

میرا ذہن بدستور اُلجھا رہا۔ رضیہ کی وہ عجیب سی نظریں میرے لیے ایک فلش بن کر رہ گئی تھیں۔ مجھے ایک پل کے لیے یوں محسوس ہوا تھا جیسے اُس کی نگاہوں نے مجھے بہت کچھ کر گزرنے کی دعوت دی ہو۔ نہ جانے وہ میرا وہم تھا یا حقیقت؟ میں کوئی فیصلہ نہیں کر سکا۔

کار میں رضیہ کے ساتھ سفر کرتے ہوئے بھی میں اُلجھا ہی رہا۔

"کہاں کھوتے ہوتے ہو؟" رضیہ بولی۔

میں اپنے خیالات سے چونکا اور پھر جلدی سے کہا۔ "اکھراب ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

"جہاں جانے کے لیے تمہارے گھر سے روانہ ہوئے تھے لیکن بیچ میں گڑبڑ ہو گئی۔"

"یعنی صدر؟"

"ہاں۔"

"کیا آج رات کو تم کوبرا کے گھر پر دھاوا نہیں بولو گی؟"

"یقیناً بولوں گی۔"

"تو پھر تمہیں اس وقت یہ معلوم کرنے کی فکر ہونا چاہیے تھی کہ کوبرا کا گھر کہاں ہے۔"

"وہ مجھے معلوم ہو جائے گا۔"

"کیسے!"

"میں نے یہ کام اپنے آدمیوں کے سپرد کر دیا ہے۔ جب میں

اپنے گھر لوٹوں گی تو مجھے کوبرا کا پتہ مل جائے گا۔"

"اوہ!" میں نے شاید ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "میں اِس غلط فہمی کا شکار ہو گیا تھا کہ تمہیں اِس سلسلے میں میرا تعاون درکار ہو گا۔"

"چھوٹے چھوٹے معاملات میں کسی کا تعاون حاصل کرنا مجھے کبھی بھی گوارا نہیں ہُوا۔ اِس وقت بھی میں تمہیں کسی جگہ لے جا رہی ہوں تو محض اِس خیال سے کہ تمہاری رفاقت مجھے اچھی لگنے لگی ہے۔"

"شُکریہ نصیب!"

"کیا تمہیں میری رفاقت اچھی نہیں لگتی؟"

مجھے ایک بار پھر چونکنا پڑا۔ میں نے غور سے اُس کے چہرے کی طرف دیکھا لیکن اُس کی قلبی کیفیت کا اندازہ نہیں کر سکا۔ اُس کا صرف نصف چہرہ میرے سامنے تھا کیونکہ اُس کی نظر سامنے سڑک پر جمی ہوئی تھی۔

"جواب نہیں دیا تم نے؟" رضیہ قدرے توقف سے بولی۔

اُس نے یہ سوال بھی میری طرف دیکھے بغیر کیا تھا۔

"رضیہ!" میں نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "تم مجھے خلفشار میں مُبتلا کیے دے رہی ہو۔"

"کیوں!" شاید وہ مُسکرائی تھی۔

"بظاہر تو تمہاری باتیں بڑی سرسری سی ہیں لیکن تمہارا لہجہ نہیں بڑے عجیب معنی پنہاں ہے۔"

"تو تم اِن بیانی کو سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتے؟"

"رض... رضو!" میرے جسم میں سنسناہٹ پھیل گئی۔ "تمہارے مُنہ سے... رضو بہت اچھا لگا۔" اُس نے اب بھی میری طرف نہیں دیکھا تھا۔

میں گنگ ہو کر رہ گیا۔ رضیہ کی باتوں کے معانی بڑی وضاحت سے سامنے آ گئے تھے مگر نہ جانے کیوں، میرا ذہن اُس وضاحت کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں تھا۔ یہ بات مجھے بڑی عجیب معلوم ہو رہی تھی کہ رضیہ مجھے پسند کرنے لگی تھی۔ ویسے یہ احساس تھا بڑا خوشگوار! دل و دماغ پر نشہ طاری کر دینے کی قوت تھی اس میں! رضیہ کا شمار دُنیا کی حسین ترین لڑکیوں میں کیا جا سکتا تھا اور جب کوئی ایسی لڑکی مائل ہونے لگے تو قلب پر کیا گزرتی ہے؟ یہ کچھ اہلِ دل ہی جان سکتے ہیں۔

کار جب تک چلتی رہی، میں دُنیا و مافیہا سے بے خبر رہا۔ شاید اس دوران میں میرا ذہنی سفر ایک ایسے شبستاں کی طرف جاری تھا جہاں رنگ و حکمت کی عملداری تھی۔

کار جب رُکی تو میں خیالات کے بگولوں سے نکلا اور میں نے دیکھا کہ یہ صدر کا وہ اندرونی علاقہ تھا جہاں اینگلو انڈین لوگوں کی رہائش ہے۔

"آؤ!" رضیہ نے گاڑی سے اترتے ہوئے سحر زدگی کے عالم میں کار کی کھڑکیوں کے شیشے چڑھاتے اور دروازے بند کرتے دیکھا۔ پھر وہ مجھے لیے ہوئے ایک گلی میں داخل ہو گئی۔ تھام لیا تھا۔ اس کے لمس میں ایسی تپش تھی کہ میں محسوس ہونے لگا۔

"ارے!" اچانک رضیہ ہنس کر بولی۔ "تم سونگھ گیا؟"

"کیوں سونگھ گیا! اس کا تو میرے پاس لیکن اتنا ضرور جانتا ہوں کہ اتنے زہریلے سانپ سونگھا۔"

رضیہ کھلکھلا کر ہنس پڑی، پھر اس نے "تمہاری بذلہ سنجی اتنی فطری ہوتی ہے کہ جی چاہتا ہے کہ تمہیں ہی سونگھ لوں۔"

"اتنا غضب مت ڈھانا۔ میں پہلے ہی تمہاری آواز شاید جذبات سے بوجھل تھی۔

سامنے سے ایک اینگلو انڈین جوڑا چلا رضیہ سنجیدہ ہو گئی۔

"آخر ہم کہاں جا رہے ہیں، اب تو بتا"

"منزل قریب آ گئی ہے۔" رضیہ نے پھر میں چُپ ہو گیا۔ ہمارا یہ پیدل سفر کچھ جاری رہا۔ مختلف گلیوں سے گزر کر بالآخر داخل ہوئی۔ بظاہر تو وہ عمارت رہائشی ہی جب ایک طویل راہداری سے گزر کر میں نے دروازے کے اندر قدم رکھا تو حیران رہ گیا

وہ کسی ریسٹورنٹ کا ایک دلکش ہال قرینے سے لگی ہوئی تھیں اور سفید میز پوش بڑے بھلے معلوم ہو رہے تھے۔ دیواروں پر تھیں۔ لوگ میزوں پر بیٹھے ہوئے کھانا کھا پی رہے تھے۔ میں نے یہ بات ایک ہی نظر وہاں بیٹھی ہوئی عورتیں اور مرد سبھی اینگلو، وہاں "خالص اینگلو انڈین" آتے ہی نہ ہوں اور بیٹھے ہوئے لوگوں نے ہمیں بڑی عجیب سی نظر ہمیں دیکھا بلکہ آپس میں بھی نہایت معنی خیز

"آؤ" دُوسری طرف نکل چلیں۔" رضیہ کی طرف بڑھتی ہوئی بولی۔ اس کا انداز اکثر آتی جاتی رہتی ہو جبکہ ظاہر ہے، ایسا ابھی کراچی آتے دن ہی کتنے ہوتے تھے۔

لی تو اپنی نیل اس کے ہاتھ میں دے ہی دی تھی لہٰذا دم بڑھا تا رہا۔ ویسے یہ میری سمجھ میں نہیں آ سکا تھا ا" سے رضیہ کی مُراد کیا تھی۔ یہ مجھے اسی وقت معلوم ا" اُفاکرد دُوسری طرف پہنچے۔

مارت کی تیسری تھی۔ یہاں بھی میزیں لگی ہوئی تھیں ہیٹر فیرا آباد تھیں۔ اِکا دُکا میزوں پر نوجوان جوڑے ا" ان کے سامنے شراب کے جام رکھے ہوتے تھے۔

نے بھی ہماری طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی۔ تھے اپنی ذات میں گم!

ر پس منظر میں چند قدیم عمارتوں کے اوپری حصے اُس وقت شاید سُورج پر ابر چھا گیا تھا کیونکہ ھند لی سی ہو گئی تھی۔

ے کر ایک ایسی میز پر جا بیٹھی جو تیسرے کے سرے پہنچے ہی ہم بیٹھے، کوٹ پہنے اور "بو" لگائے ا" قریب آ گیا۔

ے آؤ!" رضیہ نے دھیرے سے کہا۔

منتظر تھا کچھ کہنا چاہا لیکن رضیہ نے ہاتھ اُٹھا کر ا" کر دیا۔ پھر جب ویٹر چلا گیا تو مجھ سے بولی "کیا تم ؟"

ا" ادی نہیں ہوں۔"

ر" ہو نا؟"

ہم اتفاق ہوا ہے لیکن میں یہ بہتر سمجھتا ہوں کہ ل کی جائے۔"

ا" خاطر سہی۔" وہ مُسکرائی۔

ں نے ہتھیار ڈال دیے۔

ہے؟" رضیہ نے اِدھر اُدھر نظر دوڑاتے ہوئے

ا" ان ہوں میرا خیال تھا کہ میں شہر کے سارے اچھے ا" واقف ہوں۔ عجیب بات ہے کہ اتنا اچھا بار ا" ایسے کی جگہ پہ بنانے کی بجائے اتنا اندر بنایا گیا ا" ر ابھی نہیں لگ سکتی۔"

ا" چاہتے ہیں۔ یہاں صرف اینگلو انڈین آتے ہیں ا" کہ مقامی لوگ اِدھر کا رُخ نہ کریں۔ اِسی لیے ا" یہ بھی نہیں پتہ چلا گیا ہے، تاہم کبھی کبھار کوئی ا" اُدھر بھی آ ہی جاتا ہے۔"

ایسا کیوں چاہتے ہیں کہ یہاں مقامی لوگ نہ

ہ اس کی وجہ ہے تو مجھے اس کا علم نہیں۔ بظاہر تو اس کا سبب تنگ نظری اور تعصب ہے۔ اگر یہ لوگ کھُل کر مقامی لوگوں پر پابندی عاید کر دیں تو ان کے خلاف محاذ قائم ہو جائے گا اور یہ لوگ دریا میں رہ کر مگر مچھ سے بَیر نہیں رکھنا چاہتے ہوں گے۔ ویسے مجھے یہ شبہ ضرور ہے کہ شاید اینگلو انڈین لوگوں کے کسی خاص گروہ نے کوئی تنظیم قائم کر رکھی ہو اور اس جگہ کو انہوں نے اپنی سرگرمیوں کا مرکز بنایا ہو۔"

"فری میسن؟" میرے مُنہ سے بے ساختہ نکلا۔

"اس کے بارے میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔ بس ایک شُبہ ہے مجھے جو غلط بھی ہو سکتا ہے۔"

"لیکن ہم لوگ یہاں کیوں آتے ہیں؟ اب تو بتا دو!"

"دوپہر کو ایک خاص وقت پر ایک شخص یہاں آیا کرتا ہے اور لنچ یہیں کرتا ہے۔ وہ ایک ڈاکٹر ہے اور نسلاً اینگلو انڈین ہی ہے۔ اُس کی آمد میں ابھی پون گھنٹہ باقی ہے۔ اتنی دیر میں ہم شیمپین کا ایک ایک گلاس پی لیں گے اور پھر ڈائننگ ہال میں جا کر کھانے کا آرڈر دے دیں گے۔ اِسی اثنا میں وہ بھی یہاں پہنچ جائے گا۔"

"اس کے بعد؟"

"اس کے بعد میں یہ دیکھوں گی کہ مجھے یہاں دیکھ کر اُس کے چہرے پر کس قسم کے تاثرات پیدا ہوتے ہیں۔"

"حُسن کو دیکھ کر تو ایک خاص ہی تاثر پیدا ہوتا ہے۔"

"میں اس تاثر کے علاوہ کچھ دیکھنا چاہتی ہوں۔"

ذرا دیر کے لیے ہماری گفتگو کا سلسلہ رُک گیا کیونکہ ویٹر ایک خوبصورت ٹرے میں شیمپین کے گلاس رکھے ہوئے ہمارے پاس آ گیا تھا۔ اُس نے بڑے سلیقے سے گلاس ہمارے سامنے رکھے اور چلا گیا۔

شیمپین بڑی عمدہ تھی۔ دو ہی گھونٹ لے کر میں اپنے بدن میں چستی محسوس کرنے لگا اور تین چوتھائی گلاس پینے کے بعد میرا جی چاہنے لگا کہ دُنیا کی ساری کثیف باتوں کو بھُول کر صرف رضیہ کے اَسرار و رموز پا کر رہ جاؤں۔ میں نے بہت عرصے بعد شراب کو مُنہ لگایا تھا، اِس لیے شیمپین کی اِس قلیل مقدار نے بھی مجھے مخمور کر دیا۔ مجھے یُوں محسوس ہونے لگا جیسے میرے سامنے رضیہ نہیں تھی بلکہ آسمان سے کوئی اپسرا اُتر آئی تھی۔

"رضو!" میں نے کانپتا ہُوا ہاتھ اُس کے ہاتھ پر رکھ دیا۔

اُس نے اپنی گھنیری پلکیں اُٹھا کر کچھ ایسی تیکھی نظروں سے میری طرف دیکھا کہ میں بے قابو ہو گیا۔ میں نے جذبات کی رَو میں بہہ کر اُس کے ہاتھ کو اتنی زور سے دبایا کہ اُس کے مُنہ سے سسکاری نکل گئی لیکن اُس کے ہونٹوں سے کوئی ایسا لفظ نہیں پھُوٹا جو احتجاج کی غمازی کرتا۔ سسکاری لینے کے بعد وہ مُسکرا کر رہ گئی تھی۔

"رضو!" میری آواز شاید بھرائی ہوئی تھی "میرا خیال ہے کہ تمہیں دیکھنے کے بعد میں اپنے آپ کو دھوکا دینے کی کوشش کر رہا تھا۔"

"میں تمہارا مطلب نہیں سمجھی۔"

"میں اپنے آپ کو یہ دھوکا دے رہا تھا کہ تم مجھے اتنی اچھی نہیں لگی ہو کہ میں تم سے محبت کرنے لگوں۔"

"اب کیا خیال ہے؟" وہ مسکرا رہی تھی۔

"اب... اب..." میں بڑبڑایا۔ "شاید میرے جذبات کی شدت سے الفاظ ٹوٹ جائیں گے اس لیے زبان سے کچھ نہ کہلوا۔" میں نے گلاس اٹھایا اور شیمپین کی باقی ایک چوتھائی مقدار بھی حلق سے اتار گیا۔

رضیہ نے اپنا گلاس اٹھا کر بس ایک چھوٹا سا گھونٹ لیا۔ ادھر ادھر نظر دوڑائی اور پھر سنجیدگی سے کہا۔ "اس ڈاکٹر کے آنے میں اب آدھا گھنٹہ رہ گیا ہے۔"

"جہنم میں جھونکو اس ڈاکٹر کو!"

"یہ کیسے ممکن ہے؟ مت بھولو کہ ہمیں بانو کی تلاش ہے۔"

"کیا مطلب!" میں نے چونک کر کہا۔ "بانو سے اس ڈاکٹر کا کیا تعلق؟"

"مجھے ایک شبہ ہے اور میں اس کی تصدیق کرنا چاہتی ہوں۔"

"کیسا شبہ؟"

"رضیہ نے جواب دینے کی بجائے اپنی شیمپین کا گلاس اٹھایا اور اسے ہونٹوں سے لگا کر خالی کر دیا۔ پھر کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "آؤ، اب ڈائننگ ہال میں چلیں۔"

بانو کا حوالہ ملنے سے میرا خمار کچھ کم ہو گیا تھا۔ میں سوچتا ہوا اٹھا اور رضیہ کے ساتھ ڈائننگ ہال میں پہنچ گیا۔

بار میں کی نسبت یہاں زیادہ لوگ تھے اور اس مرتبہ بھی انہوں نے ہمیں گھور گھور کر دیکھا تھا۔ رضیہ ان لوگوں کی طرف سے بالکل لاپروا رہی اور اس نے ایک ایسی میز کا انتخاب کیا جو بیرونی دروازے کے بالکل سامنے تھی۔ ہر آنے والے کی نظر سب سے پہلے ہم ہی پر پڑتی۔

رضیہ نے ویٹر کو کھانے کا آرڈر دیا اور پھر مسکرا کر دھیمی آواز میں مجھ سے بولی۔ "اب ہم صرف پیار و محبت کی باتیں کریں گے، تاوقتیکہ وہ نہ آ جائے۔"

"رضیہ!" میں نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔ "کہیں تم مجھے بے وقوف تو نہیں بنا رہی ہو؟"

"کس معاملے میں؟" وہ ہنس پڑی۔

"تجاہل نہ برتو! تم خوب سمجھ رہی ہو کہ میرا..."

"رضوان!" وہ سنجیدہ ہو گئی۔ "میں اس جذبے کو محبت کا نام دیا جا سکتا ہے یا نہیں، کہوں گی کہ تم مجھے اچھے لگنے لگے ہو۔ میں نے تمہیں..."

"محبت اور کیسے کہتے ہیں!"

"ہاں ان، ایک لحاظ سے اس کو محبت ہی... ویسے ایک محبت وہ بھی ہوتی ہے جسے طوفان... میرے خیال میں وہ محبت صرف اسی صورت... جب محبوب، محبوب... ملاپ کے بعد وہ شدت..."

رضیہ اتنی کم عمری میں اتنی پکی، کھری... باتیں کر رہی تھی کہ میں اس کا منہ تکتا رہ گیا۔ میں خیالات پر تبصرہ کرنے کی بجائے خاموش رہنا سنا... کچھ دیر میں ویٹر ہمارے لیے کھانا لے... ہوتے ذہن کے ساتھ کھانے سے بھی الجھن... کھل کر لگ آتی تھی۔ مجھے الجھن یہ تھی کہ میں... کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ میں کوئی ایسی بات... جو میرے مستقبل پر اثر انداز ہو سکے۔ میرا خیال... زندگی میں ذہنی طور پر اتنا سنجیدہ کبھی نہیں... بہت قلیل وقت میں رضیہ نے مجھ پر جو دیوا... میں اپنے مستقبل پر اس کے اثرات کا اندازہ...

رضیہ کھانے کے دوران میں بار بار... دیکھ رہی تھی۔ اس کی وجہ سے میری توجہ بھی... وقتاً فوقتاً دروازے کی طرف دیکھ لیتا تھا۔

"وہ آ گیا۔" اچانک رضیہ آہستہ سے... میں نے بے اختیار دروازے کی طرف... اُس طرف براہِ راست دیکھنے کی بجائے شاید... رہی تھی۔

جو آدمی ڈائننگ ہال میں داخل ہوا تھا... خاصی بارعب تھی۔ اس کا رنگ بھی کسی عام... زیادہ کالا نہیں تھا۔ کریم کلر سوٹ میں اس کی شخصیت... قابلِ توجہ بن گئی تھی۔

وہ اندر آیا تو قدرتی طور پر اس کی نظر... پر پڑی اور میں نے اس کے چہرے کے تاثرات... پیدا ہوتے ہوئے دیکھے۔ رضیہ کو دیکھ کر وہ جیسے... جیسے ہی اس کو یہ محسوس ہوا کہ میں اس کی طرف... نے جلدی سے اپنی نظر دوسری طرف پھیر لی۔ اس... کر ساکت ہو گئے تھے، پھر حرکت میں آ گئے۔... طرف بڑھ رہا تھا لیکن اس کی چال میں خود اعتمادی...

کچھ احساس ہوا کہ مجھے براہِ راست اس کی طرف... میں نے جلدی سے اپنا سر جھکا لیا اور کھانے... میرے سے بڑبڑایا۔ "وہ تو تمہیں دیکھ کر بہت...

قاتل ہو...

یوں ہوں؟"

اس کے چونکنے سے کوئی نتیجہ اخذ کر لیا ہے؟... شبہے کی تصدیق ہو گئی ہے۔"

"؟"

"میں سے کہہ سکتی ہوں کہ باجی کو شیر بہادر ہی کے...

"

رضیہ کی طرف دیکھنے لگا۔ ڈاکٹر کے چونکنے... میں نہیں آ سکا تھا۔

"اس نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔ "کمانڈر حق تو... رہا ہے۔"

کسی ایسی جگہ پر رکھا گیا ہے جہاں کمانڈر حق... گا ہو گی۔"

گی وجہ؟"

کچھ دیکھ کر اسی صورت میں چونک سکتا ہے...

ہا ہو۔"

ل ہوا ہے لیکن وہ بانو کو کسی اور جگہ بھی دیکھ...

ہاں کا ظہر کیوں؟"

ہاں آتے جاتے دیکھا گیا ہے۔"

ا تم کس انداز میں سوچ رہی ہو؟"

خائف ہیں اس لیے عین ممکن ہے کہ باجی...

ا ہوا رہا ہو اور کسی کو مسلسل بے ہوش رکھنے...

ا تناول ضروری ہے۔"

ہا سات زمان سکتا ہوں مگر ان پر سو فیصد...

ا یقین ہو گیا ہے کہ بانو وہیں ہیں۔"

ا بھی آوازیں کر رہے تھے کہ قریب ترین میز پر...

ں آپس میں نہیں سن سکتا تھا۔ ڈاکٹر ویلس کی...

ت۔ میں نے دیکھا تھا کہ وہ ویٹر کو کھانے...

ال سے اپنا چہرہ صاف کرتے ہوئے پوچھا۔ "اب...

ں سے اپنے ہاتھ صاف کرتے ہوئے پوچھا۔ "اب...

"؟"

ں اس کے عقب میں تھا اس لیے وہ اسے...

نہیں دیکھ سکی تھی۔ اس کے برخلاف میں ایسے زاویے سے بیٹھا تھا کہ ویلس کی نشست میرے سامنے تھی۔

"میرا خیال ہے کہ وہ اپنے اعصاب پر قابو پانے کی کوشش کر رہا ہے۔" میں نے ویلس پر ایک اچٹتی سی نظر ڈال کر رضیہ کو جواب دیا اور پھر میں بھی نیپکن سے اپنے ہاتھ صاف کرنے لگا۔ میں نے اور رضیہ نے تقریباً ساتھ ہی ساتھ کھانا ختم کیا تھا۔

شیمپین کے اثرات اب میرے دماغ سے بالکل ختم ہو چکے تھے۔ میں اس قابل ہو گیا تھا کہ غمِ جاناں کے علاوہ غمِ دوراں کی گردش سے بھی عہدہ برآ ہو سکتا تھا۔

اچانک میں نے ڈاکٹر ویلس کو کرسی سے اٹھتے ہوئے دیکھا۔ رضیہ کے اشارے پر ویٹر بل لے آیا تھا۔ رضیہ اس کی ادائیگی کر رہی تھی۔ اس دوران میں میری نظر ویلس کی پشت پر جمی رہی۔ ویلس کاؤنٹر پر کھڑا ہوا تھا اور فون پر کسی کے نمبر ڈائل کر رہا تھا۔

جب ویٹر چلا گیا تو میں نے رضیہ سے کہا۔ "ویلس کاؤنٹر کے فون پر کسی سے بات کر رہا ہے۔"

"اوہ!" رضیہ کسی سوچ میں پڑ گئی اور پھر اچانک کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "آؤ اب یہاں سے نکل چلیں۔"

"ایڈم سے کیا گھبراہٹ ہو گئی؟" میں نے کہا لیکن کرسی میں نے بھی چھوڑ دی تھی۔

"اب یہاں رکنے سے کوئی فائدہ ہی نہیں ہے۔ جو مقصد تھا وہ حاصل ہو چکا۔" رضیہ نے جواب دیا۔

میں اس بات سے مطمئن نہیں ہو سکا تھا لیکن میں نے وہیں پر اس بحث کو چھیڑنا مناسب نہیں سمجھا۔

وہاں سے نکل کر گلی میں پہنچنے کے بعد رضیہ نے اپنی رفتار کو معمول سے کچھ زیادہ ہی تیز رکھا تھا۔

"تم کوئی بات چھپانے کی کوشش کر رہی ہو!" میں اسے گھورتا ہوا بولا۔

"دراصل اس کے فون کرنے سے میں الجھن میں پڑ گئی تھی۔ مجھے خدشہ ہو گیا تھا کہ شاید وہ کچھ خاص لوگوں کو بلا کر اس بات کی کوشش کرے کہ ہم اس چہار دیواری سے نکلنے ہی نہ پائیں۔ میں کسی سے ڈرتی تو نہیں ہوں لیکن اس وقت کسی ہنگامے میں نہیں الجھنا چاہتی تھی۔"

"اگر جلد ہی بانو نہ مل گئیں تو شاید تم پاگل ہو جاؤ گی۔" میں بڑبڑایا۔

"کیا مطلب! کیوں؟"

"جو باتیں قیاسات کی حد تک رہنا چاہئیں، ان پر تمہیں اتنا یقین ہو گیا ہے جیسے کوئی خدا پر یقین رکھتا ہے۔"

"بہت جلد ثابت بھی ہو جاتے کاکہ میرا یقین غلط نہیں تھا۔"
یہ باتیں کرتے ہوئے ہم دونوں، کار تک پہنچ گئے۔ حسب سابق رضیہ نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی اور میں اس کے برابر میں بیٹھ گیا۔ انجن اسٹارٹ ہوا، کار حرکت میں آئی اور اس کی رفتار میں تیزی سے اضافہ ہوتا چلا گیا۔

"آج کی رات بڑی اہم ہو گئی ہے۔" رضیہ نے بڑبڑانے والے انداز میں کہا۔

"وہ کیسے؟"

"کوبرا کے گھر پر بھی دھاوا بولنا ہے اور شیر بہادر کے گھر پر بھی۔"

مجھے یہ بات بڑی مضحکہ خیز معلوم ہو رہی تھی کہ محض ڈاکٹر ویلس کے چونکنے سے رضیہ نے شیر بہادر کے گھر میں بانو کی موجودگی کا یقین کر لیا تھا لیکن میں نے رضیہ کے اس انداز فکر پر مزید کوئی تبصرہ کرنے سے گریز ہی کیا۔

کچھ دیر خاموشی رہی، پھر رضیہ نے کہا۔ "میں اب گھر جا کر آرام کروں گی تاکہ رات کی دونوں مہمّوں سر کرنے کے لیے تازہ دم ہو جاؤں اور ممکن ہو تو ابھی سے کوئی لائحہ عمل مرتب کر لوں۔"

"تو پھر مجھے یہیں اتار دو۔ میں ٹیکسی کر کے گھر چلا جاؤں گا۔ ممکن ہے، کسی سلسلے میں رؤف یا کمانڈر حق مجھ سے رابطہ قائم کریں۔ وہ لوگ بھی تو بانو ہی کی تلاش میں ہیں۔ شاید انہیں کوئی خاص بات معلوم ہو گئی ہو۔"

"ہاں، ہو تو سکتا ہے، لیکن ٹیکسی کی کیا ضرورت ہے! میں تمہیں تمہارے گھر پر چھوڑ کر چلی جاؤں گی۔"

چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ رضیہ مجھے برنس روڈ پر چھوڑ کر چلی گئی۔

میں نے اپنے فلیٹ کا قفل کھولنے سے پہلے لیٹر بکس دیکھا لیکن آج کوئی خط نہیں آیا تھا۔ میں کپڑے تبدیل کر کے اپنے بستر پر ڈھیر ہو گیا۔ مجھے کچھ تھکن سی ہو گئی تھی۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی چاہتا تھا کہ آرام سے لیٹ کر آج کے تمام حالات کا جائزہ لوں۔ آج کے حالات دو قسم کے تھے۔ غمِ جاناں و غمِ دوراں!

رضیہ کے اظہارِ محبت نے مجھے کسی حد تک نروس کر رکھا تھا۔ مجھے یہ یقین کرنے میں تامل ہو رہا تھا کہ وہ مجھ سے محبت کرنے لگی تھی لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ میرے جذبات پوری طرح شعلے دینے لگے تھے۔ رضیہ میرے حواس پر چھا چکی تھی اور میں حیران تھا کہ اچانک یہ سب کچھ کیسے ہو گیا؟

رضیہ! رضیہ! رضیہ!

میرے تصور میں اس کے علاوہ کچھ بھی باقی نہیں رہا تھا۔ میں کوشش کے باوجود اس کے خیال کو اپنے ذہن سے جھٹک کر دوسری باتوں پر غور نہیں کر سکا۔

رضیہ کا تصور اتنا خوابناک تھا کہ میرے وجود رنگا رنگ سپنوں میں ڈوبتا ابھرتا رہا۔

گھنٹی کی آواز سے میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے بڑھا لیکن ریسیور اٹھانے سے پہلے کہ وہ ٹیلیفون کی گھنٹی نہیں تھی بلکہ کوئی بھی میں غنودگی کے عالم میں اٹھا دروازہ کھول دیا۔ میرے سامنے رضیہ کھڑی تھی

"تم!" میرے منہ سے بے ساختہ

"کیوں!" وہ مسکراتی ہوئی اندر آ گئی ناگوار گزری ہے؟"

"نہیں، دراصل اس وقت تمہاری آ تھی۔ تم نے کہا تھا کہ شام تک اپنے گھر ہی

"میں آرام کر ہی نہیں سکی۔"

"کیوں!"

رضیہ نے فوراً کوئی جواب نہیں دیا صوفے کی طرف بڑھ رہے تھے۔ جب وہ بیٹھ گئی پر جا بیٹھا اور استفہامیہ نظروں سے اس کی

"رضوان!" وہ بڑے جذباتی سے ا ہوئی بولی۔ "اب میں تمہارے بغیر ایک منٹ بھی گزنگ ہو کر اس کی طرف دیکھتا۔ میں فخر و انبساط کی لہریں دوڑنے لگی تھیں ا لڑکیوں میں سے ایک لڑکی مجھ سے یہ کہہ بغیر ایک منٹ بھی نہیں رہ سکتی۔

"رضو!" میں نے بھرائی ہوئی آواز کے تم مجھے پاگل کر دو گی۔"

"پاگل کر دینے والی حقیقت کو تو رضوان!" اس نے مغموم سے لہجے میں کہا نہیں ہے۔"

"کس کا علم نہیں ہے؟"

"اس کرب کا جس سے میں گزر

"مجھے بتاؤ رضو!" میں نے بڑے کا ہاتھ تھام لیا۔ "میں تمہارے دکھ بانٹ لے

"رضوان!" وہ بولی۔ "مجھے باجی کی تا میں کراچی سے نہیں جا سکتی لیکن تم تو جا

"کیا مطلب!"

"تم کچھ عرصے کے لیے کراچی سے ملک ہی چھوڑ دو۔"

"ل طرح ہم دونوں ایک دوسرے کو بھول جائیں۔ ہاں جائیں!" میں نے اس کے شانوں پر ہاتھ ا ا۔

ہمارے حق میں یہی بہتر ہے۔"

"ہاں میں باتیں نہ کرو۔"

"لہ ہے رضوان! ہمارا ملاپ ممکن نہیں۔"

ات ناممکن نہیں۔"

بدل گئے ہو۔ یہ دنیا تو ناممکنات سے ملاپ اس لیے نہیں ہو سکتا کہ تم ایک انسان ایک... میں...."

میں نے جنون کے عالم میں اسے جھنجھوڑ ڈالا۔

ن نہیں ہوں۔"

میں اسے گھورنے لگا۔

ں۔ براز یل کا رہائشی پرندہ سابیری جو کبھی ر آجاتا ہے۔"

میں فصیل آواز میں بولا۔ "میں خواہ مخواہ ہی گیا۔ تم مجھے بے وقوف بنانے آئی ہو۔"

وقوف بنانے نہیں آئی ہوں رضوان! میں

کرو۔ اچھا خاصا رومانی موڈ چوپٹ کر

رضوان! وہ اضطراب میں پہلو بدل کر ا بھی سابیری ہیں۔ اسی لیے وہ مردوں کی میری طرح وہ بھی شادی نہیں کر سکتیں۔"

زیادہ بور مت کرو!" میں نے چڑ کر

کی کوشش کرو رضوان! میں جو کچھ بھی کہہ ا حقیقت پر مبنی ہے۔ میں صرف پردہ اٹھا رہی ہوں جسے باجی نے

ات سرتھام کر بیٹھ گیا۔ میری سمجھ میں نہیں ل باتوں کا ہجوم کیوں سوار ہو گیا تھا۔

ام وہ سنجیدہ ہونے پر آمادہ نہیں تھی۔

ا ناہی پڑے گی رضوان!" رضیہ

ہارا حافظہ کیا ہے۔ میرے ساتھ جو ا ل۔ تبت کے بعض حصّوں میں بسنے

والے لوگ بھی سابیری کو ایک عظیم دیوی کی حیثیت سے تسلیم کرتے ہیں لیکن دنیا کے دوسرے علاقوں میں بسنے والے بعض بُرے لوگوں کی طرح تبت میں بھی ایسے بُرے لوگ مل جاتے ہیں جو عظیم دیویوں کو اپنے قابو میں کرنے کے لیے چلّے کھینچتے ہیں یا جادو جگاتے ہیں۔ رمپا کا شمار بھی انہی بُرے لوگوں میں کیا جا سکتا ہے۔ اس نے باجی کو قابو میں کرنے کا منتر کیا ہے۔"

میں سر تھامے ہوئے تو بیٹھا ہی تھا، اب میں نے اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں۔ اس طرح میں رضیہ کو یہ باور کرانا چاہتا تھا کہ وہ مجھے ان باتوں سے بے وقوف نہیں بنا سکتی۔

"تمہیں میری کہانی تو سننا ہی پڑے گی رضوان!" رضیہ نے اتنی زور زور سے بولنا شروع کر دیا کہ کانوں میں انگلیاں ٹھونسنے کے باوجود اس کی آواز مجھے صاف سنائی دیتی رہی۔

"رمپا اپنا منتر پورا کر چکا ہے۔" وہ کہہ رہی تھی۔ "اب بس اتنی کسر رہ گئی ہے کہ باجی اس کے سامنے ہوں تو وہ اُن پر پھونک مار دے۔ یہ اُس کے منتر کا آخری مرحلہ ہو گا۔ اس کے طے ہوتے ہی باجی اُس کے قابو میں چلی جائیں گی اور وہ جب تک زندہ ہے گا، اس کی کنیز بنی رہیں گی۔"

"بس اب تو چپ ہو جاؤ رضو!" میں اپنے کانوں سے انگلیاں نکال کر بھیک مانگنے والے انداز میں گھگھیایا۔ "کہیں ایسا نہ ہو کہ میں مرغ کی طرح بانگ دینے لگوں۔ اگر میرا تعلق فیروز سنز سے ہوتا تو تمہاری یہ کہانی ضرور شائع کروا دیتا لیکن...."

"کیا تم کسی طرح بھی میری بات کا یقین نہیں کر سکتے؟" رضیہ نے ایسے انداز میں کہا جیسے بڑی بے بسی محسوس کر رہی ہو۔ "اگر تم یقین کر لیتے تو ہمارے بہت کام آ سکتے تھے۔ بانو شدید خطرے میں ہیں۔ مشکل یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ہمیں قابو میں کرنے کے لیے منتر شروع کر دے تو اسے ہماری وہ طاقت بھی نقصان نہیں پہنچا سکتی جسے تم مافوق الفطرت کہتے ہو۔ اب اُس سے نپٹنے کا واحد ذریعہ صرف یہی ہو سکتا ہے کہ کوئی انسان ہماری مدد کرے اور رمپا کو ختم کر دے۔"

"اب اس کا وقت گزر چکا ہے سابیری!" ایک گونجیلی آواز سُن کر میں اور رضیہ اُچھل پڑے۔

رمپا دروازے پر کھڑا ہوا تھا اور اس کے ہونٹوں پر بڑی خوفناک مسکراہٹ رقصاں تھی۔ مجھے فوراً یاد آ گیا کہ رضیہ کی آمد کے بعد میں دروازہ بند کرنا بھول گیا تھا۔

"رمپا!" رضیہ گرجی۔

"مجھ سے اتنی بلند آواز میں بات کرنے کا وقت گزر چکا ہے۔"

رمپا نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔ "میں تمہیں بھی اپنے قابو میں کرنے کا منتر نکل کر چکا ہوں۔ اب صرف تم پر پھونکنے کی دیر ہے۔ تمہیں قابو میں کرنے کے بعد میں دوسری کا بھی پتہ چلا لوں گا۔" رمپا نے اپنی بات ختم کر کے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔

میں نے دیکھا کہ رضیہ کے چہرے کی رنگت بدل گئی تھی۔ ایک لمحے میں ایسا معلوم ہونے لگا تھا جیسے اُس کے جسم سے خون کا ایک ایک قطرہ نچڑ گیا ہو۔ وہ بالکل سفید پڑ گئی تھی اور اس کا جسم تھوڑے تھوڑے کانپنے لگا تھا۔

رمپا نے ایک قدم بڑھایا۔

"رضوان! مجھے بچاؤ رضوان!" رضیہ کی آواز مجھے بہت دُور سے آتی محسوس ہوئی۔

"اب تمہیں کوئی نہیں بچا سکتا۔" رمپا نے بڑی نخوت سے کہا۔

میں حیران و پریشان کھڑا تھا کہ آخر یہ کیا ماجرا ہے؟ کیا وہ ساری باتیں دُرست تھیں جو رضیہ نے مجھے بتائی تھیں؟

میں دیکھ رہا تھا کہ رضیہ سر سے پیر تک کانپ رہی تھی، کسی خشک پتے کی طرح لرز رہی تھی۔

رمپا ہونٹوں ہی ہونٹوں میں جلدی جلدی کچھ بڑبڑا رہا تھا۔ پھر اس نے اپنا منہ بنایا جیسے رضیہ پر پھونک مارنے والا ہو۔

"نہیں!" رضیہ بڑی زور سے چیخی اور دہشت سے اس کی آنکھیں پھیلتی ہی چلی گئیں۔

رمپا پھونک مار چکا تھا۔

میں نے ایک ناقابلِ یقین منظر دیکھا۔

رضیہ اس طرح غائب ہو گئی تھی جیسے فضا میں تحلیل ہو گئی ہو اور اس کی جگہ ایک عجیب و غریب قسم کا پرندہ نظر آنے لگا تھا۔ وہ پَر پھٹپھٹاتا ہوا رمپا کے کندھے پر جا بیٹھا۔

"سابیری!" رمپا نے بڑے پیار سے کہتے ہوئے اس کی پشت پر ہاتھ پھیرا۔ وہ اتنا خوش اور پُرجوش نظر آ رہا تھا جیسے اُسے سارے جہاں کی دولت مل گئی ہو۔

اِدھر میری یہ حالت تھی کہ کھڑا نہیں رہا جا رہا تھا۔ ٹانگوں سے جیسے جان ہی نکل گئی تھی۔

"چل!" رمپا مجھے گھورتا ہوا غرایا۔ "تو تم سابیری کے عاشق ہو؟ تمہیں اس کی سزا ضرور ملے گی اور وہ سزا میں تمہیں سابیری ہی سے دلواؤں گا۔"

میں اس صدمے سے نڈھال ہو چکا تھا کہ رضیہ کوئی فانی عورت نہیں تھی اور وہ جو بھی تھی، اب شیطان کے قبضے میں جا چکی تھی۔

"سابیری!" رمپا نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔ "اس شخص کی دونوں آنکھیں نکال دے۔"

پرندے نے اپنے سر کو عجیب سے انداز میں گھما کر میری طرف دیکھا اور اس کے پَر کھل گئے۔ وہ رمپا کی طرف تیر کی طرح میری طرف آیا۔ میں گھبرا کر پیچھے ہٹا اور اپنے چہرے کے سامنے کر لیے۔ میں اپنے ہاتھوں کو دیکھنا چاہتا تھا لیکن مجھے اپنی اس کوشش میں پرندے کی تیز چونچ میری دائیں آنکھ میں لگی۔ چیخ کے ساتھ ہی میری آنکھ بھی کھل گئی۔ میں اپنے بستر پر پڑا ہوا تھا۔

خواب تھا، جو کچھ بھی دیکھا، وہ خواب تھا۔

قارئین! میں نے کئی ہاتھوں آ ہے۔ اگر آپ بور ہوتے ہوں تو میں معذر لیکن یہ مذاق، محض ایک مذاق نہیں واقعی دیکھا تھا اور بالکل اسی طرح دیکھا ہے۔ دراصل وہ سب میرے اپنے خیالا کی صورت، میری آنکھوں میں در آئے شخصیتوں نے مجھے اس بُری طرح الجھا خیالات میرے ذہن میں بگولے بنتے رہتے ایک مافوق الفطرت دُنیا تشکیل پانے ہوتا رہتا تھا کہ عنقریب کوئی ماورائی با میری وہی سوچ بالآخر ایک خواب میں ڈھا خواب کا آغاز کال بیل سے ہوا تھا۔ خواب نہیں ہیں۔

رضیہ کو اسی شام میرے پاس آنا تھیں سرکرنا تھیں۔ کبرا کے گھر پر دھاوا گھر میں بانو کی تلاش کرنا تھی۔

میں نے گھڑی پر نظر ڈالی۔ پانچ دیر سویا تھا۔ میں بستر سے اُٹھا اور پہلے باتھ روم کے بارے میں سوچتا ہوا غسل خانے میں جا گھسا جب میں غسل کر کے نکلا تو...

"کیا آپ اپنے گھر پر ہی ہیں؟"

"تو کیا تمہارے خیال کے مطابق میں ہوں؟"

"میرا مطلب یہ تھا کہ اگر آپ کہیں ہوں تو میں آؤں!"

"آجاؤ، میں ابھی ایک ڈیڑھ گھنٹہ گا۔"

"میں فوراً آ رہی ہوں۔" دوسری

آواز سنائی دی۔

کرنے میں بیس منٹ لگے تھے اور میں اس دوران سے دُرست ہو کر جا چکے بھی بنا چکا تھا۔ جب غزالہ اور اس نے ہی ایک پیالی اُسے پیش کر دی اور دوسری خود

"غزالہ نے مسکرا کر کہا اور ایک چھوٹی سی چسکی لی۔ اسے گرمیاں کہاں تک پہنچیں؟" میں نے پوچھا۔

ہی ٹھپ ہو گئی ہیں۔"

"

مجھے خیال تھا کہ میں نوی کو آہستہ آہستہ اپنے جال میں پھنسا ہوں گا، لیکن وہ نہ جانے کب تک میری دسترس سے دُور رہی

"

میں اُس کے گھر گئی تو پتہ چلا کہ اچانک اس کی طبیعت خراب ہو گئی ہے۔ اتنی خراب کہ اُسے اسپتال میں ایڈمٹ کرانا پڑا۔ ہائیکن شیر بہادر نے اسے پسند نہیں کیا۔ اب سامنے کا بندوبست گھر ہی پر کیا گیا ہے۔"

"اچانک ہو کیا گیا؟"

"ایک ختم ہو گیا ہے۔ اسے آج صبح کئی بار تے ہوئی سانس اکھڑنے لگی۔ اب اسے گلوکوز اور آکسیجن میں اس کے جسم میں نمک کا توازن برقرار رکھنے کی جا رہی ہیں۔ دیکھو کیا ہوتا ہے۔"

"تمہیں کس نے معلوم ہوتی تھیں؟"

"شیر بہادر سے۔"

"تمہیں کسی مصلحت سے یہ ڈرامہ کھیلا جا رہا ہو!"

"ڈرامہ ہے تو بہت جاندار ہے کیونکہ میں نے نوی کے دیکھا بھی تھا۔ اسے واقعی گلوکوز اور آکسیجن اور اس کی سانس بہت اُکھڑی ہوئی تھی۔ دو نرسیں موجود تھیں۔"

"اسے والا ڈاکٹر کون ہے؟"

"اکرم نظامی ہی ہے۔ وہی جس کے پاس نوی مجھے لے

"اکرم نظامی ہی ہے۔" میں نے غزالہ کا جملہ دُہرایا۔ "اگر کوئی دُوسرا بھی ہے!"

"ٹی ایگزائٹڈ ہیں، ڈاکٹر ولیس۔"

"یہ کیسا مُنہ سے بے ساختہ نکلا۔

"ایسے کی کیا بات ہے؟" غزالہ نے مجھے گھور کر

"ایک ڈاکٹر ولیس تو میرا دوست بھی ہے!" میں اپنے چونکنے کا سبب چھپانے کے لیے بولا۔ کیا اُس کے بائیں گال پر بڑا سا مسہ ہے؟

نگرتم نے اسے دیکھا ہی کب ہو گا۔"

"میں نے اُسے دیکھا تھا۔ جب میں وہاں سے لوٹ رہی تھی تو وہ وہاں پہنچا تھا۔ اس کے گال پر کوئی مسّا نہیں ہے۔"

"تو پھر وہ کوئی اور ہو گا۔"

"بانو کی تلاش میں تو تم لوگ بھی خاصے سرگرم ہو! تمہیں کوئی سُراغ ملا؟"

"نہیں۔"

اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔

"کون ہے؟" میں نے صوفے سے اُٹھے بغیر بلند آواز میں پوچھا۔

"ذرا صنیے انکل!" باہر سے ایک بچے کی آواز سنائی دی۔

میں نے اُس کی آواز پہچان لی۔ وہ اُوپر کی منزل کے ایک فلیٹ میں رہتا تھا اور بلڈنگ کا سب سے شرارتی بچہ سمجھا جاتا تھا۔

میں پیالی رکھ کر جلدی سے دروازے کی طرف بڑھا۔ جیسے ہی میں نے دروازہ کھولا، بچے نے ایک لفافہ میری طرف بڑھا دیا۔

"یہ کیسا ہے بیٹے!" میں نے استعجابی کے عالم میں پوچھا۔

جواب میں بچے نے جو کچھ بتایا وہ خاصا سنسنی خیز تھا۔ اس کے بیان کے مطابق وہ نیچے فٹ پاتھ پر کھڑا ہوا تھا کہ ایک کار اُس کے قریب آ کر رکی۔ اُسے ایک عورت چلا رہی تھی۔ اس نے بچے کو پانچ روپے کا ایک نوٹ دیا اور پھر وہ لفافہ دے کر بولی کہ یہ دُوسری منزل پر رہنے والے رضوان صاحب کو پہنچا دو۔

مجھے فوراً رضیہ کا خیال آیا۔ غالباً اسے غزالہ کی موجودگی کا علم ہو گیا ہو گا اس لیے اُس نے بذریعہ خط کوئی اہم پیغام مجھے بھیجا تھا۔

"اچھا بیٹے! بہت بہت شکریہ!" میں نے بچے کا گال تھپتھپا کر اسے رخصت کر دیا۔ جب میں مُڑا تو میں نے دیکھا کہ غزالہ دبے قدموں میرے قریب آ کھڑی ہوئی تھی۔

"کیا ہے؟" وہ پوچھ بیٹھی۔

"میرا ایک پرائیویٹ خط ہے۔" میں نے لاپرواہی سے کہا اور دروازہ بند کرنے لگا۔

"پرائیویٹ خط!" غزالہ نے معنی خیز انداز میں سر ہلایا۔ "تم یہیں بیٹھو، میں ابھی آتا ہوں۔" میں نے اس سے کہا۔ لفافے کو چاک کرتا ہوا اندرونی کمرے میں چلا آیا۔

میں رضیہ کا خط غزالہ کے سامنے نہیں پڑھنا چاہتا تھا لیکن جب میں نے خط کھول کر دیکھا تو میرے اعصاب پر جیسے ایک بم پھٹ گیا۔ وہ خط رضیہ کا نہیں بلکہ بانو کا تھا۔

صبیحہ بانو کا خط، رضوان کے نام! اس میں لکھا تھا۔

"رضوان! بہتر ہوگا کہ تم لوگ میری تلاش میں سرگرداں نہ رہو۔ میں جہاں بھی ہوں، خیریت سے ہوں۔ بعض خطرات کی وجہ سے یہ ضروری ہو گیا تھا کہ میں روپوش ہو جاؤں۔ غالباً ایک ہفتے کے اندر اندر میں حالات کو اس حد تک اپنے قابو میں کر لوں گی کہ پھر روپوش رہنے کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔ اچھا، خدا حافظ! رضیہ کو پیار!

صبیحہ بانو



میں ہرگز یہ نہیں کہوں گا کہ بانو کا خط دیکھ کر میری جو کیفیت ہوئی، اُسے بیان کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں! اس کے برعکس میرے پاس بہت سے الفاظ ہیں جو میں ابھی لکھوں گا۔

جب بھی میں افسانوں اور کہانیوں میں مُصنفین کی بے بسی کا یہ اظہار پڑھتا ہوں تو مجھے بے حد غصّہ آتا ہے۔ اسے بھی اگر ایک کیفیت کو بیان کرنے کے لیے بھی تمہارے پاس الفاظ نہیں ہیں تو جا کر دہی بڑے کی دوکان لگاؤ۔ ہمیں بور کرنے کے لیے قلمکار کیوں بن بیٹھے ہو۔ ہر چند کہ میں قلمکار نہیں ہوں لیکن میں اپنی ہر کیفیت کو بیان کرنے پر نہایت تسلی بخش طور پر قادر ہوں۔

بانو کا وہ خط دیکھ کر ذرا دیر کے لیے مجھے سکتہ ہو گیا تھا۔ پھر سکتے کی اس کیفیت میں بتدریج کمی کے ساتھ میرے دل کی دھڑکنوں میں بتدریج اضافہ ہوا۔ وہ اضافی دھڑکنیں، خوشی کا ردِعمل تھیں۔

بانو کسی کی قید میں نہیں ہیں اور ہمیشہ کی طرح فعال ہیں، یہ احساس میرے لیے اتنا طاقت بخش تھا کہ کسی حکیم کی نعرتی گولیاں بھی اتنی مقوّی نہیں ہوں گی۔ میرے بدن میں شرارے سے پکنے لگے تھے اور... اور... قارئین! مجھے اجازت دیجیے کہ ذرا سی شاعری کروں۔ مجھے یوں محسوس ہونے لگا جیسے شفق کے رنگ کچھ اور گہرے ہو گئے ہوں اور بہاریں کبڈی کھیلتی ہوئی میرے گھر کے آنگن میں در آئی ہوں۔ الّا ماشاءاللہ!

میں بانو کے خط کو اپنی جیب میں ڈالتا ہوا تیزی سے بیرونی کمرے میں آیا جہاں غزالہ صوفے پر بیٹھی ہوئی اپنے اچھے بھلے منہ کو بگاڑ رہی تھی۔

"پراپیوٹ خط پڑھ لیا آپ نے؟" اس نے پوچھا اور یہ اب مجھے یاد نہیں کہ وہ خشک لہجے میں بولی تھی یا تر لہجے میں۔ ویسے موقع محل کی مناسبت سے اس کو خشک ہی لہجے میں بولنا چاہیے تھا۔

"ہاں، پڑھ لیا۔" میں نے جواب دیا۔ "اور بانو کو تلاش کرنے کی مُہم ترک کر دو۔"

"کیوں؟"

"اس لیے کہ بانو نہ صرف خود خیریت سے ہے بلکہ اس کی خیریت بھی نیک مطلوب ہے۔ رہ گیا دیگر امور، ایک ہفتے بعد ہو سکے گا۔"

"کیا ان باتوں کا کوئی سر پیر بھی ہے؟"

"سر ہی سر، پیر ہی پیر۔" میں بہت مگن تھا۔ میں اتنا خوش ہوں کہ اگر سر کے بل کھڑے ہونے سے میرے پیروں کو اس بات کی جسارت ہو گزرنے پر یا اللہ!" غزالہ دونوں ہاتھوں سے اپنا

اُس خط میں کوئی طلسمی تحریر تھی جو آپ کے دماغ میں نے جواباً کچھ نہیں کہا۔ دراصل میں دکھانا چاہتا تھا۔ میں وہ خط غزالہ کو ضرور دکھاتا کا تذکرہ نہ ہوتا۔ رضیہ کی شخصیت ابھی تک ہوتی تھی اور میں رضیہ کے انداز سے سمجھ چکا راز ہی میں رکھنا چاہتی تھی۔

اِدھر میں رضیہ سے ملنے کے لیے غزالہ کی موجودگی کھلنے لگی تھی۔ رضیہ نہ آتے گی لیکن میں اسے بانو کا خط دکھانے اُس تک پہنچ جانا چاہتا تھا۔ اگر میں غزالہ کو ٹا کرتا تو یہ بداخلاقی ہوتی۔ خوش قسمتی سے "اوٹ پٹانگ" باتوں سے بور ہو کر خود ہی جاتے ہی میں اپنی موٹر سائیکل سنبھال کر

رضیہ کے بارے میں سوچتے ہوئے یاد آیا تو میں موٹر سائیکل چلاتے ہوئے کہ جب میں وہ خواب رضیہ کو سناؤں گا بہرحال اب ایک مخمور سا جذبہ لے چکا تھا، بلکہ خم ٹھونک کر میدان میں آ گیا۔

ہم تو محبت کرنے کو
دُنیا سے نہیں ڈرنے کو

رضیہ جیسی لڑکی سے محبت نہ کرنا عشق اختیار کرنے ہی میں اب مجھے اپنی تو میں بانو سے بھی کرتا تھا اور اب بھی کرتا اس قسم عقیدت ہے۔ اسی قسم کی سے جا ملتے ہیں لیکن رضیہ سے ہم کی ہے کہ اگر شدت اختیار کرے تو اس

لیں سے جا ملتے ہیں۔

رضیہ کے گھر پہنچا تو وہ مجھے دیکھ کر حیرت سے

"

حد حساب۔"

"

نامہ آگیا ہے۔"

ساری پہیلیاں ایک کاغذ پر لکھ کر دے دو تو میں لنے کی کوشش کروں گی۔"

یہ جواب اتنا چڑ کر دیا تھا کہ مجھے ہنسی آگئی۔

باتیں کر کے رضیہ کا اشتیاق بڑھانا چاہتا اُن کا ردِعمل ذرا دوسرے انداز میں ہوا تو سمجھا کہ بانو کا خط جیب سے نکال کر رضیہ کے

کر رضیہ پر وہ ردِعمل نہیں ہوا جس کی مجھے پیشانی پر ایک دلکش سی سلوٹ پڑ گئی اور پھر مچلتے ہوئے سوالیہ انداز میں کہا۔ "یہ خط ڈاک سے

سلسلہ جواب دیا۔

"اوہ اچھا پڑی۔" باجی نے خود نہیں دیا ہے؟"

ک کے ایک بچے کے ہاتھ بھجوایا تھا۔"

مرتضٰی نے سب کچھ بتا دیا جو میرے علم میں تھا۔

"وہ بڑبڑائی۔

ہوں کہ تمہیں بالکل خوشی نہیں ہوئی!" میں

ل کا کمی ہوگی۔

ل کا کیا پہلو ہے؟" وہ بولی۔

اب میں چڑ گیا۔ "اس میں تو غم کا پہلو ہے بلکہ

ا سر ہے۔ آؤ ہم دونوں مل کر ماتم کریں اور

آؤ ہم کی طرف چل جائیں۔"

اختیار رضیہ کو ہنسی آگئی، ہنستی ہوئی بولی۔

ا خلش نہیں کر رہے ہو۔"

مجھنے کی کوشش نہیں کر رہا ہوں؟"

ل کی طرف ہے۔" رضیہ نے سنجیدگی سے

ا ہے۔ تمہاری بلڈنگ تک پہنچی تھیں تو

ل پہنچ سکتی تھیں۔"

ا آ!" میں تعجب سے بولا۔ "کیا تمہارے خیال

؟"

ل جواب دینے کی بجائے خط پر نظریں گاڑ

دیں اور پھر آہستہ سے بولی۔ "تحریر تو سو فیصد انہی کی ہے۔"

"پھر تم اس میں الجھاؤ کیوں پیدا کر رہی ہو؟"

"الجھاؤ تو پہلے ہی سے موجود ہے۔"

"مجھے تو نظر نہیں آتا۔"

"میں کہتی ہوں کہ جب باجی کو روپوش ہی رہنا تھا تو پھر انہوں نے یہ خط ڈاک سے کیوں نہیں بھیجا؟"

"وہ چاہتی ہوں گی کہ ان کی یہ ہدایت جلد از جلد ہم تک پہنچ جائے۔"

"لیکن جب وہ تمہاری بلڈنگ تک پہنچ گئیں تو روپوشی کہاں برقرار رہی؟"

"آخر تم کہنا کیا چاہتی ہو؟"

"یہی کہ مجھے اس خط پر شُبہ ہے۔"

اب میں نے دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پیٹ ڈالا اور بولا۔ "اے لے یہ تو بتاؤ کہ شُبہ کیا ہے؟"

"مجھے اس خط سے فریب کی بُو آ رہی ہے۔"

"یعنی اب بانو بھی ہم سے فریب کریں گی!"

"میں نے یہ تو نہیں کہا۔"

"یہ بھی نہیں کہا، وہ بھی نہیں کہا، تو پھر آخر کہا کیا ہے؟"

"یہ میں خود بھی نہیں جانتی کہ مجھے کیا محسوس ہو رہا ہے!" رضیہ نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔

"اب میں اس کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتا کہ تمہاری دماغی حالت پر شبہ کروں۔"

"مجھے سکون کی ضرورت ہے۔" رضیہ بڑبڑائی۔ "اس خط نے میرے ذہن میں انتشار پیدا کر دیا ہے اور یہ انتشار فوری طور پر صرف شراب ہی سے ختم ہو سکتا ہے۔" وہ اچانک کھڑی ہو گئی۔ "آؤ!"

"کہاں آؤ؟" یہ پوچھتے ہوتے میں بھی کھڑا تو ہو ہی گیا تھا۔

"میرے کمرے میں۔" وہ بولی۔

"کک... کمرے... میں..." میری آواز حلق میں اٹکنے لگی۔

اس نے بڑی بے تکلفی سے میرا ہاتھ پکڑا اور اندرونی دروازے کی طرف مُڑ گئی۔ اس کے گداز ہاتھ کا لمس پا کر میرا جسم اس طرح سنسنا اٹھا جیسے انگاروں پر پانی کا چھینٹا پڑ گیا ہو۔ میں بالکل بے جان ہو کر رہ گیا اور اس کے ساتھ کھنچا چلا گیا۔

خوابگاہ میں پہنچ کر رضیہ نے مجھے ایک راکنگ چیئر پر بٹھایا اور خود کپ بورڈ کھول کر اس میں سے شراب کی بوتل نکالنے لگی۔ جب میں نے اُسے دو گلاس نکالتے دیکھا تو بولے بغیر نہ رہ سکا۔

"رضو!"

"ہوں؟" اس نے سر گھما کر میری طرف دیکھا۔

"مجھے مت پلاؤ!" میں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"کیوں؟"

"ڈر لگتا ہے۔"

"شراب سے؟"

"اپنے آپ سے۔"

"ارے!" اس کی ہنسی کھنک اٹھی۔ "بھلا کوئی اپنے آپ سے بھی ڈرتا ہے؟"

"برے بھلے کی تمیز جاتی رہے تو اپنے آپ سے بھی ڈرنا چاہیے۔"

"بہشت!" اس نے ایک ادا سے اپنا سر جھٹکا اور گلاسوں میں شراب انڈیلنے لگی۔

میں چپ رہ گیا۔ رضیہ کی کسی بات کو سختی سے رد کرنا میرے اختیار سے باہر تھا۔ وہ شراب میں سوڈا ملا کر دونوں گلاس اٹھا لائی اور میرے قریب ہی دوسری کرسی پر بیٹھ گئی۔ جب اس نے ایک گلاس میری طرف بڑھایا تو اس کے انداز میں ایسا حکم تھا کہ میں سرتابی کی جرأت نہیں کر سکا۔ میں نے گلاس لے لیا لیکن اتنے وقت میرے ہاتھ میں خفیف سی لرزش تھی۔

"تمہاری محبت کے نام۔" اس نے اپنا گلاس میرے گلاس سے ٹکراتے ہوئے کہا اور اپنے ہونٹوں سے لگا لیا۔

اس ماحول میں بالو کے خط کا خیال میرے ذہن سے نکل گیا کیونکہ اب میرے اعصاب و حواس پر رضیہ چھا چکی تھی۔

پہلے گلاس کے بعد دوسرے گلاس کی باری بھی آ گئی۔ اس وقت مجھے اپنا وہ عجیب و غریب خواب یاد آیا اور میں ہنس پڑا۔

"خیریت؟" رضیہ بولی۔

"سارہ میری!" میں اس کی طرف شرارت سے دیکھتا ہوا بولا۔ "تمہیں رمپانے اپنے قبضے میں کر لیا ہے؟"

"کیا وہ بھی پیگ میں بھکنے لگے ہو؟" وہ مسکرائی۔

"مجھے اپنا ایک خواب یاد آ رہا ہے۔"

"کیا مجھے ہی دیکھ بیٹھے خواب میں؟"

"اب تمہارے علاوہ کسی کو آنے کی ہمت نہیں ہو سکتی کہ میرے خوابوں میں قدم رکھے۔" میں نے رضیہ کو محبت پاش نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"کیا خواب دیکھا تھا؟" اس نے پوچھا۔

میں نے اسے خواب سنایا تو وہ بہت ہنسی۔ "یعنی میں نے تمہارے ایک آنکھ بھی نکال لی!"

"آہ! کانا رضوان!" میں نے ایک دلدوز آہ بھری۔

رضیہ کو اتنی زور سے ہنسی آئی کہ اچھو کا آنسو آ گئے۔ بڑی مشکل سے وہ خود پر قابو پا سکی اور اپنی آنکھیں پونچھنے لگی۔

"معلوم ہوتا ہے، تم نے یہ خواب گھڑا ہے۔"

"نہیں رضو! میں نے سچ مچ یہ خواب دیکھا رہا ہوتا تو تمہیں قسم کھا کر یقین دلا دیتا۔"

"اس کا مطلب یہ ہوا کہ تم نے دو پیگ کھا لیا تھا۔ ایسے بے ہنگم خواب بدہضمی کا نتیجہ ہوتے ہیں۔" مسکراتی ہوئی بولی اور دونوں خالی گلاس اٹھا کر چل دی۔

دو کے بعد اب تیسرا گلاس؟ پیگ چونکہ عادی نہیں تھا اس لیے دو ہی پیگ میں لڑکھڑانے لگا تھا۔ تیسرے پیگ کے بعد تو شاید میں خالقِ حقیقی سے جا ملتا۔

لیکن "حکمِ جاناں" کو رد کرنے کی جرأت کس میں تھی۔ میں نے وہ تیسرا گلاس بھی خالی کر دیا اور اس کے بعد میری سیدھی سچی سوچ کے قدم ڈگمگا گئے۔ کی دنیا میں رضیہ اس طرح بے نقاب ہو کر میرے میں بلبل مچ گئی۔ میری نظروں اس کے جوش و خروش بھرے آبادی کے ایک گیت کے مصرعے ہونے لگے۔

.... جیسے ترکوں کی فوج
.... جیسے گدر انار
جیسے .....

اور نہ جانے کیا کیا! میرے تنفس اتنا جوش بھر گیا کہ گلاس پر میرے ہاتھ کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی۔ اگر وہ گلاس معمولی شیشے کا ہوتا تو ٹوٹ جاتا۔

رضیہ نے مسکرا کر میری طرف دیکھا اور کھڑکی میں جا کھڑی ہوئی جو بنگلے کے پچھواڑے میں کھلتی تھی۔ دن اب ختم ہو رہا تھا۔ تاریکی دھندلکا پھیل چکا تھا لیکن میرے ذہن میں طلوع ہو رہے تھے۔ میری آنکھیں رضیہ پر گڑی تھیں۔

"رض... ضو!" میں نے لڑکھڑا کر اس نے اپنے مخصوص انداز میں دیکھا، مسکرائی اور کوئی جواب دیے بغیر میں نے گلاس تپائی پر رکھ دیا۔

ہا۔ اس نے میرے قدموں کی آہٹیں ضرور سنی ہوں، میری طرف نہیں موڑی۔ میں اس کی پشت پر پہنچ کر دونوں ہاتھ اس کے شانوں پر جما گئے۔

میں نے پھر اسے پکارا۔

وہ بستور باہر دیکھتی رہی۔

تاریکی میں ڈوب جانے والے اندازے میں اپنے ہونٹ اس کے کان کے قریب لے گیا۔ اس کے بدن کی مہک میری مشامِ جاں میں بس گئی۔ پھر اس نے بھی اپنا سر اس طرح پیچھے ہٹایا جیسے میرے ہونٹ اس کے کان کی لو سے ٹکرا گئے ہوں۔ ہر طرح یہ حالت ہو چکی تھی جیسے آفتاب خرد صحیح سالم چاہ رہا تھا کہ جو کچھ بھی میری دسترس میں ہو، سارے کے سارے ڈالوں پر نچھاور کر دوں۔

اس وقت مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میرے ذہن کے کسی گوشے میں کوئی آواز ابھری ہو۔ "رضوان! اس طرح بے نقاب ہونا تیری ہی نہیں میری بھی توہین ہے۔ شراب کے نشے میں اس طرح تذلیل پر آمادہ ہو گیا؟"

میں ایک سایا۔

"رضو! تجھے تو اپنے کردار پر بڑا ناز تھا لیکن آج تو نے کیا کر دیا ہے؟"

"نہیں! یہ نہیں ہو سکتا۔"

"رضوان!" رضیہ کی آواز سنائی دی۔

"پہلا جیسے اب تک کوئی خواب دیکھ رہا تھا۔ اس کے شانوں سے ہاتھ ہٹا لیا اور ایک تیزی سے پلٹا۔ میں چلا گیا۔ میں نے دونوں کلائیاں پکڑ لیں۔ اس کی آنکھوں پر ٹکا دیا۔ میری سانسیں بہت تیز

"مجھے قریب ہی سے رضیہ کی آواز سنائی دی۔ اپنے شانے پر اس کے ہاتھ کا لمس محسوس کیا۔ لرزتی ہوئی آواز میں بولا۔ "میں تم سے درخواست کرتا ہوں۔ میرے لیے تنہا چھوڑ دو.... پلیز!"

میں چل پڑا۔

اس کا ہاتھ ہٹ گیا اور قلیل سے وقفے کی آہٹیں سنائی دیں جو دروازے کی طرف جانے اور بند ہونے کی آواز سنائی دی۔ میں ڈگمگاتے قدموں سے اس کے اس پر اوندھا گر پڑا۔ میرا سر چکرا رہا تھا۔ مجھے بستر کسی ہنڈولے کی طرح متحرک محسوس ہونے لگی اور پھر مجھے کچھ بھی یاد نہیں رہا۔

جب میری آنکھ کھلی تو میں تیز روشنی سے چندھیا گیا۔ آنکھیں پھر بند ہو گئیں۔ مجھے احساس ہو گیا تھا کہ صبح ہو چکی ہے۔ اچانک جس طرح کوند لپکتا ہے، مجھے ساری باتیں بھی یاد آ گئیں اور میں بوکھلا کر بستر سے اٹھ گیا۔

کھلی ہوئی کھڑکی سے سورج کی تیز روشنی اندر آ رہی تھی۔ دیوار گیر کلاک میں آٹھ بج کر کچھ منٹ ہو چکے تھے۔ کمرے میں میرے سوا کوئی نہیں تھا۔ رضیہ غالباً کسی اور کمرے میں جا کر سو رہی تھی۔

میں بستر سے اٹھ کر ڈریسنگ چیئر پر جا بیٹھا اور پیشانی کو سر ٹکا کر آنکھیں بند کر لیں۔ میرے ذہن کا ہر گوشہ کچھ ایسا سا ہو رہا تھا اور میرے بوجھ کی سی کیفیت تھی۔ میں نے جیب سے سگریٹ کا پیکٹ نکالا جو سونے میں بالکل پچک گیا تھا۔ میں نے اس میں سے ایک سگریٹ نکال کر سلگائی اور تین چار کش لینے کے بعد میرا دماغ کچھ ہلکا ہوا۔ مجھے یاد آیا کہ رضیہ نے دو پروگرام بنائے تھے جن پر اُسے رات ہی کو عمل کرنا تھا۔ ایک تو کوبرا کے گھر پر ملغار کرنا تھی اور دوسرا شیر بہادر کے گھر پر دھاوا بولنا تھا۔

میں نے آنکھیں کھول دیں اور اس وقت میری نظر تپائی پر پڑی جہاں شراب کے خالی گلاس رکھے ہوئے تھے۔ ایک گلاس کے نیچے ایک لفافہ دبا ہوا تھا لیکن اس طرح دبایا گیا تھا کہ اس پر لکھا ہوا میرا نام نظر آ رہا ہے۔

اس وقت استعجاب سے میری پیشانی ضرور شکن آلود ہوئی ہو گی۔ میں نے مضطربانہ انداز میں آگے جھک کر گلاس کے نیچے سے لفافہ نکالا اور اسے چاک کرنے لگا۔ رات کی ساری باتیں میرے ذہن میں چکرانے لگی تھیں۔

لفافے میں سے جو کاغذ نکلا، وہ میرے نام رضیہ کا خط تھا۔

جان! رضوان!

میں آج بہت خوش ہوں۔ اتنی خوش ہوں کہ اپنی اس کیفیت کو چند لفظوں میں یا چند جملوں میں بیان نہیں کر سکتی۔ میں نے تمہیں دیکھا اور پسند کر لیا لیکن میں یہ ضرور جاننا چاہتی تھی کہ تم اندر سے کیسے ہو۔ تم سے مزید قریب ہونے کے لیے میں تمہارے اندر کے آدمی کو جاننا چاہتی تھی، سو میں نے ایسی حرکتیں کیں کہ تمہارے اندر کا آدمی کھل کر میرے سامنے آ جائے۔ شراب سے زیادہ موثر "نقاب کشا" چیز شاید اب تک نہیں بنی لہٰذا میں نے بھی اسی کو آزمایا۔ تم فوراً ہی کے لیے بہکے تو ضرور لیکن سنبھل گئے۔ اس حد تک بہکنا ایک فطری بات تھی لیکن اگر تم بالکل ہی بے قابو ہو جاتے تو مجھے تم سے نفرت ہو جاتی۔ صد شکر کہ

ایسا نہیں ہوا اور میرا خزانۂ محبت محفوظ رہا۔ شاید میں تھوڑی سی شاعری کر گئی ہوں لیکن محبت میں اتنی شاعری تو غیر ارادی طور پر ہو جاتی ہے ہے نا؟

جان!... رات کا ایک بج رہا ہے۔ تم اب تک سوئے ہوئے ہو اور میں کو برا والے معاملے سے نپٹ کر آ چکی ہوں۔ اب مجھے شیر بہادر کے گھر پر دھاوا بولنا ہے۔ میں وہاں باجی کو تلاش کروں گی۔ میرے خیال کے مطابق باجی کو وہیں ہونا چاہیے۔ مجھے اس خط پر یقین نہیں جو تمہیں ملا تھا۔ شاید وہ خط باجی پر جبر کر کے لکھوایا گیا ہے۔

جان! میرا خیال ہے کہ میں صبح کا اُجالا پھیلنے سے پہلے پہلے شیر بہادر کے گھر سے نکل آؤں گی۔ خواہ مجھے کامیابی ہو یا ناکامی! اگر میں وقتِ مقررہ تک نہ لوٹ سکوں تو سمجھ لینا کہ میں کسی خطرے میں پھنس گئی۔ میں یہ خط اسی لیے لکھ رہی ہوں کہ اگر میں کسی مقام پر بے بس ہو جاؤں تو تم حرکت میں آ سکو اور تمہیں کوئی فیصلہ کرنے میں دقت نہ ہو۔

تمہاری، رضیہ

یہ خط میں نے بڑی تیزی سے پڑھ ڈالا۔ خط کے ابتدائی حصے نے مجھے مخمور کر دیا تھا لیکن بعد کے حصے نے بے چین کر دیا۔ نہ جانے رضیہ اب تک لوٹی تھی یا نہیں؟ میں کرسی سے کھڑا ہو گیا اور زور سے بولا۔

"ارے کوئی ہے؟"

مجھے فوری طور پر کوئی جواب نہیں ملا تھا۔ میں بے چینی میں دروازے کی طرف بڑھتا چلا گیا۔ راہداری میں نکل کر میں پھر چیخا۔ "کوئی ہے؟"

اب سامنے سے زولا آتا نظر آیا۔ رضیہ کا ملازم خصوصی!

"تمہاری مالکہ کہاں ہیں؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"جناب! مجھے اردو نہیں آتی۔" وہ ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں بولا۔

"تمہاری مالکہ کہاں ہیں؟" میں نے اپنا سوال انگریزی میں دہرایا۔

"وہ تو رات سے نہیں ہیں۔"

"اب تک نہیں تو ہیں؟" میں نے تیزی سے پوچھا۔

"جی نہیں۔" جواب ملا۔

میرا جسم سنسنا اٹھا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ رضیہ کا خدشہ رنگ لا کر رہا تھا اور وہ کسی چکر میں پھنس گئی تھی۔

"کیا آپ کے لیے ناشتہ لاؤں جناب!" زولا نے پوچھا۔

میں نے اپنے خیالات سے چونک کر اس کی طرف دیکھا اور پھر آہستہ سے بولا۔ "صرف چائے لا دو۔"

اس کے بعد میں کمرے میں لوٹ آیا۔ میں جس ہیجان میں مبتلا ہو گیا تھا اس پر اب قابو پانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ضرورت ہی اس امر کی تھی کہ نہایت غیر جذباتی انداز میں حالات کا سوچ سمجھ کر کوئی قدم اٹھایا جائے۔ جذباتی اقدام کے بگڑنے کا احتمال زیادہ ہوتا ہے۔

میں نے منہ ہاتھ دھو کر تازگی حاصل کی۔ رضیہ کی بابت غور کرنے لگا۔ اس نے اپنے خط میں کو برا والے معاملے سے نپٹ آنے کی بات لکھی تھی۔ اس کا پُرسکون انداز تحریر ثبوت تھا کہ اس نے کو برا والے معاملے کو تسلی بخش طور پر نمٹا لیا ہے۔ اس کے بارے میں سوچتے ہوئے کو برا کے اس ساتھی، جو میں اور رضیہ پکڑ لائے تھے اور جسے رضیہ نے پولیس کے حوالے کر دیا تھا۔

"زولا!" میں نے آواز دی۔

جلد ہی زولا کمرے میں آ گیا اور میں نے اس سے پوچھا۔

زولا نے جواب دیا۔ "مالکہ نے رات کو ہی یہاں سے بھگا دیا تھا۔"

"ہوں! ٹھیک ہے، جاؤ!" میں نے غیر ضروری طور پر معلوم کرنا تھا۔

زولا کمرے سے چلا گیا۔

اب مجھے اس میں بالکل شبہ نہیں رہا تھا کہ کو برا حسن و خوبی پٹوا رہا تھا لیکن شیر بہادر کے گھر پھنس گئی تھی۔

چائے پی کر میں نے سگریٹ سلگائی۔ سپرنٹنڈنٹ رؤف کو اس معاملے سے الگ تھلگ منزل پر وہی میرے کام آ سکتا تھا۔ کمانڈر حق خوشگوار توقع نہیں کی جا سکتی تھی کیونکہ گت... نہیں تھے۔

فیصلہ کرنے کے بعد میں رؤف کی... نے ہی والا تھا کہ زولا کمرے میں آیا اور کہا... بڑھاتا ہوا بولا۔ "یہ صاحب مالکہ سے ملنا... کارڈ پر چھپے ہوئے نام کو دیکھ کر میں اچھلا... رؤف کا وزیٹنگ کارڈ تھا۔

"اوہ!" میرے منہ سے نکلا اور پھر... انہیں ٹال دیا۔"

"میں نے انہیں بتایا تھا کہ مالکہ گھر... بات پر یقین نہیں آیا۔ انہوں نے میرے... کہا کہ اگر مالکہ گھر پر نہیں ہیں تو یہ کارڈ منہ..."

"(کیا)" میں ایک بار پھر اچھل پڑا۔"

"جی ہاں۔"

ذہن پر سناٹا چھا تا محسوس ہوا۔ یہ بات کسی طرح بھی سمجھ میں نہیں آ رہی تھی کہ یہاں پر میری موجودگی کا علم رؤف کو کیسے ہو گیا؟

"تم نے کیا کہہ دیا؟" زولا نے پوچھا۔

"میں نے دقت سے جواب دیا۔ "انہیں ڈرائنگ روم میں بٹھا دو۔"

"ہوں۔"

زولا کے باوجود مجھے اس وقت یہ بڑا عجیب سا لگا کہ میں ایک ایسی ہوگئی تھی جیسے میں ہی اس گھر کا مالک ہوں۔ حیثیت یک بہت بڑے سوالیہ نشان کی طرح میرے سامنے تھی۔ میں ڈرائنگ روم میں پہنچنے کے لیے کمرے سے نکلنے ہی پر رک گیا۔ میں ابھی تک یہ فیصلہ تو کر ہی نہیں سکا تھا کہ رؤف سے کس انداز میں گفتگو کرنا چاہیے؟ جب میں کمرے میں داخل ہوا تو یہ نکتہ ذہن میں ابھرا کہ اس کا فیصلہ قبل از وقت ہے۔ رؤف سے گفتگو کے دوران ہی میں مجھے یہ فیصلہ کرنے میں بات کے جواب میں کیا کہوں اور کیا نہ کہوں!

میں جیسے ہی ذہن کے ساتھ ڈرائنگ روم میں داخل ہوا تھا، وہاں دو چار ہونا پڑا۔ رؤف تنہا نہیں تھا۔ کوئی اور شخصیت بھی موجود تھی۔ وہ کوئی سفید فام آدمی تھا۔ چالیس بیالیس سال کے لگ بھگ معلوم ہوتا تھا۔

میں گھبرایا۔ میرا خیال ہے کہ اس وقت میں کچھ جھینپا بھی تھا۔ رؤف نے مجھے رضیہ کے گھر پر پکڑا تھا۔

"ہیلو!" رؤف نے غیر ملکی سے کہا اور پھر مجھ سے بولا۔ "مسٹر گلاسفورڈ ہیں، برطانیہ سے آئے ہیں۔"

مگر اگر مجھ سے ہاتھ ملایا اور بولا۔ "گلیڈ ٹو میٹ یو۔"

اس نے کہا اور پھر سوالیہ نظروں سے رؤف کی طرف دیکھا۔

رؤف اس بات کا بے حد افسوس ہے۔" رؤف نے کہا۔ "وہ چاہتا تھا کہ ہماری گفتگو گلاسفورڈ کی سمجھ میں نہ آئے۔"

"!" میں نے پوچھا۔

"نے بالنو کی تلاش کے سلسلے میں مجھ سے باتوں کو مجھ سے چھپاتے ہے۔"

"ہی کہہ کر مجھے ہو گیا۔ مجھے ہمت نہیں ہو... گر کہتا۔ اس نے جو کچھ کہا تھا، وہ درست

"نہ کہ میرا تعلق ان ٹیلی جینس سے ہے۔"

رؤف نے کہا۔ "اور ان ٹیلی جینس کے آدمی بے وقوف نہیں ہوتے۔"

"لاحول ولا قوۃ!" میں نے جھینپ کر کہا۔ "میں نے ہرگز آپ کو بے وقوف نہیں سمجھا تھا!"

"تو پھر آپ نے مجھ سے راز داری کیوں برتی؟ آپ کو سوچنا چاہیے تھا کہ میں کسی نہ کسی طرح ان باتوں سے واقف ہو ہی جاؤں گا۔"

میں سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اب کیا کہوں!

رؤف بولتا رہا۔ "آپ کی اور مس رضیہ کی تمام سرگرمیاں میرے علم میں آتی رہی ہیں۔ ان سرگرمیوں کے بعض حصے غیر قانونی بھی تھے۔ مثال کے طور پر کو برا کے ایک ساتھی کو قید کرنا۔ آپ کے راز داری برتنے کی وجہ سے میں الجھ گیا تھا اور اسی لیے میں نے سوچا تھا کہ اس جرم میں آپ لوگوں کو قانون کے شکنجے میں کس لوں لیکن مسٹر گلاسفورڈ نے مجھے ایسا کرنے سے روک دیا۔"

میں الجھی ہوئی نظروں سے گلاسفورڈ کی طرف دیکھنے لگا۔ ابھی تک رؤف نے اس برطانوی کا حدود اربعہ نہیں بتایا تھا۔

رؤف نے میری نظروں کا انداز سمجھ لیا اور بولا۔ "یہ میں بتا ہی چکا ہوں کہ مسٹر گلاسفورڈ برطانیہ سے آئے ہیں۔ اب یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ ان کی آمد سرکاری طور پر ہوئی ہے اور یہ اسی لیے آئے ہیں کہ بالنو کو تلاش کر سکیں۔ مجھے وزارتِ خارجہ سے ہدایت ملی ہے کہ میں مسٹر گلاسفورڈ سے مکمل تعاون کروں۔"

میں نے حیرت سے منہ پھاڑ دیا۔ یہ بات تھی ہی حیرت انگیز! گلاسفورڈ سرکاری سطح پر صرف بالنو کی تلاش کے سلسلے میں یہاں آیا تھا اور اس کا مطلب یہ تھا کہ برطانوی حکومت کو بھی بالنو سے دلچسپی تھی۔

بالنو کی شخصیت کے گرد بنا ہوا پُراسرار جال آئے دن بڑا ہی ہوتا چلا جا رہا تھا۔ پہلے تو رضیہ اُن کی تلاش میں پاکستان آئی تھی۔ اس کے بعد روسیا اور اُس کا گروہ سامنے آیا تھا۔ اب ایک برطانوی بھی!

"مسٹر گلاسفورڈ!" میں حیرت سے بولا۔ "آپ کو بالنو کی تلاش سے کیا دلچسپی ہے؟"

"مجھے افسوس ہے کہ میں اس سوال کا جواب نہیں دے سکوں گا۔ یہ راز میرے اور آپ کے ملک کی وزارتِ خارجہ تک محدود ہے۔" میں گلاسفورڈ کا منہ تکتا رہ گیا۔

"اور اب مسٹر رضوان!" رؤف بولا۔ "آپ مس رضیہ کو سمجھائیں کہ وہ مجھ سے چھپنے کی بجائے مجھ سے تعاون کریں۔"

"اگر چھپنے سے آپ کی مراد یہ ہے کہ وہ اس وقت بھی گھر میں موجود ہے اور آپ سے نہیں مل رہی ہے تو میں یہ کہوں گا کہ آپ غلط فہمی کا شکار ہیں۔ رضیہ واقعی گھر میں نہیں ہے۔"

"رات کو پون بجے وہ کوبرا کے گھر سے نکلی تھیں اور اس کے بعد چونکہ گھر سے اُن کے نکلنے کا امکان نہیں تھا لہٰذا نگراں کو چھٹی دے دی گئی تھی۔ پھر آج صبح ساڑھے چھ بجے سے پھر اس گھر کی نگرانی کی جا رہی ہے اور اس وقت سے اب تک بس رضیہ کو یہاں سے نکلتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔"

"رضیہ رات کو ایک بجے ہی گھر سے چلی گئی تھی اور اس کے بعد سے اب تک نہیں لوٹی۔" میں نے جواب دیا۔

رؤف مجھے ایسی نظروں سے دیکھنے لگا جیسے اُسے میری بات پر یقین نہ آیا ہو۔

"میں جھوٹ نہیں بول رہا ہوں۔" میں پھر بولا۔ "رضیہ رات ہی سے غائب ہے اور ابھی میں آپ ہی کے پاس آنے کا ارادہ کر رہا تھا۔ میں نے محسوس کیا تھا کہ اس منزل پر آپ سے کوئی بات پوشیدہ رکھنا مناسب نہیں ہو سکتی۔"

"کون سی منزل؟" رؤف نے بے تابی سے پوچھا۔

ہم دونوں کی یہ گفتگو انگریزی ہی میں ہو رہی تھی لیکن گلاسفورڈ نے دخل اندازی نہیں کی، خاموشی سے ہماری باتیں سنتا رہا۔

"دراصل۔" میں نے رؤف کو بتانا شروع کیا۔ "بعض وجوہات کی بنا پر رضیہ کو یقین ہو گیا تھا کہ بابو کو شیر بہادر نے اپنے گھر میں قید کر رکھا ہے اس لیے کل رات اس نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ چوروں کی طرح شیر بہادر کے گھر میں داخل ہو گی اور وہاں کی تلاشی لے گی۔ میں خود بھی اس کے ساتھ جانا چاہتا تھا اور کل شام اسی لیے یہاں آیا تھا کہ اس کے ساتھ میں بھی اس مہم میں شریک رہوں گا لیکن صوفے پر لیٹے لیٹے مجھے نیند آ گئی اور پھر جب میری آنکھ کھلی تو صبح ہو چکی تھی۔" آخری ٹکڑا میں نے گھڑ کر سنا دیا تھا کیونکہ شراب والی بات کسی قیمت پر بھی نہیں بتائی جا سکتی تھی۔ بہانہ یہ کرنا میں دوبارہ بولا۔ "رضیہ مجھے اس مہم میں اپنے ساتھ نہیں رکھنا چاہتی تھی۔ اسی لیے جب میں سو گیا تو اس نے موقع غنیمت جانا اور چپکے سے نکل گئی۔"

"شیر بہادر کے گھر!" رؤف کے لہجے میں تشویش تھی۔

"ہاں۔" میں نے کہا۔ اور ایک بار پھر یقین دلاتا ہوں کہ میں جھوٹ نہیں بول رہا ہوں۔"

رؤف متفکرانہ انداز میں گلاسفورڈ کی طرف دیکھنے لگا۔

گلاسفورڈ بولا۔ "اب مزید ڈھیل نہیں دی جا سکتی مسٹر رؤف!"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔" رؤف نے کہا۔

"شیر بہادر کے گھر پر ریڈ کیجیے!"

"کیا ابھی؟"

"بلا تاخیر۔" گلاسفورڈ نے زور دے کر کہا اور پھر پوچھا۔ "سرچ وارنٹ حاصل کرنے میں کتنی دیر لگے گی؟"

"یہ تو پندرہ منٹ کا کام ہے لیکن تلاشی کا؟"

"یہ سوچنا آپ کا کام ہے۔"

"سوچنا تو پڑے گا۔" رؤف بڑبڑایا۔ "یہ ہے اور غیر ملکیوں کے معاملے میں محتاط رہنا ضروری سطح پر بحران پیدا ہو سکتا ہے۔"

"آپ کوئی متوازن راہ سوچ لیں اور یہ ہمارا خود ہی کھڑا ہو گیا۔

مجبوراً رؤف کو بھی کھڑا ہونا پڑا اور کہتا اُٹھ گیا۔

"مجھے آپ سے کچھ اور سوالات بھی کرنا تھے ان سوالوں کو پھر کسی وقت کے لیے اُٹھا رکھتا ہوں۔"

"میں اب آپ سے مکمل تعاون کروں گا۔" سے کہا۔

رؤف کے ہونٹوں پر کشیدہ سی مسکراہٹ بات کا تھا کہ اب اُس سے تعاون کرنا میری مجبوری میں ان دونوں کو چھوڑنے کے لیے ہر۔

رؤف نے اپنی گاڑی میں بیٹھتے ہ دو گھنٹے بعد کہاں ہوں گے؟"

"میں اپنے گھر ہی پر ملوں گا۔"

تعلق چکپوری کی درگاہ سے ہے۔ درگاہ بھیجا تھا کہ یہ سارہ کو وہاں سے لے آئیں۔ ہے کہ وہ یتیم ہے لیکن اس کا باپ تبتی ہی تھا۔ بت حاصل تھی لیکن ادھیڑ عمری میں اُسے شیطان کا ایک اہم پیغام لے کر بیرون ملک گیا ہوا تھا تو لامہ کر بیٹھا۔ امریکن عورت بھی اُس کی روحانی طاقت گئی اور ان دونوں کی شادی ہو گئی۔ اسی شادی سال بھر بعد جب سر سے عشق کا بھوت اترا تو احساس ہوا۔ ایک عورت کے حسن و جمال نے دریافت پر پانی پھیر دیا تھا لیکن اب مداوا تھی۔ وہ اس غم میں بیمار رہنے لگا لیکن اُس سے کو چھوڑ کر دنیا سے چل بسی۔ اُس کے مرنے اس واپس آ سکتا تھا لیکن شرمندگی نے ہمیشہ اُس کے اس کی بوڑھی نانی نے کی تھی۔ اس لیے سارہ نظری رہی۔ جب سارہ جوان ہو گئی تو اس کی بوڑھی کی موت کے بعد سارہ کے باپ نے اپنی بیٹی کو کی کوشش کی۔ وہ اپنی ان کوششوں میں ضرور ہوا کہ سارہ کے دل میں اپنے باپ کا اُس نے اپنے باپ کو مجبور کیا کہ وہ لاما سے چلے۔ نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن بیٹی کے اصرار سے ہنگ ٹو پہنچے تو باپ کی طبیعت بہت زیادہ سفر تک کا دشوار گزار سفر طے نہیں کر سکتا تھا اور ہو چکا تھا کہ یہ بیماری اس کی جان لے کر ہی بیٹی کو اپنے وطن میں اپنے عزیزوں کے اس نے اپنے ایک قدیم اور وفادار ملازم کو خط لامہ کے پاس بھیجا۔"

ہوئے موسو کے چہرے پر کچھ عجیب سے یک بول اٹھی۔ "یہ تو کسی دلچسپ ناول کا

نقل کر رہی ہوں۔ اب یہ کسی ناول کا پلاٹ

چلا پوری کہانی سن لو!" مجھے بولنا پڑا۔

ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "لیکن مجھے اس پر

پر دھیان نہیں دیا اور بولی۔ "سارہ کے

کے باپ نے اُس خط میں اپنے گناہوں سے توبہ کی تھی اور بڑے لامہ سے معافی کا خواستگار رہا تھا۔ اُس نے خط میں اپنی شادی کے بعد سے اب تک کے حالات بھی رقم کر دیے تھے اور درخواست کی تھی کہ دو آدمی چنگ ٹو بھیج دیے جائیں تاکہ وہ اس کی بیٹی کو لاسا لے جا سکیں۔ چکپوری کی درگاہ کا بڑا لامہ اس خط میں لکھے ہوئے فقروں کے گداز سے بہت متاثر ہوا اور اُس نے درگاہ کے دو لاماؤں کو چنگ ٹو بھیج دیا۔"

موسو پھر بول پڑی۔ "اور جب وہ دونوں لامہ چنگ ٹو پہنچے تو سارہ کا باپ مر چکا تھا۔"

"نہیں۔" رضیہ نے کہا۔ "خود سارہ کا بیان ہے کہ اس کا باپ لاماؤں کی آمد کے دو دن بعد مرا تھا اور سر سے دو دن قبل اس نے سارہ کو تاکید کر دی تھی کہ وہ ان لاماؤں کے ساتھ لاسا چلی جائے۔ خود سارہ بھی اپنے باپ کے عزیزوں میں پہنچنے کی خواہشمند تھی کیونکہ اس کے ننھیالی اعزا میں سے کوئی بھی زندہ نہیں تھا۔ اگر وہ لاسا نہ جاتی تو اُسے دنیا میں بالکل تن تنہا زندگی گزارنا پڑتی۔ باپ کی موت کے بعد اُس نے ایک ہفتہ تو سوگ میں گزارا اور پھر دونوں لاماؤں کے ساتھ لاسا کی طرف چل پڑی۔"

"اور بدستور چل رہی ہے۔" موسو نے فقرہ دیا۔

"اور چلتی رہے گی۔" رضیہ نے جیسے چڑ کر کہا۔ "آخر تم اس طرح مذاق کیوں اڑا رہی ہو جیسے یہ کہانی خود میں نے گڑھ کر سنائی ہو۔"

"مجھے تمھارا انداز بڑا مضحکہ خیز معلوم ہو رہا ہے۔ تم نے یہ کہانی اتنی سنجیدگی سے سنائی ہے جیسے تمھیں اس کے ایک ایک لفظ پر یقین ہو۔"

"یقین کرنے کا بھی کوئی جواز نہیں ہے۔" رضیہ نے جھنجھلا کر کہا۔

"رضیہ ٹھیک کہہ رہی ہے موسو!" مجھے دخل اندازی کرنا پڑی۔ "جب تک کوئی ثبوت نہ ہو، کسی بات کو کیسے رد کیا جا سکتا ہے؟"

"یعنی آپ بھی اس خرافات پر یقین کر رہی ہیں؟"

"مجھے تو یہ کوئی بہت زیادہ عجیب کہانی نہیں معلوم ہوئی۔ میں نے دنیا میں اس سے کہیں زیادہ عجیب و غریب واقعات دیکھے ہیں۔"

"اچھی بات ہے، آپ دیکھ لیجیے گا کہ میرا ہی اندازہ درست ثابت ہوگا۔"

"میں یہ کب کہہ رہی ہوں کہ تمھارا اندازہ درست نہیں ثابت ہو سکتا۔ میرا کہنا تو یہ ہے کہ ثبوت کے بغیر کسی بات کو رد کیا جا سکتا ہے نہ قبول کیا جا سکتا ہے۔ صورت حال کی وضاحت سے پہلے ہمیں کسی ایک جانب نہیں ہونا چاہیے۔"

موسو چپ ہو گئی۔

رضیہ نے مجھ سے پوچھا۔ "کیا رضوان سو گیا؟"

"سو ہی گیا ہوگا۔ جب تم اُن لوگوں کی طرف گئی تھیں تو وہ اپنی پھولداری میں چلا گیا تھا۔"

"اس وقت جاگنے کی ڈیوٹی تو میری ہے نا؟"

"ہاں لیکن بہتر ہوگا کہ تم اور موسو دونوں ہی جا کر سو جاؤ۔ مجھے ایک بجے سے پہلے نیند نہیں آسکتی اور ایک بجے میری ڈیوٹی کا وقت ہو جائے گا لہٰذا میں آج چار بجے تک جاگتی ہی رہوں گی۔"

"کیا واقعی؟" رضیہ نے جماہی لے کر کہا۔ "مجھے نیند تو آرہی ہے۔"

"بس تو جا کر اطمینان سے سو جاؤ۔"

"اب تو مجھے بھی نیند آنے لگی ہے۔" موسو بولی۔

"تو تم بھی سو جاؤ!" میں نے ہنس کر کہا۔ "فی الحال میں بھی اپنی چھولداری میں چلی جاتی ہوں۔ جب الاؤ ٹھنڈا پڑ جائے گا، تبھی باہر نکلوں گی تاکہ ہمارا پڑوسی گروپ مجھے پہرہ دیتے ہوئے نہ دیکھ سکے۔"

موسو، رضیہ اور میں، چھولداریوں کی طرف بڑھے۔ تھکے ماندے مرد و زن اُس وقت تک سو چکے تھے۔ میں نے اپنی چھولداری میں داخل ہو کر اپنا بستر دُور کے قریب گھسیٹ لیا اور اس پر لیٹ کر باہر کا جائزہ لیتی رہی۔ کوئی ایک ڈیڑھ گھنٹے بعد جب الاؤ سرد ہو گیا تو میں اُٹھی اور اپنی رائفل سنبھال کر رینگتی ہوئی چھولداری سے نکل آئی۔

لامائوں کے پڑاؤ کی آگ بھی ٹھنڈی ہو چکی تھی اور اب ہر طرف گھرا اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ دونوں پڑاؤں کے مزدور کھلے آسمان کے نیچے سفید ذوات کے بستر پر بڑے اطمینان سے سو رہے تھے۔ میں رینگتی ہوئی کچھ دُور ایک ٹیلے تک گئی اور وہیں گویا چار بجے تک کے لیے ڈیرا ڈال دیا۔ اس جگہ سے اطراف و جوانب پر نظر رکھنا بہت آسان تھا۔

وقت گزاری کے لیے میں اس کے سوا کچھ نہیں کر سکتی تھی کہ سارہ کی اس کہانی پر غور کروں جو اُس نے رضیہ کو سنائی تھی۔ وہ واقعات بقول موسو، تھے تو ڈرامائی لیکن اتنے غیر فطری ہرگز نہیں تھے کہ انہیں بلا توقف رَد کر دیا جاتا۔

اُن واقعات پر غور کرتے ہوئے سارہ کا چہرہ میرے تصور میں موجود تھا اور میں اپنے دل میں اک میٹھی میٹھی سی چبھن محسوس کرنے لگی تھی۔ پھر جب اپنے تخیل کی مدد سے مجھے چہرے کے بعد کی منزلوں تک رسائی حاصل ہوئی تو میری رگ رگ میں تناؤ پیدا ہونے لگا۔ ایک جذبہ میرے وجود کی گہرائی میں انگارہ بن کر دہک اُٹھا اور اُس شعلہ بدن کی آرزو سے انگارے کی تپش اتنی بڑھی کہ میرے دل کو جلانے لگی۔ میں اب سب کچھ بھول کر صرف یہ سوچ رہی تھی کہ اس برفستان میں میرے تڑپتے ہوئے بازو سارہ کو کس طرح عصور کر سکتے ہیں؟

اس سوال کی مسلسل گردش سے میرا بدن اتنا گرم ہو گیا کہ فضا کی ٹھنڈک بھی اس کے آگے پر نہ ڈال سکی۔ میں اندر ہی اندر سلگتی رہی اور وقت گزرتا رہا۔ یہاں تک کہ بارہ بج گئے لیکن ان خیالوں میں محو رہنے کے باوجود میں لاشعوری طور پر اطراف و جوانب کا جائزہ لیتی رہی تھی۔ یہی سبب تھا کہ جب میری بصارت پر ایک انسانی سائے کا عکس پڑا تو خبر میرے دماغ تک پہنچی اور پھر جیسے خطرے کا الارم بج اُٹھا۔ میں چونک پڑی۔ تمام خیالات میرے دماغ سے نکل گئے اور میں اس سائے کی طرف دیکھنے لگی جو بہت احتیاط سے چلتا ہوا میری چھولداری کے دَر تک پہنچ گیا تھا۔ میں یہ اندازہ کر چکی تھی کہ وہ لامائوں کے پڑاؤ کی طرف سے آیا ہے۔ اُسے اپنی چھولداری میں داخل ہوتے دیکھ کر تو میں تیزی سے رینگتی ہوئی چھولداری تک پہنچی لیکن وہ اپنی آنکھوں کی بے اعتباری پر اعتبار نہ آنے کی وجہ سے سانپ کی طرح رینگتی ہوئی چھولداری میں داخل ہو گئی۔ میں بلا توقف چھولداری میں داخل ہونے کا ارادہ کرتے ہوئے اپنی رائفل کا رُخ اس ہستی کی طرف کر چکی تھی۔ اس ارادے سے میری چھولداری میں داخل ہوتے ہی، ماہ نور کی روشنی کا ادراک ہوتے ہی، اور اس کا چہرہ دیکھ کر میں نے ایک لمبا سانس لیا۔ وہ سارہ تھی!

"ماہ نور بھاگ جاؤ یہاں سے!" اس کی آواز میں گھبراہٹ تھی۔

"کیوں؟" میں نے بے اختیار پوچھا۔

"میں خطرہ مول لے کر آپ کی مدد کو پہنچی ہوں اور چاہتی ہوں کہ کسی کو ہماری اس ملاقات کا حال معلوم ہو سکے۔ آپ فوراً یہاں سے چلی جائیں۔"

"مجھے نہیں معلوم کہ تم کس بارے میں تمہاری طرف سے خطرہ محسوس کر رہی ہو، اچانک وار کر دیا تو مجھے پتہ بھی نہیں چلے گا۔"

"میرے پاس کوئی ہتھیار نہیں۔"

"میں کیسے یقین کر لوں؟"

"آپ جلدی سے میری تلاشی لے لیں۔ کیا جا سکے۔" وہ مضطربانہ انداز میں بولی۔

میں نے بہت غور سے اس کے چہرے کا جائزہ لیا۔ وہ جھوٹ نہیں بول رہی تھی۔ اعتبار کر لوں۔ میری واحد کمزوری شاید اعتبار کر لینا ہوں اور کبھی کبھی مجھے اپنی اس کمزوری پر اعتبار کر لینا چاہیے۔ میں نے تھوڑا سا رینگ کر اپنی رائفل اس کے قریب رکھ دی اور پھر اس کی تلاشی لینے لگی۔

"میں نے تمہاری تلاشی لے لی ہے۔ اب تم مجھے بتاؤ کہ تم کس خطرے سے آگاہ کرنے آئی ہو؟"

"میں آپ لوگوں کی رعونت کرنا چاہتی ہیں۔ وہ اس سلسلے میں کچھ نہیں کر سکتے لیکن آپ ان کی بات ہرگز نہ مانیے گا۔ وہ لوگ آپ کو دھوکا دینا چاہتے ہیں۔"

"میں نے حیرت سے ظاہر کی۔

"مجھے زیادہ تفصیلات میں نہیں جانا چاہیے۔ مجھے جلد از جلد واپس جانا چاہیے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ میری عدم موجودگی سے فائدہ اٹھا کر پہلے تفصیلی گفتگو کے لیے میں کوئی مناسب موقع تلاش کر لوں۔"

"اس میں خلاف کیوں ہو گئی ہو؟"

"میں ساتھی نہیں ہیں۔"

"کیا؟"

"آپ کو پھر کبھی مناسب موقع پر سناؤں گی۔ اب آپ جائیں۔ اس کا مضطرب بڑھتا جا رہا تھا۔

"میں جانتی ہوں کہ تم مجھے خطرے سے آگاہ کرنے چلی ہو لیکن بات سے کانپتی ہوئی آواز میں کہا اور اس کے مضبوط ہو گئی۔

"اب آپ مجھے بہت اچھی لگی ہیں۔"

اس کی آواز سرگوشی میں تبدیل ہو گئی۔

اس نے اپنا چہرہ قریب کر لیا اور اپنے ہونٹوں کی جنبش اس کے کان سے قریب کر دی۔

"میں" وہ مجھ سے جدا ہوتی ہوئی بولی۔ "کل صبح روانگی سے پہلے تفصیلی گفتگو کرنے کا موقع مل سکے گا۔"

اس نے جواب سننے کی بجائے اُس کے گال پر ہلکا سا بوسہ دیا اور باہر نکل گئی۔ میں دَر پر کھڑی اسے جاتے ہوئے دیکھتی رہی۔ وہ اپنے ہونٹوں تک اپنے ہونٹوں کا درمیانی فاصلہ پہلے سے زیادہ گرم ہو چکا تھا۔

وہ اب اپنی لگنے لگی تھی لیکن اُس کی شخصیت کا گرفتار کر دیا تھا۔ وہ جو باتیں کر کے گئی تھی، اُن

ان باتوں نے ظاہر کر دیا کہ وہ میرے جذبات و احساسات سے میں کچھ خیال ہو گئی کہ اُس نے میری حیلہ جوئی پکڑ لی تھی۔

"وہ پھر بولی۔" میری تلاشی لے لیجیے!"

"نہیں۔" میں نے ہنس کر کہا اور آگے بڑھ کر اُس کے شانوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔ "اب بتاؤ کہ تم چھپ کر مجھ سے ملنے کیوں آئی ہو؟"

"میں ایک خطرے سے آگاہ کرنے آئی ہوں۔"

"کیا؟"

"میں آپ لوگوں کی رعونت کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اس سلسلے میں کچھ نہیں کر سکتے لیکن آپ ان کی بات ہرگز نہ مانیے گا۔ وہ لوگ آپ کو دھوکا دینا چاہتے ہیں۔"

"میں نے حیرت سے ظاہر کی۔

"مجھے زیادہ تفصیلات میں نہیں جانا چاہیے۔ مجھے جلد از جلد واپس جانا چاہیے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ میری عدم موجودگی سے فائدہ اٹھا کر پہلے تفصیلی گفتگو کے لیے میں کوئی مناسب موقع تلاش کر لوں۔"

"اس میں خلاف کیوں ہو گئی ہو؟"

"میں ساتھی نہیں ہیں۔"

"کیا؟"

"آپ کو پھر کبھی مناسب موقع پر سناؤں گی۔ اب آپ جائیں۔" اس کا مضطرب بڑھتا جا رہا تھا۔

"میں جانتی ہوں کہ تم مجھے خطرے سے آگاہ کرنے چلی ہو لیکن بات سے کانپتی ہوئی آواز میں کہا اور اس کے مضبوط ہو گئی۔

"اب آپ مجھے بہت اچھی لگی ہیں۔"

اس کی آواز سرگوشی میں تبدیل ہو گئی۔

اس نے اپنا چہرہ قریب کر لیا اور اپنے ہونٹوں کی جنبش اس کے کان سے قریب کر دی۔

"میں" وہ مجھ سے جدا ہوتی ہوئی بولی۔ "کل صبح روانگی سے پہلے تفصیلی گفتگو کرنے کا موقع مل سکے گا۔"

اس نے جواب سننے کی بجائے اُس کے گال پر ہلکا سا بوسہ دیا اور باہر نکل گئی۔ میں دَر پر کھڑی اسے جاتے ہوئے دیکھتی رہی۔ وہ اپنے ہونٹوں تک اپنے ہونٹوں کا درمیانی فاصلہ پہلے سے زیادہ گرم ہو چکا تھا۔

وہ اب اپنی لگنے لگی تھی لیکن اُس کی شخصیت کا گرفتار کر دیا تھا۔ وہ جو باتیں کر کے گئی تھی، اُن

کا پس منظر سمجھنا مشکل نہیں تھا۔ وہ مجھے لامائوں کے خطرناک ارادے سے باخبر کر گئی تھی اور اُس نے یہ عجیب و غریب انکشاف کیا تھا کہ وہ لامائوں کے ساتھی نہیں تھے۔ وہ اُن کے ساتھ سرگرم سفر تھی مگر انہیں اپنا ساتھی تسلیم نہیں کرتی تھی۔ آخر اس کا مطلب کیا تھا۔

چار بجے تک میرا ذہن الجھا رہا اور پھر میں رضوان کو پہریداری کے لیے جگا کر سو گئی۔ صبح جب سب لوگ اُٹھ گئے اور ناشتہ کرنے بیٹھے تو میں نے اُن پر یہ سنسنی خیز انکشاف کیا کہ رات کو سارہ اپنے ساتھیوں سے چھپ کر مجھ سے ملنے آئی تھی۔

"یہ کس وقت کی بات ہے؟" رضوان میرے مزید بولنے کا انتظار نہ کر سکا اور سوال کر بیٹھا۔

میں نے رات کی ساری باتیں بیان کر ڈالیں مگر اُس لطیف پہلو کو چھپا گئی جس کا تعلق صرف میری اور سارہ کی ذات سے تھا۔

رضیہ، رضوان اور موسو نے اس واقعے کو بھروسے کا فسانہ بنا لیا لیکن میں قیاس کے گھوڑے دوڑا کر اپنے ذہن کو تھکانے کی بجائے یہ سوچ رہی تھی کہ آج کسی نہ کسی طرح سارہ سے تفصیلی گفتگو کرنے کا موقع ڈھونڈ نکالوں گی اور اسی گفتگو سے یہ الجھاوے ختم ہو سکیں گے۔

جب ہمارے مزدور چھولداریاں اکھاڑ اکھاڑ کر یاکوں پر بار کر رہے تھے تو میں نے ایک لامہ کو اپنی طرف آتے دیکھا اور پوری طرح اس کی طرف متوجہ ہو گئی۔ وہ قریب آیا اور دو ایک رسمی جملوں کے بعد بولا۔ "جب ہماری منزل ایک ہے تو کیوں نہ ساتھ ساتھ چلیں۔"

"ہمیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

میں دل میں بھی خوش تھی کہ گھلنے ملنے کا موقع خود دشمن ہی نے فراہم کر دیا تھا۔

جب دونوں قافلے روانہ ہوئے تو ایک قافلہ بن گئے۔ جب اس طرح روانگی عمل میں آئی تو ایک دوسرے سے گفتگو کرنے کا موقع مل گیا۔ رضیہ اور موسو دونوں لامائوں سے بدعنت پر گفتگو کرنے لگیں۔ انہیں ایسا کرنے کی ہدایت میں نے ہی دی تھی تاکہ مجھے سارہ سے گفتگو کرنے کا موقع مل سکے۔ میں اپنے خچر کی رفتار کو بتدریج کم کرتی چلی گئی تاکہ ان سب سے پیچھے رہ جاؤں۔ میری اس حرکت کو سارہ نے بھی تاڑ لیا اور وہ بھی اپنے خچر کی رفتار کو کم کرتی رہی۔ آخر ہم دونوں، دوسرے لوگوں سے اتنے پیچھے ہو گئے کہ اب اُن کی آوازیں ہمارے کانوں تک نہیں پہنچ سکتی تھیں۔

"آپ مجھ سے باتیں کرنے کے لیے بہت بے چین ہیں۔" وہ مسکرا کر بولی۔

"ہاں رات کو تم مجھے ایک شدید اُلجھن میں مبتلا کر گئی تھیں۔" میں نے کہا۔ "تمہاری باتوں سے میں اب تک کوئی نتیجہ اخذ نہیں کر سکی ہوں۔"

"لیکن آپ کے چہرے سے مجھے یہ اندازہ ہو رہا ہے کہ آپ نے مجھ پر اعتبار کر لیا ہے۔"

کی غلامی ہوں۔ اب تم جلدی سے میری ساری اُلجھنیں رفع کر دو۔ تم نے یہ کیوں کہا تھا کہ یہ لامہ تمہارے ساتھی نہیں ہیں؟"

"میں نے اس لیے کہا تھا کہ یہ واقعی میرے ساتھی نہیں ہیں۔"

"اس عجیب و غریب بات کی وضاحت ضروری ہے۔"

"یہ وہ دونوں لامہ ہیں جو مجھے لینے کے لیے چکوری کی درسگاہ سے چنگ ڈھینچے تھے۔"

"پھر؟" میں حیرت سے بولی۔

"وہ پہلے تو اب اس دُنیا میں نہیں۔" سارہ نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "برسوں رات کو جاڑے پڑاؤ پر رہزنوں نے حملہ کیا تھا اور وہ دونوں اُن رہزنوں کے ہاتھوں ہلاک ہو گئے تھے۔ وہ جاڑے پڑاؤ کو لوٹ کر چلے گئے لیکن میں نے ایک جگہ چھپ کر اُن سے جان بچالی تھی۔ جب وہ چلے گئے تو میں نے خود کو اس سرد ویرانے میں تنہا پایا۔ بے کسی کے شدید احساس سے میں رو پڑی۔ میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ میں کیا کروں۔ اُس وقت ان دونوں لاماؤں کو میں نے اپنی طرف آتے دیکھا تو مجھے یوں محسوس ہوا جیسے خدا نے میری مدد کے لیے فرشتوں کو بھیج دیا ہو لیکن جب وہ بالکل قریب آگئے تو میں نے اُن کے وجود میں چھپے ہوئے شیطانوں کو پہچان لیا۔"

"کیسے پہچان لیا؟" میں تعجب سے بولی۔

"یہ میں آپ کو بعد میں بتاؤں گی۔ پہلے اس بات کی وضاحت کر دوں کہ یہ دونوں لامہ میرے ساتھی کیوں نہیں ہیں۔" سارہ نے کہا۔ "یہ تو میں بتا رہی تھی کہ وہ دونوں میرے قریب آئے۔ انھوں نے مجھ سے ہمدردانہ باتیں کیں اور مجھ سے پوچھنے لگے کہ مجھ پر کیا بیتا پڑی ہے۔ میں نے اُن پر یہ ظاہر کرنا مناسب نہیں سمجھا کہ میں ان کی شیطنت سے آگاہ ہو چکی ہوں۔ میں نے بے کم و کاست اپنی رُوداد انھیں سُنا دی۔ سب کچھ سُن لینے کے بعد انھوں نے مجھ سے اور زیادہ ہمدردانہ باتیں کیں اور کہا کہ اتفاق سے وہ لاسہ ہی جا رہے ہیں اس لیے مجھے میرے عزیزوں تک پہنچا دیں گے۔ میں نے ظاہر کیا کہ مجھے ان کے خلوص پر یقین آگیا ہے حالانکہ ایسے تھے کہ میں اُن سے برگشتگی کا اظہار نہیں کر سکتی تھی۔ میں نے سوچا تھا کہ اُن سے نجات حاصل کرنے کے لیے مجھے کسی مناسب موقع کا انتظار کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی جاننا چاہتی تھی کہ وہ لوگ مجھے آلۂ کار بنا کر جس عورت کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، وہ عورت کون ہے۔"

"تم بڑی عجیب و غریب باتیں کر رہی ہو۔" میں نے اُلجھ کر کہا۔ "آخر تمھیں اُن کے دل کی باتیں کیسے معلوم ہو گئیں؟"

"میں آپ کے دل کی ہر بات بھی بتا سکتی ہوں۔" وہ مُسکرائی۔

"یہ کیسے ممکن ہے؟" میں حیرت سے بولی۔

"میری عدم تک توجہ ممکن ہے؟" وہ بولی۔ "سکتی ہوں جو ایک عام انسانی آنکھ نہیں دیکھ سکتی۔ طاقت ور دُوربین سے بھی اُن چیزوں کو تصویر میں اپنے ہاتھ کی لکیروں کی طرح وضاحت مجھے بتا سکتے ہیں۔ کیا آپ انسان کا پورا تو دیکھ سکتی ہیں؟"

"نہیں۔" میرے مُنہ سے بے اختیار آپ کو بے وقوف محسوس کرے گی۔"

سارہ مسکرائی اور بولی۔ "میں وہ بھی، کا باطن میں اس طرح دیکھ سکتی ہوں۔ چیز دیکھ سکتی ہیں۔"

"مگر کیسے؟" میں اُلجھی ہوئی نظروں دیکھتی رہی۔

اب سارہ کچھ سنجیدہ نظر آنے لگی۔ اس سے کہنا شروع کیا۔ "میرے والد بُدھ مت تھے۔ اُنھوں نے مجھے عیسائی مذہب نہیں دی لیکن میری ماں کے مرنے کے بعد انھوں نے محسوس کر لیا کہ وہ بذاتِ خود مجھے تعلیم دے سکیں گے۔ اُنھوں نے مجھے بُدھ مت سے پوری طرح آگاہ کیا۔ یہاں تک مجھے روحانی درس دیتے رہے۔ وہ بڑی ایسی تھیں کہ میں نے ان میں بہت زیادہ دلچسپی لی۔ بعد میرے والد نے بڑی سرخوشی کے عالم میں اُن سے جو کچھ حاصل کیا ہے، اسے حاصل ہونے لگ گئے تھے۔ انھوں نے مجھے اپنی روحانی آنکھ کھولی جا سکتی تھی اور اسے تھا کہ میں اپنی اس طاقت کے نشے میں پہنچانے لگوں گی۔"

سارہ کی زبان پر "روحانی آنکھ" کا یاد آگئی جو میں نے چند سال پہلے اس زلزلہ نے اپنے والد کے ساتھ ایک طویل عرصہ اس روایت کے مطابق تبت کی سب کے بڑے لامہ نے کچھ ایسی جڑی بُوٹیاں تیار کردہ محلول انسان کی روحانی آنکھیں کھ عمل صورت یہ بتائی جاتی تھی کہ لکڑی کی محلول میں دو دن تک بھگونے کے بعد سے وماغ کے اگلے حصے کے غدہ کو انسان وہ سب کچھ دیکھنے پر قادر ہو جاتا نہیں دیکھ سکتی لیکن یہ عمل کسی ایسے ہی

ل تعلیم اکمل ہو جائے اور یہ اندیشہ نہ رہے کہ وہ سے لوگوں کو نقصان پہنچائے گا۔

نے یہ روایت سُنی تھی تو اسے اُس قسم کی روایات ہا تھا جو اکثر مذاہب میں شہرت پا جاتی ہیں۔ گمان ہوتی اور لوگ محض عقیدے کے جوش میں اس ہیں لیکن آج میرے سامنے کھڑی ہوئی ایک لڑکی یہ کر وہ اس حیرت انگیز عمل سے گزر چکی ہے اور سب ہے۔

سارہ نے مسکرا کر کہا۔ "آپ کو اس وقت جو روایت وہ محض بے اصل حقیقت پر مبنی ہے۔"

سارہ خفی۔ سارہ نے میرے دل کی بات بتا کر ثابت کی انسان کا باطن دیکھ سکتی ہے۔

والد خود بہت بڑے عالم تھے۔" سارہ بولی۔ ل کہیں سے چُرایا نہیں تھا بلکہ انھوں نے بھی ا نت کر لی تھیں جو انسانی دماغ کے ایک دے سکتی ہیں۔ انھوں نے اس محلول کا تجربہ ہی اور کیا اور کامیابی سے اتنے خوش ہوئے کہ ی انسان کو اتنا خوش نہیں دیکھا۔ آپ میرے ماسیاہ نشان دیکھ رہی ہیں؟ یہ اُسی چوبی کیل الدے اپنے ہاتھ سے ٹھونکی تھی۔"

نے اس کی پیشانی کی طرف دیکھا اور سر بلا کی پیشانی پر موجود وہ سیاہ نشان ایک پُراسرار کھ رہا تھا۔

ل: "تو یہ وجہ ہے کہ میں ان جعلی لاماؤں کی ف ہو گئی۔ میں یہ بھی جان چکی ہوں کہ وہ ایک ہ آلۂ کار بننے ہوتے ہیں۔ تبت میں اس طاقت ا حصہ کیا ہے؟ یہ وہ دونوں بھی نہیں جانتے میں جان سکی۔ مجھے صرف وہ سب کچھ معلوم ہو گیا ا ماما میں موجود تھا۔ میں یہ بھی جان چکی ہوں کہ ب قبیلے کے لوگوں کو اپنا ساتھی بنا لیا ہے۔ انھی ہ قبیلے کے رہزنوں نے میرے پڑاؤ پر حملہ ا ان ساتھی لاماؤں کو ہلاک کر دیا تھا اور مجھے پہنچ گئے تھے۔ یہ تو میری خوش فہمی تھی کہ میں ا ہ فارہ گئی ہوں۔ وہ لوگ تو چاہتے ہی تھے ارہ مجھے اپنا آلۂ کار بنائیں۔"

س طرح آلۂ کار بنانا چاہتے ہیں؟" میں نے پوچھا۔ میری موجودگی ہی ان کے لیے کافی ہے۔"

"وہ کیسے؟"

"وہ آپ کی فطرت سے بخوبی واقف ہیں۔" سارہ نے معنی خیز مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "ان کا خیال تھا کہ میری وجہ سے آپ ان سے گھلنے ملنے کی کوشش کریں گی اور انہیں آپ کو ہلاک کرنے کا موقع مل جائے گا۔ وہ لوگ آپ سے کچھ خائف بھی ہیں۔" سارہ نے کہا۔ "یہ خیال ہے کہ آپ کو دھوکے سے تو مارا جا سکتا ہے لیکن یوں چھپ کر حملہ کر کے نہیں مارا جا سکتا۔ غالباً پچھلے دنوں انھوں نے اس لڑکی کے لوگوں سے آپ پر حملہ بھی کروایا تھا اور ناکام ہو گئے۔"

"ہاں!" میں نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "ہم نے نکالا ہے۔"

آدمیوں کو ہلاک کر ڈالا تھا اور وہ بھاگ نکلے تھے۔ ۱۱ والوں میں پانچ تو ارونگ ہی تھے لیکن چھٹا کوئی چینی تھا کہ بعد

"ٹھیک ہے۔" سارہ نے سر ہلا کر کہا۔ "یہ تبتی ان چینیوں ہی کے آلۂ کار ہیں مگر خود ان کا یہ خیال ہے کہ چینی بھی کسی اور کا آلۂ کار ہیں۔"

"کیا یہ دونوں کسی چن ژی نام کے چینی کو جانتے ہیں؟"

"ابھی تک تو میں نے ان لوگوں کے باطن میں یہ نام نہیں پڑھا۔" سارہ نے جواب دیا اور پھر بولی۔ "یہ چن ژی کون ہے؟"

"جو چینی شخص ہمارے ہاتھوں ہلاک ہوا تھا اُسی کی...."

"بس اب مزید کچھ بتانے کی ضرورت نہیں۔" سارہ نے میری بات کاٹ دی۔

"کیوں!" میں تعجب سے بولی۔

"جب آپ نے اُس کی ہلاکت کا ذکر شروع کیا تو اُس سے متعلق سارے واقعات آپ کے ذہن میں اُبھر آئے اور وہ ابھار میری باطنی آنکھوں نے پڑھ لیا ہے۔" سارہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

میں اُس وقت یہ سوچے بغیر نہیں رہ سکی کہ مہذب دُنیا کے لیے تو یہ لڑکی ایک عجوبہ ہی ثابت ہو گی۔

"ہاں یہ تو ہے۔" سارہ ہنس کر بولی۔ "لیکن میں دنیا کو بتاؤں گی ہی کیوں کہ مجھ میں یہ وصف ہے۔ آپ پر تو نہ جانے کیوں اعتماد کرنے کو جی چاہا تھا اس لیے بتا بیٹھی۔"

"تم بہت خطرناک ہو۔" میں نے مُسکراتے ہوئے کہا۔ "اب تو تمہارے بارے میں کچھ سوچتے ہوئے محتاط ہی رہنا پڑے گا۔"

"آپ میرے بارے میں کبھی کوئی غلط بات سوچ ہی نہیں سکتیں۔"

"کم سے کم ایک بات تو ضرور سوچوں گی۔"

"تو وہ کونسی غلط بات کب ہے؟" سارہ نے اتنی بے باکی سے کہا کہ میں اس کا مُنہ تکتی رہ گئی۔

سارہ مُنہ پھیر کر مسکرا دی۔

میں دیکھ رہی تھی کہ رضوان تھوڑی دیر کے بعد پلٹ کر ہماری طرف غرور دیکھتا تھا۔ میں اچانک اس کے بارے میں سارہ

"آپ کا سوال وضاحت طلب ہے۔"

"کیا تمہاری رُوحانی آنکھ نے اُس کا باطن نہیں دیکھا؟"

"میں آپ تینوں کا بہت گہرا جائزہ لے چکی ہوں۔ وہ دل رحمت خان ہے۔ اُسے آپ سے محبت بھی ہے لیکن وہ اُس قسم کا نہیں ہے جیسے ہم... جیسے ہم..." سارہ اس طرح چُپ ہوئی جیسے اُسے کوئی مناسب لفظ نہ مل رہا ہو۔

"چپ سی کیوں ہو گئی تم کیا کہنا چاہتی ہو؟" میں نے کہا۔ "وہ واقعی مجھ سے محبت نہیں کرتا۔ وہ محبت تو اسے رضیہ سے ہے۔"

"وہ ہاں' وہ رضیہ کو بہت ٹوٹ کر چاہتا ہے لیکن آپ سے بھی اُس کے ساتھ بڑی زبردست ایکٹوٹی شروع کر رکھی ہے۔" سارہ تبتی زبان میں بات کرتے کرتے ایک انگریزی لفظ بھی بول گئی۔

"تو تم اُس ایکٹوٹی سے بھی واقف ہو چکی ہو!" میں مسکرائی۔

"میں نے کہا نا کہ میں آپ لوگوں کے باطن کو پوری طرح ٹٹول چکی ہوں۔"

"رضوان کے بارے میں کچھ اور بتاؤ!"

"یہ شخص صرف ایک معاملے میں دُوسروں کو دھوکا دیتا رہتا ہے۔"

"کس معاملے میں؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"یہ اپنی اصل شخصیت کو چھپاتا ہے۔"

"ذرا کھل کر بات کرو!"

"یہ بہت مضبوط اعصاب اور قوی دل و دماغ کا آدمی ہے لیکن ظاہر کرتا ہے کہ خطرناک معاملات سے نمٹنا اس کے بس کی بات نہیں ہے۔ اِس وقت بھی اس کے چہرے پر ایسے تاثرات ہیں جیسے وہ اس سفر سے پریشان اور اکتایا ہوا ہے لیکن حقیقتاً ایسی کوئی بات نہیں۔ وہ اس خطرناک سفر کی غایت سمجھنے کے لیے بے قرار ہے اور تمام حالات کا بڑے انہماک سے جائزہ لے رہا ہے۔ کسی بھی معاملے میں عدم دلچسپی کا شکار نہیں ہے۔ آپ دونوں کے لیے وہ بہت چوکنا ہے۔ میرا مطلب ہے' وہ آپ دونوں کو آپ کے دشمنوں سے نقصان پہنچتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔ اگر کبھی کوئی ایسا امکان نظر آنے لگا تو وہ آپ دونوں کو بچانے کے لیے اپنی جان پر کھیل جائے گا۔"

رضوان کے بارے میں یہ سب کچھ جان کر مجھے اُس پر بے تحاشا پیار آنے لگا۔ اس کی شخصیت کے بارے میں مجھے کچھ کچھ اندازہ تو تھا لیکن سارہ نے ان اندازوں کی نہ صرف توثیق کر دی تھی بلکہ رضوان کو میرے سامنے بالکل عریاں کر دیا تھا۔

"میرا خیال ہے کہ اب ہمیں زیادہ دیر تک باقی لوگوں سے الگ تھلگ نہیں رہنا چاہیے۔ ہمارا بھی جعلی لاماؤں کو شبہ ہو جائے۔"

"تم نے ان لاماؤں کے سامنے رضیہ کو اپنی بہن بتایا تھا نا؟" میں نے پوچھا۔

"ہاں' میں نے یہی بتایا تھا

"یہاں بیت الخلا نظر نہیں آرہا ہے۔" رضوان تعجب سے بولا۔

"تبت کے مکانوں میں بیت الخلا نہیں ہوتے۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "یہاں کے لوگ کھیتوں، پہاڑوں اور جھاڑیوں کا رُخ کرتے ہیں۔"

"صبر۔" [illegible] اب کوئی اس برفباری میں کیا کرے؟"

رضوان مُنہ بنا کر رہ گیا۔ اس کے سوا کر بھی کیا سکتا تھا!

رضیہ شوخ لہجے میں بولی۔ "کیا بہت زیادہ بے قراری ہے؟"

"نہیں۔" رضوان نے خشک لہجے میں کہا۔ "لیکن میں یہی سوچ رہا تھا کہ جب بے قراری ہوگی تو کیا ہوگا!"

اتنے میں مُکھیا کا ملازم اندر آیا اور پوچھنے لگا کہ ہم لوگ کتنی دیر میں کھانا کھانا پسند کریں گے۔ میں نے اس سے کہہ دیا کہ ہم بھوکے ہیں، "تکلفاً" بھی انکار کرنا اس لیے بیکار تھا کہ میں تبتیوں کی جبری کی مہمان نوازی سے واقف تھی۔

کچھ دیر بعد ہم لوگ کھانا کھانے بیٹھے۔ رضوان یہ دیکھ کر حیران ہوئے بغیر نہ رہ سکا کہ وہ کھانا چاندی کے برتنوں میں آیا تھا۔ میں نے اس کی حیرت دُور کرنے کے لیے کہا۔ "گاؤں کے مُکھیا عموماً امیر آدمی ہوتے ہیں اور اپنے مہمانوں کو ہمیشہ چاندی کے برتنوں میں کھانا کھلاتے ہیں۔"

"میں تو سمجھا تھا کہ یہاں عزیت ہی عزیت ہوگی!"

"تناسب تو عزیت ہی کا زیادہ ہے۔"

"یہ ہے کیا؟" رضوان نے کھانے کے برتنوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔

"چھلی، آلو اور دلیا۔" میں نے بتایا۔ "یہ یہاں کا خاص کھانا ہے۔ عام طور پر تو لوگ سمبا اور سوکھا گوشت کھاتے ہیں۔"

"سمبا کیا ہے؟"

"یہاں کے لوگ جَو کے آٹے کو سمبا کہتے ہیں۔"

رضوان نے اُس روز پہلی مرتبہ تبت کے مخصوص کھانے کھائے جو اُسے بالکل پسند نہیں آتے لیکن پیٹ کا جہنم تو پُر کرنا ہی تھا۔

"ہاں تو آپنے وہ پُراسرار ناول نہیں سُنایا۔" موموسکرا کر بولی۔ "کون سا ناول؟"

"جو آپ سارہ سے سُن چکی ہیں۔"

"اوہ!" میں مُسکرائی اور پھر دھیمی آواز میں بولی۔ "یہاں وہ گفتگو مناسب نہیں ہوگی کیونکہ وہ سُنی بھی جا سکتی ہے۔"

اُس کمرے میں ہم چاروں کے علاوہ کوئی نہیں تھا لیکن اگر کوئی دروازے کے قریب کھڑا ہوتا تو اسے ہماری آوازیں سنائی دے جاتیں۔ اس خدشے کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا تھا کہ وہ لامہ چھپ کر ہماری باتیں سُنے کی کوشش کر رہا ہو۔

"کیوں نہ ہم سندھی میں باتیں کریں۔" رضیہ نے سندھی میں کہا۔

"لیکن موموا اور رضیہ نہ سمجھ سکیں۔" میں نے سندھی میں کہا۔ "انھیں آپ بعد میں سمجھا دیں۔ ناول سُن ہی رہی ہوں۔"

"مسٹر رضوان!" اچانک موموا کس زبان میں باتیں شروع کر دیں؟ کروں تو احتجاج نہ کیجیے گا۔"

"دیکھا!" میں ہنس کر انگریزی میں متوجہ ہو گئے۔ "ٹھہر جاؤ!" میں دھیرے یہ مناسب نہیں ہوگا۔ یہ دونوں بڑے لوگوں کو اس وقت سُنائوں گی جب ہم آج تو روانگی کا امکان نظر

"ہاں، آج کی رات تو یہیں گزرا میرا خیال درست ثابت ہُوا تھی۔ اب اگر ہم سفر کی تیاری شروع کر ہو جاتی۔

رات کو بھی ہمیں مُکھیا ہی کی طرف۔ بعد ہم لوگ سونے کے لیے لیٹ گئے، میں سے ایک میں ہم تینوں عورتیں تھیں، رضوان تھا۔ اسی طرح باقی دونوں کمروں کے حصّے میں آیا تھا اور دوسرا سارہ کو ملا تھا۔

کمرے اتنے گرم تھے کہ خلل نیند آتی تھی۔ کم سے کم اپنے بارے میں گھوڑے بیچ کر سوتی لیکن نیند آنے بارے میں سوچتی رہی۔

صبح طبیعت بہت ہشاش بشاش تیاریاں شروع کیں۔ ہمارے مزدوروں اور اپنے گھوڑوں کو ٹوٹ گئے۔ گاؤں اور ہم نے اپنا سفر شروع کیا۔

اب حدِ نظر تک سفید سفید برف تھا۔ رضوان نے سور کی کھال کی ایسی ٹوپی پہن لی تھی جس میں صرف آنکھیں کھلی رہ جاتی ہیں اور صرف آنکھیں کھلی رہ جاتی ہیں۔

"تم نے تو ہم عورتوں کو بھی مات کر دیا۔" میں نے رضوان سے ہنس کر کہا۔

"عورتوں کو تو خود نمائی کا شوق ہوتا ہے۔" رضوان نے کہا۔ "امریکہ اور یورپ کی عورتیں بھی سردی

اپنی خوبصورت پنڈلیاں دکھاتی پھرتی

اب دیا ہے تم نے!" میں ہنس کر بولی۔
ہیں کہ تمھاری بات خاصی وزنی ہے۔"
پاؤں جھکا سمجھیے!" رضوان نے سر ہلا
ات کبھی نہیں کرتا۔"
مجھے مخاطب کیا؟ آپ نے وہ پُراسرار ناول

مذاق بھی اُڑا رہی ہو اور سُننے کے لیے

شوق کیسے نہیں ہوتا!"

ا" جب میں نے یہ کہا تو موموکے علاوہ رضیہ
ں متوجہ ہو گئے۔ "ٹھہر جاؤ!" میں دھیرے
ا کی طرف دیکھنے لگی جو اپنے خچر کی رفتار
بہت قریب ہو گیا تھا۔ جلد ہی ہمارے
ہم پاس چلنے لگے۔

پُرتحسین لہجے میں بولا۔ "میں اور میرا ساتھی
تھے کہ آپ تینوں بڑی باہمت ہیں۔
ہیں معلوم ہو رہا ہے کہ آپ یہاں کی سڑی

ب کے ساتھی کے چہرے سے بھی ظاہر نہیں
مُسکرا کر کہا۔

اور ہے۔" لامہ نے آگے جاتی ہوئی سارہ پر

ہا!

اس کی بات اور کیوں ہے؟" رضیہ بھی بول پڑی۔

اب دیا۔" اس کی رگوں میں ایک ایسے باپ
ہ انہی برف پوش وادیوں کا بیٹا تھا۔"

ا" میں نے اچانک کہا۔ "کیا سارہ کے باپ کا
ں گرے گا؟"

ہاں مرے گا؟"

اپ کی بیٹی ہے جس نے بدھ مت کی
ں!"

وہ ایک سنگین جُرم تھا۔" لامہ نے سر ہلا کر کہا۔ "لیکن
گناہ کے بڑے لامہ نے اسے معاف کر دیا۔ پھر
بات کہاں کہ وہ اسے معاف نہ کرے۔"

ہم یہی کہہ رہے ہوں گے۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔
سوال محض رفعِ تجسس کے لیے کیا تھا۔ دراصل میں
ہر الرائے اس کے دَوھیال نے قبول نہ کیا تو یہ
کہاں جاتے گی۔"

وہ کوئی جواب دینے کے لیے مُنہ کھول چکا تھا کہ عقب سے کچھ مزدوروں کی چیخ پکار سُنائی دی۔ ہم نے ایک دم پلٹ کر دیکھا اور پھر جلدی سے اپنے خچر روک دیے۔

ہمارا ایک یاک ایک برف سے پُر گڑھے میں پھنس گیا تھا اور دھنستا ہی چلا جا رہا تھا۔ اس کے مُنہ سے غراہٹیں نکل رہی تھیں لیکن وہ لاکھ جتن کر کے بھی اس مصیبت سے نجات حاصل نہیں کر سکتا تھا۔ مزدور اسے نکالنے کی سرتوڑ کوشش کر رہے تھے مگر انھیں بھی کامیابی ہوتی نظر نہیں آ رہی تھی۔ بھاری بھرکم جسم کے باعث وہ یاک بڑی تیزی سے دھنستا چلا جا رہا تھا۔ ہمارے ساتھ جو یاک تھے، وہ ان سے زیادہ بھاری بھرکم تھا۔

"ارے اس پر ہماری چھولداریاں ہیں!" اچانک رضیہ چیخی۔

"اور اب انھیں دفن ہونے سے کوئی نہیں بچا سکتا۔" میں نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔

ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے وہ یاک گڑھے میں غائب ہو گیا اور اِدھر اُدھر سے برف کے ذرّات کا ڈھیر اُس پر اس طرح گرا کہ اس کی قبر بن گئی۔ اس کے ساتھ ہی ہماری چھولداریاں بھی دفن ہو گئی تھیں۔

موموزمزدوروں پر برس پڑی کیونکہ یہ حادثہ محض اُن کی غفلت سے ہُوا تھا۔ انہیں چاہیے تھا کہ وہ یاکوں پر کڑی نظر رکھتے مگر وہ آپس میں گپ شپ کرنے لگے تھے۔

میں نے اس موقع پر لامہ کی آنکھوں میں چمک دیکھی اور سمجھ گئی کہ وہ چھولداریوں کے ضیاع سے خوش ہو رہا تھا۔

"ہم اب کہاں سر چھپائیں گے۔" رضیہ ہاتھ ملتی ہوئی بولی۔

"آپ اتنی پریشان کیوں ہیں خاتون!" لامہ بول پڑا۔ "آخر ہمارے پاس بھی تو چھولداریاں ہیں۔ ضرورت ہوئی تو ہم کہ ایک چھولداری میں ایک ہی آدمی سوئے۔ ہم سب مِل جُل کر گزارا کر لیں گے۔"

اتنے میں لامہ کا ساتھی اور سارہ بھی ہمارے قریب آ گئے۔ اُنھوں نے یاک کو گڑھے میں دفن ہوتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔ قافلے کے باقی سب جانور اور مزدور بھی رُک گئے تھے۔

پہلے لامہ نے دوسرے لامہ سے کہا۔ "اُس یاک کے ساتھ اِن لوگوں کی چھولداریاں بھی دفن ہو گئیں لیکن میں انھیں سمجھا رہا ہوں کہ اس میں زیادہ پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ آخر ہمارے ساتھ بھی تو چھولداریاں ہیں۔ ایک چھولداری میں دو فرد بھی سو سکتے ہیں۔ ہمارے پاس چار چھولداریاں ہیں نا؟"

"ہاں۔" دوسرے لامہ نے سر ہلا کر کہا۔

اور اس حادثے کے باعث یہ بات طے ہو گئی کہ اب ہمیں

ان کے ساتھ ہی قیام کرنا ہوگا۔ ان کے ساتھ قیام کرنے کا مطلب یہ تھا کہ اب کھانا پینا بھی انہی کے ساتھ ہوتا اور یہی وہ عیار لامہ چاہتے بھی تھے۔

دوپہر کو جب پڑاؤ کیا گیا اور کھانے کی تیاری شروع ہوئی تو میں نے اپنے ساتھیوں کو کچھ مضطرب پایا۔ ان تینوں ہی کے ذہن میں یہ بات ہوگی کہ کھانے میں لامہ کوئی خطرناک چیز ملا دیں گے۔ خود میرے ذہن میں بھی یہ بات موجود تھی اور میں نے سوچنا شروع کر دیا تھا کہ اب ان لاماؤں سے نپٹ ہی لیا جائے تو بہتر ہے۔ اب تک میں نے کوئی فیصلہ کن قدم اٹھانے سے اس لیے گریز کیا تھا کہ شاید ان لاماؤں کی نقل و حرکت سے کوئی خاص بات معلوم ہو جائے لیکن اب اس بات کا انتظار اس لیے نہیں کیا جا سکتا تھا کہ ہماری زندگیاں ایک خطرے میں پڑ گئی تھیں۔ اگر اب بھی کوئی قدم نہ اٹھایا جاتا تو پھر شاید ہم اس قابل ہی نہیں رہ جاتے کہ کوئی قدم اٹھا سکیں۔

میں ابھی اس سلسلے میں کوئی لائحہ عمل طے نہیں کر سکی تھی کہ سارہ کو ان لاماؤں سے بچ کر مجھ سے کچھ کہنے کا موقع مل گیا۔ اس نے کہا "پریشان نہ ہوں۔ اس وقت کچھ نہیں ہوگا۔ جو گڑبڑ ہونا ہے، وہ رات کے کھانے میں ہوگی۔ البتہ اگر ان شیطانوں کا پروگرام کچھ بدل گیا تو میں آپ کو اشارہ کر دوں گی۔" اتنا کہہ کر وہ میرے پاس سے ہٹ گئی اور مجھے کچھ کہنے کا موقع نہیں مل سکا۔ جو کچھ اس نے کہا تھا، وہ میرے ساتھیوں نے بھی سن لیا اور سوالیہ نظروں سے میری طرف دیکھنے لگے۔ میں نے انہیں اشارہ کیا کہ وہ پُرسکون رہیں۔

جب ہم سب کھانا کھانے بیٹھے تو دونوں لامہ بہت خوش نظر آ رہے تھے۔ ان میں سے ایک نے رضوان کی طرف دیکھ کر کہا۔ "یہ ہم تبتیوں کی خوش قسمتی ہوتی ہے کہ کوئی ہمارے ساتھ کھانا کھائے۔" یہ بات تبت کی زبان میں کہی گئی تھی جسے رضوان کے فرشتے بھی نہیں سمجھ سکتے تھے۔

"یہ کیا بک رہا ہے؟" رضوان میری طرف دیکھتا ہوا انگریزی میں بڑبڑایا۔

میں ہنس پڑی اور وہ لامہ سٹپٹا کر مجھ سے بولا "معاف کیجیے گا، میں بھول ہی گیا تھا، حالانکہ آپ بتا چکی ہیں کہ آپ کے ساتھی ہماری زبان نہیں جانتے۔"

"ہاں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "یہ آپ کی زبان کا ایک لفظ نہیں سمجھ سکتے۔"

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر یہ ہم لوگوں کے معاشرے پر کتاب کیسے لکھ سکیں گے!"

"میں انہیں سب کچھ بتاتی رہتی ہوں۔"

"تو پھر انہیں بتا دیجیے کہ میں نے ان میں رضوان کی طرف دیکھ کر انگریزی میں پوچھا تھا کہ جناب آپ کے چہرے پر یہ "اس سے کہہ دیجیے کہ میں بات نہیں کرتا۔"

میں نے مسکرا کر لامہ سے کہا۔ "یہ لوگوں کی میزبانی نے انھیں بہت متا موٹو اور رضیہ منہ پھیر کر مسکرانے پڑے ہیں۔"

لامہ نے کہا۔ "میزبانی کے فرا بے شک۔" میں نے سر ہلایا۔

"اب آپ لوگ کھانا شروع کر بولا۔

میں نے سارہ کی طرف دیکھا جو اسے کوئی اشارہ کرنا ہوتا تو میری طرف مذ یہ تھا کہ کھانے میں کم از کم اس وقت کوئی کمی تھی۔

ہم لوگوں نے کھانا کھایا اور گپ شپ خلاف کوئی قدم اٹھانے کا ارادہ ہیں نے پھر کھانے کے بعد سہارا تی فلہ پھر چل کہ رات کو ایک چھولداری میں تو وہ دونوں تین چھولداریاں ہیں دے دیں گے جن میں کا بھی اشتراک ہوگا۔

"ٹھیک ہے۔" میں نے مسکرا کر سارہ ساتھ رہوں گی۔ دوسری چھولداری میں رضوا چھولداری کا مالک رضوان کو بنا دیا جائے گا۔"

سارہ نے میری مسکراہٹ کا جواب نہیں تھی۔ ہم دونوں کے تجربے اس وقت سب سے زیادہ تھے۔ "کیا بات ہے؟" میں قدرے تو نظر آ رہی ہو۔"

"مجھے اب الجھن سی ہونے لگی ہے۔ قسم کے حالات سے دوچار نہیں ہوئی۔" سارہ

"تمہیں پریشان نہیں ہونا چاہیے۔ میں میں نہیں پڑ سکتیں۔" میں نے مختصر جواب دیا۔

"اس کا تو مجھے بھی یقین ہے۔" وہ بولی آتی ہیں تو خلجان سا ہونے لگتا ہے۔"

"کوئی خاص بات ہے؟" میں نے اس کی آنکھ

"ان لاماؤں کے پاس ایک ٹرانسمیٹر ہے۔"

لیتے رہتے ہیں۔"

اوہ!" میرے منہ سے نکلا۔

ٹرانسمیٹر یعنی آدمی سے انہیں ہدایات ملتی ہیں، وہ وہی چن تزی اب ذکر کر چکی ہیں۔"

اب!" میں نے آہستہ سے کہا۔ "کیا تم نے ان کی گفتگو سنی تھی؟

باتوں سے ہے جو ٹرانسمیٹر پر چن تزی سے ہوئی ہیں۔"

انہیں۔" سارہ نے جواب دیا۔ "میں نے ان دونوں کے خیالات اس بات کا پتہ چلایا ہے۔ ٹرانسمیٹر کا استعمال تو یہ لوگ مجھ کر کرتے ہیں۔"

کچھ اندازہ لگا سکی ہو کہ چن تزی ہے کہاں؟"

بات تو ان دونوں کو بھی نہیں معلوم، لیکن اتنا ضرور طے ہے بہت زیادہ دور نہیں ہے۔"

تم کیسے کہہ سکتی ہو؟"

اس لیے کہ وہ ٹرانسمیٹر دس مرتع میل کے حیطۂ عمل سے زیادہ کا اس کی آواز دوسرے سیٹ پر اسی وقت سنی جا سکتی ہے صرف تین ساڑھے تین میل سے زیادہ دور نہ ہو۔"

اب ان لاماؤں کا پروگرام کیا ہے؟"

آج رات آپ کو کھانے میں زہر دینے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔"

انہیں چن تزی سے حکم ملا ہے کہ یہ کام جلد از جلد کر ڈالا

مگر یا آج رات ان دونوں کی شامت انہیں دھکا دے جائے لے بڑبڑانے والے انداز میں کہا۔

کیا کریں گی؟" سارہ نے مضطرب ہو کر پوچھا۔

میں نے ابھی نہیں سوچا۔ اگر سوچ لیا ہوتا تو تم خود ہی میرے نہیں۔"

وہ چپ ہو گئی۔ وہ کچھ سوچنے لگی تھی۔

اور پھر بعد پھر بولی۔ "ان لاماؤں کو شبہ تو نہیں ہوا کہ تم

انہیں ہے۔"

شبہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔"

اچھا تو ہے۔"

وہ کیا؟"

امروں سے الگ تھلگ رہ کر تم سے باتیں کرتی رہتی

وہ لوگ آپ کی فطرت کا تقاضا سمجھ رہے ہیں۔" سارہ نے

میں کہا۔

اب پھر تو ٹھیک ہے۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

میں نے محسوس کیا کہ عقب میں کوئی خیمہ ہمارے قریب آ گیا آنکھوں سے سارہ کو اشارہ کیا اور بولی۔ "جب تم امریکہ میں زیر تعلیم تھیں، تو تمہاری زندگی کیسی گزرتی تھی؟"

"بہت دلچسپ۔" سارہ نے مسکرا کر کہا۔

"میرا خیال ہے کہ آپ اپنا موضوع گفتگو بدلنے کی کوشش نہ کریں۔" عقب سے رضوان کی آواز سنائی دی۔ وہ سندھی میں بولا تھا۔

میں نے سر گھما کر اس کی طرف دیکھا تو وہ بولا۔ "میں کتاب میں ہڈی بننے کی معذرت چاہتا ہوں۔" وہ اپنے خیمہ کو میرے برابر میں لے آیا۔

"معذرت قبول کی جا سکتی ہے۔" میں نے مسکرا کر سندھی میں کہا۔

سارہ صرف دو زبانیں جانتی تھی۔ انگریزی اور تبتی۔ لیکن مجھے یقین تھا کہ وہ میرے اور رضوان کے خیالات پڑھ رہی ہوگی، کیونکہ خیالات کی کوئی زبان نہیں ہوتی۔

"کہیے۔" رضوان بڑی بے تکلفی سے بولا۔ "چڑیا کے گرد آپ نے اتنا حلقہ کیوں بنا رکھا ہے؟"

"مجھے اس کی ضرورت نہیں پڑتی۔ چڑیاں خود ہی مجھ پیار کرنے لگتی ہیں۔" میں نے کنکھیوں سے سارہ کی طرف دیکھا جس کے چہرے پر ہلکی سی سرخی پھیل گئی تھی۔

"میں عنقریب کوئی ایسا قدم اٹھانے والا ہوں کہ یہ چڑیا آپ کی طرف سے بھڑک جائے۔" رضوان نے کہا۔

"شرط لگا لو، تم کامیاب نہیں ہو سکو گے۔"

"یہ بات ہے؟" رضوان نے چیلنج قبول کرنے والے انداز میں کہا۔

"ہاں۔"

"تو پھر ہو گئی شرط۔"

"شرط کی تفصیل بھی تو طے کرو۔"

"وہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں۔ جو آپ کہیں گی، وہ مجھے منظور ہوگا۔ جب آپ فیصلہ ہو جائے گا تو بتا دوں گی۔"

"ٹھیک ہے۔"

"لیکن وقت تو طے کر لو!"

"وقت، کیا مطلب؟"

"شرط کی ہار جیت کا فیصلہ کب تک ہوگا؟"

رضوان نے کچھ سوچ کر کہا۔ "بس اڑتالیس گھنٹے سمجھ لیجیے۔"

"اگر چاہو تو چند وقت اور بڑھا لو۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"نہیں، بس اڑتالیس گھنٹے میں کامیابی حاصل کر لوں گا۔"

میں ہنس کر چپ ہو گئی اور پھر سارہ کی طرف بہت غور سے دیکھا۔ میں اندازہ لگانا چاہتی تھی کہ اس پر ان باتوں کا کیا اثر ہوا لیکن اس کا چہرہ بالکل سپاٹ نظر آ رہا تھا۔

پھر شام تک کوئی واقعہ ایسا نہیں ہوا جو قابل ذکر ہو۔ انہ سے پہلے پڑاؤ ڈال دیا گیا اور مزدوروں نے چار لاماؤں کے رہنے آج کھری خاصی بڑھی ہوئی تھی۔

جب کھانے کی تیاریاں کی جا رہی تھیں تو میں فیصلہ کر چکی

مجھے کیا کرنا ہے۔ اب راست اقدام کا وقت آگیا تھا۔

چار میں سے تین الاؤ ایسے تھے جن کے قریب مزدوروں نے ڈیرا ڈال رکھا تھا۔ چوتھے الاؤ کے قریب ہم سات افراد جمع تھے۔ کھانا خود ان لاماؤں نے نکالا اور ہمارے سامنے رکھا۔ میں یہ نہ دیکھ سکی کہ انہوں نے کھانے میں کچھ ملایا تھا یا نہیں لیکن جب میں نے سارہ پر نظر ڈالی تو اس نے اپنے سر کو بہت خفیف سی جنبش دی۔ گویا لاماؤں نے وہ کام بڑی صفائی سے کیا تھا اور انہیں ایسا کرنا بھی چاہیے تھا۔

کھانا شروع کرنے سے پہلے میں اچانک بولی۔ "محترم لامہ!... ہمارے دیس کی ایک روایت ہے کہ اگر ہم کسی سے اپنی دوستی کو استوار رکھنا چاہیں تو کھانے کے وقت پلیٹیں بدل لیتے ہیں۔ امید ہے کہ آپ ہماری اس حرکت کو ناپسندیدہ نظروں سے نہیں دیکھیں گے۔"

لاماؤں کا جواب ملنے سے پہلے ہی میں نے پلیٹوں کی تبدیلی کا عمل شروع کر دیا تھا اور لاماؤں کے چہروں کی رنگت بدل گئی تھی۔ رضیہ اور رضوان نے معنی خیز انداز میں ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور رضوان اتنا مستعد نظر آنے لگا جیسے پلک جھپکتے میں ان لاماؤں پر ٹوٹ پڑے گا۔

پلیٹیں تبدیل کر کے میں نے بڑے اطمینان سے ایک نقمہ لیا اور پھر لاماؤں کی طرف دیکھ کر بولی۔ "آپ لوگ بھی کھائیں نا!"

"نہیں۔" ایک لامہ نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "ہم یہ نہیں کھا سکتے۔"

"کیوں؟" میں نے تعجب ظاہر کیا۔

"ہمارے یہاں اسے بدشگونی سمجھا جاتا ہے۔"

"خوب!" میں نے طنزیہ لہجے میں کہا۔ "اور زہر دینا کوئی اچھا شگون ہے؟"

دونوں لامہ اچھل پڑے اور پھر ایسا معلوم ہوا جیسے وہ وہاں سے بھاگ نکلنا چاہتے ہوں۔

"نہیں۔" رضیہ غراتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔ "بھاگنے کی کوشش بے سود ہو گی۔ سامیری سے بچ کر کوئی نہیں بھاگ سکتا۔"

"اور۔" میں نے لقمہ دیا۔ "اس بات کا بھی خیال رکھنا کہ اگر تم لوگوں کی طرف سے کوئی غلط حرکت ہوئی تو تمہیں اس کا خمیازہ بھی بھگتنا پڑے گا۔ اگر تمہارے پاس کسی قسم کے ہتھیار ہوں تو وہ ہمارے حوالے کر دو۔"

"نہیں۔" سارہ بولی۔ "ان کے پاس کوئی ہتھیار نہیں ہے۔"

لاماؤں نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

"ہاں شیطانو!" سارہ نے کٹیلے لہجے میں کہا۔ "تمہارا راز میں نے ہی فاش کیا ہے۔ میں خوب جانتی ہوں کہ تم دونوں کیا ہو؟"

لاماؤں کے چہرے زرد نظر آنے لگے تھے اور ان کے ہونٹوں میں ایسی جنبش نظر آ رہی تھی جیسے وہ کچھ کہنا چاہتے ہوں مگر آواز نہ نکل رہی ہو۔

"یہ زہریلا کھانا پھینک دو۔" میں نے ان کے آگے رکھی ہوئی پلیٹوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حکم دیا۔ "اپنے لیے اور کھانا ڈھونڈ لو۔ کھانے کے بعد تم سے تفصیلی بات ہو گی۔"

مگر لامہ اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے۔ معلوم ہوتا تھا کہ بت بن گئے ہوں۔

"کیا تم نے حکم نہیں سنا؟" رضیہ بولی۔ "تعمیل کرو۔"

ہاتھ سے تعمیل کراؤں گی۔" رضیہ کے لہجے میں کوڑے کی تھی جس نے لاماؤں کو حرکت میں آنے پر مجبور کر دیا کانپتے ہاتھوں سے زہریلا کھانا پھینکا اور اپنے لیے۔"

مزدور ہم سے اتنی دور بیٹھے تھے کہ انہیں اس کی ہی نہیں ہو سکی اور میں چاہتی بھی یہی تھی کہ انہیں کسی گڑ ہونے پائے۔

رضوان نے رضیہ کو گھورتے ہوئے انگریزی میں کہا بھی نہیں کر سکتا تھا کہ یہ دونوں الو کے پٹھے اتنے گے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے، جیسے یہاں والوں کے کا نام ہو۔"

"ہاں۔" رضیہ نے ہنس کر جواب دیا۔ "مگر ان طاری ہے، وہ صرف میرا ہی نہیں بلکہ پاکی کا بھی ہے۔"

"حیرت ہے۔" رضوان سر جھٹک کر بولا۔ "ا زہر دینے کی بھی ہمت کیسے کر لی؟"

رضیہ نے جواب میں کیا کہا تھا؟ میں نہیں سن اپنے ساتھیوں کر ان لاماؤں کی جھونپڑی کی طرف چل

"میں وہ ٹرانسمیٹر تلاش کرنا چاہتی ہوں۔"

"ان کے پاس ایک چرمی تھیلا ہے جس میں

ہیں۔"

اس نشاندہی کے بعد ٹرانسمیٹر کی تلا گے۔ وہ چرمی تھیلا ہمیں فوراً ہی نظر آ گیا تھا۔ اس کا جائزہ لیا۔ میں اس کی ساخت سے اندازہ ملک کا بنا ہوا ہے۔ میں اسے دیکھ رہی تھی کہ سارہ ساتھ آپ کیا سلوک کریں گی؟"

"ابھی تک میں نے اس کے بارے میں سے معلومات ہی حاصل کرنے کی کوشش کروں گی

"میں نے جہاں تک ان کے باطن کو پڑھا ہے کہ یہ دونوں کچھ زیادہ نہیں جانتے۔ محض کسی طاقت کے احکام کی تعمیل کرنے پر مجبور کر دی معلوم ہو کچھ کر رہے ہیں، اس کے بارے

"پروا نہیں۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔ نہیں ہو تو میں تو نہ ہوں۔ یہ بھی کافی ہے کہ ان کو گیا۔ ممکن ہے کہ اس کی وجہ سے کوئی کام

سارہ نے سر ہلا دیا لیکن وہ ان حالات سے بہت الجھی ہوئی ہی تھی۔ ان چیزوں کا عادی ہونے میں ابھی کچھ وقت لگتا۔ میں نے ٹرانسمیٹر کو واپس تھیلے میں رکھا اور تھیلے کو ہاتھ میں لٹکائے جھونپڑی سے نکل آئی۔ سارہ میرے ساتھ تھی۔

حالات میں لاماؤں سے جو کچھ زہر ہلا کیا جا سکتا تھا وہ کر میں ان کے قریب جا کر بولی۔ "تو تمہیں چن ڈی سے ہدایات ہیں؟"

ان الفاظ نے چونک پڑے۔ ان کے سان و گمان میں بھی نہ تھا کہ میں اس سے واقف ہو سکتی ہوں۔ انہوں نے ایک دوسرے دیکھا اور فوراً ہی نگاہیں نیچی کر لیں۔ ان کے منہ سے کوئی آواز نہ نکلی۔

"ہوں!" رضیہ غراتی۔ "کیا تم اپنے ہاتھوں سے پٹنا چاہتے ہو؟"

ایک لامہ نے مردہ سی آواز میں کہا۔ "ہمیں چن ڈی ہی ہدایات دیتے ہیں۔"

"کب سے تم کس وقت رابطہ قائم کرتے ہو؟"

"رابطہ قائم نہیں کرتے، وہ خود ہی ہمیں مخاطب کرتا ہے۔"

"وہ بھی مخاطب کر لیتا ہے یا کوئی خاص وقت مقرر ہے؟"

"رات کے ایک دو گھنٹے بعد کا وقت طے ہے لیکن ایک وہ متوقع طور پر بھی رابطہ قائم کیا ہے۔"

"ہاں، کھڑی پر نظر ڈالی اور کہا۔ گویا کچھ ہی دیر میں ٹرانسمیٹر ال ہے؟"

"کہ لیے بہت بے چین ہو گا کہ تم لوگوں نے ہمیں "میں نے سر ہلا کر کہا۔" چنانچہ جب اس کی کال گے کہ تمہیں کامیابی حاصل ہو چکی ہے اور اس چھاؤنی میں موجود ہیں سمجھ گئے؟"

ان نے اثبات میں سر ہلا دیے۔

"سوال کیا۔" چن ڈی ہم لوگوں کی لاشیں لینے

لامہ کی آواز بھرائی ہوئی تھی۔

کر کہا اور

اس کے شایانِ شان کیا جائے گا۔"

میں کہا۔ "آپ نے بہت اچھی تجویز

کچھ خاص معلومات حاصل ہو

ہاں۔" میں نے کہا۔

"چھپنے کا امکان تو خاصا قوی ہے۔"

ہم بیٹھے ہوئے چن ڈی کے بارے میں باتیں کر رہے تھے کہ چرمی تھیلے سے "ہیں آپ... ہیں آپ" کی مدھم آوازیں سنائی دیں۔ ان آوازوں کو سنتے ہی لاماؤں کے چہروں کا رنگ کئی بار بدلا۔ میں نے چرمی تھیلا ان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔ "بات کرو۔ تمہیں جو کچھ کہنا ہے جو میں تم کو بتا چکی ہوں۔ اگر اس کے خلاف ہوا تو تمہارے جسم کے ٹکڑے چار حصوں میں منقسم ہونے کے بعد بھی اس برف میں دفن ہوں گے۔"

لاماؤں نے زبان سے تو کچھ نہیں کہا مگر ان کے چہروں سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ سرتابی کی جرأت نہیں کریں گے۔

ایک لامہ نے ٹرانسمیٹر کا سوئچ آن کیا اور اس سے ایک آواز آنے لگی۔ "جواب دو! میں چن ڈی بول رہا ہوں... جواب دو!"

"ہم کامیاب ہو چکے ہیں۔" لامہ نے ٹرانسمیٹر میں کہا۔

"واقعی؟" چن ڈی خوش ہو کر بولا۔

"ہاں۔" لامہ نے جواب دیا۔ "ان چاروں کی لاشیں ایک چھولداری میں پڑی ہوئی ہیں۔"

"میں انہیں دیکھنے کے لیے آ رہا ہوں۔" چن ڈی نے پُرجوش ہو کر کہا۔

"تمہاری آواز میں اتنی مردنی کیوں ہے؟" چن ڈی نے اچانک

"طبیعت تھی کہ نروس ہونے کی وجہ سے لامہ کی آواز میں زور نہیں تھا۔

"نہیں۔ میری طبیعت... کچھ خراب ہے۔" لامہ ہکلا گیا۔

میں نے تھیلا ہونٹ دانتوں میں دبا لیا۔ اب یہ خدشہ پیدا ہو چلا تھا کہ چن ڈی بھڑک نہ جائے۔ میرے ساتھی بھی دم سادھے بیٹھے تھے اور ان کی نگاہیں اسی لامہ پر جمی ہوئی تھیں جو ٹرانسمیٹر پر گفتگو کر رہا تھا

"طبیعت کیسے خراب ہو گئی؟" چن ڈی نے پوچھا۔

"[illegible]"

جواب دیا۔

[illegible] جیسے چن ڈی کچھ سوچنے لگا ہو... [illegible] کیا وہ جادوں واقعی [illegible]؟"

"ہاں... ہاں..." لامہ نے جیسے سٹپٹا کر کہا۔

دوسری طرف سے پھر قدرے خاموشی کے بعد کہا گیا۔ "اچھا تو ایسا ہے کہ فی الحال میں وہاں نہ پہنچ سکوں گا۔ مجھے ایک ضروری کام یاد آ گیا ہے۔"

چن ڈی کا یہ جواب سن کر میں جھنجھلا سی گئی۔ کمبخت بھڑک گیا تھا۔ اب مجھے جاں کنی کی دوری کھینچنے کی حسرت ہی رہ جاتی۔

ٹرانسمیٹر پر اس کی آواز سنائی دیتی رہی۔ "آج رات تو تم لوگ آرام کرو۔ کل صبح تم ایک میل پیچھے آ جانا۔ گھاٹی کے شمال میں جو میدان

حصہ ہے میں وہاں تم دونوں کا انتظار کروں گا۔ تم اپنے ساتھ کسی کو مت لانا۔ میرا مطلب ہے مزدوروں وغیرہ کو لانے کی ضرورت نہیں۔"

"اچھا۔" لامہ نے کہا۔

"بس۔" دوسری طرف سے چن ژی نے کہا اور رابطہ منقطع ہونے کی "کلک" سنائی دی۔

"بلا کا عیار معلوم ہوتا ہے۔" ریضہ نے دانت پیس کر تبصرہ کیا۔ "ذرا سی بات سے چوکنا ہو گیا۔"

لامہ ٹرانسمیٹر کا سوئچ آف کرنے کے بعد گھبرائی ہوئی نظروں سے میری طرف دیکھنے لگا۔ شاید آسے گمان ہوا کہ اگر چن ژی کے بھڑک جانے کی ذمے داری میں اس پر ڈال دوں گی لیکن میں اسے ذمے دار نہیں سمجھ رہی تھی۔ اگر نروس ہونے کی وجہ سے اس کی آواز پر مُردنی چھا گئی تھی تو یہ ایک فطری امر تھا۔

"فی الحال تم دونوں ہماری قید میں رہو گے۔" میں نے لاماؤں سے کہا۔ "تمہارے مستقبل کا فیصلہ لامہ کے پرتاپل میں ہو گا۔"

لامہ اس پوزیشن میں نہیں تھے کہ میرے کسی بھی فیصلے پر احتجاج کر سکتے۔ انھوں نے مرتجہ کا دیے اور میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا۔ "انھیں باندھ کر ایک چھولداری میں ڈال دیا جائے تو بہتر ہے۔ آج رات ہمیں گزشتہ راتوں سے زیادہ چوکنا رہنے کی ضرورت ہے، بلکہ ہمیں آئندہ راتیں بھی پہلے سے زیادہ ہوشیار رہ کر گزارنا ہوں گی۔ سانپ کی دُم کچل جانے کے بعد بہت تیزی سے پلٹ کر ڈسنے کی کوشش کرتا ہے اور چن ژی کی مثال اس وقت اُس سانپ ہی کی سی ہے۔"

"انھیں چھولداری کے اندر لے جا کر باندھا جانا چاہیے۔" رضیہ بولی۔ "ان مزدوروں کے سامنے ایسا کرنا مناسب نہیں ہو گا۔"

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔ ان دونوں کو چھولداری میں لے جاؤ۔" میں نے کہا اور پھر سارہ سے بولی۔ "آؤ ذرا ان کی چھولداری کی تلاشی لے ڈالیں۔ اُس وقت تو صرف ٹرانسمیٹر ہی ڈھونڈا تھا۔ ممکن ہے وہاں کوئی کام کی چیز مل جائے۔"

[illegible] کے ساتھ لاماؤں کی چھولداری میں گئی۔ بڑی توجہ سے ان کے سامان کی تلاشی لی مگر کوئی خاص چیز ہاتھ نہیں لگ سکی اور مجھے مایوس ہو جانا پڑا۔

"ایک بات آ رہی ہے میرے ذہن میں۔" سارہ بولی۔

"کیا؟" میں نے سوالیہ نگاہوں سے اس کی جانب دیکھا۔

"کل ان دونوں لاماؤں کو پیچھے بھیجا جائے اور ہم چھپ کر ان کے پیچھے لگے رہیں۔"

"بیکار ہے۔" میں نے کہا۔ "کیا تمہیں یاد نہیں، چن ژی نے ان کو ایک میدانی قطعۂ زمین کی طرف بلا لیا ہے۔ اس کا مقصد یہی ہے کہ کوئی چھپ کر وہاں نہ پہنچ سکے۔ ویسے بھی اب وہ چوکنا ہو گیا ہے لہٰذا اس پر ہاتھ ڈالنا مشکل ہو گا۔"

"ہوں۔" سارہ پُرخیال انداز میں سر ہلا کر رہ گئی۔

پھر ہم دونوں اس چھولداری سے نکلے۔ رضیہ نے دونوں لاماؤں کو باندھ کر ایک چھولداری میں بند کر دیا۔

موموسارہ سے بولی۔ "تمہیں رات کے اتنے سوتے ہوئے ڈر تو لگتا ہو گا، خیر اب فکر نہ کرو۔ آج سے چھولداری میں سویا کریں گے۔"

میں نے چونک کر موموکی طرف دیکھا جس کی آواز کانپ رہی تھی۔ وہ مسکرا کر بولی۔ "سارہ باتھیں کوئی اور نہیں دیکھا جو میری مُوت کی خواہش رکھتے ہوں۔"

"مجھے اس میں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔" سارہ نے کہا۔

مجھے موموکی اس حرکت پر جھنجھلاہٹ تو ضرور ہوئی لیکن اس کی موجودگی کے باعث کچھ کہہ نہیں سکی۔

اُس رات بھی ہم نے حسبِ معمول باری باری تو ناشتہ کرنے کے بعد مزدوروں کو چھولداریاں اکھاڑنے اور لاماؤں کے ہاتھ پیر کھول دیے گئے تھے تاکہ وہ ہمارا سامان لاد سکیں۔

"تم اپنا خنجر ان دونوں کے خنجروں کے ساتھ رکھ دو۔" رضوان کو تاکید کی۔ "یہ ذمے داری میں صرف تم پر نہیں ڈال سکتا۔"

"ان کے فرشتے بھی نہیں بھاگ سکتے۔"

"فرشتوں کو بھاگ دوڑ سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "لہٰذا تم صرف ان کا خیال رکھنا۔"

اس کے بعد ہمارا سفر شروع ہو گیا۔ مزید کچھ نہیں ہو سکتا تھا کہ دونوں لاماؤں کی حیثیت اب ٹرانسمیٹر کا تھیلا میں نے اپنے ساتھ رکھ لیا تھا۔ ٹرانسمیٹر پر اشارہ موصول ہوا۔ میں نے فوراً سمجھ گئی تھی کہ دوسری طرف سے بولنے والا چن ژی سے پوچھنا چاہتا ہو گا کہ وہ اس مقام کی طرف بلایا گیا تھا۔

ٹرانسمیٹر کا سوئچ آن ہوتے ہی چن ژی نے جواب میں کہا۔ "مجھے افسوس ہے کہ تم سے بات نہیں کر سکو گے۔"

دوسری طرف سے کوئی جواب نہیں ملا۔ میری آواز سے سکوتِ مرگ چھا گیا ہو۔

"ہیلو... چن ژی! چن ژی!" میں پکارا۔

لیکن دوسری طرف خاموشی ہی رہی۔ کسی کی آواز نہیں سنی تھی اس لیے مجھے یقین سا ہو گیا۔ وہ بس خاموش ہو گیا تھا لیکن ہے کہ بولنا مناسب نہیں سمجھ رہا ہو گا۔

"ہیلو!" میں ایک طویل سانس لے کر بولی۔ "اگر تم نہیں بولنا چاہتے تو نہ سہی لیکن میں تمہیں بتانا چاہتی ہوں کہ تمہارے دو ساتھی آدمی ہیں۔ تم بہت چالاک ہو۔ تمہیں ٹھیک ہی شبہ ہوا تھا۔ کل آدمی ہمیں زہر دینے میں ناکام رہے تھے اور ہم نے انھیں پھانسنا چاہتی تھی لیکن تم بچ گئے۔ خیر پھر بھی ہے کہ جب تک میں تبت میں موجود ہوں تم میرے رہو گے اور کبھی نہ کبھی مجھے اس کا موقع مل ہی جائے گا۔ برف میں دفن کر دوں۔ میں نے ایسے لوگوں کو زیادہ نہیں دیکھا جو میری مُوت کی خواہش رکھتے ہوں۔"

دوسری طرف سے چن ژی نے اب بھی کچھ نہیں کہا تو میں نے اُن کیا اور اسے تھیلے میں رکھنے لگی۔

ساتھی مجھے ٹرانسمیٹر پر باتیں کرتے دیکھ کر میرے قریب رضوان نے بڑی ذمے داری سے اپنے خنجر کو اُس کے پیچھے لگائے رکھا۔

میں نے ساتھیوں کو بتانے لگی کہ چن ژی اب پوری صورتحال سے واقف ہے اس لیے کسی وقت بھی اب کوئی بہت خطرناک قدم اٹھا سکتا ہے۔

ہم نے کھانے کے لیے پڑاؤ کیا تو میں نے رضوان سے کہا۔ "تمہارے جو چھ گھنٹے گزر چکے ہیں۔"

"جیسے!" رضوان چہکا۔ "یہ جیت میری ہی ہو گی!"

"ہوں!" موموپوچھ بیٹھی۔

"اور رضوان کی ایک بُری بات ہے جس میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"وہ کیا بُری بات ہے؟" رضیہ بھی پوچھ بیٹھی۔

"کچھ خاص نہیں۔" میں نے جواب دیتے ہوئے سارہ کو کھانا کھانے میں مصروف تھی۔

بعد ہم دوبارہ ہوئے تو میں نے ذرا دیر بعد ہی سارہ کا خنجر رضوان کے خنجر کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ ہمارا خوش و خروش سے کوئی گفتگو چھیڑ رکھی تھی۔ میں

ہم لوگوں نے پھر پڑاؤ ڈال دیا۔ ہم آج کسی ایسی جگہ تھے جہاں سے مزدور تبدیل کیے جا سکتے اس ساتھ لے جو تھے۔ ان کی واپسی دوسرے دن دوپہر اُن کی جگہ دوسرے مزدوروں نے لے لی۔

ہم دوپہر کے مختصر سے قیام کے بعد روانہ ہوئے ان سے کہا۔ "اڑتالیس گھنٹے گزر چکے ہیں۔"

"جیت چکا ہوں۔" رضوان چہکا۔

"کل!"

"میں اُسے آپ کی طرف سے ورغلا چکا ہوں۔"

"لیکن وہ اب بھی مجھ سے اسی طرح باتیں کرتی ہے جیسے..."

"باتیں کرنے سے کیا ہوتا ہے۔" رضوان میری بات کاٹ کر بولا۔ "جب آپ کچھ عرصہ دوسے تجاوز کریں گی تو اس کی سوسری سے ہی آپ کو پتہ چل سکے گا کہ آپ شرط ہار رہی ہیں۔"

"یعنی کیوں فیصلہ ہو گا؟"

"ظاہر ہے، اور کیسے ہو سکتا ہے؟"

"تم بہت چالبازی سے کام لے گئے۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "خیر یونہی سہی، لیکن اس میں کچھ وقت لگ جائے گا۔ فی الحال تو موموسیرے ساتھ ایکتوں کر گئی ہے۔"

"مجھے اس کی حرکت پر بڑا پیار آ رہا ہے۔" رضوان نے شوخی سے کہا۔

"لیکن جب ہم اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے تو موموکچھ نہیں کر سکے گی۔"

"بس اسی وقت آپ آزما لیجیے گا کہ شرط میں نے جیتی ہے یا آپ نے!"

"تم نے بڑی چالاکی سے ایک لمبا وقت حاصل کر لیا ہے۔ خیر دیکھا جائے گا۔" میں مسکرا کر چپ ہو گئی کیونکہ رضیہ اپنے خنجر کو ہمارے قریب لے آئی تھی۔

ہمارا سفر جاری رہا۔ میں نے اب تک اپنے ساتھیوں کو سارہ کی مافوق الفطرت طاقت کے بارے میں کچھ نہیں بتایا تھا۔ وہ بھی بار بار مجھے ٹوکتے تھے کہ میں سارہ کے بارے میں کوئی عجیب و غریب کہانی سنانے والی تھی لیکن میں نے اس نئے بھوتے مسئلے کو ٹالے ہی رکھا۔ میں نے سوچا تھا کہ اب وہ راز کسی مناسب موقع ہی پر کھولوں گی۔

چن ژی کی طرف سے ہمیں اب تک کوئی خطرہ پیش نہیں آیا تھا حالانکہ ہم ہر وقت اس کے متوقع رہتے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے چن ژی نے صبر کر لیا ہو اور اب وہ ہمیں لاسہ پہنچنے سے نہ روکنا چاہتا ہو۔

دن پر دن گزرتے رہے اور آخر ہماری منزل قریب آ گئی۔ اب ہمارے اکتا دینے اور تھکا دینے والے سفر کا خاتمہ ہونے کو تھا۔ ہم لاسہ کی حدود میں داخل ہو چکے تھے اور دُور سے پوتالا محل کی دیواریں نظر آنے لگی تھیں۔

پوتالا محل کو ایک قسم کا قلعہ ہی سمجھنا چاہیے۔ ان اونچی اونچی دیواروں کے اندر محل اور مندر، باغ اور قید خانے، سبھی کچھ ہیں۔ اُن میں سب سے شاندار عمارت دلائی لامہ کے محل کی ہے۔ اسے بعض لوگ سُرخ محل کہتے ہیں اور بعض پوتالا محل۔ اس کا کلس سنہری ہے۔ اب یہاں دلائی لامہ نہیں رہتا لیکن میں اُس زمانے میں اس محل کی مہمان رہ چکی ہوں جب یہاں دلائی لامہ ہی رہا کرتا تھا۔ تبت کا حکمراں اور یہاں کے لوگوں کا سب سے بڑا مذہبی پیشوا جو تبت پر چینی تسلط کے بعد فرار ہو کر ہندوستان چلا گیا تھا اور اب کوئی یہ بھی نہیں جانتا کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا!

میں نے اس محل میں تین سال گزارے تھے اور اسی زمانے میں وہاں کے عجائبات بھی دیکھے تھے۔ محل کے نیچے کی چٹانیں کاٹ کر تہ خانے بنائے گئے تھے جہاں مقدس بدھ کے نوادر محفوظ ہیں۔ وہیں دلائی لامہ تومو تم بدھ سے ہم کلام ہوا کرتا تھا۔ واللہ اعلم بالصواب!

اب میں تیرہ سال بعد دوبارہ اس محل میں داخل ہونے والی تھی جہاں دلائی لامہ کی جگہ پنچن لامہ رہتا ہے جو چینی حکومت کا وفادار ہے کہنے کو تو اب وہی تبت کا حکمراں ہے لیکن اصل فیصلے چین کی کمیونسٹ پارٹی کرتی ہے اور جب سے چین نے یہاں کی باگ ڈور سنبھالی ہے، یہاں کے لوگ بہت آسودہ اور آرام دہ زندگی گزارنے لگے ہیں۔

جب ہمارا قافلہ پوتالا منزل کے قریب پہنچا تو بہت سے لوگ تیزی سے ہماری طرف آئے۔ وہ ہمارا استقبال کرنے کے لئے تھے اور میں غور سے یہ دیکھنے لگی تھی کہ ان میں میرا کوئی شناسا چہرہ بھی ہے یا نہیں؟

مجھے اُن میں ایک بھی شناسا چہرہ نظر نہیں آیا۔ میں اپنے چہرے کو اجنبی نگاہوں کا ہدف پا رہی تھی۔ اُن آنکھوں میں ایسے سوال چمک رہے تھے جن کا تعلق میری ذات سے معلوم ہوتا تھا۔ وہ مجھے [illegible] تھے جیسے میں کسی دوسری دنیا کی مخلوق ہوں۔ وہ میری صورت آشنا نہیں تھے لیکن شاید انھیں میرے بارے میں کچھ زیادہ ہی بڑھا چڑھا کر بتایا گیا تھا اور وہ اس وقت گویا ایک ایسی عورت کو دیکھ رہے تھے جس کی تخلیق کے لیے ماورائی عنصر کا خمیر تیار کیا گیا تھا۔

انھوں نے پُرجوش انداز میں ہمارا استقبال کیا اور جس طرح وہ رضیہ سے پیش آئے اُس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ رضیہ اُن کے لیے اجنبی نہیں تھی۔ وہ ہم سب کو اپنے حصار میں لے کر پوتالا منزل میں داخل ہوئے۔ رضیہ نے انھیں ان دونوں لاماؤں کے بارے میں بتا دیا جو ہماری قید میں تھے چنانچہ لاماؤں کو انھی لوگوں نے اپنی تحویل میں لے لیا۔

پوتالا منزل کی چار دیواری میں داخل ہونے کے بعد رضوان آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر وہاں کے ماحول کو دیکھ رہا تھا۔ سارہ کے لیے بھی وہ سب بیرونی اجنبی تھیں، اس لیے اُس کی آنکھیں بھی دلچسپی کے تاثر سے عاری تھیں، اس کے چہرے سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ وہاں کے منڈوں اور باغات کو دیکھ کر ایک خوشگوار تاثر سے ہمکنار ہونے کے بجائے کچھ نہ کچھ تقلیبی تجسس محسوس کرنے لگی ہے۔

میں نے وہاں کے ماحول میں بہت خفیف سی تبدیلی محسوس کی۔ سب کچھ تقریباً ویسا ہی تھا جیسا میں چھوڑ کر گئی تھی۔

"موموا تم تو کبھی یہاں نہیں آئی ہو گی؟" میں بولی۔

"میں آچکی ہوں بالو! صرف ایک مرتبہ اتفاق ہوا تھا لیکن آج پوتالا محل میں پہلی بار جاؤں گی۔"

پوتالا محل کے دروازے پر جو لوگ ہمارا استقبال کرنے کے لیے موجود تھے اُن میں مجھے اپنے پہلے جانے پہچانے چہرے دکھائی دیے۔ انھی میں پنچن لامہ بھی تھا۔ کسی کے استقبال کے لیے محل کے [illegible] آنا ایک اعزاز تھا جو چینی حکومت کے نمائندوں کے ہمراہ آتا ہوتا تھا۔ اس نے تبت کے روایتی انداز میں لمبے لمبے غوں "بالو! تم بالکل تھیں اور تمھارے ساتھیوں کو آرام کی کوششوں کے بعد کا وقت تفصیل گفتگو کے گا۔ کیا خیال ہے؟"

"آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔" میں نے مسکرا کر کہا اس کے بعد محل کے چند خاص آدمیوں نے ہم جو ہمارے لیے مخصوص کیے جا چکے تھے اور جہاں آرام و آسا [illegible] تھی۔ ہمیں وہاں پہنچا کر محل کے آدمی واپس چلے گئے۔ کچھ خدمت گار جو [illegible] تھے کسی بھی ضرورت کے آتشدان میں دہکتی ہوئی آگ کمرے کو گرم کر پہنچتے ہی ہم نے اپنے وزنی کپڑوں سے نجات حاصل لباس میں ایک دوسرے کے سامنے بیٹھ گئے۔

"اب تو بتاؤ بچے!" رضوان نے ٹھنڈی سانس "کیا؟"

"یہی کہ ہم اس وقت تبت میں کیوں جھک [illegible]"

"جھک مارنے سے مجھے کوئی دلچسپی نہیں، "میں تو یہاں ایک اہم مشن پر آئی ہوں۔"

"آپ اس مشن کی تفصیل بتائیں تو میں اُس "میرا خیال ہے کہ تم اسے آپریشن دلائی لامہ "کیوں؟" رضوان بلک جھپکائے بغیر میری "اسی وقت موموکھڑی ہو گئی اور بولی "آ تو کچھ دیر آرام کر لوں گی۔"

رضیہ بولی "یہ خیال اتنا مناسب ہے کہ میں ہم کروں گی۔"

...ٹھٹک کر رک گیا۔ رضوان نے ...ہاتھ نکالی۔ میں اس وقت چونکی جب ...ہوا۔ اور زرد رو لڑکی تھی۔ چہرے کے نقوش سے وہ چینی دکھائی دیتی تھی۔ میں یقین سے کہہ سکتی تھی کہ وہ چیئرمین ماؤ کے چین کی ایک فرد تھی۔ میں نے اس لڑکی کے گلے میں سُرخ جلد والی ایک کتاب لٹکتی ہوئی دیکھی تھی۔ چیئرمین ماؤ کی سُرخ کتاب کے علاوہ، لڑکی کے دائیں شانے سے ایک پٹی میں بندھی ہوئی رائفل لٹک رہی تھی جس کا رُخ اس نے تیزی سے ہماری طرف کر لیا تھا۔ اس کی انگلی رائفل کی لبلبی پر تھی اور وہ کسی بھی لمحے ہم پر فائر کر سکتی تھی۔

"دوست!" میں نے لڑکی کی طرف دیکھتے ہوئے چینی زبان میں کہا، پھر اس کی طرف بڑھنے کے لیے قدم اٹھایا۔ جسمانی تشنج کے سبب میں قدم اٹھاتے ہی لڑکھڑا گئی۔ میں نے کوشش کر کے سنبھلنا چاہا مگر ناکام رہی۔ رضوان قریب ہی زمین پر پڑا تھا۔ میں اس پر ڈھیر ہو گئی۔

مجھے خود پر ڈھیر ہوتے دیکھ کر رضوان کے جسم نے کوئی حرکت نہیں کی۔ شاید وہ حرکت کرنے کے قابل ہی نہیں رہا تھا۔ خود مجھے یوں لگ رہا تھا جیسے میرے جسم میں جان ہی نہ ہو۔

معاً لڑکی جھکی اور اس نے رضوان کے ہاتھ سے نارنج لے لی۔ رضوان کوئی مزاحمت نہ کر سکا۔ دوسرے ہی لمحے نارنج کی روشنی میرے چہرے پر پڑی اور اسی کے ساتھ لڑکی کے منہ سے حیرت زدہ سی آواز نکلی۔ یقیناً اس نے میرے چہرے پر ابھرے ہوئے دانوں کو دیکھ لیا ہوگا۔

"مدد!" میں نے بمشکل کہا۔ مجھے اپنے پپوٹے بھاری محسوس ہو رہے تھے۔ میرا جسم نڈھال ہو رہا تھا اور آنکھیں خود بخود بند ہوتی جا رہی تھیں۔ میں نے آنکھیں کھل رکھنے کے لیے آخری لمحے تک جدوجہد کی مگر کامیاب نہ ہو سکی۔ میری آنکھیں بند ہو گئیں۔ درد کی ہر ایک غبار سا چھٹتا چلا گیا اور پھر میں جیسے کسی اور ہی دنیا میں پہنچ گئی۔

وہ دنیا میرے لیے نئی نہیں تھی، خوشگوار سکوں بخش اور مہکتی ہوئی دنیا میں جیسے نرم نرم روئی کے گالوں پر دراز تھی اور کوئی میرے سرہانے کھڑا ہوا آہستہ آہستہ میرا سر دبا رہا تھا۔ میں آنکھیں بند کیے گنگنا رہی تھی۔ میرے اردگرد رنگوں کی برسات تھی۔ پھر یوں ہوا کہ کسی نرم و نازک ہاتھ نے، صاف شفاف کٹاؤ دار شیشے کے جام میں، انگوروں کی مہک سے بھرپور شمپین کی طرح کھرا کھرا شراب کا جام میرے ہونٹوں سے لگا دیا۔ مجھے وہ جام پینے کی درخواست ہوئی اور میں نے ہونٹ کھول دیے۔ گرم گرم سیال آگ سی میرے وجود میں اترتی چلی گئی، اور پھر میں نے اپنے انگ انگ میں بجلیاں سی دوڑتی محسوس کیں۔ کیف و بے خودی کی حدوں میں داخل ہوتے ہی میں نے ساقی کو اپنی آغوش میں سمیٹ لیا۔ مجھے وہ

کھنکتی ہوئی ہنسی مانوس محسوس ہوئی۔ میں نے اُسے غور سے دیکھا اور پہچان لیا۔ وہ شب بانو تھی، لذت ہی لذت، خواب ہی خواب، رنگ ہی رنگ شبانہ! وہ گریز پا شبانہ، وہ ادائے ناز شبانہ کہ جس کے تصور ہی سے انفاس میں خوشبوئیں جاگ اُٹھیں، آنکھوں میں رنگ لہرانے لگیں۔ ہاں وہی شبانہ جس کی آرزو کی جائے اور اس آرزو میں ساری عمر بیتا دی جائے۔ ہاں وہی شبانہ زینہ زینہ میرے وجود میں اُترتی چلی جا رہی تھی۔ نہ جانے ہم کب تک ایک دُوسرے میں گُم رہے اور پھر نہ جانے کب ایک دُوسرے سے لپٹ کر سو گئے۔

کسی بچے کے رونے کی آواز سے میری آنکھ کھُلی اور میں نے حیرت سے اِرد گرد کا جائزہ لیا کہ میں کہاں ہوں؟ نہ اب وہ رنگ تھے نہ خوشبو، نہ شبانہ۔ خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا۔ میں نے خود کو ایک قالین پر پڑے پایا۔

سامنے ہی چھوٹے سے آتشدان میں آگ جل رہی تھی۔ آتشدان کے پاس ہی میری طرف رُخ کیے وہ پستہ قد چینی لڑکی بیٹھی تھی۔ اُس کا بچہ گود میں لیٹا ہوا دُودھ پی رہا تھا اور وہ سُرخ کتاب کو بڑے غور سے پڑھ رہی تھی۔ اُس کی واحد اِس وقت بھی اُس کے شانے سے ٹِکی رہی تھی۔ عام سی شکل وصورت کی وہ چینی لڑکی اپنے بچے کو سینے سے چمٹائے مجھے بہت بھلی لگی۔

"پانی!" میں نے مدھم سی آواز میں کہا۔ مجھے اپنا گلا خشک محسوس ہو رہا تھا۔

لڑکی میری آواز سُن کر چونک پڑی۔ اُس نے میری طرف دیکھا اور عجیب سے انداز میں مُسکرائی۔ اُس کی مُسکراہٹ معنی خیز تھی مگر اُس وقت میں اُسے کوئی معنی نہ دے سکی۔ وہ مجھ سے بغیر کچھ کہے اپنے سر بچے کو سینے سے لگائے ہوئے کمرے سے باہر چلی گئی تھی۔

میں اُٹھ کر بیٹھ گئی۔ بیٹھتے ہی میری نظر رضوان پر پڑی۔ وہ مجھ سے ذرا دُور اُسی قالین پر سو رہا تھا۔ رضوان کے چہرے پر اُبھرے ہوئے دانے اب موجود نہیں تھے البتہ اُن کے کچھ نشانات سے باقی تھے۔ میں نے رضوان کا چہرہ دیکھ کر خود اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرا۔ مجھے اپنے چہرے پر بھی دانوں کے آثار محسوس نہ ہوئے۔ ہاتھ اور جسم کے دُوسرے کھُلے ہوئے حصّوں کا جائزہ لینے سے پتا چلا کہ دانے تمام جسم پر نکلے ہوں گے۔

"فکر نہ کریں، یہ نشانات بھی جاتے رہیں گے۔" لڑکی کی آواز سُنائی دی اور میں چونک پڑی۔

میں اپنے جسم کا جائزہ لینے میں اتنی منہمک تھی کہ مجھے لڑکی کے کمرے میں داخل ہونے کی خبر ہی نہ ہو سکی تھی۔ اُس نے پانی سے بھرا ہوا پیالا میری طرف بڑھا دیا۔ میں نے پیالا لیتے ہوئے اُس کے بھولے اور معصوم سے چہرے کو دیکھا، پھر میری نگاہ نے

ایک ہی لمحے میں اُس کے سر اپا کا جائزہ لے لیا۔ ہوئی سُرخ کتاب اُس کے عقیدے کی چنگلی کا ا سینے سے چپٹا ہوا بچہ اُس کی بھرپور محبت کا ط سے ٹپکتی ہوئی خود کار رائفل میری سمجھ سے ا کو کس جذبے کی علامت سمجھا جاتا! موت کا، کی شخصیت سے میل نہیں کھاتا تھا۔ مجھے یا مجھے اور رضوان کو دیکھتے ہی کتنی پھرتی دُستہ سنبھالی تھی! وہ یقیناً ہتھیاروں کے استعمال اور تربیت یافتہ تھی میں نے ایک نتیجہ اخذ کیا ہتھیار کو شانے سے لٹکائے رکھنا اس ! کے کچھ دشمن ضرور ہیں جن سے نبرد آزما ہونے اپنے پاس رائفل رکھتی ہے۔

اُس لڑکی کے متعلق میرے ذہن میں تھا، رہے تھے مگر میں نے سب سے پہلے زہر کے ا "تم نے مجھے کس طرح بچایا؟" میں نے اُس میں نہیں تبتی زبان میں کیا تھا اور تبتی زبان مقصد تھا۔ میں جاننا چاہتی تھی کہ وہ تبتی ز نہیں! اور اگر واقف نہیں تو پھر اس کا میں نو وارد ہے۔

"بڑی خوش قسمت خاتون ہیں!" انہوں نے جواب دیا۔ جواب دینے کے لیے اُس کی تھی۔ چند لمحے توقف کے بعد وہ پھر بولی۔ وقت رہتا ہے جس کا شکار آپ اور آپ کا حاما "لیکن تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ مجھے ا میں نے پوچھا۔

"آپ دونوں کے چہروں پر اُس خصوص بہت کم لوگوں کے پاس ہے اور اُنہی کے ا میں نے آپ کے چہرے پر اُبھرے ہ آپ کو زہر دیا گیا ہے اور کون سا زہر دیا گیا

"اوہ!" میں نے اپنے چہرے پر ا

"اب آپ کے چہرے پر کوئی داغ بہت نشانات رہ گئے ہیں وہ بھی ختم ہو جا

"تو وہ تریاق مجھے تم نے پلایا تھا؟ لیتے ہوئے کہا۔

"جی ہاں! آپ اُس وقت ہوش ا تھیں۔" لڑکی نے جواب دیا۔

میں لڑکی کا جواب سُن کر سُناٹے

جی؟ اور اس خواب و حقیقت میں صرف اتنا فرق تھا
"اُس چینی لڑکی میں! میں نے سوچا کہ یادیں بھی کتنی ظالم
اُس کسی کے بدلے میں جوڑ دیتی ہیں۔ یہ سب کچھ یاد آنے
اس معنی خیز مسکراہٹ کا مطلب بھی سمجھ گئی۔ گویا وہ لڑکی
میں کھڑی ہوئی تھی، چاہے نادانستگی ہی میں سہی مگر
محبتوں میں شامل ہو گئی تھی جن کے حرم میرے لیے راز

پھر چونک کر اُسے پھر مخاطب کیا۔ "یہ بتاؤ کہ تمہارے
زہر کا تریاق کیوں رہتا ہے؟ کیا تم اپنے کسی دشمن کی
ہو کہ وہ کبھی دھوکے سے تمہیں یہ زہر کھلا دے گا؟"
مسکرائی۔ یہ تریاق اپنے لیے نہیں رکھا بلکہ اِسے اپنے
لایا ہے۔" یہ کہتے ہوئے لڑکی کی آواز میں ہلکی سی لرزش
کی آنکھوں میں نمی کا احساس ہوا۔

"بڑی عجیب اور ناقابلِ فہم بات کہی تھی۔ دشمن کے لیے
بھلا تریاق کیوں لیے پھرتی تھی؟ میں نے سوچا اور
"تمہارا" دوسرے لفظ کا ڈراپ دھار لیا۔ میں بولی۔
یہ نہیں! دوستوں کے لیے رکھا جاتا ہے کہیں تم دوست
تو استعمال نہیں کر گئیں؟"

"اوہ دوست ہرگز نہیں۔ وہ میرا دشمن ہے۔" لڑکی نے

خاموش ہو گئی۔ میں نے الجھے ہوئے سے لہجے میں اُس
تمہیں شاید اندازہ نہیں ہو رہا کہ تم کتنی عجیب بات
رہی ہے جو تم نے بتائی ہے تو میں وضاحت چاہوں
اپنی رکھنے کا مطلب کیا ہے؟"

انہوں نے ہونٹ بھینچ کر کچھ سوچا۔ پھر کچھ سانس لے
"اچھا تو لیں کہ میرا اور آپ کا دشمن ایک ہے۔ یہ
نے گرفتار کیا ہے۔ مجھے علم ہے کہ وہ تبت آیا ہوا
اُس کے سوا کسی کے پاس وہ زہر نہیں جس کا شکار

غصّہ سے بے اختیار نکلا۔ یہ کیا تم اُسی کا ذکر کر

لی!" لڑکی نے یہ کہتے ہوئے دانت پیسے، پھر
لی نے اُس کی تلاش میں دُور دُور کی خوفناک کھائی
لامہ نے اُسے ڈھونڈ لیا ہے۔ اگر آپ کی
تو وہ یا اب تک میں اُس کے پاس پہنچ چکی ہوتی۔
اندازہ نہ لگا سکیں کہ جتنے عرصے آپ کو
ہیں نے کیسے صبر کیا! کیسے اپنے دل کو سمجھایا

کہ بحیثیت انسان مجھ پر آپ دونوں کی زندگی بچانا فرض ہے! میں نے اپنا فرض انجام دیا کیونکہ آپ دونوں کو میری فوری توجہ کی ضرورت تھی۔"

لڑکی نے جذبات سے پُر لہجے میں اپنی بات ختم کی۔

"میں... میں تمہاری شکر گزار ہوں۔" میں نے متاثر لہجے میں کہا۔ "اگر تم ہمیں نہ ملی ہوتیں تو نہ جانے ہم پر کیا گزرتی، شاید ہم ختم ہو جاتے کبھی کبھی اتفاقات زندگی بچا لیتے ہیں۔ یہ اتفاق ہی تو ہے کہ تم سے ملاقات ہو گئی!"

"یہ محض آپ کا خیال ہے کہ میری اور آپ کی ملاقات اتفاق سے ہو گئی۔ ایسا نہیں ہے مانو صاحبہ!"

میں اُس لڑکی سے اپنا نام سُن کر حیران رہ گئی۔ وہ مجھ سے واقف تھی مگر کس طرح؟

لڑکی نے مجھے حیرت زدہ دیکھا تو اُس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آ گئی، پھر وہ میرے کچھ کہنے سے پہلے ہی بول اُٹھی۔ "آپ سے میری ملاقات اُسی دن طے ہو گئی تھی جس دن میں نے سُرخ بھون کے محکمۂ جاسوسی کا ایک خط پڑھا تھا۔ اُس خط میں چن ژی کو واضح احکامات دیے گئے تھے کہ وہ آپ کو قتل کر دے۔ میں نے آپ کے بارے میں معلومات حاصل کیں تو اندازہ ہوا کہ آپ بڑے دل گردے کی خاتون ہیں۔ میں نے اُسی دن ارادہ کر لیا تھا کہ آپ سے ضرور ملوں گی۔ مجھے یقین تھا کہ جہاں آپ ہوں گی وہیں چن ژی بھی ہو گا تاکہ وہ آپ پر حملہ آور ہو سکے۔ میں آپ کو چن ژی کے ارادوں سے آگاہ کرنا چاہتی تھی اور اسی کے ساتھ مجھے یہ اُمید بھی تھی کہ آپ کے توسط سے میں چن ژی تک بھی پہنچ جاؤں گی۔"

"اور میں تمہیں ہلی بھی تو کس حال میں!" میں اُس کے خاموش ہوتے ہی بولی۔

"ہاں! مجھے آپ سے ملنے میں تھوڑی دیر ہو گئی۔" اُس نے کہا۔ "میں کل صبح لاما سے پہنچی تھی۔ مجھے وہاں آپ کے بارے میں معلوم ہوا کہ آپ چکپوری گئی ہوئی ہیں۔ میں چکپوری کی درسگاہ پہنچی اور بڑے لامہ سے ملی۔ بڑے لامہ نے مجھے آپ کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔ یہ کہ کر چن ژی آپ کو زہر دے چکا ہے اور آپ اُس کی تلاش میں روانہ ہوئی ہیں۔ میں فوراً اُٹھ کھڑی ہوئی۔ میں طوفان ہی کے دوران میں وہاں سے روانہ ہو گئی۔ بڑے لامہ نے میرے ہمراہ ایک خادم بھی بھیج دیا تھا تاکہ میں بآسانی اس بستی تک پہنچ سکوں اور راہ نہ بھٹکوں مگر شاید آپ راستہ بھٹک گئی تھیں، اس لیے آپ سے پہلے یہاں پہنچ گئی۔"

"مگر تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ میں بستی تک نہیں پہنچ سکی اور یہ کہ جب تم تبت کے لیے اجنبی ہو تو تبتی زبان کیسے جانتی ہو؟" میں نے ایک ساتھ دو سوال کر دیے۔

"آپ کے پہلے سوال کا جواب یہ ہے کہ بستی میں گنتی کے صرف چند مکانات ہیں۔ میں نے اور بڑے لامہ کے خادم نے اُن مکانوں کے اردگرد

گھوم کر پورا جائزہ لیا۔ ہمیں ہر طرف سکون کے آثار نظر آئے۔ پھر ہم اس چھوٹے سے گھر میں چلے آئے۔ یہ گھر ایک مقامی باشندے کا ہے جو بڑے لامہ کے خادم کا واقف کار ہے۔" لڑکی نے وضاحت کی۔ پھر میرے دوسرے سوال کا جواب دیا۔ "میں نے چین ہی میں ایک عرصے قبل منتی زبان سیکھ لی تھی اور مجھے یہ زبان سکھانے والا خود چن ژی تھا۔"

"بڑے لامہ کا خادم اور وہ مقامی باشندہ ہیں کہاں؟" میں نے پوچھا۔

"وہ دونوں باہر ہیں۔" لڑکی نے بتایا۔ "چن ژی جس عمارت میں ٹھہرا ہوا ہے وہ دونوں اُس عمارت کی نگرانی کر رہے ہیں۔ آپ اب مجھے بھی اجازت دیجیے، میں چلوں گی۔"

"کہاں؟" میں نے چونک کر کہا۔

"مجھے اُسی عمارت تک جانا ہے۔" لڑکی نے اپنے بچے کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا جو اب سو چکا تھا۔ "اب صبح ہونے میں زیادہ دیر نہیں ہے۔ میں صبح ہونے سے پہلے پہلے چن ژی پر قابو پا لینا چاہتی ہوں۔ ہالو! آپ نہیں جانتیں کہ چن ژی پر قابو پا لینا میری زندگی کا حاصل ہے۔ میں نہ جانے کب سے خواب دیکھ رہی ہوں، اُس کی موت کا خواب! میری آنکھیں اب یہ خواب دیکھتے دیکھتے تھک چکی ہیں کہ وہ میرے سامنے زمین پر پڑا ہوا ایڑیاں رگڑ رہا ہے۔ اُس کے چہرے پر بے شمار چھوٹے چھوٹے دانے اُبھر رہے ہیں۔ زہر کا تریاق اُس کے سامنے ہے۔ وہ شیشی کی طرف کھسکتا ہے اور میں تریاق کی شیشی کو مزید آگے بڑھا کر رکھ دیتی ہوں۔ اُس کی زندگی جیسے تریاق کی شیشی میں بند ہے مگر وہ تریاق حاصل نہیں کر پاتا۔ اُس کا رگڑ کر موت کے سامنے رقص کرنا ہے میں وہ موت کے قدموں کی چاپ سن رہا ہے اور لمحہ بہ لمحہ موت سے قریب تر ہوتا جا رہا ہے۔ میں اُسے زبردستی زہر کھلانے کے بعد تریاق نہیں دیتی اور وہ سسک سسک کر دم توڑ دیتا ہے۔ یہ ہے وہ خواب جسے میں حقیقت بنا دینا چاہتی ہوں۔"

وہ بھولی بھالی معصوم سی چینی لڑکی اس طرح آنکھیں بند کیے بولے جا رہی تھی جیسے وہ واقعی خواب دیکھ رہی ہو اور ساتھ ساتھ مجھے خواب کی تفصیلات بتاتی جا رہی ہو۔ اُس لڑکی کا خواب بڑا بھیانک تھا مگر اُس کے چہرے پر ایک عجیب سی ملائمیت اور خوشگواری تھی جیسے وہ خواب اُس کے لیے بہت حسین خواب ہو۔ میرے دل میں بھی یہی خواہش پیدا ہوئی کہ اُس لڑکی کا خواب حقیقت بن جائے۔ اُس کا دل جس آگ میں جل رہا ہے، وہ آگ بجھ جائے۔ اُس کے دل بے قرار کو قرار آ جائے۔

"منصور! میں بھی اُس عمارت تک تمہارے ساتھ چلوں گی۔" میں نے اُسے خواب کی دنیا سے حقیقت کی دنیا میں کھینچ لیا اور اُس نے آنکھیں کھول دیں۔

"آپ واقعی ویسی ہی ہیں جیسا میں نے آپ کے بارے میں سنا تھا۔" لڑکی نے مجھے تعریفی نظر سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "میں آپ کو ساتھ لے جانے میں قطعی اجتناب نہ کرتی مگر زہر نے آپ کو کمزور کر دیا ہوگا۔ ہالو! پوری جسمانی طاقت بحال ہونے میں کچھ وقت لگے گا۔ میرا خیال ہے وقت شاید اپنے پیروں پر بھی نہ کھڑی ہو سکیں۔"

مجھے اپنے جسم میں بھی کچھ سنسناہٹ کا احساس ہو رہا تھا۔ بھاری سا تھا لیکن اُس لڑکی سے میری حالت کا غلط اندازہ خیال تھا کہ میں یقیناً کھڑی ہو سکتی ہوں۔ یہ سوچ کر میں کھڑا ہونا چاہا اور میری آنکھوں کے سامنے اندھیرا آ گیا۔ میں وہ چینی لڑکی یقیناً اُس زہر کے اثرات سے پوری

"صرف چند گھنٹوں تک آپ یہ کمزوری محسوس کریں گی۔" لڑکی نے مشورہ دیا۔ "ابھی کچھ دیر میں آپ کی مدد کروں گی اور آپ چل پھر سکیں گی۔ جب آپ چلنے پھرنے لگیں گی، ہم دیر مزید آرام کر لیں۔ اس طرح آپ کی توانائی بحال ہو جائے گی۔ باورچی خانے میں موجود ہے، آپ وہاں سے دلیہ گرم کر کے کھا لیجیے مگر مجھے خطرہ ہے کہ کہیں چن ژی جاگ نہ جائے۔ یہ میرے لیے ایک سنہری موقع ہے چاہتی ہوں۔ آپ کے ساتھ کوئی اور بھی ہوش میں آ جائے تو بہتر ہے۔ چاہیے اس لیے آپ کا یہیں رکنا زیادہ مناسب ہے۔ میرا خیال ہے کہ تو چند گھنٹے مزید صبر کر لو۔ تو بہتر ہے۔"

لڑکی کے خاموش ہوتے ہی کہا۔ "چن ژی سے میرا واسطہ سانپ کی طرح تیز اور زہریلا ہے۔ مجھے خطرہ ہے کہ پہنچا کر فرار نہ ہو جائے۔"

"یہ مجھے بھی معلوم ہے کہ اُس پر قابو پانا مشکل ہوں گے۔ یہ ناممکن کام بھی نہیں۔" لڑکی کی آواز میں ہلکی سی ہوئی۔

میں اُس کی گود میں سوتے ہوئے بچے کو دیکھنے لگا۔ یہ علم نہیں تھا کہ وہ اپنے ہمراہ بچے کو بھی لے جا

"سنو تم اپنے بچے کو تو یہاں چھوڑ جاؤ۔ اگر تم موت اور زندگی کا کھیل کھیلنے جا رہی ہو تو"

وہ جانتے جانتے پلٹی اور مسکرا کر بولی۔ "ہالو! اپنے بچے کو جان بوجھ کر ساتھ لے جا رہی ہوں مرتے وقت مجھے یہ دکھ تو نہ ہوگا کہ میں آخری بوسہ نہ دے سکی۔" یہ کہہ کر وہ تیزی سے میں اُسے حیرت سے جاتے ہوئے

جری لڑکی تھی۔ پتا نہیں چن ژی نے اسے کیا ایسی ہی بات ہوگی جس کے سبب وہ لڑکی چن ژی کو ختم کرنے آئی تھی۔ وہ اپنے میں رائفل لیے ہوئے اور اپنے گھٹنے موڑے ہوئے کتنی دور نکل آئی تھی! اُس کا بھی تو کہ

گی۔ پھر اُس نے گھر کا سکھ چین کیوں تج دیا؟ اُس کا شوہر کہاں ذہن میں لڑکی سے متعلق مختلف سوالات اُبھرتے رہے ہیں لڑکی کہ اس معصوم سی لڑکی کو چن ژی نے کیا دکھ پہنچایا ہو اُس کی جان کا درپے نہیں ہو جاتا!

کراب ہوش آ گیا تھا اور اُس نے آنکھیں کھول دی تھیں۔ وہ اطراف دیکھ رہا تھا جیسے اُسے اپنی آنکھوں پر یقین نہ ہو یا اس ابھی پوری طرح بیدار نہیں ہوا تھا اور وہ مجھے پہچاننے اٹھا۔ میں اُس کے سرہانے جا کر بیٹھ گئی اور اُس کے پوری طرح افطار کرنے لگی۔

کہاں ہیں؟" کچھ دیر بعد رضوان نے مجھے پکارا۔

ہاں! میں خیریت ہیں۔" میں نے مسکرا کر جواب دیا پھر میں حقیقت سے آگاہ کرنے لگی۔

تمام بات سن کر اطمینان کا لمبا سانس لیا پھر بولا۔ "پھر تو گویا ہماری تخلیق کا مقصد پورا نہیں ہوا۔" میں خوش دلی کے

ظاہر ہے۔" رضوان چہک اٹھا۔ "ابھی تو مجھے اور آپ کو گمنامی کی دنیا کے سامنے پیش کرنے ہیں۔ ہر سال کے آخری مہینوں سے تو ہوگی اور پھر ہم ان نمونوں کے بڑے کیس گے۔ کسی کا نام تاریخ تو کوئی ماہ مہین، کوئی کلین

وہ لمحہ میں نہ آؤں نمونے برا مان جائیں گے۔" میں اُس

ہوئی۔

باورچی خانے میں گزرا، پھر مجھے دودھ پینے کا خیال آیا۔ اس گھر کے صحن میں پہنچی۔ بائیں جانب ہی باورچی خانہ تھا۔ میں دودھ ہل گیا۔ میں دو گلاسوں میں دودھ انڈیل میں نے دودھ گرم کرنا ضروری نہیں سمجھا تھا۔ لہٰذا دلیہ پھر لیٹ گئے۔ گزرتے لمحوں کے ساتھ ہوتی جا رہی تھی۔ میرا ذہن اب پوری طرح بیدار ہو گیا ہے باہر نکلنے کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ گی۔ وہ چھوٹی سی بستی بارود کے دھماکوں سے پٹنے کے دھماکے تھے جن کی آواز کہیں قریب

ہاں! یہ آوازیں کیسی تھیں؟" رضوان چونک کر بولا۔

میں باہر جا کر دیکھتی ہوں، تم یہیں ٹھہرو۔"

کہ میں اُس چینی لڑکی کی طرف سے متفکر

میں دوبارہ کھڑی ہوئی تو بھی میرا سر چکرایا مگر آنکھوں کے سامنے اندھیرا نہیں آیا۔ اس وقت بھی چکرایا تھا جب میں باورچی خانے سے دودھ لینے گئی تھی لیکن چند لمحے بعد ہی میری حالت اعتدال پر آ گئی تھی۔ یہی سوچ کر میں کچھ دیر کھڑی رہی اور پھر میں نے خود کو چاق و چوبند محسوس کیا۔ رضوان بھی میرے ساتھ چلنے کے لیے اٹھا تھا حالانکہ میں نے اُسے منع کیا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ میرے ساتھ زیادہ دیر کھڑا نہ رہ سکا اور اُسے مجبوراً بیٹھ جانا پڑا۔

"یہ سر کیوں چکرا رہا ہے؟" وہ بیٹھتے ہی بڑبڑایا تھا۔ "کیا زہر کے اثرات اب بھی باقی ہیں؟"

"نہیں! یہ عارضی کیفیت ہے جو ختم ہو جائے گی۔" میں نے اُسے بتایا۔ "کچھ دیر آرام کر لو، تم ٹھیک ہو جاؤ گے۔ میں ذرا اپنی محسن کو دیکھ آؤں کہ وہ کس حال میں ہے!" یہ کہہ کر میں کمرے کے دروازے کی جانب بڑھ گئی۔ رضوان نے دوبارہ میرے ساتھ جانے کے لیے ضد نہیں کی تھی۔

باہر نکل کر میں نے خود کو اُس چھوٹی سی بستی کے کنارے پر پایا۔ پتھر سے بنی ہوئی وہ بڑی سی عمارت مجھے بستی کے مرکز میں واقع نظر آئی۔ وہ عمارت دھندلکے میں بھی اپنی بلندی کے سبب دوسرے چھوٹے چھوٹے مکانوں کے سایوں سے الگ دکھائی دے رہی تھی۔ اُس عمارت کے کنارے دیکھ کر یہ اندازہ لگانا دشوار نہیں تھا کہ وہ بڑے بڑے پتھروں کو جوڑ کر بنائی گئی ہے جیسی کہ تبت کی اکثر عمارتیں ہوتی ہیں۔

صبح کا دھندلکا پھیلنے لگا تھا لیکن اس کے باوجود تھوڑے فاصلے کی چیزیں بھی واضح طور پر نظر نہیں آ رہی تھیں۔ ہر چیز ایک سائے کی طرح دکھائی دے رہی تھی۔ پھر اُسی دھندلکے میں مجھے دو تین سائے حرکت کرتے نظر آئے۔ اُن کا رخ پتھر کی عمارت ہی کی جانب تھا۔ میں بھی اُسی عمارت کی طرف بڑھنے لگی۔ وہ سائے اپنی انداز رفتار سے مجھے تبتی لگے۔

تبتی باشندوں کی حرکات میں ٹھہراؤ ہوتا ہے۔ وہ ہر کام کو بہت آہستہ آہستہ کرنے کے عادی ہوتے ہیں جیسے سخت کاہل ہوں۔ غالباً یہی سبب تھا کہ بستی کے باشندوں نے گولیاں چلنے کی آوازیں سن کر کوئی فوری ردعمل ظاہر نہیں کیا تھا۔ گولیاں چلنے سے یقیناً اُن کے دل میں تجسس پیدا ہوا ہوگا مگر انہیں حقیقت حال جاننے کی زیادہ جلدی معلوم نہیں ہوتی تھی۔ غالباً اسی لیے میں نے انہیں جاگتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ بڑے اطمینان سے اُس عمارت کی طرف بڑھ رہے تھے لیکن میں اُس عمارت کی طرف دوڑ لگا رہی تھی۔

دوڑتے ہوئے ایک بار پھر میں نے کمزوری محسوس کی تھی مجھے اپنا جسم ٹوٹتا محسوس ہوا تھا مگر میں دوڑتی ہی رہی تھی۔ مجھے یقین تھا کہ میری وہ چینی لڑکی کسی مشکل مصیبت میں گرفتار ہو چکی ہے۔ میرے دل میں ایک اُمید سی ہوم یہ بھی تھی کہ شاید میں بروقت پہنچ کر اُس کی کچھ مدد کر سکوں۔

میں ایک چھوٹے سے کشادہ نما مکان کے قریب سے گزرتی ہوئی

ایک طرف ٹھوکر تو کسی سے ٹکرا گئی اور ہم دونوں ہی زمین پر گر پڑے۔ ٹکرانے والا مجھے پشتو زبان میں گالیاں دیتا ہوا زمین سے اٹھا تو میرے اعصاب ایک دم تن گئے۔ دھندلی روشنی میں قریب ہونے کے سبب میں اُسے صاف دیکھ سکتی تھی۔ وہ شخص پستہ قد تھا اور چینی خدوخال کا مالک تھا۔ وہ شخص تینوں کا روایتی لباس پہنے ہوئے تھا۔

"چن ژی!" میں نے اُس کے مقابل کھڑے ہوتے ہی کہا۔

"تم... تم صبیحہ بانو؟" چن ژی بھی چونکا۔ "تم ابھی تک زندہ ہو؟"

"ہاں میں زندہ ہوں چن ژی! اور اُس وقت تک ضرور زندہ رہوں گی جب تک تمھیں ٹھکانے نہ لگا دوں۔" میں نے نفرت و حقارت سے کہا۔ "تم اب تک میرا سامنا کرنے سے ڈرتے رہے ہو لیکن اب تم نہیں بھاگ سکو گے۔"

"مجھے بھاگنے کی کیا ضرورت ہے ایسے مواقع روز روز کب ملتے ہیں؟" چن ژی کے لہجے میں کامیابی کی کھنک تھی۔

مجھے گولیاں چلنے کے دھماکے یاد آئے۔ چن ژی کے پاس یقیناً کوئی ہتھیار رہا ہوگا جو کسی بھی لمحے اُس کے ہاتھ میں نظر آ سکتا تھا۔ خطرے کا احساس ہوتے ہی میرے جسم میں بجلی سی کوند گئی۔ دوسرے ہی لمحے میں نے تڑپ کر جست لگائی اور پوری تیزی سے چن ژی پر حملہ آور ہوئی۔

چن ژی کا ایک ہاتھ اُس کی جیب میں تھا اور میں نے اُسی ہاتھ کو نشانہ بنا کر حملہ کیا تھا۔ عام حالات میں میری فائٹنگ لگ دشمن کے ہاتھ کی ہڈی توڑ دیتی تھی مگر اُس وقت شاید میری جسمانی قوت نصف سے بھی کم رہی ہو کیونکہ میری سماعت سے چن ژی کی کراہ نہیں ٹکرائی بلکہ میں نے اُس کی جھلاہٹ آمیز آواز میں سڑی ہوئی چینی گالیاں سنیں۔

میں دوبارہ کھڑی ہوئی تو میں نے چن ژی کو زمین کی طرف جھکتے ہوئے دیکھا۔ اُس کی حرکت کا مطلب، فوراً ہی میری سمجھ میں آ گیا۔

میری ضرب نشانے پر پڑی تھی۔ ضرب اتنی شدید نہیں تھی کہ چن ژی کا ہاتھ بیکار ہو جاتا لیکن اُس ضرب سے یہ ضرور ہوا کہ وہ جو ہتھیار اپنی جیب سے نکال رہا تھا، وہ جھٹکے سے زمین پر جا رہا تھا۔ چن ژی اُسی ہتھیار کو برف کے ڈھیر سے اٹھانے کے لیے جھکا تھا۔ مگر یہ اُس کی حماقت ہی تھی۔ اگر وہ ہتھیار کا خیال چھوڑ کر مجھ سے اُلجھ پڑتا تو شاید میں اپنی جسمانی کمزوری کے سبب اُس کا مقابلہ نہ کر سکتی۔ بہت ممکن تھا کہ اُس صورت میں چن ژی مجھ پر حاوی ہو جاتا۔ اُس نے زمین پر پڑا ہوا ہتھیار اٹھانے کی کوشش میں خود کو میرے دوسرے حملے کا نشانہ بننے کا موقع فراہم کر دیا تھا۔

میں بھلا اُس سنہری موقع سے فائدہ کیوں نہ اٹھاتی! میں دوسری بار اپنی جگہ سے اُچھلی اور پہلے کی طرح اُس پر حملہ کیا۔ اِس مرتبہ میری لگ میں اتنا زور ضرور تھا کہ چن ژی ضرب کھا کر دوسری طرف اُلٹ گیا اور اُسی کے ساتھ اُس کے مُنہ سے کراہ بلند ہوئی جس کا مطلب یہ تھا کہ میری ضرب بھرپور اور کامیاب رہی تھی۔

میں نے دوبارہ اُٹھنے میں جلدی نہیں کی۔ چن ژی کا ہاتھ برف کے ایک ڈھیر کی طرف بڑھا۔ برف کے ڈھیر کی جانب غور سے دیکھا اور پھر تیزی سے آگے بڑھا اور ایک سرد دھات کے چن ژی سے پہلے اُس کے ہتھیار پر قبضہ کر لیا۔ وہ امریکی ساخت کا تھا۔

میں نے ریوالور کا رُخ فوراً ہی چن ژی کی طرف کر لیا۔ اُسے اُٹھنے کی کوشش کرتا دیکھ کر مجھے اُس پر جیسے یقین نہیں آ رہا تھا۔ لیکن میں اُسے آسان موت بھی عطا نہیں کرنا چاہتی تھی۔ میری آنکھوں میں موت کا خون آلود حسین چہرہ گھوم گیا۔ اُسے انتقام کا نشانہ بنانے کے لیے میں نے جو انتظام کیا تھا، اُس کے مطابق چن ژی کے پچھلے دھماکے کا نشانہ بنے کے بعد گولی چلنے سے گونجنے والی اگلی آواز اُسی دھماکے کے ساتھ چن ژی کی موت کا اعلان ہوتی۔

میرا دل ایک انجانی مسرت سے سرشار تھا۔ چن ژی کا نشانہ لیا۔ اِس بار میں نے اُس کے پیر پر گولی ایسا نہ کرنے کی میں گولی چلانے سے پہلے ہی چونک گیا۔ ہی تھا۔ گولیوں کے ٹاپوں سے گونج اٹھی تھی۔ میں نے طرف دیکھا۔ وہ گھوڑ سوار میرے سر پر پہنچ چکا تھا۔ ہو رہا تھا جیسے وہ مجھے اپنے گھوڑے کے پاؤں مجھے اُس کی زد سے بچنے کے لیے فوراً ایک

"چن ژی!" کسی نے دھیمے لہجے میں

"اِدھر!" چن ژی کی لرزتی ہوئی آواز

میری نظر گھوڑا دوڑاتے ہی گھوڑ سوار پر دے رہا تھا۔ اُس کا بلند قد و قامت دیکھ کر، دھیمے لہجے میں چن ژی کو پکارنے والی آواز گھوڑے کی زد سے بچنے کے لیے میں اُدھر کیا۔ اندھیرا کی دیوار تھی اور میں اُسی سے سبب میرے ہاتھ پر شدید تکلیف کو نظر انداز کر کے اپنا توازن درست کرنے کے لیے نہیں تھا۔ میں نے ریوالور نشانہ لیا اور فائر کر دیا لیکن اُسی وقت میری چلائی ہوئی گولی اُس کے سر کو نشانہ بنا غالباً گھوڑ سوار نے چن ژی کو گھوڑے پر بیٹھنے میں مدد دینا چاہی ہوگی۔ ہو گیا تھا۔ اِس بار اُس کے سامنے کے ساتھ آیا تھا۔

میں نے ایک فائر اور کیا لیکن

تھا۔ میں لمبے لمبے سانس لیتی رہی اور نیم بازو آنکھوں سے اُس چینی لڑکی کو تکتی رہی۔

اُس نے کئی بار مجھے مسکرا کر دیکھا مگر زبان سے کچھ نہ بولی۔ شاید اُس نے میری حالت دیکھ کر اندازہ لگا لیا تھا کہ میرے سانس قابو میں نہیں اور میں شاید اُس کی بات کا جواب نہ دے سکوں۔ وہ غالباً سمجھ چکی تھی کہ مجھے آرام کی ضرورت ہے۔

میں نے دیکھا کہ اُس لڑکی نے اپنے لبادے، غالباً اس کی اُس جگہ سے پھاڑ دیا جہاں خون ہی خون نظر آ رہا تھا۔ گولی شاید اُس کی ران میں لگی تھی اور ران ہی میں پیوست تھی۔ جسم کے اس حصے کا وہ خود آپریشن کر سکتی تھی، لیکن ایسا کرنے کے لیے جس ہمت اور دل گردے کی ضرورت ہوتی ہے وہ ہر ایک کے پاس تو نہیں ہوتا۔

لڑکی نے ایک بار پھر مجھے مسکرا کر دیکھا اور اپنے پتلے پتلے ہونٹ بھینچ لیے، پھر معاً اُس نے چاقو کا پتا ہوا پھل اپنے زخم میں اتار لیا۔ دوسرے ہی لمحے مجھے گوشت جلنے کی بُو محسوس ہوئی اور اِسی کے ساتھ چاقو کا پھل زخم سے باہر آ گیا۔

اُس کے مُنہ سے دبی دبی سی سسکیاں نکلیں اور شدید تکلیف سے چہرے کا رنگ سفید پڑ گیا، مگر اُس کی ہمت نے جواب نہیں دیا۔ اُس نے چاقو کا پھل دوبارہ زخم میں اتارا اور اُس کی نوک سے گولی تلاش کی۔ پھر چند لمحے بعد ہی گولی زخم سے باہر آ گئی۔ گولی باہر نکلتے ہی جیسے اُس کی ہمت جواب دے گئی۔ اُس نے آنکھیں بند کیں اور سسکیاں بھرتے بھرتے بیہوش ہو گئی۔

میں اب اپنے سانسوں پر قابو پا چکی تھی۔ میں جلدی سے اُٹھی اور قریب جا کر اُس کے زخم کا جائزہ لیا۔ گولی نے شاید ران کی ہڈی کو نقصان نہیں پہنچایا تھا، لیکن خون کافی بہا تھا اور اب بھی بہہ رہا تھا۔ لڑکی شاید میرے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی آپریشن کی پوری تیاریاں کر چکی تھی۔ میں نے لیمپ کے قریب ہی جلے ہوئے کپڑے کی راکھ رکھی ہوئی دیکھی۔ اُسی کے قریب کپڑے کی کئی لمبی لمبی پٹیاں موجود تھیں۔ میں نے زخم میں راکھ بھر کر پٹیاں باندھ دیں۔ جب خون بہنا بند ہو گیا تو مجھے کسی قدر اطمینان ہوا۔

میں جب اُس کمرے میں پہنچی تھی تو کچھ دیر بعد ہی وہاں دو افراد اور داخل ہوئے تھے مگر میں نے اُنھیں دیکھنے کے بعد اُن سے کچھ نہیں کہا تھا۔ میں پوری طرح لڑکی کی طرف متوجہ رہی تھی۔ وہ دونوں بھی خاموشی سے سب کچھ دیکھتے رہے تھے اور اُنھوں نے درمیان میں کوئی مداخلت نہیں کی تھی۔ اُن میں سے ایک درسگاہ کا خادم تھا اور دوسرا ایک مقامی باشندہ جو غالباً اُس خادم کا واقف کار تھا۔ چینی لڑکی کے بارے میں پہلے ہی بتا چکی تھی۔ وہ دونوں اب دبی دبی زبان میں ایک دوسرے سے بے تکلفی کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے اور موضوع گفتگو

چینی لڑکی ہی تھی۔ وہ اُس کی بہادری کے تذکرے کر رہے تھے۔

میں نے خادم کو قریب آنے کا اشارہ کیا۔ وہ قریب آگیا تو میں بولی۔

"تم اِس کے پاس رہو۔" میں نے بیہوش چینی لڑکی کی طرف اشارہ کیا۔ "اگر اسے ہوش آجائے اور یہ پانی وغیرہ مانگے تو دے دینا۔"

میرے الفاظ ختم ہی ہوئے تھے کہ چینی لڑکی کا بچہ ایک مرتبہ پھر زور زور سے رونے لگا۔ درمیان میں وہ چپ ہو گیا تھا۔ میرے کہنے سے پہلے ہی اُس مقامی عورت نے بچے کو گود میں اٹھا لیا اور بہلانے لگا۔ میں نے کمرے میں موجود لیمپوں میں سے ایک لیمپ اٹھایا اور دروازے کی جانب بڑھی۔ میں اُس پوری عمارت کا جائزہ لینا چاہتی تھی جہاں کچھ دیر پہلے لازماً چن ڈی ٹھہرا ہوا تھا۔ امکان تھا کہ کوئی کام کی بات معلوم ہو جاتی۔

وہ کافی بڑی عمارت تھی اور اپنے طرزِ تعمیر سے کوئی قدیم سا زگاہ معلوم ہوتی تھی۔ عمارت کے بیشتر کمرے بند تھے، جیسے اُنھیں مدتوں سے استعمال نہ کیا گیا ہو۔ صرف دو تین کمروں سے ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اُن میں کوئی رہ چکا ہو، مگر اُن میں بھی مجھے کوئی ایسی شے نظر نہیں آئی جس سے مکینوں کی شخصیت پر کوئی روشنی پڑ سکتی ہو یا کوئی خاص بات پتا چل سکتی ہو۔ میں نے صرف ایک بات ضرور محسوس کی کہ اُن کمروں کو چھوڑ کر جانے والوں کو وہاں سے جانے کی زیادہ جلدی نہیں تھی۔ یہ اندازہ میں نے اُن کمروں میں موجود کچھ سامان سے لگایا۔ بے ترتیبی ضرور تھی مگر اتنی بھی نہیں کہ جلد بازی کا اندازہ لگایا جا سکتا۔ یقیناً سامان باندھنے کا کام سکون و اطمینان سے کیا گیا ہو گا۔

تو کیا چن ڈی اور اُس کے ساتھیوں کو چینی لڑکی کے حملے کی پہلے سے خبر تھی؟ میں نے سوچا اور یہ کہ چن ڈی کے ہمراہ صرف ایک شخص تھا یا کئی؟ کیا وہ حملہ ہونے ہی کے منتظر تھے کہ حملہ ہوا اور وہ حملہ آور سے نمٹ کر فرار ہو جائیں؟

میں اِن سوالوں کے جوابات کی تلاش میں سوچ کی اُس منزل پر پہنچ گئی جہاں میں نے واضح طور پر ایک نتیجہ اخذ کر لیا۔ چن ڈی یا اُس کے ساتھی کسی طور بھی چینی لڑکی کے حملے سے باخبر نہیں ہو سکتے تھے۔ وہ ایک دن قبل ہی تو یہاں سے پہنچے تھے اور اُس کے وہاں پہنچنے کی اطلاع غالباً کسی کو نہیں تھی۔ پھر اُس کے بارے میں چن ڈی کا باخبر ہو جانا ممکن نہیں تھا کہ وہ لہاسہ اور چنگپوری کو چھوڑ کر چن ڈی کی تلاش میں اُس بستی تک پہنچ جائے گی۔

میں اُس عمارت کے آخری کمرے کا جائزہ لے کر لوٹ رہی تھی کہ اچانک میری نظر کمرے کے ایک کونے میں پڑے ہوئے جوتے پر پڑی اور میں چونک اٹھی۔

میں نے کونے میں پہنچ کر وہ جوتا اٹھا لیا اور اُسے غور سے دیکھا۔ وہ تبتیوں کے جھونڈے جوتوں سے مختلف تھا اور اُس جوتے کو میں پہلے بھی دیکھ چکی تھی۔ اُس جوتے کو بھی اور اُس نے وہ جوتا سارہ کے منڈول پاؤں میں دیکھا اُس نے ایک بار پرانا لاٹھ میں بھی میرے سامنے کروہ بچپوری بھی آئی تھی۔

یہ گویا میرے اُس شبہے کی تصدیق تھی جس چن ڈی کا ہاتھ تھا اور یہ کہ سارہ چن ڈی میرا ذہن ایک بار پھر الجھ کر رہ گیا کے ایک کمرے میں موجود گی اِس بات کا آئی تھی اور نہ صرف بستی ہی میں آئی تھی بلکہ گیا تھا۔ اگر ایسا ہی تھا جیسا میں سوچ رہی تھی تشنۂ جواب تھا۔ تو پھر سارہ کہاں گئی؟ ساتھ خود میرے سامنے فرار ہوا تھا۔ کیا سے فرار کروا دیا گیا تھا؟ اگر ہم بات تھی؟ میرے ذہن میں سوال، سوال میں نے جلدی جلدی بند کر اُن تمام کمرے میں موجود کنڈی چڑھے دیکھ کر چھوڑ دیا تھا واقعی طویل عرصے سے بند پڑے میں واپس پلٹے کہ میں ایک تکیے کے سہارے نیم دراز

میں نے عمارت کے کمروں تھا۔ اِس دوران میں دروازے کے پٹ پکڑ لیا تھا۔ وہ میری غیر موجودگی میں اور دھر لیا گیا تھا۔ خادم کا ساتھی آدمی کی لکنیت تھی۔

میں نے اُسے غور سے عام تبتیوں کی طرح اُس کی آنکھ صورت ہی سے کاہل دکھائی دیتا

"تم نے اِس لڑکی کو کیوں اٹھا کر دھمکی آمیز لہجے میں کہا۔ "

"نہیں! میں نے کچھ نہیں کیا میں قطعی بے قصور ہوں!"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" ساتھیوں نے اسے گولی چلا کر ہیں، اب تمھیں اُن کے

"وہ... وہ ہر گو میہ بولا۔ "میرا اگر کوئی قصور

یہ کہ اگر وہ چینی حکومت کے خلاف کوئی سازش کر رہا تھا تو پھر سارہ اُس کے ذہن کو پڑھ کر اُس کے بارے میں کوئی واضح بات کیوں نہیں بتا سکتی تھی؟ کیا وہ خود بھی کسی غیر معمولی وصف کی حامل تھا؟ میں سوچتی رہی۔ سارہ جیسی غیر معمولی شخصیت رکھنے والی لڑکی سے اپنے بارے میں کچھ چھپا لے جانے والا کوئی معمولی انسان تو نہیں ہو سکتا تھا!

اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ منتی واقعی غیر معمولی صلاحیتوں کا مالک تھا تو پھر سارہ کے ساتھ اُس کا رویہ کیا معنی رکھتا تھا؟ اگر سارہ اُسے اپنی سازش میں ایک رکاوٹ نظر آ رہی تھی تو وہ بآسانی سارہ کو راستے سے ہٹا سکتا تھا۔ اگر ایسا نہیں تھا اور وہ سارہ کو اپنا حلیف بنانا چاہتا تھا تو اُسے سارہ سے قریب ہونا چاہیے تھا۔ سارہ کو ڈاکوؤں کے فریب اغوا کرانے کی کوشش پھر اُس کا سارہ کے سامنے آنے سے گریز! ان سب باتوں کا کیا مقصد تھا؟

سوالات نے ایک بار پھر میرے ذہن پر یورش سی کر دی اور میرے پاس اِن سوالوں کے جواب نہیں تھے۔ میں نے ان سوالوں سے پریشان ہو کر اپنی توجہ چینی لڑکی کی طرف مبذول کر لی۔ میں اِسی طرح اِن سوالوں کو اپنے ذہن سے جھٹک سکتی تھی۔ اُس کا چہرہ سوجا ہوا تھا اور وہ دلچسپی سے میری اور عمارت کے مالک کی باتیں سُن رہی تھی۔

"میں نے چن ڈی کے بارے میں جو کہا تھا وہ ٹھیک ثابت ہوا نا! وہ آخر کار تمھیں چھوڑ کے نکل ہی گیا۔" میں نے چینی لڑکی سے کہا اور مسکرائی۔

"اُس پر تو میں نے تاڑ لیا تھا۔" چینی عورت نے جواب دیا۔ "میں نے اُسے رائفل کے نشانے پر رکھ لیا تھا اور وہ خوفزدہ ہو گیا تھا۔ میں اُس وقت جو بھی کہتی وہ اُس پر عمل کرنے پر مجبور ہو جاتا مگر اُس کا ساتھی بہت ہوشیار نکلا۔"

"اُس کا ساتھی؟" میں حیرت سے بولی۔ میرا ذہن اُس وقت مہنتی کو فراموش کر چکا تھا۔

"جی ہاں وہی جس کے بارے میں ابھی آپ پوچھ گچھ کر رہی تھیں۔" چینی لڑکی نے مجھے یاد دلایا۔ "میں نے چن ڈی کو جس کمرے میں گھیر لیا تھا، وہاں وہ اور میرے علاوہ اُس وقت کوئی اور نہیں تھا لیکن اِس کے باوجود میں نے پوری احتیاط برتی تھی۔ میں نے اپنی پشت کمرے کی دیوار سے لگا لی تھی اور میرا رُخ کمرے کے دروازے کی جانب تھا تاکہ عقب سے مجھ پر حملہ نہ کیا جا سکے۔ اِس کے علاوہ یہ کہ اگر چن ڈی کا کوئی ساتھی کمرے میں داخل ہو تو فوراً میری نظر میں آجائے اور میں اُس سے نمٹ سکوں۔ معاً کھلے دروازے سے کوئی چیز اندر پھینکی گئی جو لڑھکتی ہوئی کمرے کے ایک کونے میں چلی گئی۔ صرف چند لمحے کے لیے میری توجہ اُس شے کی طرف مبذول ہو گئی اور چن ڈی کے ساتھی نے اُنھی چند لمحوں سے فائدہ اٹھا لیا۔ وہ لڑھکتا ہوا کمرے میں داخل ہوا اور اِسی کے ساتھ اُس نے مجھ پر گولی چلا دی۔ میرے ہاتھ سے رائفل چھوٹ گئی اور میں بچنے کو سنبھالتی ہوئی ڈھیر ہو گئی۔ اُس کی چلائی ہوئی گولی میری ران میں گھس گئی تھی۔ یہ کہہ کر وہ خاموش ہو گئی۔

میں نے اُسے ترحم آمیز نگاہ سے دیکھتے ہی کہا۔ "یا دنیا میں تمھارا

ہے کی اجازت دے دی تھی۔ اُنھوں نے ساتھی چائے اور خشک میوہ دیا تھا۔"

بول رہا تھا کہ وہ جھوٹ نہیں بول رہا۔ وہ یقیناً ایسا ہوتا تو دوبارہ اِس عمارت میں داخل ہونے کے بارے میں بھی جو صورت بنائی تھی وہ غلط ثابت ہوئی۔ اگر اُس کا استعمال کم ہے۔ ہیں کر لیتے ہیں۔ تجارت اور لین دین کا یہ نظام عام طور پر رائج تھا۔

پھر کوئی شبہ نہیں تھا کہ تفصیلات اگلوانے کے بعد اُنھوں نے اُسے قتل کر دیا تھا۔ اور میری یہ ترکیب فاطر خواہ کامیاب ثابت ہوئی تھی۔ وہ باتیں جن سے میرا ذہن اُلجھا

عمارت میں جو افراد ٹھہرے ہوئے تھے، اُن سب کے بارے میں وہاں تھے۔ اُنھوں نے پوری عمارت کا جائزہ لیا ہے۔ اُن پر حملہ کر کے چن ڈی اس عمارت میں بھیجا تھا۔ وہ لوگ صرف چند گھنٹے اپنے ہمراہ لے کر وہاں سے کسی نامعلوم مقام کے درمیان ہونے والی گفتگو سے معلوم ہوا تھا۔ وہ کسی سرحد کی چام ڈیو کی طرف قیدیوں کے ہمراہ عمارت ہی میں رُکے گیا تھا۔ کیا بات کیے گئے طوفان کے دوران گئے کے ساتھ طوفان سے قبل ہی واپس چلے جانے والے ساتھی کے آتے ہی چن ڈی اٹھا۔ لوہار وہیں سے گھوڑے لینے کے لیے ہی اپنے کمرے سے باہر نکلا تھا۔ سوالات کر کے مجھے پتا چلا کہ چن ڈی کے ساتھی کا نام معلوم ہوتا تھا۔ اُس نے جو حلیہ بتایا تھا، لیکن عمارت کے مالک نے جو ساتھی باقی لوگوں سے الگ رہتا تھا۔ وہ پہلی بار بھی چن ڈی کے ساتھیوں کے ساتھ تھے۔ وہ بعد میں وہاں پہنچا تھا۔ معلوم ساتھی منتی کے ہوا کوئی اور اُس پہچان نہ لے۔ چن ڈی کے طلب اور کیا ہو سکتا تھا! اگر کمرے میں ذہن پڑھ کر اُس کے بارے تھا اور کیا چاہتا تھا! اور پھر

کوئی نہیں ہے جو تم اپنے بچے کو ہر وقت اپنے ساتھ رکھتی ہو؟"

"جی نہیں! قریبی عزیز کوئی نہیں ہے۔ ہاں ہمدرد بہت ہیں مگر میں اپنے بچے کو ان کے پاس نہیں چھوڑنا چاہتی۔" چینی لڑکی نے جواب دیا' پھر پُرجوش لہجے میں بولی۔ "میری نانی' میری ماں کو اسی طرح سینے سے چمٹائے عظیم سامراجی جنگ کے ساتھ برسوں انقلاب کی جدوجہد میں شریک رہی تھیں۔ وہ اپنے مقصد میں کامیاب رہی تھیں اور مجھے یقین ہے کہ میں بھی ناکام نہیں رہوں گی۔ اُن کا مقصد عظیم تھا' سو انھیں عظمت ملی۔ مجھے علم ہے کہ میں کسی عظیم مقصد کے لیے جدوجہد نہیں کر رہی لیکن بانو کیا صرف عظیم مقاصد ہی کے لیے جدوجہد کی جاتی ہے! کیا انسان اپنے سینے میں دہکتے الاؤ بجھانے کے لیے جدوجہد نہیں کر سکتا؟"

"کیوں نہیں!" میں نے اُسے دلاسا دیا۔ "تم یوں کیوں نہیں سوچتیں کہ ایک سانپ کو مار دینا بھی اجتماعی مفاد ہے تاکہ وہ سانپ دوسروں کو نہ ڈس سکے۔ میں نے اندازہ لگایا ہے کہ شاید تم چن ژی سے اپنے شوہر کا انتقام لینا چاہتی ہو!"

"آپ کا اندازہ غلط نہیں ہے بانو! چن ژی نے میرے شوہر کو زہر دے دیا تھا۔ ممکن تھا کہ میں صرف اس بنا پر اُس کا پیچھا نہ کرتی اور اپنے بچے کا خیال کر کے خاموش بیٹھ جاتی' مگر اُس نے بڑی سفاکی کا مظاہرہ کیا تھا۔ میں نے قسم کھائی تھی کہ اُس سے انتقام لیے بغیر چین سے نہیں بیٹھوں گی۔"

"چاہے خود تمھاری اور تمھارے بچے کی زندگی ہی خطرے میں کیوں نہ پڑ جائے!" میں نے اُسے مسکرا کر دیکھتے ہوئے کہا۔

"جو انجام میرا ہوگا' وہ میرے بچے کا ہوگا۔" چینی لڑکی کے لہجے سے عزم کا اظہار ہو رہا تھا۔ "چن ژی بدی کی علامت ہے بلکہ مجسم بدی ہے۔ اگر میں اُسے ختم کرنے کی کوشش میں ہلاک بھی ہو جاؤں تو یہ نیکی ہوگی' اور اگر میں نے بدی پر فتح پا لی تو میں سمجھوں گی کہ میں نے سب کچھ پا لیا۔"

میری خواہش تھی کہ وہ چینی لڑکی اپنے اور چن ژی کے بارے میں مزید کچھ بتائے مگر اب تفصیلی گفتگو کے لیے میرے پاس وقت نہیں تھا۔ میں نے اسی لیے مزید کوئی سوال نہیں کیا۔

"بانو! چن ژی کا وہ ساتھی یقیناً کوئی شریف النفس آدمی تھا۔" معاً چینی لڑکی نے ایک ایسی بات کہہ دی کہ میں چونک اٹھی۔ سارہ کے بعد یہ دوسری لڑکی تھی جو مہنتی کے حق میں بول رہی تھی۔

"کیا کہہ رہی ہو تم! اُس نے تم پر گولی چلائی تھی۔" میں نے چند لمحے توقف کے بعد کہا۔

"محبت اور جنگ میں سب کچھ جائز ہے بانو!" وہ ایک طویل سانس لے کر بولی۔ "میرا بس چلتا تو شاید میں اُسے زندہ نہ چھوڑتی مگر میں گولی لگنے اور گر جانے کے بعد قطعی طور پر اُن کے بس میں تھی۔ میرے گرتے ہی چن ژی نے اپنا ریوالور نکال کر مجھے نشانہ بنانا چاہا تھا مگر اُس کے ساتھی نے اُسے ایسا کرنے سے روک دیا' اور چن ژی کو فوراً فرار ہو جانے کا مشورہ دیا۔"

"تو کیا چن ژی نے اُس کی بات مان لی؟" بے ساختہ نکلا۔

"جی ہاں! پہلے چن ژی مجھے گولی مارنا چاہتا تھا مگر اُس کے ساتھی نے اُسے سختی سے منع کر دیا۔ مجبور ہو گیا۔" چینی لڑکی نے بتایا۔

"میری سمجھ میں ایک بات نہیں آئی۔ میں نے کہا۔ "جب وہ ادھر آ رہی تھی تو میں بیہوش ہو گیا تھا۔ اُس کا ساتھی بعد میں گھوڑے پر سوار ہو کر آیا تھا۔ بیان کی روشنی میں یہ کیسے ممکن ہے؟"

"میں نے احتیاطاً چن ژی کو" میرے کچھ ساتھیوں نے بھی عمارت کے محفوظ حصے میں موجود تھے' تاکہ کوئی باہر نکل سکیں۔" چینی لڑکی اپنے بیان کو توجہ سے اُس کی بات سنتی رہی۔ "میں میرے ساتھیوں سے محفوظ کی تلاش میں روانہ ہو گیا۔ ظاہر ہے ٹکراؤ ہوا اور وہ آپ کو اکیلا پا کر مجھے چینی لڑکی کی دغا نے بھی بتایا تھا کہ چن ژی چن ژی اور مہنتی اُس کا انتظار کر رہا تھا۔ میں واقعات کو اس وقت عمارت میں نہیں ہو گا جس میں چن ژی نے گولی چلائی کھڑکیاں خود بند ہو رہا تھا۔ میں واقعات کو اس جب چن ژی کو قابو میں کر لڑکی زخمی ہو گئی تھی۔ مہنتی کے لیے وہ خود گھوڑوں کی تلاش ساتھی کو گھوڑے پر لے کا بندوبست کر کے چن ژی ساتھی کو لینے کے لیے واپس اور پھر چن ژی' مہنتی میں سوچ رہا تھا۔ سازشوں کا مرکز تھا' پہنچ کر ایک شخصیت سیاسی شخصیت یعنی

وہاں پہنچا تو اچھی خاصی روشنی پھیل چکی تھی۔ ایک بجا تھا اور ہنگاموں بھری رات گزر چکی تھی۔ رضوان کی نسبت بہت بہتر تھی لیکن اس کے باوجود آرام کی ضرورت تھی۔ میں نے چوبن لامہ اور بڑے خادم گوآن کی طرف روانہ کر دیا۔ اس کے بعد آرام سونے کے لیے لیٹ گئے۔

بڑا حصہ سو کر گزارا۔ جب میری آنکھ کھلی تو میں نے محسوس کیا۔ میرے ساتھ ہی رضوان اور چینی لڑکی تھے۔ میں بڑے لامہ کی محبت سے بہت متاثر ہوا تھا۔ لامہ ہماری تلاش میں نکل کھڑا ہوا تھا۔ راستے میں ہماری خیریت سے مطلع کر دیا تھا لیکن مطمئن ہو کر واپس نہیں گیا اور ہمارے پاس پہنچ گیا۔ بیدار بھی نہیں کیا اور ہمارے خود ہی آنکھ اس کی محبت کا ثبوت تھا۔

اس سے تمام واقعات کی تفصیل سنی۔ اس دوران اس رنگ آتے جاتے رہے۔ اس نے تفصیل اطمینان کر بھی دیکھا' پھر خود اپنے ہاتھ سے میں بڑے لامہ نے میری اور رضوان کی جان مرہم ادا کیا اور لڑکی کو دعا دی کہ وہ اپنے

اس بڑے لامہ کی آمد ہی سے سمجھ گیا تھا کہ اس کی اہمیت کس حیثیت کے ہیں! وہ اب ہماری وہ خشک میوہ اور مصالحے دار چائے لے آیا تھا۔ بولا۔ "یہ میرے لیے بڑی عزت کی بات ہیں۔ آپ جب تک بھی چاہیں اس مہمان رہ سکتے ہیں۔"

بہت گرمجوشانہ آمیز انداز میں مسکرایا اور نرم طبیعت کی قدر کرتا ہوں' مگر یہ تمھارے نہیں اپنے ساتھ چکپوری لے جاؤں گا۔"

اس لڑکی کی طرف دیکھا اور ذہین چینی لڑکی

اب ہمارے تک ہمیں رہوں تو بہتر ہے۔

وہاں کا کردہ عمارت نسبتاً زیادہ محفوظ اور آرام دہ ہے۔ قیام کرنا چاہیے۔ فی الحال ہمیں آرام کرنے کی ہمیں نے رضوان کو بھی اسی عمارت میں بلانے کے کور روانہ کر دیا۔

بڑے لامہ کی آمد کی اطلاع پر ایک خادم' بڑے لامہ کا منتظر تھا۔ وہ بڑے لامہ کو دیکھ کر تیزی سے آگے بڑھا اور جھک کر اُسے کچھ بتایا۔ بڑا لامہ اس کی بات سن کر ہماری طرف مڑا تو اس کا چہرہ خوشی سے کھلا ہوا تھا۔

"بانو بیٹی! سارہ خیریت سے واپس آ گئی ہے۔" بڑے لامہ نے کھنکتی ہوئی آواز میں کہا۔

میں چونک پڑی۔ "کیا؟ کیا سارہ ڈاکوؤں کے چنگل سے نکل کر درسگاہ پہنچ گئی؟" میری آواز میں حیرت تھی۔

"ہاں بانو بیٹی!" بڑے لامہ نے پُرسکون لہجے میں جواب دیا اور آگے بڑھتے ہوئے بولا۔ "آؤ!"

میں اور رضوان اس کے پیچھے پیچھے چلنے لگے۔ رضوان کے چہرے سے بھی حیرت کا اظہار ہو رہا تھا مگر وہ خاموش تھا اور میرا ذہن یہ سوچ رہا تھا کہ ایسا کیسے ممکن ہوا! مجھے بستی کی عمارت کے مالک نے جو کچھ بتایا تھا' یاد تھا۔ اس نے کہا تھا کہ سارہ کو ہمارے وہاں پہنچنے سے چند گھنٹے قبل چن ژی کے ساتھی کسی نامعلوم منزل کی طرف لے کر روانہ ہو گئے تھے۔

تو یہ اور زیادہ کنفیوژن کی درسگاہ تھی؟ جہاں یہ کیسے ممکن تھا؟ چن ژی نے بغیر کسی مقصد کے تو سارہ کو اغوا نہیں کیا ہوگا، پھر وہ اپنا مقصد حاصل کیے بغیر سارہ کو کس طرح چکپوری کی درسگاہ پہنچوا سکتا تھا؟

چن ژی نے سارہ کو کس لیے اغوا کیا تھا؟ اس سے میں ناواقف تھی۔ پہلی بار اس نے مجھے پھانسنے کے لیے سارہ کو استعمال کیا تھا۔ اُسے بتایا گیا ہوگا یا اُس نے خود میرے بارے میں یہ معلومات حاصل کی ہوں گی کہ خوبصورت لڑکیاں میری کمزوری ہیں۔ میں اس لیے چن ژی کے حملے سے بچ گئی تھی کہ سارہ نے مجھے سب کچھ بتا دیا تھا۔ اُس نے اُن لاماؤں کے ذہن پڑھ لیے تھے جو مجھے زہر دینا چاہتے تھے اور جو چن ژی کے آدمی تھے۔ اگر اُس وقت سارہ مجھے چوکنا نہ کر دیتی تو شاید چن ژی مجھے اپنی پہلی ہی چال میں شکست دے چکا ہوتا۔ اگر سارہ غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک نہ ہوتی تو بھی میرا یہ خیال تھا ہی تھا۔ چن ژی کا سارہ کو اغوا کرنا یہ ظاہر کر رہا تھا کہ وہ سارہ سے کوئی اور مقصد حاصل کرنا چاہتا تھا۔ تو کیا وہ مقصد سارہ کو چند دن قید میں رکھ کر حاصل ہو گیا؟ میں نے سوچا۔ آخر وہ مقصد کیا تھا؟ اور یہیں آ کر میرا ذہن جواب دے گیا۔ میرے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہیں تھا۔

مجھے سارہ کے غیریت واپس آ جانے پر بہرحال خوشی ہوئی اور میں اُس سے فوری ملاقات کے لیے بے چین ہو گئی۔

بڑے لامہ کے نائب نے درسگاہ کے مہمانوں کو مہمان خانے میں ٹھہرا دیا تھا۔ مجھے معلوم ہوا تھا کہ سارہ مہمان خانے میں تنہا نہیں ہے۔ میرے دل میں یہ جاننے کا بھی اشتیاق تھا کہ آخر اُس کے ساتھ اور کون آیا ہے!

رضوان کے چہرے سے انتہائی تھکن کا اظہار ہو رہا تھا، اس لیے میں نے پہلے اُسے مہمان خانے کے ایک کمرے میں پھوڑا پھر ایک خادم کی رہنمائی میں اُس کمرے کی جانب چل دی جہاں سارہ ٹھہری ہوئی تھی۔ رضوان نے سارہ سے ملنے کی بجائے آرام کو ترجیح دی تھی۔

خادم مجھے اُس کمرے تک پہنچا کر لوٹ گیا اور پھر جیسے ہی میں اُس کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی، ٹھٹک کر رُک گئی۔ میں منتی کو اچانک اپنے سامنے پا کر بھونچکا رہ گئی تھی۔ ایک لمحے کو میرے ذہن میں یہ خیال آیا کہ چن ژی کو گھوڑے پر بٹھا کر لے جانے والا منتی نہیں کوئی اور تھا، مگر جیسے ہی میری نظر اُس کے بازو پر بندھی ہوئی پٹی پر پڑی، میں نے اس خیال کو ذہن سے جھٹک دیا۔ وہ گولی جو میں نے اُس پر چلائی تھی، خالی نہیں گئی تھی۔

"آئیے، آئیے بانو! آپ رُک کیوں گئیں!" سارہ کی آواز سُن کر میں چونکی اور آگے بڑھی۔ سارہ میری طرف دیکھتے ہوئے پھر بولی: "میرے کزن کے بازو پر یہ زخم اُس وقت لگا تھا جب یہ مجھے بچانے کے لیے ڈاکوؤں سے بھڑ گئے تھے۔"

سارہ کی معنی خیز آواز نے میرے کھولتے ہوئے دماغ کو خیالات کو پڑھ رہی ہے اور سمجھ نہیں کر رہی ہوں۔ اُس نے یقیناً ہی شک کو دُور کر دیا تھا۔

چند لمحے توقف کے بعد وہ پھر بولی: "اسے جھگڑے سے نکالنے کے لیے گولیوں کی بھی پروا کرتے تو شاید میں اب بھی انہی ڈاکوؤں کے منتی کی جانب دیکھتے ہوئے بات ختم کی۔

میں اُن دونوں کے سامنے پڑے ہوئے دو والے صوفے پر وہ دونوں بیٹھے تھے۔ منتی نے مسکرا کر "تم تو خیریت سے ہو؟" میں نے مسکرا کر "ہاں!" اُس نے جواب دیا۔ پھر بولا: سارہ کے اس سوال پر میری آنکھوں میں گیا اور چن ژی کے خلاف میرا غصہ تازہ ہو گیا۔ "مجھے افسوس ہے کہ موتو کو میری وجہ سے بولی میں سوری بھی نہیں سکتی تھی کہ موتو کو طرح زخمی کر سکتا ہے۔"

"موتو پر جو کچھ گزری، اُسے جو زخم دی یقین کرو سارہ کہ میں ہر قرض ضرور وصول کرا کو دلاتے ہوئے کہا۔

سارہ نے میری طرف غور سے دیکھا، پہلے سے کہیں زیادہ آرپار دیکھنے لگی تھی، طور پر نہ سمجھ سکی۔

"آخر یہ چن ژی آپ کا دشمن کیوں ہو لہجے میں سوال کیا۔

اِس سے پہلے کہ میں سارہ کے سوال اٹھتا، "سارہ! میں ذرا بڑے لامہ سے مل چلا جاؤں گا۔ جمع طاقات ہو گی۔" یہ کہہ کر میں دیکھ کر اخلاقاً مسکرایا اور بولا: "آپ تو اچھا آپ نے بات ہی نہیں کی تھی۔" اُس کے لیے میں بھی اخلاقاً مسکرائی اور کہا: "تو اس ہو کر جا رہے ہیں؟"

"نہیں نہیں! ایسی کوئی بات نہیں۔" گی۔ فی الحال تو آپ سارہ سے گفتگو کیجیے بعد ملتی ہیں۔"

منتی کے وہاں سے چلے جانے پر میں میں سارہ سے کھل کر بات کر سکتی تھی۔

کھل کر بات کریں بانو!" سارہ نے مجھے مخاطب ۔ غافل نہیں تھی۔ "میں نے آپ سے چن ژی کی کا حال

ت سے یہ خوف ہے کہ میں اُس کے مقصد کی ی ہوں۔" میں نے جواب دیا۔

کیا ہے؟" سارہ نے چبھتے ہوئے لہجے میں پوچھا۔ ت سے دیکھا۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ آخر سارہ ۔ اگر اس سلسلے میں وہ صرف اپنا تجسس دُور اللہ حاصل کرنا چاہتی تھی تو وہ کسی اور مناسب ی تھی۔ یہ موقع تو ایک دُوسرے کی خیریت پوچھنے ہی ہوئی سننے کا تھا اور ایک دُوسرے کی روداد کے لیے سے تو کچھ اور ہی پتا چل رہا تھا۔ اُس کی جھلک تھی جیسے وہ مجھ سے کشیدہ خاطر ہو۔ سارہ کرنے والا صرف ایک ہی شخص ہو سکتا تھا'

لمحات بے نیلو میں بانو!" معاً سارہ کی آواز اُبھری۔ لمحات کا سلسلہ ٹوٹ گیا اور میں چونک پڑی۔ جیت کھل کر وہ ذہن پڑھ سکتی ہے اور مجھے اگر سارہ میرے خلاف ہو جاتے تو انتہائی خطرناک

ہی ہیں؟" سارہ بولی۔ اُس کے لہجے میں چبھن ہی ہے کہ جس پر آپ کے اور میرے درمیان

"اگر آپس میں غلط فہمی پیدا ہو جائے تو دو عزیز بھائی دشمن بن جاتے ہیں۔"

ہاں کہہ سکتی ہے۔ وہ جو دُوسرے کے باطن میں کوئی غلط فہمی ہو سکتی ہے! میں تو ظاہر و باطن

ہے۔" شاید وہ بھی تو شاید میں سارہ کی بات کو صحیح مان ا سارہ کو دھوکا دینے میں کامیاب ہو گیا تھا۔

ت کے تابع رکھنے پر قادر تھا۔ میں نے سوچا۔ ما ہے؟" سارہ نے پھر پوچھا۔ "آپ خود بہت ذہین ہیں، ا چھپانے کی کوشش کریں۔ جو بات آپ چھپانا آپ کے ذہن میں آئے گی اور میں اُسے

ہی تھی۔ میں نے بے بسی سے اُس کی طرف دیکھا۔ ہوں۔" سارہ کے لہجے میں ہمدردی تھی۔

"میں صرف آپ کو سمجھانا چاہتی ہوں۔ آخر آپ کیوں اتنی مصیبتیں اٹھا کر تبت آ رہی ہیں؟ آپ کی یہاں آمد کا مقصد کیا ہے؟"

سارہ کے سوال کا کوئی معقول جواب دینے کے لیے میں نے اپنے ذہن کو ٹٹولا اور اسی کے ساتھ تبت آنے کا مقصد میرے ذہن میں دَر آیا۔ میں نے بہت سوچ کر سارہ کو مخاطب کیا: "میں تبت والوں کی مدد کرنا چاہتی ہوں۔"

"غلط!" سارہ فوراً بولی۔ "آپ چینی حکومت کے ایما پر یہاں آئی ہیں لاما آپ کا مشن تبت میں چینی حکومت کے خلاف ابھرتی ہوئی بغاوت کا پتا لگانا ہے۔ آپ تبتی عوام کے دلوں سے دلائی لامہ کی محبت نہیں کھرچ سکتیں۔ تبتی عوام کو بھلا یہ کیسے سمجھایا جا سکتا ہے کہ چینی حکومت اُن کی دوست ہے!"

چینی حکومت تبت کے لیے بہت کچھ کر رہی ہے۔ وہ اگر دوست نہ ہوتی تو ایسا کیوں کرتی! میں نے سوچا۔

"بانو! آپ بہت بھولی ہیں۔" سارہ نے کہا۔ "کسی قوم کے جذبات کو دبانے کی غرض سے بظاہر اس کی بھلائی کے لیے بھی کچھ کام کیے جاتے ہیں۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ آپ دلائی لامہ کے بارے میں کیا جانتی ہیں؟"

مجھے دلائی لامہ کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات نہیں تھیں۔ مجھے بس اتنا معلوم تھا کہ دلائی لامہ، بھارت میں کسی جگہ جلاوطنی کی زندگی گزار رہا ہیں سارہ سے مل کر مہمان خانے کے اُس کمرے میں پہنچ گئی جو میرے لیے مخصوص کیا گیا تھا۔ بستر پر دراز ہونے کے بعد مجھے سونے میں زیادہ دیر نہ لگی۔

دوسرے دن سارا اور منتی سے پھر ملاقات ہوئی۔ میں نے سارہ کی سرد مہری بطور خاص محسوس کی۔ میں اب پنچن لامہ سے ملنا چاہتی تھی اور اس کے لیے میرا پونا الا مٹھ جانا ضروری تھا۔ میں اُس سے مل کر چام ڈیو جانے کے لیے تیاریاں کرنا چاہتی تھی، کیونکہ اب چام ڈیو جائے بغیر بات آگے بڑھنا ممکن نہیں تھی۔

میں نے لمحہ روانگی سے قبل سارہ سے بھی ساتھ چلنے کے لیے کہا مگر وہ آمادہ نہ ہوئی، کیونکہ اُسے منتی کے ہمراہ پکپوری میں موجود اپنے کچھ عزیزوں سے ملنا تھا۔

رضوان اب بالکل چاق و چوبند ہو چکا تھا اور حسبِ معمول چہکنے لگا تھا۔ پکپوری سے الہ آباد تک کا سفر خوشگوار گزرا۔

پونا الا مٹھ پہنچ کر میں پنچن لامہ سے ملی۔ پہلی ملاقات سرسری ہی رہی۔ وہ میری خیریت پوچھتا رہا اور اس دوران میں مجھ پر جو گزری تھی سناتا رہا۔ میں چام ڈیو روانہ ہونے سے قبل تر و تازہ ہونا چاہتی تھی، اس لیے پورے دن تھا اور اُس کے حامی اُسے تبت واپس لانے کی تیاریاں کر رہے تھے۔

"آپ کو دلائی لامہ کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ہیں۔" سارہ میرے جواب دینے سے پہلے ہی بولی۔ "دلائی لامہ کے بارے میں خود میری

معلومات بھی واجبی ہیں، مگر میں جلد ہی اُن کے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کرلوں گی۔ میرے والد اُن کا نام بڑی عقیدت سے لیا کرتے تھے۔ انھیں دلائی لامہ کا ساتھ چھوڑنے پر ندامت بھی تھی اور افسوس بھی۔ دلائی لامہ اگر تبت لوٹ آئیں تو کیسا ہے؟ آپ کا کیا خیال ہے، کیا یہ اہلِ تبت کے لیے بہتر نہ ہوگا؟"

دلائی لامہ کا تبت لوٹ آنا، اُس صورت میں تو بہتر تھا جب چینی حکومت سے گفت و شنید اور مذاکرات کے بعد یہ طے ہو جاتا کہ وہ چینی حکومت سے دوستانہ تعلقات رکھے گا، لیکن دوسری صورت میں خود دلائی لامہ کے لیے بھی اُس کی تبت واپسی نقصان کا باعث تھی۔

میں نے کچھ دیر غور کرنے کے بعد سارہ کی بات کا جواب دیا۔ "میرے خیال میں دلائی لامہ کا تبت آنا مناسب نہیں ہے۔"

میرا جواب سُن کر سارہ نے معنی خیز انداز میں سر ہلایا مگر زبان سے کچھ نہ کہا۔ اُسی وقت مہنتی کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا اور آتے ہی بولا۔ "بیٹا لامہ تم سے بھی ملنے کا خواہشمند ہے سارہ! اگر تم بھی اُس سے مل آؤ تو بہتر ہے۔ وہ اپنے کمرے میں تمھارا منتظر ہے۔"

"اچھا تم بڑے لامہ سے ملو سارہ! میں چلتا ہوں۔" میں اٹھ کھڑی ہوئی۔ مجھے اِس وقت مہنتی کی آمد گراں گزری تھی۔

دن میں نے اور رضوان نے آرام کیا۔ میں اِس دوران میں دوبار ینچن لامہ سے ملی۔ چام ڈیو کا سفر واقعی ناگزیر تھا۔ ینچن لامہ نے بھی خیال ظاہر کیا کہ اب مجھے دیر نہیں کرنی چاہیے۔ اِسی دو دن کے دوران میں مجھے چینی حکومت کی طرف سے بھی ایک پیغام ملا۔ اُس پیغام میں مجھے آگاہ کیا گیا تھا کہ اِس بات کی تصدیق ہو چکی کہ دلائی لامہ ابھی تک بھارت ہی میں ہے۔ یہ اطلاع چینی جاسوسوں نے بھارت سے فراہم کی تھی۔ اِسی پیغام میں چینی حکومت نے مجھے باخبر کیا تھا کہ دلائی لامہ کو تبت واپس لانے کی کوشش تیز کر دی گئی ہیں۔ اِس پیغام سے کم از کم ایک بات تو واضح ہو چکی تھی کہ دلائی لامہ ابھی تبت نہیں پہنچا اور بھارت ہی میں ہے۔

یہ مسئلہ اپنی جگہ تھا مگر اِسی سے متعلق ایک اور مسئلہ میرا ذہن الجھائے ہوئے تھا اور وہ مسئلہ سارہ تھی۔ مہنتی کا باغی کھمبا قبیلے سے تعلق ہونا، پھر سارہ کا اُس کی طرف جھکنا، ان دونوں باتوں میں کیا رشتہ تھا؟ کیا سارہ کو میری طرف سے ورغلایا گیا ہے؟ لیکن کس طرح؟ میں مہنتی پر شک کر رہی تھی اور سارہ اُسے معصوم ثابت کرنے پر تُلی ہوئی تھی۔

یہ ممکن تھا کہ واقعی سارہ کا بیان درست ہو اور مہنتی ہی نے اُسے ڈاکوؤں سے بچایا ہو لیکن میں اِس طرح کے اتفاقات کو شک و شبہے کی نظر سے دیکھنے کی عادی تھی۔ اگر یہ اتفاق ہی تھا تو بڑا عجیب اتفاق تھا کہ جس راستے سے ڈاکو سارہ کو لے جا رہے تھے مہنتی بھی اُسی راستے پر جا نکلا اور ڈاکوؤں سے بھڑ گیا۔ مہنتی نے دوسرے دن ہی کہانی بنائی تھی۔

مجھے ہر حال سارہ کی طرف سے فکر لاحق تھی کہ کہیں وہ مہنتی کی کسی سازش کا شکار نہ ہو جائے۔ میں بھلا اُن حسین جوبیں نے سارہ کے ساتھ صبر کیے تھے، لیکن سارہ دوسرے ہی دن دُور ہو گئی۔ سارہ پوتالا محل میں سارہ تھی جو مجھے چکپوری میں کچھ بدلی بدلی سی لی رویے میں نمایاں تبدیلی محسوس کی۔ سرد مہری کی لی تھی۔

مجھے یہ دیکھ کر اور بھی خوشی ہو رہی تھی لگا کر نہیں لائی تھی۔ وہ تنہا آئی تھی۔ میں نے مذ میں ٹھہرایا تھا۔ اُس وقت رضوان بھی میرے

"یہ قربتیں کسے نصیب ہوتی ہیں سارہ! محبت کا شرف تو بڑے بڑوں کو حاصل نہیں۔"

"تو جناب مجھے انکار کب ہے!" سارہ رضوان چپکتے چپکتے سے کہنے لگا تھا، بدل دیا اور بولی۔ "رضوان! میرا خیال ہے کہ روانہ ہو جائیں۔"

"ٹھیک خیال ہے۔" رضوان شوخی سے چلیں تو آپ کا وقت اچھا گزرے گا۔"

"ہاں کیوں نہیں، کیوں نہیں!" میں اُس کی

"ویسے کیا یہ ممکن نہیں کہ اِس بندۂ حقیر کا سُنا ہے کہ چام ڈیو بڑا خطرناک علاقہ ہے، ہے۔" رضوان ہونٹ سکوڑ کر بولا۔

مجھے علم تھا کہ وہ محض اداکاری کر میں تنہا چھوڑے۔ یہ تو ممکن ہی نہیں تھا۔ بولی۔ "ہاں یہ ٹھیک ہے، تم یہاں مفت کی چام ڈیو ہو آتی ہوں۔"

کچھ وقت ایسی ہی خوش گپیوں میں گزرا کھایا، باتیں کیں اور رضوان کچھ دیر بعد اپنے سارہ کمرے میں تنہا رہ گئے۔

سارہ بہت دن بعد تنہا ملی تھی۔ جس میں ہزاروں آرزوئیں کروٹیں لینے لگیں۔ پچھ اور ایسی خواہشیں کہ ہر خواہش پہ دم نکلے نگاہ سے دیکھا اور وہ میری نگاہ کا مفہوم سمجھ گ جھکا لی اور میں اُس کی ادا پر قربان ہو گئی بیٹھی تھی۔ میں نے اُس کی طرف مُڑ کر اُس کا لے لیا۔

"سارہ!" میں جیسے خواب کے سے عالم

"باتو!" اُس کے یاقوتی لب ہلے۔

عالم کہہ دی۔

پھر اُس کا ہاتھ پکڑا۔

ہوئے مدھم لہجے میں بولی۔

ہے، رنگ میں کیف ہے، بے خودی ہے۔ وہاں سارہ، جہاں دُوئی نہیں، فاصلے ہیں۔ وہاں سارہ، جہاں مرد کی برتری عورت کی فرمانبرداری نہیں اور جہاں مرد کی برتری عورت کی فرمانبرداری نہیں۔ چلو چلیں۔"

میں بہہ گئی۔ رنگوں نے رنگوں سے باتیں کیں، بہار کی صدا گونجی اور نغموں کا کارواں رواں ہوا۔ اگلی منزلوں کی فریاد دی اور نفس نفس فاصلے سراب میں شراب تحلیل ہوئی اور نشہ بڑھتا گیا اور پھر نشۂ جاں کے سوا کچھ نہ رہا۔ میں

سارہ وہاں تھی ہی کب جو میری صدا کا جواب دیتا۔ آگے نشانِ منزل کے قریب کھڑی تھی، حال تھا۔ میں نے اپنی رفتار تیز کر دی۔ مجھے اچھے شاید یہی احساس ہوا تھا اور اسی بھول گئی تھی کہ میرے سانس بے قابو ہوتے اور اگر میں نے قریبِ منزل پہنچ کر سارہ کو پکارنا چاہا تھا کہ دیکھ لو سارہ! میں تم سے آ ہی لیا، مگر میں کچھ بھی نہ کہہ سکی تھی۔ بے قابو

میں سے میرے دل کا سارا غبار دُھل چکا تھا۔ سارہ پوتالا محل سے باہر نکلے۔ رضوان نے ان ہونی نہیں بننا چاہتا اور وہ محل ہی میں اور ہنس کر ٹال دیا تھا۔ ناشتے کے دوران ایک عزیز کا ذکر کیا تھا۔ وہ میرے والد ماں سے ملنے جا رہی تھی اور اُن سے مجھے

سارہ دو تربیت یافتہ فوجی گارڈ کے طور میں کو اپنے ساتھ لے جانا تو نہیں چاہتی تھی لیکن مجبوراً بکر دیا۔

لامہ کی اُس آبادی میں پہنچے جہاں سارہ سے بنی ہوئی ایک مضبوط عمارت میں اپنے باڈی گارڈز کو عمارت کے باہر ہی سارہ ہمیں تھے مگر پھر یہ اطمینان کر کے کہ

عمارت میں داخل ہونے کا ایک ہی راستہ ہے، وہ دروازے پر جم گئے۔

وہ عمارت کئی کمروں پر مشتمل تھی اور اُس کا کچھ حصّہ کسی چٹان کو کاٹ کر بنایا گیا تھا۔ کھڑکیاں، روشندانوں کی طرح تنگ تھیں۔ سارہ شاید پہلے بھی وہاں آ چکی تھی کیونکہ وہ سیدھی ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں ہوتی ہوئی عمارت کے اندرونی حصّے کی طرف بڑھی جا رہی تھی۔

سارہ نے مجھے بتایا تھا کہ اُس عمارت میں اُس کا عزیز صرف ایک ملازم کے ساتھ تنہا رہتا ہے، اِس لیے عمارت میں کسی کو نہ پا کر مجھے کوئی حیرت نہیں ہوئی۔ میں نے اِس بات کا بھی کوئی خیال نہیں کیا کہ ہمیں عمارت کا دروازہ کھلا ملا تھا، کیونکہ تبت میں یہ کوئی عجیب بات نہیں۔

آخری دروازہ ہمیں بند ملا، لیکن وہ بھی صرف بھڑا ہوا تھا۔ سارہ نے دروازہ کھول کر مجھے آنے کا اشارہ کیا۔ میں کمرے میں داخل ہوئی۔ میرے ساتھ ہی ساتھ سارہ نے بھی کمرے میں قدم رکھا۔

عمارت کے دُوسرے حصّوں کی نسبت وہ کمرہ کافی روشن تھا۔ سامنے ہی ایک مہوگنی کے گدّے پر ایک بوڑھا آدمی تکیے کے سہارے نیم دراز تھا اور دروازے ہی کی جانب دیکھ رہا تھا۔ ہمیں دیکھ کر اُس کے جسم میں ذرا بھی جنبش نہ ہوئی۔ یہ بات مجھے کچھ غیر فطری سی لگی۔

اُسی لمحے مجھے اپنے پیچھے کچھ آہٹ سی محسوس ہوئی۔ میں چونک کر مُڑی اور جھک کر اپنی جگہ ساکت ہو گئی۔

دروازے کی دونوں جانب دو دو آدمی رائفلیں تانے کھڑے تھے اور اُن رائفلوں کا رُخ میرے سینے کی طرف تھا۔ معاً اُن میں سے ایک آگے بڑھا اور وہ مہنتی تھا۔ اُس کی آنکھیں چمک رہی تھیں اور ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی۔

"باتو! ہاتھ اوپر اُٹھا لیں۔" اُس نے بڑے ادب سے کہا۔

"میں یہاں تنہا نہیں آئی ہوں۔" میں نے ہاتھ اٹھاتے ہوئے سخت لہجے میں کہا۔

"ہمارے ساتھ دو درجن گارڈ بھی ہیں۔" سارہ نے مہنتی کو مخاطب کیا۔

"ابھی اُن کا انتظام بھی ہوا جاتا ہے۔" مہنتی پُرسکون آواز میں بولا، پھر اُس نے رائفل بغل میں دبا کر تالی بجائی۔

دوسرے کمرے میں آہٹ سُنائی دی۔ چند لمحے بعد ہی اُس کمرے میں چار پانچ آدمی گھس آئے۔ وہ بھی رائفلوں سے مسلح تھے۔

"باہر ان کے دو ساتھی موجود ہیں، ذرا اُن کی خیریت دریافت کرو!" مہنتی نے تمسخرانہ لہجے میں اپنے آدمیوں کو حکم دیا۔

آنے والے خاموشی کے ساتھ کمرے سے نکل گئے۔ کچھ دیر بعد ہی اُن میں سے ایک نے آ کر اطلاع دی کہ ہمارے باڈی گارڈز بھی مفلوج

کیے جا چکے ہیں۔

"اب آپ پوری طرح ہمارے قبضے میں ہیں بانو!" منتی نے مسکرا کر کہا۔

میں نے سارہ کی طرف دیکھا جو نظر چرائے کھڑی تھی۔

"تو تم میرے دشمنوں سے مل گئیں!" میں نے سارہ کی طرف دیکھتے ہوئے سپاٹ لہجے میں کہا۔

سارہ نے نظر اٹھا کر میری طرف دیکھا اور مجھے اُس کی آنکھیں پہلے ہی کی طرح معصوم دکھائی دیں۔ نہ اُن آنکھوں میں ندامت تھی نہ خفت! مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ سارہ میری دشمن ہو گئی ہے۔ سارہ جو غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک تھی، دشمن کی حیثیت سے بہت خطرناک ثابت ہو سکتی تھی۔ آخر اُس پر کیا جادو کیا گیا تھا کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے دشمنوں سے مل گئی تھی!

"آپ غلط سوچ رہی ہیں بانو!" میری سماعت سے سارہ کی آواز ٹکرائی۔ "مجھ پر کوئی جادو نہیں کیا گیا۔" اُس نے یہ کہتے ہوئے میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں، پھر قدرے توقف کے بعد بولی۔ "بانو! آپ یہ خیال اپنے ذہن سے نکال دیں کہ میں آپ کی دشمن ہو گئی ہوں۔ دشمنی میری سرشت میں داخل نہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ مجھے اپنے آبائی وطن کے باشندوں سے ہمدردی ہے۔ میں اُن کے دُکھ میں برابر کی شریک ہوں۔ تبتی باشندے میرے خیال میں مظلوم ہیں، اور مظلوموں کی حمایت انسانیت ہے۔ اِس دوران میں مجھے بہت کچھ معلوم ہوا ہے اور میں اِس نتیجے پر پہنچی ہوں کہ محترم دلائی لامہ کی تبت واپسی ضروری ہے۔ اِسی میں تبت اور اہلِ تبت کی بھلائی ہے۔ محترم دلائی لامہ کی شخصیت نے مجھے اتنا متاثر کیا ہے کہ اب تبت کے باشندوں کی طرح میری بھی یہی دِلی آرزو ہے، محترم دلائی لامہ تبت واپس آ کر اپنے چاہنے والوں کے دلوں پر حکومت کریں۔ اُسی طرح جس طرح وہ پہلے لوگوں کے دلوں پر حکومت کرتے تھے، امن و سکون کے ساتھ، محبت و خلوص کی فضا میں اور بیرونی مداخلت سے آزاد رہتے ہوئے۔"

"مگر سارہ چند دن پہلے تو تمہارے یہ خیالات نہیں تھے!" میں نے اپنی طرف تنی ہوئی رائفلوں کو نظر انداز کرتے ہوئے پُرسکون لہجے میں کہا۔

"بانو! چند دن پہلے میں تبت میں ایک اجنبی لڑکی تھی جسے تبت اور اہلِ تبت کے بارے میں کچھ بھی علم نہیں تھا۔" سارہ ایک طویل سانس لے کر بولی۔ "چند دن پہلے تک میرے صرف یہ احساسات تھے کہ تبت میرے والد کا وطن ہے، لیکن اب مجھے یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے میرا ضمیر بھی اِسی مٹی سے اُٹھا ہے۔ تبت جسے پھر سے آزاد رہنے، اپنے مقدر کا فیصلہ خود کرنے کی اہمیت اور والد کو اپنے آقا محترم دلائی لامہ سے ملنے میں اُنھوں نے اپنے بھائی کو ایک خط لکھا تھا کا اندازہ ہوتا ہے۔ وہ خط میرے بھائی والد کا خط پڑھ کر میں نے یہ جانا کہ محترم طرح ہیں جیسے مچھلی بغیر پانی کے! اُس خواہش کا صاف صاف اظہار کیا تھا کہ کو کام میں لاتے ہوئے، محترم دلائی لا پوری کوشش کروں۔ یہ میرے والد احترام مجھ پر فرض ہے۔" آخری جملہ شدتِ جذبات سے بھرا سا گیا۔

"کیا تمھیں یقین ہے سارہ کہ وہ تھا؟" میں نے منتی کو شک دینے کے

"میں اپنے والد کا طرزِ تحریر پہچانتی میں تلخی تھی۔

"کسی کے طرزِ تحریر میں جعلی تحر سارہ!" میں نے تیزی سے کہا۔ "میں نہ سکتی ہوں جسے دیکھ کر تم حیران رہ جا ہے نقل نہیں۔ تم ایک نظر مجھے پتہ پھر میں ہو بہو ویسی ہی تحریر تمہیں لکھ نہیں، حقیقت ہے۔"

سارہ میری بات سُن کر خلا میں

بانو جب آپ وہ جعلی تحریر میری طرف میں کیا ہو گا؟ آپ یہ کیوں بھول جاتی کو پرکھنے کے کچھ اور معیار بھی رکھتی ہ

اُس کا اشارہ ذہن پڑھنے کی طر اور چبھتی ہوئی نگاہ سے منتی کو گھورنے کے ہونٹوں پر بکھری ہوئی مسکراہٹ سارہ کے سامنے میری بے بسی کا تماشا۔

"منتی!" میں نے اُسے درشت میں تمہارے سحر سے سارہ کو نکال لوں گی لڑکی کو دھوکا دے رہے ہو۔"

منتی کی بجائے سارہ بولی۔ "نہیں

اِلٰہی! معصوم ہے۔" سارہ کے لہجے میں

تو وہ سارہ کہ محض ایک جعلی تحریر سے دھوکا کھا گی جواب دیا۔

ن اُسی تحریر کی نہیں، کچھ اور بھی ہے۔" گزشتہ چند دن میں نے جن لوگوں ں نے مجھے بہت اہم معلومات فراہم

چونک پڑی۔

ا، اُس نے کہا، "تبت کے وہ معمولی باشندے ہمت سے بھٹک جاتے ہیں۔ وہ تھوڑی امی کمزور بن سکتے ہیں۔ حصولِ زر کے لالچ میں کر کے وہ گناہ کا کام ہے میں یا ثواب! اُن کم پر اغوا کیا تھا، اور چن ژی چینی حکومت

الہ بولی۔ "وہ سُرخ چین سے تعلق رکھتا ہے مگار اور بدامنی پھیلانا ہے۔ وہ بغاوت ا تا ہے۔ بغاوت جس میں تبت کے بھولے بغاوت جو تبت کا مستقبل تاریک کر دے۔" ی اور اُس نے کہا۔ "بانو! شاید آپ بھول ر، زیادہ یقین نہیں کرتی، کیونکہ میں جانتی ہوں ہیں۔ میں نے اُن ڈاکوؤں کے ذہن کھنگال کتاب ی کو چینی حکومت کے ایجنٹ ہی کی حیثیت

حکومت کا ایجنٹ سمجھتی ہو؟" میں نے برجستہ ی میرا ساتھی ہوا۔ اگر ایسا ہی ہے تو پھر

"اِس لیے یہاں بھیجا تھا کہ آپ معلوم کریں ہم کیا کیا اِن یاجمات ہی میں ہیں!" سارہ نے ہ نہ پہنچے ہوں تو آپ کے لیے سہولیات جمیں۔ آپ ایسے حالات پیدا کریں کہ محترم ال ہی چھوڑ دیں، مگر شاید آپ کو یہ نہ معلوم مائن بورڈ کی طرح ہے اور اصل آدمی چن ژی ہے۔"

"اور مجھ پر چن ژی کے قاتلانہ حملے؟ اُنھیں تم کس خانے میں رکھو گی؟"

"وہ حملے محض آپ کو اُلجھائے رکھنے کا ایک بہانہ ہیں۔" سارہ نے جواب دیا۔

"موموپر حملہ محض کوئی بہانہ نہیں ہو سکتا جبکہ وہ چینی حکومت ہی کی نمائندہ تھی۔" میں نے دلیل سے سارہ کی تردید کرتے ہوئے اس کی طرف دیکھا، تاکہ اُس کا ردِعمل جان سکوں۔

سارہ کے چہرے سے کسی قسم کی الجھن کا اظہار نہ ہوا۔ وہ پُرسکون آواز میں بولی۔ "بانو! کسی بڑے مقصد کے حصول کی خاطر موموجیسی کئی لڑکیاں قربان کی جا سکتی ہیں۔"

"تو تمھارے کہنے کا مقصد یہ ہے سارہ کہ چینی حکومت کا بھیجا ہوا اصل آدمی چن ژی ہے اور میری حیثیت ثانوی ہے تاکہ وہ لوگ میرے پیچھے لگ جائیں جو چینی حکومت کے خلاف ہیں۔ اِس طرح چن ژی بآسانی حصولِ مقصد کے لیے کوشش کر سکے!" میں نے وضاحت چاہی۔

"ہاں بانو! حقیقت یہی ہے جس کا علم غالباً آپ کو نہیں تھا۔" سارہ نے تائید کی۔

چند لمحے کو مَیں سناٹے میں آ گئی۔ یہ بات میرے ذہن میں صاف ہو چکی تھی کہ سارہ کو کیوں اغوا کیا گیا تھا! اُسے اغوا کرا کے یہ یقین دلا دیا گیا تھا کہ چن ژی، چینی حکومت کا ایجنٹ ہے۔ اغوا کرنے والوں کے ذہن پڑھ کر سارہ کا چینی حکومت کے خلاف ہو جانا، سمجھ میں آتا تھا۔ اُن کا پورا منصوبہ میرے ذہن میں واضح ہو گیا۔ منتی نے سارہ کو اِسی لیے اُن ڈاکوؤں سے چھڑایا تھا کہ اُسے وہ جعلی خط پڑھوا دے جسے اُس کے باپ کا خط بتایا گیا تھا۔ اِس طرح وہ سارہ کو دھوکا دے کر میرا مخالف بنانا چاہتا تھا، اور وہ اپنی کوشش میں کامیاب ہو گیا تھا۔ سارہ میرے مخالفوں کی دوست بن چکی تھی۔

"میں دھوکا نہیں کھا سکتی بانو! آپ پھر غلط خطوط پر سوچ رہی ہیں۔" سارہ کی آواز سے میرے خیالات کا سلسلہ ٹوٹ گیا، اور میں کچھ جھنجھلا سی گئی۔ وہ کہہ رہی تھی۔ "آپ چن ژی کو سُرخ چین کا باشندہ سمجھ کر خود دھوکا کھا رہی ہیں۔"

سارہ ٹھیک ہی کہہ رہی تھی۔ میں نے دانستہ ایک غلط بات سوچی، مگر زبان سے کچھ اور ہی کہا۔ میں بولی۔ "میں تمھارے خیالات سے

متفق نہیں ہوں سارہ!"

"جب کہ آپ کا ذہن میرے خیالات کو تسلیم کر رہا ہے بالو!" اُس نے مسکرا کر میری آنکھوں میں دیکھا۔

میں نے اُس کی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے سوال کیا۔ "سارہ! کیا چن ژی تمہارے سامنے آیا تھا؟"

"نہیں!" اُس نے جواب دیا۔ "وہ محض اُس وقت چند لمحوں کے لیے میرے سامنے آیا تھا جب مجھے اغوا کیا جا رہا تھا۔ اُس کے بعد میں نے اُسے نہیں دیکھا۔ ہاں اُس کے ساتھیوں کے ذہن پڑھ کر مجھے ضرور پتا چل جاتا تھا کہ وہ آس پاس ہی منڈلا رہا ہے۔"

اِس کا مطلب یہی تھا کہ چن ژی کو کسی طرح سارہ کی غیر معمولی صلاحیتوں کا علم ہو گیا تھا۔ اِسی لیے وہ سارہ سے دُور دُور رہتا تھا۔ میں نے مہنتی کی جانب دیکھا جس کے ہونٹوں پر اب بھی مسکراہٹ تھی۔ میرے خیال میں یہ سارا کھیل وہی کھیل رہا تھا۔

"آخر آپ میرے بھائی کے پیچھے کیوں پڑ گئی ہیں؟ یقین کیجیے کہ وہ بالکل بے قصور اور معصوم ہے۔" سارہ نے اِس بار انگریزی میں کہا۔

"معصوم تم ہو سارہ جو ذہن ہو کر بھی دھوکا کھا رہی ہو۔ کیا تم بتا سکتی ہو کہ چن ژی نے تمہیں کس لیے اغوا کرایا تھا؟" میں نے بھی انگریزی زبان کا سہارا لیا۔

مجھے پہلی بار سارہ کے چہرے پر اُلجھن کے آثار نظر آئے، پھر اُس نے کہا۔ "چن ژی شاید مجھے اپنے قبضے میں رکھنا چاہتا تھا تاکہ کسی مرحلے پر میں اُس کے منصوبے کی راہ میں حائل نہ ہو سکوں۔"

سارہ کا خیال درست ہے۔ میں نے ایک بار پھر دانستہ غلط سوچا، اور زبان سے اپنے خیال کی تردید کی۔ مجھے اِس کھیل میں لطف آنے لگا تھا۔ میں نے کہا۔ "سارہ! یہ محض تمہارا مفروضہ ہے۔"

"بالو! آپ یہ جان کر بھی کہ میں ذہن پڑھنے کی صلاحیت رکھتی ہوں، مجھ سے کیوں غلط بات کرتی ہیں؟ آپ کا ذہن میری بات کی تائید کرتا ہے، مگر زبان سے آپ اختلاف کر رہی ہیں!"

"خیر اِس ذکر کو چھوڑو، اور یہ بتاؤ کہ تم نے مجھے یہاں لا کر کیوں پھنسایا ہے؟" میں نے اُس کی بات کو اہمیت نہ دیتے ہوئے دوسری بات چھیڑ دی، اور اپنے ذہن کو دوسرے مسئلے میں اُلجھایا تاکہ سارہ اُس کھیل کو نہ سمجھ سکے جو میں اُس سے کھیل رہا تھا۔ وہ کھیل جو ذہانت اور قوتِ ارادی کا کھیل تھا۔

"آپ کا خیال غلط ہے بالو!" میں اُس کی آواز سُن کر چونک پڑا، کہیں وہ حقیقت تو نہیں جان گئی کہ میں نے مگر ایسا نہیں تھا۔ اُس کا مقصد کچھ اور اُس کے اگلے جملوں سے ہو گئی وہ کہہ رہی تھی لا کر پھنسایا نہیں بالو بلکہ میں آپ کو اِس جال شاید آپ کو میری اِس بات پر یقین آئے کہ آپ کی اُتنی ہی عزت و محبت ہے جتنی تجارتی سامان لے کر چین کی طرف روانہ ہم چند ساتھیوں کی رہنمائی میں، اُس قافلے کے ہو جائیں گی۔"

"اور رضوان؟" میرے مُنہ سے بے سا

"وہ آپ کی طرف سے مایوس ہو کر واپس چاہیں تو اُسے کسی طرح آپ کے بارے میں بخیریت چین پہنچ چکی ہیں۔" سارہ نے ہم

"اگر بقول تمہارے تم میری ہمدرد ہو تو کیوں اُٹھی ہوئی ہیں؟" میں نے چبھتے ہو

"اِس لیے بالو کہ میں بھی آپ کو اچھی طر بھائی مہنتی بھی جان چکا ہے کہ آپ کو راز پر آمادہ نہیں کیا جا سکتا۔" اُس نے مسکرا کر

"لیکن یہ نہ بھولو سارہ کہ مجھے دوبا لگے گی۔" میں نے مضبوط اور پُراعتماد لہجے

"مجھے معلوم ہے بالو، مگر میں یہ بھی یہاں لگ جائے گی کہ تبت پر سے چینی اقتدار لامہ کو اُن کا جائز مقام مل جائے۔" سارہ ممکن تھا کہ میں سارہ سے کچھ اور ا گولی چلنے کی آواز سُنائی دی۔ میں نے ک ہوئے قدموں کی قریب ہوتی آواز گولی کی یہ میں داخل ہوا۔

"کیا بات ہے؟" مہنتی نے اُس سے

"پنچن لامہ کے آدمیوں نے ہمیں گھ چھوڑے ہوئے سانسوں کے درمیان بتایا مامور تھا۔" اُنھوں نے اُسے بھی خبر کر دیا۔

مہنتی کے چہرے سے بدحواسی دا

"میری سمجھ میں نہیں آیا کہ ایسے ہ

ہی اِتنی جلدی یہاں پہنچ جائیں؟" سارہ مہنتی

کر بول اُٹھیں!" میں نے سارہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "یہ رضوان ہے، اُسے تم نہیں سمجھ سکتیں بات میں دھوکا کھا گئی، مگر رضوان مطمئن نہیں میرا انتظار کیا ہوگا۔ اور دیکھ لو کہ وہ بروقت

مجھے باہر رضوان کی آواز گونجی۔ "سارہ اپنے ہاتھ پھینک دیں۔ اُن کے فرار ہونے کا صرف ہمارے قبضے میں ہے۔"

مہنتی نے بات کی تھی تاکہ سارہ اُس کی بات سمجھ کر کوئی جواب دینے کی بجائے مہنتی سے بولی۔ کیا جائے؟"

تیز نگاہ سے مجھے دیکھا، اور بولا۔ "ہم بُری تمہاری اور بالو کی سلامتی کا خیال نہ ہوتا تو اس میں سوچا جا سکتا تھا۔ اِس کوشش میں پڑے، مگر ہتھیار ہرگز نہ پھینکیے۔"

اس کو بھی ہوگی۔" سارہ نے کہا، پھر اچانک پُرجوش لہجے میں بولی۔ "کیوں نہ ہم بالو کو میں کوئی ہم پر حملہ نہ کر سکے گا۔"

ہمت ہے سارہ!" یہ کہتے ہی مہنتی نے اپنی گن کی، پھر اِس سے پہلے کہ میں کچھ سمجھ پاتی اس میری پشت سے لگا دی۔

سارہ نے چیخ کر کہا۔ "سُنو رضوان! کوئی غلط اس کی جا دی جائے گی۔"

انگریزی میں ادا کیا تھا، پھر اُس نے تقریباً "ہرا۔ اِس بار سارہ کے مخاطب پنچن لامہ بھی صورتِ حال کی نزاکت سے آگاہ ہو جائیں۔ اس کی طرف بڑھنے کا اشارہ کیا مجھے مہنتی کے اس طرف سے گھیرے میں لیا ہوا تھا، اور اُن اُٹھی ہوئی تھیں۔ سارہ بھی اِسی حلقے

چل جاؤ!" سارہ پھر چیخی، اور اِس بار بھی اُس نے اپنے الفاظ انگریزی اور تبتی زبانوں میں دُہرائے۔

میں اُن لوگوں کے گھیرے میں کمرے سے نکلی تو دوسرا کمرہ خالی ملا۔ رضوان یقیناً سارہ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے عمارت سے باہر نکل گیا تھا، اور اپنے ہمراہ پنچن لامہ کے آدمیوں کو بھی لے گیا تھا۔ وہ غالباً اچھی طرح جانتا تھا کہ ایسے خطرناک حالات میں دھمکیاں بے معنی نہیں ہوتیں۔ اُس نے عمارت سے باہر نکل کر سمجھداری ہی کا ثبوت دیا تھا۔

میں آہستہ آہستہ راہداریوں کے گھیرے میں مختلف کمروں سے گزرتی ہوئی عمارت کے مضبوط دروازے تک پہنچ گئی۔

عمارت کے دروازے پر رضوان موجود تھا، اور پنچن لامہ کے مسلح فوجیوں کا ایک دستہ جا رہا تھا۔ فوجیوں کی رائفلیں دروازے کی جانب اُٹھی ہوئی تھیں، اور قریب ہی اُن کے گھوڑے کھڑے تھے۔

"تم لوگ دروازے سے ایک طرف ہٹ جاؤ!" سارہ نے تبتی زبان میں فوجیوں کو مخاطب کیا، پھر انگریزی میں رضوان سے مخاطب ہوئی۔ "رضوان! تم یقیناً یہ نہیں چاہو گے کہ وطن سے سینکڑوں میل دُور بالو کا خون بہے، اِس لیے پیچھے ہٹ جاؤ! تم دروازے سے الگ، ایک طرف ہو جاؤ۔"

مجھے رضوان کے چہرے پر اُلجھن اور بے بسی کے آثار نظر آئے اور اُسی وقت اُن مسلح فوجیوں کے سالار نے رضوان سے کچھ کہا۔ وہ غالباً انگریزی بولنا اور سمجھنا جانتا تھا۔ رضوان نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

فوجیوں کے افسر نے اُنھیں حکم دیا کہ وہ دروازے کی دائیں جانب ہو جائیں، پھر وہ خود بھی رضوان کو ساتھ لیے پیچھے ہٹ گیا۔

فوجیوں نے اپنے گھوڑوں کو بھی ایک طرف کر لیا تھا۔

فوجیوں کے دروازے سے ہٹتے ہی مجھ سے آگے بڑھنے کے لیے کہا گیا۔ میں نے قدم اُٹھایا۔ مہنتی اور سارہ میرے پیچھے پیچھے تھے اور اب حلقے نے نیم دائرے کی صورت اختیار کر لی تھی۔ اب میرے آگے مہنتی کا کوئی مسلح آدمی نہیں چل رہا تھا بلکہ وہ میرے دائیں بائیں ہو گئے تھے۔ مہنتی اب بھی میری پشت پر رائفل کی نال رکھے ہوئے تھا، اور اُس کے مسلح ساتھی بھی میری ہی جانب رائفلیں تانے ہوئے تھے۔ مجھے یقین تھا کہ ضرورت پڑنے پر مہنتی مجھے بے دریغ گولی مار سکتا تھا، اِس لیے میں غیر ضروری بہادری سے اجتناب کر رہی تھی۔ مجھے کسی ایسے موقع کی تلاش تھی کہ رضوان اور پنچن لامہ کے ساتھیوں کو کچھ کرنے کا وقت مِل جائے، مگر ابھی تک مجھے کوئی ایسا موقع

نہیں ملا تھا۔

مہنتی اور سارہ اپنے مسلح ساتھیوں کے ہمراہ مجھے لیے عمارت سے باہر نکل آئے' اور ٹھہر گئے۔

"سارہ! اُن کے پاس گھوڑے بھی ہیں اور وہ ہمارا تعاقب بھی کر سکتے ہیں۔" میں نے مہنتی کی آواز سُنی۔

چند لمحے کی خاموشی کے بعد سارہ کی آواز اُبھری۔ "اور ہمیں بھی یہاں سے فرار ہونے کے لیے گھوڑے چاہئیں۔ میرے خیال میں ایک تیر سے دو شکار کیے جا سکتے ہیں۔"

"میں تمہارا مطلب نہیں سمجھا۔" مہنتی کے لہجے میں حیرت شامل تھی۔

"میں اسی لیے تو کہتی ہوں کہ تم بہت بھولے اور معصوم ہو' مگر بالو یقین ہی نہیں کرتیں۔" سارہ کی آواز میں شوخی تھی۔ "تمہاری سمجھ میں اتنی سامنے کی بات نہیں آئی کہ ہم فوجیوں سے گھوڑوں کا مطالبہ بھی کر سکتے ہیں؟"

اور پھر سارہ نے وہی کیا جو کہا تھا۔ مجبوراً رضوان کو اُس کا یہ مطالبہ بھی پورا کر دینا پڑا۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ مطالبہ پورا کرنے کے باوجود بھی فوجیوں کے پاس گھوڑے بچ رہے تھے' کیونکہ اُن کی تعداد مہنتی اور اُس کے ساتھیوں سے زیادہ تھی۔

رضوان نے بھی شاید یہی سوچ کر سارہ کا مطالبہ مان لیا تھا۔

مہنتی اور اُس کے ساتھیوں نے ہوشیاری کے ساتھ گھوڑوں کی لگامیں تھام لی تھیں' اور اس دوران میں بھی مجھے یا رضوان کو کچھ کرنے کا موقع نہیں دیا تھا۔

"سارہ! آخر تم کیا چاہتی ہو؟" معاً رضوان کی بلند آواز سنائی دی۔ وہ زیادہ فاصلے پر نہیں تھا۔

"میں چاہتی ہوں کہ تم اور بالو تبت سے چلے جاؤ' اور ہمیں اپنے جھگڑے خود نمٹنے دو۔" سارہ نے بھی بلند آواز میں جواب دیا۔

"تو پھر بالو کو چھوڑ دو' ہم واپس چلے جائیں گے۔" رضوان کی آواز پھر سنائی دی۔

سارہ ایک قدم آگے بڑھ کر میری دائیں جانب آ گئی۔ اب میں اُس کے چہرے پر اُبھرنے والے تاثرات کا جائزہ لے سکتی تھی۔ اُس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی' اور وہ رضوان کی جانب دیکھ کر کہہ رہی تھی۔ "رضوان! تم مجھے دھوکا نہیں دے سکتے۔ میں تمہیں اور بالو کو اچھی طرح سمجھ چکی ہوں۔ تم سے بخوشی کوئی ایسی بات نہیں

سوائی جا سکتی جو تم دونوں کی مرضی کے خلاف ہو۔ رخصت کرنے کا انتظام خود ہم نے کیا ہے' جائیں گی جس طرح ہم چاہیں گے۔"

رضوان' سارہ کی جانب سے مایوس ہو گیا تھا۔

"بالو! آپ ٹھیک تو ہیں؟"

"ابھی تک تو ٹھیک ہی ہوں۔" میں نے جواب دیا۔

"اور آئندہ بھی ٹھیک ہی رہیں گی۔" سارہ نے کہا۔ "تم اپنے ذہن سے یہ خیال نکال دو کہ تمہیں یہ موقع مل سکے گا۔"

اُسی وقت مہنتی نے اپنے ساتھیوں کو اشارہ کیا۔ اور میں نے دیکھا کہ وہ چشم زدن میں اپنے گھوڑوں پر سوار ہو گئے۔ سارہ' مہنتی اور میں (ابھی تک) مہنتی کے گھوڑ سوار ساتھیوں کی رائفلوں کی زد میں تھے۔

"بالو! آپ بھی گھوڑے پر بیٹھ جائیں۔" مہنتی نے اپنے ہاتھ سے گھوڑے کی لگام آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔

میں نے لگام تھام لی۔ مہنتی ایک جست لگا کر گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ اور اُس نے اپنی رائفل میرے سینے کی طرف تان لی۔ اُس کے سوار ساتھیوں نے ایک بار پھر نیم دائرہ بنا لیا تھا۔ اور وہ سب میری ہی جانب نگراں تھے۔ مہنتی کی رائفل کی نال کا رُخ اُن پر فوجیوں کی طرف سے حملہ ہونے کی صورت میں قطعی لاپروا نظر آتے تھے۔ سارہ متوجہ تھی۔

میرے دیکھتے ہی دیکھتے مہنتی اور اُس کے ساتھی اوجھل ہو گئے۔ میں پہلے ہی اُس گھوڑے پر سوار تھا جس پر مہنتی نے تھا تھی تھی۔ میرے گھوڑے کی رفتار مکمل دائرے میں تبدیل ہو گیا تھا۔ میں اس کو آگے بڑھ کر وہ راہ مسدود کر دی گئی تھی سکتا۔ اب میرے دائیں بائیں مہنتی اور اُس کے ساتھی تھے۔ چاروں طرف مہنتی کے مسلح ساتھیوں کے گھوڑے تھے۔ مہنتی اور اُس کے ساتھیوں کی توجہ ایک لمحے کو بھی اُن کی توجہ میری طرف نہیں تھی۔ مجھے اگر کوئی اطمینان تھا تو صرف

اگر وہ چاہتے تو اب تک میں زندہ نہ رہتی۔ نشانے پر تھی۔ میرا خیال تھا کہ شاید سارہ نے کہا تھا کہ مجھے ہلاک نہ کیا جائے اور زبردستی لے جایا جائے۔

مگر اس وقت وہ لوگ رضوان اور فوجیوں کی ہمکنار ہیں' لیکن جب وہ رضوان اور فوجیوں کو یقیناً مطمئن ہو جائیں گے۔ اس کے بعد غالباً وہ رضوان اور فوجیوں کے ذہن پڑھنے میں آزادی کے ساتھ سوچ سکتی تھی۔

"اب؟" مہنتی نے سارہ کو مخاطب کیا۔

سارہ نے جواب دیا۔ "رضوان سوچ رہا ہے اتعاقب کرے گا' کیونکہ ابھی کچھ مزید گھوڑے ہوں۔"

"طالبہ کیوں نہ کیا جائے کہ وہ اپنے اپنے "یا؟" مہنتی معنی خیز لہجے میں بولا۔

"ہم میں سمجھ گئی کہ تم کیا سوچ رہے ہو؟" سارہ اپنا مطالبہ دہرایا۔

سمجھ لیا گیا' اور اسی کے ساتھ بیک وقت گھوڑوں کی آوازوں سے گونج اُٹھے۔ فائرنگ کے ساتھیوں نے کی تھی' مگر اُن کی رائفلوں سے تھے۔ اُنھوں نے ہوائی فائر کیے تھے۔ مجھے کی وہ ہوائی فائر کیوں کیے گئے تھے' اوجیوں کے ہوتے ہی بھڑک کر بھاگ اُٹھے تھے۔

جائے۔" فائرنگ ختم ہوتے ہی مہنتی زور سے چلایا۔ "بالو کی زندگی خطرے میں پڑ جائے گی۔"

ساتھیوں کو ہاتھ کے اشارے سے آگے بڑھنے کا اشارہ کرتے ہوئے مجھ سے بولا۔ "بالو! تم بھی"

اب نظر رضوان اور مسلح فوجیوں کی جانب پیچھے کھڑے ہوئے تھے' پھر گھوڑے کو آگے

تعاقب میں آ رہے تھے' شاید پیدل ہی

مگر مہنتی کے ساتھیوں نے پھر ہوائی فائرنگ کر کے انھیں آگے بڑھنے سے روک دیا۔

وہ چوڑی گلی زیادہ لمبی نہیں تھی۔ بہت جلد اُس گلی سے نکل کر گھوڑے ایک چھوٹی سی سڑک پر آ گئے۔ اب اُن کی رفتار تیز ہو چکی تھی۔

ایک دوراہے پر پہنچ کر تمام گھوڑے رُک گئے۔ پھر وہ دو گروہوں میں بٹ گئے۔ مہنتی ایک گروہ کا سربراہ بن گیا اور سارہ دوسرے گروہ کے ساتھ ہو گئی۔

"تم لہاسہ میں رُکے بغیر چامڈو لی کی طرف روانہ ہو جاؤ!" مہنتی نے سارہ کو مخاطب کیا۔ "میں بالو کو قافلے والوں کے حوالے کر کے تم سے آملوں گا۔"

سارہ نے اثبات میں سر ہلایا' پھر مجھ سے بولی۔ "بالو آپ کے خلوص اور نیک نیتی نے مجھے بہت متاثر کیا ہے۔ آپ یقین کریں کہ میں آپ کی دشمن نہیں۔ آپ اپنی دانست میں تبت کی تجلائی کے لیے جو کچھ کر رہی ہیں' وہ تبت اور اہل تبت کے حق میں نہیں' مگر پھر بھی میں آپ کے خلوص پر شبہ نہیں کرتی۔ کاش آپ اہل تبت کے مسائل کو سمجھ سکتیں' اور چینی حکومت کا ساتھ چھوڑ کر ہماری صفوں میں آ جاتیں۔" یہ کہہ کر وہ لمحے بھر کو رُکی پھر بولی۔ "بالو! کیا خبر آپ زندگی کے کسی موڑ پر آپ سے ملاقات ہو جائے' اس لیے اگر میری طرف سے آپ کو کوئی تکلیف پہنچی ہو تو معاف کر دیجیے گا۔"

سارہ کے لہجے میں دوستی' خلوص اور چاہت کی مٹھاس تھی۔ میں خود بھی اُس کے لیے کوئی بُرا جذبہ نہیں رکھتی تھی' اس لیے جواباً میں نے بھی خستی انداز میں ہاتھ ہلا دیا اور کہا۔ "مجھے تم سے کوئی شکایت نہیں سارہ کہ تم حالات کے جبر کا شکار ہو۔ تمہیں فریب دیا گیا ہے' اور ایک دن میں یہ بات ثابت کر دوں گی۔"

میری بات کے جواب میں اُس نے کچھ نہیں کہا' اور مسکرا کر ہاتھ ہلاتی ہوئی اپنا گھوڑا آگے بڑھاتے گئی۔ اُس کے پیچھے مہنتی کے نصف ساتھی بھی چل دیے۔ وہ دو دل جو کئی بار خلوتوں میں ایک ساتھ دھڑکے تھے' جُدا ہو گئے۔ انھیں جدا ہونا ہی تھا کہ اُن کی راہیں مختلف تھیں۔

کچھ دیر بعد سفر دوبارہ شروع ہوا۔ اب لہاسہ کی آبادی پیچھے رہ گئی تھی۔ مہنتی کے نصف مسلح ساتھی جا چکے تھے' اور سب سے اہم بات یہ کہ سارہ بھی چلی گئی تھی۔ وہ سارہ جس نے میری سوچ تک

پر پہرے بٹھا دیے تھے۔ اب میں آزادی سے سوچ سکتی تھی، اور اپنی سوچ پر عمل بھی کر سکتی تھی۔

ہر چند کہ مہنتی اور اُس کے ساتھی اب بھی چوکنّا تھے، لیکن اب کم تعداد رہ جانے کے سبب وہ حلقہ نہیں بنا سکتے تھے۔ مہنتی میرے بالکل ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ شاید اُسے ڈر ہو کہ میں گھوڑا بھگا کر نہ نکل جاؤں۔

میں نے صورتِ حال کا اندازہ لگایا۔ فرار میں خطرہ تو تھا، مگر اب میرا فرار ہونا، ناممکن نہیں رہا تھا۔ مہنتی سمیت اُن کی تعداد پانچ تھی۔ میں اِس امکان پر غور کر رہی تھی کہ مجھے اپنے گھوڑے سے اُچھل کر مہنتی کے گھوڑے کی پُشت پر پہنچنے میں کتنی دیر لگے گی۔ اب میں اُن کی چال خود اُسی پر آزمانا چاہتی تھی۔ مہنتی یقیناً اِس اچانک حملے کے لیے تیار نہ ہوگا۔ اُس کے گھوڑے پر پہنچ کر، اُس کی بدحواسی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اُس سے رائفل چھین لینا خطرناک کھیل تھا، مگر میرے لیے مشکل نہیں تھا۔ میں اُسے یرغمال بنا کر اُس کے ساتھیوں کے ساتھ وہی سلوک کرنا چاہتی تھی جو اُس نے اور سارہ نے، رضوان اور پنچن لامہ کے مسلح نوجیوں سے روا رکھا تھا۔ مجھے بس مہنتی کے برابر جلیتے ہوئے ایک دم گھوڑے کی باگیں کھینچنا تھیں، تاکہ مہنتی کا گھوڑا کسی قدر آگے بڑھ جائے، اور پھر فوراً ہی اُس کی پُشت پر چھلانگ لگا دینی تھی۔ میں جانتی تھی کہ اندازے کی ذرا سی بھی غلطی میری مَوت کا سبب بن سکتی تھی، لیکن مَوت سے میں کبھی نہیں ڈری تو اُس دن کیسے ڈر جاتی!

جس وقت میں یہ سوچ رہی تھی، اُس وقت اچانک میرے ذہن میں ایک اور خیال آیا۔ یہ خلش میرے ذہن میں بہت دن سے تھی اور اس وقت یہ خلش دُور ہو سکتی تھی۔

مجھے اِس بات پر پورا یقین تھا کہ مہنتی، سارہ کو دھوکا دے رہا ہے، اور یہ بھی میں اچھی طرح جانتی تھی کہ سارہ غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک ہے۔ میرے ذہن میں خلش یہ تھی کہ سارہ، مہنتی کے باطن سے آگاہ کیوں نہ ہو سکی! کیا مہنتی بھی کچھ ایسی غیر معمولی صلاحیتوں کا مالک ہے کہ اُس نے سارہ سے اپنا باطن چھُپا لیا! میں مہنتی پر حملہ آور ہونے سے پہلے اپنی یہ ذہنی خلش دور کر لینا چاہتی تھی! اور اِس کا صرف ایک ہی راستہ تھا کہ میں مہنتی کی زبان کھلوا سکوں۔ کسی کی زبان کھلوانے کا صرف ایک یہی طریقہ نہیں کہ اُس پر تشدّد کیا جائے۔ اکثر یہی ہوتا ہے کہ یہ طریقہ ناکام ہو جاتا ہے۔ زبان کھلوانے کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں، اور میں وہ طریقے جانتی تھی۔ گھوڑوں کی رفتار اب زیادہ تیز تھی۔ سے بات کرنا دشوار نہیں تھا۔

"مہنتی! تم نے مجھے سارہ سے بھی زیادہ..." اُس کی طرف پُرستائش نگاہ سے دیکھتے ہو، مہنتی کے چہرے پر حیرت کے آثار جیسے وہ میری بات کا اصل مقصد سمجھے میں دوبارہ بولی۔ "اِس میں شک صلاحیتوں کی مالک ہے، مگر تمہارے کریں۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا بانو!" لہجے میں بولا۔

"میں نے جو کچھ کہا ہے مہنتی، اُسے میں نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے مجھے حقیقت بتانے میں کوئی حرج نہیں زبردستی نکالے دے رہے ہو۔"

وہ میری بات سُن کر ہنس پڑا، پھر بانو! میں نے سارہ جیسی لڑکی کو اپنی مٹھی کو مطمئن نہ کر سکا۔"

"ہاں! اطمینان کا تعلق ذہن سے کہ خلوص اور دھوکے کو الگ الگ شناخت ہے مہنتی!" میں نے بھی اُس کی ہنسی کا سا "آپ کا یہ خیال ٹھیک ہی ہے بانو! کوئی حرج نہیں ہوگا۔ آپ بہرحال آپ کی اور سارہ کی ملاقات کا کوئی انتظام جائے تو مجھے یقین ہے کہ آپ اُسے قائل میری طرف سے برگشتہ نہ کر پائیں گی، وہ کرے گی، کیونکہ مہنتی کبھی کچی گولیاں نہیں آخر کار میں اُس کی زبان کھلوا سوچ کر مجھے خوشی ہوئی، اور میں نے اُس بھی تمہاری ذہانت کی معترف ہوں۔"

"بانو! آپ جیسے دھوکے کا نام، نہیں سمجھتا۔" مہنتی نے بات شروع کی۔

اہمیتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہتا تھا، اور اِس کی میں اپنی بہن کو اپنے ساتھ دیکھنا چاہتا تھا۔ اگر میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا تو اِسے چاہتا ہے بانو؟"

"میں اپنے خیالات کا اظہار بعد میں کروں گی۔ میرے خیالات سے اتفاق کروں! میں نے اُسے یہ میں یہ جاننے کے لیے مضطرب ہوں کہ کیا تم اہمیت کے مالک ہو؟"

اُس کی آنکھیں بھی آگ میں تپے ہوئے لوہے کی مانند تھیں۔ میں دوسروں کے خیالات پڑھ نہیں سکتا، پر مکمل اختیار ہے۔ میں چاہوں تو اپنے ان کی ہر فکر مٹا دوں، اور چاہوں تو اِس پر کچھ

"کہ یہ سارا کھیل قوتِ ارادی کا ہے۔" میں نے مجبور نگاہیں سارہ کے روبرو اپنی قوتِ ارادی کا

اس نے تائید کی۔ "لیکن بانو! اِس درجے کی میں کہ آدمی وہی سوچے جو سوچنا چاہتا ہے، اور کوئی دوسرا خیال نہ آئے۔ وہ جس خیال کو ذہن میں لائے، اور جس خیال کو ذہن سے جھٹک دے، سکے۔ اِس کے لیے بڑے ذہنی ریاض کی ضرورت اس کا اہل بھی نہیں ہو سکتا۔"

"ہو مہنتی! یہ واقعی ناممکن سی بات ہے۔" میں نے جانے کی غرض سے ایک ممکن بات کو ناممکن کہہ دیا، لٹ گئے ہے مہنتی کہ چن ژی تم سے ملا ہوا ہے، منع ہے۔ چن ژی سُرخ چین کا ایجنٹ ہے، مانے تنگ کے چین کا مخالف ہے۔ اُس سے سمجھ میں آتی ہے۔ مجھے صرف یہ پوچھنا ہے کہ کیا ہی ایما پر سارہ کو اغوا کرایا تھا؟"

سارہ کو اپنا ہمنوا بنانے کی یہ سہل ترکیب تھی۔ مہنتی اِس طرح میرے اُن خیالات کی تائید ہو گئی جو ذہن میں آ چکے تھے۔ مہنتی کہہ رہا تھا۔ "اغوا کرنے اُس نے بتائی گئی تھیں جو سارہ کے ذہن پر مسلط ہو کر سکیں۔ اغوا کے بہانے سارہ کو اُن لوگوں کے ساتھ کچھ عرصے رہنے کا موقع دیا گیا تھا، تاکہ سارہ اُن کے ذہن پڑھ لے اور چن ژی کو سُرخ چین کی بجائے ماؤزے تنگ کے چین کا ایجنٹ سمجھے۔ اِس کے بعد میں سارہ کو جان پر کھیل کر ڈاکوؤں کے چنگل سے نکال لایا۔ مجھے سارہ سے کچھ بھی کہنے کی ضرورت نہیں پڑی، اور وہ میری ہم خیال ہو گئی۔ لطف کی بات یہ ہے کہ سارہ یہ سمجھتی ہے کہ اُس نے مجھے اپنا ہم خیال بنا لیا ہے، اور میں جو کچھ کر رہا ہوں، اُسی کی ایما پر کر رہا ہوں۔"

مہنتی خوش نظر آ رہا تھا، اور بات بھی واقعی خوشی کی تھی۔ اُس نے ایک کٹھن کام اتنی آسانی سے انجام دے لیا تھا۔ مجھے اُس کی ذہانت کا اعتراف کرنا پڑا۔

"تم واقعی بہت ذہین ہو مہنتی!" میں نے کہا، پھر قدرے تیز لہجے میں سوال کیا۔ "کیا موجودہ حملے کی تجویز بھی تمہاری ہی تھی؟"

میری بات سُن کر اُس کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔ وہ مجھ سے نظر چُرانے لگا، پھر چند لمحے بعد بولا۔ "چن ژی نے یہ حرکت میری مرضی کے خلاف کی تھی اور میں نے اُسے ڈانٹا بھی تھا۔"

"چن ژی تمہیں کب اور کہاں ملا؟" میں نے کچھ سوچ کر دریافت کیا۔

مہنتی نے میرے سوال کا فوراً ہی جواب نہیں دیا۔ شاید وہ یہ سوچ رہا تھا کہ مجھے اِس سلسلے میں کچھ بتائے یا نہیں! پھر غالباً اُس نے یہی فیصلہ کیا کہ مجھے کچھ بتانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

"ہم چینی حکومت کے خلاف، ایک عرصے سے بغاوت پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔" مہنتی بولا۔ "ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہمالیہ محترم رہنما دلائی لامہ دوبارہ تبت آ جائیں۔ یہ ایک بڑا کام ہے۔ اِس سلسلے میں ہمیں جہاں سے بھی مدد ملتی ہے، حاصل کر لیتے ہیں۔ سُرخ چین نے پہلے ہمیں مالی امداد دی، پھر تھوڑے بہت ہتھیار بھی مہیا کیے۔ چینی حکومت کے جاسوس ہمیں قدم قدم پر نقصان پہنچا رہے تھے۔ ہمارے پاس اُن کا مقابلہ کرنے کے لیے تربیت یافتہ لوگوں کی کمی تھی۔ ہم نے اِس ضمن میں سُرخ چین سے درخواست کی جو منظور کر لی گئی۔ سُرخ چین نے ہمیں چن ژی اور اُس کے کچھ ساتھیوں کی خدمات مہیا کر دیں۔ اِس کے علاوہ سُرخ چین نے ہمیں ایک اور اہم سہولت فراہم کی۔ اب ہمیں چینی حکومت کے جاسوسوں سے، پہلے ہی خبردار کر دیا جاتا ہے۔ ہمیں اُن کے بارے میں پہلے ہی اطلاعات

مل جاتی ہیں۔ ان اطلاعات سے ہمیں زبردست فائدہ ہوا ہے۔ ہم نے بہت تھوڑے عرصے میں اپنے علاقے کو چینی جاسوسوں اور چین کے حلیف مقامی باشندوں سے صاف کر دیا ہے۔"

منتی تفصیلات سے آگاہ کرتا رہا اور میں یہ سوچتی رہی کہ اگر اُس کی زبان کھلوانے کا فیصلہ کرنے کی بجائے، پہلے ہی میں اُس پر حملہ کر دیتی تو کتنے گھاٹے میں رہتی! ایسی صورت میں مجھے بہت سی اہم باتیں معلوم نہ ہو پاتیں۔

منتی نے اپنی بات ختم کرتے ہوئے کہا۔ "چن ژی سے میری پہلی ملاقات لہاسہ میں ہوئی تھی۔"

"سُرخ چین والوں نے تمہارے پاس چن ژی کی ایک تصویر بھی تو بھیجی تھی تاکہ تم اُسے شناخت کر سکو۔" میں نے اپنے ذہن میں واقعات کا تسلسل جوڑتے ہوئے محض قیاس سے کہا۔

"وہی تصویر جو تم سے چکپوری کی درسگاہ میں گر گئی تھی، اور بعد میں تم نے اُس تصویر کو حاصل بھی کر لیا تھا!"

"ہاں وہ تصویر چن ژی ہی کی تھی، اور آپ کا یہ خیال بھی درست ہے کہ وہ تصویر مجھے سُرخ چین ہی کے ایک ایجنٹ سے ملی تھی۔" منتی نے میرے خیال کی تائید میں کہا، پھر بولا۔ "جب بڑے لامہ نے مجھ سے اُس تصویر کے بارے میں استفسار کیا تو میں نے اِس لیے وہ تصویر اپنی نہیں ظاہر ہونے دی کہ چن ژی سے براہِ راست میرا کوئی تعلق ثابت نہ ہو سکے۔"

"جب تم وہ تصویر دیکھ ہی چکے تھے تو اُسے دوبارہ حاصل کرنے کی کیا ضرورت تھی؟" یہ سوال میں نے اِس لیے کیا کہ اُس تصویر کے پیچھے درج ہندسوں کی معنویت سمجھ سکوں۔

"اُس تصویر کی پُشت پر ایک اہم تاریخ درج تھی، اِس لیے اُسے حاصل کرنا ضروری تھا۔"

منتی کے جواب نے مجھے چونکا دیا۔ کیا دلائی لامہ کے تبت لوٹنے کی تاریخ بھی مقرر کی جا چکی تھی؟ کیا صوبہ کھام میں کھُلم کھُلا بغاوت کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں؟ میرے ذہن پر پے در پے مختلف سوالوں نے یورش کر دی۔

"بڑے لامہ نے وہ تصویر بھی دیکھی تھی، اور اُس کی پُشت پر درج تحریر بھی، مگر وہ کوئی تاریخ نہیں پڑھ سکا تھا!" میں نے مزید وضاحت چاہی۔

"وہ تاریخ کوڈ ورڈز میں تھی۔" منتی نے بتایا۔

"تو دلائی لامہ کو واپس لانے کی تمام

"ابھی نہیں، لیکن ہم بہت جلد تیار اب صرف آخری مرحلہ رہ گیا، لیکن بانو، کی وضاحت نہیں کروں گا۔" وہ میری ا مسکرا کر بولا۔

"منتی! یہ اچھا نہیں ہوگا۔ تبت ا نہا جائے گا۔" میں نے تشویش آمیز لہ "آزادی حاصل کرنے کے لیے ترا ہیں بانو!" منتی کے لہجے میں عزم تھا۔

"تبت اب بھی غلام نہیں ہے۔ یہ ا ہیں۔" میں نے پُرجوش آواز میں کہا۔" پر کھڑا رہنا مشکل امر ہے۔ کیا تمھیں یہ ترقی کی دوڑ میں کتنا پیچھے رہ گیا ہے؟ ت ہے کہ وہ چین کے حلقۂ اثر میں رہے۔ اگر آنکھیں پھیر لیں تو اُس کا نتیجہ یقیناً غلامی کا خواہ وہ غلامی سُرخ چین کی ہو یا بھا ملک کی! تبت کے ساتھ چین کا رویہ ہ ہے۔ ممکن ہے کہ کوئی دوسرا ملک اِتنا ش

"ہم اپنے دوست ملکوں کی مدد ڈال دیں گے۔" منتی نے اپنی دانست میں

"منتی! کوئی بھی ملک بغیر غرض کے لیے بہتر یہی ہے کہ چین سے مخالفت مول سے مل کر رہو۔ تبت چاہے تو چین سے بہت کچھ

"کچھ بھی ہو تبت میں محترم دلائی لامہ کی ہم اپنے عظیم رہنما کو جلاوطنی کی تکلیف دہ دیں گے۔" منتی جذباتی ہو گیا۔

جہاں معاملہ جذبات کا ہو، وہاں عمل ہیں، اِس لیے میں نے مزید کچھ کہنا مناسب نہ

"اچھا تو اب یہ بھی صاف صاف بتا دو کہ بارے میں کیا فیصلہ کیا ہے؟" میں نے اُس اب مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ واقعی مجھے چین لا

میرے سوال پر منتی نے مجھے مُسکرا کر دیکھا اِس کے سوا کچھ نہیں کہ واقعی آپ کو چین روا

کے حق میں نہیں، اور میں بھی ذاتی طور پر یہی
یے صرف اِتنا کافی ہے کہ آپ کو یہاں سے
ژی نے کسی قافلے کے ساتھ آپ کو چین بھیجنے
انہ۔ اُس کے دو ساتھی آپ کے ہمراہ جائیں
ہی سے ٹوٹ کر آ جائیں۔ چین سے آپ اپنے
کہ اب تبت واپس آنا بیکار ہوگا، کیونکہ اُس
ہیں، کر چکے ہوں گے۔"
ی کے حوالے کر دیا جائے گا؟" میں نے

منتی نے جواب دیا، پھر بولا۔ "چن ژی نے
یہ کہ وہ آپ سے کسی قسم کی چھیڑ چھاڑ نہیں
لینے کی کوشش کرے گا۔"
وعدہ!" میں نے ہنس کر طنزیہ لہجے میں کہا۔
انہیں دے سکتا بانو!" منتی بڑے اعتماد سے بولا۔
چن ژی کو سمجھ پائی تھی، وہ بہت عیار اور
یہ بات دعوے سے کہہ سکتی تھی، کیونکہ میں
پڑھنا جانتی ہوں، مگر اِس سلسلے میں منتی سے
منتی کو چن ژی پر اعتماد تھا، اور اِس اعتماد کے
وہ چن ژی کو نہیں سمجھ سکتا تھا۔

علومات حاصل کرنی تھیں، وہ حاصل ہو چکی تھیں۔ اب وہ
اپنے طے شدہ منصوبے کے مطابق منتی
پر میں نے پہلے اطراف کا جائزہ لیا جس
رہے تھے، وہ سڑک کچھ فاصلے پر ایک
ساتھ دائیں جانب مُڑ گئی تھی۔ میں نے
جانب مُڑتے ہی میں منتی پر حملہ کر دوں گی۔
قریب آتا جا رہا تھا، میرے اعصاب کشیدہ
تھے۔ پھر موڑ کے قریب پہنچ کر میں نے جیسے ہی
گاہیں کھینچنا چاہیں، میرے ذہن کو ایک

ہان کی آڑ میں تقریباً ایک درجن مسلح گھوڑ سوار
اُن کی رائفلوں کے رُخ میری ہی طرف اُٹھے ہوئے
ایک گھوڑ سوار سب سے آگے تھا جسے میں نے
اُس کے چہرے پر نظر پڑتے ہی میرا خون کھول اُٹھا

وہ چن ژی تھا۔ میرے اور اُس کے درمیان صرف چند گز کا فاصلہ تھا۔ چن ژی کی دسترس میں چلے جانے کا مطلب ایک یقینی موت تھا جسے شاید کوئی نہیں ٹال سکتا تھا۔

مصلحت اور احتیاط کے لمحے گزر چکے تھے۔ میری رگوں میں بجلیاں سی کوندتی تھیں۔ موت اور زندگی کا کھیل میرے لیے نیا نہیں تھا۔ یہ کھیل میں نے بارہا کھیلا تھا۔

میں نے اپنے گھوڑے کی لگام کھینچی اور اِسی کے ساتھ میرا جسم ہوا میں اُچھلا۔ منتی کا گھوڑا ایک قدم آگے بڑھا، اور پھر فضا ایک گولی کے دھماکے سے گونج اُٹھی۔ چن ژی کی چلائی ہوئی گولی میرے سر کے اُوپر سے گزری اور میں منتی کی پُشت پر پہنچ گئی۔

"گولی نہ چلاؤ! احمق آدمی!" منتی چیخا، اور اُسی لمحے میں نے اُس کے گھوڑے کی پُشت پر پہنچ کر اُس کی رائفل پر ہاتھ ڈال دیا۔ منتی نے اپنا گھوڑا روک لیا اور اُس کے ساتھی آگے نکل گئے۔

منتی کا گھوڑا میرے بوجھ سے بدکا اور اُس نے زور سے ہنہنا کر اپنے دونوں اگلے پاؤں اُٹھا دیے۔ منتی نے گھوڑے کی پُشت سے نیچے گر جانے کے خطرے کو فوراً محسوس کر لیا، اور گھوڑے کو ایک ہاتھ سے قابو میں کرنے لگا۔

میرا ایک ہاتھ منتی کی رائفل چھیننے میں مصروف تھا، اور اپنا دوسرا ہاتھ میں نے اُس کی کمر میں ڈال دیا تھا تاکہ میں گھوڑے کی پُشت سے نیچے نہ گر جاؤں۔

منتی کی توجہ دو طرف بٹ گئی تھی۔ ایک طرف وہ بدکے ہوئے گھوڑے کو سنبھال رہا تھا، اور دوسری طرف وہ جتنی جلد کر رہا تھا کہ میں اُس سے رائفل نہ چھین سکوں۔

گھوڑا تو اُس کے قابو میں آ گیا مگر رائفل میرے قبضے میں آ گئی۔ میں نے رائفل کی نال اُس کے سر پر رکھ دی، اور پھنکاری۔

"منتی! اپنے ساتھیوں اور چن ژی سے کہو کہ وہ پیچھے ہٹ جائیں ورنہ میں تمھاری کھوپڑی میں سوراخ کر دوں گی۔"

"بانو!" منتی کے لہجے میں احتجاج تھا۔

"میں تم سے جو کہہ رہی ہوں کرو، ورنہ اگر تم مارے گئے تو تمھاری تحریک ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔" میں نے سفاک لہجے میں کہا۔ "سوچو کہ اگر تم ہلاک ہو گئے تو دلائی لامہ کس طرح تبت واپس آئے گا؟"

"پیچھے ہٹ جاؤ، پیچھے!" منتی مشینی انداز میں چیخ پڑا۔ میری

دھمکی کارگر ثابت ہوئی تھی۔

منتی کے چاروں ساتھی اپنے گھوڑے دوڑاتے دُور چلے گئے، اور کچھ فاصلے پر جا کر رُک گئے۔ چند ہی لمحوں میں صورتِ حال میرے قابو میں آگئی تھی، لیکن چن ژی ابھی تک اپنے مسلح ساتھیوں سمیت وہیں موجود تھا۔ وہ پیچھے نہیں ہٹا تھا۔

"چن ژی!" میں نے اُسے براہِ راست مخاطب کیا۔ "تم بھی اپنے ساتھیوں کو لے کر پیچھے ہٹ جاؤ ورنہ میں ....."

میرا جملہ ادھورا ہی رہ گیا، کیونکہ چن ژی نے ایک وحشیانہ قہقہہ لگایا تھا، پھر اُس نے منتی کو مخاطب کیا۔ "منتی! تمھاری زندگی یقیناً قیمتی ہے مگر اِس سے بھی زیادہ قیمتی اِس عورت کی لاش ہوگی۔ تمھیں خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ اگر تم مارے بھی گئے تو تمھاری تحریک ختم نہیں ہوگی۔ دلائی لامہ پر تم جیسے افراد کو اپنی جان قربان کر دینی چاہیے۔ میرا مشورہ ہے کہ....."

"خاموش!" چن ژی کا جملہ ادھورا ہی رہ گیا، اور منتی چیخ اُٹھا۔ "میں ہرگز تمھیں اِس کی اجازت نہیں دوں گا کہ تم بانو کو ہلاک کر دو!"

"جب کہ اِس عورت نے تمھارے سر پر رائفل رکھ دی ہے، اور یہ تمھیں قتل بھی کر سکتی ہے، تم ایسا کر رہے ہو؟" چن ژی کے لہجے میں چبھن تھی۔

"ہاں، اگر بانو کو قتل کر دیا گیا تو سارہ ہم سے برگشتہ ہو جائے گی۔" منتی نے برہم لہجے میں جواب دیا۔

"سارہ کے بغیر بھی تو تحریک چل ہی رہی تھی!" چن ژی نے دلیل پیش کی۔

"لیکن اب سارہ کی غیر معمولی صلاحیتوں نے تحریک میں جان ڈال دی ہے، اور ہماری منزل بہت قریب آگئی ہے۔" منتی نے کہا۔

منتی کا جملہ پورا ہوا ہی تھا کہ میں نے اچانک اُس کے سر سے رائفل ہٹا کر چن ژی کے سینے کا نشانہ لیا اور فائر کر دیا، لیکن اُسی لمحے منتی بجلی کی طرح تڑپ کر مُڑا اور اُس نے رائفل کی نال پر ہاتھ ڈال دیا۔ رائفل کی نال کا رُخ بائیں طرف ہو گیا۔

میری چلائی ہوئی گولی چن ژی کے سینے میں اُترنے کی بجائے اُس کے ساتھی کے سینے میں اُتر گئی اور اُس کے گھوڑے کی پُشت خالی ہو گئی۔

اپنے ساتھی کی چیخ اور گولی چلنے کی آواز نے چن ژی کی توجہ اپنی طرف مبذول کرا لی تھی ورنہ منتی سے جدوجہد کے دوران میں وہ مجھ تک پہنچ سکتا تھا۔

ایک لمحے کے ہزارویں حصے میں میرا ہاتھ کھڑی ہتھیلی منتی کے بازو پر پڑی۔ میں نے بچا کر وار کیا تھا ورنہ میری ضرب اُس کی گردن توڑ کر اُسے زندہ نہ رہنے دیتی۔

نتیجہ میری توقع کے عین مطابق نکلا۔ منتی کی گرفت ختم ہو گئی، اور میں نے ایک جھٹکے ہی لمحے رائفل کی نال پھر منتی کے سر سے جا لگی۔

"منتی!" میں نے غرّائی۔ "تمھاری گردن کی ہڈی بھی نرم ہے۔ میں نے ایسا صرف اِس لیے نہیں کیا کہ تم سچے حق میں نہیں ہو۔ اب اگر تم نے کوئی حرکت کی تو نہیں بخشوں گی۔"

منتی آہستہ آہستہ کراہ رہا تھا۔ اُس ضرب یقیناً معمولی نہیں تھی، مگر مجھے علم تھا کہ اُس نہیں ٹوٹی، کیونکہ میں نے ضرب لگاتے ہوئے رکھا تھا۔

چن ژی اب سنبھل چکا تھا، اور میری سے دیکھ رہا تھا۔ اُسے غالباً یہ سمجھنے میں نے اُسی کا نشانہ لیا تھا، اور اگر درمیان میں ڈال دیتا تو وہ جہنم رسید ہو جاتا۔

"چن ژی سے کہو کہ وہ اور اُس کے اُتر جائیں اور گھوڑوں کی باگیں چھوڑ دیں!" مخاطب کیا، کیونکہ مجھے یقین تھا کہ چن ژی یہ

"آپ اپنے حق میں اچھا نہیں کر رہیں!" ہوئے بولا۔ "یہ کچھ اچھا نہیں ہوگا کہ تبت کی لاش جائے۔"

میں دانستہ گھوڑا موڑ کر فرار ہونے تھی ورنہ یہ ممکن تھا کہ میں ایک ہاتھ سے گھوڑے لیتی اور دوسرے ہاتھ سے رائفل کی نال منتی وہاں سے فرار ہو جاتی۔ کچھ فاصلہ طے کر سے اُتارا جا سکتا تھا، لیکن مجھے اصل خطرہ، وہ منتی کی پروا کیے بغیر پیچھے سے مجھے اپنی گولی باتوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا

میں تھی۔

دھمکی کا اُلٹا ہی اثر ہوا تھا۔ اب وہ میری بات تھا۔ وہ کہہ رہا تھا۔ "بانو! میں چن ژی سے کروں گا جو آپ کہلوانا چاہتی ہیں۔ یہ معاملہ آپ اور میں درمیان میں نہیں آنا چاہتا۔"

الفاظ بلند آواز میں کہے تھے جنھیں غالباً چن ژی الفاظ گویا چن ژی کے لیے ایک اشارہ تھے لیے جو چاہے کرے۔ شاید منتی یہ سمجھ چکا تھا کہ کروں گی، کیونکہ اُسے ہلاک کرنے کا مطلب لے پر آمادہ ہوں۔ درجن بھر سے زیادہ مسلح کے اور کیا معنی ہو سکتے تھے!

معاً میری نگاہ چن ژی کی طرف اُٹھی اور اُس کے ہاتھ میں ایک رسّی کا پھندا نظر آیا میری طرف پھینکنے والا تھا۔ مجھے اُس کا مقصد وہ مجھے اور منتی کو گھوڑے سے گرا کر موقع سے تھا۔ میں گھوڑے کی پُشت سے گر کر سنبھل بھی اگر دیتا۔

ایک خطرناک فیصلہ کیا اور دوسرے ہی کہ منتی کے گھوڑے کی پُشت پر سوار لگام تھا۔

اُچھل کر گھوڑے کی پُشت پر کھڑی ہوئی تھی پھر سنبھل کر اُس اُبھری ہوئی چٹان پر جست لگائی اور اُس کے مسلح ساتھی گھوڑوں پر سوار کھڑے

پھندا پھینک چکا تھا، اور اُس پھندے میں سے نیچے گر پڑا تھا۔ منتی کا گھوڑا مُڑ کر مخالف گھوڑے کا گھوڑا جیسے ہی سڑک کے موڑ چٹان کے اُوپر سے چھلانگ لگائی۔ گھوڑا چن ژی اور اُس کے ساتھیوں کی

اُتر گیا تھا۔

میں نے گھوڑے کی پُشت پر کودتے ہوئے چن ژی کے آخری الفاظ سُنے تھے۔ اُس نے چیخ کر اپنے ساتھیوں سے کہا تھا۔ "وہ چٹان پر چڑھ گئی ہے، چٹان پر چڑھو!"

میں تقریباً گھوڑے کی پشت سے جھپٹی ہوئی تھی، کیونکہ گھوڑا انتہائی تیز رفتاری سے دوڑ رہا تھا۔ میں نے کچھ دیر کے بعد مُڑ کر دیکھا تو کافی فاصلے پر کچھ گھوڑوں کو اپنے تعاقب میں آتے دیکھا۔ وہ اِتنی دُور تھے کہ نقطوں کی طرح نظر آ رہے تھے۔ چن ژی کو یقیناً میرے فرار کا علم ہو گیا تھا، اور اب غالباً وہ میرا تعاقب کر رہا تھا۔

میں چاہتی تو گھوڑے کو تابو میں کر سکتی تھی، مگر میں نے ایسا نہیں کیا۔ میں گھوڑے کی دہشت سے فائدہ اُٹھانا چاہتی تھی۔

معاً مجھ پر پیچھے سے فائرنگ شروع ہو گئی۔ رائفل کی گولی کے لیے وہ فاصلہ کچھ بھی نہیں تھا جو میرے اور چن ژی کے درمیان تھا۔ رائفل کی گولیاں میرے اردگرد سنسنانے لگیں۔ فاصلہ زیادہ ہونے کے سبب صحیح نشانہ لینا بہرحال ممکن نہیں تھا، لیکن کوئی بھی بھٹکی ہوئی گولی میرے جسم میں اُتر سکتی تھی۔ اندھا دھند فائرنگ سے فضا گونج رہی تھی، اور میں یہ سوچ رہی تھی کہ شیطان کی آنت کی طرح وہ لمبی سڑک کب اور کہاں مُڑے گی!

آخر کسی طرح میں اُس دوراہے تک پہنچ ہی گئی جہاں سے سارہ جدا ہوئی تھی۔ میں نے گھوڑے کو تابو میں کر کے ایک جانب موڑنا چاہا، مگر ناکام رہی۔ گھوڑا دوراہے کی اُس سڑک پر نہ مُڑا بلکہ دوسری طرف بھاگتا چلا گیا۔ میں اِس لیے فکرمند ہوئی کہ وہ سڑک لہاسہ کی طرف نہیں جاتی تھی، لیکن اُس سڑک پر مُڑنے سے یہ فائدہ ضرور ہوا کہ میں پیچھے سے آنے والی فائرنگ کی زد سے باہر ہو گئی۔ اب فائرنگ بھی رُک گئی تھی۔

اب دہشت زدہ گھوڑے کو قابو میں کرنا بہت ضروری ہو گیا تھا۔ میں نے پوری قوت سے اُس کی باگیں کھینچ لیں اور وہ بھاگتے بھاگتے رُک کر الٹ ہو گیا۔ کچھ دیر کی جدوجہد کے بعد میں نے گھوڑے پر قابو پا لیا۔

پھر جب میں گھوڑے کو موڑ کر لہاسہ جانے والی سڑک کی طرف پلٹی تو ایک بار پھر فضا دھماکوں سے گونج اُٹھی۔ یہ دھماکے گولیاں چلنے ہی کے تھے۔ میں نے اپنا گھوڑا روک لیا۔ گولیاں چلنے کی آوازیں اُسی سمت سے آ رہی تھیں جدھر

میں جا رہی تھی، میں نے بہت جلد یہ بات محسوس کر لی کہ فائرنگ دو طرف سے کی جا رہی ہے۔ دھماکوں کی آوازیں بھی پہلے کی نسبت زیادہ تھیں۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے دو گروہ ایک دوسرے پر فائرنگ کر رہے تھے۔ پھر معاً خاموشی چھا گئی۔

کچھ دیر میں وہیں کھڑی ہوئی دوبارہ فائرنگ شروع ہونے کی منتظر رہی مگر اب مکمل خاموشی تھی۔ میں نے اپنے گھوڑے کو ایڑ لگائی۔ اب آگے بڑھنے میں کوئی خطرہ نہیں تھا۔

میں نے دور سے ہی پہنچ کر دیکھا کہ کچھ گھوڑ سوار اُسی سمت تیزی سے دوڑے چلے جا رہے ہیں جدھر سے میں آئی تھی۔ وہ گھوڑ سوار کافی دُور نکل گئے تھے، لیکن اتنی دُور بھی نہیں کہ میں اُن کے جسموں پر موجود فوجی وردیاں بھی نہ دیکھ سکتی۔

میرا ذہن بہت جلد حقیقت تک پہنچ گیا۔ رضوان کو بہرحال خاموش نہیں بیٹھنا چاہیے تھا، اور نہ ہی پنچن لامہ کو میری طرف سے بے فکر ہو جانا چاہیے تھا۔ میں نے سوچا کہ یقیناً پنچن لامہ کے سپاہی مختلف ٹکڑیوں میں بٹ کر مجھے لہاسہ میں اور لہاسہ سے باہر جانے والی شاہراہوں پر ڈھونڈتے پھر رہے ہوں گے۔ غالباً اُنہی ٹکڑیوں میں سے کوئی ٹکڑی اِدھر آ نکلی ہوگی، اور اُس نے فائرنگ کی آواز سن کر ہی اِدھر کا رُخ کیا ہوگا، پھر اُس ٹکڑی کا چن ژی سے ٹکراؤ ہو گیا ہوگا کہ چن ژی اپنے مقابلے پر فوجیوں کو دیکھ کر بھاگ کھڑا ہوا ہوگا، اور اب فوجی اُس کے تعاقب میں گئے تھے۔

میں چن ژی کی طرف سے مطمئن ہو کر لہاسہ جانے والی شاہراہ پر تیز رفتاری سے گھوڑا دوڑانے لگی۔ میں اب جلد سے جلد پوتالا محل پہنچ جانا چاہتی تھی، تاکہ رضوان اور پنچن لامہ میری طرف سے مزید فکرمند نہ ہوں۔

ہنگامے ہی ہنگامے میں صبح سے دوپہر ہو گئی تھی۔ میں پوتالا محل پہنچ گئی، اور اپنا گھوڑا میں نے سرخ محل کے دروازے ہی پر جا کر روکا جہاں ایک فوجی دستہ روانگی کے لیے تیار کھڑا تھا، اور خود پنچن لامہ اُس دستے کے فوجی افسر کو کچھ ہدایات دے رہا تھا۔

مجھے آتے دیکھ کر پنچن لامہ اُچھل پڑا تھا۔ اُس کے چہرے پر انتہائی حیرت اور فکرمندی کے آثار تھے۔ وہ میرے سلسلے میں اِس قدر پریشان اور بدحواس ہو گیا تھا کہ خود اپنی نگرانی اور ہدایات

میں، فوجی دستوں کو میری تلاش میں بھیج

حیرت کی زیادتی کے سبب کچھ دیر وہ گھوڑے سے اُتر کر اُس کے قریب گئی اور مخاطب ہوئی۔ "محترم پنچن لامہ! میں ہوں۔ اب اپنے فوجی دستوں کو حکم جاری ختم کر دی جائے۔"

"مگر.... مگر تمھیں.... تمھیں تو وہ

"آیئے اندر چلیے!" میں نے اُس کی بات آپ کو تفصیلات سے آگاہ کر دوں گی۔"

پنچن لامہ میرے ہمراہ محل میں داخل پر اب بھی حیرت کے آثار تھے۔ اِس حیرت کا ہوں گی جو اُسے میرے اغوا کے بارے میں

"کیا رضوان بھی میری تلاش میں..."

"ہاں، میں نے اُنھیں روکنا چاہا تھا مگر

پنچن لامہ نے میری بات پوری ہونے سے ایک فوجی دستے کے ہمراہ چام ڈیو جانے والی

پنچن لامہ میرے ہمراہ مہمان خانے ساتھ اُس کمرے میں داخل ہوا جو میرے

میں نے اُسے تفصیلات سے آگاہ کر بارے میں یہ جان کر حیرت ہوئی کہ وہ باخبر مگر میں نے اُسے سارہ کی غیر معمولی صلاحیت میرے اغوا اور فرار کی تفصیلات

کے بعد پنچن لامہ بولا۔ "میں دراصل اِس فکرمند تھا کہ ابھی چند گھنٹے قبل پیکنگ سے ہوئی ہے۔"

"وہ کیا؟" میں درمیان ہی میں بولی۔

"پیکنگ سے یہ اطلاع ملی ہے کہ لال کے ارادے سے دہلی پہنچ چکا ہے۔ دہلی میں سے مل کر جلد ہی تبت کے لیے روانہ ہو گا تبت میں بغاوت کی آگ بھڑکانے کے لیے مدد کر رہی ہے۔" پنچن لامہ نے مجھے موصول باخبر کیا۔

"محترم پنچن لامہ! اب میرا چام ڈیو جا

تبت پہنچنے سے پہلے ہی کچھ کیا جا سکے۔ آپ انتظامات کر دیجیے! میں کل صبح ہی چام ڈیو روانہ ہو جاؤں گی۔" میں نے مستحکم لہجے میں کہا، پھر مجھے شہزادہ توشو لامہ سے کہا۔ "آپ مجھے شہزادہ توشو کے نام دیجیے!"

"ابھی جائے گا، اور بقیہ انتظامات بھی کر دیے امہ نے کہا۔

"رضوان بھی جائیں گے۔" میں بولی، اور اُسی دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا۔ اُس نے اپنا نام سُن لیا تھا۔

"اے میں کیا گل افشانی فرمائی جا رہی ہے؟" وہ لہجے میں بولا۔ "ہم تو محترمہ کو ڈھونڈتے گئے، اور محترمہ یہاں بیٹھی چین کی بنسری بجا رہی ہیں۔ وہ قریبی صوفے پر آ کر بیٹھ گیا۔

"اب چلوں گا۔" پنچن لامہ اُٹھ کھڑا ہوا۔

"اُٹھیں اور رضوان بھی!" اُس کے چہرے پر تو ں ہو رہا تھا۔ وہ کہہ رہا تھا۔ "کلو، کلو بڑے میاں! ت میں سے خلوت میں ملنے دو!" یہ الفاظ وہ کہہ رہا تھا، اور ادائیگی کا انداز ایسا تھا جیسے مذاق کر رہا ہو۔

"آؤ تم بھی صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولی۔ "اگر بیٹھ لیتا ہو تم نے اُس کے لیے ادا کیے تھے تو تمھیں نکلوا دیتا۔"

"تم بیٹھے یا لیٹے لیٹے نہیں کر سکتا تھا؟" وہ شوخ ہو گیا۔ "تمھاری صورت پر بارہ کیوں بجنے لگے؟" میں

"اور میں جُدا جُدا نہیں جو آپ کے چہرے پر ہے ہی ٹائم اپنے چہرے پر فکس کرنا پڑے گا۔" آواز میں بولا، پھر کہا۔ "ویسے بائی دی وے کیا آپ ں گی کہ مستی اور آپ کی محبوب سارہ نے آپ کو ہے؟"

"بکو مت!" میں اُس کی بات سُن کر جھنجھلا گئی، کیونکہ اُس کا لہجہ طنزیہ تھا، خصوصاً سارہ کا نام لیتے ہوئے اُس کی آنکھوں سے شرارت جھلک رہی تھی۔

پھر رضوان نے تفصیلات جان کر ہی دَم لیا۔ میں کیونکہ کچھ دیر قبل ہی پنچن لامہ کو ساری باتیں تفصیل سے بتا چکی تھی، اِس لیے دوبارہ وہی تفصیلات بتاتے ہوئے بور ہو رہی تھی۔

تفصیلات سننے کے بعد رضوان بولا۔ "میں نے چن ژی اور اُس کے ساتھیوں کا تعاقب کیا تھا، لیکن وہ فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ اُن کا رُخ چام ڈیو ہی کی طرف تھا، اور غالباً منتی بھی وہیں گیا ہوگا۔"

"اور اب ہمیں بھی وہیں چلنا ہے۔" میں نے مسکرا کر رضوان کی طرف دیکھا۔ "اور تمھیں بھی میرے ساتھ چلنا ہے۔"

"نہیں بالو! میں تو وہاں نہیں جاؤں گا۔" رضوان نے ذرا فزدہ ہونے کی اداکاری کرتے ہوئے کہا۔ "آپ کا کیا ہے، آپ تو خود جان بوجھ کر موت کے مُنہ میں کود جاتی ہیں، مگر ظاہر ہے کہ میں ایسا نہیں کر سکتا۔"

"کیوں؟" میں نے مصنوعی غصّے کے ساتھ پوچھا۔

"اِس لیے کہ مجھے آپ کی بہن اور اپنی کچھ ہونے والی کا مستقبل عزیز ہے۔" رضوان نے جواب دیا۔

"اور تمھیں میرے مستقبل سے کوئی دلچسپی نہیں؟"

"کبھی تھی، مگر آپ نے خود وہ دلچسپی ختم کر دی۔" وہ ٹھنڈا سانس لے کر بولا۔

"کیوں کیا ابھی دل میں کچھ ارمان باقی ہیں؟" میں نے اُسے چھیڑا۔

اُس نے پھر ایک لمبا سانس لیا، اور بولا۔ "وہ دل ہی کیا جس میں کوئی ارمان نہ ہو۔"

"خیر، ان فضول باتوں کو چھوڑو، اور جا کر اپنے کمرے میں آرام کرو! ہمیں کل ایک طویل سفر پر جانا ہے۔ بہتر ہے کہ ہم تازہ دم ہوں۔" میں نے تجدید کی سے کہا۔

"آپ کہتی ہیں تو چلا جاتا ہوں۔" وہ اُٹھتا ہوا بولا۔ "ویسے ایک بار پھر سوچ لیجیے کہ چن ژی کسی چوٹ کھائے ہوئے سانپ کی طرح بل کھا رہا ہوگا اور یقیناً چام ڈیو میں ہمارا شاندار استقبال کرنے کے لیے تیار ہوگا۔"

"یہ مجھے بھی معلوم ہے، لیکن اب معاملہ آخری مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔" یہ کہہ کر میں نے اُسے اُس اطلاع سے بھی باخبر کر دیا جو پیکنگ سے پنچن لامہ کو موصول ہوئی تھی۔ رضوان دوبارہ صوفے پر بیٹھ گیا۔

کچھ دیر رضوان اُس اطلاع کی روشنی میں گفتگو کرتا رہا پھر اُٹھ کر چلا گیا۔ مجھے اُس کی گفتگو سے اندازہ ہوا کہ وہ معاملات میں پوری دلچسپی لے رہا تھا، لیکن مہنتی، سارہ اور چن تڑی کی طرف سے فکرمند تھا۔ میں نے اُس کی تسلی کے لیے شہزادہ توشو کا ذکر بھی کر دیا تھا کہ چام ڈیو میں وہ ہمارے لیے مددگار ثابت ہو سکتا تھا۔ شہزادہ توشو کے بارے میں جان کر رضوان کسی قدر مطمئن نظر آنے لگا تھا۔ گریا چام ڈیو میں قدم جمانے کی گنجائش تھی۔

میں اپنے کمرے میں تنہا رہ گئی تو حالات کا از سرِ نو جائزہ لینے لگی۔ تمام اُلجھی ہوئی گتھیاں ایک ایک کر کے سلجھ گئی تھیں، اور اب میں کوئی صحیح فیصلہ کر سکتی تھی۔

مہنتی اور اُس کے گروہ کا واضح مقصد دلائی لامہ کو تبت واپس لانا تھا، اور سُرخ چین اِس سلسلے میں مدد کر رہا تھا۔ سُرخ چین کا ایجنٹ چن تڑی اور اُس کے ساتھی تبت میں تھے تو بظاہر مہنتی کے ہمدرد دکھائی دیتے تھے، لیکن میں اِس ہمدردی کو شک کی نگاہ سے دیکھ رہی تھی۔ میری نظر میں سُرخ چین کا مقصد محض یہی نہیں تھا کہ دلائی لامہ تبت واپس آ جائے بلکہ وہ اِن حالات سے فائدہ اُٹھا کر چینی حکومت کے خلاف تبت میں عام بغاوت چاہتا تھا۔ میرے خیال میں چن تڑی مہنتی کو بھی ہمدردی کی آڑ میں دھوکا دے رہا تھا۔ چن تڑی شاید کسی ایسے موقع کی تلاش میں تھا کہ تبت میں بغاوت کی آگ بھڑکا سکے۔

میرے سامنے دو اہم مسئلے تھے۔ پہلا مسئلہ تو یہ کہ کسی طرح سارہ کو یہ یقین دلا سکوں کہ مہنتی نے اُسے کس طرح دھوکا دیا ہے! اور سارہ کو یہ علم ہو جائے کہ چن تڑی سُرخ چین کا ایجنٹ ہے۔ اِس طرح میں سارہ کو اپنے حق میں ہموار کر کے فائدہ اُٹھا سکتی تھی۔ سارہ کو میرا ذہن اب تک دشمن کی حیثیت سے قبول نہ کر سکا تھا، اور وہ میری دشمن تھی بھی نہیں۔

دوسرا اہم مسئلہ چن تڑی کا تھا۔ اگر کسی طرح سارہ اُس کا ذہن پڑھ لے تو تمام مسئلہ حل ہو سکتا تھا۔ اِس طرح چن تڑی اور مہنتی کا گٹھ جوڑ ختم ہو سکتا تھا۔ اگر میرا یہ شبہ درست تھا کہ درپردہ چن تڑی کے کچھ اور مقاصد ہیں تو وہ مقاصد سامنے آ جاتے۔ تبت میں بے سہارا رہ جاتا۔ مہنتی اُس کی اُسی وقت تک چن تڑی کی ڈھال بنا رہ سکتا تھا کے عزائم کا علم نہیں ہو جاتا۔

میرے چام ڈیو کے سفر اور کامیابی کا تھا۔ مجھے سارہ کو اُن باتوں کا یقین دلانا تھیں، لیکن ایسا اُسی صورت میں ممکن تھا کرایا جا سکے کہ وہ جن غیر معمولی صلاحیتوں کی دھوکا دیا جا سکتا ہے۔ اِس عملی تجربے کے میں اپنے اندر موجود قوتِ ارادی کا بھرپور

میں نے سارہ سے گفتگو کرتے ہوئے سوچی تھیں جن پر مجھے یقین نہیں تھا۔ تھا اُس وقت میرے ذہن میں اُس خیا سارہ دھوکا کھا گئی تھی۔ وہ میری قوتِ تھا، لیکن اگر میں اپنی تمام تر ذہنی صلاحیتیں قوتِ ارادی سے کام لے سکوں تو شاید سا دہی خیال پڑھ سکے جو میں چاہوں۔

میں انہی خطوط پر دیر تک سوچتی رہا تھا کہ یہ سارہ کھیل قوتِ ارادی کا ہے۔ مجھے تھا کہ میں مضبوط قوتِ ارادی کی مالک ہوں، میری زندگی تھی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو شاید میں آنکھیں ڈال کر بھی زندہ نہ بچتی۔

سوچتے سوچتے میرے ذہن میں ا اگر شعور پر ارادے کی گرفت کمزور پڑ جائے خیالات پر قابو نہیں رہ سکتا۔ میں نے سوچا مجھے ایک نئی راہ دکھائی۔ نیند کے عالم آدمی کے شعور پر لاشعور حاوی ہو جاتا وہ اپنی قوتِ ارادی سے شعور کی سطح پر نہیں آجاتے ہیں۔ اِس خیال نے ایک بڑا مسئلہ میں اُٹھ کر بیٹھ گئی، پھر کمرے میں طور پر پنچن لامہ سے ملنے کا فیصلہ کیا۔

میں کمرے سے باہر نکلی اور ایک خا پر معلوم ہوا کہ پنچن لامہ اُس وقت محل کے

ا ہی تھی، اور فضائیں خنکی بڑھ گئی تھی۔ میں ٹہلتی ہوئی لب بڑھ گئی۔

لامہ، محل کے باغ میں اپنے کچھ مشیروں کے ہمراہ موجود لامہ نے اپنے خادموں اور محافظوں کو میرے بارے میں تاکہ میں جس وقت اُس سے ملنا چاہوں ملنے دیا جائے۔ تاکہ اُس کے محافظوں نے مجھے باغ میں جانے کی اجازت باغ کے باہر مستعد و چوکنا کھڑے ہوئے تھے۔

ں کے ایک قطعے پر آرام دہ کرسیاں بچھی ہوئی تھیں۔ ی پر پنچن لامہ بیٹھا تھا۔ مجھے یہ خیال ہی نہیں رہا تھا کہ وہ مجھے تنہا نہ ملے۔

مجھے آتے دیکھ کر وہ کچھ بات کرتے کرتے رُک گیا۔ اُس کے حیرت نظر آئی۔ پھر وہ مسکرا دیا۔

اُس کے قریب ہی ایک خالی کرسی پر بیٹھ گئی پھر اُس ئی ہوئی مدھم لہجے میں بولی "یہ مجھے علم نہیں تھا کہ آپ یہاں ں گے۔ مجھے آپ سے خلوت میں کچھ بات کرنی تھی۔"

چند لمحے خاموش رہا، پھر اپنے مشیروں سے مخاطب ہوا۔ میں بیٹھیں۔ میں ابھی آیا۔" یہ کہہ کر وہ اُٹھ کھڑا ہوا۔

اُس کے ہمراہ محل کے ایک کمرے میں آ گئی۔

اب کہو کیا بات ہے؟" وہ ایک صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا۔ بھی اُس کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئی اور بولی "مجھے معلوم ہوا تھا کہ آپ کے پاس بھی مختلف زہروں کا بہت ہے۔"

تمھیں کوئی زہر چاہیے؟" وہ حیرت سے بولا۔

ہیں زہر تو نہیں، لیکن کوئی ایسا سفوف یا ایسی دوا ضرور شراب کا نعم البدل کہا جا سکے۔" میں نے کہا، پھر وضاحت کی "ایسی دوا یا سفوف جس کا استعمال ذہن پر گہرے نشے طاری کر دے۔ ایسی کیفیت جو کثرتِ شراب نوشی دلاتے۔"

ے پاس ایک ایسا سفوف ہے تو مگر اُس کا اثر عارضی لیکن لامہ کچھ سوچ کر بولا۔

کم گھنٹے بھر تو اثر رہتا ہی ہوگا؟" میں نے معلوم کیا۔

کم از کم ایک گھنٹے اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے،

اقم اُس سفوف کا کیا کرو گی؟" پنچن لامہ نے پوچھا۔

"آپ کو علم ہے کہ میں کل صبح چام ڈیو روانہ ہو رہی ہوں۔ میں وہاں جتنی زیادہ سے زیادہ تیاریوں کے ساتھ جاؤں تو بہتر ہے۔ ممکن ہے کہ کسی مرحلے پر مجھے اِس سفوف کی ضرورت بھی پڑ جائے۔" میں نے اُسے تفصیل نہ بتا کر گول سول جواب دیا۔

"ہاں، ہاں بالکل!" پنچن لامہ نے تائید کی۔ "اگر چاہو تو میں تمھیں کوئی زود اثر زہر بھی دے دوں!"

"نہیں محترم لامہ! اِس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔" میں نے کہا۔

"ٹھیک ہے، تم اپنے کمرے میں جا کر آرام کرو، میں ابھی جا کر اپنے ذخیرے میں وہ سفوف تلاش کر کے تمھیں بھیجے دیتا ہوں۔" پنچن لامہ بولا۔

مجھے اُس کا یہ غیر محتاط انداز پسند نہ آیا، اور بولی "محترم لامہ! میں نہیں چاہتی کہ میرے اور آپ کے علاوہ یہ بات کسی کے علم میں آئے۔ اگر آپ کو ناگوار خاطر نہ ہو تو میں خود آپ کے ساتھ چلوں؟"

وہ میری بات سُن کر مسکرایا، اور بولا "بالو! تم واقعی بہت محتاط اور ذہین ہو۔ میں اپنے خاص خادم سے یہ کام لیتا، لیکن بہتر یہی ہے کہ تم بھی ساتھ چلو۔"

پھر وہ مجھے اپنے ساتھ اپنی خوابگاہ میں لے گیا، اور جب میں وہاں سے لوٹی تو میرے پاس وہ سفوف کی پُڑیا موجود تھی جو اُس منصوبے میں ایک اہم کردار ادا کرنے والی تھی جسے میرے ذہن نے تشکیل دیا تھا۔

میں اپنے کمرے میں لوٹ آئی۔ رات کا کھانا میں نے اور رضوان نے ساتھ ساتھ کھایا، اور کھانے کے دوران میں، گفتگو تو میں رضوان سے کرتی رہی، مگر میرا ذہن چن تڑی، سارہ اور مہنتی ہی میں اُلجھا رہا۔ رضوان نے بھی بہت جلد اِس بات کو محسوس کر لیا کہ میرا ذہن کچھ سوچنے میں مصروف ہے۔ وہ جلد ہی مجھے تنہا چھوڑ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔

اُس شب کا بڑا حصہ میں نے ایک طرح کی ذہنی مشق کرتے ہوئے گزارا۔ مجھے یہ جان کر عجیب سی خوشی ہوئی کہ میں بڑی حد تک اپنے ذہن کو اپنے خیالات کا طابع رکھنے پر قادر ہوں۔ اب تک مجھے خود اپنی اِس ذہنی قوت و صلاحیت کا علم نہیں تھا۔ میں مختلف خیالات کو ذہن سے جھٹک کر صرف کسی ایک خیال پر ساری توجہ صرف کر دیتی، اور پھر محض وہی خیال میرے صفحۂ ذہن

پر رہ جاتا۔ کئی بار میں نے یہ مشق بھی کی کہ میرے ذہن میں سے کوئی خیال ہی نہ ہو، اور میں اس کوشش میں بھی کامیاب رہی۔

مجھے اس ذہنی مشق میں عجیب سا لطف محسوس ہوا۔ ارتکاز توجہ اور قوتِ ارادی کا یہ کھیل مجھے بڑا دلچسپ محسوس ہوا۔ میں نے سوچا کہ شاید مہنتی کو بھی اس کھیل سے ایسا ہی لطف آتا ہوگا۔ ذہن پر نیند کا غلبہ ہونے سے پہلے میں یہ سمجھ چکی تھی کہ مجھے اپنی کوشش میں کامیابی ہو چکی ہے۔

میں رات کو دیر تک جاگتی رہی تھی، اس لیے صبح خود بیدار نہ ہو سکی۔ مجھے رضوان نے بیدار کیا۔ وہ دروازے پر دستکیں دے رہا تھا۔

میں نے دروازہ کھولا تو دیکھا کہ وہ سفر کے لیے پوری طرح تیار ہو چکا تھا۔

رضوان نے مجھے بتایا کہ پنچن لامہ نے سفر کی تمام تیاریاں مکمل کرا دی ہیں، اور تجربے کار فوجیوں کا ایک دستہ محل کے باہر ہمارا منتظر ہے جو چام ڈیو تک ساتھ جائے گا۔

روانگی سے قبل میرا پنچن لامہ سے ملنا بھی ضروری تھا، تاکہ میں اس سے شہزادہ توشو کے نام تعارفی خط حاصل کر لوں۔ میں جلدی جلدی تیار ہوئی، اور رضوان کو وہیں چھوڑ کر پنچن لامہ سے ملنے روانہ ہو گئی۔

وہ اپنی نشست گاہ میں میرا ہی منتظر تھا۔ اس نے شہزادہ توشو کے نام لکھا ہوا خط میرے حوالے کر دیا اور بولا کہ جو فوجی دستہ تمھارے ساتھ جا رہا ہے، اس میں موجود فوجیوں کو کچھ علم نہیں کہ تمھارے سفر کا کیا مقصد ہے! ان کے سپرد صرف تمھاری اور تمھارے ساتھی کی حفاظت ہے۔ محض اس دستے کے فوجی افسر کو حالات سے آگاہ کیا گیا ہے!" پھر اس نے مجھے بتایا کہ فوجی دستہ، ایک تجارتی قافلے کی صورت میں میرے ہمراہ چام ڈیو تک جائے گا۔

مجھے یہ بات بھی غیر محتاط اور غیر ضروری معلوم ہوئی کہ اس فوجی دستے کے افسر کو میرے مقصدِ سفر سے آگاہ کیا گیا، لیکن میں نے اس سلسلے میں پنچن لامہ سے کچھ کہنا مناسب نہ سمجھا، کیونکہ اب کچھ کہنا لاحاصل ہی تھا۔

میں پنچن لامہ سے رخصت ہو کر دوبارہ اپنے کمرے میں پہنچی۔ اس وقت رضوان خادموں کے ذریعے میرا اور اپنا تمام سامان باہر بھجوا چکا تھا۔

میں رضوان کے ہمراہ محل سے باہر نکلی۔ میں جائزہ لیا اور فوجی افسر سے بھی ملی جو انگریزی بھی افسر نے مجھے اپنا نام چانگ بتایا تھا۔ فوجی افسر چینی بھی چینی ہی تھے جنھیں تبت میں بستے ہوئے اتنا وہ تبتی زبان بھی روانی سے بول سکتے تھے۔ وہ باشندوں میں مل کر تبتی ہی نظر آتے۔ ان کی وردیاں نہیں تھیں، مگر وہ پوری طرح مسلح تھے کچھ دیر بعد ہی رضوان اور میں گھوڑوں دستے کے ہمراہ پوتالا محل سے روانہ ہو گئے۔

اس وقت تک لہاسہ سے چام ڈیو تک سڑک بن چکی تھی۔ یہ سڑک چینی فوج نے بنائی تھی میں آسانی ہو گئی تھی۔ چینی فوج اس قسم کی سڑ چھوٹے بڑے شہروں کو ایک دوسرے سے ملا رہی تھی۔ یہ ترقی کی طرف پہلا قدم تھا، کیونکہ اس کا کی زیادہ سے زیادہ ترسیل کی صورت میں ملا۔

لہاسہ سے براہِ راست چام ڈیو جانے سے ہمیں سفر میں بہت آسانی رہی۔ مشکلات کے سبب پیش آئیں۔ ہمیں کئی بار برف کے واسطہ پڑا جس کی وجہ سے ہمیں کئی جگہ ٹھہرنا پڑ

ہم نے اپنا سفر پوری تیز رفتاری سے اس کے باوجود ہم اسی دن رات ہونے سے رات نو بجے تک ہم چام ڈیو کے نواح نے فیصلہ کیا کہ ہمیں رات کے وقت چام ڈیو کو خود پر شک کرنے کا موقع نہیں دینا چاہیے وہ شب ہم نے چام ڈیو سے تقریباً میدان میں بسر کی۔ فوجی افسر نے یہ ارکا تھا، اس لیے تمام ضروری سامان موجود تھا فوجیوں نے میدان میں کئی چھوٹے اسی شب منصوبے کے مطابق میں نے فوجی کارواں کی شکل دے دی۔

صبح ہوئی تو اسلحے کو بھی کامیابی کے ساتھ چھپا دیا گیا۔ ہمارے پاس کافی ایسا سامان مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

علی الصبح ہی چام ڈیو کے لیے روانہ ہو گئے۔ اب ہمیں تجارتی قافلے سے زیادہ اہمیت نہیں دی جا سکتی تھی۔

دوپہر کے سے چام ڈیو شہر کی قدیم عمارتیں نظر آنے لگیں، لگے کلس بھی جو اُن قدیم عمارتوں سے بھی زیادہ قدیم ماں دے رہے تھے۔ یہی وہ شہر تھا جہاں سے اب تک ہاموس بچ کر نہیں گیا تھا اور یہی وہ جگہ تھی جو بغاوت یہیں سے پورے تبت میں بغاوت کے شعلے بھڑک اور یہیں منہتی بھی تھا، سارہ بھی اور میرا دشمنِ جاں بھی! یہ سوچتے ہوئے میرے اعصاب تن گئے کہیں بھی طرح سے چینی حکومت کی ایجنٹ بن کر ہی جا رہی ہے۔ میں حقیقت کس حد تک تھی یہ تو صرف مجھے علم تھا لیکن تو یہی معلوم تھا۔

چام ڈیو شہر میں داخل ہونے سے پہلے ہی علم تھا کہ چام ڈیو کی تعمیر کے بعد تجارتی قافلے وہاں کے باشندوں کی نظر دوسری اہمیت کے حامل نہیں ہوتے تھے۔ مقامی ایسے قافلوں سے گرم مصالحہ اور چائے وغیرہ خریدتے نے اس فوجی دستے کو میرے ہمراہ بھیجنے کا اچھا بہانہ ملا

چام ڈیو کا مرکزی علاقہ تھا جہاں ہم نے قیام کیا۔ یہ وہ جگہ جہاں قافلے ٹھہرا کرتے تھے۔ وہ ایک بڑا سا کچا میدان تھا جس کی صرف چار دیواری کھنچی ہوئی تھی۔ اس چار دیواری کے ساتھ کمرے بنے ہوئے تھے جو عموماً کھلے رہتے تھے۔ اس کے آس پاس آبادی تھی، اور قریب ہی ایک مٹھ بھی دکھائی

مٹھ بھی وہاں ایک قافلہ خیمے ڈالے ہوئے تھا۔ پھر پہلے لہاسہ آیا تھا۔ یہ معلومات ہمیں کچھ دیر بعد

ان میں خیمے لگانے کی کسی سے باقاعدہ اجازت نہیں۔ ہاں یہ ضرور تھا کہ وہاں خیمے ڈالنے کے بعد لامہ کی خدمت میں حاضر ہو کر کچھ رقم بطور چندہ دینی

اس نے مجھے راستے ہی میں فوجی افسر چانگ نے بتا دی تھی کہ اس کی یہ بات سن کر تعجب ہوا تھا کہ وہ ایک بار پہلے بھی ایک قافلے کے ساتھ چام ڈیو پہنچ کر وہاں کا پورا جائزہ لے چکا تھا، پھر وہ لہاسہ لوٹ گیا تھا۔ کسی چینی فوجی افسر کا اس طرح چام ڈیو آ کر زندہ سلامت لوٹ جانا میرے لیے واقعی عجیب بات ہی تھی، چاہے وہ سادہ لباس ہی میں کیوں نہ آیا ہو۔ چام ڈیو کے بارے میں میری معلومات تو یہ تھیں کہ وہاں پہنچ کر کوئی چینی جاسوس زندہ نہیں لوٹا، پھر چانگ اپنے مقصد میں کیسے کامیاب ہو گیا تھا؟ میں نے سوچا ضرور لیکن اس بارے میں چانگ سے کوئی پوچھ گچھ نہیں کی۔

چانگ کے ساتھ ہونے سے مجھے فائدہ ہی ہوا تھا۔ وہ شہزادہ توشو کی رہائش گاہ سے بھی واقف تھا۔ میں نے سوچا کہ پنچن لامہ نے سوچ سمجھ کر ہی چانگ کو ہمارے ساتھ بھیجا تھا۔

میدان میں خیمے نصب ہو گئے تو میں رضوان کو اپنے ساتھ لے کر قریبی مٹھ کی طرف روانہ ہو گئی تاکہ اس مٹھ کے لامہ سے مل کر اس مٹھ کے لیے چندہ دے سکوں جسے نذرانے کا نام دیا گیا تھا۔ راستے میں مجھے کئی مقامی باشندے ملے جو میدان کی طرف جا رہے تھے۔ غالباً انھیں وہاں کسی نئے قافلے کی آمد کا علم ہو گیا تھا، اور وہ اس قافلے سے ضروری سامان خریدنا چاہتے تھے۔

مٹھ ایک بلند سے چبوترے پر بنا ہوا تھا جس تک پہنچنے کے لیے چھوٹی چھوٹی سیڑھیاں بنی ہوئی تھیں۔ میں نے ان سیڑھیوں سے لوگوں کو اترتے چڑھتے دیکھا۔ ان میں عورتیں بھی تھیں اور مرد بھی، لیکن میں یہ محسوس کیے بغیر نہ رہ سکی کہ ان کے چہروں پر ایک عجیب سا کھنچاؤ تھا۔ ان کے چہرے پڑھ کر بآسانی اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ وہ جو زندگی بسر کر رہے ہیں، اس سے مطمئن نہیں اور یہ بھی کہ ان کے اندر کوئی لاوا سا پک رہا ہے جو کسی بھی لمحے خود ان کے وجود کو جلا کر خاک میں تبدیل کر سکتا ہے۔

میں نے مٹھ کی پہلی سیڑھی پر قدم رکھا اور اسی وقت میری نظر ایک نوخیز شباب پر پڑی۔ وہ سیڑھیوں سے اتر کر نیچے آ رہی تھی۔ اس کے ہمراہ ایک مرد بھی تھا جس نے مجھے ترچھی نگاہ سے دیکھا اور لڑکی کے ساتھ قریب سے گزر گیا۔

مجھے اور رضوان کو ایک بھکشو نے مٹھ کے دروازے پر روک دیا۔ وہ بھکشو لمبا سا گیرو الا بادہ زیبِ تن کیے ہوئے تھا۔ "ہم نذرانہ پیش کرنے آئے ہیں۔" میں نے بھکشو سے تبتی میں کہا۔

"تم لوگ عظیم بدھ کے پیرو نظر نہیں آتے، اس لیے محترم لامہ تم سے یہیں نذرانہ وصول کرے گا۔ تم مٹھ کے اندر داخل نہیں ہو سکتے۔" بھکشو نے اپنی تیز و چمکیلی آنکھوں سے ہماری طرف دیکھتے ہوئے کہا، پھر بولا۔ "تم لوگ یہیں رکو! میں محترم لامہ کو خبر کرتا ہوں۔"

میں اور رضوان، مٹھ کے دروازے ہی پر رُک گئے، اور بھکشو اندر چلا گیا۔ مٹھ کے اندر سے بھجن گانے کی صدائیں سنائی دے رہی تھیں۔ عظیم گوتم بدھ کے پیرو اُس کی حمد و ثنا میں معروف تھے۔

لوگ مٹھ کے دروازے سے آتے جاتے ہمیں دیکھتے ہوئے گزر رہے تھے۔ میں نے اُن کی آنکھوں میں پسندیدگی کے تاثرات نہیں دیکھے۔ شاید وہ اجنبیوں کو پسند نہیں کرتے تھے۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے وہ لوگ اپنے خول میں بند رہنا چاہتے ہوں، اور خول سے باہر نکلنے کی اُن میں ہمت نہ ہو۔ یہ اثر شاید اُس تحریک کا تھا جو دلائی لامہ کو دوبارہ تبت واپس لانے کے لیے کام کر رہی تھی، اور جس تحریک کو مہنگی چلا رہا تھا۔

کچھ دیر بعد ہی مٹھ کا لامہ دروازے پر نمودار ہوا۔ اُس کے ہونٹوں پر بڑی شفیق و مہربان مسکراہٹ تھی۔

"میرے بچو! مجھے دُکھ ہے کہ تمھیں یہاں رُک کر میرا انتظار کرنا پڑا۔" اُس کی آواز میں نرمی اور محبت تھی۔

"کوئی بات نہیں محترم لامہ!" میں نے بھی خوش اخلاقی کا مظاہرہ کیا، پھر کچھ رقم جیب سے نکال کر اُس کی طرف بڑھاتے ہوئے بولی۔ "یہ حقیر نذرانہ قبول کیجیے!"

اُس نے ہاتھ بڑھا کر رقم لے لی، پھر پُرخلوص لہجے میں پوچھا۔ "تم لوگ تبت کے باشندے نہیں لگتے۔ کیا تمھارا تعلق بھارت سے ہے؟"

"نہیں محترم لامہ! ہم پاکستانی ہیں۔" میری زبان سے بے اختیار نکل گیا۔ نہ جانے کیوں اُس مہربان و شفیق بوڑھے سے میں جھوٹ نہ بول سکی۔

"تو پھر تم پاکستانی سامانِ تجارت لے کر یہاں آئے ہو گے؟" بوڑھے لامہ نے کہا۔

میں اب اُس کی پوچھ گچھ کے کچھ الجھن میں پڑ گئی تھی، اور جلدی سے جان چھڑا لینا چاہتی تھی۔ میں نے اسی لیے جلدی سے اثبات میں سر ہلایا اور بولی۔ "اچھا اب ہمیں اجازت دیں!" پھر اس سے پہلے کہ بوڑھا لامہ کچھ اور کہتا میں رضوان کا ہاتھ تھامے سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئی۔

"بالو! مجھے یہ لامہ کچھ گڑبڑ معلوم ہوا۔" رضوان سے اُتر کر مجھے مخاطب کیا۔ "اتنے میٹھے لوگ اندر ہوتے ہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ آپ کی اور اُس کی اُس کے لہجے اور انداز و الفاظ سے میں نے یہی اندازہ لگایا۔

"تم بھی تو بڑے میٹھے ہو۔" میں نے رضوان کو چھیڑا دی۔

ہم میدان میں پہنچ کر اُن خیموں کی طرف جانب نصب کیے گئے تھے۔ بائیں جانب دوسرے خیمے تھے۔

اب اُس میدان میں کافی مقامی باشندے میں نے اپنے خیموں کے قریب بھی کئی افراد کو دیکھا گفتگو کر رہا تھا۔

"لو وہ لوگ نذرانہ دے کر آ ہی گئے۔" چاہ دیکھتے ہوئے مقامی باشندوں سے تبتی زبان میں قریب پہنچ کر معلوم ہوا کہ وہ مقامی باشند خریدنا چاہتے تھے، کیونکہ دوسرے قافلے والوں ذخیرہ ختم ہو چکا تھا۔

میں نے دانستہ چائے کے بہت زیادہ اُن لوگوں سے جان چھڑانا تھا۔ اُن میں سے ہ اتنے مہنگے داموں چائے خریدی۔

چند گھنٹے بہت بوجھل گزرے، کیونکہ مقامی آ کرتے رہے۔ اِس وقت کے زیاں سے صرف جلد یہ بات مشہور ہو گئی کہ ہم اپنا مال بہت ا ہیں اور یہ بھی کہ ہم بہت بددماغ ہیں۔ جل نجات مل گئی۔

میں چانگ اور رضوان کو ساتھ لے کر کھا ملنے کے لیے جانا چاہتی تھی۔ میں ابھی یہ سو میری نظر خیمے کے در کی طرف اُٹھ گئی۔ یعنی سے گزرا تھا۔ میں چونک کر ایک دم اُٹھی اور لپکی۔ شاید کوئی شخص چھپ کر ہماری باتیں تھا۔ مجھے پہلے بھی ایک بار شبہہ سا ہوا تھا، ا ہو گئی تھی۔

میں نے خیمے کے در پر پہنچ کر باہر جھانکا،

مت لگا کھڑا تھا جسے میں نے مٹھ کے دروازے

ہاں کیا کر رہے ہو؟" میں نے اُس سے تبتی زبان میں سوال

لامہ نے بھیجا ہے۔" وہ بغیر گھبرائے بولا۔

ام" میرے لہجے کی سختی برقرار تھی۔

ان میں رضوان اور چانگ بھی خیمے سے باہر

لامہ نے مجھے تمھارے پاس چائے لینے بھیجا ہے۔"

اب دیا۔

م لامہ کی خدمت میں نذرانہ پیش کر چکی ہوں۔" میں نے

میں یہاں تجارت کرنے آئی ہوں مفت چائے

محترم لامہ کے حضور گستاخی کر رہی ہو۔" بھکشو

ایں، پھر اپنے لبادے میں ہاتھ ڈال کر کئی بڑے

لو چائے کس بھاؤ دو گی؟"

نے مجھے چکرا دیا۔ میں نے اُس سے سخت

غلطی کی تھی، اور مجھے اِس غلطی کا قدرے احساس

نرم لہجے میں بھکشو سے کہا۔ "اے عظیم بدھ کے محترم

ں ہے کہ میں نے تمھیں غلط سمجھا۔ مجھے رقم نہیں

لامہ کی خدمت میں چائے کا حقیر نذرانہ ضرور پیش

بدلے ہوئے رویے پر حیرت زدہ رہ گیا۔ میں

بڑی میں مخاطب کیا۔ "اِس سے جان چھڑانے کا یہی

کہ اسے چائے دے کر یہاں سے روانہ کر دیا جائے۔"

سی چائے لے کر آیا۔" چانگ نے جواب دیا اور اُس خیمے

ں سامان کا ذخیرہ تھا۔

لہ معاملہ ہے؟ یہ بھکشو کیا واقعی چائے لینے آیا ہے؟"

ہا اچھا۔

ہاں، ٹھیک ہی بات ہے۔" میں نے جواب دیا، پھر مختصراً

ے مہمان ہونے والی گفتگو سے اُسے آگاہ کیا۔

لو اور رضوان کو اپنے خیمے میں گفتگو کرتے دیکھتا رہا۔

ں بلکہ اُن کی آنکھوں سے نمایاں طور پر نفرت کا اظہار ہو

رہا تھا۔

چانگ ایک چائے کی تھیلی لے کر لوٹا جو میں نے اپنے ہاتھ سے بھکشو کو پیش کی۔

بھکشو نے چائے کی تھیلی لے کر اُسے کھولا اور اُس میں سے چائے نکال کر سونگھی۔ مجھے اُس کی یہ حرکت عجیب سی معلوم ہوئی۔

معاً بھکشو کے ہونٹوں کو حرکت ہوئی، اور وہ بڑبڑایا۔ "یہ چائے تو چین کی معلوم ہوتی ہے۔ یہ پاکستانی چائے تو نہیں۔"

میں اُس کی بڑبڑاہٹ سُن کر چونک پڑی، اور پھر مجھے اپنی فاش غلطی کا احساس ہو گیا، لیکن اب کیا ہو سکتا تھا! کمان سے تیر نکل چکا تھا۔ مجھے یاد آیا کہ میں نے مٹھ کے لامہ سے کہا تھا کہ میں پاکستانی ہوں، اور جب اُس نے یہ پوچھا تھا کہ کیا پاکستانی سامانِ تجارت لے کر آئی ہوں تو میں نے اثبات میں سر ہلا دیا تھا۔

میں ابھی بھکشو کی بڑبڑاہٹ کا کوئی جواب نہ دے پائی تھی کہ اُس نے چائے کی تھیلی میری طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔ "یہ چائے نہیں چاہیے۔ محترم لامہ کو پاکستانی چائے پسند ہے۔"

میں نے اُس سے تھیلی واپس لے لی، اور تھیلی دیتے ہی بھکشو بغیر کچھ کہے سُنے وہاں سے چل دیا۔ میں خیمے میں داخل ہونے کے لیے مُڑی۔

"کیا بات ہے، وہ چائے کیوں واپس کر گیا؟" رضوان نے سوال کیا۔

خیمے کے اندر داخل ہو کر میں نے مختصراً رضوان کو اُس بھکشو اور مٹھ کے لامہ سے ہونے والی گفتگو سے آگاہ کر دیا۔

"مجھے تو وہ پہلے ہی فراڈ نظر آیا تھا۔" رضوان بولا۔ "بالو! یہ کوئی چکر معلوم ہوتا ہے۔ آپ سے اُس نے کچھ پوچھ گچھ، پھر پاکستانی چائے منگوانا۔ یہ باتیں خالی اَز علت نہیں۔ وہ لامہ کہیں اِس طرح آنے جانے والے قافلوں کی جاسوسی تو نہیں کرتا؟"

رضوان کی بات میں وزن تھا۔ میں نے تائید کی۔ "میرا بھی کچھ ایسا ہی خیال ہے۔" پھر طویل سانس لے کر بولی۔ "خیر اِس مسئلے پر پھر کبھی سوچیں گے فی الحال میں تمھیں اور چانگ کو ساتھ لے کر شہزادہ توشو سے ملنے جانا چاہتی ہوں۔ چانگ کو شہزادہ توشو کی رہائش گاہ کا علم ہے۔"

"یہ شہزادہ توشو صاحب کیا شے ہیں؟" رضوان نے اپنے مخصوص لہجے میں سوال کیا۔

مجھے یہ بات یاد ہی نہیں رہی تھی کہ میں نے رضوان کو شہزادہ توشو کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔

"فی الحال تمھارے لیے صرف اتنا جان لینا کافی ہے کہ چام ڈو میں

صرف ایک اُسی کی شخصیت ایسی ہے، جو ہماری مددگار و معاون ثابت ہو سکتی ہے۔" میں نے رضوان کے سوال کا جواب دیا۔ "باقی تفصیلی باتیں بشرطِ فرصت! یہ کہہ کر میں چانگ سے مخاطب ہوئی۔ "شہزادہ توشو کی رہائش گاہ یہاں سے کتنی دُور ہوگی؟"

"نصف میل سے بھی کم!" چانگ نے جواب دیا۔

"کیوں نہ پھر پیدل ہی وہاں تک چلا جائے۔" میں نے کچھ سوچ کر کہا۔

"جیسی آپ کی مرضی! ویسے میں بھی یہی مشورہ دیتا۔" چانگ بولا۔

"کیوں؟" میں نے سوال کیا۔

"اِس طرح ہم گلیوں گلیوں بآسانی وہاں تک پہنچ سکتے ہیں۔ میرے ذہن میں جو راستہ ہے، اُس پر چلتے ہوئے ہم شہزادہ توشو کی محل نما حویلی کے عقب میں نکلیں گے۔ یوں کسی کو ہم پر شک بھی نہیں ہوگا کہ ہم شہزادہ توشو سے ملنے جا رہے ہیں!" چانگ نے کہا۔

اُس کی تجویز مناسب تھی۔ خود میں نے بھی یہی سوچ کر پیدل چلنے کو ترجیح دی تھی کہ کوئی ہم پر زیادہ شک نہ کر سکے اور ہم عام راستے کو چھوڑ کر کسی اور راستے سے شہزادہ توشو کی رہائش گاہ تک پہنچیں۔ میں نے چانگ کی تجویز سے اتفاق کیا۔

کچھ دیر بعد ہی میں، رضوان اور چانگ کے ہمراہ شہزادہ توشو سے ملنے روانہ ہو گئی۔ روانگی سے قبل میں نے وہ خط بھی ساتھ لے لینا تھا جو نجیں لارنہ نے شہزادے کے نام لکھا تھا۔

میں اور رضوان قدم سے قدم ملا کر چل رہے تھے۔ چانگ ہم سے چند قدم آگے چلا جا رہا تھا۔ میں نے چانگ کو روانہ ہوتے وقت ہی سمجھا دیا تھا کہ اُسے راستے میں ہم سے کوئی بات نہیں کرنی، اور ہم سے الگ الگ چلنا ہے۔ اُسے یہ ظاہر نہیں ہونے دینا کہ وہ ہمارے ساتھ ہے۔ میں نے یہ قدم بطورِ احتیاط اُٹھایا تھا۔ میں بہرحال ایک ایسے شہر میں تھی جہاں قدم قدم پر میری زندگی کو خطرہ پیش آ سکتا تھا، اور مجھ سی کم کا ذرا سا بھی شبہ خطرناک ثابت ہو سکتا تھا۔ میرے ہمراہ کسی چینی کا ہونا کم خطرے کی بات نہیں تھی خواہ وہ چینی اپنے لباس اور وضع قطع سے ایک جنتی باشندہ ہی کیوں نہ نظر آتا ہو۔

رضوان مجھ سے شہزادہ توشو کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر رہا تھا۔ ہم دونوں احتیاطاً سندھی زبان میں بات کر رہے تھے۔

ایک پتلی سی لمبی گلی میں مُڑتے ہوئے میں نے چونک کر پیچھے دیکھا۔ مجھے اچانک ہی تعاقب کا احساس ہوا تھا۔ کافی فاصلے پر مجھے ایک مقامی باشندہ نظر آیا جو تیز تیز قدم اُٹھاتا ہوا اُسی طرف آ رہا تھا میں ہی رضوان کو رُکنے کا اشارہ کیا، پھر اپنے دائیں ہاتھ اُتار کر میں جُھک گئی۔ میرا انداز ایسا تھا جیسے چلتے چلتے نکل گیا ہو اور میں اُس کا تسمہ باندھ رہی ہوں۔

مقامی باشندہ گلی میں داخل ہوا اور مجھے جُھکے بڑھ گیا۔ چانگ اب کافی دُور نکل چکا تھا، مگر ابھی تک میں تھا۔

میں دوبارہ سیدھی ہو کر سیدھی کھڑی ہو گئی۔ شک سے میرا شبہ یقین میں تبدیل ہو گیا تھا کہ واقعی وہ تھا۔ میں اور رضوان پھر آگے بڑھنے لگے۔ وہ تیز تیز قدم آگے چل رہا تھا، لیکن اب اُس کی رفتار میں کچھ فاصلہ طے کرتے ہی میں نے دیکھا کہ مقامی باشندہ سے مکان کے دروازے پر رُک گیا، اور دستک اُس کے قریب پہنچے مکان کا دروازہ کُھل چکا تھا دروازہ کھولنے والا ایک ادھیڑ عمر چینی مقامی باشندے کی آواز بہت دھیمی تھی، مگر میں ہی لیے کیونکہ میرے کان اُدھر ہی لگے ہوئے تھے اُس نے کسی شخص کے بارے میں پوچھا تھا، اور وہ شخص اُس مکان میں نہیں رہتا۔

میں تلخی سے مُسکرائی، اور سمجھ گئی کہ اُس کیا ہے! وہ اِس طرح ایک بار پھر ہمارے پیچھے مجھے کوئی شک نہیں رہا تھا کہ وہ ہمارا ہی تعاقب کر تو گویا کھیل شروع ہو چکا ہے۔ اب ہمیں واپس بھی ہو جاتی تو اب یہ ضروری نہیں تھا کہ وہ ملنے جاتے ہوئے میرا تعاقب نہ کیا جاتا۔ جب ہمیں آہٹ تھی، اور وہ میری نگرانی کرا رہے تھے تو شہزادہ توشو سے مل لوں۔ یہ بھی تو ممکن تھا کہ آتے کہ میں شہزادہ توشو سے مل ہی نہ پاتی۔ ان باتوں میں نے یہی فیصلہ کیا کہ تعاقب کے باوجود مجھے رضوان کو بھی صورتِ حال کا اندازہ ہو چلتے ہوئے آہستہ سے بولا۔ "بائیں طرف والی میں ہمارے خیال ہے، پیچھے آنے والے سے نمٹ لیا جا کوئی اور شریر یا کوئی اور موقع ہوتا تو

محل اُس کی تجویز بُری نہیں تھی۔ اِس طرح تعاقب کرنے والے اُن پُجاری جا سکتی تھی، لیکن وہ تو سارا شہر ہی دشمن تھا۔ ا" میں نے رضوان کو بات کا جواب دیا۔ "ممکن ہے یہ شخص نظر نہیں ہو، اور اسے بطور چارہ استعمال کیا جا رہا ہو، تاکہ ہم ہاتھ ڈالا جا سکے۔"

خاموش ہو گیا۔ ہم اُس گلی کو عبور کر کے ایک چھوٹی سی سڑک وہ سڑک ویران نہیں تھی، اور اُس پر لوگ آ جا رہے تھے۔ دیکھا کہ چانگ سڑک پار کر کے سامنے والی ایک اور گلی میں اِسی سڑک کی دوسری جانب ہی تھے۔ وہ گلی غالباً اُسی طرف لے کر اب چانگ نظر نہیں آ رہا تھا۔ میں نے اور رضوان نے میں چانگ کو سہ حال نظر میں رکھنا چاہتی تھی۔

گلی میں داخل ہوتے ہی میں نے ذرا سا مڑ کر دیکھا کہ اب بھی تعاقب میں ہے یا نہیں! لیکن مجھے یہ دیکھ کر اُس کا دُور دُور تک پتا نہیں تھا۔ میں رضوان کے ہمراہ کم فاصلہ طے کرتے ہی میں چونک اُٹھی۔ کوئی بھی کچھ فاصلے پیچھے آ رہا تھا۔

دونوں کو ایک مخصوص اشارہ کیا۔ معاً چلتے چلتے اُسے ٹھوکر زمین پر گر گیا۔ میں اُسے اُٹھانے کے بہانے مُڑی، اور اُن دونوں افراد کو دیکھ لیا جو ہم سے صرف چند قدم پیچھے مقامی تھے، مگر ان میں وہ مقامی باشندہ نہیں تھا جو پیچھا آ رہا تھا۔

کھیل سمجھنے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ اُن کا مقصد لازماً یہی تعاقب کا احساس نہ ہو۔ تھوڑے تھوڑے فاصلے سے ملتفت ہیں۔

اب تک رضوان کو سہارا دے کر کھڑا کیا، وہ قریب آ گئے، ہی کے ساتھ قریب سے گزر گئے۔ اُن دونوں کا اِس طرح پاس سے گزر جانا قطعی غیر فطری تھا جو مجھے اُن کی طرف سے اطمینان کر گیا۔ اُن دونوں نے یقیناً رضوان کو ٹھوکر کھا کے گرتے دیکھا تھا۔ غالباً اِس طرح وہ یہ ثابت کرنا چاہتے تھے کہ وہ توجہ نہیں ہیں۔ یہ الگ بات ہے اُن کی لاتعلقی اِس دل کہ اُن کے دلوں میں چور ہے۔

اگلی دائیں جانب مُڑ گئی تھی۔ اِسی لیے چانگ نگاہ سے اوجھل ہو گیا تھا۔ تعاقب سے بے نیاز ہو کر میں نے تیز تیز قدم اُٹھانا شروع کیے۔ رضوان بھی میرا ساتھ دے رہا تھا۔

تعاقب کرنے والوں کی رفتار کم تھی۔ رضوان کے لڑکھڑا کر گر جانے کے سبب وہ آگے نکل گئے تھے۔ شاید اِسی لیے وہ آہستہ آہستہ قدم اُٹھا رہے تھے کہ وہ دوبارہ ہمارے پیچھے پیچھے ہی چل سکیں، اور ہم اُن سے آگے نکل جائیں۔ تعاقب کرنے والوں کی نظر سے بچ کر شہزادہ توشو کی رہائش گاہ تک پہنچنا اب ممکن نہیں رہا تھا، اِسی لیے ہی بہتر تھا کہ میں اُن کا خیال ذہن سے نکال دیتی۔ میں اور رضوان، اُن دونوں کے قریب سے گزرتے ہوئے آگے بڑھے، پھر بائیں جانب مُڑ گئے۔

چانگ مجھے اُس گلی کے نکڑ پر نظر آیا۔ میں نے اپنی رفتار مزید بڑھا دی، لیکن کچھ دُور چلتے ہی وہ پھر نگاہ سے اوجھل ہو گیا۔ میں نے اُس گلی سے نکل کر دائیں جانب مُڑتے دیکھا تھا۔

اُس گلی سے نکلتے ہی دائیں جانب چند گز کے فاصلے پر مجھے ایک بلند بالا قدیم عمارت نظر آئی۔ چانگ اُسی عمارت کے قریب جا کر کھڑا ہو گیا تھا۔

میں سمجھ گئی کہ وہی محل نما عمارت شہزادہ توشو کی رہائش گاہ ہو سکتی ہے۔ میں اور رضوان، چانگ کے قریب پہنچ گئے۔

"یہ عمارت کا عقبی حصہ ہے۔" چانگ نے سرگوشی کی۔ "ہمیں اِس طرف سے بیچ کر ہوٹ کر سامنے پہنچنا ہوگا۔" چانگ نے دائیں جانب ہاتھ اُٹھاتے ہوئے کہا۔

"چلو!" میں نے چانگ کے ہمراہ اُس گلی کی جانب دیکھا جس سے نکل کر ہم وہاں تک پہنچے تھے۔ وہ دونوں مقامی باشندے اب گلی سے نکل کر ہماری جانب آنے کی بجائے بائیں سمت چلے گئے تھے۔ شاید اِس لیے کہ انھیں اب ہماری منزل کا علم ہو چکا تھا۔ انھوں نے ہم تینوں کو شہزادہ توشو کی رہائش گاہ کے قریب کھڑے ہوتے دیکھ لیا تھا۔ ممکن ہے کہ وہ کسی اور سمت سے بچ کر کاٹ کر عمارت کے گرد منڈلانے لگتے کہ ہم اُسی عمارت میں داخل ہوئے ہیں یا نہیں، مگر اب مجھے اُن کی پروا نہیں تھی کہ وہ کیا کرتے ہیں اور کیا نہیں۔ مجھے تو اب جلد سے جلد شہزادہ توشو سے ملنے کی خواہش تھی۔

ہم عمارت کے بڑے سے پھاٹک تک پہنچ گئے۔ پھاٹک کھلا ہوا تھا اور اُس کی دونوں جانب دو پہرے دار کھڑے تھے جن کے ہاتھوں میں رائفلیں تھیں۔ پھاٹک سے متصل ہی ایک چھوٹی سی کوٹھری بنی ہوئی تھی جس میں غالباً وہ دونوں پہرے دار رہتے تھے۔

ہمیں پہرے داروں نے پھاٹک ہی پر روک دیا۔

"ہمیں شہزادہ توشو سے ملنا ہے۔" میں نے تبتی زبان میں کہا۔

"وہ ماندر نہیں ہیں۔" ایک پہرے دار نے مجھے گھورتے ہوئے جواب دیا۔ اُس کے لہجے سے صاف پتا چل رہا تھا کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔

"مجھے خود اُنھوں نے ہی ملنے کے لیے بُلایا تھا۔ تم کہتے ہو تو میں واپس چلی جاتی ہوں۔" میں نے شائستگی کے ساتھ کہا۔

"تم جھوٹ بول رہی ہو۔ اگر ایسا ہوتا تو وہ ہمیں ضرور بتاتے کہ کوئی اُن سے ملنے ..." پھر وہ کچھ کہتے کہتے رُک گیا۔ شاید اُسے اپنی غلطی کا احساس ہو گیا تھا کہ اُسے ایسی بات نہیں کہنی چاہیے جس سے اُس کا جھوٹ کھل جائے۔ وہ دوبارہ جلدی سے بولا۔ "وہ اجنبیوں سے نہیں ملتے۔"

"تم صرف اِس بات کا جواب دو کہ وہ اندر موجود ہیں یا نہیں؟" اِس بار میرے لہجے میں کسی قدر سختی آگئی۔

"معزز خاتون! اُن کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کب اندر جاتے ہیں اور کب نہیں!" دوسرا پہرے دار میرے سخت لہجے سے متاثر ہو کر نرمی سے بولا۔

"تو کیا تم معلوم نہیں کر سکتے؟ ہم بہت طویل سفر طے کر کے اُن سے ملنے آئے ہیں۔" میں نے دوسرے پہرے دار سے کہا۔ اِس بار میرا لہجہ بھی نرم تھا۔

"نہیں! ہمیں یہ معلوم کرنے کی اجازت نہیں۔" اُس نے جواب دیا۔

"ہاں ایک صورت ممکن ہے کہ میں اُن کے ذاتی خادم کو یہاں بُلا لاؤں۔ آپ اُس سے پوچھ لیں۔"

مجبوراً مجھے پہرے دار کی بات ماننی پڑی۔ وہ اپنے دوسرے ساتھی کو ہمارے پاس چھوڑ کر عمارت کی طرف بڑھ گیا، اور میں مُڑ کر پیچھے دیکھنے لگی۔

میرا اندازہ درست ثابت ہوا۔ عمارت سے کچھ فاصلے پر مجھے دو دونوں مقامی باشندے کھڑے ہوئے نظر آگئے جنھوں نے تعاقب کیا تھا۔ شاید اب وہ اِس فکر میں تھے کہ ہم عمارت میں داخل ہوتے ہیں یا نہیں!

مُڑتے ہوئے ہی میری نگاہ رضوان کے چہرے پر بھی پڑی تھی جس سے اُلجھن کا اظہار ہو رہا تھا اور میں اِس اُلجھن کا سبب سمجھتی تھی۔ تبتی زبان سے ناواقفیت کے سبب وہ میرے اور پہرے داروں کے درمیان ہونے والی گفتگو نہ سمجھ پایا تھا۔

کچھ دیر بعد پہرے دار ایک ادھیڑ عمر شخص کو ساتھ لیے لوٹا۔ اُس شخص کے جسم پر عام تبتی باشندوں جیسا لباس نہیں تھا بلکہ وہ بہترین تراش کا سوٹ پہنے ہوئے تھا، اور اُس کی چال میں بھی ایک وقار تھا۔

"محترم خاتون! آپ مزید کیا یقینی سے کیوں ملنا چاہتی ہیں؟" ادھیڑ عمر شخص نے قریب پہنچتے ہی مجھ سے سوال کیا۔ اُس نے، میں نے دیکھا تھا، لیکن اُس کے چہرے سے پتا چل رہا تھا کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔

"یہ میں محترم شہزادے ہی کو بتا سکتی ہوں۔" میں نے زبان استعمال کی۔

"مگر... مگر خاتون!... وہ تو تشریف نہیں رکھتے۔" شخص کچھ رُک رُک کر بولا، پھر کہا۔ "ویسے آپ مجھ پر بھی بھروسا کر سکتی ہیں میں اُن کا پرائیویٹ سیکریٹری ہوں۔"

میں سمجھ گئی کہ لنبر پنچن لامہ کا تعارفی خط دکھا میں نے وہ لفافہ جیب سے نکال لیا جس پر تبتی زبان لکھا ہوا تھا، پھر بولی۔ "مجھے پرنس تک یہ خط پہنچانا ہے۔"

"آپ یہ خط مجھے دے دیں۔ میں اُن تک پہنچا دوں گا۔" سیکریٹری نے کہا۔ اُس کے لہجے میں شائستگی تھی۔

میں نے ایک لمحے کو سوچا، پھر لفافہ اُس کی طرف بڑھا کر کہا۔ "بہتر ہوتا کہ میں خود اپنے ہاتھ سے یہ خط اُنھیں دیتی۔ بہرحال اب جو صورت موجود نہیں ہیں۔ آپ فوراً یہ خط اُنھیں پہنچا دیں۔"

ادھیڑ عمر شخص نے مجھ سے لفافہ لے لیا اور بولا۔ "آپ کو زحمت نہ ہو تو چند گھنٹے بعد آ کر لے جا سکتی ہیں۔"

"اگر آپ کو زحمت نہ ہو تو چند گلاس پانی پینے" میں نے جلدی سے کہا۔ "دراصل میں اور میرے ساتھی پیدل چل کر آ رہے ہیں اور ہمیں پیاس لگ رہی ہے۔"

"بہتر ہے۔" ادھیڑ عمر سیکریٹری نے میری طرف دیکھا، شاید وہ میرا مقصد سمجھ گیا تھا۔

مجھے یقین تھا کہ شہزادہ تاشو عمارت میں موجود ہے۔ کچھ دیر اِس بہانے ٹھہرنا چاہتی تھی۔ میں فوراً یہ بھی سمجھ گئی تھی کہ وہ لفافہ شہزادہ تاشو تک پہنچ جائے اور وہ اِسے پڑھ کر مجھے اندر بُلا لے۔

مجھے اِس وقت وہ تمام باتیں یاد آ رہی تھیں جو تاشو کے بارے میں بتائی تھیں۔ پنچن لامہ نے یہ بھی بتایا تھا کہ پہلی نظر شہزادہ ملاقات سے اجتناب کرے گا، کسی کی نظر میں مشکوک ہونا نہیں چاہے گا۔ پہرے دار کی یہی اندازہ لگایا تھا کہ شہزادہ تاشو اجنبیوں سے ملتے تعارفی خط سے مجھے کچھ اُمید بندھ چلی تھی۔ ایک بار مجھ سے ضرور ملے گا۔ پھر ملاقات ہو نہ

سلام پانی سے بھرا جگ اور گلاس لیے باہر نکلا۔ لمحے کے باوجود چانگ اور رضوان نے پانی پیا، اور میں بلایا گیا۔

ادھیڑ عمر سیکریٹری کو عمارت میں گئے کافی دیر ہو چکی تھی، میں سوچ رہی تھی۔ اب وہاں میرے مزید رُکنے کا فائدہ تو شو کو مجھ سے ملاقات کرنی ہوتی تو اب تک اندر بلا لیتے۔ ہمیں گھورنے لگے تھے۔

میں نے مُڑتے ہوئے چانگ سے کہا۔

"تاشو پر غصہ آنے لگا تھا۔ اُس کے خوش اخلاق میزبان ہم سے عمارت کے اندر چل کر بیٹھنے کو نہیں کہا تھا۔ البتہ تھوک دیا کہ شاید اِس میں بھی کوئی مصلحت تھی۔ شہزادہ تاشو اجنبیوں سے یہی سلوک روا رکھتا تھا۔ ہم کو بھی قطعی نظر انداز نہیں کیا تھا کہ ممکن ہے اِن موجود نہ رہا ہو۔

ہمارا تعاقب کیا گیا، مگر اب تعاقب کرنے

والے تک پہنچے تو دوپہر ہو چکی تھی، اور اب مجھے بھوک لگنے لگی تھی۔

میں نے ساتھ ساتھ کھانا کھایا، اور چانگ کھانے لے چلا گیا جہاں بقیہ افراد بھی تھے۔

کھانے کے دوران میں، رضوان اور میں شہزادہ تاشو ہی کے بارے میں باتیں کرتے رہے۔ کھانے سے فراغت پا کر میں ہاتھ دھو رہی تھی تو سامنے سے ایک شخص کو خیمے کی طرف آتے دیکھا۔

میں نے اُٹھ کر دیکھا تو وہ میری طرف دیکھتے ہوئے آ رہا تھا۔ وہ قریبی مٹھ کا وہی بھکشو تھا جسے صبح میں نے اپنے کے لیے بھیجا تھا۔

میں نے اُسے سوالیہ نظر سے دیکھا۔ اُس نے ہاں میں ہاتھ ہلا دیا اور ایک لفافہ میری طرف بڑھا دیا جس پر میرا نام لکھا ہوا تھا۔ میں نے وہ لفافہ لے لیا۔ بھکشو لفافہ دیتے ہی واپس کے لیے مڑ گیا، اور میں نے مناسب نہیں سمجھا، کیونکہ میں خیمے میں جا کر وہ لفافہ پڑھ سکتی تھی، وہ خط لکھنے والا کون ہو سکتا تھا؟ میں نے سوچا، اور میرے ذہن میں ایک نام گونجا۔ وہ خط مجھے سارہ بھی لکھ سکتی تھی، لیکن کیوں؟ اُسے خط لکھنے کی کیا ضرورت تھی؟ کیا اُسے علم ہو گیا کہ میں چام ڈیو پہنچ چکی ہوں، اور وہ چاہتی ہے کہ میں چام ڈیو سے لوٹ جاؤں؟

میں یہی سوچتی ہوئی خیمے میں داخل ہوئی اور لفافہ کھول لیا۔ رضوان بھی میرے ہاتھ میں وہ لفافہ دیکھ کر قریب آ گیا۔ پھر جیسے ہی میں نے لفافہ کھولا، چونک پڑی۔ وہ خط مجھے سارہ نے نہیں شہزادہ تاشو نے لکھا تھا۔ رسم الخط انگریزی تھا۔ ایک سفید کاغذ پر صرف چند جملے تحریر تھے اور عبارت کے آخر میں اُس کا نام بھی نہیں لکھا تھا۔

"مصلحتاً میں اُس وقت تم سے ملاقات نہ کر سکا۔ اگر ممکن ہو تو مجھ سے ملنے کی کوشش نہ کرو، لیکن اگر ملاقات ناگزیر ہے تو آج رات ٹھیک آٹھ بجے بیرونی پھاٹک کی بجائے عقبی دروازے پر پہنچ جاؤ۔"

"بظاہر یہ خط شہزادہ تاشو ہی کا معلوم ہوتا ہے۔" معاً رضوان کی آواز نے مجھے چونکا دیا۔ وہ بھی خط پڑھ چکا تھا۔

"ہاں!" میں نے کچھ سوچتے ہوئے کہا اور خط پھاڑ دیا۔

"بانو! بظاہر یہ خط ابھی کوئی آپ کو دے کر گیا ہے۔" رضوان نے کہا۔ میں نے اثبات میں سر ہلایا تو وہ پھر بولا۔ "کیا شہزادہ تاشو کا سیکریٹری آیا تھا؟"

"نہیں!" میں نے جواب دیا۔ "یہ خط وہ بھکشو دے کر گیا ہے جو صبح لامہ کے لیے چائے لینے آیا تھا۔"

"کیا؟" رضوان حیرت زدہ لہجے میں بولا۔

"کیوں، کیا ہوا؟" میں نے پوچھا۔

"بانو! یہ کوئی فراڈ بھی ہو سکتا ہے۔" رضوان نے کہا۔ "شہزادہ تاشو کی رہائش گاہ تک ہمارا تعاقب کیا گیا تھا، اور تعاقب کرنے والے شاید ہمارے دوست نہیں تھے۔"

"اِس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔" میں نے تائید کی پھر بولی۔ "یہ بات تو طے ہے کہ وہ بھکشو کسی نہ کسی کا آلۂ کار ہے۔ خواہ ہمارے دشمنوں کا خواہ شہزادہ تاشو کا!"

"قطعی!" رضوان نے بھی میری بات کی تائید میں کہا۔ "ہمیں اپنا اگلا قدم اُٹھانے سے پہلے سوچ سمجھ لینا چاہیے۔"

"مجھے تمھاری رائے سے اتفاق ہے، لیکن میں دونوں صورتوں میں آج رات وقت مقررہ پر وہاں پہنچنا چاہتی ہوں، تاکہ جو بھی صورتِ حال ہو وہ کھل کر سامنے آ جائے۔" میں فیصلہ کُن لہجے میں بولی۔

ٹھیک آٹھ بجے میں، رضوان اور جانگ کے ہمراہ شہزادہ توشو کی رہائش گاہ کے عقبی دروازے تک پہنچ چکی تھی۔ اس بار بھی ہمارا تعاقب کیا گیا تھا، اور تعاقب کرنے والے بدلتے رہے تھے۔ میں کسی بھی قسم کے ہنگامے سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار تھی، لیکن کوئی ہنگامہ نہیں ہوا۔

عمارت کا عقبی حصہ نیم تاریک تھا۔ ہم جیسے ہی آگے بڑھے، عقبی دروازے سے ایک سایہ باہر نکلا، پھر ایک جانی پہچانی آواز سنائی دی "خوش آمدید، شہزادہ توشو کے مہمانو!"

وہ سایہ ہمارے قریب آکر رک گیا۔ میں نے اُسے پہچان لیا۔ وہ شہزادے کا اُدھیڑ عمر سیکریٹری تھا، اور اس وقت بھی وہ سوٹ پہنے ہوئے تھا۔

وہ ہمیں عمارت کے عقبی دروازے سے لے کر اندر داخل ہوا، اور اندر داخل ہوتے ہی اُس نے دروازہ بند کر دیا۔ ایک طرف ہلکی سی روشنی نظر آرہی تھی۔ وہ ہمیں ساتھ لیے اُس طرف بڑھا۔

وہ ایک زینہ تھا جس میں کم طاقت کا بلب روشن تھا اور اُسی کی روشنی باہر تک آرہی تھی۔ ہم اُس کے پیچھے پیچھے سیڑھیاں چڑھنے لگے۔

اُدھیڑ عمر سیکریٹری زینہ چڑھ کر ایک راہداری میں مُڑا جس کی دونوں اطراف کمروں کے دروازے نظر آرہے تھے۔ وہ ہمیں لے کر ایک کمرے میں داخل ہو گیا۔

کمرہ خالی تھا اور نشست فرشی! کمرے میں دبیز قالین بچھا ہوا تھا اور جگہ جگہ ٹیک لگانے کے لیے تکیے رکھے ہوئے تھے۔

ہم نے کمرے کے دروازے پر جوتے اتارے، اور اُدھیڑ عمر شخص ہمیں وہاں چھوڑ کر چلا گیا۔

ہمیں کمرے میں بیٹھے بمشکل ایک دو منٹ ہوئے ہوں گے کہ کمرے کے دروازے سے ایک سُرخ و سفید رنگت والا دراز قد شخص اندر داخل ہوا۔ میں احتراماً اُٹھ کھڑی ہوئی۔ جانگ اور رضوان نے بھی میرا ساتھ دیا۔

وہ جوتے اتار کر اندر داخل ہوا اور شستہ انگریزی میں بولا "بیٹھیے، بیٹھیے!"

میں نے اُس کے چہرے کا جائزہ لیا۔ اُس کی آنکھوں سے ذہانت اور بُردباری جھلک رہی تھی۔ اُس کے جسم پر کھدری بیس کا بہترین سوٹ تھا، اور ہونٹوں میں موٹا سا سگار۔ میرے ذہن سے یہ بات نکل گئی کہ ایک معزز تبتی سے ملنے آئی ہوں، کہ یورپین مفکر کی طرح نظر آرہا تھا۔

وہ ایک تکیے سے ٹیک لگا کر، پھر میں نے ہی گفتگو کا آغاز کیا "ہم ملنا گزیر نہ ہوتا تو میں آپ کو کبھی زحمت

"میں سمجھتا ہوں، سمجھتا ہوں۔" وہ اپنی بھاری آواز میں بولا "محترم پنچن لاما تفصیل سے بتا چکے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ ہو گیا ورنہ میں اجنبیوں سے نہیں ملتا

"لیکن ہز ایکسیلینسی اجنبیوں ضرور بستے ہیں۔" میں نے مسکرا کر معنی

میری بات سُن کر اُس کے ہونٹوں بولا "آج کل تبت کے حالات ہیں رہنا پڑا ہے۔" پھر وہ بولتے بولتے کی طرف سوالیہ نگاہ سے دیکھنے لگا تھا

اس سے پہلے کہ وہ اُن دونوں بول اُٹھی "ہز ایکسیلینسی! یہ دونوں پاکستانی ساتھی رضوان ہیں۔" میں نے چانگ کی طرف دیکھتی ہوئی بولی "اور فوج کے ایک فتے دار افسر! میں آپ کو پہلے ہی بہت کچھ بتا چکی ہوں۔"

چانگ کے تعارف پر شہزادہ توشو رہ کر بولا "تمہیں میرے بارے میں شاید کے لہجے میں شائستگی تھی۔ وہ انگریزی کچھ عرصے تبت سے باہر بھی رہا ہوں دیکھی ہے، اس لیے مجھے تبت کی بھی اپنے اہلِ وطن کی طرح محترم، ان کی تبت واپسی کا خواہشمند ہوں۔ احساس ہے کہ اُن کی تبت واپسی ملا کا لازم رویہ مجھے دوستی کا جذبہ بخشتا ہے کہ وہ چینی حکومت سے تعاون

کے لیے کہا تھا اُس میں خلوص اور سچائی کی
کے انداز و فکر اور صاف گوئی نے مجھے
جام ڈیو میں رہتے ہوئے مجھے اُس
ہے گی۔

گہرے کش لینے کے بعد وہ پھر بولا۔
ہو کہ میں تمہارے والد نواب شمشیر جنگ
کے لیے اُن کے خیالات بھی یہی تھے

کے خیالات یقیناً قابلِ قدر ہیں، لیکن
گھام میں آباد مختلف قبائل کے کیا خیالات
ان ڈال سکیں گے؟" میں نے کہا۔

اپنے قوم کے سامنے اِن خیالات کا
جانتا ہوں کہ وہ میرے نقطۂ نظر کو نہیں
نے جواب دیا۔" وہ محترم دلائی لاما سے
ہیں کہ اُن کی واپسی کے سوا کوئی اور بات
میں ہمنتی اُن کا لیڈر ہے۔ اُن لوگوں کا اتنا
اُن کی مخالفت کرتا ہے تو وہ بے دریغ
ہے۔ اُن کی انٹیلی جنس اتنی تیز ہے کہ
میں قدم رکھنے کے بعد چوبیس گھنٹے سے
تک وہ تاریک کوٹھری میں ڈال دیا
ہات اٹھ دھو بیٹھتا ہے۔ مجھے تمہاری
ہے۔ یہی سوچ کر میں نے تمہیں یہاں
میرینگ کی بیٹی ہو، اس لیے مجھے تم سے
اجام ڈیو سے چلی جاؤ، کیونکہ فی الحال
ہیں۔ تم روانہ ہونے تک میں میرے
یہاں سے نکالنے کی پوری کوشش

میں باتیں سُن کر مجھے تعجب ہو رہا ہے
سلسلے میں کہا۔
ات نہیں!" وہ بولا۔ "مجھے صرف تمہاری
ذاتی طور پر ہر خطرہ مول لینے پر آمادہ
ہوں کہ نتیجہ چاہے کچھ بھی نکلے میں

اب عوام کے درمیان اپنے خیالات کا اظہار ضرور کروں گا کہ اسی میں تبت کی فلاح و بہتری ہے۔"

"نہیں ہز ایکسیلینسی! میرا خیال ہے کہ آپ درپردہ رہ کر بہت کچھ کر سکیں گے۔ میں کچھ سوچ سمجھ کر ہی یہاں آئی ہوں۔ اگر میں اپنے مقاصد میں کامیاب ہو گئی تو بغیر کسی جھگڑے فساد کے ہی سارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔"

میری بات سُن کر شہزادہ توشو نے انکار میں سر ہلایا، پھر بولا "بانو! غالباً تمہیں حالات کا صحیح اندازہ نہیں۔ محترم دلائی لاما کی تبت واپسی خون خرابے کا باعث ثابت ہو گی اور انھیں تبت آنے سے روکنا بھی خون خرابے کے بغیر ممکن نہیں۔ میں جانتا ہوں کہ میں پورے صوبۂ کھام میں تنہا شخص نہیں جو یہ خیالات رکھتا ہوں۔ میرے ہمنوا اور بھی ہیں، مگر اکثریت انھی لوگوں کی ہے جو سوچے سمجھے بغیر ہمنتی اور اُس کی پارٹی کے اشاروں پر ناچ رہے ہیں۔ ان لوگوں کو بغیر خون خرابے کے روکنا ناممکن ہے۔"

"مجھے بھی اس بات کا علم ہے ہز ایکسیلینسی! لیکن میں یہ بھی سمجھتی ہوں کہ اگر میں اپنے مقاصد میں کامیاب ہو گئی تو خون خرابے کی نوبت نہیں آئے گی۔ مجھے کسی طرح ہمنتی اور اُس کے ساتھیوں کو یہ سمجھانا ہے کہ وہ جو کچھ کر رہے ہیں، خود اُن کے حق میں بہتر نہیں۔" میں نے پُرزور الفاظ میں کہا۔

ناممکن!" شہزادہ توشو بھی پُرجوش لہجے میں بولا "آسمان سے تارے توڑ کر لانا ممکن ہے لیکن ہمنتی کو یہ سمجھانا کہ وہ غلطی پر ہے ممکن نہیں۔ پھر بھی اگر تم ایسا سمجھتی ہو تو میں اس سلسلے میں تمہاری ہر مدد کرنے کو تیار ہوں۔"

"مجھے آپ سے صرف اتنی مدد درکار ہے کہ آپ حالات کے پیشِ نظر مجھے اور میرے ساتھیوں کو اپنے یہاں پناہ دیں، اور ہمنتی سے میری ملاقات کا بندوبست کر دیں یا معلوم کرا کے بتا دیں کہ وہ مجھے کہاں مل سکے گا۔" میں نے اُسے اپنے مقصد سے قریب آتے دیکھ کر جلدی سے کہا۔

"تم اس گھر کو اپنا ہی گھر سمجھ سکتی ہو۔" شہزادہ توشو کے لہجے میں اپنائیت تھی۔ "مجھے تمہارے اور تمہارے ساتھیوں کے یہاں قیام پر کوئی اعتراض نہیں، لیکن میرے خیال میں تمہارا ہمنتی سے ملنا قطعی مناسب نہیں، وہ تمہیں زندہ نہ لوٹنے دے گا۔"

میں ابھی کچھ کہنا ہی چاہتی تھی کہ معاً میری سماعت سے کچھ ایسی

آوازیں ٹکرائیں کہ میں خاموش ہو گئی۔ شہزادہ توشو بھی چونک اُٹھا تھا۔ اُس نے بھی غالباً شور اور ہنگامے کی آوازیں سُن لی تھیں جو لمحہ بہ لمحہ تیز ہوتی جا رہی تھیں۔

اُسی وقت شہزادہ توشو کا اَدھیڑ عمر سیکریٹری کمرے میں داخل ہوا۔ اُس کے چہرے پر ہوائیاں اُڑ رہی تھیں۔ اُس نے لرزتی ہوئی آواز میں بتایا "ہز ایکسیلینسی! محل کو بلوائیوں نے گھیرے میں لے لیا ہے، اور وہ اندر گھسنے کی کوشش کر رہے ہیں۔"

لمحے بھر کو شہزادہ توشو کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑ گیا، لیکن دوسرے ہی لمحے وہ پُرجوش انداز میں اُٹھ کھڑا ہوا۔

"اسلحہ خانے سے رائفلیں نکال کر تمام خادموں کو تقسیم کر دو!" اُس نے اَدھیڑ عمر سیکریٹری کو حکم دیا "بلوائیوں کو محل میں گھسنے سے ہر قیمت پر روکنا ہے۔" سیکریٹری چلا گیا تو وہ مجھ سے مخاطب ہوا "میں نے کہا تھا ناکہ چام ڈیو میں قدم رکھنے والا تحریک کا کوئی مخالف چھپا نہیں رہ سکتا۔ تمھیں آئے ہوئے ابھی چوبیس گھنٹے نہیں گزرے کہ یہ ہنگامہ کھڑا ہو گیا۔"

"میرا خیال ہے کہ وہ آپ سے مطالبہ کریں گے کہ چینی جاسوسوں کو اُن کے حوالے کر دیا جائے۔ میرا مشورہ ہے کہ آپ اُن کا مطالبہ تسلیم کر لیں۔" میں نے کہا۔

"نہیں! میرے جیتے جی ایسا نہیں ہو سکتا۔ تمھیں نہیں معلوم کہ وہ تمھیں فوراً ختم کر دیں گے۔" شہزادہ توشو نے جذباتی لہجے میں کہا۔

"کیا ہمارے لیے فرار کا کوئی راستہ نہیں ہے؟" میں بھی اُٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ میرے ساتھ ہی رضوان اور چانگ بھی اُٹھ کھڑے ہوئے۔

"نہیں! میرا خیال ہے، اُنھوں نے ہمیں چاروں طرف سے گھیرا ہو گا۔ چلو ابھی چل کر دیکھ لیتے ہیں۔" شہزادہ توشو آگے بڑھتا ہوا بولا۔

رضوان اور چانگ بھی میرے ساتھ آگے بڑھے۔ معاً مجھے خیال آیا کہ چانگ کو ہمارے ساتھ نہیں چلنا چاہیے۔ میں نے اُسے مخاطب کیا۔ "میری اور رضوان کی زندگی سے زیادہ تمھاری زندگی خطرے میں ہے۔ تمھیں بلوائیوں کے سامنے نہیں آنا چاہیے۔ تم یہیں رُک جاؤ۔"

شہزادہ توشو نے بھی میرے خیال کی تائید میں کہا "ہاں یہ بہتر ہے۔ انھیں یہیں چھوڑ دو۔"

شہزادہ توشو مجھے اور رضوان کو محل کے ایک ایسے حصّے میں لے گیا جہاں سے چھپ کر ہم بلوائیوں کو دیکھ سکتے تھے۔ یہ محل کا سامنے والا حصّہ تھا۔

میں نے سینکڑوں افراد کو محل کے بند پھاٹک کے سامنے کھڑا ہوا دیکھا۔ دونوں پہریدار پھاٹک بند کیے آگے ہوئے تھے۔ مجمعے میں اکثر افراد ننھے منّے مشعلیں اور لمبے چھل دار لاٹھیاں اور بانس لیے ہوئے تھے۔ کچھ کے پاس بندوقیں اور رائفلیں بھی تھیں۔ وہ نعرے لگا رہے تھے جن کا مفہوم یہ تھا کہ وہ چینی ہیں اور سنچین کے لیے جاسوسی کرنے والوں کی موت مارنے کے لیے اُن کے کچھ افراد شہزادہ توشو کے خلاف بھی نعرے لگا رہے تھے۔ وہ چینی کُتّا کہا جا رہا تھا۔

میں نے دیکھا کہ یہ نعرے سُن کر شہزادہ توشو کا چہرہ سُرخ ہو گیا۔ وہ دانت پیستا ہوا بولا۔ "میں اِن باغیوں کو سبق سکھا دوں گا۔" یہ جملہ بھی اُس نے انگریزی میں کہا تھا۔

"اگر آپ نے یا آپ کے ساتھیوں نے بلوائیوں پر گولی چلائی تو پھر کچھ بھی نہیں ہو سکے گا۔" شہزادہ توشو کو مخاطب کیا۔

"اور لڑائی شروع ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گی۔" میں نے رضوان کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ صحیح اندازہ لگایا تھا۔

"تو پھر کیا کیا جائے؟" شہزادہ توشو کی بے بسی بھی تھی۔

اور میرا ذہن بھی سوچنے میں مصروف تھا۔ اس سے کس طرح نمٹا جائے؟ یہ مسئلہ میرے سامنے بھی آ چکا تھا بلکہ شہزادہ توشو بھی ہماری جان لینے پر تُلا ہوا تھا۔



اتنا وقت نہیں تھا کہ میں اس صورت حال پر مزید غور کر سکتی۔ ہم گھسنے کی کوشش بھی کر سکتے تھے، مگر اس میں بھی خطرہ تھا۔

"ہز ایکسیلینسی! کیا عمل مشتعل ہجوم ہمیں دیکھ سکے؟"

"نہیں!" شہزادہ توشو نے جواب دیا "ہم محل کی چھت پر ہیں اس سے بھار امقصد کیا ہے؟ تم یہ کیوں بھول رہی ہو کہ ہم بہت سے مسلح ہیں۔"

"ہاں ایک دم اپنے سامنے دیکھ کر گولی نہیں چلائیں گے۔" میرا خیال ہے کہ انھیں آپ سمجھا سکتے ہیں۔"

"شہزادہ توشو بولا۔

"کہ ہم چینی ہیں اور سنچین کے لیے جاسوسی کر رہے ہیں؟"

"ہاں ہے کہ وہ لوگ میری بات مان جائیں گے؟"

"مگر پر تو خیر قبل از وقت کچھ نہیں کہہ سکتی لیکن یہ ضرور ہے کوئی نہ کوئی راہ یقیناً نکل آئے گی۔" میں نے کہا

شہزادہ تائیدی نگاہ سے دیکھا۔

"آپ کے خیال سے متفق ہوں ہز ایکسیلینسی!" رضوان

"کیا ایسا ہی سمجھتے ہو تو چلو!" شہزادہ توشو نے کہا اور ہمیں آنے کا اشارہ کیا۔

شہزادہ توشو خادم اور اُس کے پیچھے میں پھر رضوان۔ سیڑھیاں طے کر کے اُس زینے تک پہنچے جو محل کی چھت تک

ہم چھت پر پہنچ گئے۔ چھت پر تین اطراف میں سامنے کی جانب لوہے کے ریلنگ لگے ہوئے تھے۔ ہر ایک کے پاس بھی تھا۔ ریلنگ کے قریب ہی کچھ فاصلے سے

شہزادہ توشو کے خادم رائفلیں سنبھالے ریلنگ سے وہ اپنی رائفلیں محل کے نیچے موجود مشتعل ہجوم کی تھے۔ شہزادہ توشو کو ریلنگ کی طرف بڑھتے دیکھ آنے لگے۔

یہ واضح ہوا کہ شہزادہ توشو کے خادم جلد باز ثابت ہوں نے ابھی تک مشتعل ہجوم پر فائرنگ شروع

ہم شہزادہ توشو کے لیے سخت نازیبا الفاظ استعمال

اور میرے اور رضوان کے ہمراہ ریلنگ تک پہنچا اور اُس کا جوش شباب پر پہنچ گیا۔ مشتعل ہجوم میں نعرے لگائے۔

قریب کھڑے ہوئے ایک خادم سے رائفل رضوان اُسے روک سکتے، اُس نے فائر کر دیا۔

یہ دیکھ کر میری جان میں جان آئی کہ اُس نے مجھ پر فائر نہیں کیا تھا۔ فائر ہوا تھا۔ نعرے لگاتا ہوا مجمع ایک دم خاموش ہو گیا۔ انھیں چیخنے سے روکنے اور اُن سے بات کرنے کی اس سے بہتر ترکیب نہیں ہو سکتی تھی۔ شہزادہ توشو یقیناً ذہین شخص تھا۔

"تم لوگ کیا چاہتے ہو؟" شہزادہ توشو نے بلند اور پُروقار آواز میں مجمعے کو مخاطب کیا۔

"چینی جاسوسوں کو ہمارے حوالے کر دو! ہمارے حوالے کر دو!"

مجمعے میں سے بیک وقت کئی آوازیں بلند ہوئیں۔ "وہ جو تمھارے قریب کھڑے ہیں، انھیں ہمارے سپرد کر دو۔ ہم میں سے ہو اس لیے ہم تمھارا قصور معاف کر دیں گے۔"

اس سے پہلے کہ شہزادہ توشو کوئی جواب دیتا، میں بول اُٹھی۔ "تمھیں ہمارے بارے میں غلط فہمی ہوئی ہے۔ ہم ہرگز چینی جاسوس نہیں ہیں اور نہ چینی ہیں۔" میں نے جتنی زبان ہی استعمال کی تھی۔

"تم چینی حکومت ہی کے ایما پر ہماری سرگرمیوں پر نظر رکھنے آئی ہو۔ یہ جاسوسی نہیں تو اور کیا ہے؟" مجمعے میں سے کوئی چیخا۔

"یہ بالکل غلط ہے۔" میں نے بھی چیخ کر جواب دیا۔ "کیا تم سمجھتے ہو کہ چینی حکومت کے پاس جاسوسوں کی کمی ہے جو وہ مجھے یہاں بھیجتی؟"

میرا سوال ایسا نہیں تھا جسے آسانی سے نظر انداز کر دیا جاتا۔ میرا سوال یقیناً اہم اور کچھ سوچنے پر مجبور کر دینے والا تھا۔ کچھ دیر کو مجھے میں سے کوئی کچھ نہ بولا، پھر ایک آواز سنائی دی "پھر تم یہاں کیوں آئی ہو؟" سوال کے جواب میں مجھ سے سوال کیا گیا۔

"اِس لیے کہ مجھے تبت سے محبت ہے۔" میں کسی قدر جذباتی لہجے میں اُن سے مخاطب ہوئی۔ "میں اُس شخص کی بیٹی ہوں جس نے مرتے دم تک تمھاری خدمت کی ہے۔ کیا تم نواب شمشیر جنگ کو بھول گئے؟ بولو کیا وہ تمھارے محسن نہیں تھے؟"

مجھے یقین تھا کہ اُس مجمعے میں بھی کچھ لوگ ایسے ضرور ہوں گے جو میرے والد کو جانتے ہوں گے۔ اور یہ جان کر کہ میں نواب شمشیر جنگ کی بیٹی ہوں، اُن کے دل میں میرے لیے احترام کا جذبہ اُبھر آیا ہو گا۔

کافی دیر تک لوگ آپس میں چہ میگوئیاں کرتے رہے اور کسی نے میری بات کا کوئی جواب نہ دیا۔

"ہمیں کیسے پتا چلے کہ نواب شمشیر جنگ کا نام لے کر ہمیں دھوکا نہیں دیا جا رہا؟" آخر کار مجمعے میں سے کسی نے چلا کر پوچھا۔

"کیا تم دیکھ نہیں سکتے کہ مجھ میں نواب شمشیر جنگ کی کتنی نشانیاں ہیں؟ کیا میں تمھیں چینی نظر آ رہی ہوں؟ کیا میں تمھاری زبان روانی سے نہیں بول رہی؟" میں پُرجوش اور بلند آواز میں کہے جا رہی تھی۔ "کیا تمھیں یہ اندازہ لگانے میں دقت ہو رہی ہے کہ میں خود تمھارے ساتھ رہ چکی ہوں؟

"ہم یہ لے لیتے ہیں کہ تم نواب شمشیر جنگ کی بیٹی ہو لیکن ہماری اطلاعات غلط نہیں ہو سکتیں۔ اُن اطلاعات کے مطابق تم چینی حکومت کے ایما پر ہی یہاں آئی ہو۔" میری بات کے جواب میں پیچھے سے کہا گیا۔

"ہم تم پر بھروسہ نہیں کر سکتے!"

میں نے اندازہ لگایا کہ انھیں یہ باور کرانا ممکن نہیں کہ میں چینی حکومت کے ایما پر تبت نہیں آئی لیکن میں اس بات کو اُن کے روبرو تسلیم نہیں کرنا چاہتی تھی۔ میں نے اسی لیے بات کا رُخ بدل دیا اور بولی۔ "میں کب کہتی ہوں کہ تم مجھ پر بھروسہ کرو! اگر تمھارا مطالبہ یہی ہے کہ میں اور میرا ساتھی تمھارے درمیان آجائیں تو میں اس پر آمادہ ہوں۔ تم مجھے اور میرے ساتھی کو اپنے رہنما کے پاس لے چلو، پھر جو وہ کہے اُس پر عمل کرو!"

مجمے پر خاموشی طاری ہو گئی اور میرے چپ ہوتے ہی شہزادہ توشو فکرمند لہجے میں بولا۔ "بالو! یہ... یہ تم نے کیا کہہ دیا؟ ان بلوائیوں پر کس طرح اعتبار کیا جا سکتا ہے؟"

"اعتبار کرنا ہی پڑے گا ہز ایکسیلنسی!" میں نے جواب دیا۔ "ان حالات میں اس کے سوا کوئی اور بہتر صورت نہیں ہے۔" یہ کہتے ہوئے میں نے مجمے کی طرف نگاہ ڈالی۔ اُن کی خاموشی ختم ہو چکی تھی اور وہ ایک دوسرے سے ایک بار پھر چہ میگوئیاں کرنے لگے تھے۔ انداز ایسا ہی تھا جیسے وہ آپس میں صلاح مشورہ کر رہے ہوں۔

"ایک تو یہی بات طے نہیں کہ یہ لوگ تمھیں مہنتی تک لے بھی جائیں گے یا نہیں، پھر اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ مہنتی تمھاری بات سننے اور ملنے پر آمادہ ہو جائے گا؟" شہزادہ توشو بولا۔ "میں تو سمجھتا ہوں کہ اس طرح تم سخت خطرے میں گھر جاؤ گی!"

"بغیر خطرہ مول لیے تو کچھ نہیں ہو سکتا ہز ایکسیلنسی!" میں نے جواب دیا۔

شہزادہ توشو نے اُس وقت مجھ سے تبتی زبان میں گفتگو کا آغاز کیا تھا۔ اس لیے میں بھی تبتی زبان بول رہی تھی لیکن جب آخری جملہ ادا کیا تو میری نظر رضوان کے الجھن زدہ چہرے پر پڑی۔ وہ مجھے دیکھ کر مسکرا دیا۔

"کیوں تم اتنے پریشان کس لیے نظر آ رہے ہو؟" میں نے اُسے مخاطب کیا۔

"کچھ نہیں کوئی خاص بات پوچھنے کی ہے! وہ چڑ کر اردو میں بولا۔ "تم مجھ مہ جیسے کو بھی تو خبر لگنے کو حضور کیا عمل جلا رہی ہیں!"

میں نے بہت مختصر الفاظ میں اُسے صورتِ حال سے آگاہ کر دیا تو اُس کے چہرے سے اُلجھن کے تاثرات ختم ہوئے اور وہ شہزادہ توشو سے مخاطب ہوا۔ "دراصل بالو کی ایک دوست بھی اُن بائیس کے درمیان موجود ہیں اس لیے بالو زیادہ فکرمند نہیں ہیں۔" رضوان کا اشارہ سادہ کی طرف تھا اور لہجے میں شرار

"پرنس تو شو نے میری طرف سوالیہ نگاہ تائید کی۔ دشمنوں کی صف میں واقعی میری اور وہ کچھ ایسی غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک ثابت ہو سکتی ہے۔" اس بار میں نے رضوان کی انگریزی زبان کا سہارا لیا۔

"غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک!" شہزا اُسے کچھ یاد آگیا ہو۔ "تم مہنتی کی کزن کا ذکر تو نہیں تو شو بھی اب انگریزی زبان میں بات کرنے لگا

"جی ہاں ہز ایکسیلنسی! آپ واقعی میں بولی۔

"میں نے اُس کی غیر معمولی صلاحیتوں کا، مجھے اُس کے سامنے جاتے ہوئے بھی ڈر لگتا نے کہا۔

شہزادہ توشو کی بات سُن کر رضوان ہ پھر اُس سے نہ رہا گیا۔ "اُس نے مجھے مخاطب کر غیر معمولی صلاحیت کے بارے میں آپ نے

"اسی میں بھلائی تھی کہ تمھیں علم ہو، طرح تم بھی اُس کے سامنے آنے سے گھبرا کر جواب دیا۔

"آخر کچھ پتا تو چلے کہ لوگ اُس کے ما ہیں؟" رضوان الجھن آمیز لہجے میں بولا۔

میں کچھ کہنے ہی والی تھی کہ مہنتا مخاطب میں ہی کی گئی تھی۔ "تم اور تمھارا سا کو مہنتی کے پاس لے چلیں گے، پھر وہ جو کہ میں نے نیچے کا جائزہ لیا۔ نیچے کی ماحول پُرسکون تھا۔

"ہم پہنچ آئے ہیں!" میں نے بلند آ

"کیا ہوا، کیا وہ لوگ مان گئے؟"

"ہاں، چلو!" میں نے جواب دیا

"اب بھی وقت ہے بالو! سوچ لو"

آگے بڑھتے ہوئے بولا۔

"اچھی طرح سوچ لیا ہز ایکسیلنسی!" مسکرا کر پُرسکون لہجے میں کہا۔

نیچے جانے والے زینے

"بالو! میں تمھیں مہنتی کے یہاں تک سے آئی ساتھی کے ساتھ اُس نے کوئی زیادتی کی

ہوں مہنتی سے ملنوں!"

"ہز ایکسیلنسی! مجھے مہنتی کو راہِ راست پر لانے اور بھی لگ سکتا ہے۔" میں نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔

"کیا چاہتی ہو؟" اُس کے لہجے میں اُلجھن تھی۔

"کل رات!" میں نے جواب دیا۔ "آپ کل صبح وہاں

"رات کو کوئی گڑبڑ ہو گئی تو؟" اُس نے پوچھا۔

"ایسا نہیں ہو گا اور میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوں" میں نے کہا۔ "اگر بالفرض میں کامیاب نہ بھی ہوئی تو صبح تک اپنی زندگی کی حفاظت نہ کر سکوں۔"

"اور دیکھ کر رشک آتا ہے۔" شہزادہ توشو کے لہجے میں

"یہاں عاشق ہونے کے موڈ میں تو نہیں!" رضوان نے آہستہ سے منھ ہی میں بڑبڑایا۔

آگے تھا اس لیے رضوان کی بڑبڑاہٹ پر اُس نے میں نے بمشکل اپنی ہنسی روکتے ہوئے رضوان سے جو شخص تمھاری طرح ہتھیلی پر دل رکھنے نہیں پھرتا۔"

اب زینے سے اُتر کر صدر دروازے کی طرف بڑھ نے خاموشی ہی مناسب سمجھی۔ بلوائیوں پر بہرحال نہیں کیا جا سکتا تھا اس لیے میرے ساتھ ہی گیا تھا۔

نیچے پہنچے ہوئے میں نے دیکھ لیا کہ اُس وقت ہوئے تھے۔ یہ دیکھ کر مجھے کچھ اطمینان ہوا۔ اب اس افراد نظر آ رہے تھے جنھیں غالباً مجھے نے اس تھا کہ وہ مجھے اور رضوان کو مہنتی کے پاس لے علامت تھی کہ میری بات کو تسلیم کر لیا گیا ہے۔

میں دل میں اس بات پر خدا کا شکر ادا کیا کہ مجھے کو ادا تھا۔ جن کے ایما پر وہ مشتعل ہجوم وہاں پہنچا بھول گئے تھے کہ ہماری تعداد کتنی ہے! موجودگی خطرناک ثابت ہو سکتی تھی کیونکہ وہ

زینے اترتے ہوئے میں نے صدر دروازہ تو کھول زیادہ چوکنا نظر آ رہے تھے۔

مجھ اور رضوان کو نیچے باہر نکلا۔ میں نے محسوس اہل جانب آتے دیکھ کر بہت سے لوگوں کی نگاہیں وہ شہزادے کے خلاف انتہائی نازیبا نعرے لگانے

شہزادہ توشو اُن لوگوں کے سامنے جا کر رُک گیا اور پھر بلند آواز میں بولا۔ "تم لوگ انھیں لے جاؤ مگر یہ نہ بھولنا کہ یہ لوگ میرے مہمان تھے اور میرا نام شہزادہ توشو ہے۔ اگر تم لوگوں نے معاہدے کی خلاف ورزی کی تو اس کے ذمے دار تم خود ہو گے!"

"ہم آپ کے مہمانوں کو عزت و احترام سے مہنتی کے پاس پہنچائیں گے لیکن اُس کے بعد ہم ذمے دار نہیں ہوں گے۔" ایک بوڑھے نے شہزادہ توشو کی بات سن کر کہا۔

"ہاں بس میں تم سے یہی چاہتا ہوں۔" شہزادہ توشو بولا۔

میں اور رضوان شہزادہ توشو کے پیچھے کھڑے تھے۔ میں نے آگے قدم بڑھائے اور شہزادے کے

"اب ہمیں اجازت دیجیے ہز ایکسیلنسی!

اُس نے میری طرف دیکھا اور آہستہ سے انگریزی میں کہا۔

"اپنا خیال رکھنا بالو!"

"اور میرا بھی ہز ایکسیلنسی!" پیچھے سے رضوان بولا۔

شہزادہ توشو کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ "تمھارا ساتھی خوش مزاج اور تمھاری طرح مضبوط اعصاب کا مالک ہے۔" اُس نے میری طرف دیکھ کر کہا، پھر بولا۔ "اچھا تم لوگ جاؤ!"

میں اور رضوان آگے بڑھ کر اُن لوگوں کے درمیان پہنچ گئے۔ انھوں نے ہمیں اپنے جلو میں لے لیا اور ایک جلوس کی سی شکل اختیار کر لی۔ میری بائیں جانب ایک بتی بوڑھا چل رہا تھا جو چہرے سے سنجیدہ اور بُردبار معلوم ہو رہا تھا۔ میں نے اُسے مخاطب کیا۔ "کیا ہم پیدل ہی چلیں گے؟"

"ہاں بیٹی!" بھی کی آواز میں خلوص تھا۔ "یہاں سے مہنتی کی رہائش گاہ زیادہ دور نہیں ہے۔"

جلوس آگے بڑھ تو رضوان نے بھی مجھ سے وہی سوال کیا جو بوڑھے سے میں نے کیا تھا۔ میں نے بھی اُسے وہی جواب دے دیا جو بوڑھے نے مجھے بتایا تھا۔ میں نے مُڑ کر دیکھا۔ شہزادہ توشو اپنے محل میں جا چکا تھا

"ویسے بالو! ہم اس وقت لیڈر معلوم ہو رہے ہیں۔" رضوان شوخ لہجے میں بولا۔ "مجھ پر اب یہ انکشاف ہوا ہے بالو کہ آپ میں لیڈر بننے کے بھی بڑے جراثیم پائے جاتے ہیں۔"

"ابھی تم نے بالو کو سمجھا ہی کیا ہے!" میں نے مسکرا کر جواب دیا۔

"میں نے تو کئی بار تفصیل کے ساتھ سمجھنے کی کوشش میں آگے بڑھنا چاہا تھا مگر آپ ہی نے...."

"اچھا کان نہ کھاؤ۔" میں نے اُس کی بات کاٹ دی۔ "مجھے اس بوڑھے سے کچھ اگلوانے دو جو ساتھ ساتھ چل رہا ہے۔"

"میں دیکھ رہا ہوں کہ آج کل آپ بوڑھوں میں بڑی دلچسپی لے رہی ہیں۔" رضوان نے چوٹ کی۔

"تم چپ نہیں رہو گے!" میں نے اُس کی طرف دیکھ کر آنکھیں نکالیں۔

"صرف ایک شرط پر!" وہ شرارت سے بولا۔

"وہ بھی ۔۔۔ ر" میں نے جھنجھلا کر کہا۔

"سارہ کی عیر ۔۔۔ صلاحیتوں کے بارے میں بتا دیجیے!" اُس نے مدھم لہجے میں کہا۔ اُسے یہ احساس ضرور تھا کہ سارہ کا نام اُن لوگوں کے لیے اجنبی نہیں تھا جو ہمیں اپنے ساتھ لے جا رہے تھے۔

"یہ وقت اِن باتوں کا نہیں!" میں نے اِس بار نرم لہجے میں کہا۔

"اِس طرح خوشامدانہ لہجے میں بات کیا کرو، تو بھلا میں کیوں ضد کیا کروں!"

"تم پھر بگڑنے لگے!" میں نے دوبارہ سخت لہجہ اختیار کر لیا۔ "اب تم کچھ بھی بکتے رہو مگر میں تمھاری بات کا کوئی جواب نہیں دوں گی!"

اُس کے بعد رضوان کچھ نہیں بولا۔ وہ شاید سمجھ چکا تھا کہ اب میں واقعی اُس کی طرف متوجہ نہیں ہوں گی۔ میں اب اپنے ہمراہ چلنے والے بوڑھے کے مزید قریب ہو گئی تھی۔

"کیا آپ نے بھی میرے والد کا نام سُنا ہے؟" میں نے بوڑھے کو مخاطب کیا۔

"میں نے اُن کا صرف نام ہی نہیں سُنا بلکہ اُنھیں قریب سے دیکھا بھی ہے۔" بوڑھا اِس طرح بولا جیسے اُسے اپنی بات پر فخر ہو۔

"کب؟" میں نے پُر اشتیاق لہجے میں پوچھا۔

"میں نے اُنھیں کئی بار محترم دلائی لامہ کے ساتھ دیکھا تھا۔ ایک بار عظیم گومتم کے جنم دن پر جب محترم دلائی لامہ یہاں جام ڈیلو آئے تھے اور دوسری بار لہاسہ میں جب میں اپنے ایک دوست سے ۔۔۔ پوتالا محل دیکھنے گیا تھا۔ میرے دوست کا ایک واقف کار محترم دلائی لامہ کے خاص خادموں میں سے تھا۔ اُسی نے ہمیں پوتالا محل کی سیر کرائی تھی۔" بوڑھے نے بتایا، پھر چند لمحے توقف کے بعد بولا۔ "مجھے وہ دن بھی یاد ہے جب چکپوری کی درسگاہ کے سامنے والے میدان میں ایک بڑا جلسہ ہوا تھا۔ میں بھی اُس جلسے میں شرکت کرنے کے لیے گیا تھا۔ اُس جلسے میں محترم دلائی لامہ نے اپنی تقریر کے دوران میں تمھارے والد کی خدمات کا اعتراف کیا تھا۔ اُنھوں نے بتایا تھا کہ بیرونی دنیا سے ہمیں جو مالی امداد مل رہی ہے، اُس میں تمھارے والد کا بڑا ہاتھ ہے۔" یہ کہہ کر بوڑھا خاموش ہو گیا۔

"کیا آپ کے علاوہ اِس جلوس میں موجود دوسرے افراد بھی میرے والد کی خدمات سے آگاہ ہیں؟" میں نے بوڑھے سے دریافت کیا۔

"ہاں مگر زیادہ لوگ نہیں۔ نوجوانوں کو بھلا کیا خبر!" بوڑھے نے جواب دیا۔

"شہزادہ توشو کے یہاں ہلدی موجودگی کے بارے میں آپ لوگوں کو کیسے علم ہوا تھا؟" میں نے سوال کیا۔

"پتا نہیں مجھے کس نے اطلاع دی تھی!" بوڑھا بولا۔ "ہاں یاد آیا۔ میرے پاس شرپتا آیا تھا۔"

"شرپتا کون؟" میں نے پوچھا۔

"میرا ایک پڑوسی ہے۔" بوڑھے نے کہا۔

"آپ نے شرپتا سے نہیں پوچھا کہ اُسے کیسا علم ہوا؟" میں نے پوچھا۔

"میں نے اِس کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی۔ شرپتا میرے ساتھ ہے۔ تم کہو تو اُسے بلاؤں۔۔۔" بوڑھا بولا۔

میرے کہنے پر بوڑھا تیز تیز قدموں سے چلتا ہوا بوڑھے کے قریب لے آیا۔ وہ بھی پہلے بوڑھے کی طرح بولا۔ "مجھے گھنڈی نے اطلاع دی تھی۔" شرپتا نے بتایا، پھر بولا۔ "گھنڈی اکثر مستی کے ساتھ دیکھا گیا تھا۔ اُس کی بات کا فوراً یقین کر لیا۔ یوں بھی ہمیں شک تھا کہ وہ ہمارے دشمنوں سے ملا ہوا ہے۔" شرپتا سے گفتگو کرنے کے بعد بھی میں کوئی نتیجہ نہ پہنچ سکی۔ ہاں یہ ضرور معلوم ہو گیا کہ اُس کا بھی مستی تک ضرور جاتا تھا۔ دراصل مجھے اِس چن ڈی پر شبہہ تھا۔ چن ڈی نے ہماری آمد رکھتے ہوئے اپنے کچھ ساتھیوں کو جام ڈیلو آنے کے لیے مقرر کر دیا ہو گا۔ چن ڈی نے موقع دیکھ کر بکرا کرا دیا جائے۔ چینی جاسوسی کے پیشے جو لوگ جمع کیا جانا کوئی مشکل کام میں اِنھی خیالوں میں خاموشی سے آگے قریب آگیا اور بولا۔ "بالو! اب تو آپ بوڑھوں اِدھر بھی نظرِ کرم ہو جائے۔"

"تم یہ بہانے کے لیے تڑپ رہے ہو۔ کیا لنگوٹی ہے؟" میں نے مسکرا کر اُس کی طرف

"جی ہاں! لیکن مجھے وہ گفتگو جاننے کا ہے۔" وہ شرارت بھرے لہجے میں بولا۔ "مجھے جن کا تعلق موجودہ حالات سے ہے۔"

"اور اگر میں تمھیں کچھ بھی نہ بتاؤں تو؟"

"تو صبر کروں گا۔" وہ ٹھنڈا سانس لے کر بنائی کہ مجھے ہنسی آگئی۔

میں نے مختصراً اُسے اپنی اور بوڑھوں گفتگو سے آگاہ کر دیا۔ اُسی وقت میں نے محسوس چلنے والا بوڑھا مجھ سے کچھ کہنا چاہتا ہے۔ میں "ہم مستی کی رہائش گاہ تک پہنچ گئے

اس سے بمشکل پچاس گز دور تھی۔ میری آنکھوں کو دیکھنے لگا۔ مجھے یقین تھا کہ سارہ اُسی عمارت میں تھی۔ اِسی کے ساتھ میرے ذہن میں اپنا تمام ارادی کا کھیل شروع ہونے والا تھا۔ مجھے بار قوتِ ارادی کا مظاہرہ کرنا تھا تاکہ میں اُسے اُس سے بھی کچھ باتوں کا پتا چلا جانا ممکن ہے۔ لانے میں کامیاب ہو جاتی تو اُسی وقت اُس سے اُسے جو کچھ بتایا ہے یا اُس نے خود مستی کے باطن لوم کیا ہے، وہ غلط ہے۔ اِس کے بعد ہی بات کرنا اختیار میں لیے بغیر میں آگے قدم نہیں بڑھا اُس سے پہلے کبھی میری ذہنی قوتوں اور صلاحیتوں میں ہوئی تھی۔

ماہ کے صدر دروازے پر دو مسلح افراد موجود ہوں رائفلیں تھیں۔ اُنھوں نے مجھے کو اپنے قریب ہی کریں۔ مجمع رُک گیا اور دو بوڑھے مجھے لے گئے۔

وں نے اُن مسلح افراد سے کچھ کہا جسے میں فاصلہ ہونے کی وجہ سے نہ سُن سکی۔ میں نے صرف اِتنا دیکھا کہ مسلح افراد نے ایک جانب دیکھا تھا، پھر اُن میں سے ایک عمارت

ہوا لوٹا تو وہ تنہا نہیں تھا۔ میں نے اُس کے ساتھ اُس نے بھی مجھے اور رضوان کو دُور ہی سے دیکھ لیا تھا، اُس سے مستی کا کوئی تعلق نہیں

وہ اُٹھتا میرے قریب آگیا، پھر بولا۔ "میرے لیے آپ جام ڈیلو آچکی ہیں لیکن... لیکن مجھے یہ علم ہو گا کہ آپ کو بھی جانتی ہوں گی۔ وہ ہماری مخالف حال اب آپ آ ہی گئی ہیں تو تشریف لے چلیے!" میرے کچھ کہنے سے پہلے بلند آواز میں وہاں کہا: "تم لوگ جاؤ! باقی معاملات سے میں خود

ہے ذہین آنکھ سے دیکھا جو شہزادہ توشو کے محل میرے ساتھ ساتھ رہا تھا۔

بہت شکریہ! زندگی رہی تو پھر کبھی ملاقات ہو گی طرف دیکھتے ہوئے کہا اور قدم آگے بڑھا لیا۔

لوگ رخصت ہونے لگے اور مستی مجھے لے کر عمارت کے اندر داخل ہوا۔ ہم دونوں کے پیچھے پیچھے رضوان تھا اور اُس کے پیچھے دو مسلح افراد رائفلیں سنبھالے آ رہے تھے۔

چند قدم چل کر ہی مستی پلٹا اور رائفل برداروں سے مخاطب ہوا۔ "اِن لوگوں کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں تم باہر پہرہ دو!"

رائفل بردار واپس ہو گئے۔ عمارت خاصی بڑی تھی۔ مستی ہمیں مختلف راہداریوں سے گزار کر ایک بڑے سے ہال نما کمرے میں لے آیا جس میں ایک جانب فرشی نشست تھی۔ وہاں زمین پر قالین بچھا ہوا تھا اور دوسری جانب صوفے پڑے تھے۔ مستی نے نشست کے لیے صوفوں کا انتخاب کیا۔ وہ غالباً اُس کی نشست گاہ تھی۔

"تمھاری نشست گاہ بہت عمدہ ہے۔ قالین بھی بچھا ہوا ہے اور صوفے بھی موجود ہیں!" میں نے ایک صوفے پر مستی کے مقابل بیٹھتے ہوئے کہا۔

"جی ہاں بالو! یہاں ہر طرح کے لوگ آتے ہیں۔ کچھ صوفوں پر بیٹھنا ہی پسند کرتے ہیں اور کچھ صرف قالین پر! میں نے اِسی لیے دُہرا انتظام کیا ہے۔" مستی شائستگی سے بولا۔

"مقامی باشندے تو غیر قالین پر بیٹھنا پسند کرتے ہوں گے البتہ غیر ملکیوں کے لیے صوفے..."

"آپ بہت ذہین ہیں بالو!" وہ ہنس کر بولا۔ "لیکن میں آپ کو بتا دوں گا کہ یہاں غیر ملکی بھی آتے ہیں یا نہیں!"

میں نے بھی اُس کی ہنسی کا ساتھ دیا۔ پھر ہنستے ہنستے مستی ایک دم سنجیدہ ہو گیا۔

"بالو!" مستی نے مجھے مخاطب کیا۔ "آپ نے جام ڈیلو آکر اچھا نہیں کیا۔ مجھے یقین ہے کہ آپ تبت اور اہلِ تبت کا بُرا نہیں چاہتیں مگر ہم آپ کے نقطۂ نظر سے اتفاق نہیں کر سکتے۔ میرے دوسرے ساتھی شاید آپ کی نیت پر بھی شبہہ کریں۔ اُس صورت میں میرے لیے آپ کی حفاظت کرنا بھی مشکل ہو جائے گا۔"

مستی کیونکہ تبتی زبان میں گفتگو کر رہا تھا اِس لیے رضوان کے چہرے پر اُلجھن کے آثار تھے لیکن میں ہر وقت ترجمے کے فرائض ادا نہیں کر سکتی تھی اِس لیے میں نے رضوان کو نظر انداز کر دیا اور مستی کی طرف متوجہ ہوئی۔ میرا لہجہ نرم اور خوشگوار تھا کیونکہ متعدد بار یہ بات ثابت ہو چکی تھی کہ مستی دل کا بُرا نہیں تھا۔ اُس نے مجھ سے جو کچھ کہا تھا، خلوص اور سچائی سے کہا تھا اِس لیے میں نے اُس کی بات کا بُرا نہیں مانی اور مسکرا کر بولی۔ "میرا یہاں آنا ضروری تھا مستی! تم بہادر اور ذہین ضرور ہو مگر سانپ کی طرح تیز نہیں ہو۔ وہ جسے تم اپنا ساتھی گردانتے ہو سانپ کی طرح تیز ہے اور وہ سانپ ہی کی طرح ڈستے وقت دوست دشمن کی تمیز نہیں کرتا۔"

"آپ شاید چن ژی کی طرف اشارہ کر رہی ہیں!" مہتی بولا۔

"ہاں!" میں نے کہا، پھر بولی۔ "اب اسی تازہ واقعے کو لے لو! مجھے یقین ہے کہ میرے اور میرے ساتھی کے ساتھ جو کچھ ہوا، اس میں تمہارا ہاتھ نہیں تھا۔ یقیناً یہ چن ژی ہی کی چال تھی۔ اس کے آدمیوں نے لوگوں کو بھڑکا کر شہزادہ توشو کے محل تک بھیجا ہوگا۔"

"ممکن ہے آپ کا خیال درست ہو۔" مہتی نے میرے خیال کی تائید میں کہا، کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ جام ڈولما نے آپ کی آمد کے بارے میں جان کر اتنا تو کیا تھا کہ آپ کی نگرانی شروع کرا دی تھی مگر اس کے علاوہ میں نے کچھ اور نہیں کیا۔"

"تو کیا تمہاری نظر میں یہ خطرناک بات نہیں کہ چن ژی نے میری اور رضوان کی زندگی کے علاوہ شہزادہ توشو کی زندگی کو بھی خطرے میں ڈال دیا تھا؟" میں نے کہا۔

"جہاں تک شہزادہ توشو کا سوال ہے تو مجھے اس سے کوئی ہمدردی نہیں!" مہتی خشک لہجے میں بولا۔ "رہا آپ کا مسئلہ تو بہرحال چن ژی بھی یہ جانتا ہے کہ میں یہاں جام ڈولما میں آپ کی موجودگی پسند نہیں کرتا۔ اگر اس نے اپنے طور پر آپ کو یہاں سے نکال دینے کے سامان کیے تو کوئی زیادہ بے جا نہیں کیا۔"

"یہ تم کیا کہہ رہے ہو! اس نے ہمیں یہاں سے نکالنے کے سامان نہیں کیے بلکہ ہلاک کرنے کے سامان کیے تھے۔" یہ کہہ کر میں نے اسے مشتعل ہجوم کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔

"اگر آپ کی باتوں کو درست مان لیا جائے کہ واقعی سب کچھ چن ژی ہی کے اشارے پر ہوا تھا تو اس نے یقیناً ایسے انتظامات بھی کیے ہوں گے کہ آپ لوگوں کی زندگی بچ سکے۔ میں بذاتِ خود چن ژی سے واضح طور پر یہ کہہ چکا ہوں کہ ہمارا مقصد آپ کو ہلاک کرنا نہیں صرف تبت سے نکال دینا ہے۔" مہتی نے میری بات کے جواب میں کہا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا مہتی کہ تم اس پر اتنا اعتماد کیوں کرتے ہو! مجھے یقین ہے کہ وہ تمہارا بھی دوست نہیں اور وقت یہ ثابت کر دے گا۔" میں نے مضبوط لہجے میں کہا۔

"لیکن وہ ہمارا دشمن بن کر ہم سے کیا فائدہ اٹھا سکتا ہے بالو؟" مہتی نے سوال کیا۔

"وہ چین کا دشمن ہے اور چاہتا ہے کہ جس طرح ممکن ہو چین کو زک پہنچائے۔" میں بولی۔ "زک پہنچانے کا ایک طریقہ یہ بھی ہوتا ہے کہ دشمن کو پریشان کیا جائے، اس کے لیے نئے نئے مسئلے کھڑے کیے جائیں تاکہ وہ ان میں الجھا ہے اور وہ اپنی ترقی کے لیے جدوجہد نہ کر سکے۔ اس طرح بھی دشمن کی قوت مدافعت کو کمزور کیا جا سکتا ہے۔"

میں لی شینگ کی بات سُن کر چونک پڑی۔ اُس نے جو تھیوری نکالا تھا وہ قرینِ قیاس تھا۔ بظاہر میرے ذہن میں ایک خیال بجلی کی طرح کوندا اور مجھے معلوم ہو گیا کہ رضیہ کہاں ہو سکتی ہے! یہ تو طے ہو چکا تھا کہ حادثے کا شکار ہونے والی رضیہ ہرگز نہیں تھی۔ لی شینگ نے جو خیال ظاہر کیا تھا، اُس کی روشنی میں حادثے کا شکار وہی لڑکی ہوئی تھی جس کے بارے میں ظاہر کیا گیا تھا کہ اُس نے کھڑکی سے کود کر خودکشی کر لی۔ ایسی صورت میں اُس لڑکی کی جگہ وہ کون ہو سکتی تھی جسے طائفے کے ڈاکٹر نے حنوط کیا ہو گا؟ مجھے اسی سوال تک پہنچ کر یہ علم ہوا تھا کہ وہ رضیہ کے سوا کوئی اور نہیں ہو سکتا تھا۔ میں نے اپنے ان خیالات کا اظہار لی شینگ سے بھی کر دیا۔

"مگر وہ حنوط شدہ لاش تو یوگوسلاویہ روانہ کی جا چکی ہے۔" لی شینگ فکرمند لہجے میں بولا۔ "اس سلسلے میں ہم سے یقیناً چوک ہو گئی۔" اُس کے لہجے میں تاسف تھا۔ "پولس نے یوگوسلاوی لڑکی کی لاش واپس بھیجنے کی اجازت دے دی تھی۔ چنانچہ اُسی رات ایک تابوت یوگوسلاویہ کے لیے روانہ کر دیا گیا تھا۔"

لی شینگ کی بات سُن کر میں چکرا گئی اور میں نے اپنا سر تھام لیا۔

"یہ بہت بُرا ہوا، بہت بُرا!" میں بڑبڑائی۔

رضوان بھی غالباً اپنی خطوط پر سوچ رہا تھا۔ اس لیے اُس کے چہرے سے بھی فکرمندی اور تشویش کا اظہار ہو رہا تھا۔ اسی دوران میں چائے آ گئی تھی اور لی شینگ نے سب کے لیے چائے بنا دی تھی۔

"مجھے افسوس ہے محترمہ بانو!" لی شینگ نے اُداس اور معذرت طلب لہجے میں کہا۔ "یقیناً حنوط شدہ لاش کی صورت میں رضیہ بانو ہی کو یوگوسلاویہ روانہ کیا گیا ہے۔ یہ بات میں اس یقین سے یوں کہہ رہا ہوں کہ آج صبح ہی پوچھ گچھ اور تفتیش سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ کار میں بم سے اُڑنے والی لاش مردہ یوگوسلاوی لڑکی ہی کی تھی۔ اُس لڑکی کے بوائے فرینڈ نے جائے حادثہ سے ملنے والے ہاتھ کو اپنی گرل فرینڈ کا ہاتھ تسلیم کر لیا ہے۔"

"پھر تو یہ بات یقینی ہے کہ رضیہ ہی کو حنوط شدہ لاش کی صورت میں

...یہ سوچتا ہے تو رضوان نے تعجب بھرے لہجے میں کہا اور میں نے تائید کی۔

"مگر آپ نے طائفے کے سربراہ سے بات کی تھی؟" میں نے لی شینگ کی طرف مڑ کر کہا۔

"میں نے اس سے گفتگو کی تھی مگر کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔" لی شینگ نے جواب دیا۔ اس نے اپنے انداز سے یہی ظاہر کیا تھا کہ وہ پیش آنے والے واقعات پر خود حیرت زدہ ہے۔ یہ اداکاری بھی ہو سکتی ہے اور حقیقت بھی۔ میں یقینی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اب یوں ہے کہ طائفے کے ایک ایک رکن کو نظر میں رکھا جائے گا۔" ڈاکٹر کو یں نے مغرور قرار دے کر اس کا مایہ ریڈیو اور ٹی وی پر نشر کرنے کے لیے دے دیا ہے۔ اس کے علاوہ اخباروں میں بھی اس کے حلیے کی اشاعت کا بندوبست کر دیا ہے۔ وہ جہاں کہیں بھی ہوگا زیادہ عرصے نہ چھپ سکے گا۔ یورپ ہے یورپ نہیں جہاں چند سکوں کے لیے بڑے بڑے مجرموں کو پناہ دے دی جاتی ہے۔"

"یہ بھی تو ممکن ہے کہ مجرم ایک سے زیادہ ہوں۔" میں نے خیال آرائی کی۔ "اگر ڈاکٹر ہمیں زندہ ملنے کی بجائے مُردہ ملا تو کیا اسی طرح اس کے دوسرے ساتھی محفوظ نہیں ہو جائیں گے؟"

لی شینگ نے چند لمحے میری بات پر غور کیا۔ پھر سر ہلاتا ہوا بولا۔ "عین ممکن ہے۔ جرم چھپانے کے لیے ایک اور قتل کوئی نئی بات نہیں ہوگی۔"

"اب ڈاکٹر کا ملنا ملانا میری نظر میں بے معنی سا ہے۔" میں کچھ سوچتے ہوئے بولی۔ "کیا ایسا بندوبست ہو سکتا ہے کہ میں اور رضوان فوری طور پر یوگوسلاویہ پہنچ جائیں؟"

لی شینگ نے مجھے غور سے دیکھا۔ پھر بولا۔ "کیوں نہیں! آپ مجھے اپنا اور مسٹر رضوان کا پاسپورٹ دے دیں۔ میں تمام انتظامات کر کے آپ کو مطلع کر دوں گا۔ میرا خیال ہے کہ شاید یوگوسلاویہ کے لیے فوراً کوئی جہاز نہ مل سکے۔ تب اس سلسلے میں آپ کو اطلاع دے دی جائے گی۔ شاید وہ محبوبہ کے کسی مخصوص طریقے سے آپ کو یوگوسلاویہ بھیجنے کا انتظام کر دیں۔ اگر ایسا ہو گیا تو آج یا زیادہ سے زیادہ کل تک آپ یوگوسلاویہ روانہ ہو جائیں گی۔"

"تو پھر آپ انتظامات کریں۔" میں نے جلدی سے کہا۔ "ڈاکٹر مل بھی گیا تو اس سے صرف اتنا ہی معلوم ہو سکے گا کہ وہ تابوت یوگوسلاویہ میں کس شہر کے لیے روانہ کیا گیا تھا!"

"یہ معلومات بغیر ڈاکٹر کے بھی حاصل ہو جائیں گی۔" لی شینگ نے کہا۔ "کہیں نہ کہیں اس تابوت کا رجسٹریشن ضرور ہوا ہوگا اور یہ رجسٹریشن وصول پانے والے کے نام اور پتے کے بغیر ہرگز مکمل نہیں ہو سکتا۔"

"آپ کا خیال درست ہو سکتا ہے۔" لی شینگ نے میری تائید کی۔ "کیا خبر یہاں سے کب روانگی ہو جائے اس لیے میں موسو سے بھی مل لینا چاہتی ہوں۔" میں نے لی شینگ سے کہا۔ "میں ہوٹل جا کر گیسٹ ہاؤس پہنچوں گی۔ آپ تھوڑا سا وقت مجھے دیں کہ رضوان کا اور اپنا پاسپورٹ وغیرہ لا سکوں۔"

لی شینگ نے پتہ بتایا۔ پھر کہا۔ "آپ ہو چکی ہے۔ یہ کہتے ہی شاید اسے اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ "میں اور جائے منگواتا ہوں۔ ٹھہریں۔"

"نہیں! اب میں چلوں گی۔" میں بولی۔ "پھر بھی میری تقلید کی۔"

لی شینگ کو ہم وہیں چھوڑ کر ہوٹل میں نے کار میں بیٹھ کر ڈرائیور کو اسٹارٹ کر دی۔

پندرہ منٹ بعد کار ایک اسپتال کے احاطے میں داخل ہو رہی تھی۔ استقبالیہ سے ہم نے موسو کے کمرے کا پتہ معلوم کیا۔ معلوم ہوا کہ موسو بیدار ہو چکی ہے۔ ہم نے سیڑھیاں طے کر کے پہلی منزل پر پہنچنے میں زیادہ وقت نہ لگایا۔ ہوٹل کی لابی کو عبور کر کے ہم موسو کے کمرے کے دروازے کے قریب پہنچ گئے۔ اس نے مجھے اپنے قریب آتے دیکھ لیا تھا۔ میں نے دستک دینے کا تکلف نہیں کیا۔ دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئی۔ رضوان میرے پیچھے تھا۔

جب موسو کے دل کا غبار نکل گیا تو میں بولی۔ "رضیہ زندہ ہے۔" یہ کہہ کر میں بھی بستر پر رضوان کے برابر بیٹھ گئی۔

"کیا؟" وہ چونک پڑی۔ "آپ... آپ کہہ رہی ہیں نا؟" اس کے لہجے میں بے یقینی تھی۔

"نہیں میں سچ کہہ رہی ہوں۔" میں نے کہا۔

"موسو شاید میری بات پر ابھی تک اعتماد نہ کر سکی تھی۔ اس نے رضوان کی جانب سوالیہ نگاہ سے تصدیق چاہی تھی۔

"امید تو یہی ہے کہ وہ زندہ ہے۔" رضوان نے مبہم مفہوم سمجھ کر جواب دیا۔

میں نے اسے مختصراً تمام حالات سے آگاہ کر دیا۔

"ہاں تحریر تو ہے مگر کسی خفیہ کوڈ میں لکھی گئی ہے۔" میں نے جواب دیا۔ "میں کوشش کروں تو شاید اس کوڈ کو سمجھنے میں کامیاب ہو جاؤں مگر اس سے فائدہ بھی کیا ہے! یہ جس کے کاغذات ہیں اسی کے لیے مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔"

"پھر کیا ارادہ ہے؟ کیا آپ فلسطینی وفد سے ملاقات کے بارے میں سوچ رہی ہیں؟" رضوان نے مجھے غور سے دیکھتے ہوئے کہا اور میں اچھی بند کر کے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"ہو سکتا ہے کہ یہ کاغذات فلسطینیوں کے حوالے کرنے سے رضیہ کو اغوا کرنے والے مجرموں کو پتہ چل جائے اور وہ رضیہ کو قتل کر دیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ان کاغذات کے بدلے رضیہ کو واپس لینے کی کوشش کامیاب رہے۔"

"یعنی آپ یہ کاغذات ان لوگوں کے سپرد کر دینے پر آمادہ ہیں جنھوں نے رضیہ کو اغوا کیا ہے؟" رضوان نے کہا۔ اس کے لہجے میں حیرت تھی۔

"اگر اس طرح رضیہ کی بازیابی ممکن ہو تو میں یقیناً ایسا ہی کروں گی۔" میں نے جواب دیا۔

"لیکن... لیکن بانو... یہ تو کوئی مناسب بات نہیں ہے۔" رضوان میری بات سُن کر کچھ گڑبڑا سا گیا۔ غالباً اسے مجھ سے ایسی اُمید نہیں تھی۔ وہ کہہ رہا تھا۔ "رضیہ کو اغوا کرنے والے یا تو خود اسرائیلی ایجنٹ ہیں یا ان کے آلۂ کار ہیں۔ دونوں صورتوں میں یہ کاغذات اسرائیل سے متعلق ہوں گے اور پتا نہیں یہ کتنے اہم کاغذات ہیں جن کے لیے ایک قتل ہو چکا ہے۔..."

"اور مزید ایک قتل کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں۔" میں نے رضوان کی بات پوری ہونے سے پہلے کہا۔ "مجھے یقین ہے کہ طائفے کا ڈاکٹر یا تابوت تک مارا جا چکا ہوگا یا مارا جانے والا ہوگا۔"

"کیوں؟ ڈاکٹر کو وہ لوگ کیوں ختم کرنے لگے؟ وہ تو خود ان کا ساتھی ہے۔" رضوان بولا۔

"ڈاکٹر کو چھڑا کر یوگوسلاویہ لے جانا ممکن نہیں ہے۔ ڈاکٹر کے سامنے آنے کی صورت میں باقی لوگوں کو اپنی جان بچانا مشکل ہو جائے گا۔ تمام ساتھیوں کو خطرے میں ڈالنے کی بجائے ایک ساتھی کی قربانی کوئی نئی بات نہیں ہے۔" میں نے رضوان کو سمجھایا۔

"بہرحال ان باتوں سے کاغذات کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ یہ کاغذات فلسطینیوں کے لیے یقیناً بہت اہم اور سُود مند ہوں گے۔ انھیں فلسطینیوں کے حوالے کرنا ہمارا قومی اور مذہبی فریضہ ہے۔" رضوان نے پُرجوش لہجے میں کہا۔

بیل آیا تھا۔ اُس نے گیسٹ ہاؤس کے ایک ملازم کو بھیجا تھا اور اُس گلدستے کے ساتھ خط میں اُسے پڑھ کر سنا رہی تھی۔ "موسو نے میری پسند نہیں کرتی تھی۔ میرے خیال میں وہ موسو کی قاتل تھی لیکن گلدستہ بھیجنا میری سمجھ میں نہیں آیا۔"

پھول کے نیچے سے ٹٹول کر اپنا پرس نکالا۔ پھر اُس میں سے ہاتھ کر میری طرف بڑھا دیا۔ میں نے موسو سے وہ پرس لے لیا۔ تحریر رضیہ ہی کی تھی۔ اُس نے لکھا تھا۔ "اسے رکھنا! سنبھال جاؤں تو شاید قبر کی نشانی نہیں۔" خط پڑھ کر کچھ نہیں۔" میں نے موسو کو تسلی دی۔

"اب تو نہیں ہوں۔" موسو فوراً بولی۔ "میں نے اسے سر کو ڈھک کر کے رضیہ کی فوری حفاظت کے لیے تھے لیکن جب تک یہ انتظامات ہوتے رضیہ اس سے کچھ دیر بعد ہی اس کے انتقال کی خبر

ہے؟ کیا تم نے اُسے بھیج دیا؟" میں نے کہا۔ "پھول کے ساتھ آنے والے گلدستے کو بھیج سکتی ہیں نے ایک جانب رکھی ہوئی اینٹھی کی طرف اشارہ کیا۔ "اُس اینٹھی میں محفوظ ہے۔"

میں نے اینٹھی کھولی۔ اس میں کپڑوں کے نیچے کاغذ کا ایک گلدستہ رکھا ہوا تھا۔ میں نے احتیاط سے پھولوں کے نیچے سے وہ کاغذ نکال لیے۔ کاغذ پر کچھ لکھا ہوا تھا۔ میں ن

خیال ہے دیں یہ کاغذات فوراً فلسطینی وفد کے حوالے کردوں، چاہے ایسا کرنے سے رضیہ کی زندگی ہی ایک یقینی خطرے سے دوچار ہو جائے؟" میں نے بھی اُسی طرح کہا جیسے رضوان بولا تھا۔

رضوان ایک بے بسی کے سے عالم میں میرا منہ تکنے لگا۔ اُس کے پاس میرے سوال کا جواب نہیں تھا۔

"بانو! آپ یہ کاغذات لوٹا کر رضیہ کی زندگی بچالیں۔" معاً مومو درمیان میں بول اُٹھی۔ اُس کے لہجے میں گداز تھا جس نے مجھے متاثر کیا۔

میں نے رضوان کی جانب دیکھا جس کے چہرے پر تذبذب نظر آرہا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ کاغذات لازمی طور پر فلسطینیوں کے حوالے کردیے جائیں۔ اگر خود اُس کی زندگی اور موت کا معاملہ ہوتا تو یقیناً اُس کے چہرے پر تذبذب نہ ہوتا مگر معاملہ رضیہ کا تھا۔

"بولو کیا کیا جائے؟" میں نے رضوان کو چھیڑنے کے خیال سے کہا۔ میں نے اس بات کا خیال رکھا تھا کہ میرے ہونٹوں پر مسکراہٹ کی ہلکی سی رمق بھی نہ آنے پائے ورنہ وہ سمجھ جاتا کہ میں اُس سے لطف لے رہی ہوں۔

"کیا کوئی ایسی راہ نہیں نکل سکتی کہ سانپ بھی مرجائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے؟" رضوان نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔

"یعنی؟" میں نے پوچھا۔

"میرا مطلب یہ ہے کہ رضیہ بھی خطرے میں نہ پڑے اور کاغذات بھی فلسطینیوں تک پہنچ جائیں۔"

میں اُس کی بات سُن کر مسکرادی۔ وہ رفتہ رفتہ اُسی خطوط پر سوچنے لگا تھا جن پر میں پہلے ہی سوچ چکی تھی اور ایک فیصلہ کرچکی تھی۔ میں نے باسی پھول کوڑے کی ٹوکری میں پھینک دیے، پھر مومو سے بولی۔ "رضیہ نے جس وجہ سے پھول محفوظ رکھنے کے لیے لکھا تھا، وہ مقصد حاصل ہوچکا ہے۔ اب ان پھولوں کو محفوظ رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔"

مومو نے کچھ نہیں کہا۔ وہ کوڑے کی ٹوکری کو دیکھ رہی تھی۔ شاید اُسے میری حرکت پسند نہیں آئی تھی کیونکہ مجھے علم تھا کہ وہ ایک جذباتی لڑکی ہے۔

میں نے مومو سے رخصت کی اجازت لی اور رضوان کے ہمراہ کمرے سے نکل گئی۔ وہ کاغذات میرے پاس تھے جو میں نے گلدستے سے نکالے تھے۔

میں نے گیسٹ ہاؤس کا رُخ کیا کیونکہ لی شینگ کو وقت دے چکی تھی۔ مومو کے پاس مجھے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ گزر چکا تھا۔

گیسٹ ہاؤس پہنچ کر میں نے ایک ملازم کو بلا کر وہ کاغذات اُس کے سپرد کیے کہ وہ اُن کی فوٹو اسٹیٹ کاپی کرلائے۔ ملازم کاغذات لے کر چلا گیا تو رضوان بولا۔ "بانو! آپ نقل فلسطینیوں کے حوالے کردیں گی؟" میں سمجھ گیا تھا۔

"اصل کاغذات رضیہ کے عوض اُنہیں نہیں دوں گی۔ کوئی وجہ نہیں کہ وہ مجھ پر کاغذات لے کر بھی مطمئن نہ ہوسکیں۔" میں نے جواب دیا۔

"مجھے حیرت ہے کہ خود میری سمجھ میں یہ بات کیوں نہیں آئی۔" رضوان سادہ لہجے میں بولا۔

"اس لیے کہ تم کچھ ضرورت سے زیادہ ہی جذباتی ہو۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

"واقعی یہ ترکیب کارگر ہوسکتی ہے۔ ہمارا فلسطینیوں سے ملاقات کی اطلاع اُن لوگوں کو کرنا ہے۔" رضوان کہتا ہوا کھڑا ہوگیا۔

"فلسطینیوں سے ملاقات کرنے کا" رضوان کو بتایا۔ "کاغذات کی نقل اُن تک نہیں ہے۔ چینی حکومت کی پوری ہمدردی ہے۔ وہ بلا کسی خدشے کے کاغذات کی ترسیل کرسکتے ہیں۔"

"ہاں یہ ٹھیک رہے گا۔" رضوان نے ہماری نگرانی بھی کی جارہی ہو۔"

"لیکن میں فوری طور پر لی شینگ کو چاہتی ہوں۔" میں نے کہا۔ "میں اپنی روانگی کے حوالے کردوں گی۔ میں ایسا محسوس اضطراب رضوان نے بھی میری تائید کی۔ کچھ زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی کہ لی شینگ پہنچا تھا۔

"مجھے دیر تو نہیں ہوئی بانو؟" وہ بولا۔

"نہیں آپ ٹھیک وقت پر آئے۔ ابھی پاسپورٹ دیتی ہوں۔"

لی شینگ زیادہ دیر نہیں بیٹھا اور چلا گیا۔ روانگی کے انتظامات کا دلاسہ کرکے چلا گیا نہیں آسکے تو میں سمجھوں گی کہ ابھی ناممکن ہے۔ صبح اُس نے بہر صورت آنے کے لیے کہا۔ اُس دن کا بقیہ وقت گیسٹ

ہاؤس میں گزارا۔ رضوان کے کمرے میں کھایا۔ لی شینگ نہیں آسکا تھا۔ ابھی روانگی کا بندوبست نہیں ہوا تھا۔ کھانا کھا کر میں اپنے کمرے میں سونے کے لیے چلی گئی۔

لیٹتے ہی میں ٹھٹک کر رُک گئی۔ میری چھٹی حس کہہ رہا تھا۔ ایک کمرے میں اپنے علاوہ کسی اجنبی وجود کی موجودگی کا احساس ہو رہا تھا۔ ایک لمحے بے حس و حرکت رہ کر میں نے

"دروازہ بند کرکے لائٹ جلا دیجیے!" معاً سنائی دی اور میں چونک اُٹھی۔ وہ آواز جانی پہچانی تھی۔ میں مخاطب کیا گیا تھا لیکن مجھے سمجھنے میں دیر نہیں ہے۔ اُس کے لہجے میں انگریزوں کی سی

میری دشمن نہیں ہوسکتی تھی کیونکہ اگر وہ دشمن ہوتی تو فائدہ اُٹھا کر میرا کام تمام کرچکی ہوتی۔ یہ آگے بڑھی اور سوئچ آن کردیا۔ کمرے میں روشنی ہوگئی۔ اور دروازہ بند کردیا۔

کر مُڑی اور میری آنکھوں میں چکاچوند سی ہو گئی۔ شدید حیرت آئی تھی۔ شدید حسن نے میری آنکھوں کو چکرا دیا تھا۔ ایک سراپا حسن، مجسم قیامت میرے سامنے صوفے پر بیٹھی تھی۔ میں ایک قدم پیچھے ہٹ گئی۔ اور واضح ہوگئے۔ میرا تنفس تیز ہو گئیں۔ میں اُس سیم تن کے جلوۂ حسن میں جیسے کھو گئی۔ میں نے سوچا! اور پھر میں جا کر بیٹھ گئی۔ اُس کے جسم سے جیسے کوئی برقی اپنے حصار میں لیے لے رہی تھی۔ اگر اُس کے اور وہ مجھے مخاطب نہ کرتی تو نہ جانے میں کیا کرجاتی۔

میرے دل کی دُنیا جیسے زیر و زبر ہو آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے کمرے میں آگئی آپ سے ملنا ضروری تھا۔ میں کافی دیر سے یہاں

سے عربی نژاد معلوم ہوتی ہو۔ کیا تمہارا تعلق پیکنگ میں موجود فلسطینی وفد سے ہے؟" میں نے اُس کی بڑی بڑی حسین آنکھوں میں تقریباً جھانکتے ہوئے سوال کیا۔ میں نے عربی زبان استعمال کی تھی۔

لڑکی نے اثبات میں سر ہلایا، پھر بولی۔ "میرا نام لیلیٰ کمال ہے۔" اس مرتبہ اُس نے عربی ہی بولی تھی۔

"مجھے معلوم ہے۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔ اُس کا نام سُنتے ہی مجھے فلسطینی وفد کے بارے میں لی شینگ کی فراہم کردہ معلومات یاد آگئی تھیں۔ اُس رپورٹ میں لی شینگ نے لیلیٰ کمال کا نام بھی لکھا تھا اور اُس کے بارے میں پوری تفصیل بھی۔ میرے ذہن میں ایک ایک بات تازہ ہوگئی۔

لی شینگ نے اپنی رپورٹ میں لیلیٰ کمال کے بارے میں لکھا تھا کہ اُس نے مصر میں تعلیم پائی تھی۔ اُس کے والدین جلاوطن فلسطینی تھے اور فلسطین کو یہودی قبضے سے آزادی دلانے کی کوشش میں شہید ہوگئے تھے۔ لیلیٰ کمال قاہرہ یونیورسٹی سے کیمسٹری میں ایم۔ ایس۔ سی کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد آزادیٔ فلسطین کی تنظیم پی۔ ایل۔ او سے منسلک ہوگئی تھی۔ لیلیٰ کمال نے کمانڈوز کی مکمل تربیت حاصل کرنے کے باوجود بہت کم مہموں میں حصہ لیا تھا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ اُسے زیادہ تر ایسے وفود کا ممبر بنا دیا جاتا تھا جن کا کام بیرونی قوتوں سے گفت و شنید کرکے زیادہ سے زیادہ فوجی امداد حاصل کرنا ہوتا تھا۔ فلسطینی تنظیم آزادی کی انٹیلی جینس میں بھی اُس کا ایک اہم مقام تھا اور وہ اس سلسلے میں کئی بار صیہونی انٹیلی جینس سے ٹکرا چکی تھی۔

لیلیٰ کمال کے بارے میں سوچتے ہوئے میں نے اُس کے کسے کسے بدن کو ندیدوں کی طرح دیکھا۔ میری بیباک نگاہی کو غالباً اُس نے بھی محسوس کرلیا تھا۔ شاید اسی لیے اُس کے چہرے پر حیا کی سُرخی سی دوڑ گئی تھی اور وہ مزید حسین نظر آنے لگی تھی۔

جھکی جھکی حیا بار آنکھیں جیسے میرے پورے وجود پر جھا گئی تھیں۔ وہ نیچی نگاہ کرکے کہہ رہی تھی۔ "مجھے آپ کی بہن کے انتقال پر شدید دکھ ہوا۔ وہ مجھ سے ہی ملنے ہوٹل آئی تھیں لیکن میری بدقسمتی کہ میں اُن سے نہ مل سکی۔ اس طرح میری جو امانت اُن کے پاس تھی، وہ بھی میں اُن سے نہ لے سکی۔ مجھے اپنے زیاں کے ساتھ اُن کی موت کا بھی دکھ ہے۔" اُس کی آواز میں خلوص تھا۔

"رضیہ زندہ ہے۔" میں نے اُسے تسلی دی۔

وہ میری بات سُن کر واضح طور پر چونک اُٹھی، پھر مسرت آمیز لہجے میں بولی۔ "یہ تو آپ نے بہت اچھی خبر سُنائی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اُن کے پاس میری امانت بھی محفوظ ہوگی۔"

"لیکن وہ تمھارے دشمنوں کے ہتھے چڑھ گئی ہے۔" میں نے بتایا۔

لیلیٰ کا چہرہ ایک بار پھر اُداس اُداس سا نظر آنے لگا۔ وہ بولی۔ "پھر تو میری امانت بھی اُن کے ساتھ گئی۔" اُس کے لہجے میں مایوسی تھی۔

"رضیہ کو اغوا کرنے کے بعد دشمنوں نے اُس کے کمرے کی تلاشی بھی لی تھی لیکن وہ جو چیز تلاش کر رہے تھے اُنھیں نہیں مل سکی۔" میں نے اُسے پھر اُمید دلائی۔

لیلیٰ نے اُلجھن آمیز نگاہ سے میری طرف دیکھا۔ "آپ یہ بات اتنے یقین سے کس طرح کہہ سکتی ہیں کہ دشمن اپنے مقصد میں ناکام رہے تھے اور وہ جو چیز تلاش کر رہے تھے اُنھیں نہیں ملی؟ کیا خبر وہ چیز اُنھیں مل ہی گئی ہو۔"

"میری بہن جب کوئی چیز کسی کی نظر سے چھپانا چاہتی ہے تو وہ آسانی سے نہیں ملتی۔ وہ چیز صرف اُسی کو مل سکتی ہے جسے رضیہ چاہے۔" میری آواز میں کھنک آگئی تھی۔

لیلیٰ نے اپنی غزالی آنکھوں سے ایک بار پھر مجھے دیکھا۔ اُس کا چہرہ دوبارہ چمک اُٹھا تھا۔ وہ مسرت آمیز لہجے میں بولی۔ "تو رضیہ نے میری امانت آپ کے لیے محفوظ کر دی تھی اور آپ نے وہ چیز حاصل کر لی؟"

اُس کے چہرے پر خوشی کے سبب ہلکی سی سُرخی آگئی تھی جس کے سبب اُس کا حُسن کچھ اور نکھر گیا تھا۔ میں نے آہستہ سے اُس کے رخسار کو چھیڑا اور کہا۔ "یہ لو گو سلاوی لڑکی کے دیے ہوئے کاغذات اگر میرے توسط سے تمھیں مل جائیں تو مجھے کیا انعام ملے گا؟"

"جو آپ مانگیں!" لیلیٰ بے ساختہ بولی۔ "وہ کاغذات اتنے اہم اور قیمتی ہیں کہ میں اُن کے لیے اپنی جان بھی دے سکتی ہوں۔" اُس کے لہجے میں جوش تھا۔

"تو پھر ڈٹے رہنا۔ اگر میں نے تمھارا کام کر دیا تو تم میری بات مان لوگی۔" میں نے شوخ نظر سے اُسے دیکھتے ہوئے کہا۔

"بالکل!" اُس نے بے سوچے سمجھے حامی بھری اور اُمید بھری نظر سے مجھے دیکھنے لگی۔

"ویسے کیا تم مجھے بتاؤ گی کہ اُن کاغذات میں ہے کیا؟" میں نے پوچھا۔

میرا سوال سُن کر اُس کے چہرے پر تذبذب سا نظر آنے لگا۔ شاید وہ مجھے بتاتے ہوئے ہچکچا رہی تھی مگر غالباً اُس نے فیصلہ میرے حق ہی میں کیا۔

"آپ کو کچھ بتانا غالباً ہمارے لیے نقصان دہ نہیں ہوگا کیونکہ آپ جس ملک سے تعلق رکھتی ہیں، اُس کے عوام اور حکومت دونوں ہی ہمارے حق میں ہیں۔" لیلیٰ کہاں نے کے لیے مجھ سے کہا، پھر چند لمحے توقف کے انتہا پسند زیریں میں یہودی نواز جماعت نوعیت کے ہتھیار تیار کر رہی ہے۔ ہمیں معلوم اہم چیز اسرائیل کے حوالے کرنے والی کے بارے میں ہیں۔ اگر یہ وہ کاغذات اُس جماعت کے عزائم اور منصوبوں کو فاش میں نے لیلیٰ کی تائید میں کہا۔

لیلیٰ مجھے مزید تفصیلات سے آگاہ میں ایک لڑکی ہماری ہمدرد تھی۔ وہ ہما دشمنوں کی نظروں میں آگئی تھی اور اُسے چکا تھا۔ اُس نے بمشکل ہم تک یہ پیغام جماعت کے بارے میں تفصیلی رپورٹ ما نے ہم سے رابطہ قائم کیا تو قتل کر دی میں ہیں۔ وہ لڑکی بہت اچھی گلوکارہ طانیے میں اُس کا نام بھی بآسانی شامل دی کہ چین میں وہ ہر طرح محفوظ ہوگا۔ چین ہمارا ہمدرد ہے اور ہر طرح سے ایک وفد کی صورت میں آنا مشکل ثابت ہوا کہ چین میں ہم دشمنوں سے

لیلیٰ خاموش ہوگئی تو میں اپنی بولی۔ "میں ابھی وہ کاغذات تمھارے کہ کر میں نے قریب رکھی ہوئی اپنی لیے، پھر میں نے وہ لفافے لیلیٰ کو

لیلیٰ نے بڑی بیتابی سے وہ لفافے اُس نے لفافے کھول کر اندر رکھے ہوئے ایک نظر دیکھ کر بولی۔ "کاغذات کی نقل

"میرا ارادہ تھا کہ میں کاغذات نے جواب دیا۔ "اُس کے بعد اصل کو برآمد کرا لوں گی مگر تم نے یہاں آکر ما

"کیوں؟ میرے آنے سے کیا

"پتا نہیں تھیں یہاں آتے آج نہیں تو کل دشمنوں کو پتا چل جاتا اس صورتِ حال میں اُنھیں کسی طرح میں نے تمھیں نہیں دکھائے۔ ان

ہے کہ کم باخبر ہو جلی ہو کہ اِن کاغذات میں
ہت میں اِن کی واپسی بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے۔"
ف کھائی۔
آتے تو کسی نے بھی نہیں دیکھا۔" لیلیٰ میری بات
بولی۔ "آپ شاید بھول گئیں کہ جب آپ
تھی۔ بند کمرے میں اُس کی موجودگی میرے
ہا تھی مگر پھر اُس کے حسین چہرے پر نظر پڑتے ہی میں
رہی۔
کیسے آئیں؟" میں نے لیلیٰ سے وہ سوال کیا
تھا۔
ا کا روشندان بہت بڑا ہے۔" اُس نے مسکرا کر
والی جالی بہت آرام سے کھل جاتی ہے میں
ے اُوپر آئی، پھر جالی کی درز میں ایک تار
لی کھول کر اندر آگئی۔ پہلے میں نے کھڑکی
ھا مگر وہ مضبوطی سے بند تھی۔ میں نے کھڑکی
کوئی جواب نہیں ملا کیونکہ آپ کمرے میں نہیں
داخل ہونے کے لیے دوسرا راستہ اختیار

روشندان سے اندر آنا کوئی معمولی کام نہیں
ثابت ہو سکتی تھی۔ میں نے لیلیٰ کو ستائش بھری
تم مجھ سے کیوں ملنا چاہتی تھیں؟ ظاہر ہے
نہیں ہوگی کہ کاغذات میرے پاس ہیں۔"
ایک مدت نے تمھیں بہت مایوس کر دیا تھا۔
بلغاریہ اور چین آنا فضول ثابت ہوا مگر
ی بہت معمولی سے کامیاب ہونے سے پہلے ہمارے
ہا تھا۔ میرا ایک ساتھی یہاں گیسٹ ہاؤس میں
تھا۔ اُس نے کی بات سُن کر سوچ میں
ڈوب گیا۔ ایک اُمید یہ بھی تھی کہ
ذات کہیں محفوظ کر دیے ہوں اور آپ کو
کا مقصد آپ سے تعزیت کرنا بھی تھا
کام کرتے ہوئے حادثے کا شکار ہوئی تھیں۔"

اُس نے کا کیا مقصد تھا؟" میں نے سوال کیا۔
کاغذات دشمنوں کے ہاتھ نہ لگے
ہوں اور آپ کے پاس ہوں۔ اِس صورت میں آپ سے علم بھلا آپ کے لیے خطرے کا باعث ہو سکتا تھا۔ ممکن ہے کہ دشمن آپ کو بھی ختم کر دیتے۔" لیلیٰ نے وضاحت کی۔

"ہاں یہ ممکن ہوں لیکن ہم محسوس کر چکے ہیں کہ ہمارے وفد کے تمام ارکان کو دشمن اپنی نظروں میں رکھے ہوئے ہیں۔ میں نے اِس لیے پہلے اِس بات کا اطمینان کیا کہ کوئی میرا پیچھا تو نہیں کر رہا، پھر میں خاموشی سے یہاں تک پہنچ گئی۔"

لیلیٰ کی بات سُن کر میں نے اطمینان کا لمبا سانس لیا، پھر اُس سے بولی۔ "ایسی صورت میں پہلے میں نے جو ترکیب سوچی تھی اُس پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ تم سوچو کہ کاغذات کی نقل سے تمھارا کام چل جائے گا یا نہیں۔ ویسے میرا خیال ہے کہ اِس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ میں اصل کاغذات کے ذریعے رضیہ کو دشمنوں کے چنگل سے نکالنے کی کوشش کرتی ہوں۔"

لیلیٰ نے ایک بار پھر دونوں لفافوں سے کاغذات نکال کر اُن کا موازنہ کیا، پھر اُنھیں لفافوں میں واپس رکھتے ہوئے مجھ سے کہا۔ "ٹھیک ہے، نقل اور اصل میں کوئی فرق نہیں۔ یہ دستاویزات تو میں نہیں کہ انھیں محفوظ کر لیا جائے۔ عام طور سے اِس قسم کی رپورٹ پڑھ کر جلا دی جاتی ہے تاکہ دشمن کے ہاتھوں میں پڑ کر رپورٹ دینے والے ایجنٹ کے لیے خطرناک ثابت نہ ہو سکے۔ اس کو پڑھ کر جو عبارت بنے گی، اُسے البتہ محفوظ کر لیا جائے گا مگر آپ اصل کاغذات کسے دیں گی؟ کیا آپ کی نظر میں دشمن کا کوئی آدمی ہے؟ ویسے میں آپ کو اِس بات کا یقین دلا دوں کہ چینی حکومت آپ کی بہن کو بہت جلد تلاش کرے گی۔"

"ممکن ہے ایسا ہوتا مگر اب رضیہ چین میں نہیں ہے۔" میں نے لیلیٰ سے کہا، پھر اُسے میں نے اب تک کی تمام صورتِ حال سے آگاہ کر دیا اور آخر میں بولی۔ "طائفے کا ڈاکٹر ہی تنہا سب کچھ نہیں کر سکتا۔ مجھے یقین ہے کہ اُس کے اور ساتھی بھی ہیں۔ مجھے ایک شخص پر شبہ ہے اور میں براہِ راست اُس سے گفتگو کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہوں۔"

"یہ خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے۔" لیلیٰ نے تشویش آمیز لہجے میں کہا۔

"خطرات سے کھیلنا ہی میری زندگی ہے۔" میں ہنس کر بولی۔

لیلیٰ نے مجھے حیرت سے دیکھا، پھر کہا۔ "بہرحال آپ ہر طرح سے مجھے اپنا سمجھیں اور مجھ سے آپ کے لیے جو کچھ ہو سکتا ہے بلا جھجک کہیں۔ آپ کی بہن نے فلسطین کے مظلوموں کی خاطر جو خطرے مول لیے، جو کارنامہ انجام دیا ہے، ہم کسی طرح اُس کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے۔" لیلیٰ کے لہجے سے محبت اور خلوص کا اظہار ہو رہا تھا۔

میں نے اُس کے حسین چہرے کی طرف نگاہ اُٹھائی اور معنی خیز

لہجے میں کہا۔ "دیکھو لیلیٰ کتھیں کا غذات مل گئے، اب مجھے میرا انعام دلواؤ!" میری آواز میں جذبات کی لرزش تھی۔

"آپ جو کہیں گی، وہ میں مہیا کر دوں گی۔ ہمارے پاس فنڈ کی کمی نہیں۔ آپ نے ہمیں جو چیز دی ہے وہ انمول ہے۔" لیلیٰ نے پُرجوش لہجے میں کہا۔

"مجھے روپے پیسے کی ضرورت نہیں بلکہ مجھے بھی ایک انمول چیز چاہیے۔" میری آواز شدتِ جذبات سے بھاری ہو گئی۔

"انمول چیز؟" وہ حیرت سے بولی۔ "وہ کیا انمول چیز ہے؟"

"وہ .... وہ تم ہو لیلیٰ جانی تم!" مجھے اپنے جذبات پر قابو پانا مشکل ہو رہا تھا۔ "مجھے تمہاری ضرورت ہے۔"

"میری ضرورت؟" اُس کے لہجے کی حیرانی برقرار تھی۔ وہ اب بھی میرا مدعا نہ سمجھ سکی تھی۔ "آپ .... آپ میرا کیا کریں گی بانو؟" اُس نے معصومیت سے پوچھا۔

"میں تم پر اپنی زندگی وار دوں گی۔" میں اُس کے قریب ہو گئی اور اُس کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا اور مجھے یوں لگا جیسے میں نے دہکتا ہوا انگارا چھو لیا ہو۔ میرے سارے بدن میں اُس کے جسمانی لمس سے بجلی سی دوڑ گئی۔ میری بے قرار انگلیاں اب اُس کی پشت اور شانوں کو سہلا رہی تھیں۔ جو زبان نہ کہہ سکی میری انگلیوں کے لمس نے کہہ دیا۔ میں نے دیکھا کہ اُس نے شرما کر نظر نیچی کر لی اور اُس کا چہرہ حیا سے سُرخ ہو گیا۔ مجھے یقین آ گیا کہ اُس نے میرا مدعا سمجھ لیا ہے۔ میں نے اُس کی ٹھوڑی اُوپر اُٹھاتے ہوئے لرزتی ہوئی آواز میں پوچھا۔ "کیوں لیلیٰ جانی! کیا تمہیں میری طلب پوری کرنے سے انکار ہے؟"

لیلیٰ نے نگاہ اُٹھائی، مسکرائی اور پھر وہ شرمیلے لہجے میں بولی۔ "میں... میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی۔"

"میرے قریب تو آؤ! سب کچھ سمجھ جاؤ گی۔" میں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا اور لیلیٰ کا ہاتھ پکڑ کر اُسے اپنی آغوش میں سمیٹ لیا۔

بہاریں میری آغوش میں آ گئیں جن کی خوشبو سے میرے حسیں جاں مہک اُٹھے۔ میں پھولوں سے قریب ہو گئی، کنوارے پھول جن کی خوشبو شاید مجھ سے پہلے کسی نے نہیں سونگھی تھی۔ میں اُس خوشبو کی لہریں آگے بڑھی۔ پھول کھلے کھلے تھے، پات ہرے تھے۔ میں نے کم کم بادو باراں کی سی کیفیت محسوس کی۔ آتشِ شوق کو شعاعِ حسن کے قرب نے اور بھڑکا دیا۔ ایک انجان خوشبو مرمریں رنگ و آہنگ سے ہمکنار ہونے کے لیے مچل اُٹھی۔ ایک یار بدن ہمارے پہلی بار نازکی حسیات کی آبگینوں میں لذت و سرشاری کے جامِ کیف آگیں سے سیراب ہونے کی خاطر لب وا کیے، پھر اُن لبوں میں قطرہ قطرہ جذبات کی شبنم برسی۔ کسی غنچہ بند کلی کے کھلنے کی صدا سُنائی دی۔ کلی اپنے رو برو ایک مہکتا پھول سے بغلگیر ہو گئی، خود بھی پھول بن جانے کے لیے۔ فضا میں جیسے جلترنگ بج اُٹھے۔ اُس میں دو وجود بہتے چلے گئے۔ ایک ہمہ تواتر کے ساتھ لمحہ لمحہ بڑھتی گئی، پھر اُس کی تال اتنی بلند تھی کہ ساری کائنات میں جیسے کوئی صدا نہیں تھی۔ صدا کہ آؤ خوابوں چلو منزلِ شوق سے ہمکنار ہوں۔ صدا کہ گلہ کریں۔ صدا کہ جسموں کی فصیل گرا دیں۔ صدا کہ ڈوب جائیں اور پھر کبھی نہ اُبھریں۔ صدا کہ بھر لیں۔ صدا کہ وہ راگ الاپیں کہ وقت نغمے کے آخری بول گنگنا رہے تھے اور ہم بُت بن گئے تھے۔ ایک آخری صدا بلند ہوئی اور پھر خاموش ہو گئے اور نغمہ ختم ہو گیا۔ کلی کھل کر پھول بن چکی تھی۔ نڈھال ہوئی تھی کہ اُس پھول سے لپٹ کر وہ بھی جیسا بنا دیا تھا۔

میں ایک حسین خواب سے بیدار ہوئی تھی۔ وہ مجھ سے کہہ رہی تھی "میں دن کا اُجالا پھیلنے سے قبل یہاں سے نکل جاؤں گی۔ مگر تم کیسے جاؤ گی؟" میں نے پوچھا۔ ابھی میرے پورے حواس بحال نہیں ہوئے تھے۔ ایسا احمقانہ سوال نہ کرتی۔

"جس طرح آئی تھی اُسی طرح چلی جاؤں گی۔"

"اچھا جاؤ! شاید پھر کبھی ملاقات ہو۔" کہا۔ "ہم نے جو لمحے ساتھ گزارے ہیں میری بات پر اُس نے شرما کر کہا۔ کہ میں کچھ کہتی وہ کھڑکی کی طرف بڑھ گئی۔ کھولی اور میری طرف دیکھ کر بولی "خدا حافظ!" میں نے کہا چاہتا تھا مگر میں اپنے اطمینان کی تسلی دیکھنا چاہتی تھی۔

وہ چشمِ زدن میں کھڑکی سے کے قریب پہنچی۔ میں نے نیم دھندلکے میں دوسری جانب شکار گھاٹ کی ہیں۔ وہ تھوڑا سا کھسک کر گئی

کی سے نیچے اُتر گئی۔ چند لمحے بعد ہی وہ نیچے گلی میں طرف دیکھ کر رخصتی انداز میں ہاتھ ہلا رہی تھی۔ اتھ کے اشارے سے اُسے رخصت کیا۔ وہ مڑ کر ے کی طرف چل دی۔

ے اور جھل ہو گئی تو میں نے کھڑکی بند کی، کمرے گاہ ڈال پھر بستر پر دراز ہو گئی۔ دوبارہ سونے نہیں لگی تھی۔

فون کی گھنٹی سُنی تو آنکھ کھل گئی۔ ٹیلیفون مسہری کے چھوٹی تپائی پر رکھا ہوا تھا۔ میں نے لیٹے لیٹے ریسیور اُٹھا لیا۔

نب لی شینگ تھا۔ اُس نے بتایا کہ یوگوسلاویہ کے انتظام و انصرام ہو گیا ہے، صرف کچھ مسئلہ باقی ہے۔ ون کرے گا۔ مجھے تیار ہو جانا چاہیے۔

ں ہوئی۔ اپنے کمرے سے نکل کر میں نے رضوان کو جگایا۔ وہ جاگ چکا تھا۔ میں نے اُسے لی شینگ کا پیغام دیا اور بولی "تم اپنے سامان باندھو، میں جا رہی ہیں بانو؟" اُس نے پوچھا۔

مال کی تصدیق کرنے۔" میں نے جواب دیا۔

ر کر لیجیے!"

نہیں ہے۔ تم ناشتہ کر لو، میں آ کر ناشتے سے

تو ہو کہ آپ کہاں جا رہی ہیں، وہ بھی اتنی دن بولا۔

ں تک جانا چاہتی ہوں جہاں یوگوسلاوی طائفہ نے بتایا۔" اب اس سے آگے کچھ نہ پوچھنا

مگر جلدی آیئے گا! کہیں لی شینگ آ جائے۔" کے کمرے سے نکل کر اپنے کمرے میں آئی اور ڈرائیور کو بتا دے، میں آ رہی ہوں۔ اُس گھس گئی۔

ہو کر میں نے کپڑے پہنے اور باہر نکلتے ہیں ں کا نام بتا کر میں نے تیزی سے چلنے کے لیے نے مجھے بہت جلد اُس ہوٹل تک پہنچا دیا جہاں یوگوسلاوی طائفہ ٹھہرا ہوا تھا۔

میں نے استقبالیہ سے یوگوسلاوی طائفے کے منیجر کا کمرہ نمبر معلوم کیا۔ پہلی منزل پر مجھے مطلوبہ کمرہ مل گیا۔

میں نے کمرے کے دروازے پر کئی دستکیں دیں تو دروازہ کھلا۔ دروازہ کھولنے والا طائفے کا منیجر تھا اور مجھے اُسی سے ملنا بھی تھا۔ وہ ایک ادھیڑ عمر شخص تھا مگر اُس کی صحت اچھی تھی۔ اُس کے چہرے سے مزاج کی کرختگی کا اظہار ہوتا تھا۔ مجھے دیکھ کر اُس کے چہرے پر حیرت کے آثار نظر آئے۔

"میں رضیہ کی بہن ہوں۔" میں نے جرمن زبان میں کہا۔ یوگوسلاوی زبان، جرمن زبان سے ملتی جلتی ہے اس لیے وہاں کے باشندے جرمن زبان سمجھ لیتے ہیں۔ میں نے اسی لیے جرمن زبان کا سہارا لیا تھا۔ میں نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے مزید کہا۔ "میں اُس لڑکی کی بہن ہوں جسے تم نے اغوا کر کے یوگوسلاویہ بھیج دیا ہے۔"

ادھیڑ عمر منیجر کے چہرے پر حیرت کے آثار گہرے ہو گئے، پھر چند لمحے بعد وہ بولا۔ "میں آپ کی بات سمجھنے سے قاصر ہوں۔ آپ کو یقیناً کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے۔"

"میرا نام صبیحہ بانو ہے اور مجھے آسامی سے غلط فہمی نہیں ہوتی، سمجھے!" میں نے سخت لہجے میں کہا۔

"اگر آپ اندر تشریف لے آئیں تو زیادہ مناسب ہو گا۔" منیجر نے نہایت شائستگی سے کہا۔ وہ اچھا اداکار معلوم ہوتا تھا۔ لی شینگ نے اپنی رپورٹ میں اُس کے متعلق جو کچھ لکھا تھا، وہ غلط نہیں تھا۔ وہ مجھے کمرے میں داخل ہونے کے لیے راستہ دینے کی خاطر ایک طرف ہو گیا۔

میں کمرے میں داخل ہو گئی۔ اُسی کمرے سے ملحق ایک اور کمرہ بھی نظر آ رہا تھا جو غالباً بطور خوابگاہ استعمال ہوتا تھا۔ میں جس کمرے میں داخل ہوئی اُس کی حیثیت نشست گاہ کی تھی۔ وہ کمرہ سادہ مگر آرام دہ فرنیچر سے آراستہ تھا۔

منیجر کمرے کا دروازہ بند کر کے میری طرف مڑا۔ اُسی وقت میں نے اپنا پرس کھول کر رول کیے ہوئے کاغذات نکالے اور اُنھیں منیجر کی طرف لہرایا۔

"یہ کاغذات اس بات کا ثبوت ہیں کہ مجھے کوئی غلط فہمی نہیں ہوئی۔" میں نے تیز لہجے میں اُسے مخاطب کیا۔

منیجر کی نگاہ جیسے کاغذات سے چپک کر رہ گئی تھی۔ وہ اُن کاغذات کو حریصانہ نظر سے دیکھے جا رہا تھا۔

وہ خاموش رہا تو میں جھرجھری لے کر بولی "تمہاری خاموشی سے پتا چل رہا ہے کہ مجھے دیتے میں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے۔ ٹھیک ہے، میں آزادی فلسطین کے وفد سے مل کر دیکھتی ہوں شاید وہ لوگ میری مدد کر سکیں۔" یہ کہہ کر میں نے دروازے کی جانب قدم بڑھائے۔

منیجر نے میرا راستہ روک لیا اور سرد لہجے میں بولا "غلط فہمی شاید مجھے ہوئی تھی، آپ ٹھیک جگہ آئی ہیں۔ کیا آپ نے یہ کاغذات کسی اور کو بھی دکھائے ہیں یا کسی اور سے ان کا ذکر کیا ہے؟"

"ابھی تو میں نے کسی سے ان کاغذات کا ذکر کیا ہے اور نہ کسی کو کاغذات دکھائے ہیں لیکن اگر میری بہن کا پتا نہ چلا تو میں یہ کاغذات مناسب لوگوں کو دکھانے میں دیر بھی نہیں کروں گی۔" میں نے بڑے اطمینان سے اس کی بات کا جواب دیا۔

"آپ کی بہن بخیریت ہیں لیکن وہ اب یہاں چین میں نہیں ہیں جو انھیں فوری طور پر آپ کے حوالے کر دیا جائے۔"

میں نے منیجر کو گھورا، پھر قدرے نرم لہجے میں کہا "مجھے ان کاغذات سے کوئی دلچسپی نہیں ہے لیکن تم لوگوں کو یہ کاغذات حاصل کرنے کے لیے میری بہن کو آزاد کرنا پڑے گا۔ کیا تم اسے واپس پیکنگ بلا سکتے ہو؟"

میری بات سن کر اس کے ہونٹوں پر ایک تلخ مسکراہٹ آ گئی اور وہ بولا "کیا آپ مجھے اتنا ہی احمق سمجھتی ہیں؟"

"کیوں اس میں حماقت کی کیا بات ہے؟" میں نے کہا۔

"اسے دوبارہ پیکنگ لانے کا مطلب خود کو دلدل میں پھنسانا ہوگا۔ طائفے کے ڈاکٹر کی عدم موجودگی میں اس وقت چینی حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں کہ وہ ہم پر ہاتھ ڈال سکے لیکن آپ کی بہن کے یہاں آنے کے بعد ہم پھنس جائیں گے۔" وہ چالاکی سے بولا۔

"یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ ڈاکٹر کسی کے ہاتھ نہیں آئے گا کیونکہ تم نے اسے بھی میٹھی نیند سلا دیا ہے۔"

میری بات سن کر وہ پھر مسکرایا اور بولا "آپ کا خیال غلط ہے۔ اب تک وہ پولیس کے ہاتھ آ چکا ہوگا۔ اس نے زہر کھا کر خودکشی کر لی ہے۔" میرا یہ اندازہ غلط نہیں نکلا کہ ڈاکٹر کو ٹھکانے لگا دیا گیا ہوگا۔

کچھ توقف کے بعد میں نے دوبارہ مطلب کی بات چھیڑ دی "تمھیں ان کاغذات کی ضرورت ہے اور مجھے اپنی بہن کی واپسی سے دلچسپی ہے۔ یہ تبادلہ تم کہاں اور کس طرح چاہتے ہو؟"

"آپ نے بڑی مناسب بات کہی ہے۔" وہ جلدی سے بولا "اگر آپ مجھے تھوڑا سا وقت دیں تو شاید میں بھی کوئی مناسب تجویز پیش کر سکوں۔"

"سنو، میں گھنٹے بھر بعد تو بھیجا گیا ہے۔ اگر تمھیں کاغذات اندر مجھے یوگوسلاویہ کا وہ پتہ نہ ملا جو رضیہ مل سکے، میں فیصلہ کن لہجے میں

وہ چند لمحے خاموش رہا، پھر پتہ نہ بتاؤں تو؟"

"تو تمھیں کاغذات سے محروم جواب دیا۔

"وہ کیسے؟" اس نے پوچھا۔

"وہ اس طرح کہ میں یہ کاغذ نے دروازے کی جانب قدم بڑھا۔

"شیری کی کھال میں گھس کر کہیں اس نے تہقہہ لگایا اور سخت لہجے ساتھ اس نے تیزی سے اپنی جیب دوسرے ہی لمحے اس کے ہا میری جانب اٹھی ہوئی تھی۔ میں نے ریوالور کی نال پر نگاہ جا رہی تھی کہ کیا میں نے وہاں آ کر غلطی کی

"کاغذات زمین پر پھینک دیا۔ میں اپنی جگہ بے حس و حرکت کھڑا ہوں، کاغذات پھینک دو ورنہ میں چھوڑوں گی بھی نہیں۔" اس کا حکم نہ مانا تو وہ بولا "تم نے اس سے پہلے کاغذات نیچے زمین کا بلکہ نھاری بہن کو جس بات اس نے گنتی شروع کر دی ا

"دو۔۔۔" وہ چیخا اور اس کی میں سمجھ گئی کہ وہ کاغذات حاصل سے دریغ نہیں کرے گا۔

اب وقت ضائع کرنا بیوقوفی پڑی۔ وہ گنتی گنتے گنتے رک کر بولا کچی گولیاں نہیں کھیلی تھیں۔ بچاؤں پہلے ہی میں اپنے بچاؤ کی تدبیر سوچ چکا جو کچھ پیش آیا تھا، وہ غیر متوقع نہیں تھا

اتنا میں تمام ہوئے کاغذات میں سے ایک الی کاغذ اس کی طرف اچھال دیے اور بولی "میں میں سے صرف ایک کاغذ کے کرآئی تھی۔ باقی ماندہ کے پاس گیسٹ ہاؤس میں محفوظ ہیں۔ اگر میں ہاں اندر اس کے پاس واپس نہیں پہنچی تو وہ رسے گا اور اس کے دس منٹ بعد ہی یہ ہوٹل چینی میں ہو گا۔"

اس نے گہری توز نگاہ سے دیکھا، ایک نظر کمرے میں پھیلے ہوئے اس پر ڈالی، پھر مسکراتے ہوئے ریوالور اپنی جیب میں کر لیا۔ اس کے چہرے پر اطمینان اور اعتراف شکست کی آمیزش تھی۔

"معاملہ بڑا پیچیدہ ہے۔" اس نے مسکرانے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"وہ جگہ بتا دو جہاں رضیہ کو بھیجا گیا ہے۔" میں نے اپنا ہاتھ آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔ "کاغذات اسی صورت میں واپس ہوں گے جب رضیہ مجھے مل جائے۔ کاغذات صرف پتہ بتانے سے نہیں دیے جائیں گے۔"

"میں سمجھتا ہوں۔" وہ ایک طویل سانس لے کر بولا "آپ کو ان جائیں۔ میں شاید آپ کے وہاں پہنچنے سے قبل ہی پہنچ جاؤں جہاں کاغذات کے عوض آپ کی بہن کو آپ کے حوالے کیا جائے گا۔"

"جی ہاں۔" میں نے پرسکون آواز میں کہا اور دروازے کی طرف بڑھ گئی۔

دروازہ کھول کر باہر نکل گئی تو اس نے میرے پیچھے زور زور سے قہقہے لگائے، کمینگی بھری مطمئن انداز میں مسکرا دی۔ دشمن کو دھوکہ دلا کر وہ خوش ہو رہی تھی۔

گیسٹ ہاؤس پہنچی تو رضوان بے چینی سے میرا منتظر تھا۔

"کام ہو گیا؟" اس نے مجھے دیکھتے ہی سوال کیا۔

"ہو گیا، رضیہ خیریت سے ہے۔" میں نے اسے اطمینان دلایا۔ "کاغذات کی واپسی آج ہو جائے گی۔ کاغذات ملتے ہی ہم یہاں سے روانہ ہو جائیں گے۔ یہ تبادلہ غالباً یوگوسلاویہ کے دارالحکومت میں ہوگا۔"

اس کے چہرے سے اطمینان جھلکنے لگا۔ اس نے بتایا۔ فون آیا تھا۔ وہ ہمیں لینے کسی بھی وقت یہاں پہنچ سکتے ہیں۔

پہلے کرایہ شیننگ آتا، یوگوسلاوی طائفے کے منیجر کا فون ملا۔ اس نے فون پر میری آواز پہچاننے کے بعد یوگوسلاو دارالحکومت بلغراد میں موجود ایک عمارت کا پتہ بتایا۔

چند منٹ بعد لی شیننگ ہمیں لینے آ گیا۔ میں نے طائفے منیجر سے حاصل شدہ معلومات کی روشنی میں اس سے سوال کیا طائفے کے ڈاکٹر کا کچھ پتا چلا؟"

"جی ہاں!" اس نے جواب دیا "اس کی لاش ایک پارک مل ہے۔ ابھی لاش کا پوسٹ مارٹم تو نہیں کیا گیا لیکن لاش دیکھ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ زہر کھا کر مرا ہے یا اسے زبردستی کر کے گیا ہے۔ اس کی جیب سے زہر کے دو کیپسول بھی ملے ہیں اس اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ غالباً اسے کسی نے قتل نہیں کیا بلکہ گرفتاری کے خوف سے خودکشی کر لی ہے۔"

منیجر کے دعوے کی تصدیق ہو گئی تھی۔ میں نے لی شیننگ آرائی پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ اسی دوران میں گیسٹ ہاؤس کے کمرے میں داخل ہوئے۔ غالباً لی شیننگ میرے کمرے کی طرف ہوئے ان سے آنے کے لیے کہہ آیا تھا۔

ملازمین نے میرے اشارے پر سامان اٹھایا اور باہر نکل رضوان کے کمرے کا سامان بھی اٹھا لائیں اور ہم عمارت سے باہر آ گئے۔ ملازمین نے کار کی پچھلی نشستوں پر بیٹھ گئے۔ اس دوران میں اور رضوان کار کی پچھلی نشستوں پر بیٹھ گئے۔ اس دوران لی شیننگ ڈرائیور کے برابر والی نشست پر بیٹھ چکا تھا۔

لی شیننگ کے ہمراہ ایئرپورٹ جاتے ہوئے میں نے موجودہ رخصت ہونا ضروری سمجھا۔ اسے اطلاع بھی نہیں تھی کہ میں جلدی چین چھوڑ کر کہیں اور روانہ ہو جاؤں گی۔ میرے ایسا کرنے کو اسپتال کی جانب موڑ لیا گیا۔

کار اسپتال کے کمپاؤنڈ میں داخل ہو کر رک گئی تو رضوان بھی موسو سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

"چلو تم بھی چلو!" میں نے کار کا دروازہ کھولتے ہوئے کہا۔

رضوان بھی کار سے اتر آیا۔ لی شیننگ کار ہی میں بیٹھا رہا اور رضوان اسپتال کی عمارت میں داخل ہو گئے۔

موسو مجھ سے یہ سن کر حیرت زدہ رہ گئی کہ میں چین سے ہو رہی ہوں۔

"باتو آخر ایسی بھی کیا جلدی ہے؟" وہ گلوگیر آواز میں بولی "ابھی میں صحت مند بھی نہیں ہوئی کہ میزبانی کا حق ادا کر سکتی۔"

"میرا جانا بہت ضروری ہے میری چینی کی گڑیا!" میں نے اسے گلے سے لگاتے ہوئے کہا، پھر بولی "تمھیں شاید یہ جان کر خوشی ہو

رہ اور بخیریت ہے۔ میں اُسی کی بازیابی کے لیے جا رہی ہوں۔"

"سچ!" وہ کھل اُٹھی اور اُس کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو آ گئے۔

"ہاں!" میں نے کہا، پھر اُسے تفصیل بتاتے بتاتے رُک گئی اور "یہ وقت کم ہے اب اجازت دو!"

اُس کے بعد رضوان نے بھی موسے چند جملوں کا تبادلہ کیا اور آخر بولا۔ "اگر زندگی رہی موتو پھر کبھی زندگی کے کسی موڑ پر ملاقات ہوگی۔ بلکہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ عموماً ایسے موقعوں پر لوگ ایسے ہی جذباتی لے کہتے ہیں۔"

"ورنہ حقیقتاً آپ کے یہ خیالات نہیں؟" موسو نے اپنی آنکھوں آئے ہوئے خوشی کے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔ رضوان کی موجودگی کے ب موسو نے مجھ سے انگریزی زبان ہی میں گفتگو کی تھی اور رضوان سے انگریزی ہی میں بات کر رہی تھی۔

موسو کی بات کے جواب میں رضوان نے عجیب سا منہ بنایا اور بولا۔ میرے ذاتی خیالات کیا ہیں! انھیں آج تک کوئی نہیں جان سکا ذریہ موسو!"

"اور یہ کسی کو جاننے کی ضرورت ہے۔" میں نے درمیان میں مداخلت کر رضوان کی زبان نہ چل نکلے۔ وقت ویسے بھی کم ہی تھا۔ اس بات س شاید رضوان کو بھی تھا اور نہ وہ جواب میں ضرور کچھ کہتا۔

رخصت ہونے سے قبل یک بارگی موسو میرے گلے سے لگ گئی۔ "بانو! اور یہ خیال ہے کہ موسو کے زخم ابھی تازہ ہیں۔ کہیں مہکتے ہوئے بات کی رَو میں زور سے نہ بھینچ دیجیے گا۔" رضوان نے موقع سے دہ اٹھا کر فقرہ چست کیا اور موسو شرما گئی۔

میں نے رضوان کو گھور کر دیکھا اور وہ اس طرح دوسری طرف دیکھنے جیسے میرا مخاطب وہ نہیں کوئی اور ہو۔

میں نو سے رخصت ہو کر اپنے ہال کی عمارت سے رضوان کے ہمراہ آ گئی۔ اگر رضیہ کا معاملہ نہ ہوتا تو میں واقعی اتنی جلدی چین سے نہ لتی۔

میں اور رضوان کار میں بیٹھ گئے تو کار ایک بار پھر ایئرپورٹ کی جانب ہو گئی۔ راستے میں مجھے لی شینگ نے لیوگو سلاویہ میں اپنے ایک نے والے کا پتہ بتا دیا۔

"بلغراد میں یہ شخص قابلِ اعتماد ہے۔ میں نے اُسے اطلاع دے ہے۔ وہ ایئرپورٹ پر آپ کو لینے بھی آئے گا۔" لی شینگ بولا۔ "آپ ائش وغیرہ کا بندوبست بھی وہی کرے گا۔ اگر آپ کی بہن رضیہ بلغ دیں میں تو شرلے انھیں ڈھونڈنے میں پوری پوری مدد کرے شرلے اُس شخص کا نام تھا جس کا پتہ لی شینگ نے دیا تھا اور جس کے بارے میں بتایا تھا۔ میں شرلے سے پہلے بھی اس قسم لیتا رہا ہوں۔ اُس نے مجھے کبھی مایوس نہیں کیا اس لیے پورا اعتماد رکھتا ہوں۔" یہ کہہ کر لی شینگ نے اپنی جیب نکال کر میری جانب بڑھایا۔ "یہ اُس کا کارڈ ہے۔"

"شکریہ لی شینگ!" میں نے اُس سے کارڈ لیتے کارڈ کو احتیاط سے اندرونی جیب میں اپنے پاسپورٹ کے ساتھ

ایئرپورٹ پر ایک خصوصی طیارہ ہمارا منتظر تھا۔ یوگو حکومت کی جانب سے میرا اور رضوان کا شکریہ ادا کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پھر ہماری طرف سے جوابی کے وہ رخصت ہو گیا۔ میں نے پیکنگ کی کھلی فضا میں لیے اور رضوان کے ساتھ جہاز پر سوار ہو گئی۔

ہماری اگلی منزل نئی دہلی ایئرپورٹ تھا جس کے پہلے ہی سے علم تھا۔ ہمیں ایئرپورٹ ہی پر چینی سفا ذنے دار افسر استقبال کے لیے موجود ملا۔ جب اُس کے گئے جہاں چند گھنٹے ہم سفارت خانے کے مہمان رہے میں ہمارے پاسپورٹس پر یوگوسلاویہ کا ویزا حاصل کیا ضروری کارروائیاں مکمل کی گئیں۔ ایک البانوی جہاز میں بلغراد کے لیے دو فرسٹ کلاس سیٹیں ٹکٹ حاصل کر لیے گئے۔ چینی سفارت خانے لیے یہ خانہ پُری کی کارروائیاں مکمل کراتے رہے غنیمت جانتے ہوئے آرام کرنا مناسب سمجھا۔

چند گھنٹے بعد ہی ہم ایک بار پھر جہاز میں ہوا سے زیادہ دور نہیں تھا یا کہ ہمیں محسوس ہم ابھی ہم سوار ہوئے تھے اور ابھی بلغراد پہنچ گئے

بلغراد کے ایئرپورٹ پر ہم کسٹم سے فارغ ہ اُدھیڑ عمر شخص تیزی سے ہماری جانب بڑھا۔

"مجھے شرلے کہتے ہیں۔" اُس نے اپنا ہاتھ بڑھ جاتے ہوئے کہا۔

"لیکن تم نے مجھے کیسے پہچانا شرلے؟" میں "اس جہاز سے اترنے والے صرف آپ ہیں۔" اُس نے مسکرا کر جواب دیا۔

"مجھے تم سے مل کر خوشی ہوئی۔" میں نے ہاتھ ملایا۔ پھر رضوان سے بھی اُس کا تعارف کرا بات کر رہا تھا اس لیے رضوان کو کوئی قباحت

"میں نے آپ حضرات کی رہائش کا بندو

اسے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے بتایا اور خواہ مخواہ ہنس دیا۔ اُس ایسی باتوں جیسی تھی جس پر مجھے تعجب ہوا۔

کچھ دیر بعد ہی مجھے احساس ہو گیا کہ شرلے دلچسپ شخصیت کا ہے۔ وہ باتیں بہت کرتا تھا، چھوٹی چھوٹی سی باتوں پر ہنس دیتا دوسروں کو بھی ہنسانے کی کوشش کرتا تھا۔

میں نے اُسے غور سے دیکھا۔ بظاہر اُس کی شخصیت بھاری بھرکم میں نظر میں وہ ایک ہیوقوف سا بوڑھا نظر آتا تھا۔ ہاں اُس کی میں بڑی گہرائی تھی جو اُس کی اصل شخصیت کا اظہار تھیں۔

ایئرپورٹ کی عمارت کے باہر ایک کار موجود تھی جسے خود شرلے کیا۔ میں اور رضوان پچھلی نشستوں پر بیٹھ گئے تھے۔

وہ شام کا وقت تھا اور کار بلغراد کے بھرے پُرے بازاروں سے رہی تھی۔ شرلے کی زبان مسلسل چل رہی تھی۔ وہ ہمیں اپنے ملک میں ضروری اور غیر ضروری معلومات سے آگاہ کرتا جا رہا تھا۔

تقریباً نصف گھنٹے سفر کے بعد شرلے نے ایک تین منزلہ ہوٹل کار روک دی۔ کچھ دیر بعد ہی ہم دوسری منزل کے ایک دو کمروں میں پہنچ چکے تھے۔ کمرے آرام دہ اور جدید سامانِ آرائش تھے۔ ہم صوفوں پر بیٹھ گئے۔

سب سے پہلے کر شرلے کی زبان پھر قینچی کی طرح چلنے لگی۔ میں نے مختصر صورتِ حال سے آگاہ کیا اور جب وہ تمام بات اچھی طرح میں نے طائفے کے منیجر سے حاصل کیا ہوا پتہ اُسے بتایا اور گھنٹے کے اندر اندر تم جو کچھ معلوم کر سکو مجھے بتاؤ۔ میں دو گھنٹے اس جگہ جانا چاہتی ہوں۔"

اگر آپ کی بہن اس پتے پر موجود ہوئیں تو دو گھنٹے کے اندر اندر کے پاس پہنچا دی جائیں گی۔ آپ اطمینان سے آرام کریں۔" شرلے اثبات میں جواب دیا۔

نے اُس کے چہرے کو غور سے دیکھا۔ میرا خیال غلط نہیں تھا۔ وہ اعتماد کا مالک تھا۔ اس وقت وہ سنجیدہ نظر آ رہا تھا اس لیے یہ مشکل نہیں تھا۔

میں!" میں نے سوچ سمجھ کر کہا۔ "ہمارا واسطہ خطرناک لوگوں سے ہمارا بس چلے میں رضیہ کی زندگی خطرے میں ڈالنا پسند نہیں کروں گی۔ چاہتا ہے میں اُن کے سپرد کرنے پر آمادہ ہوں۔"

اس بات پر شرلے کے چہرے پر کسی قدر ناپسندیدگی کے آثار لگے۔ وہ غالباً اس طرح دینے پر خوش نہیں تھا۔ اس کے باوجود ہوئے بولا۔ "جیسے آپ کی مرضی! مجھے کوئی اعتراض نہیں۔" اٹھ کھڑا ہوا۔

"بانو! کیا آپ واقعی دو گھنٹے بعد وہاں جانے کا ارادہ رکھتی ہیں شرلے کے جاتے ہی رضوان نے مجھے مخاطب کیا۔

"کیوں تمہارا کیا مشورہ ہے؟ کیا ہمیں وہاں نہیں جانا چاہیے؟"

"میرے خیال میں تو آپ یہ دو گھنٹے بھی بیکار ہی ضائع کر رہی رضوان نے کہا۔ "ہمیں خود فوری طور پر وہاں پہنچنا چاہیے تھا۔"

"بلغراد ہمارے لیے قطعی اجنبی شہر ہے رضوان!" میں نے جوا دیا۔ یہ ضروری معلومات کے بغیر کوئی حرکت کرنا ہمارے لیے نقصان د ثابت ہو سکتا ہے۔ میرے خیال میں شرلے دو گھنٹے کے اندر اتنی معلو ضرور حاصل کر لے گا کہ مطلوبہ پتے پر ہمارا واسطہ کیسے لوگوں سے پڑ گا!" میں نے سمجھانے والے انداز میں بات ختم کی۔

میں اور رضوان رات کا کھانا کھا کر فارغ ہی ہوئے تھے کہ شرلے آ گیا۔ وہ بے حد سنجیدہ نظر آ رہا تھا اور چہرے سے پریشانی عیاں تھی

"کیا بات ہے؟" میں نے اُس سے پوچھا۔

"معاملہ بڑا پُراسرار ہو گیا ہے۔" اُس نے تشویش انگیز لہجے میں دیا۔ "دو گھنٹے کے دوران میں میرے بیس بہت تیز آدمی ہاتھ سے گئے۔ اُن میں سے دو کی تو لاشیں مل چکی ہیں اور تیسرے کی چیخیں ہیں جیسے کسی نے اُسے ذبح کر دیا ہو۔"

میں اُس کی بات سُن کر چونک اُٹھی۔ پھر بولی۔ "مگر شرلے تو تمھیں کوئی قدم اُٹھانے سے منع کر جاتا۔"

شرلے نے میری طرف دیکھا، پھر سر جھکا کر دھیمے لہجے میں "لی شینگ کی ہدایات تھیں کہ اگر آپ کی بہن یوگوسلاویہ میں ہو انھیں جلد از جلد بدمعاشوں کے چنگل سے نکال کر آپ کے حوا

"تمھیں لی شینگ کی نہیں بلکہ میری بات سننی چاہیے تھی۔" کسی قدر تیز لہجے میں کہا۔ "لی شینگ کی بات محض ایک خواہش کا رکھتی ہے جبکہ میں نے ایک ایسی بات کہی تھی جو حقیقت پر مبنی اگر میری بات مانتے تو اپنے آدمیوں سے بھی ہاتھ نہ دھوتے اور لیے بھی مشکلات کھڑی نہ ہوتیں۔"

شرلے نے میری طرف نگاہ اُٹھائی تو میں نے اُس کی آنکھ اپنے لیے عزت کا جذبہ پایا۔ وہ بے حد شرمندہ نظر آنے لگا تھا۔

"آپ ٹھیک کہتی ہیں۔" اُس نے بجھے ہوئے سے لہجے میں "خیر جو ہو گیا، اُس پر خاک ڈالو!" میں نرم لہجے میں بولی ذرا تفصیل سے یہ بتاؤ کہ تم نے کیا معلومات حاصل کیں اور تمھارے کس طرح مارے گئے؟"

میرے سوال کرنے پر رضوان بھی پوری طرح چوکنا ہو گیا وہ بھی شرلے سے تفصیلات جاننے کے لیے بے چین تھا۔

"آپ سے جو پتہ دیا تھا، وہ جگہ بلڑاد سے تیس میل دور ہے۔ وہ ایک فارم ہے۔" شرلے نے بتانا شروع کیا۔ "فارم کی نئی عمارت بھی بن چکی ہے مگر آپ نے پرانی عمارت کا پتہ دیا تھا جو ویران پڑی ہے اور چند دن بعد اُسے منہدم کر دیا جائے گا۔ فارم کا مالک ایک باعزت اور شریف آدمی ہے جس پر کسی قسم کی بدمعاشی کا شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ میں دیکھ کر میں نے خیال کیا کہ غالباً کوئی فریبا کوئی گروہ اُس کے علم میں لائے بغیر ویران عمارت استعمال کر رہا ہے۔ وہ عمارت پانچ کمروں پر مشتمل ہے۔ میں کبھی فارم کا مالک اپنے اہل خاندان کے ساتھ رہا کرتا تھا، پھر اُس عمارت کو مرغی خانہ بنا دیا گیا تھا اور اب وہ عمارت قطعی ویران ہے۔

میں نے پہلے اپنے صرف ایک آدمی کو وہاں بھیجا تھا۔ اُس نے اطلاع دی کہ عمارت میں کوئی ضرور موجود ہے۔ اُسے عمارت کی ایک کھڑکی روشن نظر آئی تھی۔ اُس نے ذرا قریب جا کر اندر جھانکا تو اُسے کوئی نظر آئی۔ پہنے پہرے کے خدوخال سے بدمعاشی معلوم ہوتی تھی۔ وہ لڑکی ایک کرسی پر بیٹھی ہوئی تھی۔ میرے آدمی نے مجھے اطلاع فون پر دی اور اُس عمارت میں داخل ہونے کی اجازت چاہی۔ میں نے اپنے تین اور آدمی اُس کی مدد کے لیے بھیج دیے۔ ذرا دیر بعد اُن میں سے ایک نے اطلاع دی تھی کہ اُس کے دو ساتھی دروازے ہی پر ڈھیر ہو گئے۔ کسی نے شاید انھیں گولی مار دی تھی۔ تیسرا آدمی اندر داخل ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا لیکن تھوڑی دیر بعد اُس کی چیخ بھی سنائی دی۔ اطلاع دینے والے کا کہنا ہے کہ وہ طرح چیخ رہا تھا جیسے کوئی اُسے ذبح کر رہا ہو۔" پوری تفصیل شرلے خاموش ہو گیا۔

میں نے اُس کے چہرے کا جائزہ لیا تاکہ یہ جان سکوں کہ اُس بیان میں کتنی صداقت ہے! میں نے اندازہ لگایا کہ اُس نے مجھ جھوٹ نہیں بولا تھا۔ اُس کے چہرے پر سنجیدگی تھی۔ اگر اُس کی درست تھی تو اُسے پریشان ہونا ہی چاہیے تھا۔

"تمھارا وہ آدمی کہاں ہے جس نے اطلاع دی ہے؟" میں نے سے سوال کیا۔

"وہ وہیں عمار... کی نگرانی کر رہا ہے۔" شرلے نے جواب دیا۔ ذرہ تو... مزید بیٹھنے پر آمادہ نہیں تھا مگر میرے ...پردہ ٹھہر گیا ہے۔

"کیا خیال ہے؟" میں نے رضوان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "ہمیں خوفزدہ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے لیکن ہم ایسی باتوں سے خوفزدہ ہونے والے نہیں ہیں۔" رضوان بولا۔

شرلے نے رضوان کی بات کا کچھ اور ہی مقصد سمجھا۔ اُس کے چہرے پر غصے اور رکھ کے ملے جلے اثرات نظر آئے۔ "پہلے میں بولا۔" اگر آپ کا خیال یہ ہے کہ میں جھوٹ بول کر چاہتا ہوں تو یہ بات سراسر غلط ہے۔ میں نے جو کچھ پتہ ہے۔" اُس کا مخاطب رضوان تھا۔

"تم غلط سمجھے شرلے!" میں رضوان کے کہے "انھوں نے تمھارے تین آدمیوں کو غالباً اسی لیے ہلاک میرے ساتھی کا اشارہ دشمنوں کی طرف تھا۔ تیسری پارٹی کی دخل اندازی نہیں چاہتے۔ میں نے الگ رہنے کی ہدایت دی تھی۔"

شرلے کے چہرے سے اندازہ ہوا کہ وہ اُس نے میرے خاموش ہوتے ہی رضوان سے میں کہا۔ "میں معافی چاہتا ہوں کہ مجھے غلط فہمی ہوئی۔"

"کوئی بات نہیں!" رضوان نے مسکرا کر سر ہلا شرلے میری طرف مڑ کر بولا۔ "اب آپ کا "جو پہلے تھا۔" میں نے جواب دیا۔ "میں تنہا آگے ہونے کی کوشش کروں گا اور مجھے امید ہے کہ میں "ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔" رضوان نے کہا۔ شرلے، رضوان کو بولتے دیکھ کر خاموش ہو گیا۔ "آگے بڑھائیں۔" عمارت میں داخل ہونا واقعی خطرناک انجام دوں گا۔"

"میری موجودگی میں میرے مہمان اپنی جان خطرے مجھے گوارا نہیں۔" شرلے پُرجوش لہجے میں بولا۔

اس موقع پر میں کچھ اور کہتا تو ایک لمبی بحث کا زیاں ثابت ہوتی۔ میں سوچ کر میں نے تجویز پیش کی عمارت کا جائزہ لیا جائے، پھر جو مناسب ہو کیا جائے۔ دونوں نے میری تجویز مان لی۔

ہم ہوٹل سے نکلے۔ شرلے کے پاس کار موجود تھی تک پہنچنے میں پون گھنٹہ لگا مگر کار پہلے ہی روک دی سڑک چھوڑ کر درختوں کے جھرمٹ میں گھری ہوئی ایک پرانی کی۔ ایک دراز قد شخص تقریباً دوڑتا ہوا کار کی طرف ہو گیا۔ وہ دشمن کا آدمی بھی ہو سکتا تھا لیکن ایسا نہ کا آدمی ثابت ہوا۔

شرلے کار سے اتر کر اپنے آدمی سے بات کی طرف متوجہ ہو گیا۔ میں رضوان کا ہاتھ تھام کر مجھے روک لیا۔

"لومڑی!" شرلے بولا۔

داخل نہیں ہو رہے بلکہ پہلے باہر سے اُس کا جائزہ ...نے شرلے کو تسلی دی اور ہم آگے بڑھ گئے۔

...کھڑکی کی اور ... نے بھی ایسا ہی ...ں تھے، ہر لمحہ ہمارے پیچھے آ رہا تھا۔

...ں عمارت تھی۔ ایسی عمارتیں اب اکا دکا ہی نظر آتی ہیں ...سانوں کی طرز معاشرت بھی بہت بدل گئی ہے۔ آج ...فائدہ ہیں لیکن اُن کی بجائے بہبود حاصل کرنے کے لیے ...کار نہیں ہوتی۔ جدید طور طریقوں نے کام کا زیادہ ...ہے مگر یورپ کے سوا یہ کئی دوسرے ممالک سے ترقی ...ہے مگر پسماندہ اور ترقی پزیر ممالک کے مقابلے ...بہت ترقی کر لی ہے۔

...عمارت کے علاوہ کئی فرلانگ کے فاصلے پر ...ہی تھی جس کی کئی کھڑکیاں روشن تھیں۔ ...ان دو ...اس دور دور تک کوئی اور عمارت نہیں تھی۔ ہر طرف ...تاریکی کی دبیز چادر پڑی ہوئی تھی۔ آسمان پر ...ری مزید گہرا ہو گئی تھی۔

...عمارت کا بھی صرف سایہ ہی نظر آ رہا تھا۔ اُس کے ...زہ میں نے اُس کے سائے کو دیکھ کر ہی لگایا تھا۔ ...دیکھنا چاہا جو روشن بتائی گئی تھی لیکن اُس وقت ...میں روشنی نظر نہیں آ رہی تھی۔

...تاریک پڑی ہوئی ہیں!" میں بڑبڑایا۔

...کہ پہلا فائر ہونے تک کھڑکی روشن رہی تھی لیکن ...ملے روشنی گل کر دی تھی۔" شرلے نے سرگوشی کی۔ وہ ...لا تھا۔

...ں بات کرنا ٹھیک ہی تھا کیونکہ سناٹے میں ہماری ...جا سکتی تھی۔ عمارت میں موجود دشمنوں کو ہوشیار ...فید ثابت نہیں ہو سکتا تھا۔ میں شرلے کی اس ...ی۔ وہ ذہین آدمی تھا اور حالات کی نزاکت کو سمجھتے

...مزید قریب گئے، پھر ہم نے اُس کے گرد ایک چکر ...خل ہونے کا ایک ہی دروازہ تھا۔ کھڑکیاں کسی تھیں ...مضبوطی سے بند کر دی گئی تھیں۔ عمارت کی گنگنی کا ...خانگی دروازے کے علاوہ داخل ہونے کا کوئی اور ...تھا۔ مجھے عمارت کے ویران ہونے کی وجہ سے یہ ...بات بڑی عجیب سی لگی۔ عام طور سے ایسی عمارتوں کے تہہ خانے سلامت ...نہیں۔ بعض ... کھنڈر بن گئے ادھ گرے نظر آتے ہیں۔

...ہم گھر کے دروازے پر آ کر رک گئے۔ مسئلہ یہ تھا کہ اب کیا کیا جائے!

"میں عمارت میں داخل ہوتی ہوں۔" میں نے فیصلہ کن لہجے میں کہا۔

"نہیں ہانو! یہ کام میں کروں گا۔" رضوان بولا۔ اُس کے لہجے میں عزم تھا۔

"میرا خیال ہے کہ نتیجہ کا انتظار کر لیا جائے۔" شرلے نے تجویز پیش کی۔

دن کی روشنی رات کی تاریکی کے مقابلے میں یقیناً مددگار ثابت ہوتی مگر سورج نکلنے میں بھی کم سے کم چھ گھنٹے باقی تھے۔ اتنا وقت انتظار کرنا میرے لیے ممکن نہیں تھا۔

مختصر سی بحث کے بعد یہ طے پایا کہ میں اور رضوان اندر جائیں گے۔ اگر ہم آدھے گھنٹے تک باہر نہ آئیں تو شرلے کو اختیار ہے کہ وہ اپنے طور پر جو چاہے کرے۔ شرلے اس پر تیار نہیں تھا مگر ہمارے سامنے اُس کی ایک نہ چلی۔ اُسے ہماری بات ماننا ہی پڑی۔

عمارت کا دروازہ قدرے بلندی پر تھا۔ اُس کے آگے لکڑی کا ایک چبوترا سا بنا کر لکڑی ہی کی ریلنگ لگائی گئی تھی۔ ریلنگ ہی کی دونوں اطراف پانچ پانچ سیڑھیوں کے زینے بنے ہوئے تھے اور یہ زینے بھی لکڑی ہی کے تھے۔

میں نے اور رضوان نے اپنے اپنے ریوالور نکال لیے تھے۔ میرے دائیں ہاتھ میں ریوالور تھا اور بائیں میں ٹارچ۔ رضوان نے بھی میری تقلید میں اپنی ٹارچ نکال لی تھی۔ ہم پوری تیاریاں کر کے ہی ہوٹل سے چلے تھے تاکہ ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کر سکیں۔ میں اور رضوان ایک ساتھ ہی لکڑی کے چبوترے پر چڑھے۔

"شرلے کے ساتھی سینے پر گولی کھا کر مرے تھے۔" میں نے سرگوشی کی۔ مخاطب رضوان ہی تھا۔ "پہلے میں اندر جاتی ہوں، پھر تم آنا مگر یاد رہے کہ گولی ہمیشہ سینے پر مارنے کی کوشش کی جاتی ہے۔"

چبوترے پر دروازے کی ایک جانب میں کھڑی تھی اور دوسری جانب رضوان تھا۔ ہمیں تاریکی کے سبب ایک دوسرے کے دھندلے سائے ہی نظر آ رہے تھے کیونکہ ہم نے اپنی ٹارچیں روشن نہیں کی تھیں۔

میں ابھی دروازہ کھول کر اندر جانے کا قصد کر ہی رہی تھی کہ رضوان کے سائے کو میں نے تیزی سے حرکت کرتے دیکھا۔ اس سے پہلے کہ میں کچھ کہتی، رضوان کے سائے نے چبوترے پر گر کر تڑپنا بند کر دیا۔

سی لہرائی، پھر دروازے سے ٹکرایا۔ دروازہ اُس کی ٹکر سے کھل گیا اور وہ لڑھکتا ہوا دروازے سے اندر چلا گیا۔

اُسی وقت پہلے ایک گولی چلنے کی آواز سُنائی دی، پھر فوراً دوسری گولی چلی مگر دوسری گولی شاید رضوان نے چلائی تھی کیونکہ دوسرا دھماکا دروازے کے قریب سے سُنائی دیا تھا۔

ایک بار پھر سناٹا چھا گیا لیکن یہ سکوت مجھے اپنے اعصاب پر بوجھ محسوس ہوا۔ میں رضوان کی طرف سے فکرمند تھی۔ میں سانس روکے رضوان کی آواز سننے کا انتظار کر رہی تھی۔ چند لمحے بعد ہی اُس نے مجھے پکارا تو میں نے اطمینان کا سانس لیا۔ وہ مجھے اندر بلا رہا تھا۔

میرے حرکت کرنے سے پہلے ہی دروازہ کھلا اور اُس میں رضوان کا سایہ نظر آیا۔ اسی وقت میں نے محسوس کیا کہ لکڑی کے چبوترے پر کوئی چڑھ آیا ہے۔ میں نے پلٹ کر دیکھا تو وہ شرلے تھا۔

"سب ٹھیک ہے شرلے!" میں نے سرگوشی کی۔ "تم اطمینان سے باہر رہ کر ہمارا انتظار کرو! میں واپسی میں پندرہ بیس منٹ سے زیادہ نہیں لگیں گے۔"

"ٹھیک ہے، میں انتظار کر رہا ہوں۔" شرلے نے جواب دیا اور مڑ گیا۔

میں رضوان کے ہمراہ عمارت میں داخل ہوئی۔ دروازے میں اسپرنگ لگے ہوئے تھے اِس لیے ہمارے اندر جاتے ہی دروازہ خود بخود بند ہو گیا۔

"یہ تمہاری کیا حرکت تھی؟" میں نے دھیمے لہجے میں رضوان کو ڈانٹا۔ "تم مجھے باہر چھوڑ کر اور مجھ سے پہلے ہی....."

میرا جملہ پورا ہونے سے پہلے ہی وہ بولا۔ "معافی چاہتا ہوں حضور! مگر حضور نے یہ کیسے سمجھ لیا کہ میں پہلے آپ کو اندر جانے دیتا؟"

"حیرت ہے کہ تمہاری پہلی ہی گولی نشانے پر بیٹھی اور دشمن مجھ سے پہلے چیخ بھی نہ سکا۔" میں نے اُس کی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے کہا۔

"میری چلائی ہوئی گولی سے کوئی مرتا تو چیخا بھی!" رضوان کے لہجے میں کھنک تھی۔ اُس نے اپنا جملہ پورا کرتے ہی ٹارچ روشن کی اور ساری بات میری سمجھ میں آ گئی۔

ٹارچ کی روشنی دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر نصب ایک ریوالور پر پڑی تھی۔ اُس ریوالور کی لبلبی سے نائیلون کی ایک پتلی سی رسّی دروازے تک گئی تھی۔ رسّی کا دوسرا سرا دروازے کے قریب ایک کیل سے لٹک رہا تھا۔ غالباً یہ سرا دروازے کے پٹ سے منسلک تھا جسے رضوان نے الگ کر دیا تھا۔

یہ ایک پرانی ترکیب تھی جس کا استعمال پرانی مگر کارآمد ترکیب جس نے شرلے کی نیند سُلا دیا تھا۔

میں نے ٹارچ کی روشنی میں ارد گرد دیکھا تھا جس میں ہر طرف گرد اُڑتی ہوئی تھی۔ کہ پہلے فائر نے فرنیچر کے سوا وہاں اور کچھ نہیں تھا۔ اُس دروازہ اندرونی سمت نظر آیا۔ میں اور رضوان بڑھے۔ ایک مرتبہ پھر رضوان نے قلابازی کھا کر دھماکا سنائی نہیں دیا تھا۔ رضوان دروازہ کھولا جب اُس نے مجھے پکارا تو میں بے خوف و خطر دوسرے کمرے میں ہمیں شرلے کے تیسرے وہ اندھے منہ فرش پر پڑا ہوا تھا اور ایک جسم میں دستے تک اترا ہوا تھا مگر نہیں! اُس تھی کہ اُس میں دستہ نہیں تھا۔ مجھے یہ کہنا چاہیے تک جسم میں گھسا ہوا تھا۔

میں ابھی رضوان سے کچھ کہنے ہی والی تھی مجھے اچانک عمارت کے اندرونی حصے سے کسی آواز آتی ہوئی سُنائی دی تھی۔ میں نے رضوان

"کوئی اِسی طرف آ رہا ہے۔" رضوان

میں نے ٹارچ کی روشنی میں تیزی بھی بالکل خالی اور گرد سے اَٹا ہوا تھا۔ مجھ ذہن پر تسلط جماتی محسوس ہو رہی تھی۔ کہ ہوا تھا اور قدموں کی آہٹ آہستہ سے آ کوئی بھاری بھاری قدموں سے چلتا ہوا آ رہا تھا جیسے آنے والا بے روک ٹوک کہ

رضوان نے مجھے اشارہ کیا۔ میں اِس طرح سمجھتی تھی۔ ہم دونوں ہی نے تیزی کی اور ہم دونوں کھلے دروازے کی دونوں جا کھڑے ہو گئے۔

ہم دونوں کے حرکت کرنے سے کوئی کیونکہ ہم نے اِس کا خاص طور پر خیال رکھا تھا جانب سے چوکنا ہو سکتا تھا۔ یوں بھی عمارت تھا اِس لیے ہمارا محتاط ہونا ضروری تھا۔ میں بآسانی سُنی جا سکتی تھی۔

نیلی آنکھوں میں پڑے ہوئے سُرخ سُرخ ڈورے آغازِ خود فراموشی کی دلیل بن کر اُبھرے اور اُن کے رنگ مجھ سے باتیں کرنے لگے۔ دَرِ دِل پر کسی خوشبو نے دستک دی اور میرا وجود چیخ اُٹھا۔ سارے دروازے کھول دو! ایسے مہمان روز روز کب آتے ہیں! کوئی میرے اندر زینہ زینہ اُترنے لگا۔ گنگناتے ہوئے آبشاروں کی طرح میں نے اُس کے تلووں کی صدا سُنی اور اُس صدا کے سحر میں کھو گئی۔ بند قبا کے عقدے کُشائی چاہتے تھے، سو عقدہ کُشائی کی گئی مگر عقدہ کُشائی کرنے والا کون تھا، نہ مجھے خبر تھی نہ اُسے! خبر و ہوش کی منزلیں تو بہت پیچھے رہ گئی تھیں۔ ہاں، اِن بے خبری کے لمحوں میں بھی مجھے اتنی خبر تھی کہ پھول مقدر کچھ اور بھی ہے۔

"ڈیزی! تم نے محبوب کے پتے سے تو واقف ہونا۔" مجھے نہیں معلوم میں نے یہ چند الفاظ کس طرح ادا کیے!

"ہاں میں اُس کا پتہ جانتی ہوں۔" اُس نے بے ترتیب سانسوں کے درمیان کہا۔ اُس کی آواز جیسے کہیں دور سے آ رہی تھی۔ "میں... میں آپ کو... اُس کے مکان آپ..."

شاید اُس کے بعد بھی ڈیزی نے کچھ کہا تھا لیکن مجھے جو سُننے کی آرزو تھی وہ پوری ہو چکی تھی۔ میں اُس کے ہونٹوں سے لگی ہوئی لو، جو لذت بھٹکنے میں ہے وہ منزل پر پہنچ جانے میں کہاں! شاید اِس مرحلے سے آشنا تھی۔ وہ بھی میرے ساتھ بھٹکنے لگی۔ دو آبلہ پایانِ محبت صحرائے تشنگی میں آگے بڑھتے رہے۔ تھکاوٹ کا گلہ اور کبھی جس پر رشک کریں، کہیں جذبات کی موت احساس کی چھاؤں! کہیں ابر تنا تھا تو کہیں کشتِ رشکِ غزالِ مغیلاں تو کہیں قدم قدم گُل و لالہ! کہیں سرما کہیں گلاب ہی گلاب! وہاں بھٹکنے میں بڑی لذت ملی صحرا کے ذرّے ذرّے کو ٹھنڈی ٹھنڈی چاندنی نے اپنی لے لیا۔ صحرا میں کھلتے ہوئے گلابوں پر شبنم کی پھوار پڑی شبنم میں نہا گئے اور اُن کے چہرے دمکنے لگے۔ اُن کی تیز تھی کہ میری آنکھیں خیرہ ہوئیں اور میں نے آنکھیں اُن گلابوں کی خوشبو میرے انفاس میں اُتری تو میں کی سرحدوں کو چھو لیا۔

رنگ چھٹے، خوابوں کی دُھند کم ہوئی تو مجھے اُس کا چہرہ نظر آیا۔ اُس کے ہونٹوں پر بڑی آسودہ مسکراہٹ ہم دونوں نے اپنے اپنے بکھرے ہوئے وجود سمیٹے۔

میں نے گھڑی میں وقت دیکھا تو شیرلے کو گئے ہوئے ایک گھنٹہ گزر چکا تھا اور اُس کی واپسی میں ابھی ایک گھنٹہ اِس ایک گھنٹے سے میں پورا فائدہ اٹھانا چاہتا تھا۔ اُس کے نازک جسم کو ابھی موت سے ہمکنار نہیں ہونا چاہیے تھا۔ اُس کی واپسی کا مطلب ڈیزی کی موت ہوتا تو بہرحال میں نہیں ہوں گا۔

"ڈیزی! چلیں!" معاً میں نے ڈیزی کا ہاتھ تھامتے ہوئے اور وہ اُٹھ کھڑی ہوئی۔

فلیٹ کی چابی ڈھونڈنے میں زیادہ وقت پیش نہیں آیا۔ کمرۂ نشست کے ایک کارنس پر رکھی مل گئی تھی۔ میں ڈیزی کو فلیٹ سے نکلی، فلیٹ کا تالا لگایا اور چابی جیب میں ڈال کر لان

کے نیچے شعلے کی کاپی جو نہیں تھی۔

اِدھر نگاہ دوڑائی۔ کچھ دیر بعد ہی مجھے ٹیکسی آتی دکھائی دی۔ مجھ سے پہلے ڈیزی نے ہاتھ لہرایا۔ ٹیکسی ہمارے قریب آ کر رُکی۔ ملتے ہوئے ڈرائیور کو کسی جگہ کا پتہ بتایا۔

زیادہ کا ثابت نہیں ہوا تھا۔ ٹیکسی ایک جگہ رُکی تھی جس کی پیشانی پر کسی دواساز کمپنی کا اشتہار لگا ہوا تھا۔ ٹیکسی سے اُتری اور منزل عمارت کی طرف بڑھی۔

"یہ فوکنر ہے؟" میں نے آگے بڑھتے ہوئے

جواب دیا۔ "یہ فرم فوکنر کے ایک مقامی دوست کی فوکنر یہیں ہوگا۔ بلکہ اوپر میں اِس کے علاوہ یہیں۔"

یہ ہے کہ فوکنر واقعی اُس رات تمہیں فارم کی چھوڑ کر چلا گیا تھا؟" میں نے کہا۔

سوال میں مجھے اُس نے کچھ نہیں بتایا تھا۔" ڈیزی بولی ہمراہ پہلی منزل پر پہنچی۔ اُس منزل پر بھی دفاتر کی مختلف کمروں کے سامنے سے گزرتی ہوئی ایسے پر رُک گئی۔ دروازے پر ایک باوردی ملازم موجود تھا۔ وہ استقبالیہ انداز میں مسکرایا اور پھر پر اُس نے دروازہ کھول دیا۔ اُس کا مطلب ملازم کے لیے اجنبی نہیں تھی۔

کے ہمراہ جیسے ہی کمرے میں قدم رکھا، ایک ازسنائی دی۔ "آیئے صبیحہ بانو! میں آپ ہی کا

ازکی سمت دیکھا۔ اُس بڑے سے کمرے کے آخری کے پیچھے ایک تنومند شخص گھومنے والی سی پر بیٹھا تھا۔ اُس سے پہلے کہ میں کچھ کہتی وہ بھرّیدار لہجے میں بولا۔ "مجھے یقین ہے کہ میری کے ذریعے مجھ تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائیں گی۔" ذرا توقف کیا، پھر کہا۔ "یہ گولڈ سلاور ہیں سی کے آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔"

"آپ کی تشریف آوری کا مقصد؟" میں نے پوچھتے ہوئے

لہجے میں کہا۔ "اِس پردے کے پیچھے کون چھپا ہوا ہے؟"

"کیا آپ کو سی کے کاؤنٹنگ کارڈ نہیں ملا؟"

"کارڈ مل گیا ہے مگر میں اُس کا پتہ جاننا چاہتی ہوں۔" میں نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا۔

"ہر چند کہ آپ جیسی ذہین خاتون کے لیے وہ کارڈ ہی کافی تھا لیکن میں آپ کو سی کے کا پتہ بھی بتا دوں گا۔ آیئے، تشریف لایئے!" اُس نے میز کی دوسری جانب رکھی ہوئی کرسیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

میں آگے بڑھی مگر ڈیزی اُسی جگہ حیران پریشان سی کھڑی رہی۔ وہ شاید معاملے کی تہ تک نہیں پہنچی تھی۔ اِس سے پہلے کہ میں میز کے سامنے رکھی ہوئی کرسیوں تک پہنچتی کہ معاً ایک نسوانی چیخ بلند ہوئی۔ پھر میں نے فوکنر کو سینہ پکڑ کر کرسی سے لڑھکتے دیکھا۔ میں بجلی سے پلٹی۔ دروازے کے قریب ہی شیرلے ریوالور لیے کھڑا ہوا تھا اور اُس سے چند فٹ کے فاصلے پر ڈیزی کا جسم تڑپ رہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ شیرلے کے ریوالور پر سائیلنسر لگا ہوا تھا۔ شیرلے نہ جانے کب دروازہ کھول کر آہستگی سے کمرے میں داخل ہو گیا تھا اور دروازے کے باہر کھڑے ہوئے باوردی ملازم نے اُسے نہ جانے کیوں نہیں روکا تھا!

حیرت کے چند لمحے گزرنے کے بعد میں کچھ کہنا ہی چاہتی تھی کہ شیرلے بول اُٹھا۔ "مجھے افسوس ہے کہ آپ نے اپنا وعدہ وفا نہیں کیا لیکن مجھے اِس کی توقع تھی اِسی لیے میں سائے کی طرح آپ کے پیچھے لگا رہا۔"

"شیرلے!" میں تقریباً چیخ پڑی۔ "تم نے سارا لگا ڈالا۔"

"مجھ سے درخواست کرو گی کہ آپ یہاں سے فوراً میرے ساتھ چلیں۔ یہاں کسی بھی لمحے کوئی آ سکتا ہے اور آپ کی حفاظت بہرحال میرا فرض ہے۔"

مجھے بھی صورتِ حال کی نزاکت کا فوراً احساس ہو گیا تھا۔ اب وہاں رُکنا بے معنی ہی تھا اور شیرلے سے مزید بحث بھی فضول تھی۔ جو کچھ کرنا تھا، کر گزرا تھا۔ اُس نے اپنے ساتھیوں کا انتظام نے لیا تھا۔ مجھے اگر اُس کے تعاقب کا ذرا بھی احساس ہو جاتا تو شاید یہ صورت پیش نہ آتی۔

ڈیزی کا جسم اب تڑپ تڑپ کر ساکت ہو چکا تھا اور جسم کے اردگرد خون پھیلا ہوا تھا جو دیوار قالین میں جذب ہوتا جا رہا تھا۔ فوکنر کرسی سے لڑھک کر غالباً بڑی سی میز کے نیچے دم توڑ چکا تھا۔

"چلو!" میں نے شیرلے کی طرف دیکھ کر سپاٹ سے لہجے میں کہا

اور قدم آگے بڑھائے۔

شاید شیرلے نے کمرے میں داخل ہوتے ہی دروازہ بند کر دیا تھا۔ اُس نے ریوالور جیب میں رکھا اور مڑ کر آہستگی سے تھوڑا سا دروازہ کھولا، پھر باہر جھانکتے ہوئے سرگوشی کی۔ "چلو آئیے، راستہ صاف ہے۔"

"کیا تم نے ملازم کو بھی ٹھکانے لگا دیا؟" میں نے آگے بڑھتے ہوئے مدھم لہجے میں کہا۔

"اس کی ضرورت نہیں تھی۔ اُسے یہاں سے ہٹا دینا ہی کافی تھا۔" اُس نے جواب دیا اور کمرے سے نکل گیا۔

"میں نے بھی اُس کی تقلید میں دروازہ عبور کیا اور راہداری میں پہنچ گئی۔ شیرلے مجھ سے چند قدم آگے تیز تیز چلتا ہوا زینے کی طرف بڑھ رہا تھا۔

عمارت کے نیچے شیرلے کی کار موجود تھی۔ وہ کار میں بیٹھا اور دوسری سمت کا دروازہ میرے لیے کھول دیا۔ میں کار کے سامنے سے گزر کر دوسری سمت پہنچی اور تیزی سے کار میں بیٹھ گئی۔ میرے بیٹھتے ہی کار ایک جھٹکے سے آگے بڑھی۔

شیرلے مجھے لے کر پھر اسی فلیٹ میں پہنچ گیا جہاں سے میں ڈیزی کے ساتھ روانہ ہوئی تھی۔ میں نے فلیٹ کی چابی اُس کے حوالے کر دی تھی۔

نوکرانی کی موت نے مجھے الجھن میں ڈال دیا تھا۔ اب اس کے سوا میرے پاس کوئی چارہ نہیں تھا کہ میں لندن روانہ ہو جاتی، جو ہونا تھا ہو چکا تھا۔ اس سلسلے میں شیرلے سے مزید بحث و تکرار فضول ہی ثابت ہوتی۔ یہی سوچ کر میں نے اس مسئلے پر خاموشی اختیار کر لی۔

شیرلے اور میں کمرۂ نشست میں ایک دوسرے کے مقابل خاموش بیٹھے ہوئے تھے۔ معاً میں نے شیرلے کو مخاطب کیا۔ "شیرلے! تم یہاں سے میری لندن روانگی کا بندوبست کتنی دیر میں کر سکتے ہو؟"

"اس کا انحصار لندن جانے والی فلائٹ پر ہے۔ اس سلسلے میں معلومات حاصل کرنا ہوں گی۔" شیرلے نے جواب دیا۔

"میری مراد مزدری خانہ پری سے تھی۔" میں نے کہا۔

"اس میں زیادہ دیر نہیں لگے گی۔ ممکن ہے کہ میں آج ہی یہ کام کرا دوں۔"

"تو پھر اٹھو!" میں نے اُٹھتے ہوئے کہا۔ "مجھے ہوٹل چھوڑ دو اور رضوان کو بھی اسپتال سے ڈسچارج کرا کے ہوٹل پہنچا دو۔ اگر کسی صورت ہم آج ہی لندن کے لیے روانہ ہو جائیں تو بہت بہتر ہے۔ میں ہوٹل پہنچ کر تمھیں رضوان کا ادرا پتا تم ہمارے لیے لندن کا ویزا حاصل کر

میں نے شیرلے کے ہمراہ ہوٹل کیے۔ شیرلے پاسپورٹ لے کر چلا گیا تو کر دیا تاکہ کسی بھی وقت روانگی ممکن ہو رضوان کی آمد سے قبل ادا کر دیے تھے

رضوان کو ہوٹل پہنچنے میں ایک گھنٹہ شیرلے اُسے ہوٹل کے دروازے پر رضوان کے کچھ پوچھنے سے پہلے ہی اُسے تم باتیں اُس نے بہت غور و توجہ سے سنیں "بانو! ہی ٹے سے کمپیوٹر کنگ بھی تو بنتا لندن میں کمپیوٹر کنگ کہلاتا ہوا اور اُس پہنچ کر میرے خیال میں کسی ایسے شخص کی تلا نہیں ہوگی۔"

رضوان کی قیاس آرائی نے فکر کی نئی را واقعی ممکن تھا۔ اس سلسلے میں ان معاون ثابت ہو سکتی تھی۔ ڈائریکٹری میں کس کرنا زیادہ دشوار نہ ہوگا جو کمپیوٹر بناتی ہوا فرمز والا درجنوں کے چکر ہی ہو سکتے تھے۔ میں نے خیال سے اتفاق کیا۔

میں اور رضوان اُس وقت تک اس جب تک کہ شیرلے نہ لوٹ آیا۔ مجھے یہ دیکھ کر کامیاب لوٹا تھا۔ اُس نے نہ صرف ضروری خانہ

اُسی شام لندن جانے والی فلائٹ کے ٹکٹ اُس وقت شام کے ساڑھے چار بجے تھے فلائٹ روانہ ہوتی تھی اس لیے ہم فوراً ہی ہوٹل کے لیے روانہ ہو گئے۔

رخصت ہوتے وقت شیرلے نے ایک بار اور میں نے فراخدلی سے مسکراتے ہوئے اُس کی معذ اُس نے بہرحال اپنی دانست میں مجھ سے بہرحال جہاز نے پرواز کی تو میری آنکھوں میں لگا۔ یوگوسلاویہ کی ایک یاد بہرحال میں اپنے ساتھ لندن ایئرپورٹ پر میں رضوانی کے ہمراہ کسٹ ایئرپورٹ کی عمارت سے نکلی تو ہلکی ہلکی بارش ہو رہی

ن کا موسم! میں نے ایک ٹیکسی کی اور کے لیے کہا۔ وہ ایک متوسط درجے میں نے یہ سوچ کر کیا تھا کہ میرے پاس یہ ہوٹل آکسفورڈ اسٹریٹ ہائڈ پارک ہے۔ اس کے برابر ہی ماربل آرچ اوڈین

ام کرنے میں مجھے زیادہ دشواری پیش نہیں یک ڈبل سوٹ مل گیا تھا۔

ان رکھنے کے بعد میں نے پہلا کام یہی کیا کہ وہاں ی ٹیلیفون ڈائریکٹری اُٹھائی اور تیزی سے دان میرے پیچھے ہی کھڑا تھا اور اُس کی نگاہ ی تھی۔

ے دیکھ کر اچھل پڑی۔ مجھے اس قدر جلد کامیابی جلدی سے پتہ پڑھا، ۳۴، ۳۶ ریجنٹ میں نے نیچے نظر ڈالی۔ مینجنگ ڈائریکٹر اور ایک نام لکھا تھا، چارلس کیلی! میں ایک بار کا پہلا انگریزی حرف "سی" تھا اور کیلی کا کا مسئلہ حل کر لیا تھا۔ یقیناً یہ چارلس کیلی ہی ے مُڑ کر رضوان کی طرف دیکھا۔ اُس کے رائی کا اظہار ہو رہا تھا۔

کا پتہ معلوم ہوتا ہے۔" رضوان نے کہا اور میں

ر پر نقش ہو چکا تھا اس لیے میں نے ڈائریکٹری ڈوان سے بولی۔ "اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ی سے مل سکتے ہیں۔"

یں بات سُن کر اثبات میں سر ہلایا۔

رفیت جاؤ اور جی بھر کر آرام کر لو۔ کیا خبر کل دوڑنا پڑے۔"

یہ خیال سے اتفاق کیا۔ اُس کے بعد میں باری باری غسل کیا، کھانا منگوا کر کھایا اور اپنے آ ہو گئے۔

رات کا کون سا پہر تھا کہ میری آنکھ کھل گئی۔ ی زور زور سے دستک دے رہا تھا۔ میں نے جانے سے پہلے اپنا ریوالور ہاتھ میں لے لیا تھا۔ دروازے پر دستک دینے والا دشمن بھی ہو سکتا تھا۔ میں پنجوں کے بل چلتی ہوئی دروازے تک پہنچی اور دروازہ کھولتے ہی ایک دم دروازے کی آڑ میں ہو گئی۔ اُسی وقت کوئی دھم سے اندر گرا۔ میں آڑ سے نکل کر تیزی سے اُس کے قریب پہنچی۔ نیلے بلب کی ہلکی روشنی میں بھی میں نے اُس خون آلود چہرے کو پہچان لیا۔ میں تقریباً چیخ پڑی۔ "لیلیٰ کمال!"

لیلیٰ کمال کو اُس حالت میں دیکھ کر میں وقتی طور پر گھبرا سی گئی لیکن جب میں نے اُس کے زخموں کا جائزہ لیا تو میری گھبراہٹ دُور ہو گئی۔ اُس کی زندگی کو کوئی خطرہ لاحق نہیں تھا۔ وہ محض خون بہہ جانے اور اُسی حالت میں میرے کمرے تک پہنچنے کے سبب نڈھال ہو کر غش کھا گئی تھی۔ اُس کا سانس پھولا ہوا تھا جس سے اندازہ ہو رہا تھا کہ وہ غالباً دوڑتی ہوئی وہاں تک پہنچی تھی۔ گزرتے لمحوں کے ساتھ ساتھ اُس کا سانس درست ہوتا جا رہا تھا۔

میں نے جھک کر اُسے بازوؤں سے اُٹھایا اور اُس کے جسم کو سنبھال کر اندر لے جانے لگی مگر اس سے پہلے میں کمرے کا دروازہ بند کرنا نہیں بھولی تھی۔ ابھی میں نے چند قدم کا فاصلہ ہی طے کیا تھا کہ رضوان سلیپنگ گاؤن کی بیلٹ باندھتا ہوا تیزی کے ساتھ اپنے کمرے سے نکلا اور میری طرف بڑھا۔ اُس کے چہرے پر انتہائی حیرت کے تاثرات تھے جیسے وہ کوئی خواب دیکھ رہا ہو۔

"بانو!... یہ... یہ لڑکی... زخمی لڑکی کون...؟"

"کوئی سوال بعد میں کرنا۔" میں نے رضوان کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "پہلے اسے سیدھے بستر تک پہنچانے میں مدد کرو!"

رضوان نے میرے کہنے پر لیلیٰ کو ایک طرف سے سنبھال لیا۔ میں نے احتیاطاً اس بات کا خیال رکھا تھا کہ میرے کپڑوں پر لیلیٰ کا خون نہ لگے۔ جب میں نے رضوان کو بھی یہی احتیاط برتتے دیکھا تو مجھے خوشی ہوئی۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ وہ پوری طرح چوکنا تھا۔

میں رضوان کی مدد سے لیلیٰ کو اپنی خوابگاہ میں لے آئی اور بستر پر لٹا دیا۔ پھر رضوان سے مخاطب ہوئی۔ "دیکھو غسلخانے میں جا کر گرم پانی لے آؤ اور ہاں وہیں دواؤں کا چھوٹا سا کیبنٹ بھی ہے، اسے دیکھا تھا؟ اُس کیبنٹ میں یقیناً کوئی جراثیم کُش دوا ہو گی، وہ بھی لیتے آنا۔"

رضوان بغیر کچھ کہے غسلخانے کی طرف بڑھ گیا اور میں لیلیٰ کمال کی طرف متوجہ ہو گئی۔ مجھے اُس کی لندن میں موجودگی حیرت انگیز معلوم ہوئی۔ ابھی ایک روز قبل ہی تو میں اُس سے پیکنگ میں ملی تھی۔ میں نے اُسے اُن کاغذات کی نقل دی تھی جو سی آئی اے نے مجھ سے زبردستی

حاصل کر کے ضائع کرا دیے تھے۔ تنظیم آزادیٔ فلسطین کے افراد کا وہاں لندن میں موجود ہونا میرے لیے باعثِ حیرت نہیں تھا لیکن لیلیٰ کمال کا پیکنگ سے وہاں اتنی جلدی پہنچ جانا ضرور تعجب خیز تھا۔ میں رضوان کی واپسی تک انہی خیالوں میں گھری رہی۔

جس حد تک ممکن تھا میں نے لیلیٰ کمال کے زخموں کی ڈریسنگ کر دی، پھر مجھے اُس کے خون آلود کپڑوں کا خیال آیا۔

"رضوان! تم اپنے کمرے میں جاؤ کیونکہ میں اس کے کپڑے بدلنا چاہتی ہوں۔" یہ کہتے ہوئے میں اُس طرف بڑھی جدھر کپڑوں کی الماری تھی مگر رضوان وہیں کھڑا رہا۔ میں نے اُس کی طرف پلٹ کر دیکھا تو اُس کی آنکھوں میں سوالات مچلتے دیکھے۔

"مجھے فی الحال صرف اتنا بتا دیجیے کہ کیا آپ اس لڑکی کو پہلے سے جانتی ہیں؟" رضوان میری سوالیہ نگاہ کے جواب میں جلدی سے بولا۔

"ہاں! میں نے تیزی سے کہا۔ "لیکن باقی باتیں میں بعد میں بتاؤں گی۔ اب تم یہاں سے چلے ہی جاؤ تو بہتر ہے۔"

"کیا میں یہیں پیٹھ موڑ کر نہیں کھڑا ہو سکتا؟" رضوان کے لہجے میں شرارت عود کر آئی۔

"نہیں!" میں نے سخت لہجے میں کہا۔ "اگر تم نے مزید ضد کی تو یقین کرو کہ میں تمہیں اس لڑکی کے بارے میں کچھ نہیں بتاؤں گی سمجھے!"

"دراصل آپ کو کسی خوبصورت لڑکی کے ساتھ تنہا چھوڑتے ہوئے ڈر ادر ہی لگتا ہے مگر خیر میں کچھ دیر بعد آنے کے لیے چلا جاتا ہوں۔" رضوان نے کہا، پھر اس سے پہلے کہ میں مزید کچھ کہتی، وہ کمرے سے نکل گیا۔ وہ غالباً سمجھ چکا تھا کہ اگر اُس نے مزید شرارت کی تو واقعی میں اُسے لیلیٰ کے بارے میں کچھ نہ بتا کر ضرور تنگ کروں گی جو ظاہر ہے کہ وہ نہیں چاہتا ہوگا۔

رضوان کے جاتے ہی میں نے کپڑوں کی الماری کھول کر اپنا ایک گاؤن نکالا اور بستر کی طرف بڑھی۔ لیلیٰ کمال اب تک بیہوش تھی۔ میں نے اُس کا خون آلود لباس اُتار کر اُس کے جسم کو گاؤن میں لپیٹ دیا، پھر اُس کے لباس کو غسلخانے میں لے جا کر میلے کپڑوں کے کیبنٹ میں ڈال دیا۔

میں ابھی غسلخانے سے نکلی ہی تھی کہ مجھے چونک پڑنی پڑی۔ مجھے بیرونی دروازے پر دستک سنائی دی تھی۔ لیلیٰ کمال کی وہاں موجودگی میں مجھے بے حد محتاط رہنا تھا۔ ممکن تھا کہ مجھ سے پہلے رضوان اپنے کمرے سے نکل کر بیرونی دروازہ کھول دیتا اس لیے میں اولاً فوراً پہنچنا ضروری تھا۔ میں نے لیلیٰ کمال کی طرف دیکھا۔ وہ میرے بستر پر پڑی ہوئی لمبے لمبے سانس لے رہی تھی۔ میرے اندازے کے مطابق اُسے ہوش آنے ہی والا تھا۔

اُس ڈبل سوٹ میں وہ خوابگاہ میں تھیں اور ایک ڈرائنگ روم! داخلے کا راستہ ڈرائنگ روم ہی سے تھا اس لیے میں تیزی کے ساتھ

ڈرائنگ روم میں پہنچی۔ توقع کے مطابق وہاں کوئی نہیں تھا لیکن اُس نے دروازہ کھولنے سے پہلے ہی کچھ کہہ پاتا، میں نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر اُسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا، پھر پنجوں کے بل چلتی ہوئی دروازے تک پہنچ گئی۔

"دروازہ کھٹکھٹانے والا کوئی دشمن ہو سکتا ہے۔" میں نے سرگوشی کی۔ "تم اپنے کمرے میں جاؤ اور دروازہ کھولنے کی صورتِ حال سے نمٹنا آسان ہوگا۔"

رضوان موقع کی نزاکت کو محسوس کر کے اندر چلا گیا اور دروازہ بھیڑ لیا۔ اب بیرونی دروازہ مسلسل بجایا جا رہا تھا۔

میں نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے بلند آواز سے پوچھا۔ "کون ہے؟"

دروازہ کھولتے ہوئے بھی میں اس بات سے بے خبر نہیں تھی کہ اس وقت اُٹھائے جانے پر میں جھنجلاہٹ کا شکار ہوں گی۔

"کیا ہے؟" میں نے دروازہ کھولتے ہی راہداری روشن تھی اور میں اُن تین آدمیوں کو اپنے لباس کی وضع قطع سے عام شہری ہی دکھائی دی تھی۔ اُن کے انداز عام شہریوں جیسے نہیں تھے۔ اُن میں سے ایک شخصیت کا مالک تھا۔ وہ مجھے دیکھ کر نمایاں طور پر چونکا تھا کیونکہ میں نے اُسے پہلی بار دیکھا تھا۔ میں اُسے اتنا ضرور پہچانتی تھی کہ وہ مجھے یقیناً پہچانتا تھا۔ مجھے دیکھ کر اُس کا چونکنا اس بات کا ثبوت تھا کہ وہاں خون ہی گرا تھا۔

"ہمیں ایک نظر اپنے سوٹ کا جائزہ لینے دیں۔" وہ بولا۔

میں نے تیزی سے کہا۔ "میں دروازہ اندر سے بند کیے بغیر ہی واپس پلٹ آئی تھی۔ اس لیے آپ کو دروازہ کھولنا تھا یہاں میں آیا۔" میرا لہجہ فیصلہ کن تھا۔ میں نے اپنی بات پوری نہ کرنا چاہا مگر بھاری بھرکم شخصیت والے نے میں اُڑا کر مجھے ایسا کرنے سے روک دیا۔

"میں راہ میں آڑے نہ آئیں ورنہ نقصان اُٹھائیں گی۔" اس نے جیب سے ریوالور نکال لیا۔

"دنیا بھر میں اپنے رکھ رکھاؤ کے لیے مشہور انگلستان کا یہ کون سا طریقہ ہے کہ آپ کے گاؤن کی جیب میں ریوالور ہو گا، وہ بھی بغیر اجازت فرما دیں۔ ہم گھروں کی تلاشی لینے کے بعد آپ کا ریوالور واپس کر دیں گے۔"

رضوان نے میری جانب سوالیہ نگاہ سے دیکھا اور میں نے اثباتی انداز میں سر ہلا دیا۔ رضوان نے اپنے گاؤن کی جیب سے ریوالور نکال کر

ہماری جبر کی شخصیت رکھنے والے نوجوان سے بولا۔ "مجھے آپ کی راہ میں پُرسکون آواز میں بولا۔ "مجھے آپ کی اپنے مجرم کو پہچانتے ہیں۔"

اُس سے کہوں کہ وہ پہچانتا تو مجھے بھی ہے کہا۔ "یہاں کوئی زخمی لڑکی نہیں آئی۔"

آنے دیں گی؟"

ہوں کہ یہاں کوئی زخمی لڑکی نہیں تو پھر تم کیوں نہ میری بات پر یقین نہیں؟" میں نے جھنجلاہٹ

بہت والے نے مجھے تشویش آمیز نگاہ سے دیکھا۔ لمحوں آزمانا تھا کہ وہ کیا کرے! پھر غالباً اُس نے کر لیا۔ وہ مجھ سے بولا۔ "وہ لڑکی خونی ہے اور خون سے بھیگے والے خون ہی نے ہوٹل کے انائی کی ہے۔ اگر آپ غور سے دیکھیں تو اندے پر آپ کو خون کا دھبا نظر آ جائے گا۔" یہ ہوئے، دروازے کے سامنے بچھے ہوئے قالین

کہا۔ سبزی مائل قالین کے اُس حصے پر واقعی لہا سکتا تھا۔ اُس دھبے کی رنگت کسٹمٹی ہوتی جا ثبوت تھا کہ وہاں خون ہی گرا تھا۔

"ہمیں ایک نظر اپنے سوٹ کا جائزہ لینے دیں۔" اا بولا۔

میں نے تیزی سے کہا۔ "میں دروازہ اندر سے بند سارے ورسک پر میں نے خود دروازہ کھولا تھا یہاں میں آیا۔" میرا لہجہ فیصلہ کن تھا۔ میں نے اپنی بات پوری نہ کرنا چاہا مگر بھاری بھرکم شخصیت والے نے میں اُڑا کر مجھے ایسا کرنے سے روک دیا۔

"میں راہ میں آڑے نہ آئیں ورنہ نقصان اُٹھائیں گی۔" اس نے جیب سے ریوالور نکال لیا۔

"دنیا بھر میں اپنے رکھ رکھاؤ کے لیے مشہور انگلستان کا یہ کون سا طریقہ ہے کہ آپ کے گاؤن کی جیب میں ریوالور ہو گا، وہ بھی بغیر اجازت فرما دیں۔ ہم گھروں کی تلاشی لینے کے بعد آپ کا ریوالور واپس کر دیں گے۔"

رضوان نے میری جانب سوالیہ نگاہ سے دیکھا اور میں نے اثباتی انداز میں سر ہلا دیا۔ رضوان نے اپنے گاؤن کی جیب سے ریوالور نکال کر

راستہ دے دیا۔ میرا خیال تھا کہ شاید اندر آ کے ہوئے ان سے کہا۔ "دی۔

"ملی ہو جائے یا چند لمحوں کے لیے ریوالور کی نال میری طرف سے ہٹ جائے۔ اگر کوئی ایسا موقع ملتا تو میں یقیناً ہنگامہ برپا کر دیتی۔ اس کے علاوہ میں رضوان کو بھی نہیں بھولی تھی جو اپنے کمرے میں موجود کسی موقع کی تلاش میں ہوگا مگر وہ لوگ اپنے کام میں بہت ہوشیار تھے کیونکہ انھوں نے مجھے ایسا کوئی موقع نہیں دیا۔ اب اُن سبھی کے ہاتھوں میں ریوالور تھے۔

پہلے ممتاز شخصیت والا اندر داخل ہوا، پھر اُس کے اشارے پر دوسرے اندر آئے۔ اُن سبھی کے ریوالور میری طرف اُٹھے ہوئے تھے۔

"اب دائیں جانب والے کمرے میں موجود اپنے ساتھی سے کہیں کہ وہ باہر آ جائے۔" معاً ممتاز شخصیت والے نے مجھے مخاطب کیا۔ "اس سے کہیں کہ وہ کوئی حماقت نہ کرے ورنہ آپ کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ اُسے بتائیں کہ اگر اُس کے ہاتھ میں ریوالور بھی ہے تو وہ ایک وقت میں صرف ایک آدمی کو گولی کا نشانہ بنا سکتا ہے لیکن بقیہ دو کے ریوالوروں سے نکلی ہوئی گولیاں آپ کو سفرِ آخرت پر روانہ کر سکتی ہیں۔ غالباً اب آپ میرا مطلب اچھی طرح سمجھ گئی ہوں گی۔"

اُس شخص نے جو کچھ کہا تھا، غلط نہیں تھا۔ اس صورتِ حال میں میرے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ میں اُس کے کہنے پر عمل کرتی۔ چند لمحے توقف کے بعد میں نے باآوازِ بلند کہا۔ "رضوان! باہر آ جاؤ!"

یہ تو میں سمجھ ہی چکی تھی کہ وہ شخص مجھے پہچانتا ہے۔ اس صورت میں اُس کا رضوان سے آگاہ ہونا بھی تعجب خیز نہیں تھا اور پھر وہ ڈبل سوٹ تھا۔ وہاں میرے علاوہ کسی اور کو بھی ہونا چاہیے تھا۔ وہ شخص اتنا احمق تو بہرحال نہیں تھا کہ اس سامنے کی بات کو نظر انداز کر جاتا۔

چند لمحے بعد ہی رضوان اپنے کمرے سے باہر آ گیا۔ اُس کے جسم پر حسبِ سابق سلیپنگ گاؤن تھا۔ اُس کے دونوں ہاتھ گاؤن کی جیبوں میں تھے۔

"ہاتھ باہر نکال لیجیے جناب!" ممتاز شخصیت والے نے رضوان کو مخاطب کیا۔ "مجھے علم ہے کہ آپ کے گاؤن کی جیب میں ریوالور ہو گا، وہ بھی بغیر اجازت فرما دیں۔ ہم گھروں کی تلاشی لینے کے بعد آپ کا ریوالور واپس کر دیں گے۔"

ممتاز شخصیت والے کی طرف اچھال دیا جسے اُس نے بائیں ہاتھ سے لپک لیا۔

ہم دُو تھے اور وہ تین مگر کسی بھی لمحے تلاشی کے دوران میں ہم اُن کی کسی غلطی سے فائدہ اُٹھا سکتے تھے۔ یہی سوچ کر میں نے ابھی تک کوئی مزاحمت نہیں کی تھی اور حقیقت تو یہ تھی کہ مجھے ابھی اِس کا موقع بھی نہیں ملا تھا۔

"جاؤ دونوں کمروں کی تلاشی لو!" ممتاز شخصیت والے نے اپنے دونوں ساتھیوں کو حکم دیا اور اُس کے ساتھی حکم سنتے ہی میرے کمرے کی طرف بڑھ گئے۔

اُس کے دونوں ہاتھوں میں ریوالور تھے۔ وہ مجھے اور رضوان کو کور کیے بہت چوکنا انداز میں کھڑا تھا۔ میرا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔ میں خاموشی سے لیلیٰ کو اُن لوگوں کے حوالے کرنے پر آمادہ نہیں تھی۔ شاید میں ریوالوروں کو نظرانداز کر کے اُن سے بھڑ جاتی مگر ایسا میں اُسی وقت کرتی جب کوئی اور چارہ نہ رہتا۔ فی الحال مجھے اُمید تھی کہ لیلیٰ کی موجودگی میں شاید اُن لوگوں کی توجہ چند لمحوں کے لیے میری طرف سے ہٹ جائے گی اور میں اُن لمحوں سے فائدہ اُٹھا لوں گی لیکن ایسا نہیں ہوا۔

مجھے اُس وقت اپنی سماعت پر یقین نہیں آیا جب میری خوابگاہ میں گھسنے والوں نے باہر آ کر ممتاز شخصیت والے کو اطلاع دی کہ اندر کوئی نہیں تھا۔ شاید ممتاز شخصیت والے کو بھی حیرت ہوئی تھی کیونکہ اُس نے چند لمحوں کے لیے مجھے اُلجھن آمیز نگاہ سے دیکھا تھا۔ پھر اُس نے اپنے ساتھیوں کو رضوان کی خوابگاہ میں گھسنے کا اشارہ کیا تھا۔

کچھ دیر بعد وہ لوگ رضوان کی خوابگاہ سے بھی خالی ہاتھ واپس ہوئے۔ اُن کی اطلاع کے مطابق وہاں بھی کوئی نہیں تھا۔ اب ممتاز شخصیت والے کے چہرے پر مزید حیرت نظر آئی لیکن صرف چند لمحوں کو۔ پھر اُس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ عود کر آئی تھی۔

"مجھے خوشی ہے کہ آپ سچی نکلیں۔" اُس نے مطمئن انداز میں مسکراتے ہوئے کہا۔ "دراصل مجھے شبہ تھا کہ آپ مجرم کو پناہ دینے کی غیرقانونی حرکت کر رہی ہیں۔ میں زحمت دینے کے لیے معافی چاہتا ہوں۔ اُمید ہے کہ آئندہ ایسے دوستانہ مقابلے میں ملاقات ہوگی۔"

میری سمجھ میں اُس کی پوری بات نہیں آئی کیونکہ میرا ذہن اِس گتھی کو سلجھانے میں لگا ہوا تھا کہ لیلیٰ کمال کہاں گئی؟ یہ تو میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ لیلیٰ کے دشمن، خوابگاہ اور غسلخانے کا اچھی طرح جائزہ لیے بغیر چلے آئے ہوں گے۔ مجھے یقین تھا کہ اُنھوں نے ایک ایک کونے کا اچھی طرح جائزہ لیا ہوگا۔ بستر کے نیچے اتنی جگہ نہیں تھی کہ وہاں کوئی چھپ سکتا اور کپڑوں کی الماری کو لا

میں بھاری پردے پڑے ہوئے تھے۔ اُن پر
گنجائش تھی مگر اُن چالاک لوگوں سے اِس
کی جا سکتی تھی کہ اُنھوں نے پردوں کے
ممتاز شخصیت والے نے اپنا ریوالور
کا ریوالور اُسے دے دیا، پھر دوبارہ
خاموشی سے اپنے ساتھیوں کو لے کر میرے کمرے
میں نے تیزی سے آگے بڑھ کر دروازہ
دوڑتی ہوئی اپنی خوابگاہ کی طرف بڑھی تھا۔
بھی یقیناً لیلیٰ کے غائب ہو جانے پر حیرت
میں خوابگاہ میں پہنچی تو دیکھا کہ کپڑوں کی
غسلخانے کا دروازہ بھی کھلا ہوا تھا اور دیواروں
ایک طرف سمٹے ہوئے تھے۔ یقیناً کمرے کا تنہا
لیلیٰ کمال کا کہیں پتا نہیں تھا۔ مجھے معاً کھڑکی کا خیال
کر اُس کی طرف گئی۔ اِس دوران میں رضوان بھی کمرے
کھڑکی کھلی ہوئی تھی۔ میں نے اُس کے پ
کھول دیے اور باہر کی طرف جھانکا۔ دونوں طرف
چلا گیا تھا جن کے نیچے ایک منڈیر نظر آ رہی تھی جو
پر دیوار سے باہر نکلے ہوئے ستون تھے۔ منڈیر
ساتھ موڑتی چلی گئی تھی۔

منڈیر پر چل کر ستون تک جانا ممکن تھا مگر
تھا اور یوں بھی لیلیٰ زخمی حالت میں تھی۔ کمزوری کی
کی صورت میں اُس کا منڈیر سے گر جانا بعید از امکان تھا۔
لیلیٰ کے غائب ہونے کا کوئی اور راستہ بھی نہیں تھا۔

"لیلیٰ!" میں نے آہستہ سے اُسے پکارا اور دا
کی طرف غور سے دیکھا۔ اُسی لمحے دائیں جانب والے ستو
ہاتھ نکلا جو کانپ رہا تھا اور ستون کو مضبوطی سے پکڑے
تھا۔ وہ ستون زیادہ فاصلے پر نہیں تھا۔ ستون، رضوان کی
سے قریب تھا۔

وہ کانپتا ہوا ہاتھ لیلیٰ کے سوا اور کس کا ہو سکتا تھا
دشمنوں کی گرفت سے بچنے کے لیے وہی راستہ اختیار کیا
خطرناک تھا۔ اب ایک لمحہ بھی ضائع کرنا لیلیٰ کی زندگی کے
ثابت ہو سکتا تھا۔ اُس کا کانپتا ہوا ہاتھ بتا رہا تھا کہ وہ اپنی
تھی اور کسی بھی لمحے وہ منڈیر سے نیچے گر سکتی تھی۔

مجھے احساس ہی نہ ہو پایا تھا کہ رضوان کب میرے

ہم جیسے ہوا!

"تمھارے سوال کا جواب صرف لیلیٰ دے سکتی ہے۔" میں نے کہا۔

"اور وہ فی الحال بیہوش ہے۔" رضوان طویل سانس لیتے ہوئے بولا۔

"خیر! اسے ہوش تو آ ہی جائے گا لیکن اصل مسئلہ اِسے فوری طبی امداد پہنچانے کا ہے۔"

"لیکن اِسے تلاش کرنے والے یقینی طور پر ہوٹل کی نگرانی کر رہے ہوں گے۔" رضوان بولا۔ "وہ اِسے اسپتال تک نہیں پہنچنے دیں گے۔"

"ہو سکتا ہے کہ وہ ہمارے سُوٹ کی بھی نگرانی کرا رہے ہوں۔" میں نے کہا۔ "یہ ممکن ہے کہ اُنھوں نے لیلیٰ کو ہوٹل کے کمروں میں تلاش کرنے کا کام ادھورا چھوڑ دیا ہو۔ اِس وقت تمام ہوٹل کے مکینوں کو اُٹھا اُٹھا کر پوچھنا کہ اُنھوں نے کسی زخمی لڑکی کو تو پناہ نہیں دے رکھی، بہت مشکل کام ہے۔ پھر یہ کہ وہ پولیس کے محکمے سے بھی تعلق نہیں رکھتے۔ اُنھیں اپنے پھنسنے کا خیال بھی تو ہوگا۔ پولیس والے بھی ایسی حرکت کرنے سے پہلے دس بار سوچتے۔ یہ لندن ہے۔ یہاں شہری حقوق اِس آسانی کے ساتھ سلب نہیں کیے جا سکتے۔ ٹھوس ثبوت ہونے کی صورت میں ہی سوتے ہوئے شہریوں کو اُٹھا کر اُن کے کمروں کی تلاشی لی جا سکتی ہے۔"

"لیکن وہ یہاں تو گھس ہی آئے تھے۔" رضوان نے کہا۔

"اِس کی ہمت اُنھیں یوں ہو گئی کہ اُنھیں یقین تھا، لیلیٰ اُنھیں یہاں مل جائے گی۔ ہمارے سُوٹ کے دروازے پر خون کا دھبا اُن کے اِس یقین کا سبب رہا ہوگا۔"

میرے دلائل میں وزن تھا اِس لیے رضوان خاموش ہو گیا اور اُسی وقت لیلیٰ کے کراہنے کی آواز سنائی دی۔ اُسے ہوش آ گیا تھا۔

میں اُٹھ کر اُس کے قریب پہنچ گئی۔ رضوان صوفے ہی پر بیٹھا رہا۔ اُس نے آنکھیں کھول کر میری طرف دیکھا، پھر اطراف کا جائزہ لیا اور رضوان کی جانب دیکھ کر میری طرف سوالیہ نگاہ اُٹھائی۔

"لیلیٰ! یہ میرا ساتھی ہے۔ تمھیں علم ہی ہوگا۔ اِس پر اعتبار کیا جا سکتا ہے۔ تم جو کہنا چاہو کہہ سکتی ہو۔" میں نے اُس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر کہا۔

لیلیٰ کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آ گئی۔

"اب کیسی طبیعت ہے؟" میں نے کہا۔

"شکریہ! زخم ہرے ہیں اور تکلیف دے رہے ہیں۔ ویسے خطرے کی کوئی بات نہیں۔ یہ تکلیف میرے لیے ناقابلِ برداشت نہیں ہے۔"

لیلیٰ کمال نے جواب دیا۔

"اگر فوری طور پر تمہیں مناسب طبی امداد نہ ملی تو زخم بگڑ سکتے ہیں۔" میں نے تشویش آمیز لہجے میں کہا۔

"یہ شاید ممکن نہ ہو کیونکہ میرے دشمن مجھے اس ہوٹل سے زندہ نہیں نکلنے دیں گے۔" لیلیٰ کمال نے بدستور مسکراتے ہوئے کہا۔

لیلیٰ کی مسکراہٹ مجھے غیر فطری سی لگی اور ہر غیر فطری حرکت کی کوئی نہ کوئی معقول وجہ ہوتی ہے۔ لیلیٰ بہادر تھی۔ اُسے بے شک اپنے زخمی ہونے پر فکر نہیں ہو گی مگر مسکراہٹ غیر سنجیدگی کی علامت ہوتی ہے یا پھر لطف اندوزی کی۔ لیلیٰ غیر سنجیدہ نہیں تھی۔ اس کا مطلب یہی ہو سکتا تھا کہ دوسری بات درست تھی۔

"تمہاری مسکراہٹ سے پتا چلتا ہے کہ تم نے اپنے ذہن میں کوئی ایسی راہِ عمل متعین کر لی ہے جو تمہارے دشمنوں کے دانت کھٹے کر دے گی۔"

لمحے بھر کو لیلیٰ کے چہرے پر حیرت کے آثار اُبھرے مگر فوراً ہی اُس کے لبوں پر دوبارہ مسکراہٹ آ گئی۔ اُس نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "مجھے ابھی کچھ ایسا احساس ہوا جیسے آپ نے میرا ذہن پڑھ لیا ہو۔ واقعی حقیقت یہی ہے کہ میں دشمنوں کے دانت کھٹے کرنے کے موڈ میں ہوں، مجبور چاقو کے وار کرنے والا جب تک اپنے خون میں نہیں نہائے گا مجھے چین نہیں آئے گا۔"

"تم نے آخر سوچا کیا ہے؟ مجھے بھی تو بتاؤ!" میں نے لیلیٰ کو تشویش آمیز نگاہ سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"دیر پہلے جب مجھے ہوش آیا تھا تو میں نے آپ کو کسی سے باتیں کرتے سنا تھا۔ میں نے خوابگاہ کا دروازہ ذرا سا وا کر کے جھانکا تو فوراً اُس بدبخت کو پہچان لیا جو مجھے کچھ دیر پہلے قتل کر دینا چاہتا تھا۔" لیلیٰ نے بتایا۔

"وہ آخر ہے کون؟" میں نے سوال کیا۔

"اسرائیلی سیکرٹ سروس موساد کا ایک اہم رکن بن یعقوب!" لیلیٰ نے طویل سانس لیتے ہوئے جواب دیا، پھر بولی۔ "برطانیہ میں اسرائیلی مفاد کی نگہداشت کرنے کا اہم کام بن یعقوب کے ذمے ہے۔ آپ نے مجھے جو کاغذات دیے تھے، اُن میں بن یعقوب کا نام بھی تھا۔ جس اہم منصوبے پر آج کل اسرائیلی انٹیلی جنس کی تمام تر توجہ ہے، وہ بن یعقوب ہی کی نگرانی میں ہے۔ اُس منصوبے کی تکمیل کا تعلق یہاں کی ایک فرم سے ہے۔ ہمیں اپنے ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وہ منصوبہ بے حد اہم فوجی نوعیت کا ہے لیکن فی الحال کسی سبب اُس منصوبے کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے۔ میں یہاں اسی لیے آئی ہوں کہ اس سلسلے میں مذکورہ منصوبے کی تمام تفصیلات کا علم ہو۔ میں جا ہی مجھے پہچان لیا گیا اور بن یعقوب نے پہلے بھی یہاں آ چکی ہوں اور اسرائیلی ایجنٹ بن چکی ہوں۔ اس بار وہ مجھے ختم کر دیتا کیونکہ بھی میں اسرائیلی انٹیلی جنس کی آنکھوں میں

"تم لندن کب پہنچیں؟" میں نے پوچھا

"آپ کے یہاں پہنچنے سے

نے جواب دیا۔

"گویا تم نے مجھ سے پہلے پیکنگ چھوڑ

"جی ہاں! اُسی شب جب میں آپ

اُسی شب کاغذات دیکھ کر یہ طے پایا گیا تھا کہ آکر اسرائیل کے اہم منصوبے کو ناکام بنانا

اطلاعات ملی تھیں کہ اگر کامیاب ہو گیا تو اسرا میری پیکنگ سے فوری روانگی کا سبب

میں آمد کو چھپایا گیا تھا مگر موساد بہت بااثر ا نہ صرف میرے بارے میں علم ہو گیا بلکہ اُس بھی کر لیا۔ اگر آپ نہ ہوتیں تو شاید میرا بچنا دشوا تشکر آمیز نگاہ سے دیکھتے ہوئے اپنی بات ختم کی

"میں تو شاید کچھ بھی نہ کر سکتی۔ تمہاری پاؤں آئی۔ زخمی حالت میں کھڑکی کے راستے میری خواہ تھمی کر سکتی تھیں۔" میں نے اعتراف کیا۔

"کیا کرتی مجبوری تھی۔ کوئی اور صورت

"مگر تم مجھ تک کس طرح پہنچ گئیں، مجھے گھنٹے ہوئے ہیں؟ تمہاری گفتگو سے مجھ پر یہ

میری آمد سے واقف تھیں۔"

"میں یہاں اکیلی نہیں ہوں۔" لیلیٰ نے میری ہوئے کہا۔ "فلسطینیوں کی ایک چھوٹی سی جماعت یہ کہہ کر وہ چند لمحے کو رک گئی جیسے کچھ سوچنے لگی ہو۔

"ہاں یہ بات میرے علم میں بھی ہے۔" میں بولا۔

لیلیٰ بات آگے بڑھائے۔

چند لمحے اُس کے چہرے پر تذبذب سا نظر آیا سانس لے کر بولی۔ "مجھے یہاں آتے ہی معلوم ہوا کہ آ سے متعلق کوئی اہم شخصیت لندن پہنچ رہی ہے۔ میں ا کے ہمراہ ایئرپورٹ پہنچ گئی۔ میرا ارادہ یہی تھا کہ اُس

لے والی شخصیت کو دیکھ کر میرے تمام منصوبے آدمیوں کو ہاتھ روکنے کا اشارہ کرنا پڑا

تھیں۔"

"میں سمجھی کہ لیلیٰ کچھ کہتے کہتے کیوں رُک ا وہ یہ سوچ رہی تھی کہ مجھے یہ بات بتائے کہ بتانے بتانے کا ہی فیصلہ کیا ہو گا مگر اسرائیل کے کسی ے سے میرا کیا تعلق؟ میں نے سوچا اور پھر یہی سوال

ں کر لیلیٰ بولی۔ "یہ تو مجھے آپ ہی بتائیں گی کہ اسرائیلی ایجنٹ کیونکہ میرے آدمیوں کی رپورٹ غلط نہیں ہیں اطلاع دی تھی کہ اُس اہم شخصیت کو لیے گلسا وہ سے اُس فلائٹ میں صرف آپ آئی تھیں۔ ں یہ کیا ہو کہ ایئرپورٹ ہی سے آپ کی نگرانی ہوئی تھی۔" بات خلاف توقع تھی کہ یہاں میری نگرانی کی میں نے اِس طرف کوئی دھیان نہیں دیا۔ نگرانی کرنے ہوں گے ورنہ عام طور پر میں اپنی آنکھیں کھلی ے کہا۔

ں لمحات میں خاموشی سے میرے اور لیلیٰ کمال کے ل گفتگو سن رہا تھا۔ وہ غالباً درمیان میں اِس لیے خاکہ لیلیٰ کوئی بات بتاتے ہوئے بھول نہ جائے دیے خاموش رہنے کا اشارہ کر دیا تھا۔ میں رضوان کی کی طرف متوجہ ہو گئی۔

ی تھی۔" بالو! موساد کے تربیت یافتہ ایجنٹ تیز ہی ہوتے ہوٹل تک آپ کا تعاقب کرنے والوں نے کم از کم چھ گاڑیاں وہ ت منتظر ہیں۔"

ا تب کیوں کیا گیا؟ بقول تمہارے تو میں اُنہی کی

ں شاید آپ کی حفاظت کے لیے ہو گی۔" لیلیٰ نے جواب طامات سے میں یہی نتیجہ اخذ کر سکی ہوں کہ انھیں میرے ر آیا تھا۔ ایئرپورٹ پر اُن کے کافی آدمی موجود تھے بس ہی اُن کے کئی آدمی موجود ہیں۔ خود بن یعقوب کی آپ کی شخصیت کو اہم سے اہم تر بناتی ہے۔"

ں، میں اُن کے لیے کیا کر سکتی ہوں؟"

تو آپ ہی بہتر جان سکتی ہیں۔ ممکن ہے کہ آپ نے انجانے کسی کام کی حامی بھر لی ہو۔" لیلیٰ نے قیاس آرائی کی۔ اِس بار اُس کے لہجے میں دُکھ سا تھا۔

"میں کسی بھی قیمت پر صیہونی تنظیم کے لیے کام نہیں کر سکتی۔" میں فیصلہ کُن لہجے میں بولی۔

"مجھے خود یقین نہیں آ رہا تھا کہ ایسا ممکن ہے۔" لیلیٰ کے لہجے کا دُکھ ختم ہو گیا۔

"اگر تمہیں یقین آ جاتا تو شاید تم ایئرپورٹ پر اپنے آدمیوں کو مجھے قتل کرنے سے ہرگز نہ روکتیں اور میرا کوئی خیال نہ کرتیں۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"ظاہر ہے۔" لیلیٰ نے سر جُھکاتے ہوئے اعتراف کیا۔ "میں آپ سے ملنے اور آپ کے سلسلے میں اگلا قدم اُٹھانے کا تعین کرنے کے لیے اِس ہوٹل میں آئی تھی مگر لفٹ والی لابی میں مجھے بن یعقوب نے اپنے دو آدمیوں کے ساتھ گھیر لیا۔ میری قسمت اچھی تھی کہ میں نے چاقو کے دو ایک وار کھانے کے بعد لفٹ میں چڑھنے اور انھیں لفٹ میں داخل ہونے سے روک دیا ورنہ آج خاتمہ یقینی تھا۔"

"مگر بن یعقوب تمہارے پیچھے ہی پیچھے آیا ہو گا۔ اُسے مجھ تک پہنچنے میں دیر کیسے ہو گئی؟" میں نے سوال کیا۔

"یہ کارنامہ میرا ہے کہ میں نے اُسے بھٹکا دیا۔" اُس نے مسکرا کر جواب دیا۔ "میں پہلے لفٹ کو چھٹے فلور تک لے گئی پھر واپس پر فلور کے بٹن دبا دیے۔ لفٹ ہر فلور پر رُکتی ہوئی نیچے گئی ہو گی اور انھیں پتا نہ چل سکا ہو گا کہ میں کس فلور پر لفٹ سے اُتری ہوں!"

میں نے ایک بار پھر لیلیٰ کو تعریفی نگاہ سے دیکھا۔ وہ واقعی بڑی تیز لڑکی تھی اگر فلسطین سرزمین نے کچھ اور ایسی ہی لیلیٰ پیدا کر دیں تو پھر فلسطین پر صیہونیوں کا قبضہ عارضی ہی ثابت ہو گا۔ میں نے سوچا، پھر بولی۔ "بن یعقوب مجھے دیکھ کر چونکا تھا۔ اگر میرا کمرہ نمبر تمھیں معلوم تھا تو اُسے بھی معلوم ہو گا، پھر اُس کے چونکنے کا سبب کیا ہو سکتا ہے؟"

چند لمحے لیلیٰ خاموش رہ کر بولی۔ "ظاہر ہے آپ کے کمرے کا نمبر معلوم کیے بغیر میں آپ سے ملنے ہرگز نہ آتی۔ میرے آدمیوں نے مجھے اطلاع دے دی تھی کہ آپ کہاں ٹھہری ہیں اور آپ کا کمرہ نمبر کیا ہے! آپ کے کمرے کا نمبر بن یعقوب کو بھی معلوم ہو گا مگر اُس وقت وہ میری تلاش میں اُلجھا ہوا تھا اِس لیے اُس نے کمرے کے نمبر کو اہمیت نہیں دی ہو گی ورنہ وہ آپ کو دیکھ کر یہ چونکتا۔"

ایک اُلجھن کے سوا اب تمام اُلجھنیں ختم ہو گئی تھیں۔ تمام باتیں صاف ہو چکی تھیں۔ میں نے ایک بار پھر کہا۔ "اسرائیلیوں کے لیے میں کسی بھی قیمت پر کام نہیں کروں گی۔ اگر وہ مجھ سے واقف ہیں تو انھیں اِس بات کا بخوبی علم ہو گا۔"

رضوان نے ہماری سلسلے میں پہلی بار معاملات لی۔ وہ بولا "ہر شخص کی کوئی نہ کوئی قیمت ضرور ہوتی ہے بانو! ہر شخص کو خریدا جا سکتا ہے۔ ہاں قیمتوں میں ضرور کم یا بہت زیادہ کا فرق ہو سکتا ہے ممکن ہے کہ انھیں یقین ہو کہ وہ آپ کو ضرور خرید سکیں گے۔"

"مجھے تمہارے خیال سے قطعی اتفاق نہیں۔ ہر شخص نہیں بکتا۔ انھیں یقیناً غلط فہمی ہو گی۔ صبیحہ بانو بکنے کے لیے نہیں ہے۔"

"ہو سکتا ہے بانو کہ آپ بک ہی جائیں۔ وہ یقیناً آپ کی منہ مانگی قیمت ادا کر سکتے ہیں۔" رضوان نے ایسے لہجے میں کہا جیسے مجھے چڑا رہا ہو۔

میں نے اُس کی بات پر دھیان دیا تو مجھے سمجھنے میں کوئی دشواری نہیں ہوئی کہ وہ میری کیا قیمت مقرر کر رہا تھا۔ میں نے تلخی آمیز لہجے میں کہا۔ "مجھے اپنی بہن جان سے زیادہ عزیز ہے مگر اپنی بہن کی زندگی بچانے کے لیے میں ایک قوم کو خطرے میں نہیں ڈال سکتی۔ فلسطینی مجھے رضیہ سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ اُن کی آزادی اور عزت و ناموس کا سودا میں کسی قیمت پر نہیں کر سکتی۔"

رضوان سنجیدہ ہو گیا۔ "یہ بات میں سمجھ سکتا ہوں بانو! لیکن وہ اس بات کو ہرگز نہیں سمجھ سکتے۔ وہ تو چند سکوں کے عوض جسے چاہتے ہیں خرید لیتے ہیں۔"

"وقت انھیں اس حقیقت کو سمجھنے پر مجبور کر دے گا۔" میں پرجوش لہجے میں بولی۔

"رضیہ کی قربانی اتنی آسانی سے نہیں دی جائے گی۔" لیلیٰ نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "اگر میری تجویز کامیاب رہی تو آج ہی بن یعقوب کا خاتمہ کر دیا جائے گا۔"

"تمہاری تجویز کیا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"میں نے کہا تھا کہ میں یہاں تنہا نہیں ہوں۔" لیلیٰ نے کہا۔ "میں ابھی فون کر کے اپنے آدمیوں کو بلاتی ہوں۔ یہ ہوٹل بن یعقوب اور اُس کے گرگوں کی خاطر مقبرہ بنا دیا جائے گا۔"

لیلیٰ کمال، بن یعقوب کے ہاتھوں زخمی ہو کر شدید جذباتی ہو گئی تھی اور یوں بھی بن یعقوب اُس کا دشمن ہی تھا۔ اُس کا اتنا جذباتی ہونا غیر فطری نہیں تھا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ ہرگز ایسی تجویز کا اظہار نہ کرتی۔ دونوں پارٹیوں کے درمیان کھلی جنگ ہوٹل میں رہائش پذیر افراد کے لیے بھی خطرناک ثابت ہو سکتی تھی۔ اس جھگڑے میں بے گناہ افراد کا متاثر ہونا بعید از قیاس نہیں تھا اور یہ بات فلسطینی جدوجہد آزادی میں معاون بننے کی بجائے اُسے بدنامی بخشنے کا باعث ثابت ہوتی۔ فلسطینیوں پر پہلے ہی دہشت گردی کا الزام تھا۔ وہ لوگ جو فلسطین کے حق میں دل سمجھتے تھے کہ یہ الزام فلسطینیوں کے لیے گھاٹا انتہا پسندوں کو چھوڑ کر سبھی اس بات کے کی پالیسی فائدے سے زیادہ نقصان کا واضح تبدیلی کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی رکھتے ہوئے لیلیٰ کمال کو مخاطب کیا۔ "بن میں تمہاری اس تجویز سے قطعی متفق نہیں کن تھا۔

"شاید آپ کو یقین نہیں کہ ہم بن لیڈن پر جوابی آ سکتے ہیں۔"

"ہاں یقینی طور پر قبل از وقت تو کچھ نہیں فرض بھی کر لیا جائے تو کیا حاصل!" میں بولی۔

"اور چاہے بھی کیا۔" لیلیٰ نے حیرت کا اظہار

"اس مذبحے سے دہشت پھیل جائے گی

"اس دہشت گردی کا سارا الزام فلسطینی مزاحمت گا۔ اس ملک کا پریس عربوں سے ہمدردانہ جذبہ بھی علم ہو گا۔ جو چند دانشمند غیر جانبدار ہیں، ہم سے مخالف نقطۂ نظر کے قائل ہو جائیں گے اور حق میں نہیں ہو گا۔ بن یعقوب کی موت ہمارے ہو گی جتنی نقصان کا باعث بنے گی۔ تمہیں بہرحال اس

"بن یعقوب کی موت اسرائیلی منصوبے کے خا منصوبہ اتنی اہمیت کا حامل معلوم ہوتا ہے کہ تھوڑی عوض سودا مہنگا نہیں رہے گا۔" لیلیٰ نے اپنی تجویز

"یہ محض تمہارا خیال ہے کہ صرف بن یعقوب کا منصوبہ ختم ہو جائے گا۔ اسرائیلی اہم منصوبوں کی انفرادی اہمیت پر نہیں رکھتے۔ مجھے یقین ہے کہ بن لیڈن لیے اسرائیل کے پاس دس افراد اور موجود ہوں گے۔"

میری بات سن کر لیلیٰ خاموش ہو گئی پھر جذبا آواز میں بولی۔ "پھر آپ کے خیال میں کیا کیا جائے؟ آدمیوں کی مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔ وہ مجھے کوشش کریں گے تو بن یعقوب کے گرگے ضرور مارا اُن سے جھڑپ یقینی ہے۔"

"تمہاری مشکلات کا کوئی نہ کوئی حل ضرور نکل نے طویل سانس لیتے ہوئے کہا۔ "تم مجھے کچھ سوچنے کے میں کوئی حل تلاش کر کے جملہ انتظامات کے بعد تم

رضوان معاً بول اٹھا۔ اُس کے لہجے میں شوخی تھی۔
وہ رہے، تم اُس پر بآسانی سو سکتے ہو۔" میں نے
اٹھ کر کھڑی ہوئی۔
اپنے کمرے میں بھی سو سکتی تھی لیکن نہ جانے کیوں
ہوں ایسی بات میرے لاشعور میں تھی ضرور جس
ک دیا تھا اور نہ اُسے اپنے کمرے تک سہارا دے کر
ل نہیں تھا۔
وہ کی خوابگاہ سے نکل کر اپنی خوابگاہ میں آ گئی اور
ر وہ صورتِ حال پر غور کرنے لگی۔ رات کا پچھلا پہر
کھوں سے اُڑ چکی تھی۔ لیلیٰ کمال کو ہوٹل سے نکالنا
اور اس مسئلے کا حل ڈھونڈنے کی ذمے داری میں
وقت بھی کم تھا۔ لیلیٰ کو جلد سے جلد مناسب طبی امداد

یاد آیا کہ میں جس ہوٹل میں موجود تھی، وہاں پی آئی اے کا
اٹھا۔ اگر مجھے پی آئی اے کی کسی ایئر ہوسٹس کا تعاون حاصل
ہوٹل سے نکلنے کا مسئلہ چٹکی بجاتے حل ہو سکتا تھا۔
ہن نے انتہائی تیزی سے ایک منصوبے کے تانے بانے
ر دیے۔ کچھ دیر بعد ہی میں منصوبے کی تمام جزئیات پر
ل کرنے کے لیے تیار ہو چکی تھی۔ سب سے پہلے مجھے
حاکہ ہوٹل میں اُس وقت کوئی ایئر ہوسٹس قیام پزیر بھی

وٹل کے ہر کمرے میں ٹیلیفون کی سہولت موجود تھی۔ میں نے
ر تپائی میز پر رکھے ہوئے ٹیلیفون کی طرف ہاتھ بڑھایا۔
ایسے ہی ریسیور اُٹھا کر کان سے لگایا، دوسری جانب سے
کی آواز سنائی دی۔
یلو! آپریٹر! دیکھو میری ایک سہیلی پی آئی اے میں ملازم
کی فلائٹ آج لندن آنے والی تھی۔ کیا تم مجھے معلوم کر کے
ہو کہ وہ آئی یا نہیں! اگر وہ آ گئی ہے تو اُس سے میری بات
اُس کا نام مہر بانو ہے۔"
دوسری جانب سے آپریٹر نے یقین دلایا کہ وہ بہت جلد مجھے
مہر بانو کے بارے میں بتا کر اُس سے میری بات کرا دے گا
وہ ہوٹل میں موجود ہوئی۔ میں نے ریسیور کریڈل پر رکھ دیا۔
مہر بانو کا نام بیساختہ میری زبان پر آ گیا تھا۔ اُس کے ساتھ

نہ ہونے کے برابر تھے کہ مہر بانو مجھے مل ہی جاتی مگر کچھ نہ کچھ معلومات حاصل ہونے کی اُمید ضرور تھی۔ میں دھڑکتے دل کے ساتھ انتظار کرنے لگی۔ مجھے انتظار میں کوفت یوں نہ ہوئی کہ مہر بانو کی یادنے مجھے اُن لمحات کے محسوسات سے ہمکنار کر دیا جو اُس کے قرب میں گزرے تھے۔ میرے ذہن میں تانک احساسات جاگنے لگے۔

میں اُس وقت تک مہر بانو کے تصور میں کھوئی رہی جب تک ٹیلیفون کی گھنٹی نے مجھے نہ چونکا دیا۔ میں فوراً زمانۂ ماضی سے پھلانگ لگا کر زمانۂ حال میں پہنچ گئی جہاں کرخت حقیقتوں سے واسطہ تھا۔ میں نے ریسیور اُٹھایا تو آپریٹر کی آواز سنائی دی۔ وہ کہہ رہا تھا۔ "پی آئی اے کی فلائٹ آج لیٹ ہو گئی تھی۔ اُس کا فلائنگ اسٹاف ابھی کچھ دیر قبل ہوٹل پہنچا ہے۔ ڈوٹی ایئر ہوسٹس آئی تو ہیں مگر اُن میں مہر بانو نام کی کوئی نہیں البتہ ایک گلنار نام کی خاتون ضرور ہیں۔ اگر آپ کہیں تو اُن کا نمبر بتا دوں۔"

"شکریہ آپریٹر!" میں بولی۔ "ہر چند کہ گلنار میری سہیلی نہیں مگر یہ ضرور بتا سکے گی کہ میری سہیلی اس فلائٹ پر کیوں نہیں آئی!"

آپریٹر نے مجھے ایک نمبر بتا کر کہا۔ "آپ یہ نمبر ڈائل کریں گی تو گلنار سے براہِ راست سلسلہ ملے جائے گا۔ گڈ نائٹ مادام!"

"گڈ نائٹ!" میں نے جواب دیا اور آپریٹر کے سلسلہ منقطع کر کی منتظر رہی۔

لائن منقطع ہونے کی ہلکی سی کلک سنائی دی تو میں نے تین نمبر ڈائل کیے جو آپریٹر نے بتائے تھے۔ لندن کے فون نمبر اعداد پر مشتمل ہوتے ہیں لیکن ہوٹلوں میں ایک کمرے سے دوسرے میں بات کرنے کے لیے الگ نمبر ہوتے ہیں جو عام طور پر کمرہ ملابقت رکھتے ہیں۔ سلسلہ ملا تو دوسری طرف گھنٹی بجنے لگی۔ بعد ریسیور اُٹھایا گیا۔ شاید گلنار سو چکی تھی۔

"ہیلو!" ایک سریلی آواز سنائی دی جیسے جلترنگ ہوں میں اُس کی آواز سے اُس کے حسن کا اندازہ لگانے لگی

"بڑی دیر میں ریسیور اُٹھایا۔" میں نے کہا۔

"معاف کیجیے گا، میں ذرا شاور لے رہی تھی۔" گلنار پیش کی۔

"دراصل میری ایک سہیلی مہر بانو بھی پی آئی اے میں ہے۔ مجھے اُس سے ایک ضروری کام تھا لیکن وہ اس وقت نہیں ہے۔ میرا خیال ہے کہ اُس کی غیر موجودگی میں وہ کام آ انجام دے سکتی ہیں۔" میں نے فوراً مطلب کی بات پر آ گئی۔

ایک انٹرویو لینا ہے۔ اگر آپ تیار ہوں تو میں آپ کا انٹرویو لے لوں؟"

"اس وقت تو میں تھکی ہوئی ہوں۔" اُس نے کہا۔

"مجھے احساس ہے مگر صبح میں یہ ہوٹل چھوڑ دوں گی۔ میری خاطر ذرا سی زحمت اُٹھالیں۔ میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ یہاں آپ کو کوئی بے آرامی نہیں ہوگی۔"

"مگر...."

"دیکھیے میرا رسالہ بڑے اچھے پیسے دیتا ہے۔" میں نے اُس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "میں آپ کو فوری طور پر سو پونڈ پیش کروں گی اور انٹرویو پبلشر آنے پر اشاعت کے بعد مزید چار سو پونڈ چیک کی صورت میں مل سکیں گے۔"

دوسری طرف خاموشی رہی۔ مجھے یقین تھا کہ گلنار آمادہ ہو جائے گی۔ سو پونڈ کا مطلب تھا ڈھائی ہزار روپے جو فوری مل رہے تھے اور دس ہزار بعد میں ملنے کی اُمید تھی۔ بھلا ایسا موقع کون چھوڑتا ہے!

"اچھا تو آپ میرے کمرے میں آجائیں۔" کچھ دیر بعد گلنار کی آواز سنائی دی۔

"شکل ہے ڈیئر!" میں نے بے تکلفی کے انداز میں کہا۔ "انٹرویو کے ساتھ مجھے آپ کی تصاویر بھی بنانی ہوں گی میں اپنا تمام ساز و سامان لے کر آپ کے کمرے میں پہنچوں، کیا اس سے بہتر یہ نہ ہوگا کہ آپ یونیفارم پہن کر میرے کمرے میں آجائیں!"

"لیکن..." وہ کچھ کہتے کہتے رُک گئی۔

"بھئی کیا آپ ڈر رہی ہیں؟ میں بھی آپ کی طرح عورت ہوں۔ کبھی جب آپ یہاں آئیں گی تو میں آپ کی دعوت کروں گی۔ آپ کے تعاون کی بنا پر میرا فرض ہے۔ پلیز! آپ یونیفارم پہن کر میرے روم سروس کو فون کر کے کوئی مشروب منگواتی ہوں۔"

میں نے لفظ مشروب پر کافی زور دیا تھا۔ میں کام کے ساتھ کبھی قائل ہوں۔ گلنار نے مشروب پر کوئی احتجاج نہ کیا تو میں ہو گیا کہ وہ مزاج میں کچھ نہ کچھ رنگینی ضرور رکھتی ہے۔ اُس نے کمرے میں پہنچنے کا وعدہ کر لیا تھا۔ میں نے اُسے کمرہ نمبر بتا

گلنار کے آنے میں پندرہ بیس منٹ ضرور لگتے۔ یہ سوچ کر میں نے روم سروس کو فون کیا اور شیمپین کی بوتل بھیجنے کے لیے کہا۔ کچھ دیر بعد میرا آرڈر لے آیا۔ اُس کے چند منٹ بعد گلنار پہنچ گئی۔ میں نے اپنا کیمرہ نکال کر میز پر رکھ دیا تھا۔

دیکھ کر مطمئن نظر آنے لگی۔ رہی سہی کسر میری باتوں نے پوری کر دی۔ وہ بے تکلف ہوئی تو میں نے محسوس کیا کہ گلنار، مہر النسا کی طرح حسین تو نہیں تھی مگر دلکش تھی اور کردار سے نوٹ دیے تو گویا اُسے خرید لیا۔

میں نے انٹرویو لینے کے بعد اُس کی تصاویر لیں۔ چند تصاویر اُتارنے کے بعد میں نے گلنار سے کہا۔ "اب اُتار دو تاکہ میں چند غیر رسمی تصاویر بھی اُتار لوں۔" وہ میرے کچھ کہنے سے پہلے ہی میں بول اُٹھی۔ "تم یونیفارم سوٹ پہن لو۔" اُس کے بعد وہ میز پر پڑا ہوا رسالہ پڑھنے لگو جیسے تھک کر ذہنی سکون کے لیے مطالعہ کر رہی ہو۔ میں تمہاری ایسی تصویریں بنانا چاہتی ہوں جو حقیقی ہوں۔"

وہ آمادہ ہو گئی اور میرا سلیپنگ سوٹ لے کر باتھ روم میں داخل ہو گئی۔ کچھ دیر بعد وہ باہر آئی۔ یونیفارم اُس سے باتھ روم ہی میں چھوڑ دی تھی کہ دوبارہ وہ نہ پہن سکے۔ وہ میرے کہنے کے مطابق کرسی پر بیٹھ کر رسالہ پڑھنے لگی۔ میں نے اُس کی کئی تصویر کھینچیں۔ آخر میں اُس کے سامنے بال کھولتے ہوئے ایک تصویر بنا کر میں نے ختم ہونے کا اعلان کیا۔

"تو پھر میں چلوں؟" وہ اُٹھتی ہوئی بولی۔

"بھئی کام ختم ہوا ہے تفریح تو نہیں۔" میں نے دوبارہ کرسی پر بٹھا دیا۔

میں دو جام بنا لائی مگر اُس کے جام میں خواب آور دوا ملا نا بھولی۔ کوئی اور وقت ہوتا تو میں اپنی نشہ تمام کو ضرور سیراب کرتی مگر یہ وقت مختلف تھا۔ مجھے جلد از جلد گلنار لیلیٰ کو اُس ہوٹل سے نکالنا تھا۔

میری توقع کے مطابق نصف جام پیتے ہی وہ اونگھنے لگی۔ میں نے اُسے مسہری پر لیٹنے کے لیے کہا اور خود سہارا دے کر اُٹھایا۔ وہ لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے مسہری تک پہنچی اور بستر پر دراز ہوتے ہی غافل ہو گئی۔

میں فوراً اُٹھ کھڑی ہوئی اور اپنی خوابگاہ سے نکل کر راہداری کی خوابگاہ کے دروازے پر دستک دی۔ دروازہ اندر سے بند نہیں تھا میں کوئی جواب ملنے سے پہلے دروازہ کھول کر اندر چلی

میں سر ہلایا اور غسلخانے کی طرف بڑھ گئی۔

فارم موجود ہے۔ تم جا کر پہن لو!" میں نے

میں دوران میں ریسپشن سے فون پر رابطہ قائم ٹیکسی منگوانے کے لیے کہا۔ میں اپنی ایمرجنسی لی کی روشنیاں دیکھنے جا رہی تھی۔ لندن ان پر ٹیکسی حاصل کی جا سکتی ہے۔ استقبالیہ پر وہ کیا کہ چند منٹ کے اندر ٹیکسی آجائے گی۔

پہن کر غسلخانے سے نکلی تو میں نے پوچھا۔ آپ نہیں جائیں گی؟"

رہے ہیں مگر میں کوشش کروں گی کہ میری جان

ائے۔"

ھڑا بٹ ضروری ہے۔ ہم نظر بند کریں گے کہ ہم نے ہنگلے میں ہانیں ڈالے رگنگناتے ہوئے نکلیں گے۔"

ہنسی کی۔

میری بات سے اتفاق کیا میں نے اپنا ایئر بیگ اُٹھایا اُس میں رکھ کر کندھے پر ڈال لیا۔ بچہ کو ہنگلے میں ڈالا اُس کے چہرے پر پھیر دیے۔ اُس کے بعد میں نے سے لگا لیا۔

آہستہ آہستہ اطمینان سے چلنا۔" میں نے آخری ہدایات یا یعقوب یا اُس کے آدمی تمہیں پہچان بھی لیں تو نکر نہ موجودگی میں وہ کچھ نہیں کر سکیں گے کیونکہ بقول تمہارے لیے بہت اہم شخصیت ہوں۔"

ان نے سمجھنے والے انداز میں سر ہلایا اور لڑکھڑاتی آواز میں یزی دھن گنگنانے لگی۔ میں نے بھی اُس کی آواز میں آواز ہوئے باہر نکلی۔

ہاں میں اپنی خوابگاہ سے نکلی۔

مضوان ڈرائنگ روم میں موجود تھا۔ اُس نے ہم دونوں کو حالت میں دیکھ کر فقرہ چست کیا۔ "یا نوا آپ اور لیلیٰ اس وقت ملا آرہی ہیں جیسے چکی کے دو پاٹ!"

میں اُس کی تشبیہ پر مسکرائی۔ معنویت پیدا کرتے ہوئے ں یہ وقت فقرہ ٹال جانے کا تھا اور میں نے ایسا ہی کیا۔

دروازہ بند کر لیا۔ بظاہر ہم ہنگامے سے بے نیاز مدہوشی کے عالم میں لڑکھڑاتے اور گنگناتے ہوئے جا رہے تھے لیکن درحقیقت میں نے اپنی آنکھیں کھلی رکھی تھیں۔ میری نگاہ اطراف کا جائزہ لیتی رہی تھی اور میرا جسم ضرورت پڑنے پر لیلیٰ کے آگے سینہ سپر ہونے کو ہمہ وقت تیار رہا تھا۔

لیلیٰ کا چہرہ بالوں سے کافی چھپ گیا تھا۔ میرے خیال سے اُسے پہچاننا مشکل تھا۔ ہم اسی عالم میں نیچے پہنچے۔ نیچے پہنچ کر میں نے استقبالیہ پر موجود شخص سے ٹیکسی کے بارے میں پوچھا تو اُس نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے ڈور مین کو اشارہ کیا۔ ڈور مین ہماری رہنمائی کے لیے آگے بڑھا۔

ٹیکسی میں سوار ہوتے ہی میں نے مُڑ کر دیکھا تھا کہ کوئی ہمارا تعاقب تو نہیں کر رہا۔ امید خیال تھا کہ میں نے بن یعقوب اور اُس کے گرگوں کو کامیاب دھوکا دے دیا تھا۔ بن یعقوب مجھے کہیں نظر نہیں آیا تھا ورنہ شاید میں اتنی آسانی سے لیلیٰ کو نکالنے میں کامیاب نہ ہوتی۔

میں نے ٹیکسی ڈرائیور سے کہا اور ٹیکسی چل پڑی۔

"پکاڈلی!" میں نے ٹیکسی ڈرائیور سے کہا اور ٹیکسی چل پڑی۔

پکاڈلی ہمارے ہوٹل سے زیادہ دور نہیں تھی۔ صرف ایک موڑ مڑ کر گاڑی ریجنٹ اسٹریٹ میں داخل ہو گئی۔ ریجنٹ اسٹریٹ ختم ہوتے ہی ہم پکاڈلی پہنچ گئے۔ لندن کا یہ حصہ رات کے وقت بھی دن کی طرح روشن رہتا ہے بلکہ رات کو وہاں کچھ زیادہ ہی رونق ہوتی ہے۔

ہم نے ٹیکسی چھوڑ دی اور چند لمحے وہیں رُک کر اطمینان کیا کہ کوئی تعاقب نہیں کیا گیا تھا۔

"بانو! آپ بہت تیز ہیں۔" لیلیٰ نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے کہا جس سے اُس کے اطمینان کا اظہار ہو رہا تھا۔

"اب جلدی سے ٹیلیفون کر کے اپنے کسی ساتھی کو بُلا لو! بہت جلد فوری امداد کی ضرورت ہے۔" میں اُس کی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے بولی۔

کچھ فاصلے پر ایک ٹیلیفون بوتھ موجود تھا۔ لیلیٰ فون کرنے کے لیے اُس کی طرف بڑھ گئی اور میں چوراہے کے وسط میں نصب مجسمے کو دیکھنے لگی جس کی تصویریں دنیا کے ہر گوشے میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

لیلیٰ فون کر کے بوتھ سے باہر آئی تو مسکراتے ہوئے بولی۔ "دس منٹ میں میرے دو ساتھی یہاں پہنچ جائیں گے۔ اُن میں ایک ڈاکٹر ہے۔"

"اب تم ذرا جلدی سے اپنے کپڑے پہن لو کیونکہ مجھے واپس جانا ہے۔"

پتے سے کراندر چلی گئی جو ایئر بیگ میں تھے۔ میں باہر ٹھہر کر اُس کا انتظار کرنے لگی۔ کچھ دیر بعد لیلیٰ باہر آگئی۔ وہ کپڑے تبدیل کر چکی تھی۔ تقریباً پانچ منٹ بعد لیلیٰ کے ساتھی پہنچ گئے۔ اُف کی کار بالکل ہمارے قریب آکر رُکی۔ لیلیٰ کار پہچانتی تھی۔ لیلیٰ کے ساتھی کار سے نکلے اور لیلیٰ کو اپنے پیروں پر کھڑا ہوا دیکھ کر اُن کے چہروں پر مسرت نظر آنے لگی۔ لیلیٰ نے اُن دونوں سے میرا تعارف کرایا۔ دونوں نے میرا شکریہ ادا کیا۔ پھر میرے کہنے پر لیلیٰ کو لے کر فوراً روانہ ہو گئے۔ میں لیلیٰ سے اُس کا پتہ اور اپنا بیگ نہ واپس لینا نہیں بھولی تھی جس میں گلنار کی یونیفارم تھی۔ واپسی کے لیے میں نے ٹیکسی نہیں لی بلکہ پیدل ہی ہوٹل کی طرف چل دی۔

رات کا اندھیرا چھٹنے لگا تھا اور دن کا ملگجا اجالا پھیلنے لگا تھا۔ میں ہوٹل پہنچ کر لفٹ کے ذریعے تیسری منزل پر پہنچی۔ اپنے سُوٹ کے دروازے پر پہنچ کر مجھے دستک دینے کے بعد زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑا۔ رضوان نے جلد ہی دروازہ کھول دیا تھا۔ میرا جسم تھک کر چُور ہو رہا تھا۔ میں نے اپنی خوابگاہ میں پہنچ کر گلنار کو دیکھا۔ وہ اب تک بے خبر سو رہی تھی۔ میں نے اُس کی یونیفارم، بیگ سے نکالی اور غسلخانے میں پہنچا دی، پھر میں گلنار ہی کے قریب دراز ہو گئی۔ میں اتنی تھکی ہوئی تھی کہ مجھے لیٹتے ہی نیند آگئی۔

صبح مجھ سے پہلے گلنار کی آنکھ کھلی اور اُسی نے مجھے بیدار کیا۔

"تم نے شاید رات کو کچھ زیادہ ہی لگا لی تھی۔" میں نے اُٹھ کر بیٹھتے ہوئے کہا۔ میں نے یہ بات دانستہ کی تھی تاکہ وہ یہی سمجھے اور کسی قسم کا شبہ نہ ہو۔

"نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں۔" اُس نے انگڑائی لیتے ہوئے جواب دیا۔ "میں پہلے اس سے زیادہ پی چکی ہوں۔ کل رات نہ جانے کیوں کچھ زیادہ ہی چڑھ گئی تھی۔ میں آپ سے معذرت خواہ ہوں کہ میری وجہ سے آپ کو زحمت اُٹھانا پڑی۔"

"کبھی کبھی ایسا ہو جاتا ہے۔ یہ کوئی خاص بات نہیں۔" میں بولی۔

گلنار کے جسم پر اب تک میرا سلیپنگ سوٹ تھا۔ وہ اپنی یونیفارم پہننے غسلخانے میں چلی گئی۔ جب وہ یونیفارم پہن کر باہر آئی تو مجھ سے رخصت کی اجازت چاہی۔ میں خود یہ چاہتی تھی کہ وہ جلد یہاں سے رخصت ہو جائے تاکہ میں رضوان کے ہمراہ لیلیٰ سے ملنے جا سکوں۔ یہ سوچ کر میں نے اُسے فوراً جانے

گلنار کے رخصت ہونے [illegible] فارغ ہو چکا تھا۔ وہ آئے تو [illegible] نیند نہیں آئی۔ ذرہ رہ کر مجھے رضیہ کا خیال آ [illegible] اور کس حال میں ہو گی؟"

"رضیہ ہم سے دُور ضرور ہے مگر [illegible]" رضوان کو اطمینان دلایا۔ "میں اب اُسے [illegible] پاس نہیں بھیجوں گی۔"

"ہمیں فوری طور پر رضیہ کے یعنی ہمارے [illegible]" رضوان نے کہا۔

"ناشتے کے بعد ہم چلیں گے۔ [illegible] میں سو چکی ہوں۔" یہ کہہ کر میں غسلخانے [illegible] بولی۔ "تم ٹیلیفون کر کے ناشتہ منگوا لو۔ [illegible] میں غسل کر کے نکلی تو ناشتہ آچکا تھا

ناشتہ کیا، پھر ہوٹل سے نکلنے میں دیر نہیں کی۔ میں، رضیہ جن دشمنوں کے ہتھے چڑھ گئی تھی وہ پہلے نہیں تھے جن کے ہاتھوں میری بہن کی عزت [illegible] معاملہ انتہائی اونچے درجے کے سیاسی دباؤ کا کرنے کا تھا۔ مجھے یقین تھا، دشمن یہ بات اچھی [illegible] وہ رضیہ کو تکلیف دے کر یا اُسے ختم کر کے اپنا [illegible] نہ کر سکے گا۔

ہم ہوٹل سے نکل کر آکسفورڈ اسٹریٹ میں پہنچے [illegible] دکانیں اور ڈپارٹمنٹل اسٹور کھل چکے تھے اور بازار کی [illegible] پر تھی۔ آکسفورڈ اسٹریٹ کے وسط میں پہنچ کر ہم بنجمنٹ کی طرف مُڑ گئے۔ بنجمنٹ اسٹریٹ، آکسفورڈ اسٹریٹ سے گزرتی ہے۔ ایک طرف بی بی سی کے اسٹوڈیوز ہیں [illegible] طرف پکاڈلی! ہم نے پکاڈلی کا رُخ کیا تھا کیونکہ ہمیں جن [illegible] کی ضرورت تھی وہ اُسی سمت تھے۔

نیچے دکانیں تھیں اور اُوپر دفاتر۔ دفتر میں جانے کا راستہ سمت سے تھا۔ اس لیے ہم ایک بڑے محرابی دروازے اندر گئے۔ اُس کے بعد ہمیں کمپیوٹر اور کنگز کے دفاتر میں داخل ہو کا راستہ جلد ہی مل گیا کیونکہ جلی حروف میں تحریر شدہ ایک بورڈ ہا رہنمائی کے لیے دروازے پر موجود تھا۔

دھڑکتے دل کے ساتھ ہم نے زینے طے کیے۔ اُوپر ایک کمرے میں ہمارا سابقہ ایک خاتون استقبالیہ کلرک سے ہوا

جان اینڈریو ہوں۔" اُس نے اپنا تعارف کرایا، پھر بولا۔ "میں آپ دونوں سے واقف ہوں۔ مسٹر کیلی آپ سے بہت متاثر ہیں جیسا کہ آپ کو اُن سے مل کر محسوس ہو گا۔ میں آپ سے یہ عرض کر دوں کہ عام طور پر میرے پاس عورت کو کسی قابل نہیں سمجھتے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے عام ڈگر سے ہٹ کر مجھے اپنا سیکرٹری بنایا ہے۔" یہ کہہ کر وہ ہماری رہنمائی کرنے لگا۔ میں اور رضوان اُس کے پیچھے چلنے لگے۔

میرے ذہن میں چارلس کیلی کی شخصیت کا عجیب سا خاکہ بن رہا تھا۔ وہ یقیناً تیز آدمی رہا ہو گا جس کا ثبوت اُس کی ظاہری شان و شوکت تھی۔ وہ مریضانہ ذہنیت کا مالک معلوم ہوتا تھا کیونکہ پیٹری سے اُترا ہوا آدمی ہی اس طرح کا کھیل کھیل سکتا ہے جیسا اُس نے میرے ساتھ یورگوسلاویہ میں کھیلا تھا۔ عورتوں سے ناپسندیدگی کا اظہار عورتوں میں مقبولیت نہ پانے کے سبب بھی ہوتا ہے۔ ایسا اُسی عورت میں ہو سکتا تھا کہ اُس کی شکل و صورت اور شخصیت متاثر کُن نہ ہو۔ پستہ قد گھٹی طبیعت والے آدمی عام طور پر عورتوں میں مقبولیت نہیں پاتے۔

چارلس کیلی کا پرسنل سیکرٹری جان اینڈریو ہمیں لے کر اُس کے دفتر میں پہنچ گیا۔ دروازہ کھول کر پہلے جان اینڈریو نے اندر قدم رکھا تھا، پھر اُس نے مؤدبانہ انداز میں ہمارے ناموں کا اعلان کیا تھا۔ اُس کے بعد وہ ہماری طرف مُڑ کر ڈرامائی انداز میں بولا۔ "مسٹر چارلس کیلی!"

ہم دروازے میں داخل ہو گئے۔ جان اینڈریو نے ہمارے اندر آتے ہی باہر کا رُخ کیا اور اسی کے ساتھ دروازہ بند ہو گیا۔

کمرے میں مدھم روشنی تھی اور یہ روشنی در و دیوار سے پھوٹتی محسوس ہو رہی تھی۔ فرش پر دبیز قالین تھے جو ایک دیوار سے دوسری دیوار تک بچھے ہوئے تھے۔ ایک طرف بڑی سی میز تھی اور اُس میز کے پیچھے گھومنے والی کُرسی پر وہ عجیب شخصیت بیٹھی ہوئی تھی جس سے فی الحال میرا مقابلہ تھا۔ یہ شخصیت میری موجودہ مشکلات کا باعث تھی اور جس کے قبضے میں میری بہن رضیہ تھی۔ کمرے میں داخل ہوتے وقت میں نے اُسے دیوار کی طرف مُنہ کیے دیکھا تھا۔ جان ہمارے نام پکار کر چلا گیا تو وہ بڑے ڈرامائی انداز میں ہماری طرف مُڑا۔ پھر ہمیں دیکھ کر جیسے اُس کا چہرہ مسرت سے کھل اُٹھا۔ وہ بڑی بیتابی کے ساتھ اپنی کُرسی سے اُٹھا اور میز کے پیچھے سے گھوم کر کمرے کے وسط میں آگیا۔ وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر بڑی گرمجوشی سے ہماری طرف بڑھا۔ اُس کا انداز ایسا ہی تھا جیسے وہ ہمیں گلے سے لگائے گا مگر اُس نے محض ہاتھ ملانے پر اکتفا کیا۔ میں نے خدا کا شکر ادا کیا۔ مجھے مُردوں سے گلے ملنے کا کوئی شوق نہیں۔

"ہم اِس وقت ساؤتھ اینڈ میں ہیں اور یہاں سے ایر تھ کا فاصلہ بہت کم ہے۔ یوں سمجھو کہ لندن کی نسبت یہ راستہ تقریباً نصف ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم بہرحال چارلس کیلی سے پہلے وہاں پہنچیں گے مگر میں نے فیصلہ کیا ہے کہ جب تک چارلس کیلی وہاں نہیں پہنچ جائے، وہاں سے نہیں ٹوٹوں گی۔ ابھی لیلیٰ نے کہا

تھا کہ وہ چوہا نہیں ہو سکتا لیکن میں اُس کے ساتھ وہی کھیل کھیلنا چاہتی ہوں جو بلی چوہے سے کھیلتی ہے۔" میں نے مسکراتے ہوئے اپنی بات ختم کی۔

"لیکن وہ جزیرے پر موجود اپنے آدمیوں کو بھی تو ہماری آمد سے مطلع کر سکتا ہے اور اُس نے یقیناً ایسا کیا بھی ہوگا۔" رضوان نے کہا۔

"مجھے تمہارے خیال سے اتفاق ہے۔" میں بولی۔ "ایرتھ کے لیے روانگی سے قبل وہ اپنے ساتھیوں کو ہمارے بارے میں بتا چکا ہوگا اور وہ ہمارا زبردست استقبال کرنے کے لیے بالکل تیار ہوں گے مگر جب تک خود چارلس کیلی وہاں پہنچے گا ہم حالات پر قابو پا چکے ہوں گے۔"

"آپ کو اتنا یقین کیوں ہے باجی کہ آپ نے جو کچھ سوچا ہے وہ اُسی طرح پیش آئے گا؟" لیلیٰ نے کہا۔

"اگر یقین ہی نہ ہو تو انھیں جیسے باجی کون کہے!" رضوان نے ہنس کر لیلیٰ کی طرف دیکھا۔

"میرا خیال ہے کہ وہاں مسلح تصادم ہوگا۔" لیلیٰ سنجیدگی سے بولی۔

"میں اپنے ساتھیوں کو وہاں پہنچنے کے لیے کہہ دیتی ہوں۔" یہ کہہ کر لیلیٰ اُٹھی اور ٹیلیفون کی طرف بڑھنے لگی۔

"نہیں لیلیٰ!" میں نے اُسے روک دیا۔ "اس طرح تم سارا مزہ کرکرا کر دو گی۔"

میری بات سُن کر لیلیٰ نے مجھے حیرت سے دیکھا اور اپنی جگہ آ کر بیٹھ گئی۔

"میں سمجھتا ہوں کہ ہم بڑا قیمتی وقت ضائع کر رہے ہیں۔" معاً رضوان سنجیدہ لہجے میں بولا۔ "چارلس کیلی کو ٹیلیفون کیے ہوئے کم از کم دس منٹ گزر چکے ہیں۔" یہ کہتے ہی رضوان اُٹھ کھڑا ہوا۔

لیلیٰ بھی ہمارے ساتھ جانے پر بضد تھی مگر میں نے اُسے سمجھا بجھا کر رخصت ہونے پر مجبور کر دیا۔

میں اور رضوان پوری تیز رفتاری سے ایرتھ پہنچے۔ میں نے بائی اسٹریٹ کے اختتام پر ہی کار روکی۔ بائی اسٹریٹ سے جزیرے کو جوڑنے والا پل اُٹھا ہوا تھا۔

"تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ نہر کو تیر کر ہی پار کیا جا سکے گا۔" رضوان کار سے اُترتے ہوئے ٹھنڈا سانس لے کر بولا۔

میں نے رضوان کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور کیلز آئل پر بنی ہوئی وسیع و خوبصورت عمارت کو دیکھنے لگی۔ میں نہر کو تیر کر پار کیے جانے کے خیال سے متفق نہیں تھی کیونکہ مجھے یقین تھا کہ خطرہ اُس طرف زیادہ ہو سکتا تھا۔ میرا خیال یہ تھا کہ جزیرے پر دریا کی طرف سے حملہ کیا جائے۔ پہلے میں نے دریا کی طرف سے تیر کر جزیرے تک پہنچنے کے بارے میں سوچا تھا مگر دیکھ کر خیال آیا کہ ایرتھ کے بوٹنگ کا مجھے خاموش دیکھ کر رضوان نے مخاطب ارادہ کیا ہے!

[illegible] ہی جب ہم کشتی میں بیٹھے ہوئے تیر تھے تو رضوان نے کہا۔ "غالباً وہ [illegible] گیا ہوگا کہ ہم بآسانی جزیرے تک پہنچ کر کس طرح جزیرے تک آئے تھے!"

"بعض اوقات تم بڑی سادہ ہو۔" میں نے کہا۔ "ہم کس طرح جزیرے تک اپنی جگہ نہیں آ سکتا؟ چارلس کیلی کے [illegible] بھی ہو سکتا ہے اور وہ یہاں پہنچنے کے [illegible] مطلع کر سکتا ہے تاکہ وہ پُل کو دوبارہ [illegible]

میرا جواب سُن کر رضوان نے ٹھنڈا [illegible] ٹھیک کہتی ہیں۔ اس وقت میرا ذہن [illegible] وقت رضیہ کے بارے میں سوچ رہا تھا۔"

میں نے حالات کا جائزہ لینے کے [illegible] کے سامنے سے گزرا۔ مجھے وہاں کوئی نظر [illegible] بند تھا۔ وہاں ایسا سناٹا تھا جیسے کچھ [illegible] کہ ادھر ہم جزیرے پر قدم رکھیں اُدھر [illegible]

آخر میں نے ایک چکر کاٹنے کے بعد کیلز [illegible] دریا کی سمت اُس جزیرے پر ایک گودی بھی [illegible] گودی میں نہیں بلکہ ساحل کے ایک کنارے میں [illegible]

میں اور رضوان کشتی سے اُتر کر سامنے [illegible] میں خاردار تاروں کے ذریعے بند بلائے [illegible] بندوبست کیا گیا تھا۔ تاروں کے قریب [illegible] لگا تھا جس پر بڑے بڑے حروف میں خطرہ [illegible] پہنچ کر میں نے "خطرہ" کے نیچے لکھی ہوئی [illegible] میں لکھا تھا "خاردار تاروں میں برقی رَو [illegible] عبارت پڑھ کر میں نے رضوان کی طرف [illegible]

"اس صورت میں تو اِدھر سے داخل [illegible] آتا ہے۔" رضوان نے جواب دیا۔

"لیکن اس بورڈ کی یہاں موجودگی کا [illegible] کی کیا ضرورت تھی؟ ظاہر ہے کہ یہ عام راستہ [illegible] عمارت میں داخل ہونے والا چوری چھپے ہی [illegible]

[illegible] ایسے شخص کی زندگی سے چارلس کیلی [illegible] سمجھانے کہا۔

[illegible] کہا۔ "آپ اس سے کیا یہ جتنی نگانا [illegible] ہے؟" رضوان بولا۔

[illegible] کی نفسیات کو سمجھ سکتی ہوں، ایسا [illegible] میں کوئی حرج نہیں!" یہ کہتے ہوئے [illegible] مال کر ایک تار میں اُلجھایا اور اُس تار [illegible] تار تک لے آئی۔ رومال کچھ پھٹ [illegible] تار سے مس ہو گیا۔

[illegible] ثابت ہوا تھا۔ اُن خاردار تاروں [illegible] ہمراہ رکھ ضرور ہوتا۔

"ان تاروں پر احتیاط کے ساتھ چڑھ کر [illegible] خاردار تاروں کو بلندی کے سبب [illegible] ہی ہوتا۔

[illegible] میں داخلہ قدرے مشکل ثابت ہوا [illegible] باڑھ جس کے سرے نوکیلے اور [illegible] رضوان اُن سے رُکنے والے کب تھے! [illegible] کا اضافہ ضرور ہوا مگر چند منٹ بعد [illegible] چکے تھے۔

رضوان، عمارت کے قریب پہنچ گئے۔ [illegible] اندازہ نظر آ رہا تھا۔ اب میں بے حِسی اس حد تک بڑھنے کے لیے مجھے دشمنوں [illegible] مگر مجھے کوئی دشمن تو کیا، اُس کا سایہ تک [illegible] بات میرے اندازوں کے خلاف [illegible] جاتی ہوں کیونکہ اس کا مطلب [illegible] وقع سے کہیں زیادہ ہوشیار ہے [illegible] کہیں بھی ہو سکتا ہے۔

[illegible] اُس خطرے کی بُو سونگھ لی تھی اس [illegible] ہونا چاہا، اُس نے میرا ہاتھ تھام لیا [illegible] کوئی جال بھی ہو سکتا ہے۔"

[illegible] ہوں!" میں نے بھی سرگوشی میں جواب [illegible] تاکہ اگر میں کسی خطرے میں گھر جاؤں

[illegible] نے محض "رشوتاً" استعمال کیا تھا تاکہ [illegible] مگر اُس نے رشوت قبول کرنے سے انکار [illegible] جانا چاہتا تھا یا پھر پہلے خود اپنی لیکن

میں نے اُس کی کوئی بات نہیں مانی۔ میں اور رضوان اُس پیڑ کی آڑ میں کھڑے ہوئے تھے جو عمارت کے دروازے سے قریب تھا۔

معاً میں پیڑ کی آڑ سے نکلی اور انتہائی تیزی سے عمارت کے کھلے دروازے میں داخل ہوتے ہی زمین پر لیٹ گئی۔ یہ کسی متوقع ناوبدہ حملے سے بچاؤ کی تدبیر تھی۔

وہ ایک نیم تاریک سی راہداری تھی۔ میں کچھ دیر اپنی جگہ پڑی رہی، پھر آہستہ آہستہ اُٹھ کھڑی ہوئی۔ راہداری کی دونوں طرف کچھ کچھ فاصلے سے دروازے نظر آ رہے تھے جو بند تھے مگر راہداری کے ابتدائی حصّے کی دونوں دیواریں خاصے فاصلے تک سپاٹ چلی گئی تھیں۔ دروازے اُس سپاٹ حصّے کے بعد تھے۔

میں ایک ایک قدم پھونک پھونک کر رکھ رہی تھی اور گزرتے وقت کے ساتھ میری بے چینی میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

معاً میں نے اپنے قریب ہی پیچھے ایک آہٹ سُنی اور چونک پڑی، پھر اس سے پہلے کہ میں سنبھل کر کسی کے مجھے چھاپ لیا، میں تیزی سے پلٹی اور حیران رہ گئی۔ میرا اُٹھا ہوا ہاتھ، اُٹھا کا اُٹھا رہ گیا۔

"رضیہ...." میں یہ کہتی ہوئی اُٹھی۔

"باجی!" رضیہ بھی اُٹھ کھڑی ہوئی اور مجھ سے لپٹ گئی۔

"مگر تمھیں مجھ پر اس طرح جست لگانے کی کیا ضرورت تھی؟" میں نے پوچھا۔

"اس کے سوا آپ کو آگے بڑھنے سے روکنے کی کوئی تدبیر نہیں تھی۔" رضیہ نے جواب دیا۔

"مگر کیوں؟" میں نے اُلجھتے ہوئے کہا۔

"اس لیے کہ خدانخواستہ آپ کا دوسرا قدم موت کی دہلیز پر پڑتا۔" رضیہ نے بتایا، پھر میرا ہاتھ تھام کر بولی۔ "آیئے کنٹرول روم میں چلیں۔ چارلس کیلی یہاں کسی بھی لمحے پہنچ سکتا ہے۔"

میں چونک اُٹھی۔ رضیہ کو چارلس کیلی کی آمد کے بارے میں کیسے پتا چلا؟ میں نے سوچا مگر یہ وقت اُس سے سوالات کرنے کا نہیں تھا۔

"میرے ساتھ رضوان بھی ہے۔" میں نے بتایا۔

"رضوان!" رضیہ تو قع کے مطابق چونک پڑی۔ "کہاں... کہاں ہے وہ؟"

"عمارت کے باہر!" میں نے جواب دیا۔ "میں ابھی اُسے لے کر آئی۔"

"جلدی کریں باجی!" رضیہ نے کہا۔ "میں کنٹرول روم سے زیادہ دیر باہر نہیں رہنا چاہتی۔"

میں تقریباً دوڑتی ہوئی عمارت کے دروازے پر پہنچی اور

رضوان کو اندر آنے کا اشارہ کیا۔ رضیہ ایک قریبی دروازہ کھول کر اُس میں داخل ہو گئی تھی۔

رضوان میرا اشارہ پاتے ہی لپکا۔

کچھ دیر بعد ہی میں، رضوان کے ہمراہ اُس کمرے کا دروازہ کھول کر اندر جا رہی تھی جس میں رضیہ داخل ہوئی تھی۔

وہ کمرہ اندر سے بیٹر کے کنٹرول روم ہی کی طرح تھا مگر اُس سے چھوٹا اور ٹی وی اسکرین بھی کم تھے۔

کمرے کا دروازہ کھلتے ہی رضیہ نے مُڑ کر دیکھا تھا جو ایک گھومنے والی کرسی پر ڈیسک نُما میز کے سامنے بیٹھی ہوئی تھی۔ مجھے اُس وقت وہاں اپنی موجودگی پر افسوس ہوا۔ دو بچھڑے ہوئے ایک طویل عرصے کے بعد ملے تھے۔ میری وہاں موجودگی کے سبب وہ ایک دوسرے کو گلے نہیں لگا سکتے تھے۔ وہ دونوں چند لمحے خالی خالی سی نظروں سے ایک دوسرے کو دیکھتے رہے، پھر اُن کے ہونٹ کانپے۔

وہ بس اپنے ہونٹوں پر ایک دوسرے کا نام لا سکے تھے۔

اُسی وقت میری نگاہ ایک روشن اسکرین پر پڑی تھی جو اُس کمرے کے باہر موجود نیم تاریک راہداری کا منظر پیش کر رہا تھا۔ اسکرین پر ایک متحرک سایہ نظر آ رہا تھا۔ اب میں سمجھ چکی تھی کہ رضیہ کو اُس کمرے میں بیٹھ کر راہداری میں میری موجودگی کا علم کیسے ہو گیا تھا!

"رضیہ!" میں نے کہا اور اُسے اسکرین کی طرف متوجہ کیا۔

رضیہ نے پلٹ کر اسکرین کی طرف دیکھا۔ اب اُس سائے کے خدوخال کچھ واضح ہو گئے تھے کیونکہ وہ آگے بڑھ آیا تھا۔ وہ سو فیصد چارلس کیلی ہی تھا۔

معاً رضیہ نے یکے بعد دیگرے دو بٹن دبائے۔ اِسی کے ساتھ میں نے راہداری کا دروازہ بند ہوتے دیکھا۔ چارلس کیلی چونک پڑا اور پیچھے مُڑ کر دیکھا۔

"تم خود اپنے ہی جال میں پھنس چکے ہو مسٹر چارلس کیلی!" معاً رضیہ کے ہونٹوں کو حرکت ہوئی۔

چارلس کیلی، رضیہ کی آواز سُن کر ایک بار پھر اُچھل پڑا۔ یقیناً راہداری میں موجود کسی اسپیکر کے ذریعے رضیہ کی آواز اُس تک پہنچ رہی تھی۔

"تم اب تک لوگوں کی ذہانت کے امتحان لیتے رہے ہو مگر آج تمہیں خود یہ امتحان دینا ہے۔ اگر تم اِس امتحان میں کامیاب رہے تو زندہ بچ جاؤ گے ورنہ مارے جاؤ گے۔" رضیہ کی آواز پھر بلند ہوئی۔ "مجھے تمہارے گرگوں سے پتا چلا تھا کہ تم نے یوگوسلاویہ میں میری باجی کے ساتھ کوئی ایسا ہی کھیل کھیلا تھا، اِس لیے میں نے تمہارے لیے بھی قطعی اُسی طرح کے کھیل کا بندوبست کیا ہے۔"

چارلس کیلی پر جیسے سکتہ طاری ہو گیا۔ وہ اپنی جگہ خاموش کھڑا رہا، پھر بغیر کچھ کہے آگے بڑھا۔

"رُک جاؤ چارلس کیلی!" رضیہ کی آواز سُنائی دی۔ "راہداری میں چند قدم کے بعد ایسا ہی چھلنی ہو جائے۔ اگر تمہیں اِس بات کا اِس سارے گورکھ دھندے کے بارے میں حاصل کر چکی ہوں تو یہ دیکھو!" رضیہ نے ایک بٹن دبا دیا۔

رضیہ کی تنبیہ کے بعد چارلس کیلی اُس کے چند قدم آگے اچانک گولیوں کی

"اب تمہارے لیے صرف ایک ہی جانب موجود کمرے کا دروازہ کھلا ہے اور اُس کمرے میں موجود خفیہ راستے سے جاؤ!" رضیہ نے چارلس کیلی کو مشورہ دیا۔

"نہیں!" معاً چارلس کیلی چیخا۔ "میں بھیج کر پھانسنا چاہتی ہو۔ وہ کمرہ بن جائے گا۔"

"لیکن چارلس کیلی! جب کوئی کو چُھوئے گا تو وہاں میں داخل ہونا ہی پڑتا ہے۔ لب کُشائی کی۔

"تو... تو تم بھی... تم بھی یہاں میری آواز سُن کر چونک پڑا۔

"ہاں میں تمہارا آخری دیدار کر رہی ہوں۔" نے ہنس کر کہا۔

"تم لوگ شاید یہ بھول رہے ہو کہ دیا ہوا ہے اور میں اِس سے آسانی سے چارلس کیلی نے سخت لہجے میں کہا۔

"تو پھر کھڑے کیوں ہو، کوشش کرو ابھی رضیہ کا جملہ ختم ہی ہوا تھا کہ میں سے پیچھے ہٹتے ہوئے دیکھا، اور پھر وہ راہ تک پہنچ گیا۔ وہاں رُک کر وہ جُھکا۔ دو موجود سپاٹ دیوار میں ایک خلا پیدا ہوا سے اُس خلا میں داخل ہو گیا۔ جیسے ہی وہ داخل ہوا تھا، خلا دوبارہ برابر ہو گیا تھا۔

رضیہ نے اُسی وقت ہاتھ آگے بڑھا اور اُسی کے ساتھ دیوار پر موجود ایک دو

کا منظر نظر آ رہا تھا جس میں چارلس کیلی چُپ بیٹھا رہا تھا۔

کیلی کہ تم نے اپنی زندگی بچانے کا ایک لے بظاہر افسردگی سے کہا مگر اُس کی آواز میں ایسی طرح اُچھل پڑا تھا جیسے اُسے کسی ہو۔ اُس کے آگے بڑھتے ہوئے قدم رُک یک کر پھر بولی۔ "تم یقین کرو یا نہ کرو لیکن زیرے بتائے ہوئے کمرے میں چلے جاتے کمرہ چُھوٹے دان نہیں تھا مگر یہ کمرہ ضرور دان ثابت ہو گا۔ یقین نہ آئے تو اس کمرے ہر گوشش کر دیکھو مگر خیر تم بھی کیا یاد کرو گے کہ اس کمرے سے فرار ہونے کے لیے بھی میں دی ہے۔ اب یہ تمہاری ذہانت ہو گی کہ تم وہ

انے کے باوجود بھی کہ اب کمرے کا دروازہ نہیں کیلی نے دروازے تک پہنچ کر اُسے کھولنے سا ہاتھ بھی تھی۔

تھیں!" جب چارلس کیلی دروازے سے ہٹا ایک جانب کی دیوار کے پاس دیکھو چارلس کیلی! انسانوں کی لاشیں پڑی نظر آئیں گی۔ یہ لاشیں میں تمہاری مدد کے لیے پہنچائی ہیں۔ اگر تمہارے تم اُس سے کام لے سکو تو انہی لاشوں سے فرار ہاں ایک بات بتا دوں۔ شاید تم یہ کھلا ہٹ وہ بات بھول جاؤ۔ وہ اہم بات یہ ہے کہ اِس کمرے ایک خفیہ راستہ موجود ہے لیکن شاید تمہیں یاد ہو کہ ہی موت کا جال بنایا جا سکتا ہے۔ غالباً تم میرا گے۔ یہ سالا میکنزم تمہارا ہی ترتیب دیا ہوا ہے۔ کہ اُس ایسا بندوبست کیا جانا بھی ممکن ہے کہ اُس الاقدم رکھنے والے پر گولیوں کی بوچھار ہو جائے

ا کے لیے عرض کر دوں کہ میں یہ بندوبست کر

کیل کے چہرے پر غصّے اور بے بسی کے ملے جُلے ہ تھے۔ غصّے سے اُس نے اپنی دونوں مُٹھیاں

کر چارلس کیلی! غصّہ عقل خبط کر دیتا ہے۔ ٹھنڈے دل سے حالات کا جائزہ لو! اِس کمرے سے فرار کی راہ موجود ہے!" رضیہ پھر چیخی۔ وہ چارلس کیلی کے ساتھ وہی کھیل کھیل رہی تھی جو میں چاہتی تھی۔

"اور میں اگر اسی کمرے میں رہوں اور فی الحال نکلنے کی کوشش نہ کروں تو؟" چارلس کیلی بولا۔

"تو بھی تم بچ نہ سکو گے۔" رضیہ نے جواب دیا۔ "یہ تمہارے پاس محدود وقت ہے، زیادہ سے زیادہ آدھا گھنٹہ! آدھے گھنٹے کے بعد یہاں پولیس پہنچ چکی ہو گی جو غیر قانونی اسلحہ کے بڑے ذخیرے پر قبضہ کرنے کے بعد تمہیں گرفتار کرے گی، وہ اسلحہ جو تم دنیا بھر کے تخریب پسندوں کو سپلائی کرتے رہے ہو ڈیئر چارلس کیلی!"

میں نے پہلی بار چارلس کیلی کے چہرے پر شدید گھبراہٹ کے آثار دیکھے۔ وہ چند لمحے بعد بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔ "اگر تم لوگ مجھے یہاں سے نکل جانے کا موقع دے دو تو میں تمہیں مالا مال کر دوں گا۔ میں تمہیں لاکھوں پونڈ دوں گا۔ تم لوگ دنیا کے جس ملک میں کہو گے رقم پہنچا دوں گا۔"

"فضول باتوں میں وقت ضائع نہ کرو چارلس کیلی!" رضیہ سخت لہجے میں بولی۔ "تم جیسے بھک منگے ہمیں نہیں خرید سکتے جو خود دہم سے زندگی کی بھیک مانگ رہے ہوں۔ ہم اب یہاں سے جا رہے ہیں اور جیسا کہ میں کہہ چکی ہوں، تمہارے پاس اِس کمرے سے فرار ہونے کے لیے صرف اور صرف ایک راستہ ہے۔ ہاں ایک بار، آخری بار پھر کہہ دوں کہ راستے کا انتخاب خوب سوچ سمجھ کر کرنا کیونکہ اِسی پر تمہاری زندگی اور موت کا انحصار ہے۔"

چارلس کیلی پھر گھگھیانے لگا۔ اِس بار اُس نے مجھے مخاطب کیا تھا۔ "مس ہانو! آپ ہی اپنی بہن کو سمجھائیے! پلیز میری مدد کیجیے!"

"میں اِس معاملے میں مداخلت نہیں کر سکتی۔" میں نے دو ٹوک جواب دیا۔ "یہ تمہارا اور رضیہ کا معاملہ ہے۔ وہ خود بالغ نظر اور ذہین ہے اِس لیے اپنا حساب خود بے باق کر رہی ہے۔"

"لیکن... لیکن میں یہ کیسے یقین کر لوں کہ واقعی فرار کی کوئی راہ موجود ہے؟" وہ بولا۔

"میری بہن جھوٹ نہیں بولتی ورنہ تمہیں قتل کرنا مقصود ہوتا تو اُسے کون روک سکتا تھا! وہ تمہیں فرار ہونے کے لیے ایک واضح اشارہ بھی دے چکی ہے۔ اُس اشارے کو سمجھو اور آنکھیں کھول کر کمرے کا جائزہ لو! کیا تمہیں کمرے کے روشندان سے رسّی لٹکی ہوئی نظر نہیں آ رہی؟" میں نے کہا۔

"مگر وہ میری دسترس سے بہت دُور ہے۔ میں جست لگا کر

کبھی اُسے نہیں پکڑ سکتا۔"

"تو پھر اُس تک پہنچنے کے لیے سوچو اور ہمیں اجازت دو!"

چارلس کیلی اب سمجھ چکا تھا کہ ہم پر اُس کی التجاؤں کا کوئی اثر نہیں ہوگا اور ہم بڑے سے بڑے لالچ میں بھی نہیں آئیں گے اس لیے پھر اُس نے ہمیں مخاطب نہیں کیا اور غور سے کمرے کا جائزہ لینے لگا۔ کمرے میں صرف ایک چھوٹی سی تپائی تھی جس پر دو موٹی موٹی کتابیں رکھی ہوئی تھیں۔ اُس کے علاوہ دو لاشیں تھیں۔ چارلس کیلی نے روشندان کے نیچے تپائی رکھ دی، اور پھر اُس پر چڑھ گیا۔ اُس نے تپائی سے کتابیں بھی نہیں اُٹھائی تھیں لیکن اِس کے باوجود بھی رسّی اُس کی دسترس سے دُور تھی۔ وہ تپائی پر کھڑا رہا، اور پھر ایک دم اُچھل کر رسّی کے سرے کو پکڑنا چاہا۔ رسّی کا سرا اُس کے ہاتھ نہ آسکا اور وہ اُوندھے مُنہ فرش پر آرہا۔ گرتے ہوئے اُس کا سر تپائی کے کونے سے ٹکرایا ہاتھ اور تپائی اُلٹ گئی تھی۔ چارلس کیلی کے ماتھے سے خون بہنے لگا تھا۔

"شاباش! پھر کوشش کرو!" میں چیخا۔

جواب میں چارلس کیلی ایک دم ہتھے سے اُکھڑ گیا۔ اُس کے مُنہ سے مغلظات کا طوفان اُمنڈ پڑا تھا۔

"بُری بات، بُری بات! اچھے بچے گالیاں نہیں بکتے۔" میں نے کہا۔

چند لمحے بعد ہی اُس نے خود پر قابو پا لیا۔ بڑبڑا رہا تھا۔ "لاشیں.... لاشیں!" پھر وہ ایک دیوار سے ٹیک لگی پڑی ہوئی لاشوں کی طرف لپکا۔

رضیہ ایک دم کرسی سے اُٹھ کھڑی ہوئی۔ وہ بھی آخر اُس نے راہ ڈھونڈ ہی لی۔ اب چلنا چاہیے!"

چارلس کیلی ایک لاش کی ٹانگ پکڑے اُسے سیدھا کر رہا تھا روشندان کے نیچے لے جا رہا تھا۔

"چارلس کیلی! ایک بار پھر سوچ لو کہ تم نے صحیح راہ کا انتخاب کیا ہے۔" رضیہ نے کہا۔ "ممکن ہے کہ یہ راہ تمہیں موت کے میں لے جائے۔"

"بلواس مت کرو!" چارلس کیلی پوری قوت سے چیخ پڑا، اور پھر وہ اپنے کام میں مصروف ہوگیا۔

کچھ دیر بعد ہی وہ ایک لاش پر دوسری لاش رکھ چکا تھا اور اب تپائی اُٹھا رہا تھا۔

"اب خدا حافظ مسٹر چارلس کیلی!" رضیہ نے کہا اور جُھک کر کئی سوئچ آن آف کیے، پھر میری اور رضوان کی جانب مڑتے ہی بولی۔ "اب تیز جلد سے جلد اس عمارت

بعد ہی یہ عمارت ایک دھماکے سے اُڑا
یہ خبر میرے اور رضوان کے لیے
تھی۔ رضیہ کے ساتھ ہم دونوں بھی تیز
راہداری میں پہنچتے ہی رضیہ نے
میں اور رضوان بھی اُس کے ساتھ سا
کے اختتام پر اب عمارت کا دروازہ کھلا
نے چلنے سے قبل یقیناً کسی سوئچ کو آن
کھول دیا تھا۔

ہماری واپسی اُسی راستے سے ہوئی
رضوان جزیرے پر پہنچے تھے۔ غالباً چارلس
ہی کے ذریعے پہنچا تھا کیونکہ بعد میں بھی
نظر آیا تھا۔

ہم کشتی میں بیٹھ کر ابھی زیادہ دُور نہ
ایک زبردست دھماکا ہوا جیسے کوئی بم پھٹا
دھماکے ہونے لگے۔ میں نے جزیرے پر موجود عما
کے درمیان معلق ہو کر فضا میں اُڑتے
دھماکے ہو رہے تھے۔ عمارت کا سارا
موجود عمارت ملبے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکی
سے گاڑھا گاڑھا دھواں اُٹھ رہا تھا۔

"آخر اُس احمق نے وہی کیا جس کی مجھے تو
نے کہا۔

"کیا تم نے واقعی اُس کے لیے کوئی فرار کی راہ
رضوان نے رضیہ سے پوچھا۔

"ہاں یقیناً! مگر وہ دھوکا کھا گیا اور اُس
سوچا کہ فرار کی راہ اتنی آسان نہیں ہو سکتی۔" رضیہ
دیا۔ "وہ چاہتا تو خفیہ راستے سے فرار ہو سکتا تھا مگر
کہیں واقعی اُس صورت میں اُس پر گولیوں کی بوچھا
حالانکہ میں نے کوئی ایسا بندوبست نہیں کیا تھا۔ اُس
اُس کمرے میں دیوار پر موجود ایک سوئچ دبا کر خفیہ را
کے بعد اُن لاشوں میں سے ایک لاش کو خلا میں پھینک
اِس طرح اُسے بآسانی پتا چل سکتا تھا کہ خلا میں اُترنے
بوچھاڑ ہوتی بھی ہے یا نہیں! میں نے لاشوں کا اشارہ
دیا تھا مگر اُس نے کچھ اور ہی نتیجہ اخذ کیا اور مارا گیا

پھر رضوان کے استفسار پر رضیہ نے اُن دھماکوں
بتایا۔ جس کمرے میں ہم نے چارلس کیلی کو چھوڑا تھا، اُس کے

ہر ایک بیکر رکھ دیا تھا جو اُسے عمارت
ذریعے بھیلتی لیکن جب اُس نے روشندان سے
بیکر اُٹھ گیا ہوگا۔" رضیہ اپنی بات ختم کرتے
اُس کے بعد جو کچھ ہوا ظاہر ہی ہے۔"

واپس ہونے کے دوران میں رضیہ نے بقیہ
بعد میری بہت سی ذہنی اُلجھنیں دُور ہو گئیں۔
گوش گزار کر رہی تھی۔ رضیہ میری برابر والی
رضوان جیسے!

جیران تھی کہ اتنے دن چارلس کیلی کی قید میں
اُن کے لیے جدوجہد کیوں نہیں کی! رضیہ نے
مان لی تو میرے اِس سوال کا جواب مل گیا۔

اُسے کھانے میں کوئی ایسی دوا ملا کر دی جاتی
ہوش خوابی کی سی کیفیت طاری رہتی تھی۔ جسم شل ہو کر
سوچنے کی صلاحیتیں مفقود ہو جاتی تھیں۔ رضیہ
حساس کافی دن بعد ہوا تھا۔ جب رضیہ یہ بات
کھانے میں احتیاط برتنا شروع کر دی۔ وہ دوا
میں ملائی جاتی تھی۔ رضیہ نے آخر پتا چلا لیا کہ
ش ہی میں ملائی جاتی تھی۔ اُس نے سوئٹ
میں بہانا شروع کر دی اور رفتہ رفتہ وہ معمول
یہ بات ظاہر نہیں ہونے دی۔ وہ پہلے ہی کی طرح
حال ہی نظر آتی اور زیادہ تر وقت سونے میں گزارتی۔
چارلس کیلی کی منتظر تھی۔

اچانک جب اُسے چارلس کیلی کی غیر متوقع آمد کے بارے
اُس نے پہلے سے سوچے سمجھے منصوبے پر عمل کیا۔ جزیرے
تھے جن میں سے ایک چارلس کیلی کی نیابت کرتا تھا
ویٹر بنا ہوا تھا۔ رضیہ کو بھی اُس نے اپنا نام بیٹر
حالانکہ اُس کا نام کچھ اور ہی رہا ہوگا۔ تین مسلح محافظ
مزاحمت کرنے کے سبب رضیہ کے ہاتھوں مارے
کو اُس نے بیہوش کر کے باندھ دیا تھا۔ اُن افراد

کے علاوہ ایک اور شخص تھا جو اُس وقت جزیرے پر موجود نہیں تھا اسی لیے اُس کی جان بچ گئی تھی۔ وہ خوش قسمتی سے اُس دن نقلی بیٹر سے چھٹی لے کر چلا گیا تھا۔

وہ شخص جو نقلی بیٹر کا کردار ادا کر رہا تھا، اُس کی زبان کھلوا کر رضیہ کو جزیرے کے تمام میکنزم کا پتا چلا تھا۔ اُس نے دھوکا دے کر رضیہ کو ختم کرنا چاہا تھا اِس لیے وہ بھی اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا تھا۔ یہ اُسی یادگار دن کا ذکر ہے جب میں رضوان کے ہمراہ وہاں پہنچی تھی۔

ہم لندن میں اپنے ہوٹل پہنچے ہی تھے کہ لیلیٰ کا فون ملا۔ آپریٹر نے بتایا تھا کہ وہ پہلے بھی دو مرتبہ فون کر چکی تھی۔ لیلیٰ تفصیلات جاننے کے لیے بے چین تھی اور رضیہ سے ملنے کے لیے بھی! اُس نے اب تک صرف رضیہ کا ذکر ہی ذکر سنا تھا۔

کچھ دیر بعد ہی لیلیٰ ہوٹل پہنچ گئی۔ کھانے کے دوران میں ہی میں نے اُسے سارے واقعات بتا دیے۔ تمام واقعات سن کر وہ میری ہی طرح رضیہ سے بھی متاثر نظر آنے لگی تھی۔

دوسرے ہی دن میں نے رضیہ اور رضوان سے کراچی جانے کے لیے کہا۔ جب رضیہ خاموش رہی اور چور نظر سے رضوان کی طرف دیکھنے لگی تو میں نے رضوان کی طرف دیکھا۔ اُس کے ہونٹوں پر شریر سی مسکراہٹ رقص کر رہی تھی۔

"دراصل میرا ارادہ یہاں کچھ دن رُک کر سیر سپاٹے کا ہے۔ ویسے رضیہ اپنی مرضی کی خود مالک ہے۔ چاہے آپ کے ساتھ چلی جائے، چاہے بعد میں میرے ساتھ!" رضوان نے کہا۔

میں رضیہ کا ایما جانتی تھی اِس لیے اُس سے کچھ نہیں پوچھا۔ وہ اور رضوان کافی عرصے کے بعد ملے تھے اِس لیے اُنھیں کچھ وقت ایک ساتھ گزارنے کا حق تھا۔

جس دن وہ دونوں مجھے ایئرپورٹ تک رخصت کرنے آئے تو بہت خوش تھے۔ مجھے خدا حافظ کہنے والوں میں لیلیٰ کمال بھی تھی جو مجھے الوداع کہتے ہوئے کچھ اُداس سی تھی۔

کچھ دیر بعد ہی میں جہاز میں بیٹھی ہوئی کراچی کے لیے پرواز کر رہی تھی اور میری آنکھوں میں کراچی کی گلیاں اور بازار گھوم رہے تھے۔ کراچی جو مجھے اپنے وطن کی طرح عزیز تھا اور جہاں میں نے بڑی ہنگامہ خیز زندگی گزاری تھی۔

جلد دوم

میری زندگی اِتنے ہنگامہ خیز اُدوار سے گزر چکی ہے کہ جس دور

کو بھی قلم بند کیا جائے، اُس پر افسانے کا گمان ہوگا۔ اُنہی اَدوار میں سے ایک دَور کو میں آپ لوگوں کے سامنے پیش بھی کر چکی ہوں۔ اُس دَور کے رنگا رنگ لمحات نے آپ کے ذہنوں پر بڑے گہرے اثرات چھوڑے ہیں۔ اِس کا اندازہ مجھے اُن بے شمار خطوط سے ہوا ہے جو میری سرگزشت کی اشاعت کے دوران میں بڑے تسلسل سے آتے رہے۔ میرا جی چاہ رہا ہے، اِس بات کو ظاہر کر دوں کہ اُن میں سے ستر فیصد خطوط لڑکیوں کے تھے۔ مَردوں کے خطوط میں تقریباً نصف تعداد ایسی تھی جن میں مجھے "راہِ راست" پر آنے کی تلقین کی گئی تھی۔ نہ جانے یہ لوگ راہِ راست کسے کہتے ہیں! کیا سچ ہے اور کیا جھوٹ، یہ میں آج تک نہیں سمجھ سکی۔ کیا اچھا ہے اور کیا بُرا! اِس کا فیصلہ تو میرے خیال کے مطابق کبھی نہیں ہو سکا۔ ہر دَور کی اپنی قدریں اور اپنے تقاضے ہوتے ہیں، اُنہی کے مطابق اچھے بُرے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ ہر آنے والی نسل اُن فیصلوں میں ترمیم و اضافہ کرتی رہتی ہے۔ گویا کوئی اچھائی مُستند نہیں اور کوئی بُرائی متفقہ نہیں۔ بعض اوقات تو آنکھیں بھی جھوٹ دیکھنے لگتی ہیں۔ میری آنکھوں نے بھی بہت سے جھوٹ دیکھے ہیں جو آج سچ بن چکے ہیں اور آج میں جن "سچائیوں" کو دیکھ رہی ہوں، کیا عجب کہ آنے والی نسل اُنہیں جھوٹ ثابت کر دے۔ پس لازم ہے کہ اِس بحث میں نہ اُلجھا جائے۔ مجھے میرے جھوٹ پر قائم رہنے دیجیے کہ میں اِسے سچ سمجھتی ہوں اور آپ اپنے سچ پر جمے رہیے حالانکہ میں اُسے جھوٹ گردانتی ہوں۔

اب کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ اِس مختصر سی چھیڑ چھاڑ کے بعد میں اُن واقعات کا آغاز کروں جنھیں پڑھنے کا آپ کو اشتیاق ہوگا اور جنھیں قلم بند کرنے پر مجھے مجبور کیا گیا ہے۔

انگلینڈ سے کراچی واپس آنے کے بعد میں کچھ عرصے تو سیاسی سرگرمیوں میں اُلجھی رہی لیکن پھر کچھ ایسے واقعات ہوئے کہ سیاست سے میرا دل اُچاٹ ہو گیا اور میں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر اپنی فرم کی طرف متوجہ ہو گئی جسے میں نے بہت عرصے سے اشتہاریہ پر چھوڑ رکھا تھا۔

جس روز میں دفتر میں بیٹھی، اُس سے ایک ہفتے قبل میری اسٹینوگرافر فرنس کے ایک حادثے میں جاں بحق ہو چکی تھی۔ اُس کی جگہ پُر کرنے کے لیے اخبار میں اشتہار دیا جا سکتا تھا لیکن میں نے بس اِتنا کیا کہ "اسٹینوگرافر کی ضرورت" کی خبر اپنے شناسا حلقے میں پھیلا دی۔

پھر بہت جلد لڑکیوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ روزانہ ہی دو تین انٹرویو ہونے لگے لیکن میرا مطمئن ہونا آسان نہیں تھا۔ میں آنے والی لڑکیوں کو بہت خاص نظر سے جانچتی تھی۔ کوئی ایک درجن لڑکیاں میری کسوٹی پر پوری نہ اُتر سکیں لیکن تیرھویں لڑکی پر پہلی نظر پڑتے ہی میرے وجود میں ایک تریاق، لمسِ جہانی کے سوا کسی چیز میں نہیں تھا۔

وہ اپنے چہرے سے بہت کم عمر تھی، کی سال کی ہوگی لیکن جسم گداز کی اُس کلی کی طرح تھا جس پر ایک لمحہ رگا گیا ہو۔ آفتابِ جذب کی پہلی بے قراری سے کھل اُٹھنے کو جذبات کا آئینہ اُسے اِس طرح دیکھا جیسے اُس خراب جسم کی الو تھی۔ میں یہ تو نہیں کہوں گی کہ اُس جیسی کوئی لڑکی نہیں آئی تاہم اُس میں کوئی نامعلوم سی اضافی نے ایک انجانی کشش کو محسوس کیا مگر تجزیہ نہیں محرّج دمنع کیا شے تھی!

میں نے اُس کے چہرے پر اُداسی کی

مجھے ایسی معلوم ہوئی جیسے صاف و شفاف لہر گرنے لگے۔ وہ بوٹے سے قد کی لڑکی ا قدم اُٹھاتی ہوئی میری میز کی طرف آئی کو معلوم میں خُمار و کُدر ہا ہے۔ اُس کے چلنے کا یہ انداز بھی وہ میرے سامنے میز کی دوسری طرف آ کرسی سے بیٹھنے کے لیے کہا تو وہ اِس طرح چونک محسوس کیا ہو کہ وہ کہاں آئی ہے! جب کے لب لعلیں میں خفیف سی حرکت ہوئی تھی۔ تھا مگر اتنی مدھم آواز میں کہ مَیں نہیں سن سکی

وہ بیٹھ گئی اور میری نگاہ اُس کے نے اُس سے کوئی سوال نہیں کیا۔ میں چاہتی تھی کہ کے لب سے ہو۔ ویسے بھی مجھے کوئی سوال میں نے اُسے اپنے دل میں "اپائنٹ" کر لیا کارروائی تو وہ کسی وقت بھی پوری ہو سکتی تھی۔ سودہ ہو چکا تھا۔

دو تین منٹ گزر گئے اور اُن گزرتے

مضطرب کر دیا۔ یقیناً وہ چاہتی تھی کہ میں کچھ بول کر اُس خُمار آسا فضا کو کیسے درہم برہم کر سکتی

لڑکی کی گھنیری پلکوں کی جھالر اٹھتی متوقع نظر سے میری طرف دیکھتی اور سر جھکا لیتی پر اُس نے غالباً چھٹی مرتبہ پہلو بدلا اور میرے کے لیے آئی ہوں۔"

"اچھا!" میں نے ایک طویل سانس

دہ ہی سمجھتی رہی تھی۔

گم مہاجگیر نے بتایا تھا کہ آپ کو اسٹینوگرافر

ہی بتایا تھا۔" میں نے خفیف سی مسکراہٹ

کی مقناطیسیت میری نگاہ کو جذب

والی ہوں۔" لڑکی نے بتایا، اور پھر دوپٹے کو کھولنے ہی والی تھی کہ میں نے ہاتھ اُٹھا

ضرورت نہیں ہے۔" میں نے کہا۔ "اصل

ا ہے۔ اپائنٹمنٹ لیٹر تھیں بھی ذرا دیر میں مل

لہ اِس طرح کہا جیسے خوشی کا اظہار کر رہی

کے چہرے پر کہیں نظر نہیں آئی۔ وہ کہیں

ی تھی۔ اُس نے بتایا۔ "میرا نام اسکینتا ہے۔"

کچھ تم ہندو ہو؟"

گئی تھی سی تھی اور اُس نے میری طرف اِس

ں تم "پریشان ہو۔ وہ روہانسی ہو کر

لڑکیوں کو ملازمت نہیں مل سکتی؟"

بالکل غلط کیا ہے۔ میری فرم میں تو

ملازمت مل سکتی ہے۔ یہ بھارت نہیں

ہ ہندو رہتے ہیں۔" میرے

ہی سنبھل گئی اور ہنس کر بولی۔ "تم

کر سکتی ہو؟"

ہ سے استعجابیہ لہجے میں بولی۔

اس وقت کسی کام سے جانا ہے؟"

کوئی بات نہیں۔" اُس نے جلدی سے کہا۔

مذہب بڑا عجیب سا معلوم ہوا۔"

طلاع سے آگاہ ہو جاؤ گی۔ مجھے جو کام کرنا

ہیں رکھتی۔" میرا لہجہ شاید کچھ تیز تھا۔

نظر میری طرف دیکھا لیکن میں نے اُس

ں سے کام لیا اور انٹرکام پر اپنی سیکریٹری

میں ہدایات دینے لگی۔ اُس مختصر سی

سنگیتا کی طرف متوجہ ہوئی تو وہ آہستہ

ں آپ سے؟"

"کہو۔" میں میز پر جھک کر اُس کی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔

اب سنگیتا کے چہرے پر تذبذب تھا۔ وہ کچھ کہتے ہوئے ہچکچا رہی تھی۔ بڑی ہمت کر کے اُس نے دھیمے لہجے میں کہنا شروع کیا۔ "اب سے چھ ماہ قبل میں اِس بات کا تصور بھی نہیں کر سکتی تھی کہ مجھے ملازمت کرنا پڑے گی۔ بس زمانے کی گردش نے مجھے اِس موڑ پر لا کھڑا کیا ہے اور میں اِس چھ ماہ کے عرصے میں بے حد پریشان رہی ہوں۔ آج کے دَور میں لڑکیوں کو ملازمت ملنا چنداں دشوار نہیں ہوتا مگر اُسی صورت میں جب وہ ایک شرط پر پوری اُتر سکیں اور میں اپنی فطرت سے مجبور ہونے کے باعث اُس شرط پر پوری نہیں اُتر سکتی۔" سنگیتا کی پلکیں جُھک گئیں۔

"میں نے آج تک شاید کسی مرد کو بھی انسان نہیں پایا، سبھی بھیڑیے نظر آئے ہیں۔ میں یہ تو نہیں کہہ سکتی کہ اِس زمین پر بسنے والے سب مرد بھیڑیے ہیں لیکن یہ شاید میری بدقسمتی ہے کہ مجھے کوئی انسان نہیں ملا۔ صرف ایک شخص تھا جس نے مجھے یہ باور کرانے کی کوشش کی تھی کہ وہ انسان ہے لیکن بے اعتباری شاید میری فطرت بن چکی ہے۔" سنگیتا کی نظر اب تک جھکی ہوئی تھی۔ یکایک وہ چُپ ہو گئی، پھر اُس نے نظر اُٹھا کر میری طرف دیکھا اور بولی۔ "آپ میری باتوں سے بور تو نہیں ہو رہی ہیں؟"

"تم زندگی بھر بولتی رہو۔ میں کبھی بور نہیں ہوں گی۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"دراصل اِن سب باتوں سے میرا مقصد آپ کو صرف یہ بتانا ہے کہ میں کسی عورت ہی کی ملازمت کرنا چاہتی تھی، اور جب مجھے بیگم جہانگیر سے آپ کے بارے میں معلوم ہوا تو میں سیدھی یہیں دوڑی چلی آئی۔"

"یہ تم نے بہت اچھا کیا۔ مَردوں کے بارے میں تمھارے خیالات سے مجھے پورا پورا اتفاق ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ مجھے اپنی زندگی میں ایسے مَردوں سے بھی سابقہ پڑا ہے جو اچھے انسان تھے یا اچھے انسان ہیں۔"

"پھر آپ نے اُن میں سے کسی کے ساتھ شادی کیوں نہیں کر لی؟" پہلی مرتبہ بہت خفیف سی مسکراہٹ نظر آئی۔

"نہیں، تم بحث ضرور کرو۔ میری طرف سے اجازت ہے۔ میں قطعاً بُرا نہیں مانوں گی۔"

"مجھے بیگم جہانگیر نے بتایا تھا کہ اِس بحث میں آپ سے کبھی کوئی نہیں جیت سکا تو پھر میں بیچاری کس شمار و قطار میں ہوں۔"

"تمھیں بیگم جہانگیر نے میرے بارے میں کچھ اور بھی بتایا تھا؟"

بیگم جہانگیر نے مجھے بتایا تھا کہ آپ غیر شادی شدہ ہیں۔"

"مرد خواہ کتنا ہی اچھا انسان کیوں نہ ہو، وہ عورت کے مقابل احساسِ برتری میں ضرور مبتلا ہوتا ہے اور میں اپنے اُوپر کسی کو حاکم

نہیں۔ کہہ سکتی؟"

"ایک مشرقی لڑکی ہونے کی حیثیت سے مجھے یہاں آپ سے ۔۔۔ لیکن میں کوئی بحث نہیں کروں گی۔" سنگیتا کے ہونٹوں ۔۔۔ سے ٹوٹنے والی نظر سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"۔۔۔ ہیں!" سنگیتا نے پھر پلکیں جھکا لیں۔

"کیا بتایا تھا؟"

"کچھ عجیب سی باتیں تھیں، میری سمجھ میں تو بالکل نہیں آئیں۔ بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ کوئی عورت کسی عورت سے۔۔۔ یعنی یہ کہ۔۔۔ کہ۔۔۔" سنگیتا کی زبان نہیں نکلنا تھی آگئی اور چہرہ کچھ سُرخ ہو گیا۔

میں ہنس پڑی اور بولی "خیر چھوڑو ان باتوں کو! یہ بتاؤ تم چائے پیو گی یا کافی؟"

"شکریہ، میں کچھ بھی نہیں پیوں گی۔ آپ تو مجھے یہ بتائیے کہ بحیثیت اسٹینوگرافر میرے فرائض کیا کچھ ہوں گے؟ صرف خطوط کے جوابات یا کچھ اور بھی؟"

"ابھی میری سکریٹری تمہارا اپائنٹمنٹ لیٹر ٹائپ کرا کے لاتی ہو گی۔ وہ تمہیں سب کچھ بتا دے گی۔ ہاں، دو ایک باتیں ایسی ہوں گی جو تمہیں صرف میں ہی بتاؤں گی۔ ویسے مجھے ایک بات پر بہت حیرت ہے۔"

"کس بات پر؟"

"تم اسٹینوگرافر ہو اور تمہارے پاس کچھ اسناد بھی ہیں۔ آخر اتنی کم عمری میں تم نے یہ سب کچھ کیسے کر لیا؟"

"آپ کے خیال میں میری عمر کیا ہے؟"

"سولہ سترہ سال سے زائد تو ہرگز نہیں ہو سکتی۔"

"آپ دس سال کا پھیلا کر رہی ہیں۔" سنگیتا نے کچھ بے تکلفی سے کہا۔

"یعنی تم صرف چھ سال کی ہو؟" میں برجستہ بولی۔

"چھبیس سال کی!" وہ ہنس پڑی۔

"نا ممکن!"

"میں اسناد کے ساتھ اپنی پیدائش کا سرٹیفکیٹ بھی لائی ہوں۔"

"میں اُسے جعلی قرار دے دوں گی۔"

"یہ تو زبردستی ہوئی۔"

"میں کبھی کبھی زبردستی بھی کر گزرتی ہوں۔" میرا لہجہ شاید کچھ معنی خیز تھا جسے سنگیتا نے محسوس نہیں کیا۔ ۔۔۔ چیز جو ۔۔۔ اور بات بھی میری سمجھ میں نہیں آئی۔"

"وہ کیا؟"

"تم نے بتایا تھا کہ چھ ماہ قبل تم ملازمت کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتی تھیں۔ آخر ان چھ ماہ میں تمہیں کن حالات سے گزرنا پڑا ہے؟"

میرے اس سوال سے سنگیتا ۔۔۔ کی گہری سنجیدگی چلی گئی، بھرّائے ۔۔۔ کر بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "کیا آپ ایک کھتری باپ کی بیٹی تھی؟"

مجھے اس بات پر اتنی تعجب ہوا ہو بولی۔ "کیا تمہارے والد نے تمہاری کسی بات پر گھر سے الگ کر دیا ہے؟"

"پتاجی مجھے اپنی جان سے زیادہ ۔۔۔ جواب دیا۔ "میں اُن کی اکلوتی بیٹی ہوں۔"

"پھر کیا وجہ ہوئی کہ۔۔۔" میرا ذہن ۔۔۔ چھ ماہ میں قلاش ہو جانا صرف اسی صورت غلط محبتوں میں پڑ گیا ہو۔ ریس، سٹاک اور ۔۔۔ کسی لکھتی شخص کو اتنی جلدی قلاش کر سکتے ہیں۔

سنگیتا نے ایک ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ میں بس اتنا ہی جانتی ہوں کہ ایک روز جب ۔۔۔ اور آسمان ہم پر ٹوٹ پڑا۔ ہم ایک خوبصورت ۔۔۔ لائنرز کے ایک چھوٹے سے کوارٹر میں منتقل ہو گئے۔ اُس کا مالک مشتاق جنگیری بن گیا۔"

"یہ مشتاق جنگیری کون ہے؟"

"ایک تاجر ہے، قالینوں کی تجارت کرتا ۔۔۔ کے پاس آیا کرتا تھا۔ مجھے اس کا علم نہیں کہ پتاجی ۔۔۔ نوعیت کیا تھی۔"

سنگیتا کے اس معاملے میں میری دلچسپی ۔۔۔

"جب تم اپنے بنگلے سے ایک کوارٹر میں منتقل ہوئی ۔۔۔ پتاجی سے پوچھا تو ہو گا کہ اس انقلاب کا سبب کیا؟"

"ظاہر ہے کہ میں نے پوچھا ہو گا لیکن پتاجی ۔۔۔ تشفی بخش جواب نہیں دیا۔ وہ بس اتنا کہہ کر چپ ہو ۔۔۔ کی یہی مرضی تھی۔"

"بڑی عجیب بات ہے۔" میرا تجسس بڑھ ۔۔۔

"جی ہاں!" سنگیتا نے پھیکی سی مسکراہٹ ۔۔۔ یوں لگتا ہے جیسے میں پچیس سال تک ایک ۔۔۔ اچانک ٹوٹ گیا۔"

"ایک اذیتناک شکستگی!" میں نے ٹھنڈا سا ۔۔۔

"آپ شاید ہی اُس اذیت کا اندازہ کر سکیں ۔۔۔

"کیا میں تمہارے پتاجی سے مل سکتی ہوں؟"

"جواب دیا۔ "لیکن مشکل یہ ہے کہ خود پتاجی ۔۔۔ ہیں۔"

"ہاں بلوں گی۔"

مُسکرائی۔ "وہ بس ایک کال کی ٹھوکر ہے مادام!"

۔۔۔

"ہاں انسان ایسی ہی کال کوٹھریوں میں زندگی ۔۔۔ ہاں کام نہیں گھٹتا اور تم بھی ایک خوبصورت ۔۔۔ بعد اب تک زندہ ہو تو پھر میرا رام کیوں ۔۔۔ وہی ہو کہ میں وہیں جاتے ہوئے عار ۔۔۔ خیال ہی ہو کہ میں وہاں جاتے ہوئے عار ۔۔۔ ہاں جہاں ایسے لوگ رہتے ہوں جنہیں میں ۔۔۔ تم مجھے اچھی لگی ہو، بہت پیاری بچی!"

۔۔۔ نے سپاٹ لہجے میں کہا۔

۔۔۔ دل میں ضرور تمہارے گھر چلوں گی۔"

۔۔۔ سمجھیں۔"

۔۔۔ میری سکریٹری نے مجھے بتایا کہ سنگیتا کے اپائنٹمنٹ ۔۔۔

۔۔۔ میں نے سکریٹری سے کہا۔ "اپائنٹمنٹ لیٹر ۔۔۔ آخری بات یہ کہ کافی بھجوا دو!"

۔۔۔ کر رہی تھی کہ سنگیتا بولی۔ "کیا اس میں کوئی حرج ۔۔۔ سے ڈبونی جو اس کر دوں؟"

۔۔۔ نہیں ہے۔"

۔۔۔ میں ڈبونکہ صرف انٹرویو کے لیے آئی تھی اس لیے میری ۔۔۔ ہو جائیں گے۔"

۔۔۔ ٹھیک ہے۔ تم کل ہی سے جوائن کر دو۔ کل جب ۔۔۔ ساتھ چلوں گی۔ اپنے پتاجی کو بتا بھی دینا ۔۔۔ لوں گی۔"

۔۔۔ م۔۔۔"

۔۔۔ میں نے اُس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "مجھے صرف ۔۔۔ جاتا ہے۔ میرا نام صبیحہ بانو ہے۔ ویسے اردو میں ۔۔۔ مترادف ہے۔"

۔۔۔ اب میں آپ کو بانو ہی کہوں گی۔"

۔۔۔ مجھے یہ بہت دلکش لگتا ہے کہ لوگ مجھے بانو ۔۔۔

دروازے پر دستک ہوئی تو میں نے بلند آواز میں کہا۔ "کم ان!" میرے اندازے کے مطابق وہ میری سیکریٹری ہی تھی۔ اُس نے اپائنٹمنٹ لیٹر دیا اور گہری نظر سے سنگیتا کا جائزہ لے کر چلی گئی۔

"ہاں تو میں یہ کہہ رہی تھی کہ آپ پتاجی سے کیوں ملنا چاہتی ہیں؟" سنگیتا بولی۔

"یہی معلوم کرنے کے لیے کہ اُن کی زندگی میں یہ انقلاب کیوں کر آیا! اگر میں اس سلسلے میں اُن کے کام آ سکی تو کوئی گریز نہیں کروں گی۔"

"میرا خیال ہے کہ آپ بھی اُن سے اس کا سبب نہیں معلوم کر سکیں گی۔"

"اگر میں اُن سے نہ معلوم کر سکی تو کسی اور ذریعے سے معلوم کر دوں گی۔ یہ ناممکن ہے کہ میں کسی کام کا تہیہ کر لوں اور وہ نہ ہو۔"

گفتگو کا سلسلہ ذرا دیر کے لیے پھر منقطع ہو گیا کیونکہ اُسی وقت کافی آ گئی تھی۔ کافی پینے کے دوران میں بھی میں، سنگیتا سے باتیں کرتی رہی لیکن اُس کے ذہن سے کوئی ایسا نکتہ نہیں کُرید سکی جو اُس عجیب و غریب معاملے کو سمجھنے میں میری کوئی مدد کر سکتا۔ میں گفتگو کے دوران میں ہی فیصلہ کر چکی تھی کہ اس سلسلے میں بیگم جہانگیر سے بھی پوچھ گچھ کروں گی۔ وہ چونکہ سنگیتا سے واقف تھی اس لیے میں تہیہ کر چکی تھی کہ سنگیتا کے باپ کو جانتی ہو اور اُس کے بارے میں بھی کچھ معلومات فراہم کر سکے۔

کافی پینے کے بعد سنگیتا میرا شکریہ ادا کر کے رخصت ہو گئی اور اُس کے جاتے ہی میں نے بیگم جہانگیر کو فون کیا۔ دوسری طرف سے جواب ملا کہ بیگم صاحبہ گھر پر موجود تھیں اور غالباً شام سے پہلے واپس نہیں آئیں گی۔

میں نے فون بند کیا اور اپنے سامنے رکھی ہوئی فائلیں ایک طرف سرکا دیں۔ کام کرنے کا موڈ بالکل نہیں رہا تھا۔ تجسس کی لہریں میرے ذہن کو ہچکولے دینے لگی تھیں۔ میں یہ جاننے کے لیے بے چین ہو چکی تھی کہ سنگیتا جیسی پیاری بچی جس نے بڑے ناز و نعم میں پرورش پائی تھی، اچانک غربت کی گود میں کیسے جا گری! ایک خیال جو میرے ذہن میں بار بار اُبھرا وہ یہ تھا کہ سنگیتا کے باپ کو کسی معاملے میں بلیک میل کیا گیا ہے اور بلیک میل کرنے والا شخص مشتاق جنگیری ہی ہو سکتا ہے۔ اب دوسرا اہم سوال یہ تھا کہ آیا یہ معاملہ کون سا ہو سکتا ہے جس میں سنگیتا کا باپ سب کچھ ہی بیٹھے؟

اس سوال کا جواب از خود ذہن میں نہیں آ سکتا تھا۔ اس کے بارے میں چھان پھٹک کی ضرورت تھی اور میں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ اگر سنگیتا کا باپ مظلوم ہے تو میں اُسے اُس کی کھوئی ہوئی جنت واپس دلا کر رہوں گی۔

سنگیتا کا بھولا بھالا چہرہ میرے دل و دماغ پر چھایا رہا اور میں اُس روز بہت کم کام کر سکی۔ اُکتا کر ساڑھے تین بجے میں نے فائلیں بند کر دیں اور پھر اُٹھنے ہی والی تھی کہ ایک عجیب و غریب فون رسول ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ وہ فون کال کئی اعتبار سے عجیب و غریب تھی۔ دوسری طرف سے بولنے والا کوئی مرد تھا اور یہ بات صاف ظاہر ہو گئی تھی کہ وہ آواز کو بگاڑ کر بولنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اُس نے بغیر کسی تمہید کے یہ پھلجھڑی چھوڑی تھی کہ سنگیتا ایک آوارہ مزاج اور پیشہ ور قسم کی لڑکی ہے جو میرے دفتر کی فضا کو بھی خراب کر دے گی۔

"لہٰذا اگر آپ اُسے ملازم نہ رکھیں تو یہ آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔"

"بہت خوب!" میں نے خشک لہجے میں کہا۔ "لیکن میرے حق میں کیا بہتر ہے اور کیا بہتر نہیں ہے، اِسے میں دُنیا کے ہر شخص سے زیادہ جانتی ہوں اور کسی مرد کو یہ حق نہیں دے سکتی کہ وہ میرے فیصلوں پر اثر انداز ہو۔"

"یہ میرا انسانی فرض تھا کہ آپ کو حقیقت سے آگاہ کر دوں۔ فیصلہ تو آپ ہی کریں گی اور وہ آپ ہی کے حق میں مفید یا غیر مفید ثابت ہوگا۔ مجھے اِس سے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔"

"لیکن کوئی فائدہ ضرور پہنچ سکتا ہے۔" میں نے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"ہاں فائدہ تو پہنچے گا لیکن صرف میری ذات کو نہیں بلکہ پورے معاشرے کو!" اجنبی نے جواب دیا۔ "سنگیتا جیسی لڑکیوں کو اُس فضا سے دُور ہی رکھنا چاہیے جہاں شریف لڑکیاں سانس لیتی ہوں۔"

"تم نے ابھی تک اپنا نام نہیں بتایا ذاتِ شریف!" میں نے زہریلے لہجے میں کہا۔

"چلیے یہ بھی ٹھیک ہے۔" اُس نے ہنس کر کہا۔ "اگر آپ مجھے ذاتِ شریف کہہ کر خوش ہو سکتی ہیں تو مجھے اِس پر کوئی اعتراض نہیں۔"

"یعنی تم اپنا نام نہیں بتانا چاہتے؟"

"کیا ضرورت ہے مجھے پڑے پر آنے کی؟"

"تو پھر جہنم میں جاؤ۔" میں نے یہ کہہ کر فون بند کر دینا چاہا۔

وہ جلدی سے بولا۔ "سنیے!"

"فرمائیے!" میں نے بڑا برا سا منہ بنایا اور ریسیور رکھتے رکھتے رُک گئی۔

"غالباً آپ کو میری باتوں پر یقین نہیں آیا!"

"ظاہر ہے۔" میں نے کہا۔ "ابھی تک نہ یہ بتایا ہے کہ تمہیں سنگیتا کے متعلق معلوم ہوئیں!"

"مجھے یہ باتیں اِس لیے معلوم ہیں کہ زیادہ دُور نہیں رہتا اور اُس کے گھر کا۔"

"کیا مطلب؟"

"کچھ دن پہلے تک مجھے یہ غلط فہمی رہی کرتی ہے لیکن جب میرے بینک میں ختم ہو گئے تو سنگیتا نے مجھے منہ نہ لگایا۔"

"اگر سنگیتا اِس قسم کی لڑکی ہے تو آپ کیا ضرورت ہے؟"

"اِس قسم کی لڑکیاں ملازمت اِس لیے رہی ہے۔"

"مجھے اب بھی تمہاری باتوں پر یقین نہیں آیا۔"

"اگر آپ ثبوت ہی چاہتی ہیں تو کسی بھی سنگیتا کی نقل و حرکت پر نظر رکھ کر دیکھ لیجیے!" اُس کے لہجے سے یوں معلوم ہونے لگا تھا جیسے پر جھنجلا گیا ہو۔ "اُس نے یہ کہہ کر فون ٹوس کر کچھ نہیں کہنا چاہتا۔"

میں بے دھیانی میں کچھ دیر تک ریسیور کان سے لگائے بیٹھی رہی اور اجنبی کی باتیں میرے ذہن میں گونجتی رہیں۔ ذہن میں یہ سوال بھی گونج رہا تھا کہ کیا میں اِن باتوں پر یقین کر لوں؟ میرا دل تو سنگیتا کو آوارہ لڑکی سمجھنے کو تیار نہیں لیکن دماغی طور پر میں تذبذب کا شکار ہو گئی تھی۔ اپنے دماغ کی تربیت کچھ اِس طرح کی تھی کہ وہ کسی بات کو بھی تسلیم نہ کرے۔

شاید ایک منٹ بعد میں چونکی اور بے چینی کے عالم میں کرسی سے اُٹھ گئی۔ دفتر سے گھر کی طرف کار ڈرائیو کرتے ہوئے بھی میں اجنبی کی فون کال میں اُلجھا ہوا تھا اور اُس کی باتیں سنگیتا کے حق میں تھیں مگر دماغی طور پر میں نے اِس بات کو تسلیم نہیں کیا تھا کہ اجنبی کی باتیں درست بھی ہو سکتی ہیں۔ پہلے بھی کئی ایسی لڑکیاں آ چکی تھیں جو صورت سے بھولی معلوم ہوتی تھیں لیکن بعد میں اُن کا حقیقی چہرہ سامنے آیا تھا۔

سے دو چار تھی کہ شاید سنگیتا بھی قرضی ... واقعی سنگیتا کا کوئی دل بھلا عاشق تھا۔

... میں معلومات حاصل کرنے کے لیے بیگم ... اگر یہ ہو چکی تھی چنانچہ گھر پہنچتے ہی میں ... فون پر رابطہ قائم کرنا چاہا مگر ناکام ہو گئی۔ ... بھی تھی اور یقین سے نہیں کہا جا سکتا تھا کہ وہ ... بھی گھر پہنچ سکے گی یا نہیں! وہ بڑی آزاد ... ایک الگ بحث ہے کہ آزاد خیالی کسے ... تھی اور اُس کا شوہر اُس کے لیے ... مرا تھا۔ مرحوم کے لواحقین میں سے کوئی ... ہاں تھا۔ ساری دولت بیگم جہانگیر کے حصے میں ... وہ گلچھرے اُڑاتی پھرتی تھی۔ اُس کی عمر ... تھی لیکن اُسے صرف "ینگ بلڈ" پسند ... ہوئے نوجوان بھی اُس کا شکار بنتے تھے ... کوئی نوجوان بھی اُس کے جال میں پھنس ہی

... کی چائے پیتے ہوئے میں نے فیصلہ کیا کہ بالفرض ... سے ملاقات نہ کر سکی تو بھی رات دس ... تک تو یقیناً رہوں گی۔ میں دیکھنا چاہتی تھی کہ ... سے ٹیلیفون کرنے والے اجنبی کی باتیں ... ہیں یا نہیں!

... ہوئے مجھے ایک دم خیال آیا کہ میں نے سنگیتا ... کا پتہ تو پوچھا ہی نہیں تھا! اِس خیال سے ... دھکا سا لگا محسوس ہوا لیکن دوسرے ہی لمحے مجھے ... آ گئی کہ میں مطمئن ہو گئی۔ مجھے اُس درخواست ... ہو سنگیتا نے ملازمت کے لیے میری فرم کو دی تھی۔ ... تو کیا جا سکتا تھا کہ اس درخواست میں سنگیتا نے ... رکھا ہو گا۔ میں نے فوراً ٹیلیفون اُٹھایا اور اپنی سیکرٹری ... لیے۔ چونکہ دفتر کا وقت ختم ہو چکا تھا اِس لیے وہ اپنے ... تھی۔ دوسری طرف سے مجھے سیکرٹری ہی کی آواز

... تو ہے بانو!"

... ٹھیک ہے۔" میں نے کہا۔ "مجھے بس اُس لڑکی کا پتہ ... لے آج ملازمت کی درخواست دی تھی۔ درخواست میں اُس نے اپنا پتہ تو لکھا ہوگا۔ میں چاہتی ہوں کہ تم پھر دفتر جاؤ اور فائل میں وہ درخواست دیکھ کر مجھے ٹیلیفون پر ہی اُس کے پتے سے مطلع کر دو۔"

"مجھے اُس کا پتہ یاد ہے بانو!"

"یاد ہے؟" مجھے قدرے تعجب ہوا۔

"جی ہاں! مختصر سا پتہ تھا، اِس لیے یاد رہ گیا۔" سیکرٹری نے کہا اور پھر مجھے پتہ بتا دیا۔ وہ واقعی اتنا مختصر تھا کہ آسانی سے یاد رہ سکتا تھا۔

ٹیلیفون بند کر کے میں سوچنے لگی کہ اگر مجھے اُس کوارٹر تک پہنچنے کے لیے اِدھر اُدھر بھٹکنا پڑا تو ممکن ہے کہ وہاں کے لوگ مجھے شک و شبے کی نظر سے دیکھنے لگیں لہٰذا یہ بہتر ہوگا کہ میں پہلے ہی سے اُس کوارٹر کی صحیح لوکیشن معلوم کر لوں۔ میری ظاہریہ کام رضوان بڑی آسانی سے کر سکتا تھا۔

رضوان کو اُن دنوں فرصت ہی فرصت تھی۔ وہ اپنے ملک کی سیاسی فضا اور بیوروکریسی کی دھاندلیوں سے اتنا دل برداشتہ ہو چکا تھا کہ اُس نے اپنے اخبار سے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ اُس کا استعفیٰ بڑی مشکل سے قبول کیا گیا تھا۔ اخبار کے مالک کی شدید خواہش تھی کہ وہ اخبار سے الگ نہ ہو لیکن اِس کے لیے رضوان کی شرط بہت کڑی تھی۔ وہ جیل جانے کے لیے تیار تھا لیکن اِس بات پر آمادہ نہیں تھا کہ اُس کی بعض تحریروں کو اشاعت سے روک دیا جائے۔ یہ بات اخبار کے مفادات کے خلاف تھی۔ اخبار کا مالک معاملہ فہم اور تاجر زیادہ تھا۔ اُس کی پالیسی یہ تھی کہ حکومتِ وقت کی نظر میں سرخرو رہے لہٰذا اُسے طوعاً و کرہاً رضوان کا استعفیٰ منظور کرنا ہی پڑا تھا۔

رضوان سے ٹیلیفون پر میرا رابطہ فوراً ہی قائم ہو گیا۔ وہ گھر پر موجود تھا۔ وہ میری آواز سنتے ہی چہکا۔ "ہیلو بانو!... خاصے دن بعد میری یاد آئی ہے، ضرور کوئی غرض ہوگی۔"

میں اِس بات پر جھینپ گئی لیکن بڑی ڈھٹائی سے ٹھنڈا سانس لے کر بولی۔ "کیا بتاؤں تمہیں! میرا ایک لمحہ بھی ایسا نہیں گزرتا جب میں تمہاری یاد سے غافل رہوں مگر اِس خیال سے ٹیلیفون نہیں کرتی کہ تمہارا وقت کیوں برباد کروں! تمہاری یاد بھی میرے لیے سکون بخش ہوتی ہے۔"

"خدا کی پناہ! میرا خیال ہے کہ آپ نے زندگی میں اِس سے بڑا جھوٹ کبھی نہیں بولا ہوگا۔ خیر آپ یہ بتائیے کہ میرے لیے کیا حکم ہے، کس کام کے لیے فون کیا ہے مجھے؟"

"ایک... بہت ہی چھوٹا سا کام ہے۔"

"یعنی؟"

میں نے سنگیتا کے کوارٹر کا پتہ بتایا اور بولی "میں چاہتی ہوں کہ تم ابھی جا کر اُن لوگ... بات کرو اور پھر مجھے اپنے ساتھ لے جا کر دُور سے وہ مکان دکھا دو۔"

"آخر معاملہ کیا ہے؟"

"یہ میں بعد میں بتاؤں گی۔"

"حسبِ عادت!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"ظاہر ہے۔"

"اوکے!"

میں نے ریسیور رکھ دیا۔

میرے اندازے کے مطابق رضوان نے ایک گھنٹے بعد مجھے فون کیا اور بولا "خادم نے آپ کے حکم کی تعمیل کر دی ہے۔"

"اب آ کر مجھے لے جاؤ اور وہ کوارٹر دکھا دو۔"

"بس اِس حکم کی تعمیل نہیں کروں گا۔"

"کیوں؟"

"معاشرے کو برائیوں سے بچانا ہر اچھے شہری کا فرض ہے۔"

"کیا بک رہے ہو؟"

"میں نے پتا لگایا ہے کہ اُس کوارٹر میں ایک نوجوان لڑکی رہتی ہے۔"

"تو پھر؟"

"معاشرے کی عافیت اِسی میں ہے کہ آپ کو لڑکیوں سے دُور رکھا جائے۔" رضوان نے یہ بات کچھ اِس انداز میں کہی تھی کہ مجھے ہنسی آ گئی۔ رضوان پھر بولا "یہ ہنسنے کا نہیں بلکہ رونے کا مقام ہے۔"

"بکو مت! میں یہ کہہ رہی ہوں کہ آ کر مجھے لے جاؤ۔"

"نہیں لے جاؤں گا۔ اِس کے برخلاف میں اُس لڑکی کے پاس جا رہا ہوں۔ میں اُسے خبردار کروں گا کہ شکاری بلّے پاؤں اُس کی طرف بڑھ رہا ہے۔" رضوان شرارت پر آمادہ تھا۔

"اگر تم نے ایسا کیا تو مجھ سے بُرا کوئی نہ ہو گا۔" میں نے سخت لہجے میں کہا۔

"چلیے آپ کی خاطر میں اُس سے کچھ نہ کہوں گا لیکن آپ کو بہرحال وہ گھر نہیں دکھاؤں گا۔ اگر کوئی گناہ کی طرف مائل ہو تو اُس کی مدد کرنا بھی گناہ ہے۔"

"تم نے معاشرے کی نام نہاد اصلاح کا ٹھیکا کب سے لے لیا ہے؟" میں چڑ کر بولی۔

"میں ہمیشہ سے اِس کا ٹھیکیدار ہوں۔ میونسپلٹی کے ذریعے ملاکر تو رشوت کھا جاتی ہے۔"

"تم فضول باتوں میں وقت ضائع کر رہے ہو۔"

"غیر فضول باتوں کی نشاندہی کر رہا ہوں۔"

"میں کہہ رہی ہوں کہ مجھے لے جاؤ۔"

"میں نے عرض کیا نا کہ میں گناہ میں شریک ہونا نہیں بننا چاہتا۔"

"بھاڑ میں جاؤ۔" میں نے جھنجھلا کر کہا۔ مجھے توقع تھی کہ ذرا دیر بعد رضوان ہتھیار ڈالنے کی عادت تھی کہ وہ میرا کوئی کام کرنے سے اتنا ضرور تھا لیکن جب بیس منٹ گزر گئے اور رضوان پر شدت سے غصہ آنے لگا۔ میں نے فیصلہ کیا تھا کہ خود ہی سنگیتا کے مکان پر جاؤں گی۔ مجھے پہلے کبھی بی ایم ڈبلیو جیکب لائنز جانا پڑا تھا لیکن میں اتنا ضرور جانتی تھی کہ ایمپریس ایونیو اُس طرف جاتا تھا۔ میں نے وہاں کھڑے ہوئے "جٹ لین" اور "بی ایم ڈبلیو" کی ٹیکسی لگانے والے تانگے والے فی سواری کے حساب سے چار پیسے کرایہ لے کر اُس طرف جانے والی ہوئی ایمپریس مارکیٹ پہنچی اور پھر اُس جدھر تانگے جا رہے تھے۔ اُس راہ میں سینٹ جب اسکول پیچھے رہ گیا تو ایک راستہ بائیں جا ایک تانگے کو اُس طرف مُڑتے دیکھا جب کہ ایک چلا گیا تھا۔ یہ میرے لیے اُلجھن کی بات تھی۔ لیہ تھا کہ ان دونوں میں سے کون سا تانگا بی ایم ڈ طرف گیا ہے! سوچے رُک کر ایک راہگیر سے دریا تب مجھے پتا چلا کہ مجھے بائیں جانب مڑنا چاہیے میں تانگوں کا تعاقب کرتی ہوئی بی ایم ڈبلیو جیکب علاقے میں پہنچ گئی جہاں خالی تانگوں کا ٹریفک سے آگے بڑھ گئی۔ یہاں مجھے خاصی ڈھلان میں جا کر وہ راستہ دو شاخوں میں منقسم ہوا تو مجھے ایک پوچھنا پڑا کہ "ایچ ٹائپ" کوارٹرز کدھر ہیں۔ اِسی طرح میں ایچ کوارٹرز کے قریب پہنچ گئی۔ اتنی دیر میں مجھے محسوس ہو چکا تھا کہ میں اپنی قیمتی کار اور ایک انتہائی

کے لوگوں کی نظریں چڑھ چکی ہوں۔ ایسی عورت نہیں دکھائی دی تھی جو ملازمت کی اور وہ راستے بھی ایسے نہیں تھے اگر ہوتا ہو۔ ممکن ہے کہ وہاں کبھی پہنچ ب اُن میں نہ پہنچنے کی باقی تھی، نہ اُنھیں جانا تھا۔ یہ راستے بڑے تنگ تھے۔ اڈوں اور راہگیروں کے ہجوم نے پوری مہارت کے بغیر وہاں سے کار نکالنا ایک

ریک کار کا پہنچنا بھی امرِ محال تھا اور گنجائش نہیں تھی کہ میں وہاں کار کھڑی کر تاکہ کسی وقت بھی کوئی تانگا یا رکشا کا ری کا راستہ ہوا گزر جاتا۔ مجھے رضوان پر شدت اسی کی وجہ سے مجھے اِس پریشانی کا سامنا حالات میں اِس کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتی راؤں اور آنے والی کل کا انتظار کر دں۔ وعدہ کیا تھا کہ وہ مجھے اپنے گھر لے جائے گی۔ ناکام و نامراد لوٹ آئی لیکن میں اُسے سوَ وں گی کم از کم اتنا تو ہوا تھا کہ میں اُس علاقے آ ہو گئی تھی۔ مجھے ایچ ٹائپ کوارٹرز کے تھے۔ یہ کوارٹرز اُس علاقے کے دو مختلف تے جب کہ ایف ٹائپ اور جی ٹائپ کوارٹرز دراصل اُس علاقے کو اتنا گنجلک کرنے ا تھا جنھوں نے ناجائز طور پر کچے پکے مکانات لی تھیں۔

کر میں نے اسکاچ کا ایک پیگ لیا تاکہ تکدر ے بعد میں نے ایک بار پھر بیگم جہانگیر کو فون ب ملا کہ وہ ابھی نہیں آئیں۔ میں نے ریسیور رکھا ہی میں نے دوبارہ ریسیور کان سے لگایا۔

اپریٹنگ؟" میں نے اوتھ پریس میں کہا۔

اپریٹنگ؟" رضوان کی آواز سنائی دی۔

ہوں۔

ں اُس علاقے میں؟"

تم وہاں میری نگرانی کر رہے تھے؟"

مجھے بتا دیتیں کہ معاملہ کیا ہے تو آپ کو اتنی پریشانی

نہ ہوتی۔" رضوان نے کہا۔

"بعض اوقات تم بہت زیادہ بکواس کرتے ہو۔ بہرحال تم مجھے بے بس مت سمجھو۔ آج نہیں تو کل میں یہ کام کر ہی لوں گی۔"

"لیکن مجھے نہیں بتائیں گی کہ معاملہ کیا ہے؟"

"نہیں!" مجھے ضد سی ہو گئی تھی۔ میں نے رضوان کی مزید بکواس سُنے بغیر سلسلہ منقطع کر دیا۔ میرا خیال تھا کہ وہ مجھے دوبارہ رنگ کرے گا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ دس پندرہ منٹ تک فون کی گھنٹی نہیں بجی تو میں بستر پر لیٹ کر سنگیتا کے خیالوں میں کھو گئی۔ اِن خیالات کے ساتھ ہی وہ ٹیلیفون کال بھی میرے ذہن میں تھی جس کے ذریعے کسی اجنبی نے مجھے بتایا تھا کہ سنگیتا نوئی اچھی لڑکی نہیں ہے۔

اگلی صبح میں نصف گھنٹے کی تاخیر سے دفتر پہنچی۔ مجھے معلوم ہوا کہ سنگیتا بالکل صحیح وقت پر دفتر آ چکی ہے اور میری سیکرٹری نے اُسے کچھ کام سونپ دیے ہیں۔

میں نے اپنی میز سنبھالی اور اُن سب فائلوں کو اپنے سامنے ڈھیر کر لیا جو گزشتہ روز میرے دستخطوں سے محروم رہ گئی تھیں۔ کچھ ایسے کاغذات بھی تھے جن کا بغور مطالعہ کرنے میں مجھے خاصا وقت لگا اور میں اتنی تھک گئی کہ مجھے کافی منگا کر پینا پڑی۔ کافی پیتے ہوئے میں سوچ رہی تھی کہ لنچ کے لیے سنگیتا کو اپنے ساتھ لے جاؤں گی۔

ساڑھے بارہ بجے تھے جب ریسپشنسٹ نے مجھے انٹرکام پر یہ اطلاع دی کہ ایک لڑکی مجھ سے ملنے آئی ہے۔

"کیوں؟" میں نے پوچھا۔

"یہ صاحبہ کہہ رہی ہیں کہ سبب آپ ہی کو بتائیں گی۔"

"کیا نام ہے؟"

"خورشید۔"

میں نے اپنے ذہن پر زور دیا لیکن اُس نام کی کوئی لڑکی مجھے یاد نہیں آ سکی۔

"اچھا..." میں نے قدرے توقف سے کہا "بھیج دو" اور انٹرکام بند کر دیا۔

ذرا دیر بعد میرے کمرے کے دروازے کو ناک کیا گیا۔

"کم اِن!" میں نے بلند آواز میں کہا۔

دروازہ کھلا اور قیامت میرے کمرے میں آ گئی۔ اُس وقت اُس لڑکی کو دیکھ کر میرے ذہن میں قیامت کے سوا کوئی لفظ نہیں آ سکا تھا۔ اتنے سڈول جسم کی لڑکیاں بہت کم دیکھنے میں آتی ہیں۔ چہرہ اِس طرح دمک رہا تھا جیسے تن... ہی اُس

کے دانے سورج کی روشنی سے دمکتے ہیں۔ لپ اسٹک سے سُلگتے ہوئے ہونٹوں کی تراش ایسی تھی جو انھیں پی جانے کی خواہش کو بیدار کرے۔ جسم کچھ تو تھا ہی کسا ہوا اور باقی کسر کسے ہوئے لباس نے پوری کر دی تھی۔ غرضکہ اُس میں وہ سب کچھ تھا جسے دیکھ کر میرے جسم کی سنسناہٹ بڑھتی ہی چلی جاتی ہے اور سنو قبولیت حاصل کیے بغیر کم نہیں ہوتی مگر ان سب باتوں کے ساتھ ساتھ اُس لڑکی کی خوبصورت آنکھوں کی مخصوص چمک کو دیکھ کر میری نگاہ نے بھانپ لیا کہ یہ لڑکی خاصی حد تک سرد گرم چشیدہ تھی۔ اُن آنکھوں میں حیا نام کی رمق بھی نہیں تھی لیکن ایسی لڑکیوں کے ساتھ بھی کم از کم ایک مرتبہ کچھ دھنک رنگ لمحے گزارے جا سکتے ہیں۔

"تسلیم مادام!" اُس نے ایک ادا سے کہا۔

میں نے سر کے اشارے سے سلام کا جواب دیا اور کرسی کی طرف ہاتھ پھیلا کر بولی: "بیٹھو! ویسے تم مجھے مادام کی بجائے صرف باجو کہہ کر مخاطب کر سکتی ہو۔"

"تھینک یو باجو!" اُس نے کہا اور کرسی پر بیٹھ گئی۔

میں اُس کی طرف دیکھتی رہی۔ میری نگاہ میں استفہام کم اور گرسنگی زیادہ تھی جسے شاید اُس نے بھی محسوس کر لیا کیونکہ اُس کے ہونٹوں پر کپکپاتی ہوئی مسکراہٹ سے یہی ظاہر ہوا تھا کہ اُس نے میری آنکھوں میں دہکتے ہوئے جذبوں کی تپش محسوس کر لی تھی۔ اُس کی مسکراہٹ میں فتحمندی کا عنصر موجود تھا، جیسے اُس نے کوئی مہم سر کر لی ہو۔

"میں یہاں ملازمت کے لیے آئی ہوں۔" اُس نے براہِ راست میری آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"خوب!" میں مسکرائی۔ "کیا میری فرم نے اِس سلسلے میں کوئی اشتہار دیا تھا؟"

"جی نہیں۔"

"پھر؟"

"میں نے کسی جگہ یہ ذکر سُنا تھا کہ آپ کو اسٹینوگرافر کی ضرورت ہے۔"

میں نے فی الحال یہ جواب دینا مناسب نہیں سمجھا کہ وہ جگہ پُر ہو چکی ہے۔

"خوب!" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "تم نے سُنا تو ٹھیک تھا۔"

اُس نے کہا۔ "اگر آپ نے اِس جگہ کے لیے کسی لڑکی کا انتخاب کر لیا ہو تو بھی کوئی فرق نہیں امتحان لے لیں۔ لفظ "امتحان" پر اُس نے بھی آپ کے من پسند امتحان میں پہ ترجیح دیں۔"

مجھے اُس کی یہ باتیں کچھ عجیب لگ ہونے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔ "میں پہ مطلب ہے؟"

میرے اِس سوال پر وہ کچھ سٹپٹا سا گیا ہوا تھا کہ وہ کچھ زیادہ باتیں کر بیٹھی ہے۔

"میرا مطلب ہے کہ جو بھی کرنے سے کرا!"

"ایک اسٹینوگرافر کے لیے کرنے سے"

اب وہ بغلیں جھانکنے لگی۔ پھر اپنا ا لیا جا چکا ہو۔ اُس نے نگاہ اٹھائی میری طرف پھر نظر جھکا کر بولی: "شاید میں کچھ ضرورت سے در اصل کچھ باتونی واقع ہوئی ہوں۔"

"اگر تم باتونی ہو بھی تو تمھیں اِس کا اقرار تھا۔ یہ اعتراف کسی بھی ملازمت کے حصول م

"جی... جی ہاں... وہ... وہ... در اصل،، سٹپٹا گئی اور اُس کی بھد میں فوری طور پر کرنی ہ ادھر میں اُس کی طرف سے شبہات ہی رہی تھی۔ جہاں تک میرا مشاہدے کسی بھی ا احساس نہیں ہوتا کہ وہ باتونی ہے لیکن خورشید کر رہی تھی۔

اچانک میں نے سوال کیا: "تمھیں یہ کپڑے کام کرنے کے لیے تم آئی ہو وہ جگہ پُر ہو چکی ہے!

"وہ مجھے..." خورشید کچھ کہتے کہتے ایک ہم توقف سے بولی: "میں نے یہ سب کہا ہے کہ وہ میں نے تو بس ایک خیال ظاہر کیا تھا۔"

میں نے ایک طویل سانس لیا، شک و شبہا میں خاصی حد تک جم چکے تھے۔ اچانک میں لے اور ہنس کر بولی: "خیر! میں تو تم سے دیکھوں کی طرح م گی، تم اتنی بھولی ہو کہ میری اِن باتوں سے گھبرا بھی "در اصل میں..." اُس نے ایک مرتبہ پھر اپنا بولا دیا۔ وہ ابھی تک اپنی بوکھلاہٹ پر پوری طرح قابو اور غالباً یہ محنت اِس لیے چُپ ہو گئی تھی کہ مبادا اُس

ہے۔"

ے لیے تیار ہو؟" میں اُس کی آنکھوں میں دیکھتی

وہ بھی مسکرائی۔

اگر میں اُس پر نظر ڈالی۔ لنچ کا وقت ہونے میں

میں نے ٹیلیفون پر اپنی سیکرٹری سے ے کہا: "میں لنچ کے لیے جا رہی ہوں۔"

"

یں ہو گی۔ تم سنگیتا سے کہہ دینا کہ جب تک یں لوٹ کے۔"

ہنسا اور مسکرا کر خورشید سے بولی: "تم لنچ ل

خوش قسمتی ہو گی۔"

رس سے اُٹھ گئی۔ "آؤ، چلیں!"

تہ دفتر سے نکل۔

ب میرے پہلو کی سیٹ پر بیٹھی تو اُس نے کا نیا اڈل ہے۔"

ے نیا کہہ کر اس کے بعد مرسیڈیز کا کوئی ا۔ ہی گاڑیوں کی طرح مرسیڈیز کا اڈل ہر سال

اس کا علم نہیں تھا۔"

رسیڈیز بہت اچھی لگتی ہے؟" میں نے کار کر نے نوٹے کہا۔

یہ بہترین کاروں میں شمار کی جاتی ہے لیکن ے مجھے شیورلیٹ زیادہ اچھی لگتی ہے۔" خورشید ایک دم اچھل پڑی۔ "ہم لنچ کرنے کہاں جا رہے ہیں؟ گھر دیکھنا پسند کرو گی؟"

لا رہا۔" وہ جیسے خوش ہو گئی۔

پھر ہم وہیں چل رہے ہیں۔ میں ہمیشہ یہ کوشش کرتی اگر ہو سکے تو گھر کا کھانا کھاؤں۔"

میرے گھر پر کون کون ہوتا ہے؟ میری مراد فیملی ممبرز

تر میں ملازموں کے ساتھ بالکل تنہا رہا کرتی تھی لیکن کچھ میری چھوٹی بہن بھی آئی ہوئی ہے۔ اُس کی مستقل سکونت جنوبی امریکہ میں تھی لیکن اب وہ سال کا بیشتر حصہ میرے ساتھ گزارتی ہے اور دو تین ماہ کے لیے جنوبی امریکہ چلی جاتی ہے۔ آج کل وہ وہیں ہے۔ ڈیڑھ ماہ سے گئی ہوئی ہے۔ ممکن ہے اُس کی واپس میں ایک آدھ مہینہ اور لگے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ دو ایک دن میں ہی واپس آ جائے۔"

"جنوبی امریکہ میں وہ کس کے ساتھ رہتی ہیں؟ کیا اُن کے شوہر..."

"وہ غیر شادی شدہ ہے۔"

"تو پھر..." خورشید کے چہرے پر استعجاب تھا۔

"چھوڑو ان باتوں کو! یہ ایک لمبی کہانی ہے۔ ہم دونوں بہنوں کی زندگی بڑی افسانوی ہے۔ جن لوگوں نے ہمیں قریب سے نہیں دیکھا، وہ ہماری باتوں کو گپ سمجھتے ہیں۔ تم اپنے بارے میں کچھ بتاؤ۔ تم کہاں رہتی ہو؟"

"پی ای سی ایچ ایس میں۔" خورشید نے جواب دیا۔ "خیابان سنیما کے بالکل سامنے والی گلی میں۔"

میں اُس سے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتی ہوئی گھر پہنچ گئی۔

"اوہ مائی گاڈ!" خورشید کے مُنہ سے نکلا۔ "آپ کی تو ہر نگاہ بہت خوبصورت ہے۔"

"اِس کا نقشہ ایک فرانسیسی آرکیٹیکٹ نے بنایا تھا جو میری بہت پیاری دوست ہے۔"

"یعنی کوئی لڑکی؟"

"ہاں!" میں ہنس پڑی۔

گاڑی کو گیرج میں لے جانے کی بجائے اُسے پورچ ہی میں چھوڑ کر میں خورشید کے ساتھ کار سے اُتر آئی۔ برآمدے میں میری خصوصی ملازمہ موجود تھی۔ میں نے اُس سے کہا: "کچھ دیر بعد جب میں کال بیل بجاؤں تو کھانا ڈائننگ روم میں چُنوا دینا۔ اگر کوئی مجھ سے ملنے آئے تو کہہ دینا کہ میں موجود نہیں ہوں۔ گاڑی کو گیراج میں کھڑا کرا دو!"

"بہت بہتر!"

میں خورشید کا ہاتھ تھامے ہوئے ڈرائنگ روم کی طرف بڑھ گئی۔

یہ ڈرائنگ روم میں نے ابھی حال ہی میں ایک خاص انداز سے مزین کیا تھا۔ اِس انداز کا کمرہ شاید ہی کسی گھر میں ہو۔ اُس کے فرش پر اعلیٰ ترین قسم کا فوم تھا جس پر ایرانی قالین بچھا ہوا تھا۔ اُس قالین کی قیمت بائیس ہزار روپے تھی۔ قالین پر کئی ریشمی گاؤ تکیے پڑے ہوئے تھے۔ ایک گوشے میں چھوٹا سا کیبنٹ تھا

(...) شروع کیا۔ "میرے سینے میں اچانک (...) اور میرے جسم سے پسینے کے چشمے اُبل پڑے (...) ... شاید یہ ایک اتفاق ہے کہ اُس (...) مل اِس ہاسپٹل کے قریب ہی تھی۔ میں فوراً (...) سے موٹر سائیکل کھڑی کی، اور بھیڑ وہیں (...) اندر لے آئے۔ یہاں مجھ پر دواؤں اور (...) ف۔ اِس سے میری تکلیف ختم ہو تو نہیں لیکن (...) کچھ ہی سکے ہیں کہ مجھے ہوا کیا تھا!"

"کس جگہ تکلیف ہوئی تھی؟"

پھر!" رضوان نے جواب دیا۔ "بلکہ میں تو (...) تکلیف ہوئی تھی لیکن ڈاکٹر حضرات اِس (...) لگانے کے لیے تیار ہیں کہ مجھے دل کا

(...) ہو جانے کے باوجود یہاں کیوں لیٹے

(...) خیال ہے کہ اب میں یہاں سے چلتا پھرتا نظر

رضوان نے کہا۔ "میں ایک آدھ دن یہاں (...) ہوں کہ اِس درد کا حملہ دوبارہ تو نہیں

(...) دل ہے کہ وہ درد پھر ہو گا؟"

"میں، بس احتیاطاً یہاں رُکنا چاہتا ہوں۔ (...) ہی تو رہوں گا۔ وہاں تنہائی ہو گی جب کہ (...) نرسیں میری دیکھ بھال کرتی رہیں گی۔" رضوان (...) الی۔

دل میں آیا کہ رضوان سے سنگیتا کے بارے (...) کروں لیکن وہ سوال میری زبان میں ہی اُلجھ کر (...) گئی تھی۔ میں نے یہ فیصلہ جو کر رکھا تھا (...) کے بارے میں رضوان سے کوئی تعاون نہیں چاہوں (...) تھا، مجھے خود ہی معلوم کرنا تھا۔

"اچھا!" میں کرسی سے کھڑی ہو گئی۔ "اب میں چلتی ہوں۔ کل صبح ٹیلیفون پر تمھاری خیریت معلوم کر لوں گی۔"

"اور تو کچھ نہیں معلوم کرنا؟" رضوان کا لہجہ معنی خیز تھا اور ہونٹوں پر شرارت آمیز مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔

"نہیں!" میں نے جھٹکے سے کہا اور دروازے کی طرف مڑ گئی۔

رضوان ہنسنے لگا۔ جب میں دروازے کے ہینڈل پر ہاتھ رکھ چکی تھی تو مجھے اُس کی آواز آئی۔ "شب بخیر تو کہتی جائیے سالی جی!"

"شب بخیر!" میں نے کہا اور دروازہ کھول کر نکل گئی۔

ڈیڑھ بج چکا تھا۔ سڑکیں سنسان ہو گئی تھیں۔ شہر کی آبادی کا بیشتر حصہ نیند کی آغوش میں ہو گا اور اِس بات کا امکان تھا کہ بیگم جہانگیر بھی میرا انتظار کر کر کے سو چکی ہو لیکن میں اُسے جگا کر اِسی وقت اُس سے سنگیتا کے بارے میں گفتگو کر لینا چاہتی تھی۔ یہ میری فطرت کا خاصہ ہے کہ میں بہت عجلت سے کام لیتی ہوں۔ میری یہ جلد بازی کبھی کبھی میرے لیے نقصان دہ بھی ثابت ہوتی ہے لیکن اپنی فطرت کے اِس پہلو سے مجھے فائدے زیادہ پہنچتے ہیں اور نقصان کم! یہی وجہ ہے کہ میں نے اپنی اِس فطرت کو بدلنے کی کوشش بھی نہیں کی!

جب میں بیگم جہانگیر کے گھر پہنچی تو وہ میری توقع کے خلاف جاگ رہی تھی۔ اُس نے میرا استقبال کیا تو پریشان سی تھی۔ جب وہ بولی تو اُس کی پریشانی کا سبب بھی سمجھ میں آ گیا۔

"تم کہاں رہ گئی تھیں؟ میں کئی مرتبہ تمھارے گھر فون کر چکی ہوں۔ ہر مرتبہ یہی جواب ملا کہ تم گھر سے روانہ ہو چکی ہو۔ اب تو مجھے بُرے بُرے سے خیالات آنے لگے تھے۔"

"بُرے بُرے سے خیالات!" میں ہنس پڑی۔ "کیا مطلب؟"

"یعنی یہ کہ خدانخواستہ تمھارا ایکسیڈنٹ نہ ہو گیا ہو۔ تم بہت فاسٹ ڈرائیونگ کرتی ہو۔"

"بہرحال میں خیریت سے ہوں۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "لیکن تھکی ہوئی بہت ہوں۔ کیا تم مجھ سے بیٹھنے کے لیے بھی نہ کہو گی؟"

"آؤ!" وہ میرا ہاتھ پکڑ کر بولی۔ "بیڈ روم میں ہی چلو! مجھے اپنی خوابگاہ کی طرف لے جاتے ہوئے اُس نے اپنے ایک ملازم سے کافی کے لیے بھی کہہ دیا۔

خوابگاہ میں جب ہم دونوں، آرام دہ کرسیوں پر آمنے

سامنے بیٹھ گئے تو وہ بولی: "آخر ایسی کیا بات ہے کہ تم مجھ سے ملنے کے لیے اتنی بے قرار تھیں؟"

"تم نے کسی لڑکی کو ملازمت کے لیے میرے پاس بھیجا تھا؟" میں نے سوال داغا۔

"ملازمت کے لیے!" بیگم جہانگیر کی پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں۔ غالباً وہ یاد کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ قدرے توقف کے بعد وہ آہستہ سے بولی: "ہاں، میرا خیال ہے کہ میں نے کسی سے اس کا ذکر تو کیا تھا لیکن اب مجھے یاد نہیں آ رہا ہے کہ کسے جاتے ہی بیگم جہانگیر کافی بنانے لگی لیکن مجھے اُس وقت کافی سے زیادہ معلومات کی ضرورت تھی چنانچہ میں نے سوال کیا: "تم رام لال کے ماضی پر بھی کچھ روشنی ڈال سکتی ہو؟"

"اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ وہ اندرونِ سندھ کا باشندہ ہے لیکن اُس نے اپنی زندگی کا خاصا عرصہ مشرقِ وسطیٰ میں گزارا ہے۔"

"مشرقِ وسطیٰ میں کس جگہ؟"

"سنگیتا نے مجھے بتایا تو تھا لیکن مجھے یاد نہیں رہا۔ میرا خیال ہے کہ وہ بحرین، مسقط یا اِنہی کے آس پاس کی کوئی ریاست تھی۔ حقیقتاً رام لال نے وہیں رہ کر دولت کمائی تھی، اُسے اپنے آباء و اجداد سے ورثے میں کچھ نہیں ملا تھا۔"

"مشتاق چنگیزی سے اُس کا ربط ضبط وہیں سے ہے یا اُن کے تعلقات کا آغاز پاکستان ہی میں ہوا تھا؟"

"میں اِس کے بارے میں کچھ نہیں جانتی۔ کافی لو!" بیگم جہانگیر نے ایک پیالی میری طرف بڑھائی۔ اُس وقت میرے چہرے پر غور و فکر کے آثار شاید کچھ زیادہ ہی تھے جنھیں بیگم جہانگیر نے بھانپ لیا اور حیرت سے بولی: "کیا بات ہے، آخر تم اِس سلسلے میں اِتنی پریشان کیوں ہو؟"

"صاف صاف سننا چاہتی ہو تو سنو کہ اگر رام لال کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی ہوئی ہے تو میں اُس کا ازالہ کر کے رہوں گی۔"

"خدائی فوجداری!" بیگم جہانگیر نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"یوں کہہ لو!"

"تو پھر اِس سلسلے میں زیادہ تفصیلات تو تمھیں سنگیتا ہی سے مل سکیں گی۔ میں اُس سے زیادہ تو نہیں جان سکتی۔"

"مشتاق چنگیزی کے بارے میں بھی تمھیں کچھ معلومات نہیں؟"

"ہاں، اِس معاملے میں شاید میں تمھاری کچھ مدد کر سکوں۔"

"یعنی؟"

"وہ ایک آدمی ایسے ہیں جن سے میں مشتاق چنگیزی کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتی ہوں۔"

"وہ لڑکی کون تھی؟"

"سنگیتا!" میں نے لقمہ دیا۔

"آں، ہاں!" بیگم جہانگیر نے کہا۔ "سنگیتا ہی ہے۔ میں نے سنگیتا ہی سے اِس کا ذکر کیا تھا۔"

"اور اُسے میرے بارے میں معلومات" میں نے آنکھیں نکال کر کہا۔

بیگم جہانگیر بے تحاشا ہنسنے لگی۔ "ہاں تھا۔ اگر بعد میں وہ مجھ سے تمھاری طرف جواب دیتی! مناسب یہی تھا کہ میں اُسے ضرورت مند تو ہے ہی لیکن میں اُسے

بیگم جہانگیر نے میری مشکل آسا موٹر پر لانا چاہتی تھی جہاں بیگم جہانگیر وہ کہتی رہی: "تم یقین کرو کہ اُس لڑکی پرورش پائی ہے۔ اُس کا باپ رام لال کو لیکن اب وہ کوڑی کوڑی کو محتاج ہو گیا

"کیا وہ کسی بڑے خسارے میں"

نے اِس طرح کہا جیسے مجھے کسی بات کا علم

"خسارہ تو نہیں لیکن اِسے یہ بھی لُوٹ لیا گیا۔ وہ خود ہی لُٹا ہے۔"

"تم معموں میں بات کر رہی ہو۔"

میری اِس بات کے جواب میں "تو بتا دیا جو مجھے سنگیتا سے معلوم ہو چکا تھا تم یہ سب کچھ کیوں معلوم کر رہی ہو؟ کیا رکھ لیا ہے؟"

"ہاں!" میں نے جواب دیا۔ "اِس بارے میں پوچھ گچھ کر رہی ہوں کہ وہ کون

"اگر ایسی ویسی بھی ہو تو تمھارے" بیگم جہانگیر نے ہنس کر کہا۔ "تم تو بس معیار کے مطابق ہے یا نہیں! تمھیں کا فعلوں سے؟"

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو لیکن اِس وا میں آتی ہیں، وہ بہت عجیب و غریب اپنا سب کچھ مشتاق چنگیزی کے حوالے کیے

"اِس کے بارے میں وہ کسی کو کچھ

ایک میلنگ کا کیس معلوم ہوتا ہے۔"

تھی کہ ملازم کافی لے کر آ گیا۔ ملازم

خاطر یہ کام ضرور کرو گی۔"

میں تمھیں زیادہ سے زیادہ کل شام تک

میں خاصی معلومات فراہم کر دوں گی۔"

اتفاق چنگیزی کو کبھی دیکھا ہے؟ میں یہ جاننا

کا آدمی ہے!"

میں کل شام تک معلوم ہو جائے گا۔ میں

لکھا لیکن اُس کے چند قصے ضرور سنے ہیں۔"

نام آدمیوں میں سے ایک ہے۔"

اعاش؟" میں نے حیرت سے کہا۔

کہا جا سکتا ہے لیکن تم شاید اِس لفظ کو

میں استعمال کر رہی ہو۔"

ئی کرمنل نہیں ہے۔ کم از کم بظاہر ایسی کوئی

ہے۔ میں نے اُسے بدنام اِس اعتبار سے کہا کہ

ہاں کا اِس حد تک رَسیا ہے کہ کھلے عام سب

اُسے اِس کی پروا نہیں ہے کہ لوگ اُس

لیں گے۔ ریس اور دوسرے جُوؤں کا بھی

خصوصاً رام لال کی دولت ہاتھ آ جانے

اور کھل کھیلا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ

میرا خیال ہے کہ وہ چالیس پینتالیس

لیکن میں اِس سلسلے میں حتمی طور پر کل ہی

ابھی کچھ کہہ سکو گی تو اب میں چلتی ہوں۔ رات

یہ کہہ کر کرسی کا آخری گھونٹ لیا۔

بُری خراب ہے کہ تم دوسروں کے معاملات

مداری کرنے پر تُلی رہتی ہو۔"

یہ عادت خراب سہی لیکن مجھے اِس سے

ہے۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "اور یہ تو تم بھی

کرنے کے مختلف انداز ہوتے ہیں جو بعض

ہیں۔ مثلاً جیسے تم کسب انبساط حاصل

کرتی ہو، وہ میری نظر میں ٹھیک نہیں۔ ارے ہاں! میں یہ پوچھنا تو بھول ہی گئی کہ تم جسے شکار کر کے اپنے ساتھ یہ رنڈی مک لے گئی تھیں، وہ تمھارے ہاتھ سے کیسے نکل گیا؟"

"بس نکل گیا!" بیگم جہانگیر نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"ایک نوخیز کلی اُڑا لے گئی اُسے! یار سنو! کوئی ایسی ترکیب دریافت کرو کہ پھر سے نوجوان ہوا جا سکے۔"

میں ہنس کر اُس سے رخصت ہو گئی۔

رات بہت گزر چکی تھی لیکن میری آنکھوں میں نیند کا شائبہ تک نہ تھا۔ کچھ تو یہ کہ ذہن پر خیالات و سوالات کی یورش تھی خاصی تھی اور کچھ شانے کی تکلیف نے بھی ستم روک رکھا تھا۔ مجھے اِس کے سوا کچھ نہ سوجھا کہ ویلیم ٹین کی ایک گولی کھا لوں۔

دوسری صبح جب میں دفتر کے لیے روانہ ہوئی تو رات کی طرح اُس وقت بھی ایک ہلکی سی شال اوڑھ لی تاکہ شانے کی ڈریسنگ کا اُبھار کسی کی نظر میں نہ آ سکے۔ ہر چند کہ رات ہی مجھ پر قاتلانہ حملہ ہو چکا تھا لیکن میں خائف نہیں تھی اور میں نے کسی بھی دوسرے حملے کا سامنا کرنے کے لیے خود کو پوری طرح مستعد کر لیا تھا۔

دفتر پہنچ کر میں نے سب سے پہلے ہاسپٹل فون کیا اور زخمیوں کی خیریت معلوم کی۔ وہ ٹھیک تھا لیکن ہاسپٹل سے ڈسچارج ہونے کے موڈ میں نہیں تھا۔ مجھے اُس کی یہ بات بڑی عجیب سی لگی۔ وہ اِس قسم کا آدمی تو نہیں کہ زندگی کے لیے اتنی احتیاط پسندی کو ناگزیر جانے! تو پھر؟ میں اُس کے بارے میں کوئی اندازہ لگانے سے بھی قاصر تھی۔ آخر میں نے اُس کے خیال کو ذہن سے جھٹک دیا اور سنگیتا کے بارے میں سوچنے لگی۔

سنگیتا؟

وہ ایک لاینحل سوال بن کر رہ گئی تھی۔ میرے لیے! مجھے کچھ ڈکٹیشن دینا تھا۔ اُسی کے بہانے سے میں نے اُسے طلب کیا، پھر ڈکٹیشن بھی دیا اور اس کے بعد جب وہ اٹھ کر جانے لگی تو میں نے اُسے روک لیا۔

"سنو!"

"بیٹھ جاؤ!"

وہ بیٹھ گئی۔ وہ حسبِ معمول بہت معصوم اور کمسن معلوم ہو رہی تھی۔ میں نے بڑے غور سے اُس کی طرف دیکھا کہ اُس نے گھبرا کر سر جھکا لیا۔ میں سوچنے لگی، آخر یہ لڑکی مجھے اتنی اچھی کیوں معلوم ہوتی ہے؟ اُس کے نقوش غیر معمولی طور پر دلآویز نہیں تھے

لیکن پھر بھی وہ مجھے بہت دلآویز معلوم ہوتی تھی۔ اُس کی حرکات و سکنات نے اُس کے کردار کو طرّار مشتبہ بنا دیا تھا لیکن یہ بات میرے دل کو نہیں لگ رہی تھی کہ وہ کوئی ایسی ویسی لڑکی ہے۔

"جی!" وہ کچھ دیر بعد آہستہ سے بولی۔ شاید میرے بولنے کا انتظار کرتے کرتے اُسے گھبراہٹ ہونے لگی تھی۔

میں نے ایک طویل سانس لیا اور اپنی آرام دہ ریوالونگ چیئر کی پشت گاہ سے ٹیک لگا کر اُسے پیچھے کی طرف جھکا لیا۔ میری نظر سنگیتا کے چہرے پر جمی ہوئی تھی۔ آخر میں نے آہستہ سے کہا۔ "سنگیتا یقین کرو کہ میں تمھارے بارے میں بہت مخلص ہوں۔"

"مجھے یقین ہے بابو!" اُس کی نگاہ جھکی رہی۔

"یقین کے باوجود بھی تم مجھ سے کچھ چھپا رہی ہو!"

"میں نے تو آپ سے کچھ بھی نہیں چھپایا بابو!"

"تم نے مجھے اپنے والد سے نہیں ملایا!"

"میں اِس سلسلے میں مجبور ہوں۔ پتاجی مجھ سے اب تک ناراض ہیں کہ میں نے آپ کو اپنے بارے میں اتنا کچھ بتا دیا۔ اب بھی اگر میں آپ کو گھر لے گئی تو شاید وہ مجھ سے بات چیت کرنا بھی چھوڑ دیں۔"

"آخر وہ اپنے ماضی کو کیوں چھپانا چاہتے ہیں!"

"وہ تو ایسا نہیں چاہتے، یہ آپ نے کس بات سے سمجھا؟"

"مشتاق چنگیزی!" میں نے اشارتاً کہا۔

"اوہ، ہاں! یہی بس ایک ایسا معاملہ ہے جس پر وہ زبان کھولنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔"

"پاکستان آنے سے پہلے تمھارے پتاجی کہاں تھے؟"

"ہمارا تعلق پاکستان ہی سے ہے۔ ہم سندھ کے باشندے ہیں لیکن پتاجی نے اپنی کاروباری زندگی کا آغاز دبئی سے کیا تھا۔ مالی استحکام حاصل کرنے کے بعد وہ کراچی میں آ کر آباد ہوئے تھے۔"

"مشتاق چنگیزی سے اُن کا رابطہ ضبط دبئی میں بھی تھا؟"

"کم از کم میں نے تو اُسے وہاں اپنے گھر پر کبھی نہیں دیکھا۔"

"اُس کی عمر کتنی ہے؟"

"تیس چھبیس کے لگ بھگ ہوگی۔" سنگیتا نے جواب دیا اور پھر ذرا سا رُک کر بولی۔ "بابو! بہتر ہوگا کہ آپ اِن باتوں کو بھول جائیں۔ میں تو اپنے مستقبل کو صیغۂ راز میں رکھ چکی ہوں۔"

ٹیلیفون کی گھنٹی نے گفتگو کا سلسلہ روک دیا۔ میں نے ریسیور اُٹھایا۔ دوسری طرف سے میری سیکریٹری بول رہی تھی۔ اُس نے بتایا کہ کوئی کاروباری شخص مجھ سے ملنے آیا ہے۔

"اُسے کمرے میں بھیج دو!" میں نے سیکریٹری سے کہا اور ریسیور رکھ کر سنگیتا سے بولا۔ "اب تم جاؤ، ملنے آ رہے ہیں۔"

سنگیتا اُٹھ کر چلی گئی۔

وہ دن میں نے دفتری کاموں میں گزارا۔ میں سوچتی رہی، پانچ بجے دفتر سے اُٹھ کر گھر اپنے ذہنی شانے کی ڈریسنگ کرنے بیٹھ گئی۔ اُس وقت اِس لیے کر لیا کہ بعد میں شاید مجھے مہلت سے بھی ملنا تھا اور رات کو بی ہاؤس دیکھ لانا تھا۔ ہارمانے والوں میں سے تو ہوں نہیں۔ سنگیتا نے مجھے کب تک ناکامی ہوتی؟

ڈریسنگ کرنے کے بعد میں اپنی آرائش کو دیکھ اور سوچنے لگی کہ مجھے بیگم جہانگیر سے کس وقت اِدھر میں نے یہ سوچا ہی تھا کہ ایک ملازمہ نے کی اطلاع دی۔ گویا کنواں خود ہی پیاسے کے

میں نے ڈرائنگ روم میں بیگم جہانگیر کا

"ہلو جانی!" وہ مجھ سے مصافحہ کرتی ہوئی

"ٹھیک ہوں۔ تم سناؤ۔ میں ابھی سوچ ہی ملنے کے لیے کس وقت روانہ ہو جاتے۔"

"دراصل میں تمھیں گھر پر نہ ملتی لہٰذا تمھارے ہوئے میں نے یہی سوچا کہ پہلے تم سے ملاقات کیا کوئی خاص پروگرام بن گیا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"بہت دلکش!" بیگم جہانگیر نے ہنس کر باتوں کو! میں تمھیں وہ تھوڑی سی معلومات فراہم آج میں نے مشتاق چنگیزی کے بارے میں حاصل

"کافی پیو گی یا کچھ اور؟" میں نے اُس وقت پر بیٹھ چکے تھے۔ "ویسے میں تو ابھی ابھی کافی پی ہے، کچھ نہ پی سکوں گی۔"

"تو پھر ٹالو اِس مسئلے کو! کوئی تکلف نہیں ہے۔ چاہتے پی کر آ رہی ہوں۔ ہاں تو میں تمھیں یہ بتانے مشتاق چنگیزی کی شخصیت تو بڑی پُراسرار معلوم ہوتی ہے۔ دو سال سے کراچی میں ہے۔ اِس سے پہلے وہ کہاں نہیں جانتا۔ اُس کے قریبی حلقوں میں بھی یہ موضوع ہے کہ مشتاق چنگیزی نے اپنے ماضی کو کیوں چھپا اُس نے مختلف لوگوں کو اپنے ماضی کے بارے میں ہیں۔ غالباً اُسے یاد نہیں رہتا کہ وہ پہلے کسی کو کیا بتا

ہے، جب وہ جھوٹ بولتا ہے۔ وہ دروغ گو، را
بات کے تضاد نے اُس کے قریبی حلقوں
ہے کہ وہ اپنے ماضی کو چھپانا چاہتا ہے۔"
ی مفرور مجرم تو نہیں؟"
کے بارے میں کیا کہہ سکتی ہوں!"
خود ہی اپنے خیال کی تردید کرتے ہوئے کہا
مجرم نہیں ہو سکتا۔ ایسے لوگ تو نہایت
ہونے پر مجبور ہوتے ہیں۔"
پڑی تو سوسائٹی میں خاصا موو کرتا ہے۔"
تو میں نے کہا نا کہ وہ مفرور نہیں ہو سکتا۔ کوئی اور
وہ اپنے ماضی کو چھپاتا ہے۔" میں نے کہا،
وہ زیادہ تر کہاں اٹھتا بیٹھتا ہے؟"
بیگم جہانگیر نے ایک کلب کے بارے میں بتایا
انہیں لکھنا چاہتی۔
ملاقی شدہ ہے؟" میں نے ایک اور سوال کیا۔
مارہتا ہے!"

میں معلوم ہے۔"
رام لال کے گھر پر ہی اب اُس کا قبضہ ہے۔"
ہوتے کہا، اور پھر بولی۔ "اچھا، اُس کے
ت حاصل کیں؟"
میں اتنا ہی معلوم کر سکی ہوں اور میرا خیال ہے
زیادہ معلومات حاصل کرنے کے وسائل میرے

اتنی معلومات کا بھی شکریہ! باقی میں خود دیکھ

آخر ایسی ہو یا نہیں؟" بیگم جہانگیر نے معنی خیز
ساتھ پوچھا۔
میں نے جواب دیا۔ "اور شاید لڑکی بھی نہیں۔"
کیوں؟" بیگم جہانگیر حیرت سے بولی۔
می چاہتا ہے کہ اُس لڑکی سے میرا پیار برقرار رہے۔"
ہوئی؟"
معاری سمجھ میں نہیں آئے گی۔" میں نے ہنس کر
ل انسان کے اندر خوبصورتی و خوفناکی جذبہ ہے نا، اسی
گھ دیا گیا ہے اور میرا جی چاہتا ہے کہ سنگیتا سے
ہے۔"

"تمھارا یہ فلسفہ میری دانست میں بالکل لغو ہے۔ وہ وحشی جذبہ ایک الگ چیز ہے اور محبت ایک دوسری چیز!"

"تمھیں اختلافِ رائے کا حق ہے لیکن میں محبت کو جنس سے ماورا نہیں سمجھتی۔ زیادہ تر لوگ مجھ سے اتفاق نہیں رکھتے لیکن میرے اِس سوال کا جواب کبھی کوئی نہیں دے سکا کہ کسی نوجوان کو کسی ساٹھ سالہ بڑھیا سے یا کسی لڑکی کو کسی ساٹھ سالہ بڈھے سے محبت کیوں نہیں ہوتی؟ پوری انسانی تاریخ میں ایسا کوئی واقعہ نہیں ملتا اور یہی اِس بات کی دلیل ہے کہ محبت کی بنیاد جنسی محرکات پر قائم ہوتی ہے۔"

میری یہ دلیل سن کر دوسرے بہت سے لوگوں کی طرح بیگم جہانگیر بھی بغلیں جھانکنے لگی، اور میں نے مناسب یہی سمجھا کہ موضوعِ گفتگو بدل دوں۔

بیگم جہانگیر کچھ دیر بیٹھ کر رخصت ہو گئی اور میں ڈرائنگ روم ہی میں بیٹھی سوچتی رہی کہ مشتاق چنگیزی کے ماضی سے پردہ اُٹھانے کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟ کسی بنیاد کے بغیر میرے دماغ میں یہ خیال پیدا ہو چکا تھا کہ مشتاق چنگیزی بھی غالباً دوبئی ہی سے کراچی آیا ہے۔ اب میرے لیے مسئلہ یہ تھا کہ اپنے اِس خیال کی تائید یا تردید کس طرح کروں!

میرا دماغ اُدھیڑ بُن میں مبتلا رہا اور وقت گزرتا رہا۔ رات کا کھانا کھانے کے بعد میں نے بی ہاؤس جیکب لائنز جانے کی تیاری شروع کی۔ جو حلیہ گزشتہ دو راتوں میں بنایا تھا، وہی حلیہ اُس رات بھی بنایا اور میری ملازمہ مجھے کار میں ایمپریس مارکیٹ چھوڑ آئی۔ وہاں سے میں ایک تانگے میں بیٹھ کر اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئی۔ میں نے فیصلہ کیا تھا کہ جس رکشا میں بیٹھوں گی، اُس کے ڈرائیور سے کہہ دوں گی کہ وہ اُس تانگے سے کچھ پیچھے ہی رہے جس میں سنگیتا ہوگی۔ میری اِس بات سے رکشا ڈرائیور کے دل میں شبہات تو یقیناً پیدا ہوتے لیکن مجھے اِس کے سوا کوئی راہ نہیں سوجھ رہی تھی۔

میں معینہ وقت پر بی ہاؤس جیکب لائنز کے اپر گیٹ کوارٹرز کے قریب پہنچ گئی اور سنگیتا بھی شاید اپنے مقررہ وقت سے کبھی لیٹ نہیں ہوتی تھی۔

اُس رات میرے ساتھ پہلی قسم کی صورتِ حال پیش آئی۔ یعنی جب سنگیتا تانگے میں بیٹھی تو قرب و جوار میں کوئی رکشا نظر نہیں آ رہی تھی لیکن تانگے میں دو نشستیں خالی تھیں۔ اُن نشستوں کے پُر ہونے میں کچھ وقت بھی لگ سکتا تھا اور اتنی دیر میں کوئی رکشا وہاں آ سکتی تھی لیکن میں نے خطرہ مول لینا مناسب

نہیں سمجھا۔ یہ بھی تو ناممکن نہیں تھا کہ اس وقت تک کوئی رکشا نہ آتی۔ میں لپک کر تانگے ہی میں بیٹھ گئی کہ یہی ایک بہتر صورت تھی۔

دو تین منٹ میں آخری نشست بھی پُر ہو گئی اور تانگا چل پڑا۔ میں سنگیتا کے برابر میں بیٹھی تھی اور میری دائیں جانب ایک بڑھیا کا قبضہ تھا۔ سنگیتا اپنے خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی اور میرے دماغ میں صرف ایک خیال تھا کہ جو قضا دو رات اور دن میں ہے، وہی قضا دسنگیتا کی شخصیت میں بھی ہے۔ رات میں کچھ اور دن میں کچھ!

سنگیتا کے سان وگمان میں بھی نہیں آسکتا تھا کہ اُس کے برابر میں بیٹھی ہوئی شخصیت صبیحہ بانو کی ہے اگر اُسے اچانک یہ بات معلوم ہو جاتی تو اُس پر کیا گزرتی؟ اِس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں تھا۔ وہ بہت بُری طرح بوکھلا جاتی۔

تانگا تیز رفتار سڑک پر کھٹ کھٹ آتا، شور مچاتا چلتا رہا، یہاں تک کہ وہ سینٹرل جیل اسکول کے سامنے سے گزرا، اور پھر بینٹ جیمز سڑک کی طرف مڑنے ہی والا تھا کہ سنگیتا نے سر گھما کر تانگے والے سے کہا۔ "مجھے یہیں اُتار دو بھیا!"

یہ ایک ایسی سچویشن تھی کہ میں بس جھنجلا ہی سکتی تھی۔ مجھے ایک مرتبہ پھر ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ اگر میں بھی وہیں تانگے سے اُتر پڑتی تو سنگیتا کو شبہ ہو جاتا کہ میں اُس کے تعاقب میں ہوں۔

سنگیتا کو اُتار کر تانگا پھر حرکت میں آ گیا۔ میں بیٹھی بے بسی سے دیکھتی رہی کہ سنگیتا سڑک پار کر رہی تھی۔ اُس کا رُخ ایک سفید کار کی طرف تھا۔ میں نے سنگیتا کو کار کی اگلی نشست پر ڈرائیونگ کرنے والے کے برابر میں بیٹھتے ہوئے دیکھا۔ جب اُس نے دروازہ کھولا تھا تو ذرا دیر کے لیے کار کے اندر مدھم سی روشنی ہوئی تھی اور اُس روشنی میں ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے ہوئے آدمی کا چہرہ نظر آ گیا تھا۔ وہ ایک جوان اور خوبرو شخص تھا۔ اُس کی حیثیت سے یہ بات صاف ظاہر ہو گئی کہ وہ ڈرائیور نہیں بلکہ اُس کار کا مالک ہی ہو سکتا تھا۔

سنگیتا کے بیٹھتے ہی کار حرکت میں آئی اور تانگے کی مخالف سمت میں، یعنی گورا قبرستان کی طرف، فراٹے بھرتی ہوئی چلی گئی۔ اُس کی سُرخ روشنیاں میرے دیکھتے ہی دیکھتے اندھیرے میں مدغم ہو گئیں اور میں خیالات میں ڈوبی ہوئی ایمپریس مارکیٹ پہنچ گئی۔

اب یہ حاصل ہو چکا تھا کہ گزشتہ رات جب میں ایمپریس مارکیٹ پر سنگیتا کی منتظر تھی تو مجھے اُس کا تانگا خالی کیوں ملا تھا! سنگیتا روزانہ یہی کرتی ہو گی کہ اُس موڑ پر تانگے سے اُتر کر کار میں بیٹھ جاتی ہو گی۔ یہی اُس کا معمول تھا۔ تعاقب کرنے والے کو بیوقوف بنا معلوم کرا لیا ہو گی کہ وہ کہاں جاتی ہے پر قائم تھی کہ رضوان سے کچھ نہیں معلوم گھنٹے کی بات اور تھی۔ میں نے سوچا تھا کہ جیکب لائنز کا رُخ کرنے کی بجائے اُسی موڑ میں سنگیتا کا انتظار کروں گی اور اُس کار کا پتا لگا گی کہ وہ کہاں جاتی ہے!

جب میں اپنے گھر پہنچی تو مجھے احساس ہوا میں نے سنگیتا کے بارے میں اتنا غلط معصوم لڑکی تو بڑی حرافہ ثابت ہو رہی تھی۔ [illegible] کی [illegible] میں نے سوچا اُس رات میرے زخمی شانے میں [illegible] مجھے سونے کے لیے سلیپنگ پل پینے کی [illegible] صبح میں نے شانے کی [illegible] کرنے کے بعد میں دفتر روانہ ہو گئی۔ وہیں فون کیا اور رضوان سے بات کی۔

"اس وقت تو ٹھیک ہوں۔" رضوان نے کہا۔ "لیکن کل رات درد کا حملہ ہوا تھا۔ اُسی وقت کو فون بھی کر لیا تھا لیکن اب گھر پر موجود نہیں تھے، سنگیتا کے چکر میں نکل ہوں گی؟ بکواس بلا وجہ اپنا دل جلاتی ہیں! مجھ سے پوچھ لیجیے، میں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ گھنٹے کہاں گزارتی ہے!"

"تم سے معلوم کرنے کی مجھے کوئی ضرورت نہیں میں یقیناً معلوم کر لوں گی کہ وہ کہاں جاتی ہے۔ میں صرف طبیعت پوچھنے کے لیے فون کیا تھا۔ یہ عجیب بات کا دوسرا حملہ بھی تہ پر رات ہی کے وقت ہوا!"

"ہاں، ڈاکٹر بھی اُلجھے ہوئے ہیں کہ یہ معاملہ کیا ہے رات میں وقت نکال کر ہاسپٹل آؤں گی"

"اگر آپ آ گئیں تو شاید میں ٹھیک ہی ہو جاؤں"

"وہ کیسے؟ کیا مطلب؟"

"دل کا معاملہ ہے نا!" رضوان نے ایک طویل لے کر کہا۔

"شٹ اپ!" میں نے یہ کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا نہ چاہتے ہوئے بھی مجھے رضوان سے کہنا پڑ گیا کہ یہ معلوم ہو گئی تھی کہ سنگیتا رات کو صرف دو گھنٹے کے لیے جاتی ہے۔

ہی اچھا خاصا ہوتا ہو گا! میں نے بڑی

ف کا مول میں اُلجھی رہی لیکن میرا دماغ بھی الجھا رہا۔ یہ سوال میرے لیے ابھی تک ل کس نے پیدا کی تھی؟ میں نے اِس امکان پر بھی غور کیا تھا کہ شاید کوئی اور بھی ہو سکتا ہے لیکن میں نہیں آئی تھی۔

ان میں خورشید کا خیال آیا۔ میں ابھی تک ا تھی۔ اگر مل بیتی تو کم از کم یہ ضرور معلوم معاملے میں تاتاری پر کیا ردِ عمل ہوا ہے! کیا کہ اُسی دن کسی وقت خورشید سے بھی

ت قبل میں نے سنگیتا کو اپنے کمرے میں ول سادگی اور معصومیت کی تصویر بنی ہوئی ا اُس وقت میرے دل میں اُس کے لیے کچھ ا ہی تھے۔ مجھے ایسی لڑکیوں پر بہت غصہ آتا ہیں رہتی ہیں۔

اگر ڈکٹیشن دینا شروع کیا اور یہ کام ابھی مکمل ہو گیا۔

نچ کے بعد!" میں نے سنگیتا سے کہا۔

ملیتا نے کال بند کر دی۔

ں کرتی ہو؟" میں نے اُس سے پوچھا۔

ں!" سنگیتا نے جواب دیا۔ "میں کھانا اپنے ہوں۔ رلیسٹورنٹ کے کھانے تو بہت مہنگے

ے دل ہی دل میں کہا، اور پھر ہنس کر بولی۔ ہی کہتی ہو، چلو، آج تم میرے ساتھ

سنگیتا نے چونک کر پوچھا۔

ں کر دوں؟"

چہرے پر تذبذب کے آثار تھے لیکن وہ انکار ا اپنے ساتھ کار میں بٹھا کر اپنے گھر کی طرف اصل میں تو کچھ یوں سوچا تھا کہ جب سنگیتا م کی لڑکی تو میں اپنے جذبات کا گلا کیوں

ڈیفنس کی طرف جانے والی سڑک پر مڑی تو سنگیتا نے آہستہ سے کہا۔ "شاید آپ اپنے گھر چل رہی ہیں؟"

"ہاں!" میں نے خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیا۔ "مجھے اُمید ہے کہ تمھیں میرے گھر کا کھانا بہت پسند آئے گا۔"

"کوئی اچھا خاصا ساں رکھا ہو گا آپ نے!"

"خانساماں!" میں ہنس پڑی۔ "میرے گھر میں کبھی صرف عورتیں ہی ملازم ہیں، سوائے چوکیدار وغیرہ کے!"

سنگیتا نے اس [illegible] کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ اُس کے چہرے سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے اچانک اُس کا دماغ تفکرات کے گرداب میں پھنس گیا ہو۔ غالباً اُسے اُن تمام باتوں کا خیال آ گیا ہو گا جو اُسے میرے بارے میں بیگم جہانگیر سے معلوم ہوئی تھیں۔

میں نے بھی اُس کی غیر معمولی خاموشی پر کوئی تبصرہ نہیں کیا اور چپ چاپ ڈرائیونگ کرتی رہی۔

گھر پہنچ کر میں نے اپنی خصوصی ملازمہ کو ضروری ہدایات دیں اور سنگیتا کو ساتھ لیے ہوئے ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی۔

دیوار پر آویزاں تصاویر دیکھ کر سنگیتا کو جیسے جھٹکا سا لگا۔ اُس نے گھبرا کر سر جھکا لیا۔ یوں معلوم ہوا تھا جیسے اُس کی نگاہ کو ایکٹرک شاک لگا ہو۔

"بب... بانو!" وہ ہکلا گئی۔

"ہوں!" میں مسکرائی۔

"کیا ہم کسی [illegible] میں چل کر نہیں بیٹھ سکتے؟"

"یہاں کر [illegible]"

"یہ... یہ... تصویریں..."

"کیا تمھیں یہ تصویریں پسند نہیں آئیں؟" میں نے بڑی سادگی سے پوچھا۔

"جی... وہ... میرا مطلب ہے۔" لیکن سنگیتا اپنا مطلب بیان نہیں کر سکی۔

میں دل ہی دل میں ہنس رہی تھی کہ یہ کل کی لڑکی اپنی اداکاری سے مجھے دھوکا دینا چاہتی ہے۔ مونہہ اندھو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی!

"ارے آپ بیٹھ بھی جاؤ!" میں نے اُس کا شانہ تھپک کر بڑی بے تکلفی سے کہا۔ "مجھے یہ کمرہ بہت پسند ہے۔ اِسے اتنا رومانٹک بنانے کے لیے مجھے بہت پیسا مرن کرنا پڑا تھا۔"

پھر میں اُس کے بیٹھنے کا انتظار کیے بغیر اُس کمپینٹ کی طرف بڑھ گئی جس میں رکھی ہوئی رنگارنگ بوتلیں بنت عنب سے لبریز تھیں۔ میں وہاں سے دو ڈیگ بنا کر سنگیتا کی طرف

پلٹی اور ایک پیگ سنگیتا کی طرف بڑھا دیا۔

"یہ... یہ کیا..." وہ ہچکچاتی ہوئی بولی۔ اُس نے گلاس کی طرف ہاتھ نہیں بڑھایا تھا۔

"یہ خمار آسا شربت پی کر تمھیں یہ دُنیا بہت حسین نظر آنے لگے گی۔"

"بانو!" سنگیتا کے لہجے میں قدرے سختی آ گئی۔ "میں شراب نہیں پیوں گی۔"

"چلو، نہ پیو!" میں نے بے پروائی سے کہا۔ "میں کسی بھی معاملے میں زیادہ جبر کی قائل نہیں ہوں۔" میں نے اپنے گلاس سے ایک چُسکی لی اور دوسرا گلاس کیبنٹ پر رکھ آئی۔ "اب بیٹھ تو جاؤ۔" میں نے سنگیتا سے کہا۔

سنگیتا بیٹھ گئی۔ اُس کی نگاہ اب بھی جھکی ہوئی تھی۔

میں نے پہلا پیگ بہت جلد ختم کیا اور خالی گلاس کیبنٹ پر رکھ کر وہ گلاس اُٹھا لائی جو سنگیتا کے لیے بنایا تھا۔ اُس کی ایک چُسکی لے کر میں نے سنگیتا سے کہا۔ "کیا تم فرش پر بیٹھنے میں کچھ زحمت محسوس کر رہی ہو؟"

"جی نہیں، کوئی بات نہیں! میں ٹھیک ہوں۔" سنگیتا نے جلدی سے کہا۔

"تو پھر سینڈل اُتار کر اطمینان سے بیٹھو۔ کھانا اب آتا ہی ہو گا۔"

سنگیتا نے سینڈل اُتار دیے۔

"ہاں تو..." میں پھر بولی۔ "بیگم جہانگیر نے تمھیں میرے بارے میں کیا کیا بتایا تھا؟"

"وہ بڑی عجیب و غریب باتیں تھیں بانو!" سنگیتا کی نظر جھکی رہی۔ "کم از کم میرے لیے وہ اتنی ہی عجیب و غریب تھیں کہ مجھے اُن پر یقین نہیں آیا تھا۔"

"میں سمجھتی ہوں کہ تمھیں یقین کر لینا چاہیے تھا کیونکہ وہ ساری باتیں تمھارے لیے انجانی سہی مگر ناقابلِ فہم نہیں ہو سکتیں۔"

"میرے لیے وہ باتیں ناقابلِ فہم ہی تھیں بانو!"

"تم جیسی لڑکی کے لیے وہ ناقابلِ فہم نہیں ہو سکتیں۔"

"جی!" سنگیتا نے جیسے چونک کر میری طرف دیکھا۔ "مجھ جیسی لڑکی... اِس سے آپ کی کیا مُراد ہے بانو؟"

"میرا مطلب ہے کہ تم خاصی بالغ لڑکی ہو!" میں تلخی سے ہنسی۔

"نہ جانے آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں!" سنگیتا کی آواز بھرّا گئی۔

میں کوئی جواب دینے کی بجائے گئی۔ دراصل میں نے دوسرا پیگ بھی کر ڈالا تھا۔ میں پلٹ کر سنگیتا کے پاس رگ دپے میں اب بالکل تیر رہا تھا۔ میرے سانس اکھڑنے لگتے ہیں اب قربت کہ بدن، چقماق بن جائیں اور اُٹھیں۔ وہ آگ جس کی جلن میں آسودگی آگ جس کی ٹھنڈک سے شبنم بھی لرز جاتا ہے

"زندگی کو من چاہے طریقے سے برسا میں نے کہا۔" کیا خیال ہے سنگیتا؟" میں نے ہاتھ رکھ دیا۔

"جی!" سنگیتا کا شانہ کپکپا گیا۔ "میں نہیں سمجھی۔"

"تم کسی بات کا مطلب ہی نہیں سمجھ مُنہ بنا کر کہا۔" آؤ! میں تمھیں ہر بات کا میں نے اُسے اپنی آغوش میں سمیٹ لینا

"بانو!" سنگیتا اُچھل کر مجھ سے کچھ "زیادہ پارسا بننے کی کوشش نہ کرو زہر خند کیا۔

"آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں بانو! انداز میں کھڑی ہو گئی۔

میں اپنی جگہ بیٹھی رہی اور مسکرا کر کہا۔" تمھاری سمجھ میں نہیں آتی اور اسی لیے میں میرے بہت قریب ہو جاؤ۔ یہ قربت تمھیں

"بانو!" سنگیتا نے بھرّائی ہوئی آواز میں جہانگیر کی ساری باتیں درست ہیں تو میں کم از کم مجھ پر رحم کیجیے!"

"میں تمھیں مار تو نہیں ڈالوں گی!"

"وہ سب کچھ میرے لیے مار ڈالنے ہی

"کیا تم یہ سمجھتی ہو کہ میں تم سے واقف نے زہریلے لہجے میں کہا۔" میں یہ بھی جانتی ہوں اُسے بتاتے بتاتے رُک گئی کہ میں کئی راتوں نقل و حرکت پر نظر رکھے ہوئے ہوں۔

"آپ سب کچھ جانتی ہوں گی لیکن خدا کے سے جانے دیجیے!" وہ ہذیانی انداز میں چیخ

وہ ہے۔" میں نے سرد لہجے میں کہا۔ "میری سنگ دلی کر کر دم توڑ دے گی پاگل لڑکی!

نہ۔"

..." وہ آبدیدہ ہو گئی۔ "میں جا رہی ہوں۔" اپنے سینڈل پہنے اور دروازے کی طرف

اپنی جگہ سے نہیں ہلی۔ خاموشی سے اُس ی۔ وہ دروازے کے ہینڈل سے زور آزمائی بھلا کر پھر میری طرف مُڑی اور بولی۔

ں نے کہا۔" اور اسے کھولنے کا طریقہ صرف ں۔"

ر پھر التجا کرتی ہوں کہ مجھے جانے دیجیے!"

بڑی مکدّر ہو گئی تھی۔ میرا خیال تھا کہ سنگیتا زاحمت نہیں کرے گی لیکن سنگیتا نے میرے ار دے دیا تھا۔ اگر میں چاہتی تو اس میں اُس کی یہ کشش کو بہت دُور تک طاح اتنی مجھے اُس سے کچھ پیار ہو گیا تھا۔ میں اُس تی تھی۔ میں اُٹھ کر اُس کے قریب گئی۔ چند لمحے اندے رہی، اور پھر اُس کا بازو پکڑ کر اتنی زور ے کے وسط میں جا گری لیکن مجھے یقین ل نرمی کے باعث اُسے ذرا بھی چوٹ میں ایک خاص طریقے سے ہینڈل گھما کر ل باہر چلی گئی۔ میں نے اپنی خصوصی ملازمہ لے آئے۔ پھر میں دوبارہ بلور روم میں ا کہ سنگیتا بہت سہمی ہوئی تھی۔ میں نے ا تو قہ نہیں دی اور شرابوں کے کیبنٹ کی موڈ بہت بُری طرح آف ہو گیا تھا۔ جتنی میں دو پیگ بنا کر اس طرح پی چکی تھی جیسے لگا اگیا تو میں نے سنگیتا سے کہا۔" آؤ.....

ہ بھوک نہیں ہے۔" سنگیتا نے بھرّائی ہوئی

آنکھیں نکال کر بولی۔" میں ہر معاملے میں بچکانہ ضد برداشت نہیں کر سکتی۔"

سنگیتا مجھ سے اتنی خائف تھی کہ میری ڈانٹ کے بعد ذرا بھی چوں چرا کرنے کے قابل نہیں رہ گئی۔ کھانا کھاتے ہوئے اُس کی آنکھوں میں آنسو تھے لیکن میں نے اُس سے دوبارہ کچھ نہیں کہا۔ کھانے کے اختتام پر میں نے محسوس کیا کہ سنگیتا نے بہت کم کھایا تھا لیکن میں اب بھی کچھ نہیں بولی اور اُسے لے کر گھر سے نکل آئی۔

گھر سے دفتر کی طرف جاتے ہوئے بھی کار میں کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ دفتر پہنچ کر میں اُسے اپنے کمرے میں لے گئی اور جو کام آدھورا رہ گیا تھا، اُسے مکمل کرانے لگی۔ سنگیتا بھی مشینی انداز میں متحرک تھی۔ ڈکٹیشن کے بعد میں نے اُس سے کہا۔" ابھی جا کر اسے ٹائپ کرو!"

اُس نے اپنے سر کو خفیف سی جنبش دی اور کمرے سے چلی گئی۔

میں دفتر تو اسی خیال سے آئی تھی کہ وقتِ مقرّرہ تک کام کروں گی لیکن اب وہاں میرا دل نہیں لگ رہا تھا۔ میں بڑی کوفت اور جھنجلاہٹ میں مبتلا تھی۔ جذباتی ہیجان میں مبتلا ہونے کے بعد اگر مجھے آسودگی کا راستہ نہ مل سکے تو پھر صرف شراب ہی مجھے پُرسکون کر سکتی ہے۔ آخر شراب کی خواہش اتنی شدید ہو گئی کہ میں دفتر سے اُٹھ کر گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔

ہر چند کہ میں چار پیگ پی چکی تھی لیکن اُس کا اتنا وقفہ مل چکا تھا کہ اُس کے اثرات تقریباً زائل ہو چکے تھے۔ اس کے زائل ہونے کا ایک سبب سنگیتا کے عمل کا ردِعمل بھی تھا۔ گھر پہنچ کر میں نے اپنی خوابگاہ کا رُخ کیا اور وہاں بیٹھ کر بے تحاشا پی ڈالی میں اتنی پی گئی کہ مجھے کسی بات کا ہوش نہیں رہا۔ بس اتنا یاد ہے کہ میں کرسی سے اُٹھ کر بستر پر جا لیٹی تھی۔

جب میری آنکھ کھُلی تو مجھے کچھ نظر نہیں آیا۔ ایک لمحے کے لیے تو میں بوکھلا گئی کہ شاید میری بینائی زائل ہو چکی ہے لیکن پھر مجھے خیال آیا کہ غالباً رات ہو چکی ہے۔ میں نے بیڈ سوئچ دبا کے کمرے میں روشنی کر دی اور مجھے سب کچھ نظر آنے لگا۔ دیوار گیر کلاک نے مجھے بتایا کہ دس بج رہے ہیں۔

میری طبیعت بڑی کسلمند تھی۔ میں جاگنے کے بعد بھی کچھ دیر تک بستر سے نہیں اُٹھ سکی۔ لیٹے لیٹے میرے ذہن میں

بہت سے خیالات آئے اور گزر گئے۔ اُن میں سے ایک خیال یہ بھی تھا کہ آج کی رات ایک اعتبار سے تو ضائع ہی گئی۔ اب اتنا وقت نہیں رہا تھا کہ میں سنگیتا کی شبینہ نقل و حرکت پر نظر رکھ سکوں اور جان لوں کہ وہ کہاں جاتی ہے!

کچھ دیر بعد میں بستر سے اُٹھی میں نے اپنی خصوصی ملازمہ کو بُلا کر اُس کی مدد سے اپنے زخمی شانے کی ڈریسنگ کی۔ وہ زخم اب صرف اِس صورت میں تکلیف دہ رہ گیا تھا کہ اُسے ٹھیس لگ جائے۔ ڈریسنگ کرنے کے بعد میں باتھ روم میں جا گھسی۔ غسل کرنے سے میری کسلمندی رفع ہو گئی۔ غسل کرتے ہوئے مجھے اِس بات کا خیال رکھنا پڑا تھا کہ میرے زخمی شانے پر پانی نہ پڑ سکے۔

کپڑے پہن کر میں ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے جا بیٹھی اور ملازمہ کو ہدایت کر دی کہ میں جتنی دیر میں میک اپ کروں، اُتنی دیر میں کھانا آ جائے۔ کھانے کے بعد میں ہاسپٹل جانا چاہتی تھی۔ میں نے رضوان سے وعدہ کیا تھا کہ رات کو میں اُسے دیکھنے آؤں گی۔

کھانا کھانے کے بعد میں نے گیرج سے اپنی کار نکالی۔ میں اپنے خیالات میں ڈوبی ہوئی، کار کو آہستہ آہستہ پلاٹی پھاٹک کی طرف لے جا رہی تھی۔ پھاٹک سے نکل کر میں نے اُسے بائیں جانب موڑا اور پھر جیسے بے اختیار میرا پیر بریک اور کلچ پر پہنچ گیا۔ میری نظر کچھ دُور کھڑی ہوئی ایک کار پر پڑی تھی اور میرے خیال کے مطابق یہ وہی کار تھی جس سے مجھ پر دو رات قبل گولیاں برسائی گئی تھیں۔

وہاں اتنا اندھیرا تھا کہ مجھے اُس کار کی نمبر پلیٹ دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ میری کار کی ہیڈ لائٹیس ڈم تھیں۔ میں نے لیور دبا کر فُل لائٹیس جلائیں تو مجھے نہ صرف نمبر پلیٹ نظر آ گئی بلکہ میں نے یہ بھی دیکھا کہ اُس کار کی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے ہوئے شخص نے تیزی سے مُجھک کر اپنا چہرہ چھپانے کی کوشش کی تھی۔

خطرے کے احساس نے میرے اعصاب پر چھانا کا سا کیا اور دوسرے ہی لمحے میرے ہاتھ پیروں نے مشینی انداز میں عمل کیا۔ میں نے گاڑی کو بہت پھُرتی سے ریورس گیر میں ڈالا اور کلچ پر بتدریج دباؤ کم کرتے ہوئے ایکسیلریٹر پر دباؤ بڑھاتی چلی گئی۔ گاڑی تیزی سے پیچھے بھاگی اور واپس پھاٹک میں داخل ہوتی چلی گئی۔ اِس طرح میں نے خود کو کسی متوقع فائر سے بچانے کی کوشش کی تھی۔

سڑک پر کھڑی ہوئی اُس کار کے اسٹارٹ ہونے کی آواز سنائی دی، اور پھر وہ فراٹے بھرتی ہوئی سے گزری میں نے خود کو تیزی سے بھی کسی متوقع فائر سے بچانے کی ایک کو فائر نہیں ہوا۔ فائر ہونے کا یقین نہ زخمی ہوتی یا نہ ہوتی، کار کی ونڈ شیلڈ تو چوکیدار اور دو ایک ملازمائیں آ رہی تھیں۔ وہ لوگ جاننا چاہتے ہیں ریورس کیوں لیا تھا؟ لیکن میں نے ان انتظار نہیں کیا اور کار کو فرسٹ گیئر میں ڈا میں لے آئی اور اُسے اُسی طرف موڑا جو لیتے میں دوسرا گیئر ڈال چکی تھی اور گاڑی ٹاپ گیئر میں فراٹے بھر رہی تھی۔

اگلی کار ابھی زیادہ دُور نہیں گئی تھی عقبی روشنیاں صاف نظر آ رہی تھیں یقین تھا کہ دو دن قبل مجھ پر اُسی کار سے اور آج بھی وہ نہ معلوم شخص وہاں اِسی لیے ناکامی کا ازالہ کر سکے۔

لیکن میں اب اُس رات کی طرح تنہا تھی میں نے تہیہ کر لیا تھا کہ اُس نہ معلوم ملزم اب میرے بائیں شانے میں اتنی تکلیف نہیں تھی سے اسٹیرنگ کو سنبھال سکوں۔ میں نے دائیں کھولا اور اُس میں سے اعشاریہ دو پانچ کا پستول میری کار کی بڑھتی ہوئی رفتار کے ساتھ اگلی کا بڑھتی جا رہی تھی اور اس کا یہی مطلب تھا کہ شکار رہے۔

میں نے پستول اس لیے نکالا تھا کہ فائر کر ٹائر پھاڑ دوں لیکن پھر مجھے خیال آیا کہ گولی چلنے کی آواز سن کر آس پاس کے بہت سے لوگ گھروں گے جب کہ میں اپنے شکار کو بہت خاموشی سے چھا تھی میں نے پستول پھر اپنے پرس میں ڈال لیا۔

میری کار اب فراٹے بھرنے والی کار کے بالکل تھی لیکن مجھے اُس کے آگے نکلنے کا موقع نہیں مل، اُس اجنبی کی نظر عقب نما آئینے پر تھی اور وہ میری کا دیکھ کر اپنی کار کو ایسے زاویے پر لے آتا تھا کہ میں آگے "اچھی بات ہے بیٹے!" میں بڑبڑائی۔ "چلتے

گم کیے۔ آج میری کار کی ٹنکی پٹرول سے ں کار کی ٹنکی اتنی چھوٹی ہے کہ اگر وہ ں میں زیادہ پٹرول نہیں ہوگا۔"

اُس وقت بھی وہ نہ معلوم شخص ڈیفنس پر مار دوڑا رہا تھا۔ وہ راستے اتنے کشادہ ڈرائیور کی خواہش کے خلاف اُسے آسانی اگر وہ شاہراہ پر نکل جاتا تو میں اُسے ضرور کامیاب ہو جاتی اور میرا نہ معلوم دشمن طرح اکھاڑ تھا۔ اُسے یہ خوف بھی ہوگا کہ کوئی پیٹرولنگ کار بھی مل سکتی ہے جو دوڑتی ہوئی کاروں کو روکنے کی کوشش

وہ نہیں گزری تھی اِس لیے اُن راستوں ادھر گاڑی نظر آ جاتی تھی۔ اگر وہ پیچھے سے سے نکلنے کا موقع وہ اُس وقت تک نہیں وہ بالکل قریب نہ آ جائے۔ اس طرح مجھے اسے اوورٹیک کرنے کا موقع نہیں مل پاتا تھا اسی طرح گزر گیا۔ اب مجھے جھنجلاہٹ سی ہونے شاید ساری رات ہی گزر جاتی۔ اُس وقت میں فیصلہ کر ڈالا جھنجلاہٹ میں مبتلا ہونے کے بعد فیصلے کرتے ہوئے بالکل نہیں گھبراتا۔ میں نے یہ اب اگر آگے سے کوئی گاڑی آئی اور اجنبی نے نکلنے کا موقع دیا تو میں اُسی وقت اُسے اوورٹیک کر لوں گی۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں والی گاڑی کا ڈرائیور بوکھلا جاتا اور حادثے اپنی گاڑی کو بائیں جانب کاٹتا۔ اِس طرح اور بھاڑ جھنکاڑ سے دوچار ہونا پڑتا لیکن مجھے دونوں کاروں کے بیچ میں سے نکلنے کا موقع میں خطرہ یہ تھا کہ اگر سامنے سے آنے والی کار ہی حواس باختہ ہو جاتا اور اپنی گاڑی کو کاٹتے کر بچاتا تو میری اور اُس کی کار کا ٹکرا جانا لازمی تھا۔ میں شاید پہلی مرتبہ میں نے ایک خطرناک فیصلہ شاید احمقانہ بھی کہا جا سکتا تھا۔

جب میں نے یہ فیصلہ کیا تو پھر بہت دیر تک سامنے نہیں آئی۔ وہ نامعلوم شخص بڑی مستقل مزاجی سے ڈیفنس کے اندرونی راستوں کو اپنی کار لے پہیوں سے ناپتا رہا۔ اب بارہ بج چکے تھے اور سناٹے کا احساس بہت دبیز ہو گیا تھا۔

میری جھنجلاہٹ میں خاصا اضافہ ہو چکا تھا کہ سامنے کچھ دُور کسی گاڑی کی ہیڈ لائٹیس چمکیں۔ وہ گاڑی موڑ لے کر اُس سڑک پر آئی تھی۔ اُن ہیڈ لائٹیس کو چمکتے دیکھ کر میری آنکھیں بھی چمک اُٹھیں۔ آخر وہ وقت آ ہی گیا تھا کہ میں اپنے فیصلے کو عملی صورت دے سکوں۔

ہیڈ لائٹیس تیزی سے قریب آتی جا رہی تھیں لیکن جب میرے متعاقب نے سڑک کے درمیانی حصّے کو بدستور گھیرے رکھا تو آنے والی کار کی رفتار کم ہو گئی اور اُسے آگے نکلنے کا راستہ اُسی وقت ملا جب وہ میرے متعاقب کے بالکل قریب پہنچ گئی۔ میرے متعاقب نے بڑی تیزی سے اپنی کار کو بائیں جانب کاٹا اور اتنی ہی تیزی سے میں اپنی کار کو دائیں جانب کاٹ کر سامنے سے آنے والی کار کے بالکل سامنے لے آئی۔ میری رفتار خطرناک حد تک تیز تھی لیکن میں نے بریک لگائے تاکہ آنے والی کار کو کٹ کر نکل جانے کی مہلت مل سکے۔

آنے والی کار کا ڈرائیور میری توقع کے مطابق بوکھلا گیا اور اُس نے اپنی کار اتنی تیزی سے کاٹی کہ وہ اُلٹتے اُلٹتے بچی۔ وہ چھوٹی سی موریس تھی اِس لیے وہ بہر حال بچ کر نکل گئی لیکن میں نے اُس کے برابر سے نکلتے وقت گندی گندی گالیوں کی آواز سُنی۔ میں نے اُن گالیوں کا قطعاً بُرا نہیں مانا کیونکہ گالیاں دینے والا حق بجانب تھا۔

میرے متعاقب نے جو عقب نما آئینے میں یہ منظر دیکھا تو گھبرا کر ایک بار پھر اپنی کار کو میرے آگے لانے کی کوشش کی لیکن میں نے ایکسیلریٹر پر بھرپور دباؤ ڈال کر اُس کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ میں زناٹے کے ساتھ اُس کے آگے نکل گئی۔ میری کار کا دایاں حصّہ اُس کی کار سے رگڑ کھاتا ہوا نکلا تھا لیکن اتنی قربت کے باوجود بھی اندھیرے کے باعث ڈرائیونگ کرنے والے کا چہرہ نہیں دیکھ سکی تھی۔

آگے نکلتے ہی میں نے ایکسیلریٹر سے پیر ہٹا لیا اور رفتار کو بتدریج کم کرتی چلی گئی۔ اب میری نظر عقب نما آئینے پر تھی اور میں اپنے شکار کو اپنی کار سے آگے نکلنے کا موقع نہیں دینا چاہتی تھی۔

اب تُو مجھ سے بچ کر نہیں جا سکتا مسٹر کے بچے! میں نے دل ہی دل میں کہا۔

اِس میں کوئی شک نہیں کیا جاسکتا کہ وہ سُور کا بچہ مجھ سے خائف بہت تھا۔ ہر چند کہ اُس نے مجھ پر گولیاں چلانے کی جسارت کی تھی لیکن اُسے یہ بھی یقین تھا کہ اگر وہ میرے ہاتھ لگ گیا تو اُس کی خیریت نہیں!

گاڑی کی رفتار کم کرتے کرتے ایک تنگ سے مقام پر میں نے گاڑی کو یکلخت ترچھا کر کے روک دیا۔ اِس طرح راستہ بالکل مسدود ہو گیا تھا۔ اِس کی کوئی گنجائش نہیں رہی تھی کہ پچھلی کار آگے نکل سکتی۔

"SSS نہیں تجھ سے نمٹ لوں گی۔" میں نے ایک بار پھر دل ہی دل میں کہا۔

لیکن اُس وقت میرے پیارے دشمن نے ایک ایسی حرکت کی جس کے بارے میں مجھے پہلے ہی سوچ لینا چاہیے تھا لیکن میں نے سوچا نہیں تھا۔ بعض اوقات بالکل سامنے کی بات ذہن میں نہیں آتی اور وہ سامنے کی بات یہ تھی کہ اُس نہ معلوم شخص نے اچانک اپنی گاڑی کو ریورس گیئر میں ڈال کر پیچھے کی طرف دوڑا دیا تھا۔

"اُلو کا پٹھا!" جھنجلاہٹ کے عالم میں میرے مُنہ سے نکلا۔

میں نے گاڑی کا انجن بند کر دیا تھا جسے دوبارہ اسٹارٹ کیا لیکن ریورس گیئر میں ڈالنے کی بجائے موٹر کو اپنے دشمن کی گاڑی کی طرف دوڑا دیا۔ میں نے فُل لائیٹس آن کر دی تھیں کیونکہ یہی موقع تھا جب میں اپنے دشمن کا چہرۂ مبارک دیکھ سکتی تھی۔ وہ چونکہ ریورس گیئر میں بھاگ رہا تھا اِس لیے اُس کی رفتار بہت زیادہ نہیں ہو سکتی تھی۔ میری گاڑی بہت جلد اُس کے اِتنے قریب پہنچ گئی کہ ہیڈ لائیٹس کی روشنی میں اُس کا چہرہ نظر آ گیا۔

"اوہ!" میں نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔

وہ تاتاری تھا!

اُسے دیکھ کر مجھے بڑی حیرت ہوئی۔ خورشید کا بیان تھا کہ تاتاری ایک ایسا آدمی ہے جو دشمن کو ہلاک کرنا، حماقت سمجھتا تھا۔ تو پھر اُس نے ایسی حرکت کیوں کی؟ کیا مجھے ہلاک کرنے کے لیے اُسے کسی بہت بڑی رقم کی پیشکش کی گئی ہو گی؟ کیا وہ اِتنی بڑی رقم ہو سکتی ہے کہ تاتاری جیسا پختہ کار بدمعاش اپنے اصولوں کو بالائے طاق رکھ سکے؟ لیکن اُسے اِتنی بڑی پیشکش کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟ یہ سارے سوالات بیک لمحہ میرے ذہن میں چکرا گئے۔

اچانک تاتاری نے اپنی گاڑی کی انداز ہو گیا ہو گا کہ وہ اِس طرح مجھ اُسے رفتار کم کرتے دیکھ کر مجھے بھی اپنی یہ بھی خیال تھا کہ تاتاری کے پاس سائلنسر وہ اُس وقت تو میری کار پر گولیاں نہیں اُس کے تعاقب میں تھی لیکن اب سا کرنا اُس کے لیے دشوار نہ ہوتا۔

پستول میرے پاس بھی تھا لیکن، تھی کہ میں فائرنگ کی آواز سے اُن چونکانا نہیں چاہتی تھی۔ اندیشہ یہ بھی تھا فائرنگ کی آواز شاہراہ پر گشت کرتی ہو پہنچ جاتی اور وہ لوگ اُدھر آ نکلتے جب کہ پولیس کے جھمیلے میں پھنسوں۔ میری اس تاتاری کی عافیت ابھی تک خطرے میں نہیں تھا۔ تاتاری کی گاڑی رُکی تو میں نے بھی مناسب سمجھا۔ میں اُس کے ریوالور کی زد تھی اور میری یہی احتیاط میرے کام آ گئی۔ دائیں ہاتھ کو کھڑکی سے نکلتے ہوئے دیکھا بھی تھا۔ میں نے بڑی عجلت میں ریورس گیئر میں ڈال دیا کیونکہ اپنے ہی خیال کے مطابق، یا کی رینج میں تھی۔ میں نے گولی سے بچنے کے اور اپنے سر کو بھی حتی الامکان نیچے جھکا لیا میں سائلنسر لگا ہونے کی وجہ سے میں یہ کر سکی کہ فائر ہوا تھا یا نہیں۔ تاہم میں نے کوئی چیز میری کار کی چھت سے رگڑ کھاتی ہوئی معاملہ اب اُلٹا ہو چکا تھا۔ میں اپنی کا دوڑا رہی تھی اور تاتاری اپنی گاڑی کو آندھی میرے سر پر چڑھائے لیے چلا آ رہا تھا۔ میرے تھی کہ گولی سے بچنے کے لیے مجھے سر جھکانے کی وجہ سے میں نہ تو تاتاری کی کار پر ٹھیک اور نہ مجھے اپنے عقب کا کچھ علم تھا حالانکہ کار دوڑ رہی تھی۔

پھر یوں ہوا کہ تاتاری کی کار زناٹے کے سا بائیں جانب سے نکل گئی۔ اُسے دائیں طرف مل سکا تھا اور یہی بات میرے حق میں ٹھیک ہوئی

در سے بریک لگایا جیسے اپنا سارا اشتعال ٹھنڈا کر لینا چاہتی ہوں۔

لکے سے رُکی اور میں نے اُسے واپس ت کم جگہ میں ٹرن لیا۔ اب ایک بار پھر گے تعاقب میں تھی۔

لت بار میں نے لوگوں کا تعاقب کیا۔ میں ہوئی تھی جتنا زچ مجھے تاتاری نے ں کے باعث میرے اعصاب پنجر ڈھیلے مک کو تیزی سے اِدھر اُدھر گھمانے کے باعث کرنے لگا تھا لیکن میں بھی دل ہی دل میں تاری کو چھوڑوں گی نہیں۔

بھی کوئی شبہ نہیں رہا تھا کہ تاتاری مجھ کھلایا ہوا تھا۔ یہ بوکھلاہٹ ہی تو تھی کہ اپنے تعاقب میں آنے کا موقع دیا تھا۔ کے قابل ہوتا تو اُس نے ایک گولی میری ائر پر تو داغ ہی دی ہوتی ٹائر برسٹ ہ ذہن تاکہ میں اُس کا تعاقب جاری

نے فیصلہ کیا تھا کہ اُس سے آگے نکل کر ں آہستہ ہر گز نہیں کروں گی۔ بس یہی عاقب کرتی رہوں۔ آخر وہ کب تک اور جب وہ رُکتا تو اُس کی شامت اُسے اچھی طرح لوح ہو جانے کے بعد اب اشتعال

نک میں بڑے صبر و استقامت سے اُس اس سے آگے نکلنے کی کوشش نہیں پر بھی جھنجلاہٹ ہو رہی تھی کہ اُس بھی کسی طرح ختم ہونے میں نہیں آ رہا تھا۔

اب ایک اتفاق ہی کہوں گی، اِتنی دیر تک لک کار سے مڈبھیڑ نہیں ہوئی تھی لیکن ں نہ جانے کدھر سے نکل آئی اور میرے ے مجھے اپنے ہاتھوں سے نکلتا نظر آنے لگا ماری کی وجہ سے یقیناً پولیس کی نظر میں

آخر وہی ہوا جس کا مجھے خدشہ تھا۔ پولیس کار کچھ دیر تک میرے تعاقب میں رہنے کے بعد اپنی رفتار بڑھا کر میری کار کے برابر آ گئی اور اُس میں بیٹھے ہوئے ایک آفیسر نے چیخ کر کہا، "گاڑی روکیے خاتون!"

تیز رفتاری کے باعث چیخ کر بولنا لازم تھا۔ مجھے بھی جواب دینے کے لیے چیخنا ہی پڑا تھا، "میں نہیں رُک سکتی۔ پہلے آپ آگے والی کار کو روکیے! اُس کار سے مجھ پر گولی چلائی گئی ہے۔"

مجھے اپنی بات کے جواب میں کوئی آواز سنائی نہیں دی۔ پولیس کار میں بیٹھے ہوئے آدمی شاید آپس میں کچھ مشورہ کرنے لگے تھے۔ پھر اچانک پولیس کار کی رفتار میں اضافہ ہوا اور وہ مجھ سے آگے نکل گئی۔ اب وہ لوگ یقیناً اگلی کار کو روکنے کی کوشش کرتے۔

جب پولیس کار نے ڈپر دیا تو تاتاری مجبور تھا کہ اپنی گاڑی کو سائڈ میں کر لے۔ پھر میں نے دیکھا کہ پولیس کار تاتاری کی کار کے برابر دوڑ رہی تھی۔ شاید تاتاری سے کچھ کہا بھی گیا ہو لیکن میں کوئی آواز نہیں سن سکی، ہاں میں نے یہ ضرور محسوس کیا کہ تاتاری کی رفتار کم ہونے لگی تھی۔ پولیس کار نے اُس کے آگے نکل کر اپنی رفتار کم کرنا شروع کی تھی۔ اب مجھے بھی اپنی رفتار میں کمی کرنا پڑی اور بالآخر تینوں گاڑیاں آگے پیچھے رُک گئیں۔

پولیس کار سے اُترنے والوں کے انداز میں بڑی پھرتی تھی اور اُنھوں نے تاتاری کی کار کو نرغے میں لے لیا تھا۔ چونکہ میں عورت تھی اِس لیے شاید پولیس والوں کو میری بات پر فوراً یقین آ گیا تھا۔

اِدھر میں سوچ رہی تھی کہ کہیں خود مجھے ہی کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑ جائے۔ میرے پاس اِس بات کا کوئی ثبوت نہیں تھا کہ مجھ پر گولی چلائی گئی تھی۔ مجھے شبہ ضرور تھا کہ ایک گولی میری کار کی چھت سے رگڑ کھاتی ہوئی نکلی تھی لیکن اِس کا یقین نہیں تھا۔ میں یہ بھی سوچ رہی تھی کہ پولیس کار کو دیکھ کر تاتاری نے اپنا سائلنسر لگا ہوا ریوالور اپنی کار کی کھڑکی سے باہر پھینک دیا ہو گا جو اندھیرے کی وجہ سے مجھے نظر نہیں آ سکا۔

رہ گئی دو رات پہلے کی فائرنگ جس کا ثبوت میرا زخمی شانہ تھا، تو اُس کا حوالہ میں دے نہیں سکتی تھی۔ پولیس مجھ سے یہ سوال ضرور کرتی کہ میں نے اُس کی رپورٹ کیوں نہیں کی تھی اور یہ سوال میرے لیے الجھنیں پیدا کر سکتا تھا۔

جب میں اپنی کار سے اُتری تو دوسری طرف تاتاری بھی

اپنی کار سے اُتر چکا تھا اور پولیس والے شاید اس بات کے منتظر تھے کہ میں قریب پہنچوں تو وہ کچھ بولیں۔

جب میں قریب پہنچ گئی تو ایک پولیس آفیسر نے تاتاری سے کہا: "یہ خاتون کہتی ہیں کہ تم نے ان پر فائر کیا تھا!" پولیس آفیسر کے لہجے کی سختی اس بات کی غماز تھی کہ وہ تاتاری سے اچھی طرح واقف تھا۔

"میں نے کسی پر گولی نہیں چلائی، یہ جھوٹ ہے۔" تاتاری نے جواب دیا۔

"تلاشی لو اس کی!" آفیسر نے دو سپاہیوں کو حکم دیا۔

"یہ زیادتی ہے۔" تاتاری نے احتجاج کیا۔

"بکومت!" آفیسر نے اُسے ڈانٹ دیا۔

دونوں سپاہی اُس کی تلاشی لینے لگے۔ مجھے یقین تھا کہ ریوالور برآمد نہیں ہو سکے گا اور میرے اس یقین کو ٹھیس نہیں پہنچی۔

"کوئی ہتھیار نہیں ہے سر!" سپاہیوں میں سے ایک نے بتایا۔

"کار کی تلاشی لو!"

دونوں سپاہی کار میں گھس پڑے۔

"میرا خیال ہے کہ اس طرح وقت ضائع ہو رہا ہے۔" میں نے پولیس آفیسر سے کہا۔ "اس نے آپ لوگوں کی کار دیکھ کر ریوالور راستے ہی میں کہیں پھینک دیا ہوگا۔"

"پھر تو خاصی دشواری ہو جائے گی، اُسے ڈھونڈنے میں بہت وقت لگے گا۔ میں اسے محض آپ کے بیان کی وجہ سے گرفتار نہیں کر سکتا۔ اگر آپ زخمی ہوتیں تو اور بات تھی۔ آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ اس نے آپ پر گولی چلائی ہے؟"

"میرے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے تاہم مجھے شبہ ہے کہ اس نے جو گولی چلائی تھی، وہ میری کار کی چھت سے رگڑ کھاتی ہوئی گزری تھی۔"

"آئیے دیکھے لیتے ہیں۔ اگر وہ نشان مل جائے تو بات بن جائے گی۔" پولیس آفیسر نے میری کار کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔

میں اُس کے ساتھ اپنی کار کے قریب پہنچی۔ پولیس آفیسر نے ٹارچ کی روشنی میں کار کی چھت کا جائزہ لیا تو ایک رگڑ کا نشان صاف نظر آ گیا۔

"گڈ!" پولیس آفیسر نے سر ہلایا۔ "اب میں اُسے گرفتار کر لوں گا۔ اُس کا پھینکا ہوا ریوالور بھی تلاش کر لیا جائے گا۔ وہ چونکہ ایک بدنام شخص ہے اس لیے اُس کی گرفتاری کے لیے یہ معمولی ثبوت بھی کافی ہے، مگر خاتون! آپ کون ہیں اور تاتاری کو آپ سے کیا دشمنی ہے۔ نیز یہ کہ اتنی رات گئے۔۔۔"

• دراصل میں کئی گھنٹے سے اس میرا کا رڈ ہے۔" میں نے پرس سے اپنا کار "اوہ!" وہ چونکا۔ "صبیحہ بانو؟" "کیا آپ مجھے جانتے ہیں؟" "ہمارے محکمے میں تو آپ کا نام ماہ تھی کہ میں آپ کا صورت آشنا نہیں تھا "اور یہ غالباً میری خوش قسمتی ہے کہ نام سے تو واقف ہیں۔" میں نے ہنس کر کہا "آپ نے یہ نہیں بتایا کہ تاتاری نے چلائی؟"

"یہ تو وہی بتا سکتا ہے۔"

پولیس آفیسر نے مجھے ایسی نظر یقین نہ آیا ہو۔ غالباً وہ سمجھ رہا تھا کہ میں بات چھپا رہی ہوں۔ وہ تو خیر ایک پولیس آ عام آدمی ہوتا تو بھی میرے ہر نگار خیز بات پر یقین نہیں کرتا کہ تاتاری نے مجھ پر ہوگی اور اس بات پر بھی یقین نہیں کیا جا وجہ سے بے خبر ہوں گی۔

جب ہم باتیں کرتے ہوئے واپس تاتا پہنچے تو پولیس والوں نے بتایا کہ کار میں نہیں ہوا ہے۔

"بہرحال اسے حراست میں لے لیا جائے "آخر یہ کیا اندھیر ہے!" تاتاری چیخا "ہاں!" پولیس آفیسر ہنس کر بولا۔ "ا فائدہ اٹھایا ہے تم نے، لیکن۔۔۔ بہرحال۔۔۔ تلاش کریں گے جو تم نے ہماری گاڑی کو دیکھ کر راہ دیا ہے۔ پھر ماہرین یہ بھی ثابت کر دیں گے کہ اس چلائی ہوئی گولی سے محترمہ صبیحہ بانو کی گاڑی کی چھ ہے۔ میں ابھی خود اُس نشان کو دیکھ چکا ہوں۔"

دو سپاہیوں نے تاتاری کے دونوں بازو اُسے پولیس کار کی طرف لے چلے۔

"میری کار۔۔۔" تاتاری چیخا۔

"فکر مت کرو، ہم اُس کی دیکھ بھال کریں آفیسر نے جواب دیا، پھر مجھ سے بولا۔ "آپ کو بھی ہمارے لیے ہمارے ساتھ چلنا ہوگا۔"

ں سے الگ رہنا چاہتی تھی لیکن حالات تھے کہ میرے لیے کوئی راہِ مفر نہیں تھی۔ غرض ں کار روائیوں میں میرا ایک گھنٹہ ضائع ہو گیا، گھر جانے کے لیے پولیس اسٹیشن سے روانہ ہونے بھی مل گئی کہ تاتاری کا پھینکا ہوا ریوالور

ہم تاتاری کے فرشتوں سے بھی زبان کھلوا لیں اُس وقت کہ جب وہ مجھے چھوڑنے کے لیے میری تھا۔

تاری ہے کون؟" میں نے انجان بن کر پوچھا۔

لسٹڈ ہے۔"

میری کوئی ذاتی دشمنی تو بہرحال نہیں ہے۔ وہ ہوگا جس نے مجھے قتل کروانے کے لیے اسے کچھ روپے

ہو سکتا ہے؟" آفیسر نے تیزی سے پوچھا۔

کے بارے میں کچھ کہنا بہت مشکل ہے۔ اس شہر میں بہت زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں ہیں۔"

ایسا اٹھنڈا سانس لیا جیسے مجھ سے معلومات کے سلسلے میں اب وہ بالکل مایوس ہو گیا ہو۔

میں سیدھی اپنے گھر ہی کی طرف روانہ ہوئی کیونکہ یت معلوم کرنے کے لیے اتنی رات گئے ہاسپٹل قابل بات ہوتی، البتہ گھر پہنچ کر میں نے ہاسپٹل فون کیا تو پتا چلا کہ رضوان سو رہا ہے اور آج رات اُس ملاقات بھی نہیں ہونی تھی۔

کرنے کے بعد میں نے اپنی خصوصی ملازمہ کو بلایا تاکہ اپنا اوپری لباس اُتار سکوں۔ میں شانے کے زخم کی بارہ کرنا چاہتی تھی کیونکہ میرے خیال کے مطابق اُس ہونے لگا تھا۔ آج تاتاری کے تعاقب میں جو ورزش اُس کا نتیجہ یہی نکلنا چاہیے تھا۔

میں نے کپڑے اُتارے تو دیکھا کہ خون کی سُرخی پٹی پر ہی تھی۔

کو احتیاط سے کام لینا چاہیے بانو!" ملازمہ نے ہمدردی

ں!" میں ہنس پڑی۔ "شاید یہ بات میں بھی جانتی ہوں۔" ں؟ اب سے میری ملازمہ سپٹا گئی۔ ہر چند کہ میں یہ جواب

بہت روادری میں دے گئی تھی لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ایک طنزیہ جواب تھا۔

ڈریسنگ کے بعد میں نے گرم دودھ کا ایک گلاس پیا اور سونے کے لیے لیٹ گئی۔

صبح میں دیر سے جاگی اور مجھے کسلمندی کا احساس ہوا۔ غسل کرنے سے بھی وہ کیفیت ختم نہیں ہو سکی تو میں نے دفتر فون کیا اور سیکریٹری کو بتایا کہ میں نہیں آ سکوں گی۔

"بہت بہتر!" سیکریٹری نے جواب دیا۔ "اور ہاں بانو! آج سنگیتا بھی دفتر نہیں آئی ہے۔"

"اوہ!" میرے مُنہ سے بس اتنا ہی نکل سکا۔ میرے ذہن میں فوراً یہ خیال آ گیا تھا کہ سنگیتا کا اس طرح غائب ہو جانا کل کی باتوں کا ردِ عمل ہو سکتا ہے۔ اب کیا میں اُسے منانے کے لیے اُس کے گھر جاؤں؟ کیا وہ واقعی بہت سیدھی سادی لڑکی ہے؟ لیکن پھر اُس کی شبانہ پُراسرار نقل و حرکت کو کیا سمجھا جائے؟ وہ جو ایک قیمتی کار میں بیٹھ کر دو گھنٹے کے لئے کہیں جاتی ہے تو آخر کہاں جاتی ہے؟ میری آنکھوں نے جو کچھ دیکھا کیا وہ ایک جھوٹ ہے؟ اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ بعض اوقات آنکھیں بھی جھوٹ دیکھتی ہیں اور حقیقت وہ نہیں ہوتی جو نظر آتی ہے۔

میں جب کچھ دیر تک خاموش رہی تو دوسری طرف سے سیکریٹری نے مجھے پکارا۔ "ہیلو بانو!"

"آں، ہاں!" میں اپنے خیالات سے چونکی۔ "ٹھیک ہے۔"

"کیا چیز، بانو! کیا ٹھیک ہے؟"

"سنگیتا کا نہ آنا۔" میرے مُنہ سے بے اختیار نکل گیا۔

"کیا مطلب؟"

"میرا مطلب ہے۔" میں جلدی سے بولی۔ "شاید اُس کی طبیعت خراب ہو گئی ہوگی، دو ایک دن میں آ جائے گی۔"

پھر اس سے پہلے کہ سیکریٹری مزید کچھ کہتی، میں نے سلسلہ منقطع کر دیا۔

اب میں مشتاق چنگیزی کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ ابھی تک میں نے اُس کے درشن بھی نہیں کیے تھے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ آج اُس سے ملاقات کر ہی لی جائے۔ براہِ راست مل لینے میں کوئی حرج بھی نہیں تھا۔ میں اُس کے لیے اجنبی تو تھی نہیں کہ خود کو پوشیدہ رکھ کر اُس کے خلاف کام کرنے پر مجبور ہوتی۔ مجھے اچانک سامنے پا کر ممکن ہے وہ بوکھلاہٹ میں کوئی ایسی

حرکت کر بیٹھتا جو میرے لیے مفید ثابت ہو جاتی۔

جہاں کسلمندی کے باعث میں بہت دیر تک بستر ہی پر لیٹی رہی، پھر اُٹھ کر دوبارہ غسل کیا، کھانا کھایا اور تیار ہو کر گھر سے چل پڑی۔

رام لال کے گھر کا پتا مجھے بیگم جہانگیر سے معلوم ہو چکا تھا اور یہ بات بھی میرے علم میں تھی کہ وہی گھر اب مشتاق چنگیزی کی قیامگاہ ہے۔

تین بجنے والے تھے جب میری کار مشتاق چنگیزی کی قیامگاہ کے قریب پہنچی۔ غنیمت یہ ہوا کہ ابھی بنگلے کے پھاٹک سے بیس پچیس گز اِدھر ہی تھی کہ ایک پولیس کار اُس پھاٹک سے نکل کر اُس سمت میں مُڑ گئی جدھر میرا مُڑنا تھا۔ اگر وہ میری طرف مُڑتی تو اُس میں بیٹھا ہوا کوئی افسر مجھے دیکھ لیتا۔ میں نے ایک دم بریک لگا کر گاڑی روک دی۔ دراصل پولیس کو وہاں دیکھ کر مجھے ذہنی طور پر جھٹکا سا لگا تھا۔ آخر یہ پولیس کا یہاں کیا کام؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ تاتاری نے پولیس کے تشدد سے گھبرا کر یہ بیان دے دیا ہو کہ مجھ پر گولی چلوانے والا شخص مشتاق چنگیزی ہے؟ میں اِن سوالوں میں ایسی اُلجھی کہ دو تین منٹ تک گاڑی ہی میں بیٹھی رہی۔ میرے لیے فیصلہ کرنا مشکل ہو رہا تھا کہ اب جب کہ پولیس مشتاق چنگیزی سے مل چکی ہے تو میں اُس سے ملوں یا نہ ملوں؟ لیکن آخر کار میں نے ملنے ہی کا فیصلہ کیا۔ میں نے سوچا تھا کہ اگر پولیس مشتاق چنگیزی تک پہنچ چکی ہے تو اِس سے میری اور مشتاق کی ملاقات پر کوئی منفی اثر تو بہرحال نہیں پڑ سکتا، البتہ یہ ضرور ممکن ہے کہ کوئی مثبت نتیجہ برآمد ہو جائے۔

ملاقات کا فیصلہ کرنے کے بعد میں نے کار کو گیئر میں ڈالا ہی تھا کہ مشتاق چنگیزی کے بنگلے سے پھر ایک کار نکلتی دِکھائی دی اور وہ اُسی طرف مُڑی جدھر سے میں آ رہی تھی۔ میں نے اُس کار میں ایک ایسے شخص کو بیٹھے دیکھا کہ چونک گئی۔ وہ ایک ڈپٹی کمشنر تھا۔ اُسے دیکھ کر میں نے اِس مرتبہ کار کو فرسٹ گیئر تک نیوٹرل کرنے کے بعد انجن بھی بند کر دیا۔

پولیس؟

پھر ڈپٹی کمشنر؟

آخر یہ معاملہ کیا ہے؟

یہ سوالات مجھے بُری طرح اُلجھانے لگے اور ابھی اِن اُلجھاوؤں میں کسی سلجھاؤ کی سبیل پیدا نہیں ہونے پائی تھی کہ ایک تیسری کار اُس پھاٹک سے نکلتی نظر آئی۔ اُس کار کو ایک جوان العمر شخص ڈرائیو کر رہا تھا اور اُس کے چہرے سے قدرے پریشانی مترشح تھی۔

میرے ذہن میں خیال آیا کہ یہی شخص سفید کار کا تعاقب کرنا ہے جسے ڈرائنگ میں مشتاق چنگیزی ہی تھا۔ میں نے اُس سفید کار کے تعاقب میں چل پڑی۔

تعاقب کا اختتام ایک ایڈورٹائزنگ کمپنی کے دفتر پر ہوا۔ کار سے اُترنے والا شخص دفتر میں چلا گیا۔ میں سوالات کے بھنور میں پھنس گئی۔

کوئی نصف گھنٹے بعد وہ شخص دفتر سے باہر آیا اور کار میں بیٹھ کر روانہ ہو گیا۔ میں بڑی عجلت میں اُس کار اور دفتر میں داخل ہو گئی۔ میں اِس بات کی تصدیق کر لینا چاہتی تھی کہ جس شخص کے تعاقب میں ہوں، وہ مشتاق چنگیزی ہی تو نہیں ہے۔

میں فوری طور پر ایڈورٹائزنگ کمپنی کے کیبن میں داخل ہو سکی۔ مجھے باہر ہی روک لیا گیا۔ روکنے والا شخص کمپنی کا ماتحت یا ریسپشنسٹ ٹائپ کی کوئی چیز تھا۔

"کیا آپ صاحب سے ٹائم لے چکی ہیں؟"

"جی نہیں! دراصل اِس وقت میرے ایک مسٹر اشتیاق یہاں ہوں گے۔" میں نے کہا۔

"اشتیاق یا مشتاق؟"

"اشتیاق!" میں نے زور دے کر کہا۔

"سوری خاتون! اِس نام کا کوئی آدمی آج ملنے نہیں آیا۔ ذرا دیر قبل ایک مشتاق چنگیزی صاحب لیکن وہ بھی جا چکے ہیں اور...."

مجھے مزید کچھ سننے کی ضرورت ہی نہیں تھی لہٰذا میں سے مُڑی اور دفتر سے نکل آئی۔ اِس بات کی تصدیق میری چھٹی حس نے مجھے گواہ نہیں کیا تھا۔

میں نے اپنی کار کو بہت تیزی سے دوڑایا لیکن مشتاق چنگیزی کی کار تک نہیں پہنچ سکی۔ غالباً وہ میری کی بجائے کسی طرف مُڑ گیا تھا۔ میں نے مایوس ہو کر رفتار کم کر دی۔ مجھے خیال آیا کہ مشتاق چنگیزی اپنے گھر ہی گیا ہو! اِس خیال کے آتے ہی میں نے کار بدلا اور مشتاق چنگیزی کے گھر کی طرف چل پڑی۔

مشتاق چنگیزی کا گھر خالی نہیں تھا، ملازمین میں اُن میں سے ایک نے مجھے جواب دیا۔ "صاحب تو کوئی پہلے گھر سے جا چکے ہیں اور بتا کر نہیں گئے کہ کب آئیں گے۔"

"جی!"

"تو پھر میں آپ کو انتظار کی زحمت دوں گا۔ میں ابھی پندرہ منٹ میں پہنچ رہا ہوں۔"

میں اُس سے پوچھنا چاہتی تھی کہ آخر معاملہ کیا ہے لیکن میرے سوال کرنے سے پہلے ہی دوسری طرف سے سلسلہ منقطع ہو گیا۔ اب میں اِس کے سوا کیا کر سکتی تھی کہ ٹھنڈا سانس لے کر ریسیور رکھ دوں اور انسپکٹر خالد کا انتظار کروں۔

انسپکٹر خالد نے اپنے الفاظ کا پورا پورا پاس کیا، یعنی ٹھیک پندرہ منٹ میں میرے گھر پہنچ گیا۔ میں نے ڈرائنگ روم میں اُس سے ملاقات کی۔ دو ایک رسمی جملوں کے بعد اُس نے بتایا کہ وہ تاتاری والے معاملے کی تفتیش کر رہا ہے۔

"ہمیں اُس کا سائیلنسر لگا ہوا ریوالور اور نہ صرف مل چکا ہے بلکہ ریوالور کے دستے پر اُس کی اُنگلیوں کے نشانات بھی مل گئے ہیں۔" خالد نے مجھے بتایا۔ "اِسی نکتے کو جواز بنا کر ہم نے تاتاری پر تھرڈ ڈگری کا استعمال کیا تو اُس نے بتایا کہ مشتاق چنگیزی نام کے ایک شخص نے آپ پر حملہ کر وایا تھا۔ میں فوراً مشتاق چنگیزی کے پاس گیا۔ میرا ارادہ یہ تھا کہ اُسے دھونس میں ڈرا کر اُس کی زبان سے کوئی ایسی بات کہلوا لوں گا کہ اُسے حراست میں لینے کا جواز پیدا ہو جائے لیکن مجھے اِس کا موقع نہیں مل سکا۔ وہ کچھ بارسوخ قسم کا آدمی ہے۔ میں جب اُس کے گھر پہنچا تو وہاں ایک سرکاری افسر بھی موجود تھے اور اُن کی آپس کی باتیں اُن کے دوستانہ مراسم کی نشاندہی کر رہی تھیں۔"

میں سمجھ گئی کہ سرکاری افسر سے خالد کی مُراد ڈپٹی کمشنر ہی ہو سکتا ہے۔

خالد کہتا رہا۔ "اُس سرکاری افسر کی موجودگی کے باعث میں مشتاق چنگیزی سے کوئی ٹیڑھی بات نہیں کر سکا اور سیدھے سادے انداز میں تفتیشی سوالات کیے۔ میں نے جب اُسے تاتاری کے بیان کا حوالہ دیا تو وہ برافروختہ ہو گیا اور اُس نے کہا کہ تاتاری نے اُس پر نہایت لغو الزام لگایا ہے۔ جب میں نے اُس سے یہ کہا کہ تاتاری کو اُس سے کیا دشمنی ہے جو وہ اُسے پھنسانا چاہے گا تو اُس نے جواب دیا کہ تاتاری پیشہ ور لڑکیوں کا سپلائیر ہے اور اُس نے ایک مرتبہ کسی لڑکی کو پیش کش کی تھی جس پر مشتاق چنگیزی نے اُسے بہت بُری طرح ڈانٹ دیا تھا۔ مشتاق چنگیزی کا کہنا ہے کہ تاتاری نے کسی اور کو بچانے کے لیے اُس کا نام لے کر اُس سے اپنی توہین کا انتقام لینا چاہا ہے۔ نیز اُس نے یہ بھی کہا کہ وہ صبیحہ بانو نام کی کسی خاتون کو جانتا بھی نہیں ہے۔"

"ہوں!" میں چُپ بیٹھی رہی۔ میں چاہتی تھی کہ خالد ہی بولتا۔

"تاتاری" پھر کسی وقت مل لوں گی۔" میں یہ کہتے لیے مُڑی۔

"نام تو بتاتی جائیں!" ملازم نے جلدی سے کہا۔

"صاحب مجھ سے واقف نہیں ہیں۔ اپنے صاحب کو بتانا کہ میں ایک اخبار کے دفتر سے آئی تھی۔"

"بات میں نے کسی خاص سوچ کے بغیر یوں ہی کہی تھی لیکن جب وہاں سے روانہ ہوئی تو میں نے اِس پر غور کیا۔ کیوں نہ میں اخباری نمائندے ہی کی حیثیت سے اُس سے ملاقات کروں اور دیکھوں کہ اُس پر میرے نام کا کیا ردِعمل ہوتا ہے۔

سوچتی ہوئی اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔ مشتاق چنگیزی کی کار رسائی، ڈپٹی کمشنر کی وہاں موجودگی اور پھر اُس کی ایڈورٹائزنگ کمپنی سے ملاقات نے میرے ذہن کو اُلجھا دیا تھا۔

مجھے خیال آیا کہ خورشید سے ملتی چلوں۔ میں نے اُس کے گھر کی طرف کر دیا۔ گھر پر اُس کی ماں سے ملی۔ خورشید کہیں گئی ہوئی تھی۔ میں نے اپنا کارڈ دے دیا اور کہہ دیا کہ خورشید جب گھر آئے تو مجھے ملے۔

میں پلٹ کر اپنے گھر پہنچی تو میرے ذہن پر ایک ہتھوڑا سا لگا۔ مجھے اطلاع دی گئی کہ میری عدم موجودگی میں ایک افسر یہ دے گیا ہے۔" میری ملازمہ نے مجھے ایک کارڈ دیتے ہوئے کہا۔ "اور کہہ گیا ہے کہ آپ جب ہو ٹیلیفون کر لیں۔"

میں نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور اپنی خوابگاہ کی طرف گھنٹی بجی، ریسیور اُٹھایا گیا، اور پھر سنائی دی۔ "ہیلو!"

"مسٹر خالد پلیز!" میں نے کہا۔

"ہولڈ آن پلیز۔"

"میں صبیحہ بانو ہوں۔ آپ غالباً میرے گھر پر تشریف

"جی ہاں!" انسپکٹر خالد نے جلدی سے کہا۔ "کیا آپ گھر ہی سے بول رہی ہیں؟"

رہے۔ اِس طرح مجھے زیادہ سے زیادہ معلومات ہو سکتی تھیں۔

خالد کے انداز سے صاف پتا چل رہا تھا کہ وہ مجھ سے مرعوب ہے۔ اُس نے بڑے پُرجوش انداز میں کہا تھا لیکن اگر آپ اصل بات کو سامنے لے آئیں تو پھر میں بڑی آسانی سے مشتاق چنگیزی کو حراست میں لے لوں گا۔"

"اصل بات سے آپ کی کیا مُراد ہے؟"

"یہی کہ مشتاق چنگیزی سے آپ کی کیا دشمنی ہے کہ اُس نے آپ پر حملہ کروایا! تاتاری کا بیان ہے کہ اُس فائرنگ کا مقصد آپ کو ہلاک کرنا نہیں بلکہ صرف دہشت زدہ کرنا تھا۔ آخر مشتاق چنگیزی آپ کو کیوں دہشت زدہ کرنا چاہتا ہے؟"

"یہ تو آپ کو مشتاق چنگیزی ہی بتا سکے گا۔"

"اُس کا تو یہ کہنا ہے کہ وہ صبیحہ بانو نامی کسی خاتون سے واقف ہی نہیں۔"

"شاید اُس کا بیان درست ہی ہو۔"

"کیا مطلب!" انسپکٹر چونکا۔

"میں خود بھی مشتاق چنگیزی نام کے کسی آدمی سے واقف نہیں ہوں۔ میرا یہ جواب ایسا تھا کہ انسپکٹر خالد بالکل موقع نظر آنے لگا۔ کچھ دیر تک اُس کے مُنہ سے ایک لفظ بھی نہیں نکل سکا تھا۔ اُس کی یہ کیفیت میرے لیے خاصی لُطف انگیز ثابت ہوئی۔

"اِس کا مطلب تو یہ ہوا کہ تاتاری نے ہم لوگوں کو دانستہ بیوقوف بنایا ہے!" انسپکٹر خالد کچھ دیر بعد غرّاتا ہوا بولا۔

"میں اِس کے بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں! آپ ہی اُس کا پتا چلائیے!"

انسپکٹر خالد تلملاتے ہوئے انداز میں کھڑا ہو گیا اور بولا۔ "میں تاتاری کی کھال اُدھیڑ دوں گا۔"

مجھے اُس کی حالت پر ہنسی تو بہت آ رہی تھی لیکن مجھے ضبط کرنا پڑ رہا تھا۔

جب وہ رُخصت ہو گیا تو میں سوچنے لگا کہ اب حالات کیا رُخ اختیار کر سکتے ہیں! تاتاری کی شامت تو یقیناً آنا تھی۔ جب اُسے یہ معلوم ہوتا کہ مشتاق چنگیزی اور صبیحہ بانو نے ایک دوسرے سے اپنی ناواقفیت کا اعلان کر دیا ہے تو وہ یقیناً بھنّا جاتا۔ اِس بات کا اندیشہ تھا کہ وہ اِس معاملے میں خورشید کو بھی گھسیٹنے کی کوشش کرتا۔ اِس لیے ضروری تھا کہ خورشید تک پولیس کی رسائی سے پہلے ہی میری اور خورشید کی ملاقات ہو جائے۔ مجھے یقین تھا کہ خورشید میری مرضی کے خلاف کوئی بیان نہیں دے سکتی۔ جو لڑکیاں ایک مرتبہ مجھ سے "متفق" ہو جاتی ہیں، وہ عموماً میرے خلاف کمر بستہ نہیں ہوتیں۔ اِس کے برخلاف وہ میری فطرت سے بھی گریز نہیں کرتیں۔ بس سنسنی یہ سارا سلسلہ تھانے تک پہنچ جاتے۔ میں اُس کے گھر پر اُس کے لیے مجھے یقین تھا کہ وہ پہلی فرصت میں میرا خیال درست ثابت ہوا۔

اُس کا فون وصول کیا۔

"ہیلو بانو!" خورشید چہک رہی تھی۔ "مجھے کتنی خوشی ہوئی! اِس کا آپ اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔ بس اب آپ مجھے بھول گئیں۔"

"یہ شکایت تو میں بھی کر سکتی ہوں نا!"

"ہاں، شکایت تو آپ بھی کر سکتی ہیں! کاش کار ہو گئی تھی۔"

"کیسی ہچکچاہٹ؟"

"میں اپنے بارے میں کسی غلط فہمی کا شکار ہو گئی تھی۔ مجھے اپنی ہستی کا خوب اندازہ ہے اور میں یہ بھی جانتی ہوں کہ بلندیوں کی باسی ہیں۔ میرے اور آپ کے معاملہ زمین و آسمان والی بات منطبق ہوتی ہے۔"

"پگلی!" میں نے بڑے پیار سے کہا۔ "میں سمجھتی کیوں نہیں کہ میں نے تیرے اندر تک جھانک لیا کی بات تو یہ کسی بلندی اور پستی کی کسوٹی نہیں ہوا دولتمند لوگوں کو عرش پر بھی تیرتے ہوئے دیکھا نے کہا۔ "خیر چھوڑیے اِن باتوں کو!... اور سنا

"ایک ایسی صورتِ حال پیش آ گئی ہے کہ تم بہت ضروری ہو گئی ہے۔"

"خیریت تو ہے؟" خورشید کے لہجے میں تشویش

"کوئی ایسی گھبرانے کی بات بھی نہیں۔ تم اِس وقت بول رہی ہو؟"

"اپنے گھر سے!"

"اوہو! تمھارے یہاں ٹیلیفون ہے؟ تم نے نہیں تھا اور نہ میں تمھیں کم از کم فون تو ضرور کرتی۔ خود مجھے اِس لیے نہیں ملا تھا کہ میں بعض معاملات میں الجھی ہوئی تھی اور... خیر تفصیلی گفتگو ملاقات پر ہو گی۔ وقت میرے گھر آ سکتی ہو؟"

"اِسی وقت؟ اگر ایک گھنٹے بعد آ جاؤں تو کیا حرج"

"حرج تو ہو سکتا ہے۔ آخر تم ایک گھنٹے کی مہلت کیا

ملاقت کے تھانے سے ہو کر آپ کے پاس

گئی "تھانے کیوں؟"

نہیں۔ ہم جیسی لڑکیوں کو اکثر تھانے میں

ی دیر قبل ایک سپاہی آ کر اماں سے کہہ

ں، تھانے پہنچ جاؤں؟"

ہرگز تھانے نہیں جاؤ گی۔" میں نے

کے لہجے میں حیرت تھی۔

ہی بات! دراصل تمھیں علم نہیں ہے کہ

فات پیش آ چکے ہیں۔ تم فوراً میرے پاس

نا کہ اگر کوئی پولیس والا دوبارہ آئے تو وہ اُس

گھر نہیں لوٹی ہو۔"

تو میں ایسا ہی کروں گی۔"

جاؤ، بلاتا خیر!"

میں ہوتا تو ایک چھچکتے آپ تک پہنچ جاتی

نے مجھے بے حد پریشان کر دیا ہے اور میں صورتِ حال

ارہ بے چین ہو گئی ہوں۔"

ہلان ہونے کی ضرورت نہیں۔ بس تم فوراً میرے

ہوں۔"

سنبھال کر گھر سے نکلنا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ تم گھر سے نکلو

سامنے دروازے پر کھڑا ہو۔"

یا اتر آؤں گی۔"

ریسیور رکھا اور کمرے میں ٹہل ٹہل کر بے چینی سے

کرنے لگی۔ اِس میں تو اب مجھے کوئی شبہ ہی نہیں

ی نے خورشید کا نام لے لیا ہے اور وہ چونکہ ایک بدنام

ہے انسپکٹر خالد نے خود اُس کے گھر جانے کی بجائے

طلب کر دیا ہے۔

ہوئے ابھی بمشکل دس منٹ گزرے ہوں گے کہ

بجنے لگی۔ میں نے فون کی طرف بڑھ کر ریسیور اُٹھایا اور

میں بولی۔ "ہیلو! بانو اسپیکنگ۔"

رشید کی ماں بول رہی ہوں۔" دوسری طرف سے آواز

تھا۔ "کہنا۔"

ہت؟" میرے لہجے میں تشویش تھی۔

"خورشید نوری طور پر آپ تک نہیں پہنچ سکی۔ وہ بہت دیر ہوئی گھر سے نکلی تھی لیکن کچھ فاصلے پر ایک سادہ لباس والا موجود تھا۔ اُس نے فوراً خورشید کو روک لیا اور اپنے ساتھ تھانے لے گیا۔"

مجھے یوں محسوس ہونے لگا جیسے خورشید کی ماں بہت دُور سے بول رہی ہو۔ میرا سارا منصوبہ خاک میں ملتا نظر آ رہا تھا۔ خورشید چونکہ حالات سے بے خبر تھی لہٰذا اعتراف کر لیتی کہ تاتاری نے اُسے میرے پاس بھیجا تھا اور وہ مجھے بتا چکی ہے کہ تاتاری کس قسم کا آدمی ہے۔ اِس بیان کی وجہ سے میں پولیس کی نظر میں جھوٹی ہو جاتی کیونکہ میں نے تاتاری سے اپنی ناواقفیت کا اعلان کیا تھا۔

خورشید کی ماں نے شاید کچھ اور بھی کہا تھا جو میں سن نہیں سکی اور بے خیالی کے عالم میں کوئی جواب دیے بغیر ہی سلسلہ منقطع کر دیا۔ میں ذہنی طور پر اتنی غیر حاضر تھی کہ کچھ دیر تک میرا ہاتھ ریسیور پر ہی رکھا رہا۔

صورتِ حال کی تبدیلی کے باعث مجھے نئے سرے سے سوچنا پڑتا کہ اب مجھے کیا کرنا ہے۔ اب تاتاری کے بیان کو بار بار غلط ثابت کروا کر اُسے پولیس کے ہاتھوں جُوتی رہتی اور اِس طرح گویا تاتاری کو مجھ پر فائرنگ کرنے کی سزا ملتی رہتی لیکن اب پانسا پلٹ چکا تھا۔ اب پولیس میرے ہی پیچھے پڑ جاتی کہ میں نے غلط بیانی کیوں کی؟

نہ جانے کیا چکر ہے؟ میں نے سوچا۔ آج کل میرا استادہ مستقل طور پر گردش میں آیا ہوا ہے۔

وقت گزرتا رہا۔ میں بے چینی سے کمرے میں ٹہلتی رہی اور سوچتی رہی کہ فی الحال اب ایک [illegible]

فیصلہ کرنا تھا کہ اب میں اُس سے کس طرح پیش آؤں یعنی کس انداز میں گفتگو کروں!

کوئی ایک گھنٹے بعد میری خوابگاہ کے دروازے پر دستک ہوئی اور میں ٹہلتے ٹہلتے چونک کر رُک گئی۔

"آجاؤ!" میں نے بلند آواز میں کہا۔

دروازہ کھلا اور ملازمہ نمودار ہوئی۔ میرا خیال تھا کہ وہ انسپکٹر خالد کی آمد کے بارے میں بتائے گی لیکن اُس نے خورشید کی آمد کی اطلاع دی۔

"اوہ!" "میں چونک گئی۔ "خورشید آئی ہے؟ اُسے فوراً یہاں لے آؤ۔"

ملازمہ چلی گئی۔

خورشید کی آمد سے میرے ذہن کا بوجھ خاصی حد تک کم ہو گیا تھا۔ اُس سے تفصیلات معلوم ہونے کے بعد پولیس سے سامنا کرنا میرے لیے قدرے آسان ہو جاتا۔

بھی اور رشید میرے سر پر آ کھڑا ہوا تھا اور میں نے اسے سر سے لگا کر اُس کی پیشانی چوم لی تھی گویا شاکی لہجے میں کہا تھا "آخر مجھ سے پہلے پولیس ہی سے ملاقات کر لیتیں نا!"

"میں کیا کرتی بانو! اُن کمبختوں نے وہاں ایک سادہ لباس والے کی ڈیوٹی لگا رکھی تھی جسے میں پہچانتی ہی نہیں تھی۔"

"اچھا خیر، یہ بتاؤ کہ وہاں کیا گزری؟"

"اُن لوگوں کا پہلا سوال یہ تھا کہ کیا تاتاری نے مجھے صبیحہ بانو نام کی ایک خاتون کی فرم میں ملازمت کے لیے بھیجا تھا؟"

"پھر تم نے کیا جواب دیا؟" میں نے بے چینی سے پوچھا۔

"ظاہر ہے کہ اثبات ہی میں جواب دیا جا سکتا تھا۔ میری غلط بیانی آپ کے لیے کسی پریشانی کا بھی سبب بن سکتی تھی۔"

میں نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور دونوں ہاتھوں سے سر تھام کر رہ گئی۔ میرے چہرے کی پریشانی کو تاڑ کر خورشید بولی "کیا مجھ سے غلطی ہو گئی ہے بانو؟"

"ہاں!" میں نے ایک طویل سانس لیا "تمہارا یہ اقرار ہی اب میرے لیے پریشانی کا سبب بنے گا۔"

"اوہ!" خورشید نے تشویش سے کہا "اگر آپ مجھے ٹیلیفون پر بتا دیتیں تو میں احتیاط...."

"ہاں!" میں نے اُس کی بات کاٹتے ہوئے کہا "مجھ سے غلطی ہو گئی۔ دراصل میں نے سوچا یہ تھا کہ جب تم آباد جی تو تفصیل سے سب کچھ سمجھا دوں گی۔"

"اِس بات کی طرف کم از کم کوئی اشارہ ہی کر دیتیں!"

"بقول شخصے.... اِس مرتبہ میرے ستارے ہی کچھ گردش...."

میرا جملہ مکمل ہونے سے پہلے ہی خورشید کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ میں چونکی اور اُسے گھورنے لگی۔

"میں بہت کوشش کر رہی تھی کہ زیادہ دیر تک ہنسی ضبط کروں۔" خورشید بدستور کھلکھلاتی ہوئی بولی "مجھے آپ کی پریشانی دیکھ کر بڑا لطف آ رہا تھا۔"

"اِس میں لطف انگیزی کی کیا بات ہے؟" میں تلخ لہجے میں بولی۔

"آپ نے میرے بارے میں بڑے غلط اندازے لگائے ہیں بانو!"

"کیا مطلب؟"

"آپ مجھے غبی اور کودن سمجھتی ہیں جب کہ ایسا نہیں ہے۔"

"خدا جانے تم کیا کہنا چاہتی ہو؟"

"محترمہ بانو فصاحت!" خورشید بڑی ادا سے بولی "اصل بات یہ ہے کہ میں نے پولیس کو اصل بات سے بے خبر رکھا ہے۔ آپ نے ٹیلیفون پر مجھ سے اِس لیے ملاقات کرنا چاہی تھی کہ پہلے آپ سے ملاقات کر لوں۔ لہٰذا وہ اِس قسم کے سوالات کیے گئے تو میں سچائی سے چھپانا چاہتی ہیں۔ یہ اندازہ کر لینا سچائی کا ہیضہ نہیں ہو سکتا تھا۔ میں کہہ دیا کہ تاتاری مجھے نہ جانے کس پہلی میں تو صبیحہ بانو نام کی کسی عورت سے...."

"اوہ گڈ! میں نے بے اختیار اور اُس کے ہونٹ کاٹ ڈالے۔

"ارے ارے!" خورشید نے میرے ہونٹوں کو کہیں اور اسفل کرنا چاہا۔

"تمہاری اِس شرارت پر جی تو یہی چاہا بُری طرح توڑ مروڑ کر رکھ دوں!" میں نے

"بلو روم میں لے جا کر!" خورشید آنکھ دبا کر بولی۔

"ہاں!" میں نے سر ہلایا اور پھر ہنسی "وقت اِس کے لیے مناسب نہیں ہے۔ مجھے تم ہیں۔"

"ذہن تو میرا بھی اُلجھا ہوا ہے۔ میں سمجھ آخر تاتاری کو پولیس نے کیوں چھاپ لیا ہے، میں آپ کو کس طرح گھسیٹنا چاہتا ہے!"

"تاتاری کو اُس وقت گرفتار کیا گیا تھا، برسا کر فرار ہونے کی کوشش کر رہا تھا!"

"اوہ!" خورشید کے مُنہ سے نکلا۔

"اور شاید تم یہ جان کر بھی چونکو کہ اُس نے تاتاری نے مجھ پر قاتلانہ حملہ بھی کیا تھا لیکن میں

"ارے! کس طرح؟ کیسے؟" خورشید

میں نے اُسے تفصیل سے تاتاری کے حملے بتایا اور اپنے شانے کی ڈریسنگ بھی دکھائی۔ کے بعد خورشید کے چہرے سے غور و فکر کا اظہار میں اِس کے بعد خاموش ہو گئی۔ میں دیکھنا چاہتی کیا تبصرہ کرتی ہے!

آخر کچھ دیر بعد خورشید نے کہا "میرا ذاتی خیال آپ پر وہ حملہ، تاتاری کا ذاتی فعل بھی ہو سکتا ہے۔ اُس بیان کی درستی پر شبہ کیا جا سکتا ہے کہ اُس نے شناسا ہمارا پر آپ کو ہراساں کرنے کی کوشش کی تھی۔"

اُن کی عمل سمجھا جائے تو پھر ہاتھ سے

اُنہیں کس خانے میں رکھی جائے گی؟"

"

ہاری منتقم مزاج تو ہے لیکن وہ اپنے

اُل نہیں ہے؟"

مجھے پر اب بھی قائم ہوں؟"

"مسئلہ...؟"

"مسئلہ نہیں کہوں گی؟"

صبح طور پر کام کر رہا ہے؟" میں نے مُنہ

کہہ رہی ہوں بانو! تاتاری کا مقصد صرف آپ کے جسم کے کسی حصّے کو بیکار کرنا ہے۔ یہ لگنا اِس بات کا متحمل نہیں ہے کہ تاتاری دراصل اُس نے خود ہی یہ کوشش کی ہو سکے۔ میں اچھی طرح جانتی ہوں سچا ہونا ہے۔"

ں چپ ہو گئی۔ میرے پاس کوئی ایسی دلیل دے خیالات کو مسترد کر سکتی۔

تاتاری کے سلسلے میں کیا چاہتی ہیں؟" خورشید سے پوچھا۔

ری کے بیانات پولیس کی نظر میں غلط ثابت ہیں اُس کی پٹائی کرتی رہے۔ یہی اُس کی سزا نے بھی اُس کے بیان کو غلط قرار دے دیا لیتے ہوئے اچانک میرے ذہن میں ایک خیال کی بھاگ دوڑ کو میں پہلے تو کوئی معنی نہیں پہنا اچانک میرے ذہن میں ایک نکتہ اُبھر آیا تھا۔ کو یہ اندیشہ ہو گا کہ اگر میں نے شناخت جنگیری سے ں پر فاش کر دیا تو اُسے ضمانت میں لینے کے لیے جانے کا لہٰذا وہ جو بھاگا بھاگا ایک ایڈوکیٹ کے مقصد غالباً یہ ہو گا کہ وہ اپنی ضمانت قبل از گرفتاری

بجھانے کے بعد میں نے اُسے رخصت کر دیا کیونکہ اور مجھے آج ہر قیمت پر سنگیتا کی شبینہ نقل و حرکت طے کرنا تھا۔ آج میرا پروگرام یہ تھا کہ میں بی ہائینڈ کرنے کی بجائے اُس جگہ رُک کر انتظار کروں گی سے اُتر کر ایک کار میں منتقل ہو جاتی ہے۔ آج

"یعنی؟"

"تمہیں علاج کے لیے امریکہ بھیج دوں؟"

"ارے نہیں!" رضوان ہنس پڑا۔ "اب اس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔"

"کیوں؟ اب کیا بات ہے؟"

"اب آپ آج یہاں آگئی ہیں نا! اب میں آپ کے سامنے ہی ڈاکٹر شکیل سے بات کروں گا اور سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔"

"یہ ڈاکٹر شکیل کون ہے؟"

"قلبی امراض ہی کا اسپیشلسٹ ہے۔ حال ہی میں امریکہ سے تعلیم حاصل کر کے آیا ہے۔ ہر چند کہ وہ تجربے کار نہیں ہے لیکن اس کی رائے کو بڑا مستند خیال کیا جاتا ہے۔ وہ ٹھیک گیارہ بجے ہاسپٹل آتا ہے اور سب سے پہلے مجھے ہی دیکھنے آتا ہے۔"

"تمہارے مرض کے بارے میں اس کا کیا خیال ہے؟"

"خیال کیا، اسے تو یقین ہے کہ مجھے کوئی مرض نہیں۔ وہ نہایت بذلہ سنج بھی ہے۔ کمبخت ہنس کر مجھ سے بس یہی پوچھتا ہے کہ یار! سچ سچ بتاؤ، تم آخر ہاسپٹل میں کیوں داخل ہوتے ہو اور پلا درجہ یہاں کے اخراجات کیوں برداشت کرتے ہو؟"

"کیا یہ وہ بات ہے!" میں نے منہ بنایا۔

"وہ قطعی یہ وہ بات نہیں ہے۔" رضوان نے ہنس کر کہا۔

"کیا مطلب!" میں چونک پڑی۔

"اس کے یقین پر مجھے کوئی شبہ نہیں ہے۔"

"کیا بکواس کر رہے ہو؟"

"مجھے واقعی کوئی مرض لاحق نہیں ہے۔ میں تو بس اپنی اداکارانہ صلاحیتوں کو آزما رہا تھا۔" رضوان نے ہنس کر کہا۔

میں اسے اس طرح گھورنے لگی جیسے اسے ذہنی عدم توازن کا شکار سمجھ رہی ہوں۔

رضوان بدستور ہنستا ہوا بولا۔ "لیکن پتا یہ چلا کہ ڈاکٹر شکیل جیسے ذہین ڈاکٹروں کو بیوقوف نہیں بنایا جا سکتا۔"

"تو پھر آخر تمہاری اس احمقانہ حرکت کا مطلب۔ یہ میں غرائی۔

"جب آپ ڈاکٹر شکیل سے ملاقات کریں گی تو مطلب بھی آپ کی سمجھ میں آجائے گا۔ لیجیے.... میرا خیال ہے کہ ڈاکٹر شکیل آ ہی گیا۔"

باہر راہداری کے فرش پر جوتوں کی کھٹ کھٹ سنائی دے رہی تھی۔ وہ آواز کمرے کے سامنے آکر رکی پھر دروازہ کھلا اور دو شخصیتیں کمرے میں داخل ہوئیں، ایک مرد اور اس کے پیچھے ایک

نرس!

"یہی ڈاکٹر شکیل ہیں۔" رضوان نے کہا۔

ڈاکٹر شکیل اسم بامسمّیٰ تھا۔!

لیکن میری نگاہ تو ڈاکٹر شکیل کی نرس پر گئی تھی اور یہ عین فطری امر تھا۔

وہ نرس سنگیتا تھی!



اس وقت سنگیتا کو وہاں دیکھ کر میں کیفیت کا جس بلکا سا عکس میری یادوں میں ہے۔ شاید میں اسے دیکھ کر بہوت ہو گیا تھا۔ میں اس کے بارے میں یقین کے چہرے پر ایک رنگ سا آکر گزر گیا تھا نظر نہیں ملا سکی تھی۔ اس نے سر جھکا لیا تھا اسے مجھے دھوکا نہیں دے رہی ہے تو میں کہ اس کے جسم میں خفیف سی لرزش بھی پیدا ہوئی تھی ڈاکٹر شکیل نے شاید میری اور سنگیتا کی دیا۔ وہ اپنے مریض یعنی رضوان کی طرف متوجہ

"کہئے مسٹر رضوان! آپ کی دانست میں آپ ہوئی یا نہیں؟"

"میرا خیال ہے کہ آپ لوگ میرے مرض سکتے۔" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا

ڈاکٹر شکیل نے اس تبصرے پر قطعی برا "آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں مسٹر رضوان! میں لے حاصل کر کے بھاڑ ہی جھونکا ہے۔"

"غیر ممالک میں تو بخار ہوتا ہی نہیں ہے سکتے۔" رضوان نے شوخ لہجے میں کہا۔ "مگر سے کہہ سکتا ہوں۔"

"وہ کیا؟" ڈاکٹر شکیل بدستور خوشگوار

"غیر ممالک کے اساتذہ آپ کو ایک نا

"اس کی تشہیر بھی آپ ہی کر دیجیے!"

"بالکل سامنے کی بات ہے۔" رضوان نے خوبصورت ہو تو مریض کو پچاس فیصد افاقہ از خود ہو

"میرا خیال ہے کہ میں زیادہ بدصورت تو ہو تو قربان ہو جانے کو جی چاہتا ہے۔" رضوان نے نفی اور بیباکی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا۔ "لیکن ہے کہ اس اسپتال کی سب سے خوبصورت نرس لاتے ہیں اور اپنے ساتھ ہی واپس بھی لے جاتے

اری ہے مسٹر رضوان! سنگیتا پر کچھ گھریلو قسم کی ذمہ داریاں اسپتال کو زیادہ وقت نہیں دے سکتیں۔"

ل نے کچھ اور بھی کہا تھا جس پر میں دھیان نہیں دے مبہم نقل و حرکت کا سبب اب کھل کر میرے سامنے پر غصہ بھی آیا کہ میں نے سنگیتا کے کردار پر شبہ کیا متعزز پیشے کو اپنائے ہوئے تھی۔ ہر چند کہ بعض ں نے اس پیشے کو بھی داغدار کر دیا ہے مگر اس صے اس پیشے پر انگشت نمائی نہیں کی جا سکتی۔ یقین سے کہہ سکتی تھی کہ سنگیتا کا شمار ان بری لڑکیوں ماسکتا تھا۔ رہ گئی یہ بات کہ ڈاکٹر شکیل سے اس کا س بنا پر ہے، تو یہ کوئی ایسا پیچیدہ سوال نہیں تھا۔ ان الجھی کہ وہ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں۔ نے اپنے خیالات کے اس تصور سے ڈاکٹر شکیل کی ئی۔ "جیسا آپ مناسب سمجھیں مسٹر رضوان! ہمیں ئی اعتراض نہ ہوگا کہ آپ ہاسپٹل سے چھٹی لینا چاہتے

پھر پوری طرح ان دونوں کی طرف متوجہ ہو گئی تھی۔

ں...." رضوان نے عجیب سا منہ بنا کر کہا۔ "مجھے تو اپنی ہے لیکن آپ لوگوں کو اس سے انکار ہے فی الحال ے تک بند نہیں سکتی۔"

ہلی ہنسنے لگا اور اس وقت اس نے پہلی مرتبہ مجھے دیکھا۔ اس کے بعد وہ ہمیں بغیر بھی نہ رہ سکا۔ اس نے پوچھا۔ "یہ شاید آپ کی وہی عزیزہ ہیں جنہیں ان کراتے تھے!"

ان یہ....؟

ن کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی ڈاکٹر شکیل معنی خیز ٹھیک ہے، اب میں سمجھ گیا۔"

کو گئے؟" رضوان نے بلکیں جھپکائیں۔

اسی لیے بیمار بنے تھے کہ یہ آپ کو دیکھنے آئیں۔"

ن نے ایک دلدوز آہ بھری۔ مجھے یقین ہو گیا کہ ڈاکٹر

تسلیل کی بات کا سہارا لے کر رضوان اب مجھے چھیڑنے کی کوشش کرے گا تو میں جلدی سے بول پڑی۔ "ڈاکٹر! دراصل میں رضوان کی سسٹر ان لا ہونے والی ہوں۔"

"اوہ! اب میں سمجھا۔ یہ سارا جھگڑا 'ہونے والی' میں ہے۔ اب آپ جلدی سے ان کی سسٹر ان لا بن جائیے تاکہ انہیں کسی کو بلانے کے لیے آپ کے واسطے کی ضرورت نہ پڑے۔" ڈاکٹر شکیل نے ہنستے ہوئے کہا۔

"میں تو ایڑی سے چوٹی اور چوٹی سے ایڑی تک کا زور لگا چکا ہوں۔" رضوان نے بڑے مایوسانہ انداز میں کہا۔ "لیکن اُدھر بڑا سناٹا ہے۔"

"سناٹا کیا مطلب؟" ڈاکٹر شکیل کو شاید ان باتوں میں لطف آرہا تھا۔

"دراصل...." رضوان نے کہا۔ "شادی اور محبت کے سلسلے میں ان کی چھوٹی بہن صاحبہ کا فلسفہ بڑا عجیب و غریب ہے اور اس فلسفے میں مجھے ویرانی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ اسی لیے میں نے لفظ سناٹا استعمال کیا تھا۔"

"خیر!" ڈاکٹر شکیل نے اس طرح کہا جیسے اب رخصت ہونا چاہتا ہو۔ "یہ آپ لوگوں کے نجی معاملات ہیں اور غالباً مجھے یہ حق نہیں پہنچتا کہ ان معاملات کو زیادہ کریدوں۔ اب مجھے اجازت دیجیے۔ چند اور مریض بھی میرے منتظر ہوں گے۔ آپ جب چاہیں ہاسپٹل سے چھٹی لے سکتے ہیں۔ ایسا اس وقت بھی ممکن ہے؟"

"شکریہ ڈاکٹر! اب یہاں سے میرا جی بھر چکا ہے۔"

ڈاکٹر شکیل ہنس کر واپس جانے کے لیے مڑا ہی تھا کہ میں بول پڑی۔ "ڈاکٹر!"

"جی فرمائیے!" وہ میری طرف متوجہ ہو گیا۔

"اگر آپ کو کوئی حرج نہ سمجھیں تو اپنی نرس کو پانچ منٹ کے لیے یہیں چھوڑ جائیے۔ مجھے کچھ باتیں کرنا ہیں ان سے!"

"ان سے آپ کو کیا باتیں کرنا ہیں؟" ڈاکٹر شکیل کو حیرت ہوئی تھی اور سنگیتا کے چہرے پر پھر ایک رنگ آکر گزر گیا تھا۔

"جو باتیں مجھے ان سے کرنا ہیں، وہ میں آپ کو نہیں بتا سکوں گی۔ میں اپنی صاف گوئی کے لیے معذرت خواہ ہوں۔"

ڈاکٹر شکیل نے کچھ نہ سمجھنے والے انداز میں کندھے جھٹکے، اور بولا۔ "عجیب بات ہے، خیر! میں انہیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ تم پانچ منٹ بعد کمرہ نمبر سات والے مریض کے پاس آجانا۔ میں وہیں جا رہا ہوں۔"

"بہت بہتر!" سلیتا نے اکہہ کے کہا۔

"اچھا مسٹر رضوان! میں آپ کی شادی کے سلسلے میں دعا گو رہوں گا۔"

"آپ کے ہونے والے بچے جیئیں!" رضوان نے جیسے خوش ہو کر کہا۔

ڈاکٹر شکیل ہنستا ہوا کمرے سے چلا گیا۔

سنگیتا سر جھکائے کھڑی تھی۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ مجھ سے نظر ملاتے ہوئے گھبرا رہی ہے۔ وہ بلاشبہ نروس تھی اور اُسے اِس طرح روک لینے پر رضوان معنی خیز انداز میں میری طرف دیکھ رہا تھا۔ اُس کے ہونٹوں پر ایک خریری مسکراہٹ بھی کھیل رہی تھی۔

"سنگیتا!" میں نے دھیمی آواز میں پکارا۔

سنگیتا کی نظر ایک پل کے لیے میری طرف اُٹھی اور پھر جھک گئی۔ میں نے اُس کے ہونٹوں کی جنبش سے اندازہ لگایا کہ اُس نے "جی" کہا تھا ورنہ آواز تو اتنی مدھم تھی کہ اُس نے بس خود ہی سنی ہوگی۔

"تم دفتر کیوں نہیں آئیں؟" میں نے سوال کیا۔

"میں... وہ... دراصل..."

"میں ٹھیک ٹھیک جواب سننا پسند کروں گی۔" میرے لفظ سخت مگر لہجہ نرم تھا۔

سنگیتا چند لمحے خاموش رہی اور پھر ہمت کر کے بولی۔ "آپ اِس بارے میں جانتی ہیں تو پوچھنے سے کیا حاصل!"

"میں تو نہیں جانتی۔"

"میرا خیال ہے کہ آپ کو جان لینا چاہیے تھا۔"

"کیوں؟ کیسے جان لینا چاہیے تھا؟ کیا تمھارے خیال میں مجھے الہام ہوتا ہے؟"

"بات بالکل سامنے کی ہے۔" سنگیتا بڑی ہمت سے جواب دیے جا رہی تھی لیکن اُس کا سر بدستور جھکا ہوا تھا۔

"ہو سکتا ہے کہ وہ بالکل سامنے کی بات ہو مگر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ سامنے کی چیز نظر نہیں آتی۔"

سنگیتا نے رضوان کی طرف دیکھا، پھر سر جھکا کر بولی۔ "اب میں کیا عرض کروں!"

"میرا خیال ہے۔" رضوان بستر سے اُٹھتا ہوا بولا۔ "آپ دونوں کچھ عرض معروض کر لیں، میں اتنی دیر میں اسپتال کا حساب بیباق کر کے یہاں سے روانگی کی تیاری کر لوں۔"

میں دل ہی دل میں رضوان کی شکر گزار ہوئی کہ اُس نے ہمیں کھل کر گفتگو کر لینے کا موقع دے دیا ورنہ عموماً ایسے مواقع پر اس

حالات سب کچھ کر رہا تھا جناب!"

"آپ یہ معلوم کرنا پسند نہیں کریں گی کہ ڈاکٹر شکیل کی نیت کیا ہے؟"

"بادیتے کہ تم نے یہ ڈھونگ کیوں رچایا ہے!"

نخرے کے موڈ میں ہی کب تھیں۔ آپ نے صاف فرار آپ کو جو کچھ معلوم کرنا ہے، خود ہی معلوم کر

لے اس جواب نے مجھے لاجواب کر دیا لیکن میں نے وجانے کی بجائے ذرا ڈھٹائی کا مظاہرہ کیا اور بولا۔ چاہیے تھا کہ تمھارے اِس ڈرامے سے مجھے کتنی گی؟"

چلتا ہے۔ آخر آپ میری ہونے والی سالی ہیں۔

لیے اب میں کوئی کرائے کی سالی تو نہیں!" جانے تو میں اِس سلسلے میں تمھاری گوشمالی

ے ہاتھوں سے تو میں ہر قسم کی مالی، کرالوں گا لیکن ؟"

ں ابھی پہنچنے ہی والی ہے۔"

ت یہ ہے کہ اُس سے خط و کتابت بھی نہیں ہو سکتی۔"

ہزار میل کا وہ علاقہ ہی ایسا ہے جہاں ڈاک کا کوئی لیں۔" میں نے جواب دیا اور پھر بولی۔ "کیا تم نے فیصلہ لے لی؟"

اں!"

پھر چلو!"

میں ذرا اپنا مختصر سا سامان سمیٹ لوں۔"

ر بعد میں رضوان کو لے کر اسپتال سے روانہ ہو گئی۔ ں اب شروع ہو جاؤ!" میں نے راستے میں رضوان سے

ف سے شروع کروں یا رائے' سے؟ ویسے مجھے دوسری ں کے حروف تہجی بھی یاد ہیں۔"

ں نے اُسے گھور کر دیکھا تو وہ جلدی سے بولا۔ "اوہ! ہا کوئی اور چیز شروع کروانا چاہتی ہیں۔ کیا راگ مالکوس ں؟ لیکن یہ وقت مالکوس کے لیے مناسب نہیں ع نہ روں کا یہ راگ درباری....."

جانِ رضوان!" رضوان اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر کچھ جھکا۔

"میں تمھیں اُٹھا کر گاڑی سے باہر پھینک دوں گی۔"

"کاش آپ مجھے اُٹھا کر اپنے کلیجے سے لگا سکتیں!" رضوان نے ایک دلدوز آہ بھر کر کہا۔ "اللہ میاں سے مجھے یہ شکایت ہمیشہ رہے گی کہ اُنھوں نے مجھے لڑکی نہیں بنایا۔"

میں نے مناسب یہی سمجھا کہ خاموش ہو جاؤں۔ اِس وقت رضوان پر مجھے تنگ کرنے کا دورہ پڑا ہوا تھا اور ایسے موقعوں پر اُسے تالو میں کرنے کی کوشش بے سود ہی ہوتی تھی البتہ کوشش نہ کرنے کی صورت میں وہ کبھی کبھی از خود راہِ راست پر آ جاتا تھا۔

جب گاڑی کا رُخ برنس روڈ کی طرف ہوا تو رضوان جلدی سے بولا۔ "او ہو! کیا آپ مجھے میرے گھر پر چھوڑیں گی؟"

"جہاں تم چاہو، وہاں چھوڑ دوں۔" میں نے سنجیدگی سے کہا۔

"میں تو یہ چاہتا تھا کہ آپ مجھے اپنے گھر لے جاتیں میں کسی ایسے بھاگ کہاں ہیں میرے! چلیں ٹھیک ہے۔ آپ مجھے میرے گھر کی ویرانیوں ہی میں تنہا چھوڑ دیں۔ وہاں میں خود کو کسی لنڈورے مُرغ کی طرح محسوس کرتا ہوں۔ کاش آپ کو مجھ پر ترس آ سکتا۔"

میں پھر خاموش ہو گئی کہ اِسی میں بہتری تھی۔

چند لمحے بعد رضوان بڑبڑانے والے انداز میں بولا۔ "میرا خیال ہے کہ اب میں آپ کو حقیقتِ حال سے آگاہ کر دوں ورنہ آپ کا پارہ اتنا ہی چڑھ سکتا ہے کہ ریٹرن ٹکٹ بھی کینسل کروا دے!"

میں اب بھی کچھ نہیں بولی۔

"ڈاکٹر شکیل اور سنگیتا ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔" رضوان نے جیسے رپورٹ دینا شروع کی۔ "شکیل بہت دین دار ڈاکٹر ہے۔ اِس ہاسپٹل کی انتظامیہ نے بہت کوشش کر کے اُس کی خدمات حاصل کی ہیں اور وہ بڑی مشکل سے دو گھنٹے کا وقت دے سکا ہے۔ اُس کی ایک شرط یہ بھی تھی کہ وہ اپنی پسند کی نرس رکھے گا اور اِسی شرط کی منظوری کا نتیجہ، سنگیتا ہے۔ سنگیتا رات کو ایک خاص وقت پر پنکینیل بائی اسکول کے موڑ تک تانگے سے پہنچتی ہے اور وہاں ڈاکٹر شکیل اپنی کار میں اُس کا منتظر ہوتا ہے۔ واپسی میں وہ سنگیتا کو اپنی کار سے اُس کے گھر کے قریب ہی اُتارتا ہے۔ اُس وقت وہاں اتنی ویرانی ہوتی ہے کہ کوئی سنگیتا کو کار سے اُترتے ہوئے دیکھ نہیں پاتا۔ میں ہاسپٹل میں اسی لیے داخل ہوا تھا کہ وہاں کر اُن دونوں کے تعلقات کی نوعیت کا اندازہ [illegible] رضوان اچانک خاموش ہو گیا۔ پھر بولا۔ "آپ میری باتیں سُن رہی ہیں یا کسی اور ہی خیال میں گم ہیں؟"

"میں پوری طرح تمھاری طرف متوجہ ہوں۔"

"لیکن آپ نے ایک بار بھی ہنکارا نہیں بھرا!"

"ضروری نہیں ہے، تم بیٹھے رہو۔"

چنانچہ رضوان نے ایک لمبا سانس لیا اور بولتا رہا۔ "میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو بہت شدت سے چاہتے ہیں۔ اگر اُن کی اور پہلے مجنوں کی محبت میں کوئی فرق ہے تو وہ صرف عہد کا فرق ہے۔ نئے اور پرانے عہد کے تقاضوں کا فرق! مجنوں میاں کے زمانے میں غم دوراں نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی تھی لہٰذا وہ صرف غم جاناں کے ہو کر رہ گئے تھے لیکن آج کے زمانے میں انسان غم دوراں سے دامن نہیں بچا سکتا، سو وہ دونوں بھی ان دونوں مجنوں کو گلے سے لگائے ہوئے ہیں۔ میں نے دو ایک مرتبہ چھپ کر اُن کی باتیں سننے کی بھی کوشش کی لیکن پوری طرح کامیاب نہیں ہو سکا۔ بس اتنا اندازہ کر سکا ہوں کہ سارا پھیڈا وہی ہے جو ہماری یہاں کی فلموں میں عموماً دکھایا جاتا ہے۔"

"یعنی؟"

"امیر اور غریب کا فرق! طبقاتی تضاد! سنگیتا ایک معمولی گھرانے کی لڑکی ہے اور تکمیل ایک معزز ڈاکٹر۔ میرے خیال میں تو بس یہی ایک ٹریکاوٹ ہو سکتی ہے ورنہ مذہب کا اختلاف تو محبت کے معاملے میں عموماً ثانوی حیثیت رکھتا ہے۔"

"عموماً تو ثانوی حیثیت رکھتا ہے لیکن خصوصاً ایسا نہیں بھی ہوتا۔"

"یعنی آپ کے خیال میں مذہب ہی وہ ٹریکاوٹ ہے؟"

"یہ کوئی دعویٰ نہیں ہے۔ میں ایک امکانی بات کہہ رہی ہوں۔ ویسے یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ٹریکاوٹ ان دونوں چیزوں کی بجائے کوئی تیسری ہی چیز ہو۔"

"وہ کیا ہو سکتی ہے؟"

"کوئی ایسی بات جو فی الحال ہمارے سامنے نہیں ہے۔"

رضوان کچھ سوچنے لگا۔ غالباً وہ اپنے ذہن پر زور ڈال رہا تھا کہ وہ تیسری بات کیا ہو سکتی ہے!

ہیں پھر بولی۔ "ویسے اصل بھی تم سنگیتا کے ماضی سے واقف نہیں ہو؟"

"میں نے آپ کو حال بتا دیا ہے۔ آپ مجھے ماضی بتا دیجیے!"

جواب میں ہیں نے اُسے سنگیتا کے ماضی سے باخبر کیا اور وہ سب کچھ بھی بتا دیا جو اس دوران میں مجھ پر گزر چکا تھا۔ یہ ساری باتیں میں نے اس لیے بتائیں کہ میں اس معاملے میں رضوان سے خاصا کام لینا چاہتی تھی۔ ساگر میں اُسے اندھیرے میں رکھتی تو ممکن تھا کہ وہ اُلٹی گھائیاں بھرنے لگتا۔

اسی بالوں میں رضوان کا کھڑا کیا تھا اللہ
کے سامنے روک دی تھی لیکن رضوان فوری طور پر
اور بولا۔ "یہ تو بڑے گمبھیر معاملات معلوم ہوتے ہیں
"لیکن میں ان کا پردہ ضرور چاک کر کے رہوں
"آپ کی اس بات پر میرے ذہن میں بڑا
لیکن میں اُسے پھر کسی وقت کے لیے اُٹھا رکھتا ہوں
یہ بتائیے کہ آئندہ کا کیا پروگرام ہے؟"

"مجھے تمہارا خاصا وقت درکار ہے۔"

"کس طرح؟"

"یہ میں تمہیں کل بتاؤں گی۔ فی الحال میرے
خاص لائحہ عمل نہیں ہے۔"

"کل آپ سے ملاقات کب ہو گی؟"

"میں تمہیں فون کر لوں گی اور اگر تم اپنے گھر
مجھے دفتر میں ٹیلیفون کر لینا۔"

"آج رات ذہن خاصا اُلجھا رہے گا۔"

"سوچنا..... اور اگر کوئی نکتہ ذہن میں آئے تو
رضوان نے کہا کہ "کوشش کرنے کے لیے تیار
تھا کہ میں پھر بولی۔ "لیکن مجھ سے مشورہ کے بغیر
نہ اُٹھانا۔"

رضوان سر ہلا کر کار سے اُتر گیا اور میں نے ڈرائیو
نہ جانے کیوں، آج کچھ زیادہ ہی تھکن محسوس ہو
بستر پر لیٹتے ہی نیند آ گئی۔ صبح وقت پر آنکھ کھلی تو میں
اخبار پر اچٹتی سی نظر ڈالی۔ سیاسی اکھاڑ پچھاڑ کے بارے میں
تھی لہٰذا میں نے اخبار پھینک دیا اور بستر سے اُٹھ گئی
کے بوٹوں کے پست اور غیر بیانات سے مجھے ازحد
ناشتہ کرنے کے بعد میں نے اپنے شانے کی ڈریسنگ
دفتر جانے کے لیے تیار ہوئی لیکن جب میری کار
وہی تھی تو اچانک میں نے پروگرام بدل دیا اور کار کا رخ
ڈال دی کہ مشتاق چنگیزی کے گھر پہنچ سکوں۔

اُس وقت مشتاق چنگیزی اپنے گھر پر موجود تھا
چونکا تو میں سمجھ گئی کہ وہ مجھے بحیثیت صبیحہ بانو شناخت کر
"صاحب!" ایک ملازم نے مشتاق چنگیزی سے کہا
صاحبہ ..... وکیل بھی آئی تھیں۔ میں نے آپ کو بتایا تھا
سے ایک خاتون.....؟"

"اچھا اچھا!" مشتاق چنگیزی نے ہاتھ اُٹھا کر اُس کی
کاٹ دی۔ "تم جا کر چائے لے آؤ۔" پھر وہ مجھ سے بولا۔

ا سے تعلق رکھتی ہیں؟"

ر کر وہ مجھے شناخت کر لینے کے باوجود یہ ظاہر کرنا
ں پہچانتا۔ میں نے بھی سوچا کہ اس ڈرامے کو
لہا جائے کہ اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے!

ی اخبار سے خصوصی تعلق نہیں رکھتی مسٹر مشتاق!"

پ کے ملازم سے یہ بات میں نے جھوٹ ہی کہہ دی
ایک فری لانسر رپورٹر ہوں۔ میں اپنی حاصل کردہ
ں اخبار کو بھیجتی ہوں جو مجھے زیادہ معاوضہ دیتا

مشتاق نے سپاٹ لہجے میں کہا۔ "فرمائیے! میں آپ
کتا ہوں؟"

میں آپ سے چند سوالات کرنا چاہتی ہوں۔ اگر آپ
تو اجازت دیں اور اگر مناسب نہ سمجھیں تو انکار کر دیں۔
صرار کرنے کا حق تو میرے پاس ہے ہی نہیں۔"

ی وقت تو کچھ بھی نہیں کہہ سکتا۔ یہ آپ کے سوالات پر
اُن کے جوابات دینا پسند کروں گا یا نہیں!"

ہلی ایشن سے کچھ معلومات حاصل ہوئی تھیں میں
اس سلسلے میں کسی نتیجے تک پہنچ سکوں اس لیے میں
صبیحہ بانو سے ملنے کا فیصلہ کیا تھا۔"

پ تاتاری نامی ایک جرائم پیشہ شخص کے بیان کی تہ
چاتی ہیں!"

ہاں۔ جی ہاں۔ بالکل!" اُس نے صبیحہ بانو پر گولی چلائی
ں ماجیان ہے کہ یہ اقدام اُس نے آپ کی ایما پر کیا تھا۔"

ں!"

ہاں! مجھے یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ آپ نے اُس کے
رنے سے انکار کر دیا ہے لیکن ایک بات میری سمجھ
لی؟"

ہا؟"

آپ بہت پریشان تھے اور آپ نے ایک وکیل سے بھی
لیا تھا۔"

پ کو کیسے معلوم؟" مشتاق نے چونک کر پوچھا۔

رپورٹروں کو ایسی باتیں معلوم ہو ہی جاتی ہیں۔" میں نے
ہا۔

شتاق چنگیزی قدرے خاموش رہا۔ غالباً وہ سوچ رہا تھا کہ
انا چاہیے! آخر اُس نے ایک طویل سانس لے کر کہا
لمات ہے کہ جب پولیس اس سلسلے میں تحقیقات کرنے
کے لیے میرے پاس آئی تھی تو میں پریشان ہو گیا تھا۔ میرے ذہن
میں یہ بات آئی تھی کہ شاید میرا کوئی مخالف میرے خلاف سازش کر
رہا ہے۔ میں نے صبیحہ بانو کے بارے میں بھی کسی سے سنا تھا کہ وہ
کراچی کی اُن دو چار عورتوں میں سے ایک ہے جن کی رسائی اعلیٰ
حکام تک ہے۔ میں نے سوچا کہ اگر وہ خاتون بھی اس سازش میں
ملوث ہوئیں اور انھوں نے میرے خلاف بیان دے دیا تو
شاید پولیس مجھے حراست میں لے لے لہٰذا میں نے کل ہی ایک
وکیل سے مل کر ضمانت قبل از گرفتاری کا بندوبست کر لیا تھا۔"

"تو کیا صبیحہ بانو نے آپ کے خلاف بیان دیا؟"

"مجھے معلوم ہوا ہے کہ ایسا نہیں ہوا۔"

"خوب! اس کا مطلب یہ ہوا کہ صبیحہ بانو اس سازش میں
شریک نہیں جو آپ کے خلاف کی جا رہی ہے۔"

"جی ہاں! لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ بھرا خرتاتاری نے صبیحہ بانو
پر قاتلانہ حملے کو مجھ سے منسوب کیوں کیا؟"

"کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ دونوں ہی کے خلاف کوئی سازش
ہو رہی ہو؟"

"میں اس سلسلے میں کیا کہہ سکتا ہوں!"

"آپ کے خلاف یہ سازش کون کر سکتا ہے۔ آپ کو کسی پر شبہ
تو ہو گا!"

"جی نہیں، میں اس سلسلے میں کوئی نام نہیں لے سکتا میرا کوئی
بھی کاروباری حریف اس قسم کی سازش کر سکتا ہے۔"

"کہیں وہ شخص رام لال تو نہیں!" میں نے اچانک ایک
شدید حملہ کیا۔

مشتاق چنگیزی اس طرح اُچھلا تھا جیسے اُسے اچانک سانپ
نے کاٹا ہو۔

اُسی وقت ملازم چائے لے کر آ گیا تھا اس لیے مشتاق چنگیزی
کو جواب دینے سے پہلے، کچھ سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کا موقع مل گیا۔
اُس نے پیالیوں میں چائے بنائی اور ایک پیالی مجھے دیتا ہوا
بولا۔ "آپ رام لال کو کیسے جانتی ہیں؟"

"میں نے کہا نا کہ ہم رپورٹروں کو ایسی باتیں معلوم ہو جاتی ہیں۔
مجھے یہ بھی معلوم ہوا تھا..... ہو سکتا ہے یہ غلط ہو کہ اب آپ کے
پاس جو کچھ ہے، یہ رام لال ہی کا عطا کردہ ہے۔"

مشتاق چنگیزی کے چہرے پر ایسی سُرخی پھیل گئی جیسے اُسے
طیش آ گیا ہو۔ میں نے لوہا گرم دیکھ کر ایک اور ضرب لگائی۔ "بعض
لوگ آپ کو غاصب قرار دیتے ہیں۔"

"بکواس کرتے ہیں لوگ!" مشتاق نے بپھر کر کہا۔ "مجھے جو کچھ

ملا، یہ میرا حق تھا۔"

"حق؟" میں نے تعجب سے کہا۔ "میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی۔"

مشتاق کا منہ کھلا اور پھر بند ہو گیا۔ وہ کچھ کہتے کہتے رک گیا تھا۔ اُس نے چائے کی پیالی اُٹھائی اور جلدی جلدی گھونٹ لینے لگا۔ غالباً اُسے احساس ہو گیا تھا کہ وہ جذبات کی رَو میں بہہ گیا ہے اور اس عالم میں کوئی ایسی بات بھی اُس کے مُنہ سے نکل سکتی ہے جو اُسے کسی قیمت پر بھی زبان پر نہیں لانا چاہیے۔

میں چاہتی تھی کہ اس موقع پر پھر کوئی حملہ کر کے مشتاق سے کچھ اگلوا لوں لیکن مجھے فوری طور پر کوئی ایسی بات نہیں سوجھ سکی جو اُسے مزید مشتعل کر سکتی۔

مشتاق چنگیزی نے بہت جلد چائے کی پیالی خالی کر کے نیاپی پر رکھ دی اور بولا۔ "مس رپورٹر! بہتر ہو گا کہ آپ اس سلسلے میں رام لال ہی سے ملاقات کر کے پوچھیں کہ میں غاصب ہوں نہیں! میں اب اجازت چاہوں گا۔ مجھے ایک ضروری کام سے جانا ہے۔"

میں نے محسوس کیا کہ مشتاق چنگیزی محض کسی جذباتی بھنور میں گرفتار ہو جانے کے باعث مجھ سے گفتگو کرنے سے بچنا چاہتا ہے۔ ابھی میرے ذہن میں کئی سوال تھے جو میں اُس سے کرنا چاہتی تھی اور مجھے چاہیے تھا کہ وہ سوالات کرنے کے بعد ہی مشتاق کو اُس اسٹیج پر لاتی جہاں وہ بپھر جاتا لیکن اب کچھ نہیں ہو سکتا تھا۔ مجھ سے غلطی ہو چکی تھی۔

مشتاق چنگیزی کھڑا ہو گیا۔ میں بدستور بیٹھی رہ کر ڈھٹائی کا مظاہرہ نہیں کر سکتی تھی لہٰذا مجھے بھی اُٹھنا پڑا۔

"خدا حافظ!" مشتاق چنگیزی نے کہا اور اندرونی دروازے کی طرف مڑ گیا۔ وہ اخلاقاً مجھے چھوڑنے کے لیے برآمدے تک بھی نہیں گیا تھا اور یہ بات ظاہر کرتی تھی کہ وہ شدید ہیجان سے دوچار ہو گیا ہے۔

جب میں وہاں سے دفتر کی طرف روانہ ہوئی تو میرے ذہن میں یہ سوال بڑی شدت سے چُبھ رہا تھا کہ چنگیزی اتنے جذباتی ہیجان سے کیوں دوچار ہو گیا؟ جن لوگوں کے ضمیر اتنے مجرم ہوتے ہیں، وہ ایسی کیفیت سے شاید ہی گزرتے ہوں۔ تو پھر؟ مشتاق چنگیزی اتنا جذباتی کیسے ہو گیا؟ کیوں ہو گیا؟ یہ سوال میرے لیے بڑی اہمیت اختیار کر گیا تھا۔

اِسی سوال میں اُلجھی ہوئی، میں دفتر پہنچ گئی اور تب مجھے سب سے پہلا خیال یہ آیا کہ سنگیتا آج بھی آئی ہے یا نہیں! میں نے نمبر کا ہم پر سیکریٹری سے اُس کے بارے میں پوچھا

دوسری طرف سے جواب ملا۔ "وہ آئی!"

میں نے یہ جواب سن کر کچھ آسودگی محسوس کی۔

"میرے پاس بھیج دو!"

"بہت اچھا!"

کچھ ہی دیر بعد سنگیتا بڑے نروس انداز میں کمرے میں داخل ہوئی اور مجھے سلام کر کے نظریں جھکائے قریب آ کھڑی ہوئی۔

"مجھے یقین تھا کہ تم آؤ گی۔" میں نے کہا۔ "بیٹھ جاؤ!"

"شکریہ!" وہ آہستہ سے کہہ کر بیٹھ گئی۔

میں چند لمحے تک خاموشی سے اُس کے چہرے کا جائزہ لیتی رہی، اور پھر بولی۔ "یہ ڈاکٹر شکیل..... تمہارے معلوم ہوتا ہے۔"

"جی!" سنگیتا نے آہستہ سے کہا۔ "وہ بہت اچھے ہیں۔"

"تم اُسے کب سے جانتی ہو؟"

"بہت عرصے سے!"

"یعنی؟"

"ہم بہت چھوٹے چھوٹے تھے جب ہم نے پہل دوسرے کو دیکھا۔ یہ شاید..... سوا سال پہلے کی بات ہے۔ شکیل کے والد میرے والد کے دوست تھے اور مزاج کی سی تھی۔"

"اُس زمانے میں تمہارا قیام دوبئی میں ہو گا!" میں بول پڑی۔

"جی ہاں! شکیل کے والد تو اب بھی دوبئی ہی میں ہیں لیکن شکیل کو اپنے وطن سے اتنی محبت ہے کہ وہ مستقلاً یہ رہ گیا ہے۔ ہم دونوں نے ساتھ ساتھ پڑھا تھا۔ بعد میں وہ کہ میں کم مارکس حاصل کرنے کی وجہ سے میڈیکل کالج نہیں ہو سکی لیکن شکیل کو داخلہ مل گیا۔ پھر وہ اعلیٰ تعلیم کو چلا گیا۔ وہاں سے لوٹنے کے بعد وہ اپنا ہاسپٹل بھی کھول لیکن اُس نے ایسا نہیں کیا بلکہ مختلف ہاسپٹلز کے لیے تین گھنٹے وقف کر دیے۔ اُس کا کہنا ہے کہ اس طرح وہ مریضوں کی خدمت کر سکتا ہے جب کہ اپنا ہاسپٹل کھولنے کی میں وہ صرف اُسی کا ہو کر رہ جاتا۔" سنگیتا ایک طویل سا کے لیے رُکی اور اُس کے بعد پھر بولنے لگی۔ "بانو! آجکل یا سابن گیا ہے کہ اگر میڈیکل کے کسی طالب علم سے اُس کا

ہ کہتا ہے کہ قوم کی خدمت کرنا چاہتا ہے لیکن قوم کی کھال اُتارنے کے سوا کچھ نہیں کرتا جب کہ مدد دے چند ڈاکٹروں میں سے ایک ہے جنھوں خدمتِ خلق کے جذبے کے تحت ڈاکٹری کی تعلیم فرمائش تو میری بھی یہی تھی لیکن میں بدقسمتی سے نہیں ہو سکی۔ جب وہ شکیل واپس آیا تو ہمارے تھے۔ معاشی بحران کا اژدہا ہم سب کو نگلنے لے رہا تھا۔ نے فیصلہ کیا کہ ایک پارٹ ٹائم نرس کی حیثیت ماتھ کام کرنے لگوں۔ شکیل کے پاس دولت کی ت۔ وہ میرے لیے بہت کچھ کرنا چاہتا ہے لیکن والد کسی کے بھی احسان مند نہیں بننا چاہتے۔"

ابھی بات ہے لیکن تم نے میری فرم میں ملازمت م ڈاکٹر شکیل کے ساتھ دوسرے ہاسپٹلز میں بھی پارٹ نوائض انجام دے کر اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکتی تھیں۔" لیکن بعض وجوہات کی بنا پر میں ایسا نہیں کر سکتی۔" وجوہات کیا ہیں؟"

ب کی شکر گزار ہوں گی اگر آپ مجھ سے اس سوال ہیں۔"

ایک طویل سانس لے کر اپنی کرسی کی پشت گاہ سے ٹیک "تم بڑی پُراسرار لڑکی ہو سنگیتا!"

ا ہے..... آپ کا خیال..... درست ہے!" سنگیتا نے کہا۔

لیہ بتاؤ..... کیا تم اور شکیل ایک دوسرے سے محبت

ا کے چہرے پر حیا آلود کیفیت چھا گئی اور پھر اُس نے ضائع کیے بغیر کہا۔ "آپ جہاندیدہ خاتون ہیں لہٰذا آپ کو مجھ سے اہی نہیں چاہیے تھا۔"

پھر تم دونوں شادی کیوں نہیں کر لیتے۔ اِس طرح....."

نا! مسز سنگیتا نے جیسے احتجاج کیا۔ "میری بات کاٹ دی۔ نہیں کہ آپ میری ذاتی زندگی کو موضوعِ گفتگو بنائیں!"

ہیں نہیں۔" میں نے اٹل لہجے میں کہا۔ "میں ہر حیثیت پر ندگی کے تمام الجھاووں کو ختم کرنا چاہتی ہوں۔"

یتا نے نظر اُٹھا کر بڑی بے بسی سے میری طرف دیکھا۔ لمبتا!" میں نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ "میں بُری صاف گوئی نا چاہتی ہوں کہ مجھے تم سے محبت ہو گئی ہے۔"

"میں آپ کا بہت احترام کرتی ہوں بانو!"

"تو میں کب چاہتی ہوں کہ تم احترام نہ کرو!" میں تلخی سے مسکرائی۔ "تم احترام کرتی رہو، میں محبت کرتی رہوں گی۔"

"کیا آپ اپنے اِس جذبے کو ختم نہیں کر سکتیں؟"

"پگلی!" میں نے زہر خند کہا۔ "تو واقعی بہت معصوم ہے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ دل سے کسی کی محبت کو کھرچا جا سکے؟ یہ جذبہ پیدا نہیں کیا جاتا بلکہ پیدا ہو جاتا ہے اور جو چیز از خود پیدا ہو جائے اُسے ختم کرنا انسان کے اختیار میں نہیں ہوتا۔ اگر میں تم پر جبر کروں کہ تم بھی مجھ سے محبت کرو تو یہ بھی ممکن نہیں جس طرح جبر سے محبت کا جذبہ پیدا نہیں کیا جا سکتا، اُسی طرح جبر سے اُس جذبے کو ختم بھی نہیں کیا جا سکتا۔ تمھیں مجھ سے محبت ہو یا نہ ہو، مجھے تم سے بہر حال محبت ملے اور ہمیشہ رہے گی۔ تم شکیل سے محبت کرتی رہو، میں تم سے محبت کرتی رہوں گی۔ تم اگر مجھے بُرا سمجھنے بھی لگو گی تو بھی میری محبت اپنی جگہ قائم و دائم رہے گی۔ ہاں بس اتنی التجا ضرور ہے کہ تم مجھ سے نفرت نہ کرنے لگنا۔" اچانک میں خاموش ہو گئی کیونکہ میں نے محسوس کیا تھا کہ میں جذباتی ہو رہی ہوں اور کسی بھی لمحے میری آواز میرے حلق میں گھٹ کر رہ جائے گی۔

"آپ بہت عجیب ہیں بانو!" سنگیتا نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"اب تم جاؤ اور کام کرو!" میں نے یہ کہتے ہوئے اپنی ریوالونگ چیئر کو دوسری طرف گھما لیا تاکہ میرے چہرے کے شدید جذباتی تغیر کو سنگیتا نہ دیکھ سکے۔

چند لمحے بعد میں نے سنگیتا کے قدموں کی آہٹ سنی جو دروازے کی طرف جا رہی تھی۔ پھر دروازہ کھلا اور بند ہو گیا۔ میں نے کرسی سیدھی کی اور دونوں ہاتھوں سے سر تھام کر بیٹھ گئی۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ مجھے کیا ہو گیا ہے! ایسے ہیجان سے تو میں کبھی بھی دوچار نہیں ہوئی تھی۔ میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ میری زندگی میں آنے والی کوئی لڑکی مجھے اِس طرح پاگل بھی کر دے گی۔ مجھے ایسا محسوس ہونے لگا تھا کہ اگر کبھی سنگیتا مجھ سے دُور ہو گئی تو یہ "خلش" میرے لیے "حاصلِ عمرِ رواں" بن جائے گی۔ میں اُسے کبھی نہیں بھلا سکوں گی۔ یہ تو ممکن ہے کہ میں غمِ دوراں میں اُلجھ کر معمول کے مطابق زندگی گزارنے لگوں لیکن ظاہر دیکھنے والی آنکھیں میرے باطن کی اِس خلش کو نہ دیکھ سکیں گی۔

میں نہ جانے کب تک سنگیتا کے بارے میں سوچتی رہتی کہ ٹیلیفون کی گھنٹی نے مجھے چونکا دیا۔ میں نے رسیور اُٹھا کر کان سے لگایا اور ماؤتھ پیس میں بولی۔ "بانو سپیکنگ!"

"آپ کا غلام!" دوسری طرف سے رضوان کی آواز سنائی دی۔ "میں نے سوچا کہ آپ کے فون کا انتظار کب تک کروں گا، کیوں نہ خود ہی فون کر لوں۔"

"اچھا کیا تم نے! میں ذہنی طور پر اتنی الجھی ہوئی تھی کہ شاید مجھے فون کرنے کا خیال اگر آتا بھی تو بہت دیر سے آتا۔"

"ایسی کیا اُلجھن آپڑی؟ کوئی نئی بات؟"

"نئی؟ نہیں! اِسے نئی تو نہیں کہا جا سکتا۔ دراصل میری اُلجھن کا سبب سنگیتا ہے۔"

"کیا وہ آمادہ نہیں ہو رہی ہے؟" رضوان نے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"تم ہر وقت بکواس مت کیا کرو!" میں جھڑک اٹھی۔

"سوری! یہ تو واقعی کوئی اور بات معلوم ہوتی ہے۔" رضوان نے پڑبڑانے والے انداز میں کہا۔

"مس کاکر دار پراسرار سا لگتا ہے۔" میں نے اپنی جھنجلاہٹ پر قابو پاتے ہوئے کہا۔ "میں نے ایسی لڑکی شاید ہی کبھی دیکھی ہو۔"

"کیا آج وہ دفتر آئی ہے؟"

"ہاں!"

"کیا باتیں ہوئی تھیں اُس سے؟"

"بس اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ میں اُسے اپنے دُھب کے موضوع تک نہیں لا سکی مجھے بس اِتنا معلوم ہو سکا کہ ڈاکٹر شکیل اور وہ بچپن کے دوست ہیں۔"

"یہ بچپن کی دوستی بھی عجیب گُل کھلاتی ہے، اگر لڑکی اور لڑکے میں ہو۔ خیر، یہ بتائیے کہ اب آئندہ کا کیا پروگرام ہے؟ کیا یہ ممکن نہیں کہ آپ خود کو اس پھندے سے الگ کر لیں! لوگوں سے سنتے آئے ہیں کہ دوسروں کے معاملات میں ٹانگ اڑانا کوئی اچھی بات نہیں۔"

"لیکن مظلوموں کی حمایت کرنا اچھی بات ہے۔"

"اچھا!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لیا۔ "جو مزاج خواہ مخواہ میں آئے۔"

"میں آج مشتاق چنگیزی سے بھی ملی تھی۔"

"اوہ... واہ... یعنی کیسے؟"

میں نے اُسے مشتاق چنگیزی سے اپنی ملاقات کی پوری تفصیل بتا دی۔ رضوان نے اُسے پوری توجہ سے سُنا اور بیچ میں ایک مرتبہ بھی کچھ نہیں بولا۔ آخر میں، میں نے کہا۔ "مشتاق چنگیزی کا جذباتی ہو جانا میری سمجھ میں نہیں آیا۔ جن لوگوں کے ضمیر مجروح ہوتے ہیں، میرا خیال ہے کہ وہ جذباتی نہیں ہوا کرتے۔"

"بات تو آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ اچھا! لائحہ عمل مرتب کیا ہے؟"

"سچ پوچھو تو میں ابھی اِس نکتے پر غور ہی نہیں کر سکی۔ مجھے بہت جلد نیند آ گئی تھی۔ پھر آج مشتاق چنگیزی سے باتیں کرنے کے بعد میری ذہنی یکسوئی بالکل ختم ہو گئی۔"

"ہوں!" رضوان نے شاید کچھ سوچتے ہوئے کہا۔ "میرے خیال میں تو مشتاق چنگیزی کے ماضی سے پردہ اٹھانا ہی وہ پردہ اُٹھ جائے تو بہت سے راز افشا ہو جائیں گے۔"

"لیکن وہ پردہ اُٹھایا کس طرح جائے؟"

"مشتاق چنگیزی کو کسی ایسے معاملے میں پھنسوانا ہے کہ اُس کی گرفت میں آ جائے۔"

"اِس سے کیا ہو گا؟"

"پولیس اُس کے ماضی کو پوری طرح کھنگال ڈالے گی۔ اس سے فائدہ اُٹھانا ہمارا کام ہو گا۔"

"یہ طریقہ کار خاصا وقت طلب ہے۔"

"ہاں، اِس میں وقت تو لگے گا۔"

"اور تم جانتے ہو کہ میری نظر میں عجلت بہت ہے۔"

"تو پھر ڈائریکٹ ایکشن لیجیے!"

"وہ کیسے؟"

رضوان مجھے سمجھانے لگا کہ "ڈائریکٹ ایکشن" سے اُس کا مُراد ہے! میں نے اُس کی باتیں بڑے غور سے سُنیں اور یہ فیصلہ ہوا کہ آج ہی رات ڈائریکٹ ایکشن لیا جائے گا۔ اِسی پر طے ہو گئے اور اس طویل گفتگو کے بعد جب میں نے خود کو اس غبار سے ہلکا پھلکا محسوس کیا کہ اب ایک اور تو طے پا گیا تھا۔ اُس میں کامیابی ہوتی یا ناکامی، یہ بات تھی۔

دوپہر کا کھانا میں نے ایک قریبی ریسٹورنٹ دفتر ہی میں کھایا اور سنگیتا کو بھی بُلا کر اپنے ساتھ شریک سے دفتری کاموں کے علاوہ کسی موضوع پر گفتگو نہیں اُسے اپنے سوالات سے اِتنا تنگ نہیں کرنا چاہتی تھی پھر دفتر تنہا چھوڑ دیے۔ دراصل میں نے یہ فیصلہ کیا تھا حاصل کرنے کے لیے سنگیتا کی بجائے ڈاکٹر شکیل سے ملاقا گی۔ میرا خیال تھا کہ وہ سلجھا ہوا شخص میرے لیے خاصا ثابت ہو سکے گا۔ وہ کم از کم سنگیتا سے زیادہ بہتر ذریعہ ہو سکتا تھا۔

چار بجے میں دفتر سے اُٹھی اور گھر کی طرف روانہ ہ

ں کے اشارے پر جب مجھے جنگ بلڈنگ پڑی تو میں نے عقب نما آئینے میں اُس ی کار کے پیچھے تھا۔ ٹریفک کے ہجوم میں ش کار دکھائی دی جسے ایک عنبر ملکی اُسے میں اچھی طرح پہچانتی تھی۔ وہ جیمس فریزر ، آئندہ جو صرف ایشیائی معاملات کی رپورٹنگ خاصی شہرت بھی حاصل تھی۔ وہ عموماً افغانستان، ایران اور مشرقِ وسطیٰ کے رے کرتا رہتا تھا۔ عموماً اُس کی موجودگی اُن یاسی حالات کشیدگی کی طرف مائل ہوں۔ ہی ہے! میں نے سوچا۔

بدل کر میکلوڈ روڈ کے ٹریفک کو رواں ہونے وقت میں نے آئی اور جیمس فریزر کا خیال ں آج رات کی مہم کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔ اُسی کے بارے میں سوچتی ہوئی جب اسفہ والی سڑک پر مڑی تو میں نے عقب نما ہنڈا کی کار بھی چلی آ رہی ہے۔

ا ہے؟ میرے ذہن میں سوال اُبھرا لیکن ں تھی کہ میرے ذہن میں جارہ سکتا۔ دراصل ں اسکتا تھا کہ جیمس فریزر میری نگرانی کر

ں سب سے پہلے اُس وقت اُبھرا جب میں طرف جانے والے راستے پر مڑ رہی تھی اور مڑا تھا۔

ابن میں پیدا ہو گیا تو میں نے اپنی کار کو بلاوجہ ی اسپورٹس برابر میرے تعاقب میں لگی رہی۔ س فریزر میری ہی نگرانی کر رہا ہے۔

کھلا تھا۔ یہ بات کسی طرح بھی میری سمجھ ں فریزر میرے پیچھے کیوں لگا ہوا ہے! اُس کا امور گرمیوں پر نظر رکھنا تھا اور میں سیاست ں تھی۔

ہا کی سے میرا تعاقب کرنا اِس بات کا ثبوت ہے۔ اُسے یہ نہیں معلوم تھا کہ میں اُسے ہ معلوم ہوتا تو وہ بہت دُور دُور رہ کر میری

ے لیے خاصا پیچیدہ تھا۔ آخر جیمس فریزر کو میری نگرانی کی کیا ضرورت پیش آ گئی تھی؟

اُلجھے ہوئے ذہن کے ساتھ میں اب سیدھی اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔ تعاقب کا یقین ہو جانے کے بعد اب مجھے اِس کی ضرورت نہیں رہی تھی کہ میں اپنی کار کو بلاوجہ اِدھر اُدھر دوڑاتی رہتی۔ جیمس فریزر کو ڈاج دے کر نکلنے کی کوشش کرنا میں نے فضول سمجھا تھا۔ میری دانست میں یہ بات قرینِ قیاس نہیں تھی کہ جیمس فریزر محض میرے گھر کا پتا چلانے کے لیے میرے پیچھے لگا ہو۔ یہ تو کوئی اور ہی چکر معلوم ہوتا تھا۔

گھر پہنچ کر میں سب سے پہلے باتھ روم میں جا گھسی تاکہ اپنے تھکے ہوئے جسم و ذہن کو پانی کی دھاروں سے آسودہ کر سکوں۔ مگر غسل خانے سے نکل کر کپڑے تبدیل کرتے تک جیمس فریزر کا خیال میرے ذہن سے نہیں نکل سکا۔ جب میں چائے پینے کے لیے بیٹھی تو ٹیلیفون کی گھنٹی نے جیمس فریزر کے خیال کو میرے ذہن سے دھکیل دیا۔

ٹیلیفون کرنے والی خورشید تھی۔

"کیا حال ہے بالو؟" اُس نے پوچھا۔

"ٹھیک ہوں، تم سناؤ!"

"میں بھی ٹھیک ہوں۔ یہ تو آپ کو پتا چل گیا ہو گا کہ تاتاری ضمانت پر رہا ہو گیا ہے۔"

"اچھا! مجھے علم نہیں تھا۔"

"آج دوپہر کو اُس کی ضمانت ہوئی ہے۔ وہ میرے گھر بھی آیا تھا اور اس بات پر بہت چراغ پا تھا کہ میں نے پولیس کے سامنے آپ کے بارے میں لاعلمی کا اظہار کیا تھا۔ وہ چراغ پا ہوا تو میں بھی اُس پر بگڑ گئی۔ میں نے اُس سے کہا کہ میں حالات سے بے خبر تھی اور میں نے پولیس سے جو کچھ بھی کہا، وہ اپنی دانست میں اُس کی بہتری کے لیے کہا۔"

"بہت مناسب جواب تھا تمھارا!" میں نے مسکرا کر کہا۔ "اچھا پھر؟"

"پھر کچھ بھی نہیں۔ وہ بک جھک کر واپس چلا گیا۔" خورشید نے کہا، اور پھر بولی۔ "آپ اب بھی اُس کی طرف سے چوکنا ہی رہیے گا۔"

"تم فکر نہ کرو۔ تاتاری جیسے لوگ میرے پرس میں پڑے رہتے ہیں۔ ویسے میرا خیال ہے کہ اب وہ میری طرف رُخ نہیں کرے گا۔ اُسے اندازہ ہو چکا ہو گا کہ میں موم کی بنی ہوئی نہیں ہوں۔"

"وہ ازحد کینہ پرور شخص ہے۔"

"تم فکر نہ کرو ڈارلنگ! یہ بتاؤ کہ اب ملاقات کب

ہو رہی ہے؟"

"جب آپ حکم دیں"، خورشید چہکی۔

"کل رات کو آجاؤ!"

"او، کے!"

"بائی بائی!" میں نے کہا اور ٹیلیفون بند کر دیا۔

پھر چائے پینے کے دوران میں کچھ دیر تک میں خورشید ہی کے بارے میں سوچتی رہی۔ وہ بیشہ ور لڑکی تھی اور اس قسم کی لڑکیاں مجھے بس ایک حد تک گوارا ہوتی ہیں لیکن خورشید مجھے کچھ زیادہ ہی اچھی لگنے لگی تھی۔ غالباً اس کا سبب یہ تھا کہ "گندم اگر سہم نہ رسد، بجس غنیمت است"، اُن دنوں کسی لڑکی سے میرا رابطہ ہی نہیں ہو سکا تھا، سوائے سنگیتا کے! اور اُسے میں اپنی آسودگی کا ذریعہ بنانا ہی نہیں چاہتی تھی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ میں ایک فلش کو سینے سے لگائے رکھنے پر آمادہ تھی اور اس کا کوئی منطقی جواز نہیں تھا۔ منطقی جواز سے میری مُراد ایک ایسا جواز ہے جو لوگوں کو پوری طرح مطمئن کر سکے۔

چائے پی چکنے کے بعد میں کچھ دیر آرام کرنے کی غرض سے اپنی خوابگاہ میں جا لیٹی اور اب میرا ذہن پھر جیمس فریزر میں اُلجھا ہوا تھا۔ کچھ دیر بعد اس خیال کو بھی میں نے ذہن سے جھٹک دیا۔ دراصل اُس کے بارے میں سوچتے رہنے سے ذہنی تکان کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ جو بات بھی تھی وہ از خود ہی سامنے آتی۔

اب میں نے سنگیتا کے بارے میں سوچنا شروع کیا۔ میں اُس کی اور ڈاکٹر شکیل کے تعلق کی نوعیت کو سمجھنا چاہتی تھی۔ میں نے دفتر میں سوچا تھا کہ اس سلسلے میں ڈاکٹر شکیل سے ملاقات کرنا ہوگی۔ تو پھر کیوں نہ اُس سے اسی وقت رابطہ قائم کیا جائے؟

میں نے ٹیلیفون ڈائرکٹری اُٹھائی اور ڈاکٹر شکیل کا نام تلاش کرنے لگی۔ ڈائرکٹری میں مجھے اُس نام کے کئی ڈاکٹر نظر آئے۔ اُن میں سے مطلوبہ ڈاکٹر شکیل کی تلاش مشکل ہو جاتی لیکن آسانی ہو گئی کہ ایک ڈاکٹر شکیل کے نام کے آگے صرف رہائشی فون نمبر لکھا ہوا تھا اور باقی ہشکیلوں کے ساتھ کچھ ہاسپٹلز بھی وابستہ تھے۔ میں نے اُن "شکیلوں" کو نظر انداز کر کے اُس شکیل کو رنگ کیا جس کا صرف رہائشی فون نمبر ڈائرکٹری میں درج تھا۔ دوسری طرف گھنٹی بجی، اور پھر کسی نے ریسیور اُٹھایا۔

"ہیلو!" ایک آواز سنائی دی۔

"ڈاکٹر شکیل بول رہا؟"

"صاحب تو اس وقت اسپتال میں ہوں گے۔" دوسری طرف سے غالباً کوئی ملازم بول رہا تھا۔

"کون سے ہاسپٹل میں؟"

جواب میں مجھے جس ہاسپٹل کا نام سنہ نہیں تھا جہاں رضوان نے داخلہ لیا تھا۔ میں نے ملازم سے پوچھا، "ڈاکٹر وقت ملتے ہیں؟"

"وہ صبح دس بجے گھر سے چلے جاتے ہیں واپس آتے ہیں۔ تین بجے پھر چلے جاتے ہیں بجے تک واپس آتے ہیں۔ پھر دس بجے جا بارہ ایک بجے تک واپس آتے ہیں۔" ملا تایا، پھر بولا۔ "آپ اپنا نام اور فون نمبر لکھ صاحب کو بتا دوں گا۔"

"اس کی ضرورت نہیں۔ میں خود لے یہ کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

یہ ٹیلیفون کر کے مجھے بس اتنا معلوم کن اوقات میں ڈاکٹر شکیل سے اُس کے گھ میں نے فیصلہ کیا کہ میں آج ہی رات کو نو سے اُس کے گھر پر ملاقات کروں گی۔ میں ڈائرکٹری اٹھائی اور اُس کے گھر کا پتا اپنی منتقل کر لیا۔

میں آٹھ بجے تک بستر ہی پر رہی، پھر دھویا، کپڑے تبدیل کیے، کھانا کھایا اور گھر جانے کے ارادے سے روانہ ہو گئی۔ پھاٹک سے کار نکالتے ہوئے میں تھی کیونکہ خورشید نے مجھے بتایا تھا کہ تما شخص ہے اور ضمانت پر رہا ہو چکا ہے۔

لیکن مجھے قرب و جوار میں خطرے کی نہیں آئی۔ گھر سے کچھ دُور نکل آنے کے بعد طور سے عقب نما آئینے پر نظر رکھی تھی لیکن کو میں نظر نہیں آیا تھا حتیٰ کہ جیمس فریزر کی دی تھی۔ میں نے سوچا، کہیں یہ ایک اتفا جیمس فریزر کو انہی راستوں سے گزرنا ہو میں گزری تھی؟

میں نے یہ سوچ تو لیا لیکن یہ خیال نہ نہیں تھا۔

نو بج کر دس منٹ پر میں ڈاکٹر شکیل صاحب کھانا کھا رہے ہیں۔ اُس نے مجھے یا اور میرا وزیٹنگ کارڈ لے کر اندر چلا ہلد ہی ہوئی اور اُس نے کہا، "آپ انتظار کرنا ہوگا۔"

ہے،" میں نے کہا۔

کریں گی یا...."

ڈاکٹر صاحب کو آجانے دو،" اُس کے میں نے ہنس کر کہا۔

انداز میں سر ہلایا اور ڈرائنگ رُوم لی پر پڑا ہوا ایک میگزین اُٹھایا اور رنے لگی۔

ہی اندرونی دروازے پر آہٹ ہوئی۔ تے ہوئے اُس طرف دیکھا۔ وہ ڈاکٹر ک روم میں داخل ہوا تھا۔

جگ سے اُٹھی تو وہ جلدی سے بولا۔

امعاف کیجیے گا، میں آپ کا پورا نام نہیں صل سنگیتا نے مجھے بتایا تھا کہ آپ خود کو صرف ہیں۔"

نے ایک طویل سانس لیا۔ "تو سنگیتا نے میں بہت کچھ بتا دیا ہے!"

ن جب آپ ہاسپٹل میں ملی تھیں تو میں کچھ نہیں جانتا تھا۔ اُس کے بعد ہی سنگیتا میں معلومات حاصل ہوئی تھیں، فرمایئے کی؟ میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟"

ے میں سنگیتا کے بارے میں معلومات ہیں۔"

طلب نہیں سمجھا!" ڈاکٹر شکیل نے متحیر

"میں نے سنجیدگی سے کہا۔ "کیا میں اُمید مومی ہی تک محدود رہے گی؟"

سنگیتا کی طرف ہے تو میں اس قسم کا لگا۔" ڈاکٹر شکیل نے صاف گوئی جھوٹ بولنا پسند نہیں کرتا، دوسرے یہ کہ سنگیتا سے جھوٹ بولنے کا تو میں تصور بھی نہیں کر سکتا۔"

"جھوٹ بولنے کا سوال تو اس لیے نہیں پیدا ہوتا کہ سنگیتا کو ہماری ملاقات کا علم ہی نہیں ہوگا اور جب علم نہیں ہوگا تو وہ آپ سے اس کے بارے میں کچھ پوچھے گی نہیں اور جب وہ پوچھے گی نہیں تو آپ کو جھوٹ بولنے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔ ویسے میں آپ سے رازداری کا جو وعدہ لے رہی ہوں، وہ حقیقتاً سنگیتا کے مفاد میں ہے۔"

ڈاکٹر شکیل کی آنکھوں سے اُلجھن جھانکنے لگی، اور پھر اُس نے کہا۔ "یہ میری سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ آپ کس قسم کی باتیں کر رہی ہیں یا کس قسم کی باتیں کرنا چاہتی ہیں؟"

"ابھی آپ پر سب واضح ہو جائے گا۔ خیر میں قبل از وقت کوئی وعدہ نہیں لیتی۔ صورتِ حال کی نزاکت خود ہی آپ کو مجبور کر دے گی کہ آپ اس سلسلے میں رازداری برتیں۔"

ڈاکٹر شکیل سوالیہ نظر سے میری طرف دیکھنے لگا۔

میں قدرے رُک کر بولی۔ "یہ تو آپ جانتے ہی ہوں گے کہ سنگیتا کی زندگی میں حالی بحران کا جو موڑ آیا ہے، وہ اچانک اور غیر متوقع ہے۔ نیز یہ کہ اُس کے اسباب بھی نہ معلوم ہیں۔"

"جی ہاں، مجھے ان باتوں کا علم ہے اور جب بیرونِ ملک سے لوٹنے پر مجھے اس کا علم ہوا تو میں ہکا بکا رہ گیا تھا۔"

"حیرانی کی بات ہی ہے۔ ایسی کایا پلٹ حقیقی زندگی میں شاید ہی نظر آئے۔ تو اس بات سے آپ بھی بے خبر ہیں کہ رام لال صاحب نے اپنی ساری زندگی کا حاصل مشتاق چنگیزی کو کیوں دے دیا؟"

"جی ہاں! انکل۔ میرا مطلب ہے کہ سنگیتا کے والد نے اس سلسلے میں بالکل چپ سادھ لی ہے۔ میں نے صرف ایک مرتبہ اُن سے اس موضوع پر گفتگو کرنا چاہی تھی تو اُنھوں نے مجھے یہ کہہ کر خاموش کر دیا تھا کہ اگر میں اُن سے تعلقات برقرار رکھنا چاہتا ہوں تو آئندہ اس سلسلے میں کوئی بات نہ کروں۔ سنگیتا نے مجھے بتایا تھا کہ آپ بھی اس سلسلے میں اُن سے ملنا چاہتی تھیں مگر...."

"جی ہاں،" اُنھوں نے ملنے سے انکار کر دیا تھا۔"

"تو غالباً آپ اُن اسباب کا پتا لگانا چاہتی ہیں؟"

"جی ہاں!" میں نے کہا۔ "یہ میری فطرت ہے کہ میں کسی پر ظلم ہوتے نہیں دیکھ سکتی۔ شاید آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ کوئی نامعلوم شخصیت اس پریشان حال گھر کو مزید پریشان کرنا چاہتی ہے۔"

"وہ کیسے؟" ڈاکٹر شکیل کچھ سنبھل کر بیٹھ گیا۔

"اُس نہ معلوم شخص کی کوشش یہ تھی کہ سنگیتا کو میری فرم میں ملازمت نہ مل سکے۔" میں نے یہ بات اِس لیے ظاہر کر دی کہ اِس معاملے میں ڈاکٹر شکیل کی دلچسپی بڑھ جائے اور وہ مجھ سے تعاون کرنے پر آمادہ ہو جائے۔

"عجیب و غریب بات ہے۔" شکیل حیرت سے بولا۔ "آخر وہ شخص کون ہو سکتا ہے؟"

"میں یہی پتا چلانے کی کوشش کر رہی ہوں اور میں اِس معاملے سے سنگیتا کو اِس لیے بے خبر رکھنا چاہتی ہوں کہ وہ دہشت زدہ ہو جائے۔ وہ بہت معصوم لڑکی ہے۔"

شکیل نے اِس طرح سر ہلایا جیسے بات اُس کی سمجھ میں آگئی ہو۔

"اب میں آپ سے ایک عجیب سوال کروں گی۔" میں نے کہا۔ "آخر اس کی نوبت کیوں آئی کہ سنگیتا کو میری فرم میں ملازمت کی ضرورت پیش آئی؟"

"آپ کا سوال وضاحت طلب ہے۔"

"وہ آپ کے ساتھ رات کو ایک پارٹ ٹائم نرس کے فرائض انجام دیتی ہے نا؟"

"جی ہاں!"

"اور آپ نے اپنی خدمات کچھ دوسرے ہاسپٹل کے لیے بھی وقف کر رکھی ہیں۔"

"جی ہاں!"

"تو کیا یہ ممکن نہیں تھا کہ آپ دوسرے ہاسپٹل میں بھی سنگیتا کو اپنے ساتھ لگا لیتے؟"

"آپ نے ایک ایسا سوال کیا ہے جو آپ کو کرنا ہی چاہیے تھا۔" شکیل نے خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "دراصل..." وہ اچانک خاموش ہو گیا کیونکہ ملازم کافی لے کر آگیا تھا۔

کافی پینے کے دوران میں گفتگو کا آغاز پھر ہوا۔ ڈاکٹر شکیل نے کہا۔ "بانو! سنگیتا ایک عجیب سی لڑکی ہے۔ مزید کچھ کہنے سے قبل میں آپ کو یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم دونوں ایک دوسرے سے شدید محبت کرتے ہیں اور اِس محبت ہی کی وجہ سے سنگیتا میرے ساتھ زیادہ وقت نہیں گزارنا چاہتی۔"

"کیا مطلب؟"

ں کا ہاتھ تھام کر برآمدے کی طرف بڑھی۔ خاص
لے ایک کمرے کا ماحول تو تمہیں کچھ طلسماتی
ر اسے کو بلور روم کہتی ہوں۔"

وہ کچھ کہتے کہتے رُک گئی۔ اُس کی خاموشی کا سبب
تھی جس نے مجھے بھی پلٹ کر دیکھنے پر مجبور کر دیا تھا۔
ایک ٹیکسی تھی جو برآمدے کے سامنے آ رُکی اور اُس
کی گود دیکھ کر میں چونک گئی۔ وہ سنگیتا تھی، لیکن اِس
اہم ہوتا تھا جیسے اُسے تن بدن کا ہوش نہ ہو۔ وہ
ہی تھی اور آنکھیں انگاروں کی طرح دہک رہی تھیں۔
ہوئے بہت زیادہ وقت گزر چکا تھا۔

دنیا کا ہاتھ چھوڑ کر بیتابانہ برآمدے سے اُتری لیکن
پہنچنے سے پہلے ہی سنگیتا ٹیکسی سے اُتر آئی تھی۔

اُس نے ایک دلدوز چیخ ماری اور مجھ سے آ لگائی۔
سے اپنے بازوؤں میں مضبوطی سے سنبھال نہ لیا ہوتا
تی۔ اُس کا سارا جسم کسی خزاں رسیدہ پتے کی طرح
اور وہ پسینے میں بھیگی ہوئی تھی۔

و گیا جانِ بانو!" میں حقیقتاً بوکھلا گئی تھی۔

پ مجھے زہر دے دیجیے!" سنگیتا چیخ کر بولی۔ "اب
ہیں نہیں رہنا چاہتی۔ میں تن تنہا یہ عذابِ زندگی
تی۔"

تاؤ تو جان! آخر ہوا کیا ہے! تم تو مجھے بھی نروس کیے

ہ گیا بانو! وہ چلا گیا!" سنگیتا نے اپنا سر میرے شانے
پر ٹیک دیا اور رو تی رہی۔

"کون چلا گیا جان؟"

"شکیل... میرا شکیل چلا گیا... بانو میرا شکیل چلا گیا۔"

"تو اِس میں اتنی پریشانی کی کیا بات ہے! گیا ہے تو واپس بھی آ جائے گا۔ اگر ناراض ہو کر گیا ہے تو بھی میں اُسے منا لاؤں گی۔ تم اپنی جان کیوں ہلکان کر رہی ہو؟"

"آپ اُسے نہیں لا سکتیں... آپ اُسے نہیں لا سکتیں۔"

اُس نے پاگلوں کی طرح مجھے جھنجھوڑ ڈالا۔ "اُسے تو بڑے بڑے ڈاکٹر بھی نہیں لا سکے۔"

"کیا مطلب؟" میرا ماتھا ٹھنکا۔

"وہ دنیا ہی سے چلا گیا ہے بانو! وہ دنیا ہی سے چلا گیا ہے۔"

سنگیتا کا جواب ایسا تھا کہ میں گنگ ہو کر رہ گئی۔ میری پنڈلیاں سنسنانے لگیں اور دل بھی جیسے ڈوبنے لگا۔

شکیل مر گیا! یہ میں اتنی آسانی سے کیوں کر مان لیتی۔ وہ خوبرو نوجوان، وہ مہذب شخص جس نے ایک ہی ملاقات میں مجھ پر اچھا اثر ڈالا تھا۔ آخر وہ اچانک کیسے مر گیا؟

سونیا میرے قریب خاموش کھڑی ہوئی تھی۔ میری اور سنگیتا کی باتیں اُردو میں ہوئی تھیں اِس لیے سونیا نہیں سمجھ سکی ہو گی۔ آخر وہ مجھ سے پوچھ ہی بیٹھی۔ "کیا کوئی ٹریجڈی ہو گئی ہے؟"

سنگیتا میرے سینے میں منہ چھپائے روئے جا رہی تھی۔

"ہاں سونیا!" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "بہت بڑی ٹریجڈی ہو گئی ہے۔ تم اندازہ بھی نہیں لگا سکتیں کہ یہ لڑکی مجھے کتنی عزیز ہے اور وہ شخص جو اِس لڑکی کو بہت عزیز تھا، اچانک اِس دنیا سے چلا گیا۔ سونیا! میں اِس وقت تم سے معذرت خواہ ہوں۔ مجھے افسوس ہے کہ میں تمہیں واپس ہوٹل چھوڑنے بھی نہیں جا سکوں گی۔"

"کوئی بات نہیں، میں خود چلی جاؤں گی۔"

"میرا خیال ہے کہ تم اِسی ٹیکسی میں چلی جاؤ!" میں نے اُس ٹیکسی کی طرف اشارہ کیا جس میں سنگیتا یہاں آئی تھی۔

"ہاں ہاں، میں کسی طرح بھی چلی جاؤں گی۔ آپ فکر نہ کریں اور اِس ستم زدہ بے بی کو سنبھالیں۔ میں بعد میں کسی وقت آپ سے مل لوں گی۔"

"موقع ملتے ہی میں تمہیں فون کروں گی۔"

سونیا نے سر ہلایا، ہمدردانہ انداز میں سنگیتا کے شانے پر تھپکی دی اور آگے بڑھ کر ٹیکسی میں بیٹھ گئی۔

سنگیتا زار و قطار رو رہی تھی۔ اُس کی ہچکیاں بندھ گئی تھیں اور وہ نڈھال ہوتی چلی جا رہی تھی۔ میں اُسے سہارا دیے ہوئے ویٹنگ روم میں لے آئی، اُسے ایک صوفے پر لٹایا اور اُس کا سر اپنی گود میں رکھ کر آہستہ آہستہ اُس کا گال تھپکتی رہی۔ میں اُس سے معلوم کرنا چاہتی تھی کہ شکیل کی موت کب اور کیسے واقع ہوئی لیکن وہ اِس حال میں تھی ہی نہیں کہ تفصیل سے کوئی بات بتا سکتی اِس لیے میں نے اُسے رونے دیا۔ میں نے اُسے چُپ کرانے کی بھی کوشش نہیں کی۔ میں چاہتی تھی کہ اچھی طرح رو کر اُس کے دل کی بھڑاس نکل جائے۔

مجھے چھ سات منٹ تک انتظار کرنا پڑا۔ اِس عرصے میں وہ اتنی نڈھال ہو گئی تھی کہ تقریباً غشی کا سا عالم ہو گیا تھا۔ میں نے ملازم سے پانی منگا کر اُسے پلایا۔ اُس نے بمشکل دو تین گھونٹ لیے اور آنکھیں بند کر کے لمبے لمبے سانس لینے لگی۔

"سنگیتا!" میں نے بڑے پیار سے اُس کی پیشانی چومتے ہوئے کہا۔ "اپنے دل کو سنبھالو چندا! ہمت سے کام لو۔ آخر یہ سب کیسے ہو گیا؟ کچھ تو بتاؤ!"

سنگیتا نے بولنے کی کوشش کی مگر اُس کے ہونٹ کپکپا کر رہ گئے اور آنکھوں کے گوشوں سے پھر نمی چھلکنے لگی۔

میں نے پیار بھرے انداز میں اُسے ڈانٹا۔ "اب اگر تم روئیں تو میں بھی تم سے روٹھ جاؤں گی۔"

سنگیتا نے بے اختیار میری کمر میں ہاتھ ڈال دیے اور میری گود میں مُنہ چھپا کر سسکنے لگی۔ میں نے اُس کی پیٹھ تھپکتے ہوئے کہا۔ "ہمت.... چندا.... ہمت!"

آخر مَیں بمشکل تمام سنگیتا کو بولنے پر آمادہ کر سکی۔ اُس نے اٹک اٹک کر سسکیاں لیتے ہوئے مجھے بتایا کہ ایک ٹرک بہت تیز رفتار سے شکیل کی کار سے ٹکرا تا ہوا گزر گیا تھا۔ اُس ٹکر کے نتیجے میں کار کا اسٹیئرنگ شکیل کے سینے میں دھنس گیا تھا اور اُس کی ساری پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں۔ اُسے جاں کنی کے عالم میں ہاسپٹل پہنچایا گیا تھا جہاں کئی ڈاکٹروں نے اُس پر فوری توجہ دی تھی لیکن وہ کسی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکے تھے۔ ہاسپٹل پہنچنے کے بعد پانچ منٹ کے اندر اندر ڈاکٹر شکیل کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی تھی۔

یہ سب کچھ سُنتے ہی میرے ذہن میں اِس خیال نے سر اُبھارا کہ شکیل کی موت ایک اتفاقی حادثے کا نتیجہ تھی یا اُسے سازش کے تحت ہلاک کروایا گیا تھا؟ سازش کا امکان کرنے کی کوشش اِس سے پہلے بھی ہوئی تھی، علیحدہ رکھنے کا سامان کیا گیا تھا اور ڈاکٹر ایک سہارا ہی تھا۔ ممکن ہے کہ وہ سہارا ابھی

میرے استفسار پر سنگیتا نے یہ بھی آنکھوں کے سامنے ہوا تھا۔ وہ شاپنگ کے نے شکیل کی کار کو گزرتے دیکھا۔ شکیل کی نظر اِس لیے وہ گزرا چلا جاتا لیکن سنگیتا بے اختیار بیٹھی۔ شکیل نے چونک کر سنگیتا کی طرف سامنے سے ایک ٹرک دندناتا ہوا آیا اور ہو گیا۔ ہوا گزر گیا۔ ٹرک ڈرائیور نے وہاں رُکنا تھی اور فرار ہو گیا تھا۔

شکیل کی بچی کھچی کار سے اُس کو ایک کار میں ہاسپٹل پہنچایا گیا تو سنگیتا بھی اُس پولیس فوراً ہاسپٹل پہنچ گئی لیکن شکیل کی ہو کا بیان نہیں لیا جا سکا اور بیہوشی ہی کی حالت میں سے کوچ کر گیا۔

"کیا کسی نے اُس ٹرک کا نمبر بھی نہیں کیا؟" سے پوچھا۔

"مجھے علم نہیں!" سنگیتا نے جواب دیا۔ آنسو تھے خشک ہو چکے تھے اور وہ میرے برابر بیٹھ اُس کا چہرہ بالکل سفید اور پتھرایا ہوا سا لگ رہا تھا خلا میں تک رہی تھیں، جیسے وہ وہاں اپنے کھوئے کو ڈھونڈ رہی ہو۔

"کسی نے اُس ٹرک کا نمبر بھی نوٹ نہیں کیا؟" میں

"اُس کا نمبر تو نہ جانے کیسے ہے ذہن پر تھا لیکن پولیس کو دو شہادتیں اور بھی ملی ہیں۔ اُن نے کچھ اور نمبر بتایا ہے۔ پولیس میرے بیان کردہ نمبر اُن دونوں کے بتائے ہوئے نمبروں پر اعتبار کر رہی

"کیوں؟" میرے ذہن میں کچھ شکوک اُبھرے

"پولیس آفیسر کے خیال کے مطابق میں چونکہ ڈاکٹر تعلق رکھتی تھی اِس لیے وہ حادثہ دیکھ کر میرے حواس ہیں جب کہ اُن دونوں آدمیوں کے ساتھ ایسی کوئی بات نہیں دوسرے یہ کہ وہ دونوں آدمی چونکہ ایک دوسرے سے کوئی رکھتے تھے مگر اُن کا بیان ایک سا ہے لہٰذا میری بات اُن کے

بل خاصی مضبوط تھی لیکن میرا دل نہیں مانا اور پوچھا۔ "تمھارے خیال میں اُس ٹرک کا نمبر

نمبر بتایا جو میں نے اپنی نوٹ بک نکال کر لکھ لیا۔ "اُن دونوں آدمیوں نے کیا نمبر بتایا ہے؟"

"نہیں!"

"کہ اگر یہ سازش ہے تو پھر اُن دونوں آدمیوں کا ہو گی۔ اِس طریقے سے پولیس کو غلط راستے پر لگا جا سکتی تھی لیکن مجھے یقین تھا کہ اگر یہ سازش نے نہایت بڑی آسانی سے اُدھیڑ دوں گی۔ میں نے آدمیوں کا پتا پوچھا مگر اُس نے لاعلمی ظاہر کی۔ سے اُن دونوں آدمیوں کے بارے میں معلوم ہو فی مشکل بات نہیں تھی۔

"میں سنگیتا سے ایک سوال کرتے کرتے رُک کرنا چاہتی تھی کہ اب شکیل کی لاش کہاں ہے، مگر ہذیان پر سنا سکا۔ میں جانتی تھی کہ یہ حقیقت اس لفظ سے دُکھ پہنچے گا۔

"لاش کہاں ہے؟" میں نے آہستہ سے پوچھا۔

"سنگیتا کے ہونٹوں پر مدھم سی غمناک مسکراہٹ شکیل کے بارے میں پوچھ رہی ہیں یا اُس کی لاش "سنگیتا کی آواز بھرا گئی اور آنکھیں ایک بار بھر

اُس کا شانہ تھپکا اور بولی۔ "ہمت سے کام لو سنگیتا! دنیا سے روٹھ جانے والوں کو کبھی نہیں منایا جا سکتا کرنے والے دلوں میں وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ ناسر مایۂ زندگی سمجھو کہ شکیل تمھارے دل میں زندہ ہے گا۔"

"سنگیتا نے ایک ٹھنڈا سانس لے کر اپنی آنکھوں ہوئے کہا۔ "اب وہ صرف وہمی جگہوں پر زندہ دل میں یا اپنے باپ کے دل میں!"

"مجھے خیال آیا، اُس کے باپ کو اطلاع دے

"اُنھیں فون پر بتا دیا گیا ہے۔ وہ آج رات کسی وقت پہنچ جائیں گے۔ ہاسپٹل سے شکیل کی لاش اُنھی کے حوالے کی جائے گی۔"

"ہوں!" میں سر ہلا کر سوچنے لگی کہ اب مجھے اِس معاملے کی چھان بین کے لیے نکل پڑنا چاہیے۔ میں نے سنگیتا سے کہا۔ "چلو! میں تمھیں تمھارے گھر چھوڑ آؤں۔"

"نہیں بانو! آپ کیوں تکلیف کرنا چاہتی ہیں۔ میں خود ہی چلی جاؤں گی۔ جس طرح یہاں آ گئی، اُسی طرح اپنے گھر بھی جا سکتی ہوں۔ نہ جانے وہ کون سا جذبہ تھا جس کے تحت میں اپنے گھر جانے کی بجائے سیدھی آپ کے پاس آ گئی!"

"وہ جذبہ....." میں خفیف سی مُسکرائی۔ "میں جانتی ہوں، وہ کون سا جذبہ تھا! وہ جذبہ، محبت کا جذبہ ہے سنگیتا جسے تم عقیدت کا نام دیتی ہو۔ تمھارے لاشعور میں سماج کا خوف بسا ہوا ہے جس کی وجہ سے تم نے اپنی محبت کو عقیدت کا نام دے لیا ہے۔"

"آپ غلط کہہ رہی ہیں!" سنگیتا نے احتجاج کیا۔

"نہیں، میں ٹھیک کہہ رہی ہوں، لیکن تم بھی غلط نہیں کہہ رہی ہو۔"

سنگیتا میرا مُنہ تکنے لگی۔ میری بات اُس کی سمجھ میں نہیں آ سکی تھی۔

"میری بات ذرا اُلجھی ہوئی ہے۔" میں نے کہا۔ "اگر میں اِسے اور زیادہ اُلجھا کر کہوں تو یہ کہوں گی کہ جب تم یہ کہتی ہو کہ تمھیں مجھ سے محبت نہیں تو تم اپنے تئیں بالکل سچ کہتی ہو۔ سنگیتا چاند! دراصل یہ ایک نفسیاتی اُلجھاوا ہے۔ سماج کا جبر اور خوف تمھارے لاشعور میں بسا ہوا ہے اِس لیے تم مجھ سے محبت کا اظہار نہیں کر سکتیں۔ تمھیں خود بھی اِس کا یقین ہے کہ تمھیں مجھ سے محبت نہیں بلکہ صرف عقیدت ہے۔ لیکن اگر کبھی تمھارے لاشعور سے شعور کا تعلق پیدا ہو گیا تو تم جان جاؤ گی کہ تمھیں مجھ سے صرف عقیدت نہیں بلکہ محبت بھی ہے۔"

"نہ جانے آپ کیا کہہ رہی ہیں!" سنگیتا کی آواز بھرائی ہوئی تھی۔

"ہاں، میری باتیں تھوڑی سی پیچیدہ ہیں اور ویسے بھی اِس وقت تم ذہنی طور پر اپ سیٹ ہو لہٰذا چھوڑو اِس موضوع کو، آؤ چلو!" میں اُس کا ہاتھ پکڑ کر کھڑی ہو گئی۔ "میں تمھیں تمھارے گھر پر چھوڑنے کے بعد اِس ایکسیڈنٹ کی چھان بین کے لیے جاؤں گی۔"

"آپ کیوں پڑتی ہیں اِس چکر میں! پولیس خود ہی نمٹ لے گی۔"

میں نے سنگیتا کو یہ بتانا مناسب نہیں سمجھا کہ میرے ذہن میں کیا شبہات پیدا ہو چکے ہیں! میں اُسے لے کر ریذیڈنسی جیکب لائنز کی طرف روانہ ہو گئی۔ راہ میں، میں نے عقب نما آئینے پر کڑی نظر رکھی۔ میں جاننا چاہتی تھی کہ جیمس فریزر میرے تعاقب میں ہے یا نہیں! جلد ہی مجھے اندازہ ہو گیا کہ میرے تعاقب میں کوئی بھی نہیں تھا۔

سنگیتا میرے برابر کی نشست پر بالکل خاموش بیٹھی ہوئی تھی اور اُس کے چہرے پر افسردگی کا دبیز بادل چھایا ہوا تھا۔

جب کار اُس کے گھر کے قریب پہنچ گئی تو میں نے اُس سے پوچھا: "تمہارے والد کو تو ابھی اِس حادثے کا علم نہیں ہو گا؟"

"میں ہی بتاؤں گی جا کر! وہ پریشان ہوں گے کہ مجھے اِتنی دیر کیوں ہو گئی!"

"اچھا ہاں!" میں نے کار روک کر اُس سے پوچھا: "یہ حادثہ کس وقت ہوا تھا؟"

"چھ بجے!"

سنگیتا ہی سے مجھے یہ پتا چلا کہ وہ حادثہ کہاں پیش آیا تھا! میں اُسے چھوڑ کر اپنی نئی مہم پر روانہ ہو گئی۔

رات ہو چکی تھی اِس لیے میں نے پہلے صدر کے ایک ہوٹل کا رُخ کیا۔ سوئمنگ کی ورزش کے باعث بھوک خاصی کھل کر لگ رہی تھی اور فی الحال میرا ایسا کوئی اِرادہ نہیں تھا کہ گھر جاؤں۔

ہوٹل میں کھانا کھانے کے بعد میں نے اُس علاقے کا رُخ کیا جہاں ڈاکٹر شکیل ایک حادثے میں ہلاک ہوا تھا۔ علاقے کے پولیس اسٹیشن میں ایس، ایچ، او کے کمرے تک پہنچنا میرے لیے دشوار ثابت ہوا۔ پولیس والوں نے مجھے ایک قیمتی کار سے اُترتے ہوئے دیکھ لیا تھا اِس لیے جب میں بے دھڑک ایس، ایچ، او کے کمرے میں داخل ہونے لگی تو کسی کو بھی مجھے روکنے کی ہمت نہیں ہو سکی۔

ایس، ایچ، او مجھے دیکھتے ہی اپنی کرسی سے کھڑا ہو گیا۔ وہ میرے لیے اجنبی تھا لیکن میں نے اکثر دیکھا ہے کہ ایسے لوگ مجھے دیکھ کر تعظیماً ضرور کھڑے ہو جاتے ہیں، نہ جانے کیوں!

میں نے کسی گفتگو کے بغیر اپنا کارڈ اُس کی طرف بڑھا دیا۔ مجھے یقین تھا کہ وہ میرا نام دیکھ کر چونک پڑے گا۔ کراچی کے محکمۂ پولیس میں تو میں شہ سلطان کی طرح مشہور ہو چکی تھی۔ کوئی میرا صوتی آشنا ہو یا نہ ہو لیکن میرے نام سے ضرور واقف ہوتا تھا۔

ایس، ایچ، او میرا کارڈ پڑھ کر مسکرایا اور کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولا: "تشریف رکھیے! میری خوش قسمتی ہے کہ آپ نے یہاں قدم رنجہ فرمایا۔ میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟ آپ کیا پینا پسند کریں گی؟"

"کوئی تکلف نہیں آفیسر! میں اِس وقت کار آئی ہوں۔" میں نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا: "مجھے حادثے کی تفصیلات درکار ہیں۔"

اِس سے پہلے کہ ایس، ایچ، او کچھ کہتا، دروازہ کھلا اور ایک وردی پوش سپاہی اندر داخل ہوا۔ وہ کرسی تھامے ہوئے تھا اور کسی قریب ہی کی جگہ سے آیا تھا۔

"یہ کیا ہے؟" میں چونک پڑی۔

"اوہ! وہ کوئی خاص بات نہیں ہے۔" ایس، ایچ، او نے جھینپتے ہوئے کہا: "ہمارے ہاتھوں میں اِس قسم کی آوازیں تو دراصل ابھی ایک آدمی کو پکڑ کر یہاں لایا گیا ہے۔ اُس سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔ پوچھ گچھ کرنے والے نے ایک آدھ ہاتھ بھی اُڑا دیا ہو گا جس پر وہ آپ کسی حادثے کے بارے میں پوچھ رہی تھیں! کی مخبر اور کار اور ٹرک کا ایکسیڈنٹ ہے؟"

"جی ہاں!" میں نے جواب دیا: "کار میں ہے، وہ میری فرم میں کام کرنے والی ایک لڑکی تھی۔"

"اوہ! مجھے افسوس ہے کہ یہ حادثہ آپ کے ساتھ ہوا ہو گا۔ جانے والے تو لوٹ کر نہیں آتے لیکن جانے والے کے جرم کو گرفتار کریں اور انصاف اُسے قرار واقعی سزا دلوائیں۔ آپ کو یہ سُن کر خوشی ہو گی کہ ہم نے اُس ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کر لیا ہے۔ ابھی سُنی تھی۔ اُس سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے اور اُس کے ہم نے اُن دو آدمیوں کو بھی بُلا لیا ہے جنھوں نے نوٹ کیا تھا۔"

"خوب!" میں نے کہا: "کیا یہ ممکن ہے کہ میں ایک نظر دیکھ سکوں؟"

"ہاں ہاں! کیوں نہیں، ضرور، آئیے!" وہ کھڑا میں اُس کے پیچھے پیچھے کمرے سے نکلی اور پہنچ گئی۔ سلاخوں کی دوسری جانب غیر وردی کا شخص ہی تھا۔ چہرے مہرے اور وضع قطع سے وہ پنجاب کا ہوتا تھا۔ اُس کی عمر چالیس پینتالیس کے لگ بھگ ہو لمبا تڑنگا تھا لیکن اُس وقت بھیگی بلی بنا ہوا تھا۔ اُس پر خوفزدگی کی تمام علامات موجود تھیں۔

ایس، ایچ، او کو دیکھ کر سب انسپکٹر اندر آ کر یا: "ڈاکٹر شکیل کے کیس کی تحقیقات انہی کے سپرد کی

بیوہ بانو ہیں۔ تم نے اِن کا نام تو سُنا ہی ہو گا؟"

"جی ہاں!" غلام سجاد کی باچھیں کھل گئیں۔

"اور پھر بولا: "یہ ڈاکٹر شکیل کی مُوت میں اِس رہی ہیں کہ شکیل کی منگیتر اِن کی فرم میں ملازم ہے۔"

"اچھا!" غلام سجاد نے سر ہلایا: "وہ لڑکی.... کیا نام ہے ہاں.... سنگیتا!"

"ڈرائیور نے اقرارِ جرم کر لیا ہے؟" میرا خیال ہے کہ یہ کہتے ہوئے بالکل سپاٹ تھا۔

"نہیں نہیں کیا لیکن وہ تو اُس کے باپ کو بھی کرنا پڑے گا۔ دونوں آدمیوں کو بُلوایا ہے جنھوں نے اُس کے ٹرک کا تھا۔ وہ دونوں اب آتے ہی ہوں گے۔ اگر اُنھوں نے اُسے کر لیا تو پھر میں اِس کمبخت کی ساری ہڈیاں پسلیاں مار احساب اِس کے ہاتھ میں رکھ دوں گا۔"

"ہاں، اِس فن میں تو آپ لوگوں کو خاصی مہارت حاصل ہے۔" بڑے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا لیکن غلام سجاد میرے کا اور سینہ پھُلا کر بولا: "مار کے آگے تو بڑے بڑے تے ہیں جی!"

"اِس ہیوت کا اپنے بارے میں کیا بیان ہے؟" میں نے ف اشارہ کیا۔

"صور کار رہنے والا ہے۔ وہاں کے کسی بڑے زمیندار کے پاس سے ملازم تھا۔ دو سال ہوئے اُس زمیندار کا لڑکا بیماری میں مر گیا۔ اس ڈرائیور کا نام کرم دین ہے۔ زمیندار کو اِس نے پالا تھا۔ اِس زمیندار سے کہا کہ اب وہ قصور چھوڑے بابو کی مُوت کا غم نہیں بھلا سکے گا لہٰذا قصور سے رہنا چاہتا ہے۔ زمیندار نے پوچھا کہ وہ وہاں سے کیا کرے گا؟ تو اِس نے ٹرک چلانے کی خواہش ظاہر کی۔ زمیندار نے اِس کی ملازمت بہت پرانی تھی اِس لیے مات کے عوض مالک نے اِسے ایک ٹرک دلا دیا اور یہ آیا۔ یہاں یہ بجری ڈھونے کا کام کرتا ہے۔"

"کیا بتاتا ہے.... اُس وقت کہاں تھا جب حادثہ ہوا؟"

"کہتا ہے کہ میں اپنے گھر پر تھا لیکن ایسی باتیں تو سبھی مجرم ہیں!"

"آپ نے اِس کے بیان کی تردید کا مواد حاصل کر لیا؟"

"وہ بھی حاصل ہو جائے گا۔" غلام سجاد نے بڑی لاپروائی ظاہر کی: "پھر چونک کر بولا: "لیجیے، وہ دونوں آ ہی گئے۔"

اب سپاہی دو آدمیوں کو ساتھ لیے ہوئے لاک اپ کی طرف آ رہا تھا۔ وہ دونوں جوان العمر تھے اور اُن کا تعلق اوسط طبقے سے معلوم ہو رہا تھا۔ میں نے اُنھیں بہت غور سے دیکھا۔ میں اُن کے بشرے سے اندازہ لگانے کی کوشش کر رہی تھی کہ وہ کس قسم کے آدمی ہو سکتے ہیں!

غلام سجاد نے اُن دونوں کو سلاخوں کے قریب لے جا کر کھڑا کر دیا اور ایک بار تو سلاخوں کے اندر ڈال کر ڈرائیور کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: "یہ ہے وہ شخص جس کے ٹرک کا نمبر آپ لوگوں نے بتایا تھا۔ کیا آپ اِسے شناخت کر سکتے ہیں؟"

"ہاں جی، یہ وہی ہے۔" ایک آدمی بولا۔

غلام سجاد نے دوسرے کی طرف دیکھا: "آپ کیا کہتے ہیں؟"

"جی ہاں، یہ وہی آدمی ہے۔" دوسرے آدمی نے بھی تصدیق کر دی۔

میرے ہونٹوں پر تلخ سی مُسکراہٹ پھیل گئی۔ میں بڑے وثوق سے کہہ سکتی تھی کہ وہ دونوں آدمی جھوٹ بول رہے تھے لیکن میں نے اِس بات کو اپنے دماغ ہی میں رکھا، زبان پر نہیں آنے دیا۔

"دیکھا آپ نے؟" غلام سجاد نے فاتحانہ انداز میں میری طرف دیکھا، اور پھر اُن دونوں سے بولا: "آپ لوگوں کو کچھ دیر رُکنا پڑے گا۔ شناخت کے سلسلے میں کاغذی کارروائی ابھی مکمل کرنا ہو گی۔"

"اچھا.... مجھے اب اجازت دیجیے!" میں نے ایس، ایچ، او سے کہا۔

"میرے لائق کوئی اور خدمت؟"

"بس، شکریہ!"

ایس، ایچ، او مجھے چھوڑنے کے لیے باہر تک آیا اور جب میں کار میں بیٹھ گئی تو اُس نے ہاتھ ہلا کر کہا: "آپ مطمئن رہیں۔ ڈاکٹر شکیل کا قاتل اپنے انجام سے نہیں بچ سکے گا۔"

"وہ تو صاف ظاہر ہو رہا ہے۔" میں نے ہنس کر کہا لیکن ایس، ایچ، او میرے جملے کی گہرائی تک نہیں پہنچ سکا۔

میں کار کو حرکت میں لے آئی اور عقب نما آئینے میں پولیس اسٹیشن کا جائزہ لیتی رہی۔ جب مجھے یقین ہو گیا کہ اب میری کار کی طرف کوئی نہیں دیکھ رہا ہو گا تو میں ڈرگ گئی۔ میں نے انجن بند کر دیا لیکن ہینڈ بریک نہیں لگایا۔ میں نہیں چاہتی تھی کہ بریک لائٹس کے باعث دُور ہی سے کار کی موجودگی کو محسوس کیا جا سکتا۔

میں عقب نما آئینے میں پولیس اسٹیشن کی طرف دیکھتی رہی۔ مجھے تقریباً پون گھنٹے انتظار کرنا پڑا تھا۔ پون گھنٹے بعد میں نے اُن دونوں آدمیوں کو پولیس اسٹیشن سے نکلتے دیکھا جو میرے خیال کے مطابق فراڈ گواہ تھے۔

رسل کیسز یا حادثات کی تحقیقات کرے لیکن جب
ائی ابھاؤ پیدا ہو جاتا ہے تو پھر وہ میرے محکمے کے حوالے
ہیں میں وہ کام اپنے ذہین ماتحت افسروں سے
اگر سوئے اتفاق کوئی معاملہ از خود میرے سامنے
ر گیتجسس بھڑکنے لگتی ہے اور میں اپنی فطرت سے
اب خود اس میں دلچسپی لینے لگتی ہوں۔"

ونوں اب اپنے ہونٹوں پر زبان پھیر رہے تھے۔
ابھی تک تم نے یہ نہیں بتایا ہے۔" میں بدستور
ا۔ "میں رُک کر بولی۔ "میں ایک اور کام سے پولیس
ی لیکن وہاں ڈاکٹر شکیل نامی کسی شخص کے حادثے اور
میرے سامنے آئی۔ مجھے اس ٹرک ڈرائیور کی گرفتاری
اور پھر میرے سامنے ہی تم دونوں نے اس ٹرک ڈرائیور
ہی کیا۔"

ونوں اب پہلو بدلنے لگے۔
لوگ میری باتیں سن رہے ہو نا!" میں قدرے بلند
ا تو وہ دونوں جیسے چونک کر سیدھے ہو گئے۔
ا! جی ہاں!" ایک نے کہا۔
ن رہے ہیں!" دوسرا بولا۔
ے سنتے رہو اور مجھے یہ بتاؤ کہ حادثے کے وقت تم
ا کر رہے تھے؟"

ایک دُکان سے رومال خرید رہا تھا۔"
میں رکشا کے انتظار میں کھڑا تھا۔" دوسرے نے کہا۔
سو ٹکر مارنے والا ٹرک، کار کے سامنے سے آیا تھا؟"
ہاں!"

نے خاموشی سے اثبات میں سر ہلا دیا۔
ے کے وقت تم دونوں کتنی دُور تھے؟" میں نے پوچھا۔
ہی تھے۔" دونوں کے مُنہ سے یکساں الفاظ نکلے۔
گز کا فاصلہ تو ہو گا۔" میں نے گویا خیال ظاہر کیا۔
اس سے زیادہ ایک گز زیادہ!" ایک نے کہا۔
ملا بھی؟" میں نے دوسرے سے پوچھا۔
شاید سولہ سترہ گز دُور تھا۔"
ے کے وقت تم دونوں کا رُخ کس طرف تھا؟ اُدھر
ا بھی تھی یا اُس طرف جدھر سے ٹرک آ رہا تھا؟ میرا
تمہارا رخ اُس طرف ہو گا جدھر سے کار آ رہی تھی اسی
ٹرک کا نمبر نوٹ کر لیا؟"

ہاں!" دونوں نے پھر بیک وقت کہا

میں مسکرا دی۔ میں اُن کے لیے جو جال بچھا رہی تھی، وہ اُس
میں بڑی آسانی سے پھنس گئے تھے۔

"خوب!" میں نے کہا۔ "تو حادثے کے بعد جیسے ہی ٹرک فرار
ہونے لگا، تم دونوں نے اُس کے نمبر نوٹ کر لیے؟"

"جی ہاں!"

"مگر یہ بتاؤ کہ اُس وقت تمہاری نگاہیں ٹرک کے عقبی حصّے پر
ہوں گی!"

"جی ہاں!"

دوسرے آدمی نے پہلو بدلا۔ وہ میرے اس سوال پر خاموش
بھی رہا تھا۔ غالباً وہ کھٹک گیا تھا کہ یہ کسی قسم کا جال ہے جس میں
وہ پھنسنے والا ہے۔

لیکن حقیقت یہ تھی کہ وہ دونوں ہی پھنس چکے تھے۔

"حیرت ہے!" میں جیسے بڑبڑائی۔

"جی!" وہی آدمی چونکا۔

"جب تم دونوں ٹرک کی پُشت پر تھے تو تم نے ٹرک ڈرائیور
کا چہرہ کیسے دیکھ لیا؟"

"جی وہ۔۔۔۔"

"ہاں ہاں کہو!" میں نے بدستور نرمی سے کہا۔ "میں ہر
دلیل سُننے کے لیے تیار رہتی ہوں۔"

"میں نے اُس کا چہرہ اُس وقت دیکھا تھا جب ٹرک آ رہا
تھا۔" اُسی آدمی نے جواب دیا لیکن اُس کے لہجے سے گھبراہٹ مترشح
تھی۔

"جدھر سے ٹرک آ رہا تھا، اُدھر سے اور گاڑیاں بھی آ رہی
ہوں گی!" میں نے کہا۔

"جج۔۔۔ جی ہاں!"

"کیا تمھیں اُن تمام گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے چہرے
یاد ہیں؟"

"نن۔۔۔ نہیں!"

"پھر تمھیں اُسی بدنصیب ڈرائیور کا چہرہ کیسے یاد رہ گیا؟
کیا تمھیں الہام ہوا تھا کہ وہ ٹرک ایک کار کو ٹکر مارنے والا
ہے!" میرے لہجے میں تلخی آ گئی۔

وہ دونوں خاموش رہے۔ اُن کے چہرے سُست پڑ گئے تھے۔
میں اپنے لہجے کی تلخی پر قابو پا کر حسبِ سابق نرم لہجے میں بولنے
لگی۔ "دراصل جھوٹی گواہی دینے کا کام صرف پیشہ ور لوگ ہی
کر سکتے ہیں۔ یہ کام شریف آدمیوں کے بس کا روگ نہیں لیکن کبھی کبھی
ایسا ہوتا ہے کہ وقتی طور پر حرص و طمع کا شکار ہو کے لوگ ایسے

ان کار کو دیکھ کر مجھے اندازہ ہوا کہ وہ کار اسٹاپ کی طرف
جائیں گے۔ میں نے اپنی گاڑی کا انجن اسٹارٹ کیا اور اُسے موڑ کر
چلانے لگی۔ میں اُن دونوں کے قریب پہنچنا
چاہتی تھی مگر اُس وقت جب وہ پولیس اسٹیشن سے دُور نکل جاتے۔

جب ایک ایسا موقع آ گیا تو میں کار کو تیزی سے حرکت میں
لائی اور اُن کے قریب پہنچ کر بریک لگائے۔ وہ دونوں چونک کر
گاڑی کی طرف متوجہ ہو گئے۔ میں نے کھڑکی سے سر نکال کر اُن کی
طرف دیکھا اور پوچھا۔ "آپ لوگ کہاں جائیں گے؟"

وہ مجھے پولیس اسٹیشن میں دیکھ چکے تھے اس لیے میرا خیال
تھا کہ وہ مجھے پولیس ہی سے متعلق سمجھیں گے۔

"ہم۔۔۔۔ ہم اپنے۔۔۔ گھر جائیں گے۔" اُن میں سے ایک نے
اس طرح گھبرا جیسے بوکھلا گیا ہو۔

"یہ تو میں بھی جانتی ہوں کہ آپ اپنے
گھر جائیں گے۔ میں نے سوچا شاید آپ لوگوں کے گھر اسی راہ میں
پڑتے ہوں جدھر مجھے جانا ہے۔ اس وقت بسوں میں خاصی پریشانی
ہوتی ہے اس لیے میں نے سوچا کہ آپ کو چھوڑتی ہوئی نکل جاؤں گی۔"

"میں تین ہفتے پر رہتا ہوں۔" اُسی پہلے آدمی نے بتایا۔

"اور میں لیاقت آباد میں۔" دوسرے نے بتایا۔

"پھر تو کوئی مسئلہ ہی نہیں۔ مجھے لیاقت آباد پولیس اسٹیشن
جانا ہے۔ میں آپ دونوں کو چھوڑ سکتی ہوں، بیٹھ جائیں۔" میں نے
کار کی پچھلی نشست کا وہ دروازہ کھولا جدھر دونوں کھڑے
ہوئے تھے۔

"اجی آپ کو تکلیف ہو گی!" ایک آدمی نے دانت نکال کر
بے ہنگم سے انداز میں ہنستے ہوئے کہا۔

"اب بیٹھیے بھی! آپ لوگ تو تکلف کر رہے ہیں!"

وہ دونوں متذبذب تو تھے لیکن بالآخر بیٹھ ہی گئے اور دروازہ
اتنی زور سے بند کیا جیسے ٹرک کا دروازہ بند کرتے ہیں۔ انھیں اتنی
تمیز نہیں تھی کہ قیمتی کاروں کے دروازے کتنی آہستگی سے بند کیے
جاتے ہیں۔

میں نے کار کو تیز رفتاری سے دوڑایا۔ اتنی ہی تیزی سے
میرا ذہن یہ سوچ رہا تھا کہ اُن دونوں سے حقیقت کس طرح اگلوائی جائے۔
یہ تو مجھے یقین تھا کہ وہ دونوں عادی قسم کے جرائم پیشہ نہیں تھے۔
انھوں نے وقتی طور پر پیسے کے لالچ میں آ کر پولیس کو وہ غلط بیان
دے ڈالا تھا اور مجھے صرف یہ معلوم کرنے کی فکر تھی کہ اُن سے یہ غلط بیانی
کروانے والا کون تھا؟

اس سوال کا جواب معلوم کرنے کے دو طریقے ممکن تھے۔ اُن میں
سے ایک تو یہ تھا کہ میں ان کے ساتھ وہی طریقہ استعمال کرتی جو
طریقہ ایسا تھا کہ اُس میں عیارانہ انداز کی گفتگو کو
میں نے وہی دوسرا طریقہ استعمال کرنے کا فیصلہ کیا
ناکامی ہو جاتی تو پھر پہلا نسخہ تیر بہدف تھا ہی!

"آپ لوگ جانتے ہیں میں کون ہوں؟" میں نے
سوال کیا۔ میں نے مُڑ کر نہیں دیکھا تھا لیکن ظاہر ہے
اس سے کیا ہو گا کیونکہ اس وقت گاڑی میں وہ ان

"آپ۔۔۔۔ آپ۔۔۔ یہ اُن میں سے ایک نے ذرا
"آپ ہمیں پولیس اسٹیشن پر نظر آئی تھیں۔"
"پولیس اسٹیشن میں تو نرسیں آتی جاتی ہیں۔"
وہ خاموش رہے۔ میں نے ذرا دیر ان کو گھ
پھر ہنس کر بولی "یہ نہیں جانتے، ہیں نا؟"
"پولیس اسٹیشن میں کسی نے بھی ہمیں آپ
نہیں بتایا۔"

"وہ بتا بھی نہیں سکتے تھے۔ اگر وہ بتا دیں تو
پورے تھانے کے کوناکوں چپے ہیوا دوں۔" یہ کہتے
آئینے کے زاویے کو اس طرح بدل لیا تھا کہ اُن کے چہ
دکھائی دینے لگیں۔ میں نے اُن کے چہرے کے تاثرات
کہ وہ میری اس بات سے متاثر ہو گئے تھے، بلکہ مرعو
"میرا تعلق۔۔۔" میں نے ذرا رُک کر ڈرامائی
میرا تعلق انٹیلی جینس سے ہے۔ میں نے پرسوں ہی انٹیلی
کی حیثیت سے چارج سنبھالا ہے۔"

انٹیلی جینس کی ڈائریکٹر کا حوالہ ایسا تھا کہ اُن
کی رنگت میں خفیف سی تبدیلی آ گئی۔

اب میں نے "آپ" کا تکلف ختم کیا اور "تم" پر
"تم دونوں نے محسوس تو کیا ہو گا کہ میں بہت ز
ہوں!"

"جی۔۔۔ جی ہاں!" اُن دونوں کے مُنہ سے بے
"لیکن میں بہت سخت بھی ہوں۔" میں نے ذرا الفا
کیا اور عقب نما آئینے میں دیکھا کہ وہ دونوں ایک دو
دیکھنے لگے تھے۔

"لیکن۔۔۔" میں پھر نرم پڑ گئی۔ "میں سختی کے سا
لوگوں سے پیش آتی ہوں جو مجھے اس کے لیے مجبور کر دیتے
وہ دونوں خاموش رہے۔ میں محسوس کر رہی تھی
آہستہ نرو ہوتے جا رہے ہیں اور میں چاہتی بھی یہی تھی۔
قدرے توقف کے بعد پھر بولنا شروع کیا۔ "پولیس کا

چکروں میں پھنس جاتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ تم دونوں موقع واردات پر کسی غلط آدمی سے ٹکرا گئے تھے۔ اس نے تمھیں کچھ رقم دی ہوگی کہ تم پولیس کو اس طرح غلط راہ پر ڈال دو۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک کا معاشی بحران کچھ ایسا ہے کہ شریف آدمی بھی بعض اوقات چھوٹے موٹے جرم کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ عدالت تو ایسے لوگوں کو بھی معاف نہیں کرتی لیکن میں ذاتی طور پر ایسے لوگوں کو معاف کر دینے کے حق میں ہوں۔ میرا نظریہ ہے کہ ایسے لوگوں کو صرف تنبیہ کر کے چھوڑ دینا چاہیے ورنہ یہ امکان پیدا ہو جاتا ہے کہ سزا یافتہ ہونے کے بعد وہ عادی مجرم بن جائیں۔ میں اپنے ملک میں عادی مجرموں کی تعداد میں اضافہ ہوتے نہیں دیکھ سکتی۔ اس بارے میں تم دونوں کا کیا خیال ہے؟"

وہ دونوں مسحور و مبہوت سے بیٹھے ہوئے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے یہ باتوں نے ان کے دماغ شل کر دیے ہوں۔

قدرے توقف سے میں پھر بولی "اگر تم دونوں نے مجھ سے تعاون کیا تو میں کوشش کروں گی کہ متعلقہ پولیس آفیسر کو بھی تمھاری غلط بیانی کا علم نہ ہونے پائے۔ میں اس کیس کو دوسرے طریقوں سے اس طرح انجام تک پہنچا دوں گی کہ وہ بے گناہ ڈرائیور اس مصیبت سے بچ جائے اور اصل مجرم انصاف کے تقاضوں سے نہ بچ سکے۔ تو پھر تم دونوں مجھ سے تعاون کے لیے تیار ہو نا؟"

"خدا مجھے معاف کرے۔" ان میں سے ایک نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "مجھے شیطان نے بہکا دیا تھا۔"

"کاش میری بیٹی بیمار نہ ہوتی۔" دوسرا بھی گلوگرفتہ لہجے میں بولا۔ "محض اس کے علاج کی وجہ سے میں تین ہزار روپوں کے لالچ میں آ گیا تھا۔"

"تم دونوں ہی کو تین تین ہزار روپے ملے تھے؟" میں نے پوچھا۔

"ہاں!" جواب دینے کے بعد اس آدمی نے اپنا جملہ پھر دہرایا۔ "خدا مجھے معاف کرے۔"

"سچے دل سے تائب ہونے والوں کو خدا ضرور معاف کرتا ہے۔ ہاں تو تم نے یہ نہیں بتایا کہ وہ آدمی کون تھا جس نے تمھیں تین تین ہزار روپے دے کر غلط بیانی کی راہ پر ڈالا تھا؟"

وہ دونوں مجھ سے مرعوب بھی ہو گئے تھے، نیز اپنے جرم پر شرمندہ اور خائف بھی تھے۔ ان کے لہجوں سے ان کی پشیمانی ٹپک رہی تھی۔ انھوں نے جو کچھ بتایا، مجھے اس پر کوئی شبہ نہیں تھا۔

ان کے مشترکہ بیان کے مطابق انھیں راہ ایسا آدمی ملا تھا جسے دیکھ کر فوری طور پر یہ فیصلہ تھا کہ اس کے اعمال اچھے ہوں گے یا برے۔ اس کی پچاس سال کے لگ بھگ تھی۔ اس نے شلوار قمیص رکھا تھا۔ جب جائے حادثہ پر ہجوم ہوا تو وہ ان کا ہاتھ پکڑ کر الگ لے گیا۔ وہاں موجود ہر شخص کی پر تھی اس لیے ان تینوں کی طرف کسی نے بھی توجہ اس آدمی نے ان دونوں سے پوچھا کہ کیا انھوں نے کا نمبر دیکھا تھا؟ ان دونوں نے نفی میں جواب دیا آدمی نے بتایا کہ اس نے ٹرک کا نمبر دیکھ لیا تھا۔ شخص نے ٹرک کا ہے جس سے اس کی خاندانی دشمنی شخص چاہتا ہے۔ اس کے دشمن کو اس کے کیے کی ان دونوں آدمیوں کو ٹرک کا نمبر بتایا اور تین دے کر کہا کہ ڈرائیور کی گرفتاری کے بعد وہ دونوں بھی کریں تو انھیں دو دو ہزار روپے اور دیے جا نے ان دونوں سے ان کے پتے لے لیے تھے اور اپنی زبان کا بھرم رکھے گا۔ خود اس نے ان دونوں کچھ نہیں بتایا تھا۔

یہ بیان دینے کے بعد ان دونوں میں سے پرجوش انداز میں کہا "اب اگر وہ مجھے روپے گھر آیا تو میں اسے پیٹ کر نہیں جانے دوں گا۔"

مجھے ہنسی آ گئی۔ پھر میں نے کہا "اس خیال کر دو کہ وہ تمھارے پاس آئے گا۔ اب تو وہ تم دونوں بھی دور رہے گا۔ ہاں اگر وہ اتفاق سے تمھیں کہیں دیکھ جائے تو اس سے بھڑنے کی کوشش مت کرنا۔ ایسے ہوتے ہیں اور ایسے لوگوں پر قتل کرنے سے بھی نہیں ہو بس اتنا کرنا کہ اگر وہ تمھیں دکھائی دے جائے تو فوراً دینا میں تمھیں اپنا فون نمبر بتا دیتی ہوں۔"

میں نے ان دونوں کو اپنا فون نمبر دے دیا اور گھروں پر چھوڑ کر واپس اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئی۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے ڈاکٹر شکیل کو قتل ہلاک کیا گیا ہو لیکن یہ پلاننگ کسی کمزور دماغ کی تھی۔ جھوٹے گواہوں کو عین موقع واردات سے پکڑنا کا ثبوت تھا۔ اس کے علاوہ یہ بھی ممکن تھا کہ وقتی ٹرک پر جعلی نمبر پلیٹ لگا دی جاتی اور اس طرح راہ پر ڈالنے کے لیے کسی جھوٹے گواہ کی ضرورت ہی نہ

جیسے جیسے اس معاملے پر غور کیا، ویسے ویسے الجھاؤ گہرا ہوتا گیا۔ ان دونوں پے در پے الجھنیں ہی میرا مقدر بنی گتھا کو اگر پہلی کڑی مان لیا جائے تو پھر اس کے بعد یاں الجھی ہوئی تھیں۔ ابھی تک یہی نہیں سمجھ میں آیا تھا مجھے کیوں لگ گیا ہے۔ آج ہوٹل میں جو واقعہ سے یہ اشارہ ملتا تھا کہ اسے میرے پیچھے لگانے والا لی تھا لیکن بہرحال یہ بات ابھی پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی

ں پراسرار طور پر لاپتا ہو چکا تھا۔ اس لیے شائستہ حبیب ے بارے میں بھی کوئی بات نہیں معلوم ہو سکی تھی۔ ی کے سامنے جب میں نے شائستہ حبیب کا نام لیا ل حالت متغیر ہو گئی تھی۔ اس نے یہی سمجھا ہوگا کہ مجھے ب کے بارے میں کچھ معلوم ہو چکا ہے، البتہ یہ وہ ہرگز ہوگا کہ میری معلومات کا ذریعہ کیا ہے!

لعاذ جو مجھے مشتاق چنگیزی کے گھر سے ملا تھا، اس کی کرل بتی کہ خود مشتاق چنگیزی کو بھی نہیں معلوم ہوگا کہ اس لعاذ اس کے سامان میں کہیں پڑا ہوا ہے۔ اسی لیے اسے فائب ہونے کا بھی علم نہیں ہو سکتا تھا اور اسی سبب کے ذہن میں یہ بات بھی نہیں آ سکی تھی کہ اس رات اس لسنے والے دو معلوم افراد میں سے ایک میں تھی۔

ں واقعے کے سلسلے میں مشتاق نے بالکل رُخ سادھ لیا تھا۔ ے تک نہیں کی تھی اور غالباً ملازموں کو بھی تاکید کر دی اس واقعے کا ذکر کسی سے نہ کریں۔ اس کی یہ احتیاط ی کر اس کے دل میں کوئی چور ہے اس لیے وہ حتی الامکان ا رہنا چاہتا ہے۔

ام باتوں کو ذہن میں بسائے ہوئے میں گھر پہنچی اور ل کر کے بستر پر لیٹ گئی۔ سونے سے قبل میں یہ فیصلہ کر چکی ن میں سب سے پہلے اس ٹرک کا پتا چلاؤں گی جو سنگیتا سے معلوم ہوا تھا۔

ں صبح ایک مخصوص وقت پر اٹھ جانے کی عادی ہوں مگر جانے کیوں میری آنکھ خاصی دیر سے کھلی۔ تو بجنے میں ف باقی تھے جب میں بستر سے اٹھی۔ تیار ہونے اور ناشتہ ل مجھے ایک گھنٹہ لگ گیا۔ آج میں دفتر نہ جانے کا فیصلہ کر ان میں نے فون کر لینے میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔ اپنی ات میں نے چند ضروری باتیں کیں اور پھر فون بند کر دیا۔ ی بات سے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ میری ہی طرح آپی سنگیتا بھی دفتر نہیں پہنچی ہے۔ اس اطلاع پر مجھے کوئی تعجب نہیں ہوا۔ تعجب تو اس وقت ہوتا جب اس کے برخلاف اطلاع ملتی۔

میں نے فون بند کیا ہی تھا کہ ملازمہ نے مجھے کسی کی آمد سے باخبر کیا۔

"کون ہے؟" میں نے پوچھا۔ "اس نے اپنا کارڈ نہیں دیا؟"

"وہ بس یہ کہہ رہا تھا کہ عدالت سے آیا ہے۔"

"عدالت سے!" میں بڑبڑائی اور پھر اس آدمی سے ملنے کے لیے اپنے کمرے سے نکلی۔

وہ آدمی سٹی کورٹ کا ایک بیلف تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ میرے نام سمن لے کر آیا ہے۔

"آپ کو چار دن بعد کورٹ میں پیش ہونا ہے۔" اس نے کہا۔

"وہ کس سلسلے میں؟"

"اس روزنامہ آری کے کیس کے سلسلے میں آپ کا بیان لیا جائے گا۔"

"اس اطلاع نے مجھے بور کر دیا۔ میری دانست میں یہ سب کچھ تضیع اوقات تھا لیکن پولیس بھی بہرحال اپنے فرض سے مجبور تھی۔ آری کو میری کارروائیاں چلانے کے الزام میں پکڑا گیا تھا لہٰذا اس پر مقدمہ تو چلنا اور اس مقدمے میں میری حیثیت بہت اہم تھی، بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ میں اس میں ایک فریق تھی۔

میں نے دستخط کر کے سمن وصول کیا اور بیلف کو رخصت کرنے کے بعد گھر سے روانہ ہونے ہی والی تھی کہ سنگیتا آ گئی۔

لیکن کیا وہ سنگیتا تھی؟ اس کی حالت دیکھ کر میرے دل کو دھچکا سا لگا۔ وہ وہی کپڑے پہنے ہوئے تھی جو گزشتہ شام اس کے جسم پر تھے۔ وہ بالکل اجڑی اجڑی سی نظر آ رہی تھی۔ آنکھیں اپنی سُرخ تھیں جیسے وہ ایک پل بھی نہ سوئی ہو اور روتی رہی ہو۔ اس کے بال بکھرے ہوئے اور چہرہ مرجھایا ہوا تھا۔

"سنگیتا!" میں نے بے اختیار اسے اپنے سینے سے لگا لیا۔ "یہ تو نے اپنی کیا حالت بنا لی ہے چندا؟"

"میں بالکل ٹھیک ہوں باجی!" سنگیتا نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "میں آپ کو بتانے آئی ہوں کہ شکیل کے والد آئے ہیں اور ہاسپٹل والوں نے مٹی کا ایک ڈھیر ان کے حوالے کر دیا ہے۔ وہ لوگ ... تھے کہ ... اس ڈھیر کا نام ڈاکٹر شکیل ہے۔" سنگیتا نے ایک سسکی لی۔

آخری فقرہ سنگیتا نے کچھ اس طرح ادا کیا تھا کہ میرا کلیجہ ہل گیا۔ جو لوگ محبت کو محسوس کر سکتے ہیں، وہی اس فقرے کو بھی محسوس کر سکتے ہیں۔

"کیا آپ مٹی کے اُس ڈھیر کو دیکھنے چلیں گی بانو؟" سنگیتا کی آنکھوں میں کرب بلک رہا تھا۔

مجھے یوں لگا جیسے میں روپڑوں گی میں نے لرزتے ہوئے ہونٹوں سے سنگیتا کی پیشانی چوم لی اور اُس کا ہاتھ تھام کر اپنی کار کی طرف بڑھتی ہوئی آہستہ سے بولی "آؤ، چلیں!"

جب کار پختہ سڑک سے نکل کر کچے پر رواں دواں ہوئی تو میرے اور سنگیتا کے ہونٹوں پر سکوت منجمد تھا لیکن دل کی گہرائیوں میں جیسے پگھلتے ہوئے لاوے کی لہریں اُمنڈ رہی تھیں۔ سنگیتا کی اُس وقت کی حالت دیکھ کر میں نے دل ہی دل میں قسم کھائی کہ میں شکیل کے قاتل کو ڈھونڈ کر اُسے گھسیٹتی ہوئی اُس منزل تک لے جاؤں گی جہاں انسان کو اپنی زندگی ایک بوجھ معلوم ہونے لگتی ہے اور موت کا بھیانک چہرہ ایک خوبصورت محبوب کا روپ دھار لیتا ہے۔

میں اُس روز ڈاکٹر شکیل کے گھر میں داخل ہوئی تو مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میں کسی قبرستان میں داخل ہو گئی ہوں۔ درو بام سے اُداسی ٹپک رہی تھی۔ یہ دوسرا موقع تھا جب میں ڈاکٹر شکیل کے گھر میں داخل ہوئی تھی۔ پہلی مرتبہ جب میں نے یہاں قدم رکھا تو شکیل کی مسکراہٹ میرا استقبال کرنے کے لیے موجود تھی مگر آج؟ وہ مسکرانے والا اندر کسی کمرے میں ابدی نیند سو رہا تھا اور اُس کی مسکراہٹ میرے سارے بدن میں پھیلی ہوئی تھی۔ یہ مسکراہٹ اِس لیے تھی کہ وہ میری محبوب کا محبوب تھا۔

گھر میں بہت سے لوگ جمع تھے جو شکیل کے آخری سفر میں شرکت کے لیے آئے تھے۔ اُن میں سے میں نے شہر کے بہت سے معززین کو پہچان بھی لیا۔ اُن میں کئی بڑے بڑے ڈاکٹر بھی تھے۔ اُن سب کے چہروں سے حزن و ملال ٹپک رہا تھا اور یہ اِس بات کی دلیل تھی کہ شکیل ایک ہر دلعزیز شخص تھا۔

سنگیتا نے مجھے ایک اُدھیڑ عمر شخصیت کے سامنے لے جا کر کھڑا کر دیا اور میرے دل نے مجھے بتایا کہ یہی ڈاکٹر شکیل کا باپ ہے۔ جوان اولاد کی موت کا داغ اُس شخص کے چہرے پر بہت نمایاں نظر آ رہا تھا۔ اُس کی جھکی ہوئی کمر یہ بتا رہی تھی کہ وہ جوان اولاد کی لاش اُٹھائے ہوئے ہے۔

"چاچا جی!" سنگیتا نے اُس شخص سے میرا تعارف کرایا "یہ صبیحہ بانو ہیں۔ میں اِن کی فرم میں ملازم ہوں۔ شکیل بھی انہیں جانتے تھے۔ بانو! یہ شکیل کے ۔۔۔ ہیں۔"

"میرا نام کفیل رضا ہے۔" بوڑھے باپ نے مجھے بتایا تو مجھے اُس کے لہجے کے اُتار چڑھاؤ میں کسی صحرا کی ویرانیاں پھیلی ہوئی محسوس ہوئیں۔ اُس نے آہستہ سے میرے شانے پر تھپکی دی اور کہا۔

"بیٹھ جاؤ بیٹی! میر شکیل اندر آخری منزل کر رہا ہے لوگ اُسے الوداع کہنے جائیں گے۔ یہاں اور ۔۔۔ اُن سے تو میں کہہ چکا ہوں، اب تم سے بھی کہہ رہا ہوں واپسی تک سنگیتا کا خیال رکھنا۔ دیکھو تو اِس نے اپنی کیا دُکھی ہے! اگر شکیل اِسے اِس حال میں دیکھ دُکھ پہنچے گا!"

اُس وقت سنگیتا کو دھاڑیں مار کر رو پڑنا چاہیے تھا نے دیکھا کہ اُس نے اپنا نچلا ہونٹ بڑی زور سے دانتوں میں دبا رکھا تھا اتنی زور سے کہ ہونٹ نیلا پڑ گیا تھا۔

میں سنگیتا کا ہاتھ پکڑ کر ایک صوفے کی طرف بڑھی وہاں بیٹھ کر خود بھی بیٹھ گئی۔ سنگیتا کا دھیان بٹانے میں نے دھیمی آواز میں اُس سے پوچھا۔ "کیا تم نہیں گئے؟"

"چاچا جی کے پیچھے جو نشست ہے اُس پر بیٹھا ہوں۔" سنگیتا نے بتایا۔

اب میں نے رام لال کو پہلی مرتبہ دیکھا۔ وہ بھی رو رہا تھا لیکن جب میں نے اُس کی طرف دیکھا تو اُس نے سب لوگوں کی طرح وہ بھی حزن و ملال کی تصویر اُس کے چہرے پر زمانے کی ستم گری کے نشانات بھی جا سکتے تھے۔

پچھلے دنوں میں میری یہ خواہش رہی تھی کہ رام لال سے ملاقات ہو اور میں اُس سے کچھ باتیں کر سکوں لیکن اب ایسا ہوا تھا تو حالات ایسے نہیں تھے کہ میں اُس سے اُس موضوع کر سکتی۔

کوئی نصف گھنٹے بعد ایک شخص نے کھڑے ہو کر آہستہ "جو حضرات مرحوم کا دیدار کرنا چاہیں وہ اندر چلے جائیں"

لوگ ایک ایک کر کے اندر جانے لگے۔ اُس وقت سنگیتا کے چہرے پر زلزلے کی سی کیفیت دیکھی۔ میں منظم اپنی جگہ سے اُٹھے گی لیکن ایسا نہیں ہوا۔

"سنگیتا!" میں نے اُسے آہستہ سے پکارا۔

اُس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ یک ٹک جھکائے بغیر طرف اِس طرح دیکھ رہی تھی جیسے اپنے خالق سے کوئی سوال رہی ہو۔

"سنگیتا!" میں نے اُس کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا اپنے شکیل کو آخری مرتبہ دیکھنے نہیں جاؤ گی؟"

سنگیتا نے جیسے ایک جھٹکے کے ساتھ میری طرف دیکھا

"نہیں!" اُس کے چہرے پر وحشت ناچنے لگی تھی۔

"شکیل کو ویسا ہی رہنے دو جیسا وہ تھا۔ میں کفن نے چہرے کو اپنے تصور میں نہیں رکھنا چاہتی۔"

میں ہو گئی۔ میں نے محسوس کیا تھا کہ اگر اصرار کیا تو سنگیتا چیخ چیخ کر انکار کرنے لگے گی۔ عین ممکن تھا کہ اُس پڑ جاتا۔

دیدار کی رسم پوری ہونے کے بعد جب شکیل کا جنازہ برآمدے کی سیڑھیاں اُسی تھی جس میں آنسو نہ ہوں۔ نہیں روئی لیکن اُسے دیکھ کر یوں ضرور محسوس ہو رہا تھا کہ پتھر بن گئی ہے۔ وہ ایک ایسا آنسو نظر آ رہی تھی

جنازہ اٹھایا گیا شکیل چلا گیا۔ اُس کے ساتھ سب مرد چلے گئے۔ عورتیں جو اپنے آنسو پونچھ رہی تھیں اور سنگیتا کی طرف تھیں جو کسی بُت کی طرح ساکت تھی۔

"سنگیتا!" میں نے اُسے پکارا۔

"بانو!" سنگیتا نے میری طرف دیکھے بغیر آہستہ سے کہا "آپ مجھے سکتہ نہیں ہوا ہے۔ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میرا ہے۔ میں زندہ ہوں؟"

"تم زندہ لاش نظر آ رہی ہو۔"

"اس سے کیا فرق پڑتا ہے! دنیا میں زندہ لاشوں کی کمی تو کو روئے گا؟ کس کس سے ہمدردی کیجیے گا؟"

"ڈوب رہ گئی۔ اِس کے علاوہ کیا کر سکتی تھی!

دو گھنٹے میں سب مرد واپس آ گئے۔ بوڑھا کفیل رضا حال تھا۔ کچھ لوگوں نے اُسے فوراً تھام لیا۔

اب گئی کام کرنا تھے مگر نہیں کر سکی۔ جی نہیں چاہ رہا موڑ کر کہیں جاؤں۔ شام ہوتے ہوتے سب لوگ رخصت

اب صرف چار افراد باقی تھے، میں اور سنگیتا، رام لال اور باقی افراد صرف ملازمین تھے۔

سنگیتا" کفیل رضا نے کہا۔ "تو بالکل چُپ ہے بیٹی! آخر موج میں ڈوبی رہے گی؟"

"میں آپ کے بارے میں سوچ رہی تھی چاچا جی!" سنگیتا نے ہوئی آواز میں کہا۔

"میرے بارے میں؟"

"ہاں!"

"میرے بارے میں کیا سوچ رہی تھی؟"

"یہی کہ اب آپ اِس چہار دیواری میں تنہا رہ جائیں گے۔ میں اب یہاں سے جانا چاہتی ہوں چاچا جی! اِن در و دیوار کو دیکھتے رہنا اب میرے بس سے باہر ہوتا جا رہا ہے۔ میں بڑی مشکل سے ضبط کر رہی ہوں۔ میں بڑی کوشش سے خود پر قابو پائے ہوئے ہوں۔"

"مجھے تیری حالت کا خوب اندازہ ہے بیٹی! میں تجھے نہیں روکوں گا۔ تنہائی تو اب میرا مقدر ہے۔ ویسے میرے کچھ اعزا جو دوسرے شہروں میں رہتے ہیں، اُنھیں میں نے ٹیلیگرام بھیج دیے ہیں۔ ممکن ہے کل تک اُن میں سے کچھ لوگ آ جائیں اور میری ظاہری تنہائی دُور ہو جائے لیکن بیٹی! میں تو اندر سے تنہا ہو گیا ہوں۔ اِس تنہائی کو تو کوئی بھی رفع نہیں کر سکتا۔"

سنگیتا کچھ نہیں بولی۔ بولتی بھی کیا! اُس نے اپنے باپ سے کہا۔ "چلیے چاچا جی!"

"اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں آپ دونوں کو پہنچا دوں؟" میں بولی۔

"شکریہ!" رام لال نے سپاٹ لہجے میں کہا۔ "ہم ٹیکسی کر لیں گے۔"

"ٹیکسی کی کیا ضرورت ہے!" کفیل رضا بول پڑے۔ "میں ڈرائیور سے کہے دیتا ہوں کہ وہ تمھیں چھوڑ آئے۔" پھر کفیل رضا نے ایک ملازم کو آواز دی اور اُس سے کہا کہ ڈرائیور سے گاڑی نکلوائے۔

مجھے اب یہاں اپنی موجودگی کچھ غیر مناسب سے معلوم ہو رہی تھی۔ میں نے پہلو بدلا۔ میں اب اُٹھ کر کفیل رضا سے اجازت لینا چاہتی تھی کہ کفیل رضا سے نظر ملی۔ اُس نے مجھے اشارہ کیا کہ میں رُکوں۔

مجھے اُس کا یہ اشارہ بڑا عجیب سا لگا۔ یہ اشارہ اُس نے مجھے رام لال سے نظر بچا کر کیا تھا۔

ملازم نے آ کر بتایا کہ ڈرائیور نے گاڑی گیرج سے نکال لی ہے۔ رام لال اور سنگیتا کھڑے ہو گئے۔

"بانو!" سنگیتا نے کہا۔ "میں ابھی کچھ دن تک دفتر نہیں آ سکوں گی۔"

"اِس کی فکر مت کرو!"

"رام لال!" کفیل رضا بولا۔ "مجھے تم سے کچھ باتیں کرنا ہیں۔ کیا تم کل کسی وقت آ سکو گے؟ تم کہو تو میں خود آ جاؤں؟"

"میں کل صبح ہی آؤں گا لیکن تم جس موضوع پر گفتگو کرنا چاہتے ہو، میں اُس موضوع پر کوئی گفتگو نہیں کرنا چاہتا۔"

کفیل رضا نے بحث شروع کرنے کی بجائے یہ پوچھا۔ "تم کس

وقت تک آجاؤ گے؟"

"دس بجے تک۔" رام لال نے جواب دیا۔ "میں تمہیں اس وقت تنہا چھوڑ کر نہ جاتا لیکن سنگیتا کی وجہ سے مجبور ہو گیا ہوں۔"

"بائی!" سنگیتا نے مجھ سے پوچھا۔ "کیا آپ ابھی رُکیں گی؟"

"نہیں، بس اب میں بھی چلوں گی۔" میں کھڑی ہو گئی۔

مناسب یہی تھا کہ میں رام لال اور سنگیتا کے سامنے یہاں نہ رُکوں۔ میں نے رخصت ہوتے وقت کفیل رضا کو اشارہ کر دیا کہ میں پھر آؤں گی۔

رام لال کے سامنے تو میں وہاں سے رخصت ہو گئی لیکن پندرہ بیس منٹ تک کار کو اِدھر اُدھر دوڑانے کے بعد دوبارہ وہاں پہنچ گئی۔

"بیٹھو بیٹی!" کفیل رضا نے غنڈا سانس لے کر کہا۔ "دراصل وہ باتیں رام لال کے سامنے نہیں کی جا سکتی تھیں جو میں تم سے کرنا چاہتا ہوں۔ تم میرے لیے اجنبی نہیں ہو۔ میرا مطلب ہے کہ میں تمہارے نام سے واقف تھا۔ دوبئی میں مجھ سے ایک نوجوان نے ملاقات کی تھی اور اُسی نے تمہارا حوالہ بھی دیا تھا کہ تم رام لال کے معاملے میں دلچسپی لے رہی ہو۔"

"اوہ! تو رضوان آپ سے ملا تھا؟"

"ہاں! کیا اُس نے تمہیں اِس ملاقات کے بارے میں کچھ نہیں بتایا؟"

"وہ ابھی دوبئی سے لوٹا ہی نہیں ہے۔"

"اچھا!" کفیل رضا کے لہجے میں حیرت تھی۔ "تو پھر وہ کہاں گیا؟ وہ اب دوبئی میں تو نہیں ہے!"

"آج کل مجھے اُس کی گمشدگی نے بھی پریشان کر رکھا ہے۔"

"عجیب معاملہ ہے۔" کفیل رضا جیسے بڑبڑایا۔ "وہ لڑکا بہت ذہین ہے۔ میں نے اُسے بہت پسند کیا تھا۔ آخر وہ کہاں چلا گیا؟"

"میرا خیال ہے کہ آپ اِس سلسلے میں اپنے ذہن کو اُلجھائیں۔ مجھے اُمید ہے کہ دو ایک روز میں اُس کی طرف سے کوئی نہ کوئی اطلاع موصول ہو جائے گی۔" میں نے کہا۔ دراصل میں جلد از جلد اُسے اُس موضوع کی طرف لے آنا چاہتی تھی جو حقیقتاً بنیادی حیثیت رکھتا تھا۔

کفیل رضا نے کچھ سوچتے ہوئے سر ہلایا، اور پھر بولا۔ "تم رام لال کے بارے میں گفتگو کرنا چاہتی ہو نا! میں بھی اُسی کے بارے میں بات کرنا چاہتا تھا۔ ہر چند کہ شکیل کا چہرہ اِس وقت بھی میری آنکھوں میں گھوم رہا ہے لیکن میں دوسرے معاملات پر تم سے تفصیلی گفتگو کروں گا۔ دراصل میں خود چاہتا ہوں کہ اپنے اُدھڑی باتوں میں اُلجھانے کی کوشش کروں۔ کفیل توقف کیا، پھر کہا۔ "رام لال کے حالات مجھے کچھ کچھ معلوم ہوئے تھے اور مزید باتیں رضوان سے معلوم ہوئیں اس لیے بھی ایک حیرت انگیز بات ہے کہ رام لال نے اپنا مشتاق چنگیزی نام کے کسی شخص کو سونپ دیا ہے۔ اِسی سلسلے میں رام لال سے گفتگو کروں گا۔"

"لیکن وہ کسی سے بھی اِس سلسلے میں گفتگو نہیں کرتا۔"

"مجھ سے تو اُسے بات کرنا ہی پڑے گی۔" کفیل نے دعوے کر کہا۔ "آخر میں اُس کا اتنا پرانا دوست ہوں۔ ہم ایک دوسرے پر کچھ حقوق حاصل ہیں۔"

"خدا کرے کہ آپ اُن سے کچھ معلوم کرنے کے لیے ہپناٹائز ہو جائیں لیکن جب تک وہ خود کچھ نہیں بتاتے ہمیں اپنے طور پر سمجھنے کی کوششیں جاری رکھنا چاہئیں۔"

"ہاں آں، ظاہر ہے کہ صرف اِسی پر اکتفا نہیں کیا جا سکتا۔ رام لال سے کچھ معلوم ہو۔" کفیل رضا نے کہا اور پھر اچانک کہا۔ "تمہیں شائستہ حبیب کا نام کیسے معلوم ہوا تھا؟"

"رضوان نے آپ سے اُسی کے بارے میں پوچھ گچھ کی۔"

"ہاں!" کفیل رضا نے جواب دیا۔ "اور میں نے رضوان سے بھی یہی سوال کیا تھا کہ اُسے شائستہ کا نام کیسے معلوم ہوا۔ اُس نے جواب دیا تھا کہ یہ نام اُسے تم سے معلوم ہوا تھا اور تم اِس بارے میں کوئی تفصیل نہیں معلوم۔"

"میں آپ کو ضرور بتاؤں گی کہ مجھے شائستہ حبیب کے کیسے معلوم ہوا لیکن..... غالباً یہ گستاخی ہو گی اگر میں یہ کہوں آپ میری اُلجھن رفع کر دیں۔ میں بہت عرصے سے معلوم کرنے کے لیے بے چین ہوں کہ یہ شائستہ حبیب کون ہے!"

"یہ ہے نہیں، بلکہ..... تھی۔" کفیل رضا نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "اور بلاشبہ وہ بڑی خوبصورت لڑکی تھی۔ یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ بہرحال اُن دنوں ایک سال کا تھا۔ دوبئی میں تنہا رہتی تھی اور میرے خیال کے مطابق اُس کی شخصیت بھی تھی۔ میں اکثر رام لال سے کہا کرتا تھا کہ وہ اُس لڑکی سے دوستی ختم کر دے۔"

"اوہ!" میں نے چونک کر کہا۔ "وہ رام لال کی دوست تھی؟"

"بہت گہری دوست!"

"صرف دوست؟" میں نے زور دے کر پوچھا۔

"نورا کچھ نہیں کہا۔ وہ کسی سوچ میں ڈوب گیا۔ پھر اُس نے ایک ٹھنڈا سانس لے کر بولا۔ "بیٹی! چونکہ رام لال کی بپتا کا سبب جاننے کی کوشش میں بتائے دیتا ہوں کہ شائستہ سے رام لال کی نہیں تھی۔ اُن کے تعلقات دوستی کی حد سے بڑھے ہوئے تھے۔"

انکشاف پر میرے مُنہ سے نکلا۔

"وہ لڑکی محض اِس لیے رام لال کے پیچھے لگی تھی کہ..... رام لال بھی اُس کی خواہشوں کو کبھی نظر انداز نہ کر سکا۔ بدقسمتی حال میری نظر میں تشویش کُن تھی۔ میں اِس خوبصورت حرافہ کے جال سے نکالنا چاہتا تھا۔ پھر میری سمجھ میں نہیں آتی تھی۔ رام لال اُس پر فریفتہ ہو گیا تھا اور اِس چکر میں وہ یقیناً بالکل برباد ہو کر ہی جاتی۔"

کفیل رضا بیتابی سے پہلو بدلنے لگا۔

"میں نے اُسے قتل کر دیا تھا۔ میرا خیال ہے کہ قاتل، مقتول کو گالیاں دیتا ہو گا لیکن اُسے گرفتار نہیں کیا جا سکا تھا۔" انکشاف نے میرے دماغ کو نئی راہوں پر روانہ کر دیا تھا مگر وہ سب کچھ سوچنے کے لیے سکون کی متلاشی تھی۔ فی الحال مجھے سوچ بچار کرنے کی بجائے کرنا یہ چاہیے تھی کہ کفیل رضا سے اُس بارے میں زیادہ سے زیادہ حاصل کر سکوں۔

پہلے کہ گفتگو مزید آگے بڑھتی، ایک ملازم اور اُس نے براہِ راست مجھ سے کہا۔ "آپ ہی ہیں؟"

"ہاں۔" میں اُسے تعجب سے دیکھنے لگی۔

"صاحب آپ کو باہر بُلا رہے ہیں۔ میں نے اُن سے کہا بھی کہ آپ نہیں مگر وہ تیار نہیں ہوئے۔"

"کون ہے؟" میں سوچتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔

"بیٹی!" کفیل رضا بول پڑا۔ "اور پھر اُس نے کہا۔ "تم جاؤ اور اُن صاحب کو اصرار بھلا یہ بھی کوئی بات ہوئی کہ ایک شریف آدمی ملاقات کرے۔"

"ہاں!" میں نے دخل اندازی کی۔ "میں خود جا کر دیکھتی ہوں۔ میرا انتظار کیجیے! میں ابھی آئی۔"

پھر اِس سے پہلے کہ کفیل رضا مزید کچھ کہتا، میں ملازم کے ساتھ کمرے سے نکل آئی۔

"وہ کہاں ہے؟" میں نے ملازم سے پوچھا۔

"پھاٹک پر۔" ملازم نے جواب دیا۔

"کیا!" میں نے تعجب سے کہا۔ "پھاٹک پر؟"

"جی ہاں، میں نے تو اُن سے بہت کہا لیکن وہ کسی طرح پھاٹک کے اندر آنے پر بھی آمادہ نہیں تھے۔"

ابھی تک تو میں صرف تعجب ہی تھی کہ وہ کون ہو سکتا ہے لیکن اب اِس سوال کے ساتھ میرے ذہن میں خطرے کا احساس بھی کلبلانے لگا۔ مجھے رضوان کا خط اور خوفناک دارفی والا یاد آگیا۔ میں بیرونی دروازے سے نکلے نکلتے رک گئی اور اپنا پرس کھولنے لگی۔ ملازم مجھ سے ایک قدم پیچھے تھا اِس لیے وہ مجھے پستول نکالتے ہوئے نہیں دیکھ سکا۔ اگر دیکھ بھی لیتا تو سمجھ نہیں پاتا کہ میں نے کیا نکالا ہے کیونکہ پستول نکالتے وقت میں نے اُسے رومال سے پوری طرح ڈھک دیا تھا۔

اب میں نے آہستگی سے دروازہ کھولا، چند لمحے رُکی اور پھر زقند بھرنے کے انداز میں باہر پہنچ کر بڑی تیزی سے بائیں جانب ہٹ گئی۔ مقصد صرف یہ تھا کہ اگر مجھ پر فائر کیا جائے تو میری اِس تیز حرکت کی وجہ سے نشانہ خطا ہو جائے۔

لیکن کوئی فائر نہیں ہوا۔

میرے پیچھے ملازم بھی باہر آگیا۔ وہ حیرت سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔ اُس کی دانست میں میری یہ نقل و حرکت، پاگل پن ہی ہو سکتی تھی۔

برآمدے کا بلب جل رہا تھا اِس لیے میں روشنی میں تھی جب کہ کھلے ہوئے پھاٹک کے باہر تاریکی پھیلی ہوئی تھی۔ اگر وہاں کوئی تھا بھی تو مجھے برآمدے میں کھڑے کھڑے اُس کی ہلکی سی جھلک بھی نظر نہیں آتی۔ میں برآمدے سے اتر کر بڑے محتاط انداز میں پھاٹک کی طرف بڑھی۔ میرے پیچھے پیچھے ملازم بھی تھا اور میرا انداز دیکھ دیکھ کر محتاط ہو رہا تھا۔

میں پھاٹک کے بالکل نزدیک پہنچ گئی۔ اگر سامنے کوئی ہوتا تو اب وہ مجھے نظر آجاتا لیکن مجھے وہاں کوئی بھی نہیں دکھائی دیا۔ بس ایک آوارہ کتا دوڑتا ہوا سامنے سے گزر گیا۔

"وہ کہاں ہے؟" میں نے ملازم سے پوچھا۔

ملازم دو تین لمبے ڈگ بھر کر پھاٹک سے نکل گیا۔ میں یہی چاہتی تھی کہ مجھ سے پہلے، وہی باہر جائے اور مجھے بتائے کہ مجھ

سے ملنے کے لیے آنے والا کہاں کھڑا ہے!

"کمال ہے!" ملازم میری طرف مڑ کر سر جھٹکتا ہوا بولا۔ "وہ صاحب تو شاید جا چکے ہیں۔"

میں بہت تیزی سے باہر پہنچی لیکن مجھے وہاں کوئی نہیں دکھائی دیا۔ میں سوالیہ انداز میں ملازم کی طرف دیکھنے لگی۔

"میں کیا عرض کروں بیگم صاحب!" ملازم پریشان سا تھا۔ "میں اُن صاحب کو اس جگہ کھڑا ہوا چھوڑ کر گیا تھا۔" اُس نے اشارے سے بتایا۔

"اُن صاحب کا حلیہ کیا تھا؟" میں نے پوچھا۔

ملازم نے حلیہ بتایا تو میرے جسم میں سنسناہٹ سی پھیل گئی۔ وہ وہی خوفناک داڑھی والا تھا۔ میں پھر اس طرح چوکنا ہو گئی جیسے کوئی ہرنی کسی شکاری کی موجودگی کو محسوس کر لیتی ہے۔ رومال سے ڈھکے ہوئے پستول کے دستے پر میری گرفت کچھ اور مضبوط ہو گئی۔ میری نگاہ ہر سمت میں اندھیرے کا سینہ چاک کرنے لگی اور ملازم کھڑا ہوا میرا منہ تکتا رہا کہ اب میں کیا کہتی ہوں!

مجھے اس طرح پھاٹک پر بُلانا اور پھر غائب ہو جانا کسی وجہ کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا اور جب اس وجہ کے متعلق میرے ذہن میں ایک شبہے نے سر ابھارا تو مجھے اپنے پیروں تلے سے زمین نکلتی محسوس ہوئی۔ دوسرے ہی لمحے میں بے تحاشا بھاگتی ہوئی برآمدے کی طرف بڑھی۔ ملازم میرے پیچھے دوڑا چلا آ رہا تھا۔

جس شبہے کے تحت میں بوکھلائی تھی، وہ شبہہ یہ تھا کہ میری عدم موجودگی میں کفیل رضا کا کام تمام ہو چکا ہوگا۔ وہ مجھے غالباً کچھ اہم معلومات فراہم کرنے والا تھا لہٰذا نامعلوم دشمن نے یہ سوچا ہوگا کہ مجھے وہاں سے ہٹا کر اُس کا کام تمام کر دیا جائے۔ میری موجودگی میں دشمن کو اپنی ناکامی کا اندیشہ رہا ہوگا۔

میں دوڑتی ہوئی اُس کمرے میں داخل ہوئی جہاں میں کفیل رضا سے باتیں کر رہی تھی۔ میرے ذہن میں شبہہ یہ تھا کہ مجھے وہاں کفیل رضا کی لاش ملے گی لیکن مجھے کمرہ بالکل خالی ملا۔

تو کیا افغوا؟ میرے ذہن میں دوسرا شبہہ ابھرا۔

اور پھر اگلے دس منٹ میں میرے دوسرے شبے کی تصدیق ہو گئی۔ میں نے اور ملازموں نے سارا گھر چھان ڈالا تھا لیکن ہمیں کفیل رضا کی صرف ایک چپّل ہی مل سکی تھی۔ وہ چپّل ہمیں گھر کے ایک عقبی کمرے کی کھڑکی کے پاس ملی تھی اور اُس کھڑکی کی گرل کو کاٹ کر ایک طرف پھینک دیا گیا تھا۔

میں نے فوراً ٹیلیفون پر علاقے کے پولیس اسٹیشن کو اس واردات کی اطلاع دی۔ اُس کے بعد میں وہاں بمشکل ایک منٹ رکی تھی۔ میں نے ملازم سے کہا تھا۔ "پولیس کو آگاہ کر دینا اور بتا دینا کہ میں ایک ضروری کام سے بہت جلد واپس آنے کی کوشش کروں گی۔"

پھر میں نے ملازم کے جواب کا انتظار نہیں کیا تھا۔ میں جھٹکا کھا کر بوکھلائی ہوئی باہر نکل گئی تھی۔

رات کا آغاز ہوئے ابھی زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی۔ سڑکوں پر ٹریفک کا اژدہام تھا لیکن میں حتی الامکان تیز کار چلاتی ہوئی مشتاق چنگیزی کے گھر کی طرف بڑھ رہی تھی۔ میں نے طور پر فیصلہ کیا تھا کہ مشتاق کو اس وقت ملنا چاہیے۔

جب میں مشتاق چنگیزی کے گھر پہنچی تو سامنا اُس کے ملازم نے مجھے پہچان لیا اور جھٹ ہی بولا "صاحب نہیں ہیں۔"

"کب سے نہیں ہیں؟" میں نے تیزی سے پوچھا۔

"تیسرے پہر کے گئے ہوئے ہیں۔"

میں بہت غور سے ملازم کے چہرے کا جائزہ لے رہی تھی۔ اُس نے اُس کے لہجے پر بھی خاص طور سے دھیان دیا تھا۔ وہ پوری طرح پر یقین ہو گیا تھا۔ اس بات کا کوئی امکان نہیں تھا کہ مشتاق موجود ہو اور ملازم مجھے ٹالنے کی کوشش کر رہا ہو۔

میں جتنی تیزی سے یہاں آئی تھی، اُتنی ہی تیزی سے اُس کے گھر کی طرف لوٹ گئی۔ میرے اندازے کے مطابق اب رات کا پہلا پہر ختم ہو رہا تھا اور ہر جگہ کاروائیوں میں مصروف تھی۔

شکیل کے ملازم نے پولیس آفیسر کو میرے بارے میں یہی صحیح بالو ہیں ورانہی نے پولیس اسٹیشن فون کیا تھا۔ پولیس آفیسر نے ایک مرتبہ بڑے غور سے میرا جائزہ لیا پھر بولا۔ "کیا آپ وہی صحیح بالو ہیں جن کا نام تاتاری لیا جا رہا ہے؟ تاتاری نے آپ ہی کی کار پر....."

"میں سو فیصد وہی صحیح بالو ہوں۔" میں نے جھنجھلاتے ہوئے کہا۔

"کیا موجودہ معاملہ بھی اُسی سلسلے کی ایک کڑی ہے؟"

"میں نجومی نہیں ہوں آفیسر!"

"اوہ! میرا مطلب یہ نہیں تھا کہ آپ کوئی نجومی ہیں۔" آفیسر نے جلدی سے کہا۔ "دراصل میں آپ کا خیال جاننا چاہتا تھا۔"

"اگر صحیح خیال کی یہ بات ہے تو میں غور کروں گی۔ ایسی کوئی بات نہیں معلوم ہوتی۔"

"آپ اس وقت یہاں کیسے موجود تھیں؟ کیا آپ کو پہلے سے جانتی ہیں؟"

میں پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔ دراصل ڈاکٹر شکیل میں اُن کی آخری رسوم میں شرکت کے لیے آئی تھی لیکن حالات دیکھ کر صبح سے اب تک یہیں رکی رہی۔

"عجیب واقعہ پیش آگیا۔"

"بیانات لے چکا ہوں اُن کے بیانات سے ظاہر ہوتا تھا کہ اغوا کرنے والوں نے یہ ضروری سمجھا تھا کہ پہلے آپ کو ہٹا دیں۔"

"یہ تو یہی ظاہر کرتے ہیں۔"

"گمان آپ سے خائف یا مرعوب تھے!"

"ایسی صورت میں ہو سکتا ہے جب پہلے کبھی وہ آپ سے ٹکرائے ہوں اور آپ نے انھیں زک پہنچائی ہو۔"

"بات مضبوط ہے لیکن میں کہہ نہیں سکتی کہ وہ کبھی۔ دراصل مجھ سے زک اُٹھانے والوں کی تعداد زیادہ ہے۔"

"آپ کی خاصی شہرت سُن چکا ہوں۔" آفیسر نے کہا۔ "لہجے کا کوئی پہلو نہیں تھا۔ "آیئے! ہم ذرا بیٹھ کر بیٹھتے ہیں۔ میں آپ کا باضابطہ بیان لینا چاہتا ہوں۔ آپ کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔"

"کوئی سوال نہیں آفیسر! میں قانون کا بہت احترام کرنے والے محافظوں سے تعاون کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہوں۔"

"شکریہ!"

وہ اُس کمرے میں ہوئی تھی جہاں سے کفیل رضا کے کمرے کا دروازے کی طرف مڑے تو اُس کمرے میں لگی گھنٹی بجنے لگی۔

"پولیس آفیسر رُک کر بولا۔" شاید تھانے سے۔"

اُس گئی اور پولیس آفیسر نے ٹیلیفون کی طرف بڑھا لیا۔ "ہیلو!" اُس نے ماؤتھ پیس میں کہا۔ پھر بات سننے کے بعد ماؤتھ پیس پر ہاتھ رکھ کر بولا۔ "صاحب آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں۔"

مجھے تعجب ہوا۔

پولیس آفیسر نے کہا، اور پھر ماؤتھ پیس سے ہاتھ ہٹا کر بولا۔ "صحیح بالو سے بات کیجیے۔"

میں نے اُس کے قریب پہنچ کر اُس کے ہاتھ سے ریسیور لے لیا اور ماؤتھ پیس میں بولی۔ "ہیلو! بانو اسپیکنگ!"

"میں آپ کا ایک مخلص بول رہا ہوں لیکن آپ کو اپنا نام نہیں بتاؤں گا۔"

میری پیشانی پر کھنچاؤ پیدا ہو گیا۔

"ہیلو!" آواز پھر سنائی دی۔

"ہاں، میں سُن رہی ہوں۔" میں نے کہا لیکن میں سننے کے ساتھ ساتھ بولنے والے کے لب و لہجے اور آواز پر بھی غور کر رہی تھی۔

"میں جونا مارکیٹ کے علاقے سے بول رہا ہوں۔ کیا آپ اسی وقت فورٹ محل سینما تک آ سکتی ہیں؟"

"فورٹ محل؟"

"جی ہاں! یہ پکچر ہال کمار سینما....."

"اُس علاقے کے سارے سینما میرے دیکھے ہوئے ہیں۔ میرے پوچھنے کا مقصد یہ تھا کہ میں وہاں....."

"کیوں آؤں؟" دوسری طرف سے بولنے والے نے میرا جملہ پورا کر دیا۔

"ہاں، میں یہی کہنا چاہتی تھی۔"

"اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ یہاں آ جائیں تو اس سے آپ کو خاصا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔"

"کیسا فائدہ؟"

"یہاں ایک تھرڈ ریٹ قسم کا چائے خانہ ہے۔ یہاں چرس اور چائے کا دَور چلتا رہتا ہے۔ یہاں بیٹھنے والے زیادہ تر افراد یا تو جرائم پیشہ ہوتے ہیں یا اُن کا تعلق مزدور طبقے سے ہوتا ہے۔ ہر وقت ریکارڈنگ ہوتی رہتی ہے اور ہیجڑے اُس موسیقی پر تھرکتے رہتے ہیں۔"

"میں اِن ساری تفصیلات کا مقصد سمجھنے سے قاصر ہوں۔"

"میں اب مقصد ہی کی طرف آ رہا ہوں۔ کیا آپ کو خوشی نہیں ہوگی اگر آپ ایسے کسی مقام پر مشتاق چنگیزی کو بیٹھا ہوا دیکھیں؟"

"اوہ!" میں بے ساختہ بولی۔

"بس مجھے یہی اطلاع دینا تھی۔" دوسری طرف سے کہا گیا۔ پھر سلسلہ منقطع کر دیا گیا لیکن میں ریسیور کو کان سے لگائے کھڑی کی کھڑی رہ گئی۔ میں ذرا دیر کے لیے بھول ہی گئی تھی کہ میں کہاں ہوں! فون پر بولنے والے کی آواز اب بھی میرے کانوں میں گونج رہی تھی اور مجھے کچھ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے وہ آواز جیمس فریزر کی تھی۔ وہ غالباً اپنی آواز کو بگاڑ کر بولنے کی کوشش کر رہا تھا۔

مجھے اِس پُراسرار انداز میں ملنے والی وہ اطلاع اگر درست تھی تو یقیناً اُس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا تھا لیکن یہ بات بھی ناممکن

یا بعید از قیاس نہیں تھی کہ مجھے چاننے کے لیے کوئی جال بچھایا جا رہا ہے۔

خیر، کچھ بھی ہو میں وہاں ضرور جاؤں گی۔ میں نے یہ فیصلہ بالکل اچانک اور بڑی سرعت سے کیا۔ پھر اُسی وقت مجھے یہ احساس بھی ہو گیا کہ میں کہاں کھڑی ہوں! پولیس آفیسر بڑے غور سے میرے چہرے کا جائزہ لے رہا تھا۔

جب میں نے ریسیور رکھ کر ریڈل پر رکھا تو میرے ذہن میں ایک لائحہ عمل کا خاکہ بھی اُبھر چکا تھا۔



میری کار برق رفتاری سے بند درد ڈیڑھ اڑی چلی جا رہی تھی۔ غالباً وہ دس اور گیارہ بجے کا درمیانی وقت تھا اس لیے ٹریفک میں اژدہام کی کیفیت باقی نہیں رہی تھی۔ مجھے تیز رفتاری سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑ رہا تھا جب کہ میں ذہنی طور پر بھی پوری طرح ڈرائیونگ کی طرف متوجہ نہیں تھی۔ خیالات کا ایک بھنور میرے ذہن کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوا تھا۔ ٹیلیفون پر سنائی دینے والی وہ آواز میرے ذہن سے مقناطیس کی طرح چپکی ہوئی تھی۔ اُسی آواز کی دی ہوئی اطلاع کے باعث میں اِس وقت جوناما رکیٹ کے علاقے کی طرف جا رہی تھی اور مجھے شبہ تھا کہ وہ آواز جیمز فریزر کی تھی۔

جیمز فریزر ایک غیر ملکی ریڈیو کا نمائندہ تھا جو اُن دنوں میری نگرانی کرتا رہا تھا اور قرائن سے یہ بات پتا چلتی تھی کہ وہ مشتاق کا کارندہ تھا لیکن اِس وقت اُس نے مجھے جو اطلاع دی تھی وہ درست ہونے کی صورت میں مشتاق چنگیزی کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی تھی۔

اُس اطلاع کے مطابق چنگیزی اِس وقت جوناما رکیٹ کے علاقے کے ایک تھرڈ ریٹ چائے خانے میں موجود تھا۔ آخر کیوں؟ ایک اچھا خاصا پڑھا لکھا اور پیسے والا شخص اگر ایسے مشتبہ مقامات پر دیکھا جائے تو یہ کوئی نظر انداز کی جانے والی بات نہیں تھی۔

میں نے جوناما رکیٹ کا قصد اِس فیصلے کے ساتھ کیا تھا کہ اگر وہاں مشتاق چنگیزی موجود ہوا تو میں راست اقدام کروں گی۔ اب صورتِ حال ایسی نہیں تھی کہ محض نگرانی سے کام چلایا جاتا۔ میرے خیال کے مطابق شکیل کے باپ کفیل رضا کے اغوا میں مشتاق ہی کا ہاتھ تھا۔ کفیل رضا کے اغوا کی سازش عین اُس وقت تکمیل پذیر ہوئی تھی جب وہ مجھے شائستہ حبیب اور رام لال کے ماضی سے متعلق کوئی اہم جانکاری دینے والے تھے۔

جب میری کار راکسی سینما کے سامنے کے قریب سے گزری تو مجھے احساس ہوا اور میں نے فیصلہ جھٹک دیا۔ اب ضرورت اِس بات کی تھی کہ میں حاضر دماغ رہوں۔ میں ایک ایسے علاقے میں جا رہی تھی جو مجھ جیسی عورت کے وجود کو پوری شدت سے محسوس کرتا تھا۔ وہ علاقہ بدمعاش قسم کے لوگوں، بدمعاشوں اور جرائم پیشہ افراد کا ایک گڑھ تھا۔

عین ممکن تھا کہ وہاں کے رہائشی مجھے پہچان لیتے۔ چونک چونک کر میری کار کی طرف دیکھتے ہوئے اِس طرح اُلجھی ہوئی تھی کہ میں نے کسی کی طرف توجہ نہیں دی۔

اگر میں نور محل سینما کے سامنے کار روک لیتی تو وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں کی نظریں فوراً مجھ پر جم جاتیں۔ اِس لیے میں سپر سینما کے سامنے سے منزل چند قدم کے فاصلے پر تھی۔

جب میں نے کار سے اُتر کر دروازہ بند کیا تو میں کوئی ایک بھی ایسا نہیں تھا جو میری طرف اُن سب کو نظر انداز کرتی ہوئی اُس چائے خانے سے فلمی گانے کی آواز آ رہی تھی۔

چائے خانے کے سامنے ایک جیپ اور آدمی اُس سے ٹیک لگائے کھڑے تھے۔ اُن کی دبی ہوئی آنکھیں جو یقیناً چرس کی تھیں۔ بڑے اچانک نے اُن کی بُو میری ناک تک پہنچا دی تھی۔ اُن کا وضع قطع سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ جرائم پیشہ رکھتے ہیں۔ اُنھوں نے ایک مرتبہ چونک کر میری طرف معنی خیز انداز میں ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

میں چائے خانے کے قریب پہنچی تو وہاں سے مجھے صاف سنائی دینے لگا۔ وہ مشہور جاسوسی کی غزل تھی۔

راہِ طلب میں کون کسی کا، اپنے بھی ہیں بیگانے
چاند سے مکھڑے، رشکِ غزالاں، سب مجھ جانے

میں اگر غم حالات میں اُس وقت اِس پر دھیان رکھتی تو شاید مجھے سنسنی آ جاتی اور اگر ابنِ صفی اِس جاتے تو اپنا سر پیٹ لیتے کیونکہ اُن کی اِس غزل پیش کر رہے تھے۔

میں نے اِس قسم کے چائے خانوں کے بارے میں سن رکھا تھا لیکن وہاں قدم رکھنے کا اتفاق مجھے پہلی مرتبہ ہوا تھا۔ اندر داخل ہوتے ہی مجھے محسوس ہوا جیسے کسی جادوگر نے پھونک مار کر مجھے بتا دیا ہو۔ مجھے دیکھ کر وہ سبھی دم بخود رہ گئے تھے۔ باتیں بند کر دی تھیں اور جن لوگوں نے اپنے ساتھی کی طرف باتیں ڈال رکھی تھیں، وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور باتوں کا سلسلہ یکلخت رُک گیا تھا اور اب اُس چائے خانے میں صرف حبیب ولی محمد کی آواز

اُسی تنہائی ہے، کیسے کہیں کیسے سمجھائیں
لب و رخسار کی تم میں روحوں کے ویرانے ہیں

بھک کے بغیر اُس میز کی طرف بڑھتی چلی گئی جس ایک کرسی پر مشتاق چنگیزی بیٹھا ہوا تھا۔ اُس کے ہونٹوں پر تھی اور وہ بھی یہاں کے ماحول میں نظر آ رہا تھا لیکن میری بات اور تھی۔ ایک تو عورت لوگوں کے خیال کے مطابق! میں خاصی خوبصورت ملاقاتی ہوں۔ اِس کے علاوہ میری وضع قطع بھی ان عورتوں جیسی نہیں تھی۔ میرا جسم قیمتی سلک کی میں تھا اور بائیں ہاتھ کی کلائی ایک خوبصورت پرس ہوئے تھی۔ یوں اِس لیے کہ پرس میں ایک بھرا ہوا تھا۔

مشتاق چنگیزی کے سامنے ایک کرسی خالی پڑی ہوئی البتہ سے اُس پر بیٹھ گئی۔

چائے خانے میں داخل ہوئی تھی، اُسی وقت مشتاق دیا تھا۔ اُس کے چہرے کی رنگت بدل گئی تھی اور جب اٹھ بیٹھی تو وہ بے حد مضطرب ہو چکا تھا۔

"مشتاق!" میں نے زہریلی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "تم بالکل خیریت سے ہو گے۔"

راہِ طلب میں کو۔ . . . . . .

حبیب ولی محمد کی آواز جیسے اُس کے حلق میں اٹک گئی۔ دراصل جو شخص کاؤنٹر پر بیٹھا ہوا ریکارڈ بجا رہا تھا، اُس نے ریکارڈ سے سوئی اُٹھا دی تھی اور اب چائے خانے میں ایسا سناٹا تھا کہ اگر کوئی سرگوشی بھی کرتا تو سنائی دے جاتی۔

میری بات کے جواب میں مشتاق چنگیزی کے ہونٹ متحرک تو ہوئے تھے مگر کوئی آواز نہیں نکلی تھی۔

"خیریت!" میں ہنس پڑی۔ "کیا مجھے دیکھ کر تمھاری قوتِ گویائی سلب ہو گئی ہے؟"

"تم . . . . تم . . . ." مشتاق چنگیزی کی آواز میں لرزش تھی۔

"ہاں ہاں، میں، بات پوری کرو۔"

"تم یہاں کیوں آئی ہو؟"

"یہ سوال تو میں تم سے بھی کر سکتی ہوں۔"

"تم میرے پیچھے پڑ کر اپنی شامت کو دعوت دے رہی ہو بانو!"

"خوب!" میں نے بڑے تیکھے انداز میں کہا۔ "تو تم نے آخر اعتراف کر ہی لیا کہ تم میرے اصل نام سے واقف ہو۔"

مشتاق نے بڑی سختی سے ہونٹ بھینچ لیے۔ اپنی اِس حماقت پر اُس نے خود کو دس بیس گالیاں تو دے ہی ڈالی ہوں گی۔

"خیر!" میں نے شانے جھٹک کر کہا۔ "میرا خیال ہے کہ اب ہمیں کھل کر بات کر لینا چاہیے کیونکہ یہ وقت اِدھر اُدھر کی باتوں میں ضائع نہیں کیا جا سکتا۔ میں جاننا چاہتی ہوں کہ کفیل رضا کہاں ہے؟"

"کون کفیل رضا؟"

"ڈاکٹر شکیل کا باپ۔"

"کون ڈاکٹر شکیل؟" مشتاق نے مُنہ بنا کر کہا۔ "پتا نہیں تم کن لوگوں کی باتیں کر رہی ہو!"

"سنو مشتاق!" میں نے بہت سنجیدہ ہو کر کہا۔ "دراصل ابھی تک تم پوری طرح نہیں جان سکے ہو کہ میں کیا ہوں۔ جو لوگ مجھے صرف عورت سمجھتے ہیں، وہ بہت بڑی غلطی کرتے ہیں۔ میں تمھیں اِسی وقت اِسی جگہ ننگا کر کے تمھاری کھال اُتار سکتی ہوں اور اِس کے لیے مجھے کسی ہتھیار کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ یہ کام میرے صرف اِن ہاتھوں سے ہو جائے گا جو بہت نرم و گداز نظر آتے ہیں۔"

"بانو! تم حد سے بڑھ رہی ہو!" مشتاق غرایا۔ وہ اچانک جیسے پوری طرح مشتعل ہو گیا تھا۔ سنبھلنے سے پہلے اُس کی نظر ایک مرتبہ دروازے کی طرف گئی تھی۔

میں نے کن انکھیوں سے دیکھا کہ تین لمبے تڑنگے آدمی چائے خانے میں داخل ہو چکے تھے اور تینوں ہی کا حلیہ روایتی

غنڈوں جیسا تھا۔

میں ان تینوں کی آمد سے قطعی بے خبر ہوں۔ میں نے مشتاق کو گھورتے ہوئے کہا۔ "ابھی میں حد سے نہیں بڑھی۔ جب بڑھوں گی تو اس جگہ تمہاری چیخوں کے سوا کچھ سنائی نہیں دے گا۔"

چائے خانے میں بدستور سناٹا چھایا ہوا تھا۔ سب کی توجہ ہماری طرف تھی۔ وہ ہم تین گوش تھے اور غالباً یہ سمجھنے کی ناکام کوشش کر رہے تھے کہ میری اور مشتاق کی گفتگو کا پس منظر کیا ہو سکتا ہے۔

"بانو!" مشتاق نے بڑے سخت لہجے میں کہا۔ "تمہیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ تم اس وقت کہاں ہو۔ یہ ایسی جگہ ہے جہاں سے لوگوں کی لاشیں بھی غائب ہو جاتی ہیں۔"

"اگر تمہاری لاش بھی غائب ہو گئی تو مجھے بڑا افسوس ہو گا۔" میں نے تمسخرانہ لہجے میں کہا لیکن میں اس بات سے بے خبر نہیں تھی کہ وہ تینوں نووارد غنڈے میرے عقب میں پہنچ کر رک چکے ہیں۔ ان میں سے دو تو وہی تھے جنہیں میں نے چائے خانے کے باہر جیپ کے پاس کھڑے دیکھا تھا۔

"بانو!" مشتاق نے اکڑ کر کہا۔ "بہتر ہو گا کہ تم یہاں سے فوراً چلی جاؤ۔ میں تمہیں آخری وارننگ دے رہا ہوں۔"

"اس کے بعد آخری وارننگ کتنے بجے دو گے؟" میں نے پھر اس کا مذاق اڑایا لیکن میں ہر قسم کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہو چکی تھی۔

مشتاق نے میرے عقب میں کھڑے ہوئے آدمیوں کو اشارہ کیا کہ وہ مجھے سنبھالیں۔ ادھر اس نے اشارہ کیا اور ادھر میرے دائیں ہاتھ نے بڑی سرعت سے حرکت کی۔ مشتاق کے منہ سے پرلیسا زناٹے کا طمانچہ پڑا تھا کہ وہ اپنی کرسی سمیت گرتے گرتے بچا لیکن میں نے خود کو کرسی سمیت بائیں جانب گرا دیا۔ دراصل میرا خیال یہ تھا کہ عقب سے مجھے دبوچنے کی کوشش کی جائے گی۔ میرا یہ قیاس سو فیصد درست ثابت ہوا۔ ادھر میں نے خود کو بائیں جانب گرایا اور ادھر مجھے دبوچنے کی کوشش کرنے والا اپنے ہی زور میں میز پر اوندھا گرا۔ فوراً ہی میں نے اپنی دائیں ٹانگ کو حرکت دی۔ میز پر اوندھے گرنے والے کی پسلیوں پر ایک بھرپور لات پڑی اور وہ دائیں جانب بیٹھے ہوئے کئی آدمیوں کو گراتا ہوا خود بھی فرش نشیں ہو گیا۔

میں گری بھی تھی اور میں نے لات بھی رسید کی تھی اس لیے میری ساڑی اور پیٹی کوٹ اوپر سرک گئے تھے لیکن ایسے ہی موقعوں پر عریانی کے اندیشے کے تحت میں ایک چست قسم کا زیر جامہ ضرور پہنے رہتی ہوں۔

لات رسید کرنے کے فوراً بعد میں میرے جسم میں اسپرنگ لگے ہوئے۔ میں ساڑی کے ڈھلکے ہوئے آنچل کو پھینکا اور اس دھینگا مشتی میں میری ساڑی کا نچلا حصہ بھی کھل گیا۔

مجھے دبوچنے کی ناکام کوشش کرنے والا میرا ساتھی مجھ پر جھپٹے اور مجھے جوڈو کراٹے کے داؤ مل گئے۔ یہ ہاتھ اتنے خوفناک ہوتے ہیں، مرغِ بسمل کی طرح تڑپ جاتا ہے۔ اس معاملے میں ان دونوں کی مہمیز اس طرح کونپیں کہ اچانک بہت سے اسپیکر کھول دیے جائیں۔ ہاتھ کی ضربیں ان میں سے ایک کے شانے پر پڑی تھیں۔

جس نے مجھے دبوچنے کی کوشش کی تھی، لپکا۔ میں نے اس کی زد سے نکلنے کے لیے تیزی اور پھر اچانک میں نے خود کو مشتاق چنگیزی کے میرے جسم میں غصے کی مشعل جل اٹھی۔ یہی غصہ میری دانست میں شکیل کی موت بھی اسی کا کیا محبوب کے محبوب کا قاتل تھا۔ یہ ثابت ہو جا اسے بہت ہی خوفناک سزا دیتی لیکن فی الحال سینے پر پورے ہتھوڑ رسید کر ہی دیا۔

وہ بوکھلایا ہوا سا کھڑا تھا۔ میرے دونوں کھا کر وہ کرسی سمیت دیوار سے جا ٹکرایا۔

چائے خانے میں افراتفری مچ گئی تھی۔ کسی نے کسی عورت کو لڑتے ہوئے دیکھا ہو۔ کوئی بھی جس کے چہرے پر حیرت منجمد نہ ہو گئی ہو۔

میں نے جس کے شانے پر کراٹے کا ہاتھ خوفناک ارادے سے میری طرف بڑھا۔ اس نے کوک کی بوتل اٹھا کر توڑ ڈالی تھی اور اب اس ٹوٹی گردن کی طرف سے بکھرے ہوئے میری طرف بڑھ کی آنکھیں ایسی ہو رہی تھیں جیسے ان میں خون ٹوٹی ہوئی بوتل کے نوکیلے حصوں کو میرے سینے کر دینا چاہتا تھا اور ادھر میں اس کے حملے کو نا کے لیے پوری طرح تیار تھی۔ مجھے اتنی مہلت نہیں کہ میں اپنے پرس سے پستول نکال لوں اس لیے کے بغیر ہی اس صورت حال سے نمٹنا تھا۔

جب وہ مجھ سے تین چار فٹ کے فاصلے پر رہ گیا

اس کی ٹانگوں میں اس طرح سلپ ماری کہ وہ اس کے دوسرے ساتھی نے مجھ پر جست دوڑ میں لے کر تیسرے غنڈے کی ٹانگوں میں کی ٹانگیں پکڑ کر گھسیٹ لیں۔ وہ چت گرا مت لگائی تھی، وہ نخچہ فرش پر اوندھا گرا تو اس لے سنی ہو گئی۔

اتنے چائے خانے کے باہر کوئی چیخا۔ "پولیس!" ے بوکھلا کر اٹھے۔ وہ خاصے سخت جان تھے ورنہ اٹھ پاتے۔ ان تینوں کے علاوہ مشتاق چنگیزی گھبراہٹ مترشح تھی اور ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے نکلنا چاہتے ہوں۔

اتنی مہلت مل گئی تھی کہ میں اپنے پرس میں سے پستول میں فرار ہونے سے روکنا چاہتی تھی اور یہ کوئی مشکل ہاں اچانک تاریکی نہ چھا جاتی۔ غالباً ان غنڈوں نوازا دیا تھا۔

بڑی تیزی سے ایک کونے میں سمیٹ لیا کیونکہ ہ بجھ گئی تھی۔ اگر میں ایک طرف نہ ہو جاتی تو الڑ رہتی۔

ہیں اٹ رہی تھیں۔ چائے کی پیالیوں اور چھپنا کے سناٹے دے رہے تھے۔ وہ چار آدمی بیٹھ رہے تھے اور ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ل نکر میں نہ ہو۔ وہ کم از کم پرس نوشی کے جرم ہو سکتے تھے۔

ے کے باہر پولیس جیپ کے رکنے کی آواز سنائی دی۔ میرے لیے غیر متوقع نہیں تھی۔ کفیل رضا کے گھر سار اپروگرام طے ہو گیا تھا۔ پولیس کو صرف اسی صورت ونا تھی جب کوئی ہنگامہ ہو جاتا۔ پروگرام کے س جیپ کو کمار سینما کے قریب کھڑا ہونا تھا لباس والے کی ڈیوٹی یہ تھی کہ وہ چائے خانے ان کی نگرانی کرے۔ ہنگامہ ہوتے ہی اس نے پ کو اطلاع دے دی ہو گی چنانچہ وہ برق رفتاری سے

"خبردار!" پولیس والوں کے چیخنے کی آوازیں

پولیس والے اس بھگدڑ پر قابو نہیں پا سکتے تھے۔ میں کہہ سکتی تھی کہ میرے مطلوبہ آدمی بھی گرفتار ہو سکیں گے یا نہیں!

پولیس والوں نے ٹارچیں جلا لی تھیں۔ انھیں اس افراتفری پر قابو پانے میں کچھ وقت لگا اور اتنی دیر میں خاصے آدمی فرار ہو چکے تھے۔ صرف گیارہ آدمیوں کو گرفتار کیا جا سکا۔

میں اب اطمینان سے ایک بینچ پر بیٹھ گئی تھی۔ ریوالور اپنے پرس میں رکھ لیا تھا اور ساڑی بھی ٹھیک کر لی تھی۔

جب فیوز جوڑ کر وہاں روشنی کی گئی تو میں نے گرفتار شدگان پر نظر ڈالی۔ ان میں مشتاق چنگیزی نہیں تھا۔ وہ تین غنڈے جو مجھ پر حملہ آور ہوئے تھے ان میں سے بھی ایک غائب تھا اور یہ باقی دو غنڈے وہی تھے جنھیں میں نے چائے خانے میں داخل ہوتے وقت ایک جیپ کے قریب کھڑا ہوا دیکھا تھا۔

پولیس آفیسر تیزی سے میری طرف لپکا اور بولا۔ "میں نے آپ کے کہنے سے عجلت میں یہ قدم اٹھا تو لیا لیکن اب میری سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ ان لوگوں پر کیا چارج لگاؤں۔ آپ کو یقین ہے کہ انہی لوگوں نے مسٹر شکیل رضا کو اغوا کیا ہے؟"

"مجھے سو فیصد یقین ہے مگر ایک گڑبڑ ہو چکی ہے۔"

"وہ کیا؟"

"وہ اہم آدمی فرار ہونے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ جن لوگوں کو آپ نے پکڑا ہے ان میں سے صرف دو آدمی ہمارے کام کے ہیں۔" میں نے اشارے سے ان دو آدمیوں کے بارے میں بتایا اور پھر کہا۔ "باقی لوگوں کو آپ چھوڑ دیں۔"

"اور ان دونوں پر کیا چارج لگاؤں؟"

"نقضِ امن کا چارج تو بہرحال لگایا جا سکتا ہے۔ جن لوگوں کو آپ گرفتار کریں گے ان میں سے کئی آدمیوں کو آپ اس بات کا گواہ بننے پر آمادہ کر سکتے ہیں کہ ان دونوں نے یہاں ہنگامہ برپا کیا تھا۔"

"اور کفیل رضا کا معاملہ؟"

"اب یہ کام آپ کا ہے کہ ان دونوں کو زبان کھولنے پر مجبور کر دیں۔"

"آپ کو یقین کیوں ہے کہ اس اغوا میں ان دونوں کا ہاتھ ہے؟"

"مجھے فون پر کسی نے یہی بتایا تھا۔ افسوس تو اس آدمی کے فرار ہو جانے کا ہے جس سے میں نے یہاں آنے کی منحوس گھڑی میں فون پر اسی کا حلیہ بتایا تھا۔ جب میں نے اس سے گفتگو کی تو وہ بھڑک گیا۔ اسی کے اشارے پر ان لوگوں نے مجھ پر حملہ کیا تھا۔ مجھ پر حملہ ہی اس بات کی دلیل ہے کہ میں صحیح آدمی تک پہنچی تھی۔"

پولیس آفیسر چند لمحے کچھ سوچتا رہا اور پھر بولا۔ "اچھا فی الحال تو میں

ان دونوں کو لے جاتا ہوں لیکن بہتر ہوگا کہ آپ ان کے خلاف ایف آئی آر تو کٹوا ہی دیں کہ انھوں نے آپ پر قاتلانہ حملہ کیا تھا۔ اگر اغوا سے ان کا تعلق ثابت نہ ہوا تو بھی آپ کی ایف آئی آر بنک گرفتاری کا ایک مضبوط جواز بن جائے گی۔"

"مضبوط جواز تو یہ بھی ہے کہ ان لوگوں نے چرس کے نشے میں یہاں مار دھاڑ کی۔ اپنی جان بچانے کے لیے اس چائے خانے کا مالک بھی دونوں کے خلاف گواہی دینے پر مجبور ہو جائے گا۔ آفیسر! دراصل میں اس معاملے میں ملوث ہونے سے گریز چاہتی ہوں۔ میں آپ کی بے حد شکر گزار ہوں گی اگر آپ مجھ سے تعاون کریں۔ میں تو اغوا کنندگان کو گرفتار کرانے کے بعد بھی اپنا نام پردے میں رکھنا چاہوں گی اور مجھے یقین ہے کہ ان لوگوں کو گرفتار کرانے میں مجھے زیادہ عرصہ نہیں لگے گا۔ میں نے ان دونوں مفروروں کو پہچان لیا ہے اور بہت جلد انھیں دھونڈ نکالوں گی پھر انھیں گرفتار کرنا آپ کا کام ہوگا۔ میں تو آخر تک پس پردہ ہی رہنا چاہتی ہوں۔"

پولس آفیسر کچھ سوچ کر مجھ سے تعاون کرنے پر پوری طرح آمادہ ہو گیا اور میں اُسے رسمی کارروائی پوری کرتے ہوئے چھوڑ کر وہاں سے روانہ ہو گئی۔

اب مجھے یہ دیکھنا تھا کہ مشتاق چنگیزی نے اپنے گھر کا رُخ کیا ہے یا نہیں؟ ایک امکان یہ بھی تھا کہ اس ہنگامہ آرائی کے بعد وہ بوکھلا کر روپوش ہو جاتا۔

لیکن اس بات کو چیک کرنے سے پہلے میں اپنے گھر کا رُخ کرنا چاہتی تھی۔ مشتاق چنگیزی کے غنڈوں سے مقابلہ کرتے ہوئے میری ساڑی پر خاصے دھبے آ گئے تھے اور میں مشتاق چنگیزی کے گھر جانے سے پہلے اُسے تبدیل کر لینا چاہتی تھی۔

جب میں گھر پہنچی تو ملازمہ نے بتایا کہ بمشکل ایک منٹ پہلے کسی کا فون آیا تھا لیکن میری عدم موجودگی کا علم ہونے کے بعد فون کرنے والے نے اپنا نام بتائے بغیر ڈس کنکٹ کر دیا تھا۔

کپڑے تبدیل کرتے ہوئے میرا ذہن اس سوال میں اُلجھا رہا کہ فون کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟ کیا جیمز فریزر؟

اُس شخص نے اب میرے ذہن کو بہت بُری طرح اُلجھا دیا تھا۔ میں تو اُسے مشتاق چنگیزی کا ساتھی سمجھتی رہی تھی لیکن آج کا واقعہ کچھ اور ہی ثابت کر رہا تھا۔ اُس نے مجھے مشتاق چنگیزی کے بارے میں بالکل درست اطلاع دی تھی اور اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ وہاں میرے لیے پہلے سے کوئی جال نہیں بچھایا گیا تھا۔

کپڑے تبدیل کر کے میں مشتاق چنگیزی کے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔ اب رات خاصی گزر چکی تھی اور سڑکوں پر برائے نام ٹریفک رہ گیا تھا۔

کار کی آواز سُن کر مشتاق چنگیزی کا ایک ساتھی باہر نکل آیا اور میں نے اُس سے پوچھا "کیا مشتاق گھر پر ہے؟"

"جی ہاں۔" یہ جواب ایسا تھا کہ مجھے جھٹکا سا لگا اور میں بولی "آ گئے؟" مجھے جیسے اپنے کانوں پر یقین نہیں آیا تھا۔

"جی ہاں، میں انھیں آپ کی آمد سے آگاہ کرتا ہوں۔ بیڈ روم میں ہیں۔ آپ ڈرائنگ روم میں تشریف رکھیں۔"

میں استعجاب کے عالم میں آگے بڑھی۔ ڈرائنگ روم میں بیٹھا کر چلا گیا اور میں سوچتی رہ گئی کہ مشتاق چنگیزی اپنے گھر واپس آ کر بڑی دیدہ دلیری کا ثبوت دیا ہے۔

مجھے زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑا۔ مشتاق چنگیزی لباس پر گاؤن پہنے ڈرائنگ روم میں داخل ہوا۔

"خوش آمدید بانو!" اُس کی مسکراہٹ زہریلی تھی۔

"خوب!" میں نے اُسے گھورتے ہوئے کہا۔ "تو اب گفتگو کر سکتے ہیں کہ کیوں؟"

"جیسا آپ مناسب سمجھیں!" مشتاق نے انتہائی اطمینان سے میرے سامنے ایک صوفے پر بیٹھ گیا۔ میں اتنا پُراعتماد نہیں دیکھا تھا۔

میں چند لمحے اُس کی آنکھوں میں دیکھتی رہی اور پھر کہا "کہاں ہے؟"

"جہاں اُس کی رضا ہوگی وہیں ہوگا۔" مشتاق نے ہاتھ پھر اس طرح قہقہہ لگایا جیسے اپنے قہقہے سے بہت لطف اندوز ہوا ہو۔

"فی الحال تو وہ جہاں بھی ہے، تمھاری رضا کے مطابق ہے۔" میں نے اُسے گھورتے ہوئے کہا۔ "لیکن تمھاری یہ رضا تمھیں مہنگی پڑ سکتی ہے۔"

"خوب!" مشتاق مسکرایا۔ "غالباً آپ نے کوئی فیصلہ کیا ہے۔" مجھے اُس کے اس تمسخرانہ انداز پر غصہ آ سکتا تھا لیکن میں اسے قابو میں رکھا۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ میں ٹھنڈے دل و دماغ سے گفتگو کر کے مشتاق کے مُنہ سے کوئی ایسی بات اُگلوا لوں جو میری رہنمائی کر سکے۔

"میں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔" میں مسکرائی۔ "فیصلہ تو میں پولیس کرتی، اگر تم چائے خانے سے بھاگ نہ لیے ہوتے۔"

"چائے خانے سے بھاگ نہ لیا ہوتا؟" مشتاق نے متحیرانہ انداز میں کہا۔ "آپ کہاں کی باتیں کر رہی ہیں خانم! کاہے خانہ اور کیسا بھاگنا؟ میں تو آج سارا دن اپنے گھر میں

کے گواہ ہیں۔"

"میں موجود لوگ بھی اس بات کی گواہی دیں گے تھے۔"

چنگیزی نے زور دے کر کہا۔ "یعنی آپ نے مجھے گرفتار کرانے کے لیے کچھ گواہ بھی جمع کر لیے ہیں! دکھاوا گئی ہوگی تاکہ وہ مجھے شناخت کر سکیں۔ جانے آپ کو آخر مجھ سے کیا دشمنی ہو گئی ہے۔ اپنی کار پر گولیاں چلوائیں اور پھر اُس سے آپ پر وہ قاتلانہ حملہ میری ایما پر کیا تھا، پھر اب ہے لیکن میں ان حرکتوں سے خوفزدہ نہیں ہو سکتا ل سکتی ہے کیونکہ میں ضمانت نامہ قبل از گرفتاری

ہت زیادہ مطمئن نظر آ رہے ہو۔" میں نے ایک "لیکن اس بات کو یاد رکھو مسٹر چنگیزی کہ صبیحہ بانو پہل بھول نہیں سکا۔"

ب متحرک نہیں لی ہے۔ آپ خود ہی مجھ سے آنکھ مچولی نہیں سمجھ سکا ہوں کہ اس کا سبب کیا ہے؟" وہی ہے جسے چھپانے کے لیے تم نے کفیل رضا

کرا کر اغوا نہیں کروایا۔ عدالت میں اس قسم کے بے بنیاد آپ کے لیے بہت مشکل ہوگا۔"

ب ہو مشتاق چنگیزی!" میں نے اُسے گھورتے ناصحوں کو چین سے نہیں بیٹھنے دیتی۔"

کا خوشگوار موڈ یکلخت بدل گیا اور اُس کی پیشانی سرد لہجے میں بولا۔ "یہ میں ایک نیا الزام سُن

م ال کی ہر چیز پر قبضہ کر رکھا ہے۔"

اق چنگیزی غرایا۔ "رام لال نے از خود یہ سب کچھ ہے۔"

م نے اُس پر کیا دباؤ ڈالا تھا؟"

س پر کوئی دباؤ نہیں ڈالا۔" مشتاق چنگیزی غراتا ہوا یہ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ اس موضوع پر مجھ سے ل ضرورت نہیں ہے۔ اگر رام لال کو مجھ سے کوئی شکایت یا اپنے ہمدردوں کو سب کچھ بتا دیتا۔"

جا سکتی ہیں۔" مشتاق چنگیزی نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا اور اندرونی دروازے کی طرف مُڑ گیا۔

یہ دوسرا موقع تھا کہ میں نے رام لال کے ذکر پر مشتاق چنگیزی کو مشتعل ہوتے ہوئے دیکھا۔ اب مجھے اس میں کوئی شبہ نہیں رہا تھا کہ مشتاق چنگیزی کو رام لال سے شدید نفرت ہے۔

مگر کیوں؟

یہ ایک اہم سوال تھا۔ مشتاق چنگیزی کو تو رام لال سے نفرت ہونا ہی نہیں چاہیے تھی کیونکہ اُس کے پاس جو کچھ بھی تھا، وہ رام لال ہی کا دیا ہوا تھا۔

میں ڈرائنگ روم میں بیٹھی یہ سب کچھ سوچتی رہ گئی اور مشتاق چنگیزی اندرونی دروازے سے دوسری طرف چلا گیا۔ اُس نے میرے رخصت ہونے کا بھی انتظار نہیں کیا تھا۔

دفعتہً ایک تیز چیخ کی آواز بنگلے میں گونج اُٹھی۔ وہ سو فیصد مُردانہ چیخ تھی اور پھر وحشیانہ سا قہقہہ سنائی دیا تھا۔

میں ہوش سے اچھل پڑی۔

وحشیانہ انداز میں قہقہے لگاتے ہوئے کوئی شخص چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا۔ "مل گیا، مل گیا، مجھے راستہ مل گیا۔"

وہ آواز، وہ چیخ اور وہ قہقہے کسی ایسے ہی شخص کے ہو سکتے تھے جو پچاس پچپن سال کی عمر کا ہو۔

میں اپنے تجسس کو دبا نہ سکی اور بے تحاشا اندرونی دروازے کی طرف جھپٹی۔

لیکن میں دروازے کو عبور نہیں کر سکی۔ مشتاق چنگیزی اچانک دروازے میں آ کھڑا ہوا تھا۔ اُس نے دونوں ہاتھ پھیلا کر میری راہ روک لی تھی۔ وہ مجھے گھورتا ہوا بڑے غصے سے بولا۔ "میں کہتا ہوں، تم یہاں سے فوراً چلی جاؤ!"

وہ وحشیانہ آواز اب بھی سنائی دے رہی تھی۔ "مل گیا، مجھے راستہ مل گیا۔"

"یہ کون چیخ رہا ہے؟" میں نے مشتاق کو گھورتے ہوئے پوچھا۔

"تم اپنی حدود سے تجاوز ہی کرتی چلی جا رہی ہو صبیحہ بانو! تمھیں میرے گھریلو معاملات میں دخل اندازی کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔"

میں نے اُس کی بکواس پر دھیان نہیں دیا۔ میرا ذہن اب بھی اُسی وحشیانہ آواز کی طرف لگا ہوا تھا اور میں اندازہ لگانے کی کوشش کر رہی تھی کہ وہ آواز کفیل رضا کی تو نہیں ہے؟

نہیں، وہ کفیل رضا کی آواز نہیں ہو سکتی تھی۔ وہ کوئی اور ہی تھا جو اب چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا۔ "مجھے چھوڑ دو۔ میں اب اس تہ خانے میں نہیں جاؤں گا۔ چھوڑو مجھے!"

شاید اس آدمی کو کسی نے پکڑ لیا تھا۔ میں اُس نامعلوم شخص کو

دیکھنے کے لیے اتنی بے چین ہو گئی تھی کہ میں نے ہر احتیاط کو گویا بالائے طاق رکھ دیا اور مشتاق چنگیزی کو بڑی زور سے دھکا دے کر اندر گھستی چلی گئی۔ مشتاق چنگیزی گرتے گرتے بڑی مشکل سے سنبھلا تھا۔ میں آواز کی سمت دوڑتی چلی گئی۔ مشتاق میرے پیچھے لپکا۔ ساتھ ہی وہ چیخا۔ "تم اچھا نہیں کر رہی ہو بانو! میں پولیس میں تمہارے خلاف رپورٹ کروں گا۔"

اگر وہ پولیس کی بجائے سربراہ مملکت کی دھمکی دیتا تو بھی میں اُس وقت نہ رُکتی۔ میں ہر قیمت پر اُس نامعلوم شخص کو دیکھنا چاہتی تھی جسے مشتاق چنگیزی نے غالباً کسی تہ خانے میں قید کر رکھا تھا۔

بنگلے کی وسعت زیادہ نہیں تھی اس لیے میں جلد ہی اُس کمرے میں پہنچ گئی جہاں ایک دُبلا پتلا بوڑھا مشتاق چنگیزی کے گھریلو ملازمین سے نبرد آزما تھا۔ تینوں ملازمین اُسے بُری طرح جکڑے ہوئے تھے اور اُسے گھسیٹ کر وہاں سے لے جانا چاہتے تھے لیکن اُس دُبلے پتلے بوڑھے میں اس بلا کی طاقت تھی کہ تینوں ملازم پسینے پسینے ہو چکے تھے۔

"میں اب وہاں نہیں جاؤں گا۔" بوڑھا چیخ رہا تھا۔ "میں اب۔"

وہ یکلخت خاموش ہو گیا اور مجھے گھورنے لگا۔ تینوں ملازمین بھی مجھے دیکھ کر کچھ پریشان ہو گئے تھے۔

میرے پیچھے پیچھے مشتاق چنگیزی بھی کمرے میں داخل ہوا۔ میں اب پوری طرح چوکنا تھی کہ اگر مشتاق مجھ پر حملہ کرے تو میں اپنا دفاع کر سکوں۔

لیکن مشتاق نے مجھے گھورتے ہوئے صرف اتنا کہا۔ "میں تم سے قانونی طور پر نمٹوں گا صبیحہ بانو!" اور پھر وہ بوڑھے کی طرف بڑھ گیا۔ اُس نے ملازمین سے کہا۔ "انہیں چھوڑ دو!"

ملازمین نے بوڑھے کو چھوڑ دیا۔ بوڑھے نے اپنی جگہ سے بالکل حرکت نہیں کی۔ وہ بس مجھے گھورتا رہا۔ مجھے اُس کی آنکھوں میں ویسی ہی دہشت نظر آ رہی تھی جیسی کسی پاگل کی آنکھوں میں دکھائی دیتی ہے۔

"آپ باہر کیوں آ گئے انکل!" مشتاق چنگیزی نے بوڑھے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بڑی نرمی سے کہا۔

"بیوقوف!" بوڑھے نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ "آخر چوہا بھی تو اپنے بِل سے باہر آ جاتا ہے۔"

"لیکن آپ کو راستہ کیسے ملا؟"

"جیسے چوہے کو مل جاتا ہے۔" بوڑھے نے کہا اور پھر وہ مستعد ظریف میری طرف ہاتھ اُٹھا کر بولا۔ "یہ چوہی کون ہے؟"

"یہ کوئی نہیں ہے۔ بس آپ اپنی خوابگاہ میں چلیے!"

"خوابگاہ!" بوڑھے نے پیر پٹخ کر کہا۔ "کوئی کھڑکی ہے نہ روشندان۔۔۔"

"لیکن ڈاکٹر نے یہی تو کہا تھا کہ آپ کو جانے۔ آپ بھول گئے کہ کھلی فضا آپ کی صحت ثابت ہو سکتی ہے۔"

"اے ہاں! یہ تو میں واقعی بھول گیا تھا۔"

"بس تو پھر اب چلیے وہیں!"

"چلو!" بوڑھا کچھ خوفزدہ ہو گیا۔ "یہاں کی ہوا نہیں پنپ رہی ہے۔ مجھے ایسا لگ رہا ہے جیسے۔۔۔ کچھ گڑبڑ ہو رہی ہے۔ سر تو نہیں کہاں بھول جائیے۔"

مشتاق نے بوڑھے کے شانوں پر ہاتھ رکھا۔ وہ دروازے کی طرف لے جانے لگا۔ پاگل بوڑھے نے کوئی اعتراض نہیں کیا تھا۔ دروازے سے گزرتے وقت اُس نے مشتاق سے کہا۔ "انہیں برآمدے تک چھوڑ آؤ!" اُس کا اشارہ میری طرف تھا۔

میں خود ہی باہر جانے کے لیے مڑ گئی۔ مجھے ملازمین کے قدموں کی آہٹ سُنائی دے رہی تھی۔ ان کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہو سکتا تھا۔ میں اُس پاگل کے بارے میں سوچ رہی تھی جسے مشتاق چنگیزی نے انکل کہا تھا۔ آج ہی میرے علم میں یہ بات بھی آئی تھی کہ اس بنگلے میں کوئی اور بھی موجود ہے۔ اب یہ بات دریافت طلب تھی کہ اس نے بتایا تھا یا وہ اس بنگلے میں پہلے ہی سے موجود تھا۔ اگر سنگیتا سے معلوم ہو سکتی تھی کیونکہ پہلے تو اس بنگلے میں سنگیتا ہی بستی تھی۔

لیکن بوڑھے کے بارے میں مجھے کون بتاتا؟

میں نے برآمدے میں مڑ کر ملازمین کی طرف پاگل بوڑھا تمہارے مالک کا چچا ہے؟"

"ہاں۔" ایک ملازم نے جواب دیا۔ "صاحب کو ان کا اپنے چچا کو پاگل خانے میں داخل کرانا اس لیے پسند نہیں پر روکر اُن کا علاج کرا رہے ہیں۔"

"کس ڈاکٹر سے؟" میں نے پوچھا۔

جواب میں اُس نے دماغی امراض کے ایک معالج نے وہ نام ایک آدھ بار سنا تھا۔

"یہ کب سے زیر علاج ہیں؟" میں نے پوچھا۔

ملازم کچھ جواب دینے ہی والا تھا کہ اُس کے ساتھی نے اشارہ کر کے چپ کر دیا۔ اور پھر مجھ سے بولا۔ "آپ یہ سارا

کیا؟"

"ہاں قسم کا تھا۔ میں نے اُس پر ایک گہری دوسری طرف دیکھنے لگا۔ میں برآمدے سے طرف بڑھی۔

میں اپنے گھر کی طرف جا رہی تھی تو میرے کی تعداد بڑھ چکی تھی۔ یہ اضافہ اُس پاگل بوڑھے مشتاق چنگیزی کے بیان کے مطابق اُس کا "انکل" قابل طلب تھی کہ واقعی کوئی ڈاکٹر اس پاگل بوڑھے نے چنگیزی نے کسی وجہ سے اس بیچارے بوڑھے کو گمراہ کیا تھا۔

وہ یہی تھی کہ ان تفتیش طلب نکات کو دوسرے طائرانہ کے سوا کوئی چارۂ کار نہ تھا۔ میں اس جا سکتی تھی اور نہ اُس ڈاکٹر کے گھر جس کا نام م نے بتایا تھا۔ سنگیتا سے مجھے یہ بات معلوم ہ تنا۔ پہلے سے تھا؟

علاوہ مجھے آگلے دن اور بھی کئی باتیں دیکھنا شکیل کو ہلاک کرنے والے اصل ٹرک کے ڈرائیور مجھے جس ٹرک کا نمبر بتا چکی تھی اُس کا پتا چلانا کام نہ تھی مگر اس میں کچھ وقت تو بہرحال لگتا۔

میں ڈوبی ہوئی جب میں گھر پہنچی تو ملازمہ نے بتایا وہ گمنام فون کال دو مرتبہ پھر آئی تھی اور پہلے کی فون کرنے والے نے اپنا نام بتائے بغیر

میں پر بیٹھی اُس پُراسرار شخص کے بارے میں نے کیوں مجھ سے رابطہ قائم کرنے کے لیے بہت تھا۔ شاید یہ وہی ہو۔ جیمز فریزر! خیر، دیکھا جائے بات کرنے کے لیے بے چین ہے تو فون

ان غنڈوں کا خیال آیا جنہیں سُپر سینما کے قریب گرفتار کیا گیا تھا۔ میں جاننا چاہتی تھی کہ پولیس کو حاصل ہو سکیں یا نہیں؟

میں پولیس آفیسر کو فون کیا جو کفیل رضا کے اغوا کی تحقیقات رابطہ قائم ہونے میں کوئی دشواری نہیں ہوئی۔ نہیں یا تو وہ جلدی سے بولا۔ "مجھے یقین تھا کہ آپ کا

ں نے کچھ اُگلا؟"

"دراصل اُنہیں اس سلسلے میں کچھ زیادہ معلومات نہیں ہیں، تاہم اُنہیں جتنا معلوم تھا، وہ میں معلوم کر چکا ہوں۔"

"یعنی؟"

"وہ دونوں اس بات سے تو باخبر ہیں کہ آج رات ایک شخص کو اغوا کیا گیا ہے لیکن وہ اغوا ہونے والے کے نام سے بے خبر ہیں، ہر چند کہ اغوا کرنے والے وہی تھے۔"

"کیا بات ہوئی؟"

"جوشی نے اُنہیں یہ نہیں بتایا تھا کہ جسے اغوا کیا جانا ہے وہ کون ہے؟"

"یہ جوشی کون ہے؟"

"بغدادی کے علاقے کا ایک بدنام شخص ہے۔ بلیک لسٹڈ ہے اور دو مرتبہ کا سزا یافتہ ہے۔" پولیس آفیسر نے بتایا۔ "اُس نے اُن کو کفیل رضا کے اغوا میں اپنا معاون بنایا تھا اور معاوضے میں بانچ ہتھیں مگر اُن دونوں نے یہ ضرور بتایا ہے کہ ہنگامے کے وقت چائے خانے میں وہ شخص بھی موجود تھا اور آپ اُسی کے پاس جا کر بیٹھی تھیں۔ آخر وہ کون تھا؟"

"مجھے ٹیلیفون پر اُسی کا حلیہ بتایا گیا تھا۔" میں نے جواب دیا۔ "میں نہیں جانتی تھی کہ پولیس آفیسر، مشتاق کے بارے میں مجھ سے کوئی سوال پانچ سو روپے دیے تھے۔ یہ دونوں اُس آدمی کے نام سے بے خبر ہیں جس نے کفیل رضا کے لیے ہوشی کی خدمات حاصل کی کر بیٹھے لہٰذا میں خود ہی اُس سے ایک بات پوچھ بیٹھی۔" آپ نے اُن دونوں سے یہ بھی پوچھا کہ وہ شخص اُس چائے خانے میں کیوں بیٹھا ہوا تھا؟"

"میں نے اس بارے میں پوچھا تھا۔ اُن دونوں نے بتایا کہ وہ وہاں جوشی ہی کا انتظار کر رہا تھا۔ دراصل اغوا کے آپریشن میں اس شخص نے خود شرکت نہیں کی تھی اور طے یہ پایا تھا کہ جوشی سے وہ اُس چائے خانے میں ملاقات کرے گا اور وہیں سے جوشی اُسے اُس جگہ لے جائے گا جہاں کفیل رضا کو مقید کیا گیا ہے۔ اُس شخص نے یہی طے کیا تھا کہ قید خانے کا مسئلہ بھی خود جوشی ہی کو حل کرنا ہے۔ اغوا میں صرف یہی دونوں آدمی جوشی کے ساتھ تھے۔ اُنہوں نے ایک جیپ استعمال کی تھی جس میں کفیل رضا بیہوش پڑا ہوا تھا۔ جوشی نے سُپر سینما کے قریب اُن دونوں کو اپنی جیپ سے اُتار دیا تھا اور اُن سے کہہ گیا تھا کہ وہ اُسی چائے خانے میں اُس کا انتظار کریں۔ یہی وجہ ہے کہ اُن دونوں کو اُس جگہ کا علم نہیں جہاں کفیل رضا کو قید کیا گیا ہے۔"

"پھر اب آپ کیا کر رہے ہیں؟"

"میں جوشی کے گھر پر چھاپہ مارنے کے لیے اسکواڈ ترتیب دے

رہے ہوں۔"

"میرا خیال ہے کہ جوشی نے یہ حماقت نہیں کی ہوگی۔"

"کیسی حماقت؟"

"اُس نے کفیل رضا کو اپنے گھر پر نہیں رکھا ہوگا اور اگر رکھا بھی ہوگا تو اس ہنگامے کے بعد اُسے فوری طور پر کہیں اور منتقل کر دیا ہوگا۔"

پولیس آفیسر ایک دو لمحے چُپ رہ کر بولا۔ "ہاں ایسا ممکن تو ہے لیکن جوشی کی تلاش میں ریڈ تو کرنا ہی ہے!"

"وِش یو گڈ لک!" میں نے اچانک یہ کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

دراصل میں نہیں چاہتی تھی کہ پولیس آفیسر مجھ سے سوالات شروع کر دے۔ میں اُسے اپنی سرگرمیوں کے بارے میں کچھ نہیں بتانا چاہتی تھی جبکہ اُس بیچارے نے مجھے سب کچھ بتا دیا تھا۔ اصولاً یہ بات غلط سُن کر مجھ سے مرعوب ہو چکا ہو۔

سلسلہ منقطع کرنے کے بعد میں شب خوابی کا لباس پہننے کے ارادے سے اُٹھی ہی تھی کہ فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ میں نے ریسیور اُٹھانے سے قبل اُسے گھور کر دیکھا۔ دراصل مجھے شبہہ تھا کہ یہ اُسی شخص کا فون ہوگا جو میری عدم موجودگی میں کئی مرتبہ مجھ سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کر چکا تھا کہ ایک پولیس آفیسر کسی غیر سرکاری شخصیت کو کچھ بتائے لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ اپنے محکمے کے آدمیوں سے میرے بارے میں سُن چکا تھا۔

بہرحال میں نے ریسیور اُٹھایا اور ماؤتھ پیس میں بولی۔ "بانو اسپیکنگ۔"

"مدتوں کر آپ مل گئیں!" مجھے وہی آواز سنائی دی جس نے مجھے مشتاق چنگیزی کے بارے میں اطلاع دی تھی۔

"تو یہ تم ہو!" میں نے کہا۔ "کیا اس سے پہلے بھی رنگ کر چکے ہو؟"

"تین مرتبہ۔"

"اب کیا اطلاع دینا ہے؟"

"اگر آپ اُسی جگہ مشتاق چنگیزی کو پکڑنے میں کامیاب ہو جاتیں تو سارا مسئلہ ختم ہو جاتا۔ وہاں سے نہ صرف مشتاق بھاگا بلکہ وہ شخص بھی جس نے کفیل رضا کو اغوا کیا تھا۔"

"لیکن وہ شخص پولیس کی دسترس سے نہیں نکل سکے گا۔"

"کیا اُس کے گرفتار شدہ ساتھیوں نے اُس کے بارے میں بتا دیا ہے؟"

"ہاں۔"

"لیکن وہ یہ نہیں بتا سکے ہوں گے کہ جوشی نے کفیل رضا کو کہاں قید کیا ہے!"

"تم شاید اِس بات سے بھی واقف ہو گے!"

"شاید نہیں یقیناً واقف ہوں۔"

"اور اب تم مجھے اُس جگہ بلانا چاہتے ہو جہاں کفیل رضا کو اغوا کیا گیا ہے تاکہ میں اُسے آزاد کرا سکوں۔"

"جب میں نے آپ کو پہلی مرتبہ فون کیا تھا تو میرا خیال تھا کہ کفیل رضا کا اغوا کنندہ اُس وقت آپ کے گھر پر موجود ہوگا لیکن اب ایسا نہیں ہے۔ وہ شخص اِس وقت کفیل رضا کو غیر ضروری طور پر طول دے رہا تھا۔ اُس کی آواز پر زیادہ سے زیادہ طور پر کسی ادھیڑ عمر شخص کی آواز پر زیادہ سے زیادہ طور پر کسی ادھیڑ عمر شخص کی آواز تھی۔ وہ دوسری طرف سے کہہ رہا تھا۔ "اب ہاسپٹل کا نام بتانا چاہتا ہوں۔"

"کیوں؟"

"اِس لیے کہ اب کفیل رضا اُسی ہاسپٹل ہی اُسے وہاں سے آزاد کرا لیا ہے جہاں مجھے بیہوشی کی حالت میں ملا تھا چنانچہ میں کہ وہ ہاسپٹل پہنچ جائے۔"

"خوب!" میرے مُنہ سے نکلا۔

دوسری طرف سے مجھے اُس ہاسپٹل کا نام اچانک میں نے کہا۔ "تم اپنی آواز بھاڑ گئے جیمز فریزر!"

یکلخت دوسری طرف سناٹا چھا گیا۔ اداکاری پر میں زیرِ لب مسکرا دی۔

"ہیلو!" میں نے قدرے توقف سے کہا۔ "ایسا معلوم ہوتا ہے... بانو... کہ آپ کسی ہیں۔" دوسری طرف سے بھرائی ہوئی آواز میں کہا گیا۔ جیمز فریزر نہیں ہے۔"

"پھر کیا ہے؟"

"یہ میں فی الحال نہیں بتا سکتا۔"

"فی الحال کی کوئی مدت؟"

"ابھی یہ بتانا بھی مشکل ہے۔"

"جہنم میں جاؤ!" میں نے کہا اور سلسلہ منقطع کا نمبر ڈائل کرنے لگی جس کا نام مجھے بتایا گیا تھا۔ ایک شناسا سا ڈاکٹر بھی تھا۔ میں نے اُس سے کہا کہ فون سے ملا دے۔ ضروری نہیں تھا کہ وہ ڈاکٹر ہوتا لیکن خوش قسمتی سے وہ مل ہی گیا۔

"ڈاکٹر انور! میں بانو بول رہی ہوں۔"

"اوہ! خیریت تو ہے؟"

"میں نے آپ کو ڈاکٹر شکیل کی آخری رسوم

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو ڈارلنگ! لیکن بعض زخم بہت تکلیف دے کر ٹھیک ہوتے ہیں۔"

"میرے احساسات کے مطابق سنگیتا کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوگا۔ ویسے میں یہ بھی کوشش کروں گی کہ وہ اس زخم کی تکلیف کو زیادہ شدت سے محسوس نہ کرے۔"

"وہ بہت پیاری لڑکی ہے۔ مجھے بہت اچھی لگی۔ آپ مجھے بھی اس سے ملوایئے گا۔"

"اگر تم چاہتی ہو تو ضرور ملواؤں گی۔"

"اور... آج رات کو آپ کا کیا پروگرام ہے؟"

"کیوں؟ خیریت؟"

"میں سوچ رہی تھی کہ رات کو آپ کے گھر آجاؤں۔ یہاں ہوٹل میں اکیلی پڑی پڑی کیا کروں گی۔"

"اکیلی؟"

"ہاں۔" سونیا نے جواب دیا۔ "آج رات کو میں اکیلی ہی ہوں۔ البرٹو ابھی تھوڑی دیر میں حیدرآباد جا رہا ہے۔"

"حیدرآباد؟ کیوں؟"

"بس یوں ہی گھومنے کے لیے۔ مجھ سے بھی کہہ رہا تھا کہ چلو لیکن میں وہ شہر ایک مرتبہ دیکھ چکی ہوں اور اب دوبارہ اُسے دیکھنے کی کوئی خواہش نہیں ہے۔ البرٹو کو اُس شہر میں نہ جانے کیا چیز بھا گئی ہے۔"

"وہاں کی صرف ایک ہی چیز کراچی میں رہنے والوں کو بھاتی ہے۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"وہ کیا؟"

"یہ پھر کبھی بتاؤں گی۔ اچھا تو پھر کب آرہی ہو؟"

"نو بجے تک آجاؤں گی۔"

"ٹھیک ہے۔ میں تمہارا انتظار کروں گی۔ آنے سے قبل مجھے فون ضرور کر لینا۔"

"اچھا۔"

میں نے ریسیور رکھ دیا اور چند لمحوں کے لیے ساری پریشانیاں میرے ذہن سے دُور چلی گئیں۔ میں گنگناتی ہوئی باتھ روم کی طرف بڑھی۔ ادھر چند دن میں جو تکان ہوئی تھی، وہ بس آج رات ہی کو ختم ہو سکے گی، میں نے سوچا اور باتھ روم میں داخل ہو کر باتھ ٹب کا نل کھول دیا۔

تیار ہو کر جب میں ناشتہ کرنے بیٹھی تو دس بج چکے تھے۔ چائے کی دوسری پیالی پیتے ہوئے میں نے اپنے دفتر فون کیا اور سیکرٹری سے کہہ دیا کہ میں آج بھی دفتر نہیں آسکوں گی۔

چائے کا وہ دوسرا کپ ختم نہیں ہونے پایا تھا کہ ملازمہ کی آمد سے مطلع کیا اور یہ بھی بتایا کہ سنگیتا معلوم ہوتا ہے کہ پریشان بھی ہے۔

"اوہ!" میں چائے کی پیالی کو تقریباً پٹختے ہوئے بولی۔ "اسے یہیں کیوں نہیں لے آئیں!"

پھر میں نے ملازمہ کا عذر سُننے میں ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا۔ تیر کی طرح اپنی خوابگاہ سے نکل کر ڈرائنگ روم کی طرف بڑھی۔ سنگیتا مجھے دیکھتے ہی صوفے سے کھڑی ہو گئی۔ مجھے دیکھ کر مجھے سہارا دینے کے لیے آگے بڑھی۔ وہ بالکل اُجڑی ہوئی لگ رہی تھی۔ پروردۂ بہار محلوں کو خزاں کا یہ تیسرا احساس ہی ہوا تھا کہ اس نے جو لباس پہن رکھا تھا، اُس پر بھی اُن گنت شکنیں تھیں۔ جو زیور وہ کل پہنے ہوئے تھی۔ وہ اب تک اُتارنے کا ہوش نہیں آیا تھا۔ یہی لباس وہ سوتے ہوئے بھی پہنے ہوئے تھی۔ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ وہ اُس رات کو ایک پل بھی نہیں سوئی تھی۔ اُس کی سُرخ آنکھیں سُوجی سُوجی سی نظر آرہی تھیں۔

"سنگیتا!" میں بیتابانہ آگے بڑھی اور اسے سینے سے لگا لیا۔ "یہ تو نے اپنی کیا حالت بنا رکھی ہے؟"

"میں بالکل ٹھیک ہوں بانو!" اُس نے پھٹا پھٹا سا جواب دیا۔

آواز کا پھٹا پھٹا جانا ایک مضحکہ خیز بات ہی تھی۔ اُس وقت میں نے سنگیتا کی آواز کو سُن کر جو کچھ محسوس کرنے کے لیے مجھے کوئی اور لفظ نہیں مل رہا ہے۔

"سنگیتا! دیکھو۔" میں نے اُس کا سر اوپر اٹھایا اور کہا۔ "میں تجھے اس حالت میں نہیں دیکھ سکتی۔" وہ ہنس پڑی تھی کہ شاید میری آنکھوں میں آنسو آگئے تھے۔ مگر میں دیکھ چکی تھی۔

"میں بالکل ٹھیک ہوں بانو!" اُس نے مسکرانے کی ناکام کوشش کی لیکن مسکراہٹ میں جو کرب پنہاں تھا، اُسے نہ چھپا سکی۔ "آپ میں کیا بات ہے بانو کہ جب مجھ پر کوئی نئی نہ آتا ہے اپنے اردگرد پھیلی ہوئی تاریکی میں مجھے صرف آپ ہی ہوا نظر آتا ہے اور میں آپ کے پاس دوڑی چلی آتی ہوں۔"

"یہ دل کی بات ہے پگلی! تو اس کا اعتراف نہ کر۔ میں تو جانتی ہوں کہ تیرے دل میں کیا ہے۔ لیکن واقعہ ہو گیا جس نے تجھے اتنا پریشان کر دیا؟" یہ سوال مجھے خیال آگیا تھا کہ سنگیتا کو کفیل رضا کے اغوا کا پتا چل گیا ہو۔

"آپ تو اس بات سے باخبر ہیں!" سنگیتا نے کہا۔

"کیا کیا گیا تھا تو آپ وہیں تھیں؟"

"کہاں تھیں؟"

"اتنی ہمت نہیں کہ وہاں جا سکوں۔" سنگیتا نے کہا تھا۔ "انھوں نے واپس گھر آکر مجھے بتایا اور پھر وہیں چونکہ گئے۔"

"آپ کو اس بات کا علم نہیں ہو سکا کہ انھوں نے کہا تھا۔" "علم ہے لیکن تمہیں کیسے معلوم ہوا؟"

"انھوں میں کچھ ایسے کاغذات تھے جن سے پولیس کو ان کے بارے میں پتا چلا تھا۔ پولیس شکیل کے ملازمین سے بھی پوچھ گچھ کر رہی تھی۔"

"سمجھ گئی۔" میں نے سر ہلا کر کہا اور پھر بیتابی سے پوچھا۔ "کفیل کی طبیعت کیسی ہے۔ مجھے رات کو جو آخری اطلاع ملی تھی وہ بیہوش تھے۔"

"صبح آٹھ بجے ہوش آیا تھا لیکن اُس کے بعد بھی وہ بیہوش تھے۔"

"میں نے تعجب سے کہا۔"

"کی توازن درست نہیں رہا ہے۔"

میرے منہ سے بیساختہ نکلا۔ "یہ کیسے ہو گیا؟"

"سے تو ڈاکٹر بھی قاصر ہیں۔ وہ بس سرسری طور پر اس بات ہیں کہ بیٹے کی موت کا صدمہ اُن کے باگل ہو جانے

"مجھے ایک بار پھر وہ پاگل بوڑھا یاد آگیا جسے میں نے گھر میں دیکھا تھا۔

"اس معاملوں میں کوئی قدر مشترک ہے؟

"بہت حاصل نہیں تھی کہ میں اس سوال پر زیادہ غور کرتی۔ سنگیتا کا بازو پکڑتے ہوئے کہا۔ "چلو ہاسپٹل چلتے ہیں۔ ذرا کفیل رضا کی کیا حالت ہے؟"

میرے ساتھ چلنے لگی لیکن اُس کی سُست رفتاری سے اظہار ہو رہا تھا۔ میں چلتے چلتے اچانک رُک گئی اور طرف دیکھتی ہوئی بولی۔ "تم نے ناشتہ کر لیا؟"

اُس نے آہستہ سے کہا اور یہ جواب دیتے ہوئے نظر چُرا لی تھی۔

"تم جھوٹ بول رہی ہو!" میں سخت لہجے میں بولی۔ "اپنے شکیل کی قسم کھا کر جواب دو کہ....؟"

"بانو!" سنگیتا جیسے تڑپ گئی اور پھر اپنا سر میرے شانے پر مار کے بلک بلک کر رونے لگی۔

"پگلی!" میں نے اُس کی پیٹھ تھپکتے ہوئے کہا۔ "خود کو اس طرح ہلاکت میں ڈالنے سے فائدہ؟ اس طرح، جانے والے لوٹ تو نہیں آتے! چلو پہلے ناشتہ کرو!" میں نے بلند آواز میں ملازمہ کو پکارا اور اُسے ناشتہ لانے کے لیے کہا۔ پھر میں روتی ہوئی سنگیتا کو سہارا دیے ہوئے، صوفے تک لے گئی اور اُس کے ساتھ بیٹھ کر اُس کا سر اپنی گود میں رکھ لیا۔ وہ اب بھی روئے جا رہی تھی اور میں نے اُسے رونے دیا۔ جب وہ روتے روتے ہلکان ہو گئی تو میں نے اُسے پانی پلایا۔ اُس کا آنسوؤں سے بھیگا ہوا چہرہ دیکھ کر میرا کلیجہ کٹا جا رہا تھا لیکن میں اُس کی ڈھارس بندھانے کے لیے زیادہ کچھ کہہ بھی نہیں سکتی تھی۔ ایسے موقعوں پر لفظ تو جیسے کہیں کھو جاتے ہیں۔ میں یہ بھی کہوں گی کہ جس کی دنیا لُٹ چکی ہو، اُس کی ڈھارس بندھانے کے لیے کوئی لفظ آج تک دریافت نہیں ہو سکا اور شاید کبھی نہیں ہو سکے گا۔

ناشتہ آیا تو سنگیتا نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "کچھ کھانے کو بالکل جی نہیں چاہ رہا ہے بانو!"

"مجھے یقین ہے کہ تم بالکل ٹھیک کہہ رہی ہو لیکن زندگی کے لیے دانہ گندم ضروری ہے۔ اب تم شاید یہ کہو گی کہ تمہیں زندہ رہنے کی آرزو نہیں۔ اُس کا جواب میرے پاس یہ ہے کہ تو ایک وقت کے نہ کھانے سے تم مر نہیں سکتیں۔ چلو کھاؤ!" میرے لہجے میں پیار بھری سختی تھی۔ میں نے خود ہی ایک سلائس اُٹھایا اور اُس پر مکھن لگانے لگی۔ پھر میں نے اپنے ہاتھ سے وہ سلائس سنگیتا کو کھلایا۔

پھر مکھن لگانے کے لیے دوسرا سلائس اُٹھا ہی رہی تھی کہ سنگیتا نے کہا۔ "پلیز بانو! اب میں نہیں کھا سکوں گی۔ بس ایک کپ چائے دے دیجیے!"

میں نے سلائس چھوڑ دیا اور پھر بولی۔ "اچھا ایک اُبلا ہوا انڈا اور کھا لو!"

میرے شدید اصرار پر سنگیتا بمشکل تمام آدھا انڈا نگل سکی اور وہ بھی پانی کے سہارے! پھر میں نے اُسے چائے بنا کر دی اور اُس روز مجھے پہلی مرتبہ یہ تجربہ ہوا کہ محبوب اگر مغموم ہو تو اُسے اپنے ہاتھ سے کچھ کھلا پلا کر کتنی آسودگی، کتنی مسرت اور کتنی طمانیت حاصل

ہوتی ہے۔

جیسا تیسا ناشتہ کرانے کے بعد میں سنگیتا کو اپنے ساتھ لے کر ہاسپٹل کی طرف روانہ ہوئی۔ راستے میں، میں نے اُس سے پوچھا "تمھارے پتاجی کہاں ہیں؟"

"ہاسپٹل ہی میں ہوں گے۔ میں اُنھیں وہیں چھوڑ کر آپ کے پاس آئی تھی۔"

اِس کے بعد میں نے ہاسپٹل پہنچنے تک سنگیتا سے کوئی بات نہیں کی۔ میں اِس سوال سے اُلجھی ہوئی تھی کہ کفیل رضا کے پاگل ہو جانے میں کوئی راز تو نہیں ہے؟ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آ رہی تھی کہ اِس پاگل پن کا سبب بیٹے کی موت کا صدمہ ہے۔ پاگل کر دینے والا ایسا جھٹکا تو دماغ پر فوری طور سے لگتا ہے اور یہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھ چکی تھی کہ کفیل رضا نے اِس صدمے کو کسی نہ کسی طرح جھیل ہی لیا تھا۔ اُس نے گزشتہ رات مجھ سے جو باتیں کی تھیں، وہ کوئی ایسا شخص ہرگز نہیں کر سکتا جس کا دماغ کسی صدمے کی زد میں ہو۔

ہاسپٹل پہنچ کر جب میں اور سنگیتا کار سے اُترے تو اچانک مجھے ایک بات یاد آئی۔ میں نے سنگیتا سے کہا "اوے ہاں! ایک بات تو بتاؤ۔ تم جس گھر میں رہا کرتی تھیں، میرا مطلب ہے جہاں اب مشتاق رہتا ہے، کیا اُس گھر میں کوئی تہ خانہ بھی ہے؟"

"جی ہاں" سنگیتا نے جواب دیا "پینسٹھ کی جنگ کے بعد پتاجی نے وہ تہ خانہ بنوایا تھا اور اُن کی یہ احتیاط اکہتر کی جنگ میں ہمارے کام آئی تھی۔ کئی مرتبہ فضائی حملوں کے وقت ہم اُس تہ خانے میں گھسے تھے۔"

"ہوں" میں سر ہلا کر رہ گئی۔

"آپ نے بڑی عجیب سی بات پوچھی!" سنگیتا بولی۔

"میں تمھیں پھر کسی وقت بتاؤں گی کہ میں نے تم سے یہ کیوں پوچھا تھا۔"

سنگیتا نے اصرار نہیں کیا کہ میں اُسے اُسی وقت بتا دوں۔

ہاسپٹل میں میرا اور رام لال کا آمنا سامنا ہوا لیکن ہم ایک دوسرے سے مخاطب نہیں ہوئے۔ میں اُن دونوں ڈاکٹروں کی باتیں سننے لگی جو کفیل رضا کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے۔ اُن کی باتوں سے مجھے پتا چلا کہ کفیل رضا کو وہاں سے سینٹل ہاسپٹل منتقل کرنے کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

"ذرا سنیے!" میں آگے بڑھ کر ایک ڈاکٹر سے مخاطب ہوئی۔

"میں کفیل صاحب سے ملاقات کرنا چاہتی ہوں۔"

دونوں ڈاکٹر میری طرف متوجہ ہوئے۔ ایک نے مجھ سے کہا۔ "آپ سے اُن کا کیا رشتہ ہے؟"

"وہ میرے ایک بزرگ ہیں" اور بس مراسم اُن کے لڑکے ڈاکٹر شکیل سے تھے۔

"آپ اُن سے کیوں ملنا چاہتی ہیں؟"

"بس اُن کی حالت دیکھنا مقصد ہے۔"

ڈاکٹر نے چند لمحے کچھ سوچا اور پھر اثبات میں سر ہلا دیا۔ سنگیتا سے کہا کہ وہ وہیں ٹھہرے اور مجھے اپنے ساتھ لیتا گیا۔ ایک کمرے کے دروازے پر رک کر بولا۔

"وہ اِسی کمرے میں ہیں۔ آپ اندر چلی جائیں۔ میں یہاں کھڑا رہوں گا۔ گھبرانے کی بھی کوئی بات نہیں ہے۔ اُن کا حال خطرے سے باہر ہے۔"

میں سر ہلا کر کمرے کا دروازہ کھولتی ہوئی اندر داخل ہو گئی۔ بستر بالکل سامنے ہی تھا اور کفیل رضا اُس پر نیم دراز لیٹے ہوئے تھے۔ اُن کی نظر دروازے ہی کی طرف تھی۔ ظاہر ہے کہ اُنھوں نے مجھے دیکھ لیا ہوگا لیکن اُن کے چہرے پر کوئی تغیر نہیں پیدا ہوا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ مجھے پہچان ہی نہیں پائے ہیں۔ میں چند قدم آگے بڑھی۔ میرے پیچھے خود کار دروازہ بند ہو گیا۔ میں بستر کے بالکل قریب پہنچ گئی لیکن وہ بدستور سپاٹ ہی رہے۔

"کفیل صاحب!" میں نے اُنھیں آہستہ سے پکارا۔

اب وہ چونکے۔ اُن کی نظر تو مجھ پر تھی ہی لیکن اب وہ مجھے دیکھ بھی رہے تھے۔ "تم!" اُن کے منہ سے نکلا۔ پھر بڑبڑائے۔ "میرا خیال ہے کہ میں تمھیں کہیں دیکھ چکا ہوں۔"

"کل رات میں آپ کے گھر پر آپ سے ملی تھی۔"

"ارے نہیں" کفیل رضا ہنس پڑے۔ "یہ ناممکن ہے۔ کل شام کو تو میں کوہ قاف میں تھا۔ دراصل میں نے بوطیقا میں پڑھا تھا کہ روس اور امریکہ کی کشیدگی ہے لہٰذا میں اِس سلسلے میں مذاکرات کرنے کے لیے اسرافیل القیس کے پاس گیا ہوا تھا۔ اُس کا بھی یہی خیال ہے کہ روس اور امریکہ کی کشیدگی ہماری فلم انڈسٹری پر بڑے خراب اثرات ڈال سکتی ہے۔ بڑے غور و خوض کے بعد ہم نے طے کیا کہ بڑی طاقتوں کی شادی کر کے اُنھیں خاندانی منصوبہ

بندی کیشن کے نیچے لے آئیں۔"

"جی ہاں یہ تو ہو سکتا ہے مگر یہ معاملہ چونکہ پولیس تک پہنچ چکا ہے اِس لیے آپ کو پولیس سے اِس کی اجازت لینا ہوگی۔"

"اُس کی طرف سے آپ فکرمند نہ ہوں۔ وہ میں کر لوں گی۔ کیا اِس وقت کوئی پولیس آفیسر ہاسپٹل میں موجود ہے؟"

"اب تو کوئی نہیں ہے۔ آپ کی آمد سے کوئی پندرہ منٹ پہلے وہ لوگ یہاں سے گئے ہیں۔"

"کیا میں آپ کا فون استعمال کر لوں؟"

"ضرور۔"

میں نے فون اپنی طرف کھسکایا اور ہوم سیکریٹری کے نمبر ڈائل کرنے لگی۔ دوسری طرف سے خود ہوم سیکریٹری نے ریسیور اُٹھایا تھا۔ میں نے اُس کی آواز پہچان لی اور کہا "میں بانو بول رہی ہوں؟"

"اوہ! بانو! خیریت تو ہے؟"

"ایک چھوٹا سا کام تھا آپ سے!"

"ہاں ہاں، کہیے!"

میں نے اُسے مختصراً کفیل رضا کے بارے میں بتایا اور پھر کہا "اب میں کفیل رضا کو اپنے گھر لے جانا چاہتی ہوں تاکہ دماغی امراض کے کسی ماہر سے اُن کا علاج کروا سکوں۔ ہاسپٹل والے کہہ رہے ہیں کہ مجھے اِس سلسلے میں پولیس سے اجازت لینا پڑے گی۔"

"اوہ! تو یوں ہے معاملہ! اچھا، ٹھیک ہے۔ میں ابھی اِس سلسلے میں ڈی آئی جی کو فون کیے دیتا ہوں لیکن آپ اِس معاملے میں کیوں پھنس گئیں؟ کوئی خاص چکر تو نہیں ہے؟"

"ابھی تو یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ کوئی خاص چکر ہے یا عام چکر!... میں اِس معاملے میں اپنی ایک دوست کی وجہ سے پڑی ہوں۔ اِس سلسلے کی تفصیلات، میں آپ کو پھر کسی وقت بتاؤں گی۔ فی الحال تو آپ میرا یہ کام کروا دیجیے!"

"میں ڈِس کنکٹ کرنے کے بعد سب سے پہلے ڈی آئی جی ہی کو فون کروں گا۔"

"شکریہ" میں نے کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

ڈاکٹر بڑے غور سے میری طرف دیکھ رہا تھا اور شاید جاننے کا خواہشمند تھا کہ میں نے کس سے گفتگو کی تھی۔

"یہ ہوم سیکریٹری تھے" میں نے اسے بتایا۔

"اوہ، اچھا" ڈاکٹر نے سر ہلایا۔ غالباً وہ سوچ رہا ہوگا کہ یہ عورت خاصی بارسوخ معلوم ہوتی ہے۔

لہٰذا تمھارا اِس بارے میں کیا خیال ہے؟" کفیل رضا میری طرف دیکھنے لگا جیسے اُس نے انتہائی اہم نکتہ پیش کیا ہو۔

میں کھڑی اُس کے چہرے کا جائزہ لیتی رہی۔

کفیل رضا چند لمحے بعد بڑے بزرگانہ انداز میں مسکرایا جیسی بچی ہو۔ اتنے اہم معاملے پر کوئی رائے نہیں دے سکتیں۔ "اسرافیل القیس نے یہی طے کیا ہے کہ گریٹا گاربو اور امریکہ کی شادی کرا دی جائے۔ بس پھر یہ منصوبہ بندی کیشن کے نیچے میں پھڑپھڑاتے رہ گئے۔" کفیل رضا کھلکھلا کر ہنس پڑا۔ ایسا معلوم ہوا تھا اور امریکہ کی متوقع بے بسی کے تصور سے محظوظ ہو

گئی کہ یہاں وقت ضائع کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ کفیل رضا کو کوئی ڈھنگ کی بات کرنے کے قابل نہیں

کفیل رضا گویا سنجیدہ ہو کر بولا۔ "کہ اُن کی آدھی رات ہو گئی۔ پھر جب میں نے واپسی کا قصد کیا تو میری گھوڑا گاڑی کا پٹرول ختم ہو گیا ہے۔ اتفاق سے شہر میں بھی پٹرول کی بہت شدید قلت ہے کیونکہ ایران سے تعلقات کچھ خراب ہو گئے ہیں۔ بہرحال اسرافیل القیس کے ہاں سے آج نمازِ فجر کے وقت پٹرول کا بندوبست کروایا جا سکے آیا۔ اب تم ہی بتاؤ کہ کل رات تم سے میری ملاقات ہو سکتی تھی؟"

"شش! کفیل صاحب!" میں نے آہستہ سے کہا اور واپسی کے دروازے کی طرف مڑ گئی۔

"ارے! کفیل رضا نے مجھے پکارا۔ "آج میں فلم دیکھنے جاؤں گا۔ ریزرویشن کروا دینا۔ بڑی اچھی فلم ہے۔ کیا نام..... ہاں!"

دروازہ کھول کر باہر نکل آئی۔

میں نے پھر ڈاکٹروں سے ملاقات کی اور اُن سے پوچھا۔ "کیا یہ ہے کہ مسٹر کفیل کو مینٹل ہاسپٹل منتقل کیا جائے؟"

"ہاں، ہمارے ہاسپٹل میں اِس کیس پر کام نہیں ہو سکتا۔"

"آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ دراصل میں یہ چاہتی تھی کہ میں کفیل کو اپنے گھر لے جاؤں اور نجی طور پر اُن کا علاج

"ڈاکٹر انور تو اس وقت موجود نہ ہوں گے!" میں نے اس طرح پوچھا جیسے اپنا خیال ظاہر کر رہی ہوں۔

"جی ہاں، اُن کی ڈیوٹی صبح چار بجے ختم ہو جاتی ہے۔ آپ انھیں کیسے جانتی ہیں؟"

"وہ بہت عرصے سے میرے کرم فرما ہیں۔ میں اُن سے ایک مشورہ لینا چاہتی تھی۔ خیر، اب آپ ہی سے لیے لیتی ہوں۔ ذرا یہ بتائیے کہ میں کفیل صاحب کے علاج کے سلسلے میں کس ڈاکٹر سے رجوع کروں؟ ایک نام میرے ذہن میں ہے۔ آپ اُن کے بارے میں اپنی رائے بتائیے!" میں نے اُس ڈاکٹر کا نام لیا جو بہتیرے طور پر مشتاق چنگیزی کے گھر میں موجود بانگل بوڑھے کا علاج کر رہا تھا۔

"اُن کے بارے میں مجھے کچھ زیادہ معلومات نہیں۔" ڈاکٹر نے جواب دیا۔ "ویسے اصل وہ ابھی حال ہی میں باہر سے تعلیم حاصل کر کے آئے ہیں۔"

"گویا زیادہ تجربے کار نہیں؟"

"میں اس سلسلے میں کچھ عرض نہیں کر سکتا۔" ڈاکٹر نے محتاط رہ کر جواب دیا۔

"اُن کا فون نمبر معلوم ہے آپ کو؟"

"ڈائرکٹری میں مل جائے گا۔" ڈاکٹر نے کہا اور خود ہی ڈائرکٹری اُٹھا کر فون نمبر تلاش کرنے لگا۔

میں یہ گفتگو ڈاکٹر کے اُس کے کمرے ہی میں بیٹھ کر کر رہی تھی جبکہ رام لال اور سنگیتا باہر تھے۔

ڈاکٹر نے فون نمبر تلاش کر کے مجھے بتایا اور میں فون پر وہ نمبر رنگ کرنے لگی۔ رابطہ فوراً ہی قائم ہو گیا۔ دوسری طرف سے ڈیوٹی ڈاکٹر بول رہا تھا۔ میں نے اُسے اپنا نام بتایا اور غرض و غایت بیان کی۔ اس کے جواب میں وہ بولا۔ "آپ کلینک آ کر مجھ سے مل لیجیے تاکہ میں اس سلسلے میں ضروری کوائف معلوم کر سکوں۔"

"آپ کلینک میں کب تک ہوتے ہیں؟"

"آپ شام کو پانچ اور سات بجے کے درمیان مجھ سے مل لیجیے۔"

"بہتر ہے۔ اچھا ہاں! ایک بات یونہی برسبیلِ تذکرہ پوچھ رہی ہوں۔ جن صاحب نے مجھے آپ کا نام بتایا تھا اُنھی سے مجھے یہ بات بھی معلوم ہوئی تھی کہ آپ مشتاق چنگیزی صاحب کے چچا کا بھی علاج کر رہے ہیں!"

"چچا نہیں، وہ مشتاق صاحب کے ماموں۔"

"اچھا اچھا، مجھے یہ بات آج ہی معلوم ہوئی ہے۔ اچھا ڈاکٹر! کا سبب کیا ہے ڈاکٹر!"

"وہ سر کے بل گر پڑے تھے جس سے اُن کی خاص حصے پر بڑی شدید ضرب آئی تھی۔"

"اوہ، اچھا! خیر، تو میں شام کو پانچ بجے آؤں گی۔"

"ضرور تشریف لائیے!" دوسری طرف منقطع ہونے کی آواز آئی۔

"اچھا ڈاکٹر! شکریہ۔" میں کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "کوئی آئی جی نے متعلقہ پولیس افسران کو اس کی اطلاع دی ہوں گی۔ آپ اُن سے رابطہ قائم کر کے اپنا بیان لکھوا دیجیے گا۔ میں ایک گھنٹے بعد پھر آؤں گی تاکہ کفیل صاحب کو اسپتال سے اپنے گھر منتقل کروا سکوں۔ ویسے منتقل کرنا ڈاکٹر کی نگرانی اور انتظام میں ہو سکے گا۔ میں تو جانتی ہوں قسم کے ذہنی مریضوں کو کس طرح قابو میں رکھا جاتا ہے۔"

"آپ فکر نہ کریں۔ میں سب بندوبست کروا دوں گا۔"

میں نے چونکہ ڈاکٹر کے سامنے ہی ہوم سیکرٹری کی تھی اس لیے وہ ہر طرح سے کوآپریٹ کرنے پر آمادہ تھا۔

باہر آ کر میں نے سنگیتا کو بتایا کہ میں نے فون کے سلسلے میں کیا انتظامات کیے ہیں، پھر میں نے راہ میں "کیا میں آپ کو آپ کے گھر تک چھوڑ آؤں؟" وغیرہ ساری کارروائیوں کے دوران میں میرے ساتھ ہی رہا۔

رام لال نے سنگیتا کی طرف دیکھا۔ سنگیتا اُس کی بولی "جی ہاں پتاجی! مجھے تو ان حالات میں بالو کے رہنا چاہیے۔"

"ٹھیک ہے۔" رام لال کھڑا ہوتا ہوا بولا۔ "میں گھر چلا جاؤں گا۔"

"لیکن جب میری گاڑی موجود ہے تو آپ رکشا پیچھے کیوں دھکے کھانا چاہتے ہیں۔ اس وقت یہاں کنوینس ملنا آسان نہیں ہو گا۔" دراصل میں یوں بھی اصرار تھی کہ اس طرح مجھے راستے میں رام لال سے کچھ باتیں مل جاتا۔

لیکن رام لال آمادہ نہیں ہوا، کہنے لگا۔ "خود تھوڑی

میں کوئی حرج نہیں، بہ نسبت اس کے کہ وہ سرکل بہانے۔"

"کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔" میں نے جلدی سے کہا۔ "میری بات کو درِ خور اعتنا نہیں جانا اور سنگیتا تو رکھ کر بولا۔" اچھا تو اب میں چلتا ہوں۔ جیسے تے فارغ ہو، گھر آ جانا۔"

ا لیے سنگیتا کے جواب کا بھی انتظار نہیں کیا اور ف مڑ گیا۔

گیتا کی طرف دیکھا تو اُس نے نظر جھکا لی۔ اُس شرمندگی ہویدا تھی۔ وہ دھیرے سے بولی۔ "بالو ا ل کے رویے کے باعث آپ سے معافی کی لی۔"

لارگٹ اِٹ!" میں نے اُس کا خانہ تھپک کر اپنائی پشہ ذہن پر ان باتوں کا بوجھ نہ ڈالو۔ میں سب ٹھیک ا زا میرے ساتھ چلو!"

ھ لے کر ہاسپٹل سے باہر آ گئی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ لگتا کی موجودگی قطعاً ضروری نہیں تھی لیکن میں نے لیے اپنے ساتھ رکھا تھا کہ اُسے تنہائی کا زیادہ موقع ملے تو یادوں کے چبھتے ہوئے سائے اُس کو بنھے۔

ے اپنے ساتھ رجسٹریشن آفس لے گئی لیکن جب میں مل ہوئی تو تنہا تھی۔ سنگیتا کو میں نے باہر کار ہی میں یا تھا۔ میں نے وہاں صرف پندرہ منٹ صرف کیے ں۔ جب میں نے کار اسٹارٹ کی تو سنگیتا نے پوچھا۔

ام تھا آپ کو؟"

اُس ٹرک کے بارے میں معلوم کرنا تھا جس کا نمبر تم ما۔"

ں پولیس کو تو دو اور گواہوں نے کوئی دوسرا نمبر بتایا تھا!"

راہ جھوٹے ہیں۔ جھوٹی گواہی اصل قاتل کو بچانے والی گئی ہے لیکن وہ بدبخت لوگ یہ بھول گئے ہیں کہ ر جسے ہلاک کیا ہے، وہ صبیحہ بالو کی محبوب کا خوب تھا۔

ے بچے اُس وقت تک سکون نہیں مل سکتا جب تک ام نہ لے لوں۔"

پ خود کو اتنے خطروں میں نہ ڈالیے بالو!" سنگیتا نے ہچراتی ہوئی آواز میں کہا۔ "وہ تو اب آ نہیں سکے گا جو چلا گیا۔ یہ حالات جیسے دماغ کو پراگندہ کیے دے رہے ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر یہ سب کیا ہو رہا ہے! انکل کفیل اتوار کے گئے اور جب ملے تو پاگل ہو چکے تھے۔ بھگوان نہ کرے اگر آپ کو کچھ ہو گیا تو میں خودکشی کر بیٹھوں گی۔ مجھے نہ جانے کیوں یہ محسوس ہونے لگا ہے کہ اب دنیا میں شکیل کے بعد صرف آپ ہی میری ہیں۔ مجھے تو اپنے پتاجی بھی اب اپنے پتاجی نہیں محسوس ہوتے۔"

"جذباتی نہ ہو! تمھارے پتاجی اب بھی تمھارے پتاجی ہیں اور ہمیشہ تمھارے رہیں گے۔ یہ اُن کی کوئی مجبوری ہے جس نے انھیں ایسا بنا دیا ہے۔ اُن کے لیے بھی اب دنیا میں صرف تم ہی ہو!"

"ہاں۔" سنگیتا نے بڑی تلخی سے کہا۔ "صرف میں ہی ہوں جسے وہ زمانے کی ٹھوکروں میں ڈال سکتے ہیں۔"

"تم اس کی پروا مت کرو۔ میں بہت جلد زمانے کو تمھاری ٹھوکروں میں لا ڈالوں گی۔ اب تم ذرا ہمت سے کام لو۔ یہ مجھے تمھارے تعاون کی ضرورت ہے۔"

"میرے تعاون کی؟"

"ہاں۔" میں تمھیں ہاسپٹل پہنچا کر ایک کام سے چلی جاؤں گی۔ تمھیں ہاسپٹل والوں کے تعاون سے انکل کفیل کو میرے گھر منتقل کروانا ہے۔ میں اس سلسلے میں فون پر اپنی ملازماؤں کو بھی ہدایت کر دوں گی۔ تم گھر پر اُس وقت تک رُکنا جب تک میں نہ آ جاؤں۔ اور ہاں! شکیل کے گھر کا کیا ہو گا؟ وہاں اب صرف ملازمین رہ گئے ہیں۔"

"وہ سب ملازمین اعتماد کے آدمی ہیں لیکن اب اُنھیں رکھنے سے فائدہ بھی کیا! اگر ممکن ہوتا تو اُن کا حساب کر کے گھر کو مقفل کر دیا جاتا۔"

"تو یہ ممکن کیوں نہیں ہے؟"

"اُن لوگوں کی تنخواہیں کہاں سے دی جائیں گی؟ انکل کفیل تو اپنے ہوش میں نہیں ہیں۔"

"وہ سب تو خیر ہو جائے گا لیکن اس کام کو فی الحال دو ایک روز کے لیے ملتوی رکھو۔"

"جیسا آپ مناسب سمجھیں۔"

میں نے سنگیتا کو ہاسپٹل پہنچایا اور وہیں سے ٹیلیفون پر اپنی ملازماؤں کو ضروری ہدایات دے دیں۔ اس کے بعد میں سنگیتا کو چھوڑ کر وہاں سے روانہ ہو گئی۔ میری منزل ایک ریسٹورنٹ تھی

جس کے مالک کے بارے میں مجھے پتا چلا تھا کہ اُس کے کئی ٹرک چلتے ہیں۔ انہی ٹرکوں میں سے ایک ٹرک کا نمبر وہ تھا جس کا نمبر مجھے سنگیتا سے معلوم ہوا تھا۔

ریسٹورنٹ کے مالک کا نام آئی۔ ایچ صابری تھا اور اب مجھے یہ بات معلوم کرنا تھی کہ مشتاق چنگیزی سے اُس کا کیا تعلق ہے کہ وہ مشتاق کا آڈر کارڈ کر گیا۔ اُس وقت میرے ذہن میں پہلی مرتبہ یہ خیال بھی آیا کہ میرا پہلا شبہہ غلط بھی ہو سکتا ہے۔ اِس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ شکیل کی موت میں مشتاق چنگیزی کا ہاتھ نہ ہو۔ پہلے تو میں نے بس جذباتی طور پر سوچ لیا تھا کہ شکیل کو ہلاک کرنے والا مشتاق چنگیزی ہوگا کیونکہ وہ ہاتھ دھو کر سنگیتا کے پیچھے پڑا ہوا تھا۔ میری یہ سوچ کسی مضبوط جواز کے بغیر تھی لیکن اب میرا ذہن دونوں ہی پہلوؤں پر غور کرنے کے لیے آمادہ ہو گیا تھا۔

سوسائٹی کے علاقے میں وہ ایک چھوٹا سا صاف ستھرا ریسٹورنٹ تھا۔ مجھے نہیں معلوم کہ اب بھی وہ ریسٹورنٹ ہے یا نہیں لیکن اُس زمانے میں اُس ریسٹورنٹ کی زیادہ تر آمدنی اُن رومان زدہ جوڑوں کی وجہ سے ہوتی تھی جو ملاقات کے لیے ٹھکانے ڈھونڈتے پھرتے ہیں۔ اُن کے علاوہ وہاں ایسی لڑکیاں بھی نظر آتی تھیں جنھیں گاہک کی تلاش ہوتی تھی۔ میں نے سنا ہے کہ اِس علاقے کے بعض ریسٹورنٹ اِس قسم کی لڑکیوں کو اپنے عقبی کمرے بھی کرائے پر دے دیتے ہیں تاکہ "طلب و رسد" کے مراحل طے ہونے میں وقت کا "زیاں" نہ ہو۔

میں اِس ریسٹورنٹ میں دو ایک مرتبہ جا چکی تھی لیکن آج وہاں جانے کا ایک خاص مقصد تھا۔ میں نے گاڑی ریسٹورنٹ کے سامنے روکی اور دروازہ لاک کر کے ریسٹورنٹ میں داخل ہوئی۔

اُس وقت وہاں اتنی بھیڑ بھاڑ نہیں تھی جتنی اِس علاقے کے ریسٹورنٹ میں شام کے وقت ہوتی ہے۔

میں کاؤنٹر پر بیٹھے ہوئے آدمی پر ایک گہری نظر ڈالتی ہوئی بائیں گوشے کی ایک خالی میز پر جا بیٹھی۔ میں سوچ رہی تھی کہ کاؤنٹر پر بیٹھا ہوا یہی شخص اِس ریسٹورنٹ کا مالک ہے یا یہ کوئی ملازم ہے؟

ویٹر آیا تو میں نے اُسے چائے کا آرڈر دیا اور اردگرد کے ماحول کا جائزہ لینے لگی۔ وہاں دو ایک لڑکیاں بھی تھیں لیکن اُن کے چہرے اِتنے دلکش نہیں تھے کہ میری زیادہ توجہ حاصل کر سکتے۔

ویٹر چائے کے ساتھ کچھ اسنیکس بھی لایا تو میں نے اچانک اُس سے کہا۔ "سنو!"

"جی!" وہ میری طرف مڑ کر مؤدبانہ بولا۔

"اشرف صاحب کہاں ہیں؟" میں نے پوچھا۔

"کون اشرف صاحب؟"

"اِس ریسٹورنٹ کے مالک۔"

"اِس کے مالک تو صابری صاحب ہیں۔" وہ کاؤنٹر کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔ "وہ بیٹھے ہیں۔"

"اچھا! میں سمجھی تھی کہ یہ کوئی ملازم ہیں۔" میں نے کہا۔

"اِس ریسٹورنٹ کے مالک؟"

"جی نہیں۔"

"اوہ! تو مجھے کسی نے غلط بتایا تھا۔ چلو، میرا بھی کام ہو گیا۔" میں نے ویٹر کو متاثر کرنے کے لیے مسکراہٹ سے نوازا۔

"کوئی بات نہیں میڈم! ہم تو آپ کے خادم دانت نکال دیے۔

میں سر ہلا کر چائے کی طرف متوجہ ہو گئی تاکہ وہ کسی امید میں وہاں مزید کھڑا نہ ہو سکے۔

اُس کے جانے کے بعد میں نے ایک چکن پیٹس بنانے لگی۔ میں نے اِس بات کی تصدیق تو کر ہی لی تھی کہ وہ جو شخص ہے صابری ہے۔ اب میں نے ایک مرتبہ پھر اُسے دیکھا۔ وہ پینتالیس پچاس سال کا ایک گٹھے ہوئے جسم کا مالک، سُرخ و سفید تھا اور وہ قمیص پتلون پہنے ہوئے خاصا معقول معلوم ہو رہا تھا۔

چائے پیتے ہوئے میں سوچنے لگی کہ مشتاق چنگیزی کے تعلق یا عدم تعلق کا سراغ کیسے لگایا جائے۔ یہ سوچتے ہوئے میری نظر ایک شخص پر پڑی جو ریسٹورنٹ میں داخل ہونے کے بعد کاؤنٹر کی طرف بڑھا تھا۔ اُس کی وضع قطع ایسی تھی کہ میں نے توجہ دینے کے لیے مجبور ہو گئی۔ وہ شلوار قمیص پر کوٹ پہنے ہوئے تھا۔ اُسے دیکھ کر مجھے اُن دونوں جھوٹے گواہوں کا خیال آ گیا جنھیں پولیس کو غلط راہ پر ڈالنے کے لیے ٹرک کا نمبر غلط بتایا تھا اور اُن کے مطابق اُن سے یہ غلط بیان دِلوانے والے کی وضع قطع بالکل ایسی تھی جیسی وضع قطع میں یہ نووارد تھا۔

وہ کاؤنٹر پر جا کر رُکا اور کاؤنٹر پر کہنیاں ٹیک کر آگے جھکا

ہی صابری سے کچھ کہہ رہا تھا اور صابری کے چہرے پر بھی تھی۔ اُس وقت میری چھٹی حس نے یقین دلایا ہے جس نے اُن دونوں آدمیوں سے جھوٹی گواہی لینے کا فیصلہ کیا کہ اِس آدمی کی نگرانی کروں گی۔ ویٹر کو اشارے سے بلایا اور اُس سے کہا۔ "لو یہ بل لے اُسے دس کا ایک نوٹ دیا۔" مجھے اچانک ایک میں ذرا جا رہی ہوں۔" میں چائے کی نصف پیالی مل یہیں اُس شخص سے پہلے ہی ریسٹورنٹ سے ہوں اور مجھے یقین تھا کہ وہ بھی جلد ہی ریسٹورنٹ سے اندازہ صاف بتا رہا تھا کہ وہ صابری کو بس کوئی اطلاع آیا ہے۔

میں جا بیٹھی اور اُس ٹھیکیدار نما آدمی کے باہر آنے کی۔ میں چاہتی تھی کہ اُس شخص کے ٹھکانے کا پتا میں اُن جھوٹے گواہوں سے اُس کی شناخت بھی خیال تھا کہ وہ دونوں جھوٹے گواہ پوری طرح میرے کسی وقت بھی میرے خلاف جانے کی ہمت نہیں

بعد ہی میں نے اُس مشتبہ شخص کو ریسٹورنٹ سے وہاں ایک ٹیکسی میں آیا تھا اور ٹیکسی وہیں رُکی ہوئی تھی۔ کرد ونواح ہوا تو میں نے اپنی کار اُس کے تعاقب میں

ہ انعام دستگیر کالونی پہنچ کر ہوا۔ ٹیکسی کو ایک مکان کے بیکر میں نے اپنی رفتار بہت کم کر دی تھی۔ مشتبہ شخص کر مکان کے پھاٹک میں چلا گیا اور ٹیکسی آگے بڑھ گئی۔ نے ٹیکسی میں بیٹھے بیٹھے کرایہ ادا کر دیا تھا۔

نے کار کو بدستور کم رفتار سے اُس مکان کے سامنے سے گزارا۔ ان کا نمبر دیکھنا چاہتی تھی۔ نمبر کے ساتھ ہی مجھے میم پلیٹ بھی ہلکے بڑے بھدے خط میں "ٹھیکیدار حاجو خاں" لکھا ہوا ہو کر مجھے ہنسی آتے آتے رہ گئی۔ اُس شخص کو دیکھ کر میں ٹھیکیدار کا تصور اُبھرا تھا اور وہ واقعی ٹھیکیدار ثابت

ے چوراہے سے میں نے کار واپس موڑی اور جب میں لیاقت آباد انڈر پاس کراس سے گزر رہی تھی تو مجھے خیال آیا کہ کیوں نہ ات اُن دونوں جھوٹے گواہوں سے مل کر ٹھیکیدار حاجو خاں کی شناخت کا وقت طے کر لوں۔ اُن میں سے ایک لیاقت آباد میں اور دوسرا نیو ٹی کے قریب رہتا تھا لیکن پھر مجھے خیال آیا کہ وہ دونوں تو شاید ملازمت پیشہ ہیں لہٰذا اِس وقت اپنے گھروں پر نہیں ہوں گے۔

میں سیدھی ہاسپٹل پہنچی۔ وہاں سے معلوم ہوا کہ تھوڑی دیر قبل کفیل رضا کو میرے گھر کی طرف روانہ کیا جا چکا ہے اور سنگیتا بھی ہاسپٹل کے اُن لوگوں کے ساتھ ہے جو کفیل رضا کو لے کر گئے ہیں۔

اب میں نے اپنے گھر کا رُخ کیا۔

سنگیتا برآمدے میں ٹہل ٹہل کر میرا انتظار کر رہی تھی۔ ہاسپٹل والے شاید واپس جا چکے تھے ورنہ اُن میں سے کوئی تو نظر آتا۔ اِس کے علاوہ وہاں ہاسپٹل کی کوئی گاڑی بھی دکھائی نہیں دے رہی تھی۔

"آپ بہت جلدی آ گئیں!" سنگیتا نے کہا۔ "نہ جانے کیوں میرا خیال تھا کہ شاید آپ تین چار گھنٹے میں لوٹیں۔ ہمیں بھی یہاں آئے ہوئے ابھی زیادہ وقت نہیں ہوا۔ مشکل سے پندرہ منٹ گزرے ہوں گے۔"

"تمھارے انکل کس کمرے میں ہیں؟"

"آپ کی خوابگاہ کے برابر والے کمرے میں۔" سنگیتا نے جواب دیا۔ "ملازمہ نے بتایا تھا کہ اُس کمرے میں آپ کبھی کبھی اپنے کسی مہمان کو ٹھہراتی ہیں اور آپ نے انکل کے سلسلے میں بھی اپنی ملازمہ کو فون پر یہی ہدایت کی تھی۔"

"ہاں۔" میں سنگیتا کا ہاتھ تھامے ہوئے ڈرائنگ روم میں آ گئی۔ صوفے پر بیٹھ کر میں نے ملازمہ کو پکارا اور اُس سے کہا کہ کھانا میز پر لگا دیا جائے۔ پھر میں نے سنگیتا سے پوچھا۔ "تمھارے انکل نے یہاں آتے ہوئے کوئی مزاحمت تو نہیں کی؟"

"اِس کے برعکس وہ بہت خوش ہیں۔" سنگیتا نے بتایا۔ "ہاسپٹل کو بھی وہ ہوٹل سمجھ رہے تھے۔ نہ جانے کیسے اُن کے دماغ میں یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ اُن کے گھر میں روس اور امریکہ کی ریشہ دوانیاں بہت بڑھ گئی ہیں اِس لیے وہ اپنے گھر کی بجائے کسی ہوٹل میں بسنے پر مجبور ہیں۔ ہاسپٹل والوں نے بھی اُن کے اِس انداز فکر کو دیکھتے ہوئے اُنھیں یہ باور کرا دیا تھا کہ وہ ہوٹل اُن کے شایانِ شان نہیں لہٰذا اُنھیں ایک شاندار ہوٹل میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ پھر یہاں آ کر وہ بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ یہ ہوٹل تو واقعی شاندار ہے۔"

میں نے آہستہ سے سر ہلایا اور پھر کہا۔ "میں آج شام اُن کے علاج کے سلسلے میں دماغی امراض کے ایک ماہر سے ملوں گی۔"

ذرا دیر بعد ملازمہ نے اطلاع دی کہ کھانا لگایا جا چکا ہے۔

"آؤ!" میں نے سنگیتا سے کہا اور کھڑی ہو گئی۔ "کھانے کے بعد میں تمہیں تمہارے گھر چھوڑ آؤں گی۔"

سنگیتا کے چہرے سے یوں معلوم ہوا جیسے وہ کھانے سے انکار کرنا چاہتی ہے لیکن میں نے اُسے اتنی تیکھی نظر سے دیکھا کہ وہ خاموشی سے اُٹھ کر میرے ساتھ ڈائننگ روم میں آ گئی۔

میں نے ابھی ذرا ہی دیر قبل ریسٹورنٹ میں ایک پیٹیس کھا کر چائے پی تھی اس لیے مجھے زیادہ بھوک نہیں لگ رہی تھی لیکن میں نے محض اس لیے کھانا ضروری سمجھا تھا کہ میرے ساتھ سنگیتا بھی تھوڑا بہت کھا لیتی۔

کھانے کے بعد میں اُسے لے کر باہر ٹیرس جیکب لائنیز کی طرف روانہ ہوئی۔ راستے میں، میں نے سنگیتا سے پوچھا۔ "کیا اسپتال میں کوئی پولیس آفیسر آیا تھا؟"

"جی ہاں، وہ تو ہمارے ساتھ گھر تک آیا تھا اور آپ سے ملنے کے لیے بے چین تھا۔ ممکن ہے، وہ پھر آئے۔"

"اچھا، اب تم کب آؤ گی؟"

"میں بہت تھکن محسوس کر رہی ہوں، شاید آج نہ آ سکوں لیکن کل صبح ضرور آؤں گی۔"

"ٹھیک ہے، تم گھر جا کے سو جانا۔ میں شرط لگا کر کہہ سکتی ہوں کہ گزشتہ رات تم ایک پل بھی نہیں سوئیں۔"

سنگیتا چپ رہی۔ اُس میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ میرے بالکل صحیح اندازے کی تردید کر سکتی۔

میں نے اُسے اُس کے گھر چھوڑا اور رام لال کا سامنا کیے بغیر لوٹ آئی۔ میں اب اُس شخص سے ملنا ہی نہیں چاہتی تھی۔ مجھے ڈر تھا کہ اُس کے خشک رویّے کے جواب میں میرے مُنہ سے کوئی سخت بات نکل گئی تو سنگیتا کو تھوڑی بہت تکلیف ضرور پہنچے گی۔ رام لال بہرکیف اُس کا باپ تھا۔

وہاں سے واپسی پر میں نے اُس پولیس آفیسر سے ملاقات کی جس نے کفیل رضا کے اغوا کی تفتیش کا آغاز کیا تھا۔ وہ اب پہلے سے بھی زیادہ سبک سر ہو کر مجھ سے ملا۔ غالباً اُسے علم ہو چکا ہو گا کہ ہوم سیکرٹری بھی میرے طرفداروں میں سے ہے۔

"جوشی رُوپوش ہو گیا۔" اُس نے مجھے بتایا۔

"میں یہی توقع کر رہی تھی۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔

"لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مسٹر کفیل رضا ہاسپٹل کے قریب پڑے ہوئے کیسے ملے؟... اور پھر یہ کہ وہ پاگل بھی ہو گئے۔"

"میرا اندازہ ہے کہ اُنھیں کوئی ایسی زہریلی چیز دی گئی ہے جس نے اُن کے دماغ کو متاثر کیا ہے۔"

"لیکن اِس حرکت کا مقصد؟"

"یہی تو آپ کو معلوم کرنا ہو گا۔"

"لیکن..." پولیس آفیسر کچھ کہتے کہتے رُک گیا۔

"لیکن کیا؟"

"میرا خیال ہے کہ آپ اِس معاملے کو سمجھ رہی ہیں۔ اگر آپ مجھے وہ سب کچھ بتا دیں جو آپ شاید میری تفتیش کو زیادہ تیزی سے آگے بڑھنے کے لیے فی الحال آپ جوشی کو ڈھونڈ لیں۔ اگر وہ مل جائے تو سارا کھیل ختم ہو جائے گا۔ اچھا، میں اب چلتی ہوں۔"

پولیس آفیسر بڑی بے بسی سے میری طرف دیکھتا رہا۔ اُس کے اِس انداز پر مجھے ہنسی آتے آتے رہ گئی۔

دوسری ملاقات میں نے اُس پولیس آفیسر سے حادثے کی تحقیقات کر رہا تھا۔ وہ بھی جلد ہی مجھے مل گیا۔ چونکہ شکیل اور کفیل رضا میں ایک تعلق خاص تھا، ہر دو معاملات کی تمام خبریں، دونوں کیسز کا انسران کو معلوم تھیں۔ شکیل کے حادثے کی تحقیقات افسر کو بھی یہ علم ہو چکا تھا کہ مجھے ہوم سیکرٹری کا حاصل ہے۔

اُس پولیس آفیسر نے مجھے بتایا کہ جس ٹرک کو گرفتار کیا گیا ہے، وہ کسی طرح بھی اقرارِ جرم کرنے پر آمادہ نہیں ہو رہا۔

"اُسے آمادہ ہونا بھی نہیں چاہیے۔" میں نے کہا۔ "آپ نے ایک ایسے شخص کو پکڑ لیا ہے جو بے قصور ہے۔"

"جی!" پولیس افسر چونک پڑا۔ "لیکن وہ..."

"اگر آپ میری ایک خواہش پوری کرنے کا وعدہ کریں تو آپ کو بہت اہم معلومات فراہم کر سکتی ہوں۔"

"مجھے بھلا کس بات سے انکار ہو سکتا ہے۔"

"تو پھر سنیے! وہ دونوں جھوٹے گواہ ہیں۔ انھوں نے یہ جھوٹی گواہی دلوائی گئی تھی۔"

"واقعی؟" پولیس افسر اُچھل پڑا۔

"اِس میں شبہ برابر جھوٹ نہیں ہے۔"

"تو پھر میں اُن دونوں کی کھال اُدھیڑ ڈالوں گا۔" آفیسر نے بپھر کر کہا۔

"ویسی بھی تو میں آپ کو نہیں کرنے دوں گی!"

مجھے حقیقت بھی اُنہی دونوں سے معلوم ہوئی تھی۔ میں اُن دونوں کو وعدہ معاف گواہ بنانے میں بہت زور دے کر کہا۔

چند لمحے میری طرف دیکھتا رہا اور پھر ایک طویل "اگر آپ ہی ایسا چاہتی ہیں تو پھر ایسا ہی ہو گا۔"

"میں آپ کو تفصیلات بتائے دیتی ہوں۔"

پھر مہ تن گوش ہو گیا اور میں نے اُسے بتانا شروع دونوں آدمیوں سے حقیقت کس طرح اُگلوائی کچھ بیان کرنے کے بعد میں نے کہا۔ "اور اب لوئی کو بھی تلاش کر چکی ہوں جس نے اِن دونوں کی دے کر جھوٹی گواہی دلوائی تھی۔"

گڑ!" پولیس آفیسر پُرجوش نظر آنے لگا۔

سے صابری اور جاموخاں کے بارے میں بھی اگر آپ اِن دونوں شخصیتوں کے بارے میں تو ممکن ہے کوئی راز افشا ہو سکے۔"

متفکرانہ انداز میں سر ہلانے لگا، پھر بولا۔ "اُن ایک شخص پہلے ہی سے ہماری نظر میں مشتبہ ہے۔"

؟"

ی: پولیس افسر نے جواب دیا۔ "ہمارے دو ایک ال میں اِس شخص کی نقل و حرکت کچھ پُراسرار سی

ک کوئی ایسا اشارہ نہیں ملا ہے جس سے صابری فیت کچھ روشنی میں آئی۔"

پ اپنا سارا زور اُنہی دونوں پر صرف کریں۔"

کرنا ہی پڑے گا۔"

منگو کے بعد جب میں وہاں سے روانہ ہوئی تو پانچ میں تھکن محسوس کر رہی تھی لیکن میں نے فیصلہ کیا رنے سے پہلے ڈاکٹر ریحان سے ملاقات کرتی چلوں۔ ریحان دماغی امراض کا وہی ماہر تھا جس سے میں نے ون پر گفتگو کی تھی اور طے ہوا تھا کہ میں پانچ سے کے درمیان اُس سے ملوں گی۔

نے اُس سے ملاقات کی اور اُسے نہایت سنجیدگی سے یا۔ اُس نے مجھے تقریباً نصف گھنٹہ دیا اور کفیل رضا میں تفصیلات معلوم کرتا رہا۔ مجھے جو کچھ معلوم تھا، وہ میں نے اُسے بتا دیا لیکن بعض سوال ایسے بھی تھے جن کا جواب میں نہیں دے سکتی تھی۔ ظاہر ہے کہ مجھے کفیل رضا کے ماضی کے بارے میں کچھ نہیں معلوم تھا۔

آخر یہ طے پایا کہ کل دوپہر کو ڈاکٹر ریحان میرے گھر آ کر کفیل رضا کا معائنہ کرے گا۔

اِس ملاقات کے بعد میں اتنی تھک گئی تھی کہ سیدھی اپنے گھر ہی پہنچی اور ایک ہلکا پھلکا لباس پہن کر بستر پر ڈھیر ہو گئی۔

ساڑھے سات بجے سونیا کا فون آیا اور اُس نے مجھے بتایا کہ وہ ساڑھے آٹھ بجے تک آ رہی ہے۔

"آجاؤ جان!" میں نے کہہ کر ماؤتھ پیس چوم لیا۔

سوا آٹھ بجے تک میں بستر پر ہی لیٹی رہی۔ اِس دوران میں صرف ایک مرتبہ میں نے ملازمہ کو بُلا کر کفیل رضا کے بارے میں پوچھا تھا۔

"وہ بالکل مطمئن اور خوش ہیں۔" ملازمہ نے بتایا تھا۔

سوا آٹھ بجے میں بستر سے اُٹھی تاکہ سونیا کا استقبال کرنے کے لیے تیار ہو جاؤں۔ کئی روز کی تھکن کو میں آج رات نچوڑ کر پھینک دینا چاہتی تھی۔

ٹھیک ساڑھے آٹھ بجے ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ میرا ماتھا ٹھنکا۔ کہیں سونیا نے میرے پاس آنے کا ارادہ ملتوی تو نہیں کر دیا؟

بہرحال میں نے ریسیور اُٹھایا اور ماؤتھ پیس میں کہا۔

"بانو اسپیکنگ۔"

"میں تمہارا ہمدرد بول رہا ہوں۔" دبی ناملوم آواز سنائی دی۔

میں نے بُرا سا مُنہ بنایا اور کہا۔ "اِس وقت تم مجھے کتنی ہی سنسنی خیز اطلاع کیوں نہ دو، میں گھر سے کہیں نہیں جاؤں گی۔"

"کیونکہ سونیا نے آنے کا وعدہ کر لیا ہے!" دوسری طرف سے طنزیہ انداز میں کہا گیا اور پھر وہ بڑے سخت لہجے میں بولا۔ "اگر تم نے آج کی رات سونیا کے ساتھ گزاری تو اپنی موت کی ذمے دار تم خود ہو گی۔"

اِس سے پہلے کہ میں کچھ کہتی، دوسری طرف سے سلسلہ منقطع ہو گیا اور میں ریسیور کو گھورنے لگی۔ مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ میں نے وہی سنا ہے جو کہا گیا تھا۔ بھلا سونیا کے ساتھ رات گزارنے میں موت کا شکار کیسے ہو سکتی تھی؟

مجھے اس سوال پر غور کرنے کی زیادہ مہلت نہیں مل سکی۔ میری ایک ملازمہ نے آکر اطلاع دی کہ سونیا آئی ہے۔

مجھے یوں لگا جیسے ٹیلیفون والی آواز میرے کانوں میں گونجنے لگی ہو "تمہاری موت آئی ہے بالو! تمہاری موت آئی ہے۔"

میں نے ذہنی خلفشار کے باوجود، اپنے چہرے سے فکر و تردد کا غبار اڑایا اور اپنے ہونٹوں پر مسکراہٹ سجا کر سونیا کا استقبال کرنے کے لیے اپنے خوبصورت ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی۔

سونیا خاصے کشادہ گریبان کی جیکٹ نما قمیص اور جین میں ملبوس تھی۔ وہ صوفے سے اٹھ کر والہانہ میری طرف بڑھی اور مجھ سے لپٹ گئی۔

اگر چٹانیں آپس میں ٹکرا جائیں تو شعلہ یقیناً بھڑکے گا۔ کچھ ایسی ہی کیفیت اُس وقت میری ہوئی۔ میرے وجود میں جو شعلہ لپکا تھا، اس نے سارے ذہنی خلفشار کو خاکستر کر دیا۔

"سونیا ڈارلنگ!" میری سرگوشی جذبات سے بوجھل تھی، پھر مجھے پتا بھی نہ چلا کہ میری تشنہ لبی تک سونیا کے ہونٹوں کی رسد کب ہوئی اور وہ دریائے لطافت کتنی دیر تک صحرائے طلب کو سیراب کرتا رہا۔ ان سنسناتے ہوئے لمحوں میں میری اور سونیا کی آنکھیں بند تھیں لیکن ہاتھوں کی انگلیاں اپنی پوری توانائی کے ساتھ اپنی بیداری کا ثبوت دے رہی تھیں۔ یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ کرۂ جمال سے ماسوا کو بھی مسخر کرنے کی متعدد صلاحیت رکھتی ہوں۔

ہم دونوں کو ایک آواز نے چونکایا۔ میں نے آنکھیں کھول کر آواز کی سمت دیکھا تو مجھے اپنی ملازمہ کی ایک ہلکی سی جھلک نظر آئی۔ وہ غالباً ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی تھی لیکن داخل ہوتے ہی اسے اپنی غلطی کا احساس ہو گیا تھا۔ (میں اپنی غلطی تسلیم نہیں کروں گی کیونکہ یہ آج کے انسان کا شیوہ نہیں۔ بس پھر وہ پلٹ کر بھاگی تھی تو غالباً اُس کا سر دروازے سے ٹکرا گیا تھا۔ اسی ٹکراؤ کی آواز میں نے اور سونیا نے سنی تھی۔

ملازمہ کی بوکھلاہٹ پر مجھے ہنسی آگئی اور میں نے سونیا کی طرف دیکھا۔ مجھے ہنستے دیکھ کر وہ بھی مسکرا دی۔ اس کے چہرے پر ایسی سُرخی تھی جیسے وہ تپ رہی ہو اور اس تپش کے باعث اس کے چہرے پر پسینے کی چمک پیدا ہو گئی تھی۔

"آؤ!" میں نے اس کا ہاتھ تھاما اور بلیو روم کی طرف چل پڑی۔

بلیو روم جمالیات میں بے خود دھڑکنوں کو اپنے مشامِ جاں کو معطر کر سکتی تھی۔ اس کمرے میں موجود تھا اور میں اس کمرے کی فضا کو سانس بنا لیتی تھی۔

جب بھی کوئی نئی لڑکی پہلی مرتبہ اس کمرے میں آتی تھی، مبہوت سی ہو کر رہ جاتی تھی۔ آرائش و زیبائش ہی کمیں دیکھا جا سکے۔ کچھ یہی حال سونیا کا تھا۔ پردہ و زیبائش میری پینٹنگز دیکھیں تو بس دیکھتی رہ گئی۔ اس کے جذبات میں جوار بھاٹا کی جو کیفیت بپا تھی، اس کو بخوبی محسوس کر سکتی تھی۔

میں نے کمرے کا دروازہ بند کر لیا اور بڑھی جس میں کھلی ہوئی خوبصورت بوتلوں میں، سیّال مقید تھے۔

"تم کیا پسند کرو گی سونیا؟" میں نے پوچھا۔

سونیا چونکی اور اس کی توجہ پینٹنگز سے ہٹ کر کیبنٹ پر مرکوز ہو گئی۔ اس نے مختلف الوان، معنی خیز اور مسرور انداز میں اپنے سر کو خفیف سی جنبش دی پھر بولی "شیمپین۔"

"گڈ!" میں نے سونیا کے انتخاب پر خوش ہوتے ہوئے کہا "تمہارے پارہ صفت بدن کے نام!"

"آپ کی مقناطیسی شخصیت کے نام!" سونیا نے جواب دیا۔

"گویا اختلافِ رائے کے نام!" میں نے ہنس کر اپنا مُنہ سونیا سے لگا لیا۔

سونیا ایک لمبا گھونٹ لے کر بولی "مجھے یوں لگا، اس کمرے میں مختلف قسم کی خوشبوئیں چکراتی پھر رہی ہیں۔"

"ہاں، تمہارا خیال بالکل درست ہے مگر ایسی بھی ہے جو تمہیں محسوس نہیں ہوئی ہو گی۔"

"وہ کون سی خوشبو ہے؟"

"خوش بدنوں اور رنگ صفتوں کی مہکار!"

"تو گویا مجھ سے پہلے...؟"

سونیا!" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا "یہ کمرہ ں کے رازوں کا امین ہے۔ میں حُسن پرست ہوں اور کا قرب حاصل کرنا میرا واحد شوق ہے۔ بعض اوقات ں مجھے خطرات میں بھی ڈال دیتا ہے۔" میں نے یہ کہتے ہوئے

سونیا کی طرف دیکھا لیکن وہ معصومیت کا پیکر بنی ہوئی تھی۔ لمحۂ خطرات؟" اس نے سادگی سے پوچھا۔

ں لڑکیاں میرے دشمنوں کی آلۂ کار بن کر مجھے موت کے مُنہ کی کوشش کر چکی ہیں۔"

سونیا پر میری اس بات کا بھی کوئی ردِ عمل نہیں ہوا اور میں اگر مجھے فون پر غلط اطلاع دی گئی تھی یا سونیا میں اپنے پتا لگانے کی غیر معمولی صلاحیت ہے؟

آپ کے بھی دشمن ہیں؟" وہ بڑے تعجب سے بولی۔

خیال ہے کہ آج کی دنیا میں ہر شخص کا کوئی نہ کوئی دشمن ضرور اور میرے دشمنوں کی تعداد تو کچھ زیادہ ہی ہے۔"

یقین نہیں کر سکتی۔"

کیوں؟"

آپ اتنی اچھی ہیں کہ آپ کا دشمن تو کسی کو بھی نہیں ہونا چاہیے۔" تمہارا سوئے ظن ہے کہ تم مجھے بہت اچھا سمجھ رہی ہو۔ ویسے بتاؤں کہ آج کی دنیا میں اچھے انسانوں ہی کے دشمن زیادہ ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ بُرے آدمیوں کا دشمن شکل ہوتا ہے۔ بُرے آدمیوں کی طرف سے جوابی کارروائی ہوتی ہے جبکہ بیچارہ اچھا آدمی ظلم و ستم کا شکار ہونے خود خاموش رہتا ہے۔"

سونیا میری باتوں میں دلچسپی لینے لگی اور بولی "تو ایسی گنی ہوں گی جنہوں نے آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی؟"

کبھی گننے کی ضرورت نہیں پیش آئی۔" میں ہنس کر بولی "ویسے ہ تو ہوں گی۔ ان میں سے چند ایسی بھی تھیں جو ناداستہ طور دشمنوں کا آلۂ کار بنیں۔"

"نادانستہ طور پر کیسے؟" سونیا نے پوچھا۔

میں گفتگو کو آہستہ آہستہ اُس موڑ تک لانے کی کوشش کر رہی تھی اگر سونیا میرے دشمنوں کی آلۂ کار بنی ہے تو میں کسی طرح یہ جان دشمن نے کس قسم کا جال بچھایا ہے؟

لیکن ابھی میں سونیا کے سوال کا جواب نہیں دینے پائی تھی کہ انے پر دستک ہوئی۔ دستک کیا ہوئی، دروازے کو بُری طرح پیٹ ڈالا گیا۔ میرے خیال کے مطابق یہ کسی ملازمہ ہی کی حرکت ہو گی تھی۔ میں اس بدتمیزی پر کِل بھر کے لیے تو جھنجلا گئی لیکن دوسرے ہی لمحے میں نے سوچ لیا کہ ضرور کوئی غیر معمولی بات ہوئی ہے ورنہ کوئی بھی ملازمہ اس بدتمیزی کی جسارت نہیں کر سکتی تھی۔

اس وقت میں شیمپین کا آدھا گلاس خالی کر چکی تھی، وہ میں نے ایک طرف رکھا اور دروازہ کھولنے کے لیے اُٹھی۔

"آپ کی ملازمہ بڑی بدتمیز معلوم ہوتی ہے۔" سونیا نے تبصرہ کیا۔

میں نے اس تبصرے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا اور دروازے کی طرف بڑھی۔ دروازہ کھولتے وقت میرے ذہن میں اس کے سوا کوئی خیال نہیں تھا کہ ملازمہ مجھے کوئی غیر معمولی اطلاع دینا چاہتی ہے لیکن جیسے ہی میں نے دروازہ کھولا، مجھے اپنے اعصاب پر زناٹا سا محسوس ہوا۔

دروازے کے باہر کوئی ملازمہ نہیں بلکہ وہی "خطرناک دراصل" غلا کھڑا تھا۔ اس کی پُشت دروازے کی طرف تھی اور اس نے اپنے سر کو بائیں جانب ذرا سا گھما رکھا تھا۔ میری نظر اُس کے چہرے کا بہت کم حصّہ دیکھ سکتی تھی۔

"ابھی تک آپ خیریت سے ہیں؟" اس کا لہجہ بہت جھکا ہوا سا تھا۔

میں نے ایک جھٹکے سے دروازہ بند کیا اور تیزی سے سونیا کی طرف لوٹی۔ میں نے اس سے کہا "تم پیو! میں ابھی آتی ہوں۔"

اسی وقت دروازے کو پھر بہت زور سے پیٹا گیا۔

"یہ کون بدتمیز ہے!" سونیا نے مُنہ بنا کر کہا۔

"میں ابھی اسے اس کی بدتمیزی کا مزہ چکھا کر آتی ہوں۔" میں نے کہا اور دروازے کی طرف مڑی۔

سونیا نے پوچھا "کیا آپ کو دیر لگے گی؟"

"بس زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ۔"

سونیا نے سر ہلا کر شیمپین کا گلاس مُنہ سے لگا لیا۔

میں دروازہ کھول کر تیزی سے باہر نکلی اور پھر اتنی ہی تیزی سے دروازہ بند بھی کر دیا۔

داڑھی والا اب پھر اُسی پوزیشن میں کھڑا ہوا تھا۔

"میری طرف رخ کرو!" میں نے مُنہ بنا کر کہا۔ اس خیال کو اپنے ذہن سے جھٹک دو کہ اگر میں نے اتنے قریب سے تمہارا چہرہ دیکھ لیا تو تمہیں پہچان لوں گی۔ میں تمہیں پہلے ہی پہچان چکی ہوں۔ میری نظر زیادہ عرصے تک دھوکا نہیں کھا سکتی۔"

"آپ کی نظر بازی کا تو میں تہِ دل سے قائل ہوں۔" وہ میری طرف

مڑتا ہوا ٹھنڈا سانس لے کر بولا۔ اس مرتبہ وہ اپنی اصل آواز میں بولا تھا اور وہ آواز رضوان کی تھی۔

"ڈرائنگ روم میں آؤ!" میں نے کہا اور بائیں جانب مڑ گئی۔

میں اپنے عقب میں قدموں کی آواز سن رہی تھی۔ ڈرائنگ روم میں پہنچ کر میں ایک صوفے پر بیٹھ گئی اور پھر رضوان کو گھورتی ہوئی بولی "تم میرے اس کمرے تک پہنچے کیسے؟ کسی ملازمہ نے تمھیں روکا نہیں؟"

"روکتیں کیسے" اس نے اپنی اصل آواز میں بولا تھا اور وہ سب جانتی ہیں کہ آپ سے میرے تعلقات کچھ ایسے زیادہ جائز بھی نہیں ہیں۔ رہ گیا میرا میک اپ تو اس معاملے میں آپ کی سبھی ملازماؤں نے اب حیران ہونا چھوڑ دیا ہے، عادی ہو چکی ہیں ان باتوں کی!"

"میرا ابھی یہی خیال تھا کہ تم نے ملازماؤں پر اپنی شخصیت کو بے نقاب کر دیا ہوگا۔"

"آپ تو خاصی سمجھدار نکلیں!" رضوان تمسخرانہ انداز میں ہنسا۔ "آخر اس سارے ڈرامے کا مقصد کیا تھا؟" میں اچانک غرائی۔

"دیکھیے محترمہ!" رضوان انگلی اٹھا کر بولا۔ "دھونس دھڑے سے کام نہیں چلے گا۔ ذرا پیار محبت سے کام لیجیے۔ اس سے میرا یہ مطلب نہیں کہ آپ مجھے اپنی گود میں بٹھا کر پیار کرنا شروع کر دیں بلکہ۔"

"کیا تمھیں وقت ضائع کرنے کی عادت پڑ گئی ہے!" میں نے جھنجلا کر کہا۔

"ارے ہم تو خود اپنے آپ کو ضائع کرنے پر تلے بیٹھے ہیں۔ بڈھے ہونے کو آئے لیکن اب تک باپ بننا تو کجا، کسی کے خصم بھی نہیں بن سکے۔"

"اچھا تو..." میں غصے میں آ کر ایک جھٹکے سے کھڑی ہو گئی۔

"اررر... بیٹھیے! بیٹھیے!" رضوان نے جلدی سے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے صوفے پر بٹھا کر خود بھی میرے برابر میں بیٹھتا ہوا بولا۔ "بزرگوں سے سنتے آئے ہیں کہ غصہ حرام ہوتا ہے، مذہباً بھی، اخلاقاً بھی اور... خیر چھوڑیے! ہاں تو وہ... کیا نام اس کا؟ سونیا... ماشاء اللہ بڑی پیاری بچی ہے۔ خدا اس کی عمر دراز کرے۔ فی الحال آپ نے اس سے کس حد تک ملاقات کی ہے؟"

"حد سے تمھاری کیا مراد ہے؟"

"ہائے اللہ!" رضوان اپنی انگلی دانتوں میں دبا کر بولا۔ "ہمیں شرم آتی ہے بتاتے ہوئے۔ آپ خود ہی سمجھ جائیے نا!"

"تم بعض اوقات زنخوں کی طرح لچکنے کیوں لگتے ہو!" میں چڑ گئی۔

"میں اکثر اوقات بھی زنخوں کی طرح لچک مٹکا نا اس لیے نہیں لچکا کہ پھر آپ کی چٹک مٹک مانا ہو! مرتبہ تو میں نے یہ نک سوچ ڈالا تھا کہ اپنے جسم میں کچھ کر کے عالمی مقابلۂ حسن میں شریک ہو جاؤں۔"

"اوہ!" میں نے دانت پیسے۔ "رضوان! اگر تم منہ سے ایک بھی غیر سنجیدہ جملہ نکالو تو میں ضرور باہر جاؤں گی۔"

"اچھا!" رضوان نے مایوسانہ انداز میں کہا۔ "اگر حد تک بڑھ سکتی ہے تو میں سنجیدہ ہوا جاتا ہوں۔"

میں اسے گھورتی رہی۔

"سنجیدگی سے دیگر احوال یہ ہے۔" رضوان پھر بولا۔ "نے اس لڑکی کو اپنے نکاح میں لیا تو آپ کو ہلاکت ہونا پڑے گا۔ یہ میں نے دو چار کاؤ بل عرض کیا ہے۔"

میں نے اس کے تمسخرانہ انداز بیان کو نظر انداز کر کہا "یہ بات تم نے ٹیلیفون پر بھی کہی تھی!"

"لاؤڈ اسپیکر پر بھی عرض کر سکتا ہوں۔"

"تم یہ کیسے جانتے ہو کہ وہ میری ہلاکت کا سبب ہے؟"

"یہ جاننے کے لیے مجھے یوگا کی مشقیں کرنا پڑیں۔"

"تم پھر بہکنے لگے!"

"میں قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ مجھے یہ جاننے کے لیے کھڑا ہونا پڑا تھا اور یوگا کی مشقیں اسی طرح کی جاتی ہیں۔ سونیا نے ہوٹل میں جو کمرہ کرائے پر لے رکھا ہے، اس والے کمرے پر میں قابض ہوں۔ ان دونوں کمروں کی بیچ میں فرش کے قریب ایک چھوٹا سا سوراخ ہے۔ میرا نہانا کبھی اس سوراخ سے کوئی دائرہ وڈیرہ دوسرے میں پہنچایا گیا ہوگا۔ بعد میں انتظامیہ کو وہ سوراخ کا خیال نہیں رہا۔ خیال کیا نہیں رہا، بس مجھ سے ذہول ہے ان کمبختوں نے! نہ وہ سوراخ ہوتا، نہ مجھے سر ہونا پڑتا۔"

"یعنی تم سوراخ سے کمرے میں جھانکتے رہے؟"

"الحمدللہ!"

"لیکن یہ بات اب بھی سمجھ میں نہیں آئی کہ سو ہلاکت کا سبب کیسے بن سکتی ہے!"

اس کا سبب یہ ہے کہ گردن سے نیچے نیچے اس کے سارے اک خاص قسم کے محلول کی مالش کی گئی ہے جو بہت تیزی ھ ہو جاتا ہے۔ اس میں کسی قسم کی بُو بھی نہیں ہوتی اور وہ ں کے ذریعے جسم میں داخل ہو کر کوئی نقصان نہیں پہنچاتا ا زبان یا ہونٹوں سے مس ہو جائے تو اس کے مہلک سامنے آجائیں گے۔"

"یعنی وہ معدے میں پہنچنے کے بعد اثر پزیر ہوتا ہے؟"

مایا:"

"بینا کیوں نہیں؟"

وہ اس لیے نہیں کہ میں ان لوگوں کی مہم باتوں سے کسی پر نہیں پہنچ سکا۔"

ں لوگوں کی باتوں سے؟"

برٹو مشتاق اور حمیس فریزر کی باتوں سے؟"

ہوں!" میں کچھ سوچنے لگی۔

"ہاں ایک بات واضح کر دوں!" رضوان پھر بولا۔ "سونیا ں میں شریک نہیں ہے۔"

"جیسے ہو سکتا ہے؟" میں نے تعجب سے کہا۔

"اس طرح ہو سکتا ہے کہ سونیا تیسرے پہر غسل کرنے کی بجائے اگر سوئمنگ پول میں تیرنے ہو تو باتھ روم کو غنیمت جانتی پھر اگر اسے کہیں گھومنے پھرنے نہ جانا ہو تو دو تین گھنٹے کے جاتی ہے۔ آج البرٹو نہیں تھا اس لیے وہ سو گئی۔ البرٹو گیا تھا کہ حیدر آباد جا رہا ہے لیکن دراصل وہ کراچی ہی میں ب ان لوگوں کو اندازہ ہو گیا کہ سونیا اب سو گئی ہوگی تو ں کمرے میں داخل ہوئے۔ اس کمرے کی ایک چابی ے پاس بھی رہتی ہے۔ حمیس فریزر نے اپنی جیب سے ال نکال کر چند سیکنڈ تک خوابیدہ سونیا کی ناک کے رکھی اور پھر اعلان کیا کہ اب سونیا آدھے گھنٹے تک ں نہیں اٹھے گی۔ اس کے بعد البرٹو نے سونیا کے کپڑے اور اس کے جسم پر اس محلول کی مالش کی جس کی شیشی اُسے ے ملی تھی۔"

"لیکن یہ البرٹو ان لوگوں کا آلۂ کار کیسے بن گیا؟"

"دیکھنے میں تو بیوقوف سا آدمی ہے لیکن جب کسی بات ں کرتا ہے تو بڑی شدت سے کرتا ہے۔ آج کل وہ حسد کی جل رہا ہے اور یہ آگ اس کے دل میں مشتاق چنگیزی نے بھڑکائی ہے۔"

"لیکن حسد کس سے؟"

"آپ سے۔"

"مجھ سے؟"

"جناب!" رضوان نے بھنویں اُچکا کر کہا۔ "البرٹو آج کل اگ میں جل رہا ہے کہ آپ اس کی محبوبۂ دل نواز دلجگر نواز دلھیلوٹر اوا کو اپنے نکاح میں لینے پر تلی ہوئی ہیں۔"

"تو گویا...."

"ٹھہریے!" رضوان نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "آپ مجھ سے بڑی قیمتی معلومات حاصل کر چکی ہیں۔ اب میرے ایک سوال کا جواب دیجیے۔ آخر آپ نے مجھے کب اور کیسے پہچانا؟"

"اب ان سوال و جواب کو تھوڑی دیر بعد تک کے لیے ملتوی کر دو۔ مجھے بھی تم سے ابھی بہت کچھ معلوم کرنا ہے لیکن پہلے میں ذرا سونیا کے مسئلے سے نمٹ لوں۔" میں نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "میں اس محلول کا تجزیہ کراؤں گی جس کی مالش سونیا کے جسم پر کی گئی ہے۔"

"یہ کام آپ کیسے کریں گی؟"

"تم یہاں صبر سے بیٹھو اور میرا انتظار کرو!"

"غالباً اس موقع کے لیے کوئی آیت بھی ہے۔" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"یقیناً ہے، اور تم یہاں بیٹھے ہوئے اس کا ورد کرتے رہو۔" میں یہ کہتی ہوئی ڈرائنگ روم سے نکل آئی۔

رضوان نے جو معلومات فراہم کی تھیں ان کا ایک خوشگوار پہلو یہ تھا کہ سونیا اس سازش میں وانستہ ملوث نہیں تھی۔ اگر ایسا ہوتا تو بیرے ہاتھوں اس کی درگت ضرور بنتی۔ خوبصورت لڑکیوں کو سزا دیتے ہوئے مجھے دکھ تو ہوتا ہے لیکن میں انھیں معاف ہرگز نہیں کرتی۔

جب میں بلور روم میں داخل ہوئی تو سونیا اپنا کلاس خالی کرنے کے بعد میری عنیمین پر بھی دھاوا بول چکی تھی۔ وہ مجھے دیکھتے ہی کہنے لگی۔ "آپ کی جھوٹی شراب زیادہ نشہ آور ہے۔" وہ ہنسی بھی اور اس کا چہرہ مزید تمتما اٹھا۔ اس کی آنکھوں میں خمار آسا شفق پھول رہی تھی۔

"سونی ڈارلنگ! اب ذرا یہ گلاس رکھ دو!" میں نے کہا۔

"کیوں؟" وہ شکایت آمیز انداز میں میری طرف دیکھنے لگی۔

"مجھے تم سے کچھ باتیں کرنا ہیں۔"

"شراب باتیں کرنے میں حارج تو نہیں ہوتی!"

"اگر گفتگو بہت زیادہ سنجیدہ ہو تو شراب نے نزاکت کچھ نہ کچھ حارج ضرور ہوتے ہیں۔"

"لیکن اس ماحول میں سنجیدہ باتیں کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟" سونیا نے منہ بنا کر کہا۔

"اس ماحول میں زیادہ سنجیدہ باتیں کرنا واقعی کور ذوقی ہے لیکن صورت حال کچھ ایسی ہو گئی ہے کہ ہمیں کور ذوقی کا ثبوت دینا ہی پڑے گا۔"

میرے چہرے پر چھائی ہوئی گہری سنجیدگی کو دیکھ کر سونیا کو کچھ تعجب ہوا اور پھر وہ شیمپین کا گلاس ایک طرف رکھ کر بولی۔ "آخر ایسی کیا قیامت ٹوٹ پڑی کہ آپ اس خوبصورت رات کو غارت کرنے پر تلی ہوئی ہیں!"

"مجھے باوثوق ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ اگر میں نے اس رات کو زیادہ خوبصورت بنانے کی کوشش کی تو یہ رات میرے لیے اجل صورت بن جائے گی۔"

"وہ کیسے!" سونیا کے چہرے پر استعجاب کا تاثر گہرا ہو گیا۔

میں بہت غور سے اس کا جائزہ لیتی رہی تھی۔ اب مجھے مکمل یقین ہو گیا کہ سونیا کو اس خوفناک حقیقت کا بالکل احساس نہیں۔

"وہ ایسے میری جان!" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "کہ میرے کچھ دشمن تمہارے ذریعے سے میری موت کا سامان کر چکے ہیں۔"

"میرے ذریعے سے!" سونیا اچھل پڑی۔

"ہاں۔" میں نے زور دے کر کہا۔ "تم اس وقت میرے لیے ایک زہریلی لڑکی ہو۔"

"کیا یہ کوئی مذاق ہے!" سونیا نے جلدی جلدی پلکیں جھپکائیں۔

"فی الحال یہ تمہارے لیے ایک مذاق ہی ہے لیکن میں اسے ابھی سلجھائے دیتی ہوں۔" اور پھر میں نے اسے وہ سب کچھ بتا دیا جو مجھے رضوان سے معلوم ہوا تھا۔

سونیا نے وہ سب کچھ بالکل خاموشی اور بڑی حیرت سے سنا۔ اس کے چہرے سے یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے اسے میری باتوں پر پوری طرح یقین نہ آیا ہو۔ میرے خاموش ہو جانے پر وہ بڑبڑانے والے انداز میں بولی۔ "اگر یہ سب کچھ آپ کے علاوہ کسی نے کہا ہوتا تو میں اس پر ہرگز اعتبار نہ کرتی۔"

"تمہیں اب بھی پوری طرح اعتبار نہیں آیا ہے لیکن ہمیں کوئی ایسا بندوبست کرنا پڑے گا کہ اس حادثے کی نوبت

"بندوبست..... کیسا؟"

"باتھ روم میں چلو!"

"اوہ!" سونیا نے سر ہلایا۔

"کیا سمجھیں؟"

"آپ چاہتی ہیں کہ میں پانی سے اپنا جسم دھو ڈالوں اس پانی کا تجزیہ کرا لیں!"

"تم ذہین بھی ہو! فوراً سمجھ گئیں۔" میں نے اس کا ہونے ہنس کر کہا۔

باتھ روم میں داخل ہو کر میں نے اس سے کہا۔ "ٹب کے لیے کہا اور باتھ ٹب کا نل کھولنے لگی۔ جب ایک تہائی پانی بھر گیا تو میں نے نل بند کر دیا۔

"اب تم ٹب میں لیٹ جاؤ!" میں نے سونیا سے پندرہ منٹ تک اپنے جسم کو اچھی طرح رگڑتی رہو۔ صابن استعمال بالکل نہیں کرنا!"

سونیا نے میری ہدایت پر عمل شروع کیا۔ ادھر میں کر رہی تھی کہ اس کی طرف نہ دیکھوں۔ جذبات کے تاثر کا سبب بصیرت ہی کی مضراب بنتی ہے۔

جتنی دیر میں سونیا نے اپنا جسم دھویا اتنی ہی دیر میں نے شیمپو کی ایک بڑی شیشی خالی کر کے گرم پانی سے بھر دھو ڈالی تھی۔ جب سونیا ٹب سے نکل آئی تو میں نے ٹب کے پانی سے بھری اور باقی پانی ضائع کر دیا۔

"اب تم اچھی طرح غسل کر ڈالو!" میں نے سونیا سے کہا۔ "میرا مطلب ہے کہ صابن وغیرہ استعمال کر لو۔ اس کے علاوہ ایک کیمیکل بھی پانی میں ڈالے دیتی ہوں۔ وہ کیمیکل تمہارے ہر قسم کے اثرات کو ختم کر دے گا۔ اس کے بعد تم کرنے ہم یا جی چاہے تو پیتی پلاتی رہنا۔ میں اب کچھ دیر بعد ہی آ سکوں گی۔"

"آپ جب بھی آئیں گی مجھے جاگتا ہوا پائیں گی۔" کہا اور کچھ سوچتی رہی۔ ظاہر ہے یہ صورت حال ایسی نہ کہ وہ اس پر غور نہ کرتی۔

میں اس کے باقاعدہ غسل کا بندوبست کر کے باتھ نکل آئی۔ شیمپو کی وہ شیشی میرے ہاتھ میں تھی جس میں میں پانی لیا تھا جس کے بارے میں تجزیاتی رپورٹ مجھے کسی

تھی۔

باتھ روم میں رضوان بڑی بے چینی سے میرا انتظار کر رہا تھا۔ مجھے دیکھ کر بولا۔ "کیا کسی محتاط طریقے سے نکاح کر کے آئی ہو؟"

"ایسی باتیں نہ کرو!" میں نے شیمپو کی شیشی، سینڈوچز میز پر رکھتے ہوئے کہا۔ "اس میں وہ پانی ہے جس میں سونیا کا جسم دھویا گیا تھا۔ پانی کی تجزیاتی رپورٹ سے ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس قسم کا تھا!"

"اب آپ اپنے اس خادم کے سپرد کر دیجیے! میں کل صبح ہی کی لیبارٹری میں پہنچا دوں گا۔ زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے میں اس کی رپورٹ مل جائے گی۔"

"ٹھیک ہے۔" میں نے صوفے پر ذرا اطمینان سے بیٹھتے ہوئے کہا۔ "اب مجھے تفصیل سے بتاؤ کہ تم نے دوبئی جا کر کیا تیر مارے وہاں سے لوٹنے کے بعد یہ ڈرامہ کھیلنے کی کیا ضرورت تھی۔"

"ڈرامہ!" رضوان ہنسنے لگا۔ "خیر وہ تو ایک لمبی کہانی ہے اس معاملے میں کچھ وقت لگے گا۔ اس سے پہلے آپ میرے ایک خواب دیکھیے۔ میں یہ جاننے کے لیے بہت بے چین ہوں کہ مجھے پہچانا کیسے؟... اور کب پہچانا؟"

"جب تم نے فون کر کے مجھے یہ بات بتائی تھی کہ تم نے کفیل رضا کو ہسپتال تک پہنچا دیا ہے تو میں نے گفتگو کو زیادہ سے زیادہ طول دے کر تمہاری آواز پر غور کیا تھا۔ دراصل پہلے تو میرے ذہن میں خیال تھا کہ جیمس فریزر اپنی آواز بگاڑ کر بولنے کی کوشش کر رہا ہے لیکن اس وقت مجھے پہلی مرتبہ ایک اور خیال آیا۔ یعنی یہ کہ کوئی شخص جیمس فریزر کی آواز کی نقل بھی تو کر سکتا ہے! جب اس حیثیت میں نے تمہاری آواز پر غور کیا تو مجھے تمہارے لہجے میں ایک جھلکیاں محسوس ہوئیں۔ دراصل یہ مجھے بڑا غیر منطقی سا خیال ہوتا رہا تھا کہ جیمس فریزر میری موافقت میں کام کرے۔ پھر شام جب تم نے مجھے پھر فون کیا اور سونیا سے ہوشیار رہنے کی تاکید کی تو میرا روئیں روئیں محسوس کر کے جھنجھنا گئے اور تم نے اپنا نام بتانے کی بجائے تم کہہ کر مخاطب کیا۔ یہ تمہاری عجیب غریب عادت ہے کہ جب تم مجھ سے گفتگو کرتے ہوئے کسی موقع پر تم سے آپ تو انداز تخاطب بدل دیتے ہو۔ بس پھر میرا رہا سہا شبہ بھی دور ہو گیا لیکن یہ بات مجھے ابھی تک الجھن میں ڈالے ہوئے ہے کہ تم نے یہ سارا ڈرامہ کیوں کھیلا تھا؟"

"اس کے دو مقصد تھے۔" رضوان نے بائیں آنکھ دبا کر مسکراتے ہوئے کہا۔ "ایک تو یہ کہ میں اپنے طور پر شناخت کے خلاف کوئی ثبوت حاصل کرنے کے چکر میں تھا اور دوسرے یہ کہ آپ میری گمشدگی سے پریشان ہو کر رضیہ کو صورت حال سے آگاہ کر دیں۔ آخر میں کب تک تارے گن گن کر راتیں گزاروں۔ ایسی شگفتہ مجبوبہ تو شاید مرتسیخ پر بھی نہ رہتی ہو گی۔"

"اگر تمہارے صرف یہی دو مقاصد تھے تو ان میں سے ایک تو یقیناً پورا ہو گیا۔ رضیہ کو میں ایک طویل ٹیلیگرام دے چکی ہوں، مگر جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا، رضیہ ایسے علاقوں میں ہے جہاں ڈاک وغیرہ کا کوئی بندوبست نہیں۔ میرا وہ ٹیلیگرام ایک اور شخص کو لے گا جو اسے رضیہ تک پہنچائے گا۔"

"رضیہ ان ویرانوں میں آخر کیا جھک مارتی رہتی ہے!" رضوان نے کچھ جھنجھلا کر کہا۔

"اسے ان ویرانوں سے پیار ہے اور وہاں اس پر فوتے داریاں بھی بہت سی ہیں جن سے اسے ہر قیمت پر عہدہ برا ہونا پڑتا ہے۔"

"یعنی سایہری کی حیثیت سے؟"

"ہاں۔"

"تو پھر اب کی میں بھی اس کے ساتھ وہیں چلا جاؤں گا؟"

"مجھے یہ حق نہیں پہنچتا کہ میں تمہیں روکوں لیکن شاید تم وہاں کی خطرناک اور کٹھن زندگی کو برداشت نہیں کر سکو گے۔ خیر یہ بعد کی بات ہے، تم اور رضیہ خود ہی کوئی فیصلہ کر لینا۔ مجھے تو تم یہ بتاؤ کہ تم نے دوبئی میں کیا تیر مارے تھے؟"

"آپ کو کفیل رضا سے کچھ نہ کچھ معلومات تو حاصل ہوئی ہوں گی؟"

"ہاں، اس نے بتایا تھا کہ تم اس سے ملے تھے۔"

"اس نے شائستہ حبیب کے بارے میں کچھ نہیں بتایا؟"

"اس کے بارے میں بھی بتایا تھا۔"

"کہاں تک؟"

"وہ اپنے اغوا سے پہلے مجھے یہاں تک کہانی سنا چکا تھا کہ شائستہ حبیب کچھ پراسرار سے حالات میں قتل کر دی گئی تھی۔"

"ہوں!" رضوان نے سر ہلایا۔ "قتل کے بعد کی اہم باتیں شاید کفیل رضا کو معلوم بھی نہیں ہوئی ہوں گی۔ وہ باتیں مجھے وہاں کے ایک معتمر معافی سے معلوم ہوئی تھیں۔ وہ ایک ہندو ہے اور بمبئی کے ایک روزنامے کا نمائندہ ہے۔ اس نے شائستہ حبیب کے قتل میں خاص طور سے دلچسپی لی تھی۔"

میں آگے جھک کر بیٹھ گئی۔ مجھے یقین تھا کہ رضوان اب کوئی سنسنی خیز انکشاف کرنے والا ہے۔

رضوان نے کہا: "جب شائستہ حبیب کو قتل کیا گیا تو وہ حاملہ تھی۔ جب اس کی لاش ہاسپٹل لے جائی گئی تو ڈاکٹروں کو احساس ہوا کہ بچہ اس کے پیٹ میں زندہ ہے۔ انھوں نے فوری طور پر آپریشن کر کے بچے کو مقتولہ کے پیٹ سے نکال لیا اور کارروائیاں پوری ہونے کے بعد بچے کو اس کے وارث کے حوالے کر دیا گیا۔"

"وارث؟"

"ہاں۔" رضوان نے جواب دیا۔ "شائستہ حبیب کا ایک بھائی تھا جس نے وہ بچہ اپنی تحویل میں لے لیا تھا اور اس کی پرورش کی تھی۔"

میرے ذہن میں ایک شبہ کسی بڑے سے کیڑے کی طرح کلبلایا اور میں رضوان کے بولنے کا انتظار نہ کر سکی۔ میں نے بڑی بے صبری سے پوچھا۔ "کیا وہی بچہ مشتاق چنگیزی ہے؟"

"ہاں۔" رضوان نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "مشتاق چنگیزی ہی شائستہ حبیب کا لڑکا ہے۔"

اس سنسنی خیز انکشاف کا ردِ عمل یہ ہوا کہ مجھے اپنے اردگرد ایک عجیب سناٹا پھیلا ہوا محسوس ہونے لگا۔ اس سناٹے میں مجھے ایک بچے کے رونے کی آواز سنائی دی جو پیدا ہونے سے پہلے ہی ماں کے سائے سے محروم ہو گیا تھا۔ مجھے اس سے بے حد ہمدردی محسوس ہوئی لیکن جب وہ جوان ہو کر میرے تصور کے پردے پر ابھرا تو میں کشمکش کا شکار ہو گئی۔ میری ہمدردی کوئی دوسرا روپ دھارنے کی کوشش کرنے لگی لیکن میں اندازہ نہ لگا سکی کہ وہ دوسرا روپ کیا ہے؟

"واپس آجائیے!" رضوان خاصی بلند آواز میں بولا۔

"آں!" میں چونک پڑی۔

"شاید آپ کو نیند آرہی تھی۔" رضوان نے کہا۔

"نہیں۔" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "میرے خیالوں میں کسی بچے کے رونے کی آواز گونجنے لگی تھی۔"

"یہ ایک خوش آئند بات ہے۔" رضوان نے سر ہلا کر کہا۔ "جب کسی عورت کے کانوں میں بچے کے رونے کی آواز گونجنے لگے تو سمجھ لو....."

"تم نے پھر خرافات شروع کر دیں!"

"جب آپ بیٹھے بیٹھے غائب ہونے لگیں تو پھر میں اور کیا کروں گا۔"

"اچھا تم آگے چلو! تمھیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ وہ بچہ مشتاق چنگیزی ہے؟"

"ابتدا میں تو مجھے بس اتنا ہی معلوم ہوا تھا کہ وہ بچہ کلیل رضا کے بچے کی پرورش اس کے ماموں صادق حبیب نے لی تھی۔ پھر میں کسی نہ کسی طرح ڈھونڈتا ڈھونڈتا صادق حبیب تک پہنچا جہاں صادق حبیب کی رہائش تھی۔ وہاں چلا کر وہ دونوں ماموں بھانجے، خاصا عرصہ پہلے غائب ہو گئے ہیں۔ وہ دونوں وہاں بڑی تنگدستی میں گزار رہے تھے۔ بھانجے کا نام جاوید تھا۔ میں بڑی مشکل کے بعد اس کی ایک تصویر حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ جاوید کے ایک دوست کے پاس تھی۔ جب میں نے دیکھی تو اسے پہچان گیا۔ وہی جاوید ہمارے ملک میں پناہ گزین بنا ہوا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ہمارے ملک میں اس کا قانونی نہیں ہے، وہ یہاں اسمگل ہوا ہے لیکن اس کے بارے میں نہیں معلوم ہو سکا کہ وہ کہاں ہے۔"

"وہ بھی مشتاق چنگیزی کے گھر میں موجود ہے۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔ "اور پاگل ہو گیا ہے۔ مشتاق چنگیزی اس کا علاج بھی کروا رہا ہے لیکن ہمیں اس سلسلے میں الجھن کا شکار ہو گئی ہوں۔"

"آپ کو اس کے ماموں کا علم کیسے ہوا؟" رضوان نے پوچھا۔

"میرا خیال ہے کہ وہ اتفاق ہی تھا۔"

"یعنی؟"

میں نے رضوان کو اس رات کا واقعہ سنایا جب میں نے گھر کے میں اس پاگل بوڑھے کو دیکھا تھا۔ وہ واقعہ سنانے کے بعد میں نے رضوان سے سوال کیا۔ "یہ تم مجھے یہ بتاؤ کہ جب کلیل رضا کے گھر میں اس سے گفتگو کر رہی تھی تو تم نے ملازم کے ذریعے مجھے باہر کیوں بلایا تھا؟"

"بس شرارت ہی سمجھیے۔ میں آپ سے ملنے کا کوئی اور موقع نہیں رکھتا تھا۔ سوچا یہ تھا کہ جب آپ کو ملازم سے میرا ملنا معلوم ہو گا تو آپ مزید الجھن کا شکار ہو جائیں گی لیکن میری شرارت بڑا کام کر گئی۔ میں نے ایک جیپ کو عمارت کے قریب میں جاتے دیکھا تو اس طرف لپکا۔ اس طرح میں ان لوگوں کے پیچھے لگ سکا جو کلیل رضا کو اغوا کر کے لے گئے تھے۔ اگر وہ

ہلاں کرنے کے لیے وہ شرارت نہ کی ہوتی تو غالباً
بات سے بے خبر ہوتے کہ کلیل رضا کہاں ہے۔"
اس کا وجود اور عدم وجود برابر ہو کر رہ گیا ہے۔"
مجھے معلوم ہو چکا ہے کہ وہ پاگل ہو گیا ہے اور آپ
سے اپنے گھر لے آئی ہیں۔"
اس کے علاج کے لیے میں نے اسی ڈاکٹر سے رجوع
مشتاق چنگیزی کے ماموں کا علاج کر رہا ہے۔"
ب ان حالات سے آپ کسی نتیجے پر پہنچیں یا نہیں؟"
احتمال ہے کہ جو نتیجہ میں نے اخذ کیا ہے، وہی نتیجہ تم بھی
ہو گے!"
میرا خیال تو یہی ہے کہ مشتاق چنگیزی، رام لال کی ناجائز
شائستہ حبیب سے رام لال کے ناجائز تعلقات! یقیناً
بھی قرین قیاس ہے کہ اس حمل کا فتنہ دار بھی رام لال
بات صادق حبیب کے علم میں بھی ہو گی لہٰذا جب
ان ہو گیا تو اس نے اپنے بھانجے کو اس حقیقت سے
با۔ پھر کسی طرح وہ دونوں رام لال کا سراغ لگا کر یہاں
مشتاق چنگیزی نے رام لال سے مل کر اسے بتا دیا ہو گا
ناجائز بیٹا ہے اور یہ کہ اگر رام لال نے اپنی تمام
جاید اداد اس کے حوالے نہ کر دی تو وہ اس راز کو افشا کر کے
اری عزت خاک میں ملوا دے گا۔"
ہاں!" میں نے سر ہلایا۔ "بات کچھ ایسی ہی ہے لیکن اس
میں ہے جس طرح تم کہہ رہے ہو۔"
یا مطلب؟"
مطلب یہ کہ مشتاق چنگیزی کے پاس اس بات کا کوئی ٹھوس
کی موجود ہو گا۔ محض کہہ دینے سے کام نہیں چلتا کہ وہ اس کا
ہے۔ اس کے علاوہ میرے ذہن میں ایک شبہہ اور بھی پیدا
ہے۔"
یعنی یہ کہ شائستہ حبیب کے قتل میں بھی رام لال کا ہاتھ
ہاں۔" میں نے کہا۔ "اس امکان کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا
ممکن ہے کہ مشتاق چنگیزی کے پاس رام لال کے قاتل
کا بھی کوئی ثبوت موجود ہو۔ رام لال نے اب تک ذرا بھی
ح نہیں کیا کہ مشتاق چنگیزی اس کی زندگی کے سائے سرمائے
ن کر بیٹھ گیا ہے۔ رام لال کی یہ خاموشی ظاہر کرتی ہے کہ
ت خائف ہے اور اس راز کو ہر قیمت پر چھپانا چاہتا ہے
جو مع ثبوت، مشتاق چنگیزی کے پاس ہے۔"
"تو اب یہ عقدہ کس طرح کھلے گا؟"
"تم نے جو یہ بھیس بدل کر ڈرامہ پیدا کیا تھا، تو اس سے تم کیا
تیر مار سکے ہو؟"
"یہ اسی ڈرامے کا تو نتیجہ ہے کہ میں اس وقت آپ کو سونیا
کے جسم کی ہلاکت خیزی سے آگاہ کر سکا۔ مشتاق کی نگرانی کر کے
میں 'سونیا' البرٹو اور جیمس فریزر کا کوئی سراغ نہ لگا سکا۔ اس کے علاوہ بھی
ایک بات میرے علم میں آئی ہے جو میں نے ابھی آپ کو نہیں
بتائی۔"
"یعنی؟"
"بظاہر تو جیمس فریزر، مشتاق چنگیزی کا دوست بنا ہوا ہے
لیکن دراصل وہ اپنا ہی اتو سیدھا کرنے کی فکر میں ہے۔"
"لیکن تم ہو کہ کسی طرح سیدھے ہونے کا نام ہی نہیں لیتے۔"
میں بے اختیار ایک فقرہ کس گئی۔
"ہوں!" رضوان نے آنکھیں نکالیں۔ "تو پھر اسی طرح گفتگو
کی جائے؟"
"آئی ایم سوری۔" میں نے جلدی سے کہا۔ "زبان پھسل
گئی تھی۔"
"کسی دن آپ بھی پھسل جائیے خاتون!" رضوان نے ٹھنڈا
سانس لے کر کہا۔ "بقول شاعر، ہر بھی تو پڑے ہیں راہوں میں!"
"ہاں تو تم جیمس فریزر کے کسی مقصد کی طرف اشارہ کر رہے
تھے؟"
"جی نہیں، اب میں صرف آپ سے اشارے بازی کے موڈ
میں ہوں۔"
"مجھ سے اشارے بازی کر کے تمھیں کیا ملے گا؟"
"آپ چاہیں گی تو بہت کچھ ملے گا۔" رضوان نے کہا اور بچوں
کی طرح انگوٹھا چوسنے لگا۔
میں نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔ "تو اب تم سنجیدہ نہیں
ہو گے؟"
"میں بہت سنجیدہ ہوں۔ پہلے بھی سنجیدہ تھا لیکن بیچ میں رضیہ
بھانڈ پڑی۔ اگر وہ نہ ہوتی تو میں آپ ہی کو شریکِ وفات بنانے کی
قسم کھائے رہتا۔"
میں ایک ٹھنڈا سانس لے کر رہ گئی۔ غلطی میری ہی تھی۔ اتنی
خاصی سنجیدہ گفتگو کرتے کرتے میں نے رضوان پر فقرہ کس دیا تھا۔
اب رضوان کے "مدھر سُر" کے امکانات نظر نہیں آ رہے تھے۔

اب وہ کم از کم آج تو ہرگز اس بات کا اظہار نہ کرتا کہ جیمس فریزر کیا مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔

"اچھا تو اب تم پانی کی یہ شیشی لے کر دفع ہو جاؤ!" میں کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "مجھے کل دس بجے تک اس کی رپورٹ مل جانا چاہیے۔"

"ذرا اپنا لہجہ سنبھالیے خاتون!" رضوان نے کھنکارتے ہوئے کہا۔ "آپ اس طرح مخاطب کر رہی ہیں جیسے مجھے نہ صرف آپ کے سٹوڈنٹ ہونے کا شرف حاصل ہو گیا ہو بلکہ میری پیشانی زن مُرید کے الفاظ سے بھی جگمگا اٹھی ہو۔"

میں نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور بڑی لجاجت سے کہا۔ "محترم رضوان صاحب قبلہ! میں آپ سے التجا کرتی ہوں کہ مجھے اگر کل صبح دس بجے تک اس پانی کے بارے میں رپورٹ مل جائے تو میں آپ کی سات پشتوں کی احسانمندی کا بوجھ اپنے اوپر لاد لوں گی۔"

"ہائے!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لیا۔ "کاش آپ میری سات پشتوں کی بجائے صرف میری واحد پشت کا بوجھ اپنے اوپر لاد سکتیں!"

"اب کیا میں تمہاری خاطر مدارات شروع کروں!" میں نے یہ کہتے ہوئے اپنی دائیں ٹانگ پیچھے کی طرف موڑ کر اپنے سینڈل کے اسٹریپ پر ہاتھ رکھا۔

"آپ کے پیر بہت خوبصورت ہیں۔" رضوان نے جلدی سے پلکیں جھپکائیں۔

اور تب میں نے سچ مچ سینڈل اتار لیا۔

"بہتر ہے۔ کل آپ کو پانی کے بارے میں رپورٹ مل جائے گی۔" رضوان نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ اس نے اٹھ کر پانی کی بوتل اٹھائی اور بڑے نپے تُلے قدم اٹھاتا ہوا دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ اس کا یہ انداز دیکھ کر میرے ہونٹوں پر مسکراہٹ کپکپانے لگی تھی۔ اس نے دروازے پر رک کر پلٹ کے میری طرف دیکھا، نیم فوجی انداز میں سنجیدگی سے سلام کیا اور باہر چلا گیا۔

میں چند لمحے اپنی جگہ پر کھڑی رہی اور پھر مڑ کر بلّور روم کی طرف چل دی۔ اب آج کے لیے میری مصروفیات کی دو ہی صورتیں تھیں۔ ایک یہ کہ ان حالات پر غور کروں جو مجھے رضوان سے معلوم ہوئے تھے اور دوسرے یہ کہ سونیا کے ساتھ کچھ وقت گزاروں۔ ترتیب کے اعتبار سے یہ دوسرا کام اوّلیت حاصل کر سکتا تھا۔

جب میں بلّور روم میں داخل ہوئی تو میں نے نشے میں دُھت تھی۔ اتنے کم وقت میں اس نے ڈالی تھی۔ وہ مجھے دیکھتے ہی اٹھی اور دونوں بازو پھیلا کر قدموں سے میری طرف بڑھی۔

"بہت دیر... کر دی... آپ نے!" اس کے آگئی تھی۔

اس وقت عالمِ بیہوشی میں تو اسے اپنی آغوش میں اسی نے مجھے اپنے بازوؤں میں سمیٹ لیا لیکن اس میں اتنی سکت نہیں رہ گئی تھی کہ مجھے سنبھال سکتی کہ ہم دونوں ہی نرم و گداز فوم پر لڑھک گئیں۔ اگر میں کوئی احتجاج کرنا بھی چاہتی تو مجھے اس کی مہلت نہیں سونیا کے ہونٹوں نے میری گویائی پر مہرِ سکوت کر دی تھی۔

جذبات کا آتشیں رم جھم کرتی ہوئی پھوار سے بھیگ اور پھر جس طرح موسم کی پہلی پھوار پڑنے پر زمین سے لگتے ہیں، اسی طرح ہمارے جسم بھی پسینے لگے۔ تپش اور کے اس امتزاج نے ہم دونوں کو بے لگام کر دیا اور میرے حسرت ہمارے لیے حسرت نہ بن سکی کہ ع

کون کھولے گا ترے بندِ قبا میرے بعد

ہم دونوں ماضی میں اتنی دور چلے گئے جہاں تہذیب و ارتقا کے مفہوم سے بھی آشنا نہیں تھا جب میں کوئی حجاب نہیں تھا، جب حیوانی جذبوں کی تسکین میں رکاوٹ نہیں تھی اور جذبات کا ریلا جدھر چاہتا تھا بہا جاتا تھا۔ سو میں اور سونیا بھی اسی عہد میں چلے گئے۔ وقت تک اپنے عہد میں نہیں لوٹے جب تک جذبات کے عمل کا دَم نہیں اکھڑ گیا۔

سونیا تو ایسی تھکی کہ نیند کی وادیوں میں جا بسی لیکن آنکھوں سے نیند ابھی بہت دور تھی میرے جذبات کے تھک چکے تھے لیکن میرے ذہن میں نئے خیالات کے نے اب گویا آنکھ کھولی تھی۔ مجھے یہ فیصلہ کرنا تھا کہ مشتاق چیلہ اور رام لال میں سے ظالم کون ہے اور مظلوم کون؟

مشتاق چیلہ گرخون کے ایک ناجائز قطرے کا شر تھا اس سلسلے میں خود اس پر تو کوئی تعزیر عائد نہیں کی جا سکتی تھی کیا تھا؟ اس کی ماں نے یا رام لال نے اب سوچنا یہ تھا کہ شتا

ہو کچھ کیا، وہ کہاں تک درست سمجھا جا

لی کو اس کا حق ملنا چاہیے تھا۔ اس نے کوئی گناہ (ناجائز ہی سہی) کی دولتمندی کے باوجود لڑکے لیکن اس کے حقوق کی ایک حد ضرور تھی۔ یہ نے اپنے باپ کا سب کچھ اپنے قبضے میں کر لیا، میں مسکینا کی زندگی بھی اجیرن کر دی۔ یہ تو سراسر ایک تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے حقائق کا علم ہونے پ سے نفرت ہو گئی ہو، اتنی شدید نفرت کیڑے کی طرح مسل ڈالنا چاہتا تھا۔ اب یہ میں آگئی کہ رام لال کے ذکر پر مشتاق چیلہ کی اتنا ہو جاتا تھا؟ وہی نفرت کی بات تھی اور اس مزاجی کا عنصر تھا۔

اب کنول کر سامنے آ چکا تھا مگر چند نکتے اب بھی لئے مثلاً یہ کہ شائستہ حبیب کا قاتل کون تھا؟ ل کے معاملوں کا پاگل پن کسی قدر مشترک کا حامل اسٹریشیل کے قتل میں مشتاق چیلہ ہی کا ہاتھ ہ یہ بات بھی حتمی طور پر نہیں کہی جا سکتی تھی کہ مل ایک اتفاقی حادثہ؟

ہلاک کرنے والے اصل ٹرک ڈرائیور کو بچانے تھیں لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں تھا کہ شکیل معاوضے کی صورت میں بھی ٹرک ڈرائیور کے ہمدرد نے کی کوشش کر سکتے تھے۔

کوشش کرنے والی دو شخصیتیں میرے سامنے بھی ں سے ایک تو ٹھیکیدار جاوید خان تھا اور دوسرا شخص ملک ماہر!

ماحے کی تحقیقات کرنے والے پولیس آفیسر کو میں کے بارے میں بتا دیا تھا اس لیے مجھے امید تھی کہ ل کے بارے میں کچھ نہ کچھ معلومات حاصل ہو جائیں ی امکان تھا کہ وہ ٹرک ڈرائیور بھی روشنی میں ل کی مکر نے شکیل کو بلیک کیا تھا۔

لات کے ہجوم میں چکراتے چکراتے میرا ذہن اندھیرے

ا۔

میں بیدار ہوئی تو سونیا ابھی سو رہی تھی۔ میں نے

اسے جگایا تو اس کی آنکھوں میں پھیلی ہوئی سرخی مجھے بتا گئی کہ رات کا خمار کم تو ہو گیا ہے لیکن ختم نہیں ہوا۔ اس نے ایک بار پھر میری گردن میں بانہیں حمائل کر دینا چاہیں لیکن میں نے اسے جھنجھوڑ کر اٹھا دیا۔

"صبح ہو چکی ہے جانِ من! غسل کر لو تو تمہارا یہ خمار ختم ہو۔"

میں اسے باتھ روم میں دھکیل کر بلّور روم سے نکلی اور اپنی خوابگاہ میں پہنچ کر خود بھی باتھ روم میں جا گھسی۔ تیار ہونے کے بعد میں نے ملازمہ سے ناشتے کے لیے کہا اور اس سے کیلیفورنیا کے بارے میں بھی پوچھا۔

"وہ ناشتہ کر چکے ہیں اور اخبار پڑھ رہے ہیں۔" ملازمہ نے کہا اور مسکرا دی۔

"کیوں!" میں نے اسے گھور کر دیکھا۔ "اس میں مسکراہٹ کی کیا بات ہے؟"

"وہ مجھ سے پوچھ رہے تھے کہ آج اخبار میں برطانیہ کی وزیرِ اعظم الزبتھ ٹیلر کی تصویر کیوں نہیں چھپی؟"

"پھر تم نے کیا جواب دیا؟" میں نے سنجیدگی سے پوچھا۔

"میں نے کہا تھا کہ اخبار والوں سے بہت بڑی غلطی ہو گئی ہے" اور یہ جواب سن کر وہ میری طرف دیکھتے ہوئے اس طرح مسکرائے تھے جیسے میرے بالکل صحیح اندازے کی داد دے رہے ہوں۔"

"ہوں، اچھا جاؤ!"

ملازمہ کے جانے کے بعد میں نے پھر بلّور روم کا رُخ کیا اور سونیا کو اپنے ساتھ خوابگاہ میں لے آئی۔ نہا دھو کر سونیا معمول کے مطابق ہو گئی تھی، یعنی اس پر شراب کا کوئی اثر باقی نہیں رہا تھا لیکن وہ ضرورت سے زیادہ سنجیدہ نظر آنے لگی تھی۔

"میں نے ناشتہ منگوایا ہے۔ یہیں بیٹھ کر ناشتہ کر لیں گے۔" میں نے کہا۔

وہ صرف سر ہلا کر رہ گئی۔

میں اسے غور سے دیکھتی ہوئی بولی۔ "تم کیا سوچ رہی ہو؟"

"ابرقوا" سونیا نے دانت پر دانت جما کر کہا۔ "میں اسے مزا چکھا کر رہوں گی۔"

"کس بات کا مزا؟"

"اس نے آپ کے دشمنوں کا آلۂ کار بن کر مجھے بھی اس میں ملوث کر دیا تھا لہٰذا میں اسے اس کی سزا ضرور دوں گی۔"

"میری خاطر تمہیں ایک کام ضرور کرنا ہو گا۔"

"وہ کیا؟"

"جب تک میں اجازت نہ دوں، تم اس سلسلے میں کوئی قدم نہیں اٹھاؤ گی! میں اپنے دشمنوں کو دھوکے میں رکھ کر مارنا نہیں چاہتی ہوں۔"

سونیا اس طرح میری طرف دیکھنے لگی جیسے میری بات اس کی سمجھ میں نہ آسکی ہو۔

"یہ معاملہ بہت پیچیدہ ہے۔" میں پھر بولی۔ "تم سمجھ نہیں سکو گی، اس لیے بس ویسا ہی کرتی رہو جیسا میں کہوں۔ تم ابھی اپنے ہوٹل بھی واپس نہیں جاؤ گی۔ تمھیں دس بجے تک یہاں رکنا ہے۔"

"دس بجے تک کیا ہو جائے گا؟"

"مجھے اس پانی کی تجزیاتی رپورٹ مل جائے گی جس سے کل رات تم نے اپنا جسم دھویا تھا۔ اسی رپورٹ سے یہ بات معلوم ہو سکے گی کہ وہ محلول مجھ پر کیا اثر ڈال سکتا تھا۔"

ملازمہ ناشتہ لے آئی۔ ناشتے کے دوران میں سونیا مجھے کریدنے کی کوشش کرتی رہی لیکن میں نے کوئی ایسا جواب نہیں دیا جس سے سونیا پر مشتاق چنگیزی کی شخصیت آشکارا ہو جاتی یا اسے ان معاملات کا کچھ اندازہ ہوتا جن سے میں دوچار تھی۔

دس بج کر دس منٹ پر رضوان میرے گھر پہنچا۔ وہ اس وقت اپنی اصل شکل و صورت میں تھا۔ میک اپ وغیرہ ختم کر چکا تھا کیونکہ اب اس کی ضرورت ہی باقی نہیں رہی تھی۔ اس نے عجیب سی نظر سے سونیا کی طرف دیکھا اور پھر سندھی زبان میں بولا۔ "غالباً آپ دونوں شبِ عروسی منا چکی ہیں!"

"مطلب کی بات کرو!" میں نے بھی سندھی ہی میں کہا۔ "رپورٹ لے کر آئے ہو یا نہیں؟"

"بالکل لے کر آیا ہوں جناب!" رضوان نے اپنی جیب سے ایک لفافہ نکالتے ہوئے کہا۔ "اگر آپ وہ محلول چکھ چکی ہوتیں تو اس وقت کفیل رضا کے پیش کردہ مسائل پر مکمل سنجیدگی سے غور کر رہی ہوتیں!"

"کیا مطلب!" میں نے چونک کر کہا۔ "یعنی میں پاگل ہو جاتی؟"

"جی جناب!"

"وہ کوئی ایسا زہر نہیں تھا جو مجھے ہلاک کر سکتا؟"

"جی نہیں۔"

میں نے رضوان کے ہاتھ سے رپورٹ لے کر اس پر نظر ڈالی۔ وہ ٹیکنیکل ٹرمز میں تھی لیکن اس کے [illegible] بھی ٹائپ کر دیا گیا تھا۔ اس کے مطابق اس محلول میں کچھ ایسی جڑی بوٹیوں سے سرد دلی گئی تھی [illegible] ابھی تک دریافت نہیں ہو سکی تھیں۔ ان کی خاصیت زبان کے ذریعے معدے تک پہنچنے کے بعد، ما ہوتی تھیں مگر ان کا یہ اثر دائمی نہیں ہو سکتا تھا۔ میں دماغی صحت کے بحال ہو جانا یقینی بات تھی۔

رپورٹ پڑھ کر میں نے اس نکتے کو خاص طور رکھا کہ اس محلول کا اثر دائمی نہیں ہو سکتا تھا۔

سونیا خاموش بیٹھی ہولے ہولے ہلتی رہی تھی۔ سندھی زبان میں گفتگو کرتے رہے تھے اس لیے ایک لفظ بھی نہ سمجھ سکی ہوگی۔

رپورٹ میں نے اپنے پرس میں رکھ لی۔

"ذرا میرے ساتھ آؤ!"

"اجی کہاں؟" رضوان نے ہانک لگائی۔

"ابھی آتی ہوں۔ تم یہیں بیٹھو!"

میں سونیا کو دوسرے کمرے میں لے آئی۔ سامنے اس سے گفتگو نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"تم اندازہ لگا سکتی ہو کہ اس پانی کی رپورٹ کیا ہوگی!" میں نے سونیا سے کہا۔

"زہر؟" سونیا نے کچھ خوفزدہ سے انداز میں

"ایک قسم کا زہر ہی سمجھو جو صرف دماغ پر ا میں نے اسے بتایا۔ "اگر میرے ہونٹ یا زبان اس چکھ لیتے تو میں پاگل ہو جاتی۔"

"میں البرٹو کو ہرگز معاف نہیں کروں گی۔" اس نے دانت چبا کر کہا۔

"لیکن فوری طور پر کوئی قدم نہیں اٹھاؤ گی دوسری بار کر رہی ہوں۔" میں نے اسے گھورتے پھر پوچھا۔ "کیا البرٹو اس وقت ہوٹل میں موجود ہ

"اس نے کہا تھا کہ دوپہر تک لوٹ آئے گا

"بس تو اب تم اپنے ہوٹل جاؤ اور اگر وہ [illegible] [illegible] کرو گی کہ تم نے یہ رات میں گزاری تھی لیکن تم ایک کمرے میں اکیلی پڑی رہ جبکہ میں کسی ضروری کام سے اچانک کہیں چلی گئی تھی

"مقصد؟"

"کی بات ہے، مجھے حیرت ہے کہ تم نہیں سمجھ کہ مجھے اپنے گھر سے نکالنا تو ہوگا اور دشمن ل گے۔ اگر تم نے یہ بہانہ نہیں دیا تو وہ مجھے حالت میں دیکھ کر اچنبھے میں پڑ جائیں گے۔"

نیا نے سر ہلایا۔

قم روانہ ہو جاؤ!" میں اسے لے کر بیرونی دروازے

ہے کب ملاقات ہوگی؟"

ملنے کے بعد تم کوئی موقع ملنے پر مجھے فون کر

سے جانے کے لیے ٹیکسی کرنا ہوگی۔ مجھے ورنہ تمھیں ہوٹل تک چھوڑ آتی۔"

ں۔ کیا فرق پڑتا ہے۔ میں ٹیکسی کر لوں گی۔"

ولو چھا۔ "یہ صاحب کون ہیں؟"

ر سونیا کا اشارہ رضوان کی طرف ہے۔ میں نے ایک بہی خواہ ہے۔ اس کے بارے میں تفصیل

مہان کے بارے میں جاننے کے لیے فوری طور پر

ے رخصت کرنے کے بعد میں واپس اندر آ چکی ی آواز سنی جیسے باہر کوئی ٹیکسی آ کر رکی ہو۔ میں ے میں آ گئی۔ میں نے دیکھا کہ سنگیتا ٹیکسی کا ی کرایہ ادا کرنے کے بعد وہ مڑی اور برآمدے ب معمول وہ حزن و ملال کی تصویر بنی ہوئی ے اشائے سے سلام کیا اور پھر پوچھا۔ "انکل کی ہے؟"

مت خراب ہی کب تھی!"

ہے کہ دماغی حالت؟"

ہے۔" میں سنگیتا کا ہاتھ پکڑے ہوئے اپنی ھی۔ "اچھا ہوا کہ تم آ گئیں۔ دماغی امراض کا ماہر ہر کو تمھارے انکل کا معائنہ کرنے آئے گا۔ اس ی ضروری ہے۔ ممکن ہے وہ کفیل صاحب

کے بارے میں کچھ ایسے سوالات کرے جن کا جواب میں نہیں دے سکتی۔ ظاہر ہے کہ مجھے کفیل صاحب کے ماضی کے بارے میں کچھ زیادہ نہیں معلوم۔"

سنگیتا نے اس طرح سر ہلایا جیسے بات سمجھ گئی ہو۔

میں نے اسے خوابگاہ میں چھوڑا اور بولی۔ "تم یہاں میرا انتظار کرو۔ میں ایک صاحب سے مل کر ابھی آتی ہوں۔ وہ ڈرائنگ روم میں میرے منتظر ہیں۔"

سنگیتا نے استفسار نہیں کیا کہ میرا منتظر کون ہے۔ وہ مغموم بھی تھی اور الجھی ہوئی بھی! اس کیفیت میں انسان کو غیر متعلق باتوں سے کوئی دلچسپی نہیں رہ جاتی۔

میں ڈرائنگ روم میں پہنچی تو رضوان نے منہ بنا کر کہا۔ "اگر اتنی ہی دیر لگانا تھی تو بتا کر جاتیں۔ میں حوائجِ ضروریہ سے فارغ ہو لیتا۔"

"بس اب سنجیدہ ہو جاؤ۔ مجھے ابھی ڈاکٹر ریحان کو لینے جانا ہے۔ اس نے کفیل رضا کا معائنہ کرنے کے لیے دوپہر کا وقت دیا تھا۔ تم آج کوئی ایسا منصوبہ بناؤ کہ ہم آج رات مشتاق چنگیزی کے ماموں کو اس کے گھر سے اغوا کر لیں۔ مجھے شبہہ ہے کہ اسے پاگل کرنے میں بھی مشتاق ہی کا ہاتھ ہوگا۔ شبہہ کیا، یقین ہی ہے۔"

میں اور رضوان کچھ دیر تک اس موضوع پر بات کرتے رہے۔

میں نے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ مشتاق چنگیزی ایک طرف تو اپنے ماموں کا علاج کرا رہا ہے اور دوسری طرف وہ محلول بھی اپنے ماموں کو پلاتا رہتا ہے تاکہ اس کی دماغی حالت اعتدال پر نہ آنے پائے۔"

رضوان بولا۔ "اگر وہی محلول کفیل رضا پر بھی آزمایا گیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ دو ایک روز میں وہ خود ہی ٹھیک ہو جائے گا!"

"ہاں، امکان تو یہی ہے۔"

"تو پھر آپ ڈاکٹر ریحان کو کیوں بلا رہی ہیں؟"

"میں اس سے باتیں کر کے کچھ اندازے لگانا چاہتی ہوں۔"

"کیسے اندازے؟"

"میں اس سے ایک بات تو یہ معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ اتنے دن علاج کرنے کے بعد وہ مشتاق چنگیزی کے ماموں کو معمول پر لانے میں کسی حد تک کامیاب ہوا ہے یا نہیں، اور اگر نہیں، تو کیوں؟ دوسرے یہ کہ مشتاق کے ماموں اور کفیل رضا کے کیس میں

کس حد تک حماقت ہے۔"

"اور مشتاق کے ماموں کو اغوا کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جب اسے وہ محلول نہیں دیا جائے گا تو اس کی دماغی حالت ٹھیک ہو جائے گی اور اس سے یہ معلوم کیا جا سکے گا کہ حقائق کیا ہیں یعنی اس بوڑھے کو مشتاق کے خلاف استعمال کیا جا سکے گا؟"

"ہاں۔"

"کیا یہ ممکن ہو گا؟"

"اس سوال کا جواب تو بعد کے حالات ہی دے سکیں گے؟"

"میرا خیال ہے کہ مشتاق کے ماموں کو اغوا کرنے کی منصوبہ بندی مجھ سے بہتر آپ کر سکتی ہیں۔"

"وہ کیسے؟"

"آپ سنگیتا سے اس تہ خانے کا نقشہ بھی معلوم کر سکتی ہیں اور اگر اس تہ خانے کو کھولنے کا کوئی خفیہ طریقہ ہے تو وہ بھی۔"

میں سوچ میں پڑ گئی۔ رضوان ٹھیک ہی کہہ رہا تھا۔ ان معلومات کی روشنی ہی میں مشتاق کے ماموں کو اغوا کرنے کا منصوبہ بنایا جا سکتا تھا۔

"ٹھیک ہے۔" میں نے فیصلہ کن انداز میں کہا۔ "میں ہی کوئی منصوبہ بناتی ہوں۔ تو پھر تم آج ایک اور کام کر ڈالو!"

"وہ کیا؟"

میں نے اسے آئی، ایچ، مبا بری اور ٹھیکیدار جامو کے بارے میں تفصیل سے بتایا اور پھر بولی۔ "میں نے پولیس کو بھی ان تمام باتوں سے آگاہ کر دیا تھا۔ اب تم یہ معلوم کرو کہ میری فراہم کردہ معلومات سے پولیس نے کیا فائدہ اٹھایا؟"

یہ معلومات کرنے کے بعد میں آپ سے کب ملوں؟"

"مجھے فون کر لینا۔" میں یہ کہتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔ "مجھے ڈاکٹر ریحان کو لینے جانا ہے۔ تمہیں کہاں ڈراپ کر دوں؟"

"میرے پاس موٹر سائیکل ہے۔ میں خود چلا جاؤں گا۔"

"ٹھیک ہے۔۔۔ مگر۔۔۔ اوہ!" مجھے ایک ایسا خیال آیا کہ میں ایک لمحے کے لیے جھنجھنا سی گئی۔

"کیا بات ہے؟" رضوان نے میری پیشانی پر پڑی ہوئی سلوٹوں کو غور سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"میں نے ایک پہلو پر تو سوچا ہی نہیں تھا۔" میں آہستہ سے بولی۔

"کس پہلو پر؟"

"کفیل رضا اس وقت میرے گھر ہیں کو معلوم ہو چکی ہے۔ وہ یقیناً اس صورتحال ہو گا لہٰذا جیسے ہم اس کے ماموں کو اغوا کر سکتے ہیں، اسی طرح وہ بھی کفیل رضا کو یرغمال بندی کر سکتا ہے۔"

"آپ نے بہت بر وقت اور بہت صحیح "لہٰذا میری عدم موجودگی میں تمہیں بہت چوکس رہنا ہو گا۔"

"میں آٹھ کس رہوں گا۔"

"ریوالور ہے تمہارے پاس؟"

"پھر ہوا۔"

"گڈ!... آداب میں تمہیں وہ کمرہ دکھاؤں کور کھا گیا ہے۔ اگر تم اس سلسلے میں کوئی اعتراض وہ بھی کر لینا۔"

رضوان کو صورتِ حال سے پوری طرح آ بعد میں پھر اپنی خوابگاہ میں پہنچی۔ سنگیتا مجھ ہو گئی۔

"میں انکل کو دیکھنا چاہتی ہوں بانو!" "ابھی نہیں۔"

"دیکھ لینا جلدی کیا ہے۔ میں ڈاکٹر ریحا ہوں۔ تم یہیں میرا انتظار کرو بلکہ۔۔۔" "نہیں پھر میرے ساتھ ہی چلو۔ راستے میں ڈاکٹر ریحا گفتگو کرے گا۔ میرا اشارہ ان باتوں کی طرف نہیں دے سکی تھی۔"

"چلیے!" سنگیتا فوراً تیار ہو گئی۔

ہم جب ڈاکٹر ریحان کے پاس پہنچے تو اس دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہا۔ "آپ بالکل شارپ "میں لمحوں کو بھی قیمتی سمجھتی ہوں ڈاکٹر!"

"ہر چند کہ فی زمانہ یہ جملہ مضحکہ خیز سا لگتا ہے قیمتی جملہ ہے۔ خیر، آیئے! اب چلا جائے کیونکہ ہے۔"

سنگیتا بدستور کچھ کچھ سہمی سی رہی لیکن میں آج ڈاکٹر ریحان خامی بذلہ سنجی کا ثبوت دے رہا تھا باہر چلتے ہوئے میں نے کہا۔ "مناسب سمجھیں ہی کار میں آ جائیں۔ میں آپ کو واپس بھی چھوڑ دوں

پاس گاڑی موجود ہے تو پھر اس سے کیا حاصل الجھن چھوڑنے کی زحمت میں پڑیں۔"

اس لیے بھی کہہ رہی ہوں کہ راہ میں آپ ان سے کچھ ہو گا۔" میں نے سنگیتا کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ آپ کے بارے میں وہ باتیں بھی بتا سکیں گی جو میں نہیں

کی تعریف؟" ڈاکٹر ریحان نے پہلی مرتبہ سنگیتا کی طرف

نام سنگیتا ہے۔ یہ چھوٹی سی بچی تھیں، تب سے کفیل صاحب اکیل صاحب کا لڑکا حادثے میں انتقال کر گیا، وہ ان بلکہ میں صاف صاف بتاؤں، یہ دونوں ایک دوسرے

نے مڑ کر دوسری طرف پھیر لیا۔ شاید اس کی آنکھیں بھر ریحان نے اس کی طرف دیکھا، کچھ سوچ کر سر ہلایا اور ہے، تو پھر میں آپ ہی کی گاڑی میں چلتا ہوں۔"

"میں نے اپنی گاڑی کا دروازہ کھولتے ہوئے کہا۔ آپ دونوں پیچھے بیٹھ جائیں تاکہ گفتگو کرنے میں

سب خیال ہے۔"

لوں پیچھے بیٹھ گئے اور میں نے ڈرائیونگ سیٹ پر سٹارٹ کر دیا۔ ڈاکٹر ریحان نے فوراً ہی سنگیتا سے باتیں ں، وہ اسے کفیل رضا کے ماضی کے سلسلے میں کرید تا رہا اور نچے تلے انداز میں جواب دیتی رہی۔

ے کے فاصلے کا ایک چوتھائی حصہ ابھی باقی تھا کہ ڈاکٹر لگتا سے گفتگو ختم کر دی اور کسی گہری سوچ میں ڈوب قب نما آئینے سے اس کے چہرے کا جائزہ لیا۔ ل کی شکنوں نے مجھے باور کرایا کہ وہ کسی خاص نکتے پر میں نے چاہا کہ اس سے استفسار کروں لیکن پھر یہ ش ہی رہی کہ اسے یکسوئی سے غور کر لینے دیا جائے۔ کسی نتیجے پر پہنچنے کے بعد کوئی چونکا دینے والا انکشاف

پہنچنے تک ڈاکٹر ریحان کچھ نہیں بولا۔ گھر پہنچ کر میں نے ے رضوان کی طرف دیکھا۔ اس نے اشارے سے بتایا معمول کے مطابق ہے۔ اس کے بعد ہم چاروں یکفیل رضا

کے کمرے کی طرف بڑھے۔ راہ میں اچانک ڈاکٹر ریحان نے رک کر کہا۔ "اگر کوئی بُرا نہ مانے تو میں عرض کروں گا کہ میرے معائنہ کے کمرے میں صرف ایک شخص جائے۔ زیادہ بھیڑ مناسب نہیں ہو گی۔"

"ٹھیک ہے ڈاکٹر!" میں نے کہا۔ پھر رضوان اور سنگیتا سے بولی۔ "تم دونوں ڈرائنگ روم میں بیٹھو۔ ہم ابھی آتے ہیں۔"

رضوان اور سنگیتا سر ہلا کر وہیں ٹھہر گئے۔

میں اور ڈاکٹر ریحان آگے بڑھے۔ ڈاکٹر نے کہا۔ "میں ان کی بیٹھ ڈاکٹر، ملاقات نہیں کروں گا۔ آپ نے ان کی جو ذہنی کیفیت بتائی تھی، اس کے پیشِ نظر یہ مناسب ہو گا کہ آپ میرا تعارف نشاۃ ثانیہ امراء القیس کے نمائندے کی حیثیت سے کرائیں۔ ان سے کہوں گا کہ مجھے امراء القیس نے اس لیے بھیجا ہے۔ ان سے امریکہ اور روس کی کشیدگی کے مسئلے پر مزید گفتگو کر سکوں۔"

"ٹھیک ہے۔"

"وہ باہر جانے کے لیے تو اصرار نہیں کرتے؟"

"ابھی تک تو ایسا نہیں ہوا۔"

"تو پھر میں ایسا بندوبست بھی کر دوں گا کہ وہ آئندہ بھی اس کے لیے اصرار نہ کریں۔"

"وہ کس طرح؟"

"میں انھیں باور کرا دوں گا کہ ان کی زندگی خطرے میں ہے۔ کے، جی، بی اور سی، آئی، اے کے ایجنٹ انھیں قتل کرنے کی فکر میں ہیں۔"

"یہ ٹھیک ہے۔" میں نے دل ہی دل میں ڈاکٹر کے ذہین رسا کی داد دی۔ وہ تمام حالات کو سامنے رکھتے ہوئے نہایت صحیح فیصلے کر رہا تھا۔

آخر میں اسے لیے ہوئے کفیل رضا کے کمرے میں داخل ہوئی۔ کفیل رضا بستر پر نیم دراز کسی خیال میں کھویا ہوا تھا۔ ہماری آہٹ پر اس نے بڑی آہستگی سے سر گھما کر ہماری طرف دیکھا اور اس کی پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں۔ اس نے بڑی ناگواری سے کہا۔ "میں اس قبل اندازی پر ہوٹل کی انتظامیہ سے تم لوگوں کی شکایت بھی کر سکتا ہوں۔"

"سر!" میں نے بڑے ادب سے کہا۔ "یہ آپ سے ملنے کوہ قاف سے آئے ہیں۔" میں نے ڈاکٹر ریحان کی طرف اشارہ کیا۔

"کوہ قاف سے؟" کفیل رضا نے چونک کر ڈاکٹر ریحان کی طرف ایسی نظر سے دیکھا جیسے تعارف چاہتا ہو۔

ڈاکٹر ریحان نے کھنکار کر گلا صاف کیا اور بولا "مجھے ہزہائی نس امراؤ القیس نے بھیجا ہے۔ میں ان کا خاندہ ہوں اور آپ سے اسی مسئلے پر گفتگو کرنے آیا ہوں ..."

"ششش!" کفیل رضا نے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر اسے بولنے سے روک دیا اور پھر کہا "وہ باتیں صرف تخلیے میں کی جاسکتی ہیں۔" اس کے بعد وہ میری طرف دیکھ کر بڑے سخت لہجے میں بولا "اب تم جاسکتی ہو۔" وہ مجھے گویا ہوٹل کی انتظامیہ سے متعلق سمجھ رہا تھا۔

میں نے مؤدبانہ سر ہلایا اور دروازے کی طرف موڑ گئی۔

"اور ہاں!" کفیل رضا نے انگ لگائی "چائے ضرور بھجوا دینا۔"

میں باہر آگئی۔ میں نے ایک ملازمہ سے اس کمرے میں چائے لے جانے کے لیے کہا اور پھر ڈرائنگ روم میں پہنچی جہاں رضوان اور سنگیتا چپ چاپ بیٹھے اپنے اپنے خیالوں میں گم تھے۔ میری آہٹ پر انھوں نے بیک وقت نظریں اٹھا کر میری طرف دیکھا۔

"تمھیں ابھی یہاں اور رُکنا پڑے گا رضوان!" میں نے کہا۔

"میں ڈاکٹر ریحان کو واپس چھوڑنے بھی جاؤں گی۔"

رضوان سر ہلا کر رہ گیا۔ غالباً وہ سنگیتا کے سامنے کسی قسم کی نوک جھونک نہیں کرنا چاہتا تھا۔

ڈاکٹر ریحان کوئی پون گھنٹے بعد کفیل رضا کے کمرے سے نکلا۔

"کیا چلیں ڈاکٹر؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"جی ہاں، چلیے۔"

"تم بھی چلو سنگیتا!" میں نے کہا "تم کو میں تمھارے گھر پر ڈراپ کردوں گی۔"

"لیکن ... میں انکل کو دیکھنا چاہتی تھی۔" سنگیتا نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔

"ان کی حالت میں کوئی تغیر نہیں آیا ہے۔ کیا کروگی دیکھ کر؟" میں بولی لیکن جب سنگیتا کے چہرے پر شرمندگی پھیلتے دیکھی تو کہا۔ "اچھا چلو دیکھ آؤ۔ میں تمھاری منتظر ہوں۔ جلدی آنا۔"

"میں بس پانچ منٹ میں آجاؤں گی۔"

سنگیتا اٹھ کر اندر چلی گئی تو میں نے ڈاکٹر ریحان سے کہا "تشریف رکھیے ڈاکٹر! اگر ہم پانچ منٹ بعد چلیں تو کوئی حرج تو نہ ہوگا؟"

"نہیں نہیں، حرج کی کیا بات ہے!" ڈاکٹر بیٹھ گیا۔

"اس کیس کے بارے میں آپ نے کوئی رائے قائم کی؟" میں نے پوچھا۔

"دو باتیں میرے لیے الجھن کا باعث بن گئی ہیں۔"

"یعنی؟" میں سنبھل کر بیٹھ گئی۔

"مشتاق چغتائی صاحب کے معاملوں اور پاگل پن میں بے حد مماثلت ہے۔ اس کے علاوہ ایک قدر مشترک بھی ہے۔ کفیل صاحب کے بقول یہ تھا کہ یہ دبئی سے آئے ہیں لیکن مشتاق چغتائی صاحب بھی گفتگو کے دوران میں کسی نہ کسی موقع پر دبئی کا ذکر کرتے ہیں۔"

میں نے اس موقع پر ڈاکٹر ریحان کو یہ نہیں بتایا کہ مشتاق چغتائی کا بوڑھا ماموں بھی دبئی سے آیا تھا۔ رضوان بھی بڑی دلچسپی سے میری اور ڈاکٹر ریحان کی گفتگو سن رہا تھا اور اس کے چہرے پر گہری سنجیدگی تھی۔

ڈاکٹر ریحان نے میرے بولنے کا انتظار کیا۔ پھر معلوم کروں گا کہ اس قدر مشترک کا پس منظر کیا ہے۔ اگر میں یہاں ایک نرس تعینات کردوں تو آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا؟"

"مجھے کیا اعتراض ہو سکتا ہے ڈاکٹر! ظاہر ہے کہ اس کے سلسلے میں جو بھی قدم اٹھائیں گے وہ اس کی بہتری کے لیے اٹھائیں گے۔"

"دراصل یہ سوال میں اس لیے کر بیٹھا کہ مشتاق صاحب کو پسند نہیں کیا تھا۔"

"وہ کیوں؟"

"وہ وجہ نہ تو انھوں نے بتائی اور نہ میں سمجھ سکا۔ وہ اس لیے کہ وہ اپنے ماموں کی دیکھ بھال خود ہی کریں گے۔"

میں سمجھ گئی کہ مشتاق چغتائی نے نرس کی موجودگی کو کیوں سمجھا ہوگا۔ نرس کی موجودگی میں اسے اس کا موقع نہیں تھا کہ وہ بوقت ضرورت اپنے ماموں کو وہ محلول پلا سکتا تھا۔

"خیر۔" ڈاکٹر ریحان بولا "تو آپ کو اعتراض نہیں ہے؟"

"قطعی نہیں۔"

"تو پھر میں آج ہی ایک نرس کو یہاں بھیج دوں گا۔"

"جیسا آپ مناسب سمجھیں۔"

گفتگو یہیں تک پہنچی تھی کہ سنگیتا آگئی اور ہم تینوں روانہ ہوگئے۔ پروگرام کے مطابق میں نے رضوان کو دبئی راہ میں ڈاکٹر ریحان نے سنگیتا سے پوچھا "مسٹر کلیل آپ کو پہچان لیا تھا؟"

سنگیتا نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا "جیسے ہی میں کمرے میں داخل ہوئی انھوں نے ڈانٹ کر پوچھا۔ تم کون ہو؟ میں نے اس سے سب کچھ کہا کہ میں ہوٹل کی ملازمہ ہوں۔ میرا یہ جواب سنتے ہی حکم دیا کہ میں ان کے کمرے کی جھاڑ پونچھ کر دوں۔ ان کے حکم کی تعمیل کی اور کمرے سے نکل آئی۔" یہ سب کہتے کہتے سنگیتا کی آنکھیں بھر آئی تھیں۔

ڈاکٹر نے اس طرح سر ہلایا جیسے سنگیتا کا جواب اس کے ذہن کے مطابق ہو۔

ڈاکٹر کے جانے کے بعد میں نے کار کا رُخ سنگیتا کے گھر کی طرف کیا۔ میں نے اس سے ڈاکٹر شکیل کے بارے میں گفتگو کی تھی اور کرنا بھی نہیں چاہتی تھی۔ مجھے خوب احساس تھا کہ جانے والوں کا ذکر چھیڑ دیا جائے تو دلِ بیتاب کی سل پڑتی ہے۔ آنسو پلکوں کی دیواریں توڑ کر بے خانماں ہونے کی حالت بھی یہی بتا رہی تھی کہ آنسوؤں سے لبریز اس کے بدن کی ساری فضا میں تیرتے پھر رہے ہیں اور دو لفظوں سے ٹکرا گئے تو برس پڑیں گے۔

اس لیے اس سے اس کے گھر کا ذکر چھیڑ دیا جہاں اب مشتاق چغتائی نے اس سے پوچھا "وہاں جو تہ خانہ ہے، میں اس کے بارے میں جاننا چاہتی ہوں۔"

"اس سے آپ کی کیا مراد ہے؟"

"اگر میں اس گھر میں قدم رکھوں تو مجھے اس تہ خانے کے لیے کہاں کہاں سے گزرنا اور کیا کیا کرنا پڑے گا؟ ہے، اس تہ خانے کا راستہ خفیہ طور پر تو نہیں

زیادہ خفیہ طور پر بھی نہیں۔ پتاجی کی خوابگاہ میں ہر بیڈ بورڈ پر لیلے رنگ کا ایک پُش بٹن بھی ہے۔ اس کے دباتے ہی راستہ کھل جاتا ہے۔"

"اس سانحہ کے بعد سے تمھارے پتاجی خوابگاہ کے طور پر استعمال کرتے تھے؟"

سنگیتا نے اب اپنے گھر کا نقشہ سمجھانے کی کوشش کی جو میری سمجھ میں آسانی سے آگیا کیونکہ میں ایک مرتبہ وہاں جا چکی تھی۔

"ٹھیک ہے۔" میں سمجھ گئی۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔

"سنگیتا دھیرے سے بولی "آپ نے مجھے خاصی الجھن میں ڈالا۔ آپ نے ایک بار پہلے بھی اس تہ خانے کے بارے میں پوچھا تھا۔ آج آپ نے پورے گھر کا نقشہ پوچھ ڈالا۔"

"تم یقیناً الجھن میں پڑ گئی ہوگی لیکن ... بہتر ہوگا کہ فی الحال تم ان باتوں کو اپنے ذہن سے جھٹکنے کی کوشش کرو۔ میں جانتی ہوں کہ اس قسم کا مشورہ دینا بہت آسان اور اس مشورے پر عمل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے تاہم اس کی کوشش ضرور کی جاسکتی ہے۔ میں تمھارے گھریلو معاملات کے سلسلے میں اب تک بہت کچھ جان چکی ہوں لیکن تمھیں اندھیرے میں اس لیے رکھا ہے کہ تمھارے ذہن پر ایک بے وجہ دباؤ کا اضافہ نہ ہو سکے۔ بے وجہ دباؤ میں اس لیے کہہ رہی ہوں کہ تم خود اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں کر سکتیں۔ جو کچھ کرنا ہے، مجھے ہی کرنا ہے اس لیے تم حالات کے اس علم کو فی الحال میری ذات تک محدود رہنے دو۔ میرا خیال ہے کہ اب بس دو تین روز میں سارے معاملات صاف ہو جائیں گے اور اس کے بعد میں تمھیں بھی سب کچھ بتا دوں گی۔"

"بانو! مجھے اب ایسا محسوس ہونے لگا ہے جیسے آپ میری خاطر بے شمار الجھنوں میں پھنس گئی ہیں۔"

"پگلی!" میں دھیرے سے ہنس پڑی "تو یہ بات اس طرح کہہ رہی ہے جیسے یہ الجھنیں میرے لیے کوئی مصیبت ہوں۔ جب میں ان الجھنوں کو ختم کر دوں گی تو مجھے کتنی راحت ہوگی، اس کا تو ذرا بھی اندازہ نہیں کر سکتی۔ اگر کسی سے محبت ہو تو اس کی خاطر اپنے پورے وجود کو آگ میں جلا کر بھی لذت حاصل ہوتی ہے۔"

اس کا تو میں اندازہ کر سکتی ہوں بانو!" سنگیتا نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا "اگر شکیل کی خاطر مجھے کسی آتش فشاں میں چھلانگ لگانا پڑتی تو وہ یقیناً میرے لیے ایک مقامِ راحت ہوتا۔" سنگیتا کی آواز بھرا گئی۔

"بس تو پھر یہی بات میرے ساتھ بھی ہے۔ میں بھی اسی مقامِ راحت تک رسائی چاہتی ہوں۔"

"میری سمجھ میں نہیں آتا بانو! کہ آپ کو مجھ سے اتنی محبت کیوں ہوگئی ہے!"

"تمھاری سمجھ میں یہ بات اس لیے آجانا چاہیے تھی کہ تم شکیل کو اتنی ہی شدت سے چاہتی تھیں۔"

"چاہتی تھی نہیں بانو! بلکہ اب بھی چاہتی ہوں لیکن وہ بات اور ہے۔ عورت سے عورت کی اتنی محبت سمجھ میں نہیں آتی۔"

"فکر اور نظریے کے فرق کی بات ہے۔ ویسے یہ تو بتاؤ کہ ماں کو بیٹی سے اور بیٹی کو ماں سے محبت کیوں ہوتی ہے؟"

"وہ جذبہ دوسرا ہوتا ہے۔"

"ہاں، محبت میں جذبوں کا فرق تو ہوتا ہے۔ باپ کو بھی بیٹی سے محبت ہوتی ہے، لیکن جب کوئی مرد کسی عورت سے محبت کرتا ہے تو وہ باپ اور بیٹی کی محبت سے جدا ہوتی ہے۔ کیا یہاں تمھیں جذبوں کا فرق نظر نہیں آتا؟"

سنگیتا لاجواب ہو گئی اور پھر اس بحث کو مزید بڑھانے کا وقت بھی نہیں رہا۔ سنگیتا کا گھر قریب آگیا تھا۔ میں نے اسے چرچ گیٹ کے نیچے چھوڑا اور اس تنگ راستے پر بڑی مشکل سے گاڑی کو بیک کر کے اپنے گھر کی طرف واپس روانہ ہوئی۔

جب میں گھر پہنچی تو رضوان نے بتایا کہ سونیا کا فون آیا تھا۔

"کیا کہہ رہی تھی؟" میں نے پوچھا۔

"بس آپ کو پوچھ رہی تھی۔ میں نے بتایا کہ آپ موجود نہیں ہیں تو اس نے فوراً فون بند کر دیا۔ مجھے اس نے بالکل گھاس نہیں ڈالی۔"

"اس کے پاس ہوگی نہیں۔" میں مسکرائی۔

"ظاہر ہے۔" رضوان نے کہا۔ "وہ تو کل رات آپ ساری کی ساری ہضم کر چکی ہیں۔"

مجھے خدشہ ہوا کہ اس نوک جھونک میں خاصا وقت ضائع ہو جائے گا لہٰذا میں نے جلدی سے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ اب تم اس کام کے لیے روانہ ہو جاؤ!"

"کس کام کے لیے؟"

"بھول گئے! میں جاننا چاہتی ہوں کہ شکیل کے معاملے میں پولیس کہاں تک پہنچی ہے!"

"او، کے! میں چلا۔" رضوان ہاتھ جھلاتا ہوا اُٹھا اور رخصت ہو گیا۔

کچھ دیر بعد میں نے کھانا کھایا اور چائے پی۔ میں اس دوران میں برابر یہ سوچتی رہی تھی کہ سونیا نے مجھے یونہی ٹیلیفون کیا تھا یا وہ کوئی خاص بات بتانا چاہتی تھی؟ آخر اس نے دوبارہ فون کیوں نہیں کیا؟ اس الجھن سے نجات پانے کے لیے مجھے فیصلہ کرنا پڑا کہ میں خود اسے فون کروں لیکن ابھی میں اس فیصلے پر عمل نہیں کر پائی تھی کہ ایک ملازمہ نے مجھے کسی لڑکی کی آمد سے باخبر کیا۔

"لڑکی؟" میں نے پوچھا۔ "اس نے نام کیا بتایا ہے؟"

"ساجدہ۔" ملازمہ نے جواب دیا۔ "وہ کہہ رہی ہے کہ اسے ڈاکٹر ریحان نے بھیجا ہے۔"

"اوہ، اچھا!" میں اٹھی اور ڈرائنگ روم میں بیٹھی ہوئی وہ لڑکی ہی؟

معلوم ہوتی تھی۔ صورت شکل اور جسمانی اعتبار سے قرار نہیں دیا جا سکتا تھا۔ اس نے اٹھ کر مجھے سلام کیا اور میرے سوال کے جواب دیتے ہوئے اس کے سر ہلانے کا انداز بھی بڑا دلکش تھا۔

"مجھے ڈاکٹر ریحان نے بھیجا ہے۔" وہ بولی۔ "ان کے مطابق مجھے ہر وقت کفیل صاحب کے کمرے میں موجود رہنا ہے۔"

"ہوں!" میں نے کچھ غور کرتے ہوئے سر ہلایا۔ "مگر تم اس کمرے میں اپنی ہمہ وقت موجودگی کے بارے میں کیا کہو گی؟"

"میں انھیں بتاؤں گی کہ مجھے ان کی حفاظت پر مامور کیا گیا ہے کیونکہ انھیں سی آئی اے وغیرہ کے طرف سے شدید خطرہ ہے۔ اس کے علاوہ میں ان سے کہوں گی کہ مجھے ان کے پاس بحیثیت نرس رہنا ہے تاکہ کسی کو آپ پر مجھ پر شبہ نہ کر سکیں۔ یہ بہانہ کرنے سے مجھے اس بات کا موقع مل جائے گا کہ میں ڈاکٹر ریحان کی مجوزہ دوائیں ان کو دے سکوں۔"

"لیکن وہ اس بات پر حیران ہوں گے کہ انھیں دوا دینے کی کیا ضرورت ہے!"

"میں انھیں بتاؤں گی کہ وہ صرف طاقت کی دوائیں ہیں۔ انھیں اس لیے دی جا رہی ہیں کہ نرس کی حیثیت مشتبہ نہ ہونے پائے۔"

"گڈ!" میں ہنس پڑی۔ "ڈاکٹر ریحان بہت ذہین ہیں۔ اب مجھے اندازہ ہو رہا ہے کہ پاگلوں کے معالجوں کو کیا کیا آتا ہوں گی اور انھیں کیا کیا ہتھکنڈے استعمال کرنا ہوں گے۔"

ساجدہ بس مسکرا کر رہ گئی اور اس کی مسکراہٹ بھی مجھے میں نے سوچا مزید ملنے پر کچھ وقت اس لڑکی کے ساتھ جا سکتا ہے۔

"چلو، میں تمھیں کفیل صاحب کے کمرے تک پہنچا دوں۔" نے اس سے کہا اور وہ میرے ساتھ ہو لی۔ مجھے ایک خیال نے اس سے سوال کیا۔ "تم چوبیس گھنٹے یہیں رہو گی؟"

"جی نہیں، رات کو جب کفیل صاحب سو جایا کریں گے اپنے گھر چلی جایا کروں گی۔"

ے نے پر اکتفا کیا اور اسے کفیل رضا کے کمرے میں میں آئی۔ میں نے ٹیلیفون پر ڈاکٹر ریحان سے بات کی تصدیق کی کہ ساجدہ نامی نرس کو انھوں نے نہ صرف اس بات کی تصدیق کی بلکہ ساجدہ کا حلیہ بھی بتا دیا۔ اصل میں پوری طرح چوکنا رہنا چاہتی تھی۔ مجھے ڈر تھا کہ مشتاق چنگیزی، کفیل رضا کی فکر میں ہوگا۔

سے گفتگو کرنے کے بعد میں ایک حد تک مطمئن ہو ان کو میں نے اپنے ذہن میں رکھا کہ مشتاق چنگیزی ہ بنانے کی کوشش کر سکتا ہے۔ بہرحال یہ کوئی فوری کر آنے کا کارنامے میں مشتاق چنگیزی کو کچھ نہ کچھ

ے گفتگو ختم ہوئے ایک منٹ بھی نہیں گزرا تھا ں میں نے فوراً ریسیور اٹھا لیا۔

ہلک۔"

ہوں۔" دوسری طرف سے آواز آئی۔

لے! معلوم ہوا تھا کہ تم ایک بار فون کر چکی ہو!"

معلوم ہوا تھا کہ آپ گھر پر نہیں ہیں۔"

ص بات ہے؟ البرٹو سے ملاقات ہو گئی؟"

اس وقت کہیں گیا ہوا ہے۔ میں نے اسے وہی لے سمجھایا تھا۔ میرا خیال ہے کہ وہ یہ سب کچھ جان کر انتہا۔ غالباً اب وہ اپنے انہی آقاؤں کو اس ناکامی ہا ہوگا۔"

سکتا ہے۔"

ت بتائیں گی آپ مجھے؟"

ملے میں مشتاق چنگیزی کا ہاتھ تو نہیں ہے؟"

بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔ فوری طور پر میرے ابں نکل سکا تھا۔

ونیا نے مجھے پکارا۔

میں بولی۔ "یہ شبہ تمھارے ذہن میں کیوں پیدا ہوا؟"

چنگیزی ہی ایک ایسا شخص ہے جو ان دونوں میرے ت قریب رہا ہے اس لیے میرے خیال میں تو لڑکان (اسی کا آلۂ کار بنا ہوگا۔"

ت جھوٹ نہیں بولوں گی سونی! ہاں، وہ آدمی مشتاق

ہی ہے لیکن وہی بات میں پھر کہوں گی کہ تم اپنے طور پر یعنی میری اجازت کے بغیر ان لوگوں کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھانا۔ تم ان لوگوں کی نظر میں امتحان ہی بنی رہو۔ ممکن ہے اس طرح کسی موقع پر تم میرے کام آ سکو!"

"اچھا!" سونیا نے ٹھنڈا سانس لیا اور پھر جلدی سے بولی۔ "اوہ! شاید البرٹو آ گیا۔ وسنگ ہو رہی ہے۔" پھر فوراً دوسری طرف سے سلسلہ منقطع کر دیا گیا۔

میں چند لمحے ریسیور کو دیکھتی رہی اور پھر اسے آہستگی سے کریڈل پر رکھ دیا۔ میں اپنے تصور میں البرٹو اور سونیا کو باہیں کرتے ہوئے دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اسی تصور میں نہ جانے کب میں بستر پر لیٹ گئی اور تکان کے باعث غیر شعوری طور پر آنکھیں بند کر لیں۔

چار بجے تھے جب میں عالمِ غنودگی سے چونکی۔ میرے چونکنے کا سبب دستک کی آواز تھی۔ غالباً کوئی ملازمہ ہی ہوگی، میں نے یہ سوچتے ہوئے بلند آواز میں کہا۔ "کون ہے؟"

"عادم... بلکہ خادم حسین۔" رضوان کی آواز سنائی دی۔

"اوہ!" میں جلدی سے اٹھ بیٹھی۔ "اندر آ جاؤ!"

میری ملازماؤں اب رضوان سے اتنی مانوس ہو چکی تھیں کہ اسے براہِ راست میرے کمرے تک پہنچنے میں کوئی دشواری نہیں ہوتی تھی۔ وہ دروازہ کھولتا ہوا اندر آ گیا۔ میں نے ایک راکنگ چیئر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "بیٹھو!"

"آپ کی خوابگاہ کی اداسی مجھے ڈیڑھ آنکھ نہیں بھاتی۔" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔

میں اس کا مطلب نہیں سمجھی تھی اس لیے بیساختہ پوچھ بیٹھی۔ "کیسی اداسی؟"

"یہاں کبھی کوئی مردانہ سرگوشی بھی سنائی دینا چاہیے۔"

"بجواس شروع کر دی تم نے!" میں نے اسے گھورا۔ "میرا خیال تھا کہ تم فوراً کام کی باتیں شروع کر دو گے!"

"کام کی باتیں کیا خاک کروں۔ وہاں تو ایسا لگتا ہے جیسے کوئی دوسرا ہی گل کھل گیا ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"متعلقہ پولیس افسر کا انداز۔ تھا جیسے وہ کچھ پریشان، بلکہ مزید ہو۔ آپ کے بیان کی روشنی میں نہ جانے کیا کیا، اور اگر کیا بھی گیا ہے تو غالباً اس کے نتائج کو روشنی میں نہیں لایا جائے گا۔"

"تم کیا کہہ رہے ہو؟" میں متعجب تھی۔

"میں بالکل ہڈبک عسرتی کر رہا ہوں خاتون! میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کیس کو ناقابلِ سماعت قرار دے کر فائل بند کر دی جائے گی یا پھر اُسی بے قصور ڈرائیور کو سزا دلوا دی جائے گی جو فی الحال گرفتار ہے۔"

"آخر یہ انقلاب کیسا!" میں بڑبڑائی۔

"بعض انقلاب ایسے ہی ہوتے ہیں جو فوری طور پر سمجھ میں نہیں آتے۔" رضوان نے کہا۔ "خیر، ان باتوں پر تو آپ غور کرتی رہیے گا۔ پہلے آپ مجھے رات کے پروگرام سے آگاہ کر دیں۔"

"وہ تو طے ہے۔"

"کتنے بجے؟"

"ہم ٹھیک بارہ بجے یہاں سے روانہ ہو جائیں گے۔"

"تو پھر اب میں چلتا ہوں، بہت تھک گیا ہوں، آرام کروں گا۔"

میں نے رضوان کو نہیں روکا۔ روکنے کی ضرورت بھی نہیں تھی اور میرا ذہن بھی بہت بُری طرح الجھ گیا تھا۔ صورتِ حال کی یہ عجیب و غریب کروٹ میرے سان و گمان میں بھی نہیں آ سکتی تھی۔ یہ مسئلہ کسی معمّے سے کم نہیں تھا۔ آخر پولیس پر ایسا کیا دباؤ پڑ گیا کہ وہ اس معاملے کو دبانے پر تُل گئی۔ میرے خیال کے مطابق مشتاق چنگیزی اتنا بارسوخ نہیں تھا کہ کسی معاملے کو اس طرح دبوا سکتا۔ تو پھر کیا میرا یہی خیال درست ثابت ہو گا کہ ڈاکٹر شکیل کی ہلاکت میں مشتاق کا ہاتھ نہیں ہے؟

بہت دیر تک میں اس مسئلے پر غور کرتی رہی۔ یہاں تک کہ میرے سر میں شدید درد ہونے لگا۔ میں نے ملازمہ سے کافی بنوا کر پی تو کچھ سکون ملا۔ اسی وقت ملازمہ نے مجھے ایک ملاقاتی کا کارڈ لا کر دیا۔

کارڈ دیکھ کر میں حیران رہ گئی۔ یہ ملک کی ایک مشہور و معروف شخصیت کا کارڈ تھا، خان آف کالاگوٹ!

لیکن میں ذاتی طور پر خان آف کالاگوٹ سے واقف نہیں تھی۔ کبھی کسی بڑی سرکاری تقریب میں ایک آدھ بار دیکھنے کا اتفاق تو ہوا تھا لیکن تعارف یا بالمشافہ ملاقات کی نوبت کبھی نہیں آئی تھی۔ میں بخیالی میں کار ڈ کو گھورے جا رہی تھی کہ ملازمہ نے مجھے چونکایا۔

"میں انھیں ڈرائنگ روم میں بٹھا آئی ہوں۔ وہ آپ کے منتظر ہیں۔"

میں خیالات سے چونکی اور اٹھ کر لمبے لمبے ڈگ بھرتی ہوئی ڈرائنگ روم کی طرف بڑھی۔ بہت جلد میں ڈرائنگ روم میں تھی۔

خان آف کالاگوٹ ایک صوفے پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے مجھے دیکھا لیکن کھڑا نہیں ہوا۔ اس کی یہ حرکت ناگوار لگی لیکن میں نے چہرے سے اپنی ناگواری کا اظہار نہیں ہونے دیا۔ اس کے قریب پہنچ کر سپاٹ لہجے میں بولی: "آپ نے مجھے یاد فرمایا تھا؟"

"تم ہی صبیحہ بانو ہو؟" اس کا لہجہ بھی ہتک محسوس کی۔

"جی!" میں نے ہونٹ بھینچ لیے۔

"میں تم سے صرف دو ایک باتیں کرنے آیا ہوں۔" اس کے اندازِ تخاطب میں کوئی تبدیلی نہ پا کر میرا پارہ چڑھ گیا۔ میں اس کی طرف سے منہ پھیر کر کھڑکی پر آویزاں ایک پینٹنگ پر نظر جما کر بولی: "کہو! مگر محتاط الفاظ میں کہو۔ میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے۔"

"بہت خوب!" خان آف کالاگوٹ نے کہا۔ "شاید تمھیں علم نہیں کہ تم کس سے ہم کلام ہو رہی ہو؟"

میں نے اب بھی اس کی طرف نہیں دیکھا۔ اسی طرح بات سے خوب اچھی طرح واقف ہوں کہ اس شخص سے گفتگو کرنے پر محض اس لیے مجبور ہو گئی ہوں کہ وہ گھر آیا ہے۔"

"اچھا!" وہ غرّایا اور میں نے محسوس کیا کہ وہ غصے سے کھڑا ہو گیا ہو لیکن میں نے اب بھی اس کی طرف نہیں دیکھا۔ وہ بدستور غرّاتا ہوا بولا: "تم واقعی خاصی اکڑی ہوئی ہو۔ تمھارے بارے میں مجھے معلوم بھی یہی ہوا تھا لیکن مجھے میری معلومات کے عین مطابق ہی ثابت ہو گی۔"

"اب تو اندازہ ہو گیا؟ بس اب جلدی سے..."

"تو سنو!" خان آف کالاگوٹ نے غرّاتے ہوئے کہا۔ "بہتری چاہتی ہو تو خود کو ڈاکٹر شکیل کے معاملے سے..."

یہ بات ایسی تھی کہ میرے جسم میں جیسے کرنٹ سا دوڑ گیا۔ خان آف کالاگوٹ کی طرف گھومی جو کہہ رہا تھا "بتاؤ کہ تم نے پولیس کے علاوہ کس کس کو وہ سامان..."

"خوب!" میں غرّائی۔ "تو یہ تم ہو جس نے ڈاکٹر شکیل کی ہلاکت کرنے کے لیے پولیس پر دباؤ ڈالا ہے؟"

"پولیس پر دباؤ ڈالنے کے لیے مجھے براہِ راست کسی کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ اس کے لیے میرے کارندے ہی کافی تھے۔ تم سے براہِ راست گفتگو کرنے تو میں اس لیے آیا ہوں کہ میں تم سے بحث کرنے نہیں، ایک سیدھا سادہ سودا کرنے آیا ہوں۔ تم اس بات پر اچھی طرح غور کر لو کہ تمھارا اثر و رسوخ میرے اثر و رسوخ سے ٹکر نہیں لے سکے گا۔ میں تمھیں سوچنے سمجھنے کے لیے ایک گھنٹہ دیتا ہوں۔ ایک گھنٹے بعد میں تم کو فون کروں گا۔ اس وقت تم مجھے جو جواب دو گی، اس کو میں تمھارا آخری جواب سمجھوں گا اور اس کے بعد اپنا فیصلہ سناؤں گا۔"

"خوب!" میں نے زہریلے انداز میں کہا۔ "تم اس طرح بول رہے ہو جیسے قادرِ مطلق ہو!"

خان آف کالاگوٹ نے بڑی حقارت سے میری طرف دیکھا پھر نہایت اطمینان سے بیرونی دروازے کی طرف مُڑا اور بڑے پُروقار انداز میں قدم اٹھاتا ہوا باہر چلا گیا۔

میں فرطِ غیظ و غم کھڑی رہی، پھر اچانک کچھ خیال آیا تو بڑی تیزی سے باہر کی طرف لپکی۔ جب میں نے برآمدے کا دروازہ کھولا تو خان آف کالاگوٹ، سیاہ رنگ کی مرسڈیز کی پچھلی نشست پر بیٹھ رہا تھا۔ اس کے بیٹھتے ہی باوردی شوفر نے دروازہ بند کیا اور تیزی سے گھوم کر ڈرائیونگ سیٹ پر جا بیٹھا۔ کار حرکت میں آئی اور میں نے اس کے ہونٹ پر کالاگوٹ کا چھوٹا سا فلیگ لہراتے ہوئے دیکھا۔

میں خاصی دیر تک برآمدے کے دروازے ہی میں کھڑی رہی۔ حالات کی اس کروٹ نے مجھے واقعی طور پر تو بلا ہی ڈالا تھا۔ خان آف کالاگوٹ کے اس دعوے میں کوئی غلو نہیں تھا کہ اثر و رسوخ استعمال کرنے کے سلسلے میں میں اس سے بآسانی ٹکر نہیں لے سکتی تھی۔ اس کے علاوہ اگر میں کسی سے یہ ذکر بھی کرتی کہ خان آف کالاگوٹ، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہے تو بھی کوئی اس پر یقین نہیں کرتا۔

صورتِ حال انتہائی پیچیدہ اور خطرناک ہو چکی تھی۔ علاوہ ازیں یہ بھی طے پا گیا تھا کہ ڈاکٹر شکیل کی ہلاکت میں مشتاق چنگیزی کا کوئی ہاتھ نہیں تھا۔ میں یہ سوچے بغیر نہیں رہ سکی کہ مجھے اپنی زندگی میں خان آف کالاگوٹ سے زیادہ مضبوط مدِ مقابل کبھی نہیں ملا تھا۔

خان آف کالاگوٹ سے اپنی محاذ آرائی کے بارے میں سوچتے سوچتے، میرے ذہن کے تاریک گوشے سے گویا ایک

تھی:

"تم شاید رد کر دیا ہے خان!" میں اسے گھورتی ہوئی کہہ رہی تھی۔ "کیا نہیں کر سکتی تھی کہ ملک کی تم جیسی معزز شخصیت کو کبھی ملوث ہو سکتی ہے جو قانونی نہیں معلوم

لیے میں تم سے یہ بھی کہوں گی کہ ہمارے اس گفتگو کا علم دوسرے کو نہ ہونے پائے۔ کوئی بھی اس پر یقین نہیں کرے گا۔ ممکن ہو سکتا ہے کہ تمھیں پاگل قرار دے کر

ں۔"

ہاں کی ہلاکت میں تمھارا ہاتھ ہے؟"

خالی حادثہ تھا لیکن میں اس ڈرائیور کو بچانا چاہتا ہوں

لکہ شکیل ہلاک ہوا۔"

ا، گاڑی کو ایک معمولی ٹرک ڈرائیور سے کیا دلچسپی

لبن میں پڑنے سے کچھ حاصل نہیں ہو گا۔"

ں پڑنا میری اپنی ہے۔"

ن فریدہ کرتم گھاٹے کا سودا کرو گی۔"

کے حساب سے مجھے چڑ ہے۔"

ے مکالمے بول رہی ہو لیکن مجھے اپنے سوال کا جواب

شکیل کے بارے میں؟"

ہو بے قدموں نے پیچھے ہٹنا نہیں سیکھا۔"

اگر جب میرے قدم آگے بڑھتے ہیں تو بیس چٹانوں

ا ہوا آگے بڑھ جاتا ہوں۔"

نان نہیں ہوں، صبیحہ بانو ہوں۔" میں نے اس طرح

ہوں تسخیر ہونے کا دعویٰ کر رہی ہوں۔

لسلے میں تم سے ایک سودا بھی کر سکتا ہوں۔"

ی کا مسئلہ تمھارے لیے ایک مستقل عذاب بنا

ہی بجاتے میں حل کر دوں گا۔"

ڈاکٹر شکیل کی موت کو بھول جاؤں؟"

ہے۔"

کو نداپکا اور شعور کی سطح تک آگیا۔ وہ خیال مجھے نہایت برمحل سوجھا تھا۔ اگر اس میں دیر ہو جاتی تو پھر اس پر عمل درآمد ممکن نہ ہوتا۔ خان آف کالاگوٹ یہ کہہ کر گیا تھا کہ وہ مجھے ایک گھنٹے بعد فون کرے گا اور ابھی اسے گئے ہوئے صرف پانچ منٹ گزرے تھے۔

باقی پچپن منٹ میں میں بڑی آسانی سے ایسا بندوبست کر سکتی تھی کہ جب خان آف کالاگوٹ مجھے فون کرے تو میری اور اس کی گفتگو کا ایک ایک لفظ ٹیپ ہو جائے۔ میں بعد میں اس ٹیپ کو کسی موقع پر خان آف کالاگوٹ کے خلاف، استعمال کر سکتی تھی۔ ہر چند کہ اس ٹیپ کو عدالت میں کسی ٹھوس ثبوت کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا تھا لیکن اس کے ذریعے سے عام لوگوں کی نظر میں خان آف کالاگوٹ کی شخصیت مشتبہ بنائی جا سکتی تھی۔

عجلت کی ضرورت تو نہیں تھی لیکن میں نے بڑی تیزی سے ساری تیاری مکمل کر لی۔ میں نے ایک خاص قسم کا ٹیپ ریکارڈر اپنے ٹیلیفون سے منسلک کر دیا۔ یہ ٹیپ ریکارڈر میرے پاس اس وقت سے ہے جب میں انٹرپول میں تھی۔ اس کی خصوصیت یہ ہے اسے ٹیلیفون کے تار سے براہِ راست منسلک کیا جا سکتا ہے اور اس کی ضرورت پیش نہیں آتی کہ اس کا مائکروفون، ماؤتھ پیس کے قریب رکھا جائے۔ براہِ راست منسلک ہونے کی وجہ سے آوازیں بہت صاف ریکارڈ ہو جاتی ہیں۔

یہ تیاری کرنے کے بعد میں اطمینان سے خان آف کالاگوٹ کے فون کا انتظار کرنے لگی۔ گویا جال پھیلایا جا چکا تھا اور صیاد کو اپنے صید کی آمد کا انتظار تھا۔

یہ انتظار اپنے وقت پر ختم ہوا۔ یعنی خان آف کالاگوٹ کی رخصت کے ٹھیک ایک گھنٹے بعد! فون کی گھنٹی بجی تو میں نے اس کی طرف اس طرح دیکھا جیسے مجھے، جال کی طرف آتے ہوئے پرندے کے پروں کی آواز سنائی دی ہو۔ پھر جب دوسری بار گھنٹی بجی تو میں نے اتنی احتیاط سے ریسیور اٹھایا جیسے جال کی ڈوری کھینچنے کے لیے تیار ہو گئی ہوں۔

ریسیور اٹھاتے ہی ٹیپ ریکارڈر کی ایک لائٹ جل اٹھی تھی اور اس میں لگا ہوا ٹیپ گردش کرنے لگا تھا۔

"ہیلو!" میں نے ماؤتھ پیس میں کہا اور دیکھا ٹیپ ریکارڈر کی ریلوں نے حرکت کی۔ گویا اس نے میری آواز کو کیچ کر لیا تھا۔

"کون بول رہا ہے؟" دوسری طرف سے پوچھا گیا اور ٹیپ ریکارڈر کی ریلوں نے پھر حرکت کی۔

میں نے دوسری طرف سے بولنے والے کو پہچان لیا۔ وہ خان آف کالاگوٹ ہی تھا۔

"صبیحہ بانو اسپیکنگ۔" میں نے مانوس لہجے میں کہا۔

"گڈ ایوننگ بانو! میں خان آف کالاگوٹ بول رہا ہوں۔" اس کا لہجہ بے حد مدبرانہ تھا۔ اس کھردرے پن کا بھی نہیں تھا جو میں ایک گھنٹے قبل سن چکی تھی۔

"فرمائیے!" میں نے سپاٹ لہجے میں کہا۔

"آپ نے کیا فیصلہ کیا؟" اس نے پوچھا

"کس بارے میں؟"

"اسی سودے کے بارے میں۔" خان آف کالاگوٹ نے کہا۔

"میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ صرف ہاں یا نہ دے دیجیے!"

"میں اس سودے کے بارے میں ایک بات کرنا چاہتی ہوں۔" میں نے کہا۔

"مجھے افسوس ہے کہ میں ایسا نہیں کر سکوں گا۔" کالاگوٹ نے بدستور بڑے خلیق لہجے میں کہا۔ "میں ٹیلیفون پر کوئی بات کھل کر نہیں کر سکتا۔ بزنس ہر بات راز میں رہنا چاہیے اور اسی لیے میں نے اس سلسلے میں آپ سے خود ملاقات کی تھی۔ ساری تفصیل ہو چکی ہے۔ اب تو مجھے صرف جواب کا انتظار ہے۔"

"لیکن میں بعض نکات پر مزید گفتگو کرنا چاہتی ہوں۔" میں نے بدل کر بولی۔ خان آف کالاگوٹ کے اس محتاط انداز قدرے جھنجلاہٹ میں مبتلا کر دیا تھا۔ مجھے اپنی ساری خاکہ میں ملتی نظر آ رہی تھی۔

خان آف کالاگوٹ بولا۔ "معاف کیجیے گا، میں نکتے پر بحث کرنے کے لیے تیار نہیں ہوں۔ آپ تو بس جواب دیں۔"

میں نے تنگ آ کر سوچا کہ خود ہی اصل مسئلے کو چھیڑ یہ سوچتے ہی میں نے اس پر عمل بھی کر ڈالا۔ میں یہ بتانا بھول شکیل کو ہلاک کرنے والے اس ٹرک ڈرائیور کے۔۔۔۔"

خان آف کالاگوٹ نے میری بات کاٹ دی۔ وہ سے لہجے میں بولا۔ "یہ آپ نے کیا باتیں چھیڑ دیں؟ کون اور کیسا ٹرک ڈرائیور؟ میں تو آپ سے اس سودے میں بات کرنا چاہتا تھا جو آپ کی فرم سے ہو سکتا ہے!

ے جس سودے کی بات کی تھی، اس کا مرکزی ل ہی ہے۔" میں نے ہونٹ بھینچ لیے۔

ل میری سمجھ میں نہیں آسکا۔" خان آف کالاگوٹ ن سے کہا۔ "شاید آپ وہ سودا کرنے کے موڈ میں ہا ہیے تھا کہ نفی میں جواب دے کر ریسیور رکھ یجیے گا، آپ نے کچھ بے تکی سی باتیں شروع کر دیں۔"

ان پر بات کرتے ہوئے کیوں گھبرا رہے ہو؟" آمیز تلخی سے کہا۔

ہے، ہم ایک دوسرے سے اتنے بے تکلف نہیں خاطب کر سکیں۔ غالباً آپ وہ سودا کرنے کے موڈ ں مجھے اس بات پر حیرت ہے کہ آپ منفی جواب دینے ب سی باتیں شروع کر بیٹھی ہیں۔"

میں غرائی۔ "تم مجھ سے ٹکر لے کر پچھتاؤ گے!"

نے اس وقت بہت زیادہ پی رکھی ہے اور اپنے نو بیٹھی ہیں لہٰذا اب میں آپ سے مزید کوئی بات نہیں

پہلے کہ میں کچھ کہتی، دوسری طرف سے سلسلہ منقطع

کہتے وقت مجھ پر جو ردِ عمل ہوا وہ عجیب و غریب ہے۔ میں آہستہ سے ہنس پڑی تھی۔ فون پر گفتگو و خان آف کالاگوٹ کی احتیاط پسندی نے مجھے قدرے کا شکار کیا تھا لیکن گفتگو کے اختتام پر میری جھنجلاہٹ تھی۔ خان آف کالاگوٹ سے مقابلے کا یہ انداز مجھے علوم ہوا تھا۔ یہ میری ایک بچکانہ حرکت تھی کہ میں نے ٹ کو ایک معمولی مجرم کی طرح ٹریٹ کرنا چاہا تھا۔ وہ نے کب سے ناپسندیدہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے لک کا ایک معزز ترین شخص سمجھا جاتا تھا، اسے یقیناً بے حد ا ہی چاہیے تھا۔ میں اسے اتنی آسانی سے اپنے جال میں سکتی تھی چنانچہ اپنے اس پہلے ناکام اقدام کے بعد مجھے مایوس ہو رہا تھا کہ بہت دن بعد اچھی خاصی ذہنی ورزش اہم پیدا ہو گئے تھے۔

ایک نیا میدان میرے سامنے تھا جس میں مجھے اپنی ا مانا تھیں۔ مشتاق چنگیزی والے معاملے کو تو میں اب سمجھ رہی تھی۔ رازہائے سربستہ تو کھل ہی چکے تھے۔ اب ان کے بارے میں صرف ثبوت حاصل کرنا تھا اور میرے خیال کے مطابق مشتاق کے ماموں کو اغوا کرنے کے بعد ثبوت بھی مل جاتا۔

آج رات مشتاق چنگیزی کے ماموں کو اغوا کرنا تھا اور میرے خیال کے مطابق یہ کوئی بہت بڑی مہم نہیں تھی۔ اس کے بعد مشتاق چنگیزی کے ماموں صادق حبیب اور کفیل رضا کا دماغی توازن درست ہونے میں چند دن لگتے۔

ان چند دنوں میں مجھے کیا کرنا تھا؟ فی الحال میں اس کے بارے میں کوئی حتمی اندازہ نہیں لگا سکتی تھی۔ اس کا تمام تر انحصار حالات پر تھا۔ ایک امکان یہ ضرور تھا کہ مجھے اس عرصے میں خان آف کالاگوٹ سے برسرِ پیکار رہنا پڑتا۔

میں ایک آرام کرسی پر نیم دراز ہو گئی اور رات کی مہم کی منصوبہ بندی کرنے لگی۔ اس منصوبہ بندی کے ساتھ ہی مجھے کوئی ایسا انتظام بھی کرنا تھا کہ کفیل رضا محفوظ رہ سکے۔ مجھے یقین تھا کہ مشتاق چنگیزی، کفیل رضا پر ہاتھ صاف کرنے کے لیے شدید مضطرب ہو گا۔ میری عدم موجودگی میں یہ کام اس کے لیے آسان ہو جاتا۔ کیونکہ میں رضوان کو بھی اپنے ساتھ لے جا رہی تھی۔

ساڑھے نو بجے تک میں اپنے کمرے میں آ چکی تھی اور میں نے اپنے ذہن میں ساری منصوبہ بندی کر لی۔ ساڑھے نو بجے ایک ملازمہ میرے کمرے میں آئی اور اس نے بتایا کہ ساجدہ نامی وہ نرس جو کفیل رضا کی دیکھ بھال کے لیے آئی ہوئی تھی، اب جانے کی اجازت چاہتی ہے۔

"کیا اسے کھانا کھلا دیا گیا؟" میں نے پوچھا۔

"نرس کو؟"

"ہاں۔"

"جب کفیل صاحب کو کھانا بھیجا گیا تھا تو اس سے بھی پوچھا گیا تھا مگر اس نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ وہ اپنے گھر جا کر کھائے گی۔"

میں نے دو ایک لمحے سوچا اور پھر بولی۔ "اسے میرے کمرے میں بھیج دو اور تم ڈائننگ ٹیبل پر دو آدمیوں کے لیے کھانا لگواؤ۔ خاصا وقت گزر گیا لیکن مجھے خیال ہی نہیں آیا کہ میں نے بھی ابھی تک کھانا نہیں کھایا۔"

ملازمہ سر ہلا کر چلی گئی اور میں سوچنے لگی کہ ساجدہ کو کھانے کے لیے بہ اصرار روک لوں گی۔ میں نے اس پر پہلی نظر ڈالتے ہی سوچ لیا تھا کہ فرصت کا کچھ وقت اس کے ساتھ گزارا جا سکتا ہے اور اس وقت مجھے فرصت نہیں بلکہ میں ذہنی طور پر بے حد تھکی ہوئی بھی تھی۔

اس تکان کو دور کرنے کی میرے پاس صرف دو ہی صورتیں ہوتی ہیں! خمار و کیف یا حسن و جمال! ساجدہ زیادہ خوبصورت تو نہیں تھی لیکن ایک آدھ بار اس کے ساتھ کچھ مخمور لمحے گزارے جاسکتے تھے۔

دروازے پر دستک ہوئی تو میں نے بلند آواز میں کہا۔ "آجاؤ!" دروازہ کھلا اور ساجدہ اندر آئی۔ اس نے آتے ہی سلام کیا اور بولی۔ "اب میں اجازت چاہوں گی بالو!"

"میں نے سنا ہے کہ تم نے کھانا نہیں کھایا؟"

"کیا فرق پڑتا ہے، گھر جاکر کھالوں گی۔"

"کیا گھر پر کوئی تمہارے انتظار میں بھوکا بیٹھا ہوگا؟" میں نے معنی خیز مسکراہٹ کے ساتھ پوچھا۔

"نہیں بالو!" ساجدہ نے پھیکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "میرا انتظار کرنے والا شاید ابھی پیدا ہی نہیں ہوا۔"

"اوہ! کیا تم کنواری ہو؟"

ساجدہ کے چہرے پر ہلکی سی سرخی پھیل گئی اور وہ نظر جھکا کر بولی۔ "میرا باپ سوتیلا ہے بالو! وہ یہ ہرگز گوارہ نہیں کرسکتا کہ میری شادی ہوجائے۔ میری ملازمت سے ہی گھر کے اخراجات پورے ہوتے ہیں۔ اگر میری شادی ہوگئی تو پھر وہ اخراجات کون پورے کرے گا۔"

"تمہارا باپ کچھ نہیں کرتا؟"

"اسے صرف دو ہی کام آتے ہیں۔ چرس پینا اور میری ماں کو مارنا پیٹنا۔ کبھی کبھی تو وہ مجھ پر بھی ہاتھ چھوڑ بیٹھتا ہے۔"

"اوہ!" میں ساجدہ کا منہ تکتا رہ گیا۔

یہ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ غریب گھرانوں کی لڑکیاں عموماً دکھی ہوتی ہیں۔ کم از کم میں جتنی بھی غریب لڑکیوں سے ملا ہوں، وہ گھریلو طور پر کسی نہ کسی روگ میں مبتلا ملی ہیں۔ ساجدہ بھی انہی میں سے ایک تھی۔ میرے اندازے کے مطابق اس کی عمر تیئیس سال ضرور ہوگی لیکن اس وقت تک اس کی شادی نہیں ہوسکی تھی۔ ہر چند کہ شادی نہ ہونا، میرے نزدیک تو ایک اچھی بات ہے لیکن ہمارے معاشرے کی لڑکیاں اس پہلو کو اپنی زندگی کا ایک خوشگوار پہلو کبھی نہیں سمجھتی ہیں۔

"تو پھر مجھے اجازت ہے بالو!" ساجدہ پھر بولی۔

"جب گھر پر کوئی تمہارا منتظر نہیں ہوگا تو تمہیں اتنی جلدی کیوں ہے؟ کیا تمہارے باپ کو اس پر بھی کوئی اعتراض ہوگا کہ تم دیر سے گھر لوٹیں؟"

"جی نہیں!" ساجدہ تلخی سے بولی۔ "وہ تو خود ایک مرتبہ بڑی ڈھٹائی کے ساتھ مجھ سے کہہ چکا ہے کہ میں رات کو دیر سے گھر آیا کروں کیونکہ اس طرح آمدنی میں اضافہ ہو"

بات پر اس کا منہ نوچ لیتی اگر وہ میری ماں کا
میں ایک بار پھر ساجدہ کا منہ تکتی رہ گئی
ایک لفظ بھی نہیں نکل سکا تھا۔ اسی قسم کی ما
میں مرد کی برتر حیثیت کو مسترد کرتی ہوں۔

"تو اب میں چلتی ہوں بالو!" ساجدہ پھر بولی
شاید وہ اپنے گھریلو مسائل پر زیادہ گ
تھی۔

"نہیں!" میں کھڑی ہوئی اور میں نے اس کا
"تم میرے ساتھ کھانا کھاؤ گی اور اس کے بعد
ساجدہ کا ہاتھ بڑا گداز تھا۔ میں نے اس کے
محسوس کیا۔ ساجدہ کچھ نہیں بولی۔ اسے کھانے کی
کے سلسلے میں مجھے زیادہ اصرار بھی نہیں کرنا پڑا تھا
جب ہم کھانے کی میز پر پہنچے تو میری ملازمہ
"ایک پیگ بناؤں یا دو؟"

"کیا تم پینا پسند کرو گی؟" میں نے ساجدہ
"میں کھانے سے قبل ایک دو پیگ پی لیتی ہوں۔"

"نہیں بالو! شکریہ!" ساجدہ جلدی سے
سلسلے میں معذرت چاہوں گی۔ میں نے کبھی نہیں
کہ اس کی عادت ڈالوں! میں اس خرچ کی متحمل
"بس ایک پیگ لاؤ!" میں نے ملازمہ سے کہا
ساجدہ نے اس طرح اطمینان کا سانس لیا
نہ کرنا اس کے لیے باعث تسکین ثابت ہوا ہو۔ میں نے
برابر کی کرسی پر بٹھالیا اور اس کے ہاتھ کو اپنی آنکھوں
پھیلا کر اس کی لکیروں کا جائزہ لینے لگی۔

"کیا دیکھ رہی ہیں؟" ساجدہ نے پوچھا۔

"لکیروں کے فیصلے۔"

"کیا آپ پامسٹری جانتی ہیں؟"

"بس یوں ہی کچھ شوق ہے۔ فرصت کے لمحوں میں
موضوع کی کتابیں بھی دیکھتی رہتی ہوں۔"

اتنے میں ملازمہ میرے لیے پیگ بنا لائی۔ میں
لمبے گھونٹ لے کر گلاس میز پر رکھ دیا اور ساجدہ کا
دیکھتی رہی۔

"کچھ بتایئے نا!" ساجدہ نے پُراشتیاق لہجے میں

ایک بات دیکھ رہی ہوں۔"

اپنے جذبات کی تسکین کے لیے کچھ دوسری راہیں
میں نے یہ کہتے ہوئے غور سے اس کی طرف دیکھا۔
چہرے پر ہلکی سی سرخی پھیل گئی۔ دراصل میں نے
تیر پھینکا تھا اور غالباً مجھ سے اندازے کی غلطی
نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ میں عورت کے جذبوں
واقف ہوں اور معاشرے کا یہ پہلو بھی میری نظر
بعض مسائل کے باعث ہمارے یہاں کی بیشتر
نہیں ہو پاتی اور ان کے جذبات آتش فشاں بنتے
نتیجے میں وہ لڑکیاں جنہیں خاندان کی بدنامی کا
روش پر چل پڑتی ہیں جو میری پسندیدہ روش
روش ان لڑکیوں کے لیے ایک مجبوری ہوتی
انہیں بدنامی کا خوف نہیں ہوتا۔ شادی کے
جہاں جو مسائل اور پیچیدگیاں ہیں، ان کا ردِعمل
پر ہو چکا ہے مگر لوگوں نے اس کی طرف سے
ہیں۔ اگر کوئی اس کی نشاندہی کرتا ہے تو طعن و تشنیع
ہے۔

ساجدہ کے چہرے کی سرخی نے مجھے بتایا کہ اس کے
اندازہ ٹھیک ہی نکلا۔

میں آپ کا.... مطلب نہیں سمجھی۔" وہ ہکلا گئی۔
کو اس طرح بہتنے لگی ہو کہ بدنامی کا سامان نہ
میں نے مسکرا کر کہا اور گلاس اٹھا کر پھر دو

نے جلدی سے اپنا ہاتھ میرے ہاتھ سے کھینچ لیا۔
آنے لگی تھی۔

نہیں،" میں نے ہنس کر کہا۔ "میں اس معاملے کو اس
یقی جس نظر سے ہمارا اندھا معاشرہ دیکھنے کی کوشش
بتاؤ، تم نے کتنی لڑکیوں سے گہری دوستی کی ہے؟"

بس ایک سے۔" ساجدہ نے نظر جھکا لی۔

ں کی یہ باتیں انگریزی میں ہوئی تھیں تاکہ ملازمائیں
کھانا لگا رہی تھیں۔

پہلا پیگ ختم کیا تو کھانا لگایا جا چکا تھا۔

کرو۔" میں نے ساجدہ سے کہا اور ملازمہ کو دوسرا
پیگ بنانے کی ہدایت کی۔

کھانے کے دوران میں میں دوسرے پیگ سے ہلکی ہلکی چسکیاں
لیتی رہی۔ ساجدہ خاموشی سے کھانا کھاتی رہی۔ وہ کوشش کر رہی
تھی کہ مجھ سے نظر نہ ملنے پائے۔ میں اس کی اس کیفیت سے
لطف اندوز ہوتی رہی۔ میں فیصلہ کر چکی تھی کہ کھانے کے بعد
اسے بلیو روم میں لے جاؤں گی۔ مجھے رات کی جس مہم پر روانہ ہونا
تھا، اس میں ابھی دیر تھی۔

لیکن بُرا ہو اس کمبخت رضوان کا جو وقت سے پہلے ہی
ٹپک پڑا۔ ہم کھانے سے فارغ ہوئے ہی تھے کہ وہ آگیا۔

"ابھی سے کیسے آگئے؟" میرا منہ بن گیا۔ حقیقتاً اس کی آمد
سے مجھے بڑی کوفت ہوئی تھی۔

"کیوں!" اس نے کنکھیوں سے ساجدہ کی طرف دیکھ کر
کہا۔ "میرے آنے سے آپ کے کسی خاص پروگرام میں خلل پڑتا ہے؟
میں تو اس لیے جلدی آگیا تھا کہ آپ کے مرتب کردہ لائحۂ عمل
سے مجھے بھی کچھ واقفیت ہو جائے۔"

"اچھا بالو!" ساجدہ جلدی سے کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔
"میں اب چلوں گی۔"

اسے روکنا اب بیکار تھا لہٰذا میں نے پوچھا۔ "کل کس
وقت آؤ گی؟"

"صبح ہی آجاؤں گی، آٹھ بجے تک!"

"ٹھیک ہے۔"

ساجدہ چلی گئی اور میں رضوان کو گھورنے لگی جس کے
ہونٹوں پر شرارت آمیز مسکراہٹ ناچ رہی تھی۔

"مجھے افسوس ہے کہ رات کا پروگرام آپ کو صرف میرے ہی
ساتھ بنانا ہوگا۔" وہ بولا۔

میں نے مناسب یہی سمجھا کہ جھنجلاہٹ کا اظہار کرنے کی بجائے
سنجیدگی سے باتیں شروع کردوں ورنہ رضوان مجھے زچ کر دیتا۔

"سنو!" میں نے کہنا شروع کیا۔ "رات کے اصل پروگرام پر
عمل کرنے سے پہلے ہمیں ایک اور کام بھی کرنا ہے۔ جب ہم منزل
ہی یہاں نہیں ہوں گے تو کفیل رضا کی حفاظت کرنے والا کون
ہوگا۔"

"وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے۔" رضوان نے شانِ قلندرانہ
جھوٹتے ہوئے کہا۔

"ہم جیسے لوگوں کو تصوف کی باتیں زیب نہیں دیتیں، ہمیں

نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "میرے ساتھ آؤ!"

"کہاں؟" رضوان بھی کھڑا ہو گیا۔

"پہلے تو میری خوابگاہ میں چلو!"

"زہے نصیب!" رضوان چہکا۔ "ارے ہم تو کب سے اس آرزو میں مر رہے ہیں۔"

میں خاموشی سے چلتی رہی۔ میں اس وقت ایسے موڈ میں قطعاً نہیں تھی کہ رضوان سے چونچیں لڑاؤں لہٰذا خاموشی ہی مناسب تھی۔ اگر میں بولتی تو گویا یوں ہوتا کہ چوٹیں ہوں دو بدو کی!

جب میں خوابگاہ میں داخل ہو کر الماری کی طرف بڑھی تو میں نے ایسی آواز سنی جیسے رضوان نے اندر آنے کے بعد دروازہ بولٹ کر لیا ہو۔ میں نے اب بھی اس کی اس شرارتی حرکت کو لفٹ نہیں دی اور الماری کھول کر اس میں سے اپنے کچھ کپڑے نکالنے لگی۔

"ہائے!" رضوان نے اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ "جب آپ کپڑے تبدیل کریں گی تو کتنا جال فزا منظر ہو گا۔"

میں نے وہ سارے کپڑے رضوان کی طرف اچھال دیے۔ رضوان نے بے اختیاری میں دونوں ہاتھ پھیلا کر ان کپڑوں کو دبوچ لیا۔ ان میں سے دو ایک کپڑے گر بھی گئے۔

"ہائیں!" رضوان آنکھیں پھاڑ کر بولا۔ "تو کیا آپ یہ لباس مجھے پہنا کر فرض کرنا چاہتی ہیں کہ آپ کسی لڑکی ہی سے محوِ راز و نیاز ہیں!"

"تم ان کپڑوں میں بہت اچھے لگو گے!" میں نے ہنس کر کہا اور الماری کا ایک اندرونی خانہ کھولنے لگی۔ اس خانے کو کھولنے کے لیے نمبر سسٹم تھا تاکہ اسے ہر شخص نہ کھول سکے۔ میں نے اس خانے میں رکھی ہوئی کئی اہم چیزوں میں سے صرف ایک چھوٹی سی شیشی نکالی اور پھر جب میں خانہ بند کر کے پلٹی تو مجھے بے اختیار ہنسی آ گئی۔ رضوان نے اپنی قمیص اتار کر میرا ایک بلاؤز پہن لیا تھا۔

رضوان نے جلدی جلدی پلکیں جھپکاتے ہوئے کہا۔ "میں نے یہ پہن تو لیا مگر اس میں دو مقامات پر کچھ کمی محسوس ہو رہی ہے۔"

"تم بعض اوقات، بذلہ سنج بننے کی کوشش میں ایک احمق جوکر بن کر رہ جاتے ہو۔" میں سنجیدہ ہو گئی۔ "جلدی سے اپنی قمیص پہنو اور یہ سارے کپڑے اٹھا کر میرے ساتھ آؤ!"

"ارے تو کیا لانڈری لے جانا ہیں؟"

"بس دیکھتے رہو، کہاں لے جانا ہیں۔"

اپنی۔" میں نے دروازے کی طرف بڑھتے ہ

"لاحول ولا قوت! میں تو سمجھا تھا کہ آ

کچھ لائٹ مارنے لگے ہیں۔" رضوان نے منہ اتارنے لگا۔

میں نے دروازے کے بولٹ گرائے، دروازہ نہیں کھولا جب تک رضوان نے قمیص اُکھاڑ پچھاڑ میں رضوان کے بال بالکل بکھر گئے نے کنگھی کرنے میں بھی کچھ وقت ضائع کیا۔

"اب یہ سب کپڑے اٹھا کر میرے ساتھ کہا اور دروازہ کھولا۔

"چلیے!" رضوان نے منہ پھلا کر کہا۔ اس روٹھے ہوئے بچے کا سا تھا جسے چاکلیٹ دکھا لیکن میں جانتی تھی کہ اس کا وہ انداز ایکٹنگ

وہ میرے پیچھے چلتا رہا اور میں کفیل رضا دروازے پر جا رکی۔ وہ بھی میرے پیچھے رک گیا لگا کر اندر کی کوئی آواز سننے کی کوشش کی لیکن چھایا ہوا تھا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ کفیل رضا گہری ہے۔ اب میں نے دروازے کے ہینڈل پر ہا آہستگی سے گھماتے ہوئے دباؤ ڈالا۔

دروازے میں جھری پیدا ہوتے ہی اند نائٹ بلب کی مدھم روشنی میری آنکھوں نے آہستہ آہستہ دروازے کو نصف کے قریب کھولا اور داخل ہوئی۔

کفیل رضا کا بستر بالکل سامنے تھا۔ میں نے کروٹ سے لیٹے ہوئے دیکھا۔ اس نے شانوں تک تھی اور چادر کی حرکت سے اندازہ ہو رہا تھا کہ وہ لمبی لمبی رہا ہے۔

میں نے رضوان کو اندر آنے کا اشارہ کیا اور جب گیا تو میں نے آہستگی سے دروازہ بند کر دیا۔

رضوان کے چہرے سے اب الجھن مترشح تھی۔ اس تیں ہو رہا ہو گا کہ آخر میں کرنا کیا چاہتی ہوں۔

اس کی حیرت رفع کرنے کے لیے کچھ کہنا قطعی غیر

ی بات اس کی سمجھ میں آ ہی جاتی۔ میں دبے قدموں یہ بستر کی طرف بڑھی۔ میرا رُخ کفیل رضا کی پشت کی طرف ے قریب رک کر میں نے وہ شیشی کھولی جو میں اپنی سے نکال کر لائی تھی۔ اس میں ایک بے رنگ سیال ، میں نے بہت کم مقدار میں اپنے رومال پر ڈالا اور ھ کر وہ رومال کفیل رضا کی ناک کے قریب لہرانے میں نے کوئی نصف منٹ تک جاری رکھا اور پھر اب طرف پھینک کر رضوان سے بولی۔ "اب یہ صبح تک نہیں اٹھ سکتا۔"

"حراب میں بھی بیہوش ہونے کا منصوبہ بنا رہا ہوں۔" نے اسی طرح آنکھیں چڑھائیں اور اس طرح ڈگمگایا ل ہو کر گرنے والا ہو لیکن ظاہر ہے کہ وہ بھی ایکٹنگ ہی تھی۔

"وہ میں ایک چیز تو بھول ہی آئی۔" میں اچانک بولی۔ "کہ میں ابھی آتی ہوں۔"

ں تیزی سے باہر نکلی اور اسٹور روم میں پہنچی۔ وہاں سے ایک تو شاک نکالی اور دوبارہ کفیل رضا کے کمرے میں پہنچ ، شاک میں نے بیڈ کے نیچے فرش پر بچھائی اور پھر ہ رضوان سے بولی۔ "اب تم میری کچھ مدد کرو۔ فی الحال س کرسی پر ڈال دو اور کفیل رضا کو اٹھانے میں میری مدد ا سے بیڈ کے نیچے تو شاک پر لٹانا چاہتی ہوں۔"

س کے بعد آپ سر کے بل کھڑی ہو جائیں گی!" رضوان بلی پلکیں جھپکا کر بولا۔

نا یہ تمھیں ہی سر کے بل کھڑا ہونا پڑے۔" میں نے کہا۔

ذہنی طور پر تو میں اب بھی سر کے بل کھڑا ہوں۔ آخر آپ کر ہیں؟ اب تک کچھ بھی میرے پلے نہیں پڑا۔"

"جائے گا، ابھی پڑ جائے گا۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔ "تم م تو کرو۔"

رضوان نے ایک ٹھنڈا سانس لے کر کپڑوں کا ڈھیر کرسی ا اور پھر بستر کے قریب آ گیا۔ میں نے کفیل رضا کی چادر ی اور پھر اسے رضوان کی مدد سے بستر سے اٹھا کر فرش پر ، پھر تو شک پر لٹا دیا۔ اس کے بعد میں نے بیڈ کے گرد ایک اور مطمئن انداز میں سر ہلا کر بولی۔ "گڈ! اب نا ممکن ہے کہ دیکھے بغیر کفیل رضا کو تلاش کیا جا سکے۔"

رضوان کے چہرے پر اب ایسا تاثر تھا جیسے میرے مقصد کو کچھ کچھ سمجھ گیا ہو۔

میں نے خود ہی بڑھ کر سارے کپڑے اٹھائے۔ رضوان نے کرسی پر ڈال دیے تھے۔ تہ کیے ہوئے ان کپڑوں کو کھول کر میں نے مخمل دیا اور پھر انھیں بستر پر اس طرح سیٹ کیا کہ ایک انسانی مجسمہ سا بن جائے۔ پھر اس "مجسمے" کو میں نے چادر اوڑھا دی۔ اب دیکھنے والے کو یہی محسوس ہوتا کہ بستر پر کوئی شخص چادر اوڑھے لیٹا ہوا ہے۔

"کیا خیال ہے!" میں نے باہیں آنکھ دبا کر رضوان کی طرف دیکھا۔

"بچکانہ سی حرکت ہے!" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔

"وہ مشتاق چنگیزی جیسے اناڑیوں کے لیے یہ بہت کافی ہے۔ تھوڑی سی کسر میں اور پوری کیے دیتی ہوں۔"

میں رائٹنگ ٹیبل کی طرف گئی اور چھوٹا سا پیڈ اٹھا کر اس پر لکھنے لگی۔

"مائی ڈیئر چنگیزی! مجھے یقین ہے کہ میری عدم موجودگی میں تم بہت اداس ہو گے لیکن تمھیں نہایت مایوسی کا شکار ہونا پڑے گا۔ اب اگر تم چاہو تو کپڑوں کا یہ ڈھیر اپنے ساتھ لے جاؤ۔ کفیل رضا کو تو میں کہیں اور منتقل کر چکی ہوں۔ وہاں تک تمھاری رسائی ممکن نہیں۔ جسے میں اپنی تحویل میں لے لوں، اسے کوئی بھی مجھ سے نہیں چھین سکتا۔

تمھاری خیر اندیش

صبیحہ بانو

پیڈ میں سے وہ کاغذ پھاڑ کر میں پھر بستر کے قریب پہنچی اور اپنے اس دلچسپ خط کو ٹیکے سے پن کر دیا۔

"کیا سمجھے!" میں ہنس کر رضوان سے بولی۔ "یہ خط پڑھنے کے بعد مشتاق چنگیزی کے فرشتے بھی نہیں سوچ سکیں گے کہ کفیل رضا بستر کے نیچے موجود ہے۔"

رضوان نے جھک کر میرا خط پڑھا اور پھر سر ہلا کر بولا۔ "مشتاق جیسے اناڑی تو واقعی دھوکا کھا جائیں گے۔"

"بس تو پھر اب ہم اپنی مہم پر بڑے آرام سے روانہ ہو سکتے ہیں۔"

"کیا اتنا وقت ہو چکا ہے؟" رضوان اپنی رسٹ واچ پر نظر ڈالتا ہوا بولا۔

"ہاں اب ہمیں روانہ ہو جانا چاہیے۔" میں نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔ "تم کھانا وغیرہ تو کھا کر آئے تھے نا!"

"الحمدللہ!" رضوان نے اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔ "چالیس فیصد تو جسم بھی ہو چکا۔"

"یہ اچھی بات ہے۔ تیز نقل و حرکت کے لیے ضروری ہے کہ پیٹ کچھ خالی ہو۔" میں نے اپنی خوابگاہ کا رخ کرتے ہوئے کہا۔

وہاں سے میں نے کچھ ضروری چیزیں لیں اور پھر رضوان کے ساتھ باہر آ گیا۔

"تمہاری موٹر سائیکل کہاں ہے؟" میں نے اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"میں ٹیکسی سے آیا تھا۔ مجھے معلوم تھا کہ آپ کی کارکام میں آئے گی اور واپسی پر آپ مجھے ڈراپ بھی کر دیں گی لہٰذا موٹر سائیکل لانا بقول شخصے بے فضول تھا۔"

"خاصے عقلمند ہوتے جا رہے ہو!"

"دراصل ان دنوں آب و ہوا کچھ خوشگوار ہے۔"

جب ہم کار میں بیٹھ کر وہاں سے روانہ ہوئے تو میں نے رضوان سے کہا۔ "یہ بات اب طے پا چکی ہے کہ ڈاکٹر شکیل کی ہلاکت میں کم از کم مشتاق چنگیزی کا ہاتھ ہرگز نہیں تھا۔"

"اس کا ثبوت کہاں سے ملا؟"

"خان آف کالاگوٹ کا نام تو تم نے سنا ہی ہوگا!"

"ظاہر ہے۔ کیوں!" رضوان الجھی ہوئی نظر سے میری طرف دیکھنے لگا۔

"وہ آج میرے پاس آیا تھا۔" میں نے کہا اور پھر وہ ساری باتیں دُہرا دیں جو خان آف کالاگوٹ سے ہوئی تھیں۔ رضوان نے وہ سب کچھ بڑی بے یقینی کی حالت میں سنا۔ اگر میری بجائے کوئی اور شخص یہ باتیں بتاتا تو رضوان کو ہرگز یقین نہیں آتا۔

جب میں چپ ہو گئی تو بھی رضوان خاموش رہا۔

"کوئی تبصرہ نہیں کیا تم نے!" میں بولی۔

"کیا تبصرہ کروں۔" رضوان نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "میری کھوپڑی تو گویا بھک سے اُڑ گئی ہے۔"

"کچھ یہی حال میرا بھی ہوا تھا جب وہ اچانک روپ میں میرے سامنے آیا۔"

"تو وہ یہ جاننا چاہتا ہے کہ آپ نے اس ٹرک ڈرائیور کے بارے میں کس کس کو بتایا ہے؟"

"ہاں۔" میں نے کہا۔ "اس نے اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر پولیس میں تو اس کیس کو دبوا ہی دیا ہے۔ مزید باب کرنا چاہتا ہے کہ کسی اور جانب سے ایسا وہ اسی صورت میں کر سکتا ہے جب اسے میں اس بات کو کہاں تک ہوا دے چکی ہوں؟"

"اور آپ اسے یہ بات بتانے سے انکار کر ظاہر ہے۔"

"میرا خیال ہے کہ آپ نے اس بارے میں کو بھی کچھ نہیں بتایا!"

"نہیں تمہاری اس بات کے جواب میں کہ"

"کیوں؟"

"موجودہ حالات میں بہتر یہی ہے کہ تم کم از کم واقف رہو۔"

"گویا میں جا کر اس خان کے بچے کو بتا دوں"

"فضول باتیں نہ کرو۔ تم جانتے ہو میں تم پر کتنا ہوں جتنا اپنے آپ پر! موجودہ حالات میں تمہاری تمہارے حق میں بہتر ہوگی۔ میں تمہیں خطرات میں چاہتی۔"

"بڑا کرم ہے آپ کا!" رضوان نے سُنہ بنا کر کہا۔

"فی الحال میری ساری توجہ مشتاق چنگیزی کی طرف ہے۔ اس سے نمٹنے کے بعد مسیں پوری کر خان آف کالاگوٹ کے بارے میں سوچ سکوں گی۔ ہا کہ اس مرتبہ مجھے خاصے پاپڑ بیلنا پڑیں گے۔"

"باورچی خانے کا کام بھی آتا ہے آپ کو!"

"میں دنیا کا ہر کام جانتی ہوں۔"

"سوائے ایک کام کے۔" رضوان نے جلدی سے مزید "گل افشانی" کی ہمت نہیں کر سکا۔

ساڑھے بارہ بجے تھے جب میں نے اپنی کار مشتاق کے بنگلے کے قریب ایک گلی میں کھڑی کی۔ میں اور رضوان سائڈ کے دروازے لاک کر کے اُتر آئے اور مشتاق کے طرف بڑھے۔

"کیا ڈائریکٹ ایکشن؟" رضوان نے پوچھا۔

"ہاں۔" میں نے جواب دیا۔ "بالکل اسی طرح جیسے ایک پہلے کیا تھا۔"

"کیا اس واقعے کے بعد اب مشتاق چنگیزی محتاط نہیں ہو گا؟"

"اگر ایسا ہوا تو پھر سوچ لیں گے کہ دوسری صورت کیا

ں کرتے ہوئے پھاٹک تک پہنچے اور یہ دیکھ کر ہمیں ہوئی کہ پھاٹک تھوڑا سا کھلا ہوا تھا۔ میں نے اور ایک دوسرے کی جانب دیکھا۔

ات گئے ... پھاٹک کھلا ہوا ہے۔" رضوان بڑبڑایا۔ "معلوم ہوتی ہے۔"

دیکھا جائے گا۔"

انوں پھاٹک سے گزر گئے۔ ہم نے اب اپنے چہروں پوشیدہ کر لیا تھا اور ہاتھوں میں ریوالور سنبھال

ا بنگلا تاریکی میں ڈوبا ہوا نظر آ رہا تھا۔ کہیں کسی کھڑکی میں ی کوئی کرن نظر نہیں آ رہی تھی۔ اس اندھیرے میں برآمدے تک پہنچ گئے۔ میں نے محدود روشنی والی ٹارچ ایک بار پھر حیرت سے دوچار ہونا پڑا۔ سامنے کا دروازہ کھلا ہوا تھا اور اندر مکمل تاریکی تھی۔

یہاں ڈکیتی وغیرہ کی کوئی واردات ہو چکی ہے!" رضوان نے مذاق میں سرگوشی کی۔

بھی معلوم ہو جاتا ہے۔" میں نے دروازے پر دباؤ ڈال انا کھول لیا کہ ایک آدمی بآسانی داخل ہو سکے۔ پھر رضوان میں ہی اندر پہنچ گئی۔ میں نے ٹارچ کی روشنی میں ٹنگ روم کا جائزہ لیا۔ ایک جگہ مجھے مشتاق چنگیزی م اوندھا پڑا ہوا نظر آیا۔ میں تیزی سے اس کی طرف بڑھی۔ مجھے پیچھے رضوان بھی اندر آ چکا تھا۔ میں چنگیزی کے ملازم کو اسے سیدھا کیا۔ میرے شبے کے مطابق وہ مردہ نہیں ہوش تھا۔

اس سیدھی کھڑی ہو گئی۔ رضوان میرے قریب آ رُکا تھا۔ ہت دھیمی آواز میں اس سے کہا۔ "یہاں کچھ گڑبڑ ضرور ہے۔"

اسے ہوئے خاصی دیر بھی ہو چکی ہے۔"

ہاں!" میں نے کہا۔ "بنگلے پر پھیلائے ہوئے سناٹے سے ہی اندازہ ہو رہا ہے۔ آؤ اب باقی کمرے بھی دیکھ لیں۔ ال ہے کہ اگر یہاں کوئی اور شخص موجود ہے تو وہ بھی بیہوش

"

میرا شبہ بالکل درست ثابت ہوا۔ ہم نے بہت تیزی سے ا یہاں مارا۔ مشتاق چنگیزی کے باقی ملازم اور خود چنگیزی بھی اپنی خوابگاہ میں بیہوش پڑا تھا۔

رضوان آہستہ سے بولا۔ "شاید مرزا غالب نے ایسی ہی کسی سچوئشن میں پڑ کر کہا تھا کہ یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے۔"

میں اب بے حد متفکر ہو گئی تھی اس لیے میں نے رضوان کی بذلہ سنجی پر قطعی دھیان نہیں دیا اور بولی۔ "آؤ اب اس تہ خانے کو بھی دیکھ لیں۔ نہ جانے وہاں کیا ہوا ہوگا۔"

میں اور رضوان اس کمرے میں پہنچے جسے کبھی ڈم لال اپنی خوابگاہ کے طور پر استعمال کیا کرتا تھا۔ تہ خانہ کھولنے میں مجھے کوئی دشواری نہیں ہوئی کیونکہ مجھے اس کا طریقہ سنگیتا سے معلوم ہو چکا تھا۔

تہ خانے میں بھی تاریکی تھی۔ میں اور رضوان اس کی سیڑھیاں اترنے لگے۔ میں ٹارچ کی روشنی نیچے پھینک رہی تھی۔ وہاں مجھے صادق حبیب تو دکھائی نہیں دیا لیکن ایک اجنبی صورت ضرور نظر آئی۔ وہ شخص تہ خانے کے فرش پر وسط میں کھڑا ہمیں گھور رہا تھا۔

"صادق حبیب کی جگہ کوئی نیا قیدی!" میں بڑبڑائی اور میں نے اپنا ریوالور پرس میں رکھ لیا۔

رضوان نے مجھے مطمئن دیکھا تو اس نے بھی اپنا ریوالور جیب میں ڈال لیا اور یہی ہم دونوں کی غلطی تھی۔ جیسے ہی ہمارے پیروں نے تہ خانے کے فرش کو چھُوا، اس اجنبی نے وحشیانہ انداز میں ہم پر حملہ کر دیا۔ اس کا پہلا نشانہ میں تھی لیکن میں نے تیزی سے جھکائی دے کر خود کو اس کی زد سے بچا لیا۔ پھر میں جوابی کارروائی بھی کرتی لیکن مجھے اس کا موقع نہیں مل سکا۔ رضوان نے اس اجنبی کو اتنے تسلسل کے ساتھ اپنے گھونسوں کا ٹارگٹ بنایا کہ وہ شاید اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھا۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے اسے کچھ سجھائی نہیں دے رہا ہو۔ آخر وہ ڈھیر ہو کر رہا۔ اس کے چہرے پر متعدد نیل پڑ گئے تھے اور ہونٹوں سے خون رسنے لگا تھا۔

"بلاوجہ اتنی ورزش کروا دی۔ آخر ریوالور پرس میں رکھنے کی کیا ضرورت تھی؟ آپ کی تقلید میں میں نے بھی ریوالور جیب میں ڈال لیا تھا۔" رضوان مجرا سا منہ بنا کر بولا۔

"میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ یہ تنہا شخص اتنی جارحیت پر اتر آئے گا جبکہ ہم دو تھے۔"

بعض لوگ عورتوں کی گنتی نہیں کرتے۔ اس کا خیال ہوگا کہ اسے صرف مجھ سے ہی نمٹنا ہوگا۔"

"اب اس سے پوچھو کہ صادق حبیب کہاں ہے؟"

مدہوشی کے سے عالم میں وہ اجنبی، فرش سے اٹھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ میری ٹارچ کی روشنی اس کو زد میں لیے ہوئے تھی۔ رضوان نے آگے پہنچ کر اس کا گریبان پکڑا اور ایک جھٹکے سے کھڑا کر دیا، پھر اسے گھورتا ہوا بولا۔ "وہ کہاں ہے جو اس تہ خانے میں تھا؟"

"میں... میں کچھ نہیں... جانتا۔" اجنبی نے ہانپتے ہوئے کہا۔ "جب میں تمھارے چہرے کا بھوتا بناؤں گا تو تم سب کچھ جان جاؤ گے۔" رضوان نے دائیں ہاتھ کا گھونسا تان کر کہا۔

"ٹھہرو! ٹھہرو! خدا کے لیے!" وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر گھگھیایا۔ "شاید مجھے غلط فہمی ہوگئی تھی۔"

"کیا مطلب؟"

"تم... شاید... ان لوگوں میں سے نہیں ہو... جنھوں نے مجھے یہاں قید کیا تھا... بلکہ... تم لوگ... شاید وہ ہو... جن کے لیے میرے پاس ایک پیغام ہے۔"

"کیا گھونسے کھا کھا کر اس کا دماغ پلٹ گیا ہے؟" رضوان نے میری طرف دیکھتے ہوئے متحیرانہ انداز میں کہا۔

"اس کی پوری بات تو سنو! دیکھو یہ کہتا کیا ہے!"

"کہو بیٹے!" رضوان نے اس کا گریبان جھنجھوڑا۔ "جو کچھ بکنا ہے، جلدی سے بک ڈالو۔"

"ان لوگوں نے مجھ سے کہا تھا کہ جلد یا بدیر یہاں ایک عورت آئے گی۔ اس عورت کو مجھے یہ پیغام دینا تھا کہ ٹیلیفون پر سودے بازی نہ ہونے کی سزا یہ ہے کہ وہ عورت ایک گھنٹے کی قید بھگتے۔"

"کیا بات ہوئی!"

"یہ تو مجھے بھی نہیں معلوم۔"

دفعتہً ایک خیال میرے ذہن میں ابھرا۔ میں نے بڑی تیزی سے ٹارچ کا رُخ چھت کی طرف کر دیا۔ میری اس حرکت کے ساتھ ہی رضوان اور اس اجنبی کی نظر بھی چھت کی طرف گئی۔

"ارے!" رضوان تقریباً اچھل پڑا۔

چھت کا وہ شگاف بند تھا جس سے ہم تہ خانے میں آئے تھے۔

"خوب!" میں ہنس پڑی۔ "گویا وہ مجھے پھر چوٹ دے گیا!"

"کون؟" رضوان کے منہ سے نکلا۔

"وہی، جس کا ذکر راستے میں ہوتا رہا تھا۔ ملک کا وہی معزز جس نے ٹیلیفون پر مجھ سے ہاں یا نا میں جواب مانگا تھا۔"

"اوہ! خان..."

"پورا نام لینے کی ضرورت نہیں!" میں نے دی۔ "اس نے سودا نہ ہونے کی وجہ سے مجھے

"یعنی ہم یہاں ایک گھنٹے تک قید رہیں گے؟"

"قطعی نہیں!" میں نے جواب دیا۔ "خان! میں اندر سے بھی تہ خانے کا راستہ کھولنا جانتی ہوں۔"

"وہ لوگ اس بات سے بھی واقف ہیں!" اجنبی نے کہا۔

"انھوں نے کہا تھا کہ اگر تہ خانے کا راستہ کھولا گیا تو سے دوچار ہونا پڑے گا جو اُن لوگوں نے تہ خانے اور پرانے کمرے میں بھردی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ گھنٹے میں اس کمرے سے خارج ہو جائے گی اور تہ خانے سے نکلنا ممکن ہوگا۔"

"اوہ!" اب میں الجھ گئی۔

"لیکن یہ ایک گھنٹے کی قید کیا بکواس ہے؟" جھنجلا کر کہا۔

"شاید وہ مجھے یہ احساس دلانا چاہتا ہے کہ میں سامنے بالکل بے بس ہوں اور وہ اس پر قادر ہے کو جو سلوک بھی کرنا چاہے، کر گزرے۔"

"کاش وہ آپ کے ساتھ کوئی مبارک سلوک کرے!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا اور آلتی پالتی مار کر سے بیٹھ گیا۔ "آپ بھی تشریف رکھیں۔ یہاں ایک گھنٹہ تو!"

میں نے ٹارچ کے روشن دائرے کو اوپر گھمایا، وہ سوئچ تلاش کرنے میں کامیاب ہوگئی جو لائٹ کا تھا۔ میں نے دبا کر تہ خانے کو روشنی سے آشنا کیا اور ٹارچ بجھا دی۔

"میرا خیال ہے کہ ہمیں یہ ایک گھنٹہ بور ہونے کی بجائے کرنے میں گزارنا چاہیے۔" رضوان نے کہا اور پھر اجنبی سے "تم بھی بیٹھو دوست!... اور ذرا بتاؤ تو کہ تمھارا حلیہ کیا ہے؟ تم کون ہو اور اس تہ خانے میں تمھاری موجودگی کا منظر کیا ہے؟"

"میں ایک فرم میں اکاؤنٹنٹ ہوں۔" اجنبی نے اپنے سے رسنے والے خون کو خاں کرتے ہوئے کہا۔ "ایک ویران سڑک سے ان لوگوں نے مجھے اغوا کیا اور یہاں لے آئے۔ میری کہانی اتنی ہی ہے۔"

"وہ کتنے تھے؟"

"ان کو پھر کہیں دیکھو تو پہچان لو گے؟"

"نہیں۔" اجنبی نے جواب دیا۔ "وہ ایک تاریک سے مجھے اغوا کیا گیا تھا۔"

"اس عمارت میں لایا گیا ہوگا، تب تو یہاں

ان لوگوں نے اپنے چہرے نقابوں میں چھپا

لوگوں نے تم سے کہا تھا کہ یہاں ایک عورت پہنچیں ایک پیغام دیا گیا تھا؟"

ہم پر حملہ کیوں کیا؟"

حالانکہ وہ عورت تنہا ہوگی لیکن جب تم بھی ان کے دیں سمجھا کہ تم دونوں بھی انھی لوگوں میں سے جب ریوالور بھی رکھے تو میں نے سوچا کہ لڑ بھڑ ل جاؤں۔"

"بابائی دی وے، تمھارا نام کیا ہے؟"

"

ں میں یہ گفتگو ہوتی رہی اور میرے کان اس ل نہیں رہے لیکن میرا ذہن بھی برابر کام کرتا رہا۔ حالانکہ میں خان آف کالاگوٹ کے بارے میں سنجیدگی سے خلاف باقاعدہ صف آرا ہو چکا تھا، صادق حبیب ب کر کے اس نے مجھے بہت گہری چوٹ دی تھی۔ بغیر میں مشتاق چنگیزی کے خلاف کچھ بھی نہیں کر سکتی ثبوت صادق حبیب ہی کا بیان ہوتا۔

اگر خان آف کالاگوٹ مجھے اس بات پر مجبور کرنا اس سے سودے بازی کر لوں، یعنی اسے بتا دوں کہ ٹ مور کے بارے میں پولیس کے علاوہ کس کس کو کیا

کے لیے خان آف کالاگوٹ کا اضطراب ظاہر کرتا تھا ں اہمیت کا حامل تھا۔ بات صرف اتنی نہیں ہو سکتی تھی ر کو بچانا مقصود تھا۔ پس پردہ کوئی بہت ہی وی تھی اور اب خان آف کالاگوٹ نے مجھ سے لہے اس کے لیے مجبور کر دیا تھا کہ میں اس کے بخیے ں۔

خان کی باتوں اور اقدام سے یہ بات بھی ظاہر ہو گئی تھی کہ مشتاق کا معاملہ پورے سیاق و سباق کے ساتھ اس کے علم میں آ چکا تھا اور یہ بات اس کا شبہ تھی کہ اس کے وسائل بڑے وسیع و مضبوط تھے۔

فریدوں، رضوان سے پوچھ رہا تھا۔ "تم نے اپنے بارے کچھ نہیں بتایا۔ تم دونوں کون ہو اور ان نامعلوم لوگوں سے تمھاری کیا دشمنی ہے؟ یہ بات بھی بڑی عجیب معلوم ہوتی ہے کہ ان لوگوں نے تم دونوں کو یہاں صرف ایک گھنٹے کے لیے قید کیا ہے۔ اِدھر مجھے بھی محض اس لیے اغوا کیا گیا کہ میں ان کا ایک پیغام رساں بن جاؤں۔ ایک گھنٹے بعد تو مجھے بھی تم لوگوں کے ساتھ رہائی مل ہی جائے گی۔"

رضوان اس کی ان باتوں کے جواب میں آئیں بائیں شائیں اُڑا نے لگا لیکن میں سمجھ چکی تھی کہ محض پیغام رسانی کا فرض انجام دلوانے کے لیے فریدوں کا اغوا دراصل کیا معنی رکھتا تھا۔ یہ پیغام مجھ تک ایک مختصر خط کے ذریعے بھی پہنچ سکتا تھا جبکہ اس کام کے سلسلے میں فریدوں کو اغوا کر کے یہاں رکھنا قصہ کہانیوں کی سی بات معلوم ہوتی تھی۔ دراصل اس طرح خان آف کالاگوٹ نے اس معاملے کو ڈرامائی رنگ دینے کی کوشش کی تھی تاکہ میں اس سے مرعوب ہو جاؤں۔

اور بس اس مقام پر خان سے اندازے کی غلطی ہوئی تھی۔ جب اس کے وسائل لامحدود تھے تو اسے یہ بھی معلوم ہونا چاہیے تھا کہ صبیحہ بانو ایک ایسی عورت کا نام ہے جس نے مرعوب ہونا نہیں سیکھا۔

"ایک گھنٹہ پورا ہو چکا ہے خاتون!" اچانک رضوان نے بانگ لگائی۔

"اوہ!" میں اپنے خیالات سے چونکی اور پھر میں نے اپنی رسٹ واچ پر نظر ڈالی۔

"کھولیے اب تہ خانے کا راستہ!" رضوان پھر بولا۔

اس کے ساتھ ہی فریدوں بھی کھڑا ہو گیا۔ میں نے تہ خانے کا راستہ کھولا اور ہم تینوں اوپر پہنچ گئے۔ مشتاق چنگیزی اور اس کے ملازمین اب تک بیہوش پڑے تھے۔

"آخر یہ گھر کس کا ہے؟" فریدوں بولا۔

"کم از کم میری سسرال والوں کا نہیں ہے!" رضوان نے لاپروائی سے شانے جھٹک کر کہا۔

فریدوں کچھ کھسیائے ہوئے سے انداز میں چپ ہو گیا۔ وہ ہم دونوں کے بارے میں جاننے کے لیے خاصا مضطرب تھا لیکن اسے ہمت نہیں ہو رہی تھی کہ ہم سے استفسارات کر سکتا۔

میں نے بنگلے سے نکل کر فریدوں سے کہا۔ "میرے پاس گاڑی

ہے اور ہم لوگ برنس روڈ کی طرف جائیں گے۔ کیا تمہیں اسی طرف کہیں جانا ہے؟"

"آپ کی نوازش ہوگی، اگر آپ مجھے آرام باغ تک چھوڑ دیں۔ وہاں سے میں پیدل چلا جاؤں گا۔ میں ڈینسو ہال پر رہتا ہوں، لیکن کیا آپ لوگ پولیس کو اس معاملے کی رپورٹ نہیں کریں گے؟"

"نہیں۔" میں نے جواب دیا۔ "ہمیں خواہ مخواہ کسی الجھن میں پڑنے کا شوق نہیں ہے۔ ہاں اگر تم چاہو تو اپنے طور پر ایسا کر لو، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔"

"مجھ جیسے غریب لوگ تو اس قسم کے معاملات میں پولیس سے دور ہی رہتے ہیں۔ مجھے بہرحال کوئی بڑا نقصان تو پہنچا نہیں۔"

"تمہاری مرضی۔" میں نے بھی لاپروائی سے کہا۔

جب ہم اس گلی کی طرف بڑھ رہے تھے جہاں میں نے اپنی کار کھڑی کی تھی، تو میں نے بلوچی زبان میں رضوان سے کہا۔ "جب ہم کار کے قریب پہنچیں تو تم کار اور اس شخص کے درمیان میں اس طرح حائل رہنا کہ یہ ہماری گاڑی کے نمبر پلیٹ نہ دیکھ سکے۔"

"ٹھیک ہے۔" رضوان نے سر ہلا کر بلوچی ہی میں کہا۔ "میں نے بھی اس کے بارے میں سوچ لیا تھا۔"

چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ فریدوں جب تک کار کے دروازے تک نہیں پہنچا، رضوان نے بڑی چابکدستی کے ساتھ سے نمبر پلیٹ پر نظر ڈالنے سے محروم رکھا۔ میں نے بلوچی میں رضوان سے کہا کہ وہ فریدوں کے ساتھ پچھلی ہی نشست پر بیٹھے۔ فریدوں کی طرف سے کسی خطرے کا امکان تو نہیں تھا لیکن میں اس کی طرف سے غافل نہیں رہنا چاہتا تھا۔

میں کار کو حرکت میں لایا اور اسے گلی سے نکال کر شاہراہ پر ڈال دیا۔ ٹھیک اسی وقت میرے عقب میں کسی گاڑی کی ہیڈلائٹس چمکیں۔ پھر وہ گاڑی فراٹے بھرتی ہوئی مجھ سے آگے نکلی اور پھر اس نے اس طرح میری سائڈ بائی کہ مجھے فل بریک لگانا پڑے۔ رضوان اور فریدوں اس دھچکے سے بمشکل سنبھل سکے۔

"خدا غارت کرے۔" رضوان کے منہ سے بے اختیار نکلا۔

پیچھے سے آنے والی وہ کار بھی ذرا آگے نکل کر ایک دھچکے سے رکی اور پھر بڑی تیزی سے پیچھے آکر میری کار کے بالکل برابر میں رک گئی۔ اس گاڑی کو پیچھے آتے دیکھ کر میرے ذہن میں خطرے کا احساس جاگ چکا تھا۔ میں نے بڑی پھرتی سے اپنا ریوالور نکال لیا۔

"ہیلو بانو!" دوسری کار سے ایک آواز آئی۔

میں نے بے اختیار ایک لمبا سانس لیا کی تھی۔

"امید ہے، تم مع الخیر ہو گی!" خان بہادر طنز تھا۔

"اور میں ہمیشہ مع الخیر رہوں گی۔" میں سے کہا۔

"اب اس سودے کے بارے میں کیا؟"

"جو تم سمجھ چکے ہو؟"

"یعنی اب بھی اپنی ضد پر قائم ہو؟"

"اگر تم اسے ضد کا نام دینا چاہتے ہو تو نہیں۔"

"میں تم پر واضح کر دوں کہ اس وقت میں معمولی سا دھوکہ دیا ہے۔"

"اس وقت کا انتظار کروں جب میں تمہیں وہ وقت بہت زیادہ دور نہ سمجھو؟"

"میں تمہیں سوچنے کے لیے مزید مہلت بھی

"اگر تمہیں وقت ضائع کرنے کا شوق ہے،

دوسری کار کا انجن بدستور اسٹارٹ تھا کیونکہ میرے اس جواب کے ساتھ ہی وہ حرکت سے اپنی رفتار بڑھاتی چلی گئی۔

"آپ اسے یوں ہی نکل جانے دیں گی؟" کر کہا تھا۔

"پھر کیا کروں؟" میں سکون سے بولی۔ "کیا شروع کر دوں اور قانون کی گرفت میں پھنس جاؤں

"لیکن ..." رضوان اپنی بات پوری نہیں نہیں آسکا ہوگا کہ وہ کیا کہے!

اب میں بھی اپنی کار کو حرکت میں لے آئی۔

"میں نے اس کار کا نمبر نوٹ کر لیا ہے۔"

"بیکار ہے۔" میں نے جواب دیا۔ "اس نمبر پلیٹ استعمال کی ہوگی۔"

"وہ جعلی نمبر پلیٹ کیوں استعمال کرے گا؟"

"وہ جانتا ہے کہ آپ اس سے واقف ہیں۔"

"جعلی نمبر پلیٹ کا استعمال ان کی وجہ سے؟"

پچھلے بیٹھے ہوئے فریدوں کی طرف انگشت

ان چپ ہو گیا۔

ں نہیں آرہا کہ آپ لوگوں کا جھگڑا کیا ہے؟" فریدوں

ا تھی۔

ا بازی واقعہ ہے۔" میں نے کہا۔ "کیا تم نے سنا

وے کی بات کر رہا تھا۔ میری فرم اس کی فرم سے

ا تھی اور وہ بضد ہے کہ سودا کیا جائے۔"

ن غیر قانونی حرکات ایک بزنس کے سلسلے میں

ے حیرت سے کہا۔

ں اس کے سوا کیا جواب دے سکتی تھی۔

فریدوں بڑبڑایا۔ "ایسا بزنس تو شاید دنیا کے پردے

ا ہوگا!"

ں کے خیال پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ اس کی تسلی کے

ں کو سامنے نہیں لا سکتی تھی جو میرے ذہن

ہائے رضوان بول پڑا۔ "اگر کاروباری دنیا میں

ل ہو جائیں تو ایسا بھی ہوتا ہے۔"

ں اس بدمعاش کے خلاف قانون کی مدد کیوں

ے خلاف کوئی ثبوت ہمارے ہاتھ لگ گیا، ہم

ہیں فی الحال اس سے کوئی فائدہ نہیں۔" رضوان اسے

میں مصروف تھا۔

گزر کر میں نے گاڑی اس موڑ پر روکی جہاں

ک ہے۔ وہاں سے میں آرام باغ کی طرف مڑ سکتی

کتے تھے نے ایک بار پھر بلوچی زبان میں رضوان

ڑی کا نمبر اب بھی اس کی نظر میں نہیں

حساب میں تو کچھ نہیں کہا لیکن فریدوں کے ساتھ وہ

ں تھا۔

خدا حافظ!" رضوان نے اس سے کہا۔

آپ نہیں بیٹھیں گے؟"

ں سیٹ پر بیٹھوں گا۔ اس کے علاوہ مجھے ذرا اگلے

ے کرنا ہے۔" رضوان اس کے ساتھ چند قدم

ں کار رخ بندر روڈ کی طرف تھا۔

گر رضوان اس طرح جھکا کہ اس کے جسم نے نمبر پلیٹ

ں آگے نکل گیا۔ وہ بیچارہ خاصا پریشان تھا۔

اس نے کئی مرتبہ مڑ کر دیکھا لیکن رضوان بدستور پہیوں کی ہوا "چیک" کرتا رہا۔

"بس اب آجاؤ!" میں نے کھڑکی سے سر نکال کر رضوان سے کہا۔ "اب وہ اتنی دور نکل گیا ہے کہ نمبر نہیں پڑھ سکتا۔"

رضوان سیدھا کھڑا ہوا۔ اس نے دُور جاتے ہوئے فریدوں پر ایک نظر ڈالی اور پھر آگے میرے برابر کی سیٹ پر بیٹھ گیا۔ میں کار کو حرکت میں لے آئی اور اسے آرام باغ کی طرف موڑ دیا۔ چکر کاٹ کر میں مرکزی سڑک پر آگئی اور پھر میں نے رضوان سے کہا۔ "صبح تم گھر آنا۔ شاید کوئی کام پڑ جائے۔"

"آج کے واقعات مجھے آسانی سے نہیں سونے دیں گے۔ یقیناً دیر سے نیند آئے گی لہٰذا آنکھ بھی دیر سے کھلے گی۔"

"جب بھی جاگو، سیدھے چلے آنا۔ ناشتہ بھی وہیں آکر کر لینا۔"

"ٹھیک ہے۔"

رضوان کو اس کی بلڈنگ کے سامنے اتار کر میں ڈیفنس کی طرف روانہ ہو گئی۔ اب میرے ذہن میں سب سے اہم سوال صادق عجیب کی بازیافت کا تھا اور یہ معلوم کرنا آسان بات نہیں تھی کہ خان آف کالا گوٹ نے اسے کن پردوں میں چھپا کر رکھا ہوگا۔

جب میری گاڑی اپنے گھر کے وسیع و عریض احاطے میں داخل ہوئی تو میرے ذہن کو جھٹکا سا لگا۔ برآمدے کے سامنے پولیس کی دو گاڑیاں کھڑی ہوئی تھیں۔ کچھ پولیس والے بھی نظر آرہے تھے۔ میرے ذہن میں مختلف اندیشوں کے ناگ پھنکارنے لگے۔

میری گاڑی کو دیکھتے ہی ایک پولیس والا بہت تیزی سے اندر چلا گیا تھا۔ مجھے یوں لگا جیسے وہ کسی کو میری آمد کی اطلاع دینے گیا ہو۔

میں نے پولیس کاروں کے پیچھے اپنی گاڑی روکی اور انجن بند کر کے ہونٹ بھینچے ہوئے نیچے اتر آئی۔ میرے قدم برآمدے کی طرف بڑھ رہے تھے اور ذہن گویا ہوا میں اُڑ رہا تھا۔ میں خود کو اس کے لیے بھی آمادہ کر رہی تھی کہ سنگین ترین صورتِ حال کا سامنا بھی آسانی سے کر جاؤں۔

جیسے ہی میں نے برآمدے میں قدم رکھا، وہاں کھڑے ہوئے پولیس والے اِدھر اُدھر ہٹ گئے لیکن اندر سے برآمد ہونے والے ایک ایس پی نے مجھے دروازے کی طرف سے بڑھنے سے روک دیا۔ وہ میرے اور دروازے کے درمیان حائل ہو گیا تھا۔

میں رُک گئی اور اسے گھورنے لگی۔ میں نے لب بھی ہونٹ بھینچ رکھے تھے۔

"مس صبیحہ بانو؟" ایس پی کا لہجہ سوالیہ تھا۔

میں نے اسے جواب دینے کی بجائے بلند آواز میں اپنی ایک ملازمہ کو پکارا۔ اس کے جواب میں میری دو تین ملازمائیں باہر آگئیں۔ ان کے چہروں پر بجوائیاں ڈور رہی تھیں لیکن میں اندازہ نہیں لگا سکی کہ کیا واقعہ ظہور پذیر ہو چکا ہے۔

میں نے ملازماؤں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "مسٹر ایس پی کو بتاؤ کہ میرا نام ہی صبیحہ بانو ہے۔"

میں نے یہ انداز ایس پی کو یہ باور کرانے کے لیے اختیار کیا تھا کہ میں اس سے یا اس کے فوج فرتے سے مرعوب نہیں ہوئی ہوں۔

ایس پی میرے اس انداز پر جھنجلا گیا اور غرایا۔ "کیا آپ یہ جواب براہِ راست مجھے نہیں دے سکتی تھیں؟"

"کیا فرق پڑتا ہے۔" میں نے لاپروائی سے شانے جھٹکے اور پھر بولی۔ "کیا میں پوچھ سکتی ہوں کہ میرے گھر پر یہ دھاوا کس سلسلے میں بولا گیا ہے اور پولیس میری اجازت کے بغیر اس چار دیواری میں داخل کیسے ہوئی؟"

اب ایس پی نے گویا جوابی کارروائی کی اور مجھے جواب دینے کی بجائے ایک اور ایس آئی سے بولا۔ "انھیں بتاؤ کہ ہمارے پاس سرچ وارنٹ موجود ہے اور انھیں یہ بھی بتاؤ کہ یہ خود کو زیرِ حراست سمجھیں۔"

"وہ کس خوشی میں؟" میں نے تمسخرانہ لہجے میں کہا۔

"اس خوشی میں محترمہ!" ایس پی نے لفظوں کو چبا چبا کر ادا کرتے ہوئے کہا۔ "کہ آپ نے کفیل رضا نامی ایک شخصیت کو غائب کر دیا ہے اور آپ کے خلاف رپورٹ کی گئی ہے کہ آپ کفیل رضا کو ہلاک کروا سکتی ہیں۔"

میں نے لیکخت سر گھما کر اپنی ملازماؤں کی طرف دیکھا۔

"وہ اپنے بستر سے غائب ہیں۔" ایک ملازمہ میرا مطلب سمجھ کر جلدی سے بولی۔

"لیکن وہ اب بھی اسی کمرے میں ہیں۔" میں نے ایس پی کی طرف دیکھتے ہوئے زور دے کر کہا۔

"کیا آپ نے کوئی عمل پڑھ کر انھیں دوسروں کی نظر سے اوجھل کر دیا ہے؟" ایس پی نے طنزیہ انداز میں کہا۔

"میرے ساتھ آیئے!" میں نے کہتے ہوئے بڑے پُروقار انداز میں دروازے کی طرف قدم بڑھائے اور ایس پی اس طرح ایک طرف ہٹ گیا جیسے میری اس حرکت کو مسخرے پن سے تعبیر کر رہا ہو۔

ویسے اب مجھے خود بھی امید نہیں تھی کہ نیچے موجود ہو گا اور مجھے اس سیٹ اپ کا ہاتھ محسوس ہو رہا تھا۔

میرے ساتھ ساتھ ایس پی بھی اس! میں نے بستر کے قریب جا کے جھانک کر دیکھا تھا، وہ تو شک جو میں نے اس کے بارے میں ظاہر کیا تھا۔

"کیا آپ کوئی چیز ڈھونڈ رہی ہیں؟" ایس پی میں ہونٹ بھینچ کر سیدھی کھڑی ہو گئی۔

وہ ڈھیر بھی نظر نہیں آیا جس سے میں انسان کو کسی نے مسٹر کفیل رضا کو اغوا کیا ہے؟" گھورتے ہوئے کہا۔

"کسی نے نہیں بلکہ آپ نے انھیں کہیں آپ خود اس کا اعتراف کر چکی ہیں۔ آپ نے ہمارے وہ اس کا ٹھوس ثبوت ہے۔"

میرا سارا جسم سنسنا گیا۔ یہ تو گویا میں اپنے ہی میں پھنس گئی ہوں۔

"میرے خلاف رپورٹ کس نے کی تھی؟" کر پوچھا۔

"مسز چنگیزی نے، جن کو آپ نے خط لکھا تھا۔"

"کیا!" میں حیران رہ گئی۔ "چنگیزی نے رپورٹ کی ہے؟"

"جی ہاں۔"

"وہ کہاں ہے؟"

"آپ سوال کرنے کی مجاز نہیں ہیں۔ میرے ساتھ چلیے!" ایس پی کے لہجے میں سختی آ گئی۔

میں نے ذرا توقف کیا تاکہ اپنے اندرونی اشتعال پالوں۔ آخرکار میں نے پُرسکون انداز میں کہا۔ "میں چلنے سے قبل ایک فون کرنا چاہتی ہوں۔"

"پولیس ہیڈ کوارٹر پہنچ کر آپ جس جس نمبر پر فون کر فی الحال آپ کو اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔"

میں نے محسوس کیا کہ ایس پی کے لہجے میں ذرا نہیں تھی۔ وہ کسی قیمت پر مجھے فون نہیں کرنے دینا تھا کہ اپنے کسی ایسے شناسا کو فون کر دوں جو سرکاری میرے خلاف کوئی سخت قدم اٹھانے سے روک صورتِ حال میرے لیے نامساعد ہو چکی تھی۔ مجھے ا

یا مان آف کالا گوٹ کے دباؤ میں ہے اور مجھے ہرگز میں کرنے دے گا۔

"کیا بات ہے؟" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔

میں دروازے کی طرف مڑی۔ ایس پی میرے پیچھے پیچھے لگا۔ غالباً اس نے اپنے ماتحتوں کو کچھ اشارہ کیا تھا کیونکہ واے ایس آئی میرے دائیں بائیں چلنے لگے۔ مجھے اس واقع حاصل نہیں ہو سکا کہ میں چپکے سے کسی ملازمہ سے لون کرنے کے لیے کہہ دیتی۔ ویسے مجھے یہ اطمینان تھا ہدایت نہ ملنے کے باوجود بھی میری ملازمہ خاص ایسا ں گی۔

جب وہ لوگ مجھے پولیس کار میں بٹھانے لگے تو میں نے ں کی چابی ایک ملازمہ کی طرف پھینکتے ہوئے کہا۔ "گاڑی کو میں بند کر دینا۔ زیادہ فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں ائیں رٹ آؤں گی۔"

اس وقت میں نے ایس پی کے ہونٹوں پر استہزائیہ مسکراہٹ مالہ اسے میرے اختر و سوخ کا کچھ زیادہ اندازہ نہیں تھا جبکہ فلن تھا کہ جب میں پولیس ہیڈ کوارٹر میں قدم رکھوں گی تو وہاں گی بات ہے گی اور میرے سنیئر حراست ہونے کی خبر از خود ان لوگوں پہنچانے لگے گی جو میرے لیے بہت کچھ کر سکتے تھے۔

پولیس کار میں دونوں اے ایس آئی میرے دائیں بائیں بیٹھے۔ ان آگے ڈرائیور کے ساتھ بیٹھ گیا اور باقی پولیس والوں نے ار میں جگہ بنا لی۔

مجھے یقین تھا کہ اس وقت میری ملازمہ خاص رفیق کو فون نمبر ہی ہو گی۔

دونوں پولیس کاریں آگے پیچھے روانہ ہو گئیں۔ وہ کار آگے تھی میں مجھے لے جایا جا رہا تھا۔ میں اس وقت صرف یہ ہی تھی کہ خان آف کالا گوٹ مجھ پر پے در پے حملے کر کے کھلا دینا چاہتا ہے لیکن اسے اندازہ نہیں کہ وہ اس طرح سیر اشتعال بڑھاتا چلا جا رہا ہے۔ اس نے ابتدائی طور پر اندازہ چالیں چل کر نظامِ ہر اپنی برتری کا سکہ جما لیا تھا لیکن مجھے ایک مرتبہ قدم جمانے کی مہلت ملتی، ویسے ہی اس جارحانہ چالوں کا شیرازہ بکھر جاتا۔ پھر وہ نہ صرف میرے زنے میں ناکام رہتا بلکہ مجھے مزید بڑھنے سے روکنا بھی اس

کے بس کی بات نہ ہوتی، جیسا کہ مستقبل نے ثابت بھی کیا۔

دفعتہً کار کے ڈرائیور نے بریک لگا دیے۔

"کیا بات ہے؟" ایس پی نے فوراً پوچھا۔

"ہماری دوسری گاڑی رک گئی ہے سر!" ڈرائیور نے جواب دیا

"اوہ!" ایس پی نے مڑ کر دیکھا۔

میں بھی مڑ کر دیکھنے لگی۔ دوسری پولیس کار کی ہیڈ لائٹس تقریباً ایک فرلانگ دور کی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔

"ریورس گیئر میں چلو۔ وہ زیادہ دور نہیں ہے۔" ایس پی نے ڈرائیور سے کہا۔

ڈرائیور نے تعمیل کی اور ہماری کار پیچھے کار کے برابر جا رکی۔

"کیا بات ہے؟" ایس پی نے کار میں بیٹھے بیٹھے دوسری کار کے پولیس والوں سے پوچھا۔

اس کار میں بیٹھے ہوئے انسپکٹر نے جواب دیا۔ "بائیں طرف کا پچھلا ٹیتا بدلنا پڑے گا سر! اس کی بَو اُتر گئی ہے۔ شاید کوئی کیل وغیرہ گھس گئی ہے۔"

ایس پی نے صرف دو تین لمحے کے توقف سے کہا۔ "اچھا تو پھر تم لوگ ٹیتا بدل کر آؤ۔ ہم چلتے ہیں۔"

"او کے، سر!" انسپکٹر نے کہا۔

ایس پی کے اشارے پر ہماری کار کے ڈرائیور نے گاڑی آگے بڑھا دی اور بتدریج رفتار بڑھاتا چلا گیا۔

ابھی ہم ڈیفنس کے علاقے سے نہیں نکلے تھے۔ وہ تقریباً تین بجے کا عمل تھا۔ سڑکیں ویران پڑی تھیں اور اس سناٹے میں ایکسٹرک پولز بھی اونگھتے ہوئے سے محسوس ہو رہے تھے۔

ہماری کار ابھی شاہراہ پر نہیں پہنچی تھی کہ ایک ٹرک نے ہمارا راستہ روک لیا۔ وہ تیسری سڑک پر کھڑا تھا۔ اس کے دائیں بائیں جگہ چھوٹی ہوئی تھی مگر وہ اتنی نہیں تھی کہ پولیس کار گزر سکتی۔ اگر ٹرک کو ایک طرف کر کے کھڑا کیا گیا ہوتا تو کار بڑی آسانی سے گزر جاتی۔

وہ کوئی ڈمپر ٹرک تھا۔ دو پٹھان اس کے ایک پہیے کو ٹیک لگائے تھے۔

"شاید اس کی بھی ہَوا نکل گئی ہے۔" ہمارا ڈرائیور بیساختہ ہنس پڑا لیکن پھر شاید فوراً ہی اسے ایس پی کی موجودگی کا خیال آ گیا اور اس نے اپنی ہنسی میں بریک لگا دیا۔

ایس پی کھڑکی سے سر باہر نکال کر دھاڑا۔

ایس پی کھڑکی سے سر نکال کر دھاڑا "الو کے پٹھو! کیا تم ٹرک کو کنارے کر کے کھڑا نہیں کر سکتے تھے؟"

جیک لگانے والوں میں سے ایک دوڑتا ہوا ہماری کار کے قریب آیا اور گھگھیاتا ہوا بولا "اُم مافی چاتا ہے صاب!"

"معافی کے بچے! ٹرک ہٹاؤ راستے سے!" ایس پی دھاڑا۔

اچانک اس شخص نے کوئی چیز کار کے اندر پھینکی۔ وہ ایک چھوٹا سا غبارہ تھا۔ اس غبارے کا منہ شاید چٹکی میں دبا کر بند رکھا گیا تھا۔ کار میں آتے ہی وہ کھل گیا اور ایک تیز بو کار میں پھیل گئی۔ ایس پی نے بڑی تیزی سے اپنی کار کا دروازہ کھولنا چاہا، بلکہ شاید کھول بھی لیا لیکن اس کی نوبت نہیں آ سکی کہ وہ اتر بھی سکتا۔ ادھر میں بھی اپنے ہوش و حواس کھو چکی تھی۔ میرے ذہن میں آخری خیال یہ آیا تھا کہ یہ اقدام میرے کسی ایسے ہمدرد کا ہو سکتا ہے جو مجھے پولیس کے شکنجے سے نکال لے جانا چاہتا ہے۔

مگر کون؟ وہ کون ہو سکتا ہے؟

مجھے اس سوال پر غور کرنے کی مہلت نہیں مل سکی۔

جب مجھے ہوش آیا تو میں ایک آراستہ پیراستہ اور نہایت پُرتکلف کمرے میں نرم و گداز بستر پر لیٹی ہوئی تھی۔ آرام و آسائش کا وہ تمام سامان وہاں موجود تھا جو کسی عیش پسند انسان کی خوابگاہ میں ہو سکتا ہے۔ کمرے میں ایک بھینی بھینی، مدھم مدھم سی خوشبو پھیلی ہوئی تھی جو غالباً اس کمرے کی فضائیں اسپرے کی گئی ہو گی۔

میں ہوش میں آنے کے بعد فوری طور پر بستر سے نہیں اٹھی تھی۔ بیہوشی سے پہلے کے واقعات میرے ذہن میں چکر لے رہے تھے اور میری نظریں اس کمرے میں چکرا رہی تھیں۔ دفعتہً مجھے یوں محسوس ہوا جیسے وہ کمرہ بہت ہی آہستہ آہستہ ڈگمگا رہا ہو۔ ڈگمگاہٹ کا یہ احساس ویسا ہی تھا جیسے کسی کشتی میں بیٹھ کر ہوتا ہے۔ میں یکلخت اٹھ بیٹھی اور اپنی ساری توجہ اس ڈگمگاہٹ پر مرکوز کر دی۔ جلد ہی مجھے یقین ہو گیا کہ میرا وہ احساس کوئی وہم نہیں تھا۔

میں نے بستر سے اترنے کے لیے پیر نیچے لٹکائے تو قالین پر سلیپر بھی رکھے ہوئے تھے اور میرے ہی پیروں کے سائز کے تھے۔ میں وہ سلیپر پہن کر کھڑی ہو گئی اور اب میں اس دیوار کو بھی دیکھ سکتی تھی جو میرے سرہانے تھی۔

اس دیوار میں مجھے تین بڑے بڑے سوراخ نظر آئے جن میں شیشے لگے ہوئے تھے۔ ان شیشوں کی دوسری طرف مجھے پانی لہریں لیتا ہوا نظر آیا۔ اس نیلگوں پانی میں کبھی کبھی کوئی مچھلی بھی ہوئی سوراخ کے سامنے سے گزر جاتی تھی۔

اب مجھے خیال آیا کہ میں کسی بحری جہاز کے نچلے حصے قسم کی آبدوز میں ہوں۔ میں ایک جھٹکے سے پھر بستر پر بیٹھ سے بیٹھنے کا سبب یہ دوسرا جھٹکا تھا کہ مجھے کسی بحری جہاز یا لانے والا شخص کون ہو سکتا ہے؟ جب میں بیہوش ہو رہی یہ خیال ذہن میں پیدا ہوا تھا کہ مجھے پولیس کے شکنجے سے نا شخص میرا کوئی ہمدرد ہی ہو سکتا ہے لیکن اب میں اس خیال ذہن سے جھٹکنے پر مجبور تھی۔ میرے ہمدردوں میں کوئی بھی تھا جس کے پاس اس کا کوئی ذاتی جہاز ہو اور آبدوز ہو سوال ہی نہیں تھا۔ تو پھر کیا اب میں کسی بین الاقوامی گئی ہوں؟ کیا میری ذات سے کسی غیر ملکی طاقت کو دلچسپی ہے؟ وہ آبدوز یا جہاز کسی حکومت ہی کا ہو سکتا تھا!

دفعتہً میں نے دائیں جانب کی دیوار میں ایک دروازہ ہوئے دیکھا۔ میری نظر اسی طرف جم گئی۔ میں نے ایک شخص آتے ہوئے دیکھا۔ وہ سفید رنگ کے ایسے لباس میں عموماً بڑے گھرانوں کے بٹلر پہنتے ہیں۔ اس نے میرے قر ادب سے پوچھا "معزز خاتون ناشتے سے پہلے غسل فرما یا بیڈ ٹی پینا پسند کریں گی؟"

میں نے اسے جواب دینے کی بجائے سوال دا کون ہو؟"

"آپ کا خادم۔"

"تمہیں یہ فرض کس نے سونپا ہے؟"

"میرے آقا نے۔"

"تمہارا آقا کون ہے؟"

"مجھے اس سوال کا جواب دینے کی اجازت نہیں خاتون!" بٹلر نظر جھکائے ہوئے جواب دے رہا تھا۔

"تمہارا آقا کہاں ہے؟"

"وہ آپ سے رات کو ملاقات کر سکیں گے۔ اس بجے ہیں۔ رات کے آٹھ بجے تک آپ کو اسی کمرے میں ہے۔ یہ گھنٹے گزارنے کے لیے آپ جو چاہیں مشغول ہم حتی الامکان کوشش کریں گے کہ آپ کی طلب مہیا کر دیں۔"

"مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے۔" میں نے

یں اپنا وہی سوال دہرانے کی جسارت کروں گا کہ آپ پسند کریں گی یا غسل کرنا؟"

یں کہاں ہوں؟" میں نے پھر ایک سوال دہرا دیا۔

نہیں ہیں۔" بٹلر نے بڑی معصومیت سے کہا۔

بھنبلا کر رہ گئی، پھر میں نے کہا "کیا یہ کوئی جہاز ہے؟"

ی نہیں۔"

"آبدوز؟"

ی نہیں۔"

پھر کیا ہے؟"

میرے آقا کا مہمان خانہ۔"

ی جھنجلاہٹ میں اضافہ تو ہوا لیکن میں نے اس پر قابو یہی تھا کہ میں اس بٹلر سے جھک جھک کر کروں۔ مجھے سی قسم کی معلومات حاصل نہیں ہو سکتی تھیں۔

نے ایک طویل سانس لے کر کہا "میں پہلے غسل کروں ں کے بعد ناشتہ۔"

ستر ہے۔ دوسرے کمرے میں تشریف لے چلیے!" بٹلر ے اس خلا کی طرف اشارہ کیا جس سے گزر کر وہ اس ی آیا تھا۔

ے قدم اس طرف اٹھ گئے۔ بٹلر مجھ سے دو قدم ں۔

"مرا کمرہ بھی پہلے کمرے کی طرح خاصا کشادہ تھا۔ اسے ہ م کے طور پر استعمال کیا جاتا ہو گا کیونکہ وہاں ڈائننگ ار کرسیوں کے علاوہ صرف آرائشی چیزیں رکھی ہوئی تھیں۔ میں مجھے صرف ایک دروازہ نظر آیا۔ میں نے ادھر ادھر پھر بٹلر سے بولی "کہاں ہے باتھ روم؟"

نے اسی دروازے کی طرف اشارہ کیا اور بولا "یہ م ہی کا دروازہ ہے معزز خاتون!"

اس کمرے سے باہر جانے کا دروازہ کہاں ہے؟"

نے نظر جھکا لی اور خاموش کھڑا رہا۔ غالباً وہ میرے ال کا بھی جواب نہیں دینا چاہتا تھا۔

ں ایک ٹھنڈا سانس لے کر باتھ روم کے دروازے بڑھ گئی۔

سل کرنے کے بعد مجھے اپنا وہی لباس پھر پہننا پڑا جو سے پہنے ہوئے تھی۔ جب میں باتھ روم سے نکلی تو

میں نے دیکھا کہ ڈائننگ ٹیبل پر نہایت پُرتکلف ناشتہ موجود تھا۔

جب تک میں نے ناشتہ کیا، بٹلر بڑے ادب سے ایک طرف کھڑا رہا اور جب میں ناشتہ کر چکی تو وہ بولا "اب آپ اپنے آرامگاہ میں تشریف لے جائیے!... اور ہاں! یہ بھی بتا دیجیے کہ آپ کھانا کھانے کے لیے کس وقت کا انتخاب کریں گی؟"

"بارہ بجے ناشتہ کیا ہے، اب کھانا کیا کھاؤں گی۔ اگر ممکن ہو تو شام کی چائے کے ساتھ کچھ سینکس لے آنا۔ کھانا تو میں رات ہی کو کھاؤں گی۔ اس وقت تک تمہارے آقا نے بھی آجائیں گے۔" میرے لہجے میں خفیف سا طنز تھا۔

"جی ہاں!" بٹلر نے سپاٹ لہجے میں کہا۔ "رات کا کھانا آپ ہی کے ساتھ کھائیں گی۔"

میں واپس اسی کمرے کی طرف بڑھی جہاں مجھے ہوش آیا تھا جب میں بستر پر بیٹھ گئی تو میں نے پلٹ کر اس کی طرف دیکھنا چاہا لیکن اب وہ خلا بند ہو چکا تھا۔

رات سے پہلے میری اس الجھن کا خاتمہ نہیں ہو سکتا تھا کہ میں کس کی قید میں ہوں۔ ہر چند کہ میں ایک پُرآسائش کمرے میں تھی لیکن اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا تھا کہ میری حیثیت ایک قیدی کی سی تھی اور میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں کس کی قیدی ہوں۔ میرے خیال کے مطابق وہ خان آف کالا گوٹ تو نہیں ہو سکتا تھا۔ خان نے تو مجھے پولیس کے جال میں پھنسانے کے لیے پاپڑ بیلے تھے، پھر وہ مجھے پولیس کے شکنجے سے کیوں نکالتا؟

میں بستر پر لیٹ گئی اور صورتِ حال پر غور کرتی رہی لیکن میری سمجھ میں کچھ نہیں آ سکا۔ پھر میں رضوان کے بارے میں سوچنے لگی۔ وہ یقیناً میری تلاش میں سرگرداں ہو گا لیکن کیا یہ ممکن ہے کہ وہ مجھے ڈھونڈتا ہوا یہاں پہنچ جائے۔

میں ایسے ہی مختلف النوع خیالات میں الجھی رہی اور تین بج گئے۔ اس وقت ایک بار پھر دیوار میں خلا پیدا ہوا۔ میں اس طرف دیکھنے لگی۔ ایک شخص ایک بہت بڑے فریم کی ٹرالی کو دھکیلتا ہوا اندر لایا۔ اس فریم میں ایک سفید پردہ لگا ہوا تھا، جیسے فلم اسکرین!

اسکرین لانے والا شخص بٹلر نہیں، کوئی اور تھا۔ اس نے اسکرین کو ایک جانب کی دیوار سے لگا کر کھڑا کر دیا اور پھر مجھ سے مخاطب ہوئے بغیر واپس چلا گیا۔ دیوار کا خلا پھر برابر ہو گیا۔

اچانک وہ اسکرین روشن ہوگئی۔ میری نظر اس طرف اٹھی جدھر سے اسکرین پر روشنی پڑ رہی تھی۔ میں نے اسکرین کی سامنے والی دیوار میں ایک سوراخ دیکھا۔ اسی سوراخ سے وہ روشنی اسکرین پر ڈالی جا رہی تھی۔ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ وہ سوراخ وہاں پہلے سے نہیں تھا اور اس کا مطلب یہ تھا کہ دیوار کے خلا کی طرح وہ بھی کسی میکنزم کی کارکردگی کا نتیجہ ہوگا۔

پھر کئی رنگوں کی آمیزش نے مجھے دوبارہ اسکرین کی طرف متوجہ کر دیا۔ ایک رنگین فلم شروع ہو چکی تھی۔ ایک سجی ہوئی خوابگاہ میں ایک خوبصورت لڑکی لمبی ہوئی رسالہ پڑھ رہی تھی۔ دروازہ کھلا اور ایک مرد اس کمرے میں داخل ہوا۔ اسے دیکھتے ہی لڑکی نے رسالہ رکھ دیا اور اس طرح مسکراتی ہوئی بستر سے اٹھی جیسے آنے والے مرد کا استقبال کر رہی ہو۔

میرا منہ بن گیا۔ یہ فلم گویا میری دل بستگی کے لیے دکھائی جا رہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ وہ مرد اور وہ لڑکی ہم آغوش ہو گئے تھے اور اپنی اپنی تشنہ لبی کا اظہار کر رہے تھے۔ اس قسم کے مناظر تقریباً سبھی انگریزی فلموں میں نظر آتے ہیں۔

لیکن اس بوس و کنار کے بعد وہ مرد کچھ زیادہ ہی "جارح" ہوتا چلا گیا۔ لڑکی کی آنکھیں بند ہونے لگیں۔ وہ قطعی خود سپردگی کے عالم میں نظر آ رہی تھی۔

پھر جلد ہی مجھے اندازہ ہو گیا کہ وہ ایک بلو فلم تھی۔ لڑکی کا سراپا دیکھ کر میرا جسم جھنجھنا اٹھا اور میرے جذبات برانگیختہ ہونے لگے۔ وہ مرد اور وہ لڑکی اب بستر پر تھے۔ میں جو کچھ دیکھ رہی تھی وہ ایسا ہی تھا کہ میرے جذبات مشتعل ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔

دس منٹ میں فلم ختم ہو گئی۔ اسکرین اب سفید ہو چکی تھی اور اس کی مخالف سمت کا سوراخ بھی بند ہو چکا تھا لیکن میرے جسم میں ایک آگ بھڑک اٹھی تھی۔

اسی وقت دیوار کا خلا پھر نمودار ہوا اور اس مرتبہ اندر آنے والی ہستی ایک حسین و جمیل لڑکی تھی۔ اس نے ایک حریری ساگاؤن پہن رکھا تھا اور اس کے جسمانی خطوط اس طرح جھلملا رہے تھے جیسے بادلوں کی کسی ہلکی پرت سے چاند جھانکتا ہے۔ اس کے ہاتھوں میں ایک کشتی تھی جس میں شراب کی ایک بوتل اور ایک گلاس رکھا ہوا تھا۔ وہ اپنی مسکراہٹ کی بجلیاں گراتی ہوئی آگے آئی۔ اس نے وہ ٹرے ایک چھوٹی سی تپائی پر رکھی اور پھر اس تپائی کو اٹھا کر میرے بستر کے قریب لا رکھا۔

"کیا آپ سینٹ پینا پسند کریں گی؟" وہ بولی۔

اس وقت میرا دماغ سنسنا رہا تھا۔ میری نگاہ اس کے جسمانی خطوط میں الجھی ہوئی تھی۔

"آپ نے جواب نہیں دیا؟" وہ اٹھلا کر پھر بولی۔ "پئیں گی یا...؟"

میں اس وقت جذباتی طور پر طوفان کی طرح اٹھی ایسے موقعوں پر عموماً چشمی حس کام نہیں کرتی لیکن میں کر گئی۔ مجھے حیرت انگیز طور پر ایک خطرے کا احساس ہوا سارے سیٹ اپ کی وجہ میری سمجھ میں آنے لگی۔ میں نے بوتل کر کے میرے جذبات برانگیختہ کیے گئے اور فوراً ہی اس شراب کی بوتل لے کر میرے پاس آ گئی۔ جن لوگوں نے رکھا تھا، وہ میری افتادِ طبع سے بخوبی واقف ہوں ضرور یہ اندازہ ہوگا کہ میں حسن و شراب کی اس لہر میں اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔ مگر ان کے بارے میں میرے ذہن میں شبہ جاگ اٹھا۔ یہ میں کمرے کے کسی حصے میں کوئی خود کار مووی کیمرہ پوشیدہ "آنکھ" بستر کی طرف ہو۔ اگر میں اس لڑکی کو اپنے جذبات سجا لیتی تو وہ خفیہ کیمرہ ایک اور بلو فلم تیار کر لیتا جو کسی وقت میرے استعمال کی جا سکتی تھی۔

یہ سارے خیالات پل بھر میں میرے ذہن میں گھوم گئے اور مجھے یہ ناخوشگوار فیصلہ کرنا پڑا کہ میں ہر قیمت پر اپنے قابو میں رکھوں گی۔

"میں بینٹ ہی پیوں گی۔" میں نے سپاٹ لہجے میں کہا۔ "لیکن تم زحمت نہ کرو۔"

"اس میں زحمت کی کیا بات ہے معزز خاتون! یہ تو خدمت ہی پر مامور کیا گیا ہے۔"

"شکریہ! میں اس سلسلے میں اپنی خدمت خود کر لوں گی۔" میں نے سرد لہجے میں کہا۔

لڑکی کے چہرے پر ایک رنگ سا آ کر گزر گیا۔

قدرے توقف کے بعد میں نے سخت لہجے میں کہا۔ "کیا تم نے سنا نہیں؟ تم جا سکتی ہو۔"

"لیکن..."

"جاؤ!" میں اب غصیلے انداز میں بولی۔ "کیا تم نے میرے منہ پر میزبان سے تمہاری شکایت کروں؟"

اس کے چہرے پر سرخی پھیل گئی۔ پتا نہیں وہ ندامت کی تھی یا بے بسی اور احساس کی، میں کوئی اندازہ نہیں کر سکی۔ بہرحال دیوار کی طرف بڑھ گئی جس کا خلا بند ہو چکا تھا لیکن جب دیوار کے قریب پہنچی تو وہ خلا پھر نمودار ہو گیا۔ لڑکی اس میں سے نکل گئی۔ میں نے خلا کو پھر برابر ہوتے دیکھا۔ اب مجھے اس کا بھی پتا چل گیا کہ اس کمرے میں کوئی مائیکروفون اور ٹیلیویژن آنکھ بھی پوشیدہ جگہ پر نصب ہوگی۔ بیٹھا ہوا کوئی شخص اس کمرے میں ہونے والی ہر بات اور اس کمرے کے ہر منظر کو دیکھ رہا تھا۔ اسی نے اس کمرے میں حرکت دی ہوگی جس سے دیوار میں خلا پیدا ہوا اور اس کی خدمت کے بعد بند ہو گیا۔

میں نے گلاس میں شراب انڈیلی اور پے در پے کئی ہلکی ہلکی سانسیں۔ میرے سینے میں بھڑکی سی دہک اٹھی۔ بینٹ شراب کی سے پینا مناسب نہیں ہوتا لیکن میں جلد از جلد زیادہ سے اب اپنے معدے میں پہنچا لینا چاہتی تھی۔ جب میرے اعتماد تے میں تو ان کو ٹھنڈا کرنے کی صرف دو ہی صورتیں ہے ممکن ہوتی ہیں، حسن یا شراب۔ لوگ کہتے ہیں کہ شراب بات اور بھڑکاتے ہیں لیکن میرا معاملہ مختلف ہے۔ میں شراب ملا کر اپنے جذبات کے منہ زور عفریتوں کو قابو میں کر لیتی ہوں۔

میں نے اتنی پی کر پھر مجھے کچھ ہوش نہ رہا۔

جب مجھے کچھ ہوش آیا تو میں نے اپنی گھڑی پر نظر ڈالی۔ ساڑھے نو بجے تھے۔ گویا شام ہو چکی تھی لیکن کمرہ اسی طرح منور تھا جس طرح اسے دن میں دیکھ چکی تھی۔ وہاں کچھ ایسی روشنی کا انتظام تھا جو دن کی روشنی محسوس ہوتی تھی اور یہ اندازہ بھی نہیں ہو پاتا کہ یہ مصنوعی روشنی ہے۔

میں بستر سے اٹھی۔ شراب کا خمار ابھی باقی تھا لیکن لڑکھڑاتے جذبات کے عفریت سو چکے تھے۔ میں نے بوتل پر نظر ڈالی تو مجھے لگا کہ میں آدھی سے کچھ زیادہ پی گئی تھی۔

کچھ سوچ کر میں نے بلند آواز میں کہا۔ "مجھے یقین ہے کہ میری آواز تک ضرور پہنچ رہی ہوگی۔ میں اسی شخص سے مخاطب ہوں اور اس سے کہنا چاہتی ہوں کہ مجھے غسل کرنا ہے۔"

میرا اندازہ بالکل درست ثابت ہوا۔ بمشکل پندرہ سیکنڈ بعد میں خلا پیدا ہو گیا۔ میں اس سے گزر کر دوسرے کمرے میں پہنچی جہاں اس وقت کوئی نہیں تھا۔ میں نے باتھ روم کا رخ کیا اور غسل کرنے کے بعد پھر اسی کمرے میں آ گئی۔ میرے آنے کے بعد دیوار کا خلا برابر ہو گیا اور میں ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے بیٹھ کر اپنے بال درست کرنے لگی۔

اب آٹھ بجے تھے اور بٹلر نے دن میں مجھے بتایا تھا کہ میں اس وقت کھانے کی میز پر اپنے میزبان سے ملاقات کر سکوں گی۔ اب یہ سوال بڑی شدت سے میرے ذہن میں ہلچل مچانے لگا کہ میرا وہ میزبان کون ہوگا؟

ٹھیک ساڑھے آٹھ بجے دیوار میں وہ خلا پھر پیدا ہوا اور میں نے اسی بٹلر کی شکل دیکھی۔

"معزز خاتون!" وہ بولا۔ "کھانا میز پر لگایا جا چکا ہے اور میرے آقا آپ کے منتظر ہیں۔"

میں اٹھی اور دھڑکتے دل سے دیوار کے خلا کی طرف بڑھی۔ بٹلر میرے سامنے سے ہٹ گیا۔ میں دوسری طرف پہنچی اور اس طرف پہنچتے ہی میرے قدم ذرا دیر کے لیے فرش سے جم کر رہ گئے۔

ڈائننگ ٹیبل کے سرے کی کرسی پر خان آف کالاگوٹ براجمان تھا۔ اس کے ہونٹوں پر بڑی متبسم سی مسکراہٹ کھیل رہی تھی اور آنکھوں سے تمسخر جھانک رہا تھا۔

"تشریف... لائیے... معزز... خاتون!" وہ لفظوں کو چبا چبا کر بولا۔

میں نے خود کو ابتدائی جھٹکے سے سنبھالا اور آگے پہنچی۔ اب میں خود کو بالکل مطمئن ظاہر کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ میں نے خان کے سامنے والی کرسی سنبھالی اور بیٹھ گئی۔ میں نے اپنے چہرے پر اطمینان و سکون پھیلا لیا تھا لیکن ذہنی طور پر شدید انتشار میں مبتلا تھی۔ میرے خیال کے مطابق میرا میزبان "خان آف کالاگوٹ" کو نہیں ہونا چاہیے تھا۔ آخر اسے اس کی کیا ضرورت تھی کہ مجھے پولیس کے شکنجے سے بچاتا جبکہ میرے یقین کے مطابق مجھے پولیس کے شکنجے میں پھنسانے والا بھی وہی تھا۔

لیکن اب جب میں نے حالات کو ایک اور زاویے سے دیکھنا شروع کیا تو بات کچھ کچھ میری سمجھ میں آنے لگی۔

"شروع کیجیے خاتون!" خان آف کالاگوٹ سپاٹ لہجے میں بولا۔

میں نے اپنی پلیٹیں میز سے کیں اور ایک قاب اٹھا کر اس میں سے بھنی ہوئی بٹیروں نکالنے لگی۔

واقعات کا سلسلہ اب میرے ذہن میں کچھ اس طرح آرہا تھا کہ خان نے سب سے پہلا چکر کا تو مجھے یہ دیا کہ صادق حبیب کو غائب کر دیا۔ پھر مجھے وہاں ایک گھنٹے کے لیے قید کرنے کا مقصد یہ تھا کہ اس وقت میں کنول رضا کو بھی غائب کر دے۔ جب اس کا یہ منصوبہ عمل پذیر ہوا تو اسے وہاں میرا ایک خط بھی ملا جو چیٹرجی کے نام تھا۔ اس خط کے ذریعے اسے موقع مل گیا کہ وہ صورتِ حال کو میرے لیے اور زیادہ گمبھیر بنا دے۔ اس نے مجھے پولیس کے جال میں پھنسانے کا سامان کر دیا اور جب میں اس جال میں پھنس گئی تو اس نے مجھے وہاں سے نکال بھی لیا۔ اس آخری حرکت کے دو مقصد ہو سکتے تھے۔ ایک تو یہ کہ میں اس سے مرعوب ہوتی چلی جاؤں اور اس کی شخصیت کو اپنے اوپر چھایا ہوا محسوس کرنے لگوں۔ دوسرے یہ کہ قانون کی نظر میں میری پوزیشن اور زیادہ خراب ہو جائے۔ مجھے یقیناً ایک مفرور مجرم قرار دیا جا چکا ہوگا۔ اب اگر شان آف کالا گوٹ مجھے آزاد کر دیتا تو میں خود کو خاصی مشکلات میں گھرا ہوا پاتی۔

یہ بات میری سمجھ میں اب بھی نہیں آسکی تھی کہ خان آف کالا گوٹ نے چیٹرجی کو کس طرح استعمال کیا تھا؟ ایس پی نے مجھے یہی بتایا تھا کہ اس کے قانونی اقدامات چیٹرجی کی رپورٹ کا نتیجہ ہیں۔

کھانے کے دوران میں مکمل خاموشی رہی۔ نہ تو خان نے مجھے مخاطب کیا اور نہ میں اس سے ہم کلام ہوئی۔ میں ایک طرف کٹہرا بنی رہی۔ دوسری طرف اس نے اپنے اور خان کے لیے پانی کا گلاس بھرا تھا۔ میں تو کھانے کے اختتام ہی پر پانی پیتی ہوں۔

کھانے کے بعد چائے کا دور چلا۔ اور اس وقت خان بولا۔

"میں کھانے کے دوران میں گفتگو کرنا پسند نہیں کرتا اس لیے خاموش رہا لیکن اب ہم باتیں کر سکتے ہیں۔"

"کرو!" میں نے بڑی لاپروائی سے کہا۔

"تم نے یہ تو دیکھ لیا ہے کہ میں حالات کو اپنی انگلی پر نچا سکتا ہوں۔"

"ہاں میں سب کچھ دیکھ چکی ہوں۔" میں نے اطمینان سے کہا۔ "بلاشبہ تم نے مجھے پے در پے شکستیں دی ہیں لیکن اس کا سبب میرے سامنے ہے اس لیے میں کسی احساسِ کمتری میں مبتلا نہیں ہو سکی ہوں۔"

"سبب؟" خان سوالیہ انداز میں میری طرف دیکھنے لگا۔

"ہاں سبب۔" میں نے کہا۔ "اور وہ سبب یہ ہے کہ تم نے میرے متعلق مکمل تحقیقات کر لی تھیں جبکہ مجھے تمہارے شیطانی پہلوؤں سے واقفیت نہیں تھی۔ میں تمہاری بے پروائی اور تم وار پر وار کرتے چلے گئے جب کہ

ہو سکے گا۔"

"کیا تم سمجھتی ہو کہ میں تمہیں چھوڑ دوں گا؟"

"ہاں، مجھے یقین ہے۔"

"اس یقین کا سبب؟"

"اس کا سبب یہ ہے کہ میں اب بھی تم سے [illegible] کے لیے تیار نہیں ہوں۔ میں تمہیں ہرگز نہیں بتاؤں گی [illegible] کے ڈرائیور کے بارے میں مجھے کیا معلوم ہے اور [illegible] کو کس سطح تک پہنچا چکی ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر میں یہ بتا دیتی تو پھر تم مجھے ایک منٹ بھی زندہ نہیں رہنے [illegible] میری لاش کا بھی پتا نہ چل سکے کیونکہ اس وقت میں [illegible] میں بھی ہوں۔"

"لیکن میں تمہیں چھوڑوں گا کیوں؟"

"اس لیے کہ باہر کے حالات اب میرے لیے سازگار [illegible] گے۔ مجھے شدید مشکلات سے دوچار ہونا پڑے گا۔ نیز تم [illegible] میں اضافے کی مہم بھی جاری رکھو گے تاکہ میں تھک ہار کر [illegible] آگے گھٹنے ٹیک دوں۔"

"تم واقعی ذہین عورت ہو۔ مجھے اعتراف ہے کہ تم حالات کا بالکل صحیح تجزیہ کیا ہے لیکن تم نے جو ایک اندازہ ہے اس میں تم غلطی پر ہو۔"

"کون سا اندازہ؟"

"وہ اندازہ جو ابھی تمہارے ذہن میں ہے۔ جس کا تم نے اظہار نہیں کیا ہے۔"

"یعنی؟"

"یعنی تم یہ سمجھ رہی ہو کہ یہاں سے نکلنے کے بعد تم فوراً سے کسی نہ کسی طرح ٹمٹ ہی لو گی۔"

"ہاں اس کا تو مجھے یقین ہے۔"

"تم غلطی پر ہو۔"

"اس کا فیصلہ تو وقت ہی کرے گا۔"

"گویا تم اب بھی اپنی جگہ پر قائم ہو؟"

"میں نے کہا نا کہ اسی پر میری زندگی کا دارومدار ہے۔"

"میں وعدہ کرتا ہوں..."

تم جیسے لوگوں کے وعدوں کا وزن خوب جانتی

[illegible] کالا گوٹ مجھے گھورنے لگا۔

[illegible] فر گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو جاؤ گی۔" وہ قدرے توقف [illegible] میں بولا۔

اس لمحے کا انتظار کرنا چاہتی ہوں۔ ویسے آج تم نے جو [illegible] نا چاہا تھا وہ مجھے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیتا لیکن میں سنبھل گئی۔"

[illegible] سا حربہ؟"

"شراب اور وہ لڑکی۔" میں نے جواب دیا۔ "تم میری فلم [illegible] چاہتے تھے۔"

[illegible] مجھے گھورنے لگا اور پھر اچانک کھڑا ہو گیا اور بولا۔ "اب [illegible] مجھے جانا ہے۔"

میں کھڑی ہو گئی لیکن میں نے دیوار کے خلا کا رُخ نہیں [illegible] دیکھنا چاہتی تھی کہ خان اس بند جگہ سے باہر کس طرح [illegible]

"کیا تم نے سُنا نہیں؟" خان غرایا۔

میں سمجھ گئی کہ خان میرے سامنے یہاں سے رخصت ہونا چاہتا ہے میں خلا کی طرف مڑ گئی۔ اس کے قریب پہنچ کر میں گھما کے پیچھے دیکھا اور بولی۔ "مجھے یہاں کب تک قید [illegible] ہے؟"

"جب تک میں چاہوں گا۔"

"تم کب تک چاہو گے؟" میرا انداز غصہ دلانے والا تھا۔

"جاؤ!" خان نے میز پر گھونسا مارا۔

میں آہستہ سے ہنسی اور خلا میں داخل ہو کر بستر کی طرف چل پڑی۔ ویسے عود میں نے اندازہ لگا لیا تھا کہ یہاں یہ آخری ہی رات ہوگی۔ مجھے مزید قید رکھنے کا اب کوئی [illegible] میں تھا۔

میں نے ابھی کھانا کھایا تھا اس لیے فوراً ہی بستر [illegible] کی بجائے کمرے میں ٹہلنے لگی۔ ٹہلتے ہوئے میں یہ اندازہ [illegible] کی کوشش کر رہی تھی کہ میری عدم موجودگی میں حالات [illegible] تک خراب ہو چکے ہوں گے اور ان سے نبرد آزما ہونے [illegible] لیے مجھے کیا کچھ کرنا ہوگا۔

ٹہلتے ٹہلتے مجھے دفعتاً ایک عجیب سی بو محسوس ہوئی۔

یہ بُو اُس کمرے میں پہلے نہیں تھی۔ میں نے اس بُو کو پوری طرح محسوس کرنے کے لیے ایک لمبا سانس لیا اور اس کے ساتھ ہی مجھے یوں لگا جیسے میرے دماغ پر غبار سا چھاتا چلا جا رہا ہو۔ میرے قدم بھی لڑکھڑا گئے اور میں سمجھ گئی کہ کیا ہونے والا ہے۔ مجھے بیہوش کرنے کے لیے کمرے میں کسی قسم کی گیس چھوڑی گئی تھی۔ میں نے اس وقت صرف یہ سوچا کہ دیکھو اب آنکھ کہاں کھلتی ہے!

میں بیہوش ہونے سے پہلے پہلے بستر تک پہنچ گئی تاکہ ادھر اُدھر کہیں گر کر کوئی چوٹ نہ کھا جاؤں۔ جیسے ہی میں بستر پر ڈھیر ہوئی، میرے ہوش و حواس معطل ہو گئے۔

پھر جب میری آنکھ کھلی تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ میں اپنے گھر میں، اپنی خوابگاہ میں تھی۔ میری ملازمہ خاص میرے سرہانے کھڑی تھی اور قریب ہی ایک کرسی ڈالے رضوان بیٹھا ہوا تھا۔ میری کلائی اس کے ہاتھ میں تھی اور وہ میری نبض دیکھ رہا تھا۔ اس نے میری آنکھیں کھلتی دیکھیں تو نبض چھوڑ دی اور ملازمہ سے کہا۔ "اب تم جاؤ!"

ملازمہ چلی گئی اور میں بستر سے اٹھ بیٹھی۔ دیوار گیر کلاک بارہ بجنے کا اعلان کر رہا تھا۔ گویا میں صرف ڈھائی گھنٹے بیہوش رہی تھی۔ یہ ایک حیرت انگیز امر تھا کہ مجھے اتنی ہی دیر میں میرے گھر بھی پہنچا دیا گیا۔

رضوان تشویش کی نظر سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔

"میں یہاں کیسے پہنچی؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"کسی نے فون پر آپ کی ملازمہ کو بتایا تھا کہ آپ بیہوشی کی حالت میں پھاٹک پر پڑی ہوئی ہیں۔ یہ اطلاع درست ثابت ہوئی اور یہ سب مل کر آپ کو یہاں اٹھا لائیں۔ فوراً ہی انھوں نے مجھے بھی فون کیا۔ اتفاق سے میں اس وقت گھر میں داخل ہو ہی رہا تھا کہ فون کی گھنٹی بجی۔ بہرحال یہ اطلاع ملتے ہی میں موٹر سائیکل اُڑاتا ہوا یہاں پہنچ گیا۔"

"اور کل رات؟"

"کل رات بھی یہی ہوا تھا۔ آپ کی ملازمہ کا فون ملتے ہی میں یہاں پہنچا اور مجھے آپ کی گرفتاری کی تفصیلات بتائی گئیں۔ میں فوراً ہی پولیس ہیڈ کوارٹر کی طرف روانہ ہو گیا۔ وہاں پہنچ کر پتا چلا کہ ابھی تک وہ لوگ آپ کو لے کر وہاں نہیں پہنچے۔ اس کے چند ہی لمحے بعد یہ اطلاع ملی کہ کچھ نامعلوم لوگ آپ کو

پولیس کی گرفت سے نکال لے گئے۔"

"ہوں!" میں استفہامیہ نظر سے رضوان کی طرف دیکھتی رہی میں چاہتی تھی کہ رضوان مجھے اب تک کے مکمل کوائف سے آگاہ کردے۔

رضوان غیر معمولی طور پر سنجیدہ بھی نظر آرہا تھا۔ اس نے فضول باتوں کو نہیں چھیڑا اور مجھے بتانے لگا۔ "یہ واقعہ محکمۂ پولیس کے لیے ایک ہنگامہ خیز واقعہ تھا۔ ہیڈ کوارٹر میں ایک ہلچل مچ گئی تھی اور ایس پی جعفر تو کسی زہریلے ناگ کی طرح بل کھا رہا تھا۔"

"اُس ایس پی کا نام جعفر ہے جس نے مجھے گرفتار کیا تھا؟"

"ہاں۔"

"اچھا، پھر تم نے کیا کیا؟"

"مجھے سب سے پہلے یہ فکر لاحق ہوگئی تھی کہ یہ خبر اخبارات میں نہ آنے پائے۔ یہ بڑی بدنامی کی بات تھی کہ آپ کو ایک مفرور ملزم گردانا جائے۔ مجھے اس خبر کو رکوانے کے سلسلے میں بہت بھاگ دوڑ کرنا پڑی جہاں تک میں اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کرسکتا تھا، وہ میں نے کیے اور جہاں مجھے بے بسی کا احساس ہوا وہاں میں نے ان بڑے لوگوں کی مدد حاصل کی جو آپ کے دوست ہیں۔ بہرحال اس تگ و دو کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج کے کسی اخبار میں بھی وہ خبر نہ آسکی۔"

"تم نے ایک شاندار کارنامہ سرانجام دیا ہے۔" میں نے رضوان کو تحسین آمیز نظر سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"لیکن یہ سب چکر کیا ہے؟"

"خان آف کالاگوٹ۔" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"میرا بھی یہی خیال تھا۔" رضوان نے سر ہلا کر کہا۔ "اور مجھے یہ بھی یقین تھا کہ وہ ایک دن میں آپ کو چھوڑ بھی دے گا تاکہ آپ حالات سے پریشان ہوکر اس کی بات مان لیں۔"

"کیا حالات بہت بگڑ چکے ہیں؟"

"دراصل آپ کی وہ تحریر آپ کے لیے پھندا بن کر رہ گئی ہے۔ وزارتی سطح پر بھی اس معاملے میں دلچسپی لی جارہی ہے اور آئی جی کو براہِ راست یہ حکم ملا ہے کہ آپ کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے کیس بدستور ایس، پی جعفر کے ہاتھ میں ہے۔ وہ غالباً خان آف کالاگوٹ کا خاص مُہرہ ہے۔"

"لیکن چنگیزی نے میرے خلاف رپورٹ کیسے کردی؟"

"آپ غلط سمجھ رہی ہیں۔ رپورٹ کرنے والا نہیں ہے۔"

"پھر؟" میں نے تعجب سے پوچھا۔

"وہ ارباب چنگیزی نامی ایک شخص ہے۔"

"وہ کہاں سے نکل پڑا؟" میری حیرت برقرار تھی۔

"میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ وہ خان آف کالاگوٹ ہے۔ چونکہ آپ نے شتاق چنگیزی کو جو خط لکھا تھا، اس میں اسے صرف چنگیزی کے نام سے مخاطب کیا تھا لہٰذا اس کا کسی بھی چنگیزی سے منسوب کیا جاسکتا ہے۔"

"اوہ!" میرے مُنہ سے اتنا ہی نکل سکا۔

"سوا ب آپ کا ایک حریف ارباب چنگیزی بھی ہے۔"

"نہیں۔" وہ بس ایک مہرہ ہے، لیکن اس کے بارے میں پولیس کو کیا بتایا کہ میں نے کفیل رضا کو کیا کیا ہے؟"

"اس کا کہنا ہے کہ آپ کفیل رضا سے کچھ کاغذات لینا چاہتی ہیں اور اگر ان کاغذات پر دستخط ہوگئے تو کفیل دوبئی کے کاروبار کا ایک بہت بڑا حصہ آپ کی ملکیت ہوگا۔"

"کیا بچکانہ کہانی ہے۔" میرا مُنہ بن گیا۔

"دراصل اس سلسلے میں خان آف کالاگوٹ کو اتنا سوچنے کا موقع نہیں مل سکا ہوگا۔" رضوان نے کہا۔ "اچانک اس کے سامنے آیا اور اس نے اس خط کو آپ کے استعمال کرنے کے لیے ارباب چنگیزی کو سامنے کردیا۔ اتنا وہ اسے مل نہیں سکا کہ وہ سوچ سمجھ کر ارباب چنگیزی سے کوئی مضبوط بیان دلوا سکتا۔"

دفعتہً میں نے چونک کر گھڑی دیکھی۔ ہمیں گفتگو کرتے دس منٹ گزر گئے تھے اور اس سے پہلے بھی میرا کچھ وقت گزر چکا تھا۔

"مجھے یہاں سے فوراً رخصت ہوجانا چاہیے۔" میں کہا اور تیزی سے کپڑوں کی الماری کا رخ کیا۔

"یا وحشت! آخر فوری رخصت کی کیا ضرورت پیش آگئی؟" رضوان بولا۔

"خان آف کالاگوٹ کا مقصد مجھے پریشان کرنا ہی تو ہے۔"

"تو پھر؟"

"اب تک ایس، پی جعفر کو اس بات کی اطلاع دی جاچکی ہوگی

ہوں۔ وہ کسی وقت بھی یہاں پہنچ سکتا ہے۔ الماری سے اپنے کچھ کپڑے نکالتے ہوئے کہا۔

"پس ہیڈ کوارٹر میں اپنے کچھ آدمیوں کو صرف مامور کر رکھا ہے کہ اگر آپ کے بارے میں وہاں تو وہ لوگ مجھے فوراً فون پر اطلاع دیں میں گھر گیا۔ ملازمہ یہاں کا فون نمبر بھی دے دیا ہے۔"

"پس ایس کو جب ایس، پی جعفر کو میرے بارے میں جانے تو وہ پولیس ہیڈ کوارٹر ہی میں ہو۔ اب ہے۔ اس وقت جعفر کو اپنے گھر پر ہی ہونا

ں ریڈ کرنے سے قبل اسے پولیس ہیڈ کوارٹر ہی پڑے گی۔"

"م ٹھیک کر رہے ہو۔" میں نے کہا لیکن اپنا کام پڑے اور کچھ ضروری سامان اچھی کیس میں بھر فون سے پوچھا۔ "پولیس ہیڈ کوارٹر میں تم نے کس "ور کر رکھا ہے؟"

کو آدمی ہیں۔ بہ حیثیت کرائم رپورٹر ان سبھی سے میرا دریہ وہ لوگ ہیں جو ایس، پی جعفر سے بہت نالاں ں وہ شخص بڑا بدتمیز اور نہایت سخت گیر ہے۔ اپنے ماتحتوں میں اس کا ثانی نہیں اور اپنے ماتحتوں کو ذرا ذرا سی بات پر وہ پیچھے نہیں رہتا۔"

نے ایسی بندر کی یہ بہرحال بہتر ہی ہے کہ میں جلد از جلد

ہاں!"

اپنی ملازمہ کو آواز دے کر بلایا اور اس سے پوچھا۔ ہیں کسی کا فون تو نہیں آیا تھا؟"

"تین سے بھی کئی مرتبہ فون آیا اور سنگیتا اور سونیا بھی کئی

"

کسی کا فون آئے تو کہہ دینا کہ میں اس وقت تھوڑی ہی اور پھر کچھ کہے بغیر دوبارہ چلی گئی ہوں۔"

ں کو یہ بتانے کی کیا ضرورت ہے؟" رضوان بول

کو تو یہ بتانا زیادہ ضروری ہے۔ ملاناؤں نے اگر میری جھوٹ بولا تو ارباب چنگیزی ان کی جان کو آجائے گا۔

اؤں کا بیان ایس کی نظر میں اس اطلاع سے زیادہ معتبر نہیں ہوگا جو اُسے خان آف کالاگوٹ کی طرف سے ملے گی۔"

"ہوں۔" رضوان نے سر ہلایا۔ "یہ بات تو ٹھیک ہے۔"

"اچھا اب اٹھو!" میں نے رضوان سے چلنے کے لیے کہا۔

رضوان اٹھا ہی تھا کہ فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ میں نے جلدی سے آگے جا کر رسیور اٹھایا اور ماؤتھ پیس میں بولی۔ "ہیلو!"

"رضوان صاحب ہیں؟" ایک اجنبی آواز سنائی دی۔

"جی ہاں.... ایک سیکنڈ۔" میں نے کہا اور پھر رسیور رضوان کی طرف بڑھا دیا۔ "تمہارا فون ہے۔"

"ہیلو!" رضوان نے گفتگو شروع کی۔ "ہوں۔ ہوں...." اس کی پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں۔ میں غور سے اس کا چہرہ دیکھ رہی تھی۔ میرے خیال کے مطابق وہ کال پولیس ہیڈ کوارٹر ہی سے آئی تھی اور یقیناً وہ یہی اطلاع ہوگی کہ ایس، پی جعفر پولیس ہیڈ کوارٹر پہنچ چکا ہے۔

میرا اندازہ درست ثابت ہوا۔ رضوان نے جلدی رسیور رکھ دیا اور مجھ سے بولا۔ "ایس، پی جعفر یہاں ریڈ کرنے کے لیے ایک منٹ قبل پولیس ہیڈ کوارٹر سے روانہ ہوچکا ہے۔"

"میں نے پہلے ہی کہا تھا، بس اب نکل چلو!"

ہم دونوں بہت تیزی سے باہر آئے۔

"میں تمہاری موٹر سائیکل ہی پر چلوں گی۔" میں نے کہا۔

"چلنا کہاں ہے؟" رضوان نے موٹر سائیکل اسٹارٹ کرنے کے لیے کک لگاتے ہوئے پوچھا۔

"میں اس سلسلے میں ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کرسکی ہوں۔ تم بس جلدی سے نکل تو چلو اور کوئی ایسا راستہ اختیار کرو کہ پولیس ہیڈ کوارٹر سے آنے والی پولیس کار سے مڈبھیڑ نہ ہوسکے۔"

"اتنا میں بھی سمجھ سکتا ہوں۔" رضوان نے مُنہ بنا کر کہا۔

موٹر سائیکل اسٹارٹ ہوچکی تھی۔ میں پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئی۔ اٹیچی کیس بھی میں نے ہی سنبھال رکھا تھا۔ موٹر سائیکل پھاٹک سے نکلی اور ایک سمت میں فراٹے بھرنے لگی۔ اس وقت میرے ذہن میں صرف یہ سوال گونج رہا تھا کہ مجھے کہاں روپوش ہونا چاہیے۔ میں نے ماضی کے اوراق الٹنا شروع کیے اور گویا اُن لڑکیوں کو یاد کرنا شروع کیا جو کبھی مجھ سے بہت قریب رہی تھیں۔

مجھے ایک لڑکی یاد آئی اور میرے ذہن میں ٹرین کی "چھک

چھک، چھک چلنے لگی۔ میں ٹرین میں پنڈی یا پشاور جا رہی تھی جب میری پہلی ملاقات غزالہ سے ہوئی تھی۔ وہ اپنے بوڑھے باپ کے ساتھ تھی۔ کمپارٹمنٹ میں ہم تینوں کے سوا کوئی نہیں تھا۔ شوخ و چنچل غزالہ کے باپ کی بصارت زائل ہو چکی تھی اس لیے ہم دونوں نے خود کو اکیلا ہی محسوس کیا تھا اور ہماری تنہائی مک مکا ہو گئی تھی۔

پھر کراچی میں بھی غزالہ سے کئی سماجی ملاقاتیں ہوئی تھیں اور اس آفت لڑکی نے میرے دو ایک اہم کام بھی انجام دیے تھے لیکن جب میں تبت چلی گئی تو ملاقاتوں کا سلسلہ ایک طویل عرصے کے لیے ٹوٹ گیا۔ اسی عرصے میں غزالہ کی شادی بھی ہو گئی۔ آخری مرتبہ میں اس سے کوئی چھ ماہ قبل ملی تھی جب وہ اپنے دو بچوں اور اکلوتے شوہر کے ساتھ الفی پر شاپنگ کرتی پھر رہی تھی۔

غزالہ کو دو بچوں کی ماں کے رُوپ میں دیکھ کر مجھے بڑا عجیب سا محسوس ہوا تھا۔ وہ ملاقات بہت سرسری سی تھی۔ کھڑے کھڑے چند باتیں ہوئی تھیں۔ غزالہ نے اپنے شوہر سے میرا تعارف بھی کرایا تھا اور اپنے گھر کا پتا بھی بتایا تھا کہ میں کبھی اس سے ملنے اس کے گھر آؤں۔ میں ایک مرتبہ گئی بھی لیکن گھر میں تالا لگا ہوا تھا اور میں تالے میں اپنا کارڈ اڑس کر چلی آئی تھی۔

میں نے فیصلہ کیا کہ مجھے غزالہ ہی کے گھر میں روپوش ہونا چاہیے۔ میرے خیال کے مطابق موجودہ حالات میں غزالہ ہی کا گھر میرے لیے محفوظ ترین ثابت ہو سکتا تھا۔

میں نے رضوان سے نیو ٹاؤن چلنے کو کہا۔ غزالہ وہیں ایک چھوٹے سے خوبصورت بنگلے میں رہتی تھی۔ اس کا شوہر ایک غیر ملکی فرم میں چیف اکاؤنٹنٹ کے عہدے پر فائز تھا۔

"تم مجھے گھر کے دروازے پر چھوڑ کر چلے جانا۔" میں نے رضوان سے کہا۔

"کیا کسی بہت ہی خوبصورت لڑکی کا گھر ہے؟" رضوان نے چبھتے ہوئے سے لہجے میں کہا۔

"ہاں خوبصورت تو وہ اب بھی ہے لیکن اب وہ لڑکی نہیں، عورت بن چکی ہے۔ دو بچوں کی ماں بن چکی ہے۔"

"لاحول ولا قوت! پھر بھی آپ نے اس کے گھر کا انتخاب کیا ہے؟"

"وہ دو چھوڑ چار بچوں کی ماں بن جائے، تو بھی اس سے میرا لگاؤ ختم نہیں ہو سکتا۔"

"آپ کا لگاؤ ہے یا سر پلس؟"

"اگر دوسری طرف خود غرضی کا عنصر شامل ہمیشہ قائم رہتا ہے۔"

"کیا موجودہ حالات میں آپ کو یہی سب کچھ"

"کیا مطلب؟"

"یہ ایس، پی جعفر کے پھندے سے کب بچا"

"یہی سب کچھ سوچنے کے لیے میں نے ایک"

کیا ہے۔"

"غزالہ کا ٹیلیفون نمبر مجھے یاد نہیں رہا... جانب موڑ لو... میں تمھیں فون کر کے غزالہ کا تم بھی ضرورت پڑنے پر مجھ سے رابطہ قائم کر سکو والے بنگلے کے سامنے موٹر سائیکل روک لینا۔"

رضوان نے رفتار کم کرنا شروع کی اور ہا روک دی۔ وہ عین پھاٹک کے سامنے رُکا تھا۔ کی حکمرانی تھی۔ میں موٹر سائیکل سے اتر گئی اور کر دو۔ میں دیکھ تو لوں کہ وہ ہے بھی یا نہیں۔

میں نے کال بیل کا بٹن دبایا اور انتظار کر گزر جانے کے بعد میں نے پھر بٹن دبایا اور پھر جانب قدموں کی آہٹ سنائی دی۔ آہٹ سے معلوم ہوتا تھا۔

"کون ہے؟" اس نے پھاٹک کھولنے سے

"پھاٹک تو کھولو! میں غزالہ سے ملنے آئی یقین تھا کہ عورت کی آواز سُن کر وہ شخص کسی حد گا کہ خطرے کی کوئی بات نہیں ہے۔

پھاٹک کھُل گیا اور میں نے ایک لمبے تڑ جو ایک ہاتھ میں لاٹھی لیے ہوئے تھا۔ غالباً وہ چو نے استعجابیہ اور سوالیہ انداز میں میری طرف دیکھا۔ نے رضوان کی طرف بھی ڈالی تھی۔

"غزالہ ہے؟" میں چوکیدار سے مخاطب ہوئی

"بیگم صاحبہ ہیں تو لیکن..."

"ظاہر ہے کہ سو رہی ہوں گی۔" میں نے اس کی ہوئے کہا۔ "تم انھیں جگا دو۔ میں دوسرے شہر سے آئی بتا دو کہ صبیحہ آئی ہے۔"

اب چوکیدار نے ایک مرتبہ میرے اٹیچی کیس کی طر اسے یقین آ گیا ہو گا کہ میں بیرونِ شہر سے آ رہی ہوں۔

مگر رضوان سے کہا۔ "اب تم جاؤ!"

کے بعد چوکیدار بالکل ہی مطمئن ہو گیا اور اس

"میں جا کر بیگم صاحبہ کو جگاتا ہوں۔"

داخل ہوئی۔ پورچ میں ایک کار کھڑی تھی۔ ہم برآمدے میں پہنچے۔

س وقت مجھے دیکھ کر غزالہ حیران تو ہوئی لیکن رے چہرے سے ٹپکی پڑ رہی تھی۔ وہ بے تحاشہ مجھ ادیر تک اسے یہ پوچھنے کا بھی خیال نہیں آیا کہ اس کے گھر کیوں آئی ہوں جبکہ اسی شہر میں میرا

ساتھ ہی اس کا شوہر بھی بیدار ہو گیا تھا اور بڑ رہا تھا کہ غزالہ کیسے والہانہ انداز میں مجھ

وہ افراتفری کی سی کیفیت ختم ہوئی۔ میں اور م میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے۔ غزالہ کا شوہر گیا اور چند باتیں کر کے اپنی خوابگاہ میں چلا گیا۔ ا کو بتایا تھا کہ میں حیدر آباد سے آ رہی ہوں ، ہماری وجوہات کی بناء پر دو چار دن تک یہاں رکھنا چاہتی ہوں کہ میں کراچی آ گئی ہوں۔ زندگی بھر اس بات کو چھپائیں اور زندگی بھر ہیں۔" غزالہ نے کہا تھا۔

مگر وہ گئی، پھر میں نے پوچھا۔ "تمھارے بچے

ہیں؟"

ہیں یا تعداد کچھ اور بڑھ گئی؟" میں نے ہنس

بڑھی لیکن بڑھنے کا شبہ ہو گیا ہے۔ اِس جھوٹی سے جواب دیا۔

عجیب سا لگتا ہے کہ تم اتنی جان بن گئی ہو۔"

"عجیب لگتا ہے کہ آپ بالکل نہیں بدلیں۔"

نہیں بدلوں گی۔"

فریز کر کے تو دیکھیے!" غزالہ بائیں آنکھ دبا کر بولی۔

اس نہ کرو!" میں نے اسے گھور کر دیکھا اور وہ

میرا جی چاہ رہا تھا کہ وہ میرے سونے کا بندوبست کر دے لیکن وہ مستقل باتیں کیے جا رہی تھی۔ ماضی کی نہ جانے کتنی باتیں اس نے دہرا ڈالیں۔ بعض باتیں ایسی بھی تھیں جو میرے جذبات میں کوئی تار چڑھاؤ پیدا کر دیتیں لیکن اس رات میں اتنی پریشان تھی کہ صحیح طور پر غزالہ کی باتیں سن بھی نہیں رہی تھی۔ آخر اس نے بھی میری اس کیفیت کو محسوس کر لیا اور بولی "کیا بات ہے بانو! آپ کچھ پریشان ہیں؟"

"پریشان؟ نہیں تو! دراصل اب میں سونا چاہتی ہوں بہت تھکی ہوئی ہوں۔"

"اچھا آپ ایک پانچ منٹ بیٹھیے! میں آپ کے سونے کا بندوبست کر کے ابھی آتی ہوں۔" اس نے چٹکی بجائی اور اٹھ کر چلی گئی۔

پانچ منٹ بعد آ کر جب وہ مجھے ایک کمرے میں لے گئی تو مجھے اندازہ ہوا کہ اس نے وہ پانچ منٹ کیوں لیے تھے۔ اس دوران میں اس نے ضروریات کی تمام چیزیں اس کمرے میں رکھ دی تھیں، حتیٰ کہ شراب کی ایک بوتل اور گلاس بھی سرہانے موجود تھا۔

"یہ تمھارے گھر میں کہاں سے آئی؟" میں نے حیرت سے پوچھا۔

"آپ کے رقیب صاحب پیتے ہیں۔" وہ ہنسی۔

میں سمجھ گئی کہ اس نے رقیب کا لفظ کس کے لیے اور کیوں استعمال کیا تھا۔ مجھے بھی اس کے ساتھ ہنسی آ گئی اور میں نے اس کے گال پر بڑے زور سے چٹکی لی۔

"ہائے مر گئی۔" اس نے مسکاری سی لے کر کہا۔

"اچھا اب دفع ہو جاؤ۔"

"شب بخیر!" اس نے ہاتھ ہلا کر کہا۔ اور کمرے سے چلی گئی۔

میں نے دروازہ بند کیا اور بستر پر جا کر ڈھیر ہو گئی۔ نیند کا تو ابھی میری آنکھوں میں شائبہ تک نہ تھا۔ میں تو دراصل اس بات کی مہلت چاہتی تھی کہ کچھ سوچ سکوں اور آئندہ کے لیے کوئی لائحۂ عمل مرتب کر لوں۔ اس مرتبہ میں ایک ایسے آدمی سے ٹکرائی تھی جس سے دو دو ہاتھ کرنے کے لیے احتیاط سے قدم اٹھانا ضروری تھا۔ ہر چند کہ میں ڈاکٹر فونگ اور اس جیسے بہتیرے خطرناک لوگوں سے ٹکرا چکی ہوں لیکن خان آن کا لاگوٹ کی بات بہت مختلف تھی۔ وہ میرے ملک کا ایک معزز شہری سمجھا جاتا تھا۔ اسے مجرم قرار دے کر پولیس اس کے لیے گرفتاری نہیں تھی۔ اس کے برخلاف اس نے ایسے حالات پیدا کر دیے

تھے کہ میں خود پولیس سے جان بچائے پھر رہی تھی۔

دس پندرہ منٹ بعد میں بستر سے اٹھی اور میں نے ایک پیگ بنا کر پیا۔ یہ کام تو غزالہ نے بہت ہی عمدہ کیا تھا۔ ایک پیگ پی کر میں خاصی حد تک پُرسکون ہوگئی اور سوچتی رہی کہ مجھے آئندہ کیا کرنا ہوگا۔ سوچتے سوچتے مجھے چار بج گئے لیکن بالآخر میں ایک لائحہ عمل بنانے میں کامیاب ہوگئی۔ اب نیند بھی میری آنکھوں میں آ بسی تھی۔ میں نے نصف پیگ اور پیا جس کے بعد مجھے فوراً نیند آگئی۔

جب میں جاگی تو میں نے دیکھا کہ کھڑکی کے راستے سے کمرے میں خاصی دھوپ پھیل گئی تھی۔ معلوم ہو رہا تھا کہ دن خاصا چڑھ چکا ہے۔ میں نے گھڑی دیکھی تو اس کی تصدیق بھی ہوگئی۔ بارہ بج رہے تھے۔ میں جلدی سے اٹھی اور غزالہ کو پکارنے لگی۔

جب غزالہ کمرے میں آئی تو میں آنکھیں نکال کر بولی "غضب خدا کا! بارہ بج رہے ہیں۔ تم نے مجھے جگایا کیوں نہیں؟"

"رات آپ بہت تھکی ہوئی معلوم ہو رہی تھیں۔ میں نے سوچا کہ آپ کو پوری نیند لے لینے دوں۔ بس آپ جلدی سے غسل کرلیں اور یہ بتا دیں کہ ناشتے میں کیا پسند کریں گی؟"

"اب ناشتے کا وقت کہاں ہے؟ بس کچھ ایسا بندوبست کردو کہ ناشتہ بھی ہوجائے اور کھانا بھی۔"

"ایسا ہی ہوجائے گا۔"

اور واقعی ایسا ہی ہوا۔ جب میں غسل کرکے کپڑے تبدیل کرکے ڈائننگ ٹیبل پر پہنچی تو حلوہ پوری اور آلو کی ترکاری دیکھ کر میرے مُنہ میں پانی بھر آیا۔ یہ چیزیں میں نے عرصے سے نہیں کھائی تھیں۔

غزالہ میرے دائیں ہاتھ کی کرسی پر بیٹھ گئی۔ وہ اپنے ڈیڑھ سالہ بیٹے کو اپنی گود میں لیے ہوئے تھی۔ میں بچے کو اس کی گود سے لے کر پیار کرنے لگی تو غزالہ نے کہا۔ "آپ کو بچے اچھے لگتے ہیں؟"

"صرف دوسروں کے۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "اور وہ بھی صرف اُن کے جن سے کوئی گہرا لگاؤ ہو۔ تمھارا دوسرا بچہ کہاں ہے؟"

"وہ بچہ نہیں بچی ہے۔ صبح اسکول بس آکر اسے لے جاتی ہے اور ڈیڑھ بجے تک واپس چھوڑ جاتی ہے۔"

"اور تمھارے شوہر نامدار؟"

"وہ دفتر گئے۔ ان کی واپسی شام کو ہوتی ہے۔"

"گھر میں کوئی ملازم نہیں ہے؟"

"بس ایک چوکیدار ہے جو دن میں گھر کا دھیان رکھتا ہے۔ مطلب یہ کہ جب تک میرے شوہر نامدار نہ آجائیں۔ باعث ہوتے ہوئے بڑا ڈر لگتا ہے عجیب خوفناک راہ ہیں ان ملازمین کی وجہ سے۔ بھلا کہ ملازم کی باعث گھر کا سارا کام مجھے خود ہی کرنا پڑتا ہے۔"

"تم کھانا واقعی مزے کا پکانے لگی ہو۔" میں نے ترکاری کا نوالہ لیتے ہوئے کہا۔

غرض کہ ایسی ہی اِدھر اُدھر کی باتوں میں ہم نے بھی پی لی اور پھر غزالہ مجھے لے کر ڈرائنگ روم میں موجود تھا۔ میں نے رضوان کو رنگ کیا لیکن رانگ نمبر ہی رہی۔ رضوان شاید کھانا کھانے گیا تھا۔ میں نے کچھ کرنے کا فیصلہ کرکے ریسیور رکھ دیا۔ اس سے گفتگو امر تھا۔ اس سے بات کرکے مجھے اب تک کی صورتحال تھی اور کچھ پروگرام طے کرنا تھے۔

وقت گزاری کے لیے میں نے غزالہ سے اس کے بارے میں باتیں شروع کردیں اور غزالہ نے اپنا کچھ تعارف بیان کرنا شروع کیے کہ وقت کا پتا ہی نہیں کا سلسلہ اس وقت ٹوٹا جب باہر کسی گاڑی کے ہ دی۔ انجن کی آواز سے پتا چل رہا تھا کہ وہ دین اس آواز کو سنتے ہی غزالہ جلدی سے اٹھی اور کی طرف لپکی۔ "یہ شانو آگئی۔"

اس کی لڑکی کا نام شاہینہ تھا جسے وہ پیار نوالہ دروازہ کھول کر باہر گئی تو میں ریسیور نمبر ڈائل کرنے لگی۔ دوسری طرف گھنٹی بجی میں بے کا انتظار کرتی رہی لیکن دوسری طرف بس گھنٹی بجتی رہی۔ ابھی تک اپنے فلیٹ نہیں پہنچا تھا۔ میں نے سوچا کہ ملازمہ سے استفسار کروں۔ ممکن ہے رضوان نے وہاں کوئی پیغام چھوڑا ہو۔

میں ابھی اپنے اس خیال کو عملی جامہ نہیں غزالہ ایک پیاری سی بچی کو لیے ہوئے ڈرائنگ ر نے اس کی انگلی پکڑ رکھی تھی۔

"نانو! یہ ہے میری بچی!" غزالہ نے کہا۔ "

نانو! یہ ہے میرا خزانہ!

پتہ نہیں زندہ رہنے کی کہاں کے جذبات کتنے عجیب

میں نے پہچان لیا ہے۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "ابھی چھ پہلے ہی تو اسے دیکھا تھا، جب تم الفی پر شاپنگ

ہاں! وہ تو مجھے یاد ہی نہیں رہا۔"

نانو! انھیں سلام کرو!" غزالہ نے اپنی بچی سے کہا۔ "قریب

السلام علیکم!"

قریب آئی اور میں نے اسے اٹھا کر اپنی گود میں بٹھا لیا۔ محبت سے مسکرا رہی تھی میں نے اسے اور پھر غزالہ سے بولی "یہ بڑی پیاری بچی ہے۔ حت میرے ٹ کر رہ گئے۔

رکی پشت پر دروازہ اندر سے بند کیے خان آف کالا گوٹ ں کے ہاتھ میں دبے ہوئے ریوالور کی نال ظاہر ہے کہ ان اٹھی ہوئی نہیں ہوگی۔

نے میری بدلتی ہوئی کیفیت کو محسوس کیا اور یہ بھی سمجھ اس کے عقب میں دیکھ رہی ہوں۔ اس نے جلدی سے دیکھا اور پھر اس کے مُنہ سے ایک مدھم سی چیخ نکل گئی۔

نانو!" خان آف کالا گوٹ غرایا۔ اس نے غزالہ کی طرف نہیں دی تھی، تم نے دیکھ لیا کہ تم کہیں بھی مجھ سے چھپ سکتیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ میں بڑی مشکل تک پہنچ سکا ہوں۔ یہاں پولیس بھی آسکتی تھی لیکن میں لیے آیا ہوں کہ تم سے اپنے آدمیوں کے بارے میں پوچھ چکیدار جامد و صابری کہاں ہیں؟"

مجھے کیا معلوم!" میں اس کے سوال پر متحیر تھی۔

راکاری سے کام نہیں چلے گا نانو!" خان آف کالا گوٹ لہجے میں کہا۔ "میں اپنے آدمیوں کو اتنی آسانی سے صبر سکتا۔ تم نے آج صبح پانچ بجے ان دونوں کو اُن کے سے اٹھوا کیا ہے۔"

میں خان کے ریوالور سے قطعاً خوفزدہ نہیں تھی لیکن وہ الزام لگا رہا تھا، میں اس پر حیران ضرور تھی۔

دوسری طرف غزالہ کا حال بہت خراب تھا۔ وہ ایک صوفے طرح ڈھیر ہوگئی تھی جیسے اس میں کھڑے ہونے کی سکت ہی نہ ہو۔ اس کا چہرہ خوف سے سفید پڑ گیا تھا۔

"جواب دو نانو!" خان آف کالا گوٹ پھر غرایا۔ "میرے دونوں آدمی کہاں ہیں؟"

"میرا خیال ہے کہ تم کسی غلط فہمی کا شکار ہوگئے ہو۔" میں نے آہستہ سے کہا۔

"میں یقین کے بغیر کوئی بات زبان پر نہیں لاتا۔" خان کا موڈ بہت خراب معلوم ہو رہا تھا۔ "میرے پاس اتنا وقت بھی نہیں ہے کہ میں اس سلسلے میں تم سے بحث کروں۔ میرا فیصلہ ہے کہ اگر تم نے میری بات کا ٹھیک ٹھیک جواب نہیں دیا تو میں صرف تمھیں اس گھر سے نکال لے جاؤں گا اور اس کے فوراً بعد میرے آدمی اس گھر پر گرینیڈ کی بارش کردیں گے۔ یہ مکان ملبے کا ڈھیر بن جائے گا۔ یہ عورت..." اس نے غزالہ کی طرف اشارہ کیا۔ "اور اس کے دونوں بچے اس ملبے میں دب جائیں گے۔"

"نہیں۔" غزالہ کی آواز کانپ گئی۔

خان نے اس کی طرف توجہ نہیں دی، بدستور مجھے گھورتا ہوا بولا۔ "اگر تمھیں اس عورت اور اس کے بچوں سے ذرا بھی ہمدردی ہے تو مجھے بتا دو کہ میرے دونوں آدمی کہاں ہیں؟"

یہ صورتِ حال ایسی تھی کہ میں حیران کر رہ گئی۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ صابری اور ٹھیکیدار جامو کہاں غائب ہوگئے ہیں اور خان یہ کیوں سمجھ رہا ہے کہ انھیں میں نے اغوا کیا ہے؟

خان کا موڈ بھی بے حد خراب معلوم ہو رہا تھا اور اس کے تیور بتا رہے تھے کہ اس نے جو کچھ کہا ہے، اس پر عمل بھی کر گزرے گا۔ میں خود تو خیر رحیم کی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے تیار ہو رہی تھی لیکن یہ سنگین موقع ایسا تھا کہ غزالہ اور اس کے معصوم بچوں کی جان پر بنی تھی۔ میں اس موقع پر اپنی زندگی تو داؤ پر لگا سکتی تھی مگر ان معصوم زندگیوں سے کھیل جانا میرے بس کی بات نہیں تھی۔ انھیں بچانے کی خاطر میں خان کو اس کے دونوں آدمیوں کے بارے میں بتا تو دیتی لیکن مشکل یہ تھی کہ مجھے خود بھی ان دونوں کے بارے میں کچھ نہیں معلوم تھا۔

غزالہ کے چہرے پر خوف کی زردی پھیل گئی تھی لیکن اس کے دونوں معصوم بچے اس بات سے بے خبر تھے کہ ان کی زندگیاں کتنے بڑے خطرے سے دوچار ہیں۔





خان آف کالاگوٹ کے گمشدہ آدمیوں کے بارے میں، میں سنجیدگی سے سوچنا چاہتی تھی کہ انھیں کون غائب کرسکتا ہے لیکن مجھے اتنی مہلت ہی حاصل نہیں تھی کہ میں اس پر غور کرسکتی۔ خان آف کالاگوٹ، بلائے بے درماں کی طرح مجھ پر چھا جانے کی کوشش کررہا تھا اور نتیجے میں میرے ذہن پر صرف یہ پریشانی مسلط تھی کہ میں ان خطرناک حالات میں غزالہ اور اس کے بچوں کے لیے کیا کرسکتی ہوں۔

خان آف کالاگوٹ نے اپنی گھڑی پر ایک اچٹتی سی نظر ڈالی اور بولا۔ "جواب دینے کے لیے تم کتنی مہلت چاہتی ہو؟"

"اگر تمھارے وہ دونوں آدمی غائب ہوگئے ہیں تو تم یہ کیوں سمجھ رہے ہو کہ انھیں میں نے غائب کیا ہے؟"

"یہ تمھاری ہنستمانہ کارروائی ہے۔" خان نے کہا۔ "میں نے تمھیں قانون کے جال میں پھنسوایا ہے لہٰذا تم نے یہ جوابی کارروائی کی ہے۔"

"تم غلط فہمی کا شکار ہوگئے ہو۔ مجھے تو اتنی مہلت ہی نہیں ملی۔"

"میرے پاس ضائع کرنے کے لیے بالکل وقت نہیں ہے۔" خان نے غرا کر میری بات کاٹ دی۔ "میں تمھیں ایک منٹ کی مہلت دیتا ہوں۔ اگر تم نے جواب دے دیا تو ٹھیک، ورنہ میں وہی کروں گا جو کہہ چکا ہوں۔ میں تمھیں اس مکان سے نکال کرلے جاؤں گا اور اس کے فوراً بعد یہ مکان گرینیڈز سے اڑا دیا جائے گا۔ ان تینوں افراد کی موت کی ذمے دار تم ہوگی۔" خان کا اشارہ غزالہ اور اس کے بچوں کی طرف تھا۔

"تم مجھے یہاں سے جبراً نہیں لے جاسکتے۔" میں نے بڑے سکون سے کہا۔ "تم زیادہ سے زیادہ یہ کرسکتے ہو کہ مجھے گولی مار دو لیکن میں اس کے لیے تیار ہوں۔ میری موت کے بعد ہی یہ ہوسکے گا کہ تم اس مکان کو ملبے کا ڈھیر بنا دو۔" پھر میں نے رک کر کہا۔ "لیکن میں یہ بھی جانتی ہوں کہ تم مجھے گولی نہیں مارو گے۔ فی الحال کچھ ایسا ہے کہ تم مجھے زندہ ہی دیکھنا چاہو گے۔"

"تم نے ٹھیک سمجھا۔" خان آف کالاگوٹ نے زہرخند کیا۔ "میں تمھیں گولی نہیں مار سکتا۔"

"لہٰذا تم مجھے یہاں سے لے جا بھی نہیں سکتے!"

"تمھارا یہ خیال بالکل غلط ہے جو میرے ساتھ چلنا ہوگا۔ اگر تم اس کے لیے آمادہ نہ ہوئیں تو میں تمھیں تو نہیں مگر ان تینوں کو تمھاری آنکھوں کے سامنے گولی مار سکتا ہوں۔"

میرے اعصاب کو ایک جھٹکا سا لگا۔ میں نے اس پہلو پر تیزی سے غور ہی نہیں کیا تھا!

غزالہ رُوم بخود بیٹھی ہوئی تھی۔ اب تک اس لفظ بھی نہیں نکالا تھا۔ وہ کبھی مجھے اور کبھی خان آف کالاگوٹ کو دیکھ رہی تھی۔ اس نے دونوں بچوں کو اپنی آغوش میں لے رکھا تھا جیسے انھیں دنیا کی تمام آفات سے بچا لینا چاہتی ہو۔

"خان!" میں دانت پر دانت جما کر بولی۔ "اگر تم یہ سمجھے ہو کہ تم مجھے ایک بڑے عذاب سے دوچار کرکے..."

"خدائی عذاب۔" خان نے تمسخرانہ انداز میں ٹوکا۔

"ہاں۔" میں نے بڑے یقین سے کہا۔ "یہ سب کچھ ہوتا ہے لیکن اس کے ظاہری وسائل کچھ اور ہوتے ہیں۔ تمھیں سے دوچار ہونا پڑے گا۔ اس کا وسیلہ میں بنوں گی۔ میرے ہاتھوں سے اسی دنیا میں نارِ جہنم کا کندہ بننا پڑے گا۔"

"تو چلو میں ایسا نہیں کروں گا۔" خان چیخا۔ "میں نہ تو تمھیں گولی ماروں گا، نہ ان تینوں کو۔ لیکن تم کو ضرور لے جاؤں گا۔"

"تو لے چلو!" میں نے بظاہر بڑے سکون سے کہا لیکن میں بے سکونی کا شکار تھی۔ میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اس اعتماد کے ساتھ مجھے یہاں سے لے جانے کا دعویٰ کیسے کرسکتا ہے۔ اس کے ذہن میں کیا تدبیر ہے؟ کیا وہ اپنے آدمیوں کو بلا کر مجھے جبراً اٹھا لے جانے کی کوشش کرے گا؟

"میں تمھیں سوچنے کے لیے آخری دس سیکنڈ دیتا ہوں۔" خان نے ریسٹ واچ پر نظر ڈالی۔ اس نے اپنے جملے کو بالکل سیدھا کردیا تھا۔

اب مجھے پھر الجھن درپیش تھی۔ خان نے کہا تھا کہ وہ مارے گا لیکن ریوالور کو سیدھا کرنے کا انداز بتا رہا تھا کہ ارادہ کررہا ہے۔

"پانچ سیکنڈ گزر چکے ہیں۔" خان بولا۔

اس وقت غزالہ نے پہلی مرتبہ زبان کھولی۔ اس کی آواز کانپ رہی تھی۔ اس نے کہا۔ "بانو آپ... آپ چلی جائیے!"

میں نے اس کی طرف نہیں دیکھا۔ موقع ایسا آگیا تھا جس میں خطرناک ترین قدم اٹھانے کا فیصلہ کرچکی تھی اور وہ اس دسواں سیکنڈ ختم ہونے سے پہلے، خان پر جھپٹ پڑا۔ اس کا نتیجہ کچھ بھی نکلے!

"آٹھ سیکنڈ۔" خان بولا۔

مارنے میں مزید تاخیر کی گنجائش نہیں تھی لیکن اس سے پہلے قدم اٹھاتی، میں نے خان کے عقب میں دروازے پر وہ باں مجھے ایک ایسی شکل نظر آئی کہ میں وہ سب بھول کے فیصلہ کرچکی تھی۔

خان نے کہا اور اس کے ساتھ ہی ٹریگر دبا دیا۔

بجلی سے چیخ نکلی اور ادھر مجھے یوں لگا جیسے کسی دیوار قطب شمالی کی انتہائی یخ بستہ ہوا کا جھونکا آکر میری

یا ہو۔

ریوالور کی نال سے گولی کی بجائے سرمئی رنگ کی ایک ض اور میری پیشانی سے ٹکرا گئی تھی۔

اس پیشانی پر ٹھنڈک کا جو احساس ہوا تھا، وہ برقی سرعت تمام جسم میں پھیلتا چلا گیا۔ میں ہاتھ پیر ہلانے اور سوچنے بھی نہیں رہ گئی۔ اس ٹھنڈک سے میرا دماغ بھی جیسے ماؤف ہو کر رہ گیا تھا۔ میری ٹانگوں میں اتنی جان بھی نہیں کہ کھڑی رہ سکتی۔ میں گر پڑی۔ میری آنکھیں اس وقت کھلی تھیں اور میں سب کچھ دیکھ رہی تھی لیکن دماغ شل ہونے کے باعث میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ میں کیا دیکھ رہی ہوں۔ کان آوازیں بھی سن رہے تھے لیکن میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا باتیں ہو رہی تھیں۔ یہ میرے لیے ایک عجیب تجربہ تھا۔ وہ بیہوشی نہیں تھی لیکن بیہوشی کی بات میں تضاد سہی لیکن میں اپنی اس کیفیت کو صحیح الفاظ نہیں لکھ سکتی۔ میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں جن کو اس کیفیت کا احساس دلا سکیں۔

"وہ حال کب تک رہا؟ اس کا اندازہ بھی مجھے اس وقت ہوا جب میری وہ کیفیت ختم ہوئی۔ اس وقت میں ایک کرام دہ جگہ میں تھی لیکن خوابگاہ کی فضا ہرگز آرام دہ نہیں تھی۔ شدید گرمی تھا۔ میرا جسم پسینے پسینے ہو رہا تھا۔

رضوان کو میں نے اپنے قریب ہی بیٹھے ہوئے دیکھا۔ اس کی کیفیت میں تبدیلی محسوس کی تو فوراً پوچھا۔ "اب آپ کیسا محسوس کررہی ہیں؟"

"بالکل ٹھیک ہوں۔" میں نے بیٹھتے ہوئے کہا۔ "لیکن یہ کیا کوئی گوشۂ جہنم؟"

"آپ کو جلد از جلد معمول پر لانے کے لیے اس کمرے کو ہیٹڈ کیا گیا ہے۔" رضوان نے جواب دیا۔ "میری حالت بھی تو دیکھیے!"

پسینے کے باعث رضوان کی قمیص بھی اس کے جسم سے چپکی ہوئی تھی اور چہرہ بھی پسینے میں ڈوبا ہوا تھا۔ وہ کرسی سے اٹھتا ہوا بولا۔ "آئیے! اس کمرے سے نکل چلیے! ادھر ہیں آپ کے سینڈل۔"

میں بستر سے اتری اور سینڈل پہن کر رضوان کے ساتھ اس کمرے سے نکل آئی۔ یہ عمارت میرے لیے قطعی اجنبی تھی۔ اگرچہ میں نے کبھی ایک بار بھی یہاں قدم رکھا ہوتا تو میں اسے نہ بھولتی۔

اس جہنمی کمرے سے نکل کر مجھے سکون کا احساس ہوا۔ رضوان مجھے ایک بڑے کمرے میں لے گیا جو ڈرائنگ رُوم کی طرز پر سجا ہوا تھا۔

"رضیہ کہاں ہے؟" میں نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے پوچھا۔

وہ رضیہ ہی تھی جسے خان آف کالاگوٹ کے عقب میں دیکھ کر میں حیران رہ گئی تھی اور خان کے اس عجیب و غریب ریوالور سے نکلی ہوئی سرد لہر نے مجھے شل کرکے رکھ دیا تھا۔

"وہ آدھے گھنٹے کے اندر اندر یہاں پہنچ جائے گی۔" رضوان نے کہا اور ایک کارنس پر رکھا ہوا ٹیلیفون اٹھا کر کسی کے نمبر ڈائل کرنے لگا۔ میری نظر اس پر جمی ہوئی تھی۔ میں نے اسے کہتے سنا۔ "ہلو رضیہ!... ہاں... بانو کی حالت بالکل ٹھیک ہوگئی ہے۔" پھر وہ چند لمحے تک دوسری طرف سے کی جانے والی بات سنتا رہا۔ آخر میں اس نے "اچھا" کہہ کر ریسیور رکھ دیا اور میری طرف مڑ کر مسکرایا۔

"یہ ایک عجیب و غریب اتفاق ہے۔" میں نے ٹھنڈا سانس لیا۔

"کون سا اتفاق؟"

"یہ دوسرا موقع ہے جب رضیہ برازیل سے یہاں اس وقت آئی ہے جب میں ایک مصیبت میں گرفتار تھی۔" میں نے کہا اور پھر بولی۔ "اس وقت وہ کہاں ہے؟"

"اب تو اس نے... میرا مطلب ہے، میرا فون ملنے کے بعد اس نے خان آف کالاگوٹ کو چھوڑ دیا ہوگا لیکن اس سے پہلے وہ خان کے سر پر مسلط رہی ہوگی۔ خان نے بتایا تھا کہ اگر آپ کو گرم فضا میں رکھا جائے تو آپ آدھے گھنٹے کے اندر اندر معمول پر آجائیں گی ورنہ ڈھائی تین گھنٹے بھی لگ سکتے ہیں لہٰذا میں آپ کو لے کر یہاں آگیا تھا۔ آخر آپ اس وقت کیا محسوس کررہی تھیں؟ آپ کو بیہوش تو نہیں کہا جاسکتا لیکن آپ کا جسم بالکل بے حس و حرکت ہوگیا تھا۔"

"نہ صرف جسم بلکہ میری حسیات بھی منجمد ہو رہی تھیں۔ میرے دماغ نے بھی کام کرنا چھوڑ دیا تھا۔ وہ کوئی جدید ترین ہیلر

ہے جو خان آف کالاگوٹ نے مجھ پر استعمال کیا اور اسی یار کی وجہ سے اب میں یہ سوچنے پر مجبور ہو گئی ہوں کہ خان کے پس پشت کوئی غیر ملکی طاقت کام کر رہی ہے۔ ہمارے ملک کی ٹیکنالوجی تو ابھی اتنی آگے نہیں بڑھی کہ اس قسم کی کوئی دریافت کر سکے۔" میں نے جواب دیا اور پھر دفعتہً مجھے ایک بات یاد آئی۔ میں نے کہا۔ "غزالہ کے گھر کے باہر خان کے آدمی بھی موجود تھے؟"

"ہاں۔" رضوان نے سر ہلا کر کہا۔ "انھیں رضیہ کے آدمیوں نے قابو میں کر لیا تھا۔"

"اوہ! کیا رضیہ اکیلی نہیں ہے؟"

"نہیں۔" رضوان نے جواب دیا۔ "کئی براز سیکیورٹی اس کے ساتھ آئے ہیں مجھے تو وہ ریڈ انڈین معلوم ہوتے ہیں۔"

"وہ کراچی کب پہنچی؟"

"کل جب میں آپ کو غزالہ کے گھر پہنچا کر اپنے فلیٹ پہنچا تو مجھے اس کی ٹیلیفون کال ملی۔ وہ مجھ سے آپ کے بارے میں دریافت کر رہی تھی۔ مجھے سخت غصہ آیا۔ کتنی بیہودہ بات ہے کہ محبوبہ اتنے دن لاپتہ رہے اور محبوب کے بارے میں بات کرنے کی بجائے محبوب کی ہونے والی سالی کا ذکر لے بیٹھے۔ بہرحال میں نے ضبط سے کام لیا اور اس سے کہا کہ وہ میرے فلیٹ پہنچ جائے تو تفصیل سے بات ہو چنانچہ وہ فوراً میرے فلیٹ پہنچ گئی۔ طویل جدائی کے بعد ہمیں اس ملاقات میں ایک ڈوئٹ گانے کے موڈ میں تھا لیکن ہیہات! خدا ایسی محبوبہ دشمن کو بھی نہ دے۔ وہ آپ کے علاوہ کوئی بات کرنے کے موڈ میں نہیں تھی۔ مجھے بتانا ہی پڑا کہ آپ کہاں ہیں۔ اس کے بعد مجھے سارا پس منظر بھی بیان کرنا پڑا۔ سب کچھ سننے کے بعد وہ دانت پیس کر بولی، میں اس خان کے بچے کو تگنی کا ناچ نچا دوں گی۔"

"چنانچہ اس نے سب سے پہلے ٹھیکیدار جامو اور صابری پر چھاپا مارا؟"

"ہاں، مگر آپ کو کیسے معلوم؟" رضوان نے حیرت سے کہا۔

"خان آف کالاگوٹ مجھ سے انہی کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ انھیں میں نے غائب کروایا ہے۔" میں نے بتایا اور پھر پوچھا۔ "یہ عمارت کس کی ہے؟"

"میرے ایک دوست کی ہے جو سیاحت کا بہت شوقین ہے اور جب بھی سیاحت پر روانہ ہوتا ہے تو اپنے گھر کی چابی مجھے ہی دے جاتا ہے۔ دو ماہ سے یہ چابی میرے پاس پڑی ہوئی تھی۔ اب رضیہ آئی تو اس کی رہائش کے لیے میں نے اسی جگہ کو انسب جانا۔ موجودہ حالات میں اس کا آپ کے گھر میں رہنا مناسب نہیں تھا۔"

"وہ سب تو ٹھیک ہے لیکن تم نے مجھے فوری طور پر باخبر کیوں نہیں کیا؟"

"یہ آپ اپنی لاڈلی ہی سے پوچھیے گا۔" رضوان نے بہانا بناتے ہوئے کہا۔ "انھوں نے ہی منع کیا تھا۔ ڈرامائی موقع ہی پر باجی کے سامنے جانا چاہتی تھیں۔"

"اچھا۔" میں ہنس پڑی۔ "اس کا بچپن ہے۔"

"جی ہاں۔" رضوان منہ بنا کر بولا۔ "وہ اب بھی ویسی ہی ہیں۔ باقی گل پیرزے ایکسٹینشن ہیں۔"

"فضول گوئی سے اجتناب کرنا سیکھو۔ ہاں تو ٹھیکیدار جامو کہاں ہیں؟"

"اسی عمارت کے ایک کمرے میں قید ہیں۔"

"ان سے کچھ معلومات بھی حاصل کیں؟"

"کچھ خاص تو نہیں۔"

"عام ہی بتاؤ!"

"ٹھیکیدار جامو نے اس بات کا اعتراف کیا ہے، اس کے ٹرکوں کی نقل و حرکت بڑی پُراسرار ہوتی ہے کہ خود اسے بھی نہیں معلوم ہوتا کہ اس کے ٹرکوں میں کیا پہنچایا جانے والا مال کس قسم کا ہے۔ اسے صابری ملاکرتی ہیں کہ فلاں جگہ سے لکڑی کے اتنے بکس اٹھا فلاں جگہ پہنچانا ہیں۔"

"یہ بات اس نے صابری کے سامنے بتائی تھی!"

"نہیں۔" رضوان نے جواب دیا۔ "ہم نے انھیں ایک سے الگ رکھ کر یہ چھپ چھپ کی تھی۔"

"گڈ!"

"پھر جب صابری سے پوچھ گچھ کی گئی تو اس نے بھی کیا کہ وہ ٹھیکیدار جامو سے کام لیا کرتا تھا۔ پھر جب میں نے صابری سے کہا کہ وہ اسمگلنگ کرتا ہے تو اس نے بھی کر لیا کہ اس کی لانچیں چلتی ہیں۔ اس نے یہ بھی بتایا ہے وہ خود اسمگلنگ نہیں کر رہا ہے بلکہ اس نے اپنی لانچیں اسمگلر گروہ کے پردے رکھی ہیں۔"

"وہ بڑا اسمگلر کون ہے؟"

"یہ صابری بھی نہیں جانتا۔ کم از کم اس کا کہنا ہے کہ فون پر ہدایات ملتی ہیں کہ فلاں وقت پر اتنی لانچیں

اپنے آدمیوں کو دے دیتا ہے۔ پھر جب فیتی ہیں تو کچھ نامعلوم افراد لکڑی کے بڑے بکس لانچوں پر بار کر دیتے ہیں۔ لانچیں وہ بکس ساحل پر اتار دیتی ہیں۔ اس وقت صابری کو یہ تمام بکس ساحل سے اٹھوا کر فلاں جگہ پہنچا اس کام کے لیے صابری، ٹھیکیدار جامو سے کام

"کے پاس کوئی جہاز بھی ہے؟" یہ سوال کرتے ہی وہ کمرہ تھا جہاں میں ایک رات قید رہی تھی پتا چلتا تھا کہ میں کسی جہاز میں رہی تھی۔

"اس کے بارے میں کچھ نہیں بتایا لیکن میرا خیال جہاز کا مالک نہیں ہو سکتا۔ خفیہ طور پر لانچیں ہے اور ایک بحری جہاز کا مالک ہونا دوسری بات! حکومت کی نظر میں فوراً آجاتی۔"

"کی ان باتوں کے جواب میں فوری طور پر کچھ نہیں پھر وہ جہاز خان آف کالاگوٹ ہی کا ہو سکتا ے میں معلومات حاصل کرنا پڑیں گی۔

نے میں صابری نے کیا بتایا؟"

"میں ٹھیکیدار جامو کا بیان ہے کہ وہ محض ایک ی ہلاکت کسی سازش کا نتیجہ نہیں تھی اور ٹھیکیدار ائیور کی جان بچانے کے لیے مجھے میں شامل ی تھیں۔"

"ن وقت پر وہاں کیسے پہنچ گیا؟"

"ں ٹرک میں موجود تھا جس سے شکیل کی کار ٹکرائی وہ ٹرک سمیت واپس آیا تھا اور واپس آنے لگا غلط گواہیاں تیار کر سکے۔"

"ہاں درست ہی ثابت ہوا۔"

"ں؟"

"ہلاکت میں چنگیزی کا ہاتھ نہیں ہے۔"

"ر جامو کے بیان سے تو اس خیال کی تصدیق ہی نے کہا۔" لیکن کیا ان دونوں کے بیان کے ایک ہا سکتا ہے؟"

"ے معاملے میں مجھے ٹھیکیدار جامو کا بیان ہم ہوتا ہے لیکن باقی باتوں میں کوئی گڑبڑ ہو سکتی

ہے۔ اس کے بارے میں چھان پھٹک کرنا پڑے گی۔"

دفعتہً لیڈیز سینڈل کی کھٹ کھٹ سنائی دی اور رضوان بول پڑا۔ "لیجیے! آپ کی لاڈلی آگئیں!"

اسی وقت دروازہ کھلا اور رضیہ اندر آئی۔

"باجی!" وہ جذباتی انداز میں تقریباً چیختی ہوئی میری طرف آئی اور قریب آکر میرے گلے میں جھول گئی۔

میں نے اس کی پیشانی چومی اور پیٹھ تھپکنے لگی۔

رضوان ٹھنڈا سانس لے کر بولا۔ "کاش کوئی اس طرح ہمارے گلے میں بھی جھول سکتا۔"

میں نے اس کی "بکواس" کی طرف دھیان نہیں دیا اور کچھ دیر تک رضیہ سے صرف ایسی باتیں کرتی رہی جن کا موجودہ معاملات سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ اس دوران میں رضوان منہ بنائے بیٹھا رہا۔

کچھ دیر بعد میں اصل معاملے کی طرف آئی اور میں نے اس سے پوچھا۔ "کیا تمھیں میرا ٹیلیگرام مل گیا تھا؟"

"جی ہاں۔" رضیہ نے جواب دیا۔ "اسی لیے تو میں اپنے ساتھ کئی آدمی بھی لے کر آئی ہوں۔"

"حضرت داغ کی خاطر!" میں نے مسکرا کر رضوان کی طرف اشارہ کیا۔

"جی ہاں۔ آپ کے ٹیلیگرام سے کچھ ایسا اندازہ ہوا تھا جیسے کسی نے ان کو گیارھویں آسمان پر اٹھا پٹخا دیا ہے۔" رضیہ نے حرارت آمیز نگاہ سے رضوان کی طرف دیکھا۔

"آپ کی نگاہ سے!" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔ "میں گیارھویں آسمان پر اٹھایا تحت الثریٰ کی گیارھویں پرت میں، آپ تو بس برازیل کی پہاڑیوں پر کودتی پھر رہے۔"

"اعتراض کودنے پر ہے یا برازیل پر!" رضیہ ہنس کر بولی۔

"اعتراض اس تیسری بات پر ہے۔"

"یعنی؟"

"تم نے ان پہاڑیوں پر کودتے ہوئے وہ گانا نہیں گایا ہو گا کہ آئے موسم رنگیلے سہانے، تو جھٹی لے کر آجا بالما!"

"میں یہ کیسے گا سکتی تھی؟ وہاں کا موسم ہرگز سہانا یا رنگیلا نہیں تھا۔"

اُن دونوں میں چونچیں لڑنے کا یہ سلسلہ دراز بھی ہو سکتا تھا مگر اسی وقت فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ رضیہ نے جلدی سے ریسیور اٹھا لیا اور ماؤتھ پیس میں بولی۔ "ہیلو!... ہاں

میں ہی بول رہی ہوں.... گڈ! تم نے ایک عاقبت اندیشانہ فیصلہ کیا ہے خان!"

میں غور سے رضیہ کی طرف دیکھتی رہی۔ میرے اندازے کے مطابق وہ خان آف کالاگوٹ سے گفتگو کر رہی تھی۔ ذرا دیر بعد اس نے گفتگو ختم کی اور مسکراتی ہوئی میری طرف مڑی۔

"سودا طے ہوگیا باجی!" وہ بولی۔

"کیسا سودا؟"

"وہ کفیل رضا اور مشتاق چنگیزی کے ماموں کو ہمارے حوالے کر دے گا جس کے بدلے میں ہم اس کے دونوں آدمیوں کو چھوڑ دیں گے۔"

"یعنی کھٹیکیدار جاموا اور صابری کو؟"

"ہاں۔"

"کیا اُن سے مزید پوچھ گچھ نہیں ہوسکتی؟"

"اُن سے جو کچھ معلوم ہوسکا ہے، وہ آپ کو رضوان نے بتا دیا ہوگا!"

"ہاں وہ تو بتا دیا لیکن میرا خیال ہے کہ انھوں نے کچھ باتیں ضرور چھپا لی ہوں گی۔"

"اگر ایسا ہے تو پھر تشدد ہی کے ذریعے اُن کو مزید بولنے پر آمادہ کیا جاسکتا ہے لیکن میں خان آف کالاگوٹ سے وعدہ کر چکی ہوں کہ اگر وہ ہمارے مطلوبہ آدمیوں کو چھوڑ دے تو اس کے آدمیوں پر بالکل تشدد نہیں کیا جائے گا۔"

"اگر تم وعدہ کر چکی ہو تو پھر ٹھیک ہے۔ میں اب خان سے نمٹنے کے لیے دوسرا انداز اختیار کروں گی۔"

"لیکن اب اس سے الجھنے کی ضرورت ہی کیا ہے باجی! کفیل رضا اور مشتاق چنگیزی کے ماموں کے بعد وہ مسئلہ تو ختم ہو ہی جائے گا جس سے آپ کو دلچسپی ہے۔"

"ہاں۔" میں نے کھوئے کھوئے سے انداز میں کہا۔ "سنگیتا کا مسئلہ تو نمٹ ہی جائے گا۔"

"تو پھر اب کیا باقی رہا؟"

"میں اس موضوع پر پھر بات کروں گی۔ فی الحال تم یہ بتاؤ کہ خان سے آدمیوں کے تبادلے کا عمل کس طرح ہوگا؟"

"میرے دو آدمی، کرائے کی ایک وین لیے ہوئے صدر میں کیفے جارج کے سامنے کھڑے ہیں۔ خان کا کوئی آدمی انھیں وہاں اپنے ساتھ لے جائے گا اور کسی جگہ سے ہمارے مطلوبہ آدمیوں کو اس وین میں منتقل کر انھیں لے کر جب یہاں پہنچ جائے گی تو ہم آدمیوں کو آزاد کر دیں گے۔"

"ہوں۔" میں سوچ میں پڑ گئی۔

خان آف کالاگوٹ کو اس مرحلے پر کسی قسم کی چال چلنے کا موقع نہیں دینا چاہتی تھی کیونکہ میرے اندازے کے مطابق وہ کسی نہ کسی چال کے بارے میں سوچ رہا ہوگا۔ اپنے آدمیوں کو پانے کے بعد خلاف ضرور کوئی خوفناک قدم اٹھانے کے لیے تیار رہنا چاہتی تھی۔ مجھے اندازہ تھا کہ خان آف کالاگوٹ اپنے لیے ایک خطرناک ترین مدِ مقابل ثابت ہوا ہے۔ ایک بار سوخ شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ وہ کافی بھی پرورده تھا۔ یہ بات میرے ذہن میں اس کی وجہ سے آئی تھی جس کا عمل ایک غیر معمولی عمل تھا۔ گولی کی بجائے ایک سرد لہر امنڈتی ہوئی نشانے پر آنے والا شخص شل ہو کر رہ جاتا تھا۔ تجسس کی یہ لہر بھی میرے دماغ میں چکی تھی کہ خان آف کالاگوٹ کیا چیز ہاکستان ہے۔ مجھے شبہ تھا کہ وہ کوئی ایسی چیز ہرگز نہیں سے صرف مالی منفعت حاصل کی جاسکے۔ خان اس سا میرے کبیر شخص تھا کہ اسے کسی معمولی چیز کی کوئی دلچسپی نہیں ہوسکتی تھی۔

ان باتوں پر غور کرتے کرتے مجھے سنگیتا کا خیال آیا وہ میری گمشدگی سے خاصی پریشان ہوگئی ہوگی! ہی مجھے غزالہ بھی یاد آئی جس کے گھر میں وہ سارا ڈرامہ یقیناً اس کے اعصاب ابھی تک اس واقعے سے ما میں نے ضروری سمجھا کہ ٹیلیفون کر کے اسے مطمئن کر وہ زیادہ نہ گھبرائے۔ میں یہ بھی نہیں چاہتی تھی کہ وہ سے اس واقعے کا ذکر کرے۔ لوگوں سے تو کیا، میں شوہر کو بھی بے خبر رکھنا چاہتی تھی۔

میں نے رضیہ سے کچھ کہے بغیر ریسیور اٹھایا کے نمبر ڈائل کرنے لگی۔ رابطہ قائم ہونے پر جب سنائی دی تو میں نے محسوس کیا کہ وہ واقعی ابھی نہ نہ سوئی تھی۔ میں کوئی پانچ منٹ تک اسے سمجھاتی کہ اب وہ خود کو کسی خطرے میں محسوس نہ کرے۔ میں

اس واقعے کا ذکر اپنے شوہر سے بھی

لمبے کی سی رنگت کا ایک شخص کمرے میں منیہ کے ساتھ ہی میری اور رضوان کی توجہ بھی اف ہوگئی۔ نووارد نے رضیہ سے کہا۔ "ان دونوں کیا ہے۔" وہ جس زبان میں بولا تھا، اسے معمولی نہیں سمجھ سکتے تھے، لیکن میں اس زبان واقف بلکہ اتنی ہی روانی سے بول بھی سکتی تھی جتنی وارد بولا تھا۔

اس سے پوچھا۔ "ان دونوں کی ذہنی حالت

خاموش ہیں، راستے بھر کچھ نہیں بولے۔"

نے میری طرف دیکھا تو میں سر ہلا کر بولی۔ "یہ مت ہے۔ اس کا مطلب یہی ہوسکتا ہے کہ اب نہ معمول پر آرہے ہیں۔ ایک آدھ دن میں ان کے بالکل درست ہو جائیں گے۔"

ہے۔" رضیہ نے نووارد کی طرف متوجہ ہو کر کہا۔ اسی کمرے میں پہنچا دو جہاں ہمارے قیدی ہیں دین میں بیٹھا کر کسی علاقے میں لے جا کے چھوڑ دو۔"

نے موودبانہ انداز میں سر جھکایا اور پھر واپسی کے کی طرف مڑنا ہی چاہتا تھا کہ میں ہاتھ اٹھا کر بولی۔ میں پڑنے کی کیا ضرورت ہے۔ ان دونوں کو بس گھر سے نکال دو۔ انھیں جہاں جانا ہوگا، خود ہی چلے

طرح یہ عمارت بھی اُن کی نظر میں آجائے گی۔"

ایسے بھی خان آف کالاگوٹ کے علم میں آچکی ہوگی۔ کیا یہاں کا ٹیلیفون نمبر نہیں بتایا تھا؟"

ا ہوتا تو اس کی کال کیسے آتی؟ اوہ! آپ کا مطلب یہ معلوم کر لیا ہوگا کہ اس نمبر کا ٹیلیفون کس عمارت جا ہے۔"

منے کی بات ہے۔"

ٹھیک کہہ رہی ہیں باجی! میں نے اس طرف دھیان دیا تھا۔" رضیہ نے کہا اور پھر نووارد سے بولی۔ "جوناتھن! ان قیدیوں کو دھکے دے کر یہاں سے نکال دو!"

وہ نووارد جس کا نام جوناتھن تھا، موودبانہ انداز میں سر ہلا کر کمرے سے چلا گیا۔

اس دوران میں رضوان خاموش بیٹھا ہوا بُرے بُرے سے مُنہ بناتا رہا اور جوناتھن کے جاتے ہی رضیہ سے بولا۔ "تم جب بھی آتی ہو، ایسے جانوروں کو پکڑ لاتی ہو جن کی زبان میرے فرشتے بھی نہیں سمجھ سکتے۔"

"اسی لیے تو میں تمھیں اپنے ساتھ نہیں لے جاتی۔ میرے ساتھ رہو گے تو تمھیں متعدد اجنبی زبانوں سے دوچار ہونا پڑے گا۔"

"لیکن اس مرتبہ میں تمھارے ساتھ ہی جاؤں گا۔ میں یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ میری ہونے والی بیوی یوں تن تنہا ماری کھدیڑی پھرتی رہے۔"

"تم نے مُنہ دھو رکھا ہے!"

"الحمد للہ! کیوں!"

"تم نے یہ کیسے سمجھ لیا کہ میں تمھاری ہونے والی بیوی ہوں۔"

"ہر جوڑے کا نام خدا کے گھر میں لکھا ہوا ہے نادان لڑکی!" رضوان نے درویشانہ انداز میں کہا۔

"میرا خیال ہے کہ تم دونوں یہ بک بک ختم کر دو!" میں بول پڑی۔

"چلیے ختم کر دی۔" رضوان نے کہا۔ "اب فرمایئے!"

"کیا تم دونوں یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ اس شکست کے بعد خان آف کالاگوٹ پنجلا بیٹھ جائے گا!"

"باجی!" رضیہ بولی۔ "اگر اس کے آدمیوں نے اِدھر کا رُخ کیا تو میرے خادم ان کی تکا بوٹی کر ڈالیں گے۔"

"فی الحال وہ اپنے ذاتی مہرے سامنے نہیں لائے گا۔"

"پھر!" رضوان بولا۔

"تم بھول رہے ہو کہ پولیس اب بھی میری تلاش میں ہوگی۔ جیسے ہی ایس، پی، جعفر کو میرے بارے میں اطلاع ملے گی کہ میں اس عمارت میں موجود ہوں، وہ یہاں چڑھائی کر بیٹھے گا۔"

"اوہ! تو کیا اب آپ پھر یہاں سے بھاگنے کی فکر میں ہیں؟"

"نہیں۔" میں نے جواب دیا۔ "طاہر حبیب اور کفیل رضا

کے دستیاب ہونے کے بعد مجھے اب کہیں بھاگنے کی ضرورت نہیں لیکن ایس، پی جعفری بدتمیزیوں سے نمٹنے کے لیے تو کچھ کرنا ہی پڑے گا۔"

"یعنی؟" رضیہ نے پوچھا۔

"میں ایک اہم شخصیت کو یہاں بلا لیتی ہوں۔ اس شخصیت کی موجودگی میں پولیس کا بڑے سے بڑا افسر بھی کوئی بدتمیزی نہیں کر سکے گا۔"

"وہ شخصیت....."

میں رضوان کی بات پوری ہونے سے پہلے بول پڑی۔ "میرا اشارہ جسٹس بشیر احمد کی طرف ہے۔"

"اوہ!" رضوان کے منہ سے نکلا۔ "کیا جسٹس بشیر سے آپ کے مراسم ہیں؟"

"جسٹس بشیر کی مرحوم بیوی میری بہت اچھی دوست تھی اور اسی کی وجہ سے جسٹس بشیر مجھے جانتے ہیں۔ انھیں اس وقت اپنے گھر پر ہی ہونا چاہیے۔ میں نے سنا ہے کہ رعنا کی موت کے بعد وہ بہت ہی گوشہ نشین قسم کے آدمی ہو گئے ہیں۔"

"رعنا کون؟" رضیہ نے پوچھا۔

"ان کی مرحوم بیوی۔" میں نے جواب دیا۔ رضیہ ٹیلیفون کے قریب بیٹھی ہوئی تھی۔ میں نے اس سے کہا۔ "ذرا ڈائل کرو۔"

"نمبر بتائیے!" رضیہ نے ریسیور اٹھاتے ہوئے پوچھا۔

میں نے اسے نمبر بتایا اور وہ ڈائل کرنے لگی۔ اسی وقت جوناتھن نے آکر اطلاع دی کہ دونوں قیدیوں کو گھر سے نکال دیا گیا ہے۔

"ٹھیک ہے۔" رضیہ نے اس سے کہا۔ "تم جاؤ اور پوری طرح چوکس رہو۔"

جوناتھن چلا گیا اور رضیہ ماؤتھ پیس میں بولی۔ "ہیلو!... کیا جسٹس صاحب گھر پر تشریف رکھتے ہیں؟... ان سے محترمہ صبیحہ بانو کو بات کرنا ہے۔ میں ان کی سیکریٹری بول رہی ہوں۔" پھر وہ ماؤتھ پیس پر ہاتھ رکھ کر مجھ سے بولی۔ "ہولڈ آن رکھنے کے لیے کہا گیا ہے۔"

"ریسیور مجھے دے دو!" میں نے ہاتھ بڑھایا۔

رضیہ نے ریسیور مجھے دے دیا اور میں اسے کان سے لگا کر انتظار کرنے لگی۔ ذرا دیر بعد دوسری طرف سے ایک بارعب آواز سنائی دی۔ "ہیلو! البشیر اسپیکنگ۔"

"جناب والا! میں صبیحہ بانو بول رہی ہوں۔"

"اوہ! بانو! میں آپ کی آواز بھی آج اور ملاقات ہوئے تو اس سے بھی زیادہ..."

"جی ہاں، دراصل میں نے کچھ عرصہ تو یہاں رہی تو کسی بڑی پریشانی میں مبتلا ہیں، سے دوچار ہیں اور اسی سلسلے میں آپ کی مدد..."

"یعنی؟ ایسی کیا الجھن پیش آگئی؟"

"گستاخی ہوگی اگر میں یہ کہوں کہ میں آپ بلکہ آپ کو میرے پاس آنا ہوگا۔"

"وہ تو کوئی ایسی خاص بات نہیں ہے لیکن"

"جب آپ آجائیں گے تو آپ کو تفصیل سے صاحب کو آپ کے پاس بھیج رہی ہوں۔ ان کا نام ان کے ساتھ آجائیں۔ کیا آپ فوراً آسکتے ہیں؟"

"میں آسکتا ہوں لیکن اشارتاً تو بتائیں کہ ما

"یہ ایک قانونی مسئلہ ہے جسے میں آپ کے سامنے ہوں۔ شاید آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ پولیس کے لیے میری تلاش میں ہے۔"

"ارے! وہ کیوں! اچھا خیر، میں آیا جاتا ہوں اس آدمی کو کیوں بھیج رہی ہیں؟ میں خود آجاؤں گا۔"

"وہ آدمی آپ کی رہنمائی کے لیے ہوگا جناب والا! اپنے گھر پر نہیں ہوں۔ اگر وہاں ہوتی تو گرفتار ہو چکی ہوتی۔ یہ بڑا سنگین معاملہ معلوم ہوتا ہے۔ آپ ان سے بھیجیں میں تیار رہوں گا۔"

"شکریہ جناب والا!"

گفتگو ختم کر کے میں نے ریسیور رکھا اور رضوان سے "میں تیار ہا ہوں جناب والا۔ والی!" رضوان منہ بنا ہوگیا۔

"جسٹس صاحب کا پتا میں تمھیں سمجھائے دیتی ہوں۔"

"اس کی زحمت بھی نہ کیجیے! مجھے علم ہے۔" رضوان نے "آپ صرف یہ بتائیے کہ میں ان کے لیے گاڑی لے کر جاؤں کار میں آئیں گے؟"

"وہ اپنی ہی کار میں آئیں تو بہتر ہے۔ تم ٹیکسی لے کر جا رضوان روانہ ہوگیا تو میں رضیہ سے بولی۔ "اب میں ذرا

جانا چاہتی ہوں۔"

"اور کفیل رضا کو؟"

اس کمرے میں لے گئی جہاں ان دونوں کو رکھا گیا دوسرے سے کچھ فاصلے پر بیٹھے ہوئے تھے اور ان میں مترشح تھی۔ دروازہ کھلنے کی آواز سن کر انھوں نے لیکن اس طرح جیسے کوئی اجنبیوں کو دیکھتا ہے لیکن مجھے پہچانتا تھا لیکن اس کے چہرے پر بھی اجنبیت

ایک منٹ تک وہاں کھڑی ان کی طرف دیکھتی رہی کچھ بولیں لیکن ایسا نہیں ہوا۔ آخر میں نے رضیہ کیا اور پھر خود بھی مڑی لیکن پھر ہمیں دیکھ کر فوراً ہی مخاطب کر بیٹھا تھا۔

"جان!" وہ بولا تھا۔ "کیا آپ بتائیں گی کہ آپ لوگ کون ...میں کون ہوں؟"

ترحم آمیز نگاہ سے ان دونوں ہی کو دیکھا اور پھر ہونے کی ضرورت نہیں۔ دراصل ایک حادثے نے دماغوں پر اثر ڈالا ہے۔ ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ آپ ہو جائیں گے۔" یہ فقرہ میں نے اپنی طرف سے تحریر دیا اور آپ یہاں ہیں، آپ کو کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوگی۔ بیٹھے تھک گیا ہوں اور..."

ہاتھ دست ہو جائے گا۔" میں نے اس کی بات کاٹتے پھر رضیہ سے بولی۔ "یہاں دو بستر لگوا دو۔"

کمرے سے نکل کر رضیہ نے جوناتھن کو بستر لگوانے کی اور پھر ہم دونوں، ڈرائنگ روم میں جا بیٹھے۔

سچ سچ بتائیے باجی کہ آپ کا پروگرام کیا ہے؟" رضیہ نے کہا۔

فی الحال میں نے کوئی پروگرام مرتب نہیں کیا ہے رضو! میرے سر صرف اتنا ہی ہے کہ مجھے خان آف کالا گوٹ سے ہٹنا پڑے جانے کیوں ایسا محسوس ہونے لگا ہے جیسے یہ شخص ان کے لیے ایک موذی سانپ ہو۔ اس کا وہ عجیب و غریب میرے ذہن پر بہت بری طرح مسلط ہے۔"

میں اور رضیہ، خان آف کالا گوٹ کے بارے میں باتیں کرتے رہے۔ میں نے رضیہ کو بہت کچھ بتایا اور اس میں اتنا وقت گزر گیا کہ باہر ایک کار کے رکنے کی آواز سنائی دی۔

"میرا خیال ہے کہ جسٹس بشیر آگئے۔" میں کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "مجھے باہر جا کر ان کا استقبال کرنا چاہیے۔"

میرے ساتھ ہی رضیہ بھی باہر آئی۔ میرا اندازہ درست ثابت ہوا تھا۔ وہ جسٹس بشیر اور رضوان ہی تھے۔ رضوان شاید احتراماً ایک قدم پیچھے چل رہا تھا۔

میں نے برآمدے سے اتر کر جسٹس بشیر کا استقبال کیا۔ جسٹس بشیر کی نظر رضیہ پر پڑی تو وہ چونکا اور اس کا منہ حیرت سے کھل گیا۔ میری اور رضیہ کی مشابہت سے لوگ متحیر ہوتے ہی رہتے ہیں۔

"یہ میری چھوٹی بہن ہے جناب والا!" میں نے مسکرا کر کہا۔

"اس کا نام رضیہ ہے۔"

رضیہ نے جسٹس بشیر کو سلام کیا تو انھوں نے نہایت مشفقانہ انداز میں جواب دیا، پھر مجھ سے کہا۔ "پہلے کبھی ان کا ذکر بھی نہیں سنا!"

"بس ایسا کوئی اتفاق نہیں ہوا کہ ذکر آتا۔"

میں جسٹس بشیر کو ڈرائنگ روم میں لائی اور میں نے رضیہ سے کہا۔ "جسٹس صاحب کے لیے بلیک کافی بنواؤ!"

"خوب!" جسٹس بشیر مسکرائے۔ "آپ کو یاد ہے کہ میں بلیک کافی پیتا ہوں!"

رضیہ نے جوناتھن کو بلا کر اس سے کافی کے لیے کہا۔

"ہاں تو!" جسٹس بشیر مجھ سے بولے۔ "میں یہ جاننے کے لیے مضطرب ہوں کہ آپ کس قانونی چکر میں پھنس گئی ہیں!"

"میں آپ کو بالکل شروع سے بتاؤں گی تاکہ آپ آسانی سے سب کچھ سمجھ لیں۔"

"ٹھیک ہے۔"

چنانچہ میں نے جسٹس بشیر کو آپ بیتی سنانا شروع کی۔ ابتدا ہی اتنی دلچسپ تھی کہ جسٹس بشیر پوری طرح متوجہ ہو گئے۔ اسی دوران میں کافی بھی آگئی، رضیہ نے پیالیوں میں بنا بنا کر دیں دی۔ اس گفتگو کے دوران میں رضیہ اور رضوان بالکل خاموش بیٹھے رہے۔

میں نے ساری کہانی تو من و عن بیان کر ڈالی لیکن

خان آف کالا گوٹ کا نام زبان پر نہیں لائی۔ اس کا ذکر میں نے ایک پُراسرار شخصیت کی حیثیت سے کیا جو "جہاز" کے کمرے میں اور پھر غزالہ کے گھر میں بھی میرے سامنے نقاب پہن کر آئی تھی۔

سب کچھ سننے کے بعد جسٹس بشیر کے چہرے پر تفکر کے آثار پیدا ہو گئے مگر انھوں نے فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ ایک جسٹس کی حیثیت سے وہ کوئی فیصلہ بھی عجلت سے نہیں کر سکتے تھے۔

قدرے توقف کے بعد میں پھر بولی "میں چاہتی ہوں کہ آپ اس معاملے کو اپنی نگرانی میں نپٹوا دیں۔ ایک آدھ دن میں کفیل رضا اور صادق حبیب بالکل ہوش و حواس میں ہوں گے۔ ان کے بیانات کی روشنی میں یہ معاملہ آسانی سے اختتام پذیر ہو جائے گا۔"

"لیکن اس سے زیادہ سنگین مسئلہ تو مجھے اس شخصیت کا معلوم ہو رہا ہے جو ابھی تک سامنے نہیں آئی۔" جسٹس بشیر نے کہا۔

"اس مسئلے کو آپ بھول جائیں۔ وہ میرا ہینڈک ہے۔"

"یہ آسان نظر نہیں آتا کہ آپ تنِ تنہا اس خطرناک شخص سے نپٹ سکیں۔"

"آسان تو نہیں ہے لیکن میں اسے ناممکن نہیں سمجھتی۔"

جسٹس بشیر ذرا دیر کچھ سوچتے رہے، پھر بولے "کیا میں کفیل رضا اور صادق حبیب کو دیکھ سکتا ہوں؟"

"ہاں ہاں، کیوں نہیں۔" میں نے کہا۔

اسی وقت باہر کسی گاڑی کے رُکنے کی آواز سنائی دی۔

"کون آ گیا، دیکھو تو!" میں نے چونک کر رضیہ سے کہا۔

رضیہ اٹھ کر دروازے کی طرف لپکی لیکن اس کے فوراً بعد ہی ہمیں بھی اپنی اپنی جگہ سے اٹھ جانا پڑا۔ دراصل باہر سے ایسی ہی آوازیں سنائی دی تھیں کہ ہم میں سے کوئی بھی بیٹھا نہیں رہ سکتا تھا۔ وہ آوازیں ایسی تھیں جیسے کچھ لوگ آپس میں لڑ پڑے ہوں۔ پھر ایک آواز گالیاں بکتی ہوئی سنائی دی اور میں نے اس آواز کو پہچان لیا۔ وہ ایس پی، جعفر تھا۔

جسٹس بشیر کی موجودگی کے باعث مجھے ایس پی، جعفر کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں تھا اس لیے میں بے دھڑک دروازے میں پہنچ گئی۔

وہاں جو حالات نظر آئے اُن سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں تھا کہ کیا ہوا ہو گا۔ ایس پی، جعفر نے اپنے ماتحتوں کے ساتھ بے دریغ اندر گھسنے کی کوشش کی تھی لیکن جو ماتحتوں کے ساتھیوں نے اس کا راستہ روک لیا تھا۔ اس پر بات بڑھ گئی اور ایس پی، جعفر چونکہ فطرتاً اکھڑ تھا، ہاتھ چھوڑ بیٹھا۔ پھر جنگجو! وہ بھی بھڑ گئے اور وہاں میدانِ کارزار گرم ہو گیا۔

اچانک ایس پی، جعفر نے ریوالور نکال انگریزی میں بولا "تم سب لوگ ہاتھ اٹھا دو، ریڈ انڈینز پر اس وقت بھی خون سوار تھا۔"

جب رضیہ نے بھی چیخ کر انھیں ہاتھ اٹھانے سے روکا تو وہ رک کر تیزی سے ایک طرف ہو لیے۔

اتنی سی جھڑپ میں دو سپاہیوں کی وردی ایک سپاہی کے چہرے پر نیل پڑ گئے تھے اور دو ہونٹوں سے رستا ہوا خون تھوک رہا تھا۔

ایس پی، جعفر نے میری طرف دیکھا اور پھر جسٹس بشیر پر پڑی۔ یکلخت اس کے چہرے کا رنگ متغیر ہوا۔ جلدی سے ریوالور اپنے ہولسٹر میں رکھ کر ایک طرف ہو گیا۔

"بہت خوب!" جسٹس بشیر نے بارعب لہجے میں کہا۔ "قانون کے محافظ بھی اب قانون شکنی کرنے لگے ہیں!"

"نن... نو سر! ایس پی نے بوکھلا کر کہا۔ "ہم پر حملہ کر دیا تھا اس لیے ہمیں جوابی کارروائی کرنی پڑی۔"

رضیہ اس وقت مدھم آواز میں اپنے آدمیوں سے کچھ کہہ رہی تھی۔ اس نے ایک دم مڑ کر کہا۔ "حملہ کرنے میں پہل ان لوگوں نہیں کی آفیسر! ان لوگوں نے صرف راستہ روکا تھا۔ ہم نے جبراً اندر گھسنے کی کوشش کی اور نتیجے میں انھیں ہم اختیار کرنا پڑا۔"

اسی وقت جسٹس بشیر بھڑک پڑے "یہ مسٹر تمھیں کیا حق ہے کہ کسی کے گھر میں زبردستی گھسنے کی کوشش کرو۔"

"سر! میرے باس ان کی گرفتاری کا وارنٹ لے کر آئے ہیں۔"

جعفر نے میری طرف اشارہ کیا۔

"تمھیں چاہیے تھا کہ یہ بات ان غیر ملکیوں کو سمجھا ان پر ہاتھ چھوڑ بیٹھے۔ تمھاری اس ناشائستہ حرکت سے یہ بھی ممکن ہے کہ ان غیر ملکیوں کا سفارت خانہ ہماری حکومت احتجاج کرے۔ کیوں! کیا ایسا نہیں ہو سکتا؟"

"یس... یس سر!" ایس پی، جعفر بُری طرح بوکھلا گیا۔

جسٹس بشیر نے ایک طائرانہ نظر تمام لوگوں پر ڈالی۔ پھر ایس پی، جعفر سے کہا۔ "آپ میرے ساتھ اندر آئیے!" اور سے کہا کہ یہیں رُک کر آپ کا انتظار کریں۔"

سر!"

ر کے ساتھ ہی رضیہ، رضوان اور میں بھی ڈرائنگ ے مڑ گئے۔ مڑتے مڑتے رضیہ نے اپنے آدمیوں کہ وہ بدستور چوکس رہیں۔ ہمارے پیچھے پیچھے ایس ڈرائنگ روم میں آ گیا۔ اس کے چہرے پر ایک رنگ آ رہا تھا۔ میں اس کی یہ حالت دیکھ کر خاصی محظوظ ہو رہی تھی کیونکہ رضیہ کو دیکھ کر بھی ایس پی، جعفر خاصی برا تھا۔

"بانو کو گرفتار کرنے آئے ہیں؟" جسٹس بشیر بیٹھتے ہوئے کہا۔ "اور ان کے خلاف رپورٹ ارباب چنگیزی ہے؟"

"ہاں... جی ہاں۔"

"چنگیزی کوئی معزز شخص ہے؟"

"!"

"لاادری ہے؟"

"!"

"معزز ہے؟"

"نن... نو سر! ... میرا مطلب ہے..."

"مطلب اچھی طرح سمجھتا ہوں۔" جسٹس بشیر نے "کل صرف دھاٹ کا کر کو معزز سمجھا جاتا ہے، خواہ کیوں نہ ہو۔ ویسے... کیا آپ بتائیں گے... آپ اگر صبیحہ بانو اس وقت یہاں ہیں؟"

"... مجھے کسی نے ٹیلیفون پر اطلاع دی تھی۔"

"نے اس پہلو پر غور نہیں کیا کہ یہ صبیحہ بانو کے ازش بھی ہو سکتی ہے۔ آخر کسی کو کیا ضرورت ہے وکی ٹون میں لگا رہے اور ان کا پتا لگا کر آپ کو اطلاع

"جی ہاں... جی ہاں... یہ پہلو واقعی قابلِ غور ہے۔ کی سمجھ میں نہیں آ سکا ہو گا کہ اس کے علاوہ کیا کیے۔

"اس پہلو پر بھی غور کیجیے کہ صبیحہ بانو ہمارے ملک کی ی ہیں۔ آپ کی اطلاع کے لیے یہ بھی عرض کر دوں کہ کفیل رضا عمانت میں موجود ہے۔ خود صبیحہ بانو نے مجھے یہاں بُلا ہنگامی حال سے آگاہ کیا ہے۔ اب یہ آپ کا فرض ہے کہ اپنے باب چنگیزی کو یہاں لائیں اور سب کے سامنے یہ واضح ہو جائے کہ اصل معاملہ کیا ہے۔"

"بہت بہتر... سر!"

"میں یہیں ہوں اور آپ کا منتظر ہوں۔"

ایس پی، جعفر نے سیلیوٹ کیا اور جانے کے لیے مڑ گیا۔

اِدھر میں سوچ رہی تھی کہ کیا ایس پی، جعفر، ارباب چنگیزی کو یہاں لا سکے گا؟ غالباً یہ ناممکن تھا۔

جعفر کے جانے کے بعد میں نے جسٹس بشیر سے کہا۔ "لیکن آپ یہاں کب تک رُکیں گے جناب والا! یہ تو آپ کے لیے خاصی زحمت ہو جائے گی۔"

"زحمت کی کوئی بات نہیں۔ میں یہاں رات بھی گزار سکتا ہوں۔ میرے گھر پر ہے ہی کون جسے میرا انتظار ہو۔" جسٹس بشیر کے لہجے میں جو کرب تھا، وہ مجھ سے پوشیدہ نہیں رہا۔ میں اس بات سے واقف تھی کہ وہ اپنی بیوی کو عشق کی حد تک چاہتا تھا۔

"لیکن مجھے ایک بندوبست کرنا ہو گا۔" جسٹس بشیر بولے۔

"کیا؟"

"مجھے اُس نامعلوم پُراسرار شخصیت کی طرف سے بہت خطرہ محسوس ہو رہا ہے اس لیے میں کفیل رضا اور صادق حبیب کی حفاظت کا کوئی معقول بندوبست کرنا چاہتا ہوں۔ ذرا مجھے فون دیجیے!" جسٹس بشیر نے رضیہ سے کہا جو ٹیلیفون کے قریب بیٹھی تھی۔

ٹیلیفون کا ماتا بڑا تھا کہ رضیہ نے اسے اٹھا کر جسٹس بشیر کے سامنے تپائی پر رکھ دیا۔

جسٹس بشیر نے علاقائی تھانے کو فون کیا اور وہاں سے مسلح سنتری بُلوا لیے۔

اس دوران میں کچھ اور لوگوں کے بارے میں سوچتی رہی۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ مشتاق چنگیزی اور سونیا کیا کر رہے ہوں گے۔ نیز اب میں سنگیتا کے باپ رام لال سے بھی مل ہی لینا چاہتی تھی۔ حالات اس موڑ پر آ گئے تھے کہ میں رام لال کو زبان کھولنے پر مجبور کر سکتی تھی۔

جسٹس بشیر فون کر چکے تو میں نے اُن سے کہا۔ "تو کیا آپ واقعی یہاں رُکیں گے؟"

"اس وقت تک جب تک یہ مسئلہ نپٹ نہ جائے۔" جسٹس بشیر نے فیصلہ کُن لہجے میں کہا۔

"کیا آپ مجھے کچھ دیر کے لیے اجازت دیں گے؟"

"کہاں جانا ہے آپ کو؟"

"چند ضروری کام ہیں۔ دو ایک افراد سے ملنا ہے۔"

"میرا خیال ہے کہ فی الحال آپ اس چار دیواری ہی میں محفوظ ہیں۔ باہر جانا آپ کے لیے خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے۔"

"آپ فکر نہ کریں جناب والا! میں خطرات سے نپٹنا خوب جانتی ہوں۔" میں نے کہا اور پھر رضیہ سے بولی۔ "تمہارے پاس کوئی کار تو نہ ہوگی؟"

"ہے۔"

"کہاں سے آئی؟"

"رضوان کے توسط سے میں نے ایک وین اور ایک کار کرائے پر حاصل کر لی تھیں۔"

"گڈ!" میں نے سر ہلا کر کہا۔ "کار کی چابی کہاں ہے؟"

رضیہ نے اپنے پرس سے چابی نکال کر مجھے دی۔

رضوان بولا۔ "کیوں نہ میں بھی آپ کے ساتھ چلوں؟"

"نہیں۔" میں نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "جہاں مجھے جانا ہے، وہاں مجھے اکیلے ہی جانا چاہیے۔"

رضیہ کھڑی ہو گئی اور اس نے جسٹس بشیر سے کہا۔ "یکسیکوزمی سر! میں باجی کو کار تک چھوڑ کے ابھی آتی ہوں۔"

جسٹس بشیر نے اثبات میں سر ہلا دیا مگر ان کے چہرے سے یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ میرے تنہا جانے سے متفکر ہوں۔

رضیہ نے باہر پہنچ کر مجھے جس کار تک پہنچایا وہ اوف وہائٹ واکس ہال تھی۔ میں نے اس کا دروازہ کھولا اور ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گئی۔ جب میں نے انجن اسٹارٹ کیا تو بھی رضیہ قریب ہی کھڑی ہوئی تھی۔ اچانک مجھے ایک خیال آیا اور میں نے انجن بند کر کے رضیہ سے کہا۔ "ذرا سنو!"

رضیہ کار کی کھڑکی پر جھک آئی۔

میں پھر بولی۔ "اب جبکہ ہمیں جسٹس بشیر کا تعاون حاصل ہو چکا ہے، یہ ضروری نہیں رہا کہ تم لوگ اس عمارت میں رہو۔ بہتر ہوگا کہ تم لوگ ڈیفنس منتقل ہو جاؤ۔ وہاں ملازمائیں موجود ہیں لہٰذا تمہارے آدمیوں کو کچن وغیرہ کا کام نہیں کرنا پڑے گا۔"

"جیسا آپ کہیں۔" رضیہ بولی۔ "کفیل رضا اور صادق حبیب کو بھی اپنے ساتھ منتقل کرنا ہوگا۔"

"ظاہر ہے۔"

"اور جسٹس صاحب نے تھانے سے جو سنتری بلوائے ہیں؟"

"انھیں واپس کر کے ڈیفنس کے تھانے سے بھی سنتری بلوائے جا سکتے ہیں۔ تم جسٹس صاحب سے کہہ دینا کہ یہ منتقلی میری ایما پر ہو رہی ہے۔"

"بہتر ہے۔"

"اچھا تو میں اب چلتی ہوں۔" میں نے کہا۔ رضیہ نے سر ہلا کر کہا۔ "میں اپنا کام کر کے سیدھی ڈیفنس ہی پہنچوں گی۔ ظاہر ہے تم لوگوں کو یہاں سے منتقل ہو کر وہیں جانا ہوگا۔ یہاں تو تمہارا کوئی ٹھکانہ نہیں رہے گا۔"

"ہم ایک ڈیڑھ گھنٹے میں ڈیفنس پہنچ جائیں گے۔" رضیہ نے کہا اور پھر بولی۔ "آپ سنگیتا کی طرف تو نہیں جا رہیں؟"

"ہاں۔" میں گاڑی کو آہستگی سے موو کرتے ہوئے بولی۔ "میں آج اس کے باپ سے کھل کر گفتگو کروں گی۔"

پھر میں نے رضیہ کے کچھ بولنے کا انتظار نہ کیا اور کار کی رفتار بڑھا دی۔ میں اب تیزی سے بی بائی جا رہی تھی اور میرا ذہن اس فکر میں غلطاں تھا کہ کس انداز میں گفتگو کرنا ہے۔

اس سوچ بچار کے باوجود میں عادت کے مطابق اپنے اردگرد کے ماحول سے بے خبر نہیں تھی۔ سڑک پر آیا تو میں چونکی اور میری پوری توجہ اس سڑک پر مبذول ہو گئی جس کا عکس میں عقب نما آئینے میں دیکھ رہی تھی۔ تیسرے پہر کی روشنی میں ابھی شام کا دھندلکا نہیں ہوا تھا لہٰذا میں اسپورٹس چلانے والے نوجوان کو دیکھ سکتی تھی۔ میری اور اس کی کار کے بیچ میں کوئی اور کار نہیں تھی۔ جب مجھے ایک سگنل پر رکنا پڑا تو سرخ اسپورٹس میرے پیچھے بالکل قریب آ کر رکی اور میں عقب نما آئینے میں اس کا چہرہ بالکل صاف دیکھ سکتی تھی۔ اس کی عمر مشکل سے بیس سال ہوگی۔ وہ اتنا خوبصورت تھا کہ اسے دیکھ کر سوچے بغیر نہ رہ سکی، کاش وہ لڑکی ہوتا!

سگنل کی سرخ بتی بجھی، زرد جلی اور ایکسیلیٹر پر میرے پاؤں کا دباؤ بتدریج بڑھا۔ سبز بتی جلی تو میری کار آگے بڑھ چکی تھی۔ جیسے ہی میں نے چوراہا عبور کیا، ایک کار اور سرخ اسپورٹس کے بیچ میں حائل ہو گئی۔

نوجوان کا چہرہ میرے ذہن پر پوری طرح نقش ہو چکا تھا۔ یقیناً وہ ایک ایسی شکل تھی جو بے شمار لڑکیوں کی طرح میں بھی پسند کرتی کہ یہ معصوم صورت اور نوجوان میرے پیچھے کیوں لگ گیا ہے؟

جب میں اس سڑک پر پہنچی جو صرف بی بائی جاتی تھی، اس وقت بھی میں نے سرخ اسپورٹس کو اپنے پیچھے پایا۔ اب اس میں ذرا بھی شبہ نہیں رہا تھا کہ سرخ اسپورٹس میرا تعاقب کر رہی تھی۔ میرے لیے اب یہ الجھن آپ ہی صورت میں سنگیتا کے گھر کا رخ کرنا چاہیے یا نہیں؟ وہ نوجوان کون تھا اور اسے میرے پیچھے کس نے لگایا تھا۔ اپنے وثوق سے کہہ سکتی تھی کہ وہ نوجوان کسی جرم پیشہ گروہ کا فرد نہیں ہو سکتا تھا۔ اس کے بشرے سے یہ بات صاف عیاں تھی کہ وہ کسی شریف اور متمول گھرانے کا چشم و چراغ تھا۔

میں نے سوچا اور بہت تیزی سے اس فیصلے پر پہنچ گئی کہ خواہ مخواہ اس وقت رام لال سے ملاقات کرنا ہی ہے۔ میں نے جگہ روک دی جہاں سے آگے جانے کے لیے مجھے اپنی ٹانگوں کو استعمال کرنا تھا۔ گاڑی اس پتلی سی گلی میں نہیں جا سکتی تھی جس میں سنگیتا کے گھر تک نہیں پہنچا جا سکتا تھا۔

عقب نما آئینے میں دیکھا کہ وہ سرخ اسپورٹس بھی کچھ فاصلے پر رک گئی تھی۔ میں نے انجن بند کیا۔ گاڑی کے شیشے چڑھائے، لاک کر کے گاڑی سے اتر آئی۔ میں نے فیصلہ کیا تھا کہ اس نے کے بعد ایک بار بھی مڑ کر نہیں دیکھوں گی۔ یہ بات میں سنگیتا کے گھر تک میرے پیچھے پیچھے آئے گا۔ اب اس کی مرضی!

سنگیتا کے گھر کے دروازے پر پہنچ گئی اور دستک دے کر جواب کا انتظار کرنے لگی۔ اس وقت میں گویا انتظار کرتے ہوئے دیکھ سکتی تھی، سو میں نے ایسا ہی کیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ میری نظر سے بچنے کے لیے ایک کیبن کی آڑ لینے کی کوشش میں یہ تاڑ دیتی رہی جیسے اب تک اپنے تعاقب میں تھا۔

اندر سے کنڈی کھلنے کی آواز سنائی دی تو میں چوکنی ہو گئی۔ دروازہ کھولنے والی سنگیتا تھی۔ اس نے مجھے دیکھا لیکن چونکنے کی کیفیت نے زیادہ طوالت اختیار نہیں کی۔ اس نے چیخ مارنے کے انداز میں "بالو" کہا اور مجھ سے لپٹ کر سسکیاں لے لے کر رو رہی تھی۔

"پگلی! کیا ہو گیا تجھے!" میں اس کی پیٹھ تھپکنے لگی۔

"آپ... کہاں غائب... ہو گئی تھیں!" وہ روتی ہوئی بولی۔

میں نے کچھ کہنے سے پہلے کہ میں جواب میں کچھ کہتی، سنگیتا کے پیچھے رام لال آ کھڑا ہوا۔ معمول کے مطابق اس کے چہرے سے بیزاری ظاہر ہو رہی تھی لیکن آنکھوں میں الجھن کے آثار بھی موجود تھے۔ کفیل رضا کے سلسلے میں متفکر تو وہ بھی رہا ہوگا۔

میں نے آہستگی سے سنگیتا کو خود سے جدا کیا اور براہ راست رام لال کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی بولی۔ "مجھے آپ سے کچھ باتیں کرنا ہیں۔"

"کس سلسلے میں؟" رام لال کا لہجہ بہت کھردرا تھا۔

"اسی سلسلے میں جس سے آپ اب تک بچتے رہے ہیں۔ میں مشتاق چنگیزی کے بارے میں...."

"مجھے اس سلسلے میں کوئی بات نہیں کرنا۔" رام لال نے گویا جھٹکے سے کہا۔ "آخر لوگوں کو اس سے کیا تعلق کہ میں نے اپنا سب کچھ ایک اجنبی شخص کو کیوں دے دیا؟ میری مرضی، میں اپنے گھر میں آگ بھی لگا سکتا ہوں۔"

"نہیں لگا سکتے۔" میں قدم بڑھاتے ہوئے بولی۔ "کیونکہ وہ آگ آس پاس کے لوگوں کو بھی نقصان پہنچا سکتی ہے۔"

میرا اشارہ سنگیتا کی طرف تھا جسے رام لال نے بھی سمجھ لیا اور چڑ جانے والے انداز میں کہا۔ "تمھیں میرے آس پاس کے لوگوں سے دلچسپی نہیں ہونا چاہیے۔"

"دلچسپی ہونا چاہیے یا نہیں ہونا چاہیے سے قطع نظر، جب دلچسپی ہو چکی ہو تو پھر کچھ نہیں کیا جا سکتا۔"

"کیا جا سکتا ہے۔" رام لال نے تیز لہجے میں کہا۔

سنگیتا اس ناخوشگوار صورت حال سے گھبرا گئی اور بولی۔ "مگر پتا جی...."

"تم خاموش رہو۔" رام لال نے اسے جھڑک دیا۔

"رام لال!" میں نے سخت انداز اختیار کرتے ہوئے کہا۔ "تم اس معصوم لڑکی کو تو خاموش کر سکتے ہو مگر آستین کے لہو پر کوئی جبر نہیں کر سکتے۔ وہ تو پکارتا رہے گا کہ...."

رام لال کے چہرے کا رنگ متغیر ہو گیا لیکن وہ گرج کر بولا۔ "چلی جاؤ یہاں سے!"

سنگیتا سہمی ہوئی ایک طرف کھڑی تھی۔ میں نے اس پر ایک اچٹتی سی نظر ڈالی اور پھر رام لال سے کہا۔ "آج میں تم سے فیصلہ کن گفتگو کیے بغیر نہیں جاؤں گی رام لال! اگر تم مشتاق چنگیزی کے سلسلے میں گفتگو نہیں کرنا چاہتے تو میں شائستہ حبیب کے سلسلے میں بھی گفتگو کر سکتی ہوں۔"

شائستہ حبیب کا نام سن کر رام لال لڑکھڑا سا گیا۔ اگر وہ دیوار کا سہارا نہ لے لیتا تو شاید گر ہی پڑتا۔ سنگیتا گھبرا کر اس کے قریب پہنچی اور اسے سہارا دینے کی کوشش کرتی ہوئی گلوگیر لہجے میں بولی "کیا ہوا پتاجی!"

رام لال کا چہرہ بالکل زرد پڑ گیا تھا۔ وہ خالی خالی نگاہ سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔ میں بھی اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتی رہی مجھے یقین تھا کہ اب رام لال کھل کر گفتگو کرنے پر آمادہ ہو جائے گا لیکن میرے دیکھتے ہی دیکھتے رام لال کی حالت میں ایک غیر متوقع تبدیلی واقع ہوئی۔ اس کے چہرے پر پھیلی ہوئی زردی بڑی تیزی سے معدوم ہوگئی اور اس کی جگہ سرخی نے لے لی۔ آنکھوں سے گویا شرارے پھوٹنے لگے۔ وہ گرج کر بولا "اس سؤر کے بچے نے مجھ سے میرا سب کچھ چھین لیا، پھر بھی میرا راز افشا کر دیا؟"

میں خاموشی سے اسے دیکھتی رہی۔ میں چاہتی تھی کہ وہ غصے میں وہی سب کچھ بولتا چلا جائے جو میں اس کی زبان سے کہلوانا چاہتی تھی لیکن ایسا نہیں ہوا۔ وہ اچانک خاموش ہو گیا۔ اس نے اب اتنی سختی سے ہونٹ بھینچے تھے کہ ہونٹوں کی بجائے اب بس ایک گہری سی لکیر دکھائی دے رہی تھی۔

"پتاجی!" سنگیتا کی آنکھوں سے آنسو پھوٹ پڑے "آخر آپ اپنے سینے میں وہ جوالا مکھی کیوں چھپائے ہوئے ہیں جو آپ ہی کے وجود کو بھسم کئے ڈال رہا ہے۔" پھر سنگیتا مجھ سے بولی "آپ چلی جائیے بالو! آپ کو بھگوان کا واسطہ... آپ چلی جائیے!"

"آج میں گفتگو مکمل کیے بغیر نہیں جاؤں گی۔" میں نے کہا۔

"تمہیں جانا پڑے گا۔" رام لال حلق پھاڑ کر چیخا "اگر تم نہیں جاؤ گی تو میں تمہیں جان سے مار ڈالوں گا۔ حرام زادی، کتیا! چلی جاؤ یہاں سے! دفع ہو جاؤ۔" رام لال مجھے گالیاں بکتا ہی چلا گیا۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے اس پر ہذیان کا دورہ پڑ گیا ہو۔

اگر وہ گالیاں مجھے کسی اور شخص نے دی ہوتیں تو شاید میں مشتعل ہو جاتی لیکن سنگیتا کی وجہ سے مجھے ضبط کرنا پڑا۔

"چلی جاؤ! چلی جاؤ! دفع ہو جاؤ!" رام لال حلق پھاڑتا رہا۔ اس کے منہ سے کف جاری ہو گیا تھا۔

سنگیتا روئے جا رہی تھی۔ اس نے ملتجی نظر سے میری طرف دیکھا۔ وہ بھی یہی چاہتی تھی کہ میں وہاں سے لوٹ جاؤں۔

میں جھنجلا گئی بھی اور تلملا بھی گئی۔ محض سنگیتا کی وجہ سے مجھے پسپا ہونا پڑ رہا تھا ورنہ میں رام لال کے غیظ و غضب سے تو ذرا بھی متاثر یا مرعوب نہیں ہوئی تھی۔

میں غصے میں بھری ہوئی دروازے سے نکل کر نیچے گئی۔ اس وقت میں ذرا دیر کے لیے اس لو میرج کپل کو بھی جو میرے تعاقب میں لگا ہوا تھا، اس وقت میں اپنی کار میں بیٹھ کر انجن اسٹارٹ کو حرکت میں لانے سے قبل میں نے ادھر ادھر سے آنے والے ٹریفک کا جائزہ لیا تھا پر نگاہ پڑتے ہی مجھے وہ نوجوان یاد آ گیا تھا اس کی شکل نہیں دکھائی دی۔ غالباً وہ کہیں، خود کو میری نظر سے پوشیدہ رکھنے

میں نے کار موڑی اور واپس روانہ ہو گئی نے دیکھ لیا کہ سرخ اسپورٹس اب پھر میرے لعنت ہے اس پر! میں نے دل ہی دل سے بعد میں ہی نپٹوں گی کہ یہ کون ہے۔ فی الحال پر عمل کرنا ہے جو میں نے سنگیتا کے گھر سے نکلتے ہوئے

وہ فیصلہ یہ تھا کہ اب لگے ہاتھوں مشتاق چنگیزی دو دو ہاتھ کر ڈالے جائیں۔

میری کار تیز رفتاری سے فاصلہ طے کرتی رہی اسپورٹس نے میرا تعاقب جاری رکھا۔

میں نے مشتاق چنگیزی کے بنگلے کے احاطے میں اور پھر اندر کار برآمدے میں پہنچی۔ اسی وقت دروازہ ایک ملازم باہر نظر آیا۔ غالباً اس نے میری گاڑی کی آواز سن لی ہوگی۔

"تمہارا صاحب گھر پر ہے؟" میں نے اُسے گھورتے ہوئے پوچھا۔

"مجھے علم نہیں۔" ملازم نے بڑی معصومیت سے جواب دیا "میں دیکھ کر آتا ہوں۔ آپ یہیں رکیں!"

"سنو!" میں مُنہ بنا کر بولی "تمہارے اس جملے مجھے یقین دلا دیا ہے کہ وہ گھر میں ہی موجود ہے۔ تم اس سے کہیں اس سے ایک سودا کرنے آئی ہوں۔ اگر وہ چاہتا اس کا ماموں اسے واپس مل جائے تو وہ مجھ سے ضرور ملے

ملازم کوئی جواب دیے بغیر لوٹ گیا لیکن وہ اندر دروازہ بولٹ کرنا نہیں بھولا تھا۔ میں مُنہ بنا کر رہ گئی اور برآمدے میں ٹہلنے لگی۔ اس کا تو مجھے یقین تھا کہ وہ مجھ سے

میں نے صادق حبیب کا حوالہ دے کر اُس کی بات رکھ دیا تھا۔

وہ ملازم واپس آیا اور بولا "تشریف لائیے!" ڈرائنگ روم میں پہنچی جہاں مشتاق چنگیزی میرا

وہ مجھے گھورتا ہوا بولا "تو میرے ماموں کو تم ہو؟"

نہیں ہے۔" میں نے بڑے سکون سے کہا "تاہم اگر تم جواب پر یقین نہ کرنا تو میری صحت پر کوئی اثر

کیا چاہتی ہو؟"

حق کا علم!"

حقائق؟"

ایک غاصب کیسے بن سکے؟"

غاصب نہیں ہوں!" مشتاق چنگیزی چیخنے لگا۔ رے پاس جو کچھ ہے..."

پنیر احق ہے۔" مشتاق چنگیزی نے میری بات کاٹتے ہوئے اور ہر شخص کو یہ حق پہنچتا ہے کہ اگر اس کا حق نہ اسے چھیننے کی کوشش کرے۔ اگر میں اپنا حق چھیننے ب ہو گیا ہوں تو یہ کوئی جرم نہیں ہے۔"

اوہ پھر تمہیں ہے مسٹر مشتاق چنگیزی!" ہنکار کر بولی "ٹھنڈے دل و دماغ سے بات چیت کرو۔ ماموں کی واپسی چاہتے ہو تو تمہیں بتانا پڑے گا ل کی دولت پر تمہارا حق کیسے ہو گیا؟"

اس سے پہلے کہ مشتاق چنگیزی کوئی جواب دیتا برآمدے ایک دبا دبا ہوئی آواز سنائی دی "ہٹ جاؤ استے سے!"

اور مشتاق چنگیزی چونک پڑے۔ وہ آواز رام لال اسے غالباً مشتاق چنگیزی کے ملازم نے روکنے کی ی ہوگی لیکن وہ اسے روکنے میں ناکام رہا۔ دروازہ ایک ز کے ساتھ کھلا اور رام لال دندناتا ہوا اس شان سے گی اس کے دائیں ہاتھ میں پستول تھا۔

ہ اندر آتے ہی گرجا "تم دونوں میں سے ی اپنی جگہ سے حرکت نہ کرے۔"

مشتاق چنگیزی کا چہرہ پھیکا پڑ گیا۔

"مجھے تم سے کوئی خاص شکایت نہیں ہے۔" رام لال نے مجھ سے کہا "اس لیے میں تم سے کچھ نہیں کہنا چاہتا لیکن اس کمبخت سے آج مجھے فیصلہ کرنا ہی ہوگا۔" رام لال کی خون اگلتی ہوئی آنکھیں مشتاق چنگیزی پر جم گئیں۔

"تم...." مشتاق چنگیزی نے کہا "تم شاید کسی غلط فہمی کا شکار ہو کر میرے پاس آئے ہو!"

"حرام زادے!" رام لال نے دانت پیستے ہوئے کہا۔ "آخر آج مجھے یقین آ ہی گیا کہ ناجائز خون کا لوتھڑا ہمیشہ نیچ ثابت ہوتا ہے۔ میں نے اپنی ساری زندگی کی کمائی تجھے سونپ دی لیکن تو نے میری زندگی کے اس داغ کو لوگوں پر آشکارا کر ہی دیا۔"

"نن... نہیں... تم..." مشتاق چنگیزی کی زبان میں لکنت تھی۔

"میں یہاں کچھ سننے نہیں، فیصلہ کرنے آیا ہوں۔ کھیل ختم کرنے آیا ہوں۔" رام لال نے کہا اور پستول کا ٹریگر دبا دیا۔

کمرے میں دھماکے کی آواز گونجی اور مشتاق چنگیزی کی پیشانی سے خون کا فوارہ اُبل پڑا۔ رام لال کا نشانہ بہت سچا تھا۔ میں اپنی جگہ سے اچھل پڑی۔

"تمہیں گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے اے عورت!" رام لال نے بڑے سکون سے کہا "مجھے تم سے کوئی گلہ نہیں ہے، بلکہ مجھے اُمید ہے کہ میرے بعد تم میری بچی کا خیال رکھ سکو گی۔ میں نہیں چاہتا کہ اس حرام زادے کے قتل کے سلسلے میں تم کسی پریشانی کا شکار ہو اس لیے میں تمہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ میری جیب میں اعتراف نامہ موجود ہے۔"

رام لال کے آخری فقرے سے میں سمجھ گئی کہ اب وہ کیا کرنے والا ہے لیکن میں اس پوزیشن میں نہیں تھی کہ اسے اس کے اقدام سے باز رکھ سکتی۔ رام لال نے پستول کی نال اپنی پیشانی پر رکھی اور ٹریگر دبا دیا۔

اِدھر صوفے پر مشتاق چنگیزی کی لاش لڑھکی اور اُدھر رام لال فرش پر ڈھیر ہوا۔

یہ سب کچھ اتنی تیزی سے ہو گیا تھا کہ میں ایک بے بس تماشائی بنی رہ گئی تھی لیکن جب یہ خوفناک کھیل اپنے انجام کو پہنچ گیا تو میں بڑی تیزی سے حرکت میں آ گئی۔ میں نے آگے بڑھ کر دروازہ اندر سے

بند کرلیا۔ گولیوں کی آوازوں نے مشتاق چنگیزی کے ملازموں کو شاید خوفزدہ کردیا تھا اور وہ فوراً ادھر نہیں آئے مگر اُن کے آنے کا احتمال تھا اور اسی لیے میں اُن کی آمد سے قبل کچھ کام کرلینا چاہتی تھی۔ میں نے رام لال کی جیبوں کی تلاشی لی اور مجھے اپنی مطلوبہ چیز مل گئی۔ وہ رام لال کا اعتراف نامہ تھا۔

اِس اعتراف نامے کے مطابق دوبئی میں شائستہ حبیب نامی ایک لڑکی سے رام لال کے ناجائز تعلقات تھے۔ رام لال اس سے شادی بھی کرلیتا مگر اچانک اسے شبہہ ہوا کہ شائستہ حبیب کسی جرائم پیشہ گروہ سے تعلق رکھتی ہے۔ پھر رام لال کو یہ اندازہ بھی ہوا کہ شائستہ کا تعلق بین الاقوامی تنظیم مافیا سے ہے۔ یہ بات معلوم ہونے کے بعد رام لال، شائستہ حبیب سے قطع تعلق کرلینا چاہتا تھا لیکن اس دوران میں شائستہ حاملہ ہوچکی تھی۔ رام لال نے چاہا کہ اسقاط ہوجائے لیکن شائستہ اس کے لیے تیار نہیں ہوئی۔ پھر اسی دوران میں کسی نے شائستہ کو قتل کردیا۔ حالات کچھ ایسے تھے کہ شبہہ رام لال کی طرف جارہا تھا۔ رام لال کسی نہ کسی طرح خود کو قانون کی گرفت سے بچاتا رہا لیکن بالآخر اسے یہ فیصلہ کرنا پڑا کہ وہ دوبئی سے فرار ہوجائے۔ اس نے اپنے اس فیصلے پر عمل بھی کیا اور کراچی آکر ایک خوشگوار زندگی گزارنے لگا لیکن برسہا برس کے بعد اس کی زندگی کا سکون اُس وقت تہ و بالا ہوگیا جب اُس کا گناہ مشتاق چنگیزی کی صورت میں اس کے سامنے آیا۔

مشتاق چنگیزی کے پاس رام لال کا ایک خط تھا جو شائستہ حبیب کو لکھا گیا تھا۔ اگر اس خط کی تشہیر کردی جاتی تو رام لال کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہ جاتا۔ اس کے علاوہ رام لال پر قتل کا الزام بھی آتا تھا۔ اِس صورتِ حال نے رام لال کو بوکھلا دیا اور نتیجہ یہ نکلا کہ مشتاق اسے بلیک میل کرنے میں کامیاب ہوگیا۔ اس نے رام لال سے اس کا سب کچھ چھین لیا اور رام لال دم سادھ کر رہ گیا۔ وہ اپنی فطرت سے مجبور تھا۔ اسے یہ بات تو منظور تھی کہ وہ فاقے کرکر کے مرجائے لیکن وہ کسی قسم کی بدنامی کا سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن جب اسے اندازہ ہوا کہ مشتاق چنگیزی نے اس کا راز فاش کردیا ہے، تو وہ مشتعل ہوگیا اور اس نے فیصلہ کیا کہ وہ مشتاق کو قتل کردے گا۔

اپنے اعتراف نامے کے آخر میں رام لال نے پولیس سے درخواست کی تھی کہ اِس کے اِس معاملے کی تشہیر نہ کی جائے تاکہ لوگ اس کی معصوم بیٹی کو ایک بُرے آدمی کی بیٹی کی حیثیت سے شناخت نہ کریں۔

اس کے علاوہ رام لال نے یہ درخواست بھی کی تھی کہ اس کا کاروبار اور روپیہ پیسا قانونی طور پر اس کی بیٹی کا حق ہے اور پولیس کا فرض ہے کہ وہ ایک بے سہارا بچی کو اس کا حق واپس دلائے۔

یہ اعتراف نامہ پڑھنے کے بعد میں نے اسے اپنی جیب میں رکھا اور تیزی سے ٹیلیفون کی طرف بڑھی۔ کراچی تک رضیہ وغیرہ ڈیفنس پہنچ چکے ہوں گے۔ میں نے ریسیور اٹھایا اور آواز سنائی دینے کا انتظار کرنے لگی۔ دوسری طرف سے رضیہ کی آواز سنائی دی۔ وہ ہانپ رہی تھی۔

"رضیہ!" میں نے اس کی آواز شناخت کرکے کہا۔ "تم لوگ خیریت سے منتقل ہوگئے؟"

"جی ہاں، اور یہاں سنگیتا آپ کا انتظار کررہی ہے۔ ابھی ابھی یہاں پہنچی ہے اور آپ سے ملنے کے لیے بے تاب ہے۔"

"تم سنگیتا کو کیسے جانتی ہو؟"

"مجھے اس کے بارے میں رضوان نے بتایا ہے۔"

"اس نے بتایا کہ وہ مجھ سے کیوں ملنا چاہتی ہے؟"

"وہ رضوان کو بتا رہی تھی کہ آپ اس سے ملنا بھی نہیں لیکن آپ دونوں میں تیز کلامی ہوگئی اور آپ اس چلی گئیں لیکن آپ کی رخصت کے فوراً بعد رام لال سے کہا کہ وہ غلطی کر بیٹھا ہے، اسے بانو سے گفتگو کرلینا چاہیے پھر اس نے سنگیتا سے کہا کہ وہ جاکر بانو کو بلا لائے چونکہ آپ کو لینے کے لیے آئی ہوئی ہے۔"

رضیہ کے اس جواب سے میں سمجھ گئی کہ اصل بات دراصل میری رخصت کے بعد رام لال نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ چنگیزی کو قتل کردے گا لیکن اسے یہ احساس بھی ہوا ہوگا اشتعال کے عالم میں ہے اس لیے سنگیتا اسے کہیں نہ کہیں روک دے گی۔ اسے گھر سے ٹالنے کے لیے رام لال نے یہ چال چلی۔ میرے گھر بھیج دیا۔

"ہیلو باجی!" رضیہ نے مجھے پکارا۔

"آں... ہاں!" میں اپنے خیالات سے چونکی اور پھر کہا۔ "سنو رضیہ! جسٹس صاحب بھی تم لوگوں کے ساتھ ہیں؟"

"جی ہاں۔"

"اچھا تو ایسا کرو کہ انھیں رضوان کے ساتھ مشتاق کے گھر بھیج دو۔ میں یہیں ان کی منتظر ہوں۔"

"ہاں وہاں کیا کررہی ہیں؟" رضیہ نے چونک کر پوچھا۔

"ہاں کھیل ختم ہوچکا ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"تفصیل سے بتاؤں گی۔ فی الحال تم یہی کرو جو میں کہہ رہی ہوں۔ وہ میرا انتظار کرے۔"

"ان دیر تک اُلجھن کا شکار رہوں گی۔"

"اطمینان سے بیٹھو۔" میں نے کہا اور سلسلہ منقطع کردیا۔

اس وقت کوئی زور زور سے دروازہ پیٹنے لگا۔

"کیا ہے؟" میں نے چونک کر بلند آواز میں پوچھا لیکن پھر فوراً سمجھ گئی کہ وہ پولیس ہوگی کیونکہ میں نے وزنی جوتوں کی دھمک سنی تھی۔

میں اُٹھ کر دروازہ کھولا اور ایک انسپکٹر کئی سپاہیوں کے گھسا چلا آیا۔ ان سپاہیوں کے علاوہ ایک سب انسپکٹر بھی تھا جس نے مشتاق چنگیزی اور رام لال کی لاشوں پر نظریں ڈالیں پھر گھورتا ہوا بولا۔ "آپ ان دو لاشوں کے ساتھ کمرے میں کیا کررہی تھیں؟"

"لوگوں کا انتظار۔" میں نے بڑے سکون سے کہا اور ایک کرسی پر بیٹھ گئی۔

"آپ کا نام؟"

"میرا نام بانو۔"

میرا نام سن کر سارے ہی پولیس والے اُچھل پڑے اور اس سے پہلے کہ وہ سارے محکمۂ پولیس میں مشہور ہوتی جارہی تھی۔

"آپ... آپ صبیحہ بانو ہیں؟" انسپکٹر کے منہ سے نکلا۔

"کیا اس میں تعجب کیوں ہے؟"

"آپ وہی ہیں جو پولیس کو مطلوب ہیں۔"

"موصوفہ اس پی جبفر کو!" میں نے زہر خند کیا۔ "اگر آپ میں اطلاع کردیں۔"

"وہ تو کرنا ہی پڑے گی۔" انسپکٹر نے کہا اور پھر سب انسپکٹر سے مخاطب ہوا۔ "تم اس پی صاحب سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کرو۔" اس کے بعد انسپکٹر اپنے سپاہیوں کو ہدایات دینے لگا کہ ان لاشوں کے ساتھ کیا کچھ کرنا ہے۔

میں خاموشی سے ان کی تفتیش کا انداز دیکھتی رہی۔ مجھے صرف ایک بات کی فکر تھی۔ وہ تھی کہ ان کے آنے کے بعد یہ پولیس والے مجھے روکنے کی ہمت نہیں کرسکیں گے۔ میں چاہتی تھی کہ اب جلد از جلد اپنے گھر پہنچ کر سنگیتا سے ملاقات کرلوں۔ اسے رام لال کی موت کی اطلاع میں خود دینا چاہتی تھی۔ مجھے اندازہ تھا کہ یہ صدمہ اس کے لیے ناقابلِ برداشت ہوگا اور اس عالم میں اُس کو صرف میں ہی سنبھال سکتی تھی۔

رضوان جسٹس بشیر کو لے کر بہت جلد وہاں پہنچ گیا، میری توقع سے بھی زیادہ جلدی!... اور جسٹس بشیر کو دیکھ کر پولیس والے بوکھلا گئے۔ پھر ان کی بوکھلاہٹ میں گھبراہٹ بھی شامل ہوگئی جب جسٹس صاحب کسی اور سے مخاطب ہونے کی بجائے سیدھے میری طرف آئے اور پوچھنے لگے۔ "یہ کیا معاملہ ہے؟"

دوسری طرف رضوان کسی قدر سکتے کی سی حالت میں رام لال اور مشتاق چنگیزی کی لاشوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔ ظاہر ہے کہ وہ سب کچھ اس کے لیے بھی انتہائی غیر متوقع اور دھچکا پہنچانے والا ثابت ہوا ہوگا۔

میں جسٹس بشیر کی بات کے جواب میں کھڑی ہوگئی اور بولی۔ "ہم کسی دوسرے کمرے میں چل کر گفتگو کریں گے۔"

"چلیے!" جسٹس بشیر نے کہا اور پھر ایک دم مڑ کر انسپکٹر سے کہا۔ "آفیسر! آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں ہے؟"

"نو سر!" انسپکٹر الرٹ ہوگیا۔

"تھینک یو۔" جسٹس بشیر نے کہا اور پھر وہ میرے ساتھ برابر والے کمرے میں آگئے۔

میں نے دھیمی آواز میں انھیں ساری بات بتائی اور اس اعترافی نامے کا لب لباب بھی سنا دیا جو میں رام لال کی جیب سے نکال کر پڑھ چکی تھی۔

"تو یہ معاملہ ہے!" جسٹس بشیر کی پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں۔

"جنابِ والا!" میں نے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ آپ نے سارے معاملے کو سمجھ لیا ہوگا۔ اب میرے ذہن میں صرف یہ ایک اُلجھن باقی رہ گئی ہے کہ مشتاق چنگیزی نے صادق حبیب کو پاگل کیوں بنا رکھا تھا۔ غالباً یہ عقدہ اسی وقت کھل سکے گا جب صادق حبیب ذہنی طور پر درست ہوجائے۔"

جسٹس بشیر متفکرانہ انداز میں سر ہلا کر رہ گئے۔

"دوسری بات یہ کہ آپ نے سنگیتا کو تو دیکھ ہی لیا ہوگا!" میں بولی۔

"ہاں، وہ گھر پر آپ کی منتظر ہے۔"

"باپ کی خودکشی کی خبر اس کے لیے انتہائی ہولناک ہوگی۔ میں چاہتی ہوں کہ جاکر خود اسے بتاؤں اور اسے سنبھالوں۔ کیا یہ پولیس والے

مجھے جانے دیں گے؟"

"کیا یہ لوگ آپ کا بیان لے چکے ہیں؟"

"ابھی تو نہیں لیا!"

"خیر کوئی بات نہیں! وہ بعد میں بھی لیا جا سکتا ہے۔ آئیے!"

ہم واپس ڈرائنگ روم میں آئے اور جسٹس بشیر نے انسپکٹر سے کہا۔ "یہ ذرا اپنے گھر جا رہی ہیں۔ آپ ان کا بیان بعد میں لے لیجیے گا۔"

"یس..... سر.....!" انسپکٹر کچھ کہتے کہتے رہ گیا۔

"دراصل!" میں نے جسٹس بشیر سے کہا۔ "ان کو معلوم ہے کہ ایس پی جعفر صاحب میری تلاش میں ہیں۔"

"آپ اس کی فکر نہ کریں آفیسر!" جسٹس بشیر نے انسپکٹر سے کہا۔ "میں اس سلسلے میں آپ کے ایس پی صاحب سے گفتگو کر چکا ہوں۔ وہ ان صاحب کو لینے گئے ہوئے ہیں جنھوں نے بانو صاحبہ کے خلاف رپورٹ کرائی تھی۔ میں خود اس معاملے پر نظر رکھے ہوئے ہوں۔"

"تو پھر ٹھیک ہے سر!" انسپکٹر نے سعادتمندی سے کہا۔ "جیسا آپ مناسب سمجھیں، ویسا کریں۔"

"آپ جائیے!" جسٹس بشیر نے مجھ سے کہا۔

میں بہت تیزی کے ساتھ وہاں سے نکلی اور کار میں بیٹھ کر روانہ ہو گئی۔ پھر جیسے ہی میں نے عقب نما آئینے میں ٹریفک کا جائزہ لیا، میری نظر اس سرخ اسپورٹس پر پڑی۔

اوہ! میں نے ہونٹ بھینچ لیے۔ یہ کمبخت تو میرے لیے ایک مستقل خلش بن کر رہ گیا ہے۔ آخر یہ ہے کون؟ کیوں نہ پہلے اسی سے نپٹ لیا جائے!

میں نے فیصلہ کیا اور فوراً بریک لگا کر گاڑی روک دی۔



میری گاڑی کے رُکتے ہی سُرخ اسپورٹس بھی کچھ فاصلے پر رُک گئی تھی۔ میں نے اپنی گاڑی کے شیشے چڑھاتے ہوئے عقب نما آئینے پر نظر رکھی۔ مجھے اندازہ ہوا تھا کہ وہ نوجوان اپنی کار سے اترنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ میں اپنی گاڑی کو لاک کر کے چابی کے چھلے کو اپنی انگلی پر گھماتی ہوئی، سُرخ اسپورٹس کی طرف بڑھی۔ میں اس وقت ہر خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح چوکس تھی لیکن میں ہوں کہ میرے چہرے سے اطمینان ہی کا اظہار ہو رہا تھا۔ قدم اٹھا رہی تھی جیسے اچانک کسی واقف کار کو دیکھ کر رہی ہوں۔

اس وقت اس سڑک پر ٹریفک برائے نام ہی تھا۔ گنتی کی چند ہی گاڑیاں آ جا رہی تھیں۔

سُرخ اسپورٹس میں بیٹھے ہوئے نوجوان نے مجھے آتی ہوں تو وہ کچھ مضطرب ہو گیا۔ اس کے چہرے پر فی ظاہر ہونے لگی۔ وہ غالباً اتنا گھبرا گیا تھا کہ سے بھی نہ نکلا تھا لیکن میں نے اسے انجن اسٹارٹ کرتے ہوئے میں اب اس کی کھڑکی پر جھکی، اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سے پوچھ رہی تھی: "کیا بات ہے پیارے لڑکے! کیا تمھیں کار ... یا تم کسی اور کی ہدایت پر میرے پیچھے لگے ہو؟"

"جی... جی نہیں تو..." وہ گھبرا کر بولا۔ "میں تو آپ ... لگا... آپ کو... آپ کو غلط فہمی... ہوئی ہے۔"

"ہو سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے۔" میں نے بڑے اطمینان ہوتے کہا۔ "تو پھر شاید یوں ہو گا کہ میں ہی تمھارے آگے آ گئی ہوں۔ کوئی مسئلہ تو نہیں ہے؟"

"جی... جی ہاں... کیا عرض کر سکتا ہوں۔" نوجوان اب پسینے کی چمک نظر آنے لگی تھی۔ حالانکہ موسم گرم نہیں تھا۔

"بہتر ہو گا کہ تم اپنی گاڑی سے اترو۔" میں نے اپنا میں سختی پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "تاکہ ہم اطمینان سے گفتگو کر سکیں

نوجوان کے انداز سے بچکانہ پن صاف ظاہر تھا۔ میں سمجھ گئی تھی کہ اس لیا ہو گا کہ میری بات ماننے کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں ہے، ہم کھولنے لگا تو مجھے ذرا سا پیچھے ہٹنا پڑا۔ وہ کار سے اتر آیا۔ قریب سے دو ایک راہگیروں نے معنی خیز نظروں سے ہماری طرف دیکھا اور آگے نکل چلے گئے۔

نوجوان جب کار سے اتر آیا تو میں نے گہری نظر سے اس کا لیا۔ وہ کسرتی جسم اور مجھ سے کم قد کا مالک تھا۔ اس کے نقوش ذہانت مترشح تھی اور وہ کسی شریف گھرانے کا فرد معلوم ہوتا تھا میرے سامنے کھڑا مجھ سے نظر چرانے کی کوشش کرتا رہا۔

"تو تم میرا تعاقب نہیں کر رہے تھے؟" میں نے اسے گھور سرد لہجے میں سوال کیا۔

"کر رہا تھا۔" اس نے آہستہ سے جواب دیا۔

ایک گئی۔ اس کا یہ جواب میرے لیے غیر متوقع تھا۔ نوجوان ہوا نے کھڑا تھا جیسے "اعترافِ جرم" کے بعد شرمندہ ہو۔

"... میں نہ جانے کیا کہتے کہتے رُک گئی۔ وہ اس لمحے مجھے کچھ انظر آنے لگا۔

"آپ سے معافی کا خواستگار ہوں!" نوجوان نظر جھکائے ہوئے بولا۔ "غالباً مجھے یہ ناشائستہ حرکت نہیں کرنی چاہیے تھی۔ کیا ہی کر دیا، گی؟"

"تم نے ایسا کیا ہی کیوں؟"

بدلا تھا۔"

وہ!" میں چونک پڑی۔ میرے ذہن میں ایک بار پھر یہ خیال کسی اور نے میرے پیچھے لگایا ہے۔

"وہ بدستور دھیمے لہجے میں بولا۔

"کس نے مجبور کیا تھا؟" میں نے تیزی سے پوچھا۔

"دل نے۔"

میں حیرت سے مُنہ پھاڑ کر اس کی طرف دیکھتی رہ گئی۔

وہ نظر جھکائے کھڑا رہا۔

چند لمحے بعد غراتی: "اپنی بات کی وضاحت کرو۔"

میں وضاحت کروں!" نوجوان نے ٹھنڈا سانس لیا اور سر اٹھا کر گھورتے ہوئے کہا۔ "میں ابھی تک خود بھی اپنے جذبے کو میں سمجھ سکا ہوں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کو دیکھ کر مجھے صاحب! بس ایک آگ سی لگی ہوئی ہے دل میں! میں اس آگ کی نوعیت کو نہیں سمجھ سکا ہوں لیکن شاید یہ وہی بات ہو جو شبقتہ نے کہی ہے۔" اور اس نے شعر پڑھا۔

شاید اسی کا نام محبت ہے شبقتہ
اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی

میں اس طرح بوکھلا کر ایک قدم پیچھے ہٹی جیسے نوجوان نے کہ میرے مانھے پر دُم نکل آئی ہے۔

اللہ نے میری بوکھلاہٹ پر توجہ نہیں دی یا شاید اسے محسوس وہ خلا میں گھورتا ہوا بھرائی ہوئی سی آواز میں بولتا رہا۔

آپ کو اپنے گھر کے سامنے والے گھر میں پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔ وہ بہ کی چھوٹی بہن نے کرائے پر لیا ہو گا۔ میں نے آپ کو ایک کھڑکی اور آپ کو دیکھتے ہی... میرا وجود... میرا وجود... جیسے... ایک بے تاب شعلہ بن کر رہ گیا تھا... اگر واقعی محبت ہو گئی ہے تو اس پر حیران ضرور ہوں۔ آپ عمر میں مجھ سے بڑی ہیں۔ اگر مجھے محبت ہونا ہی تھی تو آپ کی چھوٹی بہن سے ہونا چاہیے تھی جو آپ کی تقریباً ہم شکل ہیں۔ آخر آپ ہی کو دیکھ کر میرے دل سے دُھواں کیوں اٹھا؟"

مجھے یوں لگا جیسے وہ نوجوان مجھے بیوقوف بنانے کی کوشش کر رہا ہو۔ میں اُسے گھورتی ہوئی بولی۔ "تم ایک اچھے اداکار معلوم ہوتے ہو۔"

اس وقت میں نے نوجوان کے چہرے پر کرب کے آثار دیکھے اور پھر وہ گلوگیر سی آواز میں بولا۔ "میں آپ سے درخواست کروں گا کہ میرے جذبے کی پزیرائی کیجیے یا نہ کیجیے لیکن خدا کے لیے اسے جھوٹا قرار دے کر مجھے اذیت نہ پہنچائیے!"

میں عجیب سی نظر سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔ مجھے اس پر حیرت بھی ہو رہی تھی اور غصہ بھی آ رہا تھا۔

"میرا خیال ہے۔" نوجوان پھر بولا۔ "مجھے اپنے دل سے شک دُور کر لینا چاہیے۔"

"کیا شک؟" میں بے اختیار پوچھ بیٹھی۔

"یہی کہ میرے جذبے کی نوعیت کیا ہے۔" نوجوان نے کہا۔ "اس کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا کہ مجھے آپ سے محبت ہو گئی ہے۔"

"ہوں!" میں ہونٹ بھینچ کر اُسے گھورنے لگی۔ "تم اب بھی نیڈر سے دودھ پیتے ہو یا تمھارے دودھ کے دانت ٹوٹ چکے ہیں؟"

"آپ جس طرح چاہیں۔ میرا مذاق اڑائیں، میرے جذبے میں اب کوئی فرق نہیں آ سکتا۔" نوجوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "یہ بات تو ابھی میں خود ہی کہہ چکا ہوں کہ میری اور آپ کی عمر میں بہت زیادہ تفاوت ہے۔ آپ مجھ سے بڑی ہیں لیکن دنیا میں اس قسم کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔"

اس سے پہلے کہ وہ میرا وقت برباد کرنے کے لیے مثالیں بھی بیان کرنا شروع کرتا، میں ہاتھ اٹھا کر بولی۔ "سنو! تمھارا نام کیا ہے؟"

"ابریز۔"

"ابریز؟ بڑا عجیب نام ہے!"

"میری ماں ایک عرب خاتون تھیں۔ میرا نام انھی نے رکھا تھا اور وہ میری بہت کم عمری میں انتقال کر گئیں۔"

"اور تمھارے والد؟"

"وہ فیڈرل گورنمنٹ میں سیکریٹری ہیں۔"

میں اس سے یہ بھی پوچھنا چاہتی تھی کہ وہ کس محکمے کے سیکریٹری ہیں؟ لیکن پھر اچانک مجھے وقت کے ضیاع کا خیال آیا۔ مجھے جلد از جلد اپنے گھر پہنچنا تھا جہاں سنگیتا میری منتظر تھی۔

ابریز کی شخصیت ابھی مجھ پر واضح نہیں ہو سکی تھی لیکن اس مسئلے کو میں

نے پھر کسی وقت کے لیے اٹھا رکھنا مناسب سمجھا۔ میں نے واپسی کا قصد کیا اور بولی: "تمہاری احمقانہ باتوں نے میرے دماغ کو خاصا پراگندہ کر دیا ہے۔ بہرحال اب میں جا رہی ہوں۔ یہ یاد رکھو کہ اگر تم نے میرے تعاقب کا سلسلہ جاری رکھا تو میں تمہاری عجلت سمیت جہنم رسید کر دوں گی۔"

ابریز مجھے خالی خالی آنکھوں سے دیکھنے لگا۔ میں نے اس کے چہرے پر مایوسیت محسوس کی اور جھرجھری سی لے کر رہ گئی۔ کیا واقعی یہ نوعمر لڑکا مجھ سے محبت کرنے لگا ہے؟

میں اپنے ذہن میں اس سوال کو لپیٹتے ہوئے ایک جھٹکے سے مڑی اور اپنی کار کی طرف بڑھی۔ میں نے چابی سے دروازہ کھولا اور ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر اتنی زور سے دروازہ بند کیا جیسے ٹرک کا دروازہ بند کرتے ہیں۔ میں اس وقت کچھ ایسی ہی ذہنی کیفیت سے گزر رہی تھی۔ یوں تو بہت سے مردوں نے مجھے بعض اوقات بیوقوف بنانے کی کوشش کی تھی لیکن اس نوجوان کا اظہارِ محبت میرے لیے ایک سنسنی خیز تجربہ تھا۔

کار اسٹارٹ کر کے میں نے اسے تیزی سے دوڑا دیا اور عقب نما آئینے پر نظر رکھی۔ کچھ دیر بعد مجھے یقین ہو گیا کہ وہ نوجوان میرے تعاقب میں نہیں ہے جس نے اپنا نام ابریز بتایا تھا۔

جب میں گھر پہنچی تو رضیہ اور سنگیتا، ڈرائنگ روم میں میری منتظر تھیں۔ سنگیتا مجھے دیکھتے ہی کھڑی ہو گئی۔ رضیہ مجھے اس طرح دیکھ رہی تھی جیسے آنکھوں ہی آنکھوں میں مجھ پر سوالات کی بوچھار کر رہی ہو لیکن میری لب کشائی سے پہلے ہی سنگیتا بول پڑی۔ "بانو! میں بہت دیر سے آپ کا انتظار کر رہی ہوں۔ آپ فوراً میرے ساتھ چلیں۔"

"کہاں؟" میں نے اس سے پوچھا اور رضیہ کو اشارہ کیا کہ ڈرائنگ روم سے چلی جائے۔

"میرے گھر۔" سنگیتا نے مجھ سے کہا۔ "مجھے خوب احساس ہے کہ پتاجی کا رویہ آپ کے لیے بہت اہانت آمیز تھا جس کے بعد آپ دوبارہ وہاں جانا پسند نہیں کریں گی لیکن میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ اب ایسا نہیں ہوگا۔ پتاجی بہت شرمندہ ہیں۔ اب صورتِ حال بدل چکی ہے۔"

صورتِ حال واقعی بہت بدل چکی تھی لیکن سنگیتا کو اس کے بارے میں کچھ بھی نہیں معلوم تھا۔ رام لال نے خودکشی کر لی تھی اور خودکشی کرنے سے پہلے وہ شاق چنگیزی کو قتل کر چکا تھا۔ سنگیتا ان باتوں سے بے خبر تھی اور مجھے اپنے گھر لے جانا چاہتی تھی۔

"بیٹھ جاؤ!" میں نے اتنا کہہ کر سنگیتا کے شانوں پر دباؤ ڈالتے ہوئے کہا۔

رضیہ ڈرائنگ روم سے جا چکی تھی۔

"بانو!" سنگیتا نے اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر کانپتی ہوئی آواز میں کہا۔ "میرے دل کی دھڑکنیں تیز ہوتی جا رہی ہیں۔ آپ جو ناخوشگوار اطلاع سنانے والی ہیں وہ مجھے جلد از جلد سنا دیجیے۔"

"تم بڑی سے بڑی اطلاع ہمت سے سن سکو گی؟" میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"میں کوشش کروں گی۔" سنگیتا نے جھجکتی ہوئی آواز میں کہا۔

"اعدہ کرو کہ تم خود کو سنبھالنے کی پوری کوشش کرو گی!"

"میں وعدہ کرتی ہوں۔" سنگیتا کی آواز کانپنے لگی۔

میں اتنی باتیں محض اس لیے کر رہی تھی کہ سنگیتا وہ بری خبر سننے کے ذہنی طور پر کچھ آمادہ ہو جائے۔ ویسے یہ بات بھی طے ہے کہ اس قسم کی خبر کوئی شخص بھی پورے صبر و تحمل سے نہیں سن سکتا۔ ایسے غیر متوقع حالات انسان کو ہلا کر رکھ دیتے ہیں پھر بھی یہ ضروری ہے کہ اپنی سمائے سے پہلے اس خبر سننے والے کو کسی حد تک آمادہ کر لیا جائے۔

میں نے اپنا ایک بازو سنگیتا کی گردن میں حمائل کر دیا اور اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی بولی۔ "جان! میں اس وقت ایک لاش دیکھ کر آ رہی ہوں۔ ایک مقتول شخص جو تمہارا نامزد بھائی تھا۔"

سنگیتا پھٹی پھٹی آنکھوں سے میری طرف دیکھنے لگی۔

میں نے وضاحت کی: "مشاق چنگیزی تمہارا نامزد بھائی تھا سنگیتا!"

تمہارے باپ نے اس راز کو چھپانے کے لیے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا تھا مگر جب انھوں نے محسوس کیا کہ ان کے سارے کیے کرائے پر پانی پھر رہا ہے اور بدنامی ان کا مقدر بن گئی ہے تو انھوں نے مشاق چنگیزی کے جارحانہ گولی مار دی۔"

"نہیں!" سنگیتا کے منہ سے چیخ نکل گئی۔

"ہاں جان!" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "انھوں نے تم کو گھر سنبھالنے کے لیے میری طرف بھیج دیا۔ وہ آخری وقت تک اس بات کے پابند نہیں تھے کہ اس موضوع پر مجھ سے بات کریں۔ ان کا اشتعال اس حد تک پہنچ گیا تھا کہ انھوں نے مشاق چنگیزی کو قتل کر دیا۔ اب تم خود سوچو قدم اٹھا کر انھوں نے کتنی بڑی حماقت کی ہے۔ تم کو اس دنیا میں اکیلا چھوڑ دیا ہے۔ ظاہر ہے کہ قاتل کو اس کے کیے کی سزا ملتی ہی ہے۔ تمہارے والد بھی اس بات کو سمجھتے تھے لہٰذا وہ اس سزا سے بچنے کے لیے از خود قدم اٹھا بیٹھے۔"

"گگ... کیا!" سنگیتا ہکلائی۔

"انھوں نے..." انھوں نے۔" میں رک رک گئی۔

"کیا کیا انھوں نے؟" سنگیتا نے میرا ایک شانہ پکڑ کر جھنجھوڑ ڈالا۔

"بانو! میں..." سنگیتا نے کہنا چاہا۔

"بیٹھو تو!" میں نے اس کی بات کاٹ دی اور صوفے پر بیٹھ گئی۔ سنگیتا بدستور کھڑی رہی تھی۔ اس کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹا اور اسے اپنے برابر میں بٹھایا۔

"بانو!" سنگیتا نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "میں آپ کو یہ بتاتی ہوں کہ اب آپ پتاجی کے رویے کو بہت برا وہ آپ کے بارے میں بہت شرمندہ ہوئے تھے۔"

"انھوں نے تم سے کیا کہا تھا کہ تم یہاں..."

"وہ کچھ دیر تو سوچ میں ڈوبے رہے تھے اور پھر مجھ سے مخاطب ہو کر کہا تھا کہ وہ اپنی اس غلطی پر پشیمان ہیں۔ مجھے ہدایت کی تھی کہ میں فوراً آپ کو لے کر آؤں اور اللہ کرتے ہوئے آپ کو یہ بھی بتاؤں کہ اب وہ آپ کے لیے تیار ہیں۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلایا۔ "میرا بھی یہی خیال تھا کہ وہ کچھ اسی قسم کی باتیں کہی ہوں گی۔"

"آپ کو یہ خیال کیسے آ گیا؟" سنگیتا حیرت سے بولی۔

"حالات کی بنا پر۔"

"کیسے حالات؟"

میں فوراً کچھ نہ کہہ سکی۔ میری سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ اس کے باپ کی موت کے بارے میں کیسے بتاؤں۔ میرا وہ جبر کر کچھ اپنی کھانے لگے گی۔ میں نے ٹھنڈا سانس مجھے افسوس ہے کہ میں اس وقت تمہیں ایک ناخوشگوار اطلاع مجبور ہوں۔"

"ناخوشگوار!" سنگیتا کے منہ سے نکلا اور اس کے چہرے بدل گئی۔ اس نے بے اختیار اپنے دونوں ہاتھ میرے شانے اور کانپتی ہوئی آواز میں بولی۔ "کیا ہوا بانو! کیا اطلاع ہے آپ

"ایک ایسی اطلاع جس سے تمہیں صدمہ پہنچے گا۔" میں نے لیا۔

"آپ تمہید کیوں باندھ رہی ہیں!" سنگیتا نے بے بدلتے ہوئے کہا۔

"اگر سوچو تو یہ ساری زندگی ایک تمہید ہی تو ہے۔" پر آویزاں ایک پینٹنگ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "اس تمہید اصل کہانی شروع ہوتی ہے۔ صرف موت ہی ایک اٹل حقیقت کائنات کی ہر ذی روح شے اس کی تمہید جو قدرت نے باندھ

میں نے سنگیتا کے چہرے پر پانی کے چھپکے مارے اور اس کے مُنہ میں بھی پانی ڈالنا چاہا۔ اس کے دانت بہت سختی سے ایک دوسرے پر جمے ہوئے تھے اس لیے بہت کم پانی اس کے حلق سے اتر سکا اور باقی اس کی باچھوں سے بہہ گیا لیکن وہ ہوش میں آگئی۔ ہوش میں آتے ہی وہ ایک جھٹکے سے اُٹھی اور چیخ کر بولی: "مجھے پتاجی کے پاس لے چلو!"

میں نے ایک بار پھر اُسے اپنے بازوؤں کے حصار میں لے لیا اور کہا۔ "خود کو سنبھالو سنگیتا جان!"

"میں اپنے پتاجی کے پاس جاؤں گی" بانو! سنگیتا نے روتے ہوئے کہا۔

"میں تمھیں لے چلوں گی لیکن پہلے تم خود کو سنبھالو!"

"میں... میں... ٹھیک ہوں... بالکل ٹھیک ہوں۔"

لیکن وہ بالکل غلط کہہ رہی تھی۔ اس کا انداز قطعی مجنونانہ تھا۔ میں اس سے کچھ کہنے ہی والی تھی کہ فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ رضیہ نے جلدی سے فون کے قریب جاکر کال ریسیو کی اور پھر پلٹ کر مجھ سے کہا: "رضوان آپ سے بات کرنا چاہتا ہے باجی!"

میں نے رضیہ کو اپنے قریب آنے کا اشارہ کیا اور وہ ریسیور کو کریڈل سے الگ رکھ کر میرے پاس آگئی۔ میں نے آنکھوں ہی آنکھوں میں اس سے کہا کہ وہ سنگیتا کو سنبھالے۔

رضوان کی وہ کال قطعی غیر متوقع تھی لہٰذا میرا خیال تھا کہ وہ ضرور کوئی اہم اطلاع دینا چاہتا ہوگا۔ میں سنگیتا کو رضیہ کے حوالے کرکے فون کے قریب گئی اور ریسیور اٹھا کر ماؤتھ پیس میں بولی: "ہیلو! بانو اسپیکنگ۔"

"میں مشتاق چنگیزی ہی کے گھر سے بول رہا ہوں۔ ابھی ابھی ظہور پزیر ہونے والے واقعے کی بنا پر میں نے محسوس کیا ہے کہ حالات ایک بار پھر ہمارے لیے ناموافق ہوچکے ہیں۔"

"کیسے؟"

"جسٹس بشیر کے لیے ابھی ابھی ایک فون کال آئی تھی۔۔۔"

"وہاں؟ میں رضوان کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی تعجب سے بول اٹھی۔

"ہاں" رضوان نے کہا: "یہ واقعی ایک حیرت انگیز بات ہے۔ آخر کسی کو کیسے معلوم ہوا کہ جسٹس بشیر وہاں ہیں اور۔۔۔ بخیر وہ کال ایسی تھی جس نے جسٹس بشیر کا موڈ بہت خراب کردیا ہے۔ وہ مجھے بتا رہے تھے کہ انھیں اس معاملے میں دخل اندازی کرنے سے روکا گیا ہے۔"

"اوہ!" میرے مُنہ سے نکلا۔ "کس نے روکا ہے؟"

"یہ تو جسٹس صاحب نے نہیں بتایا لیکن وہ غصّے میں بڑبڑا رہے تھے کہ وہ کل ہی مستعفی ہوجائیں گے۔"

اس سے پہلے کہ میں کچھ کہتی ایک ملازمہ ڈرائنگ روم میں آئی اور بلند آواز میں بتایا کہ پولیس آئی ہے۔

میں نے جلدی سے ماؤتھ پیس میں کہا: "رضوان! ذرا ٹھہرو، مجھے پھر فون کرنا۔"

میں نے جواب سُنے بغیر سلسلہ منقطع کردیا اور ملازمہ سے پوچھا: "ایس پی جعفر ہے؟"

"جی ہاں" ملازمہ نے جواب دیا۔

میرا دماغ تیزی سے کام کرنے لگا۔ رضوان نے مجھے "ہم" کہا تھی، اس کا پس منظر کسی حد تک میری سمجھ میں آچکا تھا۔ جسٹس بشیر بہت ہی اعلیٰ سطح سے دباؤ ڈالا گیا تھا کہ وہ خود کو اس معاملے سے الگ کرلے اور وہ دباؤ ڈالنے والی شخصیت خان آف کالا گوٹ کے علاوہ کوئی اور ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ مجھے اس کا اندازہ شروع ہی سے تھا کہ وہ ایک بارسوخ آدمی ہے اور اس سے ٹکراؤ مجھے ناکوں چنے چبوا دے گا۔ میں نے یہ بات نہیں سوچی تھی کہ وہ اتنی تیزی سے بھی سرگرم ہوسکتا ہے۔

اتنے میں ایک اور ملازمہ ڈرائنگ روم میں آئی۔ اس نے بتایا: "پولیس آفیسر پوچھ رہا ہے کہ جسٹس صاحب کہاں ہیں؟"

"جسٹس صاحب کو پوچھ رہا ہے؟" میں نے حیرت سے کہا۔

"جی ہاں۔"

اب میں یہ سوچنے پر مجبور ہوگئی کہ ایس پی جعفر ابھی اس صورتِ حال سے باخبر نہیں ہوسکا تھا کہ جسٹس بشیر کو دباؤ میں لایا گیا ہے۔ میں نے سنگیتا اور رضیہ کی طرف دیکھا۔ سنگیتا کی آنکھوں اشک رواں تھے اور وہ ابھی خود کو پوری طرح نہیں سنبھال پائی تھی اتنی جلدی یہ ممکن بھی نہیں تھا۔

میں ڈرائنگ روم سے نکل کر برآمدے میں پہنچی جہاں ایس پی اور دوسرے پولیس والے موجود تھے۔ مجھے اُن کے ساتھ ارباب مہتاب نظر نہیں آیا حالانکہ جسٹس بشیر کی ہدایت پر ایس پی جعفر اسی کو لینے گیا تھا۔

"فرمائیے!" میں نے ایس پی جعفر کی طرف دیکھتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"جسٹس صاحب کہاں ہیں؟" ایس پی جعفر کی آواز بالکل بھاری تھی۔

"وہ ذرا آرام کررہے ہیں اور پوچھ رہے ہیں کہ کیا آپ چنگیزی کو لے آئے؟"

"وہ اس وقت اپنے گھر پر نہیں ہے۔ کہیں گیا ہوا ہے۔"

"یہ اسی بات کی توقع تھی۔" میں نے کچھ تھکے ہوئے لہجے میں کہا۔

صورتِ حال یہ تھی کہ جسٹس صاحب کا کہنا ہے کہ آپ بھی اپنے گھر تشریف لے جائیں اور آرام کریں۔ غالباً کل تک سارا معاملہ صاف اور واضح ہوجائے گا۔"

ایس پی جعفر نے مجھے کینہ توز نظروں سے دیکھا لیکن کچھ بولا نہیں۔

اس نے مڑا اور باقی پولیس والوں کو لے کر وہاں سے رخصت ہوگیا۔

ان لوگوں کے جاتے ہی میں تیزی سے ڈرائنگ روم میں گئی اور رضیہ سے کہا: "رضیہ! مجھے ایک بار پھر روپوش ہونا پڑے گا۔"

"کیوں؟" رضیہ نے چونک کر پوچھا۔

"حالات کچھ ایسے ہی ہوگئے ہیں۔ اعلیٰ سطح سے دباؤ ڈال کر جسٹس بشیر کو دست بردار کیا گیا ہے۔ ایس پی جعفر کو ابھی اس صورتِ حال میں لیکن جلد ہی ہوجائے گا اور وہ ایک بار پھر مجھ پر چڑھ دوڑے گا۔ سب کچھ ہونے سے پہلے مجھے ایک بار پھر روپوش ہوجانا پڑے گا۔ صادق حبیب اور کفیل رضا کی دماغی حالت پوری طرح ٹھیک نہیں ہوجاتی، میری پوزیشن صاف نہیں ہوسکتی۔ میں چاہتی ہوں ساتھ اُن دونوں کو بھی یہاں سے نکال لے جاؤں۔ تم اپنے دو ہوں کو بھی میرے ساتھ کردو۔ میں تمھاری وہ وین بھی لے جاؤں گی۔ اس کرائے پر لے رکھی ہے۔"

"میں ابھی بندوبست کیے دیتی ہوں۔" رضیہ کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "آپ جائیں گی کہاں؟"

"میں تمھیں جلد از جلد اس بارے میں اطلاع دے دوں گی۔"

رضیہ ڈرائنگ روم سے چلی گئی تو میں نے سنگیتا کی طرف توجہ دی۔ وہ کے بستے پر مُنہ دونوں ہتھیلیوں سے ڈھانپے سسکیاں لے رہی تھی۔

"اب صبر کرو جان!" میں نے آہستگی سے اس کے شانے پر ہاتھ رکھ

سنگیتا اُٹھ کر مجھ سے لپٹ گئی اور بدستور روتی ہوئی بولی۔ "جلدی ممبر آسکتا ہے بانو؟"

میں اس بات کے جواب میں کچھ نہ کہہ سکی۔

سنگیتا پھر بولی: "بانو! میں اتنی منحوس ہوں کہ میری وجہ سے نہ جانے کن کن مصیبتوں میں پھنس گئی ہیں۔"

"میں کسی مصیبت میں نہیں پھنسی۔" میں نے اس کے شانے پر تھپکی دیتے ہوئے کہا: "تم اس سلسلے میں اپنے ذہن پر بالکل دباؤ نہ ڈالو!"

"آخر یہ سب... ہوگیا رہا ہے؟" اس نے سسکیاں لیتے ہوئے

"میں ایک آدھ دن میں سب ٹھیک ہوجائے گا۔"

"آپ کہیں... جارہی ہیں؟"

"ہاں، لیکن تم فکرمند نہ ہو۔ رضیہ تمھارا خیال اسی طرح رکھے گی جس طرح میں رکھ رہی ہوں۔ میں بھی تمھاری طرف سے بے خبر نہیں رہوں گی۔ ویسے بھی اب تم میری ذمّے داری بن چکی ہو۔ تمھارے پتاجی نے بھی خود کو کرنے سے پہلے اس بات کا اظہار کیا تھا کہ اب میں ہی تمھارا آخری سہارا ہوں۔"

"میں... میں... پتاجی کی لاش... اب کس طرح دیکھ سکوں گی؟" سنگیتا کے آنسو جو رُکنے لگے تھے، یہ بات کہتے ہوئے پھر تیز ہوگئے۔

"رضیہ تمھیں وہاں لے جائے گی۔ میں اس سے کہہ دوں گی۔"

ٹھیک اسی وقت رضیہ وہاں آگئی اور بولی: "پورچ میں وین آپ کی منتظر ہے۔ وہ آپ کے بیٹھتے ہی حرکت میں آجائے گی۔"

رضیہ نے حیرت انگیز تیزی سے سارا کام مکمل کردیا تھا۔

"اچھا، اب میں چلتی ہوں۔" میں نے سنگیتا کی پیشانی چومتے ہوئے کہا اور پھر رضیہ سے بولی: "تم سنگیتا کو مشتاق کے گھر لے جاکر اسے اس کے پتاجی کا چہرہ دکھا دینا۔"

"بہتر ہے۔"

پھر میں نے اُن دونوں کو ڈرائنگ روم میں چھوڑا اور تیزی سے باہر آگئی۔

پورچ میں کھڑی ہوئی وین کی ڈرائیونگ سیٹ پر میں نے جوناتھن کو بیٹھے دیکھا۔ میں اس کے برابر والی سیٹ پر بیٹھ گئی۔

"بس نکل چلو!" میں نے کہا۔ میں نے اس سے کفیل رضا اور صادق حبیب کے بارے میں کوئی سوال نہیں کیا تھا۔ مجھے یقین تھا کہ وہ وین کے پچھلے حصّے میں ہوں گے اور اُن کے ساتھ جوناتھن کا کوئی ساتھی بھی ہوگا۔

وین حرکت میں آئی اور جب وہ پھاٹک سے نکل رہی تھی تو جوناتھن کو اچانک بریک لگانا پڑا۔ اگرچہ ایسا ہنگامی نوعیت کا حادثہ نہ یقینی تھا۔ ایک کار اچانک وین کے سامنے آگئی تھی۔ وین کی ہیڈ لائٹس اس کار کو پوری طرح نمایاں کررہی تھیں۔ میں نے بڑی حیرت سے دیکھا کہ وہ کار مشتاق چنگیزی کی تھی لیکن اس کا رکا درازہ کھول کر اترنے والا رضوان تھا۔ وہ تیزی سے وین کی طرف آیا اور میری طرف کی کھڑکی کے قریب پہنچ کر بولا: "پولیس کہاں ہے؟"

"کیسی پولیس؟"

"میں نے ٹیلیفون پر آپ کی کسی ملازمہ کی آواز سُنی تھی جس نے بتایا تھا کہ پولیس آگئی ہے۔"

"ہاں۔ ایس پی جعفر آیا تھا اور جسٹس بشیر سے ملنا چاہتا تھا لیکن میں نے اُسے ٹال دیا۔"

"اور وہ ٹل گیا؟" رضوان حیرت سے بولا۔

"ہاں۔ تمھیں اس پر حیرت کیوں ہے؟"

"دراصل جب میں نے جسٹس بشیر کو یہ بات بتائی تھی تو انھوں نے خیال ظاہر کیا تھا کہ اب ایس پی جعفر آپ کو ضرور گرفتار کرے گا۔"

"میں سمجھتی ہوں کہ ابھی اسے اس بات کا علم نہیں ہوا ہوگا کہ اس معاملے پر جسٹس بشیر کی گرفت ڈھیلی پڑ چکی ہے لیکن جلد ہی اُسے اس بات کا پتا چل جائے گا اور وہ ایک بار پھر مجھ پر چڑھ دوڑے گا۔ اسی اندیشے کے تحت میں نے مناسب یہی سمجھا کہ فوراً یہاں سے غائب ہو جاؤں۔"

"اب آپ کو غائب ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ جسٹس بشیر نے مجھے نوری طور پر اس لیے بھیجا تھا کہ میں کسی طرح ایس پی جعفر کو کچھ دیر کے لیے اُلجھا لوں اور وہ آپ کو گرفتار کر کے لے جا سکے۔"

"اس سے کیا ہوتا؟"

"جسٹس بشیر نے کہا تھا کہ وہ اب بھی کسی بچے کی طرح بے بس تو نہیں ہوئے ہیں۔ وہ دوسرے ذرائع سے آپ کا ضمانت نامہ قبل از گرفتاری حاصل کر لیں گے۔"

"مگر کب؟"

"وہ خود ہی ضمانت نامہ قبل از گرفتاری لے کر بہت جلد یہاں پہنچ جائیں گے۔"

"اوہ! تو پھر مجھے روپوش ہونے کی ضرورت نہیں؟"

"قطعی نہیں۔"

میں نے جوناتھن سے کہا کہ وہ وین کو ریورس کر لے۔

وین ایک بار پھر پوٹج میں جا رکی اور میں نے جوناتھن سے کہا کہ وہ کفیل رضا اور صادق حبیب کو اُن کے کمرے میں پہنچا دے پھر میں وین سے اُتر پڑی۔ رضوان تیزی سے چلتا ہوا میرے قریب آیا اور بولا۔ "میں جا رہا ہوں۔ کچھ دیر میں آؤں گا۔"

"کہاں جا رہے ہو؟"

"میں عجلت میں مشتاق چنگیزی کی کار لے بھاگا تھا۔ اب اسے واپس پہنچا کر ٹیکسی میں آؤں گا۔"

"اچھا، ٹھیک ہے۔"

"اگر دوبارہ پولیس کی یلغار ہو تو آپ انھیں کسی طرح اُلجھا کر کچھ وقت گزار دیجیے گا۔ اتنی دیر میں جسٹس بشیر یہاں پہنچ ہی جائیں گے۔"

"تم اس کی فکر نہ کرو۔ پولیس آئی تو میں ایک گھنٹہ تو لگا ہی دوں گی۔" یہ کہتے ہوئے میں مسکرا دی تھی۔ رضوان بھاگ پڑا۔ گیا تھا اس لیے وہ مسکراہٹ نہ دیکھ سکا۔ وہ نہ کرتا۔ وہ مسکراہٹ میرے ہونٹوں پر اس خیال سے آئی تھی کہ باتھ روم میں جا گھسوں تو پولیس اس کے سوا کیا کر سکتی روم سے میرے نکلنے کا انتظار کرے۔

میں نے رضوان کو پھاٹک سے نکلتے دیکھا اور پھر ڈرائنگ روم میں داخل ہو گئی۔

رضیہ ابھی تک سنگیتا کو تسلی تشفی دے رہی تھی کہ تعجب سے بولی۔ "آپ گئی نہیں!"

"اب اس کی ضرورت نہیں رہی۔"

"کیوں؟"

میں نے اسے مختصراً وہ ساری باتیں بتا دیں جو مجھے معلوم ہوئی تھیں۔

"اچھا تو اب آپ یہاں رُکیں!" رضیہ اٹھتی ہوئی بولی۔ "ذرا جا کر دیکھ لوں کہ صادق حبیب اور کفیل رضا کو مناسب کمرے میں پہنچا دیا گیا یا نہیں!"

"ٹھیک ہے۔ دیکھ آؤ۔"

رضیہ چلی گئی اور میں سنگیتا کے پاس بیٹھ گئی جس کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں اور چہرے سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ وہ بڑی دیر اپنے آنسوؤں کو روکے ہوئے ہے۔

"مجھے لے کر نہیں چلیے گا بانو!" وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔

"تم رضیہ ہی کے ساتھ جانا۔ مجھے یہاں رُکنا ہے۔"

"آپ کو پولیس سے بچنا ہے نا؟"

"ہاں۔"

"تو پھر بہتر نہ ہوگا کہ آپ گھر پر ہی نہ رہیں؟"

"ہاں یہ ایک صورت ہو سکتی ہے لیکن مجھے جسٹس بشیر کا کام کرنا ہے۔ وہ میرا ضمانت نامہ قبل از گرفتاری لے کر یہیں پہنچیں گے۔"

سنگیتا آہستہ سے سُر ہلا کر چُپ ہو گئی۔ اس کی نگاہ فرش پر جمی ہوئی تھی۔ میں نے مناسب نہیں سمجھا کہ اب تسلی تشفی کا کوئی لفظ تم کے الفاظ بھی انسان کو رُلا دیتے ہیں۔

کچھ دیر میں رضیہ لوٹ آئی اور بولی۔ "سب ٹھیک ہو گیا ہے۔ دونوں کو ان کے کمروں میں پہنچا دیا گیا ہے۔"

"اب تم سنگیتا کو مشتاق چنگیزی کے گھر لے جاؤ!"

میرے یہ کہتے ہی سنگیتا بڑی بے تابی سے کھڑی ہو گئی۔ میں اسے اندیشہ کو چھوڑنے کے لیے برآمدے تک گئی۔ اُن کو رخصت کر کے واپس ڈرائنگ روم میں آئی اور ملازمہ سے کافی بنانے کے لیے کہا۔ میں نے ابھی کھانا نہیں کھایا تھا مگر کھانے کی خواہش بھی نہیں تھی۔ تکان دُور کرنے کے لیے کافی ہی کی ضرورت کا احساس ہوا تھا۔

دوسری ملازمہ کو میں نے یہ ہدایت کی کہ وہ برآمدے میں کھڑی رہے اور جیسے ہی پولیس کی گاڑی پھاٹک میں داخل ہوتے ہوئے دیکھے ہی اندر آ کر مجھے اس کی اطلاع دے۔

لیکن اس قسم کی کوئی ہنگامی صورت پیدا نہیں ہوئی۔ میں کافی پی رہی تھی جب بشیر آ گئے۔ ان کے چہرے سے صاف معلوم ہو رہا تھا کہ وہ بہت ہلکے ہیں اور غصے میں بھی ہیں۔ وہ میرا ضمانت نامہ لے کر آئے تھے۔ میں نے لیے بھی کافی بنائی اور بولی۔ "میں بے حد شرمندہ ہوں کہ آپ میری وجہ سے پریشانیوں میں پڑ گئے!"

"مجھے ان سب باتوں کی پروا نہیں ہے۔"

"یہ بات ظاہر تو ہو جائے گی کہ آپ ہی نے میرا ضمانت نامہ قبل از گرفتاری۔۔۔۔"

"ہو جائے ظاہر!" جسٹس بشیر نے جھلاتے ہوئے انداز میں میری بات کاٹ دی۔ "میں تو خود ہی یہ فیصلہ کر چکا ہوں کہ کل استعفا دے دوں گا۔"

"ملت ہیں تک پہنچی تھی کہ رضوان آ گیا۔

"ابھی پولیس نہیں آئی؟" اس نے پوچھا۔

"نہیں۔"

رضیہ اور سنگیتا کہاں ہیں؟" وہ اِدھر اُدھر دیکھتا ہوا بولا۔

رضیہ، سنگیتا کو اس کے باپ کی لاش دکھانے لے گئی ہے۔"

"مشتاق کے گھر؟"

"ہاں۔"

"لیکن اب تو لاشیں وہاں نہیں ملیں گی۔ میں جب وہاں سے چلا تھا دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہاسپٹل لے جانے کی تیاری کی جا رہی تھی۔"

"تو پھر وہاں سے ہو کے ہاسپٹل ہی چلی جائیں گی۔"

رضیہ اور رضوان کی باتوں کے دوران میں جسٹس بشیر کسی گہری سوچ میں ڈوبے رہے تھے۔

ایک ملازمہ بڑی تیزی سے ڈرائنگ روم میں آئی اور گھبرائے ہوئے انداز میں بولی۔ "پولیس والے آ رہے ہیں۔"

"آنے دو!" میں نے لاپروائی سے کہا۔ "تم خود انھیں یہاں۔"

ملازمہ دروازہ کھول کر نکل گئی تو پولیس کار کے رُکنے کی آواز دی۔ میں نے جسٹس بشیر سے کہا۔ "کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ آپ اندر کسی کمرے میں چلے جائیں!"

"نہیں! میں یہیں بیٹھا رہوں گا۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" جسٹس بشیر نے کہا۔

ملازمہ کے پیچھے پیچھے پولیس ڈرائنگ روم میں آئی۔ جسٹس بشیر وہاں موجود پا کر ایس پی جعفر کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار پیدا لیکن جلد ہی اُس نے خود اعتمادی بحال کر لی اور جسٹس بشیر ہی سے مخا ہو کر بولا۔ "سر! مجھے بے حد افسوس ہے۔"

"ارباب چنگیزی کو نہ لانے کا؟" جسٹس بشیر نے چبھتے ہوئے لہجے کہا۔

"ایس پی جعفر ایک بار پھر گڑبڑایا لیکن اس مرتبہ بھی جلد ہی سنبھ گیا اور بولا۔ "مجھے بہت اوپر سے یہ احکامات ملے ہیں کہ اس اسٹیج ارباب چنگیزی کو بالکل نہ چھیڑا جائے۔ دوسرے مجھے بہت سختی سے یہ حکم بھی ملا ہے کہ صحیح بانو کو گرفتار کر لوں۔"

"تم کل صبح اپنا کیس عدالت میں پیش کر دو۔ یہ حاضر ہو جائیں گے گرفتاری کی کیا ضرورت ہے؟"

"مجھے گرفتاری ہی کا حکم ملا ہے۔"

"اچھا تو پھر کر لو گرفتار۔" جسٹس بشیر نے لاپروائی سے کہا۔

اب ایس پی جعفر نے فاتحانہ انداز میں میری طرف دیکھا اور بڑے طمطراق سے بولا۔ "آپ خود کو زیرِ حراست سمجھیں۔"

"کچھ لے دے کر کام نہیں چل سکتا!" میں نے ہنس کر پوچھا۔

"جناب والا!" ایس پی جعفر نے احتجاج کرنے والے انداز میں جسٹس بشیر کی طرف دیکھا۔ "یہ آپ کے سامنے ہی مجھے رشوت کی پیشکش کر رہی ہیں اور یہ جرم ہے۔"

"تم ٹھیک کہہ رہے ہو!" جسٹس بشیر نے کہا اور مجھ سے بولے۔ "بانو آپ کو اپنے الفاظ واپس لینا ہوں گے۔" وہ بہت سنجیدہ تھے۔ ظاہر ہے کہ ان کے اندر کا جسٹس بیدار ہو گیا ہوگا۔

"آئی ایم سوری۔" میں نے انگریزی میں کہا اور پھر ایس پی جعفر سے بولی۔ "میں معافی چاہتی ہوں ایس پی صاحب!"

"آپ میرے ساتھ چلیں۔" ایس پی جعفر کا انداز تحکمانہ تھا۔

"میں ضرور چلتی لیکن میرے ساتھ ایک مجبوری آ پڑی ہے۔" میں

ایس پی سے تفتیش کیے رہی تھی۔

"قانون کسی مجبوری کو نہیں دیکھتا۔" ایس پی نے تلخی سے کہا۔

"میں قانونی مجبوری ہی کا ذکر کر رہی ہوں۔"

"کیا مطلب!"

"قانون نے مجھے پابند کیا ہے کہ میں گرفتار نہ ہوں۔"

"کیا آپ صرف معموں میں بات کرنے کی عادی ہیں؟" ایس پی غرایا۔

"میرے پاس فضول وقت بالکل نہیں ہے۔"

"تو پھر میری سننے کی بجائے صرف یہ ملاحظہ فرمالیجیے!" میں نے ضمانت مرتبل اگر فتاری اس کی طرف بڑھا دیا۔

اسی وقت رضوان اٹھا اور اندرونی دروازے کی طرف چلا گیا۔ اس نے آنکھوں ہی آنکھوں میں کچھ اشارہ بھی کیا جسے میں سمجھ نہیں سکی اور الجھن کا شکار ہو گئی۔

ضمانت نامہ قبل اگر فتاری دیکھ کر ایس پی جعفر کے چہرے کی رنگت بدل گئی۔ میں مسکراتی ہوئی اس کی طرف دیکھتی رہی۔

"یہ..... یہ کیسے!" جعفر کے منہ سے نکلا۔

"یہ جعلی نہیں ہے۔ آپ اچھی طرح اپنا اطمینان کر لیں۔"

"میرا مطلب ہے.....!"

"میرا خیال ہے کہ آپ اپنا مطلب بیان نہ کریں۔" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "ورنہ پھر آپ کو شکایت ہو گی کہ میں معموں میں باتیں کرتی ہوں۔"

ایس پی جعفر کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا۔ ظاہر ہے کہ اس نے ایک بار پھر شکست کھائی تھی لہٰذا اس کے کانچھ ردِ عمل ہونا ہی چاہیے تھا۔ اس نے ضمانت نامہ مجھے لوٹایا اور پھر قدرے تحت لہجے میں بولا۔ "کفیل رضا کہاں ہے؟"

اس سے پہلے کہ میں جواب میں کچھ کہتی رضوان ڈرائنگ روم میں لوٹ آیا اور جب اس نے میرے قریب آکر میرے کان میں کچھ کہا تب یہ بات میری سمجھ میں آئی کہ وہ اچانک اٹھ کر ڈرائنگ روم سے کیوں چلا گیا تھا۔

"کیا فرمایا آپ نے؟" میں نے ایس پی جعفر کی طرف دیکھا۔

"کفیل رضا کہاں ہے؟"

"آپ چاہتے کیا ہیں؟"

"میں اسے اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ وہ پولیس کی حفاظت میں رہے گا اور کل صبح اس کا کیس عدالت میں پیش کر دیا جائے گا۔ ارباب چنگیزی بھی وہاں موجود ہو گا اور پھر اگر عدالت مناسب سمجھے گی تو آپ کے نام جاری کر دے گی تاکہ آپ اگلی پیشی پر عدالت میں حاضر ہو سکیں۔" ایس پی جعفر نے کہا۔

"لیکن.....!"

"میں اس سلسلے میں کوئی عذر سننے کے موڈ میں نہیں ہوں۔ حاصل ہے کہ میں کفیل رضا کو دستیاب کرنے کے لیے اس گھر کی تلاشی لے سکتا ہوں۔"

"ارے صاحب آپ تو سب کچھ کر سکتے ہیں!" میں نے طنز کیا۔ یہ یقین میں کچھ اور کہنا چاہتی تھی۔

"کیسے؟"

"کفیل رضا یہاں نہیں ہے۔"

"وہ یہیں ہے۔" ایس پی جعفر نے زور دے کر کہا۔

"آپ غلط فہمی کا شکار ہیں۔" میں نے بہت سنجیدگی سے کہا اس موقع پر جسٹس بشیر نے عجیب سی نگاہ سے میری طرف دیکھا۔ بولے نہیں۔ وہ اس بات پر حیران ہوں گے کہ میں جھوٹ بول رہی ہوں۔

ایس پی جعفر یہاں کی تلاشی لے کر کفیل رضا کو دستیاب کر سکتا ہے لیکن حقیقت یہ تھی کہ میں نے جھوٹ نہیں بولا تھا۔ کفیل رضا واقعی میرے جیب میں تھا۔ وہ دونوں ہی اب میرے گھر میں نہیں تھے۔ رضوان نے اس کی ہوشیاری کا ثبوت دیا تھا۔ اس نے یہ بات محسوس کر لی تھی کہ یہ میری ناکامی ہونے کے بعد ایس پی جعفر کفیل رضا ہی پر دھاوا بولے گا۔ اسی لیے جیسے ہی رضوان ڈرائنگ روم سے اٹھ کر اندر گیا تھا اور اس نے موقع پا لیا تھا کہ وہ فوراً کفیل رضا اور صادق حبیب کو لے کر وہاں سے نکل جائے۔ اگر رضوان نے میرے کان میں یہ بات بتا دی تھی اور کہا تھا کہ میں ایس پی جعفر کو باتوں میں الجھائے رکھوں تاکہ جو اتنا وقت اتنی دیر میں دور نکل جائے۔

ایس پی جعفر نے بڑے غصے سے کہا۔ "میں کسی غلط فہمی کا شکار نہیں ہوں۔ آپ فوراً کفیل رضا کو میرے حوالے کر دیں۔"

"میرا خیال ہے کہ تلاشی لے کر ہی آپ کا اطمینان ہو سکے گا۔" کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "چلیے! تلاشی لے لیجیے۔"

پھر آدھے گھنٹے کے اندر اندر ایس پی جعفر کی حالت ایسی تھی۔ گھر کا چپا چپا دیکھنے کے بعد بھی جب کفیل رضا کا کوئی سُراغ نہ مل سکا تھا تو غصے سے اس کی گردن کی نسیں پھول گئی تھیں اور سُرخ ہو گیا تھا۔

"تم نے اسے پھر غائب کر دیا!" ایس پی جعفر دہاڑا۔

یہ انداز تخاطب ایسا تھا کہ میرے تن بدن میں آگ لگ گئی

"نہ کر کہا۔ "مسٹر ایس پی! اگر تہذیب کے بچے بھی تمہیں نہیں آتے تو فوراً اس گھر سے نکل جاؤ اور آئندہ کبھی یہاں قدم نہ رکھنا۔ اب یہاں سے فوراً رخصت نہ ہو گئے تو میں تمہیں دھکے دے کر نکلوا دوں گی۔"

"سنبھل جانو!" ایس پی غرایا۔ "تم جسٹس صاحب کے سامنے قانون کی دھجیاں بکھیر رہی ہو۔"

"ہاں۔" جسٹس بشیر نے بہت ٹھنڈے لہجے میں کہا۔ "انھوں نے قانون کے محافظوں کی بے عزتی کی ہے لیکن اگر انھوں نے پولیس کے عملے کی بے عزتی کی ہے تو میں گواہی دوں گا کہ پہل کرنے والا خود ان کا محافظ تھا۔"

جسٹس کی اس بات کے بعد ایس پی جعفر جھاگ کی طرح بیٹھتا چلا گیا۔

میں ابھی تک غصے میں تھی۔ میں نے دروازے کی طرف ہاتھ اٹھا کر اس سے کہا۔ "جاؤ! تم اب تک یہاں کیوں موجود ہو؟"

شدید توہین کے احساس سے ایس پی جعفر کا چہرہ سفید پڑ گیا۔ وہ ماتحتوں کے سامنے ذلیل ہونا پڑا تھا۔ وہ ایک جھٹکے سے روزے مڑا اور تیزی سے نکلتا چلا گیا۔ اس کے پیچھے پیچھے اس کے ساتھی بھی رخصت ہو گئے۔

میں دھم سے ایک صوفے پر بیٹھ گئی۔ میرا غصہ ابھی تک فرو نہیں ہوا تھا۔ میں اس لمحے یہ فیصلہ کر رہی تھی کہ ایس پی جعفر کو کچھ سزا اور دینی چاہیے۔

"آخر صادق حبیب اور کفیل رضا گئے کہاں؟" جسٹس بشیر حیرت سے بولے۔

جواب میں میں نے تو کچھ نہیں کہا لیکن رضوان نے انھیں ساری روداد سنا دی اور وہ سر ہلا کر بولے۔ "ٹھیک ہے، یہ اچھا ہے۔ اب لوگوں کو مشورہ دوں گا کہ کل آپ خود ہی ان دونوں کو عدالت کے حوالے کر دیں۔ مشتاق چنگیزی کے قتل ہی کے سلسلے میں ان دونوں کو طلب کیا جا سکتا ہے۔"

"میں انھیں اس وقت عدالت میں پیش کرنا چاہتی ہوں جب وہ ذہنی طور پر بالکل درست ہو جائیں اور ابھی یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کس حالت میں ہوں گے!"

"ہاں..... ہاں..... یہ بات بھی ٹھیک ہے۔" جسٹس بشیر نے سر ہلایا۔ "لیکن کیا آپ انھیں اس وقت تک پوشیدہ رکھ سکیں گی؟"

"میرا خیال ہے۔" رضوان بول پڑا۔ "دو تین روز تک پولیس کے ہی ان تک نہیں پہنچ سکیں گے۔"

"تو پھر ٹھیک ہے۔ اچھا اب میں چلتا ہوں۔" جسٹس بشیر کھڑے ہو گئے۔ میں اور رضوان بھی ان کے ساتھ کھڑے ہوئے۔ میں نے ان کے ساتھ ساتھ دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔ "ایک درخواست کرنی ہے آپ سے؟"

"ہاں ہاں، شوق سے کہیے!"

"آپ محض میری وجہ سے ان پریشانیوں میں پڑے ہیں اور آپ نے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ ایسا نہ کریں۔ میری بھی اب یہی کوشش ہے کہ میں اپنے سلسلے میں آپ سے کسی قسم کا تعاون نہ چاہوں۔ اس طرح آئندہ آپ پر اوپر والوں کا دباؤ نہیں پڑ سکے گا۔"

"نہیں جانو!" جسٹس بشیر نے گمبھیر آواز میں کہا۔ "میں یہ فیصلہ ہرگز نہیں بدل سکتا۔ میں نے آپ کے سلسلے میں کوئی غیر منصفانہ روپ نہیں اختیار کیا تھا۔ آئندہ بھی میں کسی کے سلسلے میں اس قسم کی دخل اندازی کر سکتا ہوں لہٰذا اس سے پہلے کہ دوبارہ مجھ پر اس قسم کا کوئی دباؤ پڑے اور میرا ضمیر مجروح ہو، میں اپنے عہدے سے دستبردار ہو جانا چاہتا ہوں۔ میرا یہ فیصلہ کسی قیمت پر نہیں بدل سکتا۔ جسٹس کوئی فیصلہ اس لیے نہیں کرتا کہ اسے بدلنا بھی پڑ سکے۔" جسٹس بشیر کے انداز میں اتنا استحکام تھا کہ پھر میں نے مزید کچھ کہنا مناسب نہیں سمجھا۔

"رضوان! تم جسٹس صاحب کو چھوڑ آؤ!" میں نے برآمدے میں پہنچ کر کہا اور پھر پورچ میں کھڑی ہوئی ایک کار دیکھ کر بولی۔ "اوہ! یہ کس کی گاڑی ہے؟"

"یہ اسی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی ہے جس سے میں ضمانت نامے کے کاغذات لے کر آیا ہوں۔ ڈرائیور بھی موجود ہے اس لیے رضوان صاحب کو زحمت میں نہیں پڑنا پڑے گا۔ میں چلا جاؤں گا۔"

"میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ آپ نے میری وجہ سے بہت زحمت اٹھائی۔"

"مجھے قطعاً زحمت نہیں ہوئی ہے۔ آپ بار بار یہ الفاظ زبان پر لا کر مجھے شرمندہ نہ کیجیے!"

اس کے بعد جسٹس بشیر رخصت ہو گئے۔ میں اور رضوان ڈرائنگ روم میں لوٹ آئے۔ رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "جسٹس بشیر ایک عظیم انسان ہیں۔"

میں نے اس خیال پر کوئی تبصرہ کرنے کی بجائے پوچھا۔ "کفیل رضا اور صادق حبیب کو تم نے کہاں منتقل کروایا ہے؟"

"وہ واقعی ایسی جگہ پہنچ چکے ہیں جہاں پولیس کے فرشتے بھی نہیں پہنچ سکتے۔ وہ ایک بہت بڑے آدمی کے گھر میں مہمان بنے ہوں گے۔"

"اس بڑے آدمی سے تمہارا کیا تعلق ہے؟"

"جب میں کرائم رپورٹر تھا تو اس بڑے آدمی کی کئی دکھتی رگیں میرے ہاتھ آگئی تھیں۔ اگر میں وہ راز افشا کر دوں تو وہ کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہے؟"

"تم اسے بلیک میل کرتے ہو؟" میں نے رضوان کو گھورا۔

"میں نے اس سے کبھی ایک پیسا بھی نہیں لیا۔" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔ "میں آپ کو پہلے بھی بتا چکا ہوں کہ میں صرف راشی اور بدعنوان افسروں کو بلیک میل کیا کرتا تھا اور اب بھی انہی کو بلیک میل کرتا ہوں ورنہ ملازمت چھوڑنے کے بعد تو بھوکے سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر چکا ہوتا۔"

"تو پھر اس بڑے آدمی کے راز تم نے اپنے پاس کیوں رکھ چھوڑے ہیں؟"

"محض اس لیے کہ اگر ضرورت پڑے تو اس سے کوئی ایسا کام لے سکوں جس سے اسے کوئی نقصان نہ پہنچے۔ جیسا کہ آج ہوا ہے۔ صادق حبیب اور کفیل رضا کے لیے اس آدمی کی کوٹھی سے بہتر گوشۂ عافیت اس وقت کہیں نہیں مل سکتا تھا۔"

"ہوں۔"

میں اور رضوان صوفوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے کچھ خیال آیا تو میں بڑبڑایا۔ "رضیہ اور سنگیتا ابھی تک نہیں لوٹیں۔"

رضوان اچانک کسی گہری سوچ میں ڈوب گیا تھا۔ اس نے شاید میری بڑبڑاہٹ نہیں سنی اور پھر اچانک مسکرا کر بولا۔ "آپ کے لیے ایک تحفہ ہے میرے پاس!"

"کیسا تحفہ؟"

"ایک ایسا تحفہ کہ مشتاق چنگیزی، رام لال اور صادق حبیب کا معمّا اس سے مکمل طور پر حل ہو گیا ہے۔"

"یعنی؟"

"مشتاق چنگیزی کی ڈائری۔" رضوان نے کہا اور اپنے لباس کے اندر پوشیدہ ڈائری نکال کر میری طرف بڑھا دی۔

"یہ تمہیں کہاں سے ملی؟" میں نے جلدی سے ڈائری کھولتے ہوئے پوچھا۔

"مشتاق چنگیزی کی خوابگاہ سے۔" رضوان نے جواب دیا۔ "جس وقت پولیس وہاں اپنی کارروائی میں مصروف تھی، مجھے مشتاق کی خوابگاہ میں گھسنے کا موقع مل گیا تھا۔ یہ ڈائری اس کی سائڈ ٹیبل پر رکھی ہوئی تھی۔ اس کے پاس ہی قلم بھی رکھا ہوا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس وقت آپ وہاں پہنچی تھیں، وہ ڈائری ہی لکھ رہا تھا۔ اس آج تک کے اندراجات موجود ہیں۔ اب صادق حبیب توازن ٹھیک ہو یا نہ ہو، اس ڈائری سے سب کچھ واضح ہے۔ مجھے اتنا موقع نہیں ملا کہ ڈائری کو پوری طرح پڑھ جستہ جستہ نظر ڈالی ہے لیکن میرا خیال ہے کہ اس اندراج ساری باتیں موجود ہیں جو آپ جاننا چاہتی تھیں۔ مثلاً ٹیوں سے تیار کردہ وہ دوا جو صادق حبیب کی، جس سے دماغ کو وقتی طور پر غیر متوازن کیا جا سکتا ہے، کہ مشتاق چنگیزی نے اپنی مطلب براری کے لیے استعمال جب صادق حبیب کو اس بات کا اندازہ ہوا تھا کہ مشتاق رام لال کو بلیک میل کر کے اس کا سب کچھ ہتھیا لینا چاہتا اس شریف آدمی نے اس خیال کی مخالفت کی تھی۔ وہ چاہتا مشتاق چنگیزی، رام لال سے صرف اتنا ہی مطالبہ کرے، حق بتائے لیکن مشتاق چنگیزی پر انتقام کا بھوت سوار تھا کی خواہش تھی کہ وہ رام لال کو سڑکوں پر بھیک مانگتا ہوا جب اس نے محسوس کیا کہ صادق حبیب اس کی راہ میں رکاوٹ سکتا ہے تو اس نے صادق حبیب کی دریافت کردہ دوا کو خود ہی پر آزما ڈالا۔ اس طرح اس نے اپنی من مانی کرنے کی راہ ہموار بعد میں کفیل رضا پر بھی یہ دوا آزمائی گئی اور۔۔۔"

رضوان بولتا رہا اور میں ڈائری کی ورق گردانی کرتی رہی دھیان رضوان کی طرف بھی تھا اور میں ڈائری کے اندراجات نظر دوڑاتی جا رہی تھی۔ مجھے اطمینان ہو گیا کہ رضوان نے بالکل کہا تھا۔ یہ ڈائری ملنے کے بعد اب صرف ایک بات پوشیدہ رہ تھی اور وہ بات یہ کہ شائستہ حبیب کو حقیقتاً کس نے قتل کیا رام لال نے یا کسی اور نے؟

میں اور رضوان اس ڈائری کے اندراجات پر گفتگو کر تھے کہ رضیہ اور سنگیتا واپس آ گئیں۔ سنگیتا بہت نڈھال تھی اور اس کی سرخ سرخ آنکھیں سوجی ہوئی تھیں۔

"وہ لوگ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال لے جا چکے تھے۔" رضیہ بولی۔ "ہمیں وہاں جانا پڑا۔ پوسٹ مارٹم کے بعد لاش ہمیں کل ملے گی۔"

میں نے سر ہلانے پر اکتفا کیا اور سنگیتا کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے قریب بٹھا لیا۔ وہ نڈھال سی حالت میں میرے شانے سے سر ٹکا گئی اور آنکھیں بند کر لیں۔

میں رضیہ کو صادق حبیب اور کفیل رضا کے بارے میں بتا

ٹیلی فون بج اٹھی۔ فون میرے قریب ہی تھا۔ میں نے ماؤتھ پیس میں بولی۔ "ہیلو! بانو اسپیکنگ۔"

دوسری طرف سے وہ پولیس آفیسر بول رہا تھا جو مشتاق چنگیزی کے گھر میں لیے ہوئے تھا۔ اس نے کہا۔ "بانو صاحبہ! میں نے آپ کے کہنے پر آپ کو جانے کی اجازت دے دی تھی لیکن اضافی بیان لینا چاہتا ہوں۔"

"آفیسر! میں پولیس اسٹیشن آ جاتی ہوں۔"

"آپ زحمت نہ کریں۔ میں خود آپ کے دولت کدے پر آ رہا ہوں۔"

"آپ کی مرضی ہو گی!"

"کہیں آپ بس یہ بتائیے کہ گھر ہی پر ہیں نا؟"

"میں جا بھی ہوتا تو میں آپ کا انتظار کرتی۔ ویسے جاؤں۔ آپ تشریف لائیے!"

"میں حاضر ہو رہا ہوں۔"

فون سے سلسلہ منقطع ہو گیا اور میں ریسیور رکھ بولی۔ "یہ بہت شریف آدمی ہے۔"

"آفیسر جو مشتاق کے کیس کی تفتیش کر رہا ہے۔ مشتاق کی ڈائری رضوان کو واپس کرتی ہوئی اسے احتیاط سے رکھو، بلکہ بہتر ہو گا کہ تم اندر جا کر اس کا تفصیلی مطالعہ کر ڈالو۔ میں اتنے آفیسر سے نمٹ لوں جو میرا بیان لینے آ رہا ہے۔"

رضوان فوراً ہی اٹھ کر اندر چلا گیا۔ جاتے رضیہ کو بھی اشارہ کر گیا تھا کیونکہ چند سیکنڈ بعد چل گئی۔

"کچھ دیر آرام کر لو!" میں نے سنگیتا سے کہتے دے کر اٹھایا اور اسے اپنی خوابگاہ کی طرف لے

اب بالکل خاموش تھی، نہ کچھ بول رہی تھی، نہ رہے تھے۔ میں نے اسے اپنی خوابگاہ میں لے جا اور آفیسر کی پیشانی چوم کر بولی۔ "تم آرام کرو۔ آفیسر سے ملتی ہوں۔ اس کے بعد ہم سب

تھا کہ سنگیتا "بھوک نہ لگنے" کا عذر کرے گی لیکن وہ اب بھی خاموش ہی رہی۔ مجھے اندازہ تھا کہ اسے تھوڑا بہت کھانا کھلانے کے لیے مجھے خاصا اصرار کرنا پڑے گا۔

⊗

وہ رات اور اگلا دن اس طرح گزرا کہ حد درجہ تکان ہو گئی۔ وہ پولیس آفیسر تو بیان لے کر چلتا بنا لیکن اس کے بعد سنگیتا کو کھانا کھلانے میں بڑا وقت صرف ہوا۔ پھر یہ کہ وہ سو بھی نہیں سکی اور اس کی وجہ سے مجھے بھی جاگنا پڑا۔ اسی رتجگے میں میں نے مشتاق چنگیزی کی ڈائری پڑھ ڈالی۔

اگلے دن ہاسپٹل سے رام لعل کی لاش مل گئی اور اس کی آخری رسومات پوری کرنے میں خاصا دن گزر گیا۔

اس کے اگلے دن کیس عدالت میں پیش ہوا۔ اس وقت تک صادق حبیب اور کفیل رضا ذہنی طور پر بالکل نارمل ہو گئے تھے۔ میں نے نہ صرف انھیں عدالت میں پیش کیا بلکہ مشتاق چنگیزی کی ڈائری بھی عدالت کی تحویل میں دے دی۔ عدالت نے کیس کی باقاعدہ سماعت کے لیے آٹھ دن بعد کی تاریخ دے دی۔

گویا ایک معاملہ اب پوری طرح نپٹ چکا تھا لیکن میں سنگیتا سے کیے ہوئے اپنے اس وعدے کو نہیں بھولی تھی کہ میں اس کے محبوب ڈاکٹر شکیل کے قاتلوں کو ہرگز معاف نہیں کروں گی۔

ڈاکٹر شکیل کو ہلاک کرنے والا ایک ٹرک ڈرائیور تھا لیکن میں اب اس معاملے کو دوسرے زاویے سے دیکھ رہی تھی۔ اس سارے خونی ڈرامے کی بڑی شخصیت خان آف کالاگوٹ تھی اور اب مجھے دراصل اسی سے نپٹنا تھا لیکن یہ کوئی آسان بات نہیں تھی۔

خان آف کالاگوٹ اتنا بااثر شخص ہو چکا تھا کہ اب مجھے بہت ہی محتاط رہ کر کوئی قدم اٹھانے کی ضرورت تھی۔ اس نے پولیس کو اس بات پر مجبور کر دیا تھا کہ وہ ڈاکٹر شکیل کے کیس کی فائل بند کر دے لہٰذا اب اس فائل کو دوبارہ کھلوانے کے لیے ضروری تھا کہ میں سب سے پہلے خان آف کالاگوٹ کی شخصیت کو اعلیٰ حکام کی نظر میں مشتبہ بنا دوں۔

میں نے رضیہ کو ان تمام باتوں سے آگاہ کر دیا اور اسے تاکید کی کہ وہ خاص طور سے اس جہاز کا پتا چلانے کی کوشش کرے جہاں مجھے قید کیا گیا تھا۔

میں اس دوران میں سنگیتا کی افسردگی ختم کرنے کے لیے اسے

اپنے ساتھ لیے ہوئے شہر بھر کی تفریح گاہوں میں گھومتی پھری۔ اس کا بجھا بجھا سا چہرہ دیکھ کر مجھے دکھ ہوتا تھا اور میں چاہتی تھی کہ وہ جلد از جلد معمول پر آجائے لیکن آثار بتا رہے تھے کہ ایسا جلدی نہیں ہو سکے گا۔

ایک دن میں سنگیتا کو فلم کی شوٹنگ دکھانے کے لیے ایسٹرن اسٹوڈیو لے گئی۔ اس روز رضوان بھی ہمارے ساتھ تھا کیونکہ اس کا گھر میں موجود نہیں تھی۔ مجھے اپنی کار اسٹوڈیو کے باہر بھائیک کے پاس ہی کھڑی کرنا پڑی۔ وہیں اور بھی کئی گاڑیاں پارک کی گئی تھیں۔ دراصل اس رات اسٹوڈیو کے احاطے میں کسی فلم کی شوٹنگ ہو رہی تھی اس لیے وہاں گاڑیاں پارک نہیں کی جا سکتی تھیں۔

اسٹوڈیو کے کئی سرکردہ افراد مجھے جانتے تھے۔ انھوں نے ہماری پذیرائی میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا تھا اور مجھے سب سے زیادہ خوشی اس بات سے ہوئی کہ میں نے کئی روز بعد سنگیتا کے چہرے پر کچھ بحالی دیکھی۔ غالباً اس نے زندگی میں پہلی مرتبہ کسی فلم کی شوٹنگ دیکھی تھی اور یہ ایک اتفاق تھا کہ اس فلم میں کئی بڑے بڑے اداکاراؤں اور اداکار حصہ لے رہے تھے جنھیں دیکھنے کی خواہش بے شمار لوگوں کو ہوتی ہے۔

رات کو دو بجے شوٹنگ پیک اپ ہوئی تو میں، رضوان اور سنگیتا اسٹوڈیو سے نکلے۔ باہر آنے والوں میں سب سے پہلے ہم ہی تھے۔ ہم اپنی کار کی طرف بڑھے۔ کار کے قریب پہنچ کر میں نے چابی سے کار کے دروازے کا لاک کھول دی تھی کہ بائیں جانب سے کراہ کی آواز سنائی دی۔ میں نے تیزی سے پلٹ کر آواز کی سمت دیکھا اور میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ وہ ابریز تھا۔ ایک چاقو اس کے بائیں بازو میں آر پار حالت میں تھا اور خون کی سرخی اس کے لباس پر پھیلتی جا رہی تھی۔ چہرے پر تکلیف کے آثار تھے۔ یہ وہی نوجوان تھا جس نے ایک مرتبہ سرِ راہ مجھ سے اظہارِ عشق کیا تھا۔

دفعتہً کھڑی ہوئی کاروں میں سے ایک کار نکلی اور فراٹے بھرتی چلی گئی۔

"سے..... اسے پکڑیے بانو! ابریز بڑی مشکل سے چیخا۔" اس نے آپ پر چاقو پھینکا تھا۔ اگر میں جلدی سے بیچ میں نہ آجاتا تو....."

میرا جسم سنسنا اٹھا۔ یہ مجھ پر قاتلانہ حملہ تھا۔

"رضوان! تم اس لڑکے کو دیکھو!" میں نے ابریز کی طرف اشارہ کیا۔

"سنگیتا! تم رضوان کے ساتھ ٹھہرو!"

پھر میں بڑی تیزی سے اپنی کار میں بیٹھی اور اسٹوڈیو کا چوکیدار اور کئی دوسرے آدمی اب تک آ رہے تھے لیکن میری توجہ اس مفرور کار کی طرف تھی روشنیاں ابھی نظروں سے اوجھل نہیں ہوئی تھیں سے اس کے تعاقب میں چل پڑی۔

جو کچھ ہوا تھا اتنی تیزی سے ہوا تھا کہ مجھے مہلت نہیں مل سکی تھی لیکن اب میرے ذہن نے تیزی میں نے ابریز کے بازو میں چاقو پیوست دیکھا تھا اور اب وہ چاقو دراصل مجھ پر پھینکا گیا تھا۔ گویا مجھے قتل کرنے کی کوشش ناکام دیکھ کر وہ حملہ آور وہاں سے بھاگ گیا تھا۔

ظاہری حالات یہ بتا رہے تھے کہ مجھے ہلاک کرنے کی کوشش ابریز کی وجہ سے ناکام ہوئی تھی۔ اس کے بیچ میں آجانے کا کھیل بگڑ گیا۔

میں سب سے زیادہ اس بات پر حیران تھی کہ ابریز آگیا؟ محض مجھے بچانے کے لیے وہ اپنی جان پر کیوں کھیلا؟ اس کے بازو کے بجائے اس کے سینے میں بھی پیوست ہو سکتا تھا۔ اس نے مجھے بچانے کے لیے اپنی زندگی کا خطرہ بھی مول لیا۔ کیا اس کا سبب صرف وہی ہے جس کا اظہار ابریز نے کیا تھا؟

عشق!

کیا واقعی یہ لڑکا مجھے اتنی شدت سے چاہنے لگا ہے؟ اپنے آپ سے یہ سوال کیا اور نہ جانے کیوں کچھ خجالت سی کچھ ایسا لگا تھا جیسے ابریز نے میرا تعاقب آڑانے کی کوشش کی ہے۔ بڑی مضحکہ خیز سی بات تھی کہ ایک کم عمر نوجوان محبت میں یہ سب کچھ سوچتی رہی اور اس کار کا تعاقب جاری رکھے۔ مجھے محسوس ہوا کہ تعاقب کو خطرے کا احساس ہو گیا ہے کہ غیر معمولی تیزی اختیار کر لی تھی۔ نتیجے میں مجھے اس سے بھی تیز اختیار کرنا پڑی کیونکہ ایسا کیے بغیر میں اس کے قریب نہیں پہنچ سکتی تھی۔

اس کار کا رُخ شہر کی طرف ہونے کی بجائے دریا کی طرف تھا۔ ہم دونوں کی کاریں مل ایویا سے گزر چکی تھیں اور اب ہم دوڑ کا اختتام پہاڑوں کے قریب پہنچ کر ہی ہونا تھا۔ میں یہ کمبخت اس طرف کیوں بھاگ رہا ہے؟ کیا اُسے واقعی یاد ہ محض بوکھلاہٹ میں ادھر نکل آیا؟

ہا ہی رہا اور مفکر خیال میرے دماغ میں ٹکرا رہے ہے تو میرے ذہن میں خاص طور سے چبھ رہی تھی۔ یہ ذہن میرے سامنے آیا تھا اور ان دونوں موقعوں کے درمیان ل تھے۔

ب ابریز میرے سامنے اس دن آیا تھا جب ں کو ہلاک کرنے کے بعد رام لال نے خودکشی کی تھی۔ ابریز کو تقریباً فراموش ہی کر دیا تھا کہ آج دوبارہ سامنے آیا اور وہ بھی حد درجہ ڈرامائی صورتحال ماں ظاہر تھی کہ وہ پہلے ہی سے اسٹوڈیو کے باہر موجود سے اس نے کسی نامعلوم شخص کو مجھ پر چاقو پھینکتے ہلہ

نامعلوم شخص پہاڑوں کی طرف بھاگ رہا تھا اور لے تعاقب میں تھی۔ ہم سڑک کو چھوڑ چکے تھے اور ہمارا استہ پر جا رہا تھا۔ اس ناہمواری کے باعث م ہو گئی تھی اور جیسے جیسے ناہمواری میں اضافہ ویسے ویسے ہماری رفتار میں مزید کمی ہوتی جا رہی گز و میلوں تک سناٹا پھیلا ہوا تھا اور تاریکی چھائی اندھیرے میں حملہ آور کی کار کو ہرگز نہ دیکھ سکتی اگر سے روشن نہ ہوتیں۔ اس بدنصیب کے ساتھ یہ مجبوری نہ بجھا نہیں سکتا تھا۔ اگر وہ ایسا کرتا تو اس کی ہیڈ یں اور وہ اس گھور تاریکی میں اپنی کار کو کسی حادثے

یوں کی رفتار بتدریج کم ہوتی گئی اور پھر شاید سامنے آئی کہ اگلی کار کو رکنا پڑ گیا۔ اسے ڈرائیو کرنے لائٹس بجھا دیں۔ ہیڈ لائٹس کے ساتھ ہی ٹیل میں۔ غالباً وہ چاہتا ہوگا کہ اس کی کار میری نظر سے اس کی بدنصیبی کا سبب میں اس سے زیادہ دور

ا کی ہیڈ لائٹس میں اس کی کار صاف نظر آ رہی تھی۔ دازہ کھلتے ہوئے دیکھا۔ اس میں سے ایک آدمی طرف بھاگا۔

ا اس کی کار کے بالکل پیچھے لے جا کر روکی اور انجن بند ائی۔ اترتے اترتے میں نے اپنے پرس میں سے پستول ں ضرورت کے پیچھے دوڑ پڑی اور میں نے چیخ کر کہا۔ "رک جاؤ گی۔"

لیکن وہ نہیں رُکا۔ وہ بالکل خبطُ الحواس کی طرح اوپر چڑھتا چلا جا رہا تھا۔ شاید اس نے میرے بارے میں اتنا کچھ سُن رکھا تھا کہ اس پر میری دہشت طاری تھی۔

اونچی ایڑی کے سینڈلوں کی وجہ سے مجھے اوپر چڑھنے میں دشواری ہو رہی تھی اس لیے میں نے چند سیکنڈ کے لیے رُک کر اپنے سینڈل اتار پھینکے اور پھر دوڑ پڑی۔

اب ہم اندھیرے میں تھے مگر وہ چونکہ بلندی کی طرف جا رہا تھا اس لیے آسمان پر بکھرے ہوئے تاروں کے پس منظر میں وہ مجھے ایک بھوت کی مانند نظر آ رہا تھا۔ میں بڑی آسانی سے اس کا تعاقب جاری رکھ سکتی تھی لیکن پہاڑ پر اتنی تیزی سے چڑھنا کوئی آسان بات نہیں تھی۔ میں جلد ہی پسینے پسینے ہو گئی اور میرا سانس پھولنے لگا۔ ظاہر ہے کہ یہی حالت اس شخص کی بھی رہی ہوگی جو آگے آگے بھاگ رہا تھا۔

اگر میں پیاسی تو بڑی آسانی سے اُسے گولی مار سکتی تھی لیکن ظاہر ہے کہ میں ایک قاتلہ بننے کی خواہش کبھی بھی نہیں کر سکتی۔ اس کے علاوہ یہ بھی ضروری تھا کہ میں اس شخص کو زندہ سلامت پکڑوں۔ وہی مجھے بتا سکتا تھا کہ اس نے مجھے ہلاک کرنے کی کوشش کیوں کی تھی...؟ وہ میرا کوئی پرانا دشمن تھا یا میرے نئے دشمنوں نے اسے مجھے ہلاک کرنے پر "ہائر" کیا تھا۔

پہاڑ کی تین چوتھائی بلندی طے کرنے کے بعد میری یہ حالت ہو گئی کہ سینہ کسی دھونکنی کی طرح پھولنے پچکنے لگا اور پسینے کی یہ حالت ہو گئی کہ پنڈلیوں پر قطرے رینگنے لگے۔ یہی حالت چہرے کی تھی کہ وہ پسینے میں شرابور تھا۔ میں محسوس کر رہی تھی کہ میری رفتار میں خاصی حد تک کمی واقع ہو چکی ہے لیکن دوسری طرف میرے متعاقب کا بھی یہی حال تھا۔ اس کی برق رفتاری بھی دم توڑ چکی تھی۔

میں نے چیخ کر کہنا چاہا۔ میں تمھیں پکڑے بغیر واپس نہیں جاؤں گی، لیکن الفاظ میرے حلق میں ہی اٹک کر رہ گئے۔ سانس اتنا پھول گیا تھا کہ چیخنا تو درکنار بولنا بھی مشکل تھا۔

ہم دونوں کی رفتار بتدریج کم ہوتی رہی لیکن اس کے باوجود ہمارا درمیانی فاصلہ کبھی کم نہ ہو سکا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ نڈھال ہو کر بھی میں اپنے مفرور سے زیادہ تیزی کا مظاہرہ کر رہی تھی۔

آخر وہ لمحہ بھی آگیا جب میں نے بھاگتے ہوئے اس شخص کو پہاڑ کے عین اوپر دیکھا۔ مجھے وہاں تک پہنچنے میں ابھی دو تین منٹ اور لگتے۔ اچانک میں نے اس شخص کو ڈگمگا کر گرتے دیکھا۔ خدا جانے وہ کسی چیز سے ٹھوکر کھا گیا تھا یا تکان کے باعث اپنا توازن

برقرار نہیں رکھ سکا تھا بہرحال وہ گرا لیکن میری طرف نہیں بلکہ دوسری طرف گرا۔ مجھے اس کی چیخ سنائی دی اور میرا سارا جسم سنسنا اٹھا۔

"بچاؤ!" حلق پھاڑ کر چیختی ہوئی آواز سنائی دی۔

اس وقت میرے جسم میں طاقت جیسے نئے سرے سے عود کر آئی۔ میں مشکل سے آدھے منٹ میں اوپر پہنچ گئی اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر ادھر ادھر دیکھنے لگی لیکن وہ مجھے نظر نہیں آیا۔

"بچاؤ!" وہی آواز ایک بار پھر سنائی دی۔

میں نے چونک کر آواز کی سمت دیکھا اور ڈگمگاتے قدموں سے کچھ مزید بڑھی۔ چاند تاروں کی ہلکی سی روشنی میں مجھے دو ہاتھوں کی صرف انگلیاں نظر آئیں جو ایک چٹان کی کگر پر جمنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ اس شخص کا جسم دوسری طرف لٹکا ہوا تھا۔

"اوہ... خدایا!" میرے منہ سے نکلا۔

میں نے جھاڑ جھپٹ کر ان دونوں ہاتھوں کو پکڑ لیا لیکن مجھ میں اب اتنی سکت نہیں رہی تھی کہ میں تیزی سے حرکت میں آسکتی۔ اس کے علاوہ شاید یہ بھی میرے لیے ممکن نہیں رہا تھا کہ میں اس شخص کا وزن سنبھال سکتی اور اسے اوپر کھینچ سکتی۔

میں نے اپنی سی کوشش تو کی مگر کامیاب نہیں ہو سکی۔ بس اتنا ہوا کہ میری انگلیاں اس بدنصیب کی انگلیوں سے مس ہوئیں اور پھر کھیل ختم ہو گیا۔ چٹان کی کگر پر ان انگلیوں کی گرفت ختم ہو گئی اور ایک بھیانک چیخ سنائی دی۔

میں چٹان پر اوندھی لیٹی ہوئی تھی۔ میں نے جھانک کر دوسری طرف دیکھا۔ اندھیرے کے باعث مجھے اس شخص کا جسم تو نظر نہیں آیا لیکن دور ہونے والی چیخ سے مجھے یہ اندازہ ضرور ہو گیا کہ وہ کتنی گہرائی میں جا کر گرا ہوگا۔ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ اس کے جسم کی کوئی ہڈی بھی سلامت نہیں بچی ہوگی اور اس کا دم بھی فوراً ہی نکل گیا ہوگا۔ ناممکن تھا کہ وہ اتنی بلندی سے گر کر زندہ بچ سکتا۔

میں وہیں چٹان پر چت لیٹ گئی اور میری آنکھیں بند ہو گئیں۔ میرا اندازہ تھا کہ میرے پھولے ہوئے سانسوں کو معمول پر آنے میں دس پندرہ منٹ ضرور لگ جائیں گے۔ اس کے علاوہ اس شخص کی ہولناک موت نے بھی میرے اعصاب پر ناخوشگوار اثرات مرتب کیے تھے اور نہ جانے کیوں مجھے اس کی موت پر کچھ افسوس ہو رہا تھا حالانکہ اسی شخص نے مجھے ہلاک کرنے کی کوشش کی تھی۔

اس تاریک ویرانے میں چٹان پر لیٹے لیٹے مجھے یوں محسوس ہوا۔ جیسے دنیا کا ہر ذی روح ختم ہو گیا ہو۔ میں نے کچھ دیر بعد آنکھیں کھول کر آسمان پر ستاروں کو دیکھا۔ شاید وہ ستارے بھی مجھے حیرت سے دیکھ رہے تھے۔ میں نے اطمینان سے سانس تو قابو میں آچکے تھے لیکن ہنڈلیوں میں تھی۔ میں نے اپنا پستول پرس میں رکھ لیا اور بیٹھے بیٹھے گزار دیے۔ اب مجھے ایک بار پھر ہلنا تھا کہ اب تک اسے ہاسپٹل پہنچایا جا چکا ہوگا زخمی بازو کی ڈریسنگ بھی ہو چکی ہو۔

بہرحال اب میں جلد از جلد وہاں سے چاہتی تھی اس لیے کھڑی ہوئی اور پھر میں نے سامنے سے اترنا شروع کیا جدھر سے چڑھی تھی۔

میری پنڈلیاں اتنی تھک گئی تھیں کہ وقت پیش آرہی تھی لیکن کسی طرح میں نیچے پہنچ ہی گئی اور اس طرف قدم بڑھا کھڑی ہوئی تھیں۔

لیکن میں ابھی اپنی کار سے چند گز کے فاصلے سے ایک آواز ابھری۔ "ہیلو بانو!"

میں نے چونک کر دیکھا۔ آواز میری تھی۔ پھر میں نے اس انسانی ہیولے کو بھی دیکھ لیا چند قدم آگے آگیا تھا۔ میں نے جھاڑ پھونک کا پستول نکال لوں مگر اسی وقت میری بائیں جانب خبردار! میرے ہاتھ میں ریوالور ہے۔"

"اور میرے ہاتھ میں بھی ہے۔" میری دائیں جا

"اور میں بھی خالی ہاتھ نہیں ہوں۔" میں نے کسی کو کہتے ہوئے سنا۔

پھر اس شخص نے قہقہہ لگایا جو میرے سامنے ہوا تھا۔ "بانو! شاید تمہیں اندھیرے میں دکھائی ریوالور تو میرے ہاتھ میں بھی ہے۔"

میں بے اختیار ایک طویل سانس لے کر وقت چار مسلح آدمیوں کے نرغے میں تھی۔ میں اس علاوہ کچھ نہیں سوچ سکی کہ یہ ایک جال تھا جو لیے بچھایا گیا تھا۔ مجھ پر قاتلانہ حملہ محض دکھاوا لوگ مجھے ختم نہیں کرنا چاہتے تھے بلکہ ان کا مقصد میں حملہ آور کا تعاقب کرتی ہوئی اس ویرانے میں

بھی یہی تاکید کی گئی ہوگی کہ وہ اس ویرانے کی طرف ہے لیکن اس کہانی میں ایک جھول تھا۔ آخر ان چاروں مجھے گھیرنے میں اتنی دیر کیوں کی کہ حملہ آور کو مجھ کے لیے پہاڑ پر چڑھنا پڑا اور نتیجے میں ایک خوفناک ں کا مقدر بنی۔

اب کس گہری سوچ میں ڈوب گئیں بانو صاحبہ! میرے ا بڑا دلچسپ تماشہ تھا۔

ں صرف یہ سوچ رہی ہوں کہ تم لوگ یہاں پہلے سے ں تھے؟ تمہارا ایک آدمی بلاوجہ ہلاکت میں پڑا۔" میں اطمینان سے کہا۔

ں۔" وہ بولا۔ "پروگرام یہی تھا کہ ہم پیچھے پیچھے آئیں گے صبی کے راہ میں ہماری گاڑی کا ایک ٹائر پنکچر ہو گیا۔ نے میں ہمیں کچھ دیر لگ گئی۔ جب یہاں پہنچے تو دونوں خالی نظر آئیں۔ اب ہم اس کے سوا کیا کر سکتے تھے کہ یہیں تمہارا انتظار کریں۔ ہم یہاں کھڑے ہی تھے کہ ہمیں ایک ائی دی۔ غالباً تم نے ہمارے آدمی کو اٹھا کر پہاڑ کے نک دیا تھا۔"

ں۔" میں نے کہا۔ "اس کی موت خود اس کی حماقت سے ا پنا توازن کھو بیٹھا اور گر پڑا۔"

ہلو ہم تمہاری بات کا اعتبار کیے لیتے ہیں۔" وہ ہنسا۔ بڑا خیال ہے کہ ہمیں یہ دوستانہ گفتگو ختم کر کے اصل طرف آجانا چاہیے۔" میں نے خشک لہجے میں کہا۔

چاہتے کیا ہو؟"

ہم نے سنا ہے کہ تم مردوں کی برتری تسلیم نہیں کرتیں!" زانے والے انداز میں کہا گیا۔

ٹھیک سنا ہے تم نے!" میں نے سرد لہجے میں کہا۔

تو بس یوں سمجھ لو کہ آج تم سے برتری ہی تسلیم کروائی جائے

اچھا!" میں تلخی سے ہنسی۔ "آخر کس طرح؟"

بالکل اسی طرح جیسے کوئی بھی مرد کسی عورت سے اپنی تسلیم کرواتا ہے۔" بہت معنی خیز لہجہ تھا۔

میں اس خفیہ کا مطلب سمجھ گئی اور غرا کر بولی۔ "کیا تم کہ تم کامیاب ہو جاؤ گے؟"

اگر ہمیں یقین نہ ہوتا تو ہم اطمینان سے کھڑے ہو کر یہ باتیں کیوں کر رہے ہوتے؟ آج کی رات ہماری رات ہے۔ اس ویرانے میں ہم چاروں ہوں گے اور تم ہو گی۔ یہاں کوئی تمہاری داد رسی کے لیے نہیں آسکتا۔"

"تم کو اس کام پر مامور کس نے کیا ہے؟"

"یہ تو ہم کو بھی نہیں معلوم کہ تمہارا وہ دشمن کون ہے۔ ہمیں تو اس کام پر مامور کرتے ہوئے بس تمہاری تصویر دکھائی گئی تھی اور ہمارے منہ میں پانی بھر آیا تھا۔ ہمیں اس کام کی رقم ایڈوانس ملی تھی اور تم گویا بونس میں ملی ہو۔" اس نے قہقہہ لگایا اور باقی تینوں آدمی بھی اس کا ساتھ دینے لگے۔

"تم نے ایک ناممکن کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔" میں نے قطعی خوفزدہ ہوئے بغیر کہا۔ "یہ تو ہو سکتا ہے کہ تم چاروں اپنے ریوالوروں کی گولیاں میرے جسم پر برسا دو لیکن وہ ناممکن ہے جو تم چاہتے ہو۔ میں مر تو سکتی ہوں لیکن وہ نہیں ہو سکتا جو تم لوگ چاہتے ہو۔"

"وہ تو ہو کر رہے گا۔" اس نے بڑے یقین سے کہا اور مزید بڑھا۔ اس کے ساتھی بھی بڑھے اور میرے گرد ان کا حلقہ تنگ ہونے لگا۔

میں اپنے جسم کو تولنے لگی۔ اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں تھا کہ میں ان سے بھڑ جاؤں۔ میرا اندازہ تھا اور ان کی باتوں سے بھی یہ بات ظاہر ہو گئی تھی کہ وہ ریوالوروں کا استعمال نہیں کریں گے۔ ان کی کوشش بس یہی ہوتی کہ مجھے کسی طرح بے دست و پا کر دیں کیونکہ ان کا مقصد صرف اسی صورت میں پورا ہو سکتا تھا۔

وہ ڈرامائی انداز میں آہستہ آہستہ اپنا حلقہ تنگ کرتے رہے۔ میں اپنی جگہ سے ذرا بھی نہیں ہلی۔ میں اس موقع کی منتظر تھی، جب وہ میرے بالکل قریب آجاتے۔ آخر وہ موقع آ ہی گیا۔ اب وہ مجھ سے بالکل قریب تھے۔ سامنے والے آدمی نے میرا پرس جھپٹ لینا چاہا لیکن میں نے وہی پرس پوری قوت سے اس کے ریوالور والے ہاتھ پر دے مارا۔ چونکہ میرے پرس میں پستول تھا لہٰذا اس کی ضرب کھا کر اس شخص کے ہاتھ سے ریوالور گر گیا۔ باقی تینوں ایک دم مجھ پر ٹوٹ پڑے۔ غالباً انھوں نے اپنے ریوالور اپنی جیبوں میں رکھ لیے تھے۔ ان کے دھکے سے میں زمین پر گر پڑی لیکن گرتے گرتے میں نے سامنے والے آدمی کی ٹانگ پکڑ کر گھسیٹ لی۔ وہ چت گرا اور باقی تینوں آدمی میرے

اوپر لد گئے۔ انھوں نے مجھے بے قابو کرنے کی کوشش کی لیکن میں نے دو کے پیٹ میں بہت زور سے کہنیاں ماریں اور وہ کراہ کر الٹ گئے۔ تیسرے پر میں نے جوڈو کا ایک داؤ آزمایا اور وہ فضا میں خاصا اوپر اچھل کر کچھ دور جا گرا۔ میں اچھل کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ اب میں اپنے ہاتھ پیر ہلانے کے لیے پوری طرح آزاد تھی۔ میں برق رفتار سے حرکت میں آ گئی۔ وہ چاروں لڑائی بھڑائی میں خاصے تیز واقع ہوئے تھے مگر انھیں شاید اس بات کا اندازہ نہیں تھا کہ میں جوڈو اور کراٹے کی ماہر ہوں۔ ان کی یہ بھول ان کے لیے تباہ کن ثابت ہوئی۔ میں نے پانچ منٹ میں ان کی یہ حالت کر دی کہ ان میں ہلنے کی بھی سکت نہیں رہ گئی۔ یہی وہ موقع تھا جب میں نے ان چاروں کے ریوالور اپنے قبضے میں کر لیے اور ایک پتھر پر بیٹھ کر لمبے لمبے سانس لینے لگی۔ وہ چاروں قریب قریب ہی بے سدھ پڑے تھے۔

"کیا حال ہے دوستو!" میں نے تمسخر اڑانے والے انداز میں کہا۔

اُن میں کوئی کچھ نہ بولا۔ یا تو ان میں بولنے کی سکت نہیں رہی تھی یا وہ میرے ہاتھوں سے اتنی مرمت ہونے کے بعد اتنے خجل تھے کہ ان کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کیا بولیں؟

میں نے بھی سستانے میں کچھ وقت گزارا اور پھر کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "اچھا دوستو! اب کیا ارادہ ہے؟ کیا اپنی برتری مزید تسلیم کروانا ہے؟"

وہ کسمسائے لیکن بولے اب بھی نہیں!

"کچھ تو کہو دوستو!" میں نے نہایت خوشگوار لہجے میں کہا۔ "اگر تم لوگ یونہی خاموش پڑے رہے تو میں تمھیں یہیں چھوڑ کر چل دوں گی اور جاتے ہوئے اس گاڑی کے چاروں ٹائر بھی کاٹ جاؤں گی، اور ہاں، تم لوگ کس کار میں آئے تھے؟" میں نے چاروں طرف نظر دوڑائی مگر وہاں مجھے کوئی اور کار نہیں دکھائی دی۔

کچھ فاصلے پر ایک ٹیلا تھا۔ میں نے اعلامی انداز میں سر ہلایا اور پھر بولی۔ "ٹھیک ہے۔ تم لوگوں نے اپنی کار اس ٹیلے کے نیچے کھڑی کی ہے؟ مناسب! میں جاتے وقت اس ٹیلے کے پیچھے بھی ہوتی جاؤں گی۔"

میں اس کار کی طرف بڑھی جس میں وہ آئے تھے۔ میں نے اپنا پستول تکاتے ہوئے بند آواز میں خیال ہے کہ چار ٹائروں کے لیے چار گولیاں ہیں۔ اب وہ چاروں یکایک بوکھلا کر اٹھ بیٹھے۔

"ہوش آ گیا!" میں ہنس کر بولی۔

"تم... تم ایک..." حیرت انگیز عورت ہو!" ایک نے ہانپتے ہوئے کہا۔

"تو پھر اب وہ کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ جو میں نے تحکمانہ انداز اختیار کیا۔ یہ میں تم چاروں کو اپنے ساتھ لے جانا چاہتی ہوں۔ یہ کام بھی تم ہی کرو گے کیونکہ تم ایک دوسرے کو باندھو گے۔ تم میں سے آدمی ہو گا، اس کو میں باندھوں گی اور..."

"ہم نے تمھاری برتری کو تسلیم کر لیا ہے۔" وہی آدمی بولا۔ "یقیناً کسی بڑے گینگ کی سربراہ ہو اور تمھارے مخالف گروہ کے خلاف اس کام پر مامور کیا گیا تھا۔ اب ہم اس کے لیے تیار ہیں کہ تم میں شامل ہو جائیں اور تمھارے مخالف گینگ کے خلاف کام کریں۔"

"میں اتنی جلدی تم لوگوں پر اعتبار نہیں کر سکتی۔" میں نے کہا۔ "فی الحال تم لوگوں کو وہی کرنا ہے جو میں ابھی کہہ چکی ہوں کو باندھ کر لے جاؤں گی۔"

"تمھیں ہماری نیت پر بھروسا نہیں؟"

"کسی پر بھی اتنی جلدی بھروسا نہیں کیا جا سکتا۔"

"تم جس طرح کہو ہم اپنی وفاداری کی ضمانت دینے کے لیے..." وہ پہلو بدل کر بولا۔

"ہوں۔" میں نے کچھ سوچا اور پھر بولی۔ "تو صرف ایک صورت ہے۔"

"کیا؟" اس نے بیتابی سے پوچھا۔

"تم میں سے دو تو ان دونوں گاڑیوں میں یہاں سے روانہ ہو اور باقی دونوں میری گاڑی میں چلیں۔ ان دونوں کو آگے بیٹھنا ہو میں پیچھے بیٹھوں گی اور میرے ہاتھ میں پستول ہو گا۔ اگر دونوں میں سے کسی نے کوئی غلط حرکت کی تو..."

"ہمیں منظور ہے لیکن ہمیں کہاں چلنا ہو گا؟"

"میرے گھر۔"

"اس کے بعد؟"

اس کے بعد ہی سوچوں گی۔"

دوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور پھر اسی پسلے جواب دیا۔ "ہم تیار ہیں۔"

طے ہوا وہ دونوں آدمی آگے آئیں جن کو میری کار میں چلنا ہے۔"

باقی دونوں نے مدھم آواز میں ایک دوسرے سے کچھ باتیں کیں اور دو آدمی آگے آ گئے۔

باقی دونوں آدمیوں کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔ "تم دونوں میری پیچھے آؤ!"

اہو ہے میں۔"

نے آگے آنے والے دونوں آدمیوں کو اپنی کار کی اگلی نشستوں خود پیچھے بیٹھ گئی۔ میں نے ان پر دانستہ کر دیا تھا کہ میرے قبول موجود ہے۔"

ب مارچل پڑی تو میں نے اپنے بائیں ہاتھ کو بڑھا کر عقب نما آئینے لگا دیا کہ میں عقب میں آنے والی کاروں پر نظر رکھ سکوں۔ میں الہ آباد کی گاڑی اس ٹیلے کی طرف جا رہی تھی جو میں نے وہاں ٹیلے کے پیچھے جا کر میری نظر سے اوجھل ہو گئی لیکن ذرا دیر ٹیلے کے عقب سے ایک کی بجائے دو گاڑیوں کی ہیڈ لائٹس نکلنے یہ اندازہ درست ہی ثابت ہوا تھا کہ ان لوگوں نے اپنی کار اس کچھ فاصلے پر کھڑی کی تھی۔

ں کاریں ناہموار راستے کے دھچکے برداشت کرتی ہوئی بڑھتی اخر ایک سڑک پر پہنچ گئیں پھر ہم بل ایر یاسے گزر کر سٹی روڈ ل ہو گئے۔ میں ڈرائیونگ کرنے والے کو راستوں کے بارے میں بھی دیتی جا رہی تھی۔ اب میں نے یہ بھی سوچنا شروع کیا کہ آخر میں ان کو اپنے ساتھ کیوں لے جا رہی ہوں؟ آخر ان سے کیا کام لیا ہے؟

ں عقب نما آئینے میں دیکھ رہی تھی کہ وہ دونوں کاریں میرے پیچھے چلی آ رہی ہیں۔

فورٹ ولیئم کے علاقے میں داخل ہوئے اور اس کے بعد میری سسٹر کے پھاٹک میں داخل ہوئی۔ اب میرے ذہن میں یہ سوال رضوان اور سنگیتا گھر پہنچ چکے ہوں گے یا نہیں؟

ابر ہے کے بارے میں تو یہ اندازہ لگانا مشکل ہی تھا کہ وہ کہاں لیکن سنگیتا اور رضوان کے بارے میں یہ سوچا جا سکتا تھا کہ وہ اب تک گھر پہنچ چکے ہوں گے۔ رام لال کی موت کے بعد سے سنگیتا ہی گھر میں یتیم تھی۔

تینوں گاڑیاں آگے پیچھے پورچ میں جا رکیں۔ میرا یہ اندازہ درست ہی تھا کہ رضوان اور سنگیتا گھر پہنچ چکے ہوں گے۔ گاڑیوں کی آواز سنتے ہی وہ دونوں باہر آ گئے تھے۔ مجھے اس بات پر تعجب ہوا کہ رضیہ دکھائی نہیں دی تھی۔ کیا وہ ابھی تک گھر نہیں پہنچی؟ یہ سوال میرے ذہن میں ابھرا تو میں کچھ پریشان ہو گئی۔

"چلو اترو!" میں نے آگے بیٹھے ہوئے دونوں آدمیوں کو حکم دیا۔ ڈرائیونگ کرنے والے کے شانے پر ٹھوکا بھی لگایا۔

ان دونوں کے ساتھ اُن کے دونوں ساتھی بھی پچھلی گاڑیوں سے اُتر آئے اور اب پہلی مرتبہ میں نے اُن کو روشنی میں دیکھا تو مجھے اندازہ ہوا کہ میں نے ان کا حلیہ بہت بُری طرح بگاڑ کے رکھ دیا تھا۔ شاید وہ چاروں خود بھی ایک دوسرے کو پہچاننے میں دشواری محسوس کر رہے ہوں۔ اُن کے چہروں پر اَن گنت نیل پڑے ہوئے تھے اور یقیناً اُن کے جسم کے اُن حصوں پر بھی چوٹیں ہوں گی جو لباس میں پوشیدہ تھے۔ ویسے ان کا لباس بھی جگہ جگہ سے پھٹا ہوا تھا اور لباس کے بعض حصوں پر خون کے معمولی معمولی سے دھبے بھی تھے۔ غالباً میرے کھڑے ہاتھ کی ضربوں سے بعض بعض مقامات پر اُن کی کھال پھٹ گئی تھی۔

سنگیتا اور رضوان نے بھی اُن چاروں کو بڑی حیرت سے دیکھا۔

"چلو!" میں نے دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اُنھیں حکم دیا۔

ان چاروں کے ریوالور میرے قبضے میں تھے اس لیے اُن کی طرف سے کسی شرارت کا اندیشہ نہیں رہا تھا۔ ویسے بھی ان کے چہروں پر کیں شکست خوردگی کی تمام علامات دیکھ رہی تھی۔ انھوں نے غالباً اپنے اپنے دل میں تسلیم کر لیا تھا کہ وہ مجھ پر اپنی برتری کسی طرح بھی ثابت نہیں کر سکتے۔

میں ان چاروں کو ڈرائنگ روم میں لے آئی اور اس وقت رضوان نے زبان کھولی۔ اس نے تعجب سے پوچھا تھا۔ "کیا اُس کار میں یہ چاروں تھے؟ میں نے تو شاید ایک ہی آدمی کی جھلک دیکھی تھی۔"

"ہاں۔" میں نے جواب دیا۔ "لیکن تم نے جس آدمی کی جھلک دیکھی تھی، وہ اب زندہ نہیں۔"

"کیا مطلب؟" رضوان چونکا۔

"زندہ نہ ہونے کا مطلب مر جانا ہوتا ہے۔"

"اچھا!" رضوان نے بُرا سا منہ بنا کر تعجب کا اظہار کیا۔ "میں تو اب تک یہ سمجھتا رہا ہوں کہ زندہ نہ ہونے کا مطلب زندہ ہونا ہوتا ہے۔"

اس وقت رضوان سے چونچیں لڑانا مناسب نہ ہوتا اس لیے میں

ان چاروں سے بولی۔ "تم لوگ بیٹھ جاؤ، میں ابھی تم لوگوں سے بات کروں گی لیکن پہلے کچھ اور معاملات دیکھ لوں۔"

وہ چاروں سر ہلا کر بڑے صوفے پر ایک دوسرے کے قریب بیٹھ گئے اور میں رضوان سے مخاطب ہو گئی۔ "ہمیں تو اس کار کے تعاقب میں روانہ ہو گئی تھی۔ اس کے بعد کیا ہوا تھا؟"

"اس کے بعد وہی ہوا تھا جو ہونا چاہیے۔ پولیس آئی تھی اور اس زخمی نوجوان کو ہاسپٹل پہنچا دیا گیا تھا۔ اس کے بعد سے پولس آپ کو بھی ڈھونڈتی پھر رہی ہے اور اس نامعلوم حملہ آور کو بھی!"

"اس نوجوان کا بیان کیا ہے؟"

"اس کا نام ابریز ہے اور اتفاق سے وہ اس گھر کے سامنے رہتا ہے جہاں میں نے رضیہ کے قیام کا بندوبست کیا تھا۔"

"میں اس کا بیان پوچھ رہی ہوں!"

"اسے تو کیا اب کچھ نہیں بتانا چاہوں؟"

"یہ تمہید باندھنے کا وقت نہیں ہے۔"

"پھر کیا باندھنے کا وقت ہے؟ جو آپ کہیں، وہ باندھ دوں!"

رضوان کی اس بے وقت راگنی سے میں جھنجلا گئی اور میں نے سنگیتا سے مخاطب ہو کر کہا۔ "تم بتاؤ سنگیتا! ابریز کا بیان کیا ہے؟"

"ایک فلم ایکٹر ابریز کا دوست ہے۔" سنگیتا نے آہستہ سے کہا۔

"ابریز کا بیان ہے کہ وہ اپنے اسی دوست سے ملنے اسٹوڈیو پہنچا تھا۔ اس نے اپنی کار کھڑی کی اور پھاٹک کی طرف بڑھا۔ اس وقت ہم لوگ پھاٹک سے نکل کر اپنی کار کی طرف بڑھ رہے تھے لیکن ہماری نظر شاید اس پر نہیں پڑی تھی لیکن اتفاق سے اس کی نظر ایک کار پر پڑ گئی جس کی کھڑکی سے ایک ہاتھ باہر نکلا ہوا تھا۔ ابریز کو اس ہاتھ میں چاقو کی چمک نظر آئی تھی اور اس نے محسوس کیا تھا کہ چاقو کا نشانہ آپ ہیں لہٰذا وہ جھپٹ کر آپ کے سامنے ہو گیا۔ اس طرح اس نے آپ کو چاقو سے بچانے کی کوشش کی تھی اور نتیجے میں خود زخمی ہو گیا۔"

"لیکن اس نے مجھے بچانے کی کوشش کیوں کی تھی؟" میں نے بے چینی سے پہلو بدل کر پوچھا۔

"اس کا کہنا ہے کہ محض انسانی ہمدردی کے ناتے۔" سنگیتا نے جواب دیا۔

"بس صرف یہی وجہ بتائی ہے اس نے؟"

"اسے اور کیا بتانا چاہیے تھا؟" رضوان بول پڑا۔ اس کی آواز میں استعجاب کی لہریں تھیں۔

"کچھ نہیں، ٹھیک ہے۔" میں نے کہا اور پھر ان چاروں بدمعاشوں سے مخاطب ہو کر بولی۔ "اس نوجوان کے بارے میں..."

"ہمیں اس کے بارے میں کچھ نہیں معلوم۔" بھدا سا

"اگر وہ نوجوان بیچ میں نہ آتا تو کیا میں اک

"نہیں۔ کم از کم ہمیں یہی بتایا گیا تھا کہ چاقو

وہ آپ کو نہ لگے لیکن محسوس یہی ہو کہ وہ حملہ آپ ہی پر

یہی تھی کہ اس کے بعد چاقو پھینکنے والا بھاگ جائے گا اور

تعاقب میں دوڑیں تو ہم بھی آپ کے پیچھے چل پڑیں۔"

اب میں پھر رضوان کی طرف متوجہ ہوئی۔ "اور تم

ہے؟"

"کسی ہاسپٹل میں بھی نہیں۔" رضوان نے جواب دیا۔ "وہ

کے اپنے گھر چلا گیا تھا۔"

"اسے ہاں! میں نے چونک کر پوچھا۔ "رضیہ کہاں

"پولیس کے علاوہ وہ بھی نہ جانے کہاں کہاں بھٹکی

کیا اسے آپ کی تلاش نہیں ہونا چاہیے؟ ہم تو اس لیے گھبرا

کہ شاید آپ کہیں سے فون کریں۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔ "اب پولیس کو اطلاع

گھر پہنچ چکی ہوں۔"

میرا یہ کہنا تھا کہ وہ چاروں بتیا بانہ انداز میں سو

ہو گئے۔ میں نے ان کی یہ حالت دیکھی تو فوراً سمجھ گئی کہ ان کی

سبب کیا ہے۔ میں نے ہاتھ اٹھا کر رضوان سے کہا۔ "ٹھہرو! میں

ان چاروں سے بات کر لوں۔"

رضوان رک گیا اور ان چاروں کو گھورنے لگا۔

میں نے ان چاروں سے کہا۔ "بیٹھ جاؤ اور مجھے یہ بتاؤ

میرے پیچھے کس نے لگایا تھا؟"

"ہم بتا چکے ہیں کہ ہمیں اس اصل شخصیت کے بارے میں

معلوم۔"

"تو تمہیں کوئی غیبی آواز سنائی دی تھی؟" میں غرائی۔

"ہمیں اس کام کے لیے گڈو نے پیسے دیے تھے لیکن ہم

کہہ سکتے ہیں کہ گڈو سے اس کام کے لیے کسی اور نے کہا تھا۔ وہ

باتوں سے یہ بات ظاہر ہو گئی تھی کہ وہ ہم سے یہ کام کسی اور سے

برکروانا چاہتا ہے۔"

"یہ گڈو کون ہے؟"

اس سے پہلے کہ ان چاروں میں سے کوئی کچھ کہتا، رضوان بول پڑا۔ "میں گڈو کو جانتا ہوں۔ وہ ولی مارکیٹ کے علاقے میں کباڑ

میں ان چاروں کو بھی وہاں دیکھ چکا ہوں۔ یہ گڈو

میں سے ہیں؟"

نے رضوان کی طرف دیکھا لیکن کچھ کہے بغیر سر جھکا لیا۔

تو پھر یا رضوان کی باتوں کی تائید کر دی۔

میں ان چاروں کو گھورنے لگی۔ فوری طور پر یہ فیصلہ کرنا

کے ساتھ کس طرح پیش آؤں۔ مجھے ذرا دیر سوچنا پڑا

فیصلہ پر پہنچی کہ مجھے ان چاروں سے کوئی فیض نہیں

تو میری دانست میں یقینی تھی کہ اس معاملے میں

کا ہاتھ تھا۔ ان چاروں کا خان آف کالا گوٹ

رہتے تھے۔ اگر اس سے ان لوگوں کا کوئی تعلق

کسی طرح استعمال کر سکتی تھی لیکن ایسا نہ ہونے کے

لیے بیکار ہی تھے۔

ر کی گھنٹی کی آواز سے میرے خیالات کا سلسلہ منقطع ہو

الیفون کے قریب تھا۔ اس نے ریسیور اٹھا کر بات کی

ہ رکھ دیا۔ میں اس کی باتوں سے سمجھ گئی تھی کہ وہ رضیہ

فون نے میرے اس خیال کی تصدیق بھی کر دی۔ اس

تھی، آپ کے بارے میں پوچھ رہی تھی۔ اب وہ

کے اندر یہاں پہنچ جائے گی۔"

پولس کو بھی فون کر دو کہ وہ یہاں پہنچ جائے۔"

پھر وہ چاروں بے تابی سے کھڑے ہوئے اور اس مرتبہ میں

نکل گیا۔ اس کا رخ ان چاروں کی طرف کرتے ہوئے میں

کہا۔ "بھاگنے کی کوشش فضول ہو گی۔"

ہیں..."

لیکن کچھ نہیں۔" میں نے بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "تم لوگوں نے

اس کا خمیازہ تو بھگتنا ہی پڑے گا۔ تم اس غلط فہمی کا شکار

ہو کوئی گینگسٹر ہوں۔ حقیقت اس کے برخلاف ہے۔ میں

ہوں نہیں بلکہ قانون کا احترام کرنے والے افراد میں سے

ہوں۔"

چاروں کے چہرے سفید پڑ گئے۔ رضوان ٹیلیفون کا ریسیور

پولس اسٹیشن ہی کے نمبر ڈائل کر رہا تھا۔

سنگیتا تھرتھراتی ہوئی آواز میں بولی۔

"میں بدستور ان چاروں کی طرف متوجہ رہی۔

موقع جا رہی ہوں۔" سنگیتا نے کہا۔ "یہ خوفناک باتیں مجھ سے

اس دیکھی جائیں۔"

"ٹھیک ہے۔ تم جا کر سو جاؤ۔ مجھے تو ابھی خاصی دیر لگے گی۔ مجھے

پولس کا انتظار کرنا ہے۔"

سنگیتا مزید کچھ کہے سنے بغیر اندر چلی گئی۔

رضوان نے پولس کو فون کر کے ریسیور رکھ دیا۔

پولس کی آمد تک مجھے ان چاروں پر پستول تان کر بیٹھے رہنا پڑا۔ جب پولس والے آ گئے تو میں نے انہیں سارا واقعہ بتایا اور پولس نے ان چاروں کے ہتھکڑیاں لگا دیں۔ ساری کارروائی میں رضیہ بھی آ گئی اور رضوان نے چپکے چپکے اسے ساری صورت حال سے آگاہ کر دیا۔

پولس افسر نے مجھ سے کہا۔ "آپ کو ہمارے ساتھ اس مقام تک چلنا ہو گا جہاں وہ حملہ آور پہاڑ سے گر کر ہلاک ہوا ہے۔"

"چلیے!" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "ضابطے کی تمام کارروائی تو مکمل کرنا ہی پڑے گی۔"

رضوان اور رضیہ بھی میرے ساتھ جانا چاہتے تھے لیکن میں نے انہیں روک دیا اور پولس کے ساتھ روانہ ہو گئی۔

جب میں واپس گھر آئی تو صبح ہو چکی تھی۔ نیند سے میری پلکیں بوجھل تھیں اس لیے سیدھی اپنی خوابگاہ میں جا کر لیٹ رہی۔ رضیہ، رضوان اور سنگیتا بھی اس وقت سو رہے تھے۔ اگر انہیں اطمینان نہ ہوتا تو وہ ضرور میرے انتظار میں جاگ رہے ہوتے۔

جب میری آنکھ کھلی تو ایک بج چکا تھا۔ تیز دھوپ کھڑکی کے شیشوں سے چھن کر کمرے میں آ رہی تھی۔ میں اٹھ کر سیدھی باتھ روم میں جا گھسی اور کافی دیر تک شاور کے نیچے لیٹ کر اپنی جسمانی کسلمندی کو دھوتی رہی۔

رضوان، رضیہ اور سنگیتا نے میرے انتظار میں اب تک کھانا نہیں کھایا تھا۔ ہم چاروں ساتھ ساتھ کھانے کی میز پر بیٹھے۔ کھانے کے دوران میں گزشتہ رات کی باتیں چھڑ گئیں۔

"مجھے یقین ہے کہ وہ سب کچھ خان آف کالا گوٹ نے کروایا تھا۔" میں نے کہا۔

"پھر تو ہمیں بھی اس کے خلاف کوئی ایسی ہی سخت کارروائی کرنا چاہیے۔" رضیہ کے لہجے میں اشتعال تھا۔

"جوش میں نہ آؤ!" میں نے کہا۔ "اس کے خلاف ہنگامی اقدامات کرنے سے پہلے میں ایک کام ضرور کر لینا چاہتی ہوں۔"

"وہ کیا؟"

"خان آف کالا گوٹ کے اثر و رسوخ کا زور توڑنا ضروری ہے۔"

"یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟"

"ایک صورت تو وہی ہے جس کا اظہار میں پہلے بھی کر چکی ہوں۔ یعنی یہ کہ خان آف کالاگوٹ کے گھناؤنے کردار کے بارے میں کوئی ایسی بات معلوم ہو جائے کہ اعلیٰ حکام اس کی طرف سے مشتبہ ہو جائیں۔"

"میں اتنے دن سے اس چکر میں ہوں لیکن مجھے کوئی بات نہیں معلوم ہو سکی۔" رضیہ نے کہا۔ "ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے وہ خود عام طور پر فعال نہیں رہتا اور بس پردہ ہی رہ کر اپنے کام کرواتا رہتا ہے۔ میں نے اب تک جو چھان پھٹک کی ہے، اس سے میں یہ نتیجہ بھی اخذ کر سکی ہوں کہ وہ کسی بحری جہاز کا مالک نہیں ہے جبکہ آپ کہتی ہیں کہ اس نے آپ کو ایک بحری جہاز میں قید کیا تھا۔"

"ہاں۔" میں نے مضبوط لہجے میں کہا۔ "وہ بحری جہاز ہی تھا۔ میں ضرور اس کا پتا چلا کر رہوں گی۔ دراصل ابھی تک میں خان آف کالاگوٹ پر پوری توجہ نہیں دے سکی ہوں۔ میرا ذہن سنگیتا میں الجھا رہا تھا۔ خدا کا شکر ہے کہ اب یہ خاصی حد تک معمول پر آ چکی ہیں انڈر اب میں۔۔۔"

سنگیتا نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "یہ مجھے افسوس ہے بانو کہ آپ میری وجہ سے برابر پریشان ہوتی رہی ہیں۔"

"اس قسم کی پریشانیاں تو میری زندگی میں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "اگر میری ذات سے اس قسم کے ہنگامے وابستہ نہ ہوں تو میری زندگی نہایت بوجھل ہو کر رہ جائے۔"

گفتگو کے موضوع کو بدلتا ہوا محسوس کر کے رضیہ جلدی سے بول پڑی۔ "باجی! اگر آپ خان آف کالاگوٹ کی شخصیت کو مشتبہ بنانے میں ناکام رہیں تو پھر دوسری صورت کیا ہو گی؟ ابھی آپ نے اس کی طرف کچھ اشارہ کیا تھا۔"

"فی الحال اسے اشارہ ہی رہنے دو۔ تفصیل پھر کسی وقت بتاؤں گی۔"

کھانے کے بعد جب ہم چائے پی رہے تھے تو میں نے کہا۔ "رضیہ! تم ذرا سنگیتا کا خیال رکھنا۔"

"کیا آپ کہیں جا رہی ہیں؟"

"ہاں۔"

"کہاں؟" رضوان پوچھ بیٹھا۔

"دو ایک کام ہیں۔"

رضوان منہ بنا کر چپ ہو گیا۔ اسے عموماً کھل جاتا تھا جبکہ رضیہ اس کی عادی تھی۔

"بانو!" سنگیتا آہستہ سے بولی۔ "تم تو انکل کفیل کا فون آیا تھا۔ وہ آج شام کو دراصل وہ چند دن کے لیے اپنے کاروبار کے سلسلے چاہتے ہیں جبکہ مقدمے کی وجہ سے ان کا یہاں رہنا وہ اس سلسلے میں آپ سے مشورہ کرنا چاہتے ہیں۔"

"ٹھیک ہے۔ میں ان سے مل لوں گی۔"

"یہ بات میں نے آپ کو اس لیے بتا دی تھی کہ لوٹ آئیں۔"

"میں آ جاؤں گی۔ اگر مجھے کچھ دیر ہو جائے تو کے کھانے پر روک لینا۔"

"بہتر۔"

چائے پینے کے بعد میں اٹھ گئی۔ گیرج سے کار روانہ ہوئی۔ میرا رخ ابریز کے گھر کی طرف تھا۔ صورت نوجوان سے مل کر اس کا شکریہ ادا کرنا نے گزشتہ رات محض میری وجہ سے زخمی ہونا گوارا مجھے یہ معلوم ہو چکا تھا کہ اس چاقو سے میں زخمی ابریز کو تو بہرحال اس بات کا علم نہیں تھا۔ اس نے تو اپنی دانست میں میری جان ہی بچانے کے لیے خود کو ڈالا تھا۔

معصوم صورت ابریز کی شخصیت میرے لیے بن گئی تھی۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں اسے میرا دل اب تک اس بات پر یقین کرنے کے لیے آمادہ تھا کہ ابریز واقعی مجھ سے محبت کرنے لگا تھا۔

اس کے گھر پہنچ کر جب میں نے اپنا کار ڈرائیو اندر اور ایک ملازم آدمی نے باہر نکل کر میرا استقبال کیا۔ وہ وہی تھا۔ اس نے مسکرا کر مجھ سے پوچھا۔ "آپ وہی خاتون ہیں کل رات قاتلانہ حملہ ہوا تھا؟"

"جی ہاں۔" میں نے کہا۔

ابریز کا باپ مجھے نہایت خلیقانہ انداز میں انتظار ڈرائنگ روم میں بٹھاتا ہوا بولا۔ "فرمائیے! آپ نے کیسے زحمت کی؟"

"میں رات ہی کو آتی لیکن صرف اسی لیے نہیں آئی کہ آرام میں خلل پڑتا۔ اب میں اسی کو دیکھنے آئی ہوں۔ اس کے

آنیں ہو گیا؟"

ایسٹ وہ تو نہیں لیکن تکلیف بہرحال ہے۔"

وہ ہوں کہ میری وجہ سے۔۔۔"

یں۔" ابریز کے باپ نے جلدی سے کہا۔ "میرے بیٹے اس کا انسانی فرض تھا۔ میں اس کے اس اقدام سے اور مجھے اس پر فخر ہے۔"

ابریز سے مل سکتی ہوں؟"

کیوں نہیں! چلیے، میں آپ کو اس کی خوابگاہ میں

ایک اندرونی کمرے میں لے گیا۔ وہاں ابریز آرام دہ بستر لیٹا ہوا تھا۔ اس کی آنکھیں بند تھیں اور چہرے پر نزدی ں۔ غالباً اس زردی کا سبب یہ تھا کہ رات کو اس کا بہت ن ہو گیا ہو گا۔

ابریز کے باپ نے آہستہ سے پکارا۔ "دیکھو تو کون آیا

آہٹ سے آنکھیں کھولیں۔ جیسے ہی اس کی نظر مجھ پر ٹک گئی میں نے محسوس کیا کہ اس کے چہرے پر ہلکی سی سرخی ئی۔ "آپ!" اس کے منہ سے بے اختیار نکلا۔ اس بے پناہ مسرت کا اظہار ہوا تھا۔ اس نے اٹھنے کی کوشش ہوئی سے آگے بڑھ کر اس کے سینے پر ہاتھ رکھ دیا۔ ہو۔" میں نے کہا۔ "اٹھو گے تو بازو میں تکلیف بڑھ جائے

ت ابریز کے باپ نے اپنی جیبیں ٹٹولیں اور پھر مجھ سے لیف رکھیں۔ میں ذرا اپنے کمرے سے اپنا پائپ اور ی اٹھا لوں۔" وہ جلدی جلدی چلتا ہوا کمرے سے نکل گیا ں نگاہیں میرے چہرے پر اس طرح جم گئی تھیں جیسے میرا مالیس ہو۔

کچھ رہے ہو؟" میں نے مسکرا کر پوچھا۔

کیسے کہ یہ تو مجھے بھی نہیں معلوم۔" ابریز نے سنجیدگی سے

ات تم نے کیا حماقت کی تھی؟"

ی حماقت؟"

گر وہ چاقو تمہارے سینے میں اتر جاتا؟"

اں اتر ہی جاتا!" ابریز نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"تم پاگل ہو گئے ہو!"

"شاید آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں!" ابریز عجیب سے انداز میں ہنس پڑا۔ "آخر تم نے اپنی زندگی داؤ پر کیوں لگائی تھی؟"

"میرے والد کا خیال ہے کہ میں نے انسانی فرض پورا کیا تھا۔"

"لیکن میں تمہارا خیال پوچھ رہی ہوں۔"

"میں اب اس سلسلے میں خاموش ہی رہنا چاہتا ہوں۔"

"کیوں؟"

"اس لیے کہ میرا سچ آپ کو جھوٹ معلوم ہو گا۔ پھر میں کیوں اپنے سچ کی ذلت کرواؤں۔" ابریز عجیب سے لہجے میں بولا۔ "بانو! میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اب میں اپنے سچ کو دل کی گہرائی میں ہی دفن رکھوں گا۔"

میں نے اس وقت عجیب سی بے چینی محسوس کی لیکن بالآخر کہا۔ "ابریز! تمہارا شعور ابھی پختہ نہیں ہو سکا ہے۔"

"وہ آپ نے میرے سچ کو جھوٹ سمجھا تھا لیکن میں آپ کے جھوٹ کو سچ مانے لیتا ہوں۔" ابریز نے پھیکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

اسی وقت ابریز کا باپ واپس آ گیا اور اس کی وجہ سے وہ گفتگو جو آگے بڑھ سکی جو اس کی عدم موجودگی میں شاید بہت دیر تک جاری رہتی۔

ابریز کے والد نے میری خاطر رات میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی اور مجھے تقریباً پون گھنٹے تک وہاں رکنا پڑا۔ پھر میں یہ کہہ کر وہاں سے رخصت ہوئی کہ ابریز کو دیکھنے کے لیے کل پھر آؤں گی۔

راستے میں میرا ذہن بہت الجھا رہا۔ ابریز کے انداز گفتگو نے اب مجھے یقین ہو گیا تھا کہ وہ مجھ سے محبت کرنے لگا ہے اور یہ میرے لیے حد درجہ پریشان کن بات تھی۔

کچھ دیر بعد میں نے اپنی کار اس ہوٹل کے پارکنگ شیڈ میں روکی جہاں سونیا کا قیام تھا۔ میں سونیا سے مل کر اس سے ایک کام لینا چاہتی تھی۔ وہی کام جس کی تفصیل سے میں نے رضیہ اور رضوان کو بھی بے خبر رکھا تھا۔

اس کام کے علاوہ میں سونیا کے ساتھ اتنا وقت بھی گزارنا چاہتی تھی کہ میری گزشتہ فونوں کی تکان دور ہو جائے لیکن اس ملاقات کا اصل مقصد ایک اہم کام تھا۔

میری خوش قسمتی سے اس وقت سونیا اپنے کمرے میں موجود تھی۔

سونیا اتنے والہانہ اور بیتابانہ انداز میں مجھ سے ملی جیسے برسوں بعد ملاقات ہوئی ہو۔ اس کے ہونٹوں نے اس کی بے قراری کو میرے عارضوں پر تحریر کیا اور اس کے بدن کی تپش نے مجھے اس کے اُبلتے ہوئے جذبات کی تفسیر سے آگاہ کیا۔ اس کے سانسوں کے تموج نے مجھے سمندری تلاطم کے معنی سمجھائے اور اس کے بازوؤں کے حصار نے مجھے گرداب آشنا کیا۔ وہ چند لمحے اس طرح سنسناتے اٹھے جیسے آفتاب کی تمازت سے سمندر گرم ہو گیا ہو۔ پھر اس سے پہلے کہ جذبوں کا سمندر متلاطم ہو جاتا، میں نے دوری اختیار کر لی۔ میں نے آہستگی سے سونیا کو خود سے جُدا کیا اور سرگوشی کے انداز میں بولا۔ "سونی! میں تم سے کچھ باتیں کرنے آئی ہوں۔"

"اتنے دن بعد آئی ہیں اور صرف باتیں کرنے آئی ہیں!" سونیا نے منہ بنا کر کہا۔

"ہاں۔" میں نے ہنس کر اس کے شانوں پر دباؤ ڈالا اور اسے صوفے پر بٹھا دیا۔ پھر میں خود بھی اس کے قریب ہی بیٹھ گئی۔ میں نے اس کا ایک ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر اپنی گود میں رکھ لیا اور اسے پیار سے سہلاتی ہوئی بولی۔ "سب سے پہلے تو یہ بتاؤ کہ تمہارا سائنٹی کہاں ہے؟"

"اسے میں نے دھکے دے کر یہاں سے نکال دیا ہے۔" سونیا نے منہ بنا کر کہا۔ "میں اسے کیسے برداشت کر سکتی تھی؟ اس بدبخت نے آپ کے خلاف مجھے ہی استعمال کروا دیا تھا!"

"یہ تم نے بُرا کیا۔" میں سنجیدگی سے بولی۔ "میں نے تم سے کہا تھا کہ میرے مشورے کے بغیر تم کوئی اقدام نہیں کرو گی۔"

"ارے تو آپ ملی جو نہیں اتنے دن سے! آخر میں اسے کب تک برداشت کرتی؟ مجھے اس کی صورت دیکھ کر غصہ آتا تھا۔"

"اتنے غصے کی بات تو نہ تھی۔ وہ بیچارا محض لالچ کا شکار ہو کر کچھ لوگوں کا آلۂ کار بن گیا تھا۔ اس نے تمہیں تو کوئی نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کی تھی! وہ بہرحال تم سے محبت کرتا تھا۔"

"ہونہہ!" سونیا نے سر جھٹکا۔ "میں اس کی محبت کو خوب جانتی ہوں۔ اس کی محبت بس اتنی تھی کہ وہ اپنے جسم اور اپنے پیٹ کی بھوک مٹاتا رہے۔ اس کے سارے اخراجات میں ہی برداشت کرتی تھی۔"

"وہ تو ٹھیک ہے لیکن..... الٰہی بخش میں نہیں پڑنا چاہتی۔"

"میں خود بھی چاہتی ہوں کہ آپ الٰہی بخش کے کسی بحث میں نہ پڑیں بلکہ....." اس نے ایک ادا سے میں حمائل کر دیا۔

"نہیں۔" میں نے ہنس کر اس کا بازو ہٹا دیا۔ "بحث ختم کرنے کا یہ مطلب تو نہیں کہ تم کو اس طرح گزار دینا چاہتی ہیں جیسے ہم کسی ریگزار کو گزارتے ہیں۔"

"ہاں۔" میں اس کے انداز پر ہنس پڑی۔ "ہاں ہوں۔ مجھے تم سے ایک کام لینا ہے۔"

"گویا آپ اپنی غرض سے میرے پاس آئی ہیں!" سونیا نے بُرا سا منہ بنایا۔

"دوسری صورت میں بھی تو میری ہی غرض ہوتی۔" معنی خیز لہجے میں کہا۔

"لیکن اس غرض میں میرا اشتراک بھی تو ہوتا!" وہ کر ہنس پڑی۔

"فی الحال تم ایک غیر مشترک کام میں دلچسپی لو!" میں نے کہا۔

"خیر وہ تو مذاق کی بات تھی۔" سونیا نے سنجیدگی سے "آپ کا ہر کام میرا اپنا کام ہے۔ بتائیے آپ مجھ سے کیا کروانا چاہتی ہیں؟"

"فی الحال صرف اتنا کہ ایک لڑکی سے دوستی گانٹھ لو۔"

"کس لڑکی سے؟"

"اس کا نام زرّیں ہے اور وہ سینٹ پال میں پڑھتی ہے۔"

"کیا بہت کاٹنے کی چیز ہے؟" سونیا نے بائیں آنکھ دبائی۔

"میں نے اسے کبھی نہیں دیکھا۔"

"پھر کیا بات بنی!" سونیا نے تعجب سے پوچھا۔

"یہ وہ معاملہ نہیں ہے جو تم سمجھ رہی ہو۔"

"پھر کیا معاملہ ہے؟"

"یہ میں تم کو پھر کسی وقت بتاؤں گی۔ کل سے تم اس مشن کا کام شروع کر دو!"

"مجھے اس کے بارے میں کچھ اور تو بتائیے!"

میں نے اسے زرّیں کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کیں اور یہ بھی بتا دیا کہ وہ ملک کی ایک نامور شخصیت خان آف کھیل رضا کے لیے پیشہ وجہاں فراتھا۔ اس کا چہرہ کھل اٹھا۔ اس نے اتنی بار نیہ اشتراک ادا کیا کہ میں شرمندہ ہونے لگی۔

رات کے کھانے کا وقت ہو چکا تھا۔ میں نے نفیس رضا کو کھانے کے لیے روکنا چاہا لیکن اس نے معذرت کر لی۔

"مجھے اب جا کر روانگی کی تیاری کرنا ہوگی۔" اس نے کہا تھا۔

اس کی نصیحت کے بعد ہم لوگ کھانا کھانے کے لیے بیٹھے۔ سسٹیٹ تو اب میرے گھر کا ہی فرد تھا لیکن نفیس کی وجہ سے رضوان کا زیادہ تر وقت بھی وہیں گزرتا تھا۔

کھانے کے بعد فلم کا دور چلا لیکن سنگیتا اس میں شامل نہیں ہوئی۔ وہ اپنے ذہنی خوابگاہ میں ہی گم تھی۔

"یہ لڑکی بہت ہی دکھی ہے۔" رضیہ نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"ہونا بھی چاہیے۔" رضوان سر ہلا کر بولا۔ "ابھی محبوب کی موت کا غم تازہ ہی تھا کہ باپ کی موت کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑ گیا۔"

میں نے ان باتوں میں دلچسپی نہیں لی اور کہا۔ "رضیہ! تمہیں کل صبح صبح ہی کچھ کام کرنے ہیں۔"

"کیا؟" وہ ہمہ تن متوجہ ہو گئی۔

"ایک تیز رفتار وین کا بندوبست کرو۔ نیز آپ بیراکی کے لباس بھی لیتا ہوں گے۔ ویسے میں ظاہر یہ کرنا ہے کہ ہم مچھلی کے شکار کے لیے کھلے سمندر میں نکلے ہیں۔"

"اوہ!" رضوان کے منہ سے نکلا۔ پھر وہ اور رضیہ ایک دوسرے کو معنی خیز نظروں سے دیکھنے لگے۔

"ہم فل دو پہر کو کھانے کے بعد روانہ ہوں گے۔" میں نے کہا۔ "اس سے سارا بندوبست اس سے پہلے ہی مکمل ہو جانا چاہیے۔ ہاں ایک کام اور بھی کرنا ہے۔ ہمیں اپنے ساتھ ایک بہت لمبی رسی بھی لینا ہوگی۔ اس رسی کی لمبائی ڈھائی تین سو گز ہونا چاہیے۔ اگر مجھے سمندر میں اترنا پڑا تو میں وہ رسی اپنی کمر سے باندھ کر اترون گی تاکہ کہیں بچھڑ جانے کا خطرہ نہ رہے۔"

"آپ اس جہاز کو تلاش کرنا چاہتی ہیں جی!" رضیہ پوچھے بغیر نہ رہ سکی۔

"ہاں۔"

"لیکن یہ بات اچھی طرح تصدیق پا چکی ہے کہ نواب آف گارگٹ کا کوئی ذاتی جہاز نہیں ہے۔"

"ہو سکتا ہے وہ جہاز کسی اور کے نام پر خان آف

کالا گوٹ کے استعمال میں رہتا ہو۔ اس کے علاوہ یہ بھی ممکن ہے کہ اس نے اپنا کوئی زیرِ آب ٹھکانا بنا رکھا ہو۔"

رضوان اور رضیہ مجھے اس طرح دیکھنے لگے جیسے میں انھیں کسی سنسنی خیز انگریزی ناول کا ترجمہ سنا رہی ہوں۔

آخر رضوان بُرا سا منہ بنا کر بولا۔ "میرا خیال ہے کہ اپنگ بی ویلز کا نام آپ ہی روشن کریں گی۔"

"بکو مت!" میں کھڑی ہو گئی۔ "میں اس کمرے کو فراموش نہیں کر سکتی جہاں خان آف کالا گوٹ نے مجھے قید کیا تھا۔"

"لیکن اس کمرے کو فراموش نہ کرنے کا یہ مطلب تو نہیں کہ آپ کو ڈاکٹر جمعے سے رجوع کرنا پڑے۔"

"تم بیٹھے بکواس کرتے رہو۔ میں اب سونے جا رہی ہوں۔ رضیہ! تمھیں کل دوپہر سے پہلے پہلے یہ سارا بندوبست کر لینا ہے۔"

پھر میں رضیہ اور رضوان کو ڈرائنگ روم میں بیٹھا چھوڑ کر اپنی خوابگاہ میں آ گئی۔ شب خوابی کا لباس پہن کر جب میں بستر پر لیٹی تو ساڑھے دس بجے تھے۔ نیند ابھی میری آنکھوں سے بہت دُور تھی لیکن میں نے تنہائی محض اس لیے اختیار کی تھی کہ کچھ سوچ سکوں۔

مشتاق چنگیزی کا معاملہ نپٹ جانے کے بعد اب میرے ذہن پر صرف یہ بوجھ باقی رہ گیا تھا کہ ڈاکٹر شکیل کی موت کے ذمے دار افراد کو دار پر لٹکنے یا آہنی سلاخوں کے پیچھے سڑتے ہوئے دیکھ لوں۔ ڈاکٹر شکیل سے میرا کوئی جذباتی تعلق نہ سہی لیکن سنگیتا سے تو تھا جس کے من مندر میں شکیل کی مورتی اب بھی سجی ہوئی تھی۔ یہ تو میرے اختیار میں نہ تھا کہ سنگیتا کو اس کا محبوب لوٹا سکوں لیکن اس کی دلجوئی اور اشک شوئی کے لیے میں اتنا تو کر ہی سکتی تھی کہ اس کے محبوب کے قاتلوں کو قرار واقعی سزا دلوانے کی تگ و دو کر سکوں۔

شکیل کا قاتل ایک ٹرک ڈرائیور تھا لیکن میں منطقی طور پر اس کی ذمے داری خان آف کالا گوٹ پر ڈال رہی تھی کیونکہ وہ ان ٹرک ڈرائیور کو بچانے کی کوشش کر رہا تھا۔ دوسرے یہ کہ اس کی شخصیت میرے لیے ایک چیلنج بھی بن گئی تھی۔ مجھے ہر قیمت پر اس کی "پارسائی" اور عصمت مآبی کا پردہ چاک کرنا تھا۔ اس طرح سنگیتا سے کیا ہوا میرا وعدہ بھی پورا ہو جاتا اور معاشرے کو اس ناسور سے بھی نجات مل جاتی جو خان آف کالا گوٹ کے نام سے شہرت رکھتا تھا۔

خان آف کالا گوٹ سے نپٹنے کے لیے کیں نے دو محاذوں پر کام کرنے کا پروگرام بنایا تھا۔ ایک طرف تو میں سونیا کے واسطے سے زرین کو آلۂ کار بنا کر خان آف کالا گوٹ کے خلاف کچھ مواد حاصل کرنا چاہتی تھی اور دوسری طرف مجھے وہ جہاز تلاش کرنا تھا جس قیدیوں کی تھی۔ ان دونوں محاذوں میں

اپنی کامیابی کا یقین تھا لیکن میں اس پہلو پر ہر دو محاذوں میں ناکامی ہوئی اور خان آف کالا گوٹ کے لیے آہنی دیوار بننے لگا تو مجھے ایک تیسرا راستہ سوجھا۔ وہ تیسرا راستہ یہ تھا کہ میں ایک بار پھر انٹرپول کو لیتی۔ بہت عرصے پہلے میں ایک اصول بات کی تھی ہو گئی تھی اور میں غالباً اپنی سرگزشت میں یہ بات کہ "انٹرپول" کے بڑے اب بھی چاہتے تھے کہ انٹرپول میں شامل ہو جاؤں۔

میں اپنے بستر پر لیٹی آنکھیں بند کیے ہوئے غور کر رہی تھی کہ دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی بیٹھی اور میں نے بیساختہ بلند آواز میں پوچھا۔ "کون ہے؟"

"میں ہوں بانو! سنگیتا! باہر سے آواز آئی

میں حیرت کے عالم میں بستر سے اٹھی اور سلیپر سم کی طرف بڑھی۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ سنگیتا اس پاس آنے کی کیا ضرورت پیش آ گئی۔ دیوار گیر گھڑی کا بارہ بجنے ہی والے ہیں۔

میں نے دروازہ کھولا۔ سنگیتا میرے سامنے کھڑی اس نے شب خوابی کے لباس پر گاؤن پہن رکھا تھا۔ چہرے پر حسبِ معمول رنجیدگی ہی دیکھی لیکن میں کوئی نہیں کر سکی جس سے میری سمجھ میں آ سکتا کہ سنگیتا آدھی پاس کیوں آئی ہے!

"خیریت تو ہے؟" میں نے تعجب سے کہا اور ایک کر اسے اندر آنے کے لیے راستہ دے دیا۔

"جی ہاں خیریت ہے۔" وہ آہستہ سے بولی اور "آپ ابھی سوئی تو نہیں تھیں؟"

"نہیں، مجھے ابھی نیند نہیں آئی تھی۔" میں نے دیا لیکن اُسے بولٹ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی۔

"میں نے دستک اس لیے آہستہ سے دی تھی کہ اگر چکی ہوں گی تو مجھے جواب نہیں ملے گا۔ اس صورت میں میں واپس" سنگیتا نے کہا۔

"لیکن اس وقت۔۔۔۔"

"آپ کو میری آمد پر تعجب ہے!" وہ میری بات کا

ں پر پھیکی سی مسکراہٹ ابھری تھی۔

ایک فطری امر ہے۔" میں نے کہا۔

ں کہہ رہی ہیں۔" سنگیتا نے آہستہ سے کہا۔ "آج گھبرا رہا ہے۔ مجھے اندیشہ ہوا کہ میں وحشت میں گھر سے ں پر نہ نکل جاؤں اسی لیے میں فوراً ہی آپ کے آ گئی۔"

ہی آئی ہو تو بیٹھو بھی!" میں نے مسکرا کر کہا پھر اس بستر پر لے جا کر بٹھا دیا۔ اس کے گداز ہاتھ کے لمس ہلکی سنسنا اٹھا تھا۔ میں نے اسے بستر پر بٹھانے کے کا ہاتھ چھوڑ دیا۔ میں نہیں چاہتی تھی کہ میرے ں انھیں اور لمس کا وہ جادو سر چڑھ کر بولنے لگے۔

سنگیتا بدستور دھیمے لہجے میں بولتی رہی۔ "آج مجھے بڑی شدت ہے کہ میری وجہ سے آپ بے شمار الجھنوں کا شکار رہے اور وجہ وہی محوی ہے۔ میری ماں کا سایہ بچپن ہی میں ہو گیا تھا پھر میرا محبوب بھی ہمیشہ کے لیے مجھ سے جدا بعد میرے پتاجی نے خودکشی کر لی اور اب میں آپ ہوں تو آپ بھی پریشانیوں کا شکار ہو گئی ہیں تو چھ کروں ے وجود سے ہی پاک ہو جائے اور میں وہی کر گزروں

ت!" میں نے اُسے ایک جھٹکے سے اپنی آغوش میں بھینچ ہوئے ہونٹوں سے اُس کی سرد پیشانی کو چومتی ہوئی بولی۔ نے اپنی زبان سے ایسا کوئی لفظ ادا کیا تو میں تیری زبان دوں گی۔ پگلی کہیں کی۔"

گیتا کی آنکھیں جھلملا اٹھیں۔ وہ آبدیدہ ہو گئی تھی لیکن اس ڈھلکنے سے پہلے ہی اپنے جذبات پر قابو پا لیا اور بولی۔ وں بانو! آپ مجھے شدت سے چاہتی ہیں۔"

ے لیے یہ بھی باعثِ مسرت ہے کہ تمھیں اس کا احساس ہے میں ایسے بدنصیب بھی موجود ہیں جن کی محبت پر کسی کو ہ میرے کہتے ہوئے میرے ذہن کو ایک جھٹکا سا لگا۔ دراصل ا آ گیا تھا۔ اسے بھی اُس کے مطابق مجھ سے محبت طا وہ اپنی جان پر بھی کھیل ین میں اب بھی یہ باور یہ پوری طرح تیار نہیں تھی کہ وہ واقعی مجھ سے محبت کرتا

اسوچنے لگیں؟" سنگیتا نے مجھے کھویا ہوا محسوس کر لیا تھا۔

"آں!" میں چونک پڑی۔

اب مجھے پھر بڑی شدت سے احساس ہوا کہ سنگیتا میری آغوش میں ہے۔ کسی وقت بھی میرے جذبات کا لاوا اُبل سکتا تھا۔ میں نے اُسے باہنگی خود سے جُدا کیا اور بولی۔ "تم اپنے ذہن کو بے ہنگم خیالات سے پاک کرنے کی کوشش کرو اور جاؤ اب جا کر سو جاؤ!"

"آپ چاہتی ہیں کہ میں آپ کی خوابگاہ سے چلی جاؤں؟"

"ہاں۔" میں نے محسوس کیا کہ میری آواز مرتعش تھی۔

"آپ مجھ سے خوفزدہ ہیں یا اس تنہائی سے؟"

"سنگیتا!" میں نے اسے گھور کر دیکھا۔

"میرا خیال ہے کہ آپ ان دونوں باتوں کی لپیٹ سے خائف ہیں۔"

"تم فضول باتیں چھوڑو اور جا کر سو جاؤ!"

"بانو!" سنگیتا نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔ "آپ نے میری خاطر بہت کچھ کیا ہے اور بہت کچھ کر رہی ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کس طرح آپ کا شکریہ ادا کروں۔ مجھ سے بس یہی ہو سکتا ہے کہ آپ کے جذبات کو مسترد نہ کروں۔"

"کیا مطلب؟" میں نے چونک کر کہا۔

"اب میں آپ کی خواہشات کے خلاف کوئی مزاحمت نہیں کروں گی۔"

مجھے یوں لگا جیسے سنگیتا نے میرے منہ پر تھوک دیا ہو۔ میرا جسم سلگ اٹھا۔ غصے سے پھنک اٹھا میں بے اختیار ہاتھ چھوڑ بیٹھی۔ میرا طمانچہ سنگیتا کے گال پر پڑا۔ وہ ہکا بکا سی ہو کر میری طرف دیکھنے لگی۔ میں جھٹکے سے کھڑی ہو گئی اور غصے سے بولی۔ "تو میری محبت کی اتنی حقیر قیمت لگا رہی ہے۔ کیا میں یہ سب کچھ اس لیے کر رہی ہوں کہ اس طرح کسی روز تجھے متاثر کر کے تجھے حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاؤں گی۔ تو نے میری شدید توہین کی ہے۔ تو نے میرے جذبے کو ذلیل کیا ہے۔ تو نے۔۔۔۔ تو نے۔۔۔۔" میں غصے کی شدت میں کچھ اور نہ کہہ سکی۔

"بانو!" سنگیتا یکلخت اٹھی اور مجھ سے لپٹ کر چھوٹ چھوٹ کے رونے لگی۔ "مجھے معاف کر دیجیے بانو! پتا نہیں میں کیا بک گئی تھی۔"

میرا اشتعال آتا پڑھا ہوا تھا کہ سنگیتا کے آنسو بھی اسے فوری طور پر ٹھنڈا نہ کر سکے۔ میں بت بنی ہوئی کھڑی رہی۔ میں سامنے کی دیوار میں لگے ہوئے لائٹ گلوب کو گھورے جا رہی تھی۔

"بانو!" سنگیتا نے مجھے جھنجھوڑ ڈالا۔

اب میں نے اُس کے چہرے کی طرف دیکھا جو آنسوؤں سے بھیگا

ہوا تھا۔ سنگیتا نے اپنے دونوں ہاتھ جوڑ لیے اور اس کے الفاظ اس کے آنسوؤں سے گھل گھل کر اس کے ہونٹوں سے ادا ہونے لگے۔ "مجھے معاف کر دیجیے بانو! آپ کو آپ کے پیار کی قسم، مجھے معاف کر دیجیے! میں جو کچھ بک گئی، وہ میری بہت بڑی بھول تھی۔ اب اس کا اعادہ کبھی نہیں ہوگا۔" سنگیتا کے لیے کسی التجا اپنی معراج پر تھی۔

اچانک میرا غصہ جھاگ کی طرح بیٹھتا چلا گیا۔ میں نے سنگیتا کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے لیا اور بولی "آخر کو ہے نا پگلی!"

سنگیتا کے ہونٹ کانپتے رہے اور آنکھیں اشک برساتی رہیں۔

"بس اب چپ ہو جاؤ!" میں نے اس کے گال تھپتھپائے۔ "اب آئندہ کبھی ایسی کوئی بات زبان پر مت لانا!"

سنگیتا نے آہستہ آہستہ دو مرتبہ نفی میں سر ہلایا۔ میں اپنی آستین سے اس کے بہتے ہوئے آنسو پونچھنے لگی اور پھر اس کے بازو میں بازو ڈال کر بولی "چلو میں تمھیں تمھارے کمرے میں چھوڑ آؤں۔"

"آپ آرام کیجیے! میں چلی جاؤں گی۔"

"میرے آرام کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے جناب کو!" میں نے ڈانٹنے والے انداز میں کہا۔

سنگیتا مسکرادی۔ اب اس کے آنسو نہیں بہہ رہے تھے لیکن اس کی مسکراہٹ آنسوؤں سے بھیگی ہوئی محسوس ہوئی۔

میں اسے اس کے کمرے میں لے گئی۔ اپنی گود میں گٹھلے کے اسے بستر پر لٹایا۔ اسے اونی چادر اوڑھائی، پھر جھک کر اس کی پیشانی کو چوما اور "شب بخیر" کہہ کے اس کے کمرے سے نکل آئی۔

اپنے کمرے کی طرف جاتے ہوئے میرے ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی اور میں سوچ رہی تھی کہ یہ محبت بھی کتنا عجیب ہوتا ہے! کیسی کیسی باتیں ہو جاتی ہیں اس میں! کبھی میرے سان و گمان میں بھی نہیں آیا تھا کہ میں کسی روز سنگیتا کے منہ پر طمانچہ مار بیٹھوں گی۔

اپنی خوابگاہ میں پہنچ کر میں نے گھڑی پر نظر ڈالی تو ساڑھے بارہ بجے تھے۔ میں بستر پر لیٹی اور سنگیتا کے بارے میں سوچتے سوچتے کسی لمحے نیند کی آغوش میں پہنچ گئی۔

صبح ناشتے کی میز پر رضیہ اور سنگیتا میرے ساتھ تھیں۔ ناشتے کے بعد رضیہ ان انتظامات کے لیے چلی گئی جن کے بارے میں میں نے اسے ہدایات دی تھیں۔ اس کی روانگی کے بعد میں اور سنگیتا اسٹڈی میں جا بیٹھے۔

"سنگیتا!" میں بولی۔

سنگیتا جو کسی خیال میں ڈوبی ہوئی تھی، چونک کر میری طرف دیکھنے لگی۔ "جی بانو!"

"کل رات میں نے تمھارے بارے میں اگ"

"وہ کیا بانو؟"

"یہاں کا ماحول تمھارے لیے بڑا دہشتناک ہ تم کچھ عرصے کے لیے امریکہ چلی جاؤ۔ اس طرح تھ مل جائے گا۔ وہاں میری ایک بہت پیاری، تمھارا اسی طرح خیال رکھے گی جیسے میرا خیال رکھ"

"لیکن اس سے کیا فائدہ ہوگا بانو؟"

"ماحول کی تبدیلی ذہن پر ضرور اثر انداز ہ

"لیکن میں ایک نئے ماحول میں خود کو کس طرح گی۔"

"اس سلسلے میں تمھیں فرخ سے بہت مدد ملے

"یہ فرخ ہے کون؟"

"میری بہت پیاری دوست ہے۔ میں نے نہیں دیکھا۔ لیکن لگتا ہے جیسے صدیاں گزر گئی ہوں لیکن اپنے وجود میں محسوس کرتی ہوں۔ اسے میرا ایک پیغام ملا وہ خود بھی میرے اس قول سے واقف ہے کہ محبت ماضی توانائی کے ساتھ زندہ رہتی ہے لیکن ایسا مصروف رہتا رکھتی ہے۔ اس سے کہنا کہ وہ کبھی کبھی مجھے فون کر لیا کرے آواز سن کر بھی مجھے اتنا ہی سکون مل سکتا ہے جتنا اس کرکے۔"

"بانو!" سنگیتا مجھے بڑے غور سے دیکھتی ہوئی بولی "آپ کو بہت عزیز ہے؟"

"ہاں، وہ مجھے اتنی عزیز ہے کہ خود اس کو بھی اس کا"

"اس کا ذکر کرتے ہوئے آپ کا چہرہ ایسی اس طرح آپ دنیا کے کسی بہت بڑے خزانے کا ذکر کر رہی ہوں۔"

"جو لوگ چاہنے ہوں، وہ کسی خزانے سے کم تو نہیں ہو"

"آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔" سنگیتا نے ٹھنڈا سانس لیا میں ڈوب گئی۔ شاید اسے شکیل یاد آگیا تھا۔

ادھر میں اُن مکتے ہوئے لمحات میں کھو گئی جو ہ ساتھ گزارے تھے۔ مجھے اس سے اپنی پہلی ملاقات بھی یاد آ بس میں ہوئی تھی۔

کچھ دیر اسٹڈی میں بیٹھ کر میں اور سنگیتا اتنے تھک اپنے کمروں میں جا لیٹے۔ اس وقت میں نے فیصلہ کیا کہ سنگیتا کے

لیے انتظامات رضوان کے سپرد کر دوں گی۔ میں چاہتی تھی کہ ان میں ہی امریکہ چلی جائے۔ نئے ماحول میں وہ خود کو سنبھال لیتی لیکن میرا یہ فیصلہ ایک نہایت غلط فیصلہ تھا اس وقت ہوا جب میرے گمان سے نکل چکا تھا۔

دوپہر سے پہلے پہلے لوٹ آئی۔ اس کے ساتھ رضوان بھی تھا۔ انتظامات کر کے آئے تھے۔ رضیہ نے بتایا کہ ہم لوگ کے بعد اپنے مشن پر روانہ ہو سکتے ہیں۔

آب پر تیز و حبوب چمک رہی تھی اور ہم لانچ میں کھلے سمندر رہے تھے۔ رضوان اسے اسٹیئر کر رہا تھا کیونکہ اس کے خیال اس کے مضبوط بازو، ہمارے "ناتواں" بازوؤں سے زیادہ اظہر کر سکتے تھے۔

اپنے نے مونڈے کے گرد نصف دائرے میں گردش لی اور آگے ہیں اور رضیہ اطراف و اکناف کا جائزہ لینے میں مصروف تھے۔ میری ہدایت کے بغیر ہی دو عدد دوربینوں کا بھی بندوبست کر وہ دوربینیں اس وقت ہمارے بہت کام آرہی تھیں۔ ان کی ہم دور ہی سے ان جہازوں کا جائزہ لے لیتے تھے جو ساحل ہونے کی جگہ نہ ملنے کے باعث کھلے سمندر میں ادھر اُدھر ہوئے تھے۔ ان میں زیادہ تر غیر ملکی کمپنیوں کے کارگو شپ تھے جو انواع تجارتی سامان لے کر آئے تھے۔ اس قسم کے جہازوں کو نی ہفتے تک ساحل پر لنگر انداز ہونے کی جگہ نہیں ملتی ہے اور مندر میں کھڑے رہتے ہیں۔ ان جہازوں کا عملہ لانچوں کے ساحل پر آتا جاتا رہتا ہے۔ ہم نے ایسی بہت سی لانچیں دیکھیں جو ں کے کارندوں کو ساحل کی طرف لے جا رہی تھیں یا ساحل سے کی طرف لا رہی تھیں۔

دوربینوں کی وجہ سے ہمیں کسی جہاز کے قریب جا کر اس کا جائزہ ضرورت نہیں پڑی۔ ہمیں دور ہی سے اُن کے نام وغیرہ دکھائی دے تھے۔

آخر ہماری لانچ ان جہازوں سے بھی آگے نکل گئی اور تب رضوان ہاں کی کھلی بحر برداشت نہیں کر سکا۔ اس نے مجھ سے کہا "ایک بات ئیے خاتون!"

"فرمایئے!" میں نے اسی کے سے لہجے میں کہا۔

"کیا ہم اسی لانچ میں یورپ تک کی دوڑ لگا ڈالیں گے؟"

"کیا مضائقہ ہے!" رضیہ ہنس کر بولی "خاصا وہ لپ ایڈونچر رہے گا۔"

"اُس وقت کیا ہوگا جب لانچ کا ایندھن ختم ہو جائے گا؟"

"اسی وقت تو ایڈونچر شروع ہوگا۔"

"تو پھر آپ لوگ مجھے تو یہیں ڈراپ کر دیجیے! میں تیرتا ہوا ساحل کی طرف لوٹ جاؤں گا۔"

"تمھارے فرشتے بھی اتنا حوصلہ تیر کر ملنے نہیں کر سکتے۔"

"یہ نہ کہو۔ میں ایک مرتبہ بحرالکاہل سے ہجرتی دیانوس تک چلا گیا تھا۔"

"شش!" رضیہ نے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر سرگوشی کرنے والے انداز میں کہا۔ "اگر کسی اور نے سن لیا تو تمھیں گدوبندر پہنوا دے گا۔"

"بندرگاہ سے تو ہم گزر ہی آئے ہیں۔ اب گدوبندر بھی سہی۔" رضوان نے بے پروائی سے شانے جھٹک کر کہا۔ "لیکن تمھیں بھی میرے ساتھ وہاں چلنا ہوگا۔ تنہائی میں تو میرا جی کہیں بھی نہیں لگے گا۔"

"وہاں ضرور لگ جائے گا۔" رضیہ نے تمسخرانہ وثوق سے کہا۔

"وہاں تمھارے بھائی بند ضرور ہوں گے۔ ویسے بھی وہاں کی انتظامیہ کے پاس اتنے خوبصورت ہنٹر ہوتے ہیں کہ آدمی وہاں اپنا دل تو کیا پھیپھڑے اور جگر وغیرہ تک لگانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔"

رضیہ اور رضوان کی نوک جھونک میں بہت سرسری طور پر سنتی رہی۔ میری آنکھیں تو اطراف و اکناف کا جائزہ لینے میں مصروف تھیں، دوربین میری آنکھوں سے لگی ہوئی تھی اور میرے تصور میں وہ جہاز تھا جس کے ایک کیبن میں، میں قید رہ چکی تھی۔

لیکن اب مجھے دور دور تک کوئی جہاز دکھائی نہیں دے رہا تھا جن جہازوں کو ہم پیچھے چھوڑ کر آئے تھے، وہ بھی اب دوربین کے باوجود بہت ننھے ننھے سے نظر آرہے تھے۔ دوربین کے بغیر تو انھیں دیکھا بھی نہیں جا سکتا تھا۔

آخر جب چار بج گئے تو رضوان پھر مجھ سے مخاطب ہوا۔ "خاتون! اگر اب واپسی کا قصد کرنے میں دیر کی تو ساحل تک پہنچتے پہنچتے رات ہو جائے گی۔"

"ٹھیک ہے۔" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "موڑ لو لانچ کو۔ کل ہم دائیں سمت میں چلیں گے۔"

"اور پرسوں بائیں سمت میں!" رضوان نے مزہ بنایا۔

"بے شک۔" میں نے معتصم انداز میں کہا۔ "میں جب تک مطمئن نہ ہو جاؤں اس جہاز کی تلاش جاری رکھوں گی۔"

"اور یہ جو غوطہ خوری کا سامان ساتھ لیا تھا؟"

"فی الحال میں نے وہ پروگرام ملتوی کر دیا ہے۔ ہاں اگر پرسوں تک

ہم اس جہاز کو تلاش نہ کر سکے تو پھر میں منوڑے کے آس پاس، زیرِ آب تلاش کی مہم شروع کروں گی۔"

"یعنی تین روز کی ناکامی کے بعد پانی پانی ہو جائیں گی۔"

"یہ کوئی اچھا فقرہ نہیں ہوا!"

"میں بہت اچھا فقرہ کہہ سکتا تھا سالی جی!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "لیکن مشکل یہ ہے کہ اس وقت میری ہونے والی بیوی بھی ساتھ ہے۔" رضوان نے کن انکھیوں سے رضیہ کی طرف دیکھا۔

"کیا!" رضیہ نے آنکھیں نکالیں۔ "اس کا مطلب یہ ہوا کہ تم میری عدم موجودگی میں باجی کے ساتھ بہت زیادہ گستاخی کے ساتھ پیش آتے ہو!"

"ارے کچھ نہ پوچھو رضیہ!" میں شرارت سے مسکرائی۔ "ایک مرتبہ تو یہ حضرت فرما رہے تھے کہ رضیہ تو شادی کے لیے تیار نہیں ہو رہی ہے، لہٰذا آپ ہی تیار ہو جائیے!"

"کیوں!" رضیہ نے رضوان کا کان پکڑا۔

"ارے یہ کیوں اس بے وقوف رضوان بولا۔" بھلا میں ایک بڈھی ٹھڈی عورت سے شادی کروں گا!"

"کیا!" رضیہ نے آنکھیں نکالیں۔ "باجی، بڈھی ہیں؟"

اُس نے اتنی زور سے رضوان کا کان کھینچا تھا کہ وہ چیخ پڑا۔ "ارے اکھڑ جائے گا!"

"کیا!" رضیہ نے بوکھلا کر اُس کا کان چھوڑ دیا۔

"کان!" رضوان نے آنکھیں نکال کر کہا۔ "اور کیا؟"

"ہائیں! تو کیا تمہارا کان مصنوعی ہے؟"

"اصلی ہے!" رضوان نے پہلے سے زیادہ آنکھیں نکالیں۔

"پھر تو اتنی آسانی سے نہیں اکھڑ سکتا۔" رضیہ نے کہا اور بڑے اطمینان سے دوبارہ رضوان کے دونوں کانوں پر ہاتھ ڈال دیے۔

"ارے کیا برازیل میں رہ کر بالکل ہی وحشی ہو گئی ہو!" رضوان نے جھنجلا کر کہا اور سر کو جھٹکا دے کر اپنے کان چھڑانے کی کوشش کی۔

"اے! سنو!" میں اچانک بولی۔ "ایک لانچ ہمارے پیچھے آ رہی ہے۔"

"کیا!" رضیہ نے جلدی سے رضوان کے کان چھوڑ دیے۔

ہماری لانچ اب واپس ساحل کی طرف جا رہی تھی لیکن اس وقت ہم منوڑے سے بھی اتنی دور تھے کہ وہاں تک پہنچنے میں ڈیڑھ دو گھنٹے لگتے۔

رضوان نے پلٹ کر دیکھا اور پھر بولا۔ "مجھے تو کوئی لانچ نظر نہیں آ رہی ہے!"

"ابھی بہت دُور ہے۔ دُوربین ہی سے نظر آئے گا۔"

"اوہ!"

اب رضیہ نے بھی دوربین آنکھوں سے لگا لی تھی۔

"ہاں، ہے تو سہی!"

"اور میں بڑے وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ خطرہ ٹل چکا ہے۔" میں نے گمبھیر لہجے میں کہا۔

"کیوں!" رضوان بولا۔

"آخر یہ لانچ ہمارے پیچھے کس طرح آ گئی؟"

"آپ کی طرح کوئی اور بھی کسی جہاز کی تلاش میں ہو گا۔ جہاز کی تلاش میں نہ ہو گا تو وصیل کا شکار کھیل رہا ہو گا!"

"کیا بالکل ہی گھامڑ ہو گئے ہو؟ ہمارے سمندر میں وصیل کہاں جاتی!"

"تو وصیل کی اولادوں میں سے کوئی چیز پائی جاتی ہو گی۔"

"ذرا چپ رہو مجھے سوچنے دو!" میں نے جھنجلا کر کہا۔

"ارے تو کیا میری زبان کو سوچنے کے کام میں لائیں گی آپ! دیجیے اور اپنے دماغ کو سوچنے کے کام میں لائیے!"

"رضو!" میں نے تشویش سے کہا۔ "وہ ہماری لانچ سے تیز رفتار معلوم ہوتی ہے۔"

"جی ہاں!" رضیہ نے کہا۔ "بڑی تیزی سے قریب آ رہی ہے۔"

"میرا خیال ہے کہ وہ لوگ ایک لمبا چکر کاٹ کر ہمارے عقب سے آ رہے ہیں۔"

"اور یہ بھی ملے ہے کہ ان کے پاس ہماری دوربینوں سے طاقتور دوربین ہو گی۔" رضیہ نے کہا۔ "اسی لیے وہ لوگ تو ہم پر نگاہ رکھے ہوئے ہیں لیکن ہمیں اُن کی لانچ دکھائی نہیں دی۔"

"ارے وہ بحری پولیس کی لانچ بھی ہو سکتی ہے۔" رضوان اظہارِ خیال کیا۔ "وہ لوگ اسمگلروں کی تلاش میں سارے سمندر کو گھومتے پھرتے ہیں۔"

"نہیں۔" میں نے کہا۔ "بحری پولیس کے پاس جس قسم کی لانچ میں اُن کو اچھی طرح پہچانتی ہوں۔ یہ لانچ اُن سے قطعی مختلف ہے۔ رنگ کے علاوہ اب مجھے اس لانچ پر ایسے آدمی بھی نظر آنے لگے ہیں جو اُن میں نہیں ہیں۔"

"باجی!" رضیہ پُرجوش انداز میں بولی۔ "اس لانچ پر ریڈ میٹیں بھی فٹ ہے۔"

ہمارے پاس صرف ریوالور ہیں۔"

"تب تو پھر انا للہ و انا الیہ راجعون!" رضوان بڑبڑایا اور اُس نے پھر پلٹ کر دیکھا۔

اس لانچ کو دوربین کے بغیر بھی دیکھا جا سکتا تھا لیکن اس وقت خفگی سی نظر آ رہی تھی۔

"ذرا بڑھاؤ!" میں نے مضطربانہ انداز میں رضوان سے کہا۔

"اُف!" رضوان سنجیدہ ہو گیا۔ "یہ لانچ اس سے زیادہ تیز رفتاری نہیں دکھا سکتی جتنی رفتار بڑھائی جا سکتی تھی، اتنی رفتار میں نے بڑھا دی تھی جب رضیہ سے مشین گن کا نام سنا تھا۔"

"اب کیا ہو گا!" میں نے پُرتشویش انداز میں رضیہ کی طرف دیکھا۔ میں بس بے خیالی ہی میں کر گئی تھی۔ خود میرا دماغ پوری طرح ساتھ دیتا تو سوچنے میں مصروف تھا کہ اس خطرناک صورتِ حال سے نپٹا جا سکتا ہے؟

اچانک رضیہ نے جھک کر غوطہ خوری کا لباس اٹھایا اور پہننے لگی۔

"کیا کر رہی ہو؟" میں نے تیزی سے پوچھا۔

"ارے! ابھی بھی آپ مجھ سے کہا کرتی ہیں کہ بس دیکھتی رہو!"

"اللہ!" میں بے اختیار مسکرا پڑی۔

"سمندر میں کود کود کر جان بچانا ہو گی!" رضوان نے بوکھلائے ہوئے انداز میں پوچھا۔

رضیہ نے اس کی طرف دھیان نہیں دیا اور رضیہ سے بولی۔ "شاید تم سمجھ گئی ہو گی کہ تم کیا کرنے جا رہی ہو!"

"جی ہاں! میرا بھی یہی خیال تھا کہ آپ سمجھ جائیں گی۔"

"اے تو مجھ کو ڈوبتا مقدر کو بھی تو کچھ سمجھاؤ!" رضوان دہاڑا۔

رضیہ ہنس پڑی۔ اُس نے غوطہ خوری کا لباس پہن لیا تھا اور اب اُس کے ایک سرے کو اپنی کمر سے باندھ رہی تھی۔ یہ کئی سو فٹ لمبا رسّا حفاظت کے مطابق ہی لانچ میں موجود تھا لیکن اس کا وہ مصرف نہیں تھا جو اب اچانک سامنے آ گیا تھا۔

دوسرا سرا میں خود لانچ کے ایک ہُک سے باندھنے لگی۔

"آپ واقعی سمجھ گئی ہیں!" رضیہ نے مسکرا کر کہا۔

"کیا پہلی مرتبہ تم نے میری بات کو مذاق سمجھا تھا؟"

اس سے پہلے کہ رضیہ کچھ کہتی، گولیوں کی تڑتڑاہٹ سے فضا گونج اٹھی۔ ہم میں آنے والی لانچ کی مشین گن سے پہلا برسٹ مارا گیا تھا لیکن حملہ آور لانچ اُس کی زد سے کچھ دُور تھی۔

میں نے ریوالور نکال کر اونچا کیا، ایک فائر جھونک مارا۔ مقصد اُن لوگوں کو یہ باور کرانا تھا کہ ہم غیر مسلح نہیں ہیں۔ اگر انھیں یہ احساس نہ دلایا جاتا تو وہ زیادہ ہی دیدہ دلیری کا ثبوت دینے لگتے۔

"رضوان!" رضیہ تیزی سے بولی۔ "تم لانچ کو تیزی سے پینتالیس ڈگری کے زاویے پر موڑو۔ میں نہیں چاہتی کہ وہ لوگ مجھے سمندر میں اترتے ہوئے دیکھ سکیں۔"

"ارے تو کیا مچھلیوں سے کوئی گفت و شنید کرنے جا رہی ہو!" رضوان نے جیسے جھلائے ہوئے انداز میں کہا لیکن اس نے کیا وہی تھا جس کی رضیہ نے تاکید کی تھی۔

لانچ پینتالیس ڈگری کے زاویے پر مُڑی ہی تھی کہ رضیہ نر قند لگا کر سمندر کی گہرائی میں اترتی چلی گئی۔

"ہائے اُمّی ہاتھ سے!" رضوان نے مایوسانہ انداز میں ٹھنڈا سانس لیا۔ نہ جانے وہ ایکٹنگ کر رہا تھا یا سمجھ گیا تھا کہ رضیہ کیا کرنے جا رہی ہے۔

رسّے کا وہ ٹکڑا تیزی سے کھلنے لگا جس کا ایک سرا رضیہ کمر سے باندھ کر سمندر میں اتری تھی۔ جب رسّا ختم ہونے والا تھا تو میں نے اس پر اپنے ہاتھ کی ہلکی سی گرفت قائم کی اور پھر اس گرفت کو بتدریج سخت کرتی چلی گئی۔ مقصد یہی تھا کہ جب رسّے کا اختتام ہو تو رضیہ کی کمر کو زیادہ زور کا جھٹکا نہ لگے۔

تعاقب کرنے والی لانچ کی طرف سے مشین گن کا دوسرا برسٹ مارا گیا۔ اس مرتبہ گولیوں نے ہماری لانچ کے ارد گرد پانی کے چھینٹے اُڑا دیے تھے۔ یہ غالباً وارننگ تھی کہ ہم رُک جائیں ورنہ تیسرا برسٹ ہماری لانچ پر بھی پڑ سکتا ہے۔

میں آڑے لیتے ہوئے اندھا دھند لیٹ گئی اور دوربین آنکھوں سے لگا کر تعاقب کرنے والی لانچ کی طرف دیکھنے لگی۔ اب اس لانچ کے آدمی مجھے صاف نظر آ رہے تھے۔ اُن کی تعداد چار تھی۔ ان میں سے دو نے دھاری دار بنیانیں اور پتلونیں پہن رکھی تھیں۔ ایک نے قمیص پر سوئٹر پہن رکھا تھا اور چوتھے کے جسم پر جیکٹ تھی۔ اُس کے کھڑے ہونے کے انداز میں شانِ استغنا تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اُسے باقی تینوں آدمیوں پر برتری حاصل ہو۔ ایک بنیان والا لانچ کو ایڈجسٹ کر رہا تھا اور سوئٹر والے کی ڈیوٹی مشین گن پر تھی۔

"گڈ!" میرے مُنہ سے اچانک نکلا اور میں مسکرا پڑی۔

"کیا گڈ ہو گیا؟" رضوان نے ہانک لگائی۔

"سب گڈ ہو گیا!"

میں دوربین آنکھوں سے لگائے دیکھ رہی تھی کہ رضیہ اُس

لانچ کے عقب میں سطحِ آب پر اُبھر چکی تھی اور تیرتی ہوئی لانچ کی طرف بڑھ رہی تھی۔ اب میں نے رسّا بھی پکڑ کر کھینچنا شروع کر دیا تھا تاکہ رضیہ جلد از جلد اس لانچ کے قریب ہو جائے۔

اس لانچ کے چاروں آدمیوں کی تمام تر توجہ ہماری طرف تھی۔ اُن کے سان و گمان میں بھی نہیں ہو گا کہ "خطرہ" اب اُن کے عقب سے اُن کی طرف بڑھ رہا ہے۔

میں نے جیکٹ والے کو کچھ اشارہ کرتے ہوئے دیکھا۔ وہ اشارہ اُس نے سٹیئرنگ والے کو کیا تھا اور اس کے ہونٹ بھی ہلے تھے۔ غالباً اُس نے کچھ کہا تھا۔ فوراً ہی مشین گن نے پھر ایک ہلکا سا برسٹ مارا۔ اِس مرتبہ کچھ گولیاں لانچ سے بھی ٹکرائی تھیں۔

"ہمیں رُک جانا چاہیے۔" رضوان بوکھلا کر چیخا۔ "ورنہ ہماری لانچ تباہ بھی ہو سکتی ہے۔"

"ٹھیک ہے، رفتار بتدریج کم کرو!" میں نے اطمینان سے کہا۔

میں دیکھ چکی تھی کہ رضیہ نے متعاقب لانچ کا کنارہ پکڑ لیا تھا اور اب اُس کے اوپر چڑھنے کی کوشش کر رہی تھی۔

"یہ رضیہ کی بچی کہاں گئی؟" رضوان لانچ کی رفتار کم کرتے ہوئے بڑبڑایا۔

"وہ جہاں بھی ہے، خیریت سے ہے۔" میں نے کہا۔

رضوان نے ایک مرتبہ پلٹ کر متعاقب کرنے والی لانچ کی طرف دیکھا لیکن دوربین کے بغیر وہ رضیہ کو اُس لانچ پر چڑھتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تھا۔

اچانک میں نے متعاقب لانچ پر کھلبلی مچتے دیکھی۔ اس کا سبب یہ تھا کہ رضیہ ان چاروں کو للکار چکی تھی اور انھوں نے رضیہ کے ہاتھ میں ریوالور بھی دیکھ لیا تھا۔

تین آدمیوں نے اپنے ہاتھ اٹھا دیے لیکن چوتھا چونکہ لانچ کو سٹیئر کر رہا تھا اس لیے وہ ہاتھ نہیں اٹھا سکا۔

اِدھر رضوان نے لانچ روک دی تھی لیکن انجن بند نہیں کیا تھا۔ وہ اپنی جگہ سے اُٹھ کر میرے قریب آ گیا تھا اور حیرت سے متعاقب لانچ کی طرف دیکھ رہا تھا جو اب بہت قریب آ چکی تھی۔ اتنی قریب کہ اس پر موجود افراد بغیر دوربین کے بھی صاف نظر آ رہے تھے۔

"ہائیں!" رضوان کے مُنہ سے نکلا۔ "یہ وہاں کیسے پہنچ گئی؟"

"یہ وہاں اِس لیے پہنچ گئی کہ برازیل کے لوگ اسے سایبری کہتے ہیں۔" میں نے بڑے اطمینان سے کہا۔

متعاقب لانچ ہماری لانچ کے قریب پہنچ گئی۔

"تم اپنی ہی لانچ میں رکو گے۔" میں نے رضوان سے کہا اور پھر جواب کا انتظار کیے بغیر جست لگا کر دوسری لانچ میں پہنچ گئی۔

"اب ان کا کیا حشر کرنا ہے باجی؟" رضیہ نے پوچھا۔

"ابھی بتاتی ہوں۔"

وہ چاروں ہکا بکا سے کھڑے تھے۔ ان کے ہاتھ اوپر اٹھے ہوئے تھے۔ ان کے ہاتھ ہوا میں بلند ہونے کی وجہ سے ان کی جیکٹیں بھی آسانی سے اور اس طرح بے بس کرنا ممکن ہو گیا تھا۔

میں نے اُن چاروں کی تلاشی لی۔ ان میں سے دو اور ایک کے پاس پستول تھا جو تھے کے پاس سے کمر کی طرف بڑھی۔ اس میں سے کارتوسوں کی میگزین نکال کر دریا میں پھینکی اور اُس کے بعد لانچ کا مکمل جائزہ لینے کے بعد مطمئن ہو گئی کہ وہاں کوئی ہتھیار نہیں ہے۔

وہ چاروں بالکل خاموش کھڑے ہوئے تھے۔ میں ان کے سامنے جا رُکی جس نے جیکٹ پہن رکھی تھی۔

"تم!" میں نے اس کے سینے کی طرف انگلی اٹھا کر کہا۔ "تم تینوں ساتھیوں کے باس ہو؟"

اُس نے خاموشی سے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"تو پھر تم ہی میرے تمام سوالوں کا جواب دو گے!" میں انداز کیا۔ "میں تم سے یہ تو نہیں پوچھوں گی کہ تمھیں ہمارے بارے میں کیا تھا لیکن یہ ضرور پوچھوں گی کہ تمھارے عزائم کیا تھے؟ یعنی ہمارے بارے میں تم لوگوں کو کیا ہدایات ملی تھیں؟ کیا تم ہمیں ہلاک کرنا چاہتے تھے؟"

"نہیں۔"

"پھر؟"

وہ چُپ رہا۔ رضیہ اُس وقت جیکٹ والے کے قریب گئی اور تیزی سے اُس کے گال پر اُلٹے ہاتھ کا طمانچہ رسید کرتی ہوئی غرّائی۔ "اس کی جانبداری نہیں دی جا سکتی کہ کسی سوال کے جواب میں خاموش رہو۔"

طمانچے سے جیکٹ والے کا ہونٹ پھٹ گیا اور باچھوں بھی خون رسنے لگا۔ غالباً گال کا اندرونی حصہ بھی زخمی ہو گیا تھا۔

رضیہ طمانچہ مار کر پیچھے ہٹ آئی اور دوبارہ بولی۔ "جواب دو کہ ہمارے بارے میں تم لوگوں کو کیا ہدایات ملی تھیں؟"

"ہمیں... ہمیں اُس کے علاوہ کچھ نہیں کہا تھا کہ تمھیں پکڑ کر زندہ لے جائیں۔" جیکٹ والے نے ایک طرف خون تھوک کر بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیا۔

"فریر ہال کیوں؟" میں نے سوال کیا۔

"ہم سے بس اتنا ہی کہا گیا تھا کہ وہاں ہمیں کالے رنگ کی ایک

گی اور ہم تم لوگوں کو اس کارڈ ڈائریکٹر کے حوالے کر دیں گے۔"

"یہ فریر ہال کس طرح لے جاتے؟" میں نے پوچھا۔

"کورے کر کیباڑی کے ساحل پر پہنچتے تو کس طرح؟ میرا

"اس وقت تم لوگوں کے ریوالوروں کی نالیں ہماری

"اگر تم ہوتیں تو دیکھنے والے ایک ہنگامہ برپا کر دیتے۔"

"وہ کیا ہوش کر کے لے جاتے۔"

"بہت میں بھی وہاں موجود لوگوں کی توجہ ہماری طرف

"وقت!" میں نے جیکٹ والے کو تیز نظر سے گھورتے

"ہم تمھیں صندوقوں میں بند کر کے لے جاتے۔" جیکٹ والے

"میں غرّائی۔ "تم لوگ یہ حماقت ہرگز نہیں کر سکتے تھے۔

"اگر کی گرفتاری یقینی تھی۔ ساحل پر ان صندوقوں کو چیک

"نکنے دیا جاتا!"

"ٹ والے کے چہرے کی رنگت بدل گئی۔

"کے علاوہ یہ کہ تمھیں جھوٹ بولنے کی بالکل تمیز نہیں ہے۔"

"پرسکون لہجے میں کہا۔ "میں دیکھ رہی ہوں کہ تم لوگوں کی لانچ

"سٹرڈ نہیں ہے۔"

"وہ... دراصل..." جیکٹ والا ہکلایا۔

"سچ بولو! سمجھے!" رضیہ ایک قدم آگے آ کر غرّائی۔ "ورنہ

"طمانچے ہی مار مار کر تمھارے چہرے کا بھرتا بنا دوں گی۔"

"دراصل!" جیکٹ والے نے اپنے ہونٹوں پر زبان پھیرتے

"ہمیں صرف یہ حکم ملا تھا کہ تم تینوں کو ہلاک کر دیا جائے۔"

"جیکٹ والے کو گھورتی رہی جو مجھے نظر چرا رہا تھا۔ اِس

"ساتھی دم سادھے کھڑے تھے۔ اُن کے مُنہ سے اب تک ایک

"میں نکلا تھا اور میں بھی اُن سے مخاطب نہیں ہوئی تھی۔

"رضیہ!" میں آہستہ سے بولی۔

"میں سمجھ گئی باجی!" رضیہ نے کہا اور پھر وہ اتنی تیزی سے جیکٹ

"قریب گئی جیسے کوئی آندھی اٹھتی ہے۔ اِس مرتبہ اُس کا طمانچہ

"دار تھا کہ جیکٹ والا لڑکھڑا گیا اور گرتے گرتے بچا۔

"اب بھی جھوٹ بول رہے ہو حقیر کیچوے!" رضیہ نے زہریلے

"لہجے میں چبھتے ہوئے کہا۔ "اگر تمھیں ہماری ہلاکت کا حکم ملا

"ہم لوگ اِس وقت زندہ نہ ہوتے۔ تمھاری مشین گن کا پہلا برسٹ

"ہی سے مارا گیا تھا کہ ہماری لانچ اُس کی زد سے باہر تھی۔"

"اور۔" میں بول پڑی۔ "دوسرے برسٹ کی گولیاں ہماری لانچ کے اردگرد پانی میں گری تھیں۔ پھر تیسرا برسٹ اتنا ہلکا تھا کہ اُس سے لانچ کو بھی بمشکل کوئی نقصان پہنچ سکتا تھا۔ اگر ہمیں ہلاک کرنا تم لوگوں کا مقصد ہوتا تو تمھاری مشین گن کسی توقف کے بغیر گولیاں برسائے چلی جاتی اور ہماری لانچ کے پرخچے اُڑ جاتے۔"

"لہٰذا۔" رضیہ پھر ایک مرتبہ غرّائی۔ "اگر اب بھی تم سچ نہیں بولے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ تمھاری شامت تمھیں دھکا دے رہی ہے۔ اے میری آخری وارننگ سمجھو!"

"آخری نہیں، سیکنڈ لاسٹ!" رضوان نے اپنی لانچ سے ہانک لگائی۔ "آخری وارننگ تو ان گدھوں کو دیں ہی دوں گا میں!"

"نہیں!" میں نے پلٹ کر رضوان سے کہا۔ "تم اپنی ہی لانچ میں رُکو!"

"ارے بھئی مجھے بھی تو کچھ موقع ملنا چاہیے ان لوگوں کی خدمت کرنے کا!" رضوان نے بُرا مان جانے والے انداز میں کہا۔

"بکو مت!" میں نے اُسے ڈانٹ دیا اور دوبارہ جیکٹ والے کی طرف متوجہ ہو کر بولی۔ "ہاں، اب جلدی سے اصل بات بتا ڈالو!"

لیکن اس سے پہلے کہ جیکٹ والا کچھ کہتا، رضوان چیخ اٹھا۔ "خبردار! بالو! ایک لانچ اس طرف آ رہی ہے۔"

"کیا!" میں چونک کر پلٹی۔

رضوان دوربین آنکھوں سے لگائے اُس سمت میں دیکھ رہا تھا جدھر سے ہم آئے تھے۔ میں نے پلٹ کر اُس طرف دیکھا لیکن مجھے کچھ نظر نہیں آیا۔ غالباً وہ لانچ ابھی اتنی دُور تھی کہ اسے دوربین کے بغیر نہیں دیکھا جا سکتا تھا۔

"تم مذاق تو نہیں کر رہے ہو رضوان!" میں نے تیزی سے پوچھا۔

"کیا ایسے موقعوں پر بھی میں اس قسم کا کوئی مذاق کر سکتا ہوں؟" رضوان نے جھنجلا کر کہا اور مجھے اس کے لہجے سے یقین ہو گیا کہ وہ جھوٹ نہیں بول رہا تھا۔

"رضیہ! اب ہم کسی بڑے خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔" میں نے برازیلین زبان میں تیزی سے کہا۔ "بہتر ہو گا کہ ہم لوگ تیزی سے نکل جائیں۔"

"ان لوگوں کا کیا ہو گا؟" رضیہ نے جیکٹ والے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔

"انھیں یہیں لانچ میں چھوڑ دو۔ مجھے توقع بھی نہیں ہے کہ کوئی کام کی بات معلوم ہو سکے۔" میں نے برازیلین ہی میں رضیہ سے کہا اور پھر اردو میں جیکٹ والے سے بولی۔ "ہم تمھیں سمندر میں پھینک کر بھی جا سکتے

ہیں لیکن میری نظر میں تم لوگ زیادہ قصوروار نہیں ہو۔ وہ تو کوئی اور ہی ہے جس نے تمہیں ہمارے پیچھے لگایا ہے اور میں بہت جلد اُس سے بہت اچھی طرح نپٹوں گی۔ اُس سے بس اتنا کہہ دینا کہ صبیحہ بالو کوئی تر نوالہ نہیں ہے۔"

جیکٹ والے کے چہرے پر جو مُردنی سی چھا گئی تھی، وہ ختم ہوگئی اور اُس کے تینوں ساتھی بھی کچھ ہشاش بشاش نظر آنے لگے۔ غالباً اُن لوگوں کو اپنے چھٹکارے کی کوئی اُمید باقی نہیں رہی تھی اور اب وہ قطعی غیر متوقع طور پر "نجات" حاصل کر رہے تھے۔

میں نے ایک بار پھر اُس طرف دیکھا جدھر رضوان دیکھ رہا تھا۔ بہت دُور مجھے ایک سیاہ دھبا سا متحرک نظر آیا۔

"آؤ رضیہ!" میں نے کہا اور چھلانگ لگا کر اپنی لانچ پر پہنچ گئی۔

رضیہ نے اپنے دل کی بقیہ بھڑاس اسی طرح نکالی کہ جیکٹ والے کے مُنہ پر تھوک دیا۔ اُس کے بعد وہ بھی جست لگا کر لانچ پر آگئی اور میں نے رضوان سے کہا۔ "بس اب تیزی سے نکل چلو!... وہ دوسری لانچ ضرور ہمارے لیے کوئی بڑا خطرہ بن سکتی ہے۔"

رضوان فوراً ہی لانچ کو حرکت میں لے آیا۔

میں دُوربین آنکھوں سے لگا کر دوسری لانچ کی طرف دیکھنے لگی جو بہت تیزی سے بڑھتی چلی آرہی تھی لیکن میں دُوربین کے باوجود یہ نہیں دیکھ سکی کہ اُس لانچ میں کتنے آدمی تھے۔

"یہ تو کچھ بھی نہ ہوا۔" رضوان بڑبڑایا۔ "ان چاروں میں سے کم از کم ایک آدھ کو ہی پکڑ کر لے چلتیں۔"

"اُس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ میرا اصل شکار کئی پردوں کے پیچھے چھپا ہوا ہے۔ اُس کے یہ معمولی کارندے تو یہ بھی نہیں جانتے ہوں گے کہ وہ کس کے لیے کام کر رہے ہیں۔"

"تو پھر اتنی دیر تک کیوں پوچھ گچھ کرتی رہیں؟ بلاوجہ ہی وقت برباد کیا۔"

"میں صرف یہ جاننا چاہتی تھی کہ ان لوگوں کو ہمارے بارے میں کیا ہدایات ملی تھیں۔"

"لیکن آپ یہ بھی نہیں معلوم کر سکیں!"

"کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ البتہ اب میرے ذہن میں ایک اور شبہ ضرور پیدا ہوگیا ہے۔"

"وہ کیا باجی!" رضیہ جلدی سے پوچھ بیٹھی۔

میں نے فوراً جواب نہیں دیا۔ میں ایک بار پھر دوربین آنکھوں سے لگا کر پلٹ کر دیکھنے لگی تھی۔ وہ لانچ ابھی جیکٹ والے کی لانچ تک بھی نہیں آئی تھی اور جیکٹ والا اپنی لانچ کو ابھی تک لایا تھا۔ غالباً وہ دوسری لانچ کا انتظار کر رہا ہوگا۔

ہماری لانچ اپنی انتہائی رفتار کے ساتھ پانی میں بھاگ رہی تھی۔

"آپ نے بتایا نہیں باجی!" رضیہ پھر بولی۔ "اب کیا نیا شبہ پیدا ہوا ہے؟"

"پہلے تو میں یہی سمجھ رہی تھی نا کہ مجھے کسی جہاز میں..."

"ہاں۔"

"اب میں سوچ رہی ہوں کہ وہ کوئی آبدوز بھی ہو سکتی ہے۔"

"بہت شاندار!" رضوان نے قہقہہ لگایا۔

"کیا مطلب!" میں اُس کے انداز پر جھنجلا گئی۔

"مطلب یہ کہ آپ نے شاید حال ہی میں کوئی سنسنی خیز ناول پڑھا ہے۔" رضوان نے تمسخر اُڑانے والے انداز میں کہا۔

"یہ بیہودہ بات تم دوسری بار کہہ رہے ہو!"

"دوسری بار کیا، تیسری اور چوتھی بار بھی کہہ سکتا ہوں۔ زیادہ مذاق کریں گی تو پانچویں اور چھٹی بار بھی کہہ دوں گا۔"

"میں مذاق کر رہی ہوں؟" میری جھنجلاہٹ بڑھ گئی۔ "یہ مذاق نہیں تو کیا ہے۔ اگر کوئی آبدوز ہمارے پیچھے لگی ہوتی تو کیا ہماری بحریہ کو اس کا علم نہ ہوتا؟"

"ضروری تو نہیں کہ وہ آبدوز ہمارے ہی سمندری علاقے میں پھر رہی ہو۔" میں نے بدستور جھنجلائے ہوئے انداز میں کہا۔ "کسی دوسرے سمندر میں بھی ہو سکتی ہے۔"

"میرا خیال ہے کہ اب آپ جاسوسی ناول لکھنا شروع کر دیں۔ اس تبصرے پر میری جھنجلاہٹ اتنی بڑھی کہ میں خاموش رضیہ بالکل سنجیدہ نظر آرہی تھی۔ اُس نے میری اور توک جھونک میں قطعی حصہ نہیں لیا اور دوربین میرے ہاتھ سے لے کر عقب کا جائزہ لینے لگی۔ ذرا رُک کر اُس نے کہا۔ "لگتا ہے کہ وہ دوسری لانچ جیکٹ والے کی لانچ کے قریب پہنچ کر رُک گئی ہے۔"

"اب وہ لوٹ ہی جائیں گے۔" میں نے کہا۔ "اس کا مطلب ہے کہ ہمارا تعاقب کیا جانے کیونکہ اب ہم کچھ ہی دیر میں اُن جزیروں کے قریب پہنچ جائیں گے جو ساحل سے دُور لنگر انداز ہیں۔"

رضیہ سر ہلا کر رہ گئی۔

دوپہر کے کھانے کا وقت ہو چکا تھا جب ہم لوگ گھر پہنچے۔ سنگیتا بار بار سونیا کی مرتبہ فون کر چکی ہے اور آخری مرتبہ اس نے کہا ہے کہ جب بھی گھر لوٹوں، اُسے فوراً فون کروں۔

"اور میں گی۔" میں نے سر ہلا کر سنگیتا سے کہا۔ "چلو پہلے چل کر کھانا کھا لیں۔"

☆

ہال والے ڈرائنگ روم میں پہنچے جہاں میز پر پلیٹیں لگائی جا چکی تھیں۔ ہم کرسیوں پر بیٹھ کر کھانے کی ڈشوں کا انتظار کرنے لگے۔ اُس وقت میں نے رضوان سے کہا۔ "میں سنگیتا کو فارغ کر کے بیڈ روم بھیجنا چاہتی ہوں۔ تم فوری طور پر اس کا پاسپورٹ وغیرہ کے باقی انتظامات بھی کر ڈالو۔"

"یہ؟" رضوان کو میری ہدایت پر تعجب ہوا۔

"کوئی خاص بات نہیں ہے۔ میں صرف یہ سوچ رہی ہوں کہ وہ دبئی پر ماحول کی بندیلی کا خوشگوار اثر پڑے گا۔"

"اوہ!" رضوان کے مُنہ سے اتنا ہی نکلا۔

اسی وقت دو ملازماؤں نے کھانے کی ڈشیں لگانا شروع کر دیں۔ وہ ایک ٹرالی میں رکھ کر لائی تھیں۔

کھانے کے بعد میں نے اپنے کمرے میں جا کر سونیا کو فون کیا۔

"ہالو!" سونیا میری آواز سنتے ہی مسرت انداز میں چیخی۔ "کہاں غائب ہو گئی تھیں سارے دن؟"

"کچھ ضروری کام سے گئی ہوئی تھی۔ ابھی آئی ہوں۔"

"اب فوراً میرے ہوٹل آجائیے!"

"خیریت کیا ہے؟"

"آپ آجائیے۔ اپنے گھر پر کہہ کر آئیے گا کہ آج رات آپ یہیں ہوں گی۔ یعنی آج آپ میری مہمان ہوں گی۔" سونیا شریر ہو گئی۔

"لیکن...."

"لیکن کچھ نہیں۔ یہ آپ کا وعدہ تھا کہ جب میں اُس سے ملنے میں کامیاب ہو جاؤں گی تو...."

"تو کیا اتنی جلدی دوستی کر ڈالی؟" مجھے واقعی تعجب ہوا تھا۔

"میں پکی بچاتے سب کچھ کر لیتی ہوں۔"

"اچھا یہ تم نے کس طرح کر لیا؟"

"جب تک آپ میرے پاس نہیں آئیں گی، میں کچھ نہیں بتاؤں گی۔"

"اچھا میں آرہی ہوں۔" میں نے ہنس کر کہا اور سلسلہ منقطع کر دیا۔

باتھ روم میں جا کر میں نے کپڑے تبدیل کیے اور روانگی کے لیے نک سک سے درست ہوئی۔ باہر پہنچ کر میں نے ایک ملازم سے سنگیتا کے بارے میں پوچھا تو پتا چلا کہ وہ اپنی خوابگاہ میں چلی گئی ہے۔ رضوان اور رضیہ کے بارے میں معلوم ہوا کہ وہ ڈرائنگ روم میں بیٹھے باتیں کر رہے ہیں۔ میں سیدھی ڈرائنگ روم ہی میں پہنچی۔

"اہا!" رضوان میرے سراپا پر ایک گہری نظر ڈالتے ہوئے بولا۔ "کیا کسی خاص جگہ جانے کی تیاری ہے؟ خوشبوؤں سے مہک رہی ہیں آپ تو!"

"ایک کام سے جا رہی ہوں۔" میں نے رضیہ کی طرف دیکھ کر کہا۔ "شاید مجھے زیادہ دیر ہو جائے۔ تم سو جانا۔ میرا انتظار مت کرنا۔"

رضیہ نے سر ہلا دیا اور میں رضوان سے کچھ کہے بغیر باہر آگئی۔ میری کار پورچ میں کھڑی تھی۔ میں نے اس میں بیٹھ کر انجن اسٹارٹ کیا ہی تھا کہ کھنکارنے کی آواز سن کر چونکی۔ رضوان کار کی کھڑکی کے قریب کھڑا ہوا مسکرا رہا تھا۔

"کیا بات ہے؟" میں نے اسے گھور کر دیکھا۔

"میرا خیال ہے آپ نے رضیہ سے بس یونہی کہہ دیا تھا کہ آپ کو دیر ہو جائے گی۔ میرے اندازے کے مطابق آپ کم از کم رات بھر کے لیے جا رہی ہیں۔"

"تو پھر؟" میں نے تیوری چڑھائی۔

"غالباً آپ سونیا کے پاس جا رہی ہیں۔"

"تم کہنا کیا چاہتے ہو؟"

"اگر آپ میرے خیال کی تصدیق کر دیں کہ آپ رات بھر کے لیے جا رہی ہیں تو ہم عزیزوں کا بھی کچھ بھلا ہو جائے گا۔"

"یعنی؟"

"میں بھی رات آپ کے گھر پر رضیہ کے ساتھ گزار دوں گا۔"

"وہ تمہارے سر پر اتنے جوتے برسائے گی کہ ایک بال بھی نہیں رہے گا۔"

"ویسے تو میں اب بھی فارغ البال ہوں۔" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "سر پر بال نہیں رہیں گے تو گویا مستند فارغ البال ہو جاؤں گا۔"

میں نے رضوان سے بک بک کرنے میں مزید وقت ضائع نہیں کیا اور کار کو حرکت میں لے آئی۔

"اے اے اے! سنیے تو!" رضوان چیخا۔

لیکن میں فضول باتیں سننے کے موڈ میں نہیں تھی۔ میری کار چاٹک سے نکل چکی تھی۔ ویسے مجھے یقین تھا کہ اب رضوان ساری رات میرے گھر پر رہے گا اور رضیہ سے گپ شپ کرتا رہے گا۔ گپ شپ سننے زیادہ کسی بات کا قطعی اندیشہ نہیں تھا۔ رضوان مجھ سے باتیں تو اسی طرح کرتا تھا جیسے وہ وجہ اوباش ہے لیکن وہ فطرتاً ایسا نہیں تھا۔ اس کے علاوہ میں اپنی عزیز از جان بہن رضیہ سے بھی خوب واقف تھی۔ مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ رضوان اور رضیہ ایک دوسرے کو بہت شدت سے چاہتے ہیں اور رضوان واقعی شادی کا خواہشمند ہے لیکن اس سلسلے میں رضیہ کا نظریہ یہ تھا کہ انسان کو جس سے محبت ہو اُس کی قربت حاصل نہ کرے۔ گلاب کا پھول بھی اگر زیادہ دیر تک کار میں لگا رہے تو پھر اچھا نہیں لگتا۔ رضیہ کا یہ انداز فکر رضوان کو سر پٹخنے پر مجبور کرتا رہتا تھا۔

میں ان دونوں کی طرف سے مطمئن تھی اس لیے سونیا کے ہوٹل کی طرف جاتے ہوئے میں نے ان دونوں کے بارے میں قطعی نہیں سوچا۔ میرے ذہن میں تو وہ ایڈونچر چکرا رہا تھا جس سے آج میں سمندر میں دوچار ہوئی تھی۔ رضیہ کی ہوشیاری سے وہ صورت حال بڑی آسانی سے ہمارے قابو میں آگئی تھی لیکن اگر ایسا نہ آتی تو کیا ہوتا؟ میں اسی سوال پر غور کر رہی تھی۔ میرے یقین کے مطابق نودہ خان آف کالاگوٹ ہی کے آدمی تھے اور مقصد اس کے علاوہ کچھ نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ مجھے گرفتار کر کے کہیں لے جاتے۔ خان آف کالاگوٹ مجھے قید کر کے مجھ سے اُن چرکوں کا انتقام لینا چاہتا تھا جو میں نے اُسے لگائے تھے۔

میرے ذہن میں یہ شبہ بھی سر اُبھار چکا تھا کہ خان آف کالاگوٹ کسی جہاز کی بجائے آبدوز کا بھی مالک ہو سکتا ہے۔ اُس نے جب مجھے اس طرح سمندر چھانتے ہوئے دیکھا تو شاید اُسے شبہ گزرا ہو کہ میں اس کی آبدوز کے بارے میں کچھ جان گئی ہوں چنانچہ اس سلسلے میں اُس نے ضروری سمجھا کہ مجھے چھاپ بیٹھے۔

وہ اپنے مقصد میں ناکام ہو گیا تھا لیکن میں جانتی تھی کہ وہ اب بھی بچھلا ہر گز نہیں بیٹھے گا۔ کسی وقت بھی اُس کی طرف سے کوئی دوسرا قدم اٹھ سکتا تھا اور میں اس کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح چوکس تھی۔

جب میں ہوٹل پہنچی تو سونیا بڑی بے چینی سے میرا انتظار کر رہی تھی۔ وہ چھوٹتے ہی بولی: "میں نے بازی جیت لی۔" اس کی آنکھوں میں ایسی چمک تھی جیسے کسی بچے کو اپنا من پسند کھلونا مل گیا ہو۔

"آخر اتنی جلدی تم کیسے کامیاب ہو گئیں؟"

"محض اس لیے کہ میں ایک غیر ملکی ہوں۔"

"کیا مطلب!"

"معاف کیجیے گا بانو! آپ کی قوم آج تک اس احساس میں مبتلا ہے۔ یہاں کے پڑھے لکھے اور بڑے لوگ بھی سفید فام اقوام کے سامنے دل بیٹھ کر فرمحسوس کرتے ہیں، فخر نہیں تو کم از کم خوش نصیبی ضرور ہیں۔ زنیں کے ساتھ بھی تجھے ایسا ہی ہوا۔ جب وہ اپنی کار میں بیٹھ کر روانہ ہوئی تو میں نے لفٹ لینے کے لیے اشارہ کیا۔ اس نے فوراً گاڑی روک دی۔ میں نے اسے انٹر کانٹی نینٹل ہوٹل جانا ہے لیکن وہ مجھے راہ میں کہیں اور جواب میں اس نے مجھے یہ پیشکش کی کہ وہ مجھے ہوٹل تک راستے میں اُس سے میری بات چیت ہوتی رہی۔ میں نے اسے ایک ایکٹ ہوں۔ اس طرح وہ بہت جلد مجھ سے قریب ہو جائے گی۔ یوں ہر شخص کو اپنے مستقبل کے بارے میں جاننے کی خواہش ہوتی ہے لیکن میں نے محسوس کیا ہے کہ لڑکیوں میں یہ کریز کچھ زیادہ ہی ہے۔"

"آخر یہ چکر کیا ہے بانو؟" سونیا کے چہرے اور لہجے سے اُلجھن ظاہر تھی۔

"میں ان لوگوں کی فکر میں ہوں جنھوں نے تمھیں اغوا کر کے مجھے بلیک میل کرنا چاہا تھا۔"

"لیکن وہ تو مشتاق چنگیزی کا معاملہ تھا۔" سونیا نے حیرت سے کہا۔ "اور مشتاق چنگیزی قتل ہو چکا ہے۔"

"مشتاق چنگیزی کے پس پشت کچھ اور لوگ بھی تھے جو اب میری فکر میں ہیں۔ اس سے پہلے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں، میں اُن کا قلع قمع کر دینا چاہتی ہوں۔"

"وہ لوگ کون ہیں؟"

"مجھے بس اتنا معلوم ہے کہ ان لوگوں کو خان آف کالاگوٹ کی پشت حاصل ہے۔"

"مگر خان تو بہت معزز شخصیت ہیں!"

"اس ملک میں ایسی معزز شخصیتیں بہت ہیں جن کے چہروں پر اگر نقاب اتار دیے جائیں تو لوگ انگشت بدنداں رہ جائیں گے۔"

"آپ کا انداز گفتگو بڑا محتاط سا ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"کیا آپ یہ نہیں کہنا چاہتیں کہ آپ کے اصل دشمنوں میں خان آف کالاگوٹ سرِ فہرست ہے۔"

"گڈ! میں نے پسندیدگی کے طور پر سر ہلایا۔

"لیکن وہ اس تصویر سے بھی زیادہ خوبصورت ہے۔"

"تو پھر تمھارے سے مجھے کب ملوا رہی ہو؟"

"کل شام کو کر لیجیے۔ اُس نے چھیڑنے آنے کا وعدہ کیسا ہے؟"

"لیکن میں اُس سے اپنے اصلی چہرے مہرے کے ساتھ نہیں ملوں گی۔"

"پھر؟" سونیا نے تعجب سے کہا۔

"میں خود کو خاصا تبدیل کر کے آؤں گی۔ تم کوشش کرنا کہ وہ ہم دونوں کو اپنے گھر پر مدعو کر لے۔"

"وہ خود ہی کہہ رہی تھی کہ مجھے اپنے گھر پر مدعو کرے گی۔"

"ویری گڈ! تم اس سے میرا تعارف یہ کہہ کر کرانا کہ میں ایک ایکٹ ہوں۔ اس طرح وہ بہت جلد مجھ سے قریب ہو جائے گی۔ یوں ہر شخص کو اپنے مستقبل کے بارے میں جاننے کی خواہش ہوتی ہے لیکن میں نے محسوس کیا ہے کہ لڑکیوں میں یہ کریز کچھ زیادہ ہی ہے۔"

"آخر یہ چکر کیا ہے بانو؟" سونیا کے چہرے اور لہجے سے اُلجھن ظاہر تھی۔

"میں ان لوگوں کی فکر میں ہوں جنھوں نے تمھیں اغوا کر کے مجھے بلیک میل کرنا چاہا تھا۔"

"لیکن وہ تو مشتاق چنگیزی کا معاملہ تھا۔" سونیا نے حیرت سے کہا۔ "اور مشتاق چنگیزی قتل ہو چکا ہے۔"

"مشتاق چنگیزی کے پس پشت کچھ اور لوگ بھی تھے جو اب بھی میری فکر میں ہیں۔ اس سے پہلے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں، میں اُن کا قلع قمع کر دینا چاہتی ہوں۔"

"وہ لوگ کون ہیں؟"

"مجھے بس اتنا معلوم ہے کہ ان لوگوں کو خان آف کالاگوٹ کی پشت حاصل ہے۔"

"مگر خان تو بہت معزز شخصیت ہیں!"

"اس ملک میں ایسی معزز شخصیتیں بہت ہیں جن کے چہروں پر اگر نقاب اتار دیے جائیں تو لوگ انگشت بدنداں رہ جائیں گے۔"

"آپ کا انداز گفتگو بڑا محتاط سا ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"کیا آپ یہ نہیں کہنا چاہتیں کہ آپ کے اصل دشمنوں میں خان آف کالاگوٹ سرِ فہرست ہے۔"

"ہاں۔" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "حقیقت یہی ہے۔"

"پھر تو اس کے گھر میں جانا آپ کے لیے بہت خطرناک ثابت ہوگا۔" سونیا نے پُرتشویش انداز میں کہا۔

"میں ایسا بھیس بدل کر جاؤں گی کہ کسی کے فرشتے بھی مجھے پہچان نہیں سکیں گے۔"

"اور اگر پہچان ہی لیا گیا۔"

"دیکھا جائے گا۔ میں خطرات سے کبھی نہیں گھبراتی لیکن یہ باتیں جاننے کے بعد تم تو خوفزدہ نہیں ہو گئی ہو؟"

"میں نے خوفزدہ ہونا نہیں سیکھا اور پھر آپ کے ساتھ تو موت کے منہ میں بھی چھلانگ لگانے کے لیے تیار ہوں۔" یہ کہتے کہتے نے میری گردن میں بانہیں حمائل کر دیں۔

ایک مہکتی ہوئی رات کی خوشبوؤں کو اپنے بستر میں لیے ہوئے صبح جب میں گھر پہنچی تو رضیہ ابھی سو رہی تھی لیکن نیند گہری نہیں تھی۔ وہ ناشتہ بھی کر چکی تھی۔ وہ ناشتہ بھی کر لیتی لیکن اُسے میرا انتظار تھا۔ وہ بولی: "ملازمہ ہی مجھے بتایا تھا کہ آپ رات ہی کو کہیں چلی گئی تھیں اور ملازمہ ہی نے یہ خیال بھی ظاہر کیا تھا کہ اب آپ آئیں گی لہٰذا میں نے سوچا کہ ناشتہ آپ ہی کے ساتھ کروں۔"

"رضیہ ابھی تک سو رہی ہے؟"

"جی ہاں۔ ملازمہ ہی نے بتایا تھا مجھے کہ وہ اور رضوان صاحب تین چار بجے تک ڈرائنگ روم ہی میں بیٹھے باتیں کرتے رہے تھے۔ رضوان صاحب کے جانے کے بعد ہی رضیہ بی بی سوئی ہوں گی اس لیے امکان تو ہے کہ وہ دیر تک سوتی رہیں گی۔"

"آؤ ہم دونوں ناشتہ کر لیں۔"

"رضیہ بی بی کو جگا نہ دیا جائے!" سنگیتا نے تجویز پیش کی۔

"نہیں! اسے سونے دو۔ اچھا ہے وہ اپنی نیند پوری کر لے۔"

اس روز سنگیتا سے بس میری اتنی ہی گفتگو ہو سکی یا ناشتے کی میز پر چند رسمی سی باتیں ہوئیں۔ اس کے بعد میں تیار ہو کر اپنے دفتر کی طرف چل پڑی تھی۔ میں خاصے دن بعد دفتر پہنچی تھی اس لیے بہت سی فائلیں میری میز پر ڈھیر تھیں۔ میں اتنا زیادہ کام کرنے کے موڈ میں نہیں تھی لہٰذا میں نے اپنی منیجر کو ہدایت کر دی کہ وہ خود ہی فائلیں دیکھ کر اپنے طور پر مناسب فیصلے کر دے اور میرے دستخطوں کے لیے فائلیں میرے گھر بھیج دے۔ میں نے صرف ایک آدھ فائل دیکھی جو

مجھے ہی دیکھنا چاہیے تھی۔ اس کے بعد میں نے رضوان کو فون کیا۔ دوسری طرف کئی مرتبہ گھنٹی بجنے کے بعد ریسیور اٹھایا گیا اور رضوان کی بھرائی ہوئی آواز سنائی دی "ہے... ہیلو..."

"ابھی تک سو رہے ہو؟"

"آپچا.... آپ ہیں؟"

"مجھے معلوم ہوا تھا کہ تم اور رضیہ تین چار بجے تک ڈرائنگ روم میں بیٹھے باتیں کرتے رہے تھے۔ آخر ایسی کون سی بحث چھڑ گئی تھی؟"

"بحث تو کوئی نہیں تھی۔"

"پھر تم دونوں کیا باتیں کرتے رہے؟"

"بس ادھر اُدھر کی!"

"ادھر اُدھر کی باتوں میں اتنا وقت گزر گیا؟"

"اجی آپ کیا جانیں کہ جب دو محبت کرنے والے باتیں کرنے بیٹھتے ہیں تو وقت گزرنے کا احساس ہی نہیں ہو پاتا۔"

"اچھا خیر، میں نے تمہیں یہ یاد دلانے کے لیے فون کیا تھا کہ سنگیا کو امریکہ بھیجنے کا بندوبست تمہیں جلد از جلد کرنا ہے۔"

"آپ میری یادداشت کو اتنا خراب سمجھتی ہیں کہ اتنی جلدی یاددہانی کی بھی ضرورت پیش آگئی؟"

"آج کل رضیہ یہیں ہے اس لیے مجھے تم پر اعتماد نہیں رہا۔"

"آپ...."

"اچھا بس! مجھے کوئی بحث نہیں کرنا ہے۔" میں نے جلدی سے کہا اور سلسلہ منقطع کر دیا۔

لنچ کے وقت میں دفتر سے اٹھ گئی اور سیدھی گھر پہنچی۔ کھانے کی میز پر رضیہ سے بھی ملاقات ہو گئی۔

تیسرے پہر تک میں نے آرام کیا اور پھر سونیا کے ہوٹل جانے کی تیاری کرنے لگی جہاں مجھے خان آف کالا گوٹ کی بیٹی زرّیں سے ملاقات کرنا تھی۔ میں نے اپنے حلیے میں اتنی زیادہ تبدیلی کر لی کہ مغربی عورت معلوم ہونے لگی۔ اس کے بعد میں نے ایک ٹیکسی منگوائی اور سونیا کے ہوٹل کی طرف روانہ ہو گئی۔ میں اپنی بدلی ہوئی شخصیت میں اپنی ذاتی کار استعمال نہیں کرنا چاہتی تھی۔

جب میں ہوٹل پہنچی تو پچھ نج کر دس منٹ ہوئے تھے۔ سونیا کے کمرے میں زرّیں بھی موجود تھی۔ اس کا سراپا دیکھ کر مجھے جھرجھری سی آگئی۔ وہ تھی ہی ایسی قیامت خیز!

"ہیلو میڈم!" سونیا چہکی۔ "میں آپ کا انتظار ہی کر رہی تھی۔"

"شاید مجھے کچھ دیر ہو گئی۔ مجھے بے حد افسوس ہے۔" میں نے خالصتاً امریکی لہجے میں انگریزی بولی۔

"نہیں نہیں۔" سونیا نے جلدی سے کہا۔ "کچھ دیر نہیں ہوئی۔"

"دس منٹ کی تاخیر بہت بڑی تاخیر ہوتی ہے۔"

ستاروں کا رخ بدل جاتا ہے اور زندگی پر گہرے اثرات!"

"آپ ہر بات کو اپنے فن کی روشنی میں دیکھتی ہیں۔" سونیا ہنستی ہوئی بولی۔ وہ بہت مناسب ایکٹنگ کر رہی تھی۔

"ہیلو!" میں نے مصافحے کے لیے زرّیں کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

"ہیلو!" زرّیں نے مسکرا کر مصافحہ کیا۔

اس کے ہاتھ کا لمس بھی مجھ پر ایک گہرا اثر چھوڑ گیا۔

"یہ میری نئی دوست ہیں، مس زرّیں۔" سونیا نے کہا۔

"میرا نام ریٹا ہے۔" میں نے کہا۔

"میڈم ریٹا ڈکسن۔" سونیا نے لقمہ دیا۔

"ڈکسن!" زرّیں چونک کر بولی۔ "کیا آپ مشہور وکیل ہیئت داں جین ڈکسن کے خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟"

"جینی میری کزن ہے۔"

"او.... او...." زرّیں نے پُرجوش سے انداز میں اٹھ ہوتے کہا۔ "آپ سے مل کر بے حد خوشی ہوئی میڈم ریٹا ڈکسن! آپ کا سارا خاندان ہی...."

"نہیں۔" میں نے اُس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "ڈکسن خاندان میں صرف میں اور جینی ہی اس فن پر دسترس رکھتے ہیں۔"

"میری بدنصیبی ہے کہ میں نے پہلے کبھی آپ کا نام نہیں سنا۔"

"اس کی وجہ یہ ہے کہ میں شہرت سے بچتی ہوں اور جینی کزن کو کاہو کا ہے اسی لیے وہ عموماً بڑی بڑی شخصیتوں اور بین الاقوامی معاملات پر پیش گوئیاں کرتی رہتی ہے۔ مجھے اس کی ان حرکتوں پر کبھی کبھی غصہ آ جاتا ہے۔ اس کی پیش گوئیاں دنیا بھر میں بیمار رہتی ہیں اور ہیجان پھیلانا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔"

"لیکن اس سے مس جین ڈکسن کی شخصیت سنسنی خیز حد تک رومانٹک ہو گئی ہے۔" زرّیں نے کہا۔

"رومانٹک اور سنسنی خیز!" میں نے منہ بنا کر کہا۔ "میرا ان سے کہ ان دونوں چیزوں میں کوئی علاقہ نہیں ہے۔"

"دراصل۔" سونیا نے ہنس کر زرّیں سے کہا۔ "میڈم ریٹا کا انداز فکر اس سلسلے میں بڑا مختلف ہے۔"

"ہاں۔" میں نے کہا۔ "میں اس بات کی قائل ہوں کہ اگر ہم

"مجھے وہ ہنگامہ آرائیاں پسند نہیں ہیں جن سے ہیجان پھیلے۔ عالمگیر کی تقریب میں تو کوئی ہیجان نہیں ہوتا، کوئی سنسنی خیزی نہیں ہوتی۔ ایسے ہنگاموں میں تو صرف مسرت ہی مسرت ہوتی ہے۔ کیوں؟ میں غلط کہہ رہی ہوں؟"

"نہیں۔" زرّیں ہنس پڑی۔ "آپ بالکل درست کہہ رہی ہیں۔ چھاب کچھ اور بتائیے!" اس نے اپنا ہاتھ ایک بار پھر میرے آگے بڑھا دیا۔

"بس اب آج نہیں۔" میں نے مسکرا کر کہا۔ "تمہاری سالگرہ سے دو دن قبل تمہارے مستقبل کے بارے میں بہت کچھ بتاؤں گی۔"

"چلیے ٹھیک ہے۔ میں اصرار نہیں کروں گی۔" زرّیں نے ہنس کر کہا۔ اس کی ہنسی میں بھی بلا کی سیکس اپیل تھی۔

سونیا اُس وقت مجھے بڑی عجیب سی نظر سے دیکھ رہی تھی۔

"اب رات ہو رہی ہے سونیا!" زرّیں کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "مجھے اجازت دو!"

سونیا بھی کھڑی ہو گئی اور مجھ سے بولی۔ "میڈم! آپ بیٹھیے، میں اسے چھوڑ کر ابھی آتی ہوں۔"

"ٹھیک ہے۔" میں نے سر ہلا دیا۔

"ارے نہیں سونیا!" زرّیں نے جلدی سے کہا۔ "تم بیٹھو! میں چلی جاؤں گی۔"

"چار لفٹ تک تو چھوڑ آؤں!"

"ہاں ہاں، کوئی حرج نہیں ہے۔" میں نے لقمہ دیا۔

"اچھا تو میڈم! آپ میری سالگرہ میں ضرور آئیں گی نا! میں کل کسی وقت آپ کا کارڈ سونیا کو دے جاؤں گی۔"

"میں ضرور آؤں گی۔" میں نے وعدہ کیا۔

زرّیں نے ایک بار پھر مصافحہ کر کے میرے صبر کا امتحان لیا اور جب وہ دونوں کمرے سے چلی گئیں تو میں اٹھ کر بستر پر جا لیٹی۔

سونیا تین چار منٹ بعد ہی لوٹ آئی۔ اس نے دروازہ اندر سے بند کیا اور پھر میری طرف بڑھتی ہوئی بولی۔ "آپ نے تو کمال کر دیا!"

"کیسا کمال؟"

"آپ نے زرّیں کے بارے میں اتنی چھان پھٹک بھی کر ڈالی کہ اس سالگرہ کا دن بھی معلوم کر لیا!"

"میں نے اس کے بارے میں قطعی کوئی چھان پھٹک نہیں کی۔"

"پھر آپ کو اس کا علم کیسے ہوا کہ پرسوں اس کا برتھ ڈے ہے؟"

میں ہنس پڑی اور پھر میں نے آہستہ سے کہا۔ "جان من! میں پامسٹری اور اس قسم کے دوسرے پُراسرار علوم کی باقاعدہ طالب علم رہ چکی ہوں۔"

"واقعی؟" سونیا کو بہت حیرت ہوئی تھی۔

"ہاں اور جین ڈکسن میری کزن تو نہیں لیکن دوست ضرور ہیں۔ میں نے اُس سے بھی بہت کچھ سیکھا ہے۔"

"مائی گڈنس!"

"لہٰذا میں زرّیں کا ہاتھ دیکھ کر اُس کے بارے میں اور بھی بہت باتیں معلوم کر چکی ہوں۔"

"یعنی؟"

"یعنی یہ کہ وہ بہت آسانی سے ہمارے دھندے پر آ جائے گی۔ میں نے بائیں آنکھ دبا کر کہا۔

"فائن۔" سونیا نے چٹکی بجائی۔

"اور اب تمہارے لیے ایک کام ہے۔"

"کیا؟"

"کل زرّیں تمہارے پاس آئے گی نا!"

"ظاہر ہے۔"

"تمہیں اس سے یہ معلومات حاصل کرنا ہیں کہ اُس کی سالگرہ میں کون کون آدمی آئیں گے اور کون کون ہوں گے۔"

"ظاہر ہے کہ وہاں بہت بڑی بڑی شخصیتیں موجود ہوں گی، کوئی تک ہوں گے۔ اس کا باپ تو یہاں کا بہت بڑا آدمی ہے جانو!"

"میں اس کی بڑائی کو خاک میں ملا کر رکھ دوں گی۔"

"آخر اُسے آپ سے دشمنی کیا ہے؟"

"ابھی تم ان باتوں کو نہیں سمجھ سکو گی۔ وقت آنے پر تمہیں سب معلوم ہو جائے گا۔"

"ایک بات کہوں جانو!"

"کہو!"

سونیا بڑے غور سے میرے چہرے کی طرف دیکھتی رہی اور پھر بولی۔ "آپ کو اپنے میک اپ پر تھوڑی سی توجہ اور دینا چاہیے تھی۔"

"کیوں؟"

"میرا خیال ہے کہ جو لوگ آپ کو صبیحہ جانو کی حیثیت سے جانتے ہیں وہ آپ کو اس میک اپ میں بھی پہچان لیں گے۔"

"ارے نہیں!" میں نے بے پروائی سے سر جھٹکا۔

لیکن درحقیقت میں جانتی تھی کہ سونیا ٹھیک کہہ رہی ہے۔ میں نے جان بوجھ کر اپنے میک اپ میں اتنی کمی رکھی تھی کہ مجھے صبیحہ جانو کی حیثیت سے شناخت کیا جا سکے۔ میں نے ایسا کیوں کیا تھا، یہ سونیا کے فرشتے بھی

میں خوف و ہراس نہ پھیلایا جائے۔ ایسا تو نہیں ہے کہ لوگوں کے مستقبل میں صرف خوفناک باتیں تحریر ہوتی ہیں! یقیناً اچھی باتیں بھی ہوتی ہیں، میں اس کی قائل ہوں کہ لوگوں کو صرف ان اچھی باتوں سے خوش کیا جائے۔"

"خوب!" زرّیں مجھے ایسی نظر سے دیکھنے لگی جس سے عقیدت مترشح تھی۔

"اور اب..." سونیا کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔ "میں اپنی دونوں معزز مہمانوں سے درخواست کروں گی کہ وہ میرے ساتھ نیچے لنچ کیلئے میں چلیں۔ ہم چائے وہیں پئیں گے۔"

زرّیں نے کھڑے ہو کر مجھ سے کہا۔ "تشریف لے چلیے میڈم!"

"ہاں ہاں چلو!"

ہم تینوں کمرے سے نکلے۔ سونیا نے کمرہ مقفل کیا اور ہم تینوں لفٹ کے ذریعے نیچے اُتر کر ایک بار میں پہنچے۔ سونیا نے چائے کے ساتھ بے شمار لوازمات منگا لیے۔ چائے پینے کے دوران میں زرّیں نے مجھ سے پوچھا۔ "سونیا نے تو آپ کو اپنا ہاتھ ضرور دکھایا ہوگا!"

"کبھی نہیں۔" میں نے کہا۔ "سونی نے آج تک یہ خواہش ظاہر نہیں کی۔"

"واقعی!" زرّیں نے تعجب سے سونیا کی طرف دیکھا۔

"ہاں۔" سونیا نے مسکرا کر کہا۔ "دراصل میں اپنی زندگی کے اُن واقعات سے آگاہی چاہتی ہوں جو میرے مستقبل پر بُرے اثرات مرتب کر سکتے ہیں لیکن میڈم مجھے ان کے بارے میں کچھ نہیں بتائیں گی۔"

"لیکن اچھے واقعات بھی تو جاننے چاہییں! اس سے آدمی کا حوصلہ بڑھتا ہے۔"

"میرا حوصلہ ویسے ہی بہت بڑھا ہوا ہے۔" سونیا نے ہنس کر کہا۔

"کم از کم میں تو میڈم کو اپنا ہاتھ ضرور دکھاؤں گی۔"

میں آہستہ سے ہنس پڑی اور پھر بولی۔ "اسی لیے تو میں شہرت سے بچتی ہوں۔ اس شہرت کے باعث ہر ملاقاتی کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کا ہاتھ دیکھا جائے۔"

"اگر آپ اس سے بچنا چاہتی ہیں تو میں اصرار کر کے آپ کو پریشان نہیں کروں گی۔"

"نہیں خیر پریشانی کی تو کوئی بات نہیں ہے۔" میں نے جلدی سے کہا۔ "میں تمہارا ہاتھ ضرور دیکھوں گی لیکن کمرے میں واپس چل کر! یہاں تو بہت سے لوگ ہماری طرف متوجہ ہو جائیں گے۔"

"ٹھیک ہے۔" زرّیں خوش ہو گئی۔

چائے پینے کے بعد ہم تینوں واپس کمرے میں آ گئے۔ زرّیں میرے قریب بیٹھی۔ اس کے قرب کی مہکار مجھے اپنے اندر طاری کرنے لگی لیکن میں نے خود کو قابو میں رکھا۔

"اب بتائیے!" زرّیں نے اپنا ہاتھ میری گود میں پھیلا دیا۔ میں نے اس کا ہاتھ اپنی گود سے اٹھا کر ہاتھوں میں لے لیا۔ بلاشبہ وہ ایک ایسا بیک ہائنڈ خاتون تھی جس کی گدگدی ہونے لگے۔ میری نگاہ اس کی لکیروں کی خمیدگی پر جم گئی جگہ جگہ میری پیشانی پر سلوٹیں پڑ گئیں۔ میں نے اچانک سونیا سے ایک کاغذ دینا۔"

سونیا نے جلدی سے ہوٹل کا پیڈ نکال کر مجھے دیا۔ میں نے اپنا قلم نکال کر اس پیڈ پر کچھ ہندسوں کی جمع تفریق کرنے لگا۔ دس منٹ تک میرا یہ کام جاری رہا۔ زرّیں بڑے اشتیاق سے مجھے دیکھ رہی تھی اور سونیا کا انداز کچھ ایسا تھا جیسے وہ میرے محظوظ ہو رہی ہو۔

دس منٹ بعد میں نے ایک طویل سانس لے کر زرّیں کی طرف دیکھا اور پھر مسکرا کر بولی۔ "پرسوں تمہارا یوم پیدائش ہے؟"

زرّیں اس طرح اُچھل جیسے صوفے میں کرنٹ دوڑ گیا ہو۔

"مائی گاڈ!" اس کے مُنہ سے نکلا۔ "یہ آپ کو کیسے معلوم؟ کیا پامسٹری سے یوم پیدائش کا بھی پتا چل جاتا ہے؟"

"میں پامسٹری کے علاوہ اسی قبیل کے دوسرے علوم پر بھی رکھتی ہوں اور جب میں کسی کا ہاتھ دیکھتی ہوں تو ان سارے علوم بروئے کار لا کر ہی کسی نتیجے پر پہنچتی ہوں۔"

"اوہ... اوہ... شاندار!" زرّیں نے پہلو بدلا۔ اس کی آنکھیں چمکنے لگی تھیں اور اس کے چہرے کی سُرخی بڑھ گئی تھی۔

"کیا واقعی پرسوں تمہارا یوم پیدائش ہے؟" سونیا نے پوچھا۔

"ہاں۔" زرّیں نے اپنا پرس کھولتے ہوئے کہا۔ "پرسوں میری سالگرہ ہے۔ میں تمہارے لیے کارڈ لے کر آئی ہوں۔ یہ لو!" اس نے کارڈ سونیا کی طرف بڑھایا۔ "اس پر تمہارا نام لکھا ہوا ہے۔ میڈم کا کارڈ میں اس کل دے جاؤں گی۔ تم ان کو پہنچا دینا۔ میڈم! وعدہ کیجیے کہ آپ میری سالگرہ میں ضرور آئیں گی۔"

"میں ضرور آؤں گی۔ مجھے ہنگامہ آرائی سے بہت دلچسپی ہے۔"

"لیکن کچھ دیر پہلے تو آپ نے کہا تھا کہ آپ کو مس جین ڈکسن کی ہنگامہ آرائیاں پسند نہیں ہیں!"

کچھ سکتے تھے اور میں اس کی ضرورت بھی نہیں محسوس کر رہی تھی کہ اس کے فرشتوں کو سمجھانے بجھانے کی کوشش کروں۔

"یقین کیجیے بانو!" سونیا بہت سنجیدگی سے بولی۔ "آپ کے بیک اپ میں کمی ہے۔"

"وہ کمی تم نے صرف ایک وجہ سے محسوس کی ہے۔"

"وہ وجہ کیا ہے؟"

"تم جانتی ہو کہ میں صحیح بانو ہوں جبکہ اس تقریب میں مجھے لوگ صرف مس رینا ڈکسن کی حیثیت سے دیکھیں گے۔"

"ہو سکتا ہے آپ کا خیال درست ہو لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ آپ اس جال کر کسی خطرے میں نہ پڑ جائیں۔"

"تم اطمینان رکھو!" میں بستر سے اٹھ گئی۔ "اور اب میں بھی چلوں گی۔"

"آج رات نہیں رُکیے گا؟" سونیا ہنسی۔

"شاید خون مُنہ لگ گیا ہے تمہارے!" میں بھی ہنس پڑی۔ "کچھ مہلت کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔"

"کیا آپ مین ڈکسن کے علاوہ حکیم جالینوس کی بھی شاگرد رہی ہیں؟"

"شریر!" میں نے کہتے ہوئے اس کا گال تھپتھپایا اور "ٹاٹا" کرتی ہوئی دروازے کی طرف بڑھی۔

"میں بھی چل رہی ہوں۔ آپ کو نیچے تک تو چھوڑنے جاؤں گی۔"

"آؤ!"

ہم دونوں کمرے سے نکلے اور لفٹ کے ذریعے نیچے اترے۔ لفٹ میں سونیا نے مجھ سے کہا۔ "زرّیں کے بارے میں کیا خیال ہے؟"

"اس کے ساتھ ایک اچھی رات ضرور گزاری جائے گی۔"

"شترکِ طور پر؟"

"کیا مطلب!"

"میں بھی ساتھ رہوں گی۔"

"چلو ٹھیک ہے۔" میں نے ہنس کر کہا۔ "یہ بھی ایک دلچسپ تجربہ رہے گا۔"

میں نے ہوٹل سے نکل کر جب ٹیکسی کے لیے اِدھر اُدھر دیکھنا شروع کیا تو سونیا بولی۔ "آپ کی کار کہاں ہے؟"

"میں اس ہلی ہوئی شخصیت میں اپنی کار استعمال نہیں کر سکتی تھی۔"

"تو پھر آپ یہاں سے پرائیویٹ ٹیکسی لے لیں۔ میٹر ٹیکسی ملنا تو اس وقت بہت مشکل ہے۔"

"تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔"

چنانچہ میں نے ایک پرائیویٹ ٹیکسی لی اور وہاں سے روانہ ہو گئی۔

راہ میں اچانک مجھے ابریز کا خیال آیا۔ میں پرسوں کے بعد اُس سے نہیں ملی تھی اس لیے مجھے علم نہیں تھا کہ اب اس کے زخم کی حالت کیسی ہو گی! اگر وقت میں بھیس بدلے ہوئے تھی لہٰذا اُس سے ملنے جا بھی نہیں سکتی تھی۔ میں نے فیصلہ کیا کہ گھر پہنچ کر فون پر اُس کی خیریت معلوم کر لوں گی۔ اس کے متعلق جذبات میرے لیے دو خوراعتنا سہی لیکن اس کی خیریت دریافت کرنا میرا انسانی فرض تھا۔

گھر پہنچی تو کھانے کا وقت ہو چکا تھا۔ میں نے رضیہ سے کہا کہ وہ کھانا لگوائے۔ پھر میں اپنے کمرے میں گئی اور میں نے ابریز کے گھر فون کیا۔ ریسیو کرنے والا کوئی ملازم تھا۔ میں نے اُسے اپنا نام بتایا اور کہا کہ میں ابریز سے بات کرنا چاہتی ہوں۔

"ہولڈ آن رکھیے!" میں نے ملازم کی آواز سُنی۔

پھر مجھے کوئی ایک منٹ بعد ابریز کی آواز سُنائی دی۔ "ہیلو!" بڑا سپاٹ سا لہجہ تھا۔ میں آواز پہچان نہیں سکی۔

"ابریز؟" میں نے پوچھا۔

"بول رہا ہوں۔"

"بہت پژمردہ معلوم ہو رہے ہو؟ کیا ابھی زخم میں تکلیف باقی ہے؟"

"کون سے زخم کے بارے میں پوچھ رہی ہیں آپ؟" ابریز نے ٹھنڈا سانس لے کر پوچھا۔

"کیا تمہیں دو زخم آئے تھے؟" میں بے اختیار پوچھ بیٹھی۔ دراصل میں فوری طور پر ابریز کے جملے کی معنی خیزی محسوس نہیں کر سکی تھی۔

"ہاں۔" ابریز نے پھر ٹھنڈا سانس لیا۔ "بہرحال بازو کا زخم تو بڑی حد تک مندمل ہو چکا ہے۔ رہ گیا دوسرا زخم تو شاید وہ کبھی نہ بھر سکے۔"

"اوہ! اب میں اس کا مطلب سمجھ گئی اور میرے مُنہ سے بس آہ ہی نکل سکا۔

"بڑی عنایت کہ آپ نے دو دن بعد میری خیریت تو پوچھ لی۔" ابریز بولا۔

"مجھے افسوس ہے۔ دراصل میں کل بہت زیادہ مصروف رہی۔"

"لیکن جس نے مجھے ایک نہ دکھائی دینے والا زخم لگایا ہے، اُسے میں ایک پل کے لیے بھی اپنے ذہن سے محو نہیں کر سکا۔ یہ اور بات ہے کہ اس سفاک ہستی کو میرے اس جذبے کا احساس ہی نہ ہو۔"

میں نے اُس وقت بڑی بے بسی محسوس کی۔ میری سمجھ میں نہیں آ سکا کہ میں کیا کہوں! پہلے بھی بہت سے مرد مجھ سے اس قسم کی باتیں کرتے رہے ہیں اور میں انہیں آڑے ہاتھوں لیتی رہی ہوں لیکن ابریز کے معاملے میں میری زبان کے آگے جیسے کوئی ٹھوس چٹان حائل ہو جاتی تھی۔

شاید اُس کا سبب یہ ہو کہ ابریز کے جذبات میں بڑی شدت تھی۔ اس شدت کا مقابلہ کرنا میرے بس سے باہر تھا۔

"ابریز!" میں نے رُک کر کہا۔ "بہتر ہو گا کہ... تم... اپنے اُس زخم کو فراموش کرنے کی کوشش کرو جو زخم دکھائی نہیں دیتے، ان کا علاج یہی ہے کہ انھیں فراموش کر دیا جائے۔"

"یہ صرف آپ ہی کہہ سکتی ہیں کیونکہ آپ نے شاید وہ زخم کبھی نہیں کھایا۔ جو لوگ یہ زخم کھاتے ہیں، انھیں خوب معلوم ہوتا ہے کہ ایسے زخم فراموش نہیں کیے جا سکتے۔"

"ابریز!" میں نے ٹھنڈا سانس لیا۔ "اچھا خیر چھوڑو۔ میں اس وقت کوئی بحث کرنے کے موڈ میں نہیں ہوں۔ کل کسی وقت تم سے ملنے آؤں گی۔"

"کس وقت؟"

"یہ بتانا تو مشکل ہے۔"

"دراصل میں کل تک اتنا تندرست ہو جاؤں گا کہ گھر سے نکل سکوں۔ اگر آپ وقت بتا دیتیں تو میں اس وقت کہیں نہ جاتا۔"

"اچھا میں کل دوپہر کو آؤں گی۔"

"میری آنکھیں دروازے ہی کی طرف نگراں رہیں گی۔"

"اچھا۔" میں نے سلسلہ منقطع کر دیا۔

جب میں کھانے کی میز پر پہنچی تو شاید میرے چہرے سے الجھن اور تفکر کا اظہار ہو رہا تھا۔ رضیہ مجھ سے پوچھ بیٹھی۔ "کیا بات ہے باجی! آپ کچھ پریشان معلوم ہو رہی ہیں!"

"آں... نہیں تو!" میں نے چونک کر کہا۔

"آپ کے چہرے سے تو ایسا ہی معلوم ہو رہا تھا۔"

"نہیں، کوئی خاص بات نہیں۔" میں نے کہا اور کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گئی۔ میں اسے ابریز کے بارے میں کچھ نہیں بتانا چاہتی تھی۔

کھانے کی میز پر سنگیتا بھی موجود تھی اور سر جھکائے بیٹھی تھی۔

"رضوان تو نہیں آیا تھا؟" میں نے کھانے کے دوران میں رضیہ سے پوچھا۔

"وہ خود تو نہیں آیا مگر اس کا فون آیا تھا۔"

"کوئی خاص بات؟"

"وہ بس سنگیتا کو امریکہ بھیجنے کے انتظامات میں لگا ہوا ہے۔ وہ بتا رہا تھا کہ کل تک سارے انتظامات ہو جائیں گے۔ یہ پرسوں صبح کی فلائٹ سے امریکہ جا سکتی ہیں۔"

"گڈ!" میں نے سر ہلایا۔ "یہ تم ایک کام اور کرو!"

"کیا؟"

"سنگیتا کے ساتھ ہی تم اپنے ساتھیوں کو بھی واپس بھیج دو۔"

"جوناتھن وغیرہ کو؟"

"ہاں۔"

"کیوں؟"

"یہاں اب ان کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے۔ یہ لوگ تھیں، اُس وقت تو وہ کچھ کام آ گئے لیکن اب وہ بیکار ہیں۔ وہ اپنی وضع قطع اور لب و لہجے سے اتنے نمایاں رہتے ہیں کہ ان کا کوئی کام نہیں لیا جا سکتا۔"

"جیسا آپ مناسب سمجھیں۔" رضیہ نے کہا۔ "میں انھیں واپس روانہ کر دوں گی کہ وہ بھی پرسوں صبح کی فلائٹ میں اپنی سیٹیں کنفرم کرا لیں۔ اس کے بعد کھانے کی میز پر کوئی خاص گفتگو نہیں ہوئی۔

دوسرے دن میں نے سونیا کا فون وصول کیا۔ وہ مجھے بتا رہی تھی کہ زرّیں میرا دعوت نامہ اُسے دے گئی ہے۔

"تم نے اس سے مہمانوں کے بارے میں بھی پوچھا؟" میں نے پوچھا۔

"میں آپ کو پوری تفصیل دے سکتی ہوں۔"

"بتاؤ!"

"فون پر ہی؟"

"ہاں، شاید آج میں تمھارے پاس نہ آ سکوں۔"

"اچھا تو سنیے!"

سونیا نے وہ نام بتانا شروع کیے جنھیں زرّیں کی سالگرہ میں آنا تھا۔ اُن میں سے چھ سات نام میں نے اپنے پاس نوٹ کر لیے۔

"بس ٹھیک ہے۔" میں نے آخر میں کہا۔ "اب تم سے کل ہی ملاقات ہو گی۔"

"آپ میرے ہوٹل آ جائیے گا۔ یہاں سے ہم ساتھ ساتھ زرّیں کے گھر چلے چلیں گے۔"

"اوکے۔" میں نے کہہ کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

دوپہر کے کھانے کے بعد میں ابریز سے ملنے کے لیے اُس کے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔ مجھے افسوس ہے کہ اس خوبصورت نوجوان نے، بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اس کے جذبوں کی شدت نے مجھے کچھ نہ کچھ متاثر ضرور کیا تھا۔

اگلے دن سنگیتا کو امریکہ کے لیے روانہ ہونا تھا۔ جب ایئرپورٹ جانے کا وقت ہوا تو سنگیتا مجھ سے لپٹ کے پھوٹ پھوٹ کر رونے

لگی۔ میں نے بھی اُس وقت مجھ پر بھی افسردگی سی چھا گئی تھی۔ میں نے اُسے پیار کیا۔ اُس کی پیشانی چومی اور کہا۔ "شاید میں جلد ہی امریکہ آؤں۔ ویسے مجھے اُمید ہے کہ وزرتھیں میری کمی محسوس نہیں ہونے دیں گی۔ میں نے اس کے نام جو خط لکھ کر دیا تھا، وہ تم نے احتیاط سے رکھا ہے نا؟"

"جی۔" سنگیتا سسکیاں لیتی ہوئی بولی۔

"اور اس کا پتا بھی؟"

"جی۔"

"ویسے امکان یہی ہے کہ وہ تمھیں لینے کے لیے خود ایئرپورٹ پہنچ جائے گی۔ میں نے اُسے ایک ٹیلیکس بھیج دیا ہے۔ اس کے علاوہ یوں بھی پریشان نہیں ہونا چاہیے کہ جوناتھن وغیرہ بھی تمھارے ساتھ ہوں گے۔ وہ وہاں ایک دن رُکنے کے بعد ساؤتھ امریکہ جائیں گے۔"

"مجھے اس بات کے سوا کوئی دُکھ نہیں ہے کہ اپنے سب پیاروں سے بچھڑنے کے بعد اب آپ سے بھی بچھڑی جا رہی ہوں۔" سنگیتا کے آنسوؤں کی رفتار بڑھ گئی۔

"تم خود سے ہمیشہ کے لیے تو نہیں بچھڑ رہی ہو۔ میں تو تمھیں کچھ عرصے کے لیے یہاں سے بھیج رہی ہوں تاکہ ماحول کی تبدیلی تم پر خوشگوار اثرات مرتب کر سکے۔ کچھ عرصے بعد تم واپس آ جانا۔ ویسے میں نے کہا نا کہ میں خود بھی بہت جلد امریکہ آؤں گی۔ اندیشہ ہے کہ ایک کام کی وجہ سے مجھے امریکہ کا دورہ کرنا ہی پڑے گا۔"

اسی وقت میرے کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی اور پھر رضوان کی آواز سنائی دی۔ "سامان گاڑی میں رکھا جا چکا ہے خانون!"

"آؤ چلیں۔" میں نے سنگیتا کا شانہ تھپک کر کہا اور اسے بازو کے سہارے سے دروازے کی طرف لے چلی۔ سنگیتا رومال سے اپنی آنکھیں خشک کرنے لگی۔

دو کاریں میرے گھر سے روانہ ہوئیں۔ ایک کار میں میرے ساتھ سنگیتا، رضیہ اور رضوان تھے جبکہ دوسری کار میں جوناتھن وغیرہ تھے۔ ان لوگوں کو ایئرپورٹ میں سوار کرا کے جب ہم لوگ واپس گھر کی طرف روانہ ہوئے تو میرا دل بہت بوجھل بوجھل سا تھا۔ جس کار میں رضوان جوناتھن وغیرہ آئے تھے، اسے اب رضیہ ڈرائیو کر رہی تھی۔ رضوان جانے کیوں اس کے ساتھ جانے کی بجائے میری کار میں بیٹھ گیا تھا۔ راستے میں وہ مجھے چھیڑنے لگا۔ "آپ اپنی محبوبہ کی جدائی سے بہت اداس ہیں۔"

"فضول باتیں نہ کرو!"

"اس میں کیا فضولیت ہے؟"

"رضوان! میں خاموشی چاہتی ہوں۔" میں جھنجھلا گئی۔

"تو پھر ڈرائونگ سیٹ پر مجھے بٹھنے دیجیے!"

"کیوں!"

"میں سیدھا قبرستان چلا چلوں گا۔"

"اب اگر تم نے کہا اس جاری رکھی تو میں دروازہ کھول کر تمھیں گاڑی کے باہر دھکیل دوں گی۔" میں نے غراتے ہوئے کہا۔

"آپ کو تو سچ مچ غصہ آ گیا۔" رضوان نے منہ بنایا۔ "میں تو محض اس لیے آپ کی کار میں آ بیٹھا تھا کہ آپ کا جی بہلا سکوں۔ آپ کی اُداسی دیکھ کر میرا دل کٹا جا رہا تھا۔"

میں کچھ نہیں بولی اور پھر رضوان بھی چُپ ہو گیا۔

گھر پہنچ کر میں سیدھی اپنی خوابگاہ میں گئی اور بستر پر دراز ہو گئی۔ میں نے آنکھیں بند کر لیں اور سونے کی کوشش کرنے لگی۔ میرا خیال تھا کہ گرمیں دو ایک گھنٹے سو لوں تو دل کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا۔ دراصل مجھے آج جو مہم درپیش تھی، اس کے لیے ضروری تھا کہ میں پوری طرح چاق و چوبند رہوں۔ آج شام مجھے زرّیں کی سالگرہ میں شرکت کرنا تھی اور وہاں بہت کچھ کرنا تھا۔

دو تین گھنٹے کی نیند لے کر جب میں اٹھی تو اپنے اندازے کے مطابق خاصی سنبھل چکی تھی۔ غسل کر کے کپڑے تبدیل کرنے کے بعد میں نے خود کو پوری طرح چاق و چوبند پایا۔

چار بجے میں نے اپنا میک اَپ شروع کیا اور پانچ بجے تک میں ایک بار پھر "میڈم ریٹا ڈکسن" بن چکی تھی۔

میں نے ایک ٹیکسی لی اور سونیا کے ہوٹل کی طرف روانہ ہو گئی۔ زرّیں کی دعوت چھ بجے کی تھی اس لیے میں نے سونیا کے ساتھ کچھ وقت اس کے ہوٹل ہی میں گزارا۔ سونیا آج بھی اس بات پر تشویش کا اظہار کر رہی تھی کہ مجھے صبیحہ بانو کی حیثیت سے شناخت کیا جا سکتا ہے لیکن میں نے اس کی تشویش کے جواب میں قطعی پریشانی ظاہر نہیں کی۔

وقتِ مقررہ پر ہم دونوں زرّیں کے گھر "خان ولا" پہنچ گئے۔

خان ولا بہت بڑی عمارت تھی اور اس طرح سجی ہوئی تھی جیسے وہاں کسی کی شادی ہو۔ اسی سے خان آف کالا گوٹ کی جلالت اور اس کی روایتی وضعداری کا اندازہ کیا جا سکتا تھا۔

پھاٹک پر زرّیں اور خان آف کالا گوٹ مہمانوں کا استقبال کر رہے تھے۔ زرّیں نے بہت لمک کر ہم سے مصافحہ کیا۔

"سالگرہ مبارک ہو زرّیں!" سونیا نے کہہ کر پیکٹ زرّیں کی طرف بڑھا دیا۔

"تھینک یو سونی!" زرّیں نے پیکٹ لیتے ہوئے کہا اور پھر وہ پیکٹ اپنے قریب کھڑے ہوئے ایک سفید پوش خادم کے حوالے کر دیا۔

"اور میری طرف سے یہ لفافہ۔" میں نے زرّیں کی طرف ایک لفافہ بڑھاتے ہوئے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ اس قسم کا تحفہ تمہیں کوئی نہیں دے سکتا۔ یہ تحفہ میں نے خود بنایا ہے اور اس میں میری دو راتیں صَرف ہوئی ہیں۔"

"ایسی کیا چیز ہے!" زرّیں نے تعجب سے پوچھا۔

"تمہارا انگوٹھا۔"

"اوہ... سوئٹ!" زرّیں نے آنکھیں بھینچ کر کچھ ایسی ادا سے سر جھٹکا کہ میرے لیے اپنے دل کو سنبھالنا مشکل ہو گیا۔ "تھینک یو سو مچ میڈم!" وہ پھر بولی۔ "میرا خیال ہے کہ مجھے اس سے زیادہ قیمتی تحفہ کبھی بھی کوئی نہیں دے سکتا۔"

میں مسکرا کر رہ گیا۔ زرّیں نے وہ لفافہ خادم کے حوالے کرنے کی بجائے اپنے ہی ہاتھ میں رکھا اور میرا ہاتھ تھام کر بیٹھتی ہوئی بولی۔ "آیئے ایمی! میں آپ کو اپنے ڈیڈی سے ملاؤں۔"

لیکن اس وقت "ڈیڈی" وہاں موجود نہیں تھا۔

"اوہ!" زرّیں کے مُنہ سے نکلا۔ "ڈیڈی شاید کسی مہمان کے ساتھ اندر چلے گئے۔ آیئے! آپ بھی اندر چلیے! تم بھی آؤ سونی!"

وہ ہم دونوں کو اندر لے گئی۔ مہمانوں کی تعداد ڈھائی تین سو کے لگ بھگ تھی۔ میری نظر چہروں پر پھسلتی چلی گئی اور میں نے محسوس کیا کہ وہاں شہر کی "کریم جینری" موجود ہے۔ صوبائی وزراء کے علاوہ دو ایک مرکزی وزیر بھی موجود تھے۔

زرّیں نے مجھے اور سونیا کو ایک جگہ بٹھایا اور بولی۔ "میں ابھی آتی ہوں۔ دراصل کچھ مہمان آتے آتے رہ گئے ہیں۔"

لیکن وہ کچھ مہمان آنے میں تقریباً آدھا گھنٹہ لگ گیا۔ اس کے بعد سالگرہ کی تقریب شروع ہوئی۔ شمعِ موم بتیوں سے گھرا ہوا خوبصورت کیک کاٹتے ہوئے زرّیں نے مسکرا مسکرا کر دو تین بار میری طرف دیکھا تھا۔ پھر تالیوں کے شور میں "ہیپی برتھ ڈے ٹو یو" کی آوازیں گونجیں۔ اس کے بعد [illegible] ہوئی۔ اس دوران [illegible] نے مجھے دیکھ لیا تھا لیکن [illegible] کے چہرے پر کوئی ایسا تاثر نہیں دیکھا جس سے اندازہ ہوتا کہ اس نے مجھے پہچان لیا ہوگا۔

خاطر تواضع کے دوران میں لوگ ٹولیوں میں بٹ گئے تھے۔ میں اور سونیا ایک طرف کھڑی خوش گپیوں کا مزا لے رہی تھیں کہ زرّیں اور خان آف کالاگوٹ ہماری طرف بڑھتے نظر آئے۔

"اوہ!" سونیا نے نہ جانے کیوں بے چینی سے کہا۔ میں بڑے اطمینان سے کھڑی رہی۔ خان آف کالاگوٹ اور زرّیں ہمارے قریب آ گئے۔

"ڈیڈی!" زرّیں نے اپنے باپ سے کہا۔ "یہ ہیں میڈم ریٹا ڈکسن جن کا میں نے آپ سے ذکر کیا تھا۔"

"اچھا اچھا!" خان آف کالاگوٹ سر ہلاتا ہوا مسکرایا۔ "اور میڈم! یہ میرے ڈیڈی ہیں۔" زرّیں پھر بولی۔

"گلیڈ ٹو میٹ یو!" میں نے مصافحے کے لیے خان کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

"می ٹو، میڈم!" خان نے بڑی نرمی سے مصافحہ کرتے ہوئے کہا۔ "بے بی نے بتایا تھا کہ آپ نے ان کا زائچہ تیار کیا۔"

"جی ہاں، لیکن میں نے اس میں کچھ باتوں کے اظہار سے گریز کیا ہے۔"

"ہاں، بے بی نے مجھے یہ بھی بتایا تھا کہ آپ ایسی باتیں ظاہر نہیں کرتیں جو ناخوشگوار ہوں۔"

"جی۔"

"اچھا، میں ذرا دوسرے مہمانوں کو دیکھوں۔" خان آف کالاگوٹ نے معذرت خواہانہ لہجے میں کہا اور دوسری طرف مڑ گیا۔ زرّیں ہمارے پاس ہی رک گئی۔

"میڈم!" وہ مجھ سے بولی۔ "میں نے دوسرے لوگوں سے آپ کا تعارف اس لیے نہیں کرایا کہ پھر آپ ایک بھیڑ میں پھنس جاتیں۔ شخص چاہتا ہے کہ آپ اس کا ہاتھ دیکھیں۔"

"تم نے بہت اچھا کیا۔ ایسی محفلوں میں تو لوگ عموماً میرے لیے جان کا عذاب بن جاتے ہیں۔ مجبوراً مجھے خشک رویہ اختیار کرنا پڑتا ہے۔ نتیجے میں لوگ مجھے مغرور اور نہ جانے کیسے کیسے خطابات سے نوازنے لگتے ہیں۔"

زرّیں ہنسنے لگی۔

"مجھے تمہارا گھر بہت پسند آیا۔" میں بولی۔

"وہ واقعی؟"

"میں نے اتنے اچھے گھر بہت کم دیکھے ہیں۔ ویسے میری

مبالغہ بھی نہیں تھا۔

"میں آپ کو گھماؤں!"

"ضرور!" سونیا فوراً تیار ہو گئی۔ میں نے گھر کی تعریف کی ہی اس لیے تھی کہ زرّیں اس کے بعد گھر دکھانے کی پیشکش کرے۔ زرّیں نے بھی یہی کیا تھا اور میری مُراد بر آئی تھی۔

"سونی!" زرّیں بولی۔ "کیا تمہیں میرا گھر اچھا نہیں لگا؟"

"اچھا گھر بھی اگر کسی کو اچھا نہ لگے تو وہ حد درجہ کا ذوق ہے۔" سونیا نے ہنس کر کہا۔

"اوہ، نو تم بھی!"

[illegible] نے مجھے اور سونیا کو اپنا گھر دکھانا شروع کیا۔ ہر جگہ [illegible] طرز کا فرنیچر دکھائی دیا۔ دیواروں پر آویزاں [illegible] صوتوں کے مشاہیر کی تھیں۔ گھر کی ہر ہر چیز سے [illegible] بے پناہ امارت کا اظہار ہو رہا تھا۔

[illegible] زرّیں اچانک رُک گئی اور مسکرا کر بولی۔ "اس سے [illegible] ہے۔"

"جانا منع ہے!" میں نے تعجب سے دُہرایا۔

"[illegible]"

[illegible] سے آگے جانے کا راستہ ہی کہاں ہے؟"

[illegible] ہال کی الماری دیکھ رہی ہیں آپ؟"

[illegible] یہ بہت خوبصورت ہے۔"

[illegible] یہ الماری سلائڈنگ ڈور کی طرح ایک طرف ہو [illegible] آگے جانے کا راستہ سامنے آ جاتا ہے۔"

[illegible] ہا!" میں نے دلچسپی سے پوچھا۔ "لیکن یہ سلائڈنگ ڈور [illegible] طرف کس طرح سرکتی ہے؟"

"مجھے بھی نہیں معلوم ایمی! یہ صرف ڈیڈی جانتے ہیں یا خاص ملازم۔" زرّیں نے بتایا۔ "گھر کے کسی فرد کو [illegible] طرف جانے کی اجازت نہیں ہے۔ دراصل اس طرف [illegible] دفتر خاص ہے اور وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے [illegible] کے دفتر میں قدم رکھے۔"

"اوہ!"

[illegible] اسی وقت مردانہ قدموں کی آہٹ سنائی دی۔ ہم نے [illegible] طرف دیکھا۔ وہ خان آف کالاگوٹ تھا۔

"تم اِدھر کیوں آئی ہو بے بی!" وہ سرد لہجے میں بولا۔

"میں... میں میڈم کو گھر دکھا رہی تھی ڈیڈی!"

"لیکن... یہ خان آف کالاگوٹ کچھ غصّے میں نظر آ رہا تھا۔

اس نے اچانک اپنی بات اُدھوری چھوڑ دی اور مسکرا کر مجھ سے بولا۔ "میڈم! آپ کو ہمارا گھر پسند آیا؟"

"بہت شاندار۔"

"آپ نے میرا ایکویریم دیکھا؟ میں نے بڑی خوبصورت مچھلیاں جمع کی ہیں۔"

زرّیں جواب میں بول پڑی۔ "میں ابھی میڈم کو اس طرف نہیں لے گئی۔"

"تو اس طرف لے جاؤ!" خان آف کالاگوٹ نے بڑے عام سے انداز میں کہا لیکن میں یہ محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکی کہ اس کے لہجے میں تحکم تھا۔

"آئیں میڈم!" زرّیں نے میرا ہاتھ پکڑتے ہوئے جلدی سے کہا اور دوسری طرف مُڑ گئی۔

ہم دونوں کے ساتھ ہی سونیا نے بھی قدم بڑھا دیے تھے۔

"دیکھا آپ نے!" کچھ دور آنے کے بعد زرّیں نے سرگوشی کرنے والے انداز میں کہا۔ "ڈیڈی اپنے دفترِ خاص کے قریب کسی کو پھٹکنے بھی نہیں دیتے۔ وہ بعد میں مجھ پر بہت ناراض ہوں گے۔"

"تو پھر تم ہمیں اِدھر لائی ہی کیوں تھیں؟" سونیا بول پڑی۔

"بس بے خیالی میں لے آئی تھی۔" زرّیں نے ٹھنڈا سانس لیا۔ "میری طبیعت کچھ مکدر ہو گئی ہے اب۔ ایمی! اگر آپ بُرا نہ مانیں تو اب ہم واپس مہمانوں میں چلیں۔"

"ہاں ہاں، چلو، کوئی حرج نہیں ہے۔"

ہم واپس مہمانوں میں آ گئے۔ آرکسٹرا مدھم سُروں میں راک این رول بجا رہا تھا۔ لوگوں کے پیر آہستہ آہستہ اس دُھن پر تھرک رہے تھے۔

ذرا دیر بعد زرّیں ہم سے جدا ہو کر کسی طرف نکل گئی تو سونیا نے کہا۔ "میں پھر وہیں جا رہی ہوں۔"

"کہاں؟" سونیا نے چونک کر پوچھا۔

"مجھے خان آف کالاگوٹ کا دفترِ خاص ضرور دیکھنا ہے۔"

"کیا آپ کسی خطرے میں کُودنے کی قسم کھا چکی ہیں بانو؟"

"اگر تم چاہو تو میرے ساتھ چلو ورنہ نہیں رُکی رہو۔"

"میں آپ کے ساتھ چلوں گی۔" سونیا نے فیصلہ کن انداز میں کہا۔

"تو آؤ!"

تمام مہمان اپنی اپنی دھن میں مگن تھے۔ کسی نے ہماری طرف دھیان بھی نہیں دیا۔ ہم عمارت کے اسی حصے میں نکل آئے جس میں یہ دیکھ کر چونک گئی کہ کتابوں کی الماری کسی قدر سرکی ہوئی تھی اور اتنا راستہ ہو گیا تھا کہ ایک آدمی اس خلا میں سے گزر سکے۔

"اوہ! اندھیرے منہ سے نکلا۔" غالباً کوئی ابھی اندر گیا ہے۔"

"وہ خان آن کالا گوٹ ہی ہو گا۔" سونیا نے سرگوشی کی۔

"اس کا ملازم خاص بھی ہو سکتا ہے۔" میں نے کہا۔ "بہرحال، آؤ!" میں سونیا کا ہاتھ پکڑ کر آگے چلی۔

وہ ایک پتلی سی راہداری تھی جس میں چلتے ہوئے مجھے یوں لگا جیسے میں لچکدار تختوں پر چل رہی ہوں۔ ان تختوں کے نیچے خلا محسوس ہو رہی تھی۔ بالکل یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے ریل کے دو ڈبوں کے درمیانی راستے پر چل رہی ہوں۔

اس راہداری کی طوالت بیس پچیس فٹ کے لگ بھگ تھی۔ آخر میں راستہ مسدود تھا لیکن جیسے ہی ہم اختتام پر پہنچے، ہمارے سامنے خلا پیدا ہو گیا۔ اس کے پیدا ہونے کا سبب ظاہر ہے کوئی خود کار نظام ہو گا۔ میں اور سونیا اس خلا سے بھی گزر گئے۔ جیسے ہی ہم دوسری طرف پہنچے، ہمارے عقب میں خلا بند ہو گیا اور اس جگہ کا ماحول دیکھ کر میں چونک پڑی۔

وہ ایک کشادہ کمرہ تھا جس میں ڈائننگ ٹیبل اور ڈائننگ چیئرز کے علاوہ صرف آرائشی سامان تھا۔ بائیں جانب ایک دروازہ تھا اور سامنے والی دیوار میں خلا نظر آ رہا تھا۔

میرا دل تیزی سے دھڑکنے لگا۔ میں سونیا کا ہاتھ پکڑے دبے قدموں اس خلا کی طرف بڑھی۔ میں نے جھانک کر دوسری طرف دیکھا وہاں بھی کوئی نہیں تھا۔ میں سونیا کے ساتھ تیزی سے اندر چلی گئی۔

یہ وہی خوابگاہ تھی جہاں میں ایک مرتبہ قید رہ چکی تھی اور جس کے بارے میں میرا یقین یہ تھا کہ وہ کوئی بحری جہاز تھا۔

"خوش آمدید بانو!" کمرے میں خان آن کالا گوٹ کی آواز گونجی اور میں دھم سے بستر پر ڈھیر ہو گئی۔

سونیا آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر چاروں طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کے لیے یہ منظر بڑا حیرت انگیز تھا کہ گول کھڑکیوں، شیشوں کے اس پار، رنگ برنگی مچھلیاں تیرتی پھر رہی تھیں۔ سونیا کی خفیف سی جنبش یہ ظاہر کر رہی تھی کہ وہ سمندر کی گہرائی کا اندازہ لگا رہا ہے۔

میں بستر پر ڈھیر ہو چکی تھی اور مجھے اپنے اوپر ایسا غنودگی کا دورہ پڑا کہ میں اتنے عرصے تک اس احمقانہ خیال میں غرق رہی تھی کہ میں قید کیا گیا تھا۔

"کیا تم دوبارہ یہاں آ کر خوش نہیں ہو بانو؟" خان آن کالا گوٹ کی آواز گونجی۔ اس کا انداز ایسا تھا جیسے وہ مسکرا رہا ہو۔

"میں بہت خوش ہوں خان!" میں نے بڑے اطمینان کے ساتھ کہا اور میرا یہ اطمینان مصنوعی نہیں تھا۔ یہ واقعی بات تھی۔ میں نے اسے مصنوعی ہی سمجھا تھا۔ وہ کسی کمرے میں بیٹھا ہوا مجھے پر مجھے دیکھ رہا ہو گا کیونکہ میرے اندازے کے مطابق اس کو کوئی ٹیلیویژن آئی، کسی خفیہ جگہ پر موجود تھی۔

"ہم۔۔۔" سونیا کانپتی ہوئی آواز میں بولی۔ "ہم کہاں ہیں؟"

"ایک بحری جہاز میں۔" خان آن کالا گوٹ کا قہقہہ گونجا۔

"کیوں بانو! تمھیں کسی بحری جہاز ہی کی تلاش تھی نا؟"

"ہاں۔" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "مجھے اعتراف ہے خان! عرصے تک اس احمقانہ خیال میں مبتلا رہی ہوں۔"

"اچھا! خان آن کالا گوٹ نے بات ختم کرنے والے کہا۔ "اب تم کچھ دیر آرام کرو۔ میں ذرا تقریب سے نارغ ہو کے بعد تم سے پھر ملاقات کروں گا۔"

"میں تمھارا انتظار کروں گی خان!" میں سکون سے گئی اور مسکرا کر سونیا کی طرف دیکھا۔

خان آن کالا گوٹ کی آواز پھر نہیں سنائی دی۔

سونیا بڑی حیرت سے میری طرف دیکھ رہی تھی اور چہرے پر خون کے آثار بھی تھے۔

"آؤ جان!" میں نے اپنے بازو کشادہ کرتے ہوئے دعوت دی۔

"مطمئن۔۔۔" سونیا نے کہنا چاہا۔

کہاں کاستی ہوئی بولی۔ "میں ہر حال میں مطمئن رہنے والی ہوں جو ٹھہرا ہے وہ زندگی کی کمی کا اعلان کرتا ہے۔ میں کوشش کرتی ہوں کہ اس گزرتے ہوئے لمحے کو محسوس کیا جائے۔"

"ان لمحوں کو بھی تو سوچنا چاہیے!" سونیا نے اس طرح جیسے انداز پر جھنجلاہٹ اور بوکھلاہٹ کا شکار ہو۔

"ان لمحوں کے بارے میں کیا سوچنا چاہیے؟" میں سونیا کی طرف اندوز ہو کر بولی۔

"وہ کتنے ناخوشگوار ہو سکتے ہیں!" اس مرتبہ سونیا کی جھنجلاہٹ ظاہر ہو گئی۔ "آپ ایک خطرناک دشمن کی قید میں ہیں۔ میں نے سنا ہے کہ آپ کا میک اپ زیادہ کامیاب نہیں ہے اور کیا جا سکتا ہے۔"

"میں بدستور سکون سے بولتی رہی۔ "میں جس دشمن کی اس کی قید میں ایک بار پہلے بھی رہ چکی ہوں۔ مجھے خوب دشمن مجھ سے کیا چاہتا ہے۔ وہ مجھے ہلاک تو ہرگز نہیں اس کی نفسیات کو خوب سمجھ چکی ہوں۔ اسے میری وجہ رہے ہیں اور اب وہ مجھے چڑ کے لگا کر حساب برابر کرنا چاہتا نملاہٹ سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔ ایسے لوگ ہلاک تو اسی وقت کرتے ہیں جب اس کے سوا کوئی چارہ کار دشمن بھی میرے ہاتھوں آتا رہا ہے۔"

"آپ کو کچھ سوچنا تو چاہیے۔"

"کیا؟"

"اس قید سے کس طرح نکلا جا سکتا ہے!"

"جانتی ہوں کہ نہیں نکلا جا سکتا۔ میں پہلے بھی اس جگہ قید ہوں، میں اسی وقت آزادی ملے گی جب ہمارا دشمن چاہے گا۔ اس چڑ کے کا انتظار کر سکتی ہوں جو میرا دشمن مجھے لگانا اس کے بعد ہی سوچوں گی کہ میں اسے کیا جواب دے سکتی

"عجیب غریب عورت ہیں!" سونیا نے جلدی جلدی پکائیں۔

نے ہلکا سا قہقہہ لگایا اور بولی۔ "فرصت کے ان لمحوں لد۔"

"اس وقت میری ذہنی حالت ایسی نہیں ہے کہ میں کسی چیز سے ذرا بھی لطف اندوز ہو سکوں۔" سونیا نے چڑچڑے انداز میں کہا اور ایک کرسی گھسیٹ کر جھٹکے سے اس پر بیٹھ گئی۔

میں ہنسنے لگی، پھر میں نے کہا۔ "اچھا تو میں ذرا دیر آرام کر لوں۔" میں نے آنکھیں بند کر لیں۔

کمرہ دھیرے دھیرے ہچکولے لیتا رہا۔ وہ ہچکولے ایسے تھے کہ انھیں، بہت توجہ دینے پر ہی محسوس کیا جا سکتا تھا۔ اگر میں اور سونیا باتوں میں ہی مشغول ہو جاتے تو ہمیں ان ہچکولوں کا احساس نہیں ہونا تھا۔ شاید ساری دنیا میں اس نوعیت کا کوئی کمرہ کسی عمارت میں نہیں بنایا گیا ہو گا لیکن اب وہ کمرہ میرے لیے کوئی عجوبہ نہیں رہا تھا۔ میں سمجھ چکی تھی کہ اس کمرے کو بنانے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا گیا ہو گا۔

سونیا سے زیادہ دیر تک چپ نہیں رہا گیا اور وہ بول پڑی۔ "بانو! آخر آپ مجھے الجھنوں میں کیوں مبتلا رکھنا چاہتی ہیں؟"

میں نے آنکھیں کھول کر اس کی طرف دیکھا اور بولی۔ "کیوں! میں نے تمھیں کس الجھن میں مبتلا کر رکھا ہے؟"

"آخر آپ بتاتی کیوں نہیں کہ یہ ماجرا کیا ہے۔ ہم آخر کہاں ہیں؟ ہم ایک عمارت میں تھے لیکن اب میں خود کو کسی جہاز میں محسوس کر رہی ہوں۔ یہ گول کھڑکیوں سے نظر آتا ہوا پانی اور مچھلیاں، آخر سب۔۔۔"

"یہ سب شعبدے بازی ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"یہ کمرہ اور اس سے منسلک کمرہ، یعنی یہ دونوں کمرے، ہیں تو خان ولا ہی میں لیکن ان دونوں کمروں کے فرش، چھت اور دیواریں باقی عمارت سے الگ ہیں۔"

سونیا نے میری باتیں سن کر کوئی استفسار تو نہیں کیا لیکن اس کے چہرے کی الجھن سے صاف ظاہر ہو گیا کہ وہ میری بات نہیں سمجھ سکی تھی۔

"اسے یوں سمجھو!" میں نے وضاحت کی۔ "تم ٹین کے ایک ڈبے میں پانی بھرو اور ایک گیند کو معمولی سے وزن کے ساتھ اس ٹین میں ڈال دو۔ اس وزن کی وجہ سے وہ گیند نہ تو پانی کی سطح پر رہ سکے گی، نہ بالکل تہ میں چلی جائے گی بلکہ بیچ میں رہے گی۔ ان دونوں کمروں کی مثال اس گیند کی سی ہے۔ ان کمروں کے گرد خلا ہے جس میں پانی بھرا ہوا ہے اور وہ خلا ایک قسم کا ایکویریم ہے جس میں مچھلیاں تیرتی پھرتی ہیں۔ اس تانگ کے کرتا دھرتا انجینئر نے توازن کی درستی پر بہت زیادہ توجہ دی ہو گی ورنہ یہ کمرے، اس پانی میں بہت زیادہ متحرک رہتے۔"

ابھی تک کوئی بھی اس کمرے میں نہیں آیا تھا جبکہ میں چاہتی تھی کہ جلد از جلد کوئی دخل اندازی کرے اور ہم دونوں نریا دہ چوٹیں کھانے سے محفوظ ہو جائیں۔ ویسے اگر دخل اندازی نہ ہوتی تو بھی اس ڈرامے سے کم از کم ایک فائدہ ضرور ہوتا۔ ہمیں یہ یقین ہو جاتا کہ اس کمرے میں خفیہ مائکروفون وغیرہ فٹ نہیں ہیں اور اس یقین کے بعد ہم بے خوف و خطر ہر قسم کی گفتگو کر سکتے تھے۔

رضوان نے میری گردن بڑے زور سے دبائی تھی لیکن جیسے ہی میں نے اپنی دونوں کنپٹیاں اس کے سینے پر رکھ کر بھرپور دباؤ ڈالا رضوان کے منہ سے چیخ نکل گئی اور اس طرح مجھے محاورتہ نہیں بلکہ حقیقتاً گلو خلاصی ہو گئی۔ میں نے اپنے جسم کو رضوان کے جسم پر اس طرح اچھالا جیسے اسپرنگ والے گدے پر اچھلا جا سکتا ہے۔

اس طرح میں کسی سہارے کے بغیر اپنے پیروں پر سیدھی کھڑی ہوئی اور پھر فوراً ہی دوبارہ اچھلی۔ اس دفعہ میرا ہدف رضوان کا سینہ تھا لیکن وہ بڑی تیزی سے کروٹ لے کر میرے نرغے سے نکل گیا۔ اب میں فوراً ہی اس کی کمر پر کودی اور پھر ایک کھڑا ہاتھ رضوان کے شانے پر مارا۔ یہ ہاتھ میں نے جان بوجھ کر ذرا ڈھیلا رکھا تھا ورنہ رضوان کے شانے کی ہڈی دوسری مرتبہ فریاد کرنے کے قابل نہیں رہ جاتی۔ پھر بھی وہ ضرب اتنی شدید تھی کہ رضوان کے منہ سے چیخ نکل گئی۔

عین اسی وقت کمرے کا دروازہ ایک پُرشور آواز کے ساتھ کھلا اور کئی آدمی اندر گھستے چلے آئے۔ ان میں سے ایک کے ہاتھ میں ریوالور تھا۔

"خبردار!" وہ گرجا۔ "تم دونوں فوراً ایک دوسرے سے الگ ہو جاؤ!"

میں نے چونکے ہوئے انداز میں مڑ کر دروازے کی طرف دیکھا اور پھر فوراً رضوان کو چھوڑ کر ایک طرف کھڑی ہو گئی۔

رضوان پھرتی سے اٹھا اور غصے میں بپھر کر میری طرف لپکا لیکن فوراً ہی دو آدمی ہمارے بیچ میں حائل ہو گئے۔ انھوں نے رضوان کے دونوں بازو پکڑ لیے۔

"بس اب جھگڑا ختم!" ریوالور والے نے ہاتھ اٹھا کر کہا۔

رضوان کھا جانے والی نظر سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔

"اسے ساتھ لے چلو!" ریوالور والے نے ان دونوں آدمیوں سے کہا جو رضوان کو پکڑے ہوئے تھے۔

"میں خود بھی تم لوگوں کے ساتھ چلنا چاہتا ہوں۔" رضوان نے کہا۔ "مجھے جلد از جلد تمہارے باس سے ملنا ہے۔"

"رضوان!" میں نے للکارنے والے انداز میں کہا حماقت کرنے جا رہے ہو اور میں اسے کبھی معاف

رضوان نے بڑی حقارت سے میری طرف جانے کے لیے دروازے کی طرف مڑا۔

ان لوگوں نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی اور کر چلے گئے۔ دروازہ باہر سے مقفل کر دیا گیا۔

میں چند لمحے اپنے خیالات میں کھوئی ہوئی دروازے کی طرف دیکھتی رہی اور پھر آگے بڑھ کر تھکے ہوئے انداز سے ڈھیر ہو گئی۔ اب میرے ہونٹوں پر نحیف سی مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ رضوان کی اس پلاننگ نے میرا کام بہت آسان کر دیا تھا۔ اب میرا واسطہ صرف باس سے پڑے گا۔ اب سارا انحصار اس بات پر تھا کہ خان رضوان پر کس حد تک اعتماد کرتا ہے؟

میں بستر پر اوندھی لیٹی ہوئی اس ڈرامے پر غور کر رہی تھی جو ذرا دیر قبل اس کمرے میں کھیلا گیا تھا۔ میں کہہ سکتی تھی کہ رضوان دل ہی دل میں مجھے اس وقت برا بھلا کہہ رہا ہوگا۔ دراصل میرے ہاتھوں اتنی ضربیں بھی پہنچ گئی تھیں لیکن میں ایسا کرنے پر مجبور ایسا نہ کرتی تو وہ ڈراما جان دار نہ بن پاتا۔ ویسے اس بھی اپنی طرف سے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔ اس گردن اس بری طرح دبوچی تھی کہ اس کی انگلیوں کے میری گردن میں اب تک نشان ہو رہے تھے۔

دوپہر تک میں بستر ہی پر لیٹی رہی۔ اس کے علاوہ بھی کیا سکتی تھی؟ مجھے کسی ایسے ردِ عمل کا انتظار کے کسی عمل کا نتیجہ ہوتا۔

دوپہر کو کمرے کا دروازہ کھلا تو میں نے غور کی طرف دیکھا لیکن صورتِ حال کی کسی خاص تبدیلی کا لگا سکی۔ وہ شخص میرے لیے کھانا لے کر آیا تھا۔ کھانا تپائی پر رکھ کر وہ مجھ سے بولا۔ "باس کا پیغام آیا وقت کھانے پر آپ کا ساتھ دینے نہیں آ سکیں گے اکیلی ہی کھانا کھائیں۔"

پھر وہ میرے جواب کا انتظار کیے بغیر واپس میں نے اسے پکارا۔ "سنو!"

اس مسکرایا۔ "باشبہ اس نے بڑا شاندار ریک آپ کیا تھا۔ وہ سیاہ ایک خوبصورت چشمہ لگائے ہوئے تھی۔ وہ قریب آ کر مجھ سے ملی جیسے پہلے کبھی برسوں بعد ملی ہو۔ بولنے میں بھی اس کا لب و لہجہ تھا۔ بالکل ان بورژوائی لوگوں کی طرح جو اپنی مادری زبان بھی انگریزی لہجے میں بولتے ہیں۔

"ان سے ملو نادرہ!" میں نے زرّیں کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ ہیں۔ میں نے فون پر تم سے ان کا ہی تذکرہ کیا تھا۔"

"آپ بہت پیاری ہیں۔" رضیہ نے زرّیں سے مصافحہ کرتے کہا۔ "آپ کے ساتھ بڑا اچھا وقت گزرنا چاہیے۔"

"میں کوشش کروں گی کہ میرے گھر میں آپ کو کسی قسم کی تکلیف

ایک قلی رضیہ کا سوٹ کیس اٹھائے اس کے پیچھے کھڑا ہوا تھا۔

"آداب چلیں۔" میں نے رضیہ اور زرّیں سے کہا۔

ہم لوگ اسٹیشن سے نکلے اور زرّیں نے اس طرف رخ کیا جہاں اس کی کار پارک کی تھی۔ اس نے کار کی ڈکی کھولی اور قلی نے سوٹ کیس اس میں رکھ دیا۔ قلی کو رخصت کر کے ہم کار میں بیٹھنے لگے۔ زرّیں نے اصرار کر کے رضیہ کو اگلی سیٹ پر زرّیں کے برابر میں بٹھایا اور خود پچھلی نشست پر بیٹھ گئی۔

"نادرہ! تم مجھے صدر میں اتار دینا۔ وہاں سے میں ٹیکسی کر لوں گی۔" نے اس وقت کہا جب زرّیں نے کار کو حرکت میں لا چکی تھی۔

"سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔" زرّیں نے کہا۔ "پہلے میں آپ کو فلیٹ پر اتاروں گی۔ اس کے بعد نادرہ کو اپنے گھر لے جاؤں گی۔ نادرہ! میں بڑی بے تکلفی سے تمہارا نام لے رہی ہوں۔ اہم عمروں میں مجھے تکلفات سے بڑی وحشت ہوتی ہے۔"

"کچھ اسی انداز میں میں بھی سوچتی ہوں۔" رضیہ نے ہنس کر کہا۔

"نادرہ!" میں پیچھے سے بولی۔

"جی میڈم!"

"میں فون پر تمہیں اچھی طرح سمجھا چکی ہوں کہ تمہیں زرّیں کے ساتھ کیا کرنا ہے۔ تاہم کوئی بات تمہاری سمجھ میں نہ آئی ہو تو پھر پوچھ لو۔"

"میں سب کچھ ذہن نشین کر چکی ہوں۔ آپ فکر نہ کریں۔"

"یوں سمجھو کہ یہ تمہارا ایک امتحان ہے۔"

"یہ میرے لیے بے حد خوشی کی بات ہے کہ آپ میرا امتحان ہی ہیں۔"

"اور زرّیں!" میں پھر بولی۔ "تم نے بھی اپنے گھر والوں کو نادرہ کے بارے میں بتا دیا ہے نا؟"

"جی ہاں۔ وہ سب ان کا انتظار کر رہے ہوں گے۔ انہیں یہ سن کر بہت خوشی ہوئی تھی کہ میری مہمان دوست پامسٹری کی طالبہ ہے۔"

"پامسٹری ہر شخص کی کمزوری ہوتی ہے۔" میں نے ہنس کر کہا۔

ہم باتیں کرتے رہے۔ کار دوڑتی رہی اور برنس روڈ آ گیا میں وہاں کار سے اتر گئی اور وہ دونوں چلی گئیں۔

جب میں فلیٹ کا تالا کھول رہی تھی تو اندر سے ٹیلیفون کی گھنٹی بجنے کی آواز سنائی دے رہی تھی۔ میں جلدی سے دروازہ کھول کر اندر پہنچی اور پھر عجلت میں اسے بند کیے بغیر فون کی طرف جھپٹی۔ میں نہیں چاہتی تھی کہ رنگ کرنے والا مایوس ہو کر ڈس کنکٹ کر دے۔ نہ جانے کس نے فون کیا ہو۔ بعد میں میرا ذہن ایک غلط کا شکار رہتا۔

میں نے ریسیور اٹھا کر کان سے لگایا تو مجھے اندازہ ہو گیا کہ دوسری طرف سے سلسلہ منقطع نہیں ہوا تھا۔

"ہیلو!" میں ہانپتی ہوئی میں بولی۔

"تم کہاں تھیں جانو! میں نے تمہیں دوسری مرتبہ رنگ کیا ہے۔" دوسری طرف سے ایک ایسی آواز سنائی دی تھی کہ میرے ماتھے پر شکنیں پڑ گئیں۔ وہ آواز خان آف کالا گوٹ کی تھی۔

"ہیلو!" میری خاموشی پر اس نے مجھے پکارا۔

"کیا بات ہے!" میں نے سرد لہجے میں کہا۔

"ایک معمولی سا سوال کرنا تھا تم سے!"

"کیسا سوال؟"

"تم نے رضوان کے فلیٹ میں کیوں پناہ لے رکھی ہے؟ کیا تم سمجھتی ہو کہ اس طرح میری نظر سے اوجھل ہو جاؤ گی؟"

"میں تم سے ڈرتی نہیں ہوں کہ تمہاری نظر سے اوجھل ہونے کی کوشش کروں۔" میں نے تیز لہجے میں کہا۔

"پھر آخر رضوان کے فلیٹ میں کیوں مقیم ہو؟"

"ضروری نہیں ہے کہ میں تمہارے ہر سوال کا جواب دوں۔"

"ہاں، ضروری تو نہیں ہے۔"

"پھر تم نے مجھے فون کیوں کیا ہے؟"

"یہ جاننے کے لیے کہ شاید اب تم کمپرومائز پر تیار ہو گئی ہو۔"

"کیسا کمپرومائز؟"

"میں نے پہلے بھی ایک مرتبہ تمہیں ایک پیشکش کی تھی۔ اگر تم

میری راہ میں آنے کی کوشش نہ کرو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہوگا لیکن میں محسوس کر رہا ہوں کہ تم کوئی بڑا جال پھیلانے کی فکر میں ہو اور وہ جال غالباً میرے ہی لیے ہوگا۔"

"غالباً نہیں بلکہ... یقیناً!" میں نے زور دے کر کہا۔ "اس وقت سے ڈر رہے تم اس جال میں کسی پرندے کی طرح پھڑ پھڑا رہے ہوگے۔"

"بہت خوب!" خان آف کالاگوٹ نے قہقہہ لگایا۔ "کیا تم ابھی تک سونیا کی پھڑپھڑاہٹ نہیں بھول سکیں؟"

"میں تمہیں بھی اسی طرح پھڑپھڑانے کا موقع ضرور دوں گی خان!" میں نے کہا اور سختی سے دانت پر دانت جما لیے۔

دوسری طرف سے خان آف کالاگوٹ نے پھر ایک قہقہہ لگایا اور اس کے بعد سلسلہ منقطع ہونے کی آواز سنائی دی۔

میں نے دانت بھینچے بھینچے رسیور رکھ دیا اور ایک جھٹکے سے کرسی پر بیٹھ گئی۔ یہ سوال میرے ذہن میں بری طرح چبھنے لگا تھا کہ اس وقت خان آف کالاگوٹ نے مجھے فون کیوں کیا تھا؟ بات صرف اتنی نہیں ہو سکتی تھی جو اس نے فون پر ظاہر کی تھی۔

اس فون کال سے مجھے کم از کم یہ اندازہ ضرور ہو گیا تھا کہ خان آف کالاگوٹ میری طرف سے بے خبر نہیں ہوا ہے۔ اب میرے لیے ایک پریشان کن سوال یہ بھی تھا کہ وہ میری نقل و حرکت پر کس حد تک نظر رکھ سکا ہے؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ اس ڈرامے سے بھی باخبر ہو گیا ہو جس کا ایک کردار میں نے رضیہ کو بنایا تھا؟ ایسی صورت میں رضیہ کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی تھی۔

میں نے یکلخت اٹھ کر رسیور اٹھایا اور خان ولا کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔ دوسری طرف سے ایکسچینج کی ٹون آئی تو میں نے کریڈل دبا دیا اور کوئی نصف منٹ بعد پھر رنگ کیا۔ اس مرتبہ دوسری طرف گھنٹی بجی اور رسیور اٹھایا گیا۔ "ہیلو!" آواز آئی جو زرّیں کی نہیں تھی۔

"مجھے زرّیں سے بات کرنا ہے۔"

"آپ کون ہیں؟"

"روزا میکڈانلڈ۔" میں نے وہی فرضی نام بتا دیا جو میرے اور زرّیں کے مابین طے ہو چکا تھا۔

"ہولڈ آن رکیے! میں زرّیں کو بلاتی ہوں۔" دوسری طرف سے کہا گیا۔

مجھے زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑا۔ جلد ہی دوسری طرف سے زرّیں کی آواز سنائی دی۔ "ہیلو!"

"بس میں نے یہ جاننے کے لیے فون کیا تھا کہ تم گھر پہنچ گئی ہو۔ نادرہ کہاں ہے؟"

"میرے برابر میں کھڑی ہے۔"

"ذرا فون اسے دو۔"

"اچھا۔"

ایک لمحے بعد ہی میں نے رضیہ کی آواز سنی۔ "جی؟"

"رضیہ!" میں نے آواز دھیمی کرتے ہوئے کہا۔ "میں یہ بتانے کے لیے فون کیا ہے کہ حالات کی ایک نئی کروٹ آئی ہے جس کی وجہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ تم وہاں کسی خطرے میں بھی دوچار ہو سکتی ہو۔"

"آپ فکر نہ کیجیے!"

"تمہارے پاس پستول تو ہوگا؟"

"جی ہاں۔"

"پوری طرح ہوشیار رہنا۔"

"اوکے۔"

میں نے کھوئے کھوئے سے انداز میں رسیور رکھ دیا۔ خطرے سے آگاہ کرنے کے باوجود میں پوری طرح مطمئن نہیں ہو سکا تھا۔ لیکن اب اس "نامطمئنی" کا کوئی مداوا نہیں ہو سکتا تھا۔ میں تو شیر کی کچھار میں چھوڑ چکی تھی اور یہ ممکن نہیں تھا کہ میں کسی طرح اس کی ذمہ دار ثابت ہو سکتی۔ ویسے یہ ضرور تھا کہ رضیہ بھی کوئی کچی گولیاں کھیلی ہوئی نہیں تھی۔ وہ خان آف کالاگوٹ کے لیے لوہے کا چنا ہی ثابت ہوتی۔ بہرحال اس لیے بھی کہ میں نے اسے خطرے سے آگاہ کر دیا تھا۔

دوسری صبح میری آنکھ ٹیلیفون کی گھنٹی سن کر کھلی۔ میں نیم وا کے عالم میں رسیور اٹھایا۔ "ہیلو!"

"کیا مانو بول رہی ہیں؟" دوسری طرف سے ایک سریلی آواز نے پوچھا۔

دوسرے ہی لمحے میری ساری غنودگی ہوا ہو گئی کیونکہ میں ماہ پارہ کی آواز پہچان لی تھی۔ "ہاں میں مانو بول رہی ہوں۔ تم کون ہو؟" میں جان بوجھ کر انجان بن گئی۔

"آپ نے میری آواز نہیں پہچانی۔ ارے میں ماہ پارہ ہوں۔ آپ نے اس طرح کہا جیسے میرا اور اس کا جنم جنم کا ساتھ رہا ہو۔"

"اوہ... اچھا!" میں نے سپاٹ لہجے میں کہا۔ "تمہیں میرا نمبر کیسے معلوم ہوا؟"

"رضوان بھائی نے بتایا تھا۔ ذرا دیر پہلے وہ فون کر چکے ہیں۔ مجھ سے سلطان بھائی کے بارے میں پوچھ رہے تھے۔ میں نے بتا دیا کہ بھائی جان ان کی فون کال سے صرف پانچ منٹ قبل روانہ ہوئے ہیں۔ پھر میں رضوان بھائی سے آپ کی تعریفیں کرتی رہی۔ انھوں نے مجھے یہ نمبر بتایا اور کہا کہ میں آپ کی تعریفیں آپ کو کروں۔" وہ ہنسنے لگی۔

میں نے ہونٹ بھینچ لیے۔ یہ رضوان نے میرے ساتھ دوسری چال چلی تھی کہ اس بیگن نما لڑکی کو میرے پیچھے لگانا چاہا تھا۔

"ہیلو! مانو بول رہی ہیں۔ آپ میری بات سن رہی ہیں نا؟"

"سن رہی ہوں۔" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "کیونکہ بہ نسبت سننا ہی بہتر ہے۔"

"کیا مطلب!" وہ حیرت سے بولی۔

"پتا نہیں میں کیا کہہ گئی۔" میں نے جلدی سے کہا۔ "میں دراصل ابھی ابھی سامنے ٹیلیفون کی گھنٹی ہی سن کر آنکھ کھلی تھی۔"

"اوہ! تو آپ ناشتہ وغیرہ کر لیجیے۔ میں ذرا دیر بعد پھر فون کروں گی۔"

"فون کرنا ضروری ہے؟" غیر ارادی طور پر میرا لہجہ خشک ہو گیا۔ "بتائیے آپ کی شخصیت میں کیا جادو ہے!" اس نے شاید شرمانے کے انداز میں کہا تھا۔ "میں رات بھر آپ کو خواب میں دیکھتی رہی۔ یاد رہا ہے کہ آپ سے باتیں کرتی رہوں۔ کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ ملیں!"

"ضرور۔" میں نے ہونٹ بھینچ کر کہا۔ "میں بہت جلد تم سے ملوں گی۔"

"سچ؟" اس نے بڑے اشتیاق سے پوچھا۔

"میں تمہیں فون پر بتا دوں گی۔ تم مجھے فون مت کرنا۔"

"بہتر ہے۔ آپ کو میرا فون نمبر تو معلوم ہی ہوگا!"

"ہاں مجھے علم ہے۔" میں نے کہا اور پھر جلدی سے رسیور رکھ دیا۔

اس کی آواز لاکھ سریلی سہی لیکن اس آواز کو سن کر جو سراپا ذہن میں ابھرا تھا اسے میں برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ مجھے وہ رہ رہ کر ضرور ستانے لگا۔ مجھے یقین تھا کہ اس نے محض شرارتاً اس "سیاہ پارہ" کو پیچھے لگایا ہے۔ میں سوچنے لگی کہ رضوان کو اس کی سزا کیسے ملنی چاہیے۔

غسل کر کے میں نے کپڑے تبدیل کیے اور صدر کے ایک ہوٹل سے ناشتہ کر کے واپس فلیٹ آ گئی۔ دراصل رضوان کا فون آنے سے قبل اس نے سلطان سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی تھی تو ممکن ہو سکتا تھا کہ وہ اسے مجھ سے ملانے کے لیے کوئی پروگرام طے کرے۔

لیکن رضوان سے پہلے میں نے رضیہ کا فون وصول کیا۔

"تم کہاں سے بول رہی ہو؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"خان ولا سے۔"

"کوئی خاص بات؟"

"ابھی تک تو میں کوئی خاص بات نہیں معلوم کر سکی۔"

"اس وقت تمہارے قریب کون ہے؟"

"کوئی بھی نہیں۔ میں کمرے میں تنہا ہوں۔" رضیہ نے کہا۔ "آپ کو میں نے محض اس لیے فون کر دیا کہ آپ میری طرف سے پریشان نہ ہوں۔ میں پوری طرح چوکس ہوں۔"

"خان ولا کے لوگوں کو تم نے کیسا پایا؟"

"خان آف کالاگوٹ کے علاوہ یہ سبھی اچھے لوگ ہیں۔ یہ سب مجھ سے بہت جلد گھل مل گئے ہیں۔ البتہ خان آف کالاگوٹ سے میرا سامنا دو ایک ہی مرتبہ ہوا ہے۔ یہ شخص کسی طرح بھی اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ مجھے دیکھ کر اس کی آنکھوں میں جنسی ہوس کی چمک اتنی ہے۔ اس کمبخت کو یہ بھی خیال نہیں کہ میں اس کی بیٹی کی دوست ہوں۔"

"وہ شاید ہمارے شہر کا کمین ترین انسان ہے۔"

"میں تو اسے انسان کہنے کی بھی روادار نہیں۔"

"اچھا بس! فون پر زیادہ گفتگو نہ کرو۔" میں نے سمجھانے والے انداز میں کہا۔ "بہتر ہوگا کہ احتیاط برتی جائے۔ جب تک کوئی خاص بات نہ ہو، مجھے فون مت کرنا۔"

"میں نے تو محض اس لیے فون کیا تھا کہ آپ پریشان نہ ہوں۔"

"اگر میں پریشان ہوں گی تو بھی براہِ راست تمہیں فون کرنے کی بجائے زرّیں کو کال کر لیا کروں گی۔ تم مجھے فون کرنے کے سلسلے میں محتاط ہی رہو۔"

"بہتر۔"

میں نے سلسلہ منقطع کر دیا اور آرام کرسی پر نیم دراز ہو کر آنکھیں بند کر لیں۔ مجھے یقین تھا کہ جلد یا بدیر رضوان کا فون آئے گا اور میں اسی کی منتظر تھی۔

مگر فون کی بجائے خود رضوان آ دھمکا۔ کال بیل کی آواز سننے کے بعد میں دروازہ کھولتے وقت پوری طرح چوکس تھی۔ میں نے ایک ہاتھ میں ریوالور بھی سنبھال رکھا تھا۔

"تسلیمات سالی جی!" اس نے شوخی سے کہا لیکن شوخی کے ساتھ اس کے لہجے میں حیرت بھی تھی۔ "یہ آپ نے میرے استقبال

کے لیے ریوالور کیوں سنبھال رکھا ہے؟"

"احتیاطاً" میں نے جواب دیا۔ "خان آف کالاگوٹ کو معلوم ہو چکا ہے کہ میں یہاں مقیم ہوں۔"

"کیسے؟"

"ظاہر ہے کہ اس کے آدمیوں نے میری نقل و حرکت پر نظر رکھی ہوگی۔"

"آپ کو اس کا پتا کیسے چلا؟"

"خود خان نے مجھے فون کیا تھا تم دروازہ تو بند کر دو۔"

رضوان نے دروازہ بند کیا اور پھر ہم دونوں نشست کے کمرے میں بیٹھ گئے۔ میں نے اسے اس گفتگو کے بارے میں تفصیل سے بتایا جو خان آف کالاگوٹ سے ہوئی تھی۔ وہ سب کچھ سُن کر رضوان کے چہرے پر تشویش کے آثار پیدا ہو گئے۔ وہ بولا۔

"اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ رضیہ..."

میں خود بھی رضیہ کے سلسلے میں کچھ نہ کچھ متفکر ضرور تھی لیکن رضوان کو پریشانی سے بچانے کے لیے میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "رضیہ اتنا نرم گوشت نہیں جسے خان آف کالاگوٹ آسانی سے چبا سکے۔"

"تاہم... ہمیں اس کی طرف سے بالکل بے خبر نہیں رہنا چاہیے۔"

"اگر تم اس سلسلے میں کچھ کر سکو تو ضرور کرنا۔"

"میں سوچوں گا۔" رضوان نے کہا۔ "اور ہاں! میں نے سلطان کے گھر فون کیا تھا۔ وہاں سے پتا چلا کہ وہ دفتر جا چکا ہے۔ میں اس کے دفتر پہنچا تو معلوم ہوا کہ وہ نواب شاہ جانے کی تیاری کر رہا ہے۔ اب وہ کل نواب شاہ سے آئے گا تو میں آپ سے اس کی ملاقات کرا سکوں گا۔"

"اسے نواب شاہ جانے کی کیا ضرورت پیش آ گئی؟"

"وہاں ایک ہی گھر کے سات افراد کا بڑا بہیمانہ قتل ہوا ہے اور سلطان کو اس کی رپورٹنگ کے لیے نواب شاہ بھیجا گیا ہے۔"

"اور یہ تم نے کیا حرکت کی؟" میں آنکھیں نکال کر بولی۔ "اس سیاہ پارہ کو ٹیلیفون نمبر کیوں دے دیا؟"

دراصل بعد میں میں نے سوچا کہ آپ کا دل کیوں چھوٹا کیا جائے۔" رضوان نے مضحکہ خیز سنجیدگی سے کہا۔ "وہ سلطان کی بہن سہی لیکن ہے تو سوتیلی ہی! اگر آپ دونوں ایک دوسرے کو پسند کرنے لگے ہیں تو میں کباب میں ہڈی کیوں بنوں؟"

میں دانت پیس کر بولی۔ "رضوان کے بچے..."

"نہ نہ۔" رضوان نے جیسے گھبرا کر میری بات کاٹی۔ "رضیہ سے پوچھے بغیر میرے بچوں کا تذکرہ ہرگز نہ کیجیے۔ وہ اس کو بُرا بھی مان سکتی ہے۔"

"میں اس سلسلے میں تمہیں مزید بے فکر نہیں ہونے دوں گی۔"

"اسے کہتے ہیں نیکی برباد گناہ لازم۔" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔ "جیسے بائی دی وے! اب ارادہ کیا ہے؟"

"کس سلسلے میں؟"

"صرف رضیہ کی رپورٹنگ کا انتظار کرنا ہے یا کچھ اور بھی کرو گی؟"

"میں اس امکان پر غور کر رہی ہوں کہ گڈو اور اس آدمیوں میں کچھ ہراس پھیلایا جائے۔"

"اس سے کیا ہوگا؟"

"وہ لوگ بڑی دیدہ دلیری سے ہم لوگوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھتے ہوئے ہیں۔ اُن میں تھوڑی سی بوکھلاہٹ پیدا کر جائے تو بہتر ہے۔"

"یہ کس طرح ہوگا؟"

"کچھ دیر کے لیے ہٹلر والی بن جاؤں گی۔"

"یعنی؟"

"گڈو کے قارخانے میں جا کر ہنگامہ کروں گی۔ کچھ لوگ پھٹکائی کروں گی، کچھ میزیں توڑوں گی اور پھر وہاں سے ہٹ کر نظر آؤں گی۔"

"بچکانہ سی بات ہے۔"

"کبھی کبھی بچکانہ حرکتیں بھی کرنا پڑتی ہیں۔ اس حرکت سے خان آف کالاگوٹ کو یہ اندازہ بھی ہو جائے گا کہ میں اس سے مرعوب نہیں ہوں۔"

"آپ جائیں!" رضوان نے بے پروائی سے شانے جھٹکے۔ "اور اب تم چلتے پھرتے نظر آؤ۔ ممکن ہے گھر پر کسی کا خط آئے میرے نام۔"

"سنگدل!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "آپ اسے ہمدرد بھیج کر بھی ابھی بھولی نہیں ہیں۔"

"وہ تو بھولنے کی چیز ہی نہیں ہے۔"

"اللہ آپ پر رحم کرے۔" رضوان ٹھنڈا سانس لے کر کھڑا اس کے جانے کے بعد میں بستر پر لیٹ گئی۔ جب تک کل نہ ہو تو آرام کرنے میں کوئی حرج نہیں ہوتا۔

دوپہر کو میں نے ایک ریسٹورنٹ میں جا کر کھانا کھایا اور واپس آ گئی۔ میں رضیہ کی طرف سے کسی خاص رپورٹ کی

ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے مجھے اس کے لیے صبر آزما وقت گزارنا ہوگا۔

شام ہو گئی تو مجھ پر اکتاہٹ کا شدید دورہ پڑا۔ اسی وقت میں نے فیصلہ کیا کہ ابھی چل کر گڈو کے تمار خانے میں ہنگامہ کیا جائے۔ میں فوراً اٹھی اور روانگی کے لیے تیار ہونے لگی۔ تیار ہو کر میں آئینے کی طرف بڑھی ہی تھی کہ کال بیل بجی۔ میں ایک لمحے کے لیے ٹھٹکی اور پھر نوڑ ریوالور نکال کر دروازے کی طرف بڑھ گئی۔

"کون ہے؟" میں نے دروازے کے قریب پہنچ کر پوچھا۔

"رضوان۔" باہر سے آواز آئی۔ اس کے لہجے سے گھبراہٹ عیاں تھی۔

میں نے ریوالور رکھ کر جلدی سے دروازہ کھول دیا۔

"خیریت تو ہے؟" میں نے چھوٹتے ہی پوچھا۔

"آپ کہیں گئی ہوئی تھیں؟"

"نہیں تو۔ کیوں؟"

"ابھی رضیہ نے آپ کو فون کیا تھا لیکن کوئی جواب نہیں ملا۔"

"وہ! اس وقت شاید میں باتھ روم میں تھی۔ شاور میں نے فون کھول رکھا تھا۔ اسی کے شور میں فون کی گھنٹی نہیں سنائی دی ہوگی۔"

"خیر، دوسری بار اس نے مجھے فون کیا تھا۔" رضوان بولا۔ "آخر بات کیا ہے؟"

"اس نے اطلاع دی ہے کہ خان آف کالاگوٹ کے حکم سے ماہ پارہ کو قتل کر دیا جائے گا۔"



پروفیسر منہاس کے گھر میں اس کی سوتیلی بیٹی ماہ پارہ کی خوابگاہ اوپری منزل پر تھی۔ رات کے دو بجے اس کی خوابگاہ کے بند دروازے کے پیچھے سے کسی کی آواز گونجی۔ فائر کے فوراً بعد ایک نسوانی چیخ سنائی دی اور پھر ایک سایہ کوٹھی سے باہر آیا۔ اس کے ہاتھ میں ریوالور تھا لیکن اس کے سے گھبراہٹ اور پریشانی صاف ظاہر تھی۔

خوابگاہ کے کھلے ہوئے دروازے سے ایک بیڈ نظر آ رہا تھا جس پر ایک طرح اوندھی پڑی ہوئی تھی جیسے وہ لاش ہو۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا تھا اس شخص کی گولی کا شکار ہوئی ہوگی جو ریوالور لیے ہوئے بھاگتا ہوا کمرے سے نکلا تھا۔

"لاکھانی قاتل" تیزی سے سیڑھیاں اُتر کر نیچے آیا جہاں ایک مختصر سی راہداری تھی۔ اس سے گزر کر قاتل کو ڈرائنگ روم میں قدم رکھنا تھا جہاں سے وہ بیرونی دروازے کا رُخ کرتا لیکن جیسے ہی وہ راہداری طے کر کے مڑا، ایک جھٹکے سے رک گیا۔ اس کے رکنے کا سبب رسّی کا وہ پھندا تھا جو اس کے چہرے کے سامنے لہرا رہا تھا۔

دوسرے ہی لمحے وہ پھندا اس کے سر پر تھا۔ وہ اس کے سر پر سے پھسل کر اس کی گردن تک جا پہنچا اور اس کا حلقہ تنگ ہو گیا۔ یہ کام اتنی تیزی سے ہوا تھا کہ ریوالور والے کو سنبھلنے کی مہلت ہی نہیں ملی تھی۔ جب وہ صورتِ حال کو کچھ سمجھا تو پھندا پوری طرح تنگ ہو چکا تھا اور رسّی تن گئی تھی۔ بے اختیار اس کے دونوں ہاتھ اس کی گردن تک پہنچ گئے اور اس نے پھندے کو اپنی گردن سے نکالنا چاہا۔ اس کوشش میں ریوالور اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر فرش پر گر پڑا لیکن اس کی پھندے سے نجات حاصل کرنے کی کوشش بارآور نہیں ہو سکی تھی۔ رسّی اوپر کی طرف کھنچی اور فرش سے اس کے قدم اکھڑ گئے۔ وہ فرش سے تقریباً ایک فٹ اوپر ہو گیا۔ یقیناً اس کا سانس گھٹ جاتا اور وہ ہلاک ہو جاتا لیکن اس نے گھبرا کر دونوں ہاتھوں سے رسّی پکڑ لی اور سارا زور اپنی کلائیوں پر ڈال دیا۔ اس کی اس حرکت کی وجہ سے پھندا اس کی گردن پر مزید سخت نہ ہو سکا۔

اب ڈرائنگ روم میں میری آواز گونجی۔ "ڈیری گڈ! بہت دل کش منظر ہے۔"

رسّی سے لٹکے ہوئے آدمی نے چونک کر میری طرف دیکھا۔ میں اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے بڑے اطمینان سے کھڑی ہوئی تھی۔ مجھے دیکھ کر اس شخص کی آنکھوں میں شناسائی کی کیفیت نظر آئی۔ اس کے ہونٹ کھلے مگر پھندے کی سختی اتنی تھی کہ اس کے حلق سے آواز نہیں نکل سکی۔ اس کے ہونٹوں کی جنبش سے مجھے صرف اتنا اندازہ ہوا تھا کہ اس نے "بانو" کہنا چاہا تھا۔

میں نے اوپر بالکونی کی طرف دیکھا جہاں رضوان موجود تھا اور وہ رسّی اس نے اوپر کھینچ رکھی تھی۔

"پھندا بہت سخت ہو گیا ہے رضوان!" میں نے کہا۔ "اسے ذرا نیچے کرو تاکہ میں پھندے کو ڈھیلا کر سکوں اور یہ بول سکے۔" یہ کہتے ہوئے میں بڑھی تھی اور اس آدمی کے قریب پہنچ گئی تھی۔ رسّی سے لٹکا ہوا وہ شخص چہرے مہرے ہی سے جرائم پیشہ معلوم ہوتا تھا۔ میں نے فرش سے اس کا ریوالور اٹھایا اور ایک قریبی صوفے پر ڈال دیا۔

رسّی آہستہ آہستہ نیچے ہونے لگی اور پھر جیسے ہی اس شخص کے پیر

زمین سے ٹیکے، میں نے اس سے کہا: "خبردار! تم اپنے ہاتھ رسّی پر اسی جگہ رکھے رہو جہاں وہ ہیں۔ اگر تم نے اس کے خلاف کیا تو رسّی کو پھر اوپر کھینچ لیا جائے گا۔"

اگر میں نے اسے یہ تاکید نہ کی ہوتی تو یقیناً وہ فرش سے پیر لگتے ہی پھندے کو اپنی گردن سے نکالنے کی کوشش کرتا۔ پھندے کی وجہ سے اس کا چہرہ لال بھبھو کا ہو رہا تھا۔ میں نے پھندے کو اسی کی گردن پر ڈھیلا کیا تو وہ لمبے لمبے سانس لینے لگا۔

"میرا خیال ہے کہ اب تم بول سکتے ہو۔" میں نے کہا۔

"آں... ہاں..." اس کے حلق سے پھنسی پھنسی سی آواز نکلی۔

"تو تمہیں ماہ پارہ کو قتل کرنے پر مامور کیا گیا تھا؟"

"نن... نہیں... میں تو یہاں... چوری کرنے آیا تھا۔" اس نے ہانپتے ہوئے کہا۔ "میں نے کسی کو قتل نہیں کیا۔"

"وہ گولی چلنے کی آواز اور وہ چیخ کس کی تھی؟"

"مجھے... مجھے نہیں معلوم۔"

"تم اس کمرے میں تھے اور تمہیں اس کے بارے میں نہیں معلوم؟" میں نے زہر خند کیا۔

"میں... میں قسم کھاتا ہوں... میں سچ کہہ رہا ہوں۔" وہ جلدی جلدی بولنے لگا۔ "جب میں اس کمرے کا دروازہ کھول کر اندر پہنچا تھا تو وہاں تاریکی تھی۔ پھر اندر پہنچنے کے بعد جیسے ہی میں نے دروازہ بند کیا، کمرے میں روشنی ہو گئی۔ میں اچھل پڑا اور اس وقت میری نظر بستر پر پڑی ہوئی ایک لڑکی پر گئی۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ زندہ تھی یا مُردہ! پھر اسی کمرے میں ایک فائر کی آواز گونجی اور ایک نسوانی چیخ سنائی دی۔ مجھے نہ تو فائر کرنے والا دکھائی دیا تھا اور نہ وہ چیخنے والی نظر آئی تھی۔ میں اس صورتِ حال سے اتنا گھبرایا کہ فوراً دروازہ کھول کر وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا۔ خدا کی قسم، بس اتنی ہی بات ہے۔ میں چوری بھی نہیں کر سکا۔"

"میں تمہاری سب باتوں پر یقین کیے لیتا ہوں لیکن یہ بات قطعی غلط ہے کہ تم یہاں چوری کی نیت سے آئے تھے!"

"میں سچ کہہ رہا ہوں۔"

"رضوان!" میں نے اوپر دیکھا۔

رضوان میرا اشارہ سمجھ گیا۔ اس نے فوراً رسّی اوپر کھینچ لی اور میری توقع کے مطابق وہ شخص اپنا سارا وزن اپنی کلائیوں پر ڈال کر رسّی سے لٹک گیا۔ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو پھندا اس کی گردن پر سخت ہو جاتا۔ میں نے پھندے کو ڈھیلا ضرور کیا تھا لیکن اسے اس کی گردن سے نکالا نہیں تھا۔

میں دو قدم پیچھے ہٹ گئی اور بڑے اطمینان سے، اسی طرح زیادہ دیر تک لٹکے نہیں رہ سکتے۔ گھنٹے آدھ گھنٹے میں اس کی قوت جواب دے جائے گی اور تم رسّی پر اپنے ہاتھوں کی گرفت کو برقرار نہیں رکھ سکو گے۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ پھندا پھر سخت ہو جائے گا اور تم اسی کے باعث مر جاؤ گے۔ کیا تم نے سنا نہیں کہ پھانسی پانے والے کو کتنی اذیت ناک موت ہوتی ہے؟ تم اس اذیت ناک موت سے دوچار ہونا پسند کرو گے یا سچ بول کر اپنی زندگی بچانا چاہتے ہو؟"

"مم... میں..."

"صرف ہکلانے سے کچھ نہیں ہوگا۔ میں صرف سچ سننا چاہتی ہوں۔ مجھے تم سے کچھ معلومات حاصل کرنا ہیں۔ یہ تو میں جانتی ہوں کہ تم ماہ پارہ کو قتل کرنے آئے تھے لیکن جب تک تم اس کا اقرار نہ کر لو گے، میں کوئی دوسرا سوال نہیں کروں گی۔"

وہ خاموش رہا اور رسّی سے لٹکا ہوا ہانپتا رہا۔ اس کے چہرے پر خوف کے تاثرات تھے۔

"ٹھیک ہے۔" میں نے اطمینان سے ایک صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔ "میں تمہارے بولنے کا انتظار کر لوں گی۔ مجھے زیادہ جلدی نہیں ہے۔" اوپر دیکھتی ہوئی بولی۔ "تم بھی نیچے آ جاؤ رضوان! رسّی کا سرا گیلری کی سلاخ سے باندھ دو!"

"نہیں... ٹھہرو!" رسّی سے لٹکا ہوا شخص چیخ پڑا۔ "میں بتا دوں گا۔ میں سب کچھ بتا دوں گا۔"

"پہلے یہ بتاؤ کہ تم یہاں چوری کرنے آئے تھے؟"

"نہیں، میں ماہ پارہ کو قتل کرنے آیا تھا۔" اس نے مُردہ سی آواز میں کہا۔

"گڈ!" میں صوفے سے کھڑی ہو گئی اور پھر اوپر دیکھتی ہوئی بولی۔ "تم اسے نیچے کر دو!"

رضوان نے آہستہ آہستہ رسّی کو ڈھیل دی۔

میں نے اپنے شکار سے کہا۔ "جب تمہارے پیر فرش سے لگ جائیں تب بھی تم رسّی ہی کو پکڑے رہنا۔ جب تک تم سے میری گفتگو مکمل نہ ہو جائے، تم پھندے کو اپنی گردن سے نکالنے کی کوشش نہیں کرو گے۔"

اس کے پیر فرش سے لگ گئے لیکن اس نے میری تنبیہ کو نظر انداز نہیں کیا، یعنی پھندے کو اپنے گلے سے نکالنے کی کوشش نہیں کی۔

"ہاں۔" میں بولی۔ "تو تم ماہ پارہ کو قتل کرنے آئے تھے؟"

"ہاں۔"

"اس کام کے لیے تمہیں کس نے بھیجا تھا؟"

رضوان:

"(دانت پر دانت جما کر بولی) "یہ نام سُن سُن کر میرے کان پک گئے ہیں۔"

"پک کر سڑ بھی جائیں گے!" رضوان نے گیلری سے ہانک لگائی۔ "یہ پکا ہوں کہ اس کمبخت گڈو کو گڑ یا بنا دیجیے لیکن میری بات آپ کو ہی نہیں آتی۔"

"سنو!" میں اپنے شکار کو گھورتی ہوئی غرّائی۔ "تمہارا نام کیا ہے؟"

"مجید۔"

"تمہیں گڈو نے یہ کام کیوں سونپا تھا؟"

"یہ تو گڈو ہی جانتا ہوگا۔"

"تمہیں نہیں معلوم؟"

"نہیں۔"

"تمہیں یہ تو معلوم ہوگا کہ گڈو کس کے لیے کام کرتا ہے؟"

"میں بس اتنا جانتا ہوں کہ وہ کوئی بہت بڑا آدمی ہے۔"

"اس بڑے آدمی کا نام نہیں جانتے؟"

"نہیں۔"

"گڈو جانتا ہے؟"

"میرا خیال ہے کہ اسے تو جاننا چاہیے۔"

"صرف خیال ہے؟ یقین نہیں؟"

"ہاں، بس خیال ہے۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتا۔"

"تم جھوٹ بول رہے ہو۔" میں صنجلا گئی۔ "تم بھی اس بڑے آدمی کا نام ہوا اور تمہیں یہ بھی معلوم ہے کہ ماہ پارہ کو قتل کرنے کے لیے کیوں بھیجا تھا۔"

"نہیں نہیں۔" مجید نے گڑگڑانے والے انداز میں کہا۔ "میں قسم کھاتا ہوں کہ نہیں معلوم۔"

"رضوان!" میں نے مخصوص انداز میں پکارا۔

یہ ایک اشارہ تھا جسے رضوان نے فوراً سمجھ لیا اور ایک بار پھر رسّی ہلی۔ مجید اب ایک بار پھر فرش سے ایک فٹ اوپر لٹکا ہوا تھا۔

میں نے رضوان سے کہا۔ "رسّی کو کسی چیز سے باندھ کر نیچے آ جاؤ!"

"میں مر جاؤں گا۔" مجید بلبلایا۔

"مجھے تمہاری زندگی یا موت سے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے!" میں نے ناگواری سے شانے جھٹک کر کہا۔ "میں تو بس یہ چاہتی ہوں کہ تم مجھے کوئی ٹھوس وجہ دے سکتے تو مر جاؤ۔ مجھے اس کی کوئی پروا نہیں۔"

میں نے یہ سارا کھٹ راگ اسی لیے پھیلایا تھا کہ مجھے کوئی خاص بات معلوم ہو سکے۔ اب اگر مجھے کوئی بات نہیں معلوم ہوتی تو تم جہنم میں جاؤ۔ میری بلا سے!"

"لیکن میں بتاؤں کیسے ہا؟" مجید نے بڑی بے بسی سے کہا۔ "مجھے کچھ معلوم ہی نہیں ہے۔"

"اگر معلوم نہیں ہے تو یہ تمہاری بدقسمتی ہے۔ اگر تم کچھ جانتے ہوتے تو اس وقت تمہیں زندگی مل جاتی۔ علم و واقفیت کی بنا پر اب تمہیں موت سے گلے ملنا ہوگا۔"

اتنے میں رضوان گیلری سے نیچے آ گیا تھا۔ اس نے رسّی گیلری میں کسی چیز سے باندھ دی تھی۔

"آؤ!" میں نے رضوان سے کہا۔ "اب ہم ماہ پارہ کی خوابگاہ میں چل کر اپنا سامان سمیٹ لائیں۔"

"چلیے جناب!" رضوان نے طویل سانس لے کر کہا۔

جب ہم دونوں جانے کے لیے مُڑے تو مجید ایک بار پھر گڑگڑانے لگا۔ وہ انسانیت کے واسطے دے دے کر زندگی کی بھیک مانگ رہا تھا لیکن میں نے اس کی پکار پر کان نہیں دھرا۔

جب ہم سنگی سیڑھیاں طے کر رہے تھے تو رضوان بولا۔ "کیا آپ واقعی اسے مار ڈالنا چاہتی ہیں؟"

"نہیں۔"

"تو پھر اُسے اس طرح چھوڑ آنے کا مطلب؟"

"میں چاہتی ہوں کہ اگر اسے کوئی بات معلوم ہو تو وہ بتانے پر آمادہ ہو ہی جائے۔"

"میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ خان آف کالا گوٹ اور اس کے مقاصد کے بارے میں کچھ نہیں جانتا ہوگا۔"

"اس صورت میں ہم اسے چھوڑ دیں گے۔ کچھ انتظار تو کر لیں۔"

"اور اگر اس کا گلا گھٹ گیا؟"

"وہ خاصا طاقت ور آدمی ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ رسّی سے لٹک کر آدھا گھنٹہ تو گزار ہی دے گا۔"

یہ باتیں کرتے ہوئے ہم اوپر ماہ پارہ کی خوابگاہ میں پہنچ گئے۔

"سب سے پہلے تو اس لڑکی کی ہتھکڑی نکالو!" میں نے مسکرا کر لاش کی طرف اشارہ کیا۔

وہ لاش دراصل ریڑکی ایک لڑکی تھی۔ بہت عرصے پیشتر یہ میں نے یورپ کے کسی کلب سے خریدی تھی لیکن اس وقت یہ نہیں سوچا تھا کہ کبھی اس کا یہ مصرف بھی ممکن ہوگا۔ ہوا نکلنے کے بعد وہ ربڑ کا ایک پتلا سا بن جاتی

تھی جسے لپیٹ کر بڑی آسانی سے بغل میں بھی دبایا جا سکتا تھا۔ رضوان اس کام میں مصروف ہوا اور میں اس پوسٹ شدہ ٹیپ ریکارڈر کی طرف متوجہ ہوئی جس سے بند ہونے والی نسوانی چیخ اور فائر کی آواز سے مجید کو بہلایا گیا تھا۔ اس ٹیپ ریکارڈر کا کنکشن میں نے اسی سوئچ سے کیا تھا جس سے کمرے کی لائٹ جلتی تھی۔ یہ سارا سیٹ اپ میں نے اس طرح کیا تھا کہ جب کمرے کا دروازہ کھول کر بند کیا جائے تو کمرے کی لائٹ بھی جل اٹھے اور ٹیپ ریکارڈر بھی چل پڑے۔

میں نے وہ سارا سامان جھام سمیٹا اور اسی دوران میں رضوان نے ربڑ کی وہ لڑکی بھی تہ کر لی۔

ہم نے یہ سارا بندوبست گیارہ بجے سے پہلے پہلے کر ڈالا تھا اور ماہ پارہ کو یہاں سے منتقل کر لیا تھا۔ اس کے بعد سے ہم قاتل کی آمد کا انتظار کرتے رہے تھے۔

"آداب چلیں۔" میں نے رضوان سے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ اب اس کی طاقت جواب دینے والی ہو گی۔" میرا اشارہ مجید کی طرف تھا۔ "میرا خیال ہے کہ ہمیں رخصت ہوتے دیکھ کر اس کی ہمت بالکل ہی جواب دے جائے گی اور وہ کوئی خاص بات بتا سکتا ہے تو ضرور بتا دے گا۔"

"مجھے توقع نہیں کہ وہ کچھ بتا سکے کیونکہ اسے کچھ معلوم ہی نہیں ہو گا۔"

"دیکھ لیتے ہیں۔"

ہم سیڑھیاں اتر کر نیچے پہنچے اور جب راہداری سے گزر کر ڈرائنگ روم میں پہنچے تو ٹھٹک کر رک گئے۔ بالکل اسی طرح جیسے مجید رسی کے پھندے کو دیکھ کر ٹھٹکا تھا۔ ہم بھی رسی کے اسی پھندے کو دیکھ کر ٹھٹکے تھے کیونکہ مجید اب اس میں لٹکا ہوا نہیں تھا۔

"یا مظہر العجائب!" رضوان بڑبڑایا۔

میں نے بہت تیزی سے ہر طرف نظر دوڑائی لیکن وہاں کوئی دکھائی نہیں دیا۔ مجید کا اس طرح غائب ہو جانا میرے لیے حیرت انگیز تھا۔

"یہ ناممکن ہے۔" میں آہستہ سے بولی۔ "وہ از خود اس پھندے سے نہیں نکل سکتا۔"

"تو پھر کوئی اور اسے نکال لے گیا ہو گا!" رضوان نے کہا۔ "آپ کو یاد ہو گا کہ مجید کی آمد کے بعد ہم نے دروازہ اندر سے بند نہیں کیا تھا۔ ممکن ہے، مکان کے باہر مجید کا کوئی ساتھی اس کا منتظر رہا ہو۔ مجید کی تاخیر سے تشویش میں مبتلا ہو کر وہ اندر آیا ہو گا اور اسی نے مجید کو اس پھندے سے نجات دلائی ہو گی۔"

"یہی ممکن ہے۔" میں نے سر ہلایا۔

"اب ایسا نہ ہو کہ وہ لوگ باہر سے دروازہ بند کر گئے ہوں۔" میں اسے چیک کرتی ہوں۔ تم اوپر جا کر گیلری سے ..."

رضوان نے گیلری میں جانے کے لیے زینے کا رُخ کیا اور میں دروازے کی طرف بڑھی۔ میں نے دروازے کو کھولنا چاہا لیکن وہ کھل نہ سکا۔ غالباً مجید اور اس کے امکانی ساتھیوں پر ہمارا اتنا خوف طاری تھا کہ انھوں نے فرار ہونے میں ایک ایک لمحے کی مہلت غنیمت جانی تھی۔ اگر وہ دروازہ باہر سے بند کرتے تو انھیں چند سیکنڈ لگتے۔ چند سیکنڈ بھی "ضائع" نہیں کرنا چاہتے تھے۔ ان کے ذہن پر مسلط تھا۔

رضوان رسی کھول کر گیلری سے اتر آیا۔ پھر ہم دونوں نے نکلے، اور دروازہ مقفل کیا اور ایک طرف چل پڑے۔ رضوان نے کرایا تھا، وہ کچھ دور پارک تھی۔ ہم اس تک پہنچے۔ ماہ پارہ گھر سے ہم جو سامان لے کر آئے تھے، وہ پچھلی سیٹ پر رکھا تھا۔ ڈرائیونگ سیٹ کے برابر والی سیٹ پر بیٹھ گئی۔ یہ رضوان کی بات کا اشارہ تھا کہ ڈرائیونگ وہی کرے گا چنانچہ اس نے سنبھال لیا۔ اس نے انجن اسٹارٹ کر کے پوچھا۔ "گھر چلوں؟"

"ڈیفنس؟"

"ہاں۔"

"نہیں، ڈیفنس تو تم اکیلے جاؤ گے۔ مجھے تم اپنے فلیٹ پر اتار دو۔"

"آپ کے گھر پر ماہ پارہ اس وقت بہت پریشان ہیں گی۔ کیا آپ اس سے کسی قسم کی پوچھ گچھ نہیں کرنا چاہتیں؟"

"کرنا تو چاہتی ہوں لیکن کر نہیں سکتی۔ اس سے پانچ منٹ بات کرنا میرے لیے دو بھر ہو گا۔ اس پر نظر پڑتے ہی میری حالت اتنی بُری طرح مجروح ہوتی ہے کہ چیخ پڑتی ہے۔"

"دو تین گھنٹے سننے کے گناہ گار تو میرے کان بھی ہیں۔" رضوان مضمحکہ خیز لہجے میں بولا۔

"میری ہمدردانہ حس کا مذاق اڑا کر تم اپنی ہی کمزوری کا ثبوت دے رہے ہو۔" میں نے منہ بنا کر کہا۔

"خیر چھوڑیے، یہ بتائیے کہ مجید کے اس طرح غائب ہو جانے کے تاثرات کیا ہیں؟"

"اس کے سوا کچھ بھی نہیں کہ اب تک یہ خبر خان آف کالا گوٹ تک پہنچ گئی ہو گی اور اس نے سمجھ لیا ہو گا کہ میں ماہ پارہ کو لے اڑوں گی۔ وہ ماہ پارہ کی وجہ سے ہاتھ دھو کر میرے پیچھے پڑ جائے گا اور میں

ہوں کر مقابلہ ذرا باقاعدہ شروع ہو جائے۔ مقابلہ ہو گا، تبھی تو شکست دوں گی۔ یہ البتہ تمھاری ہی ذمے داری ہے کہ ماہ پارہ کو ... کرو۔ اسے تہ خانے سے نہ نکلنے دینا۔"

"کب تک؟"

"جب تک پروفیسر منہاس کا پتا نہ چل جائے۔" میں نے کہا۔ "میں اس سلسلے میں ماہ پارہ سے پوچھ گچھ کر کے اندازہ لگاؤں گی کہ پروفیسر منہاس کے اغوا کا مقصد کیا ہے؟ ممکن ہے ان دونوں پروفیسر کوئی خاص تجربہ کر رہا ہو جس سے خان آف کالا گوٹ کوئی فائدہ اٹھانا چاہتا ہو۔ اگر ایسی کوئی بات ہے تو ماہ پارہ کو اس تجربے کا علم ہو گا۔ یہ بات مجھے تم ہی نے بتائی تھی کہ پروفیسر اپنے تجربات میں بھی ماہ پارہ سے مدد لیا کرتا تھا۔"

"مجھے یہ بات اس کے بھائی سلطان نے بتائی تھی جس کی تصدیق میں ہو سکی ہے۔"

"سلطان کو اس سلسلے میں غلط بیانی کی کوئی ضرورت ہی نہیں تھی۔ وہ کہہ رہے تھے کہ وہ ایک کیس کی رپورٹنگ کے سلسلے میں نواب شاہ جا رہا ہے۔"

"ہاں، اسے وہاں دو ایک دن ضرور لگ جائیں گے۔"

"خیر، تو تم اس سلسلے میں ماہ پارہ سے پوچھ گچھ کرنا کہ پروفیسر منہاس ان دنوں کس قسم کے تجربے میں مصروف تھا۔"

"میں کوشش کروں گا کہ کوئی خاص سراغ مل جائے۔"

"مجھے یقین ہے کہ تم اس سے کچھ نہ کچھ معلوم کرنے میں کامیاب ہو جاؤ گے۔"

"جیسے ہی مجھے کچھ معلوم ہوا، میں فون پر آپ کو اس کی اطلاع دے دوں گا۔"

"تم نے اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا تھا کہ رضیہ، خان آف کالا گوٹ کے گھر میں کسی خطرے سے دوچار ہو سکتی ہے لہٰذا اس کی حفاظت کے سلسلے میں کوئی قدم اٹھاؤ گے۔"

"ہاں۔"

"پھر تم نے کیا کیا؟"

"مجھے ابھی کچھ کرنے کی مہلت ہی نہیں ملی۔"

"اگر تم اس سلسلے میں کوئی قدم اٹھاؤ تو مجھ سے مشورہ ضرور کر لینا۔"

"کیوں؟ کیا یہ ضروری ہے؟"

"ہاں، میں نہیں چاہتی کہ تم کوئی بونگا قدم اٹھا کر میرا ہی کھیل بگاڑ دو۔"

"کیا آپ مجھے گھامڑ سمجھتی ہیں؟" رضوان نے مسلسل ... کرا۔

"ہاں!" میں نے بڑی سنجیدگی سے کہہ دیا اور رضوان اٹھ کھڑا ہوا۔ کر مجھے گھورنے لگا۔ "سلطنے دیکھو، کہیں گاڑی نہ ٹکرا دینا۔" میں اپنی بے سانتہ مسکراہٹ کو دبا نہ سکی۔

"اب میں ضرور آپ کے کسی نہ کسی کام کا بیڑا غرق کروں گا۔"

"بعد میں تم ہی پچھتاؤ گے بھی!"

"خواہ مخواہ یہ خوش فہمی ہے آپ کو!"

"اچھی بات ہے۔ دیکھا جائے گا۔"

انہی باتوں میں ہم برنس روڈ پہنچ گئے تھے۔ رضوان نے مجھے اپنے فلیٹ پر اتارا اور گاڑی لے کر چلا گیا۔

فلیٹ میں پہنچ کر جب میں بستر پر لیٹی تو نیند سے میری آنکھیں جل رہی تھیں۔ جب تک میں مصروف رہی تھی، مجھے نیند کا ذرا بھی احساس نہیں ہوا تھا لیکن بستر نصیب ہوتے ہی میری آنکھیں بند ہوئیں اور میں بہت جلد نیند کی آغوش میں پہنچ گئی۔

تقریباً ساری رات گزار کر سوئی تھی اس لیے اگلے دن شاید دوپہر تک سوتی رہتی لیکن ٹیلیفون کی گھنٹی کی آواز نے مجھے بیدار کر دیا۔ میں نے غنودگی کے عالم میں ہاتھ بڑھا کر ریسیور اٹھایا اور ڈھکی چھپی میں بولی۔ "ہیلو!"

"ہاجی!" دوسری طرف سے رضیہ کی آواز سنائی دی تو میری آنکھیں پوری طرح کھل گئیں۔

"ارہ ..... بلو رضیہ!" میں چاق و چوبند ہو جانے والے انداز میں بستر پر بیٹھ گئی اور میں نے دیوار گیر کلاک پر نظر ڈالی جو ساڑھے نو بجا رہا تھا۔ میں نے رضیہ سے پوچھا۔ "تم کہاں سے بول رہی ہو؟"

"میں جنرل پوسٹ آفس کے پبلک ٹیلیفون سے بات کر رہی ہوں۔"

"اکیلی ہو؟"

"جی ہاں۔ زرّیں تو کالج گئی ہوئی ہے۔ میں کچھ شاپنگ کرنے کے بہانے، خان ولا سے نکل ہوں اور میرے پاس ایک نوکس وینگن بھی ہے۔ زرّیں نے یہ کار اس وقت تک کے لیے میری کسٹڈی میں دے دی ہے جب تک میں اس کے گھر میں مقیم ہوں۔"

"کیا ڈرائیو رکھی ہے؟"

"جی نہیں، میں خود ہی ڈرائیونگ کر رہی ہوں۔"

"اس وقت کوئی خاص بات بتانے کے لیے فون کیا تھا؟"

"میں جاننا چاہتی تھی کہ کل رات کیا ہوا؟ میرا مطلب ہے، ماہ پارہ کے سلسلے میں۔"

"تمھاری وہ بروقت اطلاع کام آگئی اور ہم نے ماہ پارہ کو بچالیا۔"

"میں نے رضوان کو بھی فون کیا تھا لیکن ملازم نے بتایا کہ وہ سو رہا ہے۔ میں تفصیلات جاننا چاہتی تھی۔"

"تم اپنے دماغ کو دوسری باتوں میں نہ الجھاؤ اور صرف خان دلا کے ماحول پر کڑی نظر رکھو۔"

"آج شام کو شاید میں اور زرّیں آپ سے ملنے آئیں۔"

"کیا یہ بات خود زرّیں نے کہی تھی؟"

"جی ہاں۔"

"تو ٹھیک ہے، آجانا۔"

"اچھی بات ہے۔ تو پھر شام تک کے لیے خدا حافظ۔"

"خدا حافظ۔"

سلسلہ منقطع کرکے میں بستر سے اٹھی اور باتھ روم کا رُخ کیا۔ تیار ہونے کے بعد میں نے ناشتہ بھی فلیٹ ہی کے باورچی خانے میں تیار کیا اور ناشتہ کرنے کے بعد ایک آرام کرسی پر دراز ہوگئی۔ میں سوچ رہی تھی کہ اب مجھے کیا کرنا چاہیے۔ رضوان کی طرف سے مجھے ابھی تک اطلاع نہیں ملی تھی کہ اس نے ماہ پارہ سے کیا معلومات حاصل کیں۔ رضیہ سے ملنے والی ایک گھنٹے پہلے کی اطلاع کے مطابق وہ سو رہا تھا۔

میری دانست میں یہ بات معلوم ہونا بہت ضروری تھی کہ پروفیسر منہاس ان دنوں کیا تجربہ کر رہا تھا کیونکہ میرے خیال کے مطابق اس کے اغوا کا سبب وہی تجربہ بنا تھا۔

میں بیٹھی ان باتوں پر سوچتی رہی۔ نہ جانے کتنا وقت گزرا تھا کہ سال بیل بجنے لگی۔ میں ایک دم اٹھی اور دروازے کی طرف بڑھتی چلی گئی۔ میرا خیال تھا کہ آنے والا شخص رضوان ہی ہوسکتا ہے۔

میرا اندازہ درست ثابت ہوا۔ وہ رضوان ہی تھا۔ اس کے اندر آنے کے بعد میں نے دروازہ بولٹ کیا اور بولی۔ "مجھے یقین ہے کہ تم کوئی اہم اطلاع لے کر آئے ہوگے۔"

"بات تو بڑی اہم معلوم ہوئی ہے۔" رضوان نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"ماہ پارہ سے؟" میں نے بے تابی سے پوچھا۔

"ہاں۔"

"پروفیسر منہاس کے تجربے کے متعلق؟"

"ہاں۔"

"اب جلدی سے بتا بھی چکو!"

"وہ ایک حد درجہ خطرناک محلول ایجاد کر چکا ہے۔"

"یعنی؟"

"وہ ایک ایسا محلول ہے جو ہوا لگتے ہی بھاپ بن اور بھاپ بنتے ہی ہوا میں موجود ساری آکسیجن کو اس عمل میں ایک سیکنڈ بھی نہیں لگتا۔"

میں ایسی نظر سے رضوان کی طرف دیکھتی رہی جیسے اس کو پوری طرح سمجھ نہ سکی ہوں۔

رضوان پھر بولا۔ "یوں سمجھیے کہ اس کمرے میں جو تقریباً دس فٹ بائی چودہ فٹ کا ہے، اس محلول کے چند قطرے بھی گرا دے تو وہ فوراً بھاپ بن کر اس کمرے کی ساری فضا میں پھیل جائے گا۔ یہاں جو ہوا موجود ہے، اس کی آکسیجن کو چشم زدن میں جلا دے گا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اس کمرے میں جو بھی جاندار ہوگا، وہ جانے کے باعث ہلاک ہو جائے گا۔"

"مائی گاڈ!" میرے مُنہ سے نکلا۔ "لیکن وہ خطرناک بھاپ کتنی دیر تک قائم رہتی ہے؟"

"بہ مشکل دس سیکنڈ۔"

"تب تو وہ کوئی بہت زیادہ خطرناک ایجاد نہ ہوئی۔ اس کے بعد مزید ہوا اس کمرے میں آجائے گی اور دس سیکنڈ تک سانس لینے سے انسان مر نہیں سکتا۔"

"لیکن اگر یہ کمرہ ہر طرف سے بند کر دیا جائے تو مزید ہوا آسکے گی اور انسان بالآخر سانس گھٹ جانے کے باعث مر ہی جائے گا۔"

"ایسی تو بہت سی زہریلی گیسیں ایجاد ہو چکی ہیں جو اگر کسی جگہ پر چھوڑ دی جائیں تو وہاں موجود ہر جاندار ہلاک ہو جائے۔"

"ہاں۔" رضوان نے سر ہلایا۔ "پروفیسر منہاس کی یہ ایجاد ایک نئی قسم کی زہریلی گیس ہے لیکن پروفیسر ان دنوں اس کوشش میں مصروف تھا کہ اس محلول سے پیدا شدہ بھاپ کی معیاد کو اس سیکنڈ سے بڑھا کر دس منٹ کر دے۔ وہ اس محلول سے یہ کام لینا چاہتا ہے کہ اگر کسی شہر پر اس محلول کی بوچھار کر دی جائے تو آکسیجن کو جلا دینے والی وہ بھاپ دس منٹ تک قائم رہے، یعنی دس منٹ تک وہ اس شہر کی طرف آنے والی ہوا کی آکسیجن کو جلاتی رہے اور یوں ہے کہ کسی بھی جاندار کو ختم کرنے کے لیے دس منٹ بہت ہوتے ہیں۔"

"سوال یہ ہے کہ پروفیسر کو اس سلسلے میں کوئی کامیابی ہوئی بھی یا نہیں؟"

"پچھلے دنوں اس نے ماہ پارہ کو بتایا تھا کہ وہ بہت تیزی

سے اس کوشش میں ہے کہ اس محلول کی بھاپ کو دس منٹ تک قائم رکھنے میں کامیابی حاصل کر لے۔ اگر اس کوشش کی جائے تو اسے یوں کہیں گے کہ اس کامیابی حاصل کرنے کے لیے سو قدم اٹھانا ضروری ہیں تو پروفیسر اسی قدم اٹھا چکا تھا اور اب صرف بیس قدم اٹھانے کی دیر تھی۔"

"ہوں۔" میں سوچ میں ڈوبی ہوئی رضوان کی طرف دیکھتی رہی۔

رضوان پھر بولا۔ "اگر پروفیسر منکتی کامیابی حاصل کر لیتا ہے تو یقیناً حد درجہ خطرناک ایجاد ہوگی۔ کسی بھی شہر پر بمباری کرکے اسے تباہ کرنے سے بہتر یہ ہے کہ شہر پر اس محلول کی بوچھار کر دی جائے اور ہر ذی روح کی نیند سُلا دیا جائے۔"

"یہی عمل سرحد پر دشمن کی فوجوں کے ساتھ بھی کیا جا سکتا ہے؟"

"ظاہر ہے۔"

"لیکن ....." میں سوچتی ہوئی بولی۔ "اگر خان آف کالاگوٹ نے میرے منہ کو اسی ایجاد کی بنا پر اغوا کیا ہے تو آخر کیوں؟ خان اس ایجاد کا کیا کرنا چاہتا ہے؟"

"وہ خود اس سے کوئی کام لے یا نہ لے لیکن وہ اس ایجاد کو کسی بھی ملک کے ہاتھ بیچ کر خاصی دولت حاصل کر سکتا ہے۔"

"ہو سکتا ہے وہ کوئی اور ہی بات سوچ رہا ہو۔"

"یعنی؟"

"اس کے بارے میں فی الحال میں کوئی اندازہ نہیں کر سکتی لیکن یہ ضرور ہے کہ اس نے کچھ اور سوچا ہو۔"

"تو پھر؟"

"تو پھر کیا؟"

"مطلب یہ کہ اب ہمیں کیا کرنا ہوگا؟"

"ہمیں اس کا پتا لگانے پر زور دینا ہوگا کہ خان آف کالاگوٹ نے پروفیسر منہاس کو کہاں رکھا ہے۔"

"ہمیں اس بات کو مدِ نظر رکھنا چاہیے کہ پروفیسر منہاس نے ابھی اپنی ایجاد مکمل نہیں کی۔"

"تو پھر؟"

"کیا وہ یہ گوارا کرے گا کہ خان آف کالاگوٹ کے لیے کام کرے؟"

"تشدد کے ذریعے انسان سے بہت کچھ کرایا جا سکتا ہے۔"

"ہوں۔"

"میرا خیال ہے کہ اب تم واپس گھر جاؤ۔ تمھارا وہاں رہنا اس لیے بھی ضروری ہے کہ خان آف کالاگوٹ کا ہاتھ ماہ پارہ تک نہ پہنچ سکے۔"

رضوان کو رخصت کرنے کے بعد بھی میں کچھ دیر تک فلیٹ ہی میں رہی۔ دراصل میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ مجھے کیا کرنا چاہیے۔ میں اس روز کچھ عجیب سی کیفیت کا شکار تھی۔ ایک طرف تو یہ میری گویا ایک اہم ذمے داری تھی کہ میں خان آف کالاگوٹ کے سلسلے میں کوئی فیصلہ کُن قدم اٹھاؤں لیکن دوسری طرف میں ایک عجیب سی یاسیت کا شکار بھی تھی۔ محرومی کا ایک احساس مجھ پر چھیں کیے ہوئے تھا۔ جب میں نے اپنے ذہن کو ٹٹولا تو مجھے اندازہ ہوا کہ میری یہ بے چینی محض سنگیتا کی وجہ سے تھی۔ امریکہ جا کر اس نے مجھے ایک بار بھی تو فون نہیں کیا تھا۔ اگر وہ فون کر لیتی تو اس سے دو باتیں کرکے مجھے قرار آجاتا۔ پھر میں اپنی کسی بھی ذمے داری کو پورا کرنے کے سلسلے میں کسمکندی کا شکار نہ ہونے پاتی۔

وہ دن میں نے فلیٹ ہی میں بستر پر پڑے پڑے گزار دیا۔ کبھی سنگیتا کی یاد میرے دل و دماغ کو ڈسنے لگتی اور کبھی اپنی ذمے داری کا احساس میرے دماغ کے لیے نیزے کی اَنی بن جاتا۔ میں نے دوپہر کا کھانا بھی نہیں کھایا، بس تیسرے پہر کو غسل کرکے کپڑے تبدیل کرنے کے بعد چائے کے ساتھ دو بسٹر ٹوسٹ کھا لیے۔

شام کو زرّیں اور رضیہ مجھ سے ملنے آئیں۔ ان کی آمد کے باعث میرا وہ سنی بھونچال کسی حد تک کم ہوگیا۔ زرّیں مجھ سے بڑی گرم جوشی سے ملی۔ اس نے کہا۔ "آپ نے مجھے ایک بڑی اچھی دوست فراہم کر دی ہے۔" اس کا اشارہ رضیہ کی طرف تھا۔

"لیکن تمھاری اس دوست نے کوئی کام بھی کیا؟" میں نے یہ سوال تو زرّیں سے کیا تھا لیکن میری نظر رضیہ کی طرف تھی۔

"میں زرّیں کے تمام گھر والوں کے ہاتھ دیکھ چکی ہوں۔" رضیہ نے کہا۔ "مگر اس میں مجھے کوئی ہاتھ بھی ایسا نہیں نظر آیا جو زرّیں کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکے۔"

"میں پہلے ہی کہتی تھی۔" زرّیں چہکی۔ "میرے گھر کا کوئی فرد، یعنی میرا عزیز میرے لیے کس طرح نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے!"

"تم یقین سے کہہ سکتی ہو کہ تم نے سب کے ہاتھ دیکھ لیے ہیں؟" میں نے غور سے رضیہ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"صرف ایک ہستی ایسی ہے جس کا ہاتھ میں اب تک نہیں دیکھ سکی۔"

"وہ کون ہے؟"

"زرّیں کے والد، خان آف کالاگوٹ۔" رضیہ نے جواب دیا۔ "انھوں نے کبھی میرے اس فن سے دلچسپی کا اظہار نہیں کیا۔"

"دیکھا!" میں زرّیں سے بولی۔ "ابھی ایک ہاتھ باقی ہے۔"

"یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں میڈم؟" زرّیں حیرت سے بولی۔ "بھلا میرے

ڈیڈی میرے لیے کس طرح نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں؟"

"لکیروں کی زبان کو میں دُنیا کی سب سے سچی زبان سمجھتی ہوں۔" میں نے ٹھوس لہجہ میں کہا۔ "اور تمھارے ہاتھ کی لکیروں نے مجھے یہی بتایا ہے کہ تمھارے گھر کا ہی کوئی فرد تمھارے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔"

"لیکن میرے ڈیڈی..." زرّیں بہت اُلجھ گئی تھی۔

"چونکہ نادرہ نے ان کے علاوہ سب کے ہاتھ دیکھ لیے ہیں اور اُن میں سے کوئی بھی تمھارے لیے نقصان دہ نظر نہیں آتا اس لیے میں شبہہ کر سکتی ہوں کہ تمھارے لیے نقصان دہ ثابت ہونے والی وہ شخصیت تمھارے والد ہی کی ہو سکتی ہے۔ اگر مجھے یا نادرہ کو تمھارے والد کا ہاتھ دیکھنے کا موقع مل جاتا تو میرے اس شبہے کی تصدیق یا تردید ہو سکتی تھی۔ ویسے زیادہ امکان تصدیق کا ہے۔ کیا ایسی کوئی صورت ممکن ہے کہ تم اپنے والد کے ہاتھ کا عکس حاصل کر سکو؟"

"آپ نے تو مجھے بہت پریشان کر دیا میڈم!" زرّیں بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔

"مجھے افسوس ہے لیکن میں کیا کروں، میں جھوٹ نہیں بول سکتی میں نے تمھارے ہاتھ میں جو کچھ دیکھا تھا، وہی تمھیں بتا دیا۔" میں نے کہا اور پھر رُک کر بولی۔ "کیا یہ ممکن ہے کہ تم کسی طرح اپنے والد کے ہاتھ کا عکس حاصل کر سکو؟"

زرّیں نے فوراً کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ کسی سوچ میں پڑ گئی تھی۔ میں نے کن انکھیوں سے رضیہ کی طرف دیکھا۔ وہ زرّیں کی چہرے کا جائزہ لے رہی تھی۔ کچھ دیر بعد زرّیں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "میں کوشش کروں گی۔"

"کس طرح؟"

"یہ آپ مجھ پر چھوڑ دیجیے! مَیں سوچوں گی کہ مجھے اس سلسلے میں کیا کرنا چاہیے۔"

میں نے اس سلسلے میں زرّیں کو زیادہ کریدنا مناسب نہ سمجھا اور بولی۔ "اچھا خیر چھوڑو ان باتوں کو! مقدرات اٹل ہوتے ہیں اور انھیں بہ مشکل ہی تبدیل کیا جا سکتا ہے لہٰذا اس سلسلے میں قبل از وقت پریشان ہونے سے کوئی فائدہ نہیں۔ یہ بتاؤ کہ میں تمھاری کیسا خاطر کروں؟"

"تکلفات کی ضرورت نہیں میڈم!" زرّیں نے پھیکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "بس آپ سے ملنے کو جی چاہا تھا اس لیے میں بہت جلدی میں آ گئی ہوں۔ اب مجھے اور نادرہ کو اجازت دیجیے!"

"کیوں! آخر اتنی جلدی کیا ہے؟"

"میں نے آج رات اپنے کالج کی کچھ لڑکیوں کو کھانے پر..." دراصل میں کالج میں نادرہ کا تذکرہ کر بیٹھی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ قریبی دوست نادرہ سے ملنے کی مشتاق ہو گئیں۔"

گویا اس دعوت کا بوجھ تمھیں نادرہ کی وجہ سے اٹھانا پڑا۔" میں نے ہنس کر کہا۔

"اس میں بوجھ کی تو کوئی بات نہیں۔ اچھا یہ بتاؤ کہ..." زرّیں کچھ ہچکچائی اور پھر کچھ سوچ کر بولی۔ "اچھا ہے، کچھ زرا دلچسپی سے گزر جائے گا۔" زرّیں کھڑی ہو گئی اور نادرہ سے رضیہ کے بھی کھڑا ہو جانا مناسب سمجھا۔

"ارے!" میں بولی۔ "یہ تم تو بالکل ہی تیار ہو گئیں۔"

"وقت کم ہے نا!" زرّیں نے کہا۔ "کچھ ہی دیر میں میری کی لڑکیاں گھر پہنچنا شروع ہو جائیں گی۔"

میں ان دونوں کو چھوڑنے کے لیے دروازے کی طرف گئی، دیکھ کر زرّیں کی طرف جھکتے ہوئے سرگوشی میں بولی۔ "تم اب آؤ گی؟"

زرّیں مسکرائی اور پھر آہستہ سے بولی۔ "فون پر بتا دوں گی۔"

رضیہ ہماری طرف متوجہ ہوئی تو میں ایسی بن گئی جیسے میں نے زرّیں سے کچھ کہا ہی نہ ہو۔

ان دونوں کو رخصت کرنے کے بعد میں پھر آرام کرسی دراز ہو گئی اور آنکھیں بند کر کے سوچنے لگی کہ میں نے جو داؤ پھینکا ہے، وہ سیدھا پڑے گا یا اُلٹا۔ میں نے خان آف کالا باغ کو اپنے جال میں پھانسنے کے لیے خود اسی کی لڑکی کو آزمانا کا پروگرام بنایا تھا۔ اب دیکھنا یہ تھا کہ میں اپنے ذہن مسو لائحہ عمل مرتب کر چکی تھی، وہ کس حد تک کارگر ثابت ہوتا

اندھیرا ہو چکا تھا لہٰذا میں نے اٹھ کر لائٹ آن کی اور لگی کہ رات کا کھانا کھانے کے لیے مجھے کسی ریسٹورنٹ کا رُخ کرنا فی الحال اس کا کوئی امکان نہیں رہا تھا کہ زرّیں سے دوبارہ ہو لہٰذا میں نے اپنا پاٹا ڈکسن والا ہیروپ ختم کیا اور صبیحہ ہا فلیٹ سے نکلی۔

ایک ریسٹورنٹ میں کھانا کھاتے ہوئے میں نے فیصلہ آج ہی گڈو کے قمار خانے میں کچھ ہنگامہ کیا جائے۔ میرا، گزشتہ رات کو تھا لیکن عین وقت پر رضوان سے ماہ پارہ کے میں اغلاع مل گئی تھی اور میرا "ہنگامی پروگرام" دھرا کا دھرا گیا تھا۔

کھانے کے بعد میں گڈو کے قمار خانے کی طرف روا وہ جگہ میری دیکھی بھالی ہوئی تھی۔ مجھے وہاں ایک مرتبہ جا چکا تھا۔

باہر سے تو اس قمار خانے پر ایک ریسٹورنٹ ہی کا بورڈ لگا تھا لیکن ایک اندرونی دروازے سے گزر کر اس ہال میں پہنچا جاسکتا تھا جہاں لمبے چوڑے پر قمار بازی ہوتی تھی۔ اس قمار خانے کا لائسنس تو نہیں تھا لیکن اس شہر کراچی میں بہت سے دھندے ایسے ہیں جنھیں ناجائز ذرائع کے بَل بوتے پر چلایا جاتا ہے۔ کہیں رشوت کا استعمال ہوتا ہے اور کہیں رشوت کی گرم بازاری کام آتی ہے۔ مجھے علم نہیں تھا کہ گڈو کیا ذریعہ استعمال کرتا ہے اور مجھے معلوم کرنے کی فکر بھی نہیں تھی۔

جیسے ہی میں اس ہال میں داخل ہوئی، میں نے محسوس کیا کہ ہال میں موجود کئی اشخاص کے چہرے کی رنگت بدل گئی تھی۔ غالباً وہ سب اس قمار خانے کی انتظامیہ سے تعلق رکھتے تھے اور مجھے اچھی طرح پہچانتے تھے۔ میں نے ان میں سے دو آدمیوں کو بڑی تیزی سے ایک دروازے کی طرف بڑھتے دیکھا جس پر "منیجر" کی تختی لگی ہوئی تھی۔ غالباً گڈو کا کمرہ تھا اور وہ دونوں آدمی گڈو کو میری آمد سے مطلع کرنے گئے تھے۔

میں نے کسی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی اور ایک ایسی جگہ پر جا کر کی جہاں فلیش ہو رہا تھا۔ جو لوگ کھیل رہے تھے، وہ مجھے دیکھتے ہی اپنی کرسیوں سے کھڑے ہو گئے۔ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ ان میں سے کوئی بھی نہیں پہچانتا تھا، یہ محض میری شخصیت تھی جس کے رُعب میں آ کر وہ کھڑے ہو گئے تھے۔

"کیا آپ کھیلنا پسند کریں گی؟" ان میں سے دو آدمیوں نے مجھ سے بیک وقت مخاطب کیا۔

"جی نہیں، شکریہ! آپ لوگ تشریف رکھیں اور کھیل جاری رکھیں۔ فی الحال صرف دیکھنا پسند کروں گی۔" میں نے مسکرا کر کہا۔

ان لوگوں میں ایک شخص شاید قمار خانے ہی کا آدمی تھا۔ اس کے چہرے سے خباثت مترشح تھی اور وہ مجھے عجیب سی نظر سے دیکھ رہا تھا۔

ان لوگوں نے ایک بار پھر اصرار کیا کہ میں کھیلوں لیکن جب میں آمادہ نہیں ہوئی تو انھوں نے دوبارہ کھیل شروع کر دیا۔ میں وہیں کھڑی ہوئی کھیل دیکھتی رہی لیکن میں اپنے اردگرد کے ماحول سے بھی بے خبر نہیں تھی۔ منیجر کے کمرے سے وہ دونوں آدمی ہی آ چکے تھے اور اب ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے انتظامیہ سے متعلق ہر شخص مجھ پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہو۔

میں پندرہ بیس منٹ تک کھیل دیکھتی رہی اور اتنی دیر میں مجھے اندازہ ہو گیا کہ وہاں بے ایمانی ہو رہی تھی۔ قمار خانے کا آدمی پتے باز تھا لیکن جو لوگ اس کے ساتھ کھیل رہے تھے وہ اس کی پتے بازی کو پرکھ نہیں سکتے تھے۔

میں ٹہلتی ہوئی قمار خانے کے آدمی کے پیچھے جا کھڑی ہوئی اور کھیل دیکھتی رہی۔ پھر ایک موقع پر جب وہ پتے بانٹ رہا تھا میں نے اچانک آگے جُھک کر اس کی دائیں کلائی تھام لی۔

اس نے چونک کر میری طرف دیکھا۔

"بے ایمانی نہیں چلے گی۔" میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"کیا مطلب!" وہ غرّایا۔

"اب مطلب بھی سمجھاؤں؟" میں نے طنزیہ سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "میرا خیال ہے کہ بے ایمانی کا مطلب ایمانداری نہیں ہوتا۔"

بے ایمان قمار باز نے ایک جھٹکا دے کر اپنی کلائی چھڑانا چاہی لیکن اسے فوراً ہی اندازہ ہو گیا کہ وہ گرفت کسی معمولی عورت کی نہیں تھی۔

جو لوگ اس قمار باز سے کھیل رہے تھے، حیرت سے میری طرف دیکھنے لگے۔

"سنو!" میں نے قمار باز کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔ "تم نے ان شریف آدمیوں کی آنکھوں میں بہت دھول جھونکی ہے۔ بہتر ہوگا کہ تم وہ سب کچھ واپس کر دو جو تم ان سے جیت چکے ہو۔"

"خبردار!" قمار خانے میں ایک آواز گونجی۔

میں نے چونک کر آواز کی طرف اس لیے بھی دیکھا کہ وہ میرے لیے ایک شناسا آواز تھی۔ ابریز کی آواز! میں نے اس کے ہاتھ میں پستول دیکھا۔ وہ اس سے ان تینوں آدمیوں کو کور کر رہا تھا جو عقب سے مجھ پر حملہ کرنے کے لیے بڑھ رہے تھے۔

ابریز کو وہاں دیکھ کر مجھے تعجب تو ہوا تھا لیکن میں اس وقت ابریز کی موجودگی پر غور کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھی۔ میں نے قمار بازی کی کلائی پر گرفت سخت کرتے ہوئے کہا۔ "کیا تم نے سنا نہیں؟"

پھر اچانک ایسا محسوس ہوا جیسے قمار باز اٹھ کر مجھ پر جھپٹ پڑے گا لیکن اسی وقت ایک آواز سنائی دی۔ "نہیں فیروز! جھگڑے کی ضرورت قطعی نہیں ہے۔"

میں نے کن انکھیوں سے دیکھا۔ وہ گڈو تھا جو اپنے کمرے سے نکل کر ہماری طرف بڑھ رہا تھا۔

میں نے ابریز کی آنکھوں میں الجھن دیکھی۔ شاید وہ فیصلہ نہیں کر پا رہا تھا کہ گڈو کو میرے قریب آنے دے یا نہیں۔

میں نے ابریز کو اشارہ کیا کہ وہ پُرسکون رہے۔

گڈو قریب آگیا اور بولا: "کیا معاملہ ہے؟"

"بہت چھوٹا سا معاملہ ہے۔" میں نے بے پروائی سے شانے جھٹک کر کہا۔ "میں وہ رقم واپس کروانا چاہتی ہوں جو بے ایمانی سے جیتی گئی ہے۔"

"وہ رقم کتنی ہے؟"

"میرا خیال ہے کہ جیتی ہوئی رقم کا نوّے فی صد حصہ بے ایمانی سے جیتا گیا ہے۔"

گڈو نے فیروز کے سامنے جمع شدہ رقم کو دونوں ہاتھوں سے سمیٹ کر ان لوگوں کی طرف بڑھا دیا جو فیروز کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔ پھر اس نے انہی لوگوں سے کہا: "آپ لوگ اس میں سے اپنی اپنی رقم نکال لیں۔"

فیروز ہونٹ بھینچے بیٹھا رہا۔ اب میں نے اس کی کلائی بھی چھوڑ دی تھی اور اسے تضحیک آمیز مسکراہٹ کے ساتھ دیکھ رہی تھی۔

"مجھے افسوس ہے کہ میں نے تمہیں رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔" میں تمسخر اڑانے والے انداز میں بولی۔ "اگر میں تمہاری کلائی چھوڑ دیتی تو تم صاف بچ جاتے۔"

"کیا آپ میرے کمرے میں چلنا پسند کریں گی؟" گڈو مجھ سے بولا۔

"کیوں!"

"میں آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ ویسے اگر آپ کمرے میں نہ چلنا چاہیں تو ہم ہال میں ہی کسی خالی میز پر بیٹھ جاتے ہیں۔"

"نہیں، میں تمہارے کمرے میں چلی چلتی ہوں۔" میں نے بے خوفی کا مظاہرہ کیا۔ میں یہاں ان لوگوں کو یہی باور کرانے تو آئی تھی کہ میں ان سے قطعی خوفزدہ نہیں ہوں۔

"تشریف لائیں!" گڈو نے اپنے کمرے کی طرف اشارہ کیا۔

میں نے ابریز کو اشارہ کیا کہ وہ بھی آئے۔ اُس نے ماحول کو سازگار پا کر پستول اپنی جیب میں رکھ لیا تھا۔ میرا اشارہ ملنے پر وہ میرے اور گڈو کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ میں ابھی تک اسی الجھن میں تھی کہ وہ یہاں قمار خانے میں کیسے پہنچ گیا۔

ہم گڈو کے کمرے میں داخل ہوئے جو اوسط طریقے سے ڈیکوریٹ تھا۔ گڈو گھوم کر میز کے پیچھے اپنی ریوالونگ چیئر تک گیا، سلگنے پڑی ہوئی کرسیوں کی طرف اشارہ کرتا ہوا بولا: "تشریف اس کا انداز کچھ ایسا تھا جیسے یہ ہماری پہلی ملاقات ہو، درمیان کسی قسم کے اختلافات نہ ہوں۔

میں اور ابریز بیٹھ گئے۔

"آپ کی یہاں آمد کا مقصد؟" یہ سوال کرتے ہو کے لہجے میں ہلکی سی سختی آگئی تھی جسے میں نے پوری طرح محسوس کیا اور تیوری چڑھا کر بولی۔

"یہ قمار خانہ ہے اور یہاں کوئی بھی آسکتا ہے۔"

"یہاں لوگ جوا کھیلنے آتے ہیں لیکن آپ جوا کھیلنے نہیں تھیں۔"

"میں جوا کھیلنے ہی آئی تھی۔" میں نے بڑے اطمینان سے کہا۔ "جوا کھیلنے سے پہلے میں یہ اطمینان کر لینا چاہتی تھی کہ یہاں پر بے ایمانی تو نہیں ہوتی!"

"آپ کی اطلاع کے لیے عرض کر دوں کہ ہر قمار خانے میں یہ ہوتی ہے۔"

"میں یہاں کے تمام قمار خانوں کو ایمانداری سکھاؤں گی۔" بڑے اطمینان سے کہا۔ "ہر چند کہ قمار بازی ہی کوئی اچھی چیز نہیں لیکن میں سمجھتی ہوں کہ اس میں ایمانداری کا کھیل ضرور ہونا چاہیے۔ اگر تم نے اپنے قمار خانے کے طریقوں میں تبدیلی نہیں کی تو میں یہ روزانہ ہی اگر ہنگامہ کیا کروں گی۔"

"باؤ!" وہ مجھے گھورنے لگا۔

"خوب!" میں طنزیہ انداز میں مسکرائی۔ "تو تم نے اعتراف کر لیا کہ تم مجھے جانتے ہو!"

"اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ آپ یہاں اس لیے نہیں آئی کہ یہاں جوئے میں بے ایمانی ہوتی ہے۔"

"پھر کس لیے آئی ہوں؟"

"یہ تو آپ ہی بتائیں گی۔"

"تو سنو گڈو!" میں میز پر آگے کی طرف جھک کر بولی۔ "میں تمہارے اس قمار خانے کو برباد کرنا چاہتی ہوں۔"

"میں نے اس وقت صورتِ حال کو سنوارنے کے لیے بہت تحمل سے کام لیا ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں ہمیشہ ہی اتنے تحمل کا مظاہرہ کروں گا۔"

"اگر یہ کسی قسم کی دھمکی ہے تو میں ابھی یہ سپریوٹ اٹھا کر تمہارے سر مار سکتی ہوں۔"

"آپ کو پچھتانا پڑے گا بانو!"

"یہ وقت بتائے گا کہ پچھتاوا کس کا مقدر ہے!"

"آخر آپ کا اصل مقصد کیا ہے؟"

"میں تمہیں باور کرانا چاہتی ہوں کہ وہ شخص بھی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا جس کی پُشت پناہی تمہیں حاصل ہے اور جس کی وجہ سے تم بہت اینٹھتے ہو۔"

"مجھے کسی کی پُشت پناہی حاصل نہیں۔"

"فی الحال تم اس سے انکار کر لو لیکن میں تم سے اس کا اقرار کروا کے رہوں گی۔"

گڈو مجھے گھورتا رہا۔ شاید اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اب اس سے کیا کہنا چاہیے۔

ابریز نے اس دوران میں بالکل خاموشی اختیار کیے رکھی تھی۔ کسی نے بھی اس سے مخاطب نہیں ہوا تھا۔ اس نے بس ایک آدھ مرتبہ چبھتی سی نظر ڈالی تھی۔

"اچھا تو اب میں چلتی ہوں۔" میں نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "اب تمہیں یقین ہو جائے کہ تمہارا باس بھی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، پھر تم مجھ سے مفاہمت کر لینا۔ اگر تم اس خبیث کا آلۂ کار بننے کی بجائے میرے ساتھی بن جاؤ تو زیادہ فائدے میں رہو گے۔"

"آپ اس کمرے سے جا رہی ہیں یا قمار خانے سے؟"

"فی الحال تو میں قمار خانے ہی سے جا رہی ہوں۔ تم اپنے آدمیوں کو سمجھا دو کہ بے ایمانی کا سلسلہ ختم کر دیا جائے۔ میں دوبارہ کسی وقت یہاں آؤں گی، اگر میں نے اس سلسلے کو جاری دیکھا تو پھر اس ہال کی تباہی کے ذمے دار تم خود ہو گے۔"

گڈو کے ہونٹ کھلے اور بند ہو گئے۔ وہ نہ جانے کیا کہتے کہتے رُک گیا تھا۔

"آؤ ابریز!" میں نے کہا اور دروازے کی طرف بڑھتی چلی گئی۔

ریسٹورنٹ سے باہر پہنچ کر میں نے پہلے تو ٹیکسی کی تلاش میں اِدھر اُدھر ایک نظر ڈالی اور پھر چونک کر ابریز سے بولی۔ "ارے ہاں! تم تو اپنی کار میں ہو گے! میں ٹیکسی دیکھ رہی تھی۔"

"میں سمجھا، آپ کچھ اور تلاش کر رہی ہیں۔ میری گاڑی اُدھر کھڑی ہے۔" ابریز نے ایک طرف اشارہ کیا۔

ہم اُس طرف بڑھے۔ میں ابریز سے کئی باتیں کرنے کے لیے بے چین تھی لیکن میں نے اس وقت تک تحمل سے کام لیا، جب تک ہم کار میں نہیں بیٹھ گئے۔ ابریز نے انجن اسٹارٹ کیا اور بولا: "کہاں چلوں؟"

"برنس روڈ۔"

کار حرکت میں آگئی۔

"تم اس قمار خانے میں کہاں سے آنکلے؟" میں نے اپنے ذہن میں چکراتے ہوئے سوالوں میں سے پہلا سوال زبان آشنا کیا۔

"آپ کے پیچھے پیچھے۔" ابریز نے جواب دیا۔

"تو تم میرے تعاقب میں تھے؟"

"جی ہاں۔"

"مگر کیوں؟"

"بس جب آپ کو دیکھنے کے لیے دل مچلتا ہے تو میں ایسا ہی کرتا ہوں لیکن آپ کو اس کا پتا نہیں چلنے دیتا کہ میں آپ کو دیکھ رہا ہوں۔ بس چُپ چاپ خاموشی سے آپ کو دیکھتا رہتا ہوں اور چلا جاتا ہوں۔ ہے نا احمقانہ بات!" ابریز پھیکے سے انداز میں مسکرایا۔

"مجھے دیکھ کر تمہیں کیا محسوس ہوتا ہے؟"

"سکون۔"

"مگر میں کوئی مسکن دوا ہوں؟" میں مسکرائی۔

"مسکن دوا تو میں نہیں کہوں گا لیکن میرے لیے مسیحا ضرور ہو۔ یہ اور بات ہے کہ آپ کو اپنی مسیحائی کا اندازہ نہیں۔ آپ کو دیکھ کر مجھے جو سکون ملتا ہے، اس کا آپ اندازہ بھی نہیں کر سکتیں اور آپ سے باتیں کر کے مجھے جو آسودگی حاصل ہوتی ہے اس کا اظہار کرنے کے لیے تو میرے پاس الفاظ نہیں۔"

"تمہارا یہ کیس میری سمجھ سے بالاتر ہے۔" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔

"آپ ہی کیا، خود میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مجھے کیا ہو گیا ہے کبھی کبھی میں نے یوں بھی سوچا ہے کہ شاید میں پاگل ہو گیا ہوں۔"

"نہیں، تم پاگل نہیں ہو۔"

"آپ کی زبان سے یہ سُن کر مجھے خوشی ہوئی۔ میں تو سمجھتا تھا کہ آپ مجھے پاگل یا بے وقوف ہی سمجھتی ہوں گی۔" ابریز تلخی سے مسکرایا۔

میں چند لمحے خاموش رہ کر بولی۔ "تم اپنے اس جذبے کو کیا نام دیتے ہو؟"

"پہلے تو میں اسے صرف محبت سمجھتا تھا۔"

"اور اب؟"

"اب۔" ابریز نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ یہ شاید عشق سے بھی آگے کی کوئی چیز ہے۔"

میں کچھ رُک کر بولی: "تمہاری کیا حالت ہوگی، اگر اچانک میں یہ کہہ دوں کہ میں تم سے شادی کے لیے تیار ہوں۔"

"میں فوراً انکار کر دوں گا۔"

"کیا!" میں چونک کر اس کی طرف دیکھنے لگی۔

"جی ہاں۔ میں انکار کر دوں گا۔"

"مگر... مگر... کیوں؟"

"اس کی کئی وجوہ ہیں۔ میری اور آپ کی عمر میں بہت تفاوت ہے۔ میں دُنیا کی نظر میں آپ کو تماشا نہیں بنانا چاہتا اور نہ خود تماشا بننا چاہتا ہوں۔ دوسرے میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ عشق کی موت کا دوسرا نام شادی ہے۔"

"مائی گاڈ! تمہارے مُنہ سے نکلا: تمہاری اور رضیہ کی سوچ تو بالکل یکساں ہے۔ اگر تم میری بجائے اس کی طرف مُلتفت ہوتے تو خوب گزر جاتی۔"

"مجھے نہیں معلوم کہ کسی اور کے ساتھ میری کیسی گزرتی لیکن اب مجھے یوں محسوس ہوتا ہے کہ اگر آپ کبھی مجھ سے دور ہو گئیں تو آپ کے بارے میں سوچ سوچ کر میرے دماغ کی شریانیں پھٹ جائیں گی۔"

"اچھا چھوڑو۔ اس موضوع پر ہم پھر کسی وقت اطمینان سے گفتگو کریں گے۔ فی الحال کچھ کام کی باتیں ہو جائیں تو بہتر ہے۔"

ابریز چُپ رہا۔ غالباً وہ میری اگلی بات کا منتظر تھا۔

میں نے پوچھا: "قمار خانے میں تمہارے پاس پستول کہاں سے آگیا؟"

"میری جیب میں تھا۔"

"لیکن کیوں تھا؟ تم تو محض مجھے دیکھنے کے لیے میرے پیچھے لگے ہوئے تھے!"

"ہاں لیکن مجھے یہ اندازہ ہو چکا ہے کہ آپ کچھ ایسے خطرات سے کھیل رہی ہیں جو میرے لیے انجانے ہیں۔ ایک مرتبہ میرے سامنے آپ پر قاتلانہ حملہ ہو چکا ہے اور اس کے علاوہ بھی کچھ ایسی باتیں میرے مشاہدے میں آئی ہیں جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کسی وقت بھی کسی بڑے خطرے سے دوچار ہو سکتی ہیں۔ اِس وقت آپ کی اور قمار خانے کے مالک کی باتوں سے بھی میرے اس اندازے کی تصدیق ہو گئی کہ آپ نے خود کو کسی خطرناک معاملے میں پھنسا رکھا ہے یا حالات کے تحت پھنس گئی ہیں۔ ہر دو صورتوں میں خطرات آپ کے سر پر منڈلا رہے ہیں۔"

"اور تم مجھے ان خطرات سے بچائے رکھنا چاہتے ہو؟" میں مسکرائی۔

"کم از کم کوشش ضرور کرنا چاہتا ہوں۔"

"کیا تمہارے ذہن میں کبھی اس شبہے نے بھی سر اُبھارا میں کسی جرائم پیشہ گروہ سے متعلق ہو سکتی ہوں؟"

"یہ شبہ مجھے کبھی نہیں ہوا۔"

"کیوں؟"

"میرے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں۔ بس یوں سمجھ لیجیے کہ آپ کے بارے میں کوئی غلط بات کبھی سوچ ہی نہیں سکتا۔ ہاں البتہ میرے ذہن میں ایک خیال ضرور اُبھرتا رہتا ہے۔"

"وہ کیا؟"

"کہ شاید آپ حکومت کے کسی ایسے شعبے سے تعلق رکھتی ہیں جس کا تصادم جرائم پیشہ افراد سے ہوتا رہتا ہے۔"

"اس خیال کو اپنے ذہن سے جھٹک دو۔ میں کسی بھی سرکاری ملازمت میں نہیں ہوں۔ اگر ایسا ہوتا تو موجودہ حالات سے نپٹنا میرے لیے بہت آسان بات ہوتی۔"

"موجودہ حالات؟"

"میں کسی وقت اس کے بارے میں تمہیں تفصیل سے بتاؤں گی۔ ممکن ہے تم میرے کچھ کام آسکو۔ میرا خیال ہے کہ میں تم پر کامل اعتماد کر سکتی ہوں۔"

"اس اعتماد کا شکریہ۔ میں ایک بات کہوں؟"

"کہو۔"

"آج آپ سے باتیں کر کے مجھے بے حد خوشی ہوئی ہے۔"

"کیوں؟"

"آپ نے ایک بار بھی میرا مذاق نہیں اُڑایا۔"

"ہوں۔" میں مسکرائی، پھر میں نے ایک طویل سانس لیا اور شاید کچھ کہتے کہتے رُک گئی کیونکہ ابریز نے کار روک دی تھی۔ رضوان کا فلیٹ آچکا تھا۔ میں نے ابریز سے کہا: "کل کسی وقت میں تم سے تفصیلی ملاقات کروں گی۔"

"نہ بے نصیب۔"

میں دروازہ کھول کر اُترنے لگی اور پھر ایک قدم رُک کر بولی "اچھا اب تم اپنا خیال رکھنا۔"

"کیا مطلب!"

"جو لوگ مجھ سے قریب ہو جاتے ہیں، انھیں بھی ویسے ہی خطرات

دوچار ہونا پڑتا ہے جن سے میں ہوتی ہوں۔"

"آپ میری طرف سے فکرمند نہ ہوں۔ اگر میں اس دُنیا میں نہ رہا تو کیا فرق پڑ جائے گا!" ابریز کے لہجے سے یاسیت ٹپک رہی تھی۔

میں نے اس گفتگو کو طویل کرنا بے کار سمجھا اور صرف اتنا کہا: "اپنا خیال رکھنا ہوگا۔ اسے میری خواہش سمجھو!"

"شاید آج میرا ستارہ بہت عروج پر ہے۔" ابریز مسکرایا۔

"کیا مطلب!"

"آپ کے مُنہ سے ایسے جملے سننے کو مل رہے ہیں کہ میرے خون کی ٹُن تیز ہوتی جا رہی ہے۔ اگر آپ مجھ سے ایسی ہی باتیں کرتی رہیں تو ایک بار پھر مجھ میں زندہ رہنے کی لگن پیدا ہو جائے۔"

میں نے ہنس کر اسے خدا حافظ کہا اور کار سے اُتر کر دروازہ گرا دیا۔ پھر میں بلڈنگ کے گیٹ کی طرف بڑھتی چلی گئی اور ابریز کار بڑھا لے گیا تھا۔

فلیٹ میں پہنچ کر میں نے کپڑے تبدیل کیے اور پھر بستر پر ہی تھی کہ فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ میں نے ہاتھ بڑھا کر ریسیور اُٹھایا اور ماؤتھ پیس میں بولی: "ہیلو!"

"میرا اندازہ یہی تھا کہ تم فلیٹ پر پہنچ چکی ہو گی۔" یہ خان آف لاگوٹ کی آواز تھی جسے سُن کر میری پیشانی پر شکنیں پڑ گئیں۔ میں بولی نہیں تھی اس لیے توقف ہوتے ہی دوسری طرف سے آواز آئی: "ہیلو!"

"کیا بات ہے؟" میں نے سرد لہجے میں کہا۔

"گاڈو کے قمار خانے میں ہنگامے کرنے سے تمہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا۔"

"صرف یہی بتانے کے لیے فون کیا ہے تم نے؟"

"نہیں، وہ دوسری بات ہے۔"

"جلدی سے کہہ ڈالو۔ میرے پاس وقت نہیں ہے۔"

"میں ماہ پارہ کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔"

"کیا پوچھنا چاہتے ہو؟"

"تم نے اسے کہاں چھپایا ہے؟ ظاہر ہے کہ تم اسے فلیٹ میں تو چھپا نہیں سکتیں اور اسے اپنے گھر پر اس لیے نہیں چھوڑو گی کہ وہ جگہ میرے علم میں ہے اور تم اس کی حفاظت کے لیے وہاں نہیں رہ سکتیں۔"

خان آف لاگوٹ کی غلط فہمی پر میں زیرِ لب مسکرا دی۔

وہ بولتا رہا: "تم نے اسے کسی ایسی جگہ چھپایا ہوگا جو میرے علم میں نہ ہو۔"

"تو پھر؟ کیا تم سمجھتے ہو کہ میں تمہیں آسانی سے اس کے بارے میں بتا دوں گی؟"

"آسانی سے تو نہیں بتاؤ گی، یہ تو میں جانتا ہوں۔"

"تو پھر اس موضوع پر گفتگو کرنے سے فائدہ؟"

"اگر تم نے ماہ پارہ کو میرے حوالے نہیں کیا تو کل کسی وقت اس کے باپ پروفیسر مہناس کی لاش تمہارے گھر کے دروازے پر پڑی ہوگی۔"

"یہ ایک احمقانہ دھمکی ہے خان خاناں!" میں نے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا: "تم اتنے بے وقوف نہیں ہو سکتے کہ پروفیسر کو اس طرح ضائع کر دو۔ تم نے اسے اغوا کیا ہے تو ظاہر ہے کہ اس کا کوئی خاص مقصد ہوگا۔"

"اچھی بات ہے۔" خان میرے جواب پر شاید بھنا گیا: "تو پھر کل تک انتظار کرو۔"

"کل کیا ہو جائے گا؟" میں مضحکہ اُڑانے والے انداز میں بولی ہی۔

"کل تک میں اس قابل ہو جاؤں گا کہ تم سے بہ آسانی سودے بازی ہو سکے۔"

"سودے بازی؟"

خان آف لاگوٹ نے کوئی جواب دیے بغیر سلسلہ منقطع کر دیا اور میں ریسیور ہاتھ میں تھامے اُلجھی ہوئی نظر سے ماؤتھ پیس کی طرف دیکھتی رہی۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آسکا تھا کہ کل تک خان آف لاگوٹ کس قسم کی سودے بازی کرنے کی پوزیشن میں آسکتا ہے؟

ریسیور کو کریڈل پر رکھ کر بھی میں اسی اُلجھن میں گرفتار رہی اور بستر پر لیٹ کر اسی کے بارے میں غور کرتی رہی۔ بار بار صرف ایک ہی خیال میرے ذہن میں آرہا تھا کہ خان آف لاگوٹ میرے کسی قریبی ساتھی کو اُڑانے کی کوشش کرے گا تاکہ اس سے ماہ پارہ کا تبادلہ کر سکے۔ میرے اتنے قریبی ساتھی صرف رضوان اور رضیہ ہی تھے اور اب شاید ابریز بھی ان میں شامل ہو گیا تھا۔ رضیا اور رضوان پر ہاتھ ڈالنا تو خان آف لاگوٹ کے لیے کچھ آسان بات نہ ہوتی لیکن ابریز کو وہ بڑی آسانی سے اغوا کر سکتا تھا۔

میں نے ٹیلیفون اُٹھایا اور اپنے گھر کے نمبر ڈائل کرنے لگی۔ میں اس سلسلے میں رضوان سے بھی مشورہ کر لینا چاہتی تھی۔ لائن ملنے پر مجھے دوسری طرف سے رضوان کی آواز سنائی دی۔

میں نے ماؤتھ پیس میں کہا: "میں بانو بول رہی ہوں۔"

"بولتی رہیے! مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔"

"سنجیدگی سے سنو! ابھی خان آف کالاگوٹ نے مجھے فون کیا تھا۔"

"اوہ! کیوں؟" رضوان فوراً سنجیدہ ہوگیا۔

میں نے اسے وہ پوری گفتگو بتائی جو خان آف کالاگوٹ سے ہوئی تھی۔ رضوان وہ سب کچھ سُن کر فوری طور پر کچھ نہیں بولا۔ قدرے توقف کے بعد اس نے کہا۔ "گویا مجھے پوری طرح چوکنا رہنے کی ضرورت ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ ماہ پارہ کے سلسلے میں تبادلے کا مآل حاصل کرنا چاہے گا۔"

"نہ صرف تمہیں بلکہ میں ابریز کو بھی ہوشیار کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہوں۔"

"کیا خان آف کالاگوٹ ابریز کو اتنا اہم سمجھ سکتا ہے کہ آپ اُس کے عوض ماہ پارہ کو آزاد کریں؟"

"بعض وجوہ کی بنا پر خان یہ سمجھ سکتا ہے۔"

"بعض وجوہ؟ کیا آپ ابریز کی طرف کچھ ملتفت ہوگئی ہیں؟ ویسے وہ لڑکا ہے خاصا چونا۔"

"کیا بک رہے ہو؟"

"میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آخر آپ کا دل پسیج ہی گیا؟"

"بکواس بند کرو۔ میں نے یہ خدشہ ایک نئے واقعے کی بنا پر ظاہر کیا تھا۔ آج میں گڈو کے قمار خانے میں بھی گئی تھی اور وہاں ایک چھوٹے سے ہنگامے میں ابریز بھی دخل اندازی کر بیٹھا تھا۔"

"اوہ! وہ کیا معاملہ ہے؟" رضوان نے چونک کر پوچھا۔ "ذرا تفصیل سے بتائیے۔"

جواباً میں نے تفصیل سے سارا واقعہ بتا دیا۔ سب کچھ سُننے کے بعد رضوان نے ایک طویل سانس لیا اور پھر کہا۔ "ابریز کی طرف سے میری تشویش تو واقعی حق بجانب ہے لیکن یہ بات بھی طے ہوگئی کہ یہ لڑکا ابریز آپ کی خاطر اپنی جان پر کھیلنے کے لیے ہر وقت تیار رہتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اب آپ کا دل پسیج ہی جانا چاہیے۔"

"کیا مطلب؟"

"آپ بہت سے مَردوں کے دل توڑتی رہی ہیں۔ اب اس بے چارے پر تو رحم کر ہی ڈالیے گا۔"

"میں نے یہ بکواس سننے کے لیے تمہیں فون نہیں کیا ہے۔"

"پھر کیا سننے کے لیے فون کیا ہے؟ رانگ ورلڈ؟"

"میں تمہیں بس یہ بتانا چاہتی تھی۔"

"میں چوکنا ہوگیا۔ آپ فکر نہ کریں۔ اب وہ تاجر بے کار لڑکا محض آپ کے عشق میں گرفتار ہو کر مصیبت کر بیٹھا ہے۔"

"اب میں اسی کو فون کروں گی۔"

"ایک اطلاع بھی سُن لیجیے!"

"کیسی اطلاع؟"

"رضیہ نے آپ کو فون کیا تھا لیکن جب آپ نہیں ملیں تو مجھے رنگ کیا۔"

"تمہیں تو وہ رنگ کرتی ہی رہتی ہوگی۔"

"لیکن اس وقت صرف اس لیے رنگ کیا تھا کہ آپ کو یہ بتا دوں کہ آج شام ایک غیر ملکی خان دلا میں آیا ہے۔ اس کالاگوٹ کا مہمان ہے۔"

"غیر ملکی!" میں بڑبڑائی۔ رضیہ نے اسے اتنی اہمیت کیوں دی؟"

"محض اس لیے کہ وہ ایک غیر ملکی ہے۔"

"ہوں! دیکھا جائے گا۔ یہ بتاؤ کہ تم نے رضیہ کی معاوضے کے سلسلے میں کیا کہا؟ تم نے کہا تھا کہ اس سلسلے میں کوئی قدم اٹھائے گی!"

"ابھی تک میں کوئی قدم نہیں اٹھا سکا ہوں لیکن میں نے اُسے کو ایک بات کی تاکید ضرور کر دی تھی۔"

"کس بات کی؟"

"یہ کہ وہ مجھے ہر گھنٹے بعد فون کرتی رہے مگر کبھی اس کا فون نہیں آیا تو میں سمجھ لوں گا کہ وہ کسی چکر میں پھنس گئی ہے۔ اس طرح میں ہر وقت حرکت میں آسکوں گا۔"

"ٹھیک ہے۔"

"کیا اس کا امکان نہیں کہ خان آف کالاگوٹ نے رضیہ کو پہچان لیا ہو اور وہ اسی پر ہاتھ ڈال کر ماہ پارہ کا تبادلہ کرنا چاہے؟"

"میں اس امکان کو یکسر نظر انداز تو نہیں کر سکتی لیکن اتنا ضرور جانتی ہوں کہ رضیہ کوئی ترنوالہ نہیں ہے۔ اس پر ہاتھ ڈالنا خان کے لیے کوئی آسان بات نہیں ہوگی۔"

"بہرحال ہمیں اس کی طرف سے بے خبر نہیں رہنا چاہیے۔"

"اس کی طرف سے باخبر رہنے کے لیے میں نے تمہاری ڈیوٹی لگا تو دی ہے۔" میں نے ہنس کر کہا اور سلسلہ منقطع کر دیا۔

اس کے بعد میں نے ابریز کو فون کیا۔ میری آواز سُن کر وہ اس

خوش ہوگیا جیسے اسے دو جہاں کی دولت مل گئی ہو۔ وہ بولا۔ "کیسے کر لیا آپ نے!" اس کے لہجے سے مسرت ٹپکی پڑ رہی تھی۔

"ابریز!" میں سنجیدگی سے بولی۔ "آج تم نے جو کچھ کیا، اچھا نہیں کیا۔"

"مجھ سے اگر کوئی غلطی ہوگئی ہے تو میں معافی کا خواستگار ہوں۔ مجھے میری غلطی سے آگاہ ضرور کر دیجیے!"

"تمہیں قمار خانے میں پستول نہیں نکالنا چاہیے تھا۔"

"یہ کیسے ممکن تھا کہ وہ لوگ آپ پر ٹوٹ پڑتے اور میں تماشائی بنا رہتا۔"

"میں ہر قسم کی صورتِ حال سے نپٹنے کے لیے تیار نہ ہوتی تو میں اس چھیڑ چھاڑ کا آغاز ہی نہیں کیا ہوتا۔ خیر، جو کچھ ہوگیا، وہ ہوگیا۔ تم ذرا ہوشیار رہنا۔"

"کیا مطلب؟"

"وہ لوگ تم پر وار کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔"

"اوہ! دیکھا جائے گا۔"

"جوانی کے جوش میں نہ آؤ۔ احتیاط بہرحال اچھی چیز ہوتی ہے۔"

"اب آپ ہی یہ کہہ رہی ہیں تو میں محتاط رہوں گا۔"

"ہاں۔ میں یہی چاہتی ہوں کہ تم دو ایک دن ذرا احتیاط برتنا۔"

"میری خاطر آپ کی یہ فکرمندی میرے لیے باعثِ مسرت ہے۔"

میں نے اس رومانٹک موڑ پر گفتگو کو طول دینا مناسب نہیں سمجھا اور سلسلہ منقطع کر دیا۔ آخر میں میں نے صرف "شب بخیر" کہا تھا۔

پھر حالات کے مختلف پہلوؤں پر غور کرتے کرتے کسی وقت مجھے نیند آگئی اور صبح تک میری نیند میں کوئی خلل نہیں پڑا۔ ضروریات سے فارغ ہونے کے بعد میں نے ناشتہ کیا اور ریشاد حسن کا روپ دھار لیا۔ آج چھٹی کا دن تھا اس لیے یہ بات طے شدہ تھی کہ زریں کسی وقت دھمک پڑتی۔

دس بجے تھے جب میں نے رضیہ کا فون وصول کیا۔

"باجی!" رضیہ نے کہا۔ "میرے پاس ایک سنسنی خیز اطلاع ہے آپ کے لیے۔"

یہ فقرہ خاصا پریشان کُن تھا لیکن رضیہ کے لہجے میں پُرسکون تھا، اس کے باعث میں بھی پُرسکون رہی اور میں نے کہا۔ "وہ کیا اطلاع ہے؟"

"رضوان سے آپ کو خان آف کالاگوٹ کے غیر ملکی مہمان کے بارے میں تو اطلاع مل ہی گئی ہوگی!"

"ہاں اُس نے مجھے بتا دیا تھا۔"

"اب آپ کے لیے سنسنی خیز اطلاع یہ ہے کہ رات کو ڈھائی بجے خان آف کالاگوٹ اپنے ساتھ ہیلی کوپٹر میں کہیں لے گیا تھا۔"

"ہیلی کوپٹر میں؟" میں چونکی۔

"جی ہاں۔ غالباً آپ کو اس کا علم نہیں کہ خان آف کالاگوٹ کے پاس ایک ہیلی کوپٹر بھی ہے۔"

"مجھے واقعی اس کا علم نہیں۔ تم نے ایک نئی اطلاع دی ہے۔"

"اس ہیلی کوپٹر کو لڑکرا کرنے کے لیے خان دلا کے پائیں باغ میں ایک جگہ بتائی گئی ہے۔"

"کیا خان آف کالاگوٹ اس ہیلی کوپٹر کو خود اُڑا کر لے گیا تھا؟"

"جی نہیں۔ خان آف کالاگوٹ کا ایک گونگا بھتیجا ہے جسے خان نے شاید اپنے ہی مطلب کے لیے ہوا بازی کی تعلیم دلوائی ہے۔ اس کا نام عارف ہے اور وہی اس ہیلی کوپٹر کو اُڑا کر لے جاتا ہے۔"

"ہوں۔" میں پُرتفکر انداز میں بولی۔ "پھر کل رات وہ ہیلی کوپٹر واپس کب آیا تھا؟"

"پانچ بجے کے قریب۔"

"گویا کوئی ڈھائی گھنٹے بعد۔"

"جی ہاں۔"

"وہ غیر ملکی خان آف کالاگوٹ کے ساتھ ہی واپس آگیا تھا؟"

"جی ہاں۔"

"تمہیں اس کا نام نہیں معلوم؟"

"پورا نام تو نہیں معلوم۔" رضیہ نے کہا۔ "خان آف کالاگوٹ اسے مسٹر باب کہہ کر مخاطب کرتا ہے۔"

"مسٹر باب۔" میں نے زیرِ لب کہا۔

"جی ہاں۔"

"وہ اب بھی خان دلا میں ہے؟"

"جی ہاں۔"

"تمہیں کچھ اندازہ ہوا کہ خان دلا میں اس کی موجودگی کیا معنی رکھتی ہے اور خان اسے ہیلی کوپٹر میں کہاں لے گیا تھا؟"

"میں ابھی ان دونوں ہی باتوں کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔ پتا لگانے کی کوشش کروں۔"

جواب میں رضیہ نے کچھ کہا تھا لیکن میں سُن نہیں سکی کیونکہ اچانک بج اٹھنے والی کال بیل نے مجھے چونکا دیا تھا۔

"اچھا رضیہ! میں تمہاری طرف سے کسی دوسری اطلاع کا انتظار کروں گی۔" میں نے جلدی سے کہا اور سلسلہ منقطع کر کے دروازے کی طرف بڑھی۔ کون ہو سکتا ہے؟ میں سوچ رہی تھی۔ دروازے کے قریب پہنچ کر میں نے کال بیل کا بٹن دبانے والے سے پوچھا: "کون ہے؟"

"میں زرّیں ہوں میڈم!" باہر سے آواز آئی۔

"اوہ!" میں نے دروازہ کھول دیا۔

زرّیں مسکراتی ہوئی اندر آئی اور میں نے دروازہ بند کرتے پوچھا: "نادرہ کہاں ہے؟"

"میں اسے گھر ہی چھوڑ آئی ہوں۔ آپ کی خواہش جو تھی کہ میں تنہا آؤں!" وہ معنی خیز انداز میں مسکرائی۔

"ہوں! گڈ!" میں بھی مسکرائی اور اس کے گلے میں بانہیں ڈال کر اس کے عارض پر اپنے جذبے کا اظہار کر بیٹھی، پھر اسے خواب گاہ میں لے گئی اور بستر پر بٹھاتی ہوئی ہنس کر بولی: "اب تم کہو گی کہ میں تمہیں وہی مخصوص اور یخ اسکوائش پلاؤں!"

"یہ فرمائش تو میں ہمیشہ کیا کروں گی۔"

"تو بیٹھو! میں ابھی لاتی ہوں بنا کے۔"

"میں بھی آپ کا ایک کام کر کے لائی ہوں۔"

"کون سا کام؟"

"آپ نے کہا تھا نا کہ آپ کو ڈیڈی کے ہاتھ کا عکس چاہیے۔"

"میں فوٹو گراف لے کر آئی ہوں۔"

"وہ کیسے؟" میں نے چونک کر پوچھا۔

"میں نے کل رات خود ان کے ہاتھوں کے فوٹو لیے تھے اپنے کیمرے سے۔"

"یہ کیسے ممکن ہوا؟" میں "یخ اسکوائش" بھول کر زرّیں کے قریب بیٹھ گئی۔

"بہت آسانی سے۔" زرّیں مسکرائی۔ "دراصل رات کو ڈیڈی سونے سے پہلے دودھ کا ایک گلاس ضرور پیتے ہیں۔ برسوں پہلے جب میں چھوٹی سی تھی تو میں نے ضد کی تھی کہ ڈیڈی کو دودھ کا گلاس خود پہنچایا کروں گی۔ اس وقت میری یہ ضد پوری کر دی گئی اور پھر میری یہ ڈیوٹی بن کر رہ گئی۔ بچپن سے آج تک، دودھ کا گلاس میں ہی ان کے کمرے میں پہنچاتی ہوں۔ جو بیس گھنٹوں میں یہی وہ وقت ہوتا ہے جب ڈیڈی میرے ساتھ بہت شفقت سے پیش آتے ہیں چنانچہ کل رات میں نے ان کی اسی خوشگوار موڈ کس طرح؟"

"جب میں دودھ لے کر ان کے کمرے میں گئی تو میں اپنا کیمرہ بھی لٹکا کر لے گئی تھی۔ جب انھوں نے اس کے بارے میں پوچھا تو میں نے کہا میرا جی چاہ رہا ہے کہ آج آپ کی کچھ تصویریں میری یہ بات سُن کر وہ ہنس دیے اور تصویریں کھنچوانے پر راضی ہو گئے۔ میں نے اُن کی کئی تصویریں بنائیں اور پھر اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں اُن کے ہاتھ کی بھی کچھ تصویریں بناؤں گی۔ انھوں نے پوچھا، وہ کس لیے؟ میں نے کہا کہ آپ کے ہاتھ بہت خوبصورت ہیں۔ یہ جواب سُن کر وہ ہنسنے لگے اور پھر میرے گال پر ہلکا سا تھپکا لگا کر بولے: "یہ کیوں نہیں کہتی کہ میرے ہاتھوں کے فوٹو گراف دوست کو دکھائے گی۔" ان کی اس بات پر میں جھینپ گئی کیونکہ انھوں نے میرے دل کا چور پکڑ لیا تھا۔ بہرحال انھوں نے اپنے ہاتھوں کے فوٹو گراف بنانے پر بھی کوئی اعتراض نہیں کیا تھا چنانچہ اُسی وقت وہ فوٹو گراف لے کر آئی ہوں۔"

"اتنی جلدی ڈیولپ کیسے ہو گئے؟" میں نے تعجب سے پوچھا۔

"میں نے خود ڈیولپ کیے ہیں۔ گھر میں میرا ذاتی ڈارک روم ہے۔ مجھے فوٹو گرافی کا شوق، جنون کی حد تک ہے میڈم!"

زرّیں نے اپنا پرس کھولا اور اس میں سے ایک لفافہ نکال کر میری طرف بڑھا دیا۔ میں نے لفافہ لے کر سائڈ ٹیبل پر رکھا اور کھڑی ہوتی ہوئی بولی: "میں تمہارے لیے یخ اسکوائش لاتی ہوں۔"

"بالکل بنا لائیے۔ میں نے خواہ مخواہ دیر کروا دی۔"

میں ہنستی ہوئی کچن کی طرف چلی گئی۔

کچھ دیر بعد جب ہم "یخ اسکوائش" کے گلاس پی رہے تھے زرّیں بولی: "رات کو جب میں نے یہ فوٹو ڈیولپ کیے تو نادرہ بھی میرے ساتھ ڈارک روم میں تھی۔ رات کو ہم دونوں نے بہت ہی خوابگاہ کا رُخ کیا تھا۔"

اب یہ بات میری سمجھ میں آئی کہ رضیہ نے ڈھائی بجے وہ تبدیلی کیسے دیکھ لیا تھا جب اتنی رات گئے اسے خوابِ خرگوش میں ہونا چاہیے۔

"نادرہ یہ فوٹو دیکھ چکی ہے۔" زرّیں نے بتایا۔ میں نے اس کی رائے پوچھی تھی لیکن وہ کہنے لگی کہ اس سلسلے میں میں ہی سے بات کرنا۔"

"ہوں۔" میں نے سائڈ ٹیبل سے لفافہ اٹھا کر اس میں سے فوٹو گراف نکال لیے۔ بلاشبہ وہ بڑے صاف فوٹو گراف تھے جن سے زرّیں کی مہارت کا پتا چلتا تھا۔ ہاتھوں کی لکیریں بالکل صاف نظر آ رہی تھیں۔ ان لکیروں نے مجھے بتایا کہ وہ ایک شاطر اور شیطان آدمی کی کہانی بیان کر رہی ہیں۔ میں خاصی دیر تک ان لکیروں کو پڑھتی رہی۔

آخر زرّیں سے ضبط نہ ہو سکا اور وہ بولی: "اب بتا بھی چکیں!"

"آں!" میں خیالات سے چونک اس کی طرف دیکھنے لگی۔

"بتائیے!" وہ بولی۔ "کیا یہ ہاتھ کسی ایسے آدمی کے ہو سکتے ہیں جو کبھی میرے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکے؟"

"مجھے افسوس ہے کہ میں تمہارے اس سوال کا جواب اثبات میں دوں گی۔"

"کیا!" زرّیں اچھل پڑی۔ اس وقت اس کا گلاس سائڈ ٹیبل پر رکھا ہوا نہ ہوتا تو یقیناً اس کے ہاتھ سے گر جاتا۔

"ہاں زرّیں!" میں نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "یہی وہ شخص ہے جو تمہارے مستقبل پر اثر انداز ہو گا۔"

"آخر کیسے؟" زرّیں بے چین ہو گئی۔

"ایسے کہ....." میں بولتے بولتے دانستہ چُپ ہو گئی۔

"ہاں ہاں، کہیے!" زرّیں کی بے تابی بڑھی۔

"شاید تمہیں میری باتوں پر یقین نہ آئے۔"

"میں تو آپ کی اس بات پر بھی یقین کر چکی ہوں جو ابھی آپ نے کہی ہے۔" زرّیں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"اگر تمہیں میری اس بات پر یقین آ گیا ہے تو پھر اب اس بات پر بھی یقین کر لو کہ تمہارے والد اچھے کردار کے آدمی نہیں ہیں۔"

زرّیں اس طرح میرا منہ تکنے لگی جیسے میری بات اس کی سمجھ میں نہ آ سکی ہو۔

میں زور دے کر بولی: "وہ کئی اعتبار سے ایک بُرے آدمی ہیں۔"

"کس اعتبار سے میڈم؟" زرّیں نے مغموم آواز میں پوچھا۔ "میں تو اپنے ڈیڈی کو بہت اچھا آدمی سمجھتی ہوں۔"

"انھیں سبھی اچھا آدمی سمجھتے ہیں لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ ایک دن آئے گا جب اُن کی وہ سب بُرائیاں لوگوں کے سامنے آ جائیں گی اور تم اس میں شرم محسوس کرو گی کہ تم خان آف کالاگوٹ کی بیٹی ہو۔"

"کاش میں وہ دن آنے سے پہلے ہی مر جاؤں!"

"نہیں۔" میں نے اسے اپنی آغوش میں سمیٹتے ہوئے کہا۔ "تم زندہ رہو گی۔ میں نے ان لکیروں میں ایک لکیر ایسی بھی دیکھی ہے کہ میں زیادہ متفکر نہیں ہوں۔"

"کون سی لکیر؟"

"ایک لکیر ہے جو یہ بتاتی ہے کہ اگر کوشش کی جائے تو آنے والے بُرے وقت سے بچا جا سکتا ہے لیکن اس سلسلے میں تمہیں بہت کچھ کرنا ہو گا۔"

"میں اس کے لیے اپنی جان پر بھی کھیلنے کو تیار ہوں۔"

"جان پر کھیلنے کی ضرورت نہیں بیٹی! آئے گی جان! میں نے اسے پیار کرتے ہوئے کہا۔

"آخر کچھ بتائیے تو سہی کہ مجھے کیا کرنا ہو گا؟"

"دراصل سب سے پہلے تو یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ تمہارے والد کس قسم کی بُرائیوں میں ملوث ہیں۔"

"لکیروں سے اس کا پتا نہیں چلتا؟"

"نہیں۔" میں نے جواب دیا۔ "لکیروں کی زبان بہت مبہم ہوتی ہے۔ ان لکیروں میں زندگی کا ہر واقعہ درج نہیں ہوتا۔"

"زیادہ پریشان نہ ہو۔ وہ سب کچھ تم بہت آسانی سے کر لو گی جو میں تمہیں بتاؤں گی۔ بس اک ذرا سکون سے تھوڑا سا وقت گزار لو!"

سکون سے میری جو مراد تھی، وہ زرّیں نے بھی سمجھ لی اور پھر ہم نے ایک گھنٹہ بڑے سکون سے گزار دیا۔

میرا خیال تھا کہ زرّیں اب پوری طرح میری گرفت میں ہے اور میں اسے بڑی آسانی سے خان آف کالاگوٹ کے خلاف استعمال کر سکوں گی۔

"تم سب سے پہلے تو ایسا کرو۔" میں نے زرّیں سے کہا۔ "کہ گھر جا کر نادرہ کو میرے پاس بھیج دو۔ میں نادرہ کو سمجھا دوں گی کہ ان حالات میں کیا کچھ کیا جا سکتا ہے۔ پھر وہ جیسا کہے تم اس پر عمل کرتی رہو۔ میں پوری کوشش کروں گی کہ تمہارے والد کو ان غلاظتوں سے نکال لوں جو تمہارے مستقبل پر اثر انداز ہو سکتی ہیں۔"

"کاش ان غلاظتوں کا علم ہو سکتا جن میں میرے والد پھنسے ہوئے ہیں۔" زرّیں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"فکر نہ کرو۔ سب معلوم ہو جائے گا۔" میں نے اس کا شانہ تھپک کر اسے تسلی دی۔ "میں اس معاملے کو ادھورا نہیں چھوڑ سکتی۔" میرے فقرے میں جو عزم پوشیدہ تھا، اسے زرّیں نہیں سمجھ سکتی تھی۔

"میڈم!" اس نے دھیمے لہجے میں کہا۔ "یہ آپ کی بات ہے کہ میں نے اس پر یقین کر لیا۔ اگر آپ کی جگہ اور کوئی یہ بات کہتا تو میں

اس سے جھگڑا بیٹھتی۔"

"مگر ان باتوں کی بھنک بھی تمہارے والد کے کانوں میں نہیں پڑنا چاہیے۔ انہیں تمہارے رویے سے بھی کسی قسم کا شبہ ہو گیا تو بات بگڑ جائے گی۔"

"آپ اطمینان رکھیں۔ مجھ سے یہ بے وقوفی سرزد نہیں ہوگی۔"

"میرا خیال ہے کہ اب تمہیں جانا چاہیے۔ خاصی دیر ہو گئی ہے۔"

زرّیں جانے کے لیے کھڑی ہو گئی۔ میں اسے چھوڑنے کے لیے دروازے تک گئی۔ اس نے کہا: "تو میں نادر کو بھیج دوں؟"

"ہاں۔"

اسے رخصت کرنے کے بعد میں صوفے پر بیٹھی سوچتی رہی کہ ابھی تک تو صورتِ حال اس طرح میرے قابو میں ہے جس طرح میں چاہتی تھی۔ زرّیں کو میں نے اپنی مٹھی میں لے لیا تھا اور اب رضیہ کے ذریعے اس سے بہت کچھ کام لے سکتی تھی۔

کچھ دیر بعد رضیہ نے فون پر مجھ سے رابطہ قائم کیا اور پوچھا۔ "زرّیں تمہارے بھی کہ آپ نے مجھے بُلایا ہے!"

"ہاں کیا تم خان ولا سے بول رہی ہو؟"

"جی نہیں۔ وہاں سے تو چل پڑی ہوں۔ راستے میں خیال آیا کہ آپ سے فون پر رابطہ قائم کر لوں۔ زرّیں نے مجھے یہ نہیں بتایا تھا کہ آپ نے مجھے کس وقت بُلایا ہے۔"

"چلو اچھا ہوا کہ تم نے فون کر لیا۔ اب تم گھر پہنچو، میں وہیں آ رہی ہوں۔"

"ڈیفنس؟"

"ہاں۔"

"اوہ کے باجی!"

میں نے سلسلہ منقطع کیا اور فلیٹ سے نکل آئی۔ میں نے رضیہ سے گفتگو کرنے کے لیے اپنے گھر کا انتخاب اس لیے کیا تھا کہ وہاں گفتگو میں رضوان بھی شریک ہو جاتا۔ بعض اوقات وہ جھونک میں بڑے پتے کی بات کر جاتا تھا۔

فلیٹ سے نکل کر مجھے خیال آیا تو میں دوبارہ فلیٹ میں داخل ہوئی۔ اب زرّیں سے ملاقات کا امکان نہیں رہا تھا اس لیے میں نے ریشادِ لکس والا ہیروپ ختم کیا اور اس کے بعد پھر فلیٹ سے نکل آئی۔ میں نے ایک ٹیکسی کی اور ڈیفنس کی طرف روانہ ہو گئی۔

جب میں گھر پہنچی تو رضیہ وہاں موجود تھی۔ ایک فوکس ویگن کو میں نے پورچ میں کھڑا دیکھا اور سمجھ گئی کہ یہ وہی کار ہے جو زرّیں نے رضیہ کے لیے وقف کر دی ہے۔

رضوان اور رضیہ ڈرائنگ روم میں ہی موجود تھے۔

"سنیے خاتون!" رضوان مجھے دیکھتے ہی غرایا۔ "آپ کس کا بندوبست کر لیجیے۔ میں اب زیادہ دن تک یہاں قیام نہیں کروں گا۔"

"اکتا گئے؟" میں مسکرائی۔ "حالانکہ یہاں ماہ پارہ بھی موجود ہے۔"

"اور میری زندگی کے لیے عذاب بن کر رہ گئی ہے۔"

"کیوں؟"

"وہ کہتی ہے کہ میں ہر وقت اس کے ساتھ نہ خانے ہی رہا کروں۔"

"تو رہا کرو۔ میں نے منع تو نہیں کیا۔" میں مسکرا کر بولی۔ "ویسے بھی تم خوب صورت لوگوں کی معیت میں رہنا پسند کرتے ہو۔"

"ہوں۔" رضوان غرایا۔ "تو آپ مجھ سے انتقام لے رہی ہیں۔"

"میں انتقام نہیں لے رہی ہوں، تمہاری بھلائی چاہتی ہوں۔ آخر کب تک لنڈورے پھرتے رہو گے۔ میں چاہتی ہوں کہ ماہ پارہ سے تمہاری شادی ہو جائے اور پھر تم ہنسی خوشی رہنے لگو۔"

"ہنسی خوشی!" رضوان نے ہونٹ بھینچ لیے اور مجھے گھورنے لگا۔

اب مجھے ہنسی آ گئی اور پھر میں نے مزید وقت ضائع کرنا مناسب نہ سمجھ کر رضیہ سے کہا۔ "میں نے تمہیں یہ سمجھانے کے لیے بُلایا ہے کہ تم کو ایک اہم رول ادا کرنا ہے۔ زرّیں اب پوری طرح میری گرفت میں ہے اور اب ہم اس سے بہت کام لے سکتے ہیں۔"

"اس نے مجھے ان باتوں کے بارے میں بتایا تھا جو آپ اس سے کر چکی ہیں۔" رضیہ نے سر ہلا کر کہا۔ "وہ بہت افسردہ تھی۔"

"تو سب سے پہلے تمہیں اسی پر زور دینا ہوگا کہ اس کی افسردگی ختم کر دو۔ اپنی افسردگی کی وجہ سے وہ خان آف کالاگوٹ کی توجہ کا مرکز بن سکتی ہے۔"

"میں اسے سنبھال لوں گی۔"

"اور اس کے بعد تمہیں خود ہی یہ دیکھنا ہوگا کہ اسے خان آف کالاگوٹ کے خلاف کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔"

"میں آپ کو بتاؤں کہ میں اس کام کا آغاز کر چکی ہوں۔"

"وہ کیسے؟"

"کل رات اس نے میرے سامنے ہی وہ فوٹو ڈیلیٹ کیے تھے۔ اسی لیے تو میں نے اتنی رات گئے اس ہیلی کوپٹر کو دیکھ لیا تھا۔ میں نے کل رات ہی جب زرّیں سے اس کے بارے میں پوچھا تو اس نے

بتایا کہ اس کے والد کبھی کبھی رات کو اچانک اپنے ٹیکٹائل ہل کے معائنے کے لیے جاتے ہیں تو کار کی بجائے ہیلی کوپٹر استعمال کرتے ہیں۔ اس کے لیے انھوں نے حکومت سے خصوصی اجازت نامہ حاصل کر رکھا ہے۔"

"ہوں۔"

"ان باتوں کے بعد زرّیں کے سامنے تو میں اپنی خواب گاہ میں چلی گئی تھی لیکن کوئی ایک گھنٹے بعد پائیں باغ کے اس حصے میں پہنچ گئی تھی جہاں سے میں نے ہیلی کوپٹر کو اُڑتے دیکھا تھا۔ پھر میں وہیں ایک کنج میں بیٹھی رہی تھی۔ دراصل میں دیکھنا چاہتی تھی کہ ہیلی کوپٹر کب واپس آتا ہے۔ جیسا میں نے آپ کو بتایا کہ ہیلی کوپٹر پانچ بجے لوٹا تھا اور میں نے اس میں سے صرف تین شخصیتیں اترتے دیکھی تھیں۔ خان آف کالاگوٹ، وہ غیر ملکی مسٹر باب اور خان کا گونگا بھتیجا عارف۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلایا۔ "تمہیں یقین ہے کہ خان کو وہاں پر تمہاری موجودگی کا شبہ بھی نہیں ہوا تھا؟"

"اس کا تو کوئی سوال ہی نہیں۔"

"اچھا تو آج سے تم نے کیا کام شروع کیا ہے؟"

"میں نے زرّیں سے اسی ہیلی کوپٹر کا ذکر چھیڑ دیا تھا اور آج اس کے چہرے کے تاثرات کل رات کے تاثرات سے مختلف تھے۔"

"تم نے کیا کہا تھا اس سے؟"

"یہی کہ کیا واقعی خان آف کالاگوٹ اس ہیلی کوپٹر میں اپنی ٹیکٹائل ہل کے معائنے کے لیے جاتا ہے یا اس کی منزل کوئی اور نامعلوم جگہ ہوتی ہے؟"

"پھر اس نے کیا جواب دیا؟"

"میں نے کہا نا کہ کل رات کی بہ نسبت آج وہ تذبذب کا شکار تھی۔ اس نے یہ جواب دیا تھا کہ صورتِ حال پر جو ایک نئی روشنی پڑی ہے، اس کے باعث اب وہ اس بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتی۔"

"ہوں۔" میں سوالیہ انداز سے رضیہ کی طرف دیکھتی رہی۔ میں چاہتی تھی کہ اگر کوئی اور بات ہو تو رضیہ وہ بھی بتا دے۔

رضیہ نے کہا۔ "میں نے زرّیں پر زور دیا ہے کہ اس ہیلی کوپٹر کی اصل منزل کا پتا چلانا ضروری ہے۔ زرّیں اس سلسلے میں عارف سے کام لے سکتی ہے۔"

"وہ کس طرح؟"

"عارف لاکھ گونگا اور بہرا سہی لیکن آنکھوں کی زبان سے اس نے زرّیں کو اکثر یہ بتایا ہے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے۔"

"اوہ! یہ نکتہ تو واقعی بہت کام کا ہے۔"

"محبت کے نکتے واقعی بہت کام کے ہوتے ہیں۔" رضوان بول پڑا۔ "لیکن آپ نے کبھی اس پہلو پر صحیح زاویے سے غور نہیں کیا۔"

"صحیح زاویے سے کیا مطلب؟" میں اسے گھورنے لگی۔

"میں کبھی رضیہ کی عدم موجودگی میں اس مسئلے پر گفتگو کروں گا۔" میں منہ بنا کر پھر رضیہ کی طرف متوجہ ہو گئی اور بولی۔ "عارف کے اس جذبے کا زرّیں پر کیا ردِ عمل ہوا؟"

"وہ اب تک تو عارف کو نظر انداز کرتی رہی ہے۔"

"لیکن اب اسے عارف پر توجہ دینا پڑے گی۔"

"ظاہر ہے کہ اس ہیلی کوپٹر کی اصل منزل ہمیں عارف ہی سے معلوم ہو سکتی ہے۔"

"اس غیر ملکی باب کو اس ہیلی کوپٹر میں کہاں لے جایا جا سکتا ہے؟"

"مجھے ایک شبہ ہے۔" رضوان بول پڑا۔

"کیا؟" میں اس کی طرف متوجہ ہو گئی۔

"شاید خان آف کالاگوٹ اسے وہاں لے گیا ہو جہاں اس نے پروفیسر منہاس کو رکھا ہوگا۔"

"اس کا مطلب تو یہی ہوا کہ وہ کسی غیر ملکی طاقت سے پروفیسر منہاس کے تجربے کا سودا کرنا چاہتا ہے۔"

"اس نکتے پر آپ پہلے بھی سوچ چکی ہیں۔"

"ہوں۔" میں نے سر ہلایا۔ "اور ہمیں یہ سودا مکمل ہونے سے پہلے پہلے پروفیسر منہاس تک پہنچنا چاہیے۔"

"اور خان آف کالاگوٹ ماہ پارہ تک پہنچنے کی فکر میں ہے۔" رضیہ بولی۔

"ہاں، اس نے کہا تو یہی تھا۔" رضوان نے کہا۔

"کیا مطلب!"

"یہ بات ابھی ابھی میرے ذہن میں آئی ہے کہ ماہ پارہ تک پہنچ کر اسے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔"

"کیوں!" رضیہ اسے گھورنے لگی۔ "آخر اس نے ماہ پارہ کو قتل کروانے کی کوشش کیوں کی تھی؟"

"اس کوشش کا مقصد تو یہ ہوگا کہ ہمیں ماہ پارہ سے پروفیسر منہاس کے تجربے کا علم نہ ہو سکے۔"

رضوان کی بات کچھ کچھ میری سمجھ میں آ رہی تھی۔ میں نے پلکیں جھپکا کر اس کی طرف دیکھا اور بولی: "تو اب اس نے مجھے دھمکی کیوں دی تھی کہ وہ جلد ہی ماہ پارہ کا سودا کرنے کی پوزیشن میں آ جائے گا۔"

"اس کا ایک مقصد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ ماہ پارہ کی حفاظت کے چکر میں پڑی رہ جائیں اور دوسری طرف وہ پروفیسر منہاس کے تجربے کا سودا کرنے میں کامیاب ہو جائے۔ وہ چاہتا ہے کہ آپ دو ایک دن اس کی طرف پوری طرح متوجہ نہ ہو سکیں۔"

"ہوں۔" میں مسکرائی۔ "بعض اوقات تم خاصی عقلمندی کی باتیں کرنے لگتے ہو۔ میں تمہارے اس خیال سے پوری طرح متفق ہوں کہ اب اسے ماہ پارہ کے حصول سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اسے اندازہ ہو گا کہ جو بات وہ چھپانا چاہتا تھا وہ اب ہمارے علم میں آ چکی ہوگی۔ اس کے بعد اس کے لیے ماہ پارہ کی اہمیت ختم ہو جاتی ہے۔"

"تو اب مجھے کیا کرنا ہوگا باجی!" رضیہ نے پوچھا۔

"تمہارا ایک کام تو وہی ہے کہ خان آف کالا گوٹ پر نظر رکھو اور دوسرا کام تم خود ہی کر چکی ہو۔ زریں اور عارف کے ذریعے یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ خان آف کالا گوٹ اس ہیلی کوپٹر میں کہاں آتا جاتا ہے۔"

"کچھ اور تو نہیں کہنا ہے آپ کو مجھ سے؟"

"نہیں، کیوں؟"

"زریں نے کہا تھا کہ میں کھانے کے وقت تک لوٹ آؤں۔"

"ٹھیک ہے، تم جاؤ!"

رضیہ کھڑی ہو گئی۔

اس کی روانگی کے بعد میں نے ملازمہ سے کہا کہ میرے اور رضوان کے لیے کھانا لگا دیا جائے۔

"ماہ پارہ کو بھی بلا لیجیے کھانے کی میز پر۔" رضوان شرارت سے مسکرایا۔

"اگر تم اس کے بغیر اداس ہو تو میں چلی جاتی ہوں۔ تم اسے بلا لو کھانے کی میز پر۔"

"میں تو اس لیے کہہ رہا تھا کہ وہ آپ کو بہت پسند کرتی ہے۔ کئی مرتبہ آپ کو پوچھ چکی ہے۔"

"اس کے بھائی کا کیا ہوا؟"

"وہ آج ہی نواب شاہ سے لوٹا ہے۔ فون پر اس سے میری گفتگو ہو چکی ہے۔ وہ ماہ پارہ کے سلسلے میں بھی پریشان ہو گیا تھا لیکن میں نے اسے مطمئن کر دیا۔ آج تیسرے پہر کو وہ ماہ پارہ کو لے آئے گا۔"

کچھ دیر بعد میں اور رضوان کھانے کی میز پر بیٹھے تھے۔ اس دوران میں ذکر پروفیسر منہاس ہی کا رہا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا۔" رضوان بولا۔ "کہ خان آف کالا گوٹ پروفیسر کی اس ایجاد کے عوض کتنی دولت حاصل کر سکتا ہے۔"

"تمہاری یہ بات وضاحت طلب ہے۔"

"خان آف کالا گوٹ کے پاس دولت کی کمی نہیں اور اس ایجاد کے عوض اسے اربوں روپیہ تو نہیں مل سکتا!"

"تم بالکل ٹھیک سوچ رہے ہو۔"

"تو پھر ثابت ہوا کہ بات پیسے کی نہیں بلکہ نظریے کی ہے۔"

میں نے اس وقت جلدی جلدی پلکیں جھپکائیں۔ شاید یہی وہ بات کہنے والا تھا جو میں سوچ چکی تھی۔

"میرا مطلب ہے۔" رضوان پھر بولا۔ "کہ خان آف کالا گوٹ کسی خاص نظریے کا حامی ہے اور اسی نظریے کے لیے کام کر رہا ہے۔ اب رہ گیا یہ سوال کہ وہ کون سا نظریہ ہے تو میرے خیال کے مطابق دنیا میں صرف دو ہی نظریے اسٹیبلش ہو سکے ہیں۔"

"اسٹیبلش!" میں مسکرائی۔

"ہاں۔" رضوان نے سنجیدگی سے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ میں اپنی بات کی وضاحت کے لیے اس سے بہتر لفظ استعمال نہیں کر سکتا تھا۔ اس وقت دنیا میں صرف دو ہی نظریات کام کر رہے ہیں سرمایہ دارانہ نظام اور اشتراکیت لہٰذا خان آف کالا گوٹ یا تو امریکی بلاک کا ایجنٹ ہے یا روسی بلاک کا۔ اب ہمیں یہ معلوم کرنا ہوگا کہ وہ کس بلاک کے لیے کام کر رہا ہے۔ باب کی شخصیت سے پتا چل سکتا ہے کہ وہ کس بلاک کا باشندہ ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ جس بلاک کا باشندہ ہو، اسی کے لیے کام کر رہا ہو۔ غدار پیدا ہو جاتے ہیں کسی بھی امریکی بلاک کا باشندہ روس کے لیے اور کسی روسی بلاک کا باشندہ امریکہ کے لیے کام کر سکتا ہے۔"

"ہوں۔" میں مسکرائی۔ "میں نے کہا نا کہ جب تم سنجیدگی سے باتیں کرتے ہو تو اچھی خاصی ذہانت کی باتیں کر لیتے ہو۔"

رضوان نے میری "چوٹ" پر کوئی چوٹ نہیں کی۔ بس اک مرتبہ مجھے دیکھا اور بولتا رہا۔ "آج کل یہ دونوں ہی بلاک ہمارے

ملک پر اپنا تسلط جمانے کی فکر میں ہیں۔ خصوصاً روسی بلاک اس سلسلے میں خاصا متحرک ہوا ہے کیونکہ ابھی تک اسے یہاں، امریکی بلاک سے زیادہ کامیابی حاصل نہیں ہو سکی ہے۔ بس معاہدۂ تاشقند کے بعد اس کا زور کچھ بڑھا ہے اور ہمارے لوگوں میں امریکہ کے خلاف کچھ جذبات پیدا ہو گئے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ روس کی کوئی بہت بڑی کامیابی نہیں۔"

"کیا تم یہ کہنا چاہتے ہو کہ خان آف کالا گوٹ روسی ایجنٹ ہے؟"

"نہیں۔ میں کسی ثبوت کے بغیر یہ بات کیسے کہہ سکتا ہوں۔ میں تو صرف حالات کا تجزیہ کر رہا تھا۔"

"حالات کا تجزیہ کرنا ہمارے اکابرین کا کام ہے۔ ہمیں صرف اپنے کام سے کام رکھنا چاہیے۔"

"یہاں کوئی سی، آئی، ڈی والا نہیں بیٹھا ہوا ہے جو آپ اس موضوع پر بات کرتے ہوئے ڈر رہی ہیں۔" رضوان نے منہ بنا کر کہا۔

میں ہنس کر میز سے اٹھ گئی۔ ہم کھانا کھا چکے تھے۔

"چائے ڈرائنگ روم میں پئیں گے۔" میں نے کہا۔

ہم ڈرائنگ روم میں جا بیٹھے اور ملازمہ نے چائے وہاں پہنچا دی۔ چائے پینے کے دوران میں رضوان نے پوچھا: "اب آپ کا کیا پروگرام ہے؟"

"بس اب چائے پی کر جاؤں گی۔"

"کہاں؟"

"واپس فلیٹ۔" میں نے جواب دیا۔ "مجھے امریکہ کے لیے کال بک کرنا ہے۔ سنگیتا نے اب تک مجھے کوئی فون نہیں کیا۔ نہ جانے کیا بات ہے!"

"ہائے!" رضوان نے ایک دل دوز آہ بھری۔ "کیسی بے قراری ہے۔ اب ذرا تصور کیجیے کہ مجھ پر رضیہ سے جدا کر کے آپ نے مجھ پر کتنا ظلم کر رکھا ہے۔"

"تم دونوں تو ٹیلیفون پر باتیں کرتے ہی رہتے ہو۔" میں یہ کہتے کہتے ایک دم چونک پڑی اور بولی: "یہ بو کیسی ہے؟"

اب رضوان نے بھی ناک سکوڑی۔ "ہاں ہے تو!" وہ بولا۔

بو بڑی تیزی سے بڑھ رہی تھی۔ اسی وقت باہر سے کسی ملازمہ کے چیخنے کی آواز سنائی دی۔ میں نے ایک جھٹکے سے پیالی رکھ دی اور اٹھ کر دروازے کی طرف لپکی۔ میرے پیچھے رضوان بھی تھا۔ اس پر کیا گزری؟ مجھے نہیں معلوم لیکن میرے قدم ڈگمگا سے گئے تھے۔ اس بو نے میرے ذہن پر کچھ عجیب سا اثر مرتسم کیا تھا۔

جیسے ہی میں برآمدے میں نکلی میں نے اپنی ایک ملازمہ کو وہاں ڈھیر کی صورت میں پڑا دیکھا۔ دو آدمی بھی نظر آئے جنھوں نے اپنے چہروں پر گیس ماسک چڑھا رکھے تھے اور ان کے ہاتھوں میں اسپرے گن تھیں۔ ان گنوں سے کسی مائع شے کی بہت تیز بو چھار ہو رہی تھی اور غالباً اسی کی بو نے ساری فضا کو مسموم کر دیا تھا۔

میں نے چاہا کہ اپنا ریوالور اوپر پرس سے نکالوں لیکن میرے ہاتھ کانپ کر رہ گئے۔ میری پنڈلیوں میں جیسے جان ہی نہیں رہ گئی تھی۔ میں نے کسی چیز کا سہارا لینا چاہا مگر ناکام رہی اور گر پڑی۔ میرا خیال ہے کہ میں نے رضوان کے گرنے کی آواز بھی سنی تھی اور بے ہوش ہونے سے قبل میرے ذہن میں آخری خیال یہ آیا تھا کہ پروفیسر منہاس کی ایجاد کا پہلا تجربہ ہم ہی لوگوں پر تو نہیں کیا گیا؟



جب میری آنکھ کھلی تو میں نے خود کو اور رضوان کو ایک کشادہ کمرے کے دو مختلف بستروں پر پایا۔ چند لمحوں تک میں بستر ہی پر پڑی رہی کیوں کہ میرے ذہن میں بے ہوشی سے قبل کے واقعات چکرانے لگے تھے۔ پھر جب مجھے سب کچھ یاد آ گیا تو میں ایک جھٹکے سے اٹھ کر بیٹھ گئی اور بہ نظرِ غائر اس کمرے کا جائزہ لینے لگی۔

دوسرے بستر پر پڑے ہوئے رضوان کی حالت سے اندازہ ہوتا تھا کہ وہ ابھی تک بے ہوش ہے۔

میں بستر سے اٹھ کر دروازے تک گئی اور توقع کے مطابق اسے کھولنے میں ناکام رہی۔ وہ باہر سے بند تھا۔ گویا اب ہم دشمن کی قید میں تھے اور دشمن ظاہر ہے کہ خان آف کالا گوٹ کے سوا کون ہو سکتا تھا؟

اب میں رضوان کے بستر کے قریب گئی اور اسے ہلایا جلایا۔ اس کے سانس اعتدال سے چل رہے تھے اور میرا اندازہ تھا کہ اسے ہوش آنے میں اب زیادہ دیر نہیں لگے گی۔ میں اس کی طرف سے مطمئن ہونے کے بعد پھر اسی بستر پر جا بیٹھی جس پر میری آنکھ کھلی تھی۔

اس میں تو کوئی شبہ کیا ہی نہیں جا سکتا تھا کہ میں اور رضوان خان آف کالاگوٹ کی قید میں تھے۔ اب دیکھنا صرف یہ تھا کہ ہم کہاں قید ہیں اور ہمیں اس طرح اغوا کرنے کا مقصد کیا ہے؟ کیا خان آف کالاگوٹ اسی طرح ماہ پارہ کا سودا کرنا چاہتا ہے؟

ماہ پارہ؟ یہ لڑکی اب ایک اہم سوال بن گئی تھی۔ میں نے اور رضوان نے تو یہ سوچا تھا کہ اب خان آف کالاگوٹ کے لیے ماہ پارہ کی کوئی اہمیت نہیں ہوگی۔ اگر میں اپنے اس خیال کو اب بھی درست جانے رہتی تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا کہ ہمیں اغوا کرنے کا دوسرا مقصد کیا ہو سکتا ہے؟

میں ان سوالوں سے تو الجھتی رہی لیکن پریشانی یا خوف کا کوئی احساس میرے ذہن میں دُور دُور تک نہیں تھا۔ اِس اعتبار سے شاید میں ایک ایبنارمل عورت ہوں کہ بعض اوقات خطرناک ترین صورتِ حال بھی مجھے پریشان نہیں کر پاتی۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا رہتا ہے جیسے ان حالات سے نپٹنا میرے لیے ناممکن نہیں! اس وقت بھی میں کچھ ایسا ہی محسوس کر رہی تھی، بلکہ شاید میں کچھ مطمئن بھی تھی۔ مجھے یوں لگ رہا تھا جیسے خان آف کالاگوٹ نے میری مشکلات کو کچھ اور آسان کر دیا ہے۔ مجھے یہ احساس کیوں تھا، میں اس کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔ غالباً اِسے بس چھٹی حس کی کرشمہ سازی کہا جا سکتا ہے۔

رضوان کی بڑبڑاہٹ سُن کر اور اُسے کروٹ بدلتے دیکھ کر میں اس کی طرف متوجہ ہوئی۔ غالباً اب رضوان کو ہوش آ رہا تھا۔ میرا یہ اندازہ درست ثابت ہوا۔ اس نے آنکھیں کھول دی تھیں اور اب پلکیں جھپکا جھپکا کر چھت کی طرف دیکھ رہا تھا۔ شاید اس کے ذہن میں بھی بے ہوشی سے قبل کی وہ ساری باتیں بکھر رہی ہوں گی جو میرے ذہن میں بھی بکھر رہی تھیں۔ پھر میں نے اُسے بوکھلا کر اُٹھتے دیکھا۔ مجھ پر نظر پڑتے ہی اُس کا مُنہ اِس طرح کھُلا تھا جیسے اس نے کوئی عجوبہ دیکھا ہو۔

"کیا میرے سر پر سینگ نکل آئے ہیں؟" میں بولی۔

"مم... میں یہ... سوچ رہا ہوں کہ... مرنے کے بعد اللہ میاں نے ہم دونوں کو یکجا کر دیا!"

"مرنے کے بعد نہیں، مرنے سے پہلے۔"

"ہائیں! تو کیا ہم زندہ ہیں؟" رضوان اپنا جسم ٹٹولنے لگا۔

"کم از کم میں تو ہوں۔"

"اگر آپ زندہ ہیں اور میں مر چکا ہوں تو اب بھوت، کر آپ سے چمٹ جاؤں گا۔"

"لیکن یہ ضرور بتا دینا کہ تم لاتوں کے بھوت بنو گے یا باتوں کے!"

رضوان نے اس نوک جھونک کو زیادہ طویل نہیں کیا اور اِدھر اُدھر دیکھتا ہوا بولا۔ "کیا یہ دروازہ باہر سے بند ہے؟"

"تو کیا کھلا ہونا چاہیے؟"

"کھلنے یا بند ہونے کا کیا سوال؟ ہونا ہی نہیں چاہیے۔"

"اس کا مطلب ہے کہ تم ابھی پوری طرح ہوش میں نہیں آئے۔ بہتر ہوگا کہ کچھ دیر چُپ رہو تاکہ تمہاری دماغی حالت معمول پر آ جائے۔"

رضوان نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور پھر بولا۔ "میرا خیال ہے کہ خان آف کالاگوٹ نے ہمارے کفن دفن کا سارا انتظام مکمل کر لیا ہوگا!"

"اگر خان آف کالاگوٹ ایسا کر چکا ہے تو یقیناً وہ سب کچھ اب اس کے کام آئے گا۔"

"لیکن یہ بڑی دلچسپ بات ہے کہ اس نے فی الحال ہمارے آرام و آسائش کا پورا پورا خیال رکھا ہے۔"

"کیا تمہارا اشارہ کسی خاص بات کی طرف ہے؟"

"آپ نے محسوس نہیں کیا کہ ہم ایک ایئر کنڈیشنڈ کمرے میں ہیں؟"

"نہ صرف محسوس کیا ہے بلکہ اس پر متعجب ہوں۔"

"تعجب کا زور کس نکتے پر ہے؟"

"اس نکتے پر کہ ہمارے شہر میں تو ابھی اتنی گرمی نہیں تھی۔"

"کیا مطلب!" رضوان اچھل پڑا۔

"تمہارا یہ اچھلنا ظاہر کرتا ہے کہ تم میرا مطلب سمجھ گئے ہو۔"

"آپ یہ کہنا چاہتی ہیں کہ ہم اس وقت کراچی میں نہیں ہیں؟"

"میں اس کا شبہ کر رہی ہوں۔"

"تو پھر ہم کہاں ہو سکتے ہیں؟" رضوان نے اپنی رسٹ واچ پر نظر ڈالتے ہوئے کہا۔ "وقت تو یہ بتا رہا ہے کہ ہم رات بھر بے ہوش رہے ہیں۔ اب صبح کے آٹھ بجے ہیں اور تاریخ بھی بدل چکی ہے۔"

"یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ ہم ... ہیں لیکن کراچی سے بہت زیادہ دور تو بہرحال نہیں ہوں گے۔ ممکن ہے کہ یہ سندھ کا اند... ہو۔"

"سمہ ہیلی کوپٹر ہی سے یہاں پہنچایا گیا ہوگا!"

ہے۔ کار کے ذریعے بھی رات بھر میں خاصا فاصلہ...

اس ... ے میں ایسی کھڑکھڑاہٹ ہوئی جیسے کسی ہول میں ... گئی ہو۔ میں اور رضوان چونک کر اس طرف دیکھنے لگے۔ دروازہ کھُلتا نظر آیا اور پھر ایک آدمی کی شکل دکھائی دی۔ وہ چھوٹتے ہی بولا۔ "ناشتے کی میز پر میزبان آپ کے منتظر ہیں۔"

میں نے اور رضوان نے ایک دوسرے کی جانب دیکھا پھر میں کھڑی ہوتی ہوئی آہستہ سے بولی۔ "آؤ چلتے ہیں۔"

میں اور رضوان اس آدمی کے پیچھے پیچھے اس کمرے سے نکلے۔ اب ہمیں ایک پتلی سی راہداری میں چلنا پڑ رہا تھا۔ مصنوعی روشنی اس راہداری میں بھی پھیلی ہوئی تھی اور میں اس عمارت کی ساخت کے بارے میں سوچنے پر مجبور ہو گئی تھی۔ کہیں کوئی ایسا روزن بھی نظر نہیں آ رہا تھا جہاں سے روشنی یا ہوا اندر آ سکتی۔

راہداری کے سرے پر ایک آہنی دروازہ تھا۔ اس دروازے کے قریب فرش پر کوئی چار فٹ چوڑی ایک دھاتی چادر بچھی ہوئی تھی۔ جیسے ہی ہمارے رہبر کا قدم اس چادر پر پڑا، دروازہ خود بخود کھُلتا چلا گیا۔ یہ بالکل سامنے کی بات تھی کہ دھاتی چادر پر پڑنے والا وہ وزن جیسے میکنزم کو حرکت میں لایا ہوگا جو دروازے کو کھول سکتا ہو۔

اب ہم ایک بڑے کمرے میں داخل ہوئے تھے جہاں کھانے کی اتنی بڑی میز بچھی ہوئی تھی جس پر آٹھ آدمی کھانا کھا سکتے تھے۔ میز پر ناشتہ لگا ہوا تھا اور میز کے سرے پر جو شخصیت بیٹھی ہوئی تھی اسے دیکھ کر مجھے ذرا بھی تعجب نہیں ہوا تھا۔

"خوش آمدید صبیحہ بانو!" خان آف کالاگوٹ کی آواز نے اس کمرے میں گونج سی پیدا کی۔

"میرا نام رضوان ہے۔" رضوان بڑی سنجیدگی سے بولا۔ "اگر ماہو تو مجھے بھی خوش آمدید کہہ سکتے ہو۔"

"میں مسخروں کو برداشت تو کر سکتا ہوں، انھیں خوش آمدید نہیں کہہ سکتا۔" خان آف کالاگوٹ نے سرد لہجے میں کہا۔

"واہ!" رضوان قہقہہ لگا کر بولا۔ "یہ تو تم نے نہایت مسخرے پن کی بات کہی۔"

اس فقرے پر خان آف کالاگوٹ بُری طرح تلملا گیا۔ اس کے چہرے سے مترشح تھا کہ اس نے خود پر قابو پائے رکھنے کی بھرپور کوشش کی تھی ورنہ وہ گھنگھور گھٹا کی طرح برس پڑتا۔

میں نے اپنے بیٹھنے کے لیے میز کے دوسرے سرے کی کرسی کا انتخاب کیا اور رضوان کو اشارہ کیا کہ وہ میرے قریب بیٹھے لیکن اس نے میز کے وسط کی ایک کرسی کا انتخاب کیا اور بیٹھتے ہی اس پلیٹ کی طرف ہاتھ بڑھایا جس میں نیپکن سے لپٹے ہوئے گرم گرم ٹوسٹ رکھے ہوئے تھے۔ اس نے دو ٹوسٹ نکال کر اپنی پلیٹ میں رکھے اور چھری اٹھا کر ایک ٹوسٹ پر مکھن لگانے لگا۔

"صبیحہ بانو!" خان آف کالاگوٹ سرد لہجے میں بولا۔ "کیا تم اپنے درباریوں کو آدابِ محفل سے آگاہ نہیں رکھتی ہو؟"

رضوان نے اپنے کان کے قریب اس طرح ہاتھ ہلایا جیسے بھنبھناتے ہوئے مچھر کو بھگا رہا ہو۔ اس حرکت کے بعد وہ پھر ٹوسٹ پر مکھن لگانے میں مصروف ہو گیا۔ خان آف کالاگوٹ نے سختی سے ہونٹ بھینچ لیے اور اِدھر میں یہ سوچ رہی تھی کہ رضوان نے آخر یہ بے تکی حرکتیں کیوں شروع کر دی ہیں؟ کیا اسے احساس نہیں کہ ہم اس وقت ایک خطرناک دشمن کے شکنجے میں ہیں؟

"محترم میزبان!" میں خان آف کالاگوٹ کی طرف دیکھتی ہوئی سپاٹ لہجے میں بولی۔ "میرا خیال ہے کہ ہمیں ناشتہ شروع کر دینا چاہیے!"

"میں تو صرف ایک کپ چائے پیوں گا۔ میں اپنے گھر سے ناشتہ کر کے آیا ہوں۔"

اس جواب پر میں نے چند لمحوں کے لیے بڑے غور سے خان آف کالاگوٹ کے چہرے کی طرف دیکھا۔ میں اندازہ لگانا چاہتی تھی کہ اُس کے اس جواب کا حقیقی مقصد کیا ہے؟ کیا وہ مجھے یہ باور کرانا چاہتا ہے کہ جس جگہ ہم قید ہیں وہ مقام اس کے گھر سے زیادہ دور نہیں؟ جب کہ میرے خیال کے مطابق یہ مقام اندرونِ سندھ کسی جگہ تھا۔ کراچی میں ابھی اتنی گرمی نہیں تھی کہ ایئر کنڈیشنڈ سسٹم کو آن رکھنے کی ضرورت ہوتی۔

بہرحال میں نے خان کے اس جواب کے سلسلے میں اپنے دماغ پر زیادہ دباؤ نہیں ڈالا اور بے پروائی ظاہر کرنے کے سے انداز میں شانے اچکا کر ناشتے میں مصروف ہوگئی۔ دوسری طرف رضوان ماحول سے گویا بالکل بے خبر ہوکر ٹوسٹ اور انڈوں سے انصاف کرنے میں منہمک تھا۔

جو شخص ہمیں لے کر آیا تھا وہ دروازے ہی پر ایستادہ تھا۔ اس کمرے کے دو دروازے تھے اور دوسرے دروازے پر بھی ایک آدمی مستعد کھڑا تھا۔ اس آدمی کے کوٹ کی بھولی ہوئی جیب ظاہر کر رہی تھی کہ اس میں ریوالور موجود ہے۔

"تو تم نے دیکھا صبیحہ بانو!" خان آف کالاگوٹ قدرے توقف سے بولا۔ "میں نے کہا تھا نا کہ میں بہت جلد ماہ پارہ کو سوٹ کرنے کی پوزیشن میں آجاؤں گا۔"

میں کوئی جواب دینے کی بجائے اسے گھورنے لگی۔ میرا خیال تو یہ تھا کہ خان نے میرے گھر کے تہ خانے سے شاید ماہ پارہ کو بھی برآمد کرلیا ہوگا لیکن اس فقرے کے بعد یہ بات واضح ہوگئی تھی کہ خان کے آدمیوں کے ہاتھ ماہ پارہ تک نہیں پہنچ سکے تھے۔

میں نے خان کے ہونٹوں پر فاتحانہ مسکراہٹ لرزتے دیکھی۔

"خوب!" میں نے دھیرے سے کہا۔ "گویا تم میرے عوض ماہ پارہ کا مبادلہ کروگے!"

"تم دونوں کے عوض!" خان نے لفظ "دونوں" پر زور دیا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ تمہارے لیے اب ماہ پارہ کی کیا اہمیت باقی رہ گئی ہے!"

"اب کا کیا مطلب ہوا؟ پہلے اس کی کیا اہمیت تھی؟"

"پہلے تو تم یہ نہیں چاہتے ہوگے کہ میں اس بے پروفیسر منہاس کے تجربے کا علم ہوسکے۔"

"ہوں۔" خان نے سر ہلایا۔ "تم نے ٹھیک سوچا۔ پہلے تو میں واقعی صرف اسی نکتے پر سوچ رہا تھا لیکن اب صورتِ حال دوسری ہے۔"

"یعنی؟"

"کیا تم مفاہمت کی فضا میں گفتگو کرنے کے لیے تیار ہو؟"

"کیا مطلب!"

"اگر..."

اس وقت رضوان نے اتنے زور سے ڈکار لی کہ خان کا لاگوٹ چونک گیا۔ رضوان نے ٹوسٹ اور انڈوں کا حملہ بے باک کرنے کے بعد ڈکار لی تھی اور اب ٹی پاٹ کی طرف متوجہ ہوگیا تھا۔ اس نے میری یا خان آف کالاگوٹ کی طرف دیکھنے کی زحمت نہیں کی تھی۔ اس کی اس حرکت پر نہ صرف خان جھنجلایا بلکہ میرا موڈ بھی بور ہوگیا تھا۔

بات کو بڑھنے سے روکنے کے لیے میں خان کی طرف متوجہ ہوکر بولی۔ "تم کیا کہنا چاہتے ہو خان!"

"میں۔" خان نے ایک طویل سانس لے کر رضوان کی طرف سے نظر ہٹالی اور مجھ سے کہا۔ "اگر تم ماہ پارہ کا پتا بتالو تو پھر ہم حساب برابر ہوجائے گا تو میں بھی تمہیں بتادوں گا کہ اب میرے لیے ماہ پارہ کی کیا اہمیت ہے۔"

"گویا مشروط؟"

"ہاں۔"

"اگر میں انکار کردوں؟"

"تو میں ماہ پارہ کی اہمیت کے بارے میں کچھ نہیں بتاؤں گا لیکن تمہیں تو بالآخر ماہ پارہ کا پتا بتانا ہی پڑے گا۔ تم یہاں سے کسی قیمت پر بھی نہیں نکل سکتیں صبیحہ بانو! اس عمارت سے صرف وہی لوگ نکل سکے ہیں جنھوں نے میری بات مان لی ہے۔ انکار کرنے والوں کے ڈھانچے اس عمارت میں اب بھی موجود ہیں۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں ان کا دیدار بھی کروا سکتا ہوں۔"

"واہ!" رضوان نے ہانک لگائی۔ "کیا شاعرانہ بات ہے! ڈھانچوں کا دیدار! سبحان اللہ!"

"میرا خیال ہے۔" خان آف کالاگوٹ غرایا۔ "تمہارے اس مسخرے ساتھی کو ڈھانچے میں تبدیل کرنے کا انتظام تو میں مکمل کر ہی دوں۔"

"خان!" میں نے اس کے ذہن کو رضوان کی طرف سے ہٹانے کے لیے کہا۔ "میں تمہیں ماہ پارہ کے بارے میں ہرگز کچھ نہیں بتاؤں گی۔ تم آخر کب تک مجھے اس عمارت میں قید رکھ سکتے ہو؟"

"جب تک تم ڈھانچا نہ بن جاؤ!"

"کیا تم اتنا طویل انتظار کرسکو گے؟" میں مسکرائی۔

"کیا مطلب!" خان مجھے گھورنے لگا۔

"کیا خیال ہے کہ تم اتنا طویل انتظار نہیں کرسکتے۔ تم جلد ماہ پارہ کو پانا چاہتے ہو۔"

خان آف کالاگوٹ نے ایک طویل سانس لیا اور پھر مجھے مخاطب کرکے بولا۔ "تمہیں اندازہ ہے کہ میں اس سلسلے میں جلدی کیا۔"

"سامنے کی بات ہے۔"

"لو سنو!" خان کرسی سے کھڑا ہوگیا۔ "مجھے واقعی جلدی نہیں... میں تمہیں شام تک کی مہلت دیتا ہوں۔ اچھی طرح سمجھ کر فیصلہ کرلو کہ تمہیں ان حالات میں کیا کرنا چاہیے! شام کو بھی تمہارا جواب انکار میں ہوا تو پھر تمہیں حد درجہ ناک اور اذیت ناک صورتِ حال کا سامنا کرنا ہوگا۔"

اس کے بعد خان آف کالاگوٹ نے میرے جواب کا انتظار نہیں کیا۔ وہ تیزی سے دوسرے دروازے کی طرف بڑھا۔

"سنو!" رضوان نے ہانک لگائی۔ "گھر پہنچ کر اپنی خیریت کا فوراً بھیجنا۔ دو فٹ تار بھی کافی ہوگا۔"

خان آف کالاگوٹ ایک جھٹکے سے رکا۔ ایسا معلوم ہوا جیسے وہ پلٹ کر رضوان کے سلسلے میں کوئی سخت حکم صادر کرے گا جس کی تعمیل کرنے کے لیے اس کے دونوں آدمی حرکت میں آجائیں گے لیکن پھر نہ جانے کیا سوچ کر وہ پلٹے بغیر آگے بڑھا اور دروازے سے نکل گیا۔

"ہائے!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لیا۔ "بڑے بے مروت ہیں حسن والے۔"

مجھے رضوان پر جھنجلاہٹ کے باوجود خان آف کالاگوٹ کے لیے "حسن والے" کی پھبتی پر ہنسی آگئی۔

جو شخص ہمیں یہاں لایا تھا، بلند آواز میں بولا۔ "اب تم دونوں بھی واپس چلو!"

"چلو بھائی!" رضوان نے ٹھنڈا سانس لے کر کہا۔ "ہمارے محبوب کی رخصت کے بعد یہاں کیا خاک رونق رہ گئی ہے۔"

میں رضوان کا ہاتھ پکڑ کر اس دروازے کی طرف بڑھی جس سے ہم یہاں آئے تھے۔ وہ آدمی ہمیں راستہ دینے کے لیے ایک طرف ہٹ گیا۔ جب ہم دروازے سے گزر گئے تو وہ بھی ہمارے پیچھے پیچھے آنے لگا۔ اب ہم پھر اسی پتلی سی راہداری میں چل رہے تھے جس کے اختتام پر ہمارا قید خانہ تھا۔

اگر میں جھانسی کی رانی، ہیلن آف ٹرائے وغیرہ کے بغیر بھی اس آدمی کو ٹھکانے لگا سکتی تھی جو ہمارا رہبر تھا لیکن اس کے بعد؟ ہمیں کچھ نہیں معلوم تھا کہ اس عمارت سے نکلنے میں ہمیں کن کن رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یقیناً وہ رکاوٹیں ایسی ہی ہوسکتی تھیں کہ ان سے گزرنا ہمارے لیے بہت مشکل ہوتا۔ انہی رکاوٹوں کی وجہ سے خان آف کالاگوٹ کو بھی اطمینان ہوگا ورنہ وہ ایک تن تنہا شخص کو ہمارا محافظ یا رہبر نہ بناتا۔

جب وہ شخص ہمیں اس کمرے میں چھوڑ کر جانے لگا تو رضوان نے جلدی سے کہا۔ "سنو بھائی! یہ تو بتاتے جاؤ کہ دوپہر کے کھانے کا مینو کیا ہے؟"

اس شخص نے جواب دینے کی بجائے دھڑ سے دروازہ بند کیا اور پھر باہر سے قفل لگنے کی آواز سنائی دی۔

"لیلیٰ کم بخت تو لیلیٰ کا کتا بھی کم بخت۔" رضوان نے ٹھنڈا سانس لیا اور دھم سے بستر پر گر گیا۔

"اب مجھے تمہاری دماغی حالت پر شبہ ہونے لگا ہے۔" میں اسے گھورتی ہوئی بولی۔

"شبہے کی وجہ؟" رضوان نے بڑی معصومیت سے پوچھا۔ "کیا محض اس لیے کہ تنہائی ملنے کے باوجود میں نے ابھی تک آپ سے اظہارِ عشق نہیں کیا!"

"خیر مجھ سے اظہارِ عشق کرکے تو تمہیں یقیناً جوتے کھانا پڑیں گے مگر خان سے تم جس طرح پیش آرہے تھے وہ تو سو فیصد احمقانہ فعل تھا۔ کیا تمہیں احساس نہیں کہ فی الحال ہم بالکل بے بس ہیں؟"

"کاش آپ کو عشق کی بے بسی کا بھی احساس ہوسکے!"

"کیا بات ہوئی!"

"مجھے خان آف کالاگوٹ کی مونچھوں سے عشق ہوگیا ہے۔" رضوان معصمکۂ خیز سنجیدگی کے ساتھ بولا۔ "جب وہ غصے سے لرزتی ہیں تو مجھے وہ کنیا یاد آجاتی ہے جو لنکا شائر میں میری کار کے نیچے آکر مر گئی تھی۔"

"تمہارا دماغ ضرور چل گیا ہے۔" میں نے منہ بنا کر کہا۔

"چل نہیں گیا، بلکہ دوڑ گیا ہے۔"

"مجھے یقین ہے۔" میرا منہ بنا رہا۔ میں ان حالات میں رضوان سے سنجیدگی کی توقع کر رہی تھی لیکن وہ مسلسل بہک رہا تھا۔ میں نے مناسب یہی سمجھا کہ اس کٹھن صورتِ حال سے

پہنچنے کے لیے رضوان سے مشورہ کرنے کی بجائے صرف اپنے طور پر سوچوں۔

جب میں نے رضوان کی بے تکی باتوں کو نظر انداز کر کے اپنے طور پر سوچنے کا فیصلہ کیا تو میرے ذہن میں پہلا سوال یہ اُبھرا کہ اس وقت رضیہ کیا سوچ رہی ہوگی؟ اُسے اس بات کا علم تو میری غلط فہمیوں سے ہو گیا ہوگا کہ کل رات میرے گھر پر کیا واقعہ پیش آیا تھا اور وہ واقعہ معلوم ہونے کے بعد وہ سمجھ گئی ہوگی کہ مجھے اور رضوان کو اغوا کرنے والے خان آف کالا گوٹ ہی کے آدمی ہو سکتے ہیں۔ اب رضیہ اس فکر میں ہوگی کہ کسی طرح ہم تک پہنچ جائے لیکن یہ اسی وقت ممکن تھا جب وہ خان آف کالا گوٹ کا تعاقب کر سکے۔ اگر خان آف کالا گوٹ اسی مقام تک پہنچنے کے لیے ہیلی کوپٹر استعمال کرتا رہا ہے تو اس بات کا قوی امکان تھا کہ رضیہ ہم تک پہنچ جائے گی۔ مجھے خوب اندازہ تھا کہ ایسے ہنگامی حالات میں وہ بڑی تیزی و طراری کا ثبوت دیتی ہے۔ وہ ایسی کوئی نہ کوئی سبیل پیدا کر ہی لیتی کہ ہم تک پہنچ جائے لیکن اس میں کچھ دیر لگنے کا احتمال ضرور تھا۔ یہ بات ممکن تھی کہ وہ آج رات کی بجائے کل رات یہاں پہنچتی جب کہ خان آف کالا گوٹ نے مجھے صرف آج رات تک کا وقت دیا تھا۔

ماہ پارہ میرے گھر کے تہ خانے میں قید تھی اور یہ ناممکن تھا کہ میں خان آف کالا گوٹ کو اس کے بارے میں بتا دیتی لیکن اس کے ساتھ ساتھ مجھے یہ فکر بھی لاحق تھی کہ رضوان کی عدم موجودگی کے باعث میری ملازمہ خاص، ماہ پارہ کو خورد و نوش کا سامان پہنچانے کے لیے جب تہ خانے میں جائے گی تو عین ممکن ہے کہ ماہ پارہ، رضوان کو نہ پا کر آپے سے باہر ہو جائے اور تہ خانے سے نکلنے کی کوشش کرے۔ وہ تہ خانے کی قید سے عاجز تو تھی ہی اور یہ بات مجھے رضوان بتا چکا تھا۔

غرض یہ کہ جب میں نے سوچنا شروع کیا تو بہت سی الجھنیں میرے ذہن میں در آئیں اور فوری طور پر ان کا کوئی حل بھی میری سمجھ میں نہیں آ سکا تھا۔

میں نے رضوان کی طرف دیکھا جو میری طرف ایسے انداز میں دیکھ رہا تھا جیسے مجھے کچا چبا جائے گا۔

میں حیرت سے بولی "کیا دیکھ رہے ہو؟"

"تمہاری خبیث صورت۔" رضوان چیخ کر بولا۔

میں بھونچکا رہ گئی۔ رضوان کا یہ طرزِ تخاطب میرے لیے دھماکے سے کم نہیں تھا۔ اُس نے کبھی اِس طرح بات نہیں کی تھی۔

"تم بہت گھٹیا عورت ہو۔" رضوان دانت پیستا ہوا بولا۔ "تمہاری وجہ سے مجھے ہمیشہ مشکلات سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ جی چاہ رہا ہے کہ تمہیں مار ڈالوں۔ اپنے ہاتھوں سے گلا گھونٹ دوں۔"

"تمہارا دماغ تو سچ مچ چل گیا ہے!" میں غراتی ہوئی بولی۔

"ہاں سچ مچ چل گیا ہے میرا دماغ۔" رضوان چیخ کر بولا۔ "تم برسوں سے مجھے بے وقوف بناتی چلی آ رہی ہو اور میں محبت میں بے وقوف بنتا چلا آ رہا ہوں۔ جب سے مجھے ہوش آیا ہے، میں بھلاہٹ کا شکار رہوں اور مسلسل یہ سوچتا رہوں کہ تم محبت کے معاملے میں مجھے بے وقوف بنا کر ہمیشہ اپنا اُلّو سیدھا کرتی رہی ہو۔ تم نے ہمیشہ مجھے اپنا آلۂ کار بنایا ہے اور میں تمہارے جال میں پھنستا رہا ہوں۔ آج مجھے یقین آ گیا ہے کہ خان آف کالا گوٹ جیسی شخصیت سے ٹکر لینا تم جیسی عورتوں کے بس کی بات نہیں اس لیے بہتر یہی ہے کہ اب میں اس معاملے میں خان آف کالا گوٹ کا ساتھ دوں۔"

"کیا بکواس کیے جا رہے ہو؟" غصّے کی وجہ سے میرے لہجے میں ارتعاش پیدا ہو گیا۔

"یہ بکواس نہیں ہے۔ میں خان آف کالا گوٹ کے بارے میں بتا دوں گا۔"

"رضوان!" میں غصّے سے کانپتی ہوئی بولی۔ "اپنے حواس کو قابو میں رکھنے کی کوشش کرو۔"

"میرا دماغ بالکل قابو میں ہے۔"

"یہ مت بھولو کہ میں تمہاری ساری ہڈیاں پیس کر رکھ دوں گی۔"

"میرے بارے میں کسی غلط فہمی کا شکار ہو کر تمہیں پچھتانا پڑے گا۔ میں ان مَردوں میں سے نہیں ہوں جو عام طور پر تمہارے ہاتھوں پٹتے رہے ہیں۔ ابھی تمہیں تجربہ نہیں ہوا کیا ہوں۔"

مجھے رضوان پر غصّہ تو آ رہا تھا لیکن میں متعجب بھی تھی۔ یقین نہیں آ رہا تھا کہ میں رضوان کے مُنہ سے جو کچھ سن رہی ہوں، وہ حقیقت ہے۔ کبھی میرے سان گمان میں بھی نہیں تھا کہ رضوان مجھ سے اتنے ہتک آمیز طریق پر گفتگو کر سکتا ہے۔

رضوان فیصلہ کن انداز میں بولا۔ "مجھے اب تم سے یا تمہارے کسی کو دلچسپی نہیں رہی۔ میں خان آف کالا گوٹ کو اپنا بتا دوں گا۔ یہ تو ٹھیک ہے کہ جس جگہ ماہ پارہ کو رکھا ہے، وہ جگہ ایسی نہیں جس کا پتا بتایا جا سکے یا خان آف کالا گوٹ جیسے پتے کو سمجھ سکے لیکن یہ تو ممکن ہے کہ میں خود خان آف کالا گوٹ کو اس جگہ لے جاؤں جہاں ماہ پارہ قید ہے۔"

رضوان کی ان باتوں نے مجھے اور چوکنا کر دیا۔ میں اسے گھورنے لگی۔ اس نے ایک ایسی بات کہی تھی جس کا کوئی سر پیر ہی نہیں تھا۔ ماہ پارہ جس جگہ قید تھی، اس جگہ کا پتا بتانے میں کوئی پیچیدگی سمجھنے میں کوئی دشواری ہو سکتی تھی۔

"کہہ رہی ہو صبیحہ بانو!" رضوان زور دے کر بولا۔ "میں اب کالا گوٹ کو اس ویرانے میں ضرور لے جاؤں گا جہاں تک کٹیا میں ماہ پارہ کو قید کر رکھا ہے۔"

جس طرح اچانک بجلی کا کوندا لپک جاتا ہے، اسی طرح اچانک بجلی کی تیزی سے میرے دماغ میں آ گئی اور میرا بے محبت کے، بلکہ میرا جی چاہا کہ رضوان کو چوم لوں۔ رضوان نے خان آف کالا گوٹ کو پھانسنے کے لیے اچھی خاصی پلاننگ کر ڈالی تھی۔ غالباً وہ یہ سمجھا تھا کہ اس کمرے میں کوئی خفیہ مائکروفون ضرور ہے اور اس کمرے میں ہونے والی گفتگو کو ایک لفظ خان آف کالا گوٹ کا کوئی آدمی ضرور سُن رہا ہوگا۔ ایک امکان یہ بھی تھا کہ مائکروفون کے علاوہ کوئی پوشیدہ ٹیلیویژن آئی بھی ہو جس کے ذریعے ہماری نقل و حرکت پر نظر رکھی جا رہی ہو۔ اسی اندیشے کے تحت اس نے مجھے کوئی اشارہ بھی نہیں کیا تھا جس سے میں سمجھ سکتی کہ وہ کیا کھیل رہا ہے۔

جب کہ میں رضوان کا مقصد سمجھ چکی تھی، تو یہ ضروری ہو گیا تھا کہ میں اس ڈرامے میں اپنے کردار کو بھرپور بناؤں۔ میں نے رضوان کو گھورتے ہوئے کہا۔ "اپنے دماغ کو ٹھنڈا رکھو اور سوچو کہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ تم نے جو کچھ بھی کہا ہے، بہت سوچ سمجھ کر کہا ہے۔"

رضوان نے جواب دیا۔ "تم اپنے فیصلے پر نظرِ ثانی کر لو تو بہتر ہوگا۔"

".....!" رضوان کا انداز بڑا تیکھا تھا۔

"ورنہ؟" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "ورنہ مجھے بھی بعد میں افسوس ہوگا کہ میں نے تمہارے ہاتھ پیر توڑ ڈالے۔"

"یہ دَم خم ہیں!" رضوان نے بڑے چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔ "میں اس کے سوا کچھ بھی کیا سکتی ہوں۔ میں تمہیں اس قابل نہیں رہنے دوں گی کہ تم خان آف کالا گوٹ کو ماہ پارہ تک لے جا سکو!"

"اُو تو پھر یہ حسرت بھی پوری کر لو!" رضوان نے ایک قدم میری طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔ "آج میں بھی دیکھ لوں گا کہ تم جو ڈوکرا ٹے کی کتنی بڑی ماہر ہو۔"

"رضوان! اپنی شامت کو دھکا نہ دو تو بہتر ہے۔"

"نہیں صبیحہ بانو! آج تو یہ معرکہ ہو کر رہے گا۔ یہی بہانہ سہی، میں دیکھ رہی ہے۔ تم نے مجھے بہت تڑپایا ہے۔ آج تمہیں کم از کم ایک مرد کی برتری کا تو قائل ہونا ہی پڑے گا۔"

میں حقارت آمیز انداز میں ہنس پڑی۔

"ابھی تمہاری ہنسی، تمہاری رُلائی میں تبدیل ہو جائے گی۔" رضوان یہ کہتا ہوا میری طرف جھپٹا۔

اِدھر اچانک مجھے خیال آیا کہ کہیں یہ معرکہ آرائی بے سُود و بے ثمر نہ ہو۔ یہ ہماری خام خیالی بھی ہو سکتی تھی کہ اس کمرے میں خفیہ مائکروفون یا خفیہ ٹیلیویژن آئی ہو سکتی ہے۔ ان دونوں چیزوں کی عدم موجودگی کے باعث یہ سارا ڈراما نمائش ہی ہوتا اور اسی ڈرامے میں جان ڈالنے کے لیے مجھے اور رضوان کو، چوٹیں بلاوجہ ہی کھانا پڑتیں۔

رضوان نے قریب آتے ہی مجھے اپنی گرفت میں جکڑ لینا چاہا لیکن میں نے اپنی دائیں ٹانگ کو اتنی تیزی سے حرکت دی کہ رضوان اس سے الجھ کر چت گرا۔

"یہ پہلا سبق ہے۔" میں نے بڑے اطمینان سے کہا۔ "اب بھی اگر تمہیں ہوش نہ آیا تو یہ تمہاری بدنصیبی ہوگی۔"

رضوان کوئی جواب دینے کی بجائے بڑی پھرتی سے اُٹھا اور کسی اڑنے والے بھینسے کی طرح تیر کی مانند میری طرف آیا۔ میں نے تیزی سے اس کی زد سے نکل جانا چاہا لیکن رضوان یہ بات پہلے ہی سوچ چکا تھا کہ میں ایسا کروں گی چنانچہ وہ دانستہ، بائیں پہلو کے بل اس طرح سلپ ہوا کہ اس کی دونوں ٹانگیں میرے پیروں تک پہنچ گئیں۔ اس نے بڑی تیزی سے اپنی دونوں ٹانگوں کو میری پنڈلیوں میں اُلجھا کر اس طرح کروٹ لی کہ میں اس کے اُوپر گری اور اس نے دونوں ہاتھوں سے میری گردن دبوچ لی۔

ابھی تک کوئی بھی اس کمرے میں نہیں آیا تھا جبکہ میں چاہتی تھی کہ جلد از جلد کوئی دخل اندازی کرے اور ہم دونوں زیادہ چوٹیں کھانے سے محفوظ ہو جائیں۔ ویسے اگر دخل اندازی نہ ہوتی تو بھی اس ڈرامے سے کم از کم ایک فائدہ ضرور ہوتا۔ ہمیں یہ یقین ہو جاتا کہ اس کمرے میں خفیہ مائکروفون وغیرہ فٹ نہیں ہیں اور اس یقین کے بعد ہم بے خوف و خطر ہر قسم کی گفتگو کر سکتے تھے۔

رضوان نے میری گردن بڑے زور سے دبائی تھی لیکن جیسے ہی میں نے اپنی دونوں کنپٹیاں اس کے سینے پر رکھ کر پھر پور دباؤ ڈالا رضوان کے منہ سے چیخ نکل گئی اور اس طرح مجھے محاورتہً نہیں بلکہ حقیقتاً گلو خلاصی ہو گئی۔ میں نے اپنے جسم کو رضوان کے جسم پر اس طرح اچھالا جیسے اسپرنگ والے گدے پر اچھلا جا سکتا ہے۔

اس طرح میں کسی سہارے کے بغیر اپنے پیروں پر سیدھی کھڑی ہوئی اور پھر فوراً ہی دوبارہ اچھلی۔ اس دفعہ میرا ہدف رضوان کا سینہ تھا لیکن وہ بڑی تیزی سے کروٹ لے کر میری زد سے نکل گیا۔ اب میں فوراً ہی اس کی کمر پر کود ی اور پھر ایک کھڑا ہاتھ رضوان کے شانے پر مارا۔ یہ ہاتھ میں نے جان بوجھ کر ذرا ڈھیلا رکھا تھا ورنہ رضوان کے شانے کی ہڈی، دوسری مرتبہ فریاد کرنے کے قابل نہیں رہ جاتی، پھر بھی وہ ضرب اتنی شدید تھی کہ رضوان کے منہ سے چیخ نکل گئی۔

ٹھیک اسی وقت کمرے کا دروازہ ایک پُرشور آواز کے ساتھ کھلا اور کئی آدمی اندر گھستے چلے آئے۔ ان میں سے ایک کے ہاتھ میں ریوالور تھا۔

"خبردار!" وہ گرجا۔ "تم دونوں فوراً ایک دوسرے سے الگ ہو جاؤ!"

میں نے چونکے ہوئے انداز میں مڑ کر دروازے کی طرف دیکھا اور پھر فوراً رضوان کو چھوڑ کر ایک طرف کھڑی ہو گئی۔

رضوان پھرتی سے اُٹھا اور غصّے میں بھرا ہوا میری طرف لپکا لیکن فوراً ہی دو آدمی ہمارے بیچ میں حائل ہو گئے۔ انھوں نے رضوان کے دونوں بازو پکڑ لیے۔

"بس اب جھگڑا ختم!" ریوالور والے نے ہاتھ اُٹھا کر کہا۔

رضوان کھا جانے والی نظر سے میری طرف دیکھ رہا تھا۔

"اسے ساتھ لے چلو!" ریوالور والے نے ان دونوں آدمیوں سے کہا جو رضوان کو پکڑے ہوئے تھے۔

"میں خود بھی تم لوگوں کے ساتھ چلنا چاہتا ہوں۔" رضوان نے کہا۔ "مجھے جلد از جلد تمہارے باس سے ملنا ہے۔"

"رضوان!" میں نے للکارنے والے انداز میں کہا۔ "تم حماقت کرنے جا رہے ہو اور میں اسے کبھی معاف نہیں کروں گی۔"

رضوان نے بڑی حقارت سے میری طرف تھوک دیا اور جانے کے لیے دروازے کی طرف مڑا۔

ان لوگوں نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی اور رضوان کو لے کر چلے گئے۔ دروازہ باہر سے مقفل کر دیا گیا۔

میں چند لمحے اپنے خیالات میں کھوئی ہوئی دروازے کی طرف دیکھتی رہی اور پھر آگے بڑھ کر تھکے ہوئے انداز میں اوندھی ڈھیر ہو گئی۔ اب میرے ہونٹوں پر خفیف سی مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ رضوان کی اس پلاننگ نے میرا جی خوش کر دیا تھا۔ اب میں یہاں تنہا تو رہ گئی تھی لیکن اس بات کا خاصا امکان پیدا ہو گیا تھا کہ رضوان یہاں سے نکلنے کے بعد میرے کام آ سکے گا۔ اب سارا انحصار اس بات پر تھا کہ خان آف رضوان پر کس حد تک اعتماد کر سکتا ہے؟

میں بستر پر اوندھی لیٹی ہوئی اس ڈرامے پر غور کرتی رہی جو ذرا دیر قبل اس کمرے میں کھیلا گیا تھا۔ میں یہ تو نہیں کہہ سکتی تھی کہ رضوان دل ہی دل میں مجھے اس وقت بُرا بھلا کہہ رہا ہوگا۔ دراصل میرے ہاتھوں اُسے دو ایک ضربیں بھی پہنچ گئی تھیں لیکن میں ایسا کرنے پر مجبور تھی۔ ایسا نہ کرتی تو وہ ڈراما جان دار نہ بن پاتا۔ ویسے رضوان بھی اپنی طرف سے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔ اس کی انگلیوں کی گرفت میری گردن میں اب تک مچلن ہو رہی تھی۔

دوپہر تک میں بستر ہی پر لیٹی رہی۔ اس کے علاوہ میں کر بھی کیا سکتی تھی؟ مجھے کسی ایسے ردِ عمل کا انتظار تھا جو میرے کسی عمل کا نتیجہ ہوتا۔

دوپہر کو کمرے کا دروازہ کھلا تو میں نے غور سے اس کی طرف دیکھا لیکن صورتِ حال کی کسی خاص تبدیلی کا اندازہ نہ لگا سکی۔ وہ شخص میرے لیے کھانا لے کر آیا تھا۔ کھانا کی رتجائی پر رکھ کر وہ مجھ سے بولا: "باس کا پیغام آیا ہے کہ اس وقت کھانے پر آپ کا ساتھ دینے نہیں آ سکیں گے لہٰذا اکیلی ہی کھانا کھائیں۔"

پھر وہ میرے جواب کا انتظار کیے بغیر واپس مڑا۔ میں نے اسے پکارا: "سنو!"

وہ پلٹا۔ "جی!"

"کیا کھانے سے قبل دخترِ رز کا بندوبست ممکن ہے؟"

"مجھے اس سلسلے میں ہدایت لینا پڑے گی۔"

"کس سے؟"

"ماسٹر سے۔"

"ماسٹر کون؟"

"جو یہاں کا انچارج ہے۔"

"یہ کون سی عمارت ہے؟"

میرا خیال تھا کہ وہ بے اختیاری میں میرے اس سوال کا جواب دے بیٹھے گا لیکن میرا یہ اندازہ قطعی غلط ثابت ہوا۔ اس قدرے رُک کر کہا۔ "میں اس سوال کا جواب نہیں دے سکتا۔"

"اچھا!" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا۔ "تم اپنے ماسٹر سے پوچھ لو۔"

"میں جا کر معلوم کرتا ہوں۔ اگر مجھے اجازت مل گئی تو میں فرسٹ شفٹ میں مطلوبہ شے لے آؤں گا اور اگر میں نہ آؤں تو آپ سمجھ لیجیے گا کہ اجازت نہیں ملی۔"

"ٹھیک ہے۔"

وہ شخص چلا گیا۔ اس کا انداز نہایت خادمانہ ہی تھا۔ بیان لوگوں کو ہدایت کر دی گئی ہو گی کہ میرے ساتھ کوئی سخت رویّہ نہ کیا جائے۔

دس منٹ کی بجائے پندرہ منٹ گزر گئے لیکن وہ آدمی واپس نہیں آیا۔ میں سمجھ گئی کہ اسے اجازت نہیں ملی ہو گی۔

میں نے کھانا کھایا اور پھر بستر پر لیٹ گئی۔ اب وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ میری بے چینی بھی بڑھ رہی تھی۔ رضوان سے جدا ہوئے تین گھنٹے گزر چکے تھے۔ میرے اندازے کے مطابق اب تک کچھ نہ کچھ ہو جانا چاہیے تھا لیکن کچھ نہیں ہوا تھا۔

تیسرے پہر کا وقت ہو گیا لیکن صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اب میرا ذہنی انتشار خاصا بڑھ چکا تھا۔ میں اٹھ کر کمرے میں ٹہلنے لگی۔

چھ بجے کے قریب کمرے کا دروازہ پھر کھلا اور وہی شخص اندر آیا جو دوپہر کو میرے لیے کھانا لے کر آیا تھا۔

"آپ کے لیے ایک خط ہے۔" اس نے ایک لفافہ میری طرف بڑھایا۔

"کس کا خط ہے؟" میں نے تعجب سے پوچھا اور لفافہ اس کے ہاتھ سے لے لیا۔

"پڑھ کر دیکھ لیجیے!" اس نے کہا اور کھانے کے خالی برتن اٹھا کر کمرے سے نکل گیا۔ میں نے فوراً لفافہ چاک کر کے اس میں سے وہ سفید کاغذ نکال لیا جس پر ٹائپ میں یہ عبارت درج تھی۔

صبیحہ بانو! تمہارا ساتھی بہت چالاک ثابت ہوا۔ وہ میرے آدمیوں کو ڈاج دے کر نکل جانے میں کامیاب ہو چکا ہے مگر یقین جانو کہ وہ اب بھی تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکے گا۔ وہ اب بھی اس بات سے بے خبر ہے کہ تم کہاں ہو۔ یہ اطلاع میں تم کو اس لیے دے رہا ہوں کہ تم اطمینان سے بیٹھی نہ رہو بلکہ سوچو کہ تمہیں کیا فیصلہ کرنا ہے۔ رات کے کھانے پر میں تم سے ملاقات کروں گا اور تمہارا جواب سننے کے بعد مجھے اپنا لائحۂ عمل طے کرنا ہے۔ تم دونوں نے جو ڈراما کھیلا وہ واقعی خوب صورت تھا۔ میری طرف سے مبارک باد!

"خان"

وہ خط پڑھ کر میں زیادہ دیر تک سکتے کی سی حالت میں کھڑی رہ گئی۔ وہ جو میں نے امیدوں کی ایک چھوٹی سی عمارت بنائی تھی جیسے ایک زلزلے کا شکار ہو کر منہدم ہو گئی۔ صرف اتنی بات تو اطمینان بخش تھی کہ رضوان اس قید خانے سے نکل گیا تھا اور اب وہ زینب سے مل کر گویا ایک اور ایک گیارہ بن جاتا لیکن یہ بات وثوق سے نہیں کہی جا سکتی تھی کہ گیارہ کا وہ ہندسہ میرے لیے کب بامعنی ثابت ہو سکے گا۔ وقت تو بہت کم رہ گیا تھا۔ رات قریب تھی اور مجھے خان آف کالاگوٹ کو جواب دینا تھا۔ میرے منفی جواب کا ردِ عمل یقیناً میرے لیے کوئی پریشانی لاتا۔ مجھے رات تک کی مہلت دینے کا مطلب ہی یہ تھا کہ اس کے بعد خان آف کالاگوٹ کوئی سخت قدم اٹھاتا۔

میں نے خط پھاڑ کر ایک طرف پھینک دیا اور بیٹھی سوچتی رہی کہ اب میں اپنے طور پر کیا قدم اٹھا سکتی ہوں۔ بجز اس کے کہ رات کا اور خان آف کالاگوٹ کی کارروائی کا انتظار کر لوں یا اس سے پہلے ہی کچھ کر گزرنے کی کوئی کوشش کی جائے؟ پھر سب سے اہم سوال یہ تھا کہ کیا کوشش کی جا سکتی ہے؟

اس پہلو پر غور کرتے ہوئے مجھے کچھ زیادہ وقت نہیں گزرا تھا کہ ایک بار پھر کمرے کا دروازہ کھلا اور اسی آدمی کی شکل نظر آئی جو دوپہر کو میرے لیے کھانا اور کچھ دیر پہلے خان آف کالاگوٹ کا خط لایا

تھا۔ میں نے اس کے ہاتھ میں ایک ٹرے دیکھی اور اس ٹرے میں تمام مطلوبہ لوازمات موجود تھے۔

وہ بولا "ماسٹر نے باس سے آپ کی اس خواہش کا ذکر کیا تھا اور باس سے ماسٹر کو اس کی اجازت مل گئی کہ آپ کو مطلوبہ شے فراہم کر دی جائے۔"

"دیری گڈ!" میں نے مسکرا کر کہا۔ میں سمجھ گئی تھی کہ خان آف کالا گوٹ نے مجھ پر یہ عنایت کیوں کی تھی۔ اس نے سوچا ہوگا کہ نشہ ہو جانے کے بعد ممکن ہے، میں اپنی قوتِ ارادی پر قابو نہ رکھ سکوں اور اُسے وہ سب کچھ بتا دوں جو وہ مجھ سے معلوم کرنا چاہتا تھا۔

ٹرے تپائی پر رکھنے کے بعد جب وہ جانے لگا تو اچانک میں نے ایک فیصلہ کر ڈالا۔ اس فیصلے کے کسی پہلو پر غور کرنے کی مہلت نہیں تھی ورنہ شاید میں وہ فیصلہ نہ کرتی۔

میں بجلی کی طرح اس شخص پر کوند گئی اور گرانے کا صرف ایک ہاتھ اُسے بے ہوش کرنے کے لیے کافی تھا۔ پھر میں نے ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا اور چست لگا کر کمرے سے نکل گئی۔ میں دیر اس لیے نہیں کر سکتی تھی کہ کمرے میں پوشیدہ ٹیلیویژن آئی نے "کسی" کو اس بات سے باخبر کر دیا ہوگا کہ میں کیا حرکت کر چکی ہوں۔ اب اس سے پہلے کہ وہ لوگ میری راہ مسدود کرنے کی کوشش کرتے، مجھے وہاں سے نکل جانا چاہیے تھا۔ میں نے دوڑتے ہوئے راہداری طے کی اور آہنی دروازے کے قریب پہنچ گئی۔ مجھے یقین تھا کہ جیسے ہی دھاتی پلیٹ پر میرے جسم کا دباؤ پڑے گا، آہنی دروازہ کھل جائے گا لیکن ہوا یہ کہ جیسے ہی دھاتی پلیٹ پر میرا پہلا قدم پڑا، میں ایک شدید جھٹکا کھا کر پیچھے کی طرف گری۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جھٹکے نے مجھے بُری طرح بوکھلا دیا تھا اور میں کوئی ایک منٹ تک راہداری کے فرش پر چت پڑی رہی تھی۔ اس ایک منٹ کے بعد میرے جھنجھلائے ہوئے دماغ نے کچھ کام شروع کیا اور یہ بات میری سمجھ میں آئی کہ اس دھاتی پلیٹ میں کرنٹ دوڑ رہا تھا اور وہ برقی رَو اتنی طاقت ور تھی کہ اس نے مجھے کسی گڑیا کی طرح اچھال دیا تھا۔

میں فرش سے اٹھی اور دیوار کے سہارے کھڑی ہو گئی۔ میری پنڈلیاں اب تک سنسنا رہی تھیں۔ میں ہونٹ بھینچ کر اس دھاتی پلیٹ کو اس طرح غصّے سے گھورنے لگی جیسے وہ کوئی ذی رُوح دشمن ہو۔

یہ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس دھاتی پلیٹ میں اچانک برقی رَو کہاں سے آ گئی؟ اس سوال کے دو جواب ممکن تھے۔ یہ کہ ٹیلیویژن آئی کے ذریعے جس نے بھی مجھے فرار ہوتے اس نے کوئی خاص بٹن دبا دیا ہو گا جس کے دبتے ہی اس میں برقی رَو جاری ہو گئی ہو گی اور یا پھر اس دھاتی پلیٹ پر گزرنے والے کو اسے عبور کرنے سے پہلے کوئی ایسا اعلان کرنا ہو گا جس کے نتیجے میں برقی رَو کا سلسلہ وقتی طور پر منقطع ہو جاتا ہو۔

بہر حال، بات جو کچھ بھی ہو فرار کی میری یہ پہلی کوشش ناکام ہو چکی تھی۔

دفعتہً آہنی دروازہ کھلا اور مجھے ایک آدمی نظر آیا۔ وہ وہی شخص تھا جو آج صبح مجھے اور رضوان کو خان آف کالا گوٹ کے ناشتہ کرانے لے گیا تھا۔

"یہاں سے کبھی کوئی فرار نہیں ہوسکا صبیحہ بانو!" وہ ہوا آگے آیا اور ظاہر ہے کہ آگے آنے کے لیے اُسے اس دھاتی پلیٹ پر سے گزرنا پڑا لیکن اس پر برقی رَو کا قطعاً کوئی اثر نہیں ہوا۔ اس نے مزید کہا۔ "اپنے کمرے میں واپس چلو صبیحہ بانو!"

میں اس کے سوا کچھ کر بھی نہیں سکتی تھی۔ میں واپس کے مُڑ گئی۔ میرے پیچھے پیچھے وہ بھی کمرے میں چلا آیا۔

جس شخص کو میں نے بے ہوش کیا تھا، وہ ابھی تک وہیں نہیں آیا تھا۔ میرے پیچھے آنے والے نے اسے بے ہوشی ہی کی حالت میں اٹھا کر اپنے کندھے پر ڈالا اور کمرے سے نکل گیا۔

باہر سے دروازہ ایک بار پھر مقفل ہو چکا تھا اور میرے ذہن پر ناکامی کی جھنجلاہٹ طاری تھی۔ اس جھنجلاہٹ میں، میں نے درجنوں دشنام دہی یاد آئے۔ دو تین گالیاں میں نے شاید صرف پون گھنٹے میں ہی بڑبڑا دی تھیں۔ تیسرا گلاس ختم کرنے کے بعد میں نے خود کو سنبھالا اور اس انداز میں سوچنے کا آغاز کیا کہ جھنجلاہٹ کبھی کسی مسئلے کا حل نہیں ہوتی۔

سوچ کا سلسلہ شروع ہوا تو پھر دراز ہی ہوتا چلا گیا۔ تجربہ کار عورت کے لیے دخترِ رز کا یہ مقدار اتنی نہیں تھی کہ میرا دماغ سوچنے کے قابل نہ رہ جاتا۔

اب رات ہو چکی تھی لیکن مصنوعی روشنی کے باعث وہاں کمرے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی۔ اب کسی وقت بھی خان آف کالا گوٹ کا بُلاوا آ سکتا تھا۔ میں اب تک کوئی ایسی تدبیر نہیں سوچ سکی تھی جس کی مدد سے قید خانے سے نجات حاصل کر سکتی لیکن میں نے ایک کام کرنے کا فیصلہ ضرور کر ڈالا تھا۔

میں نے بستر کی چادر اٹھائی اور بلا تاخیر بوتل گدّے پر اُلٹ

اس طرح میں خان آف کالا گوٹ پر یہ ظاہر کرنا چاہتی تھی کہ میں بوتل خالی کر دی ہے اور میں بہت زیادہ نشے میں ہوں لیکن میری بے ہوشی صرف اسی صورت میں بار آور ہو سکتی تھی جب اس کمرے میں ٹیلیویژن آئی موجود نہ ہو۔ ابھی تک تو اس کا اندیشہ نہ تھا کہ یہاں پوشیدہ مائکروفون اور خفیہ ٹیلیویژن آئی موجود ہو گی لیکن اب میں اپنے جن میں آنے والے اس امکان کو آزمانا چاہتی تھی کہ شاید ٹیلیویژن آئی نہ ہو، صرف خفیہ مائکروفون ہی ہو۔ ابھی تک جو کچھ ہو چکا تھا، اس ٹیلیویژن آئی کی موجودگی ثابت نہیں ہوئی تھی، البتہ خفیہ مائکروفون ہونا یقینی تھا۔ اگر وہ بھی نہ ہوتا تو وہ لوگ میرے اور رضوان کے جھگڑے سے آگاہ کیسے ہوتے؟ اب اگر میرا یہ نیا منصوبہ کامیاب ہو جاتا تو یہ بات ثابت ہو جاتی کہ اس کمرے میں ٹیلیویژن آئی موجود نہیں ہے۔

بوتل میں کیں نے صرف ایک چوتھائی چھوڑی اور اس کا ڈھکنا یا میں نے گدّے پر جو مشروب انڈیلا تھا وہ گدّے میں جذب ہو گیا تھا۔ چادر کو دوبارہ اس پر بچھا کر میں نے اس کے گیلے پن کو پوشیدہ بنا دیا اب میں نے بوتل میں بچے ہوئے مشروب سے ایک چھوٹا سا گلاس بھرا اور اس کے چھوٹے چھوٹے گھونٹ لینے لگی۔ میں چاہتی تھی کہ جب کوئی مجھے لینے آئے تو یہ سمجھتا ہوا دیکھے۔

میں تصور کرنے لگی کہ اس وقت رضوان اور رضیہ سر جوڑے بیٹھے ہوں گے یا سوچے سمجھنے اور فیصلہ کرنے کے بعد انھوں نے کسی دائرہ پر عمل شروع کر دیا ہو گا۔ ممکن ہے کہ جلد ہی وہ مجھے رہائی دلانے کے لیے یہاں پہنچ جاتے لیکن میں صرف ان پر تکیہ نہیں کر سکتی تھی۔ مجھے بہ ہر طور پر بھی کچھ کر گزرنے کی کوشش سے پہلو تہی نہیں کرنا تھا۔

نو بجے کے قریب جب کمرے کا دروازہ کھلنے والا تھا، اس کے کھلنے کی آواز سنتے ہی، گلاس مُنہ سے لگا چکی تھی۔ جب وہ آدمی اندر آیا تو میں گلاس خالی کر چکی تھی۔

یہ وہی شخص تھا جو آج صبح مجھے اور رضوان کو خان آف کالا گوٹ کے پاس لے گیا تھا۔ اس نے حیرت کے ساتھ بوتل کی طرف دیکھا اور بولا "یہ سب پی گئیں؟"

"سب؟... سب کہاں؟" میں نے جھومتے ہوئے کہا۔ "ابھی گلاس میں دو... دو گلاس.... باقی ہیں۔"

"میں نے تم جیسی پینے والی عورت کبھی نہیں دیکھی!" وہ ٹھنڈا سانس لے کر بولا۔

"تو اب دیکھ لو!" میں نے ایک بھرپور انگڑائی لیتے ہوئے کہا۔ مطلبی آنکھوں سے اس کی طرف دیکھا۔ میں مسکرائی بھی کچھ اس انداز میں تھی جیسے خود کو اس کے سپرد کرنے کے لیے پوری طرح آمادہ ہوں۔

اس کی نگاہ میرے جسمانی خدوخال میں الجھی اور میں نے دیکھا کہ وہ اپنے خشک ہوتے ہوئے ہونٹوں پر زبان پھیرنے لگا تھا۔ یقیناً میری حرکت نے اس کے جسم میں کچھ سنسناہٹوں کو بیدار کر دیا ہو گا لیکن پھر فوراً ہی مجھے اس کے چہرے پر ایسا تاثر نظر آیا جیسے وہ کسی خواب سے جاگا ہو۔ اس نے جلدی سے کہا۔ "کھانے کی میز پر خان آپ کے منتظر ہیں۔"

"اوہ... گڈ! مجھے بھوک بھی لگ رہی ہے۔ چلو!" میں کھڑی ہوتی ہوئی بولی اور وہ دروازے کی طرف مڑ گیا۔

میں راہداری میں ڈگمگاتے قدموں سے اس کے پیچھے چلنے لگی۔ اس نے صرف ایک مرتبہ مڑ کر میری طرف دیکھا اور پھر سیدھا چلتا رہا۔ میرے ذہن میں اُس وقت صرف یہ سوال گردش کر رہا تھا کہ آہنی دروازے کے سامنے لگی ہوئی دھاتی پلیٹ میں کیا اس وقت بھی کرنٹ دوڑ رہا ہو گا؟ اور کیا اس برقی رَو کو منقطع کرنے کے لیے میرے رہبر کو کوئی خاص حرکت کرنا پڑے گی؟

میں بڑے انہماک سے اپنے رہبر پر نظر رکھے رہی۔ میں نہیں چاہتی تھی کہ اس کی کوئی معمولی سی حرکت بھی میری نظر سے پوشیدہ رہ جائے۔ میرا یہ انہماک اس وقت واقعی بڑے کام آیا۔ میں نے اپنے رہبر کی ایک عجیب سی حرکت دیکھی۔ اس نے دھاتی پلیٹ پر قدم رکھنے سے پہلے اس پلیٹ کے بائیں کونے پر اپنے بائیں پیر کے جوتے کی ایڑی کا دباؤ ڈالا تھا۔ اس کے بعد اس نے اپنا دایاں پیر، دھاتی پلیٹ پر رکھ دیا۔ اس کے ساتھ ہی آہنی دروازہ کھلتا چلا گیا تھا۔

اوہ گاڈ! میرا ذہن چیخا۔ شاید اس برقی رَو کا سلسلہ منقطع کرنے کی یہی تدبیر ہے کہ اس پر قدم رکھنے سے قبل اس پلیٹ کے بائیں کونے کو دبا دیا جائے۔

جب میں اس پلیٹ پر سے گزری تو میں نے اپنا پہلا قدم دھاتی پلیٹ کے اسی کونے پر رکھا اور یہ محسوس کیے بغیر نہ رہ سکی کہ اس کونے کا کچھ حصّہ دھات کی طرح سخت نہیں بلکہ ربر کی طرح نرم تھا۔

دوسری طرف کمرے میں ڈائننگ ٹیبل کے سرے کی کرسی پر میرا "میزبان" موجود تھا۔ اس نے حسبِ معمول مجھے خوش آمدید کہا اور بڑے غور سے میرے ڈگمگاتے قدموں کا جائزہ لیا۔

"تم نے بہت زیادہ پی لی ہے صبیحہ بانو؟" وہ پوچھے بغیر نہ رہ سکا۔

"نہیں تو۔" میں نشے کی سی حالت میں ہنس پڑی۔ "میں نے کچھ زیادہ تو نہیں پی؟"

"جناب!" میرا ہیرا بول پڑا۔ "بوتل میں مشکل سے تھوڑی سی بچی ہوگی۔"

"خوب!" خان آف کالاگوٹ کے ہونٹوں پر ایسی مسکراہٹ ابھری جیسے یہ معلوم کرکے اسے خوشی ہوئی ہو۔

ادھر میں بھی دل ہی دل میں اس بات پر خوش ہو رہی تھی کہ اس کمرے میں ٹیلیویژن آئی پوشیدہ نہیں تھی۔ اگر ہوتی تو یہ لوگ اس بات سے آگاہ ہو جاتے کہ میں نے درختِ رز کا بڑا حصہ بستر کے گدے کو پلانا دیا تھا۔

میں خان آف کالاگوٹ کی اجازت کے بغیر ڈائننگ ٹیبل کے دوسرے سرے کی کرسی پر بیٹھ گئی اور تالوں کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔ "یہ خوشبوئیں تو میری اشتہا کو اور بڑھا رہی ہیں۔"

"شروع کرو!" خان نے کہا اور خود بھی ایک تاب کی طرف ہاتھ بڑھا دیا۔

کھانے کے دوران میں ہم دونوں نے کوئی گفتگو نہیں کی۔ میں اس طرح کھانے میں مصروف ہو گئی تھی جیسے خان آف کالاگوٹ کی موجودگی کو بھول گئی ہوں۔ میں اس وقت نشے میں ہونے کی بہت شاندار ایکٹنگ کر رہی تھی لیکن مجھے خوب احساس تھا کہ خان آف کالاگوٹ بڑی گہری نظر سے میرا جائزہ لے رہا ہے۔

کھانے کے بعد میں نے اس طرح مسکرا کر خان آف کالاگوٹ کی طرف دیکھا جیسے وہ میرا کوئی دیرینہ دوست ہو۔

"تمھیں یہاں کوئی تکلیف تو نہیں ہوئی صبیحہ بانو!" وہ بڑی شائستگی سے بولا۔

"نہیں، قطعی نہیں۔"

"کیا تم نے اس بات سے اندازہ نہیں لگایا کہ میں ایک اچھا دوست ثابت ہو سکتا ہوں؟"

"بے شک!"

"تو پھر تمھیں مجھ سے مفاہمت کر لینا چاہیے۔"

"ماہ پارہ کے سلسلے میں؟" میں ہنس پڑی۔

"ہاں۔"

"وہ... وہ... اس کا کیا ہوا؟" میں اس طرح اپنی پیشانی رگڑنے لگی جیسے کوئی نام بھول رہی ہوں۔ مجھے اب کوئی شبہ نہیں رہا تھا کہ خان آف کالاگوٹ کو میرے نشے میں ہونے کا یقین آ گیا ہوگا۔ میں نے چونکے ہوئے انداز میں اپنی پیشانی سے ہاتھ اور بولی۔ "ہاں! میں رضوان کے بارے میں پوچھ رہی تھی۔"

"وہ۔" خان آف کالاگوٹ مسکرایا۔ "بلاشبہ تم دونوں کا نہایت خوبصورت ڈراما کھیلا تھا۔ میں دھوکا کھا ہی گیا۔"

"لیکن... بعد میں... ہوا کیا تھا؟"

"میرے آدمی رضوان کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر رات کو لے گئے تھے اس لیے وہ اب بھی اس بات سے بے خبر ہی ہوگا کہ کس جگہ قید کیا گیا تھا۔"

"وہ تمھارے آدمیوں کے ہاتھ سے کس طرح نکلا؟"

"چونکہ اس پر بڑی حد تک اعتماد ہو گیا تھا لہٰذا ماہ پارہ کی تلاش میں اس کے ساتھ صرف دو آدمی بھیجے گئے تھے۔ ان دو آدمیوں کو بھی اس کی طرف سے کوئی اندیشہ نہیں تھا لہٰذا وہ دھوکے میں مارا کھا گئے۔ رضوان انھیں بے ہوش کرکے نکل بھاگا۔"

"خوب!" میں آہستہ سے ہنس پڑی۔

"لیکن... جیسا کہ میں نے تمھیں خط میں لکھا تھا، وہ اس مقام سے بے خبر ہی ہے جہاں اس وقت تم موجود ہو۔"

"ہوگا!" میں نے بے پروائی سے کہا۔ "مجھے اب اس کی پروا نہیں ہے۔ تم یہ تو بتاؤ کہ تمھیں ماہ پارہ کی اتنی شدید ضرورت کیسے پڑ گئی؟"

"چلو بتائے دیتا ہوں، حالانکہ تم نے ابھی تک اس سلسلے میں دوستی نبھانے کا کوئی وعدہ نہیں کیا ہے۔"

میں سوالیہ نظر سے اس کی طرف دیکھتی رہی۔

کچھ دیر بعد وہ پھر بولا۔ "یہ تو تم جانتی ہی ہو کہ پروفیسر منہاس ان دنوں ایک خاص تجربے میں مصروف تھا اور میں نے اس کی اس ایجاد سے فائدہ اٹھانے کے لیے اسے اغوا کیا ہے۔ اس ایجاد کی تکمیل میں جو کسر رہ گئی تھی، وہ ابھی تک باقی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ جلد از جلد مکمل ہو جائے لیکن پروفیسر کو اس میں دیر لگ رہی ہے۔"

"وہ تمھارے لیے کام کرنے پر آمادہ ہو گیا؟" میں تعجب سے بولی۔

"میرے لیے کام کرنے پر سبھی کو تیار ہونا پڑتا ہے۔ صرف تم نے ہی کچھ دیر لگا دی ہے۔"

"اچھا تو ہاں، ذکر شاید ماہ پارہ کا تھا!"

"دراصل پروفیسر منہاس کے کام کی رفتار بہت سست ہے اور اس کے بیان کے مطابق وہ اس بات کا عادی ہو چکا ہے کہ ماہ پارہ اسے اسسٹ کرتی رہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اگر ماہ پارہ آ جائے تو وہ اس کام کو بہت جلد تکمیل تک پہنچا سکتا ہے۔"

"اوہ... اچھا!" میں نے سمجھ جانے والے انداز میں سر ہلایا۔ "لہٰذا میں ہر قیمت پر ماہ پارہ کو حاصل کرنا چاہتا ہوں۔"

"تم کس ملک کے لیے کام کر رہے ہو خان؟"

خان آف کالاگوٹ نے چونکے ہوئے انداز میں میری طرف دیکھا۔ "یہ خیال تمھیں کیوں ہوا کہ میں کسی ملک کے لیے کام کرتا ہوں؟"

"ظاہر ہے کہ ایسی چیزوں سے تم خود تو کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔"

خان آف کالاگوٹ نے فوراً کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ بہت سنجیدگی سے میری طرف دیکھنے لگا تھا۔ اچانک مجھے احساس ہو گیا کہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے۔ میں ذرا زیادہ کے لیے نشے کی اداکاری بھول گئی تھی۔ میں نے بہکے ہوئے انداز میں باتیں کرنے لگی تھی اور خان آف کالاگوٹ نے اسے محسوس کر لیا تھا۔

وہ آہستہ سے بولا۔ "اس کا فیصلہ تو مستقبل ہی کرے گا۔ بہرحال میں ماہ پارہ سے اسسٹ کرتی رہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اگر ماہ پارہ آ جائے تو وہ اس کام کو بہت جلد تکمیل تک پہنچا سکتا ہے۔"

"اوہ... اچھا!" میں نے سمجھ جانے والے انداز میں سر ہلایا۔ "لہٰذا میں ہر قیمت پر ماہ پارہ کو حاصل کرنا چاہتا ہوں۔"

"تم کس ملک کے لیے کام کر رہے ہو خان؟"

خان آف کالاگوٹ نے چونکے ہوئے انداز میں میری طرف دیکھا۔ "یہ خیال تمھیں کیوں ہوا کہ میں کسی ملک کے لیے کام کرتا ہوں!"

"ظاہر ہے کہ ایسی چیزوں سے تم خود تو کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔"

خان آف کالاگوٹ نے فوراً کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ بہت سنجیدگی سے میری طرف دیکھنے لگا تھا۔ اچانک مجھے احساس ہو گیا کہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے۔ میں ذرا زیادہ کے لیے نشے کی اداکاری بھول گئی تھی۔ میں

چاہ رہی تھی کہ نشے کی وجہ سے میرا ذہن بہت بوجھل ہے۔

خان آف کالاگوٹ کو اب شاید دھچکیوں پر آنا جاہیے تھا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ وہ خود پر قابو پائے رکھنے کی پوری پوری کوشش کر رہا تھا۔ اس نے نرمی سے کہا: "سنو صبیحہ بانو! اب تم زندگی کے جس نئے رخ کی طرف جانا چاہتی ہو، وہ نیا رخ تم سے بھی عجلت کا متقاضی ہے۔ تم اگر جلدی کرو گی تو یہ دراصل تمہارے ہی حق میں بہتر ثابت ہوگا۔ تم اس سے بہتیرے فوائد حاصل کر سکو گی جبکہ تاخیر کی صورت میں وہ فوائد کچھ کم ہو جائیں گے۔ میں اس کا باعث تمہیں ابھی نہیں سمجھا سکتا مگر یقین کرو کہ میں تم سے جھوٹ نہیں بول رہا ہوں۔"

میں نے میز پر بچی ہوئی اپنی پیشانی اٹھائی اور خان آف کالاگوٹ کی طرف دیکھنے لگی، پھر میں نے جھنجلائی ہوئی آواز میں کہا: "کچھ بھی ہو خان! میں سوچنے کے لیے کچھ وقت ضرور چاہوں گی۔ تم مجھے سوچنے کے لیے زیادہ سے زیادہ کتنا وقت دے سکتے ہو؟"

خان کے چہرے سے خفیف سی جھنجلاہٹ مترشح تھی۔ اس نے اپنی گھڑی میں وقت دیکھا اور پھر بولا۔ "مجھے ابھی ایک ضروری کام سے جانا بھی ہے۔ مجھے اس میں دو تین گھنٹے لگ جائیں گے۔ میں تمہیں سوچنے کے لیے بس اتنا ہی وقت دے سکتا ہوں۔"

"دو تین گھنٹے۔" میں نے جیسے سوچتے ہوئے کہا: "چلو ٹھیک ہے۔ میں تین گھنٹے بعد تمہیں اپنے فیصلے سے آگاہ کر دوں گی۔"

"اس بات کا امکان بھی ہے کہ میں تین گھنٹے بعد بھی نہ آسکوں۔"

"تو پھر؟"

"اس صورت میں تم اپنے جواب سے میرے ایک آدمی کو آگاہ کر دینا۔"

"کس آدمی کو؟"

خان آف کالاگوٹ نے دوسرے دروازے پر کھڑے ہوئے آدمی کی طرف دیکھا اور تحکمانہ انداز میں بولا۔ "ماسٹر کو بلا کر لاؤ۔"

وہ آدمی چلا گیا۔ میں اس سے پہلے بھی ایک مرتبہ کسی ماسٹر کا ذکر سن چکی تھی اور میں نے سمجھ لیا تھا کہ وہ اس مقام پر خان آف کالاگوٹ کا نائب ہے لہٰذا اسے ماسٹر کہا جاتا ہے، پھر بھی میں نے بڑی سنجیدہ سی آواز میں خان آف کالاگوٹ سے پوچھا۔ "یہ ماسٹر کس اسکول میں پڑھاتا ہے؟"

خان کے ہونٹوں پر خفیف سی مسکراہٹ پھیل گئی۔ اس نے میرے سوال کو نشے کا سبب سمجھا تھا۔ "وہ ان آدمیوں کو پڑھاتا ہے جو یہاں شقیتیں ہیں۔"

"واہ!" میں نے کھل کر ایک قہقہہ لگایا۔

"گویا!" خان بھی مسکرایا تھا۔

میں سنجیدہ ہو کر بولی۔ "یہ اسکول تم نے کب کھولا ہے خان!"

"خاصا عرصہ ہو گیا!"

"ہوں۔" میں نے ایک بار پھر اپنی پیشانی میز پر ٹکا دی۔

خان چپ بیٹھا رہا۔ ذرا دیر بعد دو آدمیوں کی آہٹیں سنائی دیں لیکن میں نے میز کی سطح سے سر نہیں اٹھایا۔ پھر میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ ان دونوں آدمیوں کے قدموں کی آہٹ دروازے ہی پر رک گئی تھی۔

قدموں کی آہٹ میز کے اس سرے پر آکر رکی تھی جہاں خان آف کالاگوٹ بیٹھا ہوا تھا۔

"بانو!" خان آف کالاگوٹ نے قدرے بلند آواز میں پکارا۔

"آں!" میں نے گویا چونک کر سر اٹھایا۔

"یہ ماسٹر ہے۔"

میں نے اپنی آنکھوں کو حتی الامکان نشیلا بنانے کی کوشش کی اور اس آدمی کی طرف دیکھا جو خان آف کالاگوٹ کے پرمودبانہ انداز میں کھڑا ہوا تھا۔

وہ چالیس بیالیس سال کا ایک لمبا تڑنگا آدمی تھا۔ اس کے بال خاصے لمبے لمبے تھے۔ وہ تھا تو مقامی لیکن اس نے خان آف کالاگوٹ کے مخصوص لباس پہن رکھا تھا۔ گھونگھرو کے پائے اور جوڑ وغیرہ لگے ہوئے کوچ پہنے ہیں۔ اس کی تیز چمکیلی آنکھیں میرے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔

"یہ... یہ ماسٹر ہے!" میں تمسخرانہ انداز میں ہنس پڑی۔

میرے اس انداز پر ماسٹر کے چہرے پر سرخی سی پھیل گئی تھی مگر غالباً خان آف کالاگوٹ کی موجودگی کے باعث مجھ سے کچھ نہیں کہہ سکا۔

خان آف کالاگوٹ نے میرے مذاق کو نظر انداز کر دیا اور بولا۔ "ہاں بانو! تم تین گھنٹے بعد اسے اپنے فیصلے سے آگاہ کر دینا۔ مجھے اطلاع دے دے گا۔"

میں۔" خان بول پڑا۔

"یا نہیں!" میں تعجب سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔

"یہاں نہیں بیٹھو گی اپنے کمرے میں جاؤ!"

"نہیں۔" میں نے ایک طویل سانس لے کر کہا اور کھڑی ہو کر قدموں سے واپس اسی دروازے کی طرف چل پڑی جہاں ہر کھڑا تھا۔ اس نے ایک طرف ہٹ کر مجھے راستہ دیا اور پھر پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ مجھے میرے "قید خانے" میں چھوڑ کر جب وہ جانے لگا تو میں نے اس سے کہا۔ "سنو!"

وہ سوالیہ نظر سے میری طرف دیکھنے لگا۔

"کیا ٹھنڈا سوڈا مل سکے گا؟ اب میں اس بوتل میں یہ تھوڑی سی کیوں رہنے دوں!"

"اچھا۔" اس نے سر ہلا کر کہا۔ "میں ابھی بھجواتا ہوں۔"

"ابھی نہیں۔" میں نے ہاتھ اٹھا کر کہا۔ "آدھے گھنٹے بعد۔"

"اچھی بات ہے۔"

وہ چلا گیا اور دروازہ باہر سے مقفل ہو گیا۔

میں نے آدھے گھنٹے بعد سوڈا بلا وجہ نہیں منگوایا تھا۔ آدھے گھنٹے کی مہلت میں نے کچھ سوچنے کے لیے حاصل کی تھی۔ سوڈا اس لیے منگوایا تھا کہ سوڈا لانے والے پر ہاتھ صاف کر کے ایک بار پھر یہاں سے فرار ہونے کی کوشش کروں۔ اس بات کا مجھے کچھ کچھ اندازہ تو ہو ہی چکا تھا کہ اس وحشی پلیٹ کی برقی رو کا سلسلہ کس طرح منقطع ہوتا ہے؟

وہ مسئلہ اب بھی اپنی جگہ باقی تھا کہ اس زندان سے نکلنے کے بعد میں خود کو کہاں پاؤں گی؟ اگر یہ اندرونِ سندھ کا علاقہ ہوا خان آف کالاگوٹ کی دسترس سے نکلنا خاصا مشکل ہو جائے گا لیوں کہ اندرونِ سندھ تو اس کا اثر و رسوخ بہت ہی زیادہ تھا۔ یں قدم قدم پر خود کو اس کے گرگوں کے جال میں پاتی لیکن اب حالات اس نہج پر آگئے تھے کہ بڑے سے بڑا خطرہ مول لے کر بھی مجھے یہاں سے فرار کی کوشش کرنا ہی تھی۔ رضیہ اور رضوان کا انتظار اب زیادہ وقت گزرنے تک نہیں کیا جا سکتا تھا۔ ویسے بھی اب مجھے کم از کم آج رات ان کی طرف سے کوئی اُمید باقی نہیں رہی تھی۔ اگر وہ یہاں پہنچتے تو خان آف کالاگوٹ کے تعاقب میں پہنچ جاتے لیکن اب تو خان آف کالاگوٹ یہاں سے واپس بھی جا چکا تھا۔

آدھے گھنٹے تک میں اسی مسئلے سے الجھتی رہی کہ مجھے یہاں سے فرار ہونے کے لیے کتنی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

آدھے گھنٹے کے بعد دروازہ کھلا اور ایک آدمی کی شکل نظر آئی جو میرے لیے سوڈا لے کر آیا تھا۔ یہ میرے لیے ایک نئی مشکل تھی۔ یہ وہ آدمی نہیں تھا جسے بے ہوش کر کے میں ایک مرتبہ یہاں سے فرار ہونے کی ناکام کوشش کر چکی تھی۔

اجنبی نے سوڈے کی بوتلیں تپائی پر رکھیں تو میں اس سے بولی۔ "نہیں، وہاں نہیں، یہاں لا کے رکھ دو!" میں نے سنگر کی سائڈ ٹیبل کی طرف اشارہ کیا۔ بوتل بھی سائڈ ٹیبل ہی پر رکھی ہوئی تھی۔

اجنبی سوڈے کی بوتلیں اٹھا کر سائڈ ٹیبل کی طرف لایا تو میں نے دختِ رز کی بوتل اٹھائی اور اس کا ڈھکنا کھولنے لگی۔ میرا انداز ایسا تھا جیسے میں پینے کے لیے بے چین بیٹھی ہوں لیکن میری اس حرکت کا اصل مقصد کچھ اور تھا۔ وہ مقصد، اجنبی کی سمجھ میں اس لیے نہیں آسکا کہ سمجھ میں آنے کے لمحے آنے سے پہلے وہ بے ہوش ہو چکا تھا۔ میں نے پوری قوت سے اس کے سر پر بوتل دے ماری تھی۔ میں نے اس عمل میں اتنی قوت استعمال کی تھی کہ بوتل کی گردن تو ٹوٹ کر میرے ہاتھ میں رہ گئی تھی اور بوتل اس کے سر پر سے اچھل کر فرش پر جا گری تھی۔ وہاں قالین بچھا ہوا تھا لہٰذا اس کے ٹوٹنے سے اتنا زبردست چھناکا نہیں ہو سکا جو فرش پر گر کر ٹوٹنے سے ہوتا ہے۔

اجنبی تیورا کر قالین پر گرا اور بے حس و حرکت ہو گیا۔ اس کے سر سے خون بھی بہنے لگا تھا۔ میں جلدی سے اس پر جھکی اور اس کے لباس کی تلاشی لینے لگی۔ میں توقع کر رہی تھی کہ اس کی کسی جیب میں ریوالور یا پستول مل جائے گا لیکن میری یہ توقع پوری نہ ہو سکی اور میں اس کے لباس سے صرف ایک چاقو ہی برآمد کر سکی۔

میں نے اسی کو غنیمت جان کر اپنے قبضے میں کیا اور تیزی سے کھلے ہوئے دروازے کی طرف لپکی۔ یہ اطمینان تو مجھے حاصل ہو ہی چکا تھا کہ وہاں کوئی خفیہ ٹیلیویژن آئی نہیں ہے، صرف

مائکروفون ہے۔

میں نے دروازہ بند کیا اور تیزی سے چلتی ہوئی راہداری طے کرکے آہنی دروازے تک پہنچ گئی۔ دھاتی پلیٹ پر قدم رکھنے سے پہلے میں اس کے قریب جھک گئی اور اس کے بائیں کونے کا جائزہ لینے لگی۔ اتنے قریب سے بغور دیکھنے پر مجھے اندازہ ہوا کہ اس کونے میں کوئی چھ انچ کا ٹکڑا اکم از کم اس دھات کا ہرگز نہیں ہے جس دھات کی باقی پلیٹ تھی لیکن اس ٹکڑے پر اتنی خوب صورتی سے رنگ کیا گیا تھا کہ وہ اس دھاتی پلیٹ سے الگ کوئی چیز نہیں معلوم ہوتا تھا۔ میں نے آہستگی سے ہاتھ بڑھایا اور انگلی سے اس ٹکڑے کو چھوا۔ اس لمس سے مجھے کوئی برقی جھٹکا نہیں لگا لیکن میں نے ربر کی نرمی ضرور محسوس کرلی۔ اس کے بعد میں نے دھاتی پلیٹ کو چھو کر دیکھا اور جھٹکے سے میرا ہاتھ جھنجھنا گیا۔ دھاتی پلیٹ میں کرنٹ موجود تھا۔ اب میں سیدھی کھڑی ہوئی اور میں نے اپنے بائیں پیر کی ایڑی اس چھ انچ کے ٹکڑے پر رکھ کر دباؤ ڈالا۔ اس دباؤ کے ساتھ ہی میرے اس پیر نے مدھم سی "کلک" کی آواز محسوس کی۔ اب میں نے اس پر سے پیر ہٹالیا اور جھک کر ایک بار پھر انگلی سے اس دھاتی پلیٹ کو چھوا۔ اس مرتبہ مجھے کوئی جھٹکا نہیں لگا۔ برقی رَو کا سلسلہ منقطع ہوچکا تھا۔ اب میں نے کھڑے ہوکر اپنا دایاں پیر بھی دھاتی پلیٹ پر رکھ دیا۔ برقی رَو یقیناً منقطع ہوچکی تھی۔ اب میں نے اپنا دوسرا پیر بھی دھاتی پلیٹ پر رکھ دیا اور جب میرے جسم کا دباؤ اس پلیٹ پر پڑا تو آہنی دروازہ کھلتا چلا گیا۔ میں ہَوا کے تیز جھونکے کی طرح اس میں سے گزری اور میں نے خود کو ایک ہنگامہ خیز طوفان میں گھرا ہوا پایا۔ میرے سان گمان میں بھی نہ تھا کہ اس طرف آتے ہی میں اس قسم کے کسی طوفان سے دوچار ہوسکتی ہوں۔

یہ وہی کمرہ تھا جہاں آج دوسرتبہ خان آف کالاگوٹ سے میری ملاقات ہوئی تھی مگر اس وقت اس کمرے کی گویا صورت پہچاننا مشکل تھی۔ فرنیچر تہ و بالا پڑی تھی اور کرسیاں اِدھر اُدھر بکھری ہوئی تھیں۔ اس کے علاوہ وہاں آرائش و زیبائش کا جو سامان تھا، وہ بھی اس طوفان کی نذر ہوگیا تھا جس سے اب میں بھی دوچار ہوچکی تھی۔

ہوا یہ تھا کہ جیسے ہی میں آہنی دروازے سے گزر کر میں پہنچی تھی، مجھ پر دو افراد جھپٹ پڑے تھے۔ انھوں نے دروازے کو کھلتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔

"باجی!" رضیہ مجھ پر نظر پڑتے ہی چیخ اٹھی تھی۔

حیرت کا وہ جھٹکا، رضیہ اور مجھے دونوں ہی کو مہنگا پڑا۔ کمرے میں موجود چوچار افراد پہلے رضیہ سے بھڑے تھے۔ ان میں سے دو مجھ سے بھڑ گئے تھے اور بقیہ دو رضیہ کو قابو میں کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ رضیہ کو وہ چاروں مل کر قابو میں رکھ سکتے تھے لیکن اچانک میں میری آمد کے سبب رضیہ میری طرف متوجہ ہوگئی تھی اور اس نے چیخ کر مجھے پکارا تھا۔ یہی وہ لمحہ تھا جب وہ دو افراد مجھ پر پڑے تھے۔ رضیہ کی طرف متوجہ ہونے کے سبب میں ان پر پورا "انصاف" نہ کرسکی تھی اور ایسا ہی رضیہ کے ساتھ بھی ہوا۔ اُدھر وہ دونوں رضیہ پر حاوی آنے لگے تھے اور اِدھر خاطر مدارات نہ ہونے کے سبب وہ دونوں بھی اب مجھ پر حملہ آور ہوگئے تھے جنھوں نے مجھے پہلے ہی بے بس کردینا چاہا تھا۔

"رضیہ! سنبھلو!" میں نے اپنے اوپر حملہ کرنے والے ایک کے سینے پر فلائنگ کِک لگاتے ہوئے چیخ کر کہا۔ میں نے دیکھا تھا کہ ایک شخص کرسی اٹھا کر رضیہ کی طرف سے اس پر حملہ کرنے والا تھا اور رضیہ دوسرے سے نبرد آزما تھی مگر میرا خیال غلط ثابت ہوا تھا۔ رضیہ اس شخص کی طرف متوجہ نہیں تھی جو اس کی پشت سے حملہ کرنے والا تھا۔ رضیہ اپنے موجود شخص کا جبڑا اسلاتی ہوئی ایک دم مڑی تھی اور پھر اس کی لات پیچھے والے شخص کے پیٹ پر پڑی تھی۔

جس شخص کے سینے پر میری فلائنگ کِک پڑی تھی، وہ دوبارہ اٹھنا نصیب نہیں ہوا مگر دوسرا وفادار جان نثار ثابت ہوا۔ وہ اپنے ساتھی کا حشر دیکھنے کے باوجود مجھ پر ہاتھ اٹھانے کی ہمت کر بیٹھا تھا۔ اس کا اچٹتا ہوا سا کھڑا ہاتھ میرے شانے پر پڑا۔ میں جھکائی دے کر نکل گئی تھی۔

یہ بات میرے لیے یقیناً حیرت کا سبب تھی کہ وہ چاروں غیر مسلح تھے مگر حقیقتاً ایسا نہیں تھا۔ اس کا احساس مجھے کچھ دیر ہی سے ہوگیا تھا۔ میں نے سوچا تھا کہ انھوں نے رضیہ سے مسلح ہوکر لڑائی کیوں پسند کی؟ کیا وہ غیر مسلح تھے؟ اور کیا رضیہ کے پاس

نہیں تھا؟ رضیہ نے آخر ایسی غلطی کیوں کی؟

یہ تو اسی وقت پتا چل گیا تھا جب میں نے اپنے مقابلے پر تنہا شخص کو زمین پر چھوڑا دی تھی کہ وہ لوگ غیر مسلح بہرحال نہیں تھے۔ اس شخص کے کوٹ کی ابھری ہوئی جیب سے ریوالور دور جا گرا تھا لیکن رضیہ کیوں غیر مسلح تھی؟ یہ مسئلہ ابھی حل طلب تھا۔

اس دوران میں رضیہ نے بھی ایک شخص کو گرا لیا تھا۔ اب تین افراد بے ہوش پڑے تھے اور چوتھا شخص اپنے تین ساتھیوں کا حشر دیکھ کر کمرے کے دوسرے دروازے کی طرف اٹھا تھا۔

"رک جاؤ ورنہ گولی مار دوں گی!" میں نے لپک کر بے ہوش کا ریوالور اٹھاتے ہوئے چیخ کر کہا۔ مجھے خطرہ یہ تھا کہ کہیں وہ کمرے سے نکل کر باہر سے دروازہ بند نہ کردے۔

یہ خطرہ شاید رضیہ نے بھی محسوس کرلیا تھا اس لیے وہ بھاگنے والے کے پیچھے بھاگی تھی۔ فرار ہونے والا دَر کا نہیں بھاگتا ہوا دروازے سے نکل گیا تھا۔ میں اس پر اِس مارنہ کرسکی تھی کہ فوراً ہی رضیہ سامنے آگئی تھی۔ اندازے کا سی بھی غلطی مجھے ہَوا ناک نتائج سے دوچار کرسکتی تھی۔ بہرحال رضیہ کی زندگی کو خطرے میں نہیں ڈال سکتی تھی۔

مفرور شخص اور رضیہ آگے پیچھے بھاگتے ہوئے اس کمرے سے نکل گئے تھے اور میرے لیے بھی اب اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ انھی کے پیچھے جاؤں۔

دوسرے ہی لمحے میں بھی اس کمرے سے بھاگتی ہوئی نکلی۔ ایک چوڑی سی راہداری تھی۔ رضیہ اس شخص کو جا لینے میں کامیاب ہوچکی تھی۔ رضیہ، نادرہ ہی کے میک اَپ میں تھی جس سے مجھے یہ اندازہ لگانے میں دیر نہیں لگی تھی کہ وہ خان ولا ہی سے سیدھی وہاں پہنچی تھی لیکن رضوان کہاں تھا؟ کیا اس نے رضیہ سے رابطہ قائم نہیں کیا تھا؟ اگر ایسا ہی تھا تو کیوں؟ رضوان اس سے کیوں نہیں ملا؟ میں نے تو سوچا تھا کہ وہ دونوں ہی وہاں ساتھ پہنچیں گے مگر رضیہ فی الحال تنہا نظر آرہی تھی۔ کہیں رضوان خیانت کے کسی حصے میں تو دشمنوں سے نبرد آزما نہیں تھا؟ میں سوچنے میں اس لیے حق بہ جانب تھی کہ مجھے ان چاروں میں ماسٹر نہیں آیا تھا۔ وہاں ان کی تعداد کتنی تھی، اس سے میں بہرحال بے خبر تھی۔

میں جب تک دوڑتی ہوئی رضیہ کے قریب پہنچی، اس نے فرار ہونے والے کو غفلت کی نیند سُلا دیا۔ یہ نیند صرف بے ہوشی کی حد تک تھی یا وہ واقعی ابدی نیند سو گیا تھا، اس بات سے مجھے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

رضیہ ابھی اٹھ کر کھڑی نہ ہو پائی تھی کہ معاً فضا ایک فائر کی آواز سے گونج اٹھی۔ میں نے زمین پر لیٹنے میں دیر نہیں کی تھی اور لیٹتے لیٹتے اس طرف ایک فائر جھونک دیا تھا جس طرف سے گولی چلائی گئی تھی۔ رضیہ نے بھی میری تقلید کی تھی۔

اس راہداری میں دونوں جانب کمرے بنے ہوئے تھے اور ایک کمرے کا دروازہ راہداری کے اختتام پر بالکل سامنے تھا۔ گولی ادھر ہی سے آئی تھی۔ اس کمرے کا دروازہ تھوڑا سا کھلا ہوا تھا۔

"ریوالور پھینک دو صبیحہ بانو! ورنہ تم دونوں کو بھون دیا جائے گا۔" اچانک میں نے راہداری کی دوسری سمت سے ایک بھاری آواز سنی۔ اس کے ساتھ یہ یقین دلانے کے لیے کہ دھمکی دینے والا اپنے وعدے میں سچا ہے، فوراً ہی ایک فائر ہوا۔ چلائی جانے والی گولی میرے اور رضیہ کے سروں پر سے ایک زناٹا سا پیدا کرتی ہوئی گزر گئی۔ چند لمحے بعد ہی وہی بھاری آواز پھر گونجی "تم دونوں جانب سے گھر چکی ہو صبیحہ بانو! بہتر یہی ہے کہ ریوالور پھینک دو!"

میں نے اسی طرف سر اٹھا کر دیکھا جدھر سے آواز آئی تھی۔ وہ آواز راہداری کے دوسرے سرے پر بنے ہوئے ایک کمرے سے آرہی تھی اور اس کمرے کا دروازہ بھی تھوڑا سا کھلا ہوا تھا جس سے ریوالور کی نال باہر جھانک رہی تھی۔ دھمکی دینے والا اسی دروازے کے پیچھے چھپا ہوا تھا اس لیے میری نگاہوں سے اوجھل تھا۔

"باجی! ریوالور پھینک دیں۔" اچانک رضیہ نے سرگوشی کی۔

میں نے خود بھی یہی فیصلہ کیا تھا۔ وہ لوگ اسی صورت میں گھل کر سامنے آسکتے تھے۔ یقیناً رضیہ بھی یہ بات سمجھ چکی تھی کہ وہ لوگ مجھے اور اسے زندہ پکڑنا چاہتے ہیں۔ ان چاروں نے مسلح ہونے کے باوجود ریوالور استعمال نہیں کیے تھے، اس کا سبب بھی یہی رہا ہوگا۔ خان آف کالاگوٹ بہرحال اس وقت تک مجھے ہلاک کرنا نہیں چاہتا تھا جب تک مجھ سے ماہ پارہ کے بارے میں نہ پوچھ لیتا لیکن انھوں نے رضیہ کو کیوں زندہ چھوڑ دیا تھا؟ یہ میں ابھی سمجھ نہیں پائی تھی۔

اگر میں ریوالور پھینکنے کا فیصلہ نہ کرتی تو یہ امکان ضرور تھا کہ

وہ لوگ جھنجلا کر محتاط فائرنگ شروع کر دیتے اور اس فائرنگ کے نتیجے میں ضروری نہیں تھا کہ نتیجہ میرے حق میں ہی نکلتا۔ اس محتاط فائرنگ سے میں اور رضیہ ہلاک نہ بھی ہوتے زخمی تو ہو ہی سکتے تھے۔ ایسی صورت میں وہ لوگ ہم دونوں ہی کو قیدی بنانے میں کامیاب ہو جاتے۔ زخمی حالت میں رضیہ اور میں بہرحال ان کا مقابلہ نہ کر پاتے۔

میں نے چند ہی لمحوں میں یہ ساری باتیں سوچ لی تھیں اور شاید رضیہ بھی اسی نتیجے پر پہنچی تھی۔ اس نے یونہی تو مجھے ریوالور پھینکنے کا مشورہ نہیں دیا ہوگا۔

"میں ریوالور پھینک رہی ہوں، یہ لو!" میں نے بلند آواز میں کہا اور اس طرف ریوالور پھینک دیا جدھر سے دھمکی دینے والے کی آواز آئی تھی۔

"تم نے ریوالور پھینک کر یقیناً عقل مندی کا ثبوت دیا ہے صبیحہ بانو!" جواب میں پھر وہی بھاری آواز سنائی دی اور اسی کے ساتھ کمرے کا دروازہ کھلا۔

میں نے کمرے سے نکلنے والے شخص کو ایک ہی نظر میں پہچان لیا۔ یہ ماسٹر تھا۔ اُسی کے ساتھ اس کا ایک اور ساتھی کمرے سے نکلا تھا۔ دونوں کے ہاتھوں میں ریوالور تھے۔

میں اور رضیہ دونوں ہی ایک دم اچھل کر کھڑے ہو گئے تھے اور ہمارا رُخ ماسٹر کی طرف تھا۔

"دوسری طرف بھی دیکھ لو صبیحہ بانو!" ماسٹر کی بھاری آواز سنائی دی۔ اس کے شانوں پر بڑے بڑے بال لہرا رہے تھے اور جسم پر وہی مخصوص لباس تھا جو پہلے بھی میں دیکھ چکی تھی۔

میں نے پلٹ کر دیکھا۔ راہداری کی دوسری سمت سے بھی دو افراد ہماری طرف بڑھ رہے تھے۔ اُدھر ہی سے گولی چلائی گئی تھی۔ ان دونوں کے ہاتھوں میں بھی ریوالور تھے۔ گویا مجھے اور رضیہ کو دونوں جانب سے مسلح افراد نے گھیر لیا تھا اور کوئی راہِ مفر نہیں تھی مگر اس قسم کے حالات سے تو میں ماضی میں متعدد بار دوچار ہو چکی تھی۔ رضیہ کے لیے بھی یہ کوئی ایسی تشویشناک صورتِ حال نہیں تھی۔ وہ بہرحال میری بہن تھی اور میں اسے اچھی طرح جانتی تھی۔ جب میں دوبارہ ماسٹر کی طرف مڑی تو میری اچٹتی ہوئی نگاہ رضیہ کے چہرے پر بھی پڑی۔ اُس کا چہرہ پُرسکون تھا۔

اب ماسٹر اپنے ساتھی سمیت ہم سے کچھ فاصلے پر رک گیا تھا اور اس نے رُکتے ہوئے مخالف سمت سے ہماری جانب بڑھنے والے اپنے ساتھیوں کو بھی ہاتھ کے اشارے سے روک دیا۔

"تم نے دیکھا صبیحہ بانو!" ماسٹر میری طرف دیکھتا ہوا عمارت میں داخل ہونے والا کوئی شخص میری مرضی جا سکتا۔ اسے کسی چوہے کی طرح پکڑ لیا جاتا ہے۔"

"اپنے آقا کے لہجے میں بات نہ کرو جس کے ہم کتے کی طرح دُم ہلاتے پھرتے ہو۔" میں نے تمسخر سے کہا۔ "یہ لہجہ اسی مسخرے کو زیب دیتا ہے۔ میں نے کہا تھا کہ اسے گنّا اور خان آف کالا گوٹ کو سمجھا لیا تھا تاکہ اسے جانے اور میں اپنے مقصد میں کامیاب رہتی۔

"اگر اب تم نے خان کی شان میں کوئی گستاخی کی تو تمہیں گولی مار دوں گا۔" ماسٹر کی آواز غصے سے کانپ رہی تھی۔

میں جواب میں ہنس پڑی، پھر بولی۔ "تم اسی لیے تو اکڑ کر بات کر رہے ہو کہ تمہارے ہاتھ میں ریوالور ہے، تمہاری اتنی ہمت نہ ہوتی کہ صبیحہ بانو سے اس لہجے میں بات کر سکو۔"

"میں نے بھی تمہارے بارے میں سُنا ہے کہ تم بہت بہادر ہو۔" ماسٹر کے لہجے میں طنز تھا۔ "آج مجھے یہی دیکھنا ہے کہ تم نے کیا سیکھا ہے۔" یہ کہتے ہوئے اس نے ریوالور جیب میں ڈال لیا، پھر اپنے ساتھیوں سے بلند آواز میں بولا۔ "اپنے اپنے جیب میں رکھ لو اور دوسری لڑکی کو سنبھال لو، میں اس کے لیے کافی ہوں۔"

اس کے چار ساتھیوں سے میں اور رضیہ کچھ دیر پہلے نبٹ چکے تھے اور میں سمجھ چکی تھی کہ وہ سبھی جوڈو اور کراٹے کے فن سے واقف تھے لیکن وہ میرے اور رضیہ کے سامنے کسی طرح نہیں ٹک سکتے تھے۔ مجھے اسی لیے یقین تھا کہ اس وقت ماسٹر کے ساتھ جو لوگ ہمارے مقابلے پر تھے، وہ بھی اس فن سے نابلد نہیں ہوں گے۔ مجھے یقیناً افراد کی طرف سے تو کوئی ایسی خاص فکر نہیں تھی لیکن اس کی خود اعتمادی نے مجھے خاصا چوکنا کر دیا۔ اس کے علاوہ یہ خیال رکھنا تھا کہ بہرحال وہ سب مسلح تھے اور کسی بھی لمحے پانسا پلٹتے دیکھ کر ریوالور نکال سکتے تھے۔ مجھے اور رضیہ کو ان میں سے کسی کو اتنی مہلت نہیں دینا تھی کہ وہ ریوالور نکال سکتا۔

ماسٹر کے حکم پر اس کے ساتھیوں نے ریوالور جیبوں میں رکھ لیے تھے اور اب نپے تُلے قدموں سے ہماری طرف بڑھ رہے تھے۔ رضیہ میری وہاں موجودگی کے سبب اب تک خاموش تماشائی

تھی مگر اب عمل کا وقت آ چکا تھا۔ اس نے مخالف سمت سے آنے والوں کو سنبھالنے کے لیے اپنا رُخ تبدیل کر لیا تھا۔ میں دشمن متوجہ ہو گئی تھی جدھر سے ماسٹر اپنے ساتھی سمیت میری طرف قدم بڑھا رہا تھا۔

"اے لڑکی! اگر تجھے اپنے ہاتھ پیر نہیں توڑوانے تو خاموشی سے میرے ساتھیوں کے پاس چلی جا!" ماسٹر نے رضیہ کو مخاطب کیا۔

"اوچھو ہے! اگر تو صبیحہ بانو کی بجائے مجھ سے دو دو ہاتھ چاہے تو میں بھی تیری ہڈیاں توڑنے کے لیے تیار ہوں۔" رضیہ نے مجھے اپنی پُشت کی طرف سے صدائی دی۔

"اچھا تو پھر تیری حسرت بھی نکال دوں گا۔" ماسٹر غرّایا۔ "مگر میرے لیے میرے شاگرد ہی کافی ہیں۔ توڑ دو اس بدزبان کے ہاتھ پیر!" آخری جملہ اس نے اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہو کر کہا تھا۔

ماسٹر کیوں کہ مجھ سے نہا لڑنے کا دعویٰ کر چکا تھا اس لیے اس کے ساتھ آنے والا تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا آگے بڑھا تاکہ اپنے دوسرے ساتھیوں سے جا ملے۔ وہ ماسٹر سے چند قدم آگے تھا۔ اپنے ساتھیوں تک پہنچنے کے لیے بہرحال میرے قریب سے گزرنا تھا اور میں یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ اسے کسی صورت اس کے ساتھیوں تک نہیں پہنچنے دوں گی۔ اس طرح رضیہ کے مقابلے پر افراد ہو جاتے۔ ہر چند مجھے یقین تھا کہ رضیہ ان تینوں کے لیے بھی کافی ہو جاتی مگر یہ بات میری سرشت کے خلاف تھی کہ میں نپتے بوجھتے ہوئے اس شخص کو رضیہ پر حملہ کرنے کا موقع دے دیتی۔

ماسٹر کے ساتھی کو شاید توقع نہیں تھی کہ میں اس کی راہ میں حائل ہونے کی کوشش کروں گی۔ اس کا سبب غالباً یہ تھا کہ وہ سمجھ چکا ہوگا کہ میں اس سے بھڑ کر اصل مقابلے سے نہ تو زخمی ہونا چاہوں گی اور نہ اس طرح خواہ مخواہ اپنی طاقت ضائع کروں گی۔ وہ بھی یہ بات سے بے خبر تھا کہ رضیہ اور میں دو جسم نہیں ایک جان ہیں اور صبیحہ بانو ہی کا دوسرا نام رضیہ ہے۔ ماسٹر نے اسی لیے رضیہ کو اپنی دانست میں "ٹیک" مشورہ دیا تھا اور مُنہ کی کھائی تھی۔

"صبیحہ بانو!" اچانک ماسٹر نے مجھے مخاطب کیا۔ "آج تم نے خان کے سامنے مجھے دیکھ کر بڑے تضحیک آمیز انداز میں کہا تھا، یہ ماسٹر ہے! اس وقت میں نے خان کی موجودگی کے سبب تم سے کچھ نہیں کہا تھا مگر اس وقت تمہیں ضرور بتاؤں گا کہ میں کیا ہوں!"

"ماسٹر! تم نے میرا نام ہی نام سنا ہے لیکن مجھے نہیں جانتے۔ اگر تم مجھ سے واقعی واقف ہوتے تو یوں اپنی موت کو دعوت نہ دیتے۔" میں نے پُرسکون آواز میں جواب دیا۔

"میں تم سے اچھی طرح واقف ہوں صبیحہ بانو! میں نے تمہارے قصّے سن رکھے ہیں۔ اب تک تمہارا سابقہ لونڈوں سے پڑا ہوگا۔ کوئی مرد تم سے نہیں ٹکرایا ہوگا ورنہ تم اس کی برتری تسلیم کر لیتیں۔"

"تو تم مرد ہو!" یہ کہہ کر میں بہت زور سے ہنس پڑی۔

"اس کا فیصلہ تو ابھی ہو جائے گا۔" ماسٹر دانت پیس کر بولا۔

اسے اپنی مردانگی پر میری ہنسی یقیناً گراں گزری تھی۔

اسی دوران میں ماسٹر کا ساتھی میرے اتنے قریب پہنچ چکا تھا کہ میں آسانی سے اس پر حملہ آور ہو سکتی تھی۔ ماسٹر اس سے چند قدم پیچھے تھا۔

اسی وقت مجھے پشت سے رضیہ کی غراہٹ سنائی دی مگر میں نے مڑ کر دیکھنے میں وقت ضائع نہیں کیا۔ مجھے یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی تھی کہ رضیہ یقیناً اپنے شکار پر جھپٹی ہوگی۔

دوسرے ہی لمحے میں اپنی جگہ سے اچھلی اور پھر میرے جوتوں کی دونوں ایڑیاں پوری قوت سے ماسٹر کے ساتھی کے چہرے پر پڑیں۔ وہ چیخ مار کر اُلٹ گیا۔ حملہ کیوں کہ قطعی غیر متوقع تھا اس لیے وہ بے خبری میں مارا گیا۔ میری ایڑیوں کی بھرپور ضرب نے اس کا چہرہ بگاڑ دیا تھا اور وہ دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر رکھے تڑپ رہا تھا۔ اس کی انگلیوں کے درمیان سے خون بہہ رہا تھا۔ شاید میری بھرپور ضرب سے اس کی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی۔

پھر اس سے پہلے کہ میں سنبھل کر ماسٹر پر حملہ کرتی، اس نے ایک وحشیانہ نعرہ مار کر مجھ پر چھلانگ لگا دی تھی۔ اس نے بھی وہی داؤ آزمانا چاہا تھا جو میں اس کے ساتھی پر آزما چکی تھی مگر میں نے انتہائی تیزی سے ایک طرف ہٹتے ہوئے اس کا داؤ ناکام بنا دیا تھا اور وہ اپنے ہی زور میں مجھ سے کچھ فاصلے پر گر پڑا تھا۔

میں نے تیزی سے ایک طرف ہٹ کر پلٹنے میں دیر نہیں کی تھی مگر ماسٹر بھی کم پھرتیلا ثابت نہیں ہوا تھا۔ وہ زمین پر گرتے ہی ایک دم اٹھ کھڑا ہوا تھا۔

اب میرا رُخ اس سمت ہو گیا تھا جدھر رضیہ، ماسٹر کے دونوں ساتھیوں کے مُنہ سے چیخیں نکلوا رہی تھی۔ میرے لیے یہ کوئی تعجب خیز بات نہیں تھی کہ رضیہ ان دونوں پر بھاری پڑ رہی تھی۔ وہ دونوں رضیہ

سے بچ بچ کر لڑ رہے تھے۔

اس بار بھی میں نے ماسٹر کو پہل کرنے کا موقع دیا اور اسے پٹڑانے کے لیے ہاتھ کا اشارہ بھی کیا۔ دوسرے ہی لمحے اس نے بھپر کر پھر میری جانب جست لگائی اور عین اسی لمحے میرے پیروں نے بھی زمین چھوڑ دی۔ میرے اور ماسٹر کے جسم فضا میں ایک دوسرے سے ٹکرائے اور اس ٹکراؤ سے میں نے پورا فائدہ اٹھایا۔ میں تو اس بات سے باخبر تھی کہ وہ مجھ پر جست لگائے گا لیکن شاید اسے یہ توقع نہیں تھی کہ میں اس کے بھاری جسم سے ٹکرانے کی ہمت کروں گی۔ میں نے اس کی اس لاعلمی سے فائدہ اٹھایا تھا۔ جیسے ہی میرا جسم اس کے جسم سے ٹکرایا تھا' میں نے اپنے دونوں ہاتھ ملا کر ہتھیلیاں اس کے سر پر ماری تھیں۔ میں اس کے بھاری جسم سے ٹکرا کر زمین پر شانے کے بل گری تھی اور وہ تیورا کر ایک طرف جا پڑا تھا۔

میں اس مرتبہ بھی زمین پر گرتے ہی اچھل کر اٹھ کھڑی ہوئی تھی مگر ماسٹر پھرتی کا مظاہرہ نہ کر پایا تھا۔ میری کھڑی ہتھیلیوں کی ضرب نے اس کے دماغ کی چولیں ہلا کر رکھ دی ہوں گی۔ وہ یقیناً سخت جان تھا جو اتنی شدید ضرب سہہ گیا تھا ورنہ اس کی جگہ کوئی اور ہوتا تو شاید کافی دیر میں اٹھ کر کھڑا ہو سکتا۔

ماسٹر اٹھ کر کھڑا تو ہو گیا تھا مگر بار بار اپنے سر کو جھٹکے دے رہا تھا۔

"آؤ ماسٹر! وہاں کھڑے کیسنگ مار رہے ہو!" میں نے ہنس کر کہا اور اسی کے ساتھ اسے دوبارہ جست لگانے پر اکسانے کے لیے ہاتھ کا اشارہ کیا۔

"میں تجھے زندہ نہیں چھوڑوں گا۔" ماسٹر نے مجھ پر اپنی تیز چمکیلی آنکھیں گاڑتے ہوئے کہا۔

"یہ ارمان بہت سے لوگ اپنے سینوں میں لے کر مر گئے ماسٹر! اور شاید تم بھی مر جاؤ۔"

اِدھر میرا فقرہ پورا ہوا اور اُدھر ماسٹر نے مجھ پر چھلانگ لگا دی۔ اس بار میں نے اپنی جگہ سے حرکت نہیں کی تھی۔ ماسٹر کو یہی توقع رہی ہو گی کہ اب کے بھی میں پہلے کی طرح فضا میں اس کے جسم سے ٹکراؤں گی اس لیے اس بار اس کے دونوں پاؤں آگے تھے اور وہ کان سے چھوٹے ہوئے کسی تیر کی طرح میری طرف آ رہا تھا۔ جیسے ہی اس کا بھاری جسم میرے قریب آیا' میں نے بلی کی سی تیزی سے پینترا بدلا اور پھر میری دائیں ٹانگ اٹھی۔ میرے جوتے کی نوک پوری قوت سے اس کی کمر پر پڑی تھی اور اسی کے ساتھ میں تیزی سے پیچھے ہٹ کر دیوار سے جا لگی تھی۔ اس بار اس سے چیخ بھی نکل گئی تھی۔

ماسٹر کمر کے بل زمین پر آ رہا تھا اور گر کر بار بار فضا میں اچھل رہا تھا۔ اسی وقت میری نگاہ ماسٹر کے اس سالم پیر پر پڑی جو میری ایک ضرب بھی نہ سہہ سکا تھا۔ وہ میرے قریب تھا اور بے ہوش تھا۔

ماسٹر کو اب میں اٹھنے کی مہلت نہیں دینا چاہتی تھی۔ ایک بھی لمحہ ضائع کیے بغیر اس کی طرف جھپٹی۔ اگر میں اس پر جم لگاتی تو یقیناً حماقت کرتی کیوں کہ میری توقع کے خلاف وہ ایک دم پلٹ کر اس جگہ سے ہٹ گیا تھا جہاں تقریباً صحیح سالم پیروں پر کھڑا ہو گیا تھا۔ اس نے غالباً یہی سوچا ہو گا کہ میں پھر جست لگاؤں گی اور یوں اپنے ہی زور میں زمین چاٹ لوں گی۔ میں نے پہلے اس پر جست ہی لگانے کا فیصلہ کیا تھا مگر لمحے میں اپنا فیصلہ بدل دیا تھا۔

اسے کھڑا ہوتا دیکھ کر میں ایک جھٹکے سے رک گئی تھی عین اس وقت میری سماعت سے پے در پے دو دھماکے ٹکرائی تھیں۔ میری نگاہ غیر ارادی طور پر اس طرف اٹھ گئی تھی جہاں سے چیخیں سنائی دی تھیں۔ رضیہ اپنے حصے کا کام نپٹا کر میرے ساتھ میری طرف آ رہی تھی۔ اس نے اپنے مقابل دونوں کو زمین پر لٹا دیا تھا۔ وہ دونوں زمین پر بے سدھ پڑے تھے۔ رضیہ نے رضیہ کے ہاتھ میں ریوالور بھی دیکھا تھا جو یقیناً اس نے ان دونوں میں سے کسی کی جیب سے نکالا ہو گا۔

ماسٹر کی پشت رضیہ کی طرف تھی۔ میرے ذہن میں نہ جانے کیوں یہ خیال آیا تھا کہ کہیں رضیہ' ماسٹر پر گولی نہ چلا دے۔ میں نے بلند آواز میں بولی۔ "رضیہ گولی نہ چلانا!"

میرے اور ماسٹر کے درمیان صرف دو تین گز کا فاصلہ رہ گیا تھا۔ ماسٹر میری بات سن کر اچھل پڑا' پھر دوسرے ہی لمحے وہ چھپکلی کی طرح زمین پر گر پڑا تھا اور گرتے ہی اس نے اپنا ہاتھ جیب میں ڈال دیا تھا۔

دوسرے ہی لمحے رضیہ کے ریوالور نے شعلہ اگل دیا تھا۔ ماسٹر کی طرف سے غافل نہیں تھی اور یقیناً اس نے ماسٹر کو جیب میں ہاتھ ڈالتے دیکھ لیا تھا۔ ماسٹر اسی لیے اپنی جیب سے ہاتھ نکالنے میں ناکام رہا تھا اور گولی کھانے کے بعد چیخ کر دوسری طرف الٹ گیا تھا۔ اگر گولی چلانے میں رضیہ سے ایک لمحے کی تاخیر ہو جاتی تو ماسٹر اپنی جیب سے ریوالور نکال چکا ہوتا۔

رضیہ کے پاس اس صورت حال میں' اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ میرے منع کرنے کے باوجود وہ ماسٹر کو نشانہ بنا دیتی اور اس نے یہی کیا تھا۔

مجھے یہ سمجھنے میں زیادہ دیر نہیں لگی تھی کہ ماسٹر سفر آخرت پر روانہ ہو چکا ہے۔ ہر چند کہ رضیہ نے اس کے بازو کو نشانہ بنایا تھا مگر گولی بازو کا گوشت پھاڑتی ہوئی اس کے سینے میں اتر گئی۔ اگر رضیہ اس زاویے سے فائر نہ کرتی تو گولی سیدھی چلتی اور اس صورت میں مجھے بھی خطرہ پیش آ سکتا تھا کیوں کہ میں ماسٹر کے سامنے ہی کھڑی ہوئی تھی۔

"آپ کے کہیں چوٹ تو نہیں آئی باجی؟" رضیہ نے میرے قریب پہنچ کر پوچھا۔ اس کے لہجے میں بلا کی محبت تھی۔

"پگلی!" میں ہنس دی۔ "تو تو مجھے اچھی طرح جانتی ہے' پھر بھی یہ بات پوچھ رہی ہے!"

میں نے ایک ہی نظر میں یہ دیکھ لیا تھا کہ رضیہ زخمی نہیں ہے اس لیے اس سے کچھ پوچھنا غیر ضروری سمجھا تھا۔

"میرا خیال ہے کہ اس عمارت میں یہی آٹھ افراد تھے جن میں سے دو ایک مر چکے ہیں اور بقیہ بے ہوش ہیں۔" میں نے تائید طلب انداز میں رضیہ سے کہا۔

"ہاں' میرا خیال بھی یہی ہے باجی! اگر اور لوگ بھی ہوتے تو یقیناً اس ہنگامہ آرائی کے بعد خاموش نہ بیٹھتے۔" رضیہ نے جواب دیا' پھر فوراً ہی بولی۔ "ہاں یہاں زرّیں کسی کمرے میں ضرور بند ہو گی۔"

"زرّیں!" میں چونک کر بولی۔

"ہاں وہ میرے ہی ساتھ آئی تھی۔" رضیہ نے بتایا۔

میں نے اس وقت یہ وضاحت ضروری نہیں سمجھی کہ زرّیں' رضیہ کے ساتھ کس طرح وہاں پہنچ گئی تھی اور وہاں کس طرح قید ہو گئی تھی۔ یہ ساری باتیں بعد میں ہو سکتی تھیں۔

"رضیہ! زرّیں کی تلاش سے پہلے یہ ضروری ہے کہ ہم ان آٹھوں افراد کو غیر مسلح کر کے کسی کمرے میں بند کر دیں۔" میں نے کہا۔ "اگر اس دوران میں' ان میں سے کسی کو ہوش آ گیا تو ہمارے لیے کوئی مشکل کھڑی کر سکتا ہے۔"

رضیہ نے میرے خیال سے اتفاق کیا اور پھر ہم دونوں نے ان آٹھوں کو گھسیٹ گھسیٹ کر غیر مسلح کرنے کے بعد راہداری کے ایک کمرے میں ذبح کیے ہوئے جانوروں کی طرح ڈال دیا۔ اس کے بعد باہر سے دروازہ بند کر دیا۔ ان میں سے چار کو ہم' بڑے کمرے سے گھسیٹ کر لائے تھے۔ آٹھ افراد میں سے تین جہنم رسید ہو گئے تھے' بقیہ ابھی تک بے ہوش تھے۔ ان تین میں ماسٹر بھی شامل تھا۔ ماسٹر تو خیر رضیہ کے ہاتھوں مارا گیا مگر بقیہ دو کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ کس کے ہاتھوں ہلاک ہوئے تھے۔ ان دونوں کی گردنوں کی ہڈیاں ٹوٹ گئی تھیں۔

دو دو ریوالور میں نے اور رضیہ نے اپنے پاس رکھ لیے تھے جن سے ایک بھی گولی نہیں چلائی گئی تھی' بقیہ چار ریوالور ہم نے راہداری ہی میں پھینک دیے تھے کیوں کہ ان کا بوجھ اٹھائے پھرنا میری نظر میں اس وقت بے سود تھا۔ میرے خیال میں ابھی خطرہ پوری طرح ٹلا نہیں تھا اس لیے میرا اور رضیہ کا مسلح ہونا ضروری تھا۔ جب تک ہم اس عمارت سے نکل کر کسی محفوظ جگہ نہ پہنچ جاتے' کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ کن حالات سے گزرنا پڑتا۔

اب تک مجھے رضیہ کو کچھ بتانے کا موقع مل سکا تھا نہ کچھ پوچھنے کا' لیکن اب ان آٹھوں کے جاندار اور بے جان جسموں کو راہداری کے ایک کمرے میں بند کرنے کے بعد میں کسی فوری خطرے سے محفوظ ہو گئی تھی۔ میں نے رضیہ سے پہلا سوال رضوان کے بارے میں کیا۔

"رضوان نے مجھ سے رابطہ قائم نہیں کیا۔" رضیہ نے جواب دیا۔ "یا ممکن ہے' اس نے کوشش کی ہو کیوں کہ آج دوپہر کے بعد میں زرّیں کے ہمراہ شاپنگ کے لیے صدر گئی تھی اور ہم دونوں کافی دیر بعد لوٹے تھے۔ زرّیں مجھے ساتھ لے جانے پر بضد ہو گئی تھی ورنہ میں نہ جاتی۔"

"ہوں۔" میں نے گہرا سانس لیا۔ "یہی ہو سکتا ہے۔"

"مگر باجی! رضوان کو تو آپ کے ساتھ ہی ہونا چاہیے تھا۔ مجھے تو یہی اندازہ تھا۔" رضیہ کے لہجے سے کسی قدر فکر مندی کا اظہار ہو رہا تھا۔

"وہ بھی میری طرح یہیں قید تھا مگر یہاں سے نکلنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔"

"لیکن... وہ... وہ یہاں آپ کو چھوڑ کر تنہا..."

"حالات ایسے ہی تھے۔" میں نے رضیہ کی بات کاٹ کر کہا۔ "میں تمہیں تفصیل سے سب کچھ بتا دوں گی لیکن پہلے تم یہ بتاؤ کہ یہاں کس طرح پہنچ گئیں؟"

"زرّیں نے کسی طرح عارف کو اس پر آمادہ کر لیا تھا کہ وہ اگر آج رات خان آنٹ کالا گوٹ کو ہیلی کوپٹر میں لے کر کہیں جائے گا تو مجھے

اور اسے پہلے ہی ہیلی کوپٹر میں چھپا دے گا۔" رضیہ نے جواب دیا۔
میرے لیے یہ سمجھنا مشکل نہیں تھا کہ زرّیں نے اس گونگے کو کس طرح اس بات پر آمادہ کیا ہوگا۔
میں نے ابھی مزید کوئی سوال نہیں کیا تھا کہ رضیہ پھر بول اٹھی۔
"میں نے لاکھ چاہا کہ زرّیں صرف مجھے ہیلی کوپٹر میں جانے دے مگر وہ نہیں مانی۔ میری باتوں نے خود اس کے ذہن میں تجسس پیدا کر دیا تھا کہ خان آف کالاگوٹ درحقیقت کہاں جاتا ہے!"
"تو اس کا مطلب یہ ہے کہ تم دونوں اسی وقت سے یہاں ہو جب خان آف کالاگوٹ آیا تھا؟" میں نے خود کلامی کے سے انداز میں کہا۔
"ہاں۔" رضیہ بولی۔ "میں زرّیں کے ہمراہ ہیلی کوپٹر سے اتر کر اس عمارت کے اردگرد پھیلے ہوئے درختوں کے جھنڈ میں چھپ گئی تھی۔ میں نے سوچا تھا کہ جب خان آف کالاگوٹ ہیلی کوپٹر میں بیٹھ کر واپس چلا جائے گا تو زرّیں کو وہیں چھوڑ کر عمارت کا رُخ کروں گی۔ میرا قیاس تھا کہ خان آف کالاگوٹ نے آپ کو اور رضوان کو اسی عمارت میں رکھا ہوگا۔"
"تمھیں یہ کب معلوم ہوا کہ میں اور رضوان، خان آف کالاگوٹ کے ہتھے چڑھ گئے ہیں؟" میں نے پوچھا۔
"آج صبح! جب میں نے رضوان سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی تو مجھے ایک ملازمہ سے رات کو پیش آنے والے عجیب واقعے کا علم ہوا۔" رضیہ نے جواب دیا۔ "میں اسی وقت خان ولا سے روانہ ہوگئی تاکہ تفصیلی واقعات جان کر کسی نتیجے پر پہنچ سکوں۔ پھر میں نے ملازماؤں سے گفتگو کر کے یہی نتیجہ اخذ کیا کہ خان آف کالاگوٹ آپ پر اور رضوان پر ہاتھ ڈالنے میں کامیاب ہو چکا ہے۔ پہلے مجھے شبہ ہوا کہ شاید آپ کو خان ولا ہی میں رکھا گیا ہے لیکن پھر میرا خیال بدل گیا۔ میرے ذہن میں رہ رہ کر یہی خیال آ رہا تھا کہ خان آف کالاگوٹ نے جہاں پروفیسر منہاس کو رکھا ہوگا، وہیں وہ آپ کو بھی رکھے گا۔ اس خیال کا ایک سبب یہ تھا کہ خان آف کالاگوٹ، پروفیسر منہاس کو کسی ایسی ہی جگہ رکھ سکتا تھا جو ہر طرح محفوظ اور خفیہ ہو۔ خان ولا بہرحال وہ جگہ نہیں ہو سکتی تھی۔ وہ جگہ میرے خیال میں وہی ہو سکتی تھی جہاں خان آف کالاگوٹ، ہیلی کوپٹر میں بیٹھ کر جاتا تھا۔ اس نتیجے تک..."
"ٹھہرو رضیہ!" میں نے ہاتھ اٹھا کر رضیہ کی بات کاٹ دی۔ "تم نے پروفیسر منہاس کا ذکر چھیڑ کر ایک اور راہ سجھا دی ہے تمھارے اس خیال سے قطعی متفق ہوں کہ پروفیسر منہاس بھی اسی کہیں قید ہے۔ اب مزید تفصیلات میں جانے کا وقت نہیں، فوراً زرّیں اور پروفیسر منہاس کو تلاش کرنے کے بعد اس جا سے نکل جانا چاہیے۔ یہاں کسی بھی وقت کوئی خطرہ پیش آ سکتا ہے۔" یہ کہتے ہوئے میں نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی پر نظر ڈالی اور بولا۔ "اس وقت گیارہ بجنے والے ہیں۔ آج رات بارہ بجے کے بعد خان آف کالاگوٹ یا تو یہاں خود آئے گا یا ماسٹر سے رابطہ قائم کرے گا۔ ہمارے پاس صرف ایک گھنٹہ ہے، یہ بھی طے شدہ نہیں کہ وہ ایک گھنٹے سے پہلے ماسٹر سے رابطہ قائم نہیں کرے گا۔ ممکن ہے، وہ پہلے ہی رابطہ قائم کرے اور وہ سے کوئی جواب نہ ملنے کی صورت میں فوراً ہی کوئی ایسی چل دے کہ ہم اس کے جال میں دوبارہ پھنس جائیں۔"
رضیہ نے مجھ سے اس بات کی وضاحت نہیں چاہی تھی کہ مجھے یہ کیسے یقین ہے، خان آف کالاگوٹ ایک گھنٹے یا تو خود وہاں پہنچے گا یا ماسٹر سے رابطہ قائم کرے گا۔ یہ وقت تفصیلات میں جانے کا نہیں تھا اور اس بات کا اندازہ رضیہ کو بھی ہو گیا ہوگا۔
میرے ذہن میں بھی اس وقت کئی تشنہ سوالات کروٹیں لے رہے تھے مگر میں نے فی الحال انھیں ذہن سے جھٹک دیا میں اور رضیہ اس وقت راہداری میں کھڑے ہوئے باتیں کر رہے تھے۔ پہلے ہم نے وہیں دونوں جانب بنے ہوئے کمروں کا جائزہ لینا ضروری سمجھا۔ انھی کمروں میں سے ایک میں ہم نے ان افراد کو بند کیا تھا۔
وہ چھ کمرے تھے، دو راہداری کے دونوں سروں پر تھے اور چار درمیان میں۔ ان میں ایک بڑا سا کمرہ بھی تھا جس میں فرنیچر نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ وہ کمرہ بالکل خالی پڑا تھا۔
"اس کمرے میں غالباً ماسٹر اپنے شاگردوں کو جوڈو کراٹے کی تربیت دیتا ہوگا۔" میں نے اس ہال نما کمرے سے نکلتے ہوئے کہا۔
رضیہ نے میرے خیال سے اتفاق کیا۔ بقیہ تمام کمرے رہائشی تھے۔ میں نے اندازہ لگایا کہ وہ آٹھوں افراد انھی کمروں میں رہتے ہوں گے۔ ان میں سے ایک کمرے میں ماسٹر کی بڑی سی تصویر بھی دیوار پر آویزاں تھی۔
وہاں مزید وقت ضائع کرنا بیکار تھا اس لیے میں اور رضیہ

راہداری کے سرے پر بنے ہوئے ایک دروازے کی طرف بڑھے۔
کچھ دیر بعد ہی مجھے اندازہ ہو گیا کہ وہ عمارت کافی بڑے رقبے پر پھیلی ہوئی تھی۔ جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا تھا، میری بے چینی بڑھتی جا رہی تھی۔ ابھی تک ہم نہ زرّیں کو تلاش کر سکے تھے اور نہ پروفیسر منہاس کو! ہمیں اس عمارت میں چکر کاٹتے ہوئے تقریباً دس منٹ گزر چکے تھے۔ کمیں نے اس دوران میں رضیہ سے بقیہ واقعات بھی معلوم کر لیے تھے۔
رضیہ کے بیان کے مطابق اس نے ایک نتیجے تک پہنچنے کے بعد زرّیں کو اس بات پر آمادہ کیا تھا کہ وہ عارف کو تھوڑی سی "گھاس" ڈال دے۔ زرّیں بہ مشکل اس کاروبار پر آمادہ ہوئی تھی اور نتیجہ حسب توقع نکلا تھا۔ عارف نے ان دونوں کو پہلے ہی ہیلی کوپٹر کے پچھلے حصے میں چھپا دیا تھا جہاں دو پیراشوٹ نہ جانے کس لیے پڑے رہتے تھے حالانکہ وہ ہوائی جہاز نہیں ہیلی کوپٹر تھا۔ زرّیں اور رضیہ بہ آسانی ان پیراشوٹس کے نیچے چھپ گئی تھیں۔ خان آف کالاگوٹ کے فرشتوں کو بھی علم نہ ہو سکا تھا کہ ہیلی کوپٹر میں اس کے گونگے بھتیجے کے علاوہ بھی دو عدد معصوم دل دھڑک رہے ہیں۔
اندازے کے مطابق تقریباً ایک گھنٹے یا اس سے کچھ کم، ہیلی کوپٹر فضا میں پرواز کرتا رہا تھا۔ پھر جب خان آف کالاگوٹ اس سے اتر کر چلا گیا تھا تو رضیہ اور زرّیں بھی عارف کو باتوں باتوں میں کہہ کر وہاں سے چل دی تھیں۔ وہ گونگا بے چارہ کہتا سنتا بھی کیا، وہ اول آں کر کے رہ گیا تھا جس پر نہ زرّیں نے توجہ دی تھی نہ رضیہ نے۔
جب خان آف کالاگوٹ دوبارہ ہیلی کوپٹر میں بیٹھ کر وہاں سے چلا گیا تھا تو رضیہ اور زرّیں عمارت کی طرف بڑھی تھیں لیکن ان دونوں ہی کو چھاپ لیا گیا تھا۔ رضیہ نے دانستہ اس وقت ہنگامہ برپا کرنے سے گریز کیا تھا کیوں کہ ان دونوں کو پکڑ کر عمارت ہی میں لے جایا جا رہا تھا۔ رضیہ کا ریوالور اس سے اسی وقت چھین لیا گیا تھا۔
زرّیں کو دیکھتے ہی ماسٹر چونک اٹھا تھا۔ اس سے رضیہ نے اندازہ لگایا تھا کہ کم از کم ماسٹر، زرّیں کو ضرور پہچانتا ہے۔ جب ماسٹر کے حکم پر زرّیں کو اور رضیہ کو اس کے گرگے الگ الگ لے جانے لگے تو زرّیں غصے سے بے قابو ہو گئی۔ اس نے ماسٹر کو بہت دھمکیاں دیں کہ وہ اپنے والد سے کہہ کر اسے ملازمت سے الگ کرا دے گی اور یہ کہ رضیہ اس کی دوست ہے مگر ماسٹر نے ایک نہ سنی۔ رضیہ اور زرّیں کو جدا ہونا ہی پڑا۔ رضیہ نے اس وقت بھی ہنگامے سے دانستہ گریز کیا۔ وہ کسی ایسے موقع کی تلاش میں تھی کہ اس کے مقابل کم سے کم افراد ہوں اور پھر اسے یہ موقع مل ہی گیا۔ رضیہ کو غالباً وہ اسی کمرے میں قید کرنا چاہتے تھے جہاں انھوں نے مجھے رکھا تھا۔
رضیہ کے بیان کی روشنی میں میرے لیے یہ سمجھنا اب مشکل نہیں رہا تھا کہ وہ لوگ مسلح ہونے کے باوجود رضیہ کو قابو میں کرنے کے لیے ریوالور کیوں استعمال نہیں کر رہے تھے اور وہ غیر مسلح کیوں تھی۔ رضیہ نے یہ بھی بتایا تھا کہ خود ماسٹر نے اپنے گرگوں کو ریوالور استعمال کرنے سے گریز کا حکم دیا تھا۔ ماسٹر نے اسی لیے رضیہ کے ہمراہ زیادہ آدمی بھیجے تھے کہ اگر وہ کوئی ہنگامہ کرنے کے بارے میں سوچ بھی رہی ہو تو اپنے ساتھ آنے والے افراد کی تعداد دیکھ کر ڈر جائے۔ ماسٹر کی یہ بدنصیبی ہی تھی کہ وہ رضیہ سے واقف نہیں تھا۔
"رضیہ!" میں نے ایک طرف مڑتے ہوئے رضیہ سے کہا۔
"جی باجی!"
"یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ ماسٹر نے تم دونوں کو..." میں کہتے کہتے رک گیا۔ "میں نے رضیہ سے کہا۔" تم نے کچھ سنا؟"
"ہاں کچھ محسوس تو ہوا تھا جیسے کوئی سسکیاں سی لے رہا ہو۔" رضیہ نے میرے خیال کی تائید کر دی۔ میں رک گئی اور رضیہ نے بھی میری تقلید کی مگر اب وہ آواز سنائی نہیں دے رہی تھی۔
"وہ آواز غالباً اس طرف سے آئی تھی۔" میں نے سامنے کی جانب اشارہ کیا جدھر تاریکی تھی۔
"اس عمارت میں اگر دو ہی افراد قید ہیں تو پھر وہ سسکیاں زرّیں ہی کی ہو سکتی ہیں۔" رضیہ بولی۔
"چند لمحے خاموش رہو۔" میں نے کہا۔ "ممکن ہے وہ آواز پھر سنائی دی جائے اور ہم صحیح سمت کا اندازہ لگا سکیں۔"
میں رضیہ کے خیال سے متفق تھی مگر اس کا اظہار ضروری نہیں سمجھا تھا۔
کچھ دیر بعد پھر سسکیاں ابھریں اور میں چونک اٹھی۔ میرا

اندازہ غلط نہیں تھا۔ سسکیوں کی وہ آواز سامنے ہی سے آرہی تھی۔

رضیہ اور میں ایک ساتھ اس طرف لپکے۔ ہمارے قدموں کی گونج سناٹے کو مجروح کر رہی تھی۔

روشنی سے تاریکی میں پہنچنے کے بعد چند لمحے مجھے کچھ نظر ہی نہ آیا تھا۔ سسکیاں پھر رک گئی تھیں۔

ابھی میں کوئی فیصلہ نہ کر پائی تھی کہ رضیہ نے زرّیں کا نام لے کر اسے پکارا۔

"نادرہ!" جواب میں فوراً ہی زرّیں کی آواز سنائی دی۔ "میں... میں یہاں ہوں۔"

"گھبراؤ مت زرّیں! میں آگئی ہوں۔" رضیہ نے جواب میں کہا۔

میں نے دانستہ کچھ بولنے سے گریز کیا تھا۔ یوں بھی اس وقت میں یہ سوچ رہی تھی کہ صبیحہ بانو کی حیثیت سے تو زرّیں میرے لیے اجنبی ہی ہے۔ ظاہر ہے کہ اس وقت میں ریٹا ڈکسن کے میک اپ میں نہیں تھی اس لیے زرّیں مجھے نہیں پہچان سکتی تھی اور فی الحال اصلیت کی یہ دیوار گرانا ضروری بھی نہیں تھا۔

وہ ایک چھوٹا سا کمرہ تھا جس میں زرّیں کو بند کیا گیا تھا۔ اس کے قریب ہی ایک اور چھوٹا سا کمرہ تھا۔ یہ دونوں کمرے اصل عمارت سے کافی دُور بنے ہوئے تھے جو غالباً زیادہ استعمال میں نہیں رہتے تھے۔ اسی وجہ سے شاید وہاں بجلی بھی نہیں تھی اور اگر تھی بھی تو بلب نہیں لگائے گئے تھے۔ اس کمرے کے دروازے کو باہر سے مقفل کرنے کی ضرورت بھی نہیں سمجھی گئی تھی، صرف کنڈی لگا دی گئی تھی جسے کھول کر ہم نے بہ آسانی زرّیں کو کمرے سے نکال لیا۔

"وہ... وہ بلے بالوں والا بدمعاش کہاں گیا؟ اور... اور اس کے ساتھی... مگر... مگر یہاں ڈیڈی نے اتنے سارے آدمی کیوں رکھے ہوئے ہیں!" زرّیں، رضیہ کے ساتھ آگے آگے چلتی ہوئی اس سے بولی۔

میں دانستہ ان دونوں کے پیچھے چل رہی تھی۔ زرّیں نے رضیہ کے ہمراہ کسی اور کی موجودگی پر حیرت کا اظہار تو کیا تھا مگر ابھی تک رضیہ نے اس سے میرا تعارف نہیں کرایا تھا۔ رضیہ نے اس کی بات سنی اَن سنی کر دی تھی اور دوسری بات کرنے لگی تھی۔

"کیا تمھیں اس عمارت کے بارے میں پہلے سے کچھ علم تھا؟"

رضیہ نے زرّیں سے سوال کیا۔

اب ہم سب تاریکی سے نکل کر روشنی میں آچکے تھے۔ فطری تجسس کے تحت رضیہ کی بات کا جواب دینے سے پہلے میری طرف مڑ کر دیکھا تھا۔ اس کے پھول جیسے رخساروں پر آنسوؤں کی نمی اب بھی تھی۔ مجھے وہ نمی، تازہ کھلے ہوئے گلابوں پر شبنم کی نمی کی مانند محسوس ہوئی۔

میں نے یہ محسوس کر لیا تھا کہ زرّیں مجھے دیکھ کر چونکی تھی، اس چونکنے کا سبب میں اچھی طرح سمجھتی تھی۔ میں نے ضرورتاً ہی کا میک اپ بس یوں ہی سا کیا تھا۔ زرّیں کے چونکنے کا سبب یہی مشابہت رہی ہوگی۔

"تم نے میری بات کا جواب نہیں دیا نادرہ!" رضیہ نے اپنی طرف متوجہ کر لیا۔

"میں نے بس ایک بار یہ سنا تھا کہ اندر دالان سندھ... کی ذاتی شکارگاہ ہے جہاں وہ کبھی کبھار ہی جاتے ہیں۔ اگر میرا اندازہ غلط نہیں تو یہ وہی جگہ ہے۔" زرّیں نے جواب دیا۔

"مقام کے بارے میں تمھیں کچھ پتا نہیں ہے؟" رضیہ نے جلدی سے دوسرا سوال کر دیا۔ "کیا تم نے کبھی یہ نہیں سنا کہ شکارگاہ تھی کس جگہ؟"

"ایک بار ڈیڈی کسی سے باتیں کر رہے تھے تو میں نے اتنا سنا تھا کہ شکارگاہ اُتھل سے چند میل کے فاصلے پر ہے۔" زرّیں نے جواب دیا۔

اب میں بھی قدم بڑھا کر ان دونوں کے قریب پہنچ گئی تھی۔ رضیہ نے زرّیں سے بڑے کام کی بات معلوم کی تھی۔ اب مجھے پتا ہو چکا تھا کہ میں کراچی سے کتنی دُور ہوں۔

اب ہم چلتے ہوئے پھر اس جگہ پہنچ گئے تھے جہاں ہمیں سسکیوں کی آواز سنی تھی۔ میں نے گھڑی میں وقت دیکھا۔ ساڑھے گیارہ بج رہے تھے۔ اب وقت بہت کم تھا اور ابھی پروفیسر مرزا کو بھی اس عمارت میں تلاش کرنا تھا۔

"نادرہ! ہم اس طرف نہیں گئے۔" اچانک میں نے رضیہ کو مخاطب کرتے ہوئے ایک طرف اشارہ کیا۔ اس طرف زمین کچی تھی، چند درختوں کی دوسری جانب نیم تاریکی سی محسوس ہو رہی تھی۔ میں نے دانستہ رضیہ کو نادرہ کہہ کر مخاطب کیا تھا کیونکہ زرّیں اُسے اسی نام سے جانتی تھی۔

"آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں باجی!" رضیہ نے جواب دیا۔ "ہمیں

طرف چلنا چاہیے۔"

توقع کے مطابق پہلے میری آواز سن کر اور پھر رضیہ کے منہ سے "باجی" سن کر زرّیں چونک اٹھی تھی۔

"ان کی آواز اور... اور آنکھیں... اور... اور جسم..." زرّیں ہکلا کر رہ گئی۔

"ہاں زرّیں! باجی کا چہرہ مہرہ میری اسٹاد ریٹا ڈکسن سے بہت ملتا جلتا ہے اور آواز بھی!" رضیہ نے جلدی سے کہا۔ "یہی سمجھنا چاہتی ہو نا تم؟"

"ہاں۔" زرّیں نے اثبات میں سر ہلایا۔

"یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں۔ دنیا میں بہت سے لوگوں کے چہرے اور آوازیں بڑی حد تک ملتی جلتی ہوتی ہیں۔ تم نے ہم شکلوں کے بہت سے قصے سنے ہوں گے۔ باجی اور ریٹا ڈکسن ہم شکل تو نہیں ہیں مگر ان میں مشابہت بہت ہے۔" رضیہ نے معاملے کو سنبھال لیا۔

"مگر تمھاری باجی یہاں... یہاں کیسے آگئیں؟" زرّیں نے سوال کیا۔ اس کے لہجے میں اب بھی حیرت تھی۔

"یہ ایک لمبی کہانی ہے زرّیں! فی الحال صرف اتنا سمجھ لو کہ تمھارے والد نے مجھے اغوا کرا لیا تھا اور یہاں قید کر دیا تھا۔" اس بار میں نے زرّیں کو مخاطب کر لیا۔

"اُغ... اغوا... میرے ڈیڈی... میرے ڈیڈی نے... وہ... وہ... ڈیڈی... ایسے... ایسے ہیں ڈیڈی!" یہ کہتے ہوئے زرّیں کی آواز بھرا گئی۔

"نہ صرف مجھے بلکہ انھوں نے ایک غریب پروفیسر کو بھی یہاں قید کر رکھا ہے اور ہم اب اسی کو تلاش کر رہے ہیں۔" میں نے اسے مزید بتایا۔

"مگر کیوں؟ ڈیڈی... ڈیڈی نے اس پروفیسر کو کس لیے...؟"

"یہ وقت ان باتوں کا نہیں۔" میں نے زرّیں کی بات کاٹ کر کہا۔ "یہ تفصیل باتیں ہیں جو بعد میں ہوتی رہیں گی۔ ابھی ہم خطرے کی حد دو میں ہیں۔"

زرّیں نے میرے اغوا کی وجہ تو نہیں پوچھی تھی لیکن پروفیسر کے اغوا کا سبب ضرور جاننا چاہتی تھی۔

"وہ بدمعاش کہاں گئے؟" زرّیں نے پھر وہی سوال کیا جسے پہلے رضیہ نے نظر انداز کر دیا تھا۔

"میں نے اور باجی نے ان سب کو باندھ کر ایک کمرے میں ڈال دیا ہے۔" رضیہ نے جواب دیا۔

زرّیں نے رضیہ کو ایسی نظر سے دیکھا جیسے اس نے کہہ دیا ہو کہ رات کے وقت سورج نظر آرہا ہے۔

ہم باتیں کرتے ہوئے کہیں رُکے نہیں تھے بلکہ اس طرف بڑھ رہے تھے جدھر میں نے اشارہ کیا تھا۔

درختوں کی دوسری جانب ایک چھوٹا سا قطعۂ زمین عبور کر کے ہم ایک برآمدے میں پہنچ گئے جس میں تین واٹ کا بلب جل رہا تھا۔

وہاں بھی دو کمرے برابر برابر بنے ہوئے تھے اور دونوں ہی کے دروازے مقفل تھے۔ اس کا اندازہ میں نے اور رضیہ نے دروازوں کے ہینڈل پکڑ کر لگایا تھا۔

"کیا خیال ہے نادرہ؟" میں نے رضیہ کو معنی خیز انداز میں دیکھا۔

"ٹھیک ہے باجی!" وہ میرا مطلب سمجھ گئی تھی۔

پھر دوسرے ہی لمحے دو دھماکے ہوئے اور زرّیں چیخ پڑی۔ "یہ... یہ... کیا کر رہی ہو تم نادرہ؟"

رضیہ نے باری باری دونوں قفل فائر کر کے توڑ دیے تھے۔

"زرّیں! گھبراؤ مت! ہم جو کچھ کر رہے ہیں، ایک مظلوم شخص کی جان بچانے کے لیے کر رہے ہیں۔" میں نے زرّیں کے شانے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے تسلی دی اور اس کا جسمانی لمس محسوس کر کے میرے بدن میں ایک برقی رَو سی دوڑ گئی۔ وہ تھی ہی اتنی حسین! خوف زدہ ہو کر تو وہ اور بھی خوب صورت لگ رہی تھی۔

پھر باری باری ہم نے دونوں ہی کمرے دیکھے تھے مگر دونوں ہی خالی تھے۔ ہم نے ان دونوں کمروں کے بلب روشن کر دیے تھے لہٰذا ہمیں وہاں کوئی بھی نظر نہیں آیا تھا۔

"یہاں تو کوئی نہیں۔" رضیہ نے دوسرے کمرے کو بھی خالی پا کر کہا اور پھر وہ میری نگاہوں کی سیدھ میں دیکھنے لگی۔ میری نگاہ سامنے کی طرف اٹھی ہوئی تھی۔ کمرے کی وہ دیوار ایک پردے کے پیچھے چھپی ہوئی تھی۔ پردہ چھت سے لے کر زمین تک پڑا ہوا تھا۔

رضیہ میری نگاہ کا مفہوم سمجھ کر تیزی سے اس کی طرف

گئی اور پردہ ایک طرف کھسکاتے ہی چونک اٹھی۔ وہاں دیوار میں ایک آہنی دروازہ نظر آرہا تھا۔

"رضیہ! دروازے کو ہاتھ نہ لگانا! اس میں برقی رَو بھی ہوسکتی ہے۔" میں نے بروقت رضیہ کو تنبیہہ کی اور وہ ٹھٹک کر رک گئی۔ اس کا ہاتھ اٹھا اٹھا کا اٹھا رہ گیا تھا۔ "پروفیسر منہاس یقیناً یہیں قید ہے۔" میں پُریقین لہجے میں بولی۔ پھر میں نے رضیہ کو بتایا کہ جہاں مجھے قید کیا گیا تھا، وہ قید خانہ بھی ایک آہنی دروازے کے پیچھے تھا۔

زرّیں حیران حیران سی کھڑی ہوئی سب کچھ دیکھ رہی تھی۔

مجھے یقین تھا کہ اس آہنی دروازے کو کھولنے اور بند کرنے کا طریقہ بھی وہی ہوگا جو میرے "قید خانے" کو کھولنے اور بند کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ میں وہ آہنی دروازہ کھول کر اندر سے باہر آئی تھی لیکن اسے باہر سے کس طرح کھولا جاتا تھا، میں اس سے ناآشنا تھی۔

پھر بےبہا وقت ضائع کیے میں نے اور رضیہ نے وہاں کسی پوشیدہ بٹن کی تلاش شروع کردی لیکن ناکام رہے۔ اسی تلاش کے دوران میں میں نے اس کمرے کے فرش پر غور کیا۔ اس عمارت میں اب تک میں نے دو کمروں کے فرش ایک جیسے دیکھے تھے پہلا کمرہ وہ تھا جہاں میں خان آف کالاگوٹ سے ملی تھی اور دوسرا کمرہ یہ تھا۔ ان دونوں کمروں کے فرش چوکور ٹائلوں کے بنے ہوئے تھے۔ اس کمرے میں بھی ایک آہنی دروازہ تھا اور اس کمرے میں بھی! یہ مماثلت میری نظر میں بےمعنی نہیں تھی۔

وہ دروازہ دھاتی پلیٹ کے ایک مخصوص حصّے پر پیر کا دباؤ ڈالنے کے بعد، دھاتی پلیٹ پر جسم کے دباؤ سے کھلا تھا۔ اچانک میرے ذہن میں یہ خیال بجلی کے کوندے کی طرح لپکا کہ کہیں آہنی دروازے کے قریب کسی چوکور ٹائل پر دباؤ ڈالنے سے تو یہ آہنی دروازہ نہیں کھل جائے گا؟

دوسرے ہی لمحے میں آہنی دروازے کی طرف تیزی سے بڑھی اور اسی دوران میں رضیہ کو بھی اپنے خیال سے آگاہ کردیا جو میرے پیچھے پیچھے ہی لپکی تھی۔

اور پھر میرا خیال صحیح ثابت ہوا۔ آہنی دروازے کے دونوں پٹ بغیر کوئی آواز پیدا کیے دیوار کی دونوں جانب تیزی سے کھسک کر غائب ہوگئے۔ ظاہر ہے کہ رضیہ نے تو اس پر حیرت کا اظہار نہیں کیا ہوگا مگر زرّیں ضرور اُچھل پڑی تھی۔

آہنی دروازے کے اندر کی جانب دھاتی پلیٹ نظر آرہی تھی۔ میری نگاہ اس پر جم گئی اور پھر میں نے وہ جگہ تلاش کرلی جہاں مجھے پیر رکھنا تھا تاکہ دھاتی پلیٹ میں دوڑتی ہوئی برقی رَو کا سلسلہ منقطع ہوجائے۔

"تم زرّیں کے ساتھ یہیں رہو!" میں نے پلٹ کر رضیہ سے کہا۔ "اس راہداری کے اختتام پر ایک کمرہ بنا ہوگا اور مجھے امید ہے کہ پروفیسر منہاس اسی میں قید ہوگا۔ ہاں سنو! کمرے کا دروازہ بھی مقفل ہوگا اور اسے توڑنے کے لیے مجھے فائر بھی کرنا پڑے گا۔"

"ٹھیک ہے، آپ جائیں۔" رضیہ نے اثباتی انداز میں سر ہلایا۔

میں نے دوسرے ہی لمحے اس دھاتی پلیٹ کے مخصوص حصّے پر اپنے پیر کا دباؤ ڈالا اور پھر ہلکی سی کلک کی آواز محسوس کی۔ اس کے بعد میں بہت اطمینان سے دھاتی پلیٹ پر چلتی ہوئی راہداری پر پہنچ گئی۔

راہداری طے کرنے کے بعد حسبِ توقع مجھے ایک کمرے کا دروازہ نظر آگیا۔ دروازہ مجھے مقفل ہی ملا مگر میں نے فائر کرکے قفل توڑنے میں دیر نہیں کی۔

"کک... کون ہے؟" دروازہ کھلتے ہی میری سماعت سے ایک کانپتی ہوئی سی آواز ٹکرائی۔ پروفیسر منہاس یقیناً فائر کی آواز سن کر بیدار ہوگیا تھا۔ کمرے میں ہلکی نیلی روشنی پھیلی ہوئی تھی۔ پروفیسر منہاس کو شاید اتنی مہلت نہیں ملی تھی کہ وہ زیادہ پاور کا بلب روشن کرسکتا۔ مدھم نیلی روشنی میں مجھے اس کا صرف ہیولا سا نظر آرہا تھا۔

"آپ پروفیسر منہاس ہیں نا؟" میں نے آگے بڑھتے ہوئے پوچھا۔

"ہاں... ہاں مگر تم... تم کون ہو؟ ابھی ابھی... وہ فائر کی آواز..."

"وہ فائر میں نے اس کمرے کا قفل توڑنے کے لیے کیا تھا۔" میں سوپر پاور بورڈ کی طرف بڑھتی ہوئی بولی۔

"قفل توڑنے کے لیے!... مگر... مگر کیوں؟ کیا تمہارا تعلق خان آف کالاگوٹ سے نہیں ہے؟"

"نہیں۔" میں نے جواب دیا۔ "آپ مجھے اس کا دشمن سمجھ سکتے ہیں اور اپنا ہمدرد!"

"میں اس دوران میں سوپر پاور بورڈ تک پہنچ چکی تھی۔ دوسرے ہی لمحے میں نے بٹن دبا دیا اور کمرہ تیز روشنی میں نہا گیا۔

"تم... تمہیں میں نے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا!" چند لمحے بعد پروفیسر منہاس کی آواز پھر سنائی دی۔ وہ میری طرف حیرت سے دیکھ رہا تھا اور میں بھی اس کا جائزہ لے رہی تھی۔ وہ باریش اور دُبلا پتلا تھا۔

"میں آپ کے بیٹے سلطان کی دوست ہوں۔" میں نے مزید سوال جواب سے بچنے کی خاطر کہا۔

"لیکن... لیکن تم... تم یہاں کیوں آئی ہو؟" پروفیسر منہاس نے عجیب سے لہجے میں کہا۔

"آپ کو آزاد کرانے کے لیے!" میں نے جواب دیا۔

"نہیں... نہیں... مجھے آزادی نہیں چاہیے! مجھے یہیں قید رہنے دو!" پروفیسر منہاس کی آواز تھرتھراتی ہوئی تھی۔ "مجھ جیسے تُنبدلوں اور غیر فرد شوں کے لیے آزادی ضروری نہیں... قطعی ضروری نہیں!"

"پروفیسر! وقت کم ہے اور ہم خطرے میں ہیں۔ میں آپ سے دوبارہ گزارش کرتی ہوں کہ آپ فوراً میرے ساتھ چلیے چلیں ورنہ ماہ پارہ کی زندگی کو بھی کوئی خطرہ پیش آسکتا ہے۔" میں نے دانستہ جھوٹ بولا۔

"ماہ پارہ! وہ... وہ کہاں ہے؟ کیا وہ بھی خان آف کالاگوٹ کی قید میں ہے مگر ایسا ہوتا تو... تو..."

"یہ باتیں بعد میں ہوسکتی ہیں پروفیسر!" میں نے گھڑی پر نظر ڈالتے ہوئے کہا۔ اس وقت پونے بارہ بجنے والے تھے۔ اس عمارت سے نکلنے کے لیے اب میرے پاس صرف پندرہ منٹ باقی تھے۔ میں چاہتی تھی کہ پروفیسر منہاس کو وہاں سے نکال لے جانے کے بعد خان آف کالاگوٹ کی مزاج پرسی کروں۔ پروفیسر منہاس اور زرّیں کی موجودگی میں، میں اس سے بھڑنا نہیں چاہتی تھی۔

سوتیلی بیٹی ہونے کے باوجود پروفیسر منہاس، ماہ پارہ سے محبت کرتا تھا۔ اس کا اندازہ مجھے اس وقت ہوا جب یہ بات سُن کر اس کے چہرے کا رنگ متغیر ہوگیا اور پھر کچھ دیر بعد وہ میرے ساتھ چلنے پر آمادہ ہوگیا۔

میں نے راہداری میں پروفیسر منہاس کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے اسے مخاطب کیا۔ "وہ لیبارٹری بھی یقیناً اسی عمارت میں ہوگی جہاں آپ خان آف کالاگوٹ کے ایما پر کام کررہے تھے!"

میری بات سن کر پروفیسر منہاس چونک اٹھا اور بولا۔ "تو تمہیں سب کچھ معلوم ہے!"

"ہاں۔" میں نے جواب دیا۔ "اور میں یہ بھی جانتی ہوں کہ آپ کے مقاصد نیک تھے پروفیسر!"

پروفیسر منہاس نے اس بات پر کوئی خیال آرائی نہیں کی۔ وہ سر جھکائے چلتا رہا۔

"آپ نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا پروفیسر!" میں نے اُسے ٹوکا۔

"ہاں وہ لیبارٹری اسی عمارت میں ہوگی۔"

"ہوگی سے آپ کی کیا مراد ہے؟"

"مجھے ہمیشہ وہاں آنکھوں پر پٹی باندھ کر لے جایا جاتا رہا ہے اور وہاں سے واپسی میں بھی یہی احتیاط برتی گئی ہے۔" پروفیسر منہاس نے بتایا۔ "لیکن مجھے اتنا اندازہ ضرور ہے کہ وہ لیبارٹری زمین دوز ہے۔"

"ٹھہریے پروفیسر!" میں نے جلدی سے پروفیسر منہاس کا بازو پکڑ لیا۔ "جس دھاتی پلیٹ پر آپ پاؤں رکھنے والے تھے اس میں برقی رَو دوڑ رہی ہے۔"

"پھر؟" پروفیسر منہاس نے مجھے سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "اس دھاتی پلیٹ پر پاؤں رکھے بغیر تو ہم دروازہ عبور نہیں کرسکتے۔"

میں نے پروفیسر منہاس کو اس میکنزم کے بارے میں مختصراً بتایا پھر بولی۔ "آپ میرے بعد اس دھاتی پلیٹ پر پاؤں رکھیے گا۔"

آہنی دروازے کی دوسری جانب رضیہ اور زرّیں موجود تھیں۔

"یہ دونوں کون ہیں؟" پروفیسر آہنی دروازہ عبور کرتے ہوئے بولا۔

"انہیں بھی آپ میری طرح اپنا ہمدرد سمجھ سکتے ہیں۔" میں نے مختصر جواب دیا اور گھڑی دیکھی۔ اب بارہ بجنے میں صرف پانچ منٹ باقی تھے۔ میں رضیہ سے مخاطب ہوئی۔ "اب جلد سے جلد اس عمارت سے نکل چلو! اگر وقت ہوتا تو میں وہ زمین دوز لیبارٹری ضرور تلاش کرتی جس کے بارے میں مجھے پروفیسر سے معلوم ہوا ہے مگر پروفیسر کی غیر موجودگی کے بعد خان آف کالاگوٹ کے لیے وہ لیبارٹری بےمصرف ہی ہے۔"

"باجی! ممکن ہے کہ اس عمارت کے بیرونی حصّے میں کوئی گیرج وغیرہ ہو اور ہمیں وہاں کوئی کار یا جیپ مل جائے۔" رضیہ نے کہا۔

میں نے رضیہ کے خیال سے اتفاق کیا، پھر بولی۔ "لیکن ہم اس کی تلاش میں وقت ضائع نہیں کریں گے۔"

پھر ہم کسی تیزی سے حرکت میں آگئے۔ وہ عمارت کیا تھی، پوری شیطان کی آنت تھی۔ ہم اس کی بھول بھلیوں میں کھو کر راستہ بھول گئے۔ یوں بھی رات کا وقت تھا اور پوری عمارت میں روشنی نہیں تھی۔ اس کے کچھ حصّے تاریک پڑے ہوئے تھے۔

ہمیں اس شیطانی عمارت سے نکلنے میں تقریباً دس منٹ لگ

گئے۔ اب وقت نہیں رہا تھا کہ ہم کسی گیرج کی تلاش میں اندھیرے میں بھٹکتے پھرتے۔ کیوں کہ عمارت کے باہر تاریکی تھی۔

عمارت سے نکلتے ہی میں نے خود کو ایک چھوٹے سے جنگل میں پایا۔ کچھ کچھ فاصلے سے وہاں درختوں کے جھنڈ نظر آ رہے تھے جنھوں نے عمارت کو چھپا رکھا تھا۔ میرے اندازے کے مطابق وہ جنگل، عمارت کی چاروں طرف پھیلا ہوا تھا۔

ہم سب نے ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے کہ کہیں تاریکی میں بچھڑ نہ جائیں اور ایک دوسرے سے جدا نہ ہو سکیں۔ میرے ایک ہاتھ میں پروفیسر منہاس کا ہاتھ اور دوسرے میں رضیہ کا ہاتھ تھا۔ رضیہ نے نرزیں کا ہاتھ تھام لیا تھا۔

ابھی ہم چند ہی قدم چلے ہوں گے کہ اچانک ہمیں چلتے چلتے ٹھوکر پڑی۔ میری سماعت سے ایک ہیلی کوپٹر کی گڑگڑاہٹ ٹکرائی تھی۔ وہ گڑگڑاہٹ رفتہ رفتہ قریب آتی جا رہی تھی۔

ظاہر ہے کہ اس ہیلی کوپٹر میں آنے والا خان آف کالاگوٹ کے رسوا اور کون ہو سکتا تھا! تین گھنٹے کی مہلت پوری ہو چکی تھی اور وہ مجھ سے براہِ راست جواب لینے آ پہنچا تھا۔ اس نے یقیناً میرے معاملے کو اہم سمجھتے ہوئے اسے ماسٹر پیچھوڑنا مناسب نہیں سمجھا ہوگا۔

"باجی! ہیلی کوپٹر کی آواز!" رضیہ نے میری طرف جھکتے ہوئے سرگوشی کی۔

"ہاں، میں بھی سن چکی ہوں۔" میں نے جواب دیا۔ "اگر اس وقت میرے ساتھ پروفیسر منہاس نہ ہوتے اور نرزیں بھی تمھارے ساتھ یہاں نہ آئی ہوتی تو آج خان آف کالاگوٹ سے آخری معرکہ ہو ہی جاتا۔" میں نے دانستہ آواز دھیمی رکھی تھی تاکہ نرزیں میری بات نہ سن سکے۔ یہ کہتے ہی میں نے اپنی رفتار تیز کر دی تھی، رضیہ اور بقیہ افراد نے بھی میرا ساتھ دیا تھا۔

میں جانتی تھی کہ خان آف کالاگوٹ کچھ دیر بعد ہی حقیقت سے آگاہ ہو جائے گا، پھر وہ کسی زخمی سانپ کی طرح بل کھانے لگے گا اور فوراً ہی ہماری تلاش شروع کر دے گا۔ ان حالات میں ہم اس عمارت سے جلد از جلد جتنی بھی دور ہو جاتے، بہتر تھا۔

ہیلی کوپٹر کی گڑگڑاہٹ اب بہت واضح اور قریب محسوس ہو رہی تھی۔ اس کی آواز سے یہ اندازہ لگانا مشکل ہو رہا تھا کہ وہ کہاں اترے گا۔

پھر تھوڑی دیر بعد سناٹا چھا گیا۔ ہیلی کوپٹر غالباً اتر چکا تھا۔ پروفیسر منہاس اور نرزیں دونوں ہی کو شاید صورتِ حال کی نوعیت کا احساس ہو گیا تھا اس لیے وہ دونوں خاموشی سے میرا اور رضیہ کا ساتھ دے رہے تھے۔ اب میں نے اپنی رفتار سے بھی تیز کر دی تھی۔ اب ہم سب تقریباً دوڑ رہے تھے۔

"میں... میں بوڑھا شاید تم... تم لوگوں کا ساتھ نہ نبھا پاؤں... مجھے... مجھے یہیں چھوڑ جاؤ۔"

"آپ ہی کی خاطر تو ہم نے اپنی جان کو خطرے میں ڈالا پھر بھلا ہم آپ کو یہاں چھوڑ کر کیسے جا سکتے ہیں!" میں نے کہا، میں مجبوراً کسی قدر رکی کرتے ہوئے کہا۔

"مگر کیوں؟ تم لوگوں نے اپنی جان خطرے میں کیوں ڈالی میں... میں اس قابل تو نہیں تھا۔ میں ایک بزدل آدمی ہوں، خان کی بات تسلیم کرنے کی بجائے خودکشی کر لیتا۔ میں... میں ملک و قوم کا غدار ہوں۔ میں ہرگز اس سلوک کا مستحق نہیں۔" پروفیسر منہاس جذباتی ہو گیا۔ ہر چند کہ وہ بہادر شخص نہیں تھا مگر اس کا ضمیر زندہ تھا۔

"آپ ملک و قوم کی امانت ہیں پروفیسر! آپ جیسے باصلاحیت افراد کو کچھ کر گذرنے کا موقع دیا جائے تو ہمارے ملک کی قسمت بدل سکتی ہے۔ یہ ہماری بدنصیبی ہے پروفیسر کہ ہم اپنے ملک کے ذہین اور باصلاحیت افراد کو ابھرنے کا موقع نہیں دیتے۔ اس میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہے پروفیسر! آپ جیسے لوگ دنیا میں روز نہیں ہوتے۔ آپ لوگ زندگی بھر اپنے کام کی دھن میں گزار دیتے ہیں اور خاموشی سے مر جاتے ہیں۔ پھر صدیوں کے ماتھے پر آپ لوگوں کا نام رقم ہو جاتا ہے۔" میں نے بھی جذبات کا جواب جذبات سے دیا اور یہ میرے سچے جذبات تھے۔ میں اچھی طرح یہ بات جانتی تھی کہ ہر شخص تشدد نہیں سہہ سکتا اور یہ کوئی فطری بات بھی نہیں تھی۔

"مجھے... مجھے مزید شرمندہ نہ کرو..." پروفیسر منہاس کی آواز بھرا گئی اور وہ مزید کچھ نہ کہہ سکا۔

اس کے بعد مجھے پروفیسر منہاس سے تیز چلنے کے لیے نہیں کہنا پڑا تھا۔ اس کا سانس پھول رہا تھا لیکن اس کے باوجود وہ قدم سے قدم ملا کر چل رہا تھا۔

میں آگاہ نہیں تھی کہ وہ جنگل کتنی دور تک پھیلا ہوا تھا مگر بہرحال کہیں نہ کہیں ختم ہونا ہی تھا۔ ہمیں اس جنگل میں چلتے ہوئے تقریباً پندرہ بیس منٹ ہو چکے تھے۔ ایک خطرہ یہ بھی تھا کہ وہاں خطرناک جنگلی جانور نہ ہوں لیکن اب تک ہم اس خطرے سے محفوظ ہی رہے تھے۔

زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ اور گزرے ہوں گے کہ میرے کان کھڑے ہو گئے۔ فضا میں کسی ہیلی کوپٹر کا ہلکا ہلکا شور ابھر رہا تھا۔

"نادرہ! وہ ہماری تلاش میں آ رہا ہے۔" میں نے رضیہ کو مخاطب کیا۔

"لیکن باجی! وہ اس تاریکی میں ہمیں کیسے تلاش کر سکتا ہے!" رضیہ بولی۔

"کون آ رہا ہے؟" اچانک مجھے نرزیں کی آواز سنائی دی۔

"وہی شخص جس نے مجھے اور پروفیسر کو اغوا کرایا تھا۔" میں نے نرزیں کے سوال کا جواب دیا۔

"مگر... مگر آپ تو کہہ رہی تھیں کہ آپ کو اور پروفیسر کو میرے ڈیڈی نے اغوا کرایا تھا؟" نرزیں بولی۔ اس کے لہجے میں بچوں جیسا بھولپن تھا۔

"میں نے غلط نہیں کہا تھا نرزیں!" میں نے کہا۔ "تم ہیلی کوپٹر کا شور سن رہی ہو نا! مجھے یقین ہے کہ اس ہیلی کوپٹر میں تمھارے ڈیڈی کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا۔"

جواب میں نرزیں کچھ نہیں بولی۔ میں سمجھ گئی کہ وہ اس فیل کر دی ہو گی۔ اس کا باپ ہمارا دشمن تھا اور وہ ہمارے ساتھ تھی۔ یہ اس کے لیے بہرحال نہایت اک ورڈ پوزیشن تھی۔

اس دوران میں ہیلی کاپٹر کا شور مزید قریب آ گیا اور پھر کچھ دیر بعد ہی ایک بڑا سا روشن دائرہ رقص کرنے لگا۔ میں اچھل پڑی۔

"تم نے دیکھا نادرہ! وہ ہیلی کوپٹر سے سرچ لائٹ پھینک کر ہمیں تلاش کر رہا ہے۔" میں نے رضیہ سے کہا۔

"ہاں، ہاں باجی! یہ بات میرے ذہن میں نہیں آ سکی تھی کہ وہ ہماری تلاش کے لیے سرچ لائٹ بھی استعمال کر سکتا ہے۔" رضیہ بولی۔

"لیکن اس کی کوشش رائیگاں ہی جائے گی جنگل گھنا ہے اور جب تک ہم اس جنگل میں ہیں وہ ہمیں نہیں ڈھونڈ پائے گا۔"

"اس کا مطلب تو یہی ہوا باجی! کہ ہم اس جنگل سے نہ نکلیں!"

"ہاں!" میں نے جواب دیا۔ "جنگل سے نکل کر ہماری زندگی خطرے سے دوچار ہو سکتی ہے۔"

"آپ کا خیال درست ہے، وہ ہم پر فائرنگ بھی کر سکتا ہے۔" رضیہ نے اس خطرے کی بو محسوس کر لی جس نے میرے ذہن میں سر ابھارا تھا۔

پھر کافی دیر سرچ لائٹ کا رقص جاری رہا۔ ایک بار تو ہیلی کوپٹر بالکل ہمارے سروں کے اوپر سے گزرا۔ اسی وقت سرچ لائٹ کا دائرہ ہم سے تقریباً پچاس گز آگے چکرایا۔ میں چونک اٹھی۔ سرچ لائٹ نے اسی حصے کو روشن کر دیا تھا۔ وہاں جنگل کی حدود ختم ہو رہی تھیں۔ میرے قدم خود بہ خود رک گئے۔ اب یہ جنگل ہمارے لیے پناہ گاہ کا کام دے رہا تھا۔ ہم اس سے نکل کر اپنی موت ہی کو دعوت دیتے۔

میرے رکتے ہی بقیہ افراد بھی رک گئے تھے۔

"اوہ کسی گھنے درخت کے نیچے بیٹھ جائیں۔" میں نے کہا۔ "اتنی دیر تاریکی میں سفر کرنے کے بعد میری آنکھیں بڑی حد تک تاریکی کی عادی ہو چکی تھیں۔ درختوں کے ہیولوں سے یہ اندازہ لگ مشکل نہیں تھا کہ کون سا درخت زیادہ گھنا ہوگا۔ ہیلی کوپٹر اب لوٹ کر کسی اور سمت چلا گیا تھا۔

سب سے پہلے پروفیسر منہاس نے میری رائے سے اتفاق کیا۔ میں مسکرا دی۔ اس بوڑھے نے سوچا بھی نہ ہوگا کہ اسے کبھی زندگی میں اتنا طویل اور دشوار گزار سفر بھی کرنا پڑے گا۔ خطرہ تو خیر درپیش تھا ہی جس سے بچنے کے لیے ضروری تھا کہ ہم جنگل میں رہیں مگر مجھے پروفیسر منہاس اور نرزیں پر بھی رحم آ رہا تھا اس طرح کچھ دیر وہ بھی سستا لیتے۔

ہم سب ایک گھنے درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔ اسی وقت نرزیں کی آواز سنائی دی۔ "نادرہ! مجھے پیاس لگ رہی ہے۔"

پروفیسر منہاس نے بھی اس کی آواز میں آواز ملائی۔ "اور مجھے بھی!"

اتنی دور پیدل چلنے کے بعد تھوڑی بہت پیاس مجھے بھی لگ رہی تھی لیکن ابھی میں اس سے چار گنا فاصلہ عبور کرنے کے بعد بھی پیاس برداشت کر سکتی تھی اور رضیہ کے بارے میں بھی میرا یہی خیال تھا، پروفیسر منہاس اور نرزیں کا معاملہ ذرا مختلف تھا۔ ان حالات میں انھیں صرف تسلی ہی دی جا سکتی تھی کیوں کہ پانی ہمارے پاس نہیں تھا۔

ابھی میں، نرزیں اور پروفیسر منہاس کو تسلی بھی نہ دے پائی تھی کہ اچانک فضا پے در پے دھماکوں سے گونج اٹھی۔

دھماکوں کی آواز سن کر مجھے زیادہ حیرت نہیں ہوئی کیوں کہ میں پہلے ہی سوچ چکی تھی، خان آف کالاگوٹ ہماری تلاش میں ناکام ہونے کے بعد جھنجلا کر یہی کرے گا۔ دھماکوں کی آواز زیادہ دور سے نہیں آئی تھی۔

"یہ... یہ دھماکے... شاید وہ... وہ فائرنگ کر رہا ہے۔" پروفیسر منہاس کی خوف زدہ آواز ابھری۔ اور وہ فائرنگ

نا ہوا اگر بھی آسکتا ہے۔"

"جی ہاں! اس کی اس حرکت کا مقصد غالباً یہی ہے کہ اگر ہم جنگل میں ہوں تو گھبرا کر یہاں سے نکل جائیں۔" رضیہ مجھ سے مخاطب ہوئی۔

"جانے اندازہ تو بالکل درست ہے۔" میں نے رضیہ کے خیال سے اتفاق کیا۔ "اور ہم ہر حال ایسا نہیں کریں گے۔"

ابھی میری بات ختم ہی ہوئی تھی کہ پھر دھماکے سنائی دینے لگے۔ اب ان کی سمت مختلف تھی۔ یہ اندازہ میں نے ہوا کے دوش پر آنے والی آوازوں سے لگایا تھا۔

تڑتڑتڑتڑ! ہمارے آس پاس گولیاں برس رہی تھیں۔ خان آف کالاگوٹ پر جیسے جنون طاری ہوگیا تھا۔ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے برین گن چل رہی ہو لیکن میرا خیال اس سے مختلف تھا۔ وہ برین گن کے برسٹ نہیں ہو سکتے تھے۔ اس خیال کا بڑا سبب لمبی نال والے وہ ریوالور تھے جو میرے اور رضیہ کے پاس تھے۔ یہ ریوالور خان آف کالاگوٹ کے آدمیوں کے تھے۔ امریکی موزر! موزر کا بور کا ہوتا ہے اور ساتھ ساتھ خودکار بھی! اس سے ایک وقت میں ایک ہی فائر بھی کیا جا سکتا ہے اور مسلسل فائرنگ بھی۔ یہ ریوالور میں نے پہلے بھی دیکھا تھا اور استعمال بھی کیا تھا۔ اسے ہماری خوش قسمتی ہی کہا جا سکتا ہے کہ خان آف کالاگوٹ کا ہیلی کوپٹر ہم سے کچھ دور گولیاں برساتا ہوا گزر گیا۔

پروفیسر منہاس اور زرّیں شاید اس قدر خوف زدہ ہو گئے تھے کہ ان سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا۔ البتہ رضیہ تو جیسے علم تھا کہ ایسے موقعوں پر اس کا ذہن بڑی تیزی سے کام کرتا ہے۔ وہ یقیناً کچھ نہ کچھ سوچ رہی تھی اور میرا اندازہ غلط نہیں نکلا۔ جب کچھ دیر بعد فائرنگ رک گئی اور سناٹا پھیل گیا تو وہ مجھ سے مخاطب ہوئی۔

"جنگل میں اس جنگل کو بھی اپنے لیے پوری طرح محفوظ نہیں سمجھ سکتے۔ ہمیں یوں ہاتھ پر ہاتھ دھر کے نہیں بیٹھنا چاہیے۔"

"پھر؟" میں نے یوں ہی کہہ دیا کیوں کہ میرا ذہن خود کچھ سوچنے میں مصروف تھا۔

"خان آف کالاگوٹ سے آخری معرکہ آج ہی کیوں نہ ہو جائے!" رضیہ بولی۔

"کس طرح؟"

"کیا ہم اس کے ہیلی کوپٹر کو ہٹ نہیں کر سکتے!"

رضیہ نے گویا میرے دل کی بات کہہ دی تھی۔ میں اب پروفیسر منہاس اور زرّیں کی وجہ سے کچھ ہچکچا رہی تھی لیکن رضیہ نے جو کچھ سوچا تھا اس میں پروفیسر اور زرّیں کو کوئی خطرہ پیش نہیں آسکتا تھا۔ ہر چند کہ اس طرح ناکامی کی صورت میں میری اور رضیہ کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی تھی لیکن میں یہ خطرہ مول لینے پر آمادہ ہوگئی۔

چند لمحے بعد ہی میں اور رضیہ، پروفیسر اور زرّیں کو نیچے ہی چھوڑ کر ایک بڑے سے درخت پر چڑھ گئے۔

رضیہ کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں تھی کہ موزر کی رینج کتنی ہوتی ہے۔

"اب اگر وہ ادھر سے گزرا تو ہم اسے مار گرائیں گے۔" رضیہ نے پُرجوش آواز میں کہا۔

میں نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔ میری نگاہیں ہیلی کاپٹر کی طرف اٹھی ہوئی تھیں جو خالی تھا۔ اب ہیلی کوپٹر کی آواز بھی دور دور تک سنائی نہیں دے رہی تھی۔

"رضیہ!" کچھ دیر بعد میں مدھم لہجے میں بولی۔ "یہ بھی تو ممکن ہے کہ وہ مایوس ہو کر لوٹ گیا ہو! بہرحال یہ بات اس کے علم میں نہیں آسکتی کہ ہم وہاں سے کب فرار ہوئے ہیں۔"

"لگتا تو ایسا ہی ہے باجی!" رضیہ نے جواب دیا۔ "ہم کچھ دیر اور اس کا انتظار کریں گے، پھر جنگل سے نکل کر کسی قریبی آبادی تک پہنچنے کی کوشش کریں گے تاکہ ہمیں وہاں سے کوئی کمرشل فلائٹ مل سکے۔"

"اگر یہ جگہ اٹھل سے چند میل کے فاصلے پر ہے جیسا کہ زرّیں نے بتایا ہے تو گوٹ وہار بھی یہاں سے زیادہ دور نہیں ہوگا لیکن مسئلہ تو یہ ہے کہ ہمیں سمتوں کا بھی علم نہیں۔ ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ اٹھل یا گوٹ وہار تک پہنچنے کے لیے ہمیں کس سمت کا انتخاب کرنا چاہیے اور یہ اچھا ہی ہے۔" میں نے کہا۔

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی باجی!"

"سیدھی سی بات ہے کہ خان آف کالاگوٹ ہماری تلاش میں ناکام ہو کر کسی قریبی آبادی ہی کا رُخ کرے گا۔" میں نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔

میری بات سن کر رضیہ نے طویل سانس لیا۔ "آپ ٹھیک کہتی ہیں مگر اس صورت میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟"

"یہ جنگل بہرحال خان آف کالاگوٹ کی حدود میں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہاں بہرحال خطرہ ہے جو کسی بھی وقت اور کسی بھی شکل میں ہمارے سامنے آسکتا ہے۔ فی الحال تاریکی سے فائدہ اٹھا کر ہم اتنا تو کر ہی سکتے ہیں کہ اس جگہ سے ممکنہ حد تک دور نکل جائیں۔" میں نے جواب دیا۔

"لیکن یہ اسی وقت مناسب ہوگا جب ہمیں یقین ہو جائے کہ خان آف کالاگوٹ واپس جا چکا ہے۔"

"بالکل!" میں بولی۔

پھر ہم نے تقریباً نصف گھنٹہ درخت ہی پر گزارا لیکن ہر طرف سناٹا چھایا رہا۔ خان آف کالاگوٹ کے ہیلی کوپٹر کا دور دور پتا نہیں تھا۔ اب مزید وقت ضائع کرنا لاحاصل تھا اس لیے میں اور رضیہ درخت سے اُتر آئے۔

یہ زرّیں کی حماقت ہی تھی کہ اس دوران میں اس نے پروفیسر منہاس کو اپنے بارے میں بتا دیا تھا۔ یہ جاننے کے بعد کہ زرّیں اسی خان آف کالاگوٹ کی بیٹی ہے جس نے اسے قید کر رکھا تھا، پروفیسر منہاس اس سے کچھ کھنچا کھنچا سا تھا۔ جب میں اور رضیہ درخت سے اترے تو وہ دونوں ایک دوسرے کی طرف سے منہ پھیرے بیٹھے تھے۔ جب مجھے اس کا سبب معلوم ہوا تو میں نے پروفیسر منہاس کو سمجھایا کہ جو کچھ اس کے ساتھ پیش آیا ہے، اس میں زرّیں کا کوئی قصور نہیں۔ زرّیں اپنے باپ کی حرکتوں سے قطعی لاعلم تھی۔ میں نے زرّیں کی طرف سے خود اس کی صفائی پیش کی تو وہ سسک پڑی۔ وہ بڑی حساس لڑکی تھی۔

"نادرہ! ریٹائرڈ کرنل نے... انھوں نے... غلط... غلط نہیں کہا تھا... غلط نہیں کہا تھا۔" یہ کہتے ہوئے زرّیں رونے لگی۔ "لیکن... لیکن جھوٹ نہیں بولتیں۔"

رضیہ نے اسے کسی طرح سمجھا بجھا کر چُپ کرایا کیوں کہ وہ جانتی تھی کہ ہمیں فوراً ہی وہاں سے روانہ ہونا ہے۔ پھر کچھ دیر بعد ہی ہم اس جنگل سے نکل گئے۔ آسمان پر چاند روشن تھا۔ ہم اس کی خنک روشنی میں ایک دوسرے کے ہاتھ تھامے ایک طرف بڑھنے لگے مگر اس ریگستان میں تیز رفتاری ممکن نہیں تھی۔ ہر طرف ریت کا صحرا تھا اور ہم بے منزل ایک سمت چلے جا رہے تھے۔ ہمارا مقصد صرف یہ تھا کہ خان آف کالاگوٹ کی دسترس سے جتنی دور نکل سکیں بہتر ہے۔ چلتے ہوئے ہمارے پاؤں ریت میں دھنس رہے تھے جس سے چلنے میں قباحت ہو رہی تھی لیکن یہ قباحت اس خطرے سے بہرحال کم تھی جس سے ہم کچھ دیر پہلے دوچار تھے۔

ہم تقریباً ایک بجے اس جنگل سے چلے تھے اور اب پَو نے دو ہونے والے تھے۔ چلتے چلتے ہمیں پون گھنٹے کے قریب ہو چکا تھا۔ پروفیسر منہاس اور زرّیں کا بُرا حال تھا۔ وہ دونوں یہ جاننے کے باوجود کہ ہمارے پاس پانی نہیں ہے، کئی بار پانی مانگ چکے تھے۔ چلتے چلتے میرا حلق بھی خشک ہو گیا تھا لیکن پیاس ابھی ناقابلِ برداشت نہیں ہوئی تھی۔ رضیہ کی حالت بھی مجھ سے مختلف نہیں رہی ہوگی مگر وہ قدم سے قدم ملا کر چل رہی تھی۔

پروفیسر منہاس اور زرّیں کے قدم لڑکھڑانے لگے تھے۔ یہ دیکھ کر میں نے کچھ دیر رُکنے کا فیصلہ کیا۔ ابھی پروفیسر منہاس کا اظہار نہ کر پائی تھی کہ چونک اٹھی۔ رضیہ کو بھی میں نے چونکتے دیکھا تھا۔ ہر چند کہ وہ آواز بہت مدھم تھی مگر میں نے اور رضیہ نے سن لی تھی۔

جنگل اب بہت پیچھے رہ گیا تھا اور یہ کسی صورت ممکن نہیں تھا کہ ہم دوبارہ وہاں پناہ لے سکتے۔ خان آف کالاگوٹ کی چال کامیاب رہی تھی۔ وہ ہمیں کسی نہ کسی طرح اس جنگل سے نکالنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ پہلے اس نے آندھا دھند فائرنگ کر کے یہ مقصد حاصل کرنا چاہا تھا، پھر اس نے بالکل برعکس عمل کیا تھا۔ اس نے تقریباً سوا گھنٹے صبر کیا تھا اور اس صبر کا پھل اسے مل گیا تھا۔ اب ہمارے لیے کوئی پناہ نہ تھی۔ دور تک پھیلا ہوا ریت کا صحرا تھا اور کھلا آسمان!

ہیلی کوپٹر کی آواز رفتہ رفتہ قریب آتی جا رہی تھی، گویا موت ہماری طرف آہستہ آہستہ بڑھ رہی تھی۔ ہمارے قدم گویا موت کا استقبال کرنے کے لیے خود بہ خود رک گئے تھے۔

اب ہماری تلاش خان آف کالاگوٹ کے لیے بہت آسان تھی۔ وہ یقیناً ہمیں تلاش کرتا ہوا ہی اس طرف آ رہا تھا۔ اس ریگستان میں رات کے وقت اُدھر آنے والا کبھی کوئی اور ہو بھی نہیں سکتا تھا۔

معاً میں نے اپنے ہاتھ پر رضیہ کے ہاتھ کا دباؤ محسوس کیا۔ اس دباؤ میں وہ سبھی کچھ تھا جس کی مجھے رضیہ سے توقع تھی، جوش، ولولہ اور محبت! میں نے بھی اس کا ہاتھ پُرجوش انداز میں دبایا۔ ہمت رکھنا اور حوصلہ نہ ہارنا! یہ وہ الفاظ تھے جو زبانوں سے ادا نہیں کیے گئے تھے مگر انھیں سن لیا گیا تھا۔ پروفیسر منہاس اور زرّیں کے چہرے فق تھے۔ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے کسی نے ان دونوں پر سحر کر دیا ہو۔ وہ دونوں بُتوں کی مانند بے حس و حرکت کھڑے ہوئے اس طرف دیکھے جا رہے تھے جدھر سے ہیلی کوپٹر کی آواز سنائی دے رہی تھی۔

کچھ دیر ہی گزری تھی کہ ہیلی کوپٹر نظر بھی آنے لگا۔ وہ زیادہ بلندی پر پرواز نہیں کر رہا تھا۔ چاندنی کے سبب خان آف کالاگوٹ نے سرچ لائٹ کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی۔ یوں بھی ہیلی کوپٹر نیچی پرواز کر رہا تھا اس لیے سرچ لائٹ کے بغیر بھی ہمیں دیکھا جانا ممکن تھا۔

پھر شاید خان آف کالاگوٹ نے ہمیں دیکھ ہی لیا کیوں کہ ہیلی کوپٹر بڑی تیزی سے ہماری طرف بڑھا تھا۔ وہ لمحہ آہستہ آہستہ ہم

ی زندگی کے لیے جنگ لڑ رہا تھی۔ رضیہ کے اور میرے ریوالور کی میں بیک وقت سیدھی ہو گئی تھیں اور ہم نے ایک دوسرے کے تھ چھوڑ دیے تھے۔

لیکن اس سے پہلے کہ میں یا رضیہ، ہیلی کوپٹر پر فائر کرتے، چانک فضا پہلے دھماکے سے گونج اٹھی۔ پہلا فائر خان آف کالاگوٹ ہی کی طرف سے کیا گیا تھا۔ میں نے اور رضیہ نے اس لیے فائر نہیں کیا تھا کہ ابھی ہیلی کوپٹر ریوالور کی رینج سے باہر تھا مگر چند لمحے بعد ہی صورت حال بدل گئی۔ میرے اور رضیہ کے ریوالور سے دو شعلے لپکے اور اس کے ساتھ ہی ہیلی کوپٹر بلند ہونے لگا۔

پھر ہیلی کوپٹر بالکل قریب آ گیا لیکن وہ اتنی بلندی پر چکر لگا رہا تھا کہ ہمارا فائرنگ کرنا لاحاصل تھا۔ ہمارے پاس گولیاں بھی محدود تھیں اور ہم انھیں ضائع نہیں کرنا چاہتے تھے۔

"اس کے پاس بھی یقیناً موزر ہی ہے، اگر برین گن ہوتی تو وہ بلندی کے باوجود فائرنگ کرتا۔" میں نے رضیہ سے کہا۔

ابھی رضیہ میری بات سے اتفاق یا اختلاف نہ کر پائی تھی کہ اچانک ہیلی کوپٹر تیزی سے نیچے آیا اور اسی کے ساتھ ہم پر گولیوں کی بوچھار سی ہو گئی۔ گولیاں ہمارے آس پاس سے ہو کر گزر گئیں لیکن ہم میں سے کسی کو زخمی یا ہلاک نہ کر سکیں۔ اس کا سبب غالباً یہ تھا کہ فائرنگ انتہائی جلدی میں کی گئی تھی اور ہیلی کوپٹر پھر تیزی کے ساتھ بلند ہوتا چلا گیا تھا مگر اس دوران میں میری چلائی ہوئی ایک گولی اس کے پچھلے حصے میں پیوست ہو گئی تھی۔ خان آف کالاگوٹ جان چکا تھا کہ ہم بھی مسلح ہیں اس لیے وہ بچ بچ کر لڑ رہا تھا۔ رضیہ نے بھی ہیلی کوپٹر پر فائر کیا تھا مگر اس کا فائر بیکار گیا تھا۔ ہیلی کوپٹر اس کے فائر کی رینج سے باہر ہو چکا تھا۔

اس میں شک نہیں کہ ہم بھی فی الحال خان آف کالاگوٹ کی طرح مسلح تھے لیکن یہ حقیقت تھی کہ اس کا پلّا بھاری تھا۔ وہ جب چاہتا ہیلی کوپٹر کو نیچے لا کر ہم پر فائرنگ کر سکتا تھا مگر ہماری پوزیشن مختلف تھی۔ ہمیں اس پر فائرنگ کرنے کا موقع صرف اسی وقت مل سکتا تھا جب خود ہم اس کے نشانے پر ہوتے۔ اس کے علاوہ یہ کہ ہمارے پاس گنتی کی گولیاں تھیں اور ظاہر ہے، اس کے پاس خاصا ایمونیشن رہا ہو گا ورنہ وہ یوں اسے ضائع نہ کرتا۔

مجھے توقع تھی کہ ہیلی کوپٹر پھر نیچے آ کر ہم پر فائرنگ کرے گا اور پھر چند لمحے بعد ہی میری توقع پوری ہو گئی مگر اسی دوران میں ایک اور خطرناک واقعہ پیش آیا۔

جیسے ہی ہیلی کوپٹر نے غوطہ لگایا، زرّیں اچھل کر اس کی طرف بھاگی اور پھر وہ پوری قوت سے چیخی "ڈیڈی! ڈیڈی! ... ڈیڈی! مجھے گولی مار دیجیے ڈیڈی!"

اسی لمحے ہیلی کوپٹر سے فائرنگ ہوئی۔ میں نے اور رضیہ نے ایک ساتھ اپنی جگہ سے چھلانگ لگائی اور اسی دوران میں ہیلی کوپٹر کی طرف گولیاں چلائیں۔ اگر میں اور رضیہ لمحے بھر بھی چھلانگ لگانے میں دیر کرتے تو ہمارے جسم گولیوں سے چھلنی ہو جاتے۔ کچھ گولیاں زرّیں کے آس پاس سے بھی گزری تھیں، ہیلی کوپٹر ایک بار پھر بلند ہوتا چلا گیا تھا۔

پروفیسر منہاس شاید مرنے سے کچھ زیادہ ہی ڈرتا تھا، اسی خوف نے اس کی جان بچالی تھی۔ وہ اپنے پیروں پر کھڑا نہیں رہ سکا تھا۔ اگر وہ کھڑا ہوتا تو کوئی نہ کوئی گولی اسے ضرور چاٹ جاتی کیوں کہ وہ مجھ سے اور رضیہ سے زیادہ دور نہیں تھا۔ پتا نہیں وہ ہوش میں بھی تھا یا نہیں!

میں نے اور رضیہ نے زرّیں کی طرف چھلانگ لگائی تھی۔ زرّیں جیسے اپنے ہوش میں نہیں تھی۔ وہ اب بھی چیخے چلّا رہی تھی "ڈیڈی! مَیں ذلیل و رسوا ہو کر جینا نہیں چاہتی، مجھے قتل کر دیں، گولی مار دیں!"

"زرّیں! ہوش میں آؤ!" میں نے اس کا شانہ پکڑ کر کہا۔ "تمھیں ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ یہ خودکشی ہے اور خود کشی حرام ہے۔"

وہ چیختے چیختے خاموش ہو گئی، پھر اس نے عجیب نظروں سے میری طرف دیکھا۔ اس کے سوکھے ہوئے ہونٹ کچھ کہنے کے لیے کانپے مگر وہ کچھ نہ کہہ سکی اور پھر اس کے رخساروں پر موتی پھسلنے لگے۔ اس وقت بھی مجھے بے حد حسین نظر آ رہی تھی، میرا جی چاہا تھا کہ اسے سینے سے لگا لوں اور اس کے موتی جیسے آنسو اپنی زبان سے چوم لوں مگر میں زیادہ دیر تک اس کی طرف متوجہ نہ رہ سکا۔ ہیلی کوپٹر پھر قریب آتی جا رہی تھی۔ میں آسمان کی طرف دیکھنے لگا۔ ایک بار ہیلی کوپٹر تیزی سے نیچے نہیں آ رہا تھا۔ میں اور رضیہ اس پر فائر کرنے کے لیے پوری طرح تیار تھے لیکن وہ ایک خاص حد تک نیچے آ کر رک گیا اور اپنی جگہ گردش کرنے لگا۔

اچانک ایک تیز آواز سنائی دی جیسے کوئی لاؤڈ اسپیکر پر بول رہا ہو۔ ہیلی کوپٹر کے شور کے باوجود وہ آواز خاصی بلند سنائی دے رہی تھی اور وہ آواز خان آف کالاگوٹ کے سوا کسی کی نہیں تھی۔

"زرّیں!... زرّیں! ان دونوں کو چھوڑ کر ایک طرف سمت بھاگ جاؤ، فوراً! میں تمھیں ہیلی کوپٹر میں

ہاتھ زور زور سے انکار میں ہلا دیے تھے۔ اسے شاید اب احساس ہو چکا تھا کہ اس کی آواز خان آف کالاگوٹ تک نہیں پہنچ رہی تھی۔ وہ چاہتی تھی کہ اگر اس کی آواز وہاں تک نہ پہنچے تو کم از کم ہاتھوں کے اشارے سے اس کا مقصد سمجھ لیا جائے۔

دوسرے ہی لمحے خان آف کالاگوٹ کی آواز پھر سنائی دی۔

"زرّیں! یہ تم ہاتھ کیوں ہلا رہی ہو؟ کیا مقصد ہے اس کا؟ کیا تم میرا حکم ماننا نہیں چاہتیں؟" یہ کہتے ہوئے خان آف کالاگوٹ کے لہجے میں سختی آ گئی۔ "اگر میں نے ٹھیک سمجھا ہے تو ایک بار پھر انکار میں ہاتھ ہلاؤ تاکہ میں تمھیں نافرمانی کی سزا دے سکوں۔"

زرّیں نے دوبارہ انکار میں ہاتھ ہلا دیے اور اسی وقت پے در پے کئی دھماکوں کی آوازیں سن کر میں، اچھل پڑی۔ رضیہ کا بھی یہی حال ہوا تھا۔ وہ فائرنگ ہیلی کوپٹر سے نہیں کی گئی تھی اور یہی بات میرے لیے تشویش کا سبب بنی تھی۔ ہم پر فائرنگ کرنے والے جو بھی تھے، اتنی دور تھے کہ ہمیں نظر نہیں آ رہے تھے۔ فائرنگ راکٹوں یا بندوقوں ہی سے کی گئی ہو گی ورنہ ریوالوروں سے فائرنگ کی صورت میں وہ لوگ ہمیں نظر ضرور آتے۔ ہر چند کہ فاصلہ کافی ہونے کے سبب ان میں سے ایک گولی بھی ہم تک نہیں پہنچ سکی تھی لیکن یہ صورت حال بدل بھی سکتی تھی۔ وہ لوگ قریب بھی تو آ سکتے تھے۔

چند لمحے بھی نہ گزرے تھے کہ مخالف سمت سے بھی فائرنگ ہونے اور پھر چاروں طرف سے فائرنگ شروع ہو گئی۔ اسی دوران میں خان آف کالاگوٹ کا قہقہہ بلند ہوا۔

"تم نے دیکھا جمیعہ بانو! میرے آدمی چاروں طرف سے تمھیں گھیرے میں لے چکے ہیں۔" خان آف کالاگوٹ نے مجھے مخاطب کیا۔ "اب اگر میں تمھیں نشانہ نہ بھی بناؤں تو تم نہیں بچ سکتیں۔ ہر چند کہ زرّیں میرا خون ہے مگر اس کی رگوں میں اس کی ماں کا خون بھی دوڑ رہا ہے۔ وہ بھی اسی کی طرح احمق اور بے وقوف تھی۔ میرا ایک حکم نہ مان کر وہ بے وقوف بھی موت کی نیند سو گئی تھی اور آج اس کی بیٹی نے زندہ رہنے کا موقع کھو دیا۔ اب کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔"

خان آف کالاگوٹ کے الفاظ سے یہ بات صاف ظاہر ہو گئی تھی کہ زرّیں کی ماں کو اسی نے قتل کیا تھا۔ یہ سن کر زرّیں خود پر قابو نہ پا سکی۔ نہ جانے اس میں اتنی طاقت کہاں سے آ گئی کہ ایک ہی جھٹکے میں اس نے رضیہ کا ریوالور چھین لیا جو اس کے قریب ہی کھڑی تھی۔

"قاتل! میری ماں کے قاتل!" زرّیں نے یہ کہتے ہوئے

میری آواز نہیں پہنچ سکتی تھی۔ میں نے ایک بار پھر زرّیں سے کہا کہ وہ اپنے باپ کا حکم مان لے۔ بہر حال دانستہ یا نادانستہ اس کا احسان نہیں لینا چاہتی تھی۔ میں اپنی فطرت سے مجبور تھی۔ اگر مجھے وہ زندگی، زرّیں کے طفیل ملنا تھی تو منظور نہیں تھی۔

زرّیں نے ایک بار پھر اپنے باپ کا حکم ماننے سے انکار کر دیا تھا اور اسی کے ساتھ وہ چیخ پڑی تھی "ڈیڈی! اگر آپ تک میری آواز پہنچ رہی ہے تو سنیں کہ مجھے موت قبول ہے، ذلت کی زندگی نہیں۔ میں یہ سننے کے لیے زندہ نہیں رہنا چاہتی کہ میرا باپ جرائم پیشہ تھا، قاتل تھا۔" یہ کہہ کر زرّیں نے اپنے دونوں

ے درپے ہیلی کوپٹر پر فائرنگ شروع کر دی تھی مگر رضیہ نے
ر واپسی ں سے ریوالور چھین لیا تھا۔
دو کرتی رہی ہو گی یں!" رضیہ نے اسے ڈانٹ دیا "گولیاں
ال تک میں پہنچ سکتی ں" وہ بلندی پر ہے اور اتنا بے وقوف
میں کہ ہ ی گولی کا نشانہ بن جائے۔"
زرّیں نے غصے سے اپنے ہی سر کے بال نوچ لیے تھے اور
پھر یت بیٹھ کر رونے لگی تھی۔
تھ ے تھوڑے وقفے کے بعد چاروں طرف سے فائرنگ جاری
فی اور یہ صورت حال، حال خطرناک تھی۔ فائرنگ کرنے والے
ت سے ز نہیں آئے تھے، اس کا مطلب یہ تھا کہ انھوں نے
ت بڑے علاقے کو گھیرے میں لیا تھا اور ظاہر ہے اتنے
بڑے علا نے کو گھیرے میں لینے کے لیے کافی بڑی تعداد کا ہونا
ضروری تو ۔ اس سے خان آف کالاگوٹ کی طاقت کا اظہار بھی
ہوتا تھا۔ ان لوگوں میں سے بہرحال نہیں تھا جو کچھ نہ ہو کر بھی خود
کو بہت ظاہر کرتے ہیں۔
پر بسر منہاس ا قدر نڈھال اور تھکا ہوا تھا کہ ایک بار
یت پر گ نے کے بعد اس نے اٹھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔ یہ
اس کی عـ نقاضا بھی تھا۔
ا خان آف کالا وٹ نے ہم پر فائرنگ کرنے کا ارادہ
شاید موٴ کر دیا تھا۔ وہ اپنے ہیلی کوپٹر کو مزید اوپر لے گیا
تھا مگر ہمارے سروں پر ی چکر لگا رہا تھا۔ غالباً وہ اس وقت
کا منتظر تھا جب اس آدمی قریب پہنچ جائے۔
یہ بات اچھی ح سمجھتا پر دونوں طرف سے جو فائرنگ
کی جا رہی تھی اس ا ہر السال کر رہا تھا۔ اس امکان کو
بہرحال نظر انداز نہیں جا سکتا تھا۔ اس نے اپنے آدمیوں کو حکم
دیا ہو کہ ہمیں زندہ گرفتار کرنے کی کوشش کریں۔ اس کا ایک
سبب پروفیسر منہاس ہو سکتا تھا۔ خان آف کالاگوٹ کے
علم میں ا وقت یہ بات یقیناً نہیں ہو گی کہ زرّیں بھی ہمارے
ساتھ ہے۔ جب اس نے اپنے آدمیوں کو وہ علاقہ گھیر لینے کا
حکم دیا ہو اگر اسے یہ بتا ضرور ہو گا کہ ہم پروفیسر منہاس کو لے
اڑے ہیں۔ اسے میرے اور رضیہ کی زندگی سے کوئی دلچسپی
نہیں تھی ہمیں پروفیسر منہاس کو وہ لازماً زندہ پکڑنا چاہتا ہو گا
تاکہ اس سے کام لے سکے۔
ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میں یہ سوچنے میں
حق بہ جانب تھی کہ اس فائرنگ کا مقصد ہمیں ہلاک کرنا بہرحال
نہیں ہے۔ اس نتیجے تک پہنچنے کے باوجود میری فکر کم نہیں
ہوئی تھی۔ خان آف کالاگوٹ کی قید میں جانے کا مطلب بھی گویا
موت ہی تھا۔ اس کے آگے ہتھیار ڈالنے کا تو خیر سوال ہی
نہیں تھا۔
اس دوران میں رضیہ، زرّیں کو کسی نہ کسی طرح چُپ کرانے
میں کامیاب ہو گئی تھی لیکن اس کی سسکیاں اب بھی نہیں رُکی
تھیں۔
اسی وقت پھر چاروں طرف سے فائرنگ شروع ہو
گئی اور ہیلی کاپٹر کی نسبت شدید تھی۔ اس بات نے مجھے
الجھن میں ڈال دیا۔ آخر اس شدت کی کیا ضرورت تھی! ابھی میں کسی
نتیجے تک نہ پہنچ سکی تھی کہ فائرنگ میں مزید شدت آگئی۔ مجھے
یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے میں محاذِ جنگ کے قریب ہوں۔
"یوں لگتا ہے باجی! جیسے دو گروہوں کے درمیان جنگ
چھڑ گئی ہو" رضیہ میرے قریب آکر بولی۔
"ہاں محسوس تو یہی ہو رہا ہے مگر دوسرا گروہ کون سا ہو
سکتا ہے!" میں نے کہا۔
"وہ دیکھیں باجی!" معاً رضیہ نے میری توجہ ہیلی کوپٹر کی طرف
مبذول کرائی۔
میں نے آسمان کی طرف دیکھا۔ ہیلی کوپٹر تیز رفتاری سے ایک
طرف جا رہا تھا۔
"یہ اچانک ہوا کیا؟" رضیہ خود کلامی کے سے انداز میں بڑبڑائی۔
"عین ممکن ہے کہ جس نتیجے تک ہم پہنچے ہیں، خان آف
کالاگوٹ نے بھی وہی نتیجہ اخذ کیا ہو" میں نے کہا "وہ خود وہاں
پہنچ کر حالات کا جائزہ لینا چاہتا ہو گا۔ ہماری طرف سے اسے
فکرمند ہونے کی ضرورت ہی نہیں کیوں کہ اس نے اپنی دانست
میں اس پورے علاقے کو ہمارے لیے قید خانہ بنا دیا ہے۔ ہم
بھلا چاروں طرف سے گھرے ہونے کی صورت میں جا بھی کہاں سکتے
ہیں۔" میں نے چند لمحے توقف کے بعد پھر کہا "لیکن ہم اتنا تو کر
ہی سکتے ہیں کہ اس جگہ سے کدھر ہی اور نکل جائیں۔ وہ صورت حال کا
جائزہ لے کر پھر ادھر ہی آئے گا۔ ہماری دوبارہ تلاش میں
اسے بہرحال کچھ وقت لگے گا اور اس دوران میں ہمیں کچھ سوچنے
کا موقع مل جائے گا۔"
رضیہ نے میرے خیال سے اتفاق کیا۔ زرّیں کو تو نہ
ساتھ چلنے پر آمادہ کر لیا گیا مگر پروفیسر منہاس اٹھ کر چلنے
لیے تیار نہ ہوا۔ اس کی ہمت جواب دے گئی تھی اور اب اس کے ہوا کو اولی ہا
نہیں تھا کہ یا تو اسے وہیں چھوڑ دیا جاتا یا کر پر لاد کر چلا جاتا۔ ا
وہاں چھوڑنے کا سیدھا مطلب یہ ہوتا کہ ہم نے اپنے دشمن سے
جزوی شکست قبول کر لی ہے اس لیے میں نے دوسری صور
پر عمل کیا۔
"ارے ارے... یہ... یہ کیا کر رہی ہو تم؟" پروفیسر منہاس
یہ کہتا ہی رہ گیا اور میں نے اسے اٹھا کر اپنی کمر پر لاد لیا۔ پروفیسر منہاس
کے جسم کا بوجھ میرے لیے قابلِ برداشت تھا۔ یوں بھی وہ ہڈیوں کا
ڈھانچہ تھا۔
"چلو!" میں نے رضیہ سے کہا۔
زرّیں مجھے اس طرح حیرت سے دیکھ رہی تھی جیسے میں کسی
دوسری دنیا کی مخلوق ہوں۔ رضیہ، زرّیں کا ہاتھ پکڑ کر میرے ساتھ
ساتھ چلنے لگی۔ فائرنگ کی آوازیں اب تک آ رہی تھیں اور ان میں
وہی شدت برقرار تھی۔
"تیز چلو!" میں نے تیز تیز قدم اٹھاتے ہوئے رضیہ سے
کہا "ہم یہاں سے جتنی دور نکل جائیں اچھا ہے تاکہ خان آف کالاگوٹ
ہمیں فوراً تلاش نہ کر سکے۔"
رضیہ نے اپنی رفتار بڑھا دی۔ زرّیں اس کے ساتھ تقریباً
گھسٹ رہی تھی۔ ظاہر ہے کہ وہ بھی کبھی پہلے ایسے حالات
سے دوچار نہیں ہوئی ہو گی۔
سفر جاری رہا۔ پھر میں اس وقت کھل اٹھی جب میری نگاہ
ایک چھوٹے سے تالاب پر پڑی۔ میں اس کی طرف تقریباً دوڑنے
لگی۔ یہی وہ لمحے تھے جب اچانک فائرنگ بند ہو گئی اور اسی کے
ساتھ میری سماعت سے ہیلی کوپٹر کا شور ٹکرایا۔ میں نے مڑ کر
دیکھا۔ ہیلی کوپٹر ابھی دور تھا۔ خان آف کالاگوٹ پھر قضا بن
کر ہمارے سروں پر چکرانے والا تھا۔ اس دوران میں کم از کم
پیاس تو بجھائی ہی جا سکتی تھی۔ پانی دیکھ کر پیاس کی شدت
بڑھ گئی تھی۔ میرے حلق میں بھی اب کانٹے پڑنے لگے تھے پروفیسر
منہاس کو کمر پر لاد کر میں تقریباً ڈیڑھ دو میل ریت پر چلی تھی، وہ
بھی انتہائی تیز رفتاری سے! لیکن اس کے باوجود وہاں پانی نظر
نہ آتا تو میں رکنے کا فیصلہ نہ کرتی۔ فائرنگ اچانک کیوں رک
گئی؟ اور خان آف کالاگوٹ کیوں لوٹ آیا؟ تالاب کی طرف
دوڑتے ہوئے یہ دونوں سوال میرے ذہن میں ضربیں سی لگا
رہے تھے۔
پھر اس سے پہلے کہ ہم تالاب تک پہنچنے میں کامیاب ہوتے،
ہیلی کوپٹر ہمارے سروں پر چکرانے لگا۔ میں نے دوڑتے دوڑتے
ایک دم رک کر پروفیسر منہاس کو ریت پر پھینک دیا۔ اسی وقت
ہیلی کوپٹر تیزی سے نیچے آنے لگا۔
اس بار فائرنگ ہماری طرف سے شروع ہوئی۔ میری اور
رضیہ کی چلائی ہوئی دو گولیاں ہیلی کوپٹر کی باڈی میں لگیں۔ خان
آف کالاگوٹ نے بھی جوابی فائرنگ کی مگر اسے چند لمحوں کی
دیر ہو گئی تھی۔ ہیلی کوپٹر اس وقت تک اونچا ہو۔ ، لگا تھا
خان آف کالاگوٹ نے اپنے گورنگے اور بہرے بھتیجے کو بہت
اچھی تربیت و لوائی تھی۔ اب تک مجھے یا رضیہ کو اتنا موقع نہیں
ملا تھا کہ ہم ہیلی کوپٹر کی ٹنکی کو نشانہ بنا سکتے۔ وہ جتنی تیزی
سے نیچے آتا تھا، اتنی ہی تیزی سے بلند ہوتا چلا جاتا تھا۔
میری اور رضیہ کی نگاہیں ہیلی کوپٹر پر جمی ہوئی تھیں۔ اب
اس چوہے بلی کے سے کھیل سے مجھے الجھن ہونے لگی تھی۔
اب تک میں نے مصلحت کے پیشِ نظر بہت محتاط ہو کر فائرنگ
کی تھی۔ ایک ریوالور خالی ہونے والا تھا اور اب میں نے وہ
ریوالور اپنے دائیں ہاتھ میں لے لیا تھا جس سے ایک بھی گولی
نہیں چلائی گئی تھی۔ ظاہر ہے کہ میں اس ہنگامے کے دوران
میں چلائی جانے والی گولیاں نہیں گن سکی تھی، وہ ریوالور کسی
بھی وقت میرا ساتھ چھوڑ سکتا تھا جو میرے اندازے کے مطابق
اب خالی ہونے والا تھا۔ رضیہ کو بھی میں نے اب دوسرا ریوالور
استعمال کرنے کی تاکید کر دی تھی۔ اگر میں فائرنگ کرنے میں
اس قدر احتیاط سے کام نہ لیتی تو شاید اب تک خان آف کالاگوٹ کے
ہیلی کوپٹر کو ہٹ کر چکی ہوتی۔
جب میں نے ایک بار پھر ہیلی کوپٹر کو غوطہ لگاتے دیکھا
تو سوچا، اس بار یا اُس پار!
پھر جیسے ہی میں نے ہیلی کوپٹر ریوالور کی رینج میں محسوس
کیا، ریوالور کی لبلبی دباتی چلی گئی۔ اوپر سے خان آف کالاگوٹ
بھی گولیاں برسا رہا تھا لیکن مجھے یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی کہ
ہمارے ساتھ زرّیں کی موجودگی نے اسے فائرنگ کرنے میں
بہت محتاط کر دیا تھا۔ گولیاں ہمارے قریب آ آ کر ریت میں
دھنس رہی تھیں۔ لاکھ اس کے سینے میں دل کی جگہ پتھر تھا مگر
وہ بہرحال باپ تھا۔ اس کی ہمت نہیں ہو رہی تھی کہ زرّیں کی
پروا کیے بغیر براہِ راست اندھا دھند فائرنگ کر سکتا۔
فضا پے در پے دھماکوں سے گونج رہی تھی۔ اس بار
خان آف کالاگوٹ بھی پہلے کی نسبت زیادہ دیر مقابلے پر ڈٹا تھا۔
مجھے بغور رُکے فائرنگ کرتے دیکھ کر زیرکار ریوالور کی مسلسل
شعلے اُگل رہا تھا۔ ہیلی کوپٹر تالاب سے کچھ فاصلے پر فضا میں
چکرا رہا تھا۔
پھر وہ لمحہ آ ہی گیا جب رضیہ چیخ پڑی "وہ مارا!"
میری چلائی ہوئی ایک گولی نے ہیلی کوپٹر کی ٹنکی میں سوراخ
کر دیا تھا۔
ہیلی کوپٹر میں ایک دم آگ بھڑ اٹھی تھی، پائلٹ تیزی

کے ساتھ زمین کی طرف آنے لگا تھا۔ اب کسی بھی لمحے اس کی ٹکی پھٹ سکتی تھی اور فضا میں اس کے چیتھڑے بکھر سکتے تھے۔ آخر کار میں ہیلی کوپٹر کو پٹڑ کرنے میں کامیاب ہو ہی گئی تھی۔ ہیلی کوپٹر اب شعلوں میں گھر چکا تھا۔

پھر اس سے پہلے کہ ہیلی کوپٹر کے چیتھڑے اُڑ جاتے، میں نے کسی کو اس میں سے چھلانگ لگاتے دیکھا مگر میں اسے پہچان نہ سکی۔ اس کے کپڑوں میں آگ لگی ہوئی تھی۔

شعلوں میں گھرا ہوا ہیلی کوپٹر ہمارے بالکل اوپر سے گزرتا ہوا زن سے نکل گیا۔ وہ اس قدر نیچا تھا کہ ہم نے شعلوں کی تپش بھی محسوس کی۔ وہ کہیں بھی گر کر تباہ ہو سکتا تھا۔ یہ سوچ کر میں نے رضیہ کو اشارہ کیا تھا اور رضیہ، زرّیں سمیت ریت پر گر پڑی تھی۔

ہیلی کوپٹر سے چھلانگ لگانے والا سیدھا تالاب میں گرا اور ایک چھپاکا ہوا۔ اسی کے چند لمحے بعد ایک زبردست دھماکا سنائی دیا اور ہم سے تقریباً سو گز دور ہیلی کوپٹر کے چیتھڑے بکھر گئے مگر ہم اس سے پہلے ہی ریت پر گر پڑے تھے اس لیے کہ اس کا کوئی بھی ٹکڑا ادھر آ سکتا تھا۔ پھر یہی ہوا بھی تھا۔ ہیلی کوپٹر کے جلتے ہوئے ٹکڑے ہمارے اوپر سے گزرے تھے مگر ہم قطعی محفوظ رہے تھے۔ پروفیسر منہاس اسی طرح اب تک ریت پر پڑا ہوا تھا۔ اس نے ہنگامے کے دوران میں ایک بار بھی اٹھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

جلتے ہوئے ہیلی کوپٹر سے تالاب میں گرنے والا خان آف کالا گوٹ کے سوا اور کون ہو سکتا تھا اور میرا اندازہ غلط نہیں نکلا۔

میں اور رضیہ ابھی اٹھ کر کھڑے ہوئے تھے کہ میں نے کسی کو تالاب سے نکل کر بھاگتے ہوئے دیکھا۔ اس کے قدم بُری طرح ڈگمگا رہے تھے اور میں نے اسے پہچان لیا تھا۔ وہ خان آف کالا گوٹ ہی تھا۔

"خان! ٹھہر جاؤ!" میں چیخ اٹھی "رک جاؤ ورنہ میں گولی مار دوں گی۔"

میری دھمکی کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوا اور وہ بھاگتا ہی رہا۔ میں نے اس کے پیروں کا نشانہ لیا اور ٹریگر دبا دیا لیکن فائر نہیں ہوا۔ میرا ریوالور خالی ہو چکا تھا۔ میں نے وہ ریوالور ریت پر پھینک کر دوسرے ریوالور سے فائر کیا مگر گولی اس کے نہیں لگی۔ میں نے یہ فائر بائیں ہاتھ سے کیا تھا کیوں کہ دائیں ہاتھ میں

اسی وقت رضیہ کے ریوالور نے شعلہ اُگل دیا۔ خان آف کالا گوٹ کی چیخ سنائی دی اور وہ لہرا کر ریت پر گر پڑا۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی تھی کہ رضیہ نے بھی اس کے پیروں کو نشانہ بنایا تھا۔ رضیہ میری بہن تھی اور یہ بات اچھی طرح سمجھتی تھی کہ میں اپنا شکار خود کرنے کی قائل ہوں۔

تقریباً ساٹھ ستر گز کے فاصلے پر میرا شکار ریت پر پڑا ہوا تڑپ رہا تھا۔ میں نے وقت ضائع کیے بغیر زقند بھری۔ میرے ہی ساتھ رضیہ اور زرّیں بھی ادھر دوڑ پڑی تھیں۔ رضیہ تو خیر میری تیز رفتاری کا ساتھ دے رہی تھی مگر زرّیں پیچھے رہ گئی تھی۔

جس وقت میں دوڑتی ہوئی خان آف کالا گوٹ کے قریب پہنچی ایک دم اچھل پڑی۔ وہ میری توقع کے خلاف اچانک اٹھ کر کھڑا ہو گیا تھا لیکن اس کی حالت دگرگوں تھی۔ اس کے جسم پر ریت لدی ہوئی تھی اور پانی میں لتھڑا ہوا لباس چیتھڑوں کی صورت میں جھول رہا تھا۔ چہرہ بھی جھلسا ہوا تھا۔ مونچھ کا دایاں حصہ جل گیا تھا جس سے اس کا چہرہ مضحکہ خیز لگ رہا تھا۔ جسم کے کچھ حصے قطعی بے لباس تھے۔

مجھے یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی تھی کہ اسے گولی نہیں لگی۔ ہم نے محض گولی چلنے کی کامیاب اداکاری کی تھی ورنہ وہ اپنے پیروں پر نہ کھڑا ہو سکتا۔

اسے کھڑا ہوتے دیکھ کر مجھے جو ذہنی جھٹکا لگا تھا، اب میں اس سے سنبھل چکی تھی۔ میرے اور رضیہ کے ریوالوروں کی نالیں، خان آف کالا گوٹ کی طرف اٹھی ہوئی تھیں۔

خان آف کالا گوٹ مجھے اس طرح گھور رہا تھا جیسے میری طاقت کا اندازہ لگانا چاہتا ہو۔ مجھے میں نے خطرہ محسوس کیا۔ خان آف کالا گوٹ کے دونوں ہاتھ پشت کی طرف تھے۔ میرے اور خان آف کالا گوٹ کے درمیان صرف چند گز کا فاصلہ تھا۔

"خان! اسی طرح بے حس و حرکت کھڑے رہنا!" میں نے اسے وارننگ دی "اگر تم نے اپنے جسم کو ذرا سی بھی جنبش دی تو۔۔۔"

میں اپنا جملہ پورا نہ کر پائی تھی کہ خان آف کالا گوٹ وحشیانہ انداز میں ہنس پڑا، پھر بولا "ڈر رہی ہو تم مجھ سے! میرے ہاتھ میں صرف چاقو ہے، اگر ریوالور ہوتا تو اب تک تم دونوں ریت پر پڑی ایڑیاں رگڑ رہی ہوتیں" یہ کہتے ہی اس نے اپنے دونوں ہاتھ آگے کر لیے۔

مجھے اعتراف ہے کہ خان آف کالا گوٹ بڑے دل گُردے کا مالک تھا۔ اس نے ہاتھ آگے کرتے ہوئے یہ بھی پروا نہیں کی تھی کہ میں اسے وارننگ دے چکی ہوں اور اس کی طرف

رہی تھی۔ اس لمحے جب وہ چاقو اٹھانے جھک رہا تھا، میں نے جست لگائی۔ پھر اس کے ماتھے پر پڑنے والی ضرب

ردوں کی نالیں اٹھی ہوئی ہیں، اس کا سینہ چھلنی بھی کیا جا سکتا ہے۔

پھر اس سے پہلے کہ میں کچھ کہتی، خان آف کالا گوٹ پھر بولا اٹھا "اگر تمہارے ہاتھ میں ریوالور کی بجائے چاقو ہوتا تو نہیں بتاتا کہ۔۔۔"

"لو، میں نے تمہاری آخری حسرت بھی پوری کر دی" میں نے ریوالور ایک طرف پھینکتے ہوئے کہا "اب میرے دونوں ہاتھ خالی ہیں اور تمہارے پاس چاقو ہے۔ مرنے سے پہلے اپنی یہ حسرت نکال لو!" یہ کہہ کر میں رضیہ سے مخاطب ہوئی "تم اس پر نظر رکھیں گی رضیہ گی۔ یہ میرا شکار ہے۔"

رضیہ نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ وہ خوب جانتی تھی کہ ایسے معاملات میں کسی دوسرے کی مداخلت قطعی پسند نہیں کرتی۔ رضیہ کچھ پیچھے ہٹ گئی۔

"کون کس کا شکار ہے صبیحہ بانو، یہ ابھی پتا چل جائے گا" خان آف کالا گوٹ دانت پیس کر بولا اور اسی کے ساتھ اس نے مجھ پر چھلانگ لگا دی۔ اس قدر زخمی ہونے کے باوجود اس کی پھرتی قابلِ داد تھی۔

میں اس کی طرف سے غافل نہیں تھی مگر پھر بھی اپنی جگہ سے

پھر جیسے ہی خان آف کالا گوٹ اپنے بھاری تن و توش سمیت مجھ سے ٹکرایا، میں نے اس کے دائیں ہاتھ کی کلائی پر اپنا وار کیا۔ یہ چاقو تھا ہاتھ تھا۔ اس کے مُنہ سے چیخ نکل گئی اور چھوٹ کر دور جا گرا۔ میں اس کے بھاری جسم سے ٹکرا کر گری تھی لیکن میں نے اٹھنے میں دیر نہیں کی تھی۔ میں دانستہ اسے نہیں ہلی تھی تاکہ وہ قریب آ جائے تو اس کی کلائی پر وار کر سکوں اور میں اپنے مقصد میں کامیاب رہی تھی۔

"خان! چاقو دوبارہ اٹھا لو" میں نے اسے مخاطب کیا۔ لہجے میں تمسخر تھا۔

مجھے اُمید نہیں تھی کہ وہ دوبارہ چاقو اٹھانے کی کوشش کرے گا مگر وہ میری بات سن کر اس طرف بڑھ گیا جہاں چاقو پڑا تھا۔ میری آنکھوں میں اس وقت سونیا کا چہرہ گھوم رہا تھا اور دل کی آگ میں جل رہی تھی۔

اس لمحے جب وہ چاقو اٹھانے جھک رہا تھا، میں نے

میرے پاؤں کی ٹھوکر نے اس کی پیشانی کی کھال میں شگاف ڈال دیا تھا۔

پھر چند ہی لمحے گزرے تھے کہ وہ آہستہ آہستہ اُٹھنے لگا۔ ابھی اس میں جان بھی باقی تھی اور ہمت بھی! میں انتظار کرنے لگی کہ وہ اٹھ کر کھڑا ہو جائے تو اس پر حملہ کروں مگر اس سے پہلے ہی ایک دھماکا ہوا اور خان آف کالا گوٹ کے سینے سے خون کا فوارہ اُبل پڑا۔ چند لمحے میں سمجھ ہی نہیں پائی تھی کہ اس پر گولی کس نے چلائی! رضیہ سے میں اس حرکت کی توقع نہیں کر سکتی تھی۔ خان آف کالا گوٹ سینہ تھامے گرنے لگا مگر اسی وقت پے در پے دو گولیاں اور اس کے جسم میں اُتر گئیں۔

اچانک فضا میں ایک ہذیانی قہقہہ بلند ہوا اور پھر ایک آواز اُبھری "میں نے اپنی ماں کا انتقام لے لیا۔ میں نے اپنی ماں کے قاتل کو ہلاک کر دیا" اس کے بعد پھر قہقہے سنائی دینے لگے۔

میں نے مڑ کر دیکھا۔ رضیہ سے کچھ فاصلے پر زرّیں کھڑی تھی۔ اس کے ہاتھ میں ریوالور تھا جو خان آف کالا گوٹ سے نبرد آزما ہوتے وقت میں نے پھینک دیا تھا۔ زرّیں نے نہ جانے کب وہ ریوالور ڈھونڈ لیا تھا۔

پھر میں اس وقت کانپ کر رہ گئی جب زرّیں کو ریوالور کی نال اٹھاتے دیکھا۔ اب اس نے ریوالور کی نال کا رخ اپنی کنپٹی کی طرف کر لیا تھا۔

اگر رضیہ شانے کی اتنی پختی نہ ہوتی تو زرّیں خودکشی کر چکی ہوتی۔ رضیہ نے زرّیں کے ریوالور کی نال کو نشانہ بنایا تھا اور اس زاویے سے کہ زرّیں کو معمولی سی خراش بھی نہیں آئی تھی۔ زرّیں کے ہاتھ سے ریوالور چھوٹ کر بہت دور گرا تھا اور پھر جیسے وہ ہوش میں آ گئی تھی۔

"ڈیڈی! ڈیڈی!" وہ چیختی ہوئی اس طرف دوڑی تھی جہاں خان آف کالا گوٹ کی لاش پڑی ہوئی تھی۔

وہ منظر میں آج بھی نہیں بھلا سکی۔ زرّیں اپنے باپ کی خون آلود لاش سے لپٹ لپٹ کر رو رہی تھی۔ یہ دردناک منظر دیکھ کر میری آنکھوں کے گوشے بھی نم ہو گئے تھے۔

چند لمحے بعد ہی میں نے پروفیسر منہاس کو گرتے پڑتے اور ریت پر تقریباً گھسٹتے ہوئے ادھر آتے دیکھا تھا۔ شاید اب اسے یقین ہو گیا تھا کہ کھیل ختم ہو چکا ہے۔

اسی وقت فضا میں ہلکا سا ارتعاش محسوس کر کے میں چونک اٹھی۔ پھر کچھ دیر ہی میں یہ ارتعاش ہلکی ہلکی سی گڑگڑاہٹ میں

"باجی!" رضیہ نے مجھے مخاطب کیا۔ "شاید ابھی کھیل ختم نہیں ہوا۔"

"ہاں میں بھی یہی محسوس کر رہی ہوں مگر اب... اب ادھر کون آسکتا ہے!" میں نے کہا۔

"کیا آپ خان آف کالاگوٹ کے ساتھیوں کو بھول گئیں باجی؟" رضیہ جلدی سے بولی۔

"لیکن اگر ان لوگوں کے پاس کوئی ہیلی کوپٹر ہوتا تو وہ بہت پہلے خان آف کالاگوٹ کی مدد کرنے آچکے ہوتے۔" میں نے جواب دیا۔

"ممکن ہے خان آف کالاگوٹ نے انہیں ادھر آنے سے منع کیا ہو!" رضیہ نے اپنا خیال ظاہر کیا۔

اس وقت تک گڑگڑاہٹ میں خاصا اضافہ ہو چکا تھا اور میں سمجھ چکی تھی کہ وہ کسی ایک ہیلی کوپٹر کی آواز ہرگز نہیں ہے۔ وہ ایک نہیں، کئی ہیلی کوپٹر ہو سکتے ہیں۔ اگر آنے والے واقعی خان آف کالاگوٹ ہی کے ساتھی تھے تو اب ہم اس پوزیشن میں نہیں تھے کہ ان سے مقابلہ کر سکتے اس لیے میرا ذہن بچاؤ کی صورت میں سوچنے میں مصروف ہو گیا۔

پھر کچھ ہی دیر بعد ہیلی کوپٹر نظر بھی آنے لگے۔ وہ تعداد میں تین تھے اور بہت نیچی پرواز کر رہے تھے۔ قریب آنے پر انھیں نشانہ بنانا نہایت آسان تھا مگر میرے ہاتھ خالی تھے۔ میں انتہائی تیزی کے ساتھ اس طرف بکھی جدھر میں نے زرّیں کے ہاتھ سے ریوالور چھوٹ کر گرتے دیکھا تھا۔ میں پہلے ہی محسوس کر چکی تھی کہ رضیہ کے ہاتھ میں صرف ایک ریوالور تھا اور اس کے بارے میں بھی یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ اس میں کتنی گولیاں باقی تھیں۔ دوسرا ریوالور رضیہ نے خالی ہو جانے کے بعد پھینک دیا ہو گا جیسا خود میں نے کیا تھا۔

یقین کے ساتھ تو اس ریوالور کے بارے میں بھی کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ اس میں گولیاں بچی تھیں یا نہیں جسے میں تلاش کرنا چاہتی تھی لیکن کسی بھی امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔

پھر اس سے پہلے کہ میں وہ ریوالور ڈھونڈھ لیتی، ایک سرچ لائٹ کا دائرہ مجھ سے چند فٹ کے فاصلے پر چکرایا۔ میں نے سر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا۔ ایک ہیلی کوپٹر بالکل میرے سر پر پہنچ چکا تھا اور وہ سرچ لائٹ اسی سے پھینکی جا رہی تھی۔ ہیلی کوپٹر اس قدر نیچے تھا کہ مجھے واضح طور پر اس کے دروازے میں کھڑا ہوا شخص نظر آرہا تھا۔ ہیلی کوپٹر میں روشنی تھی اسی لیے میں نے اس شخص کو پہچان لیا تھا اور اچھل پڑی تھی۔ اسی وقت سرچ لائٹ کا دائرہ برق رفتاری سے وہ خط گن رہا تھا۔ رضوان نے اس کمرے میں داخل ہوتے دروازے کے شیشوں سے یہ منظر دیکھا تھا۔ خان کے آدمی کولے کر کمرے میں داخل ہوئے تھے تو خان آف کالاگوٹ خط تہ کر کے میز پر رکھ دیا تھا۔

خان آف کالاگوٹ غالباً اپنے مہمان کے سامنے رضوان کی بات کرنا نہیں چاہتا تھا اس لیے اس نے باب سے معذرت کی تھی اور کہا تھا کہ وہ خود بھی کچھ دیر بعد اس کمرے میں آجائے گا پھر بقیہ باتیں وہیں ہوں گی۔

خان آف کالاگوٹ اپنے مہمان کو چھوڑنے کمرے کے دروازے تک گیا تھا اور اسی دوران میں رضوان کو ہاتھ کی صفائی دکھانے کا مل گیا تھا۔ وہ پاؤں کھجانے کے بہانے جھکا تھا اور اس خط کو اٹھا کر اپنے موزے میں منتقل کر دیا تھا۔

اس کے بعد رضوان نے خان آف کالاگوٹ کو اس طرح باتوں لگایا تھا اور میرے بارے میں کچھ ایسے اہم انکشافات کیے تھے کہ اس کے ذہن سے اس خط کا خیال ہی نکل گیا تھا جسے کچھ دیر پہلے اس نے میز پر رکھا تھا۔ رضوان نے اسے اپنے بند بوٹ دام ہونے دلایا تھا۔

پھر خان آف کالاگوٹ کے حکم پر اس کے آدمی رضوان کو لے کر روانہ ہو گئے تاکہ سہ پارہ کو میں نے جہاں چھپا رکھا تھا، وہاں سے اسے نکال لے جائیں۔ رضوان ان دونوں کو منگھو پیر کی طرف لے گیا تھا اور پھر بہ آسانی ڈوج دے کر نکل گیا تھا۔

اس وقت رضوان کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں تھی کہ میں وہ خان آف کالاگوٹ کے خلاف کتنا مضبوط اور اہم مواد جمع کر چکا تھا۔ رضوان کو اس بات کا احساس اس وقت ہوا جب اس نے وہ خط پڑھا۔

خان آف کالاگوٹ کے نام تھا۔ اس خط کو لکھنے والا بڑے عہدے پر فائز تھا۔ اس نے لکھا تھا کہ خان آف ایران پر تمام تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں اور اب صرف خان دیر ہے۔ اس خط میں خان آف کالاگوٹ سے اس کے دریافت کیا گیا تھا جس پر پروفیسر منہاس کام کر رہا ہے کے بارے میں معلوم کیا گیا تھا کہ اب کس منزل میں ہے۔ پڑھ کر رضوان سناٹے میں آگیا تھا۔ اس پر یہ حقیقت منکشف خان آف کالاگوٹ اقتدار پر قبضہ کرنے کے خواب دیکھ رضوان کے لیے یہ سمجھنا بھی دشوار نہیں رہا تھا کہ خان کا باب کسی بڑی طاقت کا نمائندہ ہے جس سے خان آف جوڑ کر چکا ہے۔

اس کے بعد رضوان فوراً ہی حرکت میں آگیا تھا لیکن اوپٹک پہنچنے کے لیے اس کا بڑا وقت ضائع ہوا تھا۔ فوراً ہی وہ حکومت سے رابطہ قائم کیا گیا تھا جہاں سے ملٹری ایکشن کے احکامات ملنے میں خاصی دیر لگی تھی۔ رات کو تقریباً دو بجے ملٹری حرکت میں آگئی تھی اور پھر خان آف کالاگوٹ کے ہر ٹھکانے پر چھاپا مارا گیا تھا۔ خان ولا کو بھی گھیر لیا گیا تھا مگر نہ جانے کس طرح باب کو سن گن مل گئی تھی اور وہ وہاں سے پہلے ہی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا۔

خان آف کالاگوٹ کے ایک بوڑھے ملازم سے اس کی شکارگاہ کا پتا چلا تھا جو اٹھل اور گوٹ وہار وک کے درمیان واقع تھی۔ یہ پتا چلتے ہی ملٹری ہیلی کوپٹر اور ٹرک اس سمت روانہ ہو گئے تھے۔

وہاں پہنچتے ہی ملٹری نے اس پورے علاقے کو اپنے گھیرے میں لے لیا تھا اور پھر فائرنگ کی آوازیں سنتے ہی اس طرف کا رخ کیا گیا تھا جدھر سے یہ آوازیں آرہی تھیں۔

پھر وہ لوگ ملٹری کے سامنے زیادہ دیر نہیں ٹک سکے تھے جو حلقہ بنائے فائرنگ کرتے ہوئے بڑھ رہے تھے۔

رضوان بھی اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے ملٹری آپریشن میں شامل ہو گیا تھا۔ وہ بھی ایک ملٹری ہیلی کوپٹر میں تھا۔

پھر خان آف کالاگوٹ کی لاش کو ملٹری نے اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ زرّیں اور پروفیسر منہاس ہمارے ساتھ ہی رہے تھے۔

ہم سب ایک ملٹری ہیلی کوپٹر ہی میں کراچی پہنچے تھے۔ راستے میں رضیہ نے میرے ایما پر زرّیں کو اپنے اور میرے بارے میں بتا دیا تھا۔ اس وقت زرّیں اتنی نڈھال اور برباد اس تھی کہ وہ کسی انکشاف پر نہیں چونکی تھی۔ ریٹائرڈ کسن اور صبیحہ بانو ایک ہی شخصیت کے دو روپ تھے، اس پر بھی زرّیں نے کسی خاص ردِ عمل کا اظہار نہیں کیا تھا۔ زرّیں کو ہم خان ولا میں چھوڑ کر ٹوٹیفس آگئے تھے۔ پروفیسر منہاس اب بھی ہمارے ساتھ تھا کیوں کہ اسے بتا دیا گیا تھا، مہ پارہ میری کوٹھی کے تہ خانے میں موجود ہے اور اسے وہاں کیوں رکھا گیا تھا۔

کوٹھی پہنچتے ہی میں نے اس "سیاہ پارہ" سے جان چھڑانے کے لیے رضوان سے کہا تھا کہ وہ فوراً اپنے دوست سلطان کو فون کر کے وہاں بلا لے تاکہ وہ اپنے والد پروفیسر منہاس اور اپنی سوتیلی بہن ماہ پارہ کو وہاں سے لے جائے۔

رضوان کی غیر موجودگی میں میری ملازمہ خاص مہ پارہ کے لیے خورد و نوش کا بندوبست کرتی رہی تھی اس لیے مہ پارہ کے جسم پر چڑھا ہوا بند گوشت جوں کا توں موجود تھا۔

سلطان اپنے والد کے بارے میں خوش خبری سنتے ہی فوراً میری کوٹھی پہنچ گیا تھا اور پھر وہ اپنے والد اور سوتیلی بہن سمیت چلا

مجھ پر پڑا اور تیز روشنی کے سبب میری آنکھیں خود بخود بند ہو گئیں۔

"رضوان!" میری سماعت سے رضیہ کی آواز ٹکرائی۔ وہ قوت سے چیخی تھی تاکہ ہیلی کوپٹر کے شور میں اس کی آواز مجھ تک پہنچ جائے۔

ہیلی کوپٹر کے دروازے میں نظر آنے والا رضوان ہی تھا۔ رضیہ نے اسی لیے اس ہیلی کوپٹر پر فائر نہیں کیا تھا۔

میں، رضیہ اور رضوان ٹرانگ روم میں بیٹھے ہوئے کافی پی رہے تھے۔ ابھی ابھی رضوان تمام تفصیلات بتا کر خاموش ہوا تھا۔ وہ اس شرط پر مجھے تفصیلات بتانے پر راضی ہوا تھا کہ اور رضیہ کو برا زیل جانے کی اجازت دے دوں۔ میں نے رضیہ کی طرف دیکھا تھا اور رضیہ نے نگاہیں جھکا لی تھیں، گویا اس کی یہی مرضی تھی۔ میں نے انھیں برا زیل جانے کی اجازت دے دی۔

"اللہ آپ کے ہونے والے بچوں کو جیتا رکھے۔" رضوان نے اجازت ملتے ہی کہا تھا۔ "آپ بھی ایسا کیوں نہ کریں کہ ہمارے ساتھ برا زیل چلی جائیں بلکہ میں تو یہ مشورہ دوں گا کہ آپ تشریف لے جائیں۔ وہاں دو عدد لڑکیاں آپ کے لیے فرش راہ کیے بیٹھی ہوں گی۔ خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں چار!"

میں سمجھ گئی تھی کہ رضوان نے سنگیتا اور فترینہ کی کیا تھا مگر میں رضیہ کی موجودگی کے سبب اس وقت رضوان مال گئی۔

"تم تری کہو اس ہی کیے جاؤ گے یا کام کی بات بھی کرو گے؟" نے رضوان پر آنکھیں نکالی تھیں۔

"کام کی بات تو خیر ایک ہی ہوتی ہے جو آپ اس کے موڈ میں نہیں۔ خیر چھوڑیے پھر کبھی سہی۔" یہ کہہ کر رضوان پر آگیا تھا۔

رضوان کو اس قید خانے سے نکال کر خان آف کا پاس لے جایا گیا تھا۔ وہ سفر ایک جیپ کے ذریعے کیا گیا تھا کی آنکھوں سے اس وقت پٹی کھولی گئی تھی جب کراچی کی ہو گئی تھیں۔ دو آدمی، رضوان کے دائیں بائیں بیٹھے تھے ریوالوروں کی نالیں اس کی پسلیوں میں گڑی ہوئی تھیں آف کالاگوٹ، رضوان سے خان ولا ہی میں ملا تھا۔ اس آف کالاگوٹ کے ساتھ اس کا غیر ملکی مہمان باب بھی آف کالاگوٹ کوئی خط پڑھ رہا تھا۔ باب کو سنا رہا تھا

ہی رخصت کر دیا گیا کیوں کہ ہم سبھی زندہ سے ہو رہے تھے۔

میں نے کراچی آتے ہوئے راستے میں بہت کوشش کی تھی کہ رضوان مجھے تفصیلات سے آگاہ کر دے مگر وہ رام نہیں ہوا تھا۔ آئندہ دو روز کے اندر خان آف کالاگوٹ کے بارے میں کئی اور باتیں سامنے آئیں۔ اگر یہ باتیں سامنے نہ آتیں تو میں کبھی نہ سمجھ پاتی کہ سنگیتا کا محبوب شکیل کیوں موت سے دوچار ہوا اور خان آف کالاگوٹ نے اس کیس کو کیوں دبوا دیا تھا، پھر وہ کیوں میرے پیچھے پڑ گیا تھا۔

خان آف کالاگوٹ کے پروردہ تمام سفید پوش قانون کی گرفت میں آ چکے تھے۔ انہی کے ذریعے تمام باتیں سامنے آئی تھیں۔

خان آف کالاگوٹ اقتدار پر قابض ہونے کے لیے غیر قانونی اسلحہ بھی جمع کر رہا تھا جس میں غیر ملکی اسلحہ بھی شامل تھا جو اسمگلروں کے ذریعے ملک میں لایا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ ملک کے اندر بھی غیر قانونی طور پر جو اسلحہ تیار کیا جاتا تھا، خان آف کالاگوٹ وہ بھی خرید لیتا تھا۔ یہ تمام اسلحہ شکار گاہ کی عمارت کے نیچے دو زمین خانوں میں ذخیرہ کیا جا رہا تھا۔ پولیس نے تمام ملکی اور غیر ملکی اسلحہ پر قبضہ کر لیا تھا۔ کچھ ایسے مہلک کا اسلحہ بھی ملا تھا جن سے بہ ظاہر دوستانہ مراسم تھے اور حکومت نہیں چاہتی تھی کہ ان ممالک سے تعلقات خراب ہوں اس لیے اخبارات میں کچھ نہیں آیا۔ پوری سازش کا خاموشی کے ساتھ قلع قمع کر دیا تھا مگر رضوان تو ایک بھیدی تھا، وہ ساری خبریں لے آتا تھا۔

سنگیتا کے محبوب شکیل کا تصادم ایک ایسے ہی ٹرک سے ہوا تھا جس میں غیر قانونی اسلحہ لادا ہوا تھا۔ یہی سبب تھا کہ خان آف کالاگوٹ اس معاملے کو دبانا چاہتا تھا۔ وہ اپنے مقصد میں ایک حد تک کامیاب بھی ہو گیا تھا مگر درمیان میں میں نے ٹانگ اڑا دی۔

اس نے مجھے اس معاملے میں دلچسپی لینے سے روکنا چاہا اور پھر بات بڑھتی چلی گئی۔ شکیل کو قتل نہیں کیا گیا تھا بلکہ وہ حادثے کا شکار ہوا تھا۔ خان آف کالاگوٹ نے مجھے اس معاملے سے جتنا دور رکھنے کی کوشش کی میں اس میں اور ملوث ہوتی چلی گئی۔ خان آف کالاگوٹ کی ایک معمولی سی غلطی اُسے لے ڈوبی۔ اگر وہ مجھے نہ چھیڑتا تو شاید اتنی جلدی اپنے انجام کو نہ پہنچتا۔ شاید اس نے مجھے سمجھنے میں غلطی کی تھی۔ خیر اسی پر کیا منحصر اکثر مرد عورت کو سمجھنے میں غلطی کرتے ہیں اور اسے خود سے کمتر اور کمزور جان کر موت کی نیند سو جاتے ہیں۔

اگلے ہفتے میں نے رضوان اور حمیرہ کو خیر باد کہا۔ وہ دونوں برازیل چلے گئے۔ میرا ارادہ بھی چند دن مکمل آرام کر کے نیویارک جانے کا تھا۔ مجھے ان دونوں سنگیتا بہت یاد آ رہی تھی۔ میں اُسے بتانا چاہتی تھی کہ میں نے اس کے محبوب کا انتقام لے لیا ہے۔

کوئی ہفتے بھر بعد میں نے بھی نیویارک کے لیے سیٹ بک کرا لی۔ میں اسی دوران میں ابریز سے بھی ملی۔ اس نے کچھ اس انداز سے نیویارک کے لیے سی آف کرنے کی خواہش کا اظہار کیا کہ مجھے ہاں کہنا ہی پڑا۔

جس دن میں روانہ ہونے والی تھی، میں نے ابریز کو فون کیا۔ وقت مقررہ پر ایئرپورٹ پہنچ گیا۔ جب مسافروں سے جہاز میں سوار ہونے کی درخواست کی جا رہی تھی اور میں ابریز کو خدا حافظ کہہ کر آنے والی تھی تو اچانک اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ میں نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا۔

"ذرا ٹھہریے!" ابریز نے عجیب سے لہجے میں کہا۔ اس کی آنکھیں میرے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔

"کیوں، کوئی بات کہنا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"نہیں۔" اس نے جواب دیا۔

"پھر؟" میں حیرت سے بولی۔

"بس کچھ دیر اسی طرح کھڑی رہیں بانو!" اس کی آواز دور سے آ رہی تھی۔ "میں... میں اس منظر کو اپنی آنکھوں میں لینا چاہتا ہوں۔"

میں چاہتی تو اس کی خواہش کو ٹھکرا سکتی تھی مگر نہ جانے میں نے ایسا نہیں کیا۔ میں اسی طرح کھڑی رہی اور ابریز بغیر جھپکائے مجھے یونہی دیکھتا رہا۔ اگر میں بول کر اس کی محویت ختم نہ کرتی تو شاید وہ مجھے یونہی دیکھے جاتا۔ میرے دل میں بھی اس کی کوئی خواہش کسی مرد کے لیے پیدا نہیں ہوئی ہے

کوئی ایسا ہو کر دیکھے جائے
میں جہاں تک نظر آئے جاؤں

اور اس دن بھی میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی حالانکہ مجھے یقین ہے، میں جب تک نظر آتی رہی ہوں گی، بغیر پلک جھپکائے دیکھتا رہا ہوگا۔



چھلاوا

خرم شہزاد





ایچ اقبال



ڈائمنڈاردوبکس

تمام کتب فی سبیل اللہ

ایڈمن ٹیم:

شاہ زر خان + کول فائر

جہاں ملیں آپ کو نایاب کتب نایاب ویب سائٹس سے

Rekhta	ناول + کھانیاں
Scribd	ماھانہ ڈائجسٹ
Slide Share	عمران سیریز
Kitab Ghar	بچوں کی کھانیاں
English Book,s	سکول وکالجزبکس
English Novel,s	نوٹس + مواد

اس گروپ میں ایڈمنز 24/7 دستیاب ہوتے ہیں

اورآپ کی ڈیمانڈ پر بروقت کام کیا جاتا ہے

03176699066
SHAHZAR KHAN
TEAM DIAMOND URDU BOOKS

COOL FIRE/WAQAS AHMED
TEAM DIAMOND URDU BOOKS
03256699979

تمام کتب انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے مہیا کی جاتی ہیں جو کتاب پیڈ ہو یا پی ڈی ایف میسر نہ ہو وہ شیئر نہیں کی جاتی

ٹیم ڈائمنڈ اردو بکس گروپس لنکس

گروپ میں ایڈ ہونے کے لیئے گروپ کے نام یا تصویر پہ کلک کریں

 ڈائمنڈ اردوبکس	 ڈائمنڈ اردوبکس
 ڈی یوبی میڈیا	 کاروانِ شعروادب
 اردوتحاریر کاگلدستہ	 ڈائمنڈ لنکس ورلڈ
 کتابوں پر تبصرے	 حمدونعت آفیشل
 ڈی یوبی ٹیلی گرام 300,000+ books	 فیس بک گروپ ڈائمنڈ اردوبکس

لنک ری سیٹ ہونے یا کام نہ کرنے کی صورت میں اس نمبر پر رابطہ کریں

شاہ زر خان: 03176699066

DUB

یا اللہ عزوجل　　بسم اللہ الرحمن الرحیم　　یا رسول اللہ ﷺ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

معزز اراکینِ ڈائمنڈ اردو بکس !

آپ سب کو ٹیم ڈائمنڈ اردو بکس کے گروپس میں خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

گروپس کے قواعد و ضوابط :

گروپس میں کسی بھی قسم کی تصاویر ، ویڈیوز ، آڈیوز ، فیس بک/واٹس ایپ لنکس ، یا وائس میسجز شیئر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

کوئی بھی ممبر کسی دوسرے ممبر سے ذاتی رابطہ (بغیر اجازت) نہ کرے۔ شکایت کی صورت میں متعلقہ ممبر کو تمام گروپس سے نکال دیا جائے گا۔

تمام ممبران اور ایڈمنز کے ساتھ خوش اخلاقی، عزت و وقار اور بہترین تربیت کا مظاہرہ کریں۔

گروپس میں سیاسی ، مذہبی یا کوئی بھی ایسی بحث جس سے انتشار پیدا ہو یا جھگڑے کا خدشہ ہو ، سختی سے منع ہے۔

یہ قواعد سخت ضرور ہیں، لیکن ان کا مقصد گروپ کے نظم و ضبط اور ممبران کی سہولت کو یقینی بنانا ہے۔

انتہائی اہم اعلامیہ

گروپ میں قادیانی، مرزائی، احمدی، مرتد، گستاخِ رسول، گستاخِ صحابہ و اہلِ بیت، گستاخِ اولیاء، دہشت گرد تنظیموں، پاکستان و اسلام مخالف افراد، فوج یا سرکاری اداروں کے خلاف بولنے والوں کا داخلہ سختی سے ممنوع ہے۔ ایسے افراد کی شناخت کی صورت میں انہیں فوری طور پر تمام گروپس سے نکال دیا جائے گا۔

ہم صرف معیاری کتب فراہم کرتے ہیں، تاہم درج ذیل کتب ہماری پالیسی کا حصہ نہیں ہیں:

شیعہ مکتبہ فکر کی کتب , انتشار پھیلانے والی تحریریں , اداروں اور ریاست پاکستان کے خلاف مواد , لادین، ملحد یا فتنہ پرور مصنفین کی کتب

نوٹ :

تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش کر کے فی سبیل اللّٰہ اور بغیر کسی معاوضے کے فراہم کی جاتی ہیں (خود سکین نہیں کرتے)۔ اگر کسی کتاب سے متعلق کاپی رائٹ مسئلہ ہو تو براہِ کرم ایڈمنز سے رابطہ کریں، متعلقہ کتاب گروپ سے حذف کر دی جائے گی۔

رابطہ برائے شمولیت یا گروپ لنک ری سیٹ

سپر ایڈمن شاہ زر خان

+92 317 6699066

ایڈمن وقاص احمد/کول فائر

+44 7716 717193

+994 40 729 52 41